بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴾ [سورۃ القمر ۱۷]

"اور یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کیلئے تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

الٓمٓ ①

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN
بیت القرآن

بیت القرآن
لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿الٓمّٓ ①﴾ پارہ نمبر 01
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
اشاعت دوم	ستمبر 2012
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کرسکتے ہیں۔
2. "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کارِ خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کارِ خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاءاللہ العزیز۔

محمد مستم خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 37320318-042 فیکس: 37239884-042

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 32629724-021 فیکس: 32633887-021

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوحِ محفوظ سے جبریل امینؑ کے ذریعے محمد رسولُ اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیرِ دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور و فکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسولُ اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم و فنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے مفتاح والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔

''مصباح القرآن'' ترجمہ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی ومفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں تا کہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی ''مفتاح'' کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ ''مصباح القرآن'' کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل وتقویٰ اور صلاح وفلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر: بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض مؤلف

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے۔ لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور و فکر کرنے پر مجبور کئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل و کرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے، تا کہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں ، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ''بیت القرآن'' کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو ''مفتاح القرآن'' کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہے، اس کے علاوہ ''مصباح القرآن'' کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اس سلسلے کا یہ پہلا پارہ ہے جو آپکی خدمت میں پیش ہے، اس پارہ کی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن ''مصباح القرآن'' سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام لوگوں کیلئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین۔

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشئون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

''مصباح القرآن'' سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ''مصباح القرآن'' میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ''مفتاح القرآن'' میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ''مفتاح القرآن'' میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ''مصباح القرآن'' کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

المنزل ۱

اٰیَاتُہَا 7	رُکُوْعُہَا 1

1 سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ (1)	جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ (1)
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ (2)	نہایت رحم کرنے والا ہے، بڑا مہربان۔ (2)
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ (3)	روزِ جزا کا مالک ہے۔ (3)
اِيَّاكَ نَعْبُدُ	صرف تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں
وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ (4)	اور صرف تجھ سے ہی ہم مدد مانگتے ہیں۔ (4)
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ (5)	ہمیں ہدایت دے سیدھے راستے کی۔ (5)
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ 6	ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ	نہ غضب کیا گیا ان پر
وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ؑ (7)	اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔ ؑ (7)

ع 1 7 00

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلّٰهِ (لِ)	لہٰذا، الحمدللہ۔	اِهْدِنَا	ہدایت، ہادیٔ برحق۔
اَلْعٰلَمِيْنَ	عالم اسلام، عالم برزخ، عالم کفر۔	اَلصِّرَاطَ	پلِ صراط۔
مَالِكِ	مالک، ملکیت، املاک۔	اَلْمُسْتَقِيْمَ	خط مستقیم، استقامت۔
يَوْمِ	یوم، ایام، یومِ آخرت، یومِ آزادی۔	اَنْعَمْتَ	انعام، نعمت، منعم۔
نَعْبُدُ	عبادت، عابد، معبود۔	عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
وَ	شان وشوکت، خوشی ومسرت، عفوودرگزر۔	اَلْمَغْضُوْبِ	غضب، غضب ناک۔
نَسْتَعِيْنُ	اِستعانت، تعاون، معاون، معاونت۔	اَلضَّآلِّيْنَ	ضلالت (گمراہی)۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

المنزل ۱

1 سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ 5

اٰيَاتُهَا 7 — رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں)	جو نہایت مہربان	بہت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿1﴾	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ ۙ﴿2﴾
ہر قسم کی تعریف	اللہ کے لیے	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے	نہایت مہربان	بہت رحم کرنیوالا ہے

مٰلِكِ	يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿3﴾		اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَ	اِيَّاكَ
مالک ہے	بدلے کے دن کا		صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور	صرف تجھ سے ہی

نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿4﴾	اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿5﴾	صِرَاطَ الَّذِيْنَ
ہم مدد مانگتے ہیں	ہمیں ہدایت دے	سیدھے راستے کی	راستہ ان لوگوں کا جو

اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ ۙ۬ 6	غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ ❶	عَلَيْهِمْ	وَ لَا	الضَّآلِّيْنَ ❷ ع ﴿7﴾
تو نے انعام کیا	ان پر	نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ	(وہ) سب گمراہ ہوئے

ع 1/7 00

ضروری وضاحت

❶ اس کا ایک ترجمہ یہ بھی کیا گیا ہے کہ: "ان لوگوں کا راستہ نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ ہی گمراہوں کا راستہ"، لیکن جو ترجمہ اوپر کیا گیا ہے وہ زیادہ موزوں ہے۔ ❷ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام "وَلَا الضَّآلِّيْنَ" کہے تو تم "آمین" کہو، جس کا "آمین" کہنا فرشتوں کے "آمین" کہنے کے موافق ہو گیا، اسکے پہلے گناہ معاف کر دیے جائیں گے (بخاری)۔

اَلْجُزْءُ 1

اٰيَاتُهَا 286 — 2 سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ 87 — رُكُوْعَاتُهَا 40

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿1﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ ۚ	الٓمّٓ ﴿1﴾ (یہ) وہ کتاب ہے کوئی شک نہیں
فِيْهِ ۛ ۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿2﴾	اس میں، پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہے ﴿2﴾
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ	وہ لوگ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔
وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا	اور وہ نماز قائم کرتے ہیں اور اس سے جو
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿3﴾	ہم نے انہیں رزق دیا ہے وہ خرچ کرتے ہیں ﴿3﴾
وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ	اور وہ جو لوگ ایمان لاتے ہیں
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	اس پر جو نازل کیا گیا آپ کی طرف
وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ	اور جو نازل کیا گیا آپ سے پہلے
وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ ﴿4﴾	اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔ ﴿4﴾
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ	وہی لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب کی طرف سے

معانقة: 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	مِمَّا (مَا) : منجانب، من وعن، ماتحت، ماحول، ماجرا
رَيْبَ : کتاب لاریب، خدائے لاریب۔	رَزَقْنٰهُمْ : رزق، رازق، رزاق۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يُنْفِقُوْنَ : نان نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	اُنْزِلَ : نازل، انزال، شان نزول۔
لِّلْمُتَّقِيْنَ : تقویٰ، متقی۔	اِلَيْكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔	قَبْلِكَ : نماز سے قبل، قبل از طعام، قبل الکلام۔
يُقِيْمُوْنَ : قائم کرنا، قیام کرنا، مقیم، قیامت۔	يُوْقِنُوْنَ : یقین، یقین محکم۔

اٰیَاتُہَا 286 — 2 سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ 87 — رُکُوْعَاتُہَا 40

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

الٓمّٓ ۚ (1)	ذٰلِكَ [1]	الۡكِتٰبُ	لَا رَيۡبَ ۛۚ	فِيۡهِ ۛۚ	هُدًى	لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ۙ (2)
الٓمّٓ	وہ	کتاب (کہ)	نہیں کوئی شک	اس میں	ہدایت ہے	پرہیزگاروں کے لیے

الَّذِيۡنَ	يُؤۡمِنُوۡنَ	بِالۡغَيۡبِ	وَ	يُقِيۡمُوۡنَ [2]	الصَّلٰوةَ
وہ لوگ جو	وہ سب ایمان لاتے ہیں	غیب پر	اور	وہ سب قائم کرتے ہیں	نماز

وَ	مِمَّا [3]	رَزَقۡنٰهُمۡ	يُنۡفِقُوۡنَ ۙ (3)	وَ الَّذِيۡنَ
اور	(اس) سے جو	ہم نے انہیں رزق دیا	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اور وہ لوگ جو

يُؤۡمِنُوۡنَ	بِمَآ	اُنۡزِلَ	اِلَيۡكَ	وَ مَآ اُنۡزِلَ	مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ
وہ سب ایمان رکھتے ہیں	(اس) پر جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف	اور جو نازل کیا گیا	آپ سے پہلے

وَ بِالۡاٰخِرَةِ	هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ [4] ؕ (4)	اُولٰٓئِكَ	عَلٰى هُدًى	مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ۗ
اور آخرت پر	وہ سب یقین رکھتے ہیں	وہی لوگ	ہدایت پر ہیں	اپنے رب سے

ضروری وضاحت

❶ اس علامت کا اصل ترجمہ "وہ" ہے، عربی زبان میں کسی بات کو اہمیت کے ساتھ بیان کرنا ہو تو اشارہ بعید استعمال کیا جاتا ہے۔
❷ نماز قائم کرنے میں: وقت پر پڑھنا، خشوع خضوع کے ساتھ پڑھنا، سنت کے مطابق پڑھنا، جماعت کے ساتھ پڑھنا، دوسروں کو پڑھنے کی تلقین کرنا۔ ❸ "مِمَّا" یہ "مِنۡ" + "مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❹ یہاں "هُمۡ" اور "یـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿5﴾	اور وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿5﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ	برابر ہے ان پر خواہ آپ ڈرائیں اُنہیں
اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿6﴾	یا آپ اُنہیں نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿6﴾
خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ	مہر لگادی ہے اللہ نے ان کے دلوں پر
وَ عَلٰى سَمۡعِهِمۡ ؕ	اور ان کے کانوں پر (بھی)
وَ عَلٰٓى اَبۡصَارِهِمۡ غِشَاوَةٌ ز	اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے
وَّ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿7﴾ ع	اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔ ﴿7﴾ ع
وَ مِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّقُوۡلُ	اور لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو کہتے ہیں
اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ	ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر
وَ مَا هُمۡ بِمُؤۡمِنِيۡنَ ۘ﴿8﴾	حالانکہ وہ نہیں ہیں (دل سے) مومن۔ ﴿8﴾
يُخٰدِعُوۡنَ اللّٰهَ	وہ دھوکہ بازی کرتے ہیں اللہ سے

ع 1/7/1 — وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلۡمُفۡلِحُوۡنَ : فلاح و بہبود، فلاحی ادارے۔	سَمۡعِهِمۡ : محفل سماع، آلہ سماعت، سمع و بصر۔
كَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار۔	اَبۡصَارِهِمۡ : بصارت، نور بصیرت۔
سَوَآءٌ : مساوی، مساوات۔	غِشَاوَةٌ : غشی طاری ہونا (پردہ)۔
يُؤۡمِنُوۡنَ : ایمان، مومن، امن۔	اَلنَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَقُوۡلُ : قول، اقوال، قائل، اقوال زریں۔
خَتَمَ : ختم نبوت، ختم الرسل۔	بِالۡيَوۡمِ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
قُلُوۡبِهِمۡ : امراض قلب، قلبی تعلق۔	اَلۡاٰخِرِ : آخری، فکر آخرت، آخرکار۔

وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿5﴾ [1]	اِنَّ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور	وہ لوگ	ہی سب کامیاب ہونے والے ہیں	بیشک جن	سب نے کفر کیا

سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	ءَ [2]	اَنْذَرْتَهُمْ	اَمْ لَمْ	تُنْذِرْهُمْ	لَا
برابر ہے	ان پر	خواہ	آپ انہیں ڈرائیں	یا نہ	آپ اُنہیں ڈرائیں	نہیں

يُؤْمِنُوْنَ ﴿6﴾	خَتَمَ اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ ط
وہ سب ایمان لائیں گے	اللہ نے مہر لگا دی ہے	ان کے دلوں پر	اور ان کے کانوں پر

ع 1/7/1

وَ عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ	غِشَاوَةٌ ز [3]	وَّ لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ ع ﴿7﴾	وَ
اور ان کی آنکھوں پر	پردہ ہے	اور ان کے لیے	عذاب ہے	بڑا	اور

مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَّقُوْلُ [4]	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَ
لوگوں میں سے (بعض ایسے ہیں)	جو	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور

وقف لازم

بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ	مَا هُمْ	بِمُؤْمِنِيْنَ م [5] ﴿8﴾	يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ
آخرت کے دن پر	حالانکہ	نہیں وہ	سب ایمان لانے والے	وہ سب دھوکہ دیتے ہیں اللہ کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں "هُمْ" کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے، اسکا ترجمہ "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❷ "ءَ" کا اصل ترجمہ "کیا" ہے اسکے بعد اگر اسی جملے میں "اَمْ" ہو تو ترجمہ کبھی "خواہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❸ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں علامت "يَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❺ علامت "مَا" کے بعد "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ	اور ان لوگوں سے جو ایمان لائے
وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ	اور (دراصل) وہ نہیں دھوکہ دیتے مگر اپنے آپکو
وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ؕ ﴿9﴾	اور وہ نہیں سمجھتے۔ ﴿9﴾
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ	ان کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے
فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ	پس اللہ نے (اور) بڑھا دیا انہیں بیماری میں
وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ	اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے
بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿10﴾	اس وجہ سے جو وہ جھوٹ بولتے تھے۔ ﴿10﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ	اور جب کہا جائے ان سے (کہ)
لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا	تم زمین میں فساد برپا مت کرو، کہتے ہیں:
اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿11﴾	بیشک ہم (تو) اصلاح کرنے والے ہیں۔ ﴿11﴾
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ	خبردار یقیناً وہ (لوگ) ہی فساد کرنے والے ہیں
وَ لٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿12﴾	اور لیکن وہ نہیں سمجھتے۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّآ : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔	يَكْذِبُوْنَ : کاذب، کذاب، تکذیب۔
يَشْعُرُوْنَ : ذی شعور، شعوری طور پر، لاشعور۔	تُفْسِدُوْا : فساد، فسادی، فسادات، فاسد، مفسد۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلبِ اطہر۔	اَلْاَرْضِ : ارض وسما، اراضی، کرہ ارض۔
مَّرَضٌ : مرض، امراض۔	مُصْلِحُوْنَ : اصلاح، صلح، مصلح، اصلاحات۔
فَزَادَهُمُ : زیادہ، زائد، مزید	قَالُوْٓا : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اَلِيْمٌ : رنج والم، المناک۔	لٰكِنْ : لیکن۔

وَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ج	وَ مَا	يَخْدَعُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ
اور ان کو جو	سب ایمان لائے	اور نہیں	وہ سب دھوکہ دیتے	مگر	اپنے آپ کو

وَ مَا	يَشْعُرُوْنَ ط (9)	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ لا	فَزَادَهُمُ اللّٰهُ
اور نہیں	وہ سب شعور رکھتے	ان کے دلوں میں	بیماری ہے	پس بڑھا دیا انہیں اللہ نے

مَرَضًا ج	وَ لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ۵ لا	بِمَا	كَانُوْا
بیماری میں	اور ان کیلئے	عذاب ہے	دردناک	(اس) وجہ سے جو	تھے سب

يَكْذِبُوْنَ (10)	وَ اِذَا قِيْلَ	لَهُمْ ❶	لَا	تُفْسِدُوْا
وہ سب جھوٹ بولتے	اور جب کہا جائے	ان سب سے	مت	تم سب فساد برپا کرو

فِي الْاَرْضِ لا	قَالُوْٓا	اِنَّمَا ❷	نَحْنُ	مُصْلِحُوْنَ (11)	اَلَآ
زمین میں	وہ سب کہتے ہیں	بیشک	ہم	سب اصلاح کرنے والے ہیں	خبردار

اِنَّهُمْ	هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ ❸	وَ لٰكِنْ	لَّا	يَشْعُرُوْنَ (12)
یقیناً وہ	سب لوگ ہی فساد کرنے والے ہیں	اور لیکن	نہیں	وہ سب شعور رکھتے

ضروری وضاحت

❶ "لَهُمْ" میں "لَ" دراصل "لِ" تھا، جس کا ترجمہ "کے لیے" ہوتا ہے، مگر "قَالَ، قِيْلَ، قُلْ" وغیرہ کے بعد اس کا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ ❷ "اِنَّمَا" کا ترجمہ کبھی "صرف" اور کبھی "سوائے اس کے نہیں" بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ یہاں "هُمْ" اور اس کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے، اس کا ترجمہ اردو میں "ہی" کر دیا جاتا ہے۔

وَ اِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ اٰمِنُوۡا	اور جب کہا جائے ان سے ایمان لاؤ
كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوۡۤا	جیسے (اور) لوگ ایمان لائے کہتے ہیں
اَنُؤۡمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ	کیا ہم (ایسے) ایمان لائیں جیسے بیوقوف ایمان لائے
اَلَاۤ اِنَّهُمۡ هُمُ السُّفَهَآءُ	خبردار بے شک وہ (خود) ہی بے وقوف ہیں
وَ لٰـكِنۡ لَّا يَعۡلَمُوۡنَ (13)	اور لیکن وہ جانتے نہیں۔ (13)
وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	اور جب ملتے ہیں (ان لوگوں سے) جو ایمان لائے
قَالُوۡۤا اٰمَنَّا ۖۚ	کہتے ہیں: ہم (بھی) ایمان لائے ہیں
وَ اِذَا خَلَوۡا اِلٰى شَيٰطِيۡنِهِمۡ ۙ	اور جب اکیلے ہوتے ہیں اپنے شیطانوں کے پاس
قَالُوۡۤا اِنَّا مَعَكُمۡ ۙ	(تو) کہتے ہیں: بے شک ہم تمھارے ساتھ ہیں
اِنَّمَا نَحۡنُ مُسۡتَهۡزِءُوۡنَ (14)	بے شک ہم مذاق کرتے ہیں۔ (14)
اَللّٰهُ يَسۡتَهۡزِئُ بِهِمۡ	اللہ تعالیٰ مذاق اُڑاتا ہے ان (منافقوں) کا
وَ يَمُدُّهُمۡ	اور وہ ڈھیل دیے جا رہا ہے اُنھیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- قِيۡلَ : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
- اٰمِنُوۡا : ایمان، مومن، امن۔
- كَمَآ : کما حقہ۔
- اَلنَّاسُ : عوام الناس، بعض الناس۔
- لٰكِنۡ : لیکن۔
- لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
- يَعۡلَمُوۡنَ : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔
- لَقُوا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
- خَلَوۡا : خلا، خلوت نشینی، خلائی شٹل، بیت الخلا۔
- اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- مَعَكُمۡ : مع اہل وعیال، معیت۔
- مُسۡتَهۡزِءُوۡنَ : اِستہزا۔
- يَمُدُّهُمۡ : مد، الف مد "آ" (لمبا کرنا)۔

وَ اِذَا	قِيْلَ لَهُمْ	اٰمِنُوْا	كَمَآ	اٰمَنَ النَّاسُ	قَالُوْٓا
اور جب	ان سب کو کہا جائے	تم سب ایمان لاؤ	جیسے	لوگ ایمان لائے	وہ سب کہتے ہیں

اَنُؤْمِنُ	كَمَآ	اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ	اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ ❶
کیا ہم ایمان لائیں	جیسے	ایمان لائے بیوقوف	خبردار	بیشک وہ سب (خود) ہی بیوقوف ہیں

وَ لٰكِنْ لَّا	يَعْلَمُوْنَ (13)	وَ اِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اور لیکن نہیں	وہ سب جانتے	اور جب	وہ سب ملتے ہیں	ان لوگوں سے جو	سب ایمان لائے

قَالُوْٓا	اٰمَنَّا ۚۖ	وَ اِذَا	خَلَوْا	اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ
وہ سب کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب	(یہ) سب اکیلے ہوتے ہیں	اپنے شیطانوں کے پاس

قَالُوْٓا	اِنَّا ❷	مَعَكُمْ ۙ	اِنَّمَا	نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ (14)
(تو) وہ سب کہتے ہیں	بیشک ہم	تمھارے ساتھ ہیں	بیشک	ہم سب مذاق کرنے والے ہیں

اَللّٰهُ	يَسْتَهْزِئُ ❸	بِهِمْ	وَ	يَمُدُّهُمْ
اللہ تعالیٰ	مذاق اڑاتا ہے	ان سب کا	اور	وہ انہیں ڈھیل دیے جا رہا ہے

ضروری وضاحت

❶ یہاں دو مرتبہ "هُمْ" اور اس کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آئے ہیں، ان کا ترجمہ "وہ سب ہی" ہے۔ ❷ "اِنَّا" اصل میں "اِنَّنَا" تھا، آسانی کے لیے ایک "نون" گرا دیا گیا ہے۔ ❸ یہاں "يَسْتَهْزِئُ" کے اردو ترجمہ میں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس کا تعلق لفظ "اللّٰہ" ہے اور وہ "يَسْتَهْزِئُ" سے قبل لفظاً موجود ہے۔

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (15)	اپنی سرکشی میں وہ اندھوں کی طرح بھٹک رہے۔ (15)
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا	یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خریدا
الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى	گمراہی کو ہدایت کے بدلے میں
فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ	پس نہ کوئی فائدہ پہنچایا ان کی تجارت نے (انہیں)
وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ (16)	اور نہ ہی وہ بنے ہدایت پانے والے۔ (16)
مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي	انکی مثال (اس شخص) کی مثال کی طرح ہے جو
اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ	آگ جلائے، پس جب آگ نے روشن کردیا
مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ	اس کے ماحول کو (تو) لے گیا اللہ ان کی روشنی کو
وَ تَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ	اور انہیں چھوڑ دیا اندھیروں میں (کہ)
لَّا يُبْصِرُوْنَ (17)	وہ (کچھ) نہیں دیکھ پاتے۔ (17)
صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ	وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں
فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (18)	پس وہ (حق کی طرف) نہیں لوٹتے۔ (18)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اَضَآءَتْ : ضوء، ضیاء (روشنی)۔
طُغْيَانِهِمْ : طغیانی، طاغوتی طاقتیں۔	مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اِشْتَرَوُا : بیع و شرا، مشتری۔	تَرَكَهُمْ : ترک کرنا، معاصی ترک کرنا۔
اَلضَّلٰلَةَ : ضلالت، گمراہی۔	ظُلُمٰتٍ : ظلم، ظلمت، مظالم۔
بِالْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مَثَلُهُمْ : مثل، مثال، مثالیں، امثلہ۔	يُبْصِرُوْنَ : بصارت، بصیرت، نورِ بصر۔
نَارًا : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری	يَرْجِعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

فِيْ طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ (15)	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
اپنی سرکشی میں	وہ سب اندھے ہوکر بھٹک رہے ہیں	یہ وہ لوگ ہیں	جنہوں نے

اشْتَرَوُا ❶	الضَّلٰلَةَ	بِالْهُدٰى ص	فَمَا	رَبِحَتْ ❷
سب نے خریدلیا	گمراہی کو	ہدایت کے بدلے میں	پس نہ	(کوئی) فائدہ پہنچایا

تِّجَارَتُهُمْ	وَ مَا	كَانُوْا	مُهْتَدِيْنَ (16)	مَثَلُهُمْ
ان کی تجارت نے	اور نہ	وہ سب تھے	سب ہدایت پانے والے	انکی مثال

كَمَثَلِ الَّذِى	اسْتَوْقَدَ نَارًا ج	فَلَمَّآ	اَضَآءَتْ ❷	مَا حَوْلَهٗ
(اس شخص کی) مثال کی طرح ہے جو	جلائے آگ	پس جب	روشن کردیا	اس کا اردگرد

ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ ❸	وَ تَرَكَهُمْ	فِيْ ظُلُمٰتٍ ❹	لَّا	يُبْصِرُوْنَ (17)
(تو) لے گیا اللہ ان کی روشنی کو	اور انہیں چھوڑدیا	اندھیروں میں	نہیں	وہ سب دیکھ پاتے

صُمٌّۢ	بُكْمٌ	عُمْىٌ	فَهُمْ	لَا	يَرْجِعُوْنَ لا (18)
(وہ) بہرے ہیں	گونگے ہیں	اندھے ہیں	پس وہ سب	نہیں	وہ سب لوٹتے

ضروری وضاحت

❶ یہ لفظ اصل میں "اِشْتَرَوْا" تھا، اگلے لفظ سے ملانے کے لیے "و" پر پیش دی گئی ہے۔ ❷علامت "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے ❸ "ذَهَبَ" کا ترجمہ "گیا" ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد اسم کے شروع میں "بِ" ہو تو اس کا ترجمہ "لے گیا" کیا جاتا ہے۔ ❹ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں۔

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ	یا (ان کی مثال) آسمان سے بارش کی طرح ہے
فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ	اس میں اندھیرے ہوں اور گرج ہو، اور بجلی ہو
يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وہ ڈال لیتے ہیں اپنی انگلیوں کو اپنے کانوں میں
مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ	کڑکوں (کی وجہ) سے موت کے ڈر سے
وَ اللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿19﴾	اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ ﴿19﴾
يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ	قریب ہے کہ بجلی اچک لے ان کی بصارت کو
كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ	جب (بجلی) ان کیلئے روشنی کرتی ہے
مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَ اِذَآ	(تو) وہ چل پڑتے ہیں اس میں اور جب
اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ	اندھیرا چھا جاتا ہے ان پر تو کھڑے ہو جاتے ہیں
وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ	اور اگر اللہ چاہے (تو) البتہ لے جائے
بِسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ؕ	ان کی سماعت کو اور ان کی بصارت کو
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿20﴾ ع	بے شک اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿20﴾

ع 2 13 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَصَيِّبٍ	:	کالعدم، کما حقہ۔	شَآءَ	:	مشیّت الٰہی، ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
السَّمَآءِ	:	ارض وسما، کتب سماویہ۔	بِسَمْعِهِمْ	:	سماعت، سمعی بصری معاونات۔
بَرْقٌ	:	برق رفتار، برقی رو، برقیات۔	اَبْصَارِ	:	بصارت، بصیرت، نور بصر۔
مُحِيْطٌ	:	احاطہ، محیط۔	عَلٰى	:	علیٰ ھذا القیاس، علی الاعلان۔
اَضَآءَ	:	ضوء، ضیا۔	كُلِّ	:	کلی طور پر، کل جہاں۔
اَظْلَمَ	:	ظلم، ظلمت، ظلمات، مظالم۔	شَیْءٍ	:	شے، اشیا۔
قَامُوْا	:	قیام، قائم مقام، مقیم۔	قَدِيْرٌ	:	قادر، قدرت، مقدر۔

اَوْ كَصَيِّبٍ	مِّنَ السَّمَآءِ	فِيْهِ ظُلُمٰتٌ
یا (ان کی مثال) بارش کی طرح ہے	(جو) آسمان سے (نازل ہو)	اس میں اندھیرے ہوں

وَّرَعْدٌ	وَّبَرْقٌ ج	يَجْعَلُوْنَ	اَصَابِعَهُمْ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	مِّنَ الصَّوَاعِقِ
اور گرج	اور بجلی ہو	وہ سب ڈال لیتے ہیں	اپنی انگلیوں کو	اپنے کانوں میں	کڑکوں (کی وجہ) سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ط	وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ	بِالْكٰفِرِيْنَ (19)	يَكَادُ ❶	الْبَرْقُ	يَخْطَفُ ❶
موت کے ڈر سے	اور اللہ گھیرنے والا ہے	سب کافروں کو	قریب ہے	بجلی	اچک لے

اَبْصَارَهُمْ ط	كُلَّمَآ	اَضَآءَ	لَهُمْ	مَّشَوْا	فِيْهِ لا
ان کی آنکھوں کو	جب	روشن کر دیا	ان سب کیلئے	وہ سب چل پڑتے ہیں	اس میں

وَاِذَآ	اَظْلَمَ	عَلَيْهِمْ	قَامُوْا ط	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
اور جب	اندھیرا چھا جاتا ہے	ان پر	وہ سب کھڑے ہو جاتے ہیں	اور اگر	اللہ چاہے

ع 2/13/2

لَذَهَبَ ❷	بِسَمْعِهِمْ	وَاَبْصَارِهِمْ ط	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (20) ع
البتہ لے جائے	ان کی سماعت کو	اور ان کی بصارت کو	بیشک اللہ	ہر چیز پر	قادر ہے

ضروری وضاحت

❶ "يَكَادُ" اور "يَخْطَفُ" میں علامت "يَـ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ان دونوں کا تعلق "اَلْبَرْقُ" (بجلی) سے ہے اور وہ اِن دونوں کے درمیان لفظاً موجود ہے۔ ❷ "ذَهَبَ" کا ترجمہ "گیا" ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد اسم کے شروع میں "بِـ" ہو تو اسکا ترجمہ "لے جائے" یا "لے گیا" کیا جاتا ہے۔

يَاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ	اے لوگو ! اپنے رب کی عبادت کرو
الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَ الَّذِيْنَ	جس نے پیدا کیا تمھیں اور ان لوگوں کو جو
مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿21﴾	تم سے پہلے تھے تاکہ تم (عذاب سے) بچ جاؤ۔ ﴿21﴾
الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا	جس نے بنا دیا تمھارے لیے زمین کو بچھونا
وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	اور آسمان کو چھت اور اُتارا آسمان سے پانی
فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ	پھر نکال دیا اس سے تمھارے لیے پھلوں کا رزق
فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا	پس تم نہ بناؤ (دوسروں کو) اللہ کے شریک
وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿22﴾	حالانکہ تم جانتے ہو۔ ﴿22﴾
وَ اِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ مِّمَّا	اور اگر تم ہو شک میں اس سے جو
نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا	ہم نے اُتارا ہے اپنے بندے پر
فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ	تو تم (بھی بنا) لاؤ کوئی سورت اس جیسی
وَ ادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اور بلا لو اللہ کے علاوہ اپنے سب حمایتیوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلنَّاسُ : عوام النّاس، بعض النّاس۔	فَاَخْرَجَ : خروج، خارج، اخراج، مخرج۔
اُعْبُدُوْا : عبادت، عابد، معبود۔	مِنَ : من جانب، من وعن، من حیث القوم۔
خَلَقَكُمْ : خالقِ کائنات، مخلوق، خلقت۔	اَلثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرات، ثمرہ۔
قَبْلِكُمْ : چندروز قبل، قبل از غذا۔	تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم۔
تَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔	عَلٰى : علٰیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
فِرَاشًا : صاحبِ فراش، فرش۔	اُدْعُوْا : دعوت، دعا، داعی۔
اَنْزَلَ : نازل، انزال، شانِ نزول۔	شُهَدَآءَ : شاہد، شہادت، شواہد، عینی شاہد۔

يٰاَيُّهَاالنَّاسُ	اعْبُدُوْا	رَبَّكُمُ	الَّذِىْ خَلَقَكُمْ	وَ الَّذِيْنَ
اے لوگو	تم سب عبادت کرو	اپنے رب کی	جس نے تمہیں پیدا کیا	اور (انہیں بھی) جو

مِنْ قَبْلِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ ۙ﴿21﴾	الَّذِىْ جَعَلَ	لَكُمُ الْاَرْضَ
تم سے پہلے تھے	تاکہ تم	تم سب (عذاب سے) بچ جاؤ	جس نے بنادیا	تمھارے لئے زمین کو

فِرَاشًا	وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۠	وَّ اَنْزَلَ ❶	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ ❶	بِهٖ
بچھونا	اور آسمان کو چھت	اور اتارا	آسمان سے	پانی	پس نکالا	اسکے ذریعے

مِنَ الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا لَّكُمْ ۚ	فَلَا	تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ اَنْدَادًا	وَّ
پھلوں سے	تمھارے لئے رزق	پس مت	تم سب بناؤ	اللہ کیلئے کوئی شریک	حالانکہ

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ❷﴿22﴾	وَ اِنْ	كُنْتُمْ	فِىْ رَيْبٍ	مِّمَّا	نَزَّلْنَا	عَلٰى عَبْدِنَا
تم سب جانتے ہو	اور اگر	تم ہو	شک میں	(اس) سے جو	ہم نے اُتارا	اپنے بندے پر

فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ ❸	مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ ❹	وَ ادْعُوْا	شُهَدَآءَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ ❹ اللّٰهِ
پس تم سب بنالاؤ کوئی سورت	اس جیسی	اور تم سب بلالو	اپنے حمایتیوں کو	اللہ کے علاوہ

ضروری وضاحت

❶ یہاں ''اَ'' ''فعل کے معنی میں تبدیلی لانے'' کے لیے آیا ہے۔ ❷ ''اَنْتُمْ'' اور ''تَ'' دونوں علامتوں کا ترجمہ ''تم'' ہے، ''اَنْتُمْ'' کلام میں تاکید اور زور دینے کے لیے لایا گیا ہے۔ ❸ ''فَاْتُوْا'' کا اصل ترجمہ ''آؤ'' ہے اگر اسکے بعد اسم کے شروع میں ''بِ'' ہو تو ترجمہ ''لے آؤ'' یا ''لاؤ'' کیا جاتا ہے ۔ ❹ یہاں ''مِنْ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿23﴾	اگر تم ہو سچے۔ ﴿23﴾
فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَ لَنْ تَفْعَلُوْا	پس اگر تم (ایسا) نہ کرسکو اور ہرگز نہ کرسکو گے
فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا	تو (پھر) ڈرو (اس) آگ سے جو ایندھن ہیں اس کا
النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ ۚۖ	لوگ اور پتھر
اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿24﴾	وہ (آگ) تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے۔ ﴿24﴾
وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اور خوشخبری دے دیجیے ان لوگوں کو جو ایمان لائے
وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ	اور نیک اعمال کیے کہ بیشک ان کے لیے (ایسے)
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ	باغات ہیں (کہ) بہتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں
كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ	جب بھی انہیں دیا جائے گا ان سے کسی پھل کا رزق
قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ	(تو) وہ کہیں گے یہ (تو وہی ہے) جو
رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ	ہمیں رزق دیا گیا اس سے پہلے (دنیا میں)
وَ اُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ	اور وہ دیے جائیں گے اس سے بالکل ملتا جلتا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- صٰدِقِيْنَ : صدق، صادق، صداقت۔
- تَفْعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔
- فَاتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔
- اَلْحِجَارَةُ : حجر و شجر، حجر اسود۔
- بَشِّرِ : بشارت، بشیر، مبشر۔
- اَلصّٰلِحٰتِ : صلح، اصلاح، صالح، اعمال صالحہ۔
- تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
- تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الشعور۔
- اَلْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، نہریں۔
- رُزِقُوْا : رزق، رزّاق، رازِق۔
- ثَمَرَةٍ : ثمر، ثمرہ۔
- قَالُوْا : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
- قَبْلُ : قبل از طعام، چند دن قبل۔
- مُتَشَابِهًا : مشابہ، متشابہ۔

اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (23)	فَاِنْ	لَّمْ	تَفْعَلُوْا	وَ لَنْ	تَفْعَلُوْا	فَاتَّقُوا
اگر تم ہو	سب سچے	پھر اگر	نہ	تم سب کر سکو	اور ہر گز نہ	تم سب کر سکو گے	تو تم سب ڈرو

النَّارَ الَّتِيْ	وَقُوْدُهَا	النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ ❶	اُعِدَّتْ ❷	لِلْكٰفِرِيْنَ (24)
(اس) آگ سے جو	اس کا ایندھن	لوگ اور پتھر ہیں	تیار کی گئی ہے	کافروں کیلئے

وَ بَشِّرِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❶❸
اور خوشخبری دے دو	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور ان سب نے عمل کیے	نیک

اَنَّ	لَهُمْ جَنّٰتٍ ❶	تَجْرِيْ ❹	مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ	كُلَّمَا رُزِقُوْا
کہ بیشک	ان کیلئے باغات	بہتی ہیں	انکے نیچے سے نہریں	جب بھی ان سب کو دیا جائے گا

مِنْهَا	مِنْ ثَمَرَةٍ ❶	رِّزْقًا ۙ	قَالُوْا	هٰذَا الَّذِيْ	رُزِقْنَا
ان سے	کسی پھل سے	رزق	وہ سب کہیں گے	یہ (تو وہی ہے) جو	ہم رزق دیے گئے

مِنْ قَبْلُ ۙ	وَ	اُتُوْا	بِهٖ	مُتَشَابِهًا ؕ
اس سے پہلے (دنیا میں)	اور	وہ سب دیے جائیں گے	اس سے	(بالکل) ملتا جلتا

ضروری وضاحت

❶ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے، اردو میں اس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❸ نیک عمل سے مراد وہ عمل ہے جو سنت رسول ﷺ کے عین مطابق ہو اور رضائے الٰہی کی نیت سے کیا جائے۔ ❹ علامت "تَ" واحد مؤنث کی علامت ہے اور یہاں اس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

وَ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ	اور ان کیلئے ان (باغات) میں پاکیزہ بیویاں ہوں گی
وَّ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿25﴾	اور وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿25﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ	بے شک اللہ تعالیٰ نہیں شرماتا
اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً	کہ وہ مثال بیان کرے کوئی سی مچھر کی ہو
فَمَا فَوْقَهَا ؕ	(یا) پھر اس سے بڑھ کر (کسی حقیر چیز کی ہو)
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ	پس رہے (وہ لوگ) جو ایمان لائے تو وہ جانتے ہیں
اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ	کہ بیشک وہ حق ہے ان کے رب کی طرف سے
وَ اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور رہے (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ	تو وہ کہتے ہیں: اللہ کیا چاہتا ہے
بِهٰذَا مَثَلًا ۘ	اس (حقیرسی) مثال کو بیان کر کے (دراصل)
يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ	وہ گمراہ رہنے دیتا ہے اس سے اکثر کو
وَّ يَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ	اور ہدایت دے دیتا ہے اس سے اکثر کو

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَزْوَاجٌ	: زوج ،زوجہ،زوجیت،ازواج۔	فَوْقَهَا	: فوقیت،مافوق الفطرت،فائق۔
مُّطَهَّرَةٌ	: طہر،طہارت،طاہر،مطہر۔	فَيَعْلَمُوْنَ	: علم،عالم،معلوم،،تعلیم،معلومات۔
فِيْهَا	: فی الحال،فی الفور،فی الحقیقت۔	كَفَرُوْا	: کفر،کافر،کفار۔
خٰلِدُوْنَ	: خُلد بریں،خالد۔	فَيَقُوْلُوْنَ	: قول،قائل،مقولہ،اقوال زریں۔
لَا	: لاتعداد،لاعلاج،لاجواب،لاعلم۔	اَرَادَ	: ارادہ،مراد،مرید۔
يَسْتَحْيٖٓ	: شرم وحیا،حیادار،بےحیا۔	بِهٰذَا	: لہٰذا،علیٰ ہذاالقیاس،ہذامن فضل ربی۔
يَّضْرِبَ	: ضرب المثل۔	يُضِلُّ	: ضلالت (گمراہی)۔

وَ	لَهُمْ	فِيْهَآ	اَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ ❶ ۙ	وَّهُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿25﴾
اور	ان کیلئے	اس میں	بیویاں	پاکیزہ	اور وہ	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے

اِنَّ اللّٰهَ	لَا	يَسْتَحْيٖٓ ❷	اَنْ يَّضْرِبَ ❸	مَثَلًا	مَّا	بَعُوْضَةً ❶	فَمَا
بیشک اللہ	نہیں	شرماتا	یہ کہ وہ بیان کرے	مثال	کوئی سی	مچھر کی ہو	پھر جو

فَوْقَهَا ط	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَيَعْلَمُوْنَ
اس سے بڑھ کر ہو	پس رہے	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	پس وہ سب جانتے ہیں

اَنَّهُ الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّهِمْ ج	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
کہ بیشک وہ ہی حق ہے	ان کے رب (کی طرف) سے	اور رہے	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

فَيَقُوْلُوْنَ	مَاذَآ	اَرَادَ اللّٰهُ	بِهٰذَا مَثَلًا م	يُضِلُّ
پس وہ سب کہتے ہیں	کیا	ارادہ کیا اللہ نے	اس مثال سے	وہ گمراہ کرتا ہے

بِهٖ	كَثِيْرًا لا	وَّ	يَهْدِيْ	بِهٖ	كَثِيْرًا ط
اس سے	اکثر کو	اور	وہ ہدایت دیتا ہے	اس سے	اکثر کو

وقف لازم

ضروری وضاحت

❶ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، یہاں اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "يَسْتَحْيٖ" میں علامت "يَـ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس کا تعلق لفظ "اَللّٰهَ" سے ہے اور وہ لفظاً اس سے قبل موجود ہے۔ ❸ "ضَرْبٌ" کا معنی عموماً "مارنا" ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد "مَثَلًا" یا "اَلْاَمْثَالُ" وغیرہ ہو تو پھر اس کا ترجمہ "مثال بیان کرنا" ہوتا ہے۔

وَ مَا يُضِلُّ بِهٖٓ	اور نہیں وہ گمراہ کرتا اس سے
اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿26﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ	مگر فاسقوں کو۔ ﴿26﴾ جو توڑتے ہیں
عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠	اللہ کے عہد کو اسے مضبوط کرنے کے بعد
وَ يَقْطَعُوْنَ	اور وہ قطع کرتے ہیں (ان رشتوں کو)
مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ	جو اللہ نے حکم دیا ہے اس کا کہ وہ جوڑے جائیں
وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ	اور وہ فساد پھیلاتے ہیں زمین میں
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿27﴾	وہی لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ ﴿27﴾
كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ كُنْتُمْ اَمْوَاتًا	کیسے تم انکار کرتے ہو اللہ کا حالانکہ تم تھے مردہ
فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ	تو اس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہی تمہیں موت دے گا
ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ	پھر وہی تمہیں (دوبارہ) زندہ کرے گا
ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿28﴾	پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿28﴾
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا	وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لیے جو کچھ ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُضِلُّ : ضلالت (گمراہی)۔
اَلْفٰسِقِيْنَ : فسق و فجور، فاسق۔
يَنْقُضُوْنَ : نقضِ عہد، نقیض۔
عَهْدَ : عہد نامہ، عہد و پیمان۔
مِيْثَاقِهٖ : میثاق مدینہ، ثقہ راوی، وثوق۔
يَقْطَعُوْنَ : قطع تعلقی، قطع نظر، قطع کلامی۔
يُّوْصَلَ : وصول، واصل، موصول، ایصالِ ثواب۔

كَيْفَ : کیفیت، بہرکیف۔
يُفْسِدُوْنَ : فساد، فسادات، مفسد۔
اَمْوَاتًا : موت، اموات، میت۔
فَاَحْيَا : حیات، احیاءِ دین۔
يُمِيْتُكُمْ : موت، اموات، میت۔
تُرْجَعُوْنَ : رجوع، طلاق رجعی، رجعت پسندی۔
اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔

وَ مَا	يُضِلُّ	بِهٖٓ	اِلَّا	الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿26﴾	الَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ
اور نہیں	وہ گمراہ رکھتا	اس سے	مگر	نافرمانوں کو	وہ لوگ جو	وہ سب توڑتے ہیں

عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۪❶	وَ	يَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ
اللہ کے عہد کو	اس کی مضبوطی کے بعد	اور	وہ سب کاٹتے ہیں	جس کا	حکم دیا اللہ نے

بِهٖٓ	اَنْ يُّوْصَلَ	وَ	يُفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ ؕ	اُولٰٓئِكَ
اس کے ساتھ	کہ وہ جوڑا جائے	اور	وہ سب فساد پھیلاتے ہیں	زمین میں	وہی لوگ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ❷ ﴿27﴾	كَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ كُنْتُمْ
ہی سب نقصان اٹھانے والے ہیں	کیسے	تم سب انکار کرتے ہو	اللہ کا	حالانکہ تم تھے

اَمْوَاتًا	فَاَحْيَاكُمْ ۚ	ثُمَّ	يُمِيْتُكُمْ	ثُمَّ	يُحْيِيْكُمْ
مردہ	پس اس نے زندہ کیا تمہیں	پھر	وہ تمہیں موت دے گا	پھر	وہ تمہیں زندہ کرے گا

ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿28﴾	هُوَ الَّذِيْ	خَلَقَ	لَكُمْ❸	مَّا
پھر	اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے	وہ جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے	جو

ضروری وضاحت

❶ "مِنْ" کے بعد اگر لفظ "بَعْدِ" ہو تو "مِنْ" کا اردو میں ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❷ یہاں "هُمْ" کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے، ان دونوں کا ترجمہ اردو میں "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❸ "لَكُمْ" میں "لَ" اصل میں "لِ" تھا، جس کا ترجمہ "کے لیے" ہے، پڑھنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے "لَ" کیا گیا ہے۔

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۗ ثُمَّ اسْتَوٰۤى	زمین میں سارے کا سارا پھر قصد کیا
اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ	آسمان کی طرف تو بنادیا اُنہیں سات آسمان
وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿29﴾ ع	اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿29﴾ ع
وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا:
اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ	بیشک میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں
قَالُوْۤا اَتَجْعَلُ فِيْهَا	(تو) انہوں نے کہا: کیا تو بنائے گا اس میں (اسے)
مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَ يَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ	جو فساد برپا کرے گا اس میں اور خون بہائے گا
وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ	اور ہم تسبیح بیان کرتے ہیں تیری تعریف کیساتھ
وَ نُقَدِّسُ لَكَ ؕ	اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں تیری
قَالَ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ	(تو اللہ نے) فرمایا: بیشک میں (وہ کچھ) جانتا ہوں
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿30﴾	جو تم نہیں جانتے۔ ﴿30﴾
وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا	اور اس نے آدم کو سکھا دیے وہ سب نام (جو چاہے)

ع 3/9/3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْاَرْضِ	کرۂ ارض، ارض وسما، اراضی۔	فِيْهَا	فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
جَمِيْعًا	جمع، جماعت، جمیع، مجموعی۔	يَسْفِكُ	سفاک قاتل، سفاک ترین دشمن۔
فَسَوّٰىهُنَّ	مساوی، مساوات۔	نُسَبِّحُ	تسبیح۔
السَّمَآءِ	ارض وسما، کتب ساویہ۔	بِحَمْدِكَ	حمد وثنا، حامد، محمود۔
عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔	نُقَدِّسُ	قدس، مقدس، تقدس، تقدیس۔
قَالَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	لَا	لاتعداد، لاجواب، لاعلاج، لامحالہ۔
لِلْمَلٰٓئِكَةِ	ملک، ملک الموت، ملائکہ۔	تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔

فِی الْاَرْضِ	جَمِیْعًا ۗ	ثُمَّ اسْتَوٰۤی	اِلَی السَّمَآءِ	فَسَوّٰىهُنَّ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ط ❶
زمین میں	سب کچھ	پھر قصد کیا	آسمان کی طرف	تو ان کو ٹھیک بنا دیا	سات آسمان

ع 3 9 3

وَ هُوَ	بِكُلِّ شَیْءٍ	عَلِیْمٌ ع (29)	وَ اِذْ قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓىِٕكَةِ ❷❸
اور وہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا	اور جب کہا	تمھارے رب نے	فرشتوں سے

اِنِّیْ	جَاعِلٌ	فِی الْاَرْضِ	خَلِیْفَةً ط	قَالُوْۤا	اَتَجْعَلُ
بیشک میں	بنانے والا ہوں	زمین میں	ایک خلیفہ	ان سب نے کہا	کیا تو بنائے گا

فِیْهَا	مَنْ یُّفْسِدُ ❹	فِیْهَا	وَ یَسْفِكُ	الدِّمَآءَ ج	وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ ❺
اس میں	جو فساد مچائے گا	اس میں	اور وہ بہائے گا	خون	اور ہم تسبیح بیان کرتے ہیں

بِحَمْدِكَ	وَ نُقَدِّسُ	لَكَ ط	قَالَ	اِنِّیْۤ
تیری تعریف کے ساتھ	اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں	تیرے لئے	اس نے کہا	بیشک میں

اَعْلَمُ	مَا لَا	تَعْلَمُوْنَ (30)	وَ عَلَّمَ	اٰدَمَ	الْاَسْمَآءَ	كُلَّهَا
میں جانتا ہوں	جو نہیں	تم سب جانتے	اور اس نے سکھا دیے	آدم کو	نام	وہ سب

ضروری وضاحت

❶"ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ یہاں "ة" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❸"قَالَ، قِیْلَ" کے بعد "لِ" ہو تو اسکا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ ❹"یُفْسِدُ" میں علامت "یُ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺"نَحْنُ" اور "نُ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "ہم" ہے، "نَحْنُ" تاکید کے لیے آیا ہے۔

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ	پھر پیش کیا ان کو فرشتوں پر
فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ	پس فرمایا (اللہ نے) مجھے بتاؤ ان چیزوں کے نام
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿31﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ	اگر ہو تم سچے۔ ﴿31﴾ (وہ) کہنے لگے: تو پاک ہے
لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ	کوئی علم نہیں ہمیں مگر جو تو نے ہمیں سکھایا ہے
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿32﴾	بیشک تو ہی خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔ ﴿32﴾
قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ	(اللہ نے) فرمایا: اے آدم بتا دو انہیں ان کے نام
فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ	تو جب اس نے بتا دیے اُنہیں ان کے نام
قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ	(تو اللہ نے) فرمایا کیا نہیں میں نے کہا تھا تمہیں کہ
اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ	بیشک میں ہی جانتا ہوں غیب (کی باتیں)
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۙ وَ اَعْلَمُ	آسمانوں اور زمین کی اور میں جانتا ہوں
مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿33﴾	جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم ہو چھپاتے۔ ﴿33﴾
وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اور جب ہم نے کہا فرشتوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَرَضَهُمْ : عرضی نویس، معروضات۔	اَلْحَكِيْمُ : حکمت و دانائی، حکیم۔
اَنْۢبِـُٔوْنِيْ : نبی، انبیا۔	قَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
صٰدِقِيْنَ : صادق و امین، صدق و وفا۔	اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
سُبْحٰنَكَ : سبحان اللہ۔	اَلسَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماویہ۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، ماورائے عدالت۔
اِلَّا : اِلّا قلیل، اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ۔	تَكْتُمُوْنَ : کتمانِ حق، کتمانِ علم۔
عَلَّمْتَنَا : علم، تعلیم، معلّم، متعلّم۔	لِلْمَلٰٓئِكَةِ : ملک، ملک الموت، ملائکہ۔

ثُمَّ عَرَضَهُمْ	عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ❶ لا	فَقَالَ	اَنْۢبِـُٔوْنِيْ	بِاَسْمَآءِ❷ هٰٓؤُلَآءِ	اِنْ
پھر ان کو پیش کیا	فرشتوں پر	پس اس نے کہا	بتاؤ تم سب مجھے	ان کے نام	اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (31)	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	لَا عِلْمَ لَنَآ❸	اِلَّا مَا	عَلَّمْتَنَا ط
تم ہو سب سچے	ان سب نے کہا	تو پاک ہے	نہیں کوئی علم ہمیں	مگر جو	تو نے ہمیں سکھایا

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ❹	الْحَكِيْمُ (32)	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	اَنْۢبِئْهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ❷ ج
بیشک تو ہی خوب جاننے والا	حکمت والا ہے	اس نے کہا	اے آدم	انہیں بتادو	ان کے نام

فَلَمَّآ	اَنْۢبَاَهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ❷ لا	قَالَ	اَلَمْ	اَقُلْ لَّكُمْ
تو جب	اس نے ان کو بتادیئے	ان کے نام	اس نے کہا	کیا نہیں	میں نے کہا تم سے

اِنِّيْٓ اَعْلَمُ❺	غَيْبَ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لا	وَ	اَعْلَمُ	مَا
بیشک میں جانتا ہوں	چھپی ہوئی باتیں	آسمانوں اور زمین کی	اور	میں جانتا ہوں	جو

تُبْدُوْنَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ❻ (33)	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ❶
تم سب ظاہر کرتے ہو	اور جو	ہو تم سب چھپاتے	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے

ضروری وضاحت

❶ یہاں "ۃ" واحد مؤنث کے لیے نہیں ہے، بلکہ جمع کی ہے۔❷ یہاں "بِ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔❸ اگر "لَا" کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو پھر ترجمہ "کوئی نہیں" کیا جاتا ہے۔❹ "كَ" اور "اَنْتَ" دونوں کا ترجمہ "تو" ہے اور "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔❺ "یْ" اور "اَ" دونوں کا ترجمہ "میں" ہے۔❻ "تُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا	آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا
اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى وَ اسْتَكْبَرَ ٚ	سوائے ابلیس کے اس نے انکار کیا اور تکبر کیا
وَ كَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿34﴾	اور وہ ہوگیا کافروں میں سے۔ ﴿34﴾
وَ قُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَ زَوْجُكَ	اور ہم نے کہا: اے آدم! تم رہو اور تمھاری بیوی
الْجَنَّةَ وَ كُلَا مِنْهَا رَغَدًا	جنّت میں اور کھاؤ اس سے اطمینان سے
حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَ لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ	جہاں سے تم چاہو اور قریب نہ جانا اِس درخت کے
فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿35﴾	(ورنہ) پس تم ہو جاؤ گے ظالموں میں سے۔ ﴿35﴾
فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا	پس ورغلایا ان دونوں کو شیطان نے اس سے
فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪	تو نکلوا دیا ان کو اس سے جس میں وہ دونوں تھے
وَ قُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ	اور ہم نے کہا: تم اُتر جاؤ تمھارے بعض بعض کے
عَدُوٌّ ۚ وَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ	دشمن ہیں اور تمھارے لیے زمین میں ٹھکانا ہے
وَّ مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿36﴾	اور فائدہ اٹھانا ہے ایک وقت تک۔ ﴿36﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُسْجُدُوْا : سجدہ، ساجد، مسجود۔
اِسْتَكْبَرَ : کبر، تکبر، متکبر، تکبیر۔
اَلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔
اُسْكُنْ : ساکن، سکونت، مسکن، سکنہ۔
زَوْجُكَ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
كُلَا : اکل وشرب، مأکولات۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔

شِئْتُمَا : ان شاء اللہ، ماشاء اللہ، مشیت الٰہی۔
تَقْرَبَا : قرب، قربت، قریب، تقریباً، قرابت۔
الشَّجَرَةَ : حجر وشجر، شجرکاری مہم۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، ظلمت، ظلمات۔
عَدُوٌّ : عدو، عداوت، اعداء اللہ۔
مُسْتَقَرٌّ : قرار، برقرار، استقرار۔
مَتَاعٌ : مال ومتاع، متاع کارواں۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ ❶	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ	اَبٰى	وَ اسْتَكْبَرَ ۫
تم سب سجدہ کرو	آدم کو	تو سب نے سجدہ کیا	سوائے ابلیس کے	اس نے انکار کیا	اور تکبر کیا

وَ كَانَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (34)	وَ قُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ	وَ زَوْجُكَ الْجَنَّةَ
اور وہ ہوگیا	کافروں میں سے	اور ہم نے کہا	اے آدم رہو تم	اور تمھاری بیوی جنت میں

وَ كُلَا	مِنْهَا	رَغَدًا	حَيْثُ شِئْتُمَا ۠	وَ لَا	تَقْرَبَا
اور تم دونوں کھاؤ	اس سے	اطمینان سے	جہاں سے تم دونوں چاہو	اور نہ	تم دونوں قریب جانا

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ	فَتَكُوْنَا	مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (35)	فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ
اس درخت کے	پس تم دونوں ہوجاؤ گے	ظالموں میں سے	پس ورغلایا ان دونوں کو شیطان نے

عَنْهَا	فَاَخْرَجَهُمَا	مِمَّا ❷	كَانَا فِيْهِ ۠	وَ قُلْنَا	اهْبِطُوْا
اس سے	پس نکلوا دیا ان دونوں کو	(اس) سے جو	دونوں تھے اس میں	اور ہم نے کہا	تم سب اتر جاؤ

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ ۚ	وَ لَكُمْ	فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ	وَّ مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ (36)
تمھارے بعض بعض کیلئے	دشمن ہیں	اور تمھارے لیے	زمین میں ٹھکانا ہے	اور فائدہ اٹھانا ایک وقت تک

ضروری وضاحت

❶ "لِ" کا ترجمہ "کے لیے" ہے لیکن یہاں اردو ترجمہ کرتے ہوئے اسکا ترجمہ "کو" ہی زیادہ مناسب ہے کیونکہ ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے ایسی گنجائش ہوتی ہے۔ ❷ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ+مَا" تھا، اگر نون ساکن (نْ) کے بعد "م" ہو تو "نْ" کو "م" میں شامل کردیتے ہیں اسی وجہ سے "مّ" پر شد ہے۔

فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ	پھر سیکھ لیے آدم نے اپنے رب سے چند کلمات
فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ	پس وہ متوجہ ہوا اس پر (یعنی توبہ قبول کر لی)
اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿37﴾	بے شک وہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ﴿37﴾
قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ	ہم نے کہا: اُتر جاؤ اس سے سب کے سب
فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى	پھر جب آئے تمھارے پاس میری طرف سے ہدایت
فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ	تو جس نے پیروی کی میری ہدایت کی
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	پس نہ تو کوئی خوف ہو گا ان پر
وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿38﴾	اور نہ ہی وہ غمگین ہونگے۔ ﴿38﴾
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ	اور جن لوگوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	وہی لوگ دوزخ والے ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿39﴾ ع	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿39﴾ ع
يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ	اے بنی اسرائیل ! یاد کرو میری (اُس) نعمت کو جو

ع 4/10/4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَلِمٰتٍ : کلمات، کلمہ طیبہ۔	يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔
فَتَابَ : توبہ، تائب۔	كَذَّبُوْا : کذب، کاذب، کذّاب۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔
اَلرَّحِيْمُ : رحم، رحمت، مرحوم۔	اَلنَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
جَمِيْعًا : جمع، جماعت، جمیع، مجموعی۔	خٰلِدُوْنَ : خالد، خُلد بریں۔
هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	يٰبَنِىْٓ : ابن، محمد بن قاسم، ابن الوقت، متبنّٰی۔
تَبِعَ : اتباع، تابع، متبع، تابع فرمان۔	اُذْكُرُوْا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔

فَتَلَقّٰٓى ❶	اٰدَمُ	مِنْ رَّبِّهٖ	كَلِمٰتٍ	فَتَابَ	عَلَيْهِ ؕ
پھر سیکھ لیے	آدم نے	اپنے رب سے	چند کلمات	پس وہ متوجہ ہوا	اس پر

اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ ❷	الرَّحِيْمُ (37)	قُلْنَا	اهْبِطُوْا	مِنْهَا
بیشک وہ ہی توبہ قبول کرنے والا	بڑا مہربان ہے	ہم نے کہا	تم سب اتر جاؤ	اس سے

جَمِيْعًا ج	فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِّنِّيْ هُدًى	فَمَنْ	تَبِعَ
سب کے سب	پھر جب	آئے تمھارے پاس	میری طرف سے ہدایت	تو جس نے	پیروی کی

هُدَايَ ❸	فَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❹ (38)	وَالَّذِيْنَ
میری ہدایت کی	پس نہ	کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ سب غمگین ہونگے	اور جنھوں نے

كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ج
سب نے کفر کیا	اور ان سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	وہی لوگ	دوزخ والے ہیں

ع 4 10 4

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (39) ع	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ ❸	الَّتِيْٓ
وہ	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے	اے اولاد اسرائیل	تم سب یاد کرو	میری نعمت کو	جو

ضروری وضاحت

❶ علامت "تَ" میں "کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔ ❷ علامت "هٗ" کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُوَ" اور اسکے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے اور اسی کا ترجمہ "ہی" کیا گیا ہے۔ ❸ علامت "یْ" عموماً ساکن ہوتی ہے لیکن اگر اس سے پہلے "الف" ہو یا اسے اگلے لفظ سے ملانا ہو تو اس پر "زبر" آجاتی ہے۔ ❹ "هُمْ" اور "یَـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔

اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَ اَوۡفُوۡا	میں نے انعام کی ہے تم پر اور پورا کرو
بِعَهۡدِىۡٓ اُوۡفِ بِعَهۡدِكُمۡ ۚ	میرے عہد کو ، میں پورا کروں گا تمھارے عہد کو
وَ اِيَّاىَ فَارۡهَبُوۡنِ ﴿40﴾	اور صرف مجھ ہی سے پس ڈرو۔ ﴿40﴾
وَ اٰمِنُوۡا بِمَآ اَنۡزَلۡتُ	اور ایمان لاؤ (اس کتاب) پر جو میں نے نازل کی
مُصَدِّقًا	تصدیق کرنے والی ہے
لِّمَا مَعَكُمۡ	اس کی جو تمھارے پاس ہے (تورات و انجیل)
وَ لَا تَكُوۡنُوۡٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۖ	اور مت بنو پہلے انکار کرنے والے اس کے
وَ لَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰيٰتِىۡ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ۡ	اور مت بیچو میری آیتوں کو تھوڑی قیمت میں
وَ اِيَّاىَ فَاتَّقُوۡنِ ﴿41﴾	اور صرف مجھ ہی سے پس تم ڈرو۔ ﴿41﴾
وَ لَا تَلۡبِسُوا الۡحَقَّ بِالۡبَاطِلِ	اور خلط ملط نہ کرو حق کو باطل کے ساتھ
وَ تَكۡتُمُوا الۡحَقَّ وَ اَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿42﴾	اور حق کو (نہ) چھپاؤ حالانکہ تم جانتے ہو۔ ﴿42﴾
وَ اَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ	اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنۡعَمۡتُ : انعام، نعمت، منعم حقیقی۔

اَوۡفُوۡا : وفا، ایفاء عہد، وفادار۔

بِعَهۡدِىۡٓ : ایفاء عہد، عہد و پیمان۔

فَارۡهَبُوۡنِ : راہب (ڈرنے والا)، رہبانیت۔

اَنۡزَلۡتُ : نزول، نازل، انزال، شان نزول۔

مُصَدِّقًا : تصدیق، مصدقہ ذرائع۔

مَعَكُمۡ : مع اہل و عیال، معیت۔

تَشۡتَرُوۡا : بیع و شرا، مشتری۔

ثَمَنًا قَلِيۡلًا : زرِ ثمن (قیمت) / قلیل، قلت، الاقلیل۔

فَاتَّقُوۡنِ : تقوی، متقی۔

تَكۡتُمُوۡا : کتمان حق، کتمان علم۔

تَعۡلَمُوۡنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

اَقِيۡمُوۡا : قیام، قائم، اقامت دین۔

الصَّلٰوةَ : صلوٰۃ و سلام، صوم و صلوٰۃ، مصلیٰ۔

اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَ اَوْفُوْا	بِعَهْدِيْٓ	اُوْفِ	بِعَهْدِكُمْ ۚ
میں نے انعام کی	تم پر	اور تم سب پورا کرو	میرے عہد کو	میں پورا کروں گا	تمہارے عہد کو

وَ اِيَّايَ ❶	فَارْهَبُوْنِ ❷ (40)	وَ اٰمِنُوْا	بِمَآ	اَنْزَلْتُ
اور صرف مجھ ہی سے	پس تم سب مجھ سے ڈرو	اور تم سب ایمان لاؤ	(اس) پر جو	میں نے نازل کیا

مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَكُمْ	وَ لَا	تَكُوْنُوْٓا	اَوَّلَ كَافِرٍۢ
تصدیق کرنیوالا ہے	(اس) کی جو	تمہارے پاس	اور نہ	تم سب ہو جاؤ	پہلے انکار کرنے والے

بِهٖ ۠	وَ لَا	تَشْتَرُوْا	بِاٰيٰتِيْ	ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ	وَ اِيَّايَ ❶
اس کے	اور مت	تم سب بیچو	میری آیتوں کو	تھوڑی قیمت	اور صرف مجھ ہی سے

فَاتَّقُوْنِ ❷ (41)	وَ لَا	تَلْبِسُوا الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ ❸
پس تم سب مجھ سے ڈرو	اور مت	تم سب ملاؤ حق کو	باطل کے ساتھ	اور تم سب (نہ) چھپاؤ حق کو

وَ	اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ❹ (42)	وَ اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ اٰتُوا	الزَّكٰوةَ
حالانکہ	تم سب جانتے ہو	اور تم سب قائم کرو	نماز	اور تم سب ادا کرو	زکوٰۃ

ضروری وضاحت

❶ "اِیَّایَ" بات میں تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❷ "وْنِ" کے آخر میں "یْ" بھی تھی جو کہ وقف کی وجہ سے گر گئی ہے، اسی کا ترجمہ "مجھ سے" گیا ہے۔ ❸ یہ اصل میں "وَلَا تَکْتُمُوا الْحَقَّ" ہے، جملے کے شروع میں موجود "لَا" کی وجہ سے یہاں دوبارہ "لَا" نہیں لایا گیا۔ ❹ "اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "اَنْتُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔

اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ ﴿43﴾	وَ ارۡكَعُوۡا مَعَ الرّٰكِعِيۡنَ ﴿43﴾	
کیا تم حکم دیتے ہو لوگوں کو نیکی کا	اَ تَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبِرِّ	
اور تم بھول جاتے ہو اپنے آپ کو۔	وَ تَنۡسَوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ	
حالانکہ تم تلاوت کرتے ہو کتاب کی	وَ اَنۡتُمۡ تَتۡلُوۡنَ الۡكِتٰبَ ؕ	
کیا پس تم عقل نہیں کرتے ﴿44﴾	اَ فَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿44﴾	
اور مدد طلب کرو (اللہ سے) صبر اور نماز کے ذریعے	وَاسۡتَعِيۡنُوۡا بِالصَّبۡرِ وَ الصَّلٰوةِ ؕ	
اور بے شک وہ (نماز) البتہ بڑی (بوجھل) ہے	وَ اِنَّهَا لَكَبِيۡرَةٌ	
مگر عاجزی کرنے والوں پر (بوجھل نہیں) ﴿45﴾	اِلَّا عَلَى الۡخٰشِعِيۡنَ ۙ ﴿45﴾	
وہ لوگ جو یقین رکھتے ہیں	الَّذِيۡنَ يَظُنُّوۡنَ	
کہ بے شک وہ ملنے والے ہیں اپنے رب کو	اَنَّهُمۡ مُّلٰقُوۡا رَبِّهِمۡ	
اور بیشک وہ اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ع ﴿46﴾	وَ اَنَّهُمۡ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ ع ﴿46﴾	ع 5 7 5
اے بنی اسرائیل یاد کرو میری (اُس) نعمت کو جو	يٰبَنِىۡٓ اِسۡرَآءِيۡلَ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡٓ	

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِرۡكَعُوۡا : رکوع، رکعت، رکعات۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔
تَاۡمُرُوۡنَ : امر بالمعروف، آمر، مأمور۔
بِالۡبِرِّ : بر، ابرار ۔
تَنۡسَوۡنَ : نسیان۔
تَتۡلُوۡنَ : تلاوت۔
تَعۡقِلُوۡنَ : عقل، عاقل، معقول۔

اِسۡتَعِيۡنُوۡا : استعانت، معاونت، اعانت۔
اَلۡخٰشِعِيۡنَ : خشوع وخضوع، خاشع۔
يَظُنُّوۡنَ : ظن، بدظن، بدظنی (گمان)۔
مُلٰقُوۡا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
رٰجِعُوۡنَ : رجوع، راجع، مرجوع، رجعت پسندی۔
يٰبَنِىۡٓ : ابن، محمد بن قاسم، ابن الوقت، متبنّٰی۔
اُذۡكُرُوۡا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔

وَارْكَعُوْا	مَعَ الرّٰكِعِيْنَ (43)	اَ	تَاْمُرُوْنَ النَّاسَ	بِالْبِرِّ
اور تم سب رکوع کرو	سب رکوع کرنے والوں کے ساتھ	کیا	تم سب حکم دیتے ہو لوگوں کو	نیکی کا

وَ	تَنْسَوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَ	اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ ❶	الْكِتٰبَ ؕ	اَ
اور	تم سب بھول جاتے ہو	اپنے آپ کو	حالانکہ	تم سب تلاوت کرتے ہو	کتاب کی	کیا

فَلَا	تَعْقِلُوْنَ (44)	وَ	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ؕ ❷
پس نہیں	تم سب عقل کرتے	اور	تم سب مدد طلب کرو	صبر اور نماز کے ذریعے

وَ	اِنَّهَا	لَكَبِيْرَةٌ ❷	اِلَّا	عَلَى الْخٰشِعِيْنَ (45) ۙ	الَّذِيْنَ
اور	بیشک وہ	البتہ بڑی (بوجھل) ہے	مگر	سب عاجزی کرنے والوں پر	وہ لوگ جو

يَظُنُّوْنَ ❸	اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا	رَبِّهِمْ	وَ اَنَّهُمْ	اِلَيْهِ
وہ سب گمان کرتے ہیں	کہ بیشک وہ سب ملنے والے ہیں	اپنے رب کو	اور بیشک وہ	اس کی طرف

رٰجِعُوْنَ (46) ع	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ ❹	الَّتِيْٓ
سب لوٹنے والے ہیں	اے اولاد اسرائیل	تم سب یاد کرو	میری نعمت کو	جو

ع 5 7 5 الربع

ضروری وضاحت

❶ "اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "اَنْتُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❷ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا اردو میں الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ "يَظُنُّوْنَ" میں "ظَنّ" کا معنی عموماً "گمان" ہوتا ہے، لیکن اسکے بعد اگر "اَنَّ" استعمال ہو تو پھر اسکا معنی "یقین" کا کیا جاتا ہے۔ ❹ یہ "ىْ" عموماً ساکن ہوتی ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اس پر زبر آجاتی ہے۔

اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَ اَنِّىۡ	میں نے انعام کی ہیں تم پر اور بیشک میں نے
فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿47﴾	تم کو فضیلت دی ہے تمام جہان والوں پر۔ ﴿47﴾
وَ اتَّقُوۡا يَوۡمًا لَّا تَجۡزِىۡ	اور ڈرو اس دن سے (جس دن) کام نہ آئے گی
نَفۡسٌ عَنۡ نَّفۡسٍ شَيۡـًٔا	کوئی جان کسی دوسری جان کے کچھ بھی
وَّ لَا يُقۡبَلُ مِنۡهَا شَفَاعَةٌ	اور نہ قبول کی جائے گی اس سے کوئی سفارش
وَّ لَا يُؤۡخَذُ مِنۡهَا عَدۡلٌ	اور نہ ہی لیا جائے گا اس سے کوئی معاوضہ
وَّ لَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ﴿48﴾	اور نہ ہی وہ مدد کیے جائیں گے۔ ﴿48﴾
وَ اِذۡ نَجَّيۡنٰكُمۡ مِّنۡ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ	اور جب ہم نے نجات دی تم کو آلِ فرعون سے
يَسُوۡمُوۡنَكُمۡ سُوۡٓءَ الۡعَذَابِ	(جو) تمہیں پہنچاتے تھے بُرا عذاب
يُذَبِّحُوۡنَ اَبۡنَآءَكُمۡ	وہ ذبح کرتے تمھارے بیٹوں کو
وَ يَسۡتَحۡيُوۡنَ نِسَآءَكُمۡ ؕ	اور وہ زندہ چھوڑ دیتے تمھاری عورتوں کو
وَ فِىۡ ذٰلِكُمۡ بَلَآءٌ	اور اس میں آزمائش تھی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَضَّلۡتُكُمۡ	فضل، فضیلت، فُضّل۔	اٰلِ	آل و اولاد، آلِ محمد و آلِ ابراہیم۔
تَجۡزِىۡ	جزائے خیر، جزاک اللہ خیرا، جزا و سزا۔	سُوۡٓءَ	علماءِ سوء، سوءِ اتفاق، سوءِ ظن۔
يُقۡبَلُ	قبول، مقبول، قبولیت۔	يُذَبِّحُوۡنَ	ذبح، ذبح خانہ، ذبیحہ۔
شَفَاعَةٌ	شفاعت، شافعِ محشر۔	اَبۡنَآءَ	ابن، محمد بن قاسم، ابن الوقت، متبنّٰی۔
يُؤۡخَذُ	اخذ، ماخوذ۔	يَسۡتَحۡيُوۡنَ	حیات، حیاتی، احیائے دین۔
يُنۡصَرُوۡنَ	نصر، نصرت، ناصر، منصور۔	نِسَآءَكُمۡ	تربیّت نسواں، نسوانی۔
نَجَّيۡنٰكُمۡ	نجات، فرقہ ناجیہ۔	بَلَآءٌ	بلا، دورِ ابتلا، مبتلا۔

اَنۡعَمۡتُ	عَلَيۡكُمۡ	وَ	اَنِّيۡ فَضَّلۡتُكُمۡ ❶	عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿47﴾	وَ
میں نے انعام کی	تم پر	اور	بیشک میں نے تم کو فضیلت دی	جہان والوں پر	اور

اتَّقُوۡا	يَوۡمًا	لَّا تَجۡزِيۡ ❷	نَفۡسٌ	عَنۡ نَّفۡسٍ	شَيۡـًٔا	وَّ لَا
تم سب ڈرو	اس دن سے	نہ کام آئے گی	کوئی جان	کسی (دوسری) جان کے	کچھ بھی	اور نہ

يُقۡبَلُ ❸	مِنۡهَا	شَفَاعَةٌ ❹	وَّ لَا	يُؤۡخَذُ ❸	مِنۡهَا	عَدۡلٌ	وَّ لَا
قبول کی جائے گی	اس سے	کوئی سفارش	اور نہ	لیا جائے گا	اس سے	کوئی معاوضہ	اور نہ

هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ❺ ﴿48﴾	وَ اِذۡ	نَجَّيۡنٰكُمۡ	مِّنۡ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ
وہ سب مدد کیے جائیں گے	اور جب	ہم نے نجات دی تم کو	آل فرعون سے

يَسُوۡمُوۡنَكُمۡ	سُوۡٓءَ الۡعَذَابِ	يُذَبِّحُوۡنَ	اَبۡنَآءَكُمۡ
وہ سب تمہیں پہنچاتے تھے	بُرا عذاب	وہ سب ذبح کرتے	تمھارے بیٹوں کو

وَ	يَسۡتَحۡيُوۡنَ	نِسَآءَكُمۡ ؕ	وَ	فِيۡ ذٰلِكُمۡ	بَلَآءٌ
اور	وہ سب زندہ چھوڑدیتے	تمھاری عورتوں کو	اور	اس میں	آزمائش (تھی)

ضروری وضاحت

❶ "یْ" اور "تُ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "میں نے" ہے۔ ❷ "تَ" واحد مؤنث کے لیے ہے اور اسکا ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔
❸ "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں، اگر "یُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمے میں "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ "ۃ" کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❺ "هُمۡ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُمۡ" تاکید کے لیے آیا ہے۔

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿49﴾	تمھارے رب کی طرف سے بہت بڑی۔ ﴿49﴾
وَ اِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ	اور جب ہم نے پھاڑا تمھاری وجہ سے سمندر کو
فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَ اَغْرَقْنَآ	پس ہم نے نجات دی تمھیں اور ہم نے غرق کر دیا
اٰلَ فِرْعَوْنَ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿50﴾	آل فرعون کو اور (یہ سب کچھ) تم دیکھ رہے تھے۔ ﴿50﴾
وَ اِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً	اور جب ہم نے موسیٰؑ سے وعدہ کیا چالیس راتوں کا
ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ	پھر تم نے (معبود) بنالیا بچھڑے کو اس کے بعد
وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿51﴾	حالانکہ تم ظلم کرنے والے تھے۔ ﴿51﴾
ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	پھر ہم نے معاف کر دیا تم کو اس کے بعد
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿52﴾	تاکہ تم شکر گزار بن جاؤ۔ ﴿52﴾
وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے دی موسیٰؑ کو کتاب
وَ الْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿53﴾	اور معجزے تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔ ﴿53﴾
وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ	اور جب موسیٰ نے کہا: اپنی قوم سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَظِيْمٌ : عظیم، عظمت، اعظم۔
فَرَقْنَا : فرق، تفریق، فرقہ، فریق۔
اَلْبَحْرَ : بحر ہند، بحیرۂ عرب۔
فَاَنْجَيْنٰكُمْ : نجات، فرقہ ناجیہ۔
اَغْرَقْنَآ : غرق، غرقاب، غریق رحمت۔
اٰلَ : آل اولاد۔
تَنْظُرُوْنَ : نظر، منظر، نظارہ، ناظرین۔
وٰعَدْنَا : وعدہ، وعید، میعاد۔
لَيْلَةً : لیلۃ القدر، لیل ونہار۔
ظٰلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
عَفَوْنَا : عفو و درگزر، معافی۔
تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر مشکور، شکریہ، اظہار تشکر۔
اَلْفُرْقَانَ : فرق، فرقت، دلیل فارق۔
تَهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔

مِّنْ رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ (49)	وَ اِذْ	فَرَقْنَا	بِكُمُ	الْبَحْرَ
تمھارے رب کی طرف سے	بہت بڑی	اور جب	ہم نے پھاڑا	تمھاری وجہ سے	سمندر کو

فَاَنْجَيْنٰكُمْ	وَ اَغْرَقْنَآ	اٰلَ فِرْعَوْنَ	وَ	اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ (50) ❶
پس نجات دی ہم نے تمھیں	اور ہم نے غرق کر دیا	آل فرعون کو	حالانکہ	تم سب دیکھ رہے تھے

وَ اِذْ	وٰعَدْنَا ❷	مُوْسٰى	اَرْبَعِيْنَ ❸ لَيْلَةً	ثُمَّ	اتَّخَذْتُمُ ❹	الْعِجْلَ
اور جب	ہم نے وعدہ کیا	موسیٰ سے	چالیس راتوں کا	پھر	تم نے (معبود) پکڑا	بچھڑے کو

مِنْۢ بَعْدِهٖ ❺	وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ (51)	ثُمَّ عَفَوْنَا	عَنْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ❺
اس کے بعد	حالانکہ تم سب ظلم کرنیوالے تھے	پھر ہم نے درگزر کر دیا	تم سے	اس کے بعد

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (52)	وَ اِذْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى الْكِتٰبَ	وَ الْفُرْقَانَ
تاکہ تم سب شکرگزار بن جاؤ	اور جب	ہم نے دی	موسیٰ کو کتاب	اور معجزے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ (53)	وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ ❻
تاکہ تم سب ہدایت پالو	اور	جب	کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے

ضروری وضاحت

❶ "اَنْتُمْ" اور "تـ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "اَنْتُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❷ یعنی ہم نے میعاد مقرر کی۔ ❸ "یْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ اس سے مراد "معبود بنالیا" ہے۔ ❺ جب لفظ "بَعْدِ" سے پہلے "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❻ "قَالَ، قِيْلَ، اَقُلْ" وغیرہ کے بعد "لِ" ہو تو اسکا ترجمہ "کے لیے" کی بجائے "سے" کیا جاتا ہے۔

يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ	اے میری قوم! بیشک تم نے ظلم کیا ہے
اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ	اپنے آپ پر، بچھڑے کو معبود بنانے کے سبب
فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ	تو رجوع کرو اپنے پروردگار کی طرف
فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ	پس قتل کرو اپنی جانوں کو (آپس میں)
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ	یہی بہتر ہے تمھارے لیے
عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ ؕ	تمھارے پروردگار کے نزدیک
فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ	تو اس نے رجوع کیا تم پر (تمھاری توبہ قبول کرلی)
اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿54﴾	بیشک وہ بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔﴿54﴾
وَ اِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى	اور جب تم نے کہا: اے موسیٰؑ!
لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ	ہرگز نہ ہم ایمان لائیں گے تم پر
حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً	یہاں تک کہ ہم دیکھ (نہ) لیں اللہ کو ظاہراً
فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ	تو دبوچ لیا تم کو بجلی نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَلَمْتُمْ	ظلم، ظلمت، ظالم، مظلوم۔	قُلْتُمْ	قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اَنْفُسَكُمْ	نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفس۔	نُّؤْمِنَ	ایمان، مومن، امن۔
بِاتِّخَاذِ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	حَتّٰى	حتا کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔
فَتُوْبُوْٓا	توبہ، تائب۔	نَرَى	رؤیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی۔
بَارِىِٕكُمْ	یاباری تعالیٰ۔	جَهْرَةً	جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
فَاقْتُلُوْٓا	قتل، قاتل، مقتول۔	فَاَخَذَتْكُم	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
عِنْدَ	عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔		

يٰقَوْمِ ❶	اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ ❷	اَنْفُسَكُمْ	بِاتِّخَاذِكُمُ ❸
اے (میری) قوم	بیشک تم نے ظلم کیا	اپنے نفسوں پر	تمھارے معبود پکڑنے کے سبب

الْعِجْلَ	فَتُوْبُوْٓا	اِلٰى بَارِىِٕكُمْ	فَاقْتُلُوْٓا
بچھڑے کو	تو تم سب رجوع کرو	اپنے پروردگار کی طرف	پس تم سب قتل کرو

اَنْفُسَكُمْ ؕ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	عِنْدَ	بَارِىِٕكُمْ ؕ
اپنی جانوں کو	یہی	بہتر ہے	تمھارے لیے	نزدیک	تمھارے پروردگار کے

فَتَابَ	عَلَيْكُمْ ؕ	اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ ❹	الرَّحِيْمُ ﴿54﴾
تو اس نے رجوع کیا	تم پر	بیشک وہ ہی بہت توبہ قبول کرنے والا	بڑا مہربان ہے

وَ	اِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى	لَنْ	نُّؤْمِنَ	لَكَ
اور	جب	تم نے کہا	اے موسیٰؑ	ہر گز نہیں	ہم ایمان لائیں گے	تم پر

حَتّٰى	نَرَى	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْكُمُ	الصّٰعِقَةُ ❺
یہاں تک کہ	ہم دیکھ لیں	اللہ کو	ظاہراً	تو تمھیں پکڑ لیا	(بجلی کی) کڑک نے

ضروری وضاحت

❶ یہ اصل میں "یَاقَوْمِیْ" تھا، یہاں "یْ" گر گئی ہے، جس کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔ ❷ "کُمْ" اور "تُمْ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "تم نے" ہے۔ ❸ اس سے مراد "معبود بنانے کے سبب" تم نے ظلم کیا۔ ❹ "ہٗ" اور "هُوَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُوَ" کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے جس سے ترجمہ میں "ہی" کا مفہوم داخل ہو گیا ہے۔ ❺ "ة" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿55﴾	اور تم دیکھ رہے تھے۔ ﴿55﴾
ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ	پھر ہم نے تمھیں زندہ کیا تمھاری موت کے بعد
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿56﴾	تاکہ تم شکر گزار بن جاؤ۔ ﴿56﴾
وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ	اور ہم نے سایہ کیا تم پر بادل کا
وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ؕ	اور ہم نے نازل کیا تم پر من اور سلوٰی
كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ	کھاؤ پاکیزہ چیزوں سے جو ہم نے عطا کی ہیں تمھیں
وَ مَا ظَلَمُوْنَا	اور انہوں نے ظلم نہیں کیا ہم پر
وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿57﴾	اور لیکن وہ تھے اپنے آپ پر ظلم کرتے۔ ﴿57﴾
وَ اِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ	اور جب ہم نے کہا: اس بستی میں داخل ہو جاؤ
فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا	پھر کھاؤ اس سے جہاں سے تم چاہو آزادی کے ساتھ
وَّ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا	اور داخل ہونا دروازے سے سجدہ کرتے ہوئے
وَّ قُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ	اور کہو بخش دے ہم تمہیں معاف کر دیں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، ناظرین۔	رَزَقْنٰكُمْ : رزق، رازق، رزّاق۔
بَعَثْنٰكُمْ : بعثت نبوی، مبعوث۔	ظَلَمُوْنَا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، مشکور، اظہارِ تشکر۔	قُلْنَا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
ظَلَّلْنَا : ظل ہما، ظل الٰہی، ظل سبحانی۔	اُدْخُلُوْا : دخول، داخل، مدخل، داخلہ۔
اَنْزَلْنَا : نزول، نازل، شانِ نزول۔	اَلْقَرْيَةَ : قریہ قریہ، بستی بستی۔
كُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات۔	حَيْثُ : من حیث القوم، حیثیت۔
طَيِّبٰتِ : طیّب، حیات طیّبہ۔	شِئْتُمْ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت اِلٰہی۔

وَ	اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ [1] (55)	ثُمَّ	بَعَثْنٰكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ [2]	لَعَلَّكُمْ
اور	تم سب دیکھ رہے تھے	پھر	ہم نے تمھیں زندہ کیا	تمھاری موت کے بعد	تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ (56)	وَ ظَلَّلْنَا	عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ	وَ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمُ الْمَنَّ
تم سب شکر گزار بن جاؤ	اور ہم نے سایہ کیا	تم پر بادل کا	اور ہم نے نازل کیا	تم پر من

وَ السَّلْوٰى ؕ	كُلُوْا	مِنْ طَيِّبٰتِ [3] مَا	رَزَقْنٰكُمْ ؕ	وَ مَا	ظَلَمُوْنَا [4]
اور سلوٰی	تم سب کھاؤ	پاکیزہ چیزوں سے جو	ہم نے تمھیں رزق دیا	اور نہیں	ان سب نے ہم پر ظلم کیا

وَ لٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ (57)	وَ اِذْ	قُلْنَا	ادْخُلُوْا
اور لیکن	وہ سب تھے	اپنے آپ پر	وہ سب ظلم کرتے	اور جب	ہم نے کہا	تم سب داخل ہو جاؤ

هٰذِهِ الْقَرْيَةَ [3]	فَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	رَغَدًا	وَّ ادْخُلُوا
اس بستی میں	پھر تم سب کھاؤ	اس سے	جہاں (سے)	تم چاہو	آزادی سے	اور تم سب داخل ہونا

الْبَابَ	سُجَّدًا	وَّ قُوْلُوْا	حِطَّةٌ [3]	نَّغْفِرْ لَكُمْ
دروازے (سے)	سجدہ کرتے ہوئے	اور تم سب کہو	بخش دے	ہم معاف کر دیں گے تم کو

ضروری وضاحت

[1] "اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "اَنْتُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔ [2] "مِنْ" کے بعد جب لفظ "بَعْدِ" ہو تو "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ [3] "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، یہاں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ [4] جب "وْا" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" دور کر کے وہ علامت لگاتے ہیں۔

خَطٰیٰكُمْ ؕ وَ سَنَزِیْدُ	تمھاری خطائیں، اور عنقریب ہم زیادہ دیں گے
الْمُحْسِنِیْنَ ﴿58﴾ فَبَدَّلَ	نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿58﴾ پھر بدل ڈالا
الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ	جنھوں نے ظلم کیا بات کو اس کے علاوہ سے جو
قِیْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا	ان سے کہی گئی تھی تو ہم نے نازل کیا
عَلَى الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ	(ان) پر جنھوں نے ظلم کیا عذاب آسمان سے
بِمَا كَانُوْا یَفْسُقُوْنَ ؑ ﴿59﴾	اس وجہ سے جو وہ نافرمانی کیا کرتے تھے۔ ﴿59﴾ ع (6 13 6)
وَ اِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ	اور جب موسیٰؑ نے پانی طلب کیا اپنی قوم کے لیے
فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ	تو ہم نے کہا: مارو اپنی لاٹھی کو پتھر پر
فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَیْنًا ؕ	تو پھوٹ پڑے اس سے بارہ چشمے
قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ	تحقیق جان لیا تمام لوگوں نے اپنے گھاٹ کو
كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ	(ہم نے ان سے کہا) کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے
وَ لَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿60﴾	اور مت پھرو زمین میں فسادی بن کر۔ ﴿60﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَطٰیٰكُمْ : خطا، خطایا۔	اِضْرِبْ : کاری ضرب، ضربِ مومن۔
سَنَزِیْدُ : زیادہ، زائد، مزید۔	بِّعَصَاكَ : عصائے موسیٰؑ، عصا بردار۔
اَلْمُحْسِنِیْنَ : احسان، محسن، محسنین۔	اَلْحَجَرَ : حجر و شجر، حجرِ اسود۔
فَبَدَّلَ : بدلنا، تبدیلی، ردوبدل۔	اُنَاسٍ : انس و جن، انسان، عوام الناس۔
فَاَنْزَلْنَا : نازل، انزال، شانِ نزول۔	مَّشْرَبَهُمْ : ہم مشرب، مشروبات۔
یَفْسُقُوْنَ : فسق و فجور، فاسق۔	كُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔
اِسْتَسْقٰى : ساقی، نمازِ استسقاء	مُفْسِدِیْنَ : فساد، فسادی، فسادات۔

خَطٰيٰكُمْ ط	وَ	سَنَزِيْدُ	الْمُحْسِنِيْنَ ۝58	فَبَدَّلَ	الَّذِيْنَ
تمھاری خطائیں	اور	عنقریب ہم زیادہ دیں گے	سب نیکی کرنے والوں کو	پھر بدل ڈالا	جن

ظَلَمُوْا	قَوْلًا	غَيْرَ الَّذِيْ	قِيْلَ	لَهُمْ ❶	فَاَنْزَلْنَا	عَلَى
سب نے ظلم کیا	بات کو	علاوہ (اس کے) جو	کہی گئی	ان سے	پھر ہم نے نازل کیا	(اُن) پر

ع 6 13 6

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ❷ ع ۝59	وَ اِذِ
جن سب نے ظلم کیا	عذاب آسمان سے	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب نافرمانی کرتے	اور جب

اسْتَسْقٰى	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	فَقُلْنَا	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ	الْحَجَرَ ط	فَانْفَجَرَتْ ❸
پانی مانگا	موسیٰ نے	اپنی قوم کیلئے	تو ہم نے کہا	تو مار	اپنی لاٹھی کو	پتھر (پر)	تو پھوٹ پڑے

مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ ❹	عَيْنًا ط	قَدْ عَلِمَ	كُلُّ اُنَاسٍ	مَّشْرَبَهُمْ ط	كُلُوْا
اس سے	بارہ	چشمے	تحقیق جان لیا	تمام لوگوں نے	اپنے گھاٹ کو	تم سب کھاؤ

وَ اشْرَبُوْا	مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ	وَلَا	تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ ۝60
اور تم سب پیو	اللہ کے رزق سے	اور مت	تم سب پھرو	زمین میں	سب فساد مچانے والے

ضروری وضاحت

❶ "قَالَ، قِيْلَ، اَقُلْ" وغیرہ کے بعد اگر "لَ" یا "لِ" ہو تو اسکا ترجمہ "کے لیے" کی بجائے "سے" کیا جاتا ہے۔
❷ یہاں "وْا" اور "وْنَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔ ❸ "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

وَ اِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى	اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ!
لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ	ہم ہرگز نہیں صبر کریں گے ایک ہی کھانے پر
فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ	پس آپ دعا کریں ہمارے لیے اپنے رب سے
يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ	(کہ) وہ نکالے ہمارے لیے وہ کچھ جو زمین اگاتی ہے
مِنْۢ بَقْلِهَا وَ قِثَّآئِهَا وَ فُوْمِهَا	اپنی ترکاری سے اور اپنی ککڑی اور اپنی گندم
وَ عَدَسِهَا وَ بَصَلِهَا ؕ	اور اپنے مسور اور اپنے پیاز (میں سے)
قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِىْ	اس نے کہا: کیا تم بدلنا چاہتے ہو (اسے) جو
هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ ؕ	وہ ادنیٰ ہے اس کے بدلے جو وہ بہتر ہے
اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ	(اچھا تو) کسی شہر میں اُتر جاؤ پس بیشک (اس میں)
لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ	تمھارے لیے (وہ کچھ ہے) جو تم نے مانگا ہے
وَ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَ الْمَسْكَنَةُ ۗ	اور مسلّط کر دی گئی ان پر ذلّت اور محتاجی
وَ بَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ	اور وہ لوٹے اللہ کا غضب لے کر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْتُمْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	اَدْنٰى : ادنیٰ و اعلیٰ۔
نَّصْبِرَ : صبر و شکر، صابر	سَاَلْتُمْ : سوال، مسئول، سائل۔
طَعَامٍ : قیام و طعام، قبل از طعام۔	ضُرِبَتْ : ضربِ کاری، ضربُ المثل۔
فَادْعُ : دعا، دعوت، داعی۔	عَلَيْهِمُ : علیحدہ، علیٰ ہذا القیاس۔
يُخْرِجْ : خارج، خروج، مخرج، اخراج۔	اَلذِّلَّةُ : ذلّت و رسوائی، ذلیل۔
تُنْۢبِتُ : نباتات۔	اَلْمَسْكَنَةُ : مسکینی۔
تَسْتَبْدِلُوْنَ : بدلنا، تبدیلی، ردوبدل۔	بِغَضَبٍ : غضب، غضبناک۔

وَ اِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى	لَنْ	نَّصْبِرَ	عَلٰى طَعَامٍ	وَّاحِدٍ
اور جب	تم نے کہا	اے موسیٰ!	ہرگز نہیں	ہم صبر کریں گے	کھانے پر	ایک

فَادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُخْرِجْ	لَنَا	مِمَّا ❶
پس آپ دعا کریں	ہمارے لئے	اپنے رب سے	وہ نکالے	ہمارے لئے	(اس) سے جو

تُنْبِتُ ❷	الْاَرْضُ	مِنْۢ بَقْلِهَا ❸	وَ قِثَّآئِهَا	وَ فُوْمِهَا	وَ عَدَسِهَا	وَ بَصَلِهَا ؕ
اگاتی ہے	زمین	اپنی ترکاری سے	اور اپنی ککڑی	اور اپنی گندم	اور اپنے مسور	اور اپنے پیاز (سے)

قَالَ	اَ	تَسْتَبْدِلُوْنَ	الَّذِىْ	هُوَ اَدْنٰى	بِالَّذِىْ	هُوَ خَيْرٌ ؕ
اس نے کہا	کیا	تم سب بدلنا چاہتے ہو	جو (کہ)	وہ ادنیٰ ہے	اس کے بدلے جو	وہ بہتر ہے

اِهْبِطُوْا	مِصْرًا	فَاِنَّ	لَكُمْ	مَّا سَاَلْتُمْ ؕ	وَ ضُرِبَتْ ❹
تم سب اُتر جاؤ	شہر میں	پس بیشک	تمھارے لئے ہے	جو تم نے مانگا ہے	اور مسلّط کر دی گئی

عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ ❹	وَ الْمَسْكَنَةُ ❹	وَ بَآءُوْ	بِغَضَبٍ	مِّنَ اللّٰهِ ؕ
ان پر	ذلّت	اور محتاجی	اور وہ سب لوٹے	غضب کے ساتھ	اللہ سے

ضروری وضاحت

❶ "مِمَّا" یہ "مِنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❷ یہاں "تـ" واحد مؤنث کی علامت ہے اور اس کا تعلق "الْاَرْضُ" سے ہے۔ اس کی موجودگی میں "تُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ اردو ترجمہ کرتے ہوئے یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "تْ" اور "ة" دونوں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا اردو میں الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	وہ اس وجہ سے کہ وہ انکار کرتے تھے
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ	اللہ کی آیات کا اور نبیوں کو قتل کرتے تھے
بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا	ناحق ، اس وجہ سے جو انھوں نے نافرمانی کی
وَّ كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿61﴾ ع	اور وہ تھے حد سے تجاوز کرتے۔ ﴿61﴾ ع
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا	بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی بنے
وَ النَّصٰرٰى وَ الصّٰبِـِٕيْنَ	اور نصارٰی اور بے دین ہیں (ان میں سے)
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	جو (صحیح طور پر) ایمان لایا اللہ اور آخرت کے دن پر
وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ	اور نیک عمل کیا تو ان کے لیے اجر ہے ان کا
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	ان کے رب کے پاس اور نہ ان پر کوئی خوف ہوگا
وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿62﴾	اور نہ ہی وہ غمگین ہونگے۔ ﴿62﴾
وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ	اور جب ہم نے لیا تم سے پختہ عہد
وَ رَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ	اور ہم نے اٹھایا تمھارے اوپر طور (پہاڑ)

ع 7/2/7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔	اَلْيَوْمِ : یوم آخرت، یوم آزادی، ایام۔
يَقْتُلُوْنَ : قتل، قاتل، مقتول۔	عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔
اَلنَّبِيّٖنَ : نبی، انبیا۔	عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
عَصَوْا : عصیان، معصیت، عاصی۔	يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔
يَعْتَدُوْنَ : ظلم وتعدی، متعدی، عدوان۔	مِيْثَاقَكُمْ : میثاق مدینہ، وثوق، ثقہ
هَادُوْا : یہودی۔	رَفَعْنَا : سطح مرتفع، مرفوع القلم، رفعت۔
اَلنَّصٰرٰى : نصارٰی، نصرانیت۔	فَوْقَكُمْ : فوقیت، مافوق الفطرت۔

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ❶	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَ	يَقْتُلُوْنَ
وہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ	تھے وہ سب انکار کرتے	اللہ کی آیات کا	اور	وہ سب قتل کرتے

النَّبِيّٖنَ	بِغَيْرِ الْحَقِّ ط ❷	ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَّ كَانُوْا
نبیوں کو	ناحق	وہ	اس وجہ سے جو	ان سب نے نافرمانی کی	اور وہ سب تھے

ع 7 2 7

يَعْتَدُوْنَ ع (61)	اِنَّ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ الَّذِيْنَ	هَادُوْا
وہ سب حد سے تجاوز کرتے	بیشک وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	سب یہودی بنے

وَ النَّصٰرٰى	وَ الصّٰبِـِٕيْنَ	مَنْ اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ عَمِلَ	صَالِحًا
اور نصاریٰ	اور سب بے دین	جو ایمان لایا	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر	اور عمل کیا	نیک

فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ ج	وَ لَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ لَا
تو ان کیلئے	ان کا اجر ہے	پاس	ان کے رب کے	اور نہ	کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ

هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❸ (62)	وَ اِذْ اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	وَ رَفَعْنَا	فَوْقَكُمُ	الطُّوْرَ ط
وہ سب غمگین ہوں گے	اور جب ہم نے لیا	تم سے پختہ عہد	اور ہم نے اٹھایا	تمہارے اوپر	طور

ضروری وضاحت

❶ "وْا" اور "وْنَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔ ❷ اردو ترجمہ کرتے ہوئے "بِ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "هُمْ" اور علامت "يَـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ	تھام لو اسے جو ہم نے دیا ہے تم کو مضبوطی سے
وَّ اذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿63﴾	اور یاد رکھو جو کچھ اس میں ہے تاکہ تم بچ جاؤ۔ ﴿63﴾
ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ج	پھر تم پھر گئے اس کے بعد
فَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ	پس اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت
لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿64﴾	تو البتہ تم ہو جاتے خسارہ پانے والوں میں سے۔ ﴿64﴾
وَ لَقَدْ عَلِمْتُمُ	اور البتہ تحقیق تم جان چکے ہو
الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ	ان لوگوں کو جنہوں نے زیادتی کی تم میں سے
فِي السَّبْتِ	ہفتے کے دن (کے بارے) میں
فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ج ﴿65﴾	تو ہم نے کہا ان سے (کہ) تم بن جاؤ ذلیل بندر ﴿65﴾
فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا	تو ہم نے بنا دیا اس (واقعہ) کو عبرت ان کے لیے جو
بَيْنَ يَدَيْهَا وَ مَا خَلْفَهَا	اس (وقت) سامنے تھے اور جو ان کے بعد (آئے)
وَ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿66﴾	اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت (بنا دیا)۔ ﴿66﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خُذُوْا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	اَلْخٰسِرِيْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
بِقُوَّةٍ (بہ) : بالکل، بالمقابل، بالمشافہ/ قوّت، قوّی۔	عَلِمْتُمْ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔
اُذْكُرُوْا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔	اعْتَدَوْا : ظلم وتعدی، متعدی، عدوان۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
تَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔	يَدَيْهَا : یدِ بیضا، یدِطولیٰ، رفع الیدین۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	خَلْفَهَا : خلف الرشید، خلیفہ، ناخلف۔
مِّنَ : من جانب، من وعن، من حیث القوم۔	مَوْعِظَةً : وعظ ونصیحت، واعظ۔

خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ ❶	وَّ اذْكُرُوْا	مَا	فِيْهِ
سب تھام لو	(اسے) جو	ہم نے تم کو دیا	مضبوطی سے	اور تم سب یاد رکھو	جو	اس میں ہے

لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ ﴿63﴾	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ ❷	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ❸	فَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ
تاکہ تم	تم سب بچ جاؤ	پھر	تم پھر گئے	اس کے بعد	پس اگر نہ (ہوتا)	اللہ کا فضل

عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	لَكُنْتُمْ	مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿64﴾	وَلَقَدْ
تم پر	اور اس کی رحمت	البتہ تم ہو جاتے	سب خسارہ پانے والوں میں سے	اور البتہ تحقیق

عَلِمْتُمُ	الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا	مِنْكُمْ	فِي السَّبْتِ	فَقُلْنَا	لَهُمْ
تم جان چکے ہو	جن سب نے زیادتی کی	تم میں سے	ہفتے کے دن میں	تو ہم نے کہا	ان سے

كُوْنُوْا	قِرَدَةً ❹	خٰسِـِٕيْنَ ﴿65﴾	فَجَعَلْنٰهَا	نَكَالًا	لِّمَا
تم سب ہو جاؤ	بندر	سب ذلیل	تو ہم نے اس (واقعہ) کو بنادیا	عبرت	(ان) کیلئے جو

بَيْنَ يَدَيْهَا ❺	وَمَا	خَلْفَهَا	وَمَوْعِظَةً ❶	لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿66﴾
اس کے سامنے	اور جو	اس کے پیچھے تھے	اور نصیحت (بنادیا)	پرہیز گاروں کے لیے

ضروری وضاحت

❶"ۃ" واحد مؤنث کے لیے ہے، ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷یہاں "تَ" میں "کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔
❸لفظ "بَعْدِ" سے پہلے "مِنْ" ہو تو اسکا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹یہاں "ۃ" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔
❺"بَيْنَ" کا ترجمہ "درمیان" ہے اور "يَدَيْ" کا ترجمہ "آگے" ہے، دونوں کو ملا کر ترجمہ "سامنے" کیا گیا ہے۔

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ	اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے بیشک اللہ
يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ	تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم ذبح کرو گائے
قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ	وہ کہنے لگے کیا تو کرتا ہے ہم سے مذاق
قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ	تو اس نے کہا میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی
اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿67﴾	کہ میں ہو جاؤں جاہلوں میں سے۔ ﴿67﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا	وہ کہنے لگے آپ دعا کریں ہمارے لیے
رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ	اپنے رب سے (کہ) وہ بتائے ہمیں (کہ) وہ کیسی ہو
قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ	اس نے کہا کہ بیشک وہ فرماتا ہے بیشک وہ گائے
لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ	نہ بوڑھی ہو اور نہ چھوٹی عمر کی ہو
عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ	(بلکہ) جوان ہو اس کے درمیان
فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿68﴾	پس تم کرو جو تمہیں حکم دیا جا رہا ہے۔ ﴿68﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ	وہ کہنے لگے دعا کرو ہمارے لیے اپنے رب سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	مِنَ	: منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
يَاْمُرُ	: امر آمر، مأمور۔	اَلْجٰهِلِيْنَ	: جہل، جہالت، جاہل، مجہول۔
بَقَرَةٌ	:: بقرعید (گائے)۔	اُدْعُ	: دعا، دعوت، داعی۔
تَذْبَحُوْا	: ذبح، ذبح خانہ، ذبیحہ۔	يُبَيِّنْ	: بیان، بین دلیل۔
تَتَّخِذُنَا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	بِكْرٌ	: بکارت، باکرہ۔
هُزُوًا	: اِستہزا۔	فَافْعَلُوْا	: فعل، فاعل، افعال۔
اَعُوْذُ	: تعوذ، معاذ اللہ، تعویذ، العیاذ باللہ۔	تُؤْمَرُوْنَ	: اَمر، آمر، مأمور۔

وَ اِذْ قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖٓ ❶	اِنَّ اللّٰهَ	يَاْمُرُكُمْ ❷	اَنْ	تَذْبَحُوْا
اور جب کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	بیشک اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	یہ کہ	تم سب ذبح کرو

بَقَرَةً ❸ ط	قَالُوْٓا	اَ	تَتَّخِذُنَا ❹	هُزُوًا ط	قَالَ	اَعُوْذُ	بِاللّٰهِ
گائے	ان سب نے کہا	کیا	تو کرتا ہے ہم سے	مذاق	اس نے کہا	میں پناہ مانگتا ہوں	اللہ کی

اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (67)	قَالُوا	ادْعُ لَنَا
کہ	میں ہوجاؤں	جاہلوں میں سے	ان سب نے کہا	آپ دعا کریں ہمارے لیے

رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا هِيَ ط	قَالَ	اِنَّهٗ يَقُوْلُ ❺	اِنَّهَا
اپنے رب سے	وہ بیان کرے	ہمارے لیے	وہ کیسی ہو	اس نے کہا	بیشک وہ فرماتا ہے	بیشک وہ

بَقَرَةٌ ❸	لَّا فَارِضٌ	وَّلَا بِكْرٌ ط	عَوَانٌۢ	بَيْنَ ذٰلِكَ ط	فَافْعَلُوْا
گائے	نہ بوڑھی ہو	اور نہ چھوٹی عمر کی ہو	جوان ہو	اس کے درمیان	پس تم سب کرلو

مَا	تُؤْمَرُوْنَ (68)	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ
جو	تم سب کو حکم دیا جاتا ہے	ان سب نے کہا	دعا کرو	ہمارے لیے	اپنے رب سے

ضروری وضاحت

❶ "قَالَ، قِيْلَ" کے بعد "لِ" کا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں علامت "يَ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس کا تعلق لفظ "اَللّٰه" سے ہے اور وہ اس سے قبل لفظاً موجود ہے۔ ❸ "ة" واحد مؤنث کے لیے ہے، ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❹ "تَتَّخِذُ" کا ترجمہ "تو بناتا ہے یا تو پکڑتا ہے" ہوتا ہے۔ ❺ "ہٗ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ	(کہ) وہ کھول کر بتائے ہمیں کیسا ہو اس کا رنگ
قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ	اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے بیشک وہ گائے ہو
صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا	زرد رنگ کی گہرا ہو اس کا رنگ
تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿69﴾	(جو) خوش کر دے دیکھنے والوں کو۔ ﴿69﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ	وہ کہنے لگے دعا کرو ہمارے لیے اپنے رب سے
يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ	وہ واضح کرے ہم پر (کہ) وہ کیسی ہو
اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَ اِنَّآ	بیشک گائے مشتبہ ہو گئی ہے ہم پر اور بیشک ہم
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿70﴾	اگر اللہ نے چاہا تو ضرور پتہ لگا لیں گے۔ ﴿70﴾
قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ	اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے کہ بیشک وہ گائے
لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ	نہ محنت کرنے والی ہو کہ ہل جوتتی ہو زمین میں
وَ لَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ	اور نہ پانی دیتی ہو کھیتی کو
مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ	صحیح سلامت ہو نہ ہو کوئی داغ اس میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُبَيِّنْ	: بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔	شَآءَ	: ماشاءاللہ، اِن شاءاللہ، مشیّتِ اِلٰہی۔
لَوْنُهَا	: متلون مزاج (رنگین)۔	لَمُهْتَدُوْنَ	: ہدایت، ہادیٔ برحق۔
قَالَ، يَقُوْلُ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	ذَلُوْلٌ	: ذلت، ذلیل۔
صَفْرَآءُ	: صفراوی طبیعت، صفراء (بیماری)۔	الْاَرْضَ	: ارض وسما، اراضی۔
تَسُرُّ	: سرور، مسرت، مسرور۔	تَسْقِيْ	: ساقی، نمازِ استسقاء۔
اَلنّٰظِرِيْنَ	: نظر، ناظرین، منظر، نظارہ۔	مُسَلَّمَةٌ	: صحیح سلامت، سالم۔
تَشٰبَهَ	: مشابہ، مشابہت، مشتبہ افراد (ملتا جلتا)۔	فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا لَوْنُهَا ؕ	قَالَ	اِنَّهٗ يَقُوْلُ ❶	اِنَّهَا بَقَرَةٌ ❷
وہ بیان کرے	ہمارے لیے	کیسا ہو اس کا رنگ	اس نے کہا	بیشک وہ فرماتا ہے	بیشک وہ گائے ہو

صَفْرَآءُ ❷ ۙ	فَاقِعٌ	لَّوْنُهَا	تَسُرُّ ❸	النّٰظِرِيْنَ ﴿69﴾	قَالُوا
زرد رنگ کی	گہرا ہو	اس کا رنگ	خوش کردے	دیکھنے والوں کو	ان سب نے کہا

ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا هِيَ ۙ	اِنَّ الْبَقَرَ
آپ دعا کریں	ہمارے لئے	اپنے رب سے	وہ بیان کرے	ہمارے لیے	وہ کیسی ہو	بیشک گائے

تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ	وَ اِنَّآ ❹	اِنْ شَآءَ اللّٰهُ	لَمُهْتَدُوْنَ ﴿70﴾	قَالَ
مشتبہ ہوگئی ہے ہم پر	اور بیشک ہم	اگر اللہ نے چاہا	ضرور سب ہدایت پالیں گے	اس نے کہا

اِنَّهٗ يَقُوْلُ ❶	اِنَّهَا بَقَرَةٌ ❷	لَّا ذَلُوْلٌ	تُثِيْرُ ❸	الْاَرْضَ
بیشک وہ فرماتا ہے	بیشک وہ گائے	نہ کام میں لگائی گئی ہو (کہ)	جوتتی ہو	زمین

وَلَا	تَسْقِي ❸	الْحَرْثَ ۚ	مُسَلَّمَةٌ ❷	لَّا شِيَةَ ❷	فِيْهَا ؕ
اور نہ	پانی دیتی ہو	کھیتی کو	صحیح سلامت ہو	نہ ہو کوئی داغ	اس میں

ضروری وضاحت

❶ "ہٗ" اور "یَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے، "اِنَّ" اور "ہٗ" کی موجودگی میں تاکید کا مفہوم داخل ہوگیا ہے۔ ❷ "ۃ" اور "آءُ" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❸ "تَسُرُّ"، "تُثِيْرُ" اور "تَسْقِيْ" میں "تَ" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہاں "اِنَّنَا" کی بجائے تخفیف کے لیے "اِنَّا" آیا ہے۔

ع 8 10 8

قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ط
وہ کہنے لگے اب تو آیا ہے حق (بات) لے کر

فَذَبَحُوْهَا
پھر انہوں نے ذبح کیا اسے

وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ع ﴿71﴾
اور نہ لگتا تھا (کہ) وہ کریں گے۔ ع ﴿71﴾

وَ اِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا
اور جب تم نے قتل کیا ایک شخص کو

فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ط وَ اللّٰهُ
پھر تم جھگڑنے لگے اس (بارے) میں اور اللہ

مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ج ﴿72﴾
(اسے) ظاہر کرنیوالا ہے جو تم چھپا رہے تھے۔ ﴿72﴾

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط
پھر ہم نے کہا مارو اس (مردے) کو اس کا ٹکڑا

كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى لا
اسی طرح اللہ زندہ کرے گا مردوں کو

وَ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿73﴾
اور وہ دکھاتا ہے تمہیں اپنی نشانیاں تاکہ تم سمجھ جاؤ۔ ﴿73﴾

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
پھر سخت ہوگئے تمھارے دل اس کے بعد

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ط
پس وہ پتھر کی طرح ہوگئے یا اس سے بھی زیادہ سخت

وَ اِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ
اور بیشک پتھروں میں سے (کچھ ایسے ہیں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَذَبَحُوْهَا : ذبح، ذبح خانہ، ذبیحہ۔
يَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
قَتَلْتُمْ : قتل، قاتل، مقتول۔
نَفْسًا : نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفّس۔
مُخْرِجٌ : خروج، خارج، مخرج، اخراج۔
تَكْتُمُوْنَ : کتمانِ حق، کتمانِ علم (چھپانا)۔
اِضْرِبُوْهُ : ضربِ کاری، ضربِ مومن۔

يُحْيِ : حیات، احیاء الدین۔
اَلْمَوْتٰى : میّت، موت۔
يُرِيْكُمْ : رؤیتِ ہلال کمیٹی، غیر مرئی۔
كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔
قُلُوْبُكُمْ : حرکت قلب، قلبی تعلق۔
كَالْحِجَارَةِ : حجرہ، شجر، حجر اسود۔
اَشَدُّ : اشد ضرورت، شدید، شدت۔

ع 8 10 8

قَالُوا	الْـٰٔنَ	جِئْتَ	بِالْحَقِّ ؕ	فَذَبَحُوْهَا	وَ
ان سب نے کہا	اب	تو آیا ہے	حق کے ساتھ	پھر ان سب نے ذبح کیا اسے	اور

مَا كَادُوْا	يَفْعَلُوْنَ ۧ (71)	وَ	اِذْ	قَتَلْتُمْ	نَفْسًا
وہ سب لگتے نہ تھے (کہ)	وہ سب کریں گے	اور	جب	تم نے قتل کیا	ایک شخص کو

فَادّٰرَءْتُمْ	فِيْهَا ؕ	وَ اللّٰهُ	مُخْرِجٌ مَّا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ❶ ج (72)
پھر تم جھگڑنے لگے	اس (بارے) میں	اور اللہ	ظاہر کرنے والا ہے جو	تھے تم سب چھپاتے

فَقُلْنَا	اضْرِبُوْهُ	بِبَعْضِهَا ؕ	كَذٰلِكَ	يُحْيِ ❷	اللّٰهُ	الْمَوْتٰى ۙ
پھر ہم نے کہا	تم سب مارو اسے	اس کے ٹکڑے کو	اسی طرح	زندہ کرے گا	اللہ	مردوں کو

وَ يُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ❸ (73)	ثُمَّ قَسَتْ ❹	قُلُوْبُكُمْ
اور وہ تمہیں دکھاتا ہے	اپنی نشانیاں	تاکہ تم سب سمجھ جاؤ	پھر سخت ہو گئے	تمہارے دل

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ❺	فَهِيَ	كَالْحِجَارَةِ ❹	اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ❹ ؕ	وَ اِنَّ	مِنَ الْحِجَارَةِ ❹
اس کے بعد	پس وہ	پتھر جیسے	یا اس سے زیادہ سخت	اور بیشک	پتھروں میں سے بعض

ضروری وضاحت

❶ "تُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❷ یہاں علامت "یُ" کا تعلق لفظ "اللہ" سے ہے اسکی موجودگی میں "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "کُمْ" اور "تَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❹ "تْ" اور "ۃ" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ لفظ "بَعْدِ" سے پہلے اگر "مِنْ" ہو تو عموماً اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ	البتہ جو پھوٹ پڑتی ہیں اس سے نہریں
وَ اِنَّ مِنْهَا لَمَا	اور بیشک ان میں سے (کچھ ایسے بھی ہیں) البتہ جو
يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ	پھٹ جاتے ہیں پس نکل آتا ہے اس سے پانی
وَ اِنَّ مِنْهَا لَمَا	اور بیشک ان میں سے (کچھ ایسے بھی ہیں) البتہ جو
يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ مَا اللّٰهُ	گر پڑتے ہیں اللہ کے ڈر سے اور نہیں ہے اللہ
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (74)	غافل ان (کاموں) سے جو تم کر رہے ہو۔ (74)
اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا	کیا پس تم توقع رکھتے ہو کہ وہ ایمان لے آئیں گے
لَكُمْ وَ قَدْ كَانَ فَرِيْقٌ	تمھاری (دعوت) پر حالانکہ یقیناً ایک گروہ ایسا ہے
مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ	ان میں سے (جو) سنتے ہیں اللہ کا کلام
ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا	پھر بدل ڈالتے ہیں اسے اسکے بعد کہ
عَقَلُوْهُ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ (75)	سمجھ لیتے ہیں اسے حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ (75)
وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اور جب وہ ملتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لائے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَفَجَّرُ : فجر (صبح جب "پو" پھوٹتی ہے تو اسکو فجر کہا جاتا ہے)۔

الْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، محکمہ انہار۔

يَشَّقَّقُ : سینہ شق کر دیا، شق القمر (پھاڑنا)۔

فَيَخْرُجُ : خروج، اخراج، مخرج۔

مِنْهُ : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشمس۔

خَشْيَةِ : خشیت الٰہی (ڈر)۔

بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔

تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول۔

فَتَطْمَعُوْنَ : طمع، مطمع نظر۔

فَرِيْقٌ : فریق اول، فریق دوم، تفریق۔

يَسْمَعُوْنَ : سماعت، آلہ سماعت، سامعین۔

يُحَرِّفُوْنَهٗ : تحریف۔

عَقَلُوْهُ : عقل، عاقل، معقول۔

لَقُوا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

لَمَا	يَتَفَجَّرُ[1]	مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ	وَ اِنَّ	مِنْهَا	لَمَا	يَشَّقَّقُ
البتہ جو	پھوٹ پڑتی ہیں	اس سے نہریں	اور بیشک	ان میں سے بعض	جو البتہ	وہ پھٹ جاتے ہیں

فَيَخْرُجُ[1]	مِنْهُ الْمَآءُ ؕ	وَ اِنَّ	مِنْهَا	لَمَا	يَهْبِطُ[2]
پس نکل آتا ہے	اس سے پانی	اور بیشک	ان میں سے بعض	البتہ جو	گر پڑتے ہیں

مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ	وَ مَا اللّٰهُ	بِغَافِلٍ[3] عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ (74)	اَفَتَطْمَعُوْنَ
اللہ کے ڈر سے	اور نہیں اللہ	غافل اس سے جو	تم سب کرتے ہو	کیا پس تم سب توقع رکھتے ہو

اَنْ	يُّؤْمِنُوْا	لَكُمْ	وَ قَدْ	كَانَ فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ
یہ کہ	وہ سب ایمان لے آئیں گے	تم پر	حالانکہ تحقیق	تھا ایک گروہ	ان میں سے

يَسْمَعُوْنَ	كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ	يُحَرِّفُوْنَهٗ	مِنْۢ بَعْدِ مَا[4]	عَقَلُوْهُ
وہ سب سنتے	اللہ کا کلام پھر	وہ سب بدل ڈالتے اسے	اسکے بعد کہ	وہ سب اسے سمجھ لیتے

وَ	هُمْ يَعْلَمُوْنَ[5] (75)	وَ اِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
حالانکہ	وہ سب جانتے ہیں	اور جب	وہ سب ملتے ہیں	ان لوگوں سے جو	سب ایمان لائے

ضروری وضاحت

❶ "يَتَفَجَّرُ" میں "يَ" کا تعلق "اَلْاَنْهٰرُ" سے ہے اور "فَيَخْرُجُ" میں "يَ" کا تعلق "اَلْمَآءُ" سے ہے، ان کی موجودگی میں ان علامتوں کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ یہاں "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یہاں "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "هُمْ" اور علامت "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ	کہتے ہیں ہم (بھی) ایمان لائے ہیں
وَ اِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ	اور جب اکیلے ہوتے ہیں ان میں سے بعض
اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا	بعض کے پاس (تو) کہتے ہیں
اَ تُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ	کیا تم انہیں وہ باتیں بتاتے ہو جو کھولی ہیں اللہ نے
عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ	تم پر تا کہ وہ حجت پیش کریں تمھارے خلاف اسکے ذریعے
عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿76﴾	تمھارے رب کے پاس تو کیا تم عقل نہیں کرتے ﴿76﴾
اَ وَ لَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ	اور کیا وہ جانتے نہیں کہ بیشک اللہ جانتا ہے
مَا يُسِرُّوْنَ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿77﴾	جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ علانیہ کرتے ہیں۔ ﴿77﴾
وَ مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ	اور ان میں سے کچھ ان پڑھ ہیں وہ نہیں جانتے
الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ	کتاب (تورات) کو سوائے (جھوٹی) آرزوؤں کے
وَ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿78﴾	اور نہیں ہیں وہ مگر (محض) گمان کرتے۔ ﴿78﴾
فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ	پس ہلاکت ہے اُن لوگوں کے لیے جو لکھتے ہیں کتاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْٓا	قول، قائل، مقولہ، اَقوالِ زریں۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم۔
خَلَا	خلا، خلوت، بیت الخلا، خلائی شٹل۔	يُسِرُّوْنَ	سِرِ نہاں، اِسرارِ خودی، سرّی نمازیں۔
اِلٰى	مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	يُعْلِنُوْنَ	اعلان، علانیہ، المعلن۔
تُحَدِّثُوْنَهُمْ	تحدیثِ نعمت، حدیث (بات)۔	اِلَّآ	اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
لِيُحَآجُّوْكُمْ	حجت، احتجاج۔	اُمِّيُّوْنَ	نبی اُمّی (اَن پڑھ)۔
عِنْدَ	عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔	يَظُنُّوْنَ	ظنّ، بدظنّ، بدظنّی۔
تَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول۔	يَكْتُبُوْنَ	کتاب، کتابت، کاتب، مکتوب۔

النصف

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ج	وَ اِذَا خَلَا	بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ	قَالُوْٓا
وہ سب کہتے ہیں ہم ایمان لائے	اور جب اکیلے ہوتے ہیں	انکے بعض بعض کی طرف	وہ سب کہتے ہیں

اَ تُحَدِّثُوْنَهُمْ	بِمَا ❶	فَتَحَ اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	لِيُحَآجُّوْكُمْ
کیا تم سب بتاتے ہو انہیں	وہ جو	کھول دیا ہے اللہ نے	تم پر	تاکہ وہ سب حجت پیش کریں تم پر

بِهٖ	عِنْدَ رَبِّكُمْ ط	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ (76)	اَوَ لَا	يَعْلَمُوْنَ
اسکے ذریعے	تمھارے رب کے پاس	تو کیا نہیں	تم سب عقل کرتے	اور کیا نہیں	وہ سب جانتے

اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ مَا ❷	يُسِرُّوْنَ	وَ مَا	يُعْلِنُوْنَ (77)	وَ مِنْهُمْ
کہ بیشک اللہ	جانتا ہے جو	وہ سب چھپاتے ہیں	اور جو	وہ سب ظاہر کرتے ہیں	اور ان میں سے بعض

اُمِّيُّوْنَ ❸	لَا	يَعْلَمُوْنَ	الْكِتٰبَ	اِلَّآ اَمَانِيَّ	وَ اِنْ ❹
ان پڑھ ہیں	نہیں	وہ سب جانتے	کتاب کو	سوائے (جھوٹی) آرزوؤں کے	اور نہیں

هُمْ اِلَّا	يَظُنُّوْنَ (78)	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ
وہ سب مگر	وہ سب گمان کرتے ہیں	پس ہلاکت ہے	اُن لوگوں کیلئے جو	وہ سب لکھتے ہیں کتاب

النصف

ضروری وضاحت

❶ اردو ترجمہ کرتے ہوئے یہاں "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس تعلق لفظ "اللہ" سے ہے اور وہ اس سے قبل لفظاً موجود ہے۔ ❸ یہاں "وْنَ" کا ترجمہ کرنا ضروری نہیں ہے۔
❹ "اِنْ" کا اصل ترجمہ "اگر" ہے اور اگر "اِنْ" کے بعد اسی جملے میں لفظ "اِلَّا" ہو تو پھر "اِنْ" کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔

بِاَيۡدِيۡهِمۡ ثُمَّ يَقُوۡلُوۡنَ هٰذَا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ	اپنے ہاتھوں سے پھر کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے
لِيَشۡتَرُوۡا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ	تاکہ وہ حاصل کریں اس کے ذریعے معمولی قیمت
فَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا	پس ہلاکت ہے اُن کے لیے (اس وجہ) سے جو
كَتَبَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ وَ وَيۡلٌ لَّهُمۡ	لکھا اُنکے ہاتھوں نے اور ہلاکت ہے اُن کے لیے
مِّمَّا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿79﴾	اس (وجہ) سے جو وہ کماتے ہیں۔ ﴿79﴾
وَ قَالُوۡا لَنۡ تَمَسَّنَا النَّارُ	اور وہ کہتے ہیں ہرگز نہیں چھوئے گی ہمیں آگ
اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعۡدُوۡدَةً ؕ قُلۡ اَتَّخَذۡتُمۡ	مگر چند دن گنتی کے کہہ دو کیا تم نے لے رکھا ہے
عِنۡدَ اللّٰهِ عَهۡدًا فَلَنۡ يُّخۡلِفَ اللّٰهُ	اللہ سے کوئی وعدہ تو ہرگز نہیں خلاف کرے گا اللہ
عَهۡدَهٗۤ اَمۡ تَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ	اپنے وعدے کے یا تم اللہ کے بارے میں کہتے ہو
مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿80﴾	(وہ باتیں) جو تم نہیں جانتے۔ ﴿80﴾
بَلٰى مَنۡ كَسَبَ سَيِّئَةً	ہاں کیوں نہیں جس نے بُرائی کمائی
وَّ اَحَاطَتۡ بِهٖ خَطِيۡٓـئَتُهٗ	اور گھیر لیا اُس کو اس کے گناہ نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاَيۡدِيۡهِمۡ : ید بیضا، یدطولیٰ (اَیۡدِیۡ "یَدٌ" کی جمع ہے)۔	مَّعۡدُوۡدَةً : تعداد، عدد، عدت، معدود۔
يَقُوۡلُوۡنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	يُّخۡلِفَ : خلاف، مخالفت، مخالف، ناخلف۔
عِنۡدَ : عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔	عَهۡدَهٗ : عہد، معاہدہ، عہد وپیمان۔
لِيَشۡتَرُوۡا : بیع وشرا، مشتری ہوشیار باش۔	مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔
ثَمَنًا قَلِيۡلًا : زرِثمن (قیمت) / قلیل، قلت، الاقلیل۔	سَيِّئَةً : اعمال سیئہ، علماءِ سوء۔
يَكۡسِبُوۡنَ : کسب حلال، کسبی۔	اَحَاطَتۡ : اِحاطہ، محیط۔
تَمَسَّنَا : مس کرنا، مساس (چھونا)۔	خَطِيۡٓـئَتُهٗ : خطا، خطا کار، خطا کا پتلہ۔

بِاَيْدِيْهِمْ ۗ	ثُمَّ	يَقُوْلُوْنَ	هٰذَا	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	لِيَشْتَرُوْا ❶
اپنے ہاتھوں سے	پھر	وہ سب کہتے ہیں	یہ	اللہ کی طرف سے ہے	تاکہ وہ سب حاصل کریں

بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ	فَوَيْلٌ لَّهُمْ	مِّمَّا ❷	كَتَبَتْ ❸	اَيْدِيْهِمْ
اسکے ذریعے تھوڑی قیمت	پس ہلاکت ہے اُن کیلئے	(اس وجہ) سے جو	لکھا	اُنکے ہاتھوں نے

وَ وَيْلٌ	لَّهُمْ	مِّمَّا ❷	يَكْسِبُوْنَ (79)	وَ قَالُوْا	لَنْ
اور ہلاکت ہے	اُن کیلئے	(اس وجہ) سے جو	وہ سب کماتے ہیں	اور ان سب نے کہا	ہرگز نہیں

تَمَسَّنَا النَّارُ ❹	اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ	قُلْ	اَتَّخَذْتُمْ ❺	عِنْدَ اللّٰهِ
ہمیں چھوئے گی آگ	مگر چند دن گنتی کے	آپ کہہ دیں	کیا تم نے لے رکھا ہے	اللہ کے پاس

عَهْدًا	فَلَنْ	يُّخْلِفَ ❻	اللّٰهُ	عَهْدَهٗٓ اَمْ	تَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ
کوئی وعدہ	تو ہرگز نہیں	خلاف کرے گا	اللہ	اپنے وعدے کے یا	تم سب کہتے ہو	اللہ پر

مَا لَا	تَعْلَمُوْنَ (80)	بَلٰى	مَنْ كَسَبَ	سَيِّئَةً ❸	وَّ	اَحَاطَتْ ❸ بِهٖ	خَطِيْٓـَٔتُهٗ
جو نہیں	تم سب جانتے	ہاں کیوں نہیں	جس نے کمائی	بُرائی	اور	گھیر لیا اُس کو	اسکے گناہ نے

ضروری وضاحت

❶ دراصل یہ لفظ ایک چیز کے بدلے میں دوسری چیز لینے کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس لیے خریدنا اور بیچنا دونوں معانی استعمال کیے جاتے ہیں۔ ❷ یہ دراصل "مِنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❸ "تْ" اور "ة" مؤنث کی علامتیں ہیں، ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "تَ" میں "فعل کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔ ❺ "اَتَّخَذْتُمْ" کا ترجمہ "کیا تم نے پکڑا" بھی ہوتا ہے۔ ❻ یہاں "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	تو وہ لوگ دوزخ والے ہیں۔
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿81﴾	وہ اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿81﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ	(تو) وہ لوگ جنت والے ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿82﴾ ع	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿82﴾ ع
وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اور جب ہم نے لیا بنی اسرائیل سے پختہ عہد (کہ)
لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۟	نہیں تم عبادت کرو گے مگر اللہ کی
وَ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا	اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو گے
وَّ ذِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنِ	اور قریبی رشتہ داروں اور یتیموں اور مساکین سے (بھی)
وَ قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ	اور لوگوں سے اچھی بات کہنا اور نماز قائم رکھنا
وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ	اور زکوٰۃ دیتے رہنا پھر تم پھر گئے (اپنے قول سے)
اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ	مگر تھوڑے سے تم میں سے (جو اپنے قول پر قائم رہے)

ع 9 11 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصْحٰبُ	صاحب، صحبت، صحابی۔	اَخَذْنَا	اخذ، ماخذ، ماخوذ۔
اَلنَّارِ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	مِيْثَاقَ	میثاق مدینہ، وثوق، ثقہ راوی۔
فِيْهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
خٰلِدُوْنَ	خالد، خُلد بریں۔	تَعْبُدُوْنَ	عابد، عبادت، معبود۔
اٰمَنُوْا	ایمان، مومن، امن۔	ذِيْ	ذیشان، ذی وقار، ذی روح۔
عَمِلُوْا	عمل، اعمال، عامل، معمول، تعمیل۔	اَلْقُرْبٰى	قرب، قریبی، قرابت، قربت۔
اَلصّٰلِحٰتِ	صالح، اصلاح، مصلح۔	لِلنَّاسِ	عوام النّاس، بعض النّاس۔

فَاُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (81)	وَ	الَّذِيْنَ
تو وہی لوگ	اہل دوزخ ہیں	وہ	اُس میں	سب ہمیشہ رہیں گے	اور	وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ ❶	هُمْ فِيْهَا
سب ایمان لائے	اور ان سب نے عمل کیے نیک	وہی لوگ	جنت والے ہیں	وہ اس میں

ع 9 11 9

خٰلِدُوْنَ (82) ع	وَ اِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	لَا
سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور جب	ہم نے لیا	پختہ عہد	بنی اسرائیل سے	نہیں

تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا اللّٰهَ ۚ	وَ بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا	وَّ ذِي الْقُرْبٰى ❷
تم سب عبادت کروگے	مگر اللہ کی	اور والدین کے ساتھ	احسان کرنا	اور قرابت والوں

وَ الْيَتٰمٰى ❸	وَ الْمَسٰكِيْنِ ❹	وَ قُوْلُوْا	لِلنَّاسِ ❺	حُسْنًا	وَّ اَقِيْمُوا
اور یتیموں	اور مساکین (کیساتھ بھی)	اور تم سب کہو	لوگوں سے	اچھی بات	اور تم سب قائم کرو

الصَّلٰوةَ ❶	وَ اٰتُوا	الزَّكٰوةَ ❶ ؕ	ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ ❻	اِلَّا قَلِيْلًا	مِّنْكُمْ
نماز	اور تم سب ادا کرو	زکوٰۃ	پھر تم پھر گئے	مگر تھوڑے سے	تم میں سے

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ علامت "ذِیْ" کا ترجمہ "والا" ہے، لیکن یہاں سیاق وسباق کی مناسبت سے ترجمہ "والوں" کیا گیا ہے۔ ❸ "ـٰی" واحد مؤنث کے لیے نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❹ "اَلْمَسٰکِیْنِ" میں "یْنِ" اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❺ "قُوْلُوْا" کے بعد "لِ" ہو تو اس کا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ ❻ "تـ" میں "فعل کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔

وَ اَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿83﴾	اور تم ہو ہی پھر جانے والے۔ ﴿83﴾
وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ	اور جب ہم نے لیا تم سے پختہ عہد (کہ) تم نہ بہاؤ گے
دِمَآءَكُمْ وَ لَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ	اپنوں کے خون اور نہ ہی تم نکالو گے اپنے نفسوں کو
مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ	اپنے گھروں سے پھر تم نے اقرار کیا (اس کا)
وَ اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿84﴾	اور تم (خود اس پر) گواہ ہو۔ ﴿84﴾
ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ	پھر تم وہی (لوگ) ہو کہ قتل کرتے ہو اپنے نفسوں کو
وَ تُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ	اور تم نکالتے ہو ایک گروہ کو اپنے (لوگوں) میں سے
مِّنْ دِيَارِهِمْ ز	اُن کے گھروں (وطن) سے
تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ	تم مدد کرتے ہو ایک دوسرے کی اُنکے خلاف
بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ط	گناہ اور زیادتی کے ساتھ
وَ اِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى	اور اگر وہ آئیں تمہارے پاس قیدی بن کر
تُفٰدُوْهُمْ	(تو) تم اُنہیں فدیہ دے کر (چھڑا لیتے ہو)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّعْرِضُوْنَ : اِعراض کرنا۔	تَشْهَدُوْنَ : شہادت، شاہد۔
اَخَذْنَا : اخذ، ماخوذ، مُواخذہ۔	تَقْتُلُوْنَ : قتل، قاتل، مقتل، مقتول۔
مِيْثَاقَكُمْ : میثاق مدینہ، اُمیدِ واثق۔	اَنْفُسَكُمْ : نفس، تنفس، نفسا نفسی۔
تَسْفِكُوْنَ : سفّاک قاتل، سفّاک ترین دشمن۔	فَرِيْقًا : فریق اول، فریق دوم، تفریق، فرق۔
تُخْرِجُوْنَ : اخراج، خروج، خارج۔	الْعُدْوَانِ : ظلم وتعدی، متعدی بیماری، عدوان۔
دِيَارِكُمْ : دیارِ غیر، دارالحکمت، دارالحرب۔	اُسٰرٰى : اسیر مالٹا، اسیران بدر، اسیر زلف۔
اَقْرَرْتُمْ : اقرار کرنا، مقرر۔	تُفٰدُوْهُمْ : فدیہ۔

وَ اَنْتُمْ	مُّعْرِضُوْنَ (83)	وَ اِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	لَا
اور تم	سب اعراض کرنیوالے ہو	اور جب	ہم نے لیا	تم سے پختہ عہد (کہ)	نہ

تَسْفِكُوْنَ	دِمَآءَكُمْ	وَ لَا	تُخْرِجُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ ❶	مِّنْ دِيَارِكُمْ
تم سب بہاؤ گے	اپنوں کے خون	اور نہ	تم سب نکالو گے	اپنے نفسوں کو	اپنے گھروں سے

ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ	وَ	اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ❷ (84)	ثُمَّ اَنْتُمْ	هٰٓؤُلَآءِ ❸	تَقْتُلُوْنَ
پھر تم نے اقرار کیا	اور	تم سب گواہی دیتے ہو	پھر تم	وہی ہو (کہ)	تم سب قتل کرتے ہو

اَنْفُسَكُمْ ❶	وَ	تُخْرِجُوْنَ	فَرِيْقًا	مِّنْكُمْ	مِّنْ دِيَارِهِمْ ز
اپنے نفسوں کو	اور	تم سب نکالتے ہو	ایک گروہ کو	اپنوں میں سے	اُن کے گھروں سے

تَظٰهَرُوْنَ ❹	عَلَيْهِمْ ❺	بِالْاِثْمِ	وَ الْعُدْوَانِ ط
تم سب ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو	ان کے خلاف	گناہ کے ساتھ	اور زیادتی (کے ساتھ)

وَ اِنْ	يَّاْتُوْكُمْ	اُسٰرٰى	تُفٰدُوْهُمْ ❻
اور اگر	وہ سب آئیں تمہارے پاس	قیدی بن کر	(تو) تم سب اُنہیں فدیہ دے کر (چھڑا لیتے ہو)

ضروری وضاحت

❶ "اپنے نفسوں" سے مراد "اپنے لوگ" ہیں ❷ "اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "اَنْتُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔
❸ اسکا اصل ترجمہ "یہ سب" ہے مگر ضرورت کے لیے "وہی ہو" کیا گیا ہے۔ ❹ یہاں علامت "تَ" میں "کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم" ہے۔ ❺ "عَلَيْهِمْ" کا اصل معنیٰ "ان پر" ہے۔ ❻ "وْنَ" کا "نَ" کبھی ضرورتاً گرادیا جاتا ہے۔

وَ هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ؕ — حالانکہ وہ حرام ہے تم پر اُن کا نکالنا

اَ فَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ — کیا پس تم ایمان رکھتے ہو کتاب کے بعض (حصے) پر

وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا — اور تم انکار کرتے ہو بعض کا، پس نہیں ہے

جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ — سزا (اس کی) جو ایسا کرے تم میں سے مگر رسوائی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ — دنیوی زندگی میں، اور قیامت کے دن

يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ — وہ لوٹائے جائیں گے سخت عذاب کی طرف

وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿85﴾ — اور نہیں اللہ بے خبر اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿85﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا — یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے خرید لی دنیوی زندگی

بِالْاٰخِرَةِ ٘ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ — آخرت کے بدلے میں تو نہ ہلکا کیا جائے گا اُن سے

الْعَذَابُ وَ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۧ ﴿86﴾ — عذاب اور نہ ہی وہ مدد کیے جائیں گے۔ ۧ ﴿86﴾ ع 10 4 10

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ — اور البتہ تحقیق ہم نے دی موسیٰؑ کو کتاب

وَ قَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ٘ — اور ہم نے پے در پے بھیجا اس کے بعد رسولوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- مُحَرَّمٌ : حرام، حرمت، محرم۔
- فَتُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔
- تَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفّار۔
- جَزَآءُ : جزا و سزا، جزائے خیر۔
- يَّفْعَلُ : فعل، افعال، فاعل، مفعول۔
- مِنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشمس۔
- يُرَدُّوْنَ : ردّ، مردود، مرتدّ۔
- اَشَدِّ : شدّت، شدید، اشدّ۔
- بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔
- تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول۔
- اِشْتَرَوُا : بیع و شرا، مشتری، ہوشیار باش۔
- يُخَفَّفُ : تخفیف، مخفف، خفیف۔
- يُنْصَرُوْنَ : نصرت، ناصر، منصور۔
- بِالرُّسُلِ : رسول، رسالت، امام المرسلین۔

وَ هُوَ	مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ	اِخْرَاجُهُمْ ط	اَفَتُؤْمِنُوْنَ	بِبَعْضِ
حالانکہ وہ	حرام کیا گیا ہے تم پر	اُن کا نکالنا	کیا پس تم سب ایمان رکھتے ہو	کچھ حصے پر

الْكِتٰبِ وَ	تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ج	فَمَا جَزَآءُ	مَنْ يَّفْعَلُ ❶	ذٰلِكَ ❷	مِنْكُمْ
کتاب کے اور	تم سب انکار کرتے ہو بعض کا	پس نہیں سزا	(اسکی) جو کرے	یہ (کام)	تم میں سے

اِلَّا خِزْيٌ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج	وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ط
مگر رسوائی	دُنیوی زندگی میں	اور قیامت کے دن	وہ سب لوٹائے جائیں گے	سخت عذاب کی طرف

وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ ❸	عَمَّا ❹	تَعْمَلُوْنَ (85)	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ
اور نہیں اللہ بے خبر	اس سے جو	تم سب عمل کرتے ہو	یہی وہ لوگ ہیں جن	سب نے خریدی زندگی

ع 10/4/10

الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ز	فَلَا يُخَفَّفُ ❺	عَنْهُمُ الْعَذَابُ	وَ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ع (86)
دُنیوی آخرت کے بدلے میں	پس نہیں ہلکا کیا جائے گا	اُن سے عذاب	اور نہ وہ سب مدد کئے جائیں

وَ لَقَدْ	اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	وَ قَفَّيْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ ❻	بِالرُّسُلِ ز
اور البتہ تحقیق	ہم نے دی موسیٰ کو کتاب	اور ہم نے پے در پے بھیجا	اس کے بعد	رسولوں کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں "یَـ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے کبھی ضرورتاً "یہ" بھی کردیا جاتا ہے۔ ❸ "مَا" کے بعد "بِـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ یہ دراصل "عَنْ+مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❺ "یُـ" کا تعلق "اَلْعَذَابُ" سے ہے لہٰذا ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

وَ اٰتَيۡنَا عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ الۡبَيِّنٰتِ	اور ہم نے دیں عیسیٰ بن مریم کو کھلی نشانیاں
وَ اَيَّدۡنٰهُ بِرُوۡحِ الۡقُدُسِ ؕ	اور ہم نے مدد دی اُس کو روح القدس سے
اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ ۢ	کیا پس جب (بھی) آیا تمہارے پاس رسول
بِمَا لَا تَهۡوٰٓى اَنۡفُسُكُمُ	وہ (احکام) لے کر جو نہیں چاہتے تھے تمہارے نفس
اسۡتَكۡبَرۡتُمۡ ۚ فَفَرِيۡقًا	(تو) تم نے تکبر کیا تو (رسولوں کے) ایک گروہ کو
كَذَّبۡتُمۡ ۡ وَفَرِيۡقًا تَقۡتُلُوۡنَ ﴿87﴾	تم نے جھٹلایا اور ایک گروہ کو قتل کر ڈالا۔ ﴿87﴾
وَ قَالُوۡا قُلُوۡبُنَا غُلۡفٌ ؕ	وہ کہتے ہیں ہمارے دل غلاف میں ہیں
بَلۡ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفۡرِهِمۡ	بلکہ لعنت کر دی ہے اُن پر اللہ نے انکے کفر کے سبب
فَقَلِيۡلًا مَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿88﴾	پس بہت کم ہے جو وہ ایمان لاتے ہیں۔ ﴿88﴾
وَ لَمَّا جَآءَهُمۡ كِتٰبٌ	اور جب آئی اُن کے پاس کتاب (قرآن)
مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ	اللہ کی طرف سے (جو) تصدیق کرنے والی ہے
لِّمَا مَعَهُمۡ ۙ	اس کی جو اُن کے پاس ہے (تورات)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلۡبَيِّنٰتِ	بیّن دلیل، بیان، مبیّنہ۔	قُلُوۡبُنَا	قلب، قلبی تعلق، امراضِ قلب۔
اَيَّدۡنٰهُ	تائید، مؤید۔	غُلۡفٌ	غلاف۔
اَنۡفُسُكُمُ	نفس، نظامِ تنفس، نفسانفسی۔	لَّعَنَهُمُ	لعنت، ملعون، لعنتی۔
اِسۡتَكۡبَرَ	تکبیر، متکبر، تکبر۔	يُؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مومن، امن۔
فَفَرِيۡقًا	فریقِ اول، فریقِ دوم، فرق، تفریق۔	عِنۡدِ	عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔
كَذَّبۡتُمۡ	کاذب، کذاب، تکذیب۔	مُصَدِّقٌ	تصدیق، مصدّقہ ذرائع۔
تَقۡتُلُوۡنَ	قتل، قاتل، مقتول، مقتل۔	مَعَهُمۡ	مع اہل وعیال، معیّت۔

وَ	اٰتَيْنَا	عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	الْبَيِّنٰتِ ❶	وَ	اَيَّدْنٰهُ
اور	ہم نے عطا کیں	عیسیٰؑ بن مریم کو	کھلی نشانیاں	اور	ہم نے مدد کی اُس کی

بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ	اَ فَكُلَّمَا ❷	جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌۢ	بِمَا ❸
پاک روح (جبرائیلؑ) کے ذریعے	کیا پس جب بھی	تمہارے پاس آیا	رسول	(اس کے) ساتھ جو

لَا تَهْوٰٓى ❹	اَنْفُسُكُمُ	اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ	فَفَرِيْقًا	كَذَّبْتُمْ ز	وَ فَرِيْقًا
نہیں چاہتے تھے	تمہارے نفس	تم نے تکبر کیا	تو ایک گروہ کو	تم نے جھٹلایا	اور ایک گروہ کو

تَقْتُلُوْنَ (87)	وَ قَالُوْا	قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ	بَلْ	لَّعَنَهُمُ
تم سب قتل کرتے ہو	اور ان سب نے کہا	ہمارے دل غلاف میں ہیں	بلکہ	اُن پر لعنت کر دی

اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَقَلِيْلًا	مَّا	يُؤْمِنُوْنَ (88)	وَ لَمَّا
اللہ نے	ان کے کفر کے سبب	پس (بہت) کم ہے	جو	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور جب

جَآءَهُمْ	كِتٰبٌ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَهُمْ ۙ
اُن کے پاس آئی	کتاب	اللہ کی طرف سے	تصدیق کرنے والی	اس کی جو	اُن کے پاس ہے

ضروری وضاحت

❶ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، جس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❷ اس کا مفہوم یہ ہے کہ: کیا پس ایسا نہیں ہوتا رہا کہ جب بھی (تمہارے پاس رسول آئے تو تم نے تکبر کرتے ہوئے جھٹلایا اور قتل بھی کیا)۔ ❸ اس سے مراد "وہ کچھ لے کر جو تم نہیں چاہتے تھے" ہے۔ ❹ یہاں علامت "ت" واحد مؤنث کے لیے ہے اور اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

وَ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى	اور وہ تھے اس سے قبل فتح مانگتے (ان لوگوں) پر
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ	جنھوں نے کفر کیا تو جب وہ آگیا اُن کے پاس
مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ	جسے اُنہوں نے پہچان لیا (پھر بھی) انکار کر دیا اُس کا
فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿89﴾	پس اللہ کی لعنت ہے کافروں پر ﴿89﴾
بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ	بُرا ہے جو اُنہوں نے بیچ دیا اس کے بدلے
اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ	اپنی جانوں کو (وہ) یہ کہ انکار کرتے ہیں اس کا جو
اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ	اللہ نے اتارا ہے ضد میں آکر کہ نازل کر رہا ہے اللہ
مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ	اپنا فضل جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے
فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ؕ	پس وہ مستحق ہوگئے غضب پر غضب کے
وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿90﴾	اور کافروں کے لیے رُسوا کرنے والا عذاب ہے ﴿90﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا	اور جب کہا جائے ان سے ایمان لاؤ
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا	اس پر جو اللہ نے اُتارا ہے (قرآن) (تو) کہتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَبْلُ : قبل از طعام، چند دن قبل۔
يَسْتَفْتِحُوْنَ : فتح، فاتح۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
عَرَفُوْا : معرفت، عرف، معروف۔
اِشْتَرَوْا : مشتری۔ اس لفظ کا اصل مفہوم: ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینا ہے اس لیے اسکا ترجمہ: ''خریدنا اور بیچنا'' دونوں ہیں۔

اَنْزَلَ : نازل، نزول، شان نزول۔
بَغْيًا : باغی، بغاوت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَّشَآءُ : مشیّت، ان شاء اللہ، ماشاء اللہ۔
بِغَضَبٍ : غضب، غضبناک۔
مُّهِيْنٌ : اہانت، توہین۔
قِيْلَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔

وَ كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	يَسْتَفْتِحُوْنَ	عَلَى الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ۚ	فَلَمَّا
اور وہ سب تھے	اس سے پہلے	وہ سب فتح مانگتے	(ان لوگوں) پر جن	سب نے کفر کیا	تو جب

جَآءَهُمْ	مَّا عَرَفُوْا	كَفَرُوْا بِهٖ ؗ	فَلَعْنَةُ اللّٰهِ
آ گیا اُن کے پاس	جسے اُن سب نے پہچان لیا (تو)	سب نے انکار کر دیا اس کا	پس اللہ کی لعنت

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (89)	بِئْسَمَا اشْتَرَوْا	بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ	اَنْ يَّكْفُرُوْا
کافروں پر	بُرا ہے وہ جو اُن سب نے بیچ ڈالا	اسکے بدلے اپنی جانوں کو	یہ کہ وہ سب منکر ہوئے

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	بَغْيًا	اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ ❶	مِنْ فَضْلِهٖ ❷	عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ
اس کے جو اللہ نے اتارا	ضد میں آکر	یہ کہ اللہ نازل کرتا ہے	اپنا فضل	جس پر وہ چاہتا ہے

مِنْ عِبَادِهٖ ۚ	فَبَآءُوْ ❸	بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ؕ ❹	وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ
اپنے بندوں میں سے	پس وہ سب لوٹے	غضب کیساتھ غضب پر	اور کافروں کیلئے عذاب ہے

مُّهِيْنٌ (90)	وَ اِذَا قِيْلَ	لَهُمْ ❺ اٰمِنُوْا	بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	قَالُوْا
رسوا کرنیوالا	اور جب کہا گیا	ان سے تم سب ایمان لاؤ	اس پر جو اللہ نے اُتارا	ان سب نے کہا

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس کا تعلق لفظ "اللہ" سے ہے اور وہ لفظاً اس کے بعد موجود ہے۔

❷ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❸ یہاں "وْ" کے ساتھ "الف" قرآنی کتابت میں موجود نہیں ہے۔

❹ یعنی ان پر بہت بڑا غضب نازل ہوا۔ ❺ "قَالَ، قِيْلَ" وغیرہ کے بعد "لَ" کا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔

نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا	ہم ایمان لاتے ہیں اس پر جو اُتارا گیا ہے ہم پر
وَ يَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۚ	اور وہ انکار کرتے ہیں اس کا جو علاوہ ہے اس کے
وَ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا	حالانکہ وہ (قرآن) ہی حق ہے تصدیق کرنیوالا ہے
لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ	اس کی جو اُن کے پاس ہے تم کہو تو کیوں
تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ	قتل کرتے رہے ہو اللہ کے نبیوں کو اِس سے پہلے
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿91﴾	اگر ہو تم ایمان والے (تو تم نے ایسا کیوں کیا)۔ ﴿91﴾
وَ لَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ	اور البتہ تحقیق آئے تمہارے پاس موسیٰ کھلی نشانیاں لے کر
ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ	پھر تم نے (معبود) بنایا بچھڑے کو اِس کے بعد
وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿92﴾	اور تم ہو (ہی) ظلم کرنے والے۔ ﴿92﴾
وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ	اور جب ہم نے لیا تم سے پختہ عہد
وَ رَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ	اور ہم نے اُٹھایا تمہارے اوپر طور (پہاڑ) کو
خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ	(اور حکم دیا) تھام لو جو ہم نے دیا تم کو مضبوطی سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُؤْمِنُ : ایمان، مومن، امن۔
اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، شانِ نزول۔
عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔
وَرَآءَهٗ : ماورائے عدالت۔
مُصَدِّقًا : تصدیق، مصدقہ ذرائع۔
مَعَهُمْ : مع اہل وعیال، معیّت۔

قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
تَقْتُلُوْنَ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
بِالْبَيِّنٰتِ : بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔
اِتَّخَذْتُمُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
ظٰلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
رَفَعْنَا : رفعت، سطح مرتفع، رفیع۔
مِيْثَاقَكُمْ : میثاق، وثوق، ثقہ راوی، میثاق مدینہ۔

نُؤْمِنُ	بِمَآ اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	وَ يَكْفُرُوْنَ	بِمَا	وَرَآءَهٗ ق
ہم ایمان لاتے ہیں	اِس پر جو اُتارا گیا	ہم پر	اور وہ سب انکار کرتے ہیں	اس کا جو	اسکے علاوہ

وَ هُوَ الْحَقُّ ❶	مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَهُمْ ط	قُلْ	فَلِمَ
حالانکہ وہ ہی حق ہے	تصدیق کرنے والا ہے	اس کی جو	اُن کے پاس ہے	آپ کہہ دیں	تو کیوں

تَقْتُلُوْنَ	اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ	مِنْ قَبْلُ	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ (91)
تم سب قتل کرتے رہے ہو	اللہ کے نبیوں کو	اِس سے پہلے	اگر تم ہو	سب ایمان لانے والے

وَ لَقَدْ	جَآءَكُمْ	مُّوْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ ❷	ثُمَّ	اتَّخَذْتُمُ ❸
اور البتہ تحقیق	آئے تمہارے پاس	موسیٰ	کھلی نشانیوں کے ساتھ	پھر	تم نے پکڑا

الْعِجْلَ	❹ مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ (92)	وَ اِذْ اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ
بچھڑے کو (معبود)	اس کے بعد	اور تم سب ظلم کرنیوالے ہو	اور جب ہم نے لیا	تم سے پختہ عہد

وَ رَفَعْنَا	فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ط	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ ❷
اور ہم نے اُٹھایا	تمہارے اوپر طور (پہاڑ) کو	سب تھام لو	جو	ہم نے تم کو دیا	مضبوطی سے

ضروری وضاحت

❶ "هُوَ" کے بعد "اَلْ" کی وجہ سے بات میں تاکید کا مفہوم داخل ہوگیا ہے، اس لیے ترجمہ میں "ہی" کا اضافہ ہوا ہے۔ ❷ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے ❸ یہاں "اِتَّخَذْتُمْ" سے مراد "تم نے معبود بنایا" ہے۔

❹ "مِنْ" کے بعد اگر لفظ "بَعْدِ" ہو تو "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

وَ اسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ عَصَيْنَا ۗ	اور سنو، انہوں نے کہا ہم نے سن لیا اور نافرمانی کی
وَ اُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ	اور وہ پلا دیئے گئے اپنے دلوں میں بچھڑے (کی محبت)
بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا	اُن کے کفر کے سبب کہہ دیجئے بُرا ہے جو
يَاْمُرُكُمْ بِهٖۤ اِيْمَانُكُمْ	تمہیں حکم دیتا ہے اس کے ساتھ تمہارا ایمان
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿93﴾ قُلْ اِنْ	اگر تم مومن ہو۔ ﴿93﴾ کہہ دیجیے اگر
كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ	ہے (صرف) تمہارے لیے آخرت کا گھر
عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ	اللہ کے نزدیک خاص طور پر لوگوں کے سوا
فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿94﴾	تو موت کی تمنا کرلو اگر تم ہو سچے۔ ﴿94﴾
وَ لَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا	اور ہرگز نہیں یہ تمنا کریں گے اس کی کبھی بھی
بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ	اس وجہ سے جو آگے بھیجا ہے ان کے ہاتھوں نے
وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿95﴾	اور اللہ خوب جاننے والا ہے ظالموں کو۔ ؏ ﴿96﴾
وَ لَتَجِدَنَّهُمْ	اور یقیناً آپ ضرور پائیں گے اِن (یہودیوں) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِسْمَعُوْا : سماعت، سامعین، سمع و بصر۔	فَتَمَنَّوُا : تمنا، متمنّی۔
عَصَيْنَا : معصیت، عاصی۔	صٰدِقِيْنَ : صدق و صفا، صادق۔ صداقت۔
اُشْرِبُوْا : مشروب، شربت، مشروبات۔	اَبَدًا : اَبدالآباد، اَبدی نیند سلا دیا۔
قُلُوْبِهِمْ : امراضِ قلب، قلبی تعلق، حرکتِ قلب۔	قَدَّمَتْ : قدم، تقدیم، مقدّم۔
قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔	اَيْدِيْهِمْ : یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع الیدین۔
يَاْمُرُ : امر، امور، مامور، آمر۔	بِالظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اَلدَّارُ : دارالحجاج، دارالصحت، دارالعلوم۔	لَتَجِدَنَّهُمْ : وجود، موجود۔

وَّ اسۡمَعُوۡا ؕ	قَالُوۡا	سَمِعۡنَا	وَ عَصَيۡنَا ۗ	وَ اُشۡرِبُوۡا
اور تم سب سنو	ان سب نے کہا	ہم نے سن لیا	اور ہم نے نافرمانی کی	اور وہ سب پلادیے گئے

فِىۡ قُلُوۡبِهِمُ	الۡعِجۡلَ	بِكُفۡرِهِمۡ ؕ	قُلۡ بِئۡسَمَا	يَاۡمُرُكُمۡ ❶
اپنے دلوں میں	بچھڑے کی (محبت)	اُنکے کفر کے سبب	آپ کہہ دیں بُرا ہے جو	تمہیں حکم دیتا

بِهٖۤ	اِيۡمَانُكُمۡ	اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ (93)	قُلۡ اِنۡ كَانَتۡ ❷	لَكُمُ الدَّارُ الۡاٰخِرَةُ ❸
اس کا	تمہارا ایمان	اگر تم ہو سب ایمان والے	آپ کہہ دیجئے اگر ہے	تمہارے لیے آخرت کا گھر

عِنۡدَ اللّٰهِ	خَالِصَةً ❸	مِّنۡ دُوۡنِ النَّاسِ ❹	فَتَمَنَّوُا الۡمَوۡتَ	اِنۡ كُنۡتُمۡ
اللہ کے نزدیک	خاص طور پر	لوگوں کے سوا	تو تم سب تمنا کرو موت کی	اگر ہو تم

صٰدِقِيۡنَ (94)	وَ لَنۡ	يَّتَمَنَّوۡهُ ❺	اَبَدًۢا	بِمَا	قَدَّمَتۡ ❷
سب سچے	اور ہرگز نہیں	وہ سب تمنا کریں گے اس کی	کبھی بھی	اسکے سبب جو	آگے بھیجا ہے

اَيۡدِيۡهِمۡ ؕ	وَ اللّٰهُ	عَلِيۡمٌۢ	بِالظّٰلِمِيۡنَ (95)	وَ لَتَجِدَنَّهُمۡ
انکے ہاتھوں نے	اور اللہ	خوب جاننے والا	ظالموں کو	اور البتہ آپ ضرور پائیں گے ان کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "یَ" کا تعلق "اِيۡمَانُكُمۡ" ہے اس کی موجودگی میں "یَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❸ "ۃ" واحد مؤنث کے لیے ہے اور اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہاں "مِنۡ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو "الف" گرادیتے ہیں۔

معانقة : 2

اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۛۚ	لوگوں سے زیادہ حریص زندگی پر
وَ مِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۛۚ	اور ان لوگوں سے (بھی زیادہ) جنھوں نے شرک کیا
يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ	چاہتا ہے ان میں سے ہر ایک کاش وہ عمر پائے
اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَ مَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ	ہزار سال حالانکہ وہ (عمر) نہیں بچا سکتی اسے
مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ	عذاب سے کہ (اتنی) عمر اُسے دے دی جائے
وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۧ (96)	اور اللہ دیکھنے والا ہے اُسکو جو وہ عمل کرتے ہیں۔ (96)
قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ	کہہ دیجئے جو دشمن ہے جبریل کا (تو یہ اُسکی بیوقوفی ہے)
فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ	پس بیشک اس نے (تو) اُسے اُتارا ہے تیرے دل پر
بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا	اللہ کے حکم سے تصدیق کرنے والا ہے اس کی جو
بَيْنَ يَدَيْهِ وَ هُدًى	اس سے پہلے (کتابیں گزری) ہیں اور ہدایت ہے
وَّ بُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ (97)	اور خوشخبری ہے مومنوں کے لیے۔ (97)
مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ	جو ہے دشمن اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا

ع 11 / 10 / 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَحْرَصَ : حرص، حریص۔	بِاِذْنِ : اذنِ عام، اذنِ ربی۔
اَشْرَكُوْا : شرک، شراکت، مشرک۔	مُصَدِّقًا : تصدیق، مصدقہ ذرائع۔
يَوَدُّ : مودّت (محبت و چاہت)۔	بَيْنَ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
يُعَمَّرُ : عمر، عمر دراز، عمر قید، عمر بھر۔	يَدَيْهِ : یدِطولیٰ، یدِبیضا، رفع الیدین۔
سَنَةٍ : سن، سنِ رسیدہ، سنِ بلوغ۔	هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہدایت نامہ۔
بَصِيْرٌ : بصارت، بصیرت، بصائر۔	بُشْرٰى : بشارت، بشیر۔
نَزَّلَهٗ : شانِ نزول، نازل، منزل من اللہ۔	عَدُوًّا : عدوّ، عداوت، اعداء۔

اَحْرَصَ النَّاسِ	عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ	وَ مِنَ	الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ
زیادہ حریص لوگوں سے	زندگی پر	اور (ان لوگوں) سے (بھی)	جن سب نے شرک کیا

يَوَدُّ ❶	اَحَدُهُمْ	لَوْ يُعَمَّرُ	اَلْفَ	سَنَةٍ ۚ ❷	وَ مَا	هُوَ
چاہتا ہے	ان میں سے (ہر) ایک	کاش کہ وہ عمر دیا جائے	ہزار	سال	حالانکہ نہیں	وہ (عمر پانا)

بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ ❸	اَنْ يُّعَمَّرَ ۭ	وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ	بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾ ع
بچا سکنے والا اسے عذاب سے	یہ کہ وہ عمر دیا جائے	اور اللہ خوب دیکھنے والا	اسکو جو وہ سب عمل کرتے

قُلْ	مَنْ كَانَ	عَدُوًّا	لِّجِبْرِيْلَ	فَاِنَّهٗ	نَزَّلَهٗ	عَلٰى قَلْبِكَ
آپ کہہ دیجئے	جو ہے	دشمن	جبریل کا	تو بیشک اس نے	اس کو اُتارا ہے	تیرے دل پر

بِاِذْنِ اللّٰهِ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَ هُدًى
اللہ کے حکم سے	تصدیق کرنیوالا ہے	اس کی جو	اس سے پہلے (کتابیں نازل ہوئیں)	اور ہدایت

وَّ بُشْرٰى ❷	لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿97﴾	مَنْ كَانَ ❹	عَدُوًّا لِّلّٰهِ	وَ	مَلٰٓئِكَتِهٖ
اور خوشخبری ہے	سب ایمان والوں کیلئے	جو ہے	دشمن اللہ کا	اور	اس کے فرشتوں کا

ضروری وضاحت

❶ علامت "یَ" کا تعلق "اَحَدُهُمْ" سے ہے اور وہ اسکے بعد لفظاً موجود، اس لیے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ "ة" اور "ـى" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ یہاں "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "كَانَ" کا اصل ترجمہ "تھا" ہوتا ہے مگر کبھی "ہے" یا "ہو" بھی کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً: " كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا" اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

وَ رُسُلِهٖ وَ جِبْرِيْلَ وَ مِيْكٰلَ	اور اس کے رسولوں اور جبرائیل اور میکائیل کا
فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿98﴾	تو بیشک اللہ (بھی) دشمن ہے کافروں کا۔ ﴿98﴾
وَ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ	اور تحقیق البتہ ہم نے نازل کیں آپ کی طرف
اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ وَ مَا يَكْفُرُ بِهَاۤ	کھلی (اور صاف) آیات اور نہیں انکار کرتے اُنکا
اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿99﴾ اَوَ كُلَّمَا	مگر نافرمان ﴿99﴾ اور کیا (ایسا نہیں ہوتا رہا کہ) جب بھی
عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ	انہوں نے عہد کیا (تو) اُسے پھینک دیا ایک گروہ نے
مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿100﴾	اُن میں سے بلکہ اکثر اُن میں سے ایمان نہیں لاتے ﴿100﴾
وَ لَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	اور جب آیا اُن کے پاس رسول اللہ کی طرف سے
مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ	تصدیق کرنیوالا ہے اسکی جو اُن کے پاس ہے (تورات)
نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ	ڈال دیا ایک گروہ نے ان لوگوں میں سے جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ	کتاب دیے گئے اللہ کی کتاب (تورات) کو
وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿101﴾	اپنی پشت کے پیچھے گویا وہ (اُسے) جانتے ہی نہیں ﴿101﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔	مِّنْهُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
اَنْزَلْنَاۤ : نازل، شانِ نزول، انزال۔	بَلْ : بلکہ۔
اِلَيْكَ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الدّاعی الی الخیر۔	اَكْثَرُهُمْ : اکثریت، اکثر، کثیر، کثرت۔
بَيِّنٰتٍ : بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر، بیان۔	عِنْدِ : عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔
مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔	مُصَدِّقٌ : تصدیق، مصدّقہ ذرائع۔
اَلْفٰسِقُوْنَ : فسق و فجور، فاسق۔	مَعَهُمْ : معیّت، مع اہل وعیال، معاً۔
عٰهَدُوْا : عہد، معاہدہ۔	وَرَآءَ : ماورائے عدالت (پیچھے)۔

وَ رُسُلِهٖ	وَ جِبْرِيْلَ	وَ مِيْكٰلَ	فَاِنَّ اللّٰهَ	عَدُوٌّ	لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿98﴾
اور اس کے رسولوں کا	اور جبرائیل	اور میکائیل کا	تو بیشک اللہ بھی	دشمن ہے	کافروں کا

وَ لَقَدْ	اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ❶	وَ مَا	يَكْفُرُ❷	بِهَآ
اور البتہ تحقیق	ہم نے نازل کیں	آپ کی طرف	واضح آیات	اور نہیں	انکار کرتے	اُن کا

اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿99﴾	اَوَ كُلَّمَا❸	عٰهَدُوْا	عَهْدًا	نَّبَذَهٗ	فَرِيْقٌ
مگر سب نافرمان	اور کیا جب بھی	ان سب نے عہد کیا	کوئی عہد (تو)	اُسے پھینک دیا	ایک گروہ نے

مِّنْهُمْ ؕ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ لَا	يُؤْمِنُوْنَ ﴿100﴾	وَ لَمَّا	جَآءَهُمْ
اُن میں سے	بلکہ	اُن میں سے اکثر نہیں	وہ سب ایمان لاتے	اور جب	آیا اُن کے پاس

رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَهُمْ	نَبَذَ فَرِيْقٌ	مِّنَ
رسول اللہ کی طرف سے	تصدیق کرنیوالا	اس کی جو	انکے پاس ہے	ڈال دیا ایک گروہ نے	ان سے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ	كِتٰبَ اللّٰهِ	وَرَآءَ	ظُهُوْرِهِمْ	كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۫❹ ﴿101﴾
جو سب دیے گئے کتاب	اللہ کی کتاب	پیچھے	اپنی پیٹھوں کے	گویا وہ سب نہیں جانتے

ضروری وضاحت

❶"ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔❷ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❸ یہاں اس کا مفہوم یہ ہے کہ: اور کیا ایسا نہیں ہوتا رہا کہ جب بھی انہوں نے عہد کیا تو اُسے توڑ دیا۔❹ "هُمْ" اور "يَ"، دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔

وَ اتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ	اور وہ پیروی کرنے لگے اسکی جو شیطان پڑھتے تھے
عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَ مَا كَفَرَ	سلیمان کی بادشاہت میں حالانکہ نہیں کفر کیا
سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا	سلیمان نے اور لیکن شیطانوں نے کفر کیا (کہ)
يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ	وہ لوگوں کو جادو سکھاتے
وَ مَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ	اور جو دو فرشتوں پر نازل کیا گیا بابل (شہر) میں
هَارُوْتَ وَ مَارُوْتَ ؕ وَ مَا يُعَلِّمٰنِ	ہاروت اور ماروت پر اور وہ دونوں نہ سکھاتے
مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ	کسی ایک کو یہاں تک کہ وہ دونوں کہہ دیتے
اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ	بیشک ہم آزمائش ہیں تو تو کفر مت کر
فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا	پھر (بھی) وہ سیکھ لیتے تھے ان دونوں سے وہ جو
يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ	جدائی ڈالتے اس کے ذریعے مرد کے درمیان اور
زَوْجِهٖ ؕ وَ مَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ	اسکی بیوی کے، حالانکہ نہیں وہ نقصان پہنچا سکنے والے
بِهٖ مِنْ اَحَدٍ	اس (جادو) کے ذریعے کسی ایک کو (بھی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِتَّبَعُوْا : اتباع، متبع، تابع فرمان۔
تَتْلُوْا : تلاوت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
مُلْكِ : ملک، مملکت، ملکی حالات۔
لٰكِنَّ : لیکن۔
يُعَلِّمُوْنَ : علم، تعلیم، معلم، متعلم۔
اَلسِّحْرَ : سحر بیانی، سحر طرازی، سحر زدہ (جادو)۔

اَحَدٍ : واحد، موحّد، احد، وحدت۔
فِتْنَةٌ : فتنہ، پرفتن دور۔
تَكْفُرْ : کفر، کافر، کفار۔
مِنْهُمَا : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشمس
يُفَرِّقُوْنَ : تفریق، تفرقہ بازی۔
زَوْجِهٖ : زوج، زوجیّت، زوجہ۔
بِضَآرِّيْنَ : ضرر رساں، مضرِ صحت۔

وَ اتَّبَعُوْا	مَا	تَتْلُوا ❶	الشَّيٰطِيْنُ	عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ❷
اور ان سب نے پیروی کی	(اس کی) جو	پڑھتے تھے	شیاطین	سلیمانؑ کی بادشاہت پر

وَ مَا كَفَرَ	سُلَيْمٰنُ	وَ لٰكِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا	يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ
اور نہیں کفر کیا	سلیمانؑ نے	اور لیکن	سب شیطانوں نے کفر کیا	وہ سب سکھاتے لوگوں کو

السِّحْرَ ۗ	وَ مَآ اُنْزِلَ	عَلَى الْمَلَكَيْنِ	بِبَابِلَ	هَارُوْتَ وَ مَارُوْتَ ؕ	وَ مَا
جادو	اور جو نازل کیا گیا	دو فرشتوں پر	بابل میں	ہاروت اور ماروت پر	اور نہیں

يُعَلِّمٰنِ	مِنْ اَحَدٍ ❸	حَتّٰى	يَقُوْلَآ	اِنَّمَا	نَحْنُ فِتْنَةٌ
وہ دونوں سکھاتے تھے	کسی ایک کو	یہاں تک کہ	وہ دونوں کہہ دیتے	بیشک	ہم آزمائش ہیں

فَلَا تَكْفُرْ ؕ	فَيَتَعَلَّمُوْنَ	مِنْهُمَا	مَا	يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ
تو تو مت کفر کر	پھر (بھی) وہ سب سیکھ لیتے	ان دونوں سے	جو	وہ سب جدائی ڈالتے اس سے

بَيْنَ الْمَرْءِ	وَ زَوْجِهٖ ؕ	وَ مَا	هُمْ بِضَآرِّيْنَ ❹	بِهٖ	مِنْ اَحَدٍ ❸
آدمی کے درمیان	اور اسکی بیوی کے	حالانکہ نہیں	وہ سب نقصان پہنچانے والے	اس سے	کسی کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "تَ" واحد مؤنث کے لیے ہے اور اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔ اور یہاں "وْا" جمع کا نہیں بلکہ "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "الف" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❷ "عَلٰى" کا ترجمہ "پر" ہوتا ہے مگر یہاں اس کا مفہوم "بادشاہت میں" ہے۔ ❸ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❹ "مَا" کے بعد "بِ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ يَتَعَلَّمُوْنَ	مگر اللہ کے حکم سے اور (وہ کچھ) سیکھتے ہیں
مَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ ؕ	جو اُنہیں نقصان دیتا ہے اور نہیں نفع دیتا اُنہیں
وَ لَقَدْ عَلِمُوْا	اور البتہ تحقیق وہ جان چکے ہیں (کہ)
لَمَنِ اشْتَرٰىهُ	البتہ جو (بھی) اس (جادو) کو خریدے (سیکھے)
مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ	نہیں ہے اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ
وَ لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ	اور البتہ بُرا ہے جو انہوں نے بیچ ڈالا اس کے بدلے
اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ (102)	اپنی جانوں کو کاش وہ جانتے ہوتے۔ (102)
وَ لَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا	اور اگر بیشک وہ ایمان لاتے اور تقوٰی اختیار کرتے
لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	البتہ وہ ثواب (جو) اللہ کی طرف سے (ملتا)
خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ (103) ع	(وہ کہیں) بہتر تھا کاش وہ جانتے ہوتے۔ (103) ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا	اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت کہو "رَاعِنَا"
وَ قُوْلُوا انْظُرْنَا	اور کہو "اُنْظُرْنَا" (ہماری طرف متوجہ ہوں)

ع 12 7 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔	اَنْفُسَهُمْ	نفس، نظامِ تنفّس، نفسا نفسی۔
بِاِذْنِ	اِذنِ ربی، اِذنِ عام۔	وَاتَّقَوْا	تقویٰ، متقی۔
يَتَعَلَّمُوْنَ	علم، تعلیم، تعلم، معلم۔	لَمَثُوْبَةٌ	ثواب۔
يَضُرُّهُمْ	ضرر رساں، مضرصحت۔	عِنْدِ	عنداللہ، عندالضرورت، عندالطلب۔
يَنْفَعُهُمْ	نفع بخش، منافع خور، منفعت۔	تَقُوْلُوْا	قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اِشْتَرٰىهُ	بیع وشرا، مشتری ہوشیار باش۔	رَاعِنَا	رعایت۔
اَلْاٰخِرَةِ	یومِ آخرت، اُخروی زندگی۔	اُنْظُرْنَا	نظر، نظارہ، منظر، انتظار، ناظرین۔

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	وَ	يَتَعَلَّمُوْنَ	مَا	يَضُرُّهُمْ	وَلَا	يَنْفَعُهُمْ ؕ
مگر اللہ کے حکم سے	اور	وہ سب سیکھتے ہیں	جو	وہ اُنہیں نقصان دیتا	اور نہ	وہ اُنہیں نفع دیتا

وَ لَقَدْ	عَلِمُوْا	لَمَنِ	اشْتَرٰىهُ ❶	مَا لَهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ
اور البتہ تحقیق	ان سب نے جان لیا	البتہ جو	اسے خریدے	نہیں ہے اس کیلئے	آخرت میں

مِنْ خَلَاقٍ ❷ ۛ	وَ لَبِئْسَ	مَا شَرَوْا ❶	بِهٖٓ	اَنْفُسَهُمْ ؕ	لَوْ
کوئی حصہ	اور البتہ بُرا ہے	جو ان سب نے بیچ ڈالا	اس کے بدلے	اپنی جانوں کو	کاش

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ❸ (102)	وَ لَوْ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	وَ اتَّقَوْا
وہ سب جانتے ہوتے	اور اگر	بیشک وہ	سب ایمان لاتے	اور وہ سب پرہیزگار بن جاتے

ع 12 7 12

لَمَثُوْبَةٌ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	خَيْرٌ ؕ لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ❸ (103) ع	يٰٓاَيُّهَا
البتہ وہ ثواب (جو)	اللہ کی طرف سے (ملتا ہے)	بہتر ہے کاش	وہ سب جانتے ہوتے	اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَقُوْلُوْا	رَاعِنَا ❹	وَ قُوْلُوا	انْظُرْنَا
لوگو جو سب ایمان لائے ہو	مت تم سب کہو	ہماری رعایت کیجئے	اور تم سب کہو	ہمیں دیکھئے

ضروری وضاحت

❶ "اِشْتَرَاهُ" کا اصل معنی "ایک چیز دے کر اسکے بدلے دوسری چیز لینا" ہے اسلیے ترجمہ "خریدنا اور بیچنا" دونوں کر دیا جاتا ہے۔
❷ "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "وْا" اور "وْنَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔ ❹ لفظ "رَاعِنَا" کہنے سے اسلیے منع کیا گیا تھا کیونکہ یہودیوں نے اسے بدل کر "رَاعِيْنَا" کہنا شروع کر دیا تھا، جسکا معنی "ہمارے چرواہے" ہے

وَ اسْمَعُوْا ط	اور (یہ بات توجہ سے) سنو
وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (104)	اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (104)
مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	نہیں چاہتے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ لَا الْمُشْرِكِيْنَ	اہل کتاب میں سے اور نہ ہی مشرکین
اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ	کہ اُتاری جائے تم پر کوئی بھلائی
مِّنْ رَّبِّكُمْ ط	تمہارے رب کی طرف سے
وَ اللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ	اور اللہ خاص کرلیتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ
مَنْ يَّشَآءُ ط وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (105)	جس کو چاہتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ (105)
مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ	جو کوئی آیت ہم منسوخ کردیتے ہیں
اَوْ نُنْسِهَا	یا ہم اُسے بھلادیتے ہیں
نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ	ہم لے آتے ہیں (اس کی جگہ) اُس سے بہتر
اَوْ مِثْلِهَا ط اَلَمْ تَعْلَمْ	یا اُس جیسی کیا نہیں تم جانتے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِسْمَعُوْا : سماع، سمع وبصر، آلۂ سماعت۔
لِلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفّار۔
اَلِيْمٌ : رنج والم، المناک۔
يَوَدُّ : مودّت ومحبّت (چاہت)۔
يُّنَزَّلَ : شانِ نزول، نازل، منزّل من اللہ۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَخْتَصُّ : خاص، اختصاص، مختص، مخصوص۔

بِرَحْمَتِهٖ : رحمت رحم، مرحوم۔
يَّشَآءُ : ان شاءاللہ، ماشاءاللہ، مشیّتِ الٰہی۔
ذُوْ : ذوالجلال، ذواضعاف اقل، ذومعنٰی۔
نَنْسَخْ : نسخ، ناسخ، منسوخ
نُنْسِهَا : نسیان، نسیاً منسیا (بھولنا)۔
بِخَيْرٍ : خیر، خیریت، مخیّر حضرات۔
تَعْلَمْ : علم، عالم، معلوم۔

وَ اسْمَعُوْا ؕ	وَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (104)	مَا	يَوَدُّ ❶
اور تم سب سنو	اور	کافروں کیلئے	عذاب ہے	دردناک	نہیں	چاہتے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	وَ لَا	الْمُشْرِكِيْنَ	اَنْ	يُّنَزَّلَ ❶❷
جن سب نے کفر کیا	اہل کتاب میں سے	اور نہ	سب مشرک	یہ کہ	نازل کی جائے

عَلَيْكُمْ	مِّنْ خَيْرٍ ❸	مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ	وَ اللّٰهُ	يَخْتَصُّ ❶
تم پر	کوئی بھلائی	تمہارے رب کی طرف سے	اور اللہ	خاص کر لیتا ہے

بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَ اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (105)
اپنی رحمت کے ساتھ	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	بڑے فضل والا ہے

مَا نَنْسَخْ	مِنْ اٰيَةٍ ❸	اَوْ نُنْسِهَا	نَاْتِ ❹
جو ہم منسوخ کر دیتے ہیں	کوئی آیت	یا ہم بھلا دیتے ہیں اُسے	(تو اس کی جگہ) ہم لے آتے ہیں

بِخَيْرٍ ❺	مِّنْهَآ	اَوْ	مِثْلِهَا ؕ	اَ	لَمْ	تَعْلَمْ
بہتر	اُس سے	یا	اُس جیسی	کیا	نہیں	جانتا تو

ضروری وضاحت

❶علامت ''یَـ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❷جب ''یُـ'' پر پیش اور آخری حرف سے پہلے زبر ہو تو ترجمے میں ''کیا جاتا ہے یا کیا جائیگا'' کا مفہوم ہوتا ہے۔❸''مِنْ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔❹''نَاْتِ'' کا اصل ترجمہ ''ہم آتے ہیں'' ہے اگر اسکے بعد ''بـ'' ہو تو ترجمہ ''ہم لاتے ہیں'' ہوتا ہے۔❺یہاں ''بِـ'' کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿106﴾	بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿106﴾
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ	کیا نہیں تم جانتے کہ بیشک اللہ ہی کی بادشاہت ہے
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ مَا لَكُمْ	آسمانوں اور زمین میں اور نہیں ہے تمہارے لیے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿107﴾	اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿107﴾
اَمْ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا	کیا تم چاہتے ہو کہ تم سوالات (ومطالبات) کرو
رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى	اپنے رسول سے جیسا کہ موسیٰ سے سوالات کیے گئے
مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ	اس سے قبل اور جو اختیار کر لے کفر کو
بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ	ایمان کے بدلے تو تحقیق وہ بھٹک گیا
سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿108﴾ وَدَّ كَثِیْرٌ	سیدھے راستے سے۔ ﴿108﴾ چاہتے ہیں بہت سے
مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یَرُدُّوْنَكُمْ	اہل کتاب کاش وہ لوٹا دیں تمہیں
مِّنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚۖ	تمہارے ایمان لانے کے بعد کفر کی حالت میں
حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ	حسد کی وجہ سے (جو) اُن کے دلوں میں ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَسْـَٔلُوْا، سُىِٕلَ : سوال، سائل، مسئول، مسائل۔
شَیْءٍ : شے، اشیا۔	یَّتَبَدَّلِ : ردوبدل، تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
اَلسَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔	سَوَآءَ : مساوی، مساوات۔
اَلْاَرْضِ : ارضِ پاکستان، اراضی، کرّہٴ ارض۔	اَلسَّبِیْلِ : فی سبیل اللہ، سبیل نکالنا۔
وَّلِیٍّ : ولی، اولیا، ولایت، والی۔	وَدَّ : مودّت۔
نَصِیْرٍ : نصر، ناصر، منصور، نصرت، انصار۔	یَرُدُّوْنَكُمْ : ردّ، مردود، مرتدّ۔
تُرِیْدُوْنَ : ارادہ، مرید۔	عِنْدِ : عند اللہ، عند الطلب، عند الضرورت۔

اَنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (106)	اَلَمْ تَعْلَمْ	اَنَّ اللّٰهَ	لَهٗ مُلْكُ
بیشک اللہ	ہر چیز پر	قادر ہے	کیا نہیں تو جانتا	کہ بیشک اللہ	اس کیلئے ہے بادشاہت

السَّمٰوٰتِ ❶	وَ الْاَرْضِ	وَ مَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❷	مِنْ وَّلِيٍّ ❷	وَّ لَا
آسمانوں	اور زمین کی	اور نہیں	تمہارے لیے	اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ

نَصِيْرٍ (107)	اَمْ	تُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَسْـَٔلُوْا	رَسُوْلَكُمْ	كَمَا
کوئی مددگار	کیا	تم سب چاہتے ہو	یہ کہ	تم سب سوال کرو	اپنے رسول سے	جیسا کہ

سُئِلَ مُوْسٰى	مِنْ قَبْلُ	وَ مَنْ	يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ ❸	بِالْاِيْمَانِ	فَقَدْ
سوال کیے گئے موسیٰ سے	اس سے قبل	اور جو	بدل لے کفر کو	ایمان کے بدلے	تو تحقیق

ضَلَّ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ (108)	وَدَّ	كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ
وہ بھٹک گیا	سیدھے راستے سے	چاہتے ہیں	بہت سے اہل کتاب	کاش وہ سب لوٹا دیں تمہیں

مِّنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ ❷	كُفَّارًا	حَسَدًا	مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ
تمہارے ایمان لانے کے بعد	کفر کی حالت میں	حسد (کی وجہ سے)	اُن کے دلوں کی طرف سے

ضروری وضاحت

❶ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، جسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❷ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں، عربی سے اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے کبھی ایسا ہوجاتا ہے کہ ایک لفظ کی عربی میں موجودگی ضروری ہوتی ہے مگر اردو ترجمہ میں اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ یہاں علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

الثلثة

مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الۡحَقُّ ۚ	اس کے بعد کہ واضح ہوا اُن پر حق
فَاعۡفُوۡا وَاصۡفَحُوۡا	پس تم معاف کرتے رہو اور درگزر کردو
حَتّٰى يَاۡتِىَ اللّٰهُ بِاَمۡرِهٖ ؕ	یہاں تک کہ اللہ لائے اپنا (دوسرا) حکم
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿109﴾	بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿109﴾
وَ اَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ	اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو
وَ مَا تُقَدِّمُوۡا لِاَنۡفُسِكُمۡ مِّنۡ خَيۡرٍ	اور جو تم آگے بھیجو گے اپنے نفسوں کے لیے بھلائی
تَجِدُوۡهُ عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ	تم پاؤ گے اُس کا (ثواب) اللہ کے پاس
اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿110﴾	بیشک اللہ اُسکو جو تم عمل کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔ ﴿110﴾
وَ قَالُوۡا لَنۡ يَّدۡخُلَ الۡجَنَّةَ	اور (یہود و نصاریٰ) نے کہا ہرگز داخل نہ ہوگا جنت میں
اِلَّا مَنۡ كَانَ هُوۡدًا اَوۡ نَصٰرٰى ؕ	مگر وہ جو ہو یہودی یا نصرانی
تِلۡكَ اَمَانِيُّهُمۡ ؕ قُلۡ هَاتُوۡا	یہ اُن کی (جھوٹی) تمنائیں ہیں، تم کہو لاؤ
بُرۡهَانَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿111﴾	اپنی دلیل اگر ہو تم سچے۔ ﴿111﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَبَيَّنَ : بیان، بیّن دلیل مبیّنہ۔	عِنۡدَ : عندالطلب، عنداللہ، عندالوقوع۔
فَاعۡفُوۡا : عفوودرگزر، معافی۔	تَعۡمَلُوۡنَ : عمل، عامل، معمول۔
بِاَمۡرِهٖ : امر، آمر، مامور۔	بَصِيۡرٌ : بصارت، بصیرت، تبصرہ، مبصر۔
قَدِيۡرٌ : قادر، قدرت، قدیر۔	يَّدۡخُلَ : دخول، داخل، مدخل، وزیر داخلہ۔
اَقِيۡمُوا : قیام، مقیم، قائم مقام۔	قَالُوۡا، قُلۡ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
تُقَدِّمُوۡا : قدم، اقدام، تقدیم، مقدم۔	بُرۡهَانَكُمۡ : برھان (پکی اور قطعی دلیل)۔
تَجِدُوۡهُ : وجود، موجود۔	صٰدِقِيۡنَ : صدق، صادق، مصدوق، صداقت۔

الثُّلُثَة

مِّنۡ بَعۡدِ ❶	مَا تَبَیَّنَ ❶	لَهُمُ الۡحَقُّ ۚ ❷	فَاعۡفُوۡا	وَاصۡفَحُوۡا
اس کے بعد	کہ واضح ہوا	اُن پر حق	پس تم سب معاف کردو	اور تم سب درگزر کردو

حَتّٰی	یَاۡتِیَ ❸	اللّٰهُ	بِاَمۡرِهٖ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ	قَدِیۡرٌ ﴿109﴾	وَ
یہاں تک کہ	لائے	اللہ	اپنے حکم کو	بیشک اللہ	ہر چیز پر	قادر ہے	اور

اَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ	وَ اٰتُوا	الزَّکٰوةَ ؕ	وَ مَا	تُقَدِّمُوۡا	لِاَنۡفُسِکُمۡ
تم سب قائم کرو نماز	اور تم سب ادا کرو	زکوٰۃ	اور جو	تم سب آگے بھیجو گے	اپنی جانوں کیلئے

مِّنۡ خَیۡرٍ	تَجِدُوۡهُ	عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ	بَصِیۡرٌ ﴿110﴾
بھلائی سے	تم سب پاؤ گے اسے	اللہ کے پاس بیشک اللہ	اس کو جو	تم سب عمل کرتے ہو	دیکھ رہا ہے

وَ قَالُوۡا	لَنۡ یَّدۡخُلَ	الۡجَنَّةَ	اِلَّا مَنۡ کَانَ	هُوۡدًا	اَوۡ نَصٰرٰی ؕ
اور ان سب نے کہا	ہرگز نہیں وہ داخل ہوگا	جنت میں	مگر جو ہو	یہودی	یا نصرانی ہو

تِلۡكَ ❹	اَمَانِیُّهُمۡ ؕ	قُلۡ	هَاتُوۡا	بُرۡهَانَکُمۡ	اِنۡ کُنۡتُمۡ	صٰدِقِیۡنَ ﴿111﴾
یہ	اُن کی (جھوٹی) تمنائیں ہیں	تم کہو	تم سب لاؤ	اپنی دلیل	اگر ہو تم	سب سچے

ضروری وضاحت

❶ یہاں "مِنۡ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور جب "مَا" سے پہلے لفظ "بَعۡد" ہو تو اس "مَا" کا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔
❷ "لَهُمۡ" کا ترجمہ "انکے لیے" ہوتا ہے مگر یہاں ضرورتاً "پر" کیا گیا ہے۔ ❸ "یَاۡتِیۡ" کا ترجمہ "آئے" ہوتا ہے لیکن جب اسکے بعد "بِ" آجائے تو اسکا ترجمہ "لائے" کیا جاتا ہے۔ ❹ "تِلۡكَ" کا ترجمہ "وہ" ہے مگر ضرورتاً کبھی "یہ" بھی کردیا جاتا ہے۔

بَلٰی ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ	ہاں کیوں نہیں جو جھکا دے اپنا چہرہ اللہ کے لیے
وَ هُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ	اور وہ نیکی کرنیوالا بھی ہو تو اُس کیلئے اجر ہے اُسکا
عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	اُسکے رب کے پاس اور نہ کوئی خوف ہوگا ان پر
وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿112﴾ ع	اور نہ (ہی) وہ غمگین ہونگے۔ ع ﴿112﴾
وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰی	اور یہودیوں نے کہا نہیں ہیں نصارٰی
عَلٰی شَیْءٍ ۪ وَّ قَالَتِ النَّصٰرٰی	کسی چیز (دین) پر اور نصارٰی نے کہا
لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰی شَیْءٍ ۙ	نہیں ہیں یہودی کسی چیز (دین) پر
وَّ هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ	حالانکہ وہ کتاب کی تلاوت کرتے ہیں
كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ	اسی طرح کہی اُن لوگوں نے جو علم نہیں رکھتے
مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ	اِن جیسی بات پس اللہ فیصلہ فرمائے گا
بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا	اُن کے درمیان قیامت کے دن اُن (باتوں) میں جو
كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿113﴾	تھے اُس میں وہ اختلاف کرتے۔ ﴿113﴾

ع 13/9/13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَسْلَمَ : اسلام، مسلم۔	يَتْلُوْنَ : تلاوت۔
وَجْهَهٗ : وجیہ، توجہ، متوجہ۔	كَذٰلِكَ : کالعدم، کما حقہ۔
مُحْسِنٌ : احسان، محسن	مِثْلَ : مثل، مثال، مثلاً، مثالی۔
يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔	يَحْكُمُ : حکم، احکام، حاکم، محکوم۔
قَالَتِ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	بَيْنَهُمْ : بین الاقوامی، بین السطور۔
اَلنَّصٰرٰی : نصاری، نصرانیت۔	فِيْمَا، فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت
شَیْءٍ : شے، اشیا۔	يَخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف، مخالفت۔

بَلٰی ق	مَنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ	لِلّٰهِ	وَ هُوَ	مُحْسِنٌ	فَلَهٗٓ
ہاں کیوں نہیں	جو	جھکادے	اپنا چہرہ	اللہ کیلئے	اور وہ	نیکی کرنے والا ہو	تو اُس کیلئے

ع 13 9 13

اَجْرُهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ ص	وَ لَا	خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	وَ لَا	هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❶ ع (112)
اُسکا اجر ہے	اُسکے رب کے پاس	اور نہ	خوف ہوگا ان پر	اور نہ	وہ سب غمگین ہونگے

وَ قَالَتِ ❷	الْيَهُوْدُ	لَيْسَتِ ❷ النَّصٰرٰی	عَلٰی شَیْءٍ ص	وَّ قَالَتِ ❷	النَّصٰرٰی
اور کہا	یہودیوں نے	نہیں ہیں نصاریٰ	کسی چیز (دین) پر	اور کہا	نصاریٰ نے

لَيْسَتِ ❷ الْيَهُوْدُ	عَلٰی شَیْءٍ لا	وَّ	هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ❶ ط	كَذٰلِكَ
نہیں ہیں یہودی	کسی چیز (دین) پر	حالانکہ	وہ سب تلاوت کرتے ہیں کتاب کی	اسی طرح

قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	مِثْلَ قَوْلِهِمْ ج	فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ ❸
کہا	اُن لوگوں نے جو	نہیں	وہ سب علم رکھتے	اِن جیسی بات	پس اللہ	فیصلہ فرمائے گا

بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❹	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ (113)
اُن کے درمیان	قیامت کے دن	جس میں	وہ سب تھے	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے

ضروری وضاحت

❶ "هُمْ" اور علامت "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❷ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے، یہاں اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اس پر زیر آئی ہے۔ ❸ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس کا تعلق لفظ "اللّٰہ" سے ہے اور وہ اس سے قبل لفظاً موجود ہے۔ ❹ "ۃ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ	اور کون ہے بڑا ظالم اس سے جو روکے
مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا	اللہ کی مسجدوں سے کہ ذکر کیا جائے اُن میں
اسْمُهٗ وَ سَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ	اُسکے نام کا اور وہ کوشش کرے اُن کو ویران کرنے کی
اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ	ایسے لوگوں کیلئے (لائق) نہیں ہے
اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۬ؕ	کہ وہ داخل ہوں ان (مساجد) میں مگر ڈرتے ہوئے
لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ	اِن کے لیے دنیا میں رسوائی ہے
وَّ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿114﴾	اور اُن کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے۔ ﴿114﴾
وَ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ۗ	اور مشرق اور مغرب اللہ کے لیے ہیں
فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ	پس جدھر تم رُخ کرو گے تو اُدھر اللہ کی ذات ہے
اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿115﴾	بیشک اللہ تعالیٰ وسعت والا بہت علم والا ہے۔ ﴿115﴾
وَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ	اور اُنہوں نے کہا اللہ اولاد رکھتا ہے۔
سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا	وہ (ان باتوں سے) پاک ہے بلکہ اُسی کا ہے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَظْلَمُ	ظلم، ظالم، مظلوم۔	وَجْهُ	متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔
مَّنَعَ	منع، مانع، ممنوع، ممانعت۔	وَاسِعٌ	وسعت، وسیع۔
يُّذْكَرَ	ذکر، اذکار، مذکور، ذاکر، تذکرہ۔	عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
سَعٰى	سعی لاحاصل، سعی مشکور، مساعی جمیلہ	قَالُوْا	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
خَرَابِهَا	خراب، تخریب کاری۔	اِتَّخَذَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
يَّدْخُلُوْهَآ	داخل، دخول، مدخل، وزیر داخلہ۔	وَلَدًا	ولد، اولاد، ولادت، مولود۔
خَآئِفِيْنَ	خوف، خائف۔	سُبْحٰنَهٗ	سبحان اللہ، سبحان تیری قدرت۔

وَ مَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ ❶ مَّنَعَ	مَسٰجِدَ اللّٰهِ	اَنْ	يُّذْكَرَ ❷	فِيْهَا
اور کون ہے	بڑا ظالم	اس سے جو روکے	اللہ کی مسجدوں سے	یہ کہ	ذکر کیا جائے	اُن میں

اسْمُهٗ	وَ سَعٰى	فِيْ خَرَابِهَا ؕ	اُولٰٓئِكَ	مَا كَانَ لَهُمْ
اُس کا نام	اور وہ کوشاں رہے	اُن کو ویران کرنے میں	یہی لوگ ہیں	نہیں ہے (لائق) ان کیلئے

اَنْ	يَّدْخُلُوْهَآ	اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ	لَهُمْ	فِي الدُّنْيَا	خِزْيٌ
یہ کہ	وہ سب داخل ہوں اِن میں	مگر سب ڈرتے ہوئے	ان کیلئے	دنیا میں	رسوائی ہے

وَّ لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ ❸	عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿114﴾	وَ لِلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَ الْمَغْرِبُ ق
اور اُن کیلئے	آخرت میں	بڑا عذاب ہے	اور اللہ کیلئے ہیں	مشرق	اور مغرب

فَاَيْنَمَا	تُوَلُّوْا	فَثَمَّ	وَجْهُ اللّٰهِ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ ﴿115﴾
پس جدھر	تم سب رُخ کروگے	تو اُدھر	اللہ کی ذات ہے	بیشک اللہ	وسعت والا	باخبر ہے

وَ	قَالُوا	اتَّخَذَ اللّٰهُ ❹	وَلَدًا ۙ	سُبْحٰنَهٗ ❺ ؕ	بَلْ	لَّهٗ	مَا
اور	اُن سب نے کہا	اللہ رکھتا ہے	اولاد	وہ پاک ہے	بلکہ	اُسی کا ہے	جو

ضروری وضاحت

❶ یہ دراصل "مِنْ + مَنْ" کا مجموعہ ہے۔ "نْ" ساکن کے بعد اگر "م" آجائے تو "نْ" کو "م" میں داخل کرکے پڑھتے ہیں۔
❷ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "ۃ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ "اِتَّخَذَ" یہ لفظ "اَخَذَ" سے بنا ہے اسکا اصل ترجمہ "پکڑنا" ہے لیکن کبھی "بنانا" یا "رکھنا" بھی کردیا جاتا ہے۔ ❺ اس کا ترجمہ "اس کی پاکی ہے" بھی کیا جاتا ہے۔

فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	آسمانوں میں ہے اور زمین میں
كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ 116	تمام اسی کے فرمانبردار ہیں۔ 116
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	(وہی) موجد ہے آسمانوں اور زمین کا
وَ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا	اور جب وہ فیصلہ کرلے کسی کام کا
فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ 117	تو بیشک کہتا ہے اُسے ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ 117
وَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ	اور کہا اُن لوگوں نے جو نادان ہیں
لَوْ لَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ	کیوں نہیں بات کرتا ہم سے اللہ
اَوْ تَاْتِيْنَاۤ اٰيَةٌ ؕ	یا (کیوں نہیں) ہمارے پاس آتی کوئی نشانی
كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	اسی طرح کہا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے
مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ	اِن جیسی بات، بالکل ایک جیسے ہیں ان کے دل
قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ	تحقیق ہم نے بیان کر دی ہیں نشانیاں
لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ 118	ان لوگوں کے لیے (جو) یقین رکھتے ہیں۔ 118

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	قَبْلِهِمْ	قبل از غذا، چند دن قبل۔
اَلسَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ۔	كَذٰلِكَ	کالعدم، کماحقہ۔
بَدِيْعُ	بدعت، بدائع (نئی چیزیں)۔	تَشَابَهَتْ	متشابہ، مشابہت۔
قَضٰى	قضا، قاضی، قضائے اِلٰہی۔	قُلُوْبُهُمْ	حرکت قلب، امراض قلب، قلبی تعلق۔
اَمْرًا	امر، آمر، مامور، امور خارجہ۔	بَيَّنَّا	بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔
يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لِقَوْمٍ	قوم، اقوام متحدہ، اقوام عالم۔
يُكَلِّمُنَا	کلام، ہم کلام، کلمات۔	يُوْقِنُوْنَ	یقین، یقینِ محکم۔

فِي السَّمٰوٰتِ ❶	وَ الْاَرْضِ ؕ	كُلٌّ	لَّهٗ	قٰنِتُوْنَ (116)	بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ ❶
آسمانوں میں ہے	اور زمین میں	تمام	اُسی کیلئے	سب فرمانبردار ہیں	آسمانوں کا موجد ہے

وَ الْاَرْضِ ؕ	وَ اِذَا	قَضٰٓى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ	لَهٗ	كُنْ
اور زمین کا	اور جب	وہ فیصلہ کرلے	کسی کام کا	تو بیشک	وہ کہتا ہے	اس کو	ہوجا

فَيَكُوْنُ (117)	وَ قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	لَوْ لَا
تو وہ ہوجاتا ہے	اور کہا	اُن لوگوں نے جو	نہیں	وہ سب علم رکھتے	کیوں نہیں

يُكَلِّمُنَا ❷	اللّٰهُ	اَوْ	تَاْتِيْنَآ ❸	اٰيَةٌ ❶ ؕ	كَذٰلِكَ	قَالَ
بات کرتا ہم سے	اللہ	یا	(کیوں نہیں) آتی ہمارے پاس	کوئی نشانی	اسی طرح	کہا

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّثْلَ	قَوْلِهِمْ	تَشَابَهَتْ ❹	قُلُوْبُهُمْ ؕ
ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے تھے	مانند	اِن کے قول کے	بالکل ایک جیسے ہیں	ان کے دل

قَدْ بَيَّنَّا	الْاٰيٰتِ ❶	لِقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ (118)
تحقیق ہم نے بیان کردی ہیں	نشانیاں	اس قوم کیلئے (جو)	وہ سب یقین رکھتے ہیں

ضروری وضاحت

❶ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❷علامت "يَـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اسکا تعلق لفظ "اللہ" سے ہے اور وہ لفظاً موجود ہے۔ ❸ "تَـ" واحد مؤنث کے لیے ہے اور اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❹ "تـ" میں "مبالغے" کا مفہوم ہے اور "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا ترجمہ الگ کرنا ممکن نہیں۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ	بیشک ہم نے بھیجا ہے آپ کو حق کے ساتھ
بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۙ	خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر)
وَّ لَا تُسْئَلُ	اور آپ سے نہیں پوچھا جائے گا
عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿119﴾	جہنم والوں کے بارے میں۔ (119)
وَ لَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ	اور ہرگز راضی نہ ہونگے آپ سے یہودی
وَ لَا النَّصٰرٰى حَتّٰى	اور نہ ہی نصاریٰ یہاں تک کہ
تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ	آپ پیروی (نہ) کریں اُن کے دین کی
قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ	کہہ دیجیے بیشک اللہ کی ہدایت ہی (اصل) ہدایت ہے
وَ لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ	اور البتہ اگر تو نے پیروی کرلی اُن کی خواہشات کی
بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ	اِس کے بعد کہ جو آگیا تیرے پاس علم
مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ	(تو کوئی) نہ ہوگا آپ کو اللہ سے (بچانے والا)
مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴿120﴾	کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار۔ (120)

وقف منزل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَرْسَلْنٰكَ : رسول، رسالت، نبی مرسل، اِمام المرسلین۔
بَشِيْرًا : بشارت، بشیر، مبشر۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تُسْئَلُ : سوال، سائل، مسئول، مسائل۔
اَصْحٰبِ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔
تَرْضٰى : رضا، راضی، مرضی ۔
حَتّٰى : حتا کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔

تَتَّبِعَ : اِتّباع، تابع فرمان، تابعداری۔
مِلَّتَهُمْ : ملتِ بیضا، فردِ ملت، ملی ترانہ۔
قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
هُدٰى : ہدایت، ہادی۔
وَّلِيٍّ : ولی، اولیاء، والی۔
نَصِيْرٍ : نصر، ناصر، نصرت۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ ❶	بِالْحَقِّ	بَشِيْرًا	وَّ نَذِيْرًا ۙ	وَّ لَا
بیشک ہم نے آپ کو بھیجا ہے	حق کے ساتھ	خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	اور نہیں

تُسْئَلُ	عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿119﴾	وَ لَنْ	تَرْضٰى ❷
آپ سے پوچھا جائے گا	جہنم والوں کے بارے میں	اور ہرگز نہیں	راضی ہوں گے

عَنْكَ	الْيَهُوْدُ	وَ لَا	النَّصٰرٰى	حَتّٰى	تَتَّبِعَ	مِلَّتَهُمْ ؕ
آپ سے	یہودی	اور نہ	نصاریٰ	یہاں تک کہ	آپ پیروی کریں	اُن کے دین کی

قُلْ	اِنَّ	هُدَى اللّٰهِ	هُوَ الْهُدٰى ❸	وَ	لَئِنِ ❹
آپ کہہ دیجیے	بیشک	اللہ کی ہدایت	ہی (اصل) ہدایت ہے	اور	البتہ اگر

اتَّبَعْتَ	اَهْوَآءَهُمْ	بَعْدَ الَّذِيْ	جَآءَكَ	مِنَ الْعِلْمِ ۙ ❺
تو نے پیروی کرلی	اُن کی خواہشات کی	اِس کے بعد کہ جو	آ گیا تیرے پاس	علم

مَا	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ ❺	وَّ لَا	نَصِيْرٍ ﴿120﴾
(تو) نہیں (ہوگا)	آپ کیلئے	اللہ سے (بچانے والا)	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار

وقف منزل

ضروری وضاحت

❶ "اِنَّآ" میں "نَا" اور "اَرْسَلْنٰكَ" میں "نَا" دونوں کا ترجمہ "ہم نے" ہے۔ ❷ یہاں علامت "تَ" واحد مؤنث کے لیے ہے اور اسکا ترجمہ الگ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❸ "هُوَ" کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے، دونوں کا ترجمہ "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❹ یہ اصل میں "لَئِنْ" تھا، آگے ملاتے ہوئے "نِ" پر جزم کی بجائے زیر آئی ہے۔ ❺ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	وہ لوگ جنہیں ہم نے دی کتاب (تورات یا انجیل)
يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ	وہ اسکی تلاوت کرتے ہیں جو اسکی تلاوت کرنیکا حق ہے
اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ	وہی لوگ ایمان لاتے ہیں اس (قرآن) پر۔
وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ	اور جو انکار کرتا ہے اس (قرآن) کا
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ع ﴿121﴾ ع 14 9 14	تو وہی لوگ ہی نقصان اُٹھانے والے ہیں۔ ع ﴿121﴾
يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ	اے بنی اسرائیل یاد کرو میری (اس) نعمت کو
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَنِّيْ	جو میں نے انعام کی ہے تم پر اور بیشک میں نے
فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿122﴾	تم کو فضیلت دی ہے تمام جہان والوں پر۔ ﴿122﴾
وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ	اور ڈرو اس دن سے (کہ جب) نہ کام آئیگی
نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا	کوئی جان کسی (دوسری) جان کے کچھ بھی
وَّ لَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ	اور نہ ہی قبول کیا جائے گا اس سے کوئی بدلہ
وَّ لَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ	اور نہ ہی فائدہ پہنچائے گی اُسے کوئی سفارش

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتْلُوْنَهٗ : تلاوت۔
يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔
اَلْخٰسِرُوْنَ : خسارہ، خائب وخاسر، خسران۔
يٰبَنِيْٓ : ابن، محمد بن قاسم، ابن الوقت، متبنّٰی۔
اُذْكُرُوْا : ذکر، اذکار، مذکورہ، تذکرہ۔
نِعْمَتِيَ : نعمت، انعام، منعم۔
فَضَّلْتُكُمْ : فضیلت، فضل

اَلْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم، کفر، عالم برزخ۔
اِتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔
تَجْزِيْ : جزا، جزائے خیر۔
يُقْبَلُ : قبول، قبولیّت مقبول، اقبال۔
تَنْفَعُهَا : نفع بخش، منافع خور، منفعت۔
عَدْلٌ : عدل، عدالت، عادل۔
شَفَاعَةٌ : شفاعت، شافع محشر۔

اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَتْلُوْنَهٗ	حَقَّ
وہ لوگ جو	ہم نے دی ان کو	کتاب	وہ سب تلاوت کرتے ہیں اس کی	(جو) حق ہے

تِلَاوَتِهٖ ؕ	اُولٰٓئِكَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ ؕ	وَ مَنْ	يَّكْفُرْ بِهٖ ❶
اس کی تلاوت کا	وہی لوگ	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور جو	انکار کرتا ہے اس کا

ع 14 9 14

فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ❷ ﴿121﴾ ع	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا
تو وہی لوگ	ہی سب نقصان اُٹھانے والے ہیں	اے اولاد اسرائیل	تم سب یاد کرو

نِعْمَتِيَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَ	اَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ ❸
میری نعمت	(وہ) جو	میں نے انعام کی	تم پر	اور	بیشک میں نے فضیلت دی تم کو

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿122﴾	وَ اتَّقُوْا	يَوْمًا	لَّا تَجْزِيْ ❹	نَفْسٌ	عَنْ نَّفْسٍ
جہان والوں پر	اور تم سب ڈرو	اس دن سے	نہ کام آئیگی	کوئی جان	کسی جان کے

شَيْـًٔا	وَّ لَا	يُقْبَلُ ❶	مِنْهَا عَدْلٌ	وَّ لَا	تَنْفَعُهَا ❹	شَفَاعَةٌ ❺
کچھ بھی	اور نہ	قبول کیا جائے گا	اس سے کوئی بدلہ	اور نہ	فائدہ پہنچائے گی اُسے	کوئی سفارش

ضروری وضاحت

❶ اردو ترجمہ کرتے ہوئے "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "هُمُ" کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے، دونوں کا ترجمہ "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❸ "یْ" اور "تُ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "میں نے" ہے اور ایسا تاکید کے لیے کیا جاتا ہے۔
❹ "تَ" واحد مؤنث کی ہے، یہاں ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔

وَّ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿123﴾	اور نہ ہی وہ مدد کیے جائیں گے۔ ﴿123﴾
وَ اِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ	اور جب آزمایا ابراہیم کو اس کے رب نے
بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ	چند باتوں سے تو اس نے پورا کر دیا اُن کو
قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ	فرمایا (اللہ نے) بیشک میں بنانے والا ہوں تجھے
لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ	لوگوں کا پیشوا انہوں نے کہا اور میری اولاد سے بھی
قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿124﴾	فرمایا نہیں پہنچے گا میرا عہد (اقرار) ظالموں کو۔ ﴿124﴾
وَ اِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ	اور جب ہم نے بنایا بیت اللہ کو لوگوں کیلئے مرکز
وَ اَمْنًا ؕ وَ اتَّخِذُوْا	اور اَمن (کی جگہ) اور (حکم دیا کہ) تم بناؤ
مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ	مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ
وَ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ	اور ہم نے حکم دیا ابراہیم اور اسماعیل کو
اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ	کہ تم دونوں پاک کر دو میرے گھر کو
لِلطَّآئِفِيْنَ وَ الْعٰكِفِيْنَ	طواف کرنیوالوں اور اعتکاف کرنیوالوں کیلئے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُنْصَرُوْنَ : نصر، نصرت، منصور، ناصر۔	اَلظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اِبْتَلٰٓى : دورِ اِبتلا، مبتلا۔	اَمْنًا : امن، بدامنی، امین۔
بِكَلِمٰتٍ : کلمہ، کلام، کلامت، متکلم، کلیم اللہ۔	اِتَّخِذُوْا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
فَاَتَمَّهُنَّ : تمام شد، تمام تر، تمام کائنات، اِتمام۔	اِلٰٓى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس۔	طَهِّرَا : طاہر، طہارت، ازواجِ مطہرات۔
اِمَامًا : امام، امامت، اِمامِ اعظم، ائمہ کرام۔	لِلطَّآئِفِيْنَ : طواف۔
عَهْدِىْ : عہد و معاہدہ، عہد و پیماں۔	اَلْعٰكِفِيْنَ : اعتکاف معتکف۔

وَ لَا	هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿123﴾	وَ	اِذِ	ابْتَلٰٓى	اِبْرٰهٖمَ	رَبُّهٗ
اور نہ	وہ سب مدد کیے جائیں گے	اور	جب	آزمایا	ابراہیم کو	اس کے رب نے

بِكَلِمٰتٍ ❶	فَاَتَمَّهُنَّ ؕ	قَالَ	اِنِّىْ	جَاعِلُكَ
چند باتوں سے	تو اس نے پورا کردیا اُن کو	(اللہ نے) فرمایا	بیشک میں	تجھے بنانے والا ہوں

لِلنَّاسِ	اِمَامًا ؕ	قَالَ	وَ مِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ	قَالَ	لَا يَنَالُ ❷	عَهْدِى
لوگوں کا	امام	اس نے کہا	اور میری اولاد سے (بھی)	فرمایا	نہیں پہنچے گا	میرا عہد

الظّٰلِمِيْنَ ﴿124﴾	وَ اِذْ جَعَلْنَا	الْبَيْتَ	مَثَابَةً لِّلنَّاسِ ❶	وَ اَمْنًا ؕ	وَ اتَّخِذُوْا ❸
ظالموں کو	اور جب ہم نے بنایا	بیت اللہ کو	مرکز لوگوں کیلیۓ	اور اَمن (کی جگہ)	اور تم سب پکڑو

مِنْ مَّقَامِ ❹ اِبْرٰهٖمَ	مُصَلًّى ؕ	وَ عَهِدْنَآ ❺	اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ	وَ اِسْمٰعِيْلَ
مقام ابراہیم کو	نماز پڑھنے کی جگہ	اور ہم نے حکم دیا	ابراہیم کو	اور اسماعیل کو

اَنْ طَهِّرَا	بَيْتِىَ	لِلطَّآئِفِيْنَ	وَ الْعٰكِفِيْنَ
یہ کہ تم دونوں پاک کرو	میرے گھر کو	طواف کرنیوالوں کیلیۓ	اور اعتکاف کرنیوالوں (کے لیے)

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❷علامت "یـ" کا تعلق "عَهْدِىْ" سے ہے اس کی موجودگی میں "یـ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ اس سے مراد "بناؤ" ہے۔ ❹ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ ضرورتاً "کو" کیا گیا ہے۔ ❺ اس کا اصل ترجمہ "ہم نے عہد کیا" ہے لیکن مراد "ہم نے حکم دیا" ہے۔

وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ (125)	اور رکوع کرنیوالوں، سجدہ کرنیوالوں کے لیے۔ (125)
وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ	اور جب کہا ابراہیم نے اے میرے رب بنا دے
هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّ ارْزُقْ اَهْلَهٗ	اسے اَمن والا شہر اور رزق دے اسکے رہنے والوں کو
مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ	پھلوں سے جو ایمان لائے اُن میں سے
بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ	اللہ اور آخرت کے دن پر
قَالَ وَ مَنْ كَفَرَ	فرمایا (اللہ نے) اور جو کفر کرے
فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ	تو میں فائدہ پہنچاؤں گا اُسے تھوڑا سا پھر
اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ	میں کھینچ لاؤں گا اُسے دوزخ کے عذاب کی طرف
وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ (126)	اور (وہ) بُرا ٹھکانہ ہے۔ (126)
وَ اِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ	اور جب بلند کر رہے تھے ابراہیم بنیادیں
مِنَ الْبَيْتِ وَ اِسْمٰعِيْلُ ؕ	بیت اللہ کی اور اسماعیل بھی (اور وہ دعا کر رہے تھے)
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ	اے ہمارے رب قبول فرما ہم سے (یہ خدمت)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلرُّكَّعِ : رکوع وسجود، رکعت۔	اَضْطَرُّهٗ : اضطراری کیفیت، مضطر۔
هٰذَا : ہذا من فضل ربی، حامل ہذا، لہٰذا۔	اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
بَلَدًا : بلدیہ، بلادِ عرب، عرض بلد، طول بلد۔	اَلنَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
اُرْزُقْ : رزق، رازِق، رزّاق۔	يَرْفَعُ : رفع، مرتفع، رفعت۔
اَهْلَهٗ : اہل وعیال، اہلِ جنت، اہلِ دوزخ۔	اَلْقَوَاعِدَ : قاعدہ، قواعد۔
اَلثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرہ، ثمرات۔	مِنَ، مِنَّا : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
فَاُمَتِّعُهٗ : مال ومتاع، متاع کارواں	تَقَبَّلْ : قبول، مقبول قبولیّت۔

وَ الرُّكَّعِ	السُّجُوْدِ (125)	وَ اِذْ قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّ ❶
اور رکوع کرنے والوں	سجدہ کرنے والوں (کیلئے)	اور جب کہا	ابراہیمؑ نے	(اے میرے) رب

اجْعَلْ	هٰذَا بَلَدًا	اٰمِنًا	وَّ ارْزُقْ	اَهْلَهٗ	مِنَ الثَّمَرٰتِ	مَنْ
تو بنادے	اِس شہر کو	امن والا	اور تو رزق دے	اسکے رہنے والوں کو	پھلوں سے	جو

اٰمَنَ	مِنْهُمْ	بِاللّٰهِ	وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ	قَالَ	وَ مَنْ كَفَرَ
ایمان لایا	اُن میں سے	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر	اس نے فرمایا	اور جو کفر کرے گا

فَاُمَتِّعُهٗ	قَلِيْلًا	ثُمَّ	اَضْطَرُّهٗۤ	اِلٰى عَذَابِ
تو میں فائدہ پہنچاؤں گا اُسے	تھوڑا سا	پھر	میں کھینچ لاؤں گا اُسے	عذاب کی طرف

النَّارِ ؕ	وَ بِئْسَ	الْمَصِيْرُ (126)	وَ اِذْ	يَرْفَعُ ❷	اِبْرٰهٖمُ	الْقَوَاعِدَ
آگ کے	اور (وہ) بُرا	ٹھکانہ ہے	اور جب	بلند کر رہے تھے	ابراہیم	بنیادیں

مِنَ الْبَيْتِ ❸	وَ اِسْمٰعِيْلُ ؕ	رَبَّنَا	تَقَبَّلْ ❹	مِنَّا ؕ
بیت اللہ کی	اور اسماعیل (بھی)	(یہ دعا کر رہے تھے) اے ہمارے رب	تو قبول فرما	ہم سے

ضروری وضاحت

❶ یہ اصل میں "یَارَبِّیْ" تھا، اسی لیے "یْ" کا ترجمہ "میرے رب" کیا گیا ہے۔ ❷ "یَـ" کا تعلق لفظ "اِبْرَاهِيْمُ" سے ہے اس کی موجودگی میں اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے لیکن یہاں ضرورتاً "کی" کیا گیا ہے۔ ❹ علامت "تـ" اور "شد" میں "کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔

اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿127﴾	بے شک تو ہی سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿127﴾
رَبَّنَا وَ اجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ	اے ہمارے رب اور بنا ہم دونوں کو فرمانبردار اپنا
وَ مِنۡ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ ۖ	اور ہماری اولاد میں سے ایک گروہ اپنا فرمانبردار (بنا)
وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا	اور ہمیں دکھا (سکھا) ہماری عبادت کے طریقے
وَ تُبۡ عَلَيۡنَا ۚ	اور تو ہم پر متوجہ ہو (ہماری توبہ قبول فرما)
اِنَّكَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿128﴾	بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ ﴿128﴾
رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِيۡهِمۡ	اے ہمارے رب اور بھیج ان میں
رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ	ایک رسول ان ہی میں سے
يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِكَ	(جو) تلاوت کرے ان پر تیری آیتیں
وَ يُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَ الۡحِكۡمَةَ	اور وہ تعلیم دے انہیں کتاب وحکمت کی
وَ يُزَكِّيۡهِمۡ ؕ	اور وہ انہیں پاک کرے
اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿129﴾ ع	بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے۔ ﴿129﴾ ع

ع 15 8 15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلسَّمِيۡعُ	سماعت، سمع وبصر، محفل سماع۔	اِبۡعَثۡ	بعثت نبوی، مبعوث، باعث۔
اَلۡعَلِيۡمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	فِيۡهِمۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
ذُرِّيَّتِنَآ	ذرّیتِ آدم۔	مِّنۡهُمۡ	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
اَرِنَا	رؤیتِ ہلال کمیٹی، غیر مرئی۔	يَتۡلُوۡا	تلاوت۔
مَنَاسِكَنَا	مناسکِ حج۔	يُعَلِّمُهُمُ	علم، تعلیم، معلّم، متعلّم، معلومات۔
تُبۡ	توبہ، تائب۔	اَلۡحِكۡمَةَ	حکمت ودانائی، حکیم۔
عَلَيۡنَا	علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	يُزَكِّيۡهِمۡ	تزکیہ، زکاۃ۔

اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ ❶	الْعَلِيْمُ (127)	رَبَّنَا	وَ اجْعَلْنَا	مُسْلِمَيْنِ
بے شک تو ہی سننے والا	جاننے والا ہے	اے ہمارے رب	اور تو بنا ہمیں	دونوں کو فرمانبردار

لَكَ	وَ	مِنْ ذُرِّيَّتِنَآ	اُمَّةً ❷	مُّسْلِمَةً ❷	لَّكَ ص	وَ اَرِنَا
اپنے لیے	اور	ہماری اولاد میں سے	ایک گروہ	فرمانبردار (بنا)	اپنے لیے	اور دکھا ہمیں

مَنَاسِكَنَا	وَ تُبْ	عَلَيْنَا ج	اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ ❶
ہماری عبادت کے طریقے	اور تو متوجہ ہو	ہم پر	بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ (128)	رَبَّنَا	وَ ابْعَثْ	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ
بڑا مہربان ہے	اے ہمارے رب	اور تو بھیج	ان میں	ایک رسول	انہی میں سے

يَتْلُوْا ❸	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِكَ	وَ	يُعَلِّمُهُمُ	الْكِتٰبَ
وہ تلاوت کرے	ان پر	تیری آیتیں	اور	وہ انہیں تعلیم دے	کتاب کی

ع 15 8 15

وَ الْحِكْمَةَ ❷	وَ	يُزَكِّيْهِمْ ط	اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ ❶	الْحَكِيْمُ ع (129)
اور حکمت کی	اور	وہ پاک کرے انہیں	بیشک تو ہی غالب	حکمت والا ہے

ضروری وضاحت

❶ یہاں "كَ" اور "اَنْتَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "تو" ہے اور اسکے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے آیا ہے، اسکا ترجمہ "ہی" کیا گیا ہے اور تمام کا ترجمہ "بیشک تو ہی" ہے۔ ❷ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔
❸ "يَتْلُوْا" کے آخر میں "وْا" جمع کی علامت نہیں بلکہ "وْ" لفظ کا حصہ ہے، اور "ا" قرآنی کتابت میں اسی طرح زائد ہے۔

وَ مَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ	اور کون ہے (جو) منہ موڑے دینِ ابراہیم سے
اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ	مگر (وہ) جو بیوقوف بنائے اپنے آپ کو
وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ	اور البتہ تحقیق ہم نے چن لیا ہے اُسے دنیا میں
وَ اِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿130﴾	اور بیشک وہ آخرت میں یقیناً نیکوں میں سے ہوگا ﴿130﴾
اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ	جب کہا اسکو اس کے رب نے فرمانبردار ہو جا
قَالَ اَسْلَمْتُ	اس نے کہا میں فرمانبردار ہو گیا
لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿131﴾	تمام جہانوں کے رب کا۔ ﴿131﴾
وَ وَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ	اور وصیّت کی اس (دین) کی ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو
وَ يَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ	اور یعقوب نے (اپنے بیٹوں کو) اے میرے بیٹو !
اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ	بیشک اللہ نے انتخاب کیا ہے تمہارے لیے دین
فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ؕ ﴿132﴾	تو تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حال میں کہ تم مسلمان ہو۔ ﴿132﴾
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ	کیا تم تھے گواہ جب آئی یعقوب پر موت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّرْغَبُ : رغبت، راغب، مرغوب۔

مِّلَّةِ : ملت بیضا، ملت ابراہیم، ملی ترانہ۔

نَفْسَهٗ : نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفّس۔

اِصْطَفَيْنٰهُ : مصطفیٰ، ہم مصطفوی ہیں۔

فِي : فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔

اَلْاٰخِرَةِ : یومِ آخرت، اخروی زندگی۔

اَسْلِمْ : اسلام، مسلم۔

اَلْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم برزخ، عالم کفر۔

وَصّٰى : وصیت، وصیت نامہ۔

بَنِيْهِ، يٰبَنِيَّ : ابن، بن لادن، ابن الوقت، متبنّٰی۔

فَلَا : لامحالہ، لاتعداد، لاجواب، لاعلاج۔

تَمُوْتُنَّ : موت، میّت۔

شُهَدَآءَ : شاہد، شہادت۔

حَضَرَ : حاضر، تناول ماحضر۔

وَ مَنْ	يَّرْغَبُ ❶	عَنْ مِّلَّةِ ❷ اِبْرٰهٖمَ	اِلَّا مَنْ	سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ	وَلَقَدِ
اور کون ہے	وہ منہ موڑے	دینِ ابراہیم سے	مگر جو	بیوقوف بنائے اپنے آپ کو	اور البتہ تحقیق

اصْطَفَيْنٰهُ	فِی الدُّنْيَا ۚ	وَ اِنَّهٗ	فِی الْاٰخِرَةِ ❷	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿130﴾
ہم نے چن لیا ہے اُسے	دنیا میں	اور بیشک وہ	آخرت میں	یقیناً نیکوں میں سے ہوگا

اِذْ قَالَ	لَهٗ	رَبُّهٗٓ	اَسْلِمْ ❸ ۙ	قَالَ	اَسْلَمْتُ
جب کہا	اس کو	اس کے رب نے	تو فرمانبردار ہوجا	اس نے کہا	میں فرمانبردار ہوگیا

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿131﴾	وَ وَصّٰى بِهَآ	اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ	وَ يَعْقُوْبُ ؕ
تمام جہانوں کے رب کیلئے	اور وصیّت کی اس کی	ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو	اور یعقوب نے (بھی)

يٰبَنِیَّ	اِنَّ اللّٰهَ	اصْطَفٰى	لَكُمُ الدِّيْنَ	فَلَا	تَمُوْتُنَّ ❹	اِلَّا
اے میرے بیٹو!	بیشک اللہ نے	چن لیا ہے	تمہارے لیے دین کو	تو نہ	تم ہرگز مرنا	مگر

وَ اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ ؕ ﴿132﴾	اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ	اِذْ حَضَرَ	يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ
اس حال میں کہ تم	سب فرمانبردار ہو	کیا تم تھے گواہ	جب آئی	یعقوب پر موت

ضروری وضاحت

❶ ''يَرْغَبُ'' کا اصل ترجمہ ''رغبت کرتا ہے'' ہے لیکن اگر اس کے بعد ''عَنْ'' ہو تو پھر اس کا ترجمہ ''بے رغبتی کرتا ہے'' یا ''منہ موڑتا ہے'' کیا جاتا ہے۔ ❷ ''ة'' واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں ''أ'' اور آخر میں جزم ہو تو اس میں ''حکم کا مفہوم'' ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے آخر میں ''نَّ'' تاکید کے لیے ہوتا ہے۔

اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ	جب کہا انہوں نے اپنے بیٹوں سے
مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ	کس کی تم عبادت کرو گے میرے بعد
قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ	وہ کہنے لگے ہم عبادت کریں گے تیرے معبود کی
وَ اِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ	اور تیرے آباء واجداد ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ کے معبود کی
وَ اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ	اور اسحاقؑ کے (یعنی) ایک معبود کی
وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ (133)	اور ہم اُسی کے فرمانبردار ہیں۔ (133)
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ	وہ ایک گروہ تھا (جو) یقیناً گزر چکا ہے
لَهَا مَا كَسَبَتْ	اس کے لیے ہے جو اس نے کمایا
وَ لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ	اور تمہارے لیے ہے جو تم نے کمایا
وَ لَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا	اور نہیں تم پوچھے جاؤ گے اُس کے بارے میں جو
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (134) وَ قَالُوْا	وہ کرتے تھے۔ (134) اور وہ کہتے ہیں
كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ	ہو جاؤ یہودی یا نصرانی تم ہدایت پا جاؤ گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	اُمَّةٌ	اُمتی، اُمت، سابقہ اُمم۔
لِبَنِيْهِ	ابن، بن لادن، ابن الوقت، متبنّٰی۔	مَا	ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔
تَعْبُدُوْنَ	عبادت، عابد، معبود۔	كَسَبَتْ	کسب حلال، کسبی۔
بَعْدِيْ	بعد از نماز، بعد از طعام۔	تُسْئَلُوْنَ	سوال، سائل، مسئول۔
اِلٰهَكَ	اِلٰہ، اِلٰہ العالمین، الوہیّت۔	يَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
اٰبَآئِكَ	آباء واجداد، آبائی وطن، آبائی پیشہ۔	هُوْدًا	یہودی، یہود ونصاریٰ۔
وَّاحِدًا	واحد، توحید، وحدت، وحدانیّت۔	تَهْتَدُوْا	ہدایت، ہادیٔ برحق۔

اِذْ قَالَ	لِبَنِيْهِ ❶	مَا تَعْبُدُوْنَ	مِنْۢ بَعْدِيْ ❷ ط	قَالُوْا
جب اس نے کہا	اپنے بیٹوں سے	کس کی تم سب عبادت کروگے	میرے بعد	ان سب نے کہا

نَعْبُدُ	اِلٰهَكَ	وَ اِلٰهَ اٰبَآىِٕكَ	اِبْرٰهٖمَ	وَ
ہم عبادت کریں گے	تیرے معبود کی	اور تیرے آباء و اجداد کے معبود کی	ابراہیمؑ	اور

اِسْمٰعِيْلَ	وَ اِسْحٰقَ	اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ	وَّ نَحْنُ	لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ (133)
اسماعیل	اور اسحاق کے	ایک معبود کی	اور ہم	اس کے لیے	سب فرمانبردار ہیں

تِلْكَ اُمَّةٌ ❸	قَدْ خَلَتْ ۚ ❸	لَهَا	مَا كَسَبَتْ ❸	وَ	لَكُمْ	مَّا
وہ ایک گروہ تھا	(جو) یقیناً گزر چکا ہے	اس کیلئے	جو اس نے کمایا	اور	تمہارے لیے	جو

كَسَبْتُمْ ۚ	وَ لَا	تُسْـَٔلُوْنَ	عَمَّا ❹	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❺ (134)
تم سب نے کمایا	اور نہیں	تم سب پوچھے جاؤ گے	اُس کے بارے میں جو	تھے وہ سب کرتے

وَ قَالُوْا	كُوْنُوْا	هُوْدًا	اَوْ	نَصٰرٰى	تَهْتَدُوْا ط
اور ان سب نے کہا	تم سب ہو جاؤ	یہودی	یا	نصرانی	تم سب ہدایت پا جاؤ گے

ضروری وضاحت

❶ جب ''لِ'' ''قَالَ'' کے بعد آئے تو اس کا ترجمہ ''کے لیے'' کی بجائے ''سے'' کیا جاتا ہے۔ ❷ ''مِنْ'' کے بعد اگر لفظ ''بَعْدِ'' ہو تو ''مِنْ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ ''ة'' اور ''تْ'' مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہ ''عَنْ + مَا'' کا مجموعہ ہے۔ ❺ یہاں ''وْا'' اور ''وْنَ'' دونوں علامتوں کا ترجمہ ''سب'' کیا گیا ہے۔

قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ	کہہ دیجیے بلکہ (ہم تو) ابراہیم کے دین پر ہیں (جو)
حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿135﴾	سیدھی راہ پر تھے اور وہ نہیں تھے مشرکوں سے۔ ﴿135﴾
قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ	(مسلمانو) کہو ہم ایمان لائے اللہ پر
وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ مَآ اُنْزِلَ	اور جو اُتارا گیا ہماری طرف اور جو اُتارا گیا
اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ	ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق کی طرف
وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ	اور یعقوب اور (اس کی) اولاد پر
وَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰى	اور جو دیا گیا موسیٰ اور عیسیٰ کو
وَ مَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ	اور جو دیا گیا نبیوں کو اُن کے رب کی طرف سے
لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ	نہیں ہم تفریق کرتے کسی ایک کے درمیان
مِّنْهُمْ ۖ وَ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿136﴾	اُن میں سے اور ہم اُسی کے فرمانبردار ہیں۔ ﴿136﴾
فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ	پس اگر وہ ایمان لائیں جیسے تم ایمان لائے ہو اس پر
فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا	تو یقیناً وہ ہدایت پا گئے اور اگر وہ انحراف کریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ، قُوْلُوْٓا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	اُنْزِلَ : نزول، نازل، انزال۔
بَلْ : بلکہ۔	اِلَيْنَا، اِلٰٓى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
مِلَّةَ : ملّت آدم، ملت بیضا، ملی ترانہ۔	اَلْاَسْبَاطِ : سبط، سبطین (دو پوتے یا دونواسے)
حَنِيْفًا : دین حنیف۔	نُفَرِّقُ : فرق، فرقہ، تفرقہ، فریق، تفریق۔
مِنَ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	بَيْنَ : بین السطور، بین الاقوامی، بین بین۔
اَلْمُشْرِكِيْنَ : شرک، مشرک، شراکت، شریک۔	مُسْلِمُوْنَ : مسلم، اسلام، سلامت۔
اٰمَنَّا، اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔	اِهْتَدَوْا : ہدایت، ہادی برحق۔

قُلْ	بَلْ	مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ❶	حَنِيْفًا ط	وَ مَا	كَانَ
آپ کہہ دیں	بلکہ (ہم تو)	ابراہیم کے دین پر ہیں	سیدھی راہ والے	اور نہیں	تھے

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (135)	قُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا بِاللّٰهِ	وَ مَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْنَا	وَ مَآ
مشرکوں میں سے	تم سب کہو	ہم ایمان لائے اللہ پر	اور جو	اُتارا گیا	ہماری طرف	اور جو

اُنْزِلَ	اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ	وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ	وَ يَعْقُوْبَ	وَ الْاَسْبَاطِ	وَمَآ اُوْتِيَ
اتارا گیا	ابراہیم کی طرف	اور اسماعیل اور اسحاق	اور یعقوب	اور (اس کی) اولاد پر	اور جو دیا گیا

مُوْسٰى وَ عِيْسٰى	وَ مَآ اُوْتِيَ	النَّبِيُّوْنَ	مِنْ رَّبِّهِمْ ج	لَا نُفَرِّقُ
موسیٰ اور عیسیٰ	اور جو دیا گیا	نبیوں کو	اُنکے رب کی طرف سے	نہیں ہم تفریق کرتے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ز صلے	وَ نَحْنُ	لَهٗ مُسْلِمُوْنَ (136)	فَاِنْ اٰمَنُوْا❷
کسی ایک کے درمیان اُن میں سے	اور ہم	اُسکے سب فرمانبردار ہیں	پس اگر وہ سب ایمان لائیں

بِمِثْلِ❸ مَآ	اٰمَنْتُمْ بِهٖ	فَقَدِ	اهْتَدَوْا ج	وَ اِنْ تَوَلَّوْا❹
اس کی مثل جو	تم ایمان لائے ہو اس پر	تو یقیناً	وہ سب ہدایت پا گئے	اور اگر وہ سب انحراف کریں

ضروری وضاحت

❶"ةَ" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔❷"اٰمَنُوْا" کی میم پر زبر ہو تو ترجمہ "وہ سب ایمان لائے" اور اگر زیر ہو تو ترجمہ "تم سب ایمان لاؤ" ہوتا ہے۔❸ یہاں "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❹"تَوَلَّوْا" کی "تَ" اور "ـَّ" میں "کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔

فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ	تو بیشک وہ (دراصل) ہٹ دھرمی میں (پڑگئے ہیں)
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ	پس عنقریب کافی ہوگا تجھے اُن سے اللہ
وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ؕ (137)	اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ (137)
صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ	اللہ کا رنگ (اپناؤ) اور کون
اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫	زیادہ اچھا ہوسکتا ہے اللہ سے رنگ میں
وَّ نَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ (138)	اور ہم اُسی کی عبادت کرنے والے ہیں (138)
قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ	کہہ دو کیا تم جھگڑتے ہو ہم سے اللہ کے بارے میں
وَ هُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ۚ	حالانکہ وہ ہمارا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے
وَ لَنَآ اَعْمَالُنَا	اور ہمارے لیے ہمارے اعمال
وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ	اور تمہارے لیے تمہارے اعمال
وَ نَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ۙ (139)	اور ہم اس کیلئے ہی خالص (عبادت) کرنیوالے ہیں (139)
اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ	کیا تم کہتے ہو بیشک ابراہیم اور اسماعیل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ : کافی، کفایت۔
وَ : مال ودولت، شان وشوکت، عفو ودرگزر۔
اَلسَّمِيْعُ : سماعت، سامعین۔
اَلْعَلِيْمُ : علم، عالم، معلوم۔
اَحْسَنُ : احسن، حسن، حسین۔
مِنَ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔

عٰبِدُوْنَ : عبادت، عابد، معبود۔
قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
رَبُّنَا : رب، ربوبیّت، اربابِ اقتدار۔
تُحَآجُّوْنَنَا : حجت، احتجاج، احتجاجی مظاہرہ۔
اَعْمَالُنَا : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
مُخْلِصُوْنَ : خلوص، خالص، مخلص۔
تَقُوْلُوْنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔

فَاِنَّمَا	هُمْ	فِيْ شِقَاقٍ ج	فَسَيَكْفِيْكَهُمُ ❶	اللّٰهُ ج	وَ
تو بیشک	وہ سب	ضد میں ہیں	پس عنقریب کافی ہوگا تجھے اُن سے	اللہ	اور

هُوَ السَّمِيْعُ ❷	الْعَلِيْمُ ط (137)	صِبْغَةَ ❸ اللّٰهِ ج	وَ مَنْ اَحْسَنُ	مِنَ اللّٰهِ
وہی سننے والا	جاننے والا ہے	اللہ کا رنگ (اپناؤ)	اور کون زیادہ اچھا ہوسکتا ہے	اللہ سے

صِبْغَةً ❸ ز وَّنَحْنُ	لَهٗ عٰبِدُوْنَ (138)	قُلْ	اَتُحَآجُّوْنَنَا
رنگ میں اور ہم	اُسی کی سب عبادت کرنے والے ہیں	آپ کہہ دیں	کیا تم سب جھگڑتے ہو ہم سے

فِي اللّٰهِ	وَ هُوَ	رَبُّنَا	وَ رَبُّكُمْ ج	وَ	لَنَآ
اللہ (کے بارے) میں	حالانکہ وہ	ہمارا رب ہے	اور تمہارا بھی رب ہے	اور	ہمارے لیے

اَعْمَالُنَا	وَ	لَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ ج	وَ	نَحْنُ	لَهٗ ❹
ہمارے اعمال	اور	تمہارے لیے	تمہارے اعمال	اور	ہم	اس کیلئے

مُخْلِصُوْنَ لا (139)	اَمْ	تَقُوْلُوْنَ	اِنَّ اِبْرٰهٖمَ	وَ اِسْمٰعِيْلَ
سب خالص (عبادت) کرنے والے ہیں	کیا	تم سب کہتے ہو	بیشک ابراہیم	اور اسماعیل

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں کیونکہ اسکا تعلق لفظ "اَللّٰه" سے ہے جو کہ اسکے بعد لفظاً موجود ہے۔ ❷ "هُوَ" کے بعد "اَلْ" تاکید کے لیے ہوتا ہے، اسلیے ترجمہ "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❸ "ة" واحد مؤنث کے لیے ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ "لَهٗ" میں "لَ" اصل میں "لِ" تھا، علامت "ہٗ" کے ساتھ یہ "لَ" ہو جاتا ہے اور ترجمہ "کے لیے" ہی ہوتا ہے۔

وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطَ	اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور (اُن کی) اولاد
كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ	تھے یہودی یا نصرانی کہہ دو
ءَ اَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ	کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ
وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ	اور کون ہے بڑا ظالم اس سے جو
كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ	چھپائے گواہی کو (جو) اُس کے پاس ہو
مِنَ اللّٰهِ ؕ وَ مَا اللّٰهُ	اللہ کی طرف سے اور نہیں ہے اللہ
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿140﴾	غافل اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿140﴾
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ	وہ ایک امت تھی یقیناً وہ گزر چکی
لَهَا مَا كَسَبَتْ	اُس کے لیے ہے جو اُس نے کمایا
وَ لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ	اور تمہارے لیے ہے جو تم نے کمایا
وَ لَا تُسْئَلُوْنَ	اور نہیں تم پوچھے جاؤ گے
عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿141﴾ ع	اس کے بارے میں جو وہ کرتے تھے۔ ﴿141﴾ ع

ع 16 12 16

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْاَسْبَاطَ	سبط، سبطین (دو پوتے یا دو نواسے)	بِغَافِلٍ	غفلت، غافل۔
هُوْدًا	یہودی، یہود و نصاریٰ۔	عَمَّا (مَا)	ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔
اَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	تَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اَظْلَمُ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	اُمَّةٌ	امت، سابقہ اُمم۔
كَتَمَ	کتمانِ حق، کتمانِ علم۔	كَسَبَتْ	کسب حال، کسبی۔
شَهَادَةً	شہادت، شاہد، عینی شاہد۔	لَا	لاعلاج، لاجواب، لاتعداد لاعلم۔
عِنْدَهٗ	عندالطلب، عنداللہ، عندالضرورت۔	تُسْئَلُوْنَ	سوال، سائل، مسئول، مسائل۔

وَ اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ	وَ	الْاَسْبَاطَ	كَانُوْا	هُوْدًا	اَوْ	نَصٰرٰى ؕ
اور اسحاق	اور	یعقوب	اور	(اُن کی) اولاد	سب تھے	یہودی	یا	نصرانی

قُلْ	ءَاَنْتُمْ	اَعْلَمُ ❶	اَمِ	اللّٰهُ ؕ	وَ	مَنْ	اَظْلَمُ ❶
آپ کہہ دیں	کیا تم	زیادہ جانتے ہو	یا	اللہ	اور	کون ہے	بڑا ظالم

مِمَّنْ ❷	كَتَمَ	شَهَادَةً ❸	عِنْدَهٗ	مِنَ اللّٰهِ ؕ	وَ	مَا
(اس) سے جو	چھپائے	گواہی کو (جو)	اُس کے پاس ہو	اللہ کی طرف سے	اور	نہیں

اللّٰهُ	بِغَافِلٍ ❹	عَمَّا ❺	تَعْمَلُوْنَ (140)	تِلْكَ اُمَّةٌ ❸	قَدْ	خَلَتْ ❻ ج
اللہ	غافل	اس سے جو	تم سب عمل کرتے ہو	وہ ایک امّت تھی	یقیناً	گزر چکی

لَهَا	مَا	كَسَبَتْ ❻	وَ	لَكُمْ	مَّا	كَسَبْتُمْ ج	وَ لَا
اُس کیلئے ہے	جو	اُس نے کمایا	اور	تمہارے لیے ہے	جو	تم سب نے کمایا	اور نہیں

تُسْـَٔلُوْنَ	عَمَّا ❺	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❼ (141) ع
تم سب پوچھے جاؤ گے	اس کے بارے جو	وہ سب کرتے تھے

ع 16 / 12 / 16

ضروری وضاحت

❶"أ" میں "صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم" ہے۔❷یہ اصل میں "مِنْ + مَنْ" کا مجموعہ ہے۔❸"ة" واحد مؤنث کے لیے ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹یہاں "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❺"عَمَّا" دراصل "عَنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔❻"تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔❼"وْا" اور "وْنَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔

تعارف ومقاصد ''بیت القرآن''

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے ''بیت القرآن'' کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.baitt-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہوسکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **''بیت القرآن''** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **''بیت القرآن''** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

سَیَقُوْلُ 2

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن
لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن «سَیَقُولُ» پارہ نمبر 2
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
اشاعت سوم	فروری 2012
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	70 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ الْقُرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ الْقُرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بَیْتُ الْقُرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیْتُ الْقُرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاءاللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیْتُ الْقُرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے۔ لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہوجاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلیئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور وفکر کرنے پر مجبور کیئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے، تاکہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہوسکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہوسکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں ، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا ، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے دوسرے پارے کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے، اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کرسکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتادیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر ومغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین۔

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث : وزارة الشئون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں، ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اور اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔ ہر سیاہ لفظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت نیچے دیئے گئے حاشیہ کو ضرور پڑھیں۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اس طرح اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2. سامنے والے دوسرے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ Break up کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات مفتاح القرآن' میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا	عنقریب کہیں گے بیوقوف لوگ کس چیز نے
وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ	پھیر دیا ہے ان (مسلمانوں) کو انکے قبلے سے
الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ	جس پر وہ (پہلے) تھے کہہ دیجئے کہ اللہ ہی کیلئے ہے
الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِيْ	مشرق اور مغرب ، وہ ہدایت دیتا ہے
مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿142﴾	جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿142﴾
وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا	اور اسی طرح ہم نے بنایا تمہیں معتدل امت
لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ	تاکہ تم بن جاؤ گواہ لوگوں پر (قیامت کے دن)
وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ	اور ہوں رسول (محمد ﷺ) تم پر گواہ
وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ	اور نہیں بنایا ہم نے اس قبلے کو جس پر آپ (پہلے) تھے
اِلَّا لِنَعْلَمَ	مگر اس لیے کہ ہم جان لیں
مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ	کون رسول کی پیروی کرتا ہے
مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ	(اور) کون پھر جاتا ہے اپنی ایڑیوں کے بل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَيَقُوْلُ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل، اقوال زریں۔	صِرَاطٍ: پل صراط۔ مُّسْتَقِيْمٍ : خط مستقیم، استقامت۔
مِنْ : منجانب فلاں، من حیث القوم۔	كَذٰلِكَ : کالعدم، کما حقہ۔
النَّاسِ : عوام النّاس۔	وَّسَطًا : متوسط، اوسط، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	شُهَدَآءَ : شاہد، شہادت (گواہی)۔
يَهْدِيْ : ہدایت، ہادی برحق۔	لِنَعْلَمَ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔	يَّتَّبِعُ : تابع، اتباع سنّت (پیروی کرنا)۔
اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الدّاعی الی الخیر۔	يَّنْقَلِبُ : انقلاب، انقلابی قدم۔

سَیَقُوْلُ❶	السُّفَهَآءُ	مِنَ النَّاسِ	مَا	وَلّٰىهُمْ
عنقریب کہیں گے	بیوقوف	لوگوں میں سے	کس چیز نے	اُنہیں پھیر دیا ہے

عَنْ قِبْلَتِهِمُ	الَّتِیْ كَانُوْا	عَلَیْهَا ؕ	قُلْ	لِّلّٰهِ	الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ؕ
ان کے قبلے سے	جو سب تھے	اس پر	آپ کہہ دیجئے	اللہ کیلئے ہے	مشرق اور مغرب

یَهْدِیْ	مَنْ یَّشَآءُ❶	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (142)	وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنٰكُمْ
وہ ہدایت دیتا ہے	جسے چاہتا ہے	سیدھے راستے کی طرف	اور اسی طرح	ہم نے بنایا تمہیں

اُمَّةً وَّسَطًا❷❸	لِّتَكُوْنُوْا	شُهَدَآءَ	عَلَى النَّاسِ	وَ یَكُوْنَ❶	الرَّسُوْلُ	عَلَیْكُمْ
معتدل امت	تاکہ تم سب بنو	گواہ	لوگوں پر	اور ہو	رسول (محمد ﷺ)	تم پر

شَهِیْدًا ؕ	وَ مَا	جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ	الَّتِیْ كُنْتَ	عَلَیْهَآ	اِلَّا	لِنَعْلَمَ
گواہ	اور نہیں	بنایا ہم نے (وہ) قبلہ	جو (کہ) آپ تھے	اس پر	مگر	اسلیے کہ ہم جان لیں

مَنْ	یَّتَّبِعُ❶	الرَّسُوْلَ	مِمَّنْ❹	یَّنْقَلِبُ❶	عَلٰى عَقِبَیْهِ ؕ❺
کون	پیروی کرتا ہے	رسول کی	(اور) کون	پھر جاتا ہے	اپنی ایڑیوں کے بل

ضروری وضاحت

❶ علامت ''یَ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ''وَسَطْ'' سے مراد ایسی امت ہے جو افراط وتفریط سے پاک ہو اور عدل وانصاف کی روش پر قائم ہو۔ ❸ ''ة'' کا ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ''مِمَّنْ'' اصل میں ''مِنْ'' اور ''مَنْ'' کا مجموعہ ہے، یہاں ''مِنْ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ ''عَلٰى'' کا ترجمہ ''پر'' ہے لیکن یہاں وضاحت کے لیے ''کے بل'' کیا گیا ہے۔

وَ اِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً	اور اگر چہ (قبلے کی تبدیلی) یقیناً گراں تھی
اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ	مگر ان لوگوں پر (گراں نہیں) جنہیں
هَدَى اللّٰهُ ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ	ہدایت دی اللہ نے اور اللہ (ایسا) نہیں ہے
لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	کہ وہ ضائع کرے تمھارا ایمان ، بیشک اللہ تو
بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿143﴾	لوگوں پر یقیناً شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔ ﴿143﴾
قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ	بیشک ہم دیکھ رہے ہیں بار بار اٹھنا
وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ	آپ کے چہرے کا آسمان میں
فَلَنُوَلِّيَنَّكَ	پس البتہ ہم ضرور پھیر دیں گے آپ کو
قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۠	(اس) قبلہ (کی طرف) جسے آپ پسند کرتے ہیں
فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ	تو پھیر لیجئے اپنا رخ مسجد حرام (کعبہ) کی طرف
وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا	اور جہاں (بھی) تم لوگ ہو پس پھیر لو
وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ	اپنے چہروں کو اسی کی جانب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شان وشوکت، مال ودولت، عفوودرگزر۔	نَرٰى	: رؤیت ہلال، غیر مرئی۔
اِلَّا	: اِلّا ماشاءاللہ، اِلّاقلیل، اِلّا یہ کہ۔	وَجْهِكَ	: علی وجہ البصیرت، توجیہ، توجہ، متوجہ۔
عَلَى	: علیحدہ، علیٰ ھٰذا القیاس، علی الاعلان۔	فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
هَدٰى	: ہدایت، ہادی برحق۔	السَّمَآءِ	: ارض وسما، کتب سماویہ۔
لِيُضِيْعَ	: ضیاع، ضائع۔	قِبْلَةً	: قبلۂ اول، قبلہ وکعبہ۔
بِالنَّاسِ	: عوام النّاس۔	تَرْضٰىهَا	: رضا، راضی، مرضی۔
رَّحِيْمٌ	: رحیم، رحمت، رحمٰن۔	حَيْثُ	: من حیث القوم، حیثیت۔

وَ اِنْ	كَانَتْ ❶	لَكَبِيْرَةً ❶❷	اِلَّا	عَلَى الَّذِيْنَ	هَدَى
اور اگرچہ	تھی	یقیناً گراں	مگر	ان لوگوں پر (گراں نہیں) جنہیں	ہدایت دی

اللّٰهُ ؕ	وَ مَا	كَانَ اللّٰهُ	لِيُضِيْعَ	اِيْمَانَكُمْ ❸ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ
اللہ نے	اور نہیں	ہے اللہ	تاکہ وہ ضائع کرے	تمھارا ایمان	بیشک اللہ

بِالنَّاسِ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ (143)	قَدْ	نَرٰى	تَقَلُّبَ ❹
لوگوں پر	یقیناً شفقت کرنیوالا	بڑا مہربان ہے	بیشک	ہم دیکھ رہے ہیں	بار بار پھرنا

وَجْهِكَ	فِي السَّمَآءِ ۚ	فَلَنُوَلِّيَنَّكَ	قِبْلَةً ❶
تیرے چہرے کا	آسمان میں	پس البتہ ہم ضرور آپ کو پھیر دیں گے	(اس) قبلے (کی طرف)

تَرْضٰىهَا ۠	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ	وَ
آپ پسند کرتے ہیں اسے	تو پھیر لیجئے	اپنا چہرہ	طرف	مسجد حرام کی	اور

حَيْثُ مَا ❺	كُنْتُمْ	فَوَلُّوْا	وُجُوْهَكُمْ	شَطْرَهٗ ؕ
جہاں پر بھی	تم سب ہو	تو تم سب پھیر لو	اپنے چہروں کو	اسی کی جانب

ضروری وضاحت

❶ "تْ" فعل کے ساتھ اور "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کیلئے ہے، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اور "كَبِيْرَةً" کا اصل ترجمہ "بڑی" ہے لیکن یہاں مراد "گراں" ہے۔ ❸ یہاں ایمان سے مراد "نماز" ہے۔ ❹ "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❺ اگر "حَيْثُ" کے بعد "مَا" ہو تو اس "مَا" کا الگ ترجمہ نہیں ہوتا بلکہ ان دونوں کے ملنے سے شرط کا مفہوم پیدا ہوتا ہے۔

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اور بیشک وہ لوگ جو دیے گئے کتاب
لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ	یقیناً وہ جانتے ہیں کہ بیشک وہ ہی حق ہے
مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ	انکے رب کی طرف سے اور نہیں ہے اللہ
بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿144﴾	بے خبر اس سے جو یہ کر رہے ہیں۔ ﴿144﴾
وَ لَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ	اور البتہ اگر آپ لے آئیں ان کے پاس جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ	دیے گئے کتاب ہر (قسم کی) نشانی (تو پھر بھی)
مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ	نہیں یہ پیروی کریں گے آپ کے قبلے کی
وَ مَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ	اور نہ آپ پیروی کرنے والے ہیں انکے قبلے کی
وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ	اور نہ ان میں سے کوئی پیروی کرنے والا ہے
قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ	کسی دوسرے کے قبلے کی
وَ لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ	اور البتہ اگر آپ نے پیروی کی ان کی خواہشات کی
مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ	اس کے بعد کہ آچکا ہے آپ کے پاس علم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شان وشوکت، مال ودولت، عفو ودرگزر۔	بِكُلِّ	: کل، کلی طور پر، کل جہان، کل نمبر۔
لَيَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، معلومات۔	اٰيَةٍ	: آیت، آیات۔
الْحَقُّ	: حق، حقوق، حقیقی۔	تَبِعُوْا	: تابع، اتباعِ سنّت۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔	بَعْضُهُمْ	: بعض، بعض اوقات۔
بِغَافِلٍ	: غافل، غفلت۔	قِبْلَتَكَ	: قبلۂ اول، قبلہ وکعبہ۔
عَمَّا	: ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔	اتَّبَعْتَ	: تابع، اتباعِ سنّت (پیروی کرنا)۔
يَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، اعمال، معمول۔	بَعْدِ	: بعد از غذا، بعد از طعام، چند دن بعد۔

وَ اِنَّ	الَّذِيْنَ اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	لَيَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ الْحَقُّ ❶
اور بیشک	وہ لوگ جو سب دیے گئے	کتاب	یقیناً وہ سب جانتے ہیں	کہ بیشک وہ ہی حق ہے

مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ	وَ مَا اللّٰهُ	بِغَافِلٍ ❷	عَمَّا ❸	يَعْمَلُوْنَ ﴿144﴾	وَلَئِنْ
انکے رب کی طرف سے	اور نہیں ہے اللہ	بے خبر	اس سے جو	وہ سب کر رہے ہیں	اور البتہ اگر

اَتَيْتَ ❹	الَّذِيْنَ اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	بِكُلِّ ❹	اٰيَةٍ ❺
آپ لے آئیں	ان لوگوں کے پاس جو سب دیے گئے	کتاب	ہر قسم کی	نشانی (تو پھر بھی)

مَّا تَبِعُوْا	قِبْلَتَكَ ۚ	وَ مَآ	اَنْتَ بِتَابِعٍ ❷	قِبْلَتَهُمْ ۚ
نہیں وہ سب پیروی کریں گے	تیرے قبلے کی	اور نہ	آپ پیروی کرنیوالے ہیں	انکے قبلے کی

وَمَا	بَعْضُهُمْ	بِتَابِعٍ ❷	قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ ❺	وَ	لَئِنِ
اور نہ	ان سب میں سے کوئی	پیروی کرنے والا ہے	کسی دوسرے کے قبلے کی	اور	البتہ اگر

اتَّبَعْتَ	اَهْوَآءَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ مَا ❷	جَآءَكَ	مِنَ الْعِلْمِ ۙ ❷
آپ نے پیروی کی	ان کی خواہشات کی	اس کے بعد کہ	آپکے پاس آچکا ہے	علم

ضروری وضاحت

❶ "هٗ" کے بعد اگر "اَلْ" والا اسم ہو تو تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ علامت "بِ" اور "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❸ یہ دراصل "عَنْ" اور "مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❹ "اَتَيْتَ" کا اصل ترجمہ "آپ آئیں" ہے لیکن اسکے بعد اسی جملے میں "بِكُلِّ" میں علامت "بِ" ہے اس لیے ترجمہ "لے آئیں" کیا گیا ہے۔ ❺ یہاں "ة" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

اِنَّكَ اِذًا	بیشک آپ اس صورت میں (ہو جائیں گے)
لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿145﴾	یقیناً ظالموں میں سے ۔ ﴿145﴾
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	وہ لوگ جنہیں ہم نے دی کتاب
يَعْرِفُوْنَهٗ	وہ اُسے پہچانتے ہیں (قبلے کی تبدیلی یا محمد ﷺ کو)
كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ	جیسے وہ پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو
وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ	اور بیشک ایک گروہ ان میں سے (ایسا ہے جو)
لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿146﴾	البتہ حق کو چھپاتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ ﴿146﴾
اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ	(کہ یہی) حق ہے تیرے رب کی طرف سے
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿147﴾ ع	پس تم ہرگز نہ ہونا شک کرنیوالوں میں سے۔ ﴿147﴾ ع
وَ لِكُلٍّ وِّجْهَةٌ	اور ہر ایک کے لیے ایک جہت ہے
هُوَ مُوَلِّيْهَا	(کہ) وہ رخ کرتا ہے اس کی طرف
فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ	پس تم سبقت لو بھلائی کے کاموں میں

وقف لازم — وقف منزل — ع 17 6 1 — وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَّمِنَ، مِّنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْحَقَّ : حق، حقوق، استحقاق۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، ظلمت، ظلمات۔	يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم ۔
يَعْرِفُوْنَهٗ : تعارف، معروف، معرفت، عرف عام۔	فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
كَمَا : کما حقہ۔	لِكُلٍّ : کل، کلی طور پر، کل جہان۔
اَبْنَآءَهُمْ : ابن، ابن الوقت، متبنّیٰ	لِكُلٍّ : لہٰذا، الحمد للہ۔
فَرِيْقًا : فریق، تفریق، تفرقہ، فرقہ واریت۔	فَاسْتَبِقُوْا : سبقت لسانی، سبقت لے جانا۔
لَيَكْتُمُوْنَ : کتمان حق، کتمان علم۔	الْخَيْرٰتِ : خیر و برکت، خیریت، خیرات۔

وقف لازم

اِنَّكَ	اِذًا	لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿145﴾	اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ
بیشک آپ	تب	یقیناً ظالموں میں سے (ہو جائیں گے)	وہ لوگ جو	ہم نے دی ان کو

الْكِتٰبَ	يَعْرِفُوْنَهٗ ❶	كَمَا	يَعْرِفُوْنَ	اَبْنَآءَهُمْ ط
کتاب (تورات)	وہ سب پہچانتے ہیں اسے	جیسا کہ	وہ سب پہچانتے ہیں	اپنے بیٹوں کو

وَ	اِنَّ	فَرِيْقًا	مِّنْهُمْ	لَيَكْتُمُوْنَ	الْحَقَّ	وَ
اور	بیشک	ایک گروہ	ان میں سے (ایسا ہے جو)	البتہ وہ سب چھپاتے ہیں	حق کو	حالانکہ

وقف منزل

هُمْ يَعْلَمُوْنَ ❷ ﴿146﴾	اَلْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَلَا	تَكُوْنَنَّ
وہ سب جانتے ہیں	(یہی) حق ہے	تیرے رب کی طرف سے	پس نہ	تم ہرگز ہونا

ع 17 6 1

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ❸ ﴿147﴾ ع	وَ	لِكُلٍّ	وِّجْهَةٌ ❹	هُوَ
شک کرنے والوں میں سے	اور	ہر ایک کیلئے	ایک جہت ہے	(کہ) وہ

وقف النبی ﷺ

مُوَلِّيْهَا ❸	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ ❺ ط
رخ کرنیوالا ہے اسکی طرف	پس تم سب سبقت لے جاؤ	نیک کاموں میں

ضروری وضاحت

❶ ''ہٗ'' کا ترجمہ ''اسے'' ہے اور اس سے مراد ''قبلے کا بدلنا یا حضرت محمد'' ہیں۔ ❷ ''ھُمْ'' اور علامت ''یَ'' دونوں کا ترجمہ ''وہ'' ہے اور ''ھُمْ'' تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❸ ''مُ'' اور آخر سے پہلے زیر ''کام کرنے والے'' کو ظاہر کرتی ہے۔ ❹ ''ۃ'' کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ ''اَلْخَيْرٰتِ'' میں ''ات'' جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ	جہاں کہیں بھی تم ہو گے لائے گا تم کو اللہ اکٹھا
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿148﴾	بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿148﴾
وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ	اور جہاں سے آپ نکلیں پس پھیر لیں اپنا رخ
شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ	مسجد حرام (کعبہ) کی طرف اور بیشک وہ ہی
لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ	یقیناً حق ہے تیرے رب کی طرف سے
وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿149﴾	اور نہیں اللہ بے خبر اس سے جو تم کرتے ہو۔ ﴿149﴾
وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ	اور جہاں سے بھی آپ نکلیں پس پھیر لیں
وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ	اپنا رخ مسجد حرام (کعبہ) کی طرف
وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا	اور جہاں تم ہوا کرو، تو پھیر لو (نماز میں)
وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ	اپنے چہرے اسی (کعبہ) کی طرف تاکہ نہ ہو
لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ	لوگوں کے پاس تمھارے خلاف کوئی حجت
اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ	سوائے انکے جنھوں نے بے انصافی کی ان میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جَمِيْعًا : جمع، جامع، جماعت، مجموعہ، اجماع۔	بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔
عَلٰى : علیحدہ، علیٰ ہٰذا القیاس، علی الاعلان۔	حَيْثُ : من حیث القوم، حیثیت۔
كُلِّ : کل، کلی طور پر، کل جہان، کل نمبر۔	مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق۔
شَيْءٍ : عام شے، قیمتی اشیاء۔	تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، اعمال صالحہ، معمول۔
قَدِيْرٌ : قادر، قدرت، قدیر۔	لِلنَّاسِ : لہٰذا، الحمد للہ / عوام الناس۔
خَرَجْتَ : خارج، خروج، اخراج۔	حُجَّةٌ : حجت ۔
وَجْهَكَ : علیٰ وجہ البصیرت، توجیہ۔	ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم۔

اَيۡنَ مَا ❶	تَكُوۡنُوۡا	يَاۡتِ ❷❸	بِكُمُ اللّٰهُ	جَمِيۡعًا ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ
جہاں کہیں بھی	تم سب ہو گے	لائے گا	تم کو اللہ	اکٹھے	بیشک اللہ	ہر چیز پر

قَدِيۡرٌ (148)	وَمِنۡ حَيۡثُ	خَرَجۡتَ	فَوَلِّ	وَجۡهَكَ	شَطۡرَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ ؕ
قادر ہے	اور جہاں سے	آپ نکلیں	پس پھیرلیں	اپنا رخ	مسجد حرام کی طرف

وَاِنَّهٗ	لَلۡحَقُّ	مِنۡ رَّبِّكَ ؕ	وَمَا اللّٰهُ	بِغَافِلٍ ❸	عَمَّا ❹
اور بیشک وہ	یقیناً حق ہے	تیرے رب کی طرف سے	اور نہیں اللہ	بے خبر	اس سے جو

تَعۡمَلُوۡنَ (149)	وَمِنۡ حَيۡثُ	خَرَجۡتَ	فَوَلِّ	وَجۡهَكَ	شَطۡرَ
تم سب کرتے ہو	اور جہاں سے (بھی)	آپ نکلیں	پس پھیرلیں	اپنا چہرہ	طرف

الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ ؕ	وَحَيۡثُ مَا ❶	كُنۡتُمۡ	فَوَلُّوۡا	وُجُوۡهَكُمۡ شَطۡرَهٗ ۙ	لِئَلَّا ❺
مسجد حرام کی	اور جہاں کہیں بھی	تم ہوا کرو	تو سب موڑلو	اپنے رخ اسی کی طرف	اسلئے کہ نہ

يَكُوۡنَ ❸ لِلنَّاسِ	عَلَيۡكُمۡ حُجَّةٌ ❸ ۖ	اِلَّا	الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا	مِنۡهُمۡ ۗ
ہو لوگوں کے پاس	تمہارے خلاف کوئی حجت	سوائے	انکے جن سب نے ظلم کیا	ان میں سے

ضروری وضاحت

❶ "اَيۡنَ" اور "حَيۡثُ" کے بعد اگر "مَا" ہو تو عموماً وہ شرط کیلئے ہوتا ہے، اسکا الگ ترجمہ نہیں ہوتا۔ ❷ "يَاۡتِ" کا اصل ترجمہ "آئے گا" ہے لیکن اگر اسکے بعد اسی جملے میں علامت "بِ" ہو تو ترجمہ "لائے گا" کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت "يـ"، "بـ" اور "ة" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "عَمَّا" دراصل "عَنۡ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❺ "لِئَلَّا" دراصل "لِ + اَنۡ + لَا" کا مجموعہ ہے۔

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ اخْشَوْنِیْ ۗ	پس تم نہ ڈرو ان سے اور ڈرو مجھ سے
وَ لِاُتِمَّ نِعْمَتِیْ عَلَیْكُمْ	اور تاکہ میں پورا کردوں اپنا انعام تم پر
وَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۟ۙ﴿150﴾	اور (اسلئے بھی مجھ سے ڈرو) تاکہ تم ہدایت پا جاؤ۔ ﴿150﴾
كَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ	جیسا کہ ہم نے بھیجا تم میں رسول تم ہی میں سے
یَتْلُوْا عَلَیْكُمْ اٰیٰتِنَا	وہ تلاوت کرتا ہے تم پر ہماری آیتوں کی
وَ یُزَكِّیْكُمْ وَ یُعَلِّمُكُمُ	اور وہ تمہیں پاک کرتا ہے اور وہ تمہیں تعلیم دیتا ہے
الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ یُعَلِّمُكُمْ	کتاب و حکمت کی اور وہ سکھلاتا ہے تمہیں
مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۟ؕ﴿151﴾	(وہ کچھ) جو نہیں تھے تم جانتے۔ ﴿151﴾
فَاذْكُرُوْنِیْۤ اَذْكُرْكُمْ	پس تم یاد رکھو مجھے میں یاد رکھوں گا تمہیں
وَاشْكُرُوْا لِیْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿152﴾ ع	اور تم میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔ ﴿152﴾ ع
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو مدد حاصل کرو
بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ؕ	صبر سے اور نماز سے

معانقة ③ — ع 18 / 5 / 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَخْشَوْهُمْ : خشیت الٰہی۔	یُزَكِّیْكُمْ : تزکیہ، زکوٰۃ۔
لِاُتِمَّ : تمام، اتمام حجت۔	یُعَلِّمُكُمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔
نِعْمَتِیْ : نعمت، انعام، منعم۔	فَاذْكُرُوْنِیْ : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔
عَلَیْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اشْكُرُوْا : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔
تَهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادی برحق۔	تَكْفُرُوْنِ : کفر، کفران نعمت۔
اَرْسَلْنَا : رسول، المرسل، ارسال، رسائل۔	اسْتَعِیْنُوْا : استعانت۔
یَتْلُوْا : تلاوت۔	بِالصَّبْرِ : بالکل، بالواسطہ، بالمشافہ۔

فَلَا	تَخْشَوْهُمْ ❶	وَ اخْشَوْنِيْ ❶	وَ لِاُتِمَّ	نِعْمَتِيْ	عَلَيْكُمْ
تو نہ	تم سب ڈرو ان سے	اور تم سب ڈرو مجھ سے	اور تاکہ میں پورا کر دوں	اپنا انعام	تم پر

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ❷ (150)	كَمَآ اَرْسَلْنَا	فِيْكُمْ رَسُوْلًا	مِّنْكُمْ	يَتْلُوْا ❸
اور تاکہ تم سب ہدایت پا جاؤ	جیسا کہ بھیجا ہم نے	تم میں رسول	تم میں سے	وہ تلاوت کرتا ہے

عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِنَا	وَ يُزَكِّيْكُمْ	وَ يُعَلِّمُكُمُ	الْكِتٰبَ	وَ
تم پر	ہماری آیتیں	اور وہ پاک کرتا ہے تمہیں	اور وہ تعلیم دیتا ہے تمہیں	کتاب	اور

معانقة ③

الْحِكْمَةَ	وَ يُعَلِّمُكُمْ	مَّا لَمْ	تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ (151)	فَاذْكُرُوْنِيْٓ ❶
حکمت کی	اور وہ سکھاتا ہے تمہیں	وہ جو نہیں	تھے تم سب جانتے	پس تم سب مجھے یاد رکھو

ع 18 / 5 / 2

اَذْكُرْكُمْ	وَ	اشْكُرُوْا لِيْ	وَلَا	تَكْفُرُوْنِ ❹ (152)
میں تمہیں یاد رکھوں گا	اور	تم سب میرا شکر ادا کرو	اور نہ	تم سب میری ناشکری کرو

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَ الصَّلٰوةِ
اے	وہ لوگو جو سب ایمان لائے ہو	تم سب مدد حاصل کرو	صبر سے	اور نماز سے

ضروری وضاحت

❶ "وْا" کے ساتھ کسی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو "الف" لکھنے میں نہیں آتا۔ ❷ علامت "کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❸ یہ "وْا" جمع کی علامت نہیں بلکہ یہاں "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔
❹ "تَكْفُرُوْنِ" اصل میں "تَكْفُرُوْنِيْ" تھا آخر سے "يْ" گری ہوئی ہے جس کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (153)	بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (153)
وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ	اور مت کہو ان کو جو قتل کیے جائیں
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ	اللہ کی راہ میں، مردہ، بلکہ وہ زندہ ہیں
وَّ لٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ (154)	اور لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔ (154)
وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ	اور البتہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں
بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَ الْجُوْعِ	کچھ خوف سے اور بھوک سے
وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَ الْاَنْفُسِ	اور مالوں میں اور جانوں میں کمی کر کے
وَ الثَّمَرٰتِ ؕ	اور پھلوں میں (کمی کر کے)
وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۙ (155)	اور خوشخبری دے دیں صبر کرنے والوں کو۔ (155)
الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ	وہ لوگ جب پہنچتی ہے انہیں کوئی مصیبت
قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ	تو کہتے ہیں بیشک ہم اللہ کے لیے ہیں
وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ؕ (156)	اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ (156)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ : مع اہل وعیال، معیت/صبر، صابر۔
تَقُوْلُوْا : قول، مقولہ، قائل، اقوال زریں۔
يُّقْتَلُ : قتل، قاتل، مقتول۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اَمْوَاتٌ : موت، اموات، میت۔
اَحْيَآءٌ : حیات، احیائے دین۔
تَشْعُرُوْنَ : شعور، لاشعوری طور پر۔

لَنَبْلُوَنَّكُمْ : ابتلا، بلا، مبتلا (آزمائش)۔
نَقْصٍ : نقص، نقصان، ناقص۔
الثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرات، ثمرہ۔
بَشِّرِ : بشارت، بشیر، مبشر۔
اَصَابَتْهُمْ، مُّصِيْبَةٌ : مصیبت، مصائب۔
اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
رٰجِعُوْنَ : رجوع، راجع، مرجوع، رجعت پسندی۔

اِنَّ اللّٰهَ	مَعَ الصّٰبِرِیْنَ (153)	وَ لَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	یُّقْتَلُ
بیشک اللہ	صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے	اور مت	تم سب کہو	ان کو جو	قتل کیے جائیں

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ	اَمْوَاتٌ ❶	بَلْ	اَحْیَآءٌ	وَّ لٰكِنْ	لَّا	تَشْعُرُوْنَ (154)
اللہ کی راہ میں	مردے	بلکہ	وہ زندہ ہیں	اور لیکن	نہیں	تم سب شعور رکھتے

وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ	بِشَیْءٍ ❷	مِّنَ الْخَوْفِ	وَ الْجُوْعِ	وَ نَقْصٍ
اور البتہ ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں	کچھ	خوف سے	اور بھوک (سے)	اور کمی کر کے

مِّنَ الْاَمْوَالِ	وَ الْاَنْفُسِ	وَ الثَّمَرٰتِ ❸	وَ بَشِّرِ	الصّٰبِرِیْنَ (155)
مالوں میں سے	اور جانوں میں	اور پھلوں (میں)	اور خوشخبری دے دیں	صبر کرنے والوں کو

الَّذِیْنَ	اِذَآ	اَصَابَتْهُمْ ❹	مُّصِیْبَةٌ ❸	قَالُوْٓا	اِنَّا
وہ لوگ	جب	پہنچتی ہے اُنہیں	کوئی مصیبت	(تو) سب کہتے ہیں	بیشک ہم

لِلّٰهِ	وَ	اِنَّآ	اِلَیْهِ	رٰجِعُوْنَ (156)
اللہ کیلئے ہیں	اور	بیشک ہم	اسی کی طرف	سب لوٹنے والے ہیں

ضروری وضاحت

❶ ''اَمْوَاتٌ'' کے آخر میں ''ات'' جمع مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ ''ت'' اصل لفظ کا حصہ ہے اور یہ ''مَیِّت'' کی جمع ہے۔
❷ علامت ''بِ'' کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ علامت ''ۃ'' اور ''ات'' مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہ لفظ ''اَصَابَتْ + هُمْ'' ہے، ''تْ'' واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ	وہی لوگ ہیں (کہ) ان پر عنایات ہیں
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ ۟	ان کے رب کی طرف سے اور رحمت ہے
وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿157﴾	اور وہی لوگ ہی ہدایت یافتہ ہیں۔ ﴿157﴾
اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ	بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں
فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ	پس جو حج کرے بیت اللہ کا یا عمرہ کرے
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ	تو کوئی گناہ نہیں اس پر یہ کہ وہ طواف کرے
بِهِمَا ؕ وَ مَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ	ان دونوں کا اور جو خوشی سے کرے کوئی نیکی
فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿158﴾	تو بیشک اللہ قدر دان، بہت علم والا ہے۔ ﴿158﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ	بیشک وہ لوگ جو چھپاتے ہیں اسے جو
اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى	ہم نے نازل کیا واضح دلائل اور ہدایت کو
مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ	اس کے بعد کہ ہم نے کھول کر بیان کر دیا اسے
لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ	لوگوں کیلئے (اس) کتاب میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

صَلَوٰتٌ : صلوٰۃ وسلام، مصلّٰی، صوم وصلوٰۃ۔

الْمُهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادی کائنات۔

شَعَآئِرِ : شعار۔

حَجَّ : حج، حاجی، حجاج۔

الْبَيْتَ : بیت اللہ۔

اِعْتَمَرَ : عمرہ۔

يَّطَّوَّفَ : طواف۔

تَطَوَّعَ : اطاعت، مطیع، طوعاً وکرہاً۔

شَاكِرٌ : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہار تشکر۔

عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔

يَكْتُمُوْنَ : کتمانِ حق، کتمانِ علم۔

الْبَيِّنٰتِ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔

لِلنَّاسِ : لہٰذا، الحمدللہ / عوام الناس۔

اُولٰٓئِكَ	عَلَيۡهِمۡ	صَلَوٰتٌ ❶	مِّنۡ رَّبِّهِمۡ	وَ رَحۡمَةٌ ❶ قف
وہی لوگ ہیں (کہ)	ان پر	عنایات ہیں	ان کے رب کی طرف سے	اور رحمت ہے

وَ اُولٰٓئِكَ	هُمُ الۡمُهۡتَدُوۡنَ ❷ (157)	اِنَّ الصَّفَا	وَ الۡمَرۡوَةَ	مِنۡ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ج	
اور وہی لوگ	ہی سب ہدایت یافتہ ہیں	بیشک صفا	اور مروہ	اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں	

فَمَنۡ	حَجَّ	الۡبَيۡتَ	اَوِ اعۡتَمَرَ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيۡهِ	اَنۡ
پس جو	حج کرے	بیت اللہ کا	یا عمرہ کرے	تو نہیں کوئی گناہ	اس پر	یہ کہ

يَّطَّوَّفَ	بِهِمَا ط	وَ مَنۡ	تَطَوَّعَ ❸	خَيۡرًا لا	فَاِنَّ اللّٰهَ
وہ طواف کرے	ان دونوں کا	اور جو	خوشی سے کرے	کوئی نیکی	تو بیشک اللہ

شَاكِرٌ	عَلِيۡمٌ (158)	اِنَّ الَّذِيۡنَ	يَكۡتُمُوۡنَ ❹	مَآ	اَنۡزَلۡنَا
قدر دان	علم والا ہے	بیشک وہ لوگ جو	سب چھپاتے ہیں	اسے جو	ہم نے نازل کیا

مِنَ الۡبَيِّنٰتِ ❶❹	وَ الۡهُدٰى	مِنۡۢ بَعۡدِ مَا ❹❺	بَيَّنّٰهُ	لِلنَّاسِ	فِى الۡكِتٰبِ لا
واضح دلائل	اور ہدایت کو	اس کے بعد کہ	ہم نے بیان کر دیا اسکو	لوگوں کیلئے	کتاب میں

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❷ اگر "ھُمْ" کے بعد "اَلْ" ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ "ہی" کیا گیا ہے۔ ❸ صفحہ نمبر 47 حاشیہ نمبر 1 پر ملاحظہ فرمائیں۔ ❹ علامت "یَ" اور "مِنْ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❺ اگر لفظ "بَعْد" کے بعد "مَا" ہو تو عموماً اس "مَا" کا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔

اُولٰٓئِكَ يَلۡعَنُهُمُ اللّٰهُ	وہی لوگ ہیں (کہ) لعنت کرتا ہے ان پر اللہ
وَ يَلۡعَنُهُمُ اللّٰعِنُوۡنَ ۙ﴿159﴾	اور لعنت کرتے ہیں ان پر لعنت کرنے والے۔ ﴿159﴾
اِلَّا الَّذِيۡنَ تَابُوۡا وَ اَصۡلَحُوۡا	مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کرلی اور اصلاح کرلی
وَ بَيَّنُوۡا	اور بیان کردیا (جسے چھپاتے رہے)
فَاُولٰٓئِكَ اَتُوۡبُ عَلَيۡهِمۡ ۚ وَ	تو وہی لوگ ہیں کہ میں توبہ قبول کرتا ہوں انکی اور
اَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿160﴾	میں ہی توبہ قبول کرنیوالا، نہایت مہربان ہوں ﴿160﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَ مَاتُوۡا وَ هُمۡ كُفَّارٌ	اور وہ مرے اس حال میں کہ وہ کافر تھے
اُولٰٓئِكَ عَلَيۡهِمۡ لَعۡنَةُ اللّٰهِ	یہی لوگ ہیں (کہ) ان پر اللہ کی لعنت ہے
وَ الۡمَلٰٓئِكَةِ وَ النَّاسِ اَجۡمَعِيۡنَ ۙ﴿161﴾	اور فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی۔ ﴿161﴾
خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ۚ	وہ ہمیشہ رہیں گے اس (لعنت) میں
لَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ الۡعَذَابُ	نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَلۡعَنُهُمۡ، اللّٰعِنُوۡنَ : لعنت، لعنتی، ملعون۔
تَابُوۡا، التَّوَّابُ : توبہ، تائب۔
اَصۡلَحُوۡا : صلح، اصلاح، مصلح۔
بَيَّنُوۡا : بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔
اَتُوۡبُ : توبہ، تائب۔
عَلَيۡهِمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الرَّحِيۡمُ : رحم، رحیم، رحمت، رحمدل۔

كَفَرُوۡا، كُفَّارٌ : کفر، کافر، کفار۔
مَاتُوۡا : موت، اموات، میّت۔
النَّاسِ : عوام النّاس۔
اَجۡمَعِيۡنَ : جمع، جامع، جماعت، اجماع۔
خٰلِدِيۡنَ : خالد، خلد بریں۔
فِيۡهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يُخَفَّفُ : تخفیف، مخفف، خفّت، خفیف۔

اُولٰٓئِكَ	يَلْعَنُهُمُ❶ اللّٰهُ	وَ يَلْعَنُهُمُ❶	اللّٰعِنُوْنَ ﴿159﴾
وہی لوگ ہیں (کہ)	لعنت کرتا ہے ان پر اللہ	اور لعنت کرتے ہیں ان پر	سب لعنت کرنیوالے

اِلَّا	الَّذِيْنَ تَابُوْا	وَ اَصْلَحُوْا	وَ بَيَّنُوْا
مگر	وہ لوگ جن سب نے توبہ کرلی	اور سب نے اصلاح کرلی	اور بیان کردیا سب نے

فَاُولٰٓئِكَ	اَتُوْبُ❷	عَلَيْهِمْ ج	وَ	اَنَا التَّوَّابُ
تو یہی لوگ ہیں کہ	میں رجوع کرتا ہوں	ان پر	اور	میں ہی رجوع کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿160﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَ مَاتُوْا	وَ
نہایت مہربان ہوں	بیشک	وہ لوگ جن سب نے کفر کیا	اور وہ سب مرے	اس حال میں کہ

هُمْ كُفَّارٌ	اُولٰٓئِكَ	عَلَيْهِمْ	لَعْنَةُ❸ اللّٰهِ	وَ الْمَلٰٓئِكَةِ	وَ
وہ سب کافر تھے	یہی لوگ ہیں کہ	ان پر	اللہ کی لعنت ہے	اور فرشتوں کی	اور

النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ❹ ﴿161﴾	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ج	لَا يُخَفَّفُ❶	عَنْهُمُ الْعَذَابُ
تمام لوگوں کی	وہ سب ہمیشہ رہیں گے	اس میں	نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے عذاب

ضروری وضاحت

❶علامت "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❷"اَتُوْبُ" جب اس فعل کی نسبت بندے کی طرف ہوتو ترجمہ "میں توبہ کرتا ہوں" اور اگر اسکی نسبت اللہ کی طرف ہوتو پھر ترجمہ "میں توبہ قبول کرتا ہوں" ہوتا ہے۔❸"ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹"اَجْمَعِيْنَ" کا ترجمہ بھی "تمام" ہے، اس لیے اسکے "يْنَ" کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

وَ لَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿162﴾	اور نہ وہ (کچھ) مہلت دیئے جائیں گے۔ ﴿162﴾
وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	اور تمہارا معبود ایک معبود ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	کوئی معبود نہیں مگر وہ (جو)
ع 19 11 3 الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿163﴾ ع	نہایت مہربان، بہت رحم والا ہے۔ ﴿163﴾ ع
اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ	بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں
وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ	اور رات اور دن کے آنے جانے میں
وَ الْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ	اور (ان) کشتیوں میں جو سمندر میں چلتی ہیں
بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ	(وہ چیزیں) لے کر جو نفع دیتی ہیں لوگوں کو
وَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ	اور (اس میں) جو اللہ نے اتارا ہے آسمان سے پانی
فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ	پھر زندہ (آباد) کیا اس کے ذریعے زمین کو
بَعْدَ مَوْتِهَا	اس کے مردہ (بنجر) ہونے کے بعد
وَ بَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪	اور پھیلا دی اس میں ہر طرح کی جاندار مخلوق

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰهُكُمْ	: الٰہ، یا الٰہی، فرمان الٰہی، الٰہ العالمین۔
فِيْ، فِيْهَا	: فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
خَلْقِ	: خلقت، مخلوق، خالق۔
السَّمٰوٰتِ	: ارض وسما، کتب سماویہ۔
الْاَرْضِ	: ارض وسما، اراضی، کرۂ ارضی۔
اخْتِلَافِ	: اختلاف، مختلف، مخالف۔
الَّيْلِ	: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
النَّهَارِ	: لیل ونہار، نہار منہ۔
مِنَ	: جاری، اجرا۔
تَجْرِيْ	: منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشمس۔
الْبَحْرِ	: بحر وبر، بحر ہند، بحر احمر۔
يَنْفَعُ	: نفع، منافع، منفعت۔
اَنْزَلَ	: نازل، نزول، انزال، شان نزول۔
فَاَحْيَا	: حیات، احیائے دین، احیائے سنت۔

ع 19 11 3

وَ لَا	هُمْ يُنْظَرُوْنَ (162)	وَ اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	لَآ اِلٰهَ ❶
اور نہ	وہ سب مہلت دیئے جائیں گے	اور تمہارا معبود	ایک معبود ہے	نہیں کوئی معبود

اِلَّا	هُوَ	الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ (163) ع	اِنَّ	فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ ❷
مگر	وہ	نہایت مہربان	بہت رحم والا ہے	بیشک	آسمانوں کے پیدا کرنے میں

وَ الْاَرْضِ	وَ اخْتِلَافِ	الَّيْلِ وَ النَّهَارِ
اور زمین کے	اور ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں	رات اور دن کے

وَ الْفُلْكِ	الَّتِيْ تَجْرِيْ ❸	فِي الْبَحْرِ	بِمَا	يَنْفَعُ النَّاسَ ❹
اور ان کشتیوں میں	جو چلتی ہیں	سمندر میں	ساتھ (ان چیزوں کے) جو	نفع دیتی ہیں لوگوں کو

وَ مَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ مَّآءٍ ❺	فَاَحْيَا	بِهِ الْاَرْضَ
اور جو	اللہ نے اتارا ہے	آسمان سے	پانی	پھر زندہ کیا	اس کے ذریعے زمین کو

بَعْدَ مَوْتِهَا ❻	وَ	بَثَّ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	دَآبَّةٍ ❷ ص
اسکے مردہ ہونے کے بعد	اور	پھیلا دیا	اس میں	ہر طرح کی	جاندار مخلوق

ضروری وضاحت

❶ "لَا" کے بعد اگر اسم کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ "کوئی نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❷ "ات" اور "ۃ" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "تَ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ علامت "يَ" کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ زمین کے "مردہ" ہونے سے مراد "بنجر" ہونا ہے۔

وَّ تَصۡرِيۡفِ الرِّيٰحِ وَ السَّحَابِ الۡمُسَخَّرِ	اور ہواؤں کی گردش میں اور تابع فرماں بادل میں
بَيۡنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ	(جو) درمیان ہے آسمان اور زمین کے (ان سب میں)
لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿164﴾	یقیناً نشانیاں ہیں اس قوم کیلئے جو عقل رکھتے ہیں ﴿164﴾
وَ مِنَ النَّاسِ	اور (ان نشانیوں کے باوجود) لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں)
مَنۡ يَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا	جو بناتے ہیں اللہ کے علاوہ (دوسروں کو) شریک
يُّحِبُّوۡنَهُمۡ	(پھر) وہ (ایسی) محبت کرتے ہیں ان سے
كَحُبِّ اللّٰهِؕ	جیسی محبت اللہ سے کی جائے
وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡٓا	اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں
اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِؕ	وہ سب سے زیادہ محبت اللہ ہی سے کرتے ہیں
وَ لَوۡ يَرَى	اور کاش (آج) سوجھ جائے (یہ بات)
الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡٓا	ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا (جو اس وقت
اِذۡ يَرَوۡنَ الۡعَذَابَۙ	سوجھے گی) جب وہ لوگ دیکھیں گے عذاب کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَصۡرِيۡفِ : صرفِ نظر (نظر پھیر لینا)۔	يُّحِبُّوۡنَهُمۡ : محبت، حب، محبّ، محبوب، حبیب۔
الرِّيٰحِ : ریح بادی۔	كَحُبِّ : کالعدم، کماحقہ / محبت، محبوب۔
الۡمُسَخَّرِ : مسخر، تسخیر۔	اٰمَنُوۡٓا : ایمان، امن، مؤمن۔
بَيۡنَ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔	اَشَدُّ : شدید، اشد ضرورت، شدت، متشدد۔
يَّعۡقِلُوۡنَ : عقل، عاقل، معقول، عقلاء۔	حُبًّا : محبت، حب، محبّ، محبوب، حبیب۔
النَّاسِ : عوام الناس۔	يَرَى، يَرَوۡنَ : رؤیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی اشیاء۔
يَّتَّخِذُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	ظَلَمُوۡٓا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

وَ تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ	وَ السَّحَابِ الْمُسَخَّرِ	بَيْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ
اور ہواؤں کی گردش میں	اور تابع فرماں بادل میں	(جو) آسمان اور زمین کے درمیان ہے

لَاٰيٰتٍ ❶	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ ❷ (164)	وَ	مِنَ النَّاسِ
یقیناً نشانیاں ہیں	(اس) قوم کیلئے (جو)	سب عقل رکھتے ہیں	اور	لوگوں میں سے

مَنْ	يَّتَّخِذُ ❷	مِنْ ❸ دُوْنِ اللّٰهِ	اَنْدَادًا	يُّحِبُّوْنَهُمْ
جو	بناتے ہیں	اللہ کے علاوہ	شریک	(پھر) وہ سب محبت کرتے ہیں ان سے

كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَشَدُّ
اللہ سے محبت کی طرح	اور	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	زیادہ سخت ہیں

حُبًّا	لِّلّٰهِ ❹ ؕ	وَ لَوْ	يَرَى ❷	الَّذِيْنَ
محبت میں	اللہ کی	اور کاش	دیکھ لیں	وہ لوگ جن

ظَلَمُوْٓا	اِذْ	يَرَوْنَ ❺	الْعَذَابَ ۙ
سب نے ظلم کیا	جب	وہ سب دیکھیں گے	عذاب کو

ضروری وضاحت

❶ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "لِ" کا اصل ترجمہ "کے لیے" ہے، یہاں سیاق وسباق کی مناسبت سے ترجمہ "کی" کیا گیا ہے۔ ❺ "يَرَوْنَ" اصل میں "يَرْءَيُوْنَ" تھا پڑھنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے کچھ حروف کو گرایا گیا ہے۔

اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ	کہ بیشک قوت تو اللہ کے پاس ہے تمام
وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿165﴾	اور یہ کہ بیشک اللہ سخت عذاب والا ہے۔ ﴿165﴾
اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ	جب بیزاری کا اظہار کریں گے وہ لوگ جن کی
اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ	پیروی کی گئی تھی ان لوگوں سے جنہوں نے
اتَّبَعُوْا وَ رَاَوُا الْعَذَابَ	پیروی کی ہوگی اور وہ دیکھیں گے عذاب کو
وَ تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿166﴾	اور منقطع ہو جائیں گے ان کے تعلقات۔ ﴿166﴾
وَ قَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا	اور کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے پیروی کی ہوگی
لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً	کاش کہ بیشک ہمارے لئے ہوتا دوبارہ جانا (دنیا میں)
فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ	تو ہم بھی بیزاری کا اظہار کرتے ان سے
كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ	جیسے انہوں نے بیزاری کا اظہار کیا ہم سے
كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ	اس طرح دکھائے گا انہیں اللہ تعالیٰ
اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ	ان کے اعمال حسرتیں (اور پشیمانی) بنا کر ان پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْقُوَّةَ : قوّت، قوتیں، قوی، مقوّی۔	الْاَسْبَابُ : سبب، اسباب، مسبب الاسباب۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، جماعت، مجموع، مجمع۔	كَرَّةً : نشر مکرر، تکرار، مکرر۔
شَدِيْدُ : شدید، اشد ضرورت، شدت۔	كَمَا، كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم۔
تَبَرَّاَ، فَنَتَبَرَّاَ : برأت، بری الذمہ۔	مِنَّا : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔
اتُّبِعُوْا : اتباع، متبع، تابع فرمان۔	يُرِيْهِمُ : روٴیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی اشیاء۔
رَاَوُا : روٴیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی اشیاء۔	اَعْمَالَهُمْ : عمل، اعمال، عامل، معمول، تعمیل۔
تَقَطَّعَتْ : قطع، قاطع، مقطوع، قطع رحمی۔	حَسَرٰتٍ : حسرت۔

اَنَّ الْقُوَّةَ ❶	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا ۙ	وَّ	اَنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿165﴾
بیشک قوت	تو اللہ کے پاس ہے	تمام	اور	بیشک اللہ	سخت عذاب والا ہے

اِذْ	تَبَرَّاَ ❷	الَّذِيْنَ	اتُّبِعُوْا	مِنَ
جب	بیزاری کا اظہار کریں گے	وہ لوگ جن	سب کی پیروی کی گئی تھی	(ان) سے

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا	وَ رَاَوُا	الْعَذَابَ	وَ تَقَطَّعَتْ ❶	بِهِمُ
جن سب نے پیروی کی ہوگی	اور وہ سب دیکھیں گے	عذاب کو	اور منقطع ہو جائیں گے	ان کے

الْاَسْبَابُ ﴿166﴾	وَ قَالَ	الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا	لَوْ اَنَّ	لَنَا
تعلقات	اور کہیں گے	وہ جن سب نے پیروی کی ہوگی	کاش کہ بیشک	ہمارے لئے ہوتا

كَرَّةً ❶	فَنَتَبَرَّاَ ❷	مِنْهُمْ	كَمَا	تَبَرَّءُوْا ❷
لوٹنا	تو ہم بھی بیزاری کا اظہار کرتے	ان سب سے	جیسے	ان سب نے بیزاری کا اظہار کیا

مِنَّا ❸ ؕ	كَذٰلِكَ	يُرِيْهِمُ اللّٰهُ ❹	اَعْمَالَهُمْ	حَسَرٰتٍ ❶	عَلَيْهِمْ ؕ
ہم سے	اس طرح	دکھائے گا اللہ تعالیٰ انہیں	ان کے اعمال	حسرتیں بنا کر	ان پر

ضروری وضاحت

❶ "ة"، "ات" اور "تْ" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "تَبَرَّاَ" کا اصل معنیٰ "کسی ناپسندیدہ معاملے سے نجات حاصل کرنا" ہے، یہاں "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❸ "مِنَّا" اصل میں "مِنْ + نَا" تھا، جب دو حرف ایک جیسے اکٹھے ہوں تو ایک کو لکھ کرا سکے اوپر شد لگا دیتے ہیں۔ ❹ "یِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

ع 20 4 4

وَ مَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ؏ (167)	حالانکہ نہیں وہ نکل سکیں گے آگ سے۔ ؏ (167)
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا	اے لوگو! کھاؤ اس سے جو
فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ	زمین میں حلال (اور) پاکیزہ چیزیں ہیں
وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ	اور مت پیروی کرو شیطان کے نقش قدم کی
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (168)	بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ (168)
اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ الْفَحْشَآءِ	درحقیقت وہ حکم دیتا ہے تمہیں برائی اور بے حیائی کا
وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ	اور یہ کہ تم (ایسی بات) کہو اللہ کے بارے میں
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (169)	جس کا تم (خود) علم نہیں رکھتے۔ (169)
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا	اور جب کہا جائے ان سے پیروی کرو (اس چیز کی)
مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ	جو نازل کی ہے اللہ نے (تو) کہتے ہیں بلکہ
نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا	ہم پیروی کریں گے (اس کی) جو ہم نے پایا ہے
عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ	اس پر اپنے آباء و اجداد کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِخٰرِجِيْنَ	خارج، خروج، مخرج۔	مُّبِيْنٌ	مبینہ طور پر، بین دلیل، بیان۔
النَّارِ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	يَاْمُرُكُمْ	امر، مامور، امارت، آمر۔
كُلُوْا	اکل وشرب، ماکولات۔	بِالسُّوْٓءِ	علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
مِمَّا	منجانب / ماحول، ماجرا، ماتحت۔	الْفَحْشَآءِ	فحاشی، فحش۔
طَيِّبًا	مال طیب، طیبات، طیب وطاہر۔	قِيْلَ	قول، اقوال، مقولہ۔
تَتَّبِعُوْا	اتباع، تابع، متبع۔	تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، علماء، معلوم۔
عَدُوٌّ	عدو، عداوت، اعداء (دشمن)۔	اٰبَآءَنَا	آباء واجداد، آبائی گاؤں، آبائی وطن۔

ع 20 4 4

وَ مَا	هُمْ بِخٰرِجِيْنَ ❶	مِنَ النَّارِ ﴿167﴾ ع	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	كُلُوْا	مِمَّا ❷
اور نہیں	وہ سب نکل سکیں گے	آگ سے	اے لوگو!	تم سب کھاؤ	اس سے جو

فِي الْاَرْضِ	حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ ز	وَّ لَا	تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ ❸ الشَّيْطٰنِ ؕ
زمین میں	حلال پاکیزہ چیزیں ہیں	اور مت	تم سب پیروی کرو	شیطان کے نقش قدم کی

اِنَّهٗ	لَكُمْ ❹ عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ ﴿168﴾	اِنَّمَا	يَاْمُرُكُمْ	بِالسُّوْٓءِ	وَ الْفَحْشَآءِ
بیشک وہ	تمہارا دشمن ہے	کھلا	بیشک	وہ تمہیں حکم دیتا ہے	برائی کا	اور بے حیائی کا

وَ اَنْ	تَقُوْلُوْا	عَلَى اللّٰهِ	مَا لَا	تَعْلَمُوْنَ ﴿169﴾	وَ اِذَا
اور یہ کہ	تم سب کہو	اللہ پر	(وہ باتیں) جو نہیں	تم سب علم رکھتے	اور جب

قِيْلَ	لَهُمُ ❺	اتَّبِعُوْا	مَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	قَالُوْا
کہا جائے	ان سے	تم سب پیروی کرو	(اسکی) جو	نازل کی ہے اللہ نے	(تو) سب کہتے ہیں

بَلْ	نَتَّبِعُ	مَآ	اَلْفَيْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا ؕ
بلکہ	ہم پیروی کریں گے	(اسکی) جو	ہم نے پایا ہے	اس پر	اپنے آباء واجداد کو

ضروری وضاحت

❶ اگر "مَا" کے بعد "بِ" ہو تو اسکا ترجمہ نہیں کیا جاتا اور اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ + مَا" تھا "نْ" کے بعد اگر "م" ہو تو "ن" پڑھنے میں نہیں آتا اور کبھی لکھنے میں بھی نہیں آتا۔ ❸ علامت "ات" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ "لَكُمْ" میں "لَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "قَالَ، قِيْلَ" کے بعد "لَ" کا ترجمہ "سے" ہوتا ہے۔

اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا	حالانکہ کیا اگرچہ ہوں انکے آباء واجداد نہ سمجھتے کچھ (بھی)
وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿170﴾	اور نہ ہی وہ سیدھے راستے پر ہوں۔ ﴿170﴾
وَ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور مثال ان لوگوں کی جنھوں نے کفر کیا
كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا	(اسکی) مثال کی طرح ہے جو پکارے کسی (جانور وغیرہ) کو جو
لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّ نِدَآءً ؕ	نہ سنتا ہو سوائے پکارنے اور چلانے (کی آواز کے)
صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ	(اسی طرح یہ کافر بھی) بہرے، گونگے، اندھے ہیں
فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿171﴾	پس وہ نہیں سمجھتے۔ ﴿171﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو
كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ	کھاؤ پاکیزہ چیزوں سے جو ہم نے دی ہیں تم کو
وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ	اور اللہ کا شکر ادا کرو
اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿172﴾	اگر ہو تم اسی کی عبادت کرتے۔ ﴿172﴾
اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ	بیشک اس نے حرام کر دیا ہے تم پر مردار

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰبَآؤُهُمْ : آباء واجداد، آبائی گاؤں۔	نِدَآءً : ندائے اسلام، نداء الجہاد، منادی۔
يَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔	كُلُوْا : اکل وشرب، ماُکولات۔
شَيْـًٔا : عام شے، قیمتی اشیا۔	طَيِّبٰتِ : مالِ طیّب، طیّبات، طیّب وطاہر۔
يَهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادئ برحق۔	رَزَقْنٰكُمْ : رزق، رازق، رزاق۔
كَمَثَلِ : کالعدم، کماحقہ / مثل، مثال، مثلاً۔	اشْكُرُوْا : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہار تشکر۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔	تَعْبُدُوْنَ : عبادت، عابد، معبود۔
يَسْمَعُ : سمع، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	الْمَيْتَةَ : میت، موت۔

اَوَ	لَوْ كَانَ	اٰبَآؤُهُمْ	لَا	يَعْقِلُوْنَ	شَيْئًا	وَّ لَا
حالانکہ کیا	اگرچہ ہوں	انکے آباءواجداد	نہ	وہ سب سمجھتے	کچھ	اور نہ

يَهْتَدُوْنَ (170)	وَ مَثَلُ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	كَمَثَلِ
وہ سب سیدھے راستے پر ہوں	اور مثال ان کی جن	سب نے کفر کیا	اسکی حالت کی طرح ہے

الَّذِيْ	يَنْعِقُ ❶	بِمَا	لَا يَسْمَعُ ❶	اِلَّا دُعَآءً	وَّ نِدَآءً ط	صُمٌّ
جو	پکارے	اسکو جو	نہ سنتا ہو	سوائے پکارنے	اور چلانے کے	بہرے ہیں

بُكْمٌ	عُمْيٌ	فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (171) ❷	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُلُوْا
گونگے	اندھے ہیں	پس وہ سب نہیں سمجھتے	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب کھاؤ

مِنْ طَيِّبٰتِ ❸	مَا	رَزَقْنٰكُمْ	وَ اشْكُرُوْا	لِلّٰهِ ❹	اِنْ كُنْتُمْ
پاکیزہ چیزوں سے	جو	ہم نے دی ہیں تم کو	اور تم سب شکر ادا کرو	اللہ کا	اگر ہو تم سب

اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ (172)	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ ❺
اسی کی	تم سب عبادت کرتے	بیشک	اس نے حرام کردیا ہے	تم پر	مردار

ضروری وضاحت

❶ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ "هُمْ" اور "يَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❸ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "لِ" کا ترجمہ "کے لیے" ہے، لیکن یہاں ضرورتاً "کا" کیا گیا ہے ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے ایسا کرلیا جاتا ہے۔ ❺ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

وَ الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِیْرِ	اور (بہتا ہوا) خون اور خنزیر کا گوشت (بھی)
وَ مَاۤ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ ۚ	اور وہ جو نام پکارا گیا ہو اس پر غیر اللہ کا
فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ	پس جو مجبور ہو جائے ، نہ سرکشی کرنے والا ہو
وَّ لَا عَادٍ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ ؕ	اور نہ (حد سے) تجاوز کرنیوالا ہو تو کوئی گناہ نہیں اس پر
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿173﴾	بیشک اللہ بخشنے والا، بہت مہربان ہے۔ ﴿173﴾
اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ	بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں اسے جو
اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ	اللہ نے نازل کیا ہے (اپنی) کتاب میں
وَ یَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِیْلًا ۙ	اور وہ لیتے ہیں اس کے بدلے میں تھوڑی قیمت
اُولٰٓئِكَ مَا یَاْكُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ	یہ لوگ نہیں بھرتے اپنے پیٹوں میں مگر آگ
وَ لَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ	اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ
یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَ لَا یُزَكِّیْهِمْ ۖۚ	قیامت کے دن اور نہ وہ انہیں پاک کرے گا
وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿174﴾	اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ ﴿174﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِغَیْرِ : غیر اللہ، اغیار، دیار غیر۔	یَاْكُلُوْنَ : اکل و شرب، مأکولات۔
اضْطُرَّ : اضطراری حالت، مضطر (مجبور)۔	بُطُوْنِهِمْ : بطن (پیٹ)۔
بَاغٍ : باغی، بغاوت۔	النَّارَ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
عَلَیْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	یُكَلِّمُهُمُ : کلام، کلمہ۔
یَكْتُمُوْنَ : کتمان علم، کتمان حق (چھپانا)۔	یَوْمَ : یوم آزادی، یوم آخرت، ایام۔
یَشْتَرُوْنَ : اشترا، مشتری (خرید و فروخت)۔	یُزَكِّیْهِمْ : تزکیہ، زکوٰۃ۔
ثَمَنًا، قَلِیْلًا : زرِ ثمن / قلیل، قلت۔	اَلِیْمٌ : المناک حادثہ، رنج و الم۔

وَ الدَّمَ	وَ لَحْمَ	الْخِنْزِيْرِ	وَ مَآ	اُهِلَّ	بِهٖ	لِغَيْرِ اللّٰهِ ج
اور خون	اور گوشت	خنزیر کا (بھی)	اور جو	پکارا گیا ہو	اس پر	(نام) غیر اللہ کا

فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّ لَا	عَادٍ	فَلَآ اِثْمَ
پس جو	مجبور کیا جائے	نہ سرکشی کرنیوالا ہو	اور نہ	حد سے تجاوز کرنیوالا	تو کوئی گناہ نہیں

عَلَيْهِ ط	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ (173)	اِنَّ الَّذِيْنَ	يَكْتُمُوْنَ ❶	مَآ
اس پر	بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	بیشک جو	سب چھپاتے ہیں	اسے جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَ يَشْتَرُوْنَ ❷	بِهٖ	ثَمَنًا قَلِيْلًا لا
اللہ نے نازل کیا ہے	(اپنی) کتاب سے	اور وہ سب لیتے ہیں	اسکے بدلے میں	تھوڑی قیمت

اُولٰٓئِكَ مَا	يَاْكُلُوْنَ ❸	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	اِلَّا النَّارَ	وَ لَا	يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ ❶
وہ لوگ نہیں	وہ سب بھرتے	اپنے پیٹوں میں	مگر آگ	اور نہ	بات کرے گا ان سے اللہ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❹	وَ لَا	يُزَكِّيْهِمْ ج	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (174)
قیامت کے دن	اور نہ	وہ پاک کرے گا انہیں	اور	ان کیلئے	عذاب ہے	دردناک

ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "يَشْتَرُوْنَ" اس فعل کا اصل مفہوم ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لینا ہے اس لیے اس کا ترجمہ خریدنا اور بیچنا دونوں کیا جاسکتا ہے۔ ❸ "يَاْكُلُوْنَ" کا اصل ترجمہ "وہ سب کھاتے ہیں" ہے لیکن سیاق وسباق کی مناسبت سے "وہ سب بھرتے ہیں" ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❹ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا	یہی لوگ ہیں جنہوں نے مول لیا
الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى	گمراہی کو ہدایت کے بدلے میں
وَ الْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ	اور عذاب کو مغفرت کے بدلے میں
فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿175﴾	تو کس قدر صبر کرنے والے ہیں وہ آگ پر۔ ﴿175﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ	یہ سب اس وجہ سے ہوا کہ بیشک اللہ نے
نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ	نازل کی کتاب حق کے ساتھ
وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ	اور بیشک جن لوگوں نے اختلاف کیا کتاب میں
لَفِىْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿176﴾ ع	یقیناً (وہ) بدبختی میں دور (جا پہنچے) ہیں۔ ﴿176﴾ ع
لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ	نیکی (یہی) نہیں کہ تم پھیر لو اپنے چہرے
قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ	مشرق اور مغرب کی طرف (نماز میں)
وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ	اور لیکن (اصل) نیکی یہ ہے جو ایمان لائے اللہ پر
وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ	اور آخرت کے دن اور فرشتوں پر

رکوع 21 / 9 / 5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اشْتَرَوُا : اشترا، مشتری (خرید و فروخت)۔	اخْتَلَفُوْا : اختلاف، مختلف، مخالف۔
الضَّلٰلَةَ : ضلالت (گمراہی)۔	فِى : فی الحال، فی الحقیقت، فی الواقع۔
بِالْهُدٰى : ہدایت، ہادی برحق۔	وُجُوْهَكُمْ : توجیہ، علی وجہ البصیرت، وجاہت۔
اَصْبَرَهُمْ : صبر، صابر۔	اٰمَنَ : ایمان، مومن، امن۔
عَلَى : علیحدہ، علی العموم، علی ہذا القیاس۔	الْيَوْمِ : یوم آزادی، یوم آخرت، ایام۔
نَزَّلَ : نازل، نزول، انزال، شان نزول۔	الْاٰخِرِ : آخر، اخیر، آخرت۔
بِالْحَقِّ : حق تعالیٰ، ناحق، حقیقی، حقوق۔	الْمَلٰٓىِٕكَةِ : ملک الموت، ملائکہ۔

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا ❶	الضَّلٰلَةَ ❷	بِالْهُدٰى	وَ الْعَذَابَ
یہی لوگ ہیں	جن سب نے مول لیا	گمراہی کو	ہدایت کے بدلے	اور عذاب کو

بِالْمَغْفِرَةِ ۚ ❷	فَمَآ	اَصْبَرَهُمْ ❸	عَلَى النَّارِ (175)	ذٰلِكَ ❹
مغفرت کے بدلے	تو کس قدر	وہ صبر کرنے والے ہیں	آگ پر	یہ

بِاَنَّ	اللّٰهَ	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ ؕ	وَ اِنَّ
اس وجہ سے (ہے) کہ بیشک	اللہ نے	نازل کی	کتاب	حق کے ساتھ	اور بیشک

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا	فِى الْكِتٰبِ	لَفِىْ شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ ع (176)
وہ لوگ جن سب نے اختلاف کیا	کتاب میں	یقیناً (وہ جا پہنچے ہیں) بدبختی میں	بہت دور

21 ع 9 5

لَيْسَ	الْبِرَّ اَنْ	تُوَلُّوْا	وُجُوْهَكُمْ	قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ
نہیں	نیکی (یہی) کہ	تم سب پھیر لو	اپنے چہرے	مشرق اور مغرب کی طرف (نماز میں)

وَ لٰكِنَّ	الْبِرَّ	مَنْ اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ الْمَلٰٓئِكَةِ ❺
اور لیکن (اصل)	نیکی (یہ ہے)	جو ایمان لائے	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر	اور فرشتوں پر

ضروری وضاحت

❶ "اِشْتِرَاءٌ" کا حاشیہ صفحہ نمبر 35 حاشیہ نمبر 2 میں ملاحظہ فرمائیں۔ ❷ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ "فَمَآ اَصْبَرَهُمْ" کا مفہوم یہ ہے کہ "وہ کون سی چیز ہے جو ان کو صبر دلاتی ہے آگ پر"۔ ❹ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے، کبھی ضرورت کے وقت اسکا ترجمہ "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں "ة" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔

وَ الْكِتٰبِ وَ النَّبِيّٖنَ ۚ	اور کتاب (قرآن مجید) اور نبیوں پر
وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ	اور دے (اپنا) مال اس (اللہ) کی محبت کی خاطر
ذَوِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنَ	قریبی رشتہ داروں اور یتیموں اور مساکین کو
وَ ابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَ السَّآئِلِيْنَ	اور مسافروں اور مانگنے والوں کو
وَ فِي الرِّقَابِ ۚ وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ	اور گردنیں (آزاد کرانے) میں اور نماز قائم کرے
وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَ الْمُوْفُوْنَ	اور زکوٰۃ ادا کرے اور پورا کرنے والے ہوں
بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ	اپنے عہد کو جب (بھی) وہ عہد کریں
وَ الصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ	اور صبر کرنیوالے ہوں تنگ دستی اور بیماری میں
وَ حِيْنَ الْبَاْسِ ؕ	اور جنگ کے وقت (دوران)
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ	یہی لوگ سچے ہیں
وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿177﴾	اور یہی لوگ ہی پرہیزگار ہیں۔ ﴿177﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو فرض کر دیا گیا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النَّبِيّٖنَ : نبی، انبیا۔	فِي : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔
حُبِّهٖ : محبت، محبّ، محبوب، حبیب۔	اَقَامَ : قیام، قائم، مقیم۔
الْقُرْبٰى : قرب، قرابت، اقربا، قریبی۔	الْمُوْفُوْنَ : وفا، ایفاءِ عہد۔
الْيَتٰمٰى : یتیم، یتیمی۔	بِعَهْدِهِمْ، عٰهَدُوْا : عہد، معاہدہ، معاہدات۔
الْمَسٰكِيْنَ : مسکین، مساکین، مسکینی۔	الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر۔
اِبْنَ : محمد بن قاسم، ابن الوقت، متبنّٰی۔	صَدَقُوْا : صدق وصفا، صداقت، صادق۔
السَّآئِلِيْنَ : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔	الْمُتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔

وَ الْكِتٰبِ	وَ النَّبِیّٖنَ ۚ	وَ اٰتَى الْمَالَ	عَلٰى حُبِّهٖ ❶	ذَوِی الْقُرْبٰى
اور کتاب پر	اور سب نبیوں پر	اور دے (اپنا) مال	اس کی محبت کی خاطر	قرابت والوں کو

وَ الْیَتٰمٰى	وَ الْمَسٰكِیْنَ ❷	وَ ابْنَ السَّبِیْلِ ۙ ❸	وَ السَّآىٕلِیْنَ	وَ فِی الرِّقَابِ ۚ
اور یتیموں کو	اور مساکین کو	اور مسافروں کو	اور مانگنے والوں کو	اور گردنوں میں

وَ اَقَامَ	الصَّلٰوةَ	وَ اٰتَى	الزَّكٰوةَ ۚ	وَ الْمُوْفُوْنَ	بِعَهْدِهِمْ
اور قائم کرے	نماز	اور ادا کرے	زکوٰۃ	اور سب پورا کرنے والے ہوں	اپنے عہد کو

اِذَا عٰهَدُوْا ۚ	وَ الصّٰبِرِیْنَ	فِی الْبَاْسَآءِ	وَ الضَّرَّآءِ
جب (بھی) وہ سب عہد کریں	اور سب صبر کرنیوالے ہوں	تنگ دستی میں	اور بیماری میں

وَ حِیْنَ ❹	الْبَاْسِ ؕ	اُولٰٓىٕكَ الَّذِیْنَ	صَدَقُوْا ؕ	وَ اُولٰٓىٕكَ	هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ❺ (177)
اور دوران	جنگ کے	یہی ہیں جو	سب سچے ہیں	اور یہی	ہی سب پرہیزگار ہیں

یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	كُتِبَ
اے	وہ لوگو! جو	سب ایمان لائے ہو	لکھ دیا گیا (یعنی فرض کر دیا گیا ہے)

ضروری وضاحت

❶ "عَلٰى حُبِّهٖ" کا اصل ترجمہ "اس کی محبت پر" ہے۔ ❷ یہ مسکین کی جمع ہے، اس میں "یْنَ" جمع کا نہیں بلکہ اس لفظ کا اصلی نون ہے۔ ❸ "اِبْنَ السَّبِیْلِ" کا اصل ترجمہ "راستے کا بیٹا" ہے مراد "مسافر" ہے۔ ❹ "حِیْنَ" کا اصل ترجمہ "وقت، مدت" ہے یہاں "جنگ کا وقت" مراد ہے۔ ❺ "هُمْ" کے بعد اگر "اَلْ" ہو تو اس سے تاکید کا مفہوم پیدا ہوتا ہے۔

عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ	تم پر قصاص لینا مقتولین (کے بارے) میں
اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ	آزاد (قاتل) کے بدلے آزاد (ہی قتل ہوگا)
وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ	اور غلام (قاتل) کے بدلے غلام (ہی قتل ہوگا)
وَ الْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ	اور عورت کے بدلے عورت (ہی قتل کی جائے گی)
فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ	پس جو (کہ) معاف کر دیا جائے اس کو
مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ	اپنے بھائی کی طرف سے کچھ بھی
فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ	تو (لازم ہے اس پر) پیروی کرنا دستور کے مطابق
وَ اَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ	اور ادائیگی کرے اس کو اچھے طریقے سے
ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ	یہ (دیت کی ادائیگی) تخفیف ہے
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ	تمھارے رب کی طرف سے اور رحمت ہے
فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ	پس جو زیادتی کرے اس کے بعد (بھی)
فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (178)	تو اس کیلئے دردناک عذاب ہے۔ (178)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مِّنْ، اَخِيْهِ : منجانب/اخوت، مواخات (بھائی چارہ)۔
الْقِصَاصُ : قصاص۔	فَاتِّبَاعٌ : تابع، اتباع، متبع۔
الْقَتْلٰى : قتل، قاتل، قتال، مقتول۔	بِالْمَعْرُوْفِ : عرف عام، معروف، معرفت۔
الْحُرُّ : حریت پسند، قافلۂ حریت (آزادی)۔	اَدَآءٌ : ادائے حق، ادائے فرض، ادائیگی۔
الْعَبْدُ : عبادت، عابد، معبود۔	اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْاُنْثٰى : مؤنث، تانیث۔	تَخْفِيْفٌ : تخفیف، مخفف، خفیف، خفت۔
عُفِيَ : عفو و درگزر، معافی۔	اعْتَدٰى : ظلم و تعدی، متعدی بیماریاں۔

عَلَيْكُمُ	الْقِصَاصُ	فِي الْقَتْلٰى ؕ	اَلْحُرُّ	بِالْحُرِّ ❶
تم پر	قصاص (لینا)	مقتولین (کے بارے) میں	آزاد	کے بدلے آزاد (قتل ہوگا)

وَ الْعَبْدُ	بِالْعَبْدِ	وَ الْاُنْثٰى	بِالْاُنْثٰى ؕ
اور غلام	کے بدلے غلام (قتل ہوگا)	اور عورت	کے بدلے عورت (قتل کی جائے گی)

فَمَنْ	عُفِيَ لَهٗ	مِنْ اَخِيْهِ	شَيْءٌ	فَاتِّبَاعٌ
پس جو	معاف کر دیا جائے اس کو	اپنے بھائی کی طرف سے	کچھ بھی	تو پیروی کرنا ہے

بِالْمَعْرُوْفِ	وَ	اَدَآءٌ	اِلَيْهِ	بِاِحْسَانٍ ؕ
دستور کے مطابق	اور	ادائیگی کرے	اس کی طرف	اچھے طریقے سے

ذٰلِكَ ❷	تَخْفِيْفٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ	رَحْمَةٌ ؕ
یہ (دیت کی ادائیگی)	تخفیف ہے	تمھارے رب کی طرف سے	اور	رحمت ہے

فَمَنِ	اعْتَدٰى	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَلَهٗ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ﴿178﴾
پس جو (بھی)	زیادتی کرے	اس کے بعد	تو اس کیلئے	عذاب ہے	دردناک

ضروری وضاحت

❶ اُس دور میں دراصل رواج تھا کہ مقتول اگر معزز آدمی ہوتا تو صرف اسکے قاتل کو قتل کرنا کافی نہ سمجھتے تھے بلکہ اس کی جگہ کئی آدمی یا کسی معزز آدمی کو ہی قتل کرنا ضروری سمجھتے تھے، اسی طرح اگر قاتل معزز ہوتا تو مقتول کے بدلے اسے قتل کرنا مناسب نہیں سمجھتے تھے، اس لیے فرمایا گیا ہے کہ مقتول کے بدلے صرف قاتل کی ہی جان لی جائے گی۔ ❷ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے۔

وَ لَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ	اور تمھارے لئے قصاص میں زندگی ہے
يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿179﴾	اے عقل والو! تاکہ تم بچ جاؤ (اللہ کے عذاب سے)۔ ﴿179﴾
كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ	فرض کر دیا گیا ہے تم پر (کہ) جب آ جائے
اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۚ	تم میں سے کسی کو موت، اگر وہ مال چھوڑے
الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ	وصیت کرنا، والدین کے لیے
وَ الْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ	اور قریبی رشتہ داروں کیلئے معروف طریقے سے
حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿180﴾	(یہ) حق ہے پرہیزگاروں کے ذمے۔ ﴿180﴾
فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا	پس جو بدل دے اسے اسکے بعد کہ
سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ	اس نے اسے سن لیا تو بیشک اسکا گناہ
عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ	ان پر ہے جو تبدیل کرتے ہیں اسے
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿181﴾	بیشک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿181﴾
فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ	پس جو ڈرے وصیت کرنے والے سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔	لِلْوَالِدَيْنِ : والدین، والدگرامی۔
حَيٰوةٌ : موت وحیات، حیات وممات۔	الْاَقْرَبِيْنَ : قرب، اقربا، قرابت داری، قریبی۔
تَتَّقُوْنَ، الْمُتَّقِيْنَ : تقوی، متقی۔	حَقًّا : حق، حقوق، حقیقی، مستحق، استحقاق۔
عَلَيْكُمْ، عَلَى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	يُبَدِّلُوْنَهٗ : تبدیل، متبادل، تبادلہ، بدل۔
حَضَرَ : حاضر، غیرحاضر، حاضری۔	سَمِيْعٌ : سمع، سماعت، سامع، محفل سماع۔
تَرَكَ : ترک، ترکہ، متروک، تارک۔	عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
الْوَصِيَّةُ، مُّوْصٍ : وصیت، وصیت نامہ۔	خَافَ : خوف، خائف۔

وَ	لَكُمْ	فِی الْقِصَاصِ	حَیٰوةٌ ❶❷	یّٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ	لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (179)
اور	تمہارے لئے	قصاص میں	زندگی ہے	اے عقل والو	تاکہ تم سب بچ جاؤ

كُتِبَ ❸	عَلَیْكُمْ	اِذَا حَضَرَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	اِنْ تَرَكَ
فرض کر دیا گیا ہے	تم پر	کہ جب آجائے	تم میں سے کسی کو	موت	اگر چھوڑے

خَیْرَا ❹ ۚۖ	الْوَصِیَّةُ ❶	لِلْوَالِدَیْنِ	وَ الْاَقْرَبِیْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ ۚ
مال	وصیت کرنا	والدین کیلئے	اور قریبی رشتہ داروں کیلئے	معروف طریقے سے

حَقًّا	عَلَی الْمُتَّقِیْنَ (180) ؕ	فَمَنْۢ	بَدَّلَهٗ	بَعْدَ مَا	سَمِعَهٗ
یہ حق ہے	پرہیزگاروں پر	پس جو	بدل دے اسے	اسکے بعد کہ	اس نے اسے سن لیا

فَاِنَّمَآ	اِثْمُهٗ	عَلَی الَّذِیْنَ	یُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ
تو بیشک	اسکا گناہ	ان پر ہے جو	وہ سب تبدیل کرتے ہیں اسے	بیشک اللہ

سَمِیْعٌ	عَلِیْمٌ (181) ؕ	فَمَنْ	خَافَ	مِنْ مُّوْصٍ
سننے والا	جاننے والا ہے	پس جسے	خوف ہو	وصیت کرنے والے سے

ضروری وضاحت

❶ علامت " ۃ " کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔ ❷ یہاں زندگی سے مراد یہ ہے کہ اگر ایک قاتل کو قصاص میں قتل کر دیا جائے گا تو باقی لوگ ڈر کر قتل کرنے سے بچیں گے، اس طرح بہت سی زندگیاں بچ جائیں گی۔ ❸ "كُتِبَ" کا ترجمہ "لکھ دیا گیا" ہے لیکن مراد "فرض کر دیا گیا" ہے۔ ❹ "خَیْرًا" کا اصل معنیٰ "بھلائی" ہے، لیکن کبھی اس سے مراد "مال" بھی ہوتا ہے۔

جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ	طرفداری یا کسی گناہ سے (تو) پھر وہ اصلاح کرا دے
بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ	ان کے درمیان تو کوئی گناہ نہیں اس پر
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ع ﴿182﴾	بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ع ﴿182﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو فرض کئے گئے ہیں
عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ	تم پر روزے جیسا کہ فرض کئے گئے
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ	ان لوگوں پر جو تم سے پہلے (تھے)
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ﴿183﴾	تا کہ تم بچ جاؤ (گناہوں سے)۔ ﴿183﴾
اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ	(یہ روزے) چند دن ہیں گنتی کے، پس جو ہو
مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ	تم میں سے بیمار یا سفر پر
فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ	تو (وہ) گنتی پوری کرے دوسرے دنوں سے
وَ عَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ	اور ان لوگوں پر جو طاقت رکھتے ہوں اس کی
فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ	(اور نہ رکھیں) فدیہ ہے ایک مسکین کا کھانا

ع 22 6 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَصْلَحَ : صلح، اصلاح، مصلح۔	اَيَّامًا : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔	مَّعْدُوْدٰتٍ، فَعِدَّةٌ : عدد، معدود، تعداد، عدت۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی ہذا القیاس، علی العموم۔	سَفَرٍ : سفر، مسافر، مسافر خانہ۔
اٰمَنُوْا : ایمان، مؤمن، امن۔	اُخَرَ : اُخروی زندگی، فکر آخرت، آخری۔
الصِّيَامُ : صوم، صیام۔	يُطِيْقُوْنَهٗ : طاقت ۔
قَبْلِكُمْ : قبل از غذا، چند دن قبل۔	فِدْيَةٌ : فدیہ۔
تَتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔	طَعَامُ : قیام وطعام، قبل از طعام۔

ع 22 6 6

جَنَفًا	اَوْ اِثْمًا	فَاَصْلَحَ	بَيْنَهُمْ	فَلَآ اِثْمَ	عَلَيْهِ ؕ
طرفداری کا	یا کسی گناہ کا	تو وہ اصلاح کرا دے	ان کے درمیان	تو نہیں کوئی گناہ	اس پر

اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿182﴾ ع	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُتِبَ
بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	فرض کیے گئے ہیں

عَلَيْكُمُ	الصِّيَامُ	كَمَا	كُتِبَ	عَلَى الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
تم پر	روزے	جیسا کہ	فرض کیے گئے	ان لوگوں پر جو	تم سے پہلے (تھے)

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ❶ لا ﴿183﴾	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدٰتٍ ❷ ؕ	فَمَنْ	كَانَ	مِنْكُمْ
تاکہ تم سب بچ جاؤ	چند دن ہیں	گنتی کے	پس جو	ہو	تم میں سے

مَّرِيْضًا	اَوْ	عَلٰى سَفَرٍ	فَعِدَّةٌ ❷	مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ	وَ
بیمار	یا	سفر پر	تو وہ گنتی پوری کرے	دوسرے دنوں سے	اور

عَلَى الَّذِيْنَ	يُطِيْقُوْنَهٗ ❸	فِدْيَةٌ ❷	طَعَامُ	مِسْكِيْنٍ ؕ
ان لوگوں پر جو	وہ سب طاقت رکھتے ہوں اس کی	فدیہ ہے	کھانا کھلانا	ایک مسکین کا

ضروری وضاحت

❶ "كُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❷ "ات" اور "ة" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسکے دو مفہوم ہو سکتے ہیں۔ 1۔ جو لوگ بوڑھے اور کمزور ہیں یا ایسی لا علاج مرض میں مبتلا ہوں جس سے شفا کا امکان نظر نہیں آتا تو وہ روزوں کی بجائے فدیہ دے دیں۔ 2۔ یا ہر ایک کو اجازت تھی کہ جو روزہ نہ رکھنا چاہیں تو فدیہ دے دیں، یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے۔

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا	پس جو خوشی سے کرے (زیادہ) بھلائی
فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَ اَنْ تَصُوْمُوْا	تو وہ بہتر ہے اس کیلئے اور یہ کہ تم روزہ رکھو
خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿184﴾	(تو) زیادہ بہتر ہے تمھارے لیے اگر ہو تم جانتے ﴿184﴾
شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ	رمضان کا مہینہ وہ ہے جو نازل کیا گیا ہے
فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ	اس میں قرآن (جو) ہدایت ہے لوگوں کے لیے
وَ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى	اور روشن دلائل ہیں ہدایت کے
وَ الْفُرْقَانِ ۚ	اور (حق و باطل کے درمیان) فرق کرنے کے
فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ	پس جو موجود ہو (گھر میں) تم میں سے کوئی (اس) مہینے میں
فَلْيَصُمْهُ ؕ	تو اسے چاہیے کہ وہ روزے رکھے اس (مہینے) کے
وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ	اور جو بیمار ہو یا سفر پر ہو
فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ	تو گنتی پوری کرے دوسرے دنوں سے
يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ	چاہتا ہے اللہ تمہارے ساتھ آسانی کرنا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَطَوَّعَ : اطاعت، مطیع، طوعاً و کرہاً۔
تَصُوْمُوْا : صوم، صیام۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، علماء، علامہ۔
اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، شانِ نزول۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الحقیقت، فی الوقع فی الفور۔
هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
لِّلنَّاسِ : لہٰذا، الحمد للہ / عوام النّاس۔

بَيِّنٰتٍ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔
الْفُرْقَانِ : فرق، تفریق، مفارقت۔
فَعِدَّةٌ : عدد، معدود، تعداد، عدت۔
اَيَّامٍ : یوم، ایام، یومِ آزادی۔
اُخَرَ : اُخروی زندگی، فکرِ آخرت، آخری۔
يُرِيْدُ : ارادہ، مراد۔
الْيُسْرَ : میسّر (آسانی)۔

فَمَنْ	تَطَوَّعَ ❶	خَيْرًا	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّهٗ ؕ	وَ اَنْ	تَصُوْمُوْا
پس جو	خوشی سے کرے	بھلائی	تو وہ	بہتر ہے	اس کیلئے	اور یہ کہ	تم سب روزہ رکھو

خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ (184)	شَهْرُ رَمَضَانَ	الَّذِيْٓ
زیادہ بہتر ہے	تمھارے لئے	اگر	ہو تم	تم سب جانتے	رمضان کا مہینہ	(وہ ہے) جو

اُنْزِلَ	فِيْهِ	الْقُرْاٰنُ	هُدًى	لِّلنَّاسِ	وَ	بَيِّنٰتٍ ❷
نازل کیا گیا	اس میں	قرآن	(جو) ہدایت ہے	لوگوں کیلئے	اور	روشن دلائل ہیں

مِّنَ الْهُدٰى	وَ الْفُرْقَانِ ۚ	فَمَنْ	شَهِدَ ❸	مِنْكُمُ	الشَّهْرَ
ہدایت سے	اور امتیاز کرنے کے	پس جو	موجود ہو	تم میں سے کوئی	(اس) مہینے (میں)

فَلْيَصُمْهُ ؕ	وَمَنْ	كَانَ ❹	مَرِيْضًا	اَوْ	عَلٰى سَفَرٍ
تو چاہیے کہ وہ اسکے روزے رکھے	اور جو	ہو	بیمار	یا	سفر پر (ہو)

فَعِدَّةٌ ❷	مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ	يُرِيْدُ ❺	اللّٰهُ	بِكُمُ	الْيُسْرَ
تو گنتی پوری کرے	دوسرے دنوں سے	چاہتا ہے	اللہ	تمھارے ساتھ	آسانی

ضروری وضاحت

❶ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل کی "تَ" کا معنی "تو" نہیں ہے اور نہ واحد مؤنث کا بلکہ اس میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "موجود ہو" یعنی سفر میں نہ ہو۔ ❹ "كَانَ" کا ترجمہ "تھا" ہوتا ہے، کبھی اسکا ترجمہ "ہو" یا "ہے" بھی کیا جاتا ہے۔ ❺ "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

وَ لَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ز	اور وہ نہیں چاہتا تمہارے ساتھ سختی کرنا
وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ	اور تاکہ تم پورا کرلو گنتی (تعداد) کو
وَ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ	اور تاکہ تم بڑائی بیان کرو اللہ کی
عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ	اس (احسان) پر جو اس نے ہدایت دی تم کو
وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (185)	اور (اسلئے بھی) تاکہ تم شکر ادا کرو۔ (185)
وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ	اور جب آپ سے پوچھیں میرے بندے
عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ط	میرے بارے میں تو (بتادیں) بیشک میں قریب ہوں
اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ	میں قبول کرتا ہوں دعا کرنیوالے کی پکار کو
اِذَا دَعَانِ لا	جب وہ مجھے پکارے
فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ	پس چاہیے کہ (سب لوگ) حکم مانیں میرا
وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ	اور چاہیے کہ وہ ایمان لائیں مجھ پر
لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ (186)	تاکہ وہ راہِ راست پالیں۔ (186)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاعلاج، لاجواب، لاتعداد۔	تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہارِتشکر۔
يُرِيْدُ : ارادہ، ارادۃً، مراد، مرید۔	سَاَلَكَ : سوال، سائل، مسؤل۔
الْعُسْرَ : عسرت وافلاس۔	عِبَادِيْ : عبد، عابد، معبود، معبد، عبادت۔
لِتُكْمِلُوا : مکمل، تکمیل، کمال، کامل۔	اُجِيْبُ، فَلْيَسْتَجِيْبُوْا : جواب، مستجاب الدعا۔
لِتُكَبِّرُوا : تکبیر، تکبر، متکبر، اکابر۔	الدَّاعِ، دَعَانِ : دعا، داعی، مدعو۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	وَلْيُؤْمِنُوْا : ایمان، مؤمن، امن۔
هَدٰىكُمْ : ہدایت، ہادی برحق۔	يَرْشُدُوْنَ : رشد وہدایت، راشد، مرشد۔

وَ	لَا	يُرِيْدُ	بِكُمُ	الْعُسْرَ	وَ	لِتُكْمِلُوا	الْعِدَّةَ ❶
اور	نہیں	وہ چاہتا	تمھارے ساتھ	سختی	اور	تاکہ تم سب پورا کرلو	تعداد کو

وَ	لِتُكَبِّرُوا	اللّٰهَ	عَلٰى مَا	هَدٰىكُمْ
اور	تاکہ تم سب بڑائی بیان کرو	اللہ کی	اس (احسان) پر جو	اس نے ہدایت دی تم کو

وَ	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ❷ (185)	وَ	اِذَا	سَاَلَكَ	عِبَادِيْ
اور	تاکہ تم سب شکر ادا کرو	اور	جب	آپ سے پوچھیں	میرے بندے

عَنِّيْ	فَاِنِّيْ	قَرِيْبٌ	اُجِيْبُ ❸	دَعْوَةَ ❶
میرے بارے میں	تو بیشک میں	قریب ہوں	میں جواب دیتا ہوں	پکار کا

الدَّاعِ	اِذَا	دَعَانِ ❹	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لِيْ ❺
دعا کرنیوالے کی	جب	وہ مجھے پکارتا ہے	پس چاہیے کہ وہ سب حکم مانیں	میرا

وَ	لْيُؤْمِنُوْا	بِيْ	لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ❻ (186)
اور	چاہیے کہ وہ سب ایمان لائیں	مجھ پر	تاکہ وہ سب راہ راست پالیں

ضروری وضاحت

❶"ۃ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❷"کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "کُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔❸"اُجِیْبُ" کا اصل ترجمہ یہی ہے لیکن مراد "میں قبول کرتا ہوں" ہے۔❹"دَعَانِ" اصل میں "دَعَانِیْ" تھا، آخر میں "یْ" بھی تھی اسی کا ترجمہ "مجھے" کیا گیا ہے۔❺"لِیْ" کا اصل ترجمہ "میرے لیے" ہے، "لِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❻"هُمْ" اور "یَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ	حلال کر دیا گیا ہے تمھارے لیے روزوں کی رات
الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ	بے حجاب ہونا اپنی عورتوں (بیویوں) سے
هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ	وہ لباس ہیں تمھارے لیے اور تم لباس ہو ان کیلئے
عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ	اللہ جان چکا ہے کہ بیشک تم خیانت کر لیتے تھے
اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ	اپنے آپ سے تو اس نے رجوع کیا (مہربانی کی) تم پر
وَ عَفَا عَنْكُمْ ۚ	اور درگزر کر دیا تم سے
فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ	پس اب تم مباشرت کر سکتے ہو ان سے
وَابْتَغُوْا مَا	اور خواہش رکھو (اس کی) جو (مقدر میں)
كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠	لکھ رکھا ہے اللہ نے تمھارے لیے (لڑکا یا لڑکی)
وَ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ	اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ نمایاں ہو جائے
لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ	تمھارے لئے (صبح کی) سفید دھاری
مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۠	(رات کی) کالی دھاری سے فجر کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُحِلَّ	حلال، حلت وحرمت۔	بَاشِرُوْهُنَّ	مباشرت۔
لَيْلَةَ	لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	كُلُوْا	اکل وشرب، مأکولات۔
نِسَآئِكُمْ	تربیت نسواں، نسوانیت۔	اِشْرَبُوْا	شربت، مشروب، اکل وشرب۔
تَخْتَانُوْنَ	خیانت، خائن۔	حَتّٰى	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔
اَنْفُسَكُمْ	نفس، نفوس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	يَتَبَيَّنَ	بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ۔
فَتَابَ	توبہ، تائب۔	الْاَبْيَضُ	ید بیضا، بیاض، ابیض (سفید)۔
عَفَا	عفو ودرگزر، معافی۔	الْاَسْوَدِ	حجر اسود، بحیرۂ اسود (کالا)۔

اُحِلَّ	لَكُمْ	لَيْلَةَ	الصِّيَامِ	الرَّفَثُ❶	اِلٰى نِسَآئِكُمْ❷ ط
حلال کر دیا گیا ہے	تمھارے لئے	رات	روزے کی	بے حجاب ہونا	اپنی عورتوں سے

هُنَّ	لِبَاسٌ	لَّكُمْ	وَاَنْتُمْ	لِبَاسٌ	لَّهُنَّ ط	عَلِمَ اللّٰهُ	اَنَّكُمْ
وہ	لباس ہیں	تمھارے لیے	اور تم	لباس ہو	ان کیلئے	اللہ جان چکا ہے	کہ بیشک تم

كُنْتُمْ	تَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	فَتَابَ❸	عَلَيْكُمْ	وَعَفَا
تھے تم	تم سب خیانت کر لیتے	اپنے آپ سے	تو اس نے رجوع کیا	تم پر	اور درگزر کر دیا

عَنْكُمْ ج	فَالْئٰنَ	بَاشِرُوْهُنَّ	وَابْتَغُوْا	مَا كَتَبَ
تم سے	پس اب	تم سب مباشرت کرو ان سے	اور تم سب طلب کرو	جو لکھ رکھا ہے

اللّٰهُ	لَكُمْ صلے	وَكُلُوْا❹	وَاشْرَبُوْا	حَتّٰى يَتَبَيَّنَ❺
اللہ نے	تمھارے لیے	اور تم سب کھاؤ	اور تم سب پیو	یہاں تک کہ نمایاں ہو جائے

لَكُمُ	الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ	مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ	مِنَ الْفَجْرِ❻ صلے
تمھارے لیے	سفید دھاری	کالی دھاری سے	فجر کو

ضروری وضاحت

❶ابتدائے اسلام میں رمضان میں عشاء کی نماز یا سو جانے کے بعد کھانا کھانے اور عورتوں سے مباشرت کرنے پر پابندی تھی یہاں اسے اٹھا لینے کا ذکر ہے۔❷"اِلٰی" کا اصل ترجمہ "تک" ہے۔❸صفحہ نمبر 23 حاشیہ نمبر 2 میں ملاحظہ فرمائیں۔❹یہ لفظ "اَکَلَ" سے بنا ہے، آسانی کیلئے شروع سے "أ" گرا دیا گیا ہے۔❺"يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❻"مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے۔

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ — پھر تم پورا کرو روزے کو رات تک

وَ لَا تُبَاشِرُوْهُنَّ — اور مت مباشرت کرو ان سے

وَ اَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ؕ — اس حال میں کہ تم اعتکاف میں ہو مساجد میں

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ — یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں

فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ — تو تم قریب مت جاؤ ان کے، اسی طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ — اللہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے اپنے احکام

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿187﴾ — لوگوں کیلئے تاکہ وہ (خلاف ورزی سے) بچے رہیں ﴿187﴾

وَ لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ — اور تم مت کھاؤ اپنے مال اپنے درمیان (آپس میں)

بِالْبَاطِلِ وَ تُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ — ناحق طریقے سے اور (نہ) پہنچاؤ ان کو حکام تک

لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ — تاکہ تم کھا جاؤ ایک حصہ لوگوں کے اموال میں سے

بِالْاِثْمِ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿188﴾ ع — گناہ (یعنی ناجائز طریقے) سے حالانکہ تم جانتے ہو ﴿188﴾ ع — ع 23 6 7

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ — وہ پوچھتے ہیں آپ سے نئے چاندوں کے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَتِمُّوا : تمام، تمت بالخیر۔	يُبَيِّنُ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ۔
الصِّيَامَ : صوم وصلوٰۃ، صیام۔	يَتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔
اِلَى، الَّيْلِ : مکتوب الیہ / لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	تَاْكُلُوْٓا : اکل وشرب، ماٗکولات۔
تُبَاشِرُوْهُنَّ : مباشرت۔	اَمْوَالَكُمْ : مال ودولت، اموال، مالی حالت۔
عٰكِفُوْنَ : اعتکاف، معتکف۔	بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
حُدُوْدُ : حد، حدیں، حدود اربعہ۔	يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسؤل۔
تَقْرَبُوْهَا : قرب، قریب، اقربا، قربت۔	الْاَهِلَّةِ : ہلال احمر، رؤیت ہلال کمیٹی (چاند)۔

ثُمَّ	اَتِمُّوا	الصِّيَامَ	اِلَى الَّيْلِ ج	وَ لَا	تُبَاشِرُوْهُنَّ ❶
پھر	تم سب پورا کرو	روزے کو	رات تک	اور مت	تم سب مباشرت کرو ان سے

وَ اَنْتُمْ	عٰكِفُوْنَ لا	فِي الْمَسٰجِدِ ط	تِلْكَ ❷ حُدُوْدُ اللّٰهِ	فَلَا
اس حال میں کہ تم	سب اعتکاف میں ہو	مساجد میں	یہ اللہ کی حدیں ہیں	تو مت

تَقْرَبُوْهَا ط ❶	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❸	اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ
تم سب قریب جاؤ ان کے	اسی طرح	اللہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے	اپنے احکام	لوگوں کیلئے

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ❹ (187)	وَ لَا	تَاْكُلُوْٓا	اَمْوَالَكُمْ	بَيْنَكُمْ	بِالْبَاطِلِ
تاکہ وہ سب بچے رہیں	اور مت	تم سب کھاؤ	اپنے مال	اپنے درمیان	ناحق طریقے سے

وَ تُدْلُوْا ❺	بِهَآ	اِلَى الْحُكَّامِ	لِتَاْكُلُوْا	فَرِيْقًا	مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ
اور تم سب (نہ) پہنچاؤ	ان کو	حکام تک	تاکہ تم سب کھا جاؤ	ایک حصہ	لوگوں کے اموال سے

ع 23 6 7

بِالْاِثْمِ	وَ	اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (188) ع	يَسْــَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْاَهِلَّةِ ط ❻
گناہ سے	حالانکہ	تم سب جانتے ہو	وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں	نئے چاندوں کے بارے

ضروری وضاحت

❶ "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آئے تو "الف" گرا دیتے ہیں ❷ "تِلْكَ" کا ترجمہ "وہ" کی بجائے کبھی "یہ" بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❺ "تُدْلُوْا" اصل میں "لَا تُدْلُوْا" ہے پہلے "لَا" گزر چکا ہے، اس لیے دوبارہ نہیں آیا۔ ❻ یہاں "ة" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔

قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ	آپ کہہ دیں یہ لوگوں کیلئے اوقات
وَ الْحَجِّ ؕ وَ لَیْسَ الْبِرُّ	اور حج کے (تعین کا ذریعہ ہیں) اور نیکی (یہ) نہیں
بِاَنْ تَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا	کہ تم آؤ گھروں کو ان کی پشت سے
وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰی ۚ	اور لیکن نیکی (اسکی) ہے جو (برائی سے) بچا رہے
وَ اْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪	اور آؤ تم گھروں میں ان کے دروازوں سے
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (189)	اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ (189)
وَ قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ	اور تم جنگ کرو اللہ کی راہ میں
الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ	ان لوگوں سے جو جنگ کرتے ہیں تم سے
وَ لَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اور نہ تم زیادتی کرو بیشک اللہ
لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (190)	نہیں پسند کرتا زیادتی کرنے والوں کو۔ (190)
وَ اقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ	اور انہیں قتل کرو جہاں بھی تم پاؤ ان کو
وَ اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَیْثُ	اور نکال دو انہیں جہاں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
مَوَاقِیْتُ : وقت، اوقات، میقات الصیام۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس۔
الْبُیُوْتَ : بیت اللہ، بیت المال، بیت الخلا۔
وَلٰكِنَّ : لیکن۔
اتَّقُوا : تقوٰی، متقی۔
اَبْوَابِهَا : باب، ابواب۔

تُفْلِحُوْنَ : فلاح و بہبود، فلاحی ادارے۔
قَاتِلُوْا : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ۔
یُحِبُّ : محبت، محبوب، حبیب، محبّ۔
تَعْتَدُوْا : ظلم و تعدی، متعدی بیماری، عدوان۔
حَیْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
اَخْرِجُوْ : خروج، مخرج، وزارت خارجہ۔
مِّنْ : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔

قُلْ هِيَ ❶	مَوَاقِيْتُ	لِلنَّاسِ	وَ الْحَجِّ ؕ	وَلَيْسَ الْبِرُّ	بِاَنْ ❷
آپ کہہ دیں وہ	اوقات کے پیمانے ہیں	لوگوں کیلئے	اور حج (کیلئے بھی)	اور نیکی (یہ) نہیں	یہ کہ

تَاْتُوا الْبُيُوْتَ	مِنْ ظُهُوْرِهَا	وَلٰكِنَّ الْبِرَّ	مَنِ اتَّقٰى ۚ	وَاْتُوا
تم سب آؤ گھروں کو	ان کی پشت سے	اور لیکن نیکی	(اسکی ہے) جو بچا رہے	اور تم سب آؤ

الْبُيُوْتَ	مِنْ اَبْوَابِهَا ۠	وَ اتَّقُوا اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ❸ (189)
گھروں میں	انکے دروازوں سے	اور تم سب ڈرتے رہو اللہ سے	تاکہ تم سب فلاح پا جاؤ

وَ قَاتِلُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	يُقَاتِلُوْنَكُمْ ❹
اور تم سب جنگ کرو	اللہ کی راہ میں	ان لوگوں سے جو	سب جنگ کرتے ہیں تم سے

وَ لَا	تَعْتَدُوْا ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا	يُحِبُّ ❹	الْمُعْتَدِيْنَ (190)
اور نہ	تم سب زیادتی کرو	بیشک اللہ	نہیں	پسند کرتا	سب زیادتی کرنیوالوں کو

وَ اقْتُلُوْهُمْ ❺	حَيْثُ	ثَقِفْتُمُوْهُمْ ❻	وَ اَخْرِجُوْهُمْ ❺	مِّنْ حَيْثُ
اور تم سب قتل کرو انہیں	جہاں بھی	تم سب پاؤ ان کو	اور تم سب نکال دو انہیں	جہاں سے

ضروری وضاحت

❶ "هِيَ" کا ترجمہ "وہ" ہے ضرورتاً "یہ" کیا گیا ہے۔ ❷ "بِ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "كُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❹ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت ہو تو "الف" گر جاتا ہے۔ ❻ "تُمْ" کے بعد اگر کوئی علامت آئے تو درمیان میں "وْ" کا اضافہ کیا جاتا ہے یہاں وہی "وْ" ہے۔

اَخْرَجُوْكُمْ	انہوں نے نکالا تمہیں (مکہ سے)
وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ	اور فتنہ زیادہ بُرا ہے قتل سے
وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	اور مت جنگ کرو ان سے مسجد حرام کے قریب
حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ	یہاں تک کہ وہ (خود) جنگ کریں تم سے اس میں
فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ	پھر اگر وہ تم سے جنگ کریں تو تم قتل کرو انہیں
كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿191﴾	یہی سزا ہے کافروں کی (قتل یا اخراج)۔ ﴿191﴾
فَاِنِ انْتَهَوْا	پھر اگر وہ باز آجائیں (لڑائی سے)
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿192﴾	تو بیشک اللہ بخشنے والا بہت مہربان ہے۔ ﴿192﴾
وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى	اور جنگ کرو ان سے یہاں تک کہ
لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ	نہ (باقی) رہے کوئی فتنہ (شرک وظلم)
وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ	اور ہو جائے دین اللہ کیلئے
فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ	پھر اگر وہ باز آجائیں تو کوئی زیادتی (روا) نہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخْرَجُوْ	: خارج، خروج، وزارت خارجہ۔	فِيْهِ	: فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔
الْفِتْنَةُ	: فتنہ، پرفتن دور، فتّان۔	جَزَآءُ	: جزاءِ خیر، جزاوسزا۔
اَشَدُّ	: شدید، شدت، اشد، مشدد۔	انْتَهَوْا	: انتہا، منتہی طالب علم۔
مِنَ	: منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔	قٰتِلُوْهُمْ	: قتل، قاتل، مقتول، مقتل۔
تُقٰتِلُوْهُمْ	: قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ۔	الدِّيْنُ	: دین، دینی، متدین، ادیان۔
عِنْدَ	: عنداللہ، عندالطلب۔	لِلّٰهِ	: لہٰذا، الحمدللہ۔
حَتّٰى	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی المقدور۔	عُدْوَانَ	: ظلم وتعدی، متعدی بیماری، عدوان۔

اَخْرَجُوْكُمْ ❶	وَالْفِتْنَةُ ❷	اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ	وَلَا	تُقْتِلُوْهُمْ ❶
ان سب نے نکالا تمہیں	اور فتنہ	زیادہ سخت ہے قتل سے	اور مت	تم سب جنگ کرو ان سے

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	حَتّٰى	يُقٰتِلُوْكُمْ ❶	فِيْهِ ۚ
مسجد حرام کے پاس	یہاں تک کہ	وہ (خود) تم سب سے جنگ کریں	اس میں

فَاِنْ	قٰتَلُوْكُمْ ❶	فَاقْتُلُوْهُمْ ❶ ؕ	كَذٰلِكَ	جَزَآءُ ❸
پس اگر	وہ سب تم سے جنگ کریں	تو تم سب قتل کرو انہیں	اسی طرح	سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ (191)	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ (192)
کافروں کی	پھر اگر	وہ سب باز آجائیں	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	بڑا مہربان ہے

وَقٰتِلُوْهُمْ	حَتّٰى	لَا تَكُوْنَ ❹❺	فِتْنَةٌ ❷	وَّيَكُوْنَ ❺
اور تم سب جنگ کرو ان سے	یہاں تک کہ	نہ (باقی) رہے	کوئی فتنہ	اور ہو جائے

الدِّيْنُ	لِلّٰهِ ؕ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَلَا عُدْوَانَ
دین	اللہ کیلئے	پھر اگر	وہ سب باز آجائیں	تو نہیں کوئی زیادتی (روا)

ضروری وضاحت

❶ "وْا" کے بعد اگر کسی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو اسکے "الف" کو گرا دیتے ہیں۔ ❷ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ "جَزَاءُ" کا اصل ترجمہ "بدلہ" ہوتا ہے، وہ اچھا ہو یا بُرا، اگر بُرا ہو تو اسے "سزا" کہتے ہیں۔ ❹ "تَكُوْنَ" کا اصل ترجمہ "ہو" ہے، ضرورتاً "رہے" کیا گیا ہے۔ ❺ "تَ" اور "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿193﴾	مگر ظالموں پر۔ ﴿193﴾
اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ	ماہ حرام (کی پابندی) ہے
بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ	ماہ حرام (کی پابندی) کے بدلے
وَ الْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ	اور تمام حرمتوں میں برابر کا بدلہ ہے
فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ	پھر جو زیادتی کرے تم پر تو تم بھی زیادتی کرو اس پر
بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۠	اس کی مثل جو (جتنی) اس نے زیادتی کی تم پر
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا	اور اللہ سے ڈر جاؤ اور جان لو
اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿194﴾	کہ بیشک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ ﴿194﴾
وَ اَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور خرچ کرو اللہ کی راہ میں
وَ لَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ	اور (اپنے آپ کو) مت ڈالو اپنے ہاتھوں سے
اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَ اَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ اللّٰهَ	ہلاکت میں اور احسان کرو، بیشک اللہ
يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿195﴾	محبت رکھتا ہے احسان کرنے والوں سے۔ ﴿195﴾

ع ①

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔

الْحُرُمٰتُ : حرمت، مسجد حرام، احرام، محرمات۔

قِصَاصٌ : قصاص۔

اعْتَدٰى : ظلم و تعدی، متعدی بیماری، عدوان۔

اتَّقُوا، الْمُتَّقِيْنَ : تقوٰی، متقی۔

اعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم۔

مَعَ : مع اہل و عیال، معیت۔

اَنْفِقُوْا : نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔

تُلْقُوْا : القاء (ڈالنا)۔

بِاَيْدِيْكُمْ : ید بیضا، رفع الیدین، ید طولیٰ (ہاتھ)۔

التَّهْلُكَةِ : ہلاکت، ہلاک، مہلک۔

اَحْسِنُوْا، الْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسن۔

يُحِبُّ : محبت، محبّ، محبوب، حبیب۔

اِلَّا	عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (193)	اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ	بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ ❶
مگر	ظالموں پر	ماہ حرام (کی پابندی) ہے	ماہ حرام (کی پابندی) کے بدلے

وَ الْحُرُمٰتُ ❷	قِصَاصٌ ؕ	فَمَنِ اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ	فَاعْتَدُوْا
اور تمام حرمتوں (میں برابر کا)	بدلہ ہے	پس جو زیادتی کرے	تم پر	تو تم سب بھی زیادتی کرو

عَلَيْهِ	بِمِثْلِ	مَا	اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ ۪	وَ اتَّقُوا اللّٰهَ	وَ
اس پر	اسکی مثل	جو (جتنی)	اس نے زیادتی کی	تم پر	اور تم سب ڈر جاؤ اللہ سے	اور

اعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	مَعَ الْمُتَّقِيْنَ (194)	وَ اَنْفِقُوْا
تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	پرہیزگاروں کے ساتھ ہے	اور تم سب خرچ کرو

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ لَا	تُلْقُوْا	بِاَيْدِيْكُمْ	اِلَى التَّهْلُكَةِ ❷ ۛۚ
اللہ کی راہ میں	اور مت	تم سب ڈالو	اپنے ہاتھوں کو	ہلاکت کی طرف

وَ	اَحْسِنُوْا ۛۚ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ ❸	الْمُحْسِنِيْنَ ❹ (195)
اور	تم سب احسان کرو	بیشک اللہ	محبت رکھتا ہے	سب احسان کرنے والوں سے

م ①

ضروری وضاحت

❶ مراد یہ ہے کہ اگر کافر حرمت والے مہینے میں جنگ نہ کریں تو تم بھی نہ کرو اور اگر وہ جنگ کریں تو تم بھی کرو۔ ❷ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ علامت "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "مُ" اور آخر سے پہلے زیر "کام کرنیوالے" کو ظاہر کرتی ہے۔

وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَ الْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ	اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کیلئے
فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ	پھر اگر تم روکے جاؤ (بیماری یا دشمن کی وجہ سے)
فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَ لَا تَحْلِقُوْا	تو جو میسر ہو قربانی (کرلو) اور نہ مُنڈاؤ
رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ	اپنے سر یہاں تک کہ پہنچ جائے قربانی اپنی جگہ پر
فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا	پس جو ہو تم میں سے بیمار
اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ	یا اس کو تکلیف ہو اسکے سر میں تو (بطور) فدیہ
مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ	روزے رکھے یا صدقہ دے یا قربانی کرے
فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۗ فَمَنْ	پھر جب تمہیں امن نصیب ہو تو جو
تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ	فائدہ اٹھائے عمرہ کرنے کا حج (کے آنے) تک
فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ	تو جو میسر ہو قربانی (ذبح کرے)
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ	پس جو (قربانی) نہ پائے تو روزے رکھے
ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَ سَبْعَةٍ	تین دن (ایامِ) حج میں اور سات (دن)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَتِمُّوا : اتمام حجت، تمام، تمت بالخیر۔	مَحِلَّهٗ : محل، محلّہ، محلات۔
لِلّٰهِ : لہٰذا، الحمدللہ۔	فَفِدْيَةٌ : فدیہ۔
اُحْصِرْتُمْ : حصار، محصور (بند ہوجانا)۔	اَذًى : ایذارسانی، موذی۔
تَمَتَّعَ : حج تمتع، مال ومتاع، متاع کارواں۔	فَصِيَامُ : صوم وصلوٰۃ، صیام۔
اسْتَيْسَرَ : میسر۔	اَمِنْتُمْ : ایمان، مؤمن، امن۔
رُءُوْسَكُمْ : رأس المال، رئیس۔	يَجِدْ : وجود، موجود۔
حَتّٰى، يَبْلُغَ : حتیٰ کہ، حتی الامکان/ بالغ، بلوغت، مبلّغ۔	ثَلٰثَةِ : قرون ثلاثہ، مثلث، تثلیث۔

وَ اَتِمُّوا	الْحَجَّ	وَالْعُمْرَةَ ❶	لِلّٰهِ ؕ	فَاِنْ	اُحْصِرْتُمْ	فَمَا
اورتم سب پورا کرو	حج	اور عمرہ	اللہ کیلئے	پھر اگر	تم سب روکے جاؤ	توجو

اسْتَيْسَرَ	مِنَ الْهَدْيِ ❷ ج	وَ لَا	تَحْلِقُوْا	رُءُوْسَكُمْ	حَتّٰى	يَبْلُغَ ❷
میسر ہو	قربانی (کرلو)	اور نہ	تم سب منڈاؤ	اپنے سر	یہاں تک کہ	پہنچ جائے

الْهَدْيُ	مَحِلَّهٗ ؕ	فَمَنْ كَانَ	مِنْكُمْ	مَّرِيْضًا اَوْ	بِهٖٓ اَذًى	مِّنْ رَّاْسِهٖ ❸
قربانی	اپنی جگہ پر	پس جو ہو	تم میں سے	بیمار یا	اس کو تکلیف ہو	اسکے سر میں

فَفِدْيَةٌ ❶	مِّنْ صِيَامٍ ❷	اَوْ صَدَقَةٍ ❶	اَوْ نُسُكٍ ج	فَاِذَآ	اَمِنْتُمْ وقفة
تو (بطور) فدیہ	روزے رکھے	یا صدقہ دے	یا قربانی کرے	پھر جب	تمہیں امن نصیب ہو

فَمَنْ	تَمَتَّعَ ❹	بِالْعُمْرَةِ ❶	اِلَى الْحَجِّ ❺	فَمَا اسْتَيْسَرَ	مِنَ الْهَدْيِ ❷ ج
توجو	فائدہ اٹھائے	عمرہ کرنے کا	حج کے ساتھ	توجو میسر ہو	قربانی (ذبح کرے)

فَمَنْ	لَّمْ يَجِدْ ❷	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ❶	فِي الْحَجِّ	وَسَبْعَةٍ ❶
پس جو	نہ پائے	تو روزے رکھے	تین دن	(ایام) حج میں	اور سات (دن)

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ یہاں "یَ" اور "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔
❸ "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے ضرورتاً یہاں "میں" کیا گیا ہے۔ ❹ علامت "تَ" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا
مفہوم ہے۔ ❺ "اِلٰی" کا اصل ترجمہ "طرف، تک" ہے لیکن ضرورتاً یہاں "کے ساتھ" کیا گیا ہے۔

اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ	جب تم (گھر) لوٹو یہ مکمل دس ہوئے
ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ	یہ اس کے لیے ہے جو (کہ) نہ ہوں گھر والے اسکے
حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ	مسجد حرام (مکہ) کے پاس رہنے والے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا	اور اللہ سے ڈر جاؤ اور جان لو
اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ع ﴿196﴾	کہ بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ ع ﴿196﴾
اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ج	حج کے مہینے جانے پہچانے ہیں
فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ	پس جو عزم کرے ان (مہینوں) میں حج کا
فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ	تو (جائز) نہیں شہوت کی باتیں اور نہ برے کام
وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ	اور نہ لڑائی جھگڑا حج میں
وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ	اور جو تم کرو گے بھلائی کے کام
يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا	جان لے گا اسے اللہ اور زادِ راہ ساتھ لے لیا کرو
فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ز	پس بیشک بہترین زادِ راہ تو پرہیزگاری ہے

(Margin: ع 24 8 8 — beside verse 196; وقف النبی — beside line 11)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَجَعْتُمْ : رجوع، راجع، مرجوع، رجعت پسندی۔

عَشَرَةٌ : عُشر، عُشر عشیر (دسواں)، عشرۃ مبشرۃ۔

كَامِلَةٌ : مکمل، کامل، تکمیل، کمال۔

اَهْلُهٗ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہل بیت۔

حَاضِرِي : حاضر، غیر حاضر، حاضری۔

اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔

اعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، معلومات۔

الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔

مَّعْلُوْمٰتٌ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔

فَرَضَ : فرض، فرائض۔

فُسُوْقَ : فسق وفجور، فاسق (گناہ گار)۔

جِدَالَ : جنگ وجدل، جدال۔

تَفْعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔

تَزَوَّدُوْا : زادِ راہ، زادِ آخرت۔

اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ	تِلْكَ❶ عَشَرَةٌ❷	كَامِلَةٌ❷ ؕ	ذٰلِكَ❶	لِمَنْ	لَّمْ يَكُنْ❸
جب تم (گھر) لوٹو	یہ دس ہوئے	مکمل	یہ	(اس شخص) کیلئے ہے جو	نہ ہوں

اَهْلُهٗ	حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ	وَ	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَ
اسکے گھر والے	مسجد حرام (مکہ) کے پاس رہنے والے	اور	تم سب ڈر جاؤ اللہ سے	اور

24 ع 8 8

اعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ ع ﴿196﴾	اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ	مَّعْلُوْمٰتٌ❷ ج
تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	سخت سزا دینے والا ہے	حج کے مہینے	جانے پہچانے ہیں

فَمَنْ فَرَضَ❹	فِيْهِنَّ الْحَجَّ	فَلَا رَفَثَ	وَ لَا	فُسُوْقَ لا
پس جو عزم کرے	ان میں حج کا	تو (جائز) نہیں شہوت کی باتیں	اور نہ	گناہ

وقف النبی ﷺ

وَ لَا جِدَالَ	فِی الْحَجِّ ؕ	وَ مَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	يَّعْلَمْهُ❸ اللّٰهُ ؕ
اور نہ لڑائی جھگڑا	حج میں	اور جو	تم سب کرو گے	بھلائی سے	جان لے گا اسے اللہ

وَ	تَزَوَّدُوْا❺	فَاِنَّ	خَيْرَ	الزَّادِ	التَّقْوٰى ز
اور	تم سب زادِ راہ ساتھ لے لیا کرو	پس بیشک	بہترین	زادِ راہ	(تو) پرہیزگاری ہے

ضروری وضاحت

❶ "تِلْكَ" اور "ذٰلِكَ" دونوں کا اصل ترجمہ "وہ" ہے، ضرورتاً کبھی "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❷ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ علامت "یَ" کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ "فَرَضَ" کا اصل ترجمہ "لازمی قرار دے" ہے، لیکن یہاں مراد "عزم کرے" ہے۔ ❺ "تَ" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَ اتَّقُوْنِ يٰاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿197﴾	اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقل والو ! ۔ ﴿197﴾
لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ	نہیں ہے تم پر کوئی گناہ
اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ	یہ کہ تم تلاش کرو فضل (رزق) اپنے رب کا
فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ	پھر جب تم لوٹو عرفات سے
فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪	تو ذکر کرو اللہ کا مشعر حرام (مزدلفہ) پہنچ کر
وَ اذْكُرُوْهُ	اور اس کا ذکر کرو (اس طرح)
كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَ اِنْ كُنْتُمْ	جیسے اس نے ہدایت کی ہے تمہیں اور اگرچہ تم تھے
مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿198﴾	اس سے قبل یقیناً گمراہوں میں سے۔ ﴿198﴾
ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ	پھر (اے قریش ! وہاں سے) تم لوٹو جہاں سے
اَفَاضَ النَّاسُ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ	لوگ لوٹتے ہیں اور اللہ سے معافی مانگو
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿199﴾	بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ﴿199﴾
فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ	پھر جب تم ادا کر چکو اپنے مناسک (حج)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّقُوْنِ : تقوٰی، متقی۔	مِنْ : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	حَيْثُ : من حیث القوم، حیثیت۔
جُنَاحٌ : گناہ۔	النَّاسُ : عوام النّاس۔
فَاذْكُرُوا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرۃ۔	اسْتَغْفِرُوا : استغفار، مغفرت۔
عِنْدَ : عندالضرورت، عنداللہ ماجور ہوں۔	رَّحِيْمٌ : رحم، رحمت، رحیم، رحمٰن۔
هَدٰىكُمْ : ہدایت، ہادی۔	قَضَيْتُمْ : قضا، قاضی۔
قَبْلِهٖ : قبل از غذا، چند دن قبل۔	مَّنَاسِكَكُمْ : مناسک حج (حج کے طریقے)۔

وَ	اتَّقُوْنِ ❶	يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿197﴾	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ
اور	تم سب ڈرتے رہو مجھ سے	اے عقل والو!	نہیں ہے	تم پر	کوئی گناہ

اَنْ	تَبْتَغُوْا فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّكُمْ ❷ ط	فَاِذَآ	اَفَضْتُمْ	مِّنْ عَرَفٰتٍ
یہ کہ	تم سب تلاش کرو فضل	اپنے رب کا	پھر جب	تم سب لوٹو	(میدان) عرفات سے

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ	عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ص	وَ	اذْكُرُوْهُ	كَمَا
تو تم سب ذکر کرو اللہ کا	مشعر حرام (مزدلفہ) کے پاس	اور	تم سب ذکر کرو اس کا	جیسے

هَدٰىكُمْ ج	وَ اِنْ	كُنْتُمْ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿198﴾
اس نے تمہیں ہدایت کی ہے	اور اگرچہ	تم تھے	اس سے قبل	البتہ گمراہوں میں سے

ثُمَّ	اَفِيْضُوْا	مِنْ حَيْثُ	اَفَاضَ النَّاسُ	وَ	اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط
پھر	تم سب (وہاں سے) لوٹو	جہاں سے	لوٹتے ہیں لوگ	اور	تم سب معافی مانگو اللہ سے

اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿199﴾	فَاِذَا	قَضَيْتُمْ	مَّنَاسِكَكُمْ
بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	پھر جب	تم سب ادا کر چکو	اپنے مناسکِ (حج)

ضروری وضاحت

❶ "اِتَّقُوْنِ" اصل میں "اِتَّقُوْنِيْ" تھا اس میں "وْ" جمع کی ہے اور "نِ" جمع کا نہیں ہے بلکہ جب فعل کے آخر میں "ی" آئے تو ان دونوں کے درمیان "نِ" کا اضافہ کرتے ہیں، یہاں پر وہی "نِ" ہے اور آخر سے "ی" گری ہوئی ہے جسکا ترجمہ "مجھ سے" ہے۔ ❷ "مِنْ" کا ترجمہ "سے" ہے ضرورت کے مطابق "کا" کیا گیا ہے، ترجمہ کرتے ہوئے بعض اوقات ایسا ہو جاتا ہے۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ	تو یاد کرو اللہ کو جیسے یاد کیا کرتے تھے تم
اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ	اپنے آباءواجداد کو یا اس سے بڑھ کر یاد کرو
فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ	تو لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو کہتے ہیں
رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا	اے ہمارے رب ہمیں دے دے دنیا میں (سب کچھ)
وَ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿200﴾	اور نہیں ہے اس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ۔ ﴿200﴾
وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ	اور ان میں سے کچھ (ایسے ہیں) جو کہتے ہیں
رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً	اے ہمارے رب ہمیں دے دنیا میں بھلائی
وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً	اور آخرت میں (بھی) بھلائی
وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿201﴾	اور ہمیں بچالے آگ کے عذاب سے۔ ﴿201﴾
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ	یہی وہ لوگ ہیں (کہ) ان کیلئے حصہ ہے
مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ	اس سے جو انہوں نے کمایا
وَ اللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿202﴾	اور اللہ بہت جلد حساب چکا دینے والا ہے۔ ﴿202﴾

النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاذْكُرُوا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔	حَسَنَةً : حسنات، محسن، احسان۔
كَذِكْرِكُمْ : کالعدم، کما حقہ۔	الْاٰخِرَةِ : فکر آخرت، اُخروی زندگی۔
اٰبَآءَكُمْ : آباءواجداد، آبائی گاؤں۔	النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
اَشَدَّ : شدید، اشد، تشدد، شدت۔	نَصِيْبٌ : نصیب اپنا اپنا، باادب بانصیب۔
النَّاسِ : عوام الناس۔	مِّمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب / ماحول، ماجرا، ماتحت۔
يَّقُوْلُ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	كَسَبُوْا : کسب حلال، کسبی۔
فِي : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔	سَرِيْعُ : سرعت، سریع (جلدی)۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ	كَذِكْرِكُمْ	اٰبَآءَكُمْ	اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ
تو تم سب یاد کرو اللہ کو	جیسے تمہارا یاد کرنا تھا	اپنے آباء واجداد کو	یا اس سے زیادہ شدت سے یاد کرنا

فَمِنَ النَّاسِ	مَنْ يَّقُوْلُ ❶	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي الدُّنْيَا
تو لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں)	جو کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہمیں دے	دنیا میں

وَ مَا	لَهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ ❷	مِنْ خَلَاقٍ ❸ (200)	وَ	مِنْهُمْ
اور نہیں ہے	اس کیلئے	آخرت میں	کوئی حصہ	اور	ان میں سے کچھ (ایسے ہیں)

مَّنْ يَّقُوْلُ ❶	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً ❷	وَّفِي الْاٰخِرَةِ ❷
جو کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہمیں دے	دنیا میں	بھلائی	اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً ❷	وَّ قِنَا	عَذَابَ النَّارِ (201)	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ نَصِيْبٌ
بھلائی	اور ہمیں بچالے	آگ کے عذاب سے	یہی وہ لوگ ہیں (کہ)	ان کیلئے حصہ ہے

مِّمَّا ❹	كَسَبُوْا ؕ	وَ اللّٰهُ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ (202)
اس سے جو	ان سب نے کمایا	اور اللہ	بہت جلد	حساب (چکا دینے) والا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔ ❸ علامت "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ + مَا" تھا۔ "نْ" ساکن کے بعد اگر "م" آجائے تو "ن" پڑھنے میں نہیں آتا اور کبھی لکھنے میں بھی نہیں آتا، جیسا کہ یہاں ہوا ہے۔

النصف

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ	اور یاد کرو اللہ کو گنتی کے چند دنوں میں
فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ	پس جو جلدی کرے دو دِنوں میں (اور واپس ہو جائے)
فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ	تو کوئی گناہ نہیں اس پر
وَ مَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ	اور جو (کچھ) تاخیر کر دے تو کوئی گناہ نہیں اس پر
لِمَنِ اتَّقٰى ؕ	(یہ رعایت) اس کیلئے ہے جو پرہیزگاری اختیار کرے
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا	اور اللہ سے ڈرو اور جان لو
اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿203﴾	کہ بیشک تم اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔ ﴿203﴾
وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا بھی ہے) جو (کہ)
يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	بھلی لگتی ہے آپکو اس کی بات دنیا کی زندگی میں
وَ يُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ	اور وہ گواہ بناتا ہے اللہ کو اس پر جو اسکے دل میں ہے
وَ هُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿204﴾	حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے۔ ﴿204﴾
وَ اِذَا تَوَلّٰى	اور جب وہ (فضول باتیں کر کے) لوٹتا ہے (یا اسے حکومت ملتی ہے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اذْكُرُوا	ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ، اذکار۔	اعْلَمُوْٓا	علم، عالم، معلوم، معلومات۔
اَيَّامٍ	یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔	تُحْشَرُوْنَ	حشر، روز محشر۔
مَّعْدُوْدٰتٍ	عدد، تعداد، معدود، عدت۔	النَّاسِ	عوام الناس۔
تَعَجَّلَ	عجلت، مہر عاجل، شفاء کاملہ عاجلہ۔	يُّعْجِبُكَ	عجیب، تعجب، عجب۔
تَاَخَّرَ	تاخیر، مؤخر، متاخر	قَوْلُهٗ	قول، اقوال، مقولہ، مقالہ۔
لِمَنِ	لہٰذا، الحمدللہ۔	يُشْهِدُ	شاہد، شہادت (گواہی)۔
اتَّقٰى	تقویٰ، متقی۔	فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ	فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ❶ ط	فَمَنْ تَعَجَّلَ ❷	فِيْ يَوْمَيْنِ
اور تم سب یاد کرو اللہ کو	گنتی کے چند دنوں میں	پس جو جلدی کرے	دو دنوں میں

فَلَآ اِثْمَ	عَلَيْهِ ج	وَمَنْ	تَاَخَّرَ ❷	فَلَآ اِثْمَ	عَلَيْهِ لا	لِمَنِ
تو نہیں کوئی گناہ	اس پر	اور جو	تاخیر کر دے	تو نہیں کوئی گناہ	اس پر	اس کیلئے ہے جو

اتَّقٰى ط	وَ	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ
پرہیزگاری اختیار کرے	اور	تم سب ڈرو اللہ سے	اور	تم سب جان لو	کہ بیشک تم

اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ (203)	وَ مِنَ النَّاسِ	مَنْ
اسی کی طرف	تم سب اکٹھے کئے جاؤ گے	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا بھی ہے)	جو

يُّعْجِبُكَ ❸	قَوْلُهٗ	فِي الْحَيٰوةِ ❶ الدُّنْيَا	وَ يُشْهِدُ اللّٰهَ	عَلٰى مَا
بھلی لگتی ہے آپکو	اس کی بات	دنیا کی زندگی میں	اور وہ گواہ بناتا ہے اللہ کو	(اس) پر جو

فِيْ قَلْبِهٖ لا	وَ هُوَ	اَلَدُّ الْخِصَامِ ❹ (204)	وَ اِذَا	تَوَلّٰى ❷❺
اسکے دل میں ہے	حالانکہ وہ	بہت سخت جھگڑالو ہے	اور جب	وہ لوٹتا ہے

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "تَعَجَّلَ" اور "تَاَخَّرَ" کی "تـ" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❸ "يـ" کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❹ یہاں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ "تَوَلّٰى" کا ایک ترجمہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ "اسے حکومت ملتی ہے" ہے۔

سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ	کوشش کرتا ہے زمین میں تاکہ وہ فساد پھیلائے
فِیْهَا وَ یُهْلِكَ الْحَرْثَ وَ النَّسْلَ ؕ	اس میں اور تباہ کرے کھیتی اور نسلِ (انسانی) کو
وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿205﴾	اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ ﴿205﴾
وَ اِذَا قِیْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ	اور جب کہا جائے اس سے کہ اللہ سے ڈر
اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ	(تو) پکڑ لیتا ہے (جما دیتا ہے) اسے غرور گناہ پر
فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَ لَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿206﴾	پس کافی ہے اسے جہنم اور یقیناً وہ بُرا ٹھکانہ ہے ﴿206﴾
وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا بھی ہے) جو بیچ ڈالتا ہے
نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ	اپنی جان کو اللہ کی خوشنودی چاہتے ہوئے
وَ اللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿207﴾	اور اللہ بہت مہربان ہے (اپنے) بندوں پر۔ ﴿207﴾
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو داخل ہو جاؤ
فِی السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَ لَا تَتَّبِعُوْا	اسلام میں پورے پورے اور مت پیروی کرو
خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ	شیطان کے نقشِ قدم کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَعٰی : سعی، مساعی جمیلہ، سعی لاحاصل۔
فِی : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
لِیُفْسِدَ : فساد، فاسد، فسادات۔
یُهْلِكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
یُحِبُّ : محبت، حبیب، محبّ، حبِ رسول۔
قِیْلَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
اتَّقِ : تقوٰی، متقی۔
اَخَذَتْهُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
یَّشْرِیْ : بیع وشرا، مشتری۔
مَرْضَاتِ : رضا، راضی، مرضی۔
بِالْعِبَادِ : عبادت، عابد، معبود۔
ادْخُلُوْا : دخل، داخل، دخول، داخلہ۔
السِّلْمِ : اسلام، سلامتی۔
تَتَّبِعُوْا : اتباع، تابع فرماں۔

سَعٰی	فِی الْاَرْضِ	لِیُفْسِدَ	فِیْهَا	وَ یُهْلِكَ الْحَرْثَ	وَ النَّسْلَ ط
وہ کوشش کرتا ہے	زمین میں	تاکہ وہ فساد پھیلائے	اس میں	اور وہ تباہ کرے کھیتی	اور نسل کو

وَ اللّٰهُ	لَا یُحِبُّ ❶	الْفَسَادَ 205	وَ اِذَا	قِیْلَ لَهُ ❷	اتَّقِ اللّٰهَ
اور اللہ	نہیں پسند کرتا	فساد کو	اور جب	کہا جائے اس سے	اللہ سے ڈر

اَخَذَتْهُ ❸❹	الْعِزَّةُ ❺	بِالْاِثْمِ	فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ط	وَ لَبِئْسَ	الْمِهَادُ 206
(تو) جمادیتا ہے اسے	غرور	گناہ پر	پس کافی ہے اسے جہنم	اور البتہ وہ برا	ٹھکانہ ہے

وَ مِنَ النَّاسِ	مَنْ یَّشْرِیْ ❶	نَفْسَهُ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ ❺ اللّٰهِ ط
اور لوگوں میں سے	(کوئی ایسا بھی ہے) جو بیچ ڈالتا ہے	اپنی جان کو	چاہتے ہوئے	اللہ کی خوشنودی

وَ اللّٰهُ رَءُوْفٌۢ	بِالْعِبَادِ 207	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ	اٰمَنُوا	ادْخُلُوْا
اور اللہ بہت مہربان ہے	بندوں پر	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب داخل ہو جاؤ

فِی السِّلْمِ	كَآفَّةً ❺ ص	وَ لَا	تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ ❺ الشَّیْطٰنِ ط
اسلام میں	پورے پورے	اور مت	تم سب پیروی کرو	شیطان کے نقشِ قدم کی

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "یِ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❷ "قَالَ، قِیْلَ" وغیرہ کے بعد اگر "لِ" یا "لَ" ہو تو انکا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ ❸ اسکا اصل ترجمہ "پکڑ لیتا" ہے، مفہوم واضح کرنے کے لیے "جمادیتا" ہے کیا گیا ہے۔ ❹ "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "ۃ" واحد اور "ات" جمع مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿208﴾	بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ ﴿208﴾
فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا	پھر اگر تم پھسل گئے اس کے بعد کہ
جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا	آچکی ہیں تمہارے پاس کھلی نشانیاں تو جان لو
اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿209﴾	کہ بیشک اللہ زبردست، حکمت والا ہے۔ ﴿209﴾
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ	نہیں وہ انتظار کر رہے مگر (اس بات کا) کہ
يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ	آئے انکے پاس اللہ بادلوں کے سائبانوں میں
وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ قُضِيَ الْاَمْرُ ؕ	اور فرشتے (بھی آئیں) اور کام تمام کر دیا جائے
ع 25 14 9 وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿210﴾ ع	اور اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے تمام معاملات۔ ﴿210﴾ ع
سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	(اے نبی ﷺ) پوچھیے بنی اسرائیل سے
كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ؕ	کتنی ہم نے دی ہیں انہیں کھلی نشانیاں
وَ مَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ	اور جو بدل دے اللہ کی نعمت کو
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ	اس کے بعد کہ وہ آئی اس کے پاس

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَدُوٌّ : عداوت، اعداء، عدو۔	الْمَلٰٓئِكَةُ : مَلَک، ملائکہ۔
مُّبِيْنٌ، الْبَيِّنٰتُ : بیان، مبیّن، بیّن دلیل، مبیّنہ۔	قُضِيَ : قضا، قاضی، قضاۃ، قضائے حاجت۔
مِّنْ : منجانب، اظہر من الشمس، من حیث القوم۔	تُرْجَعُ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
فَاعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، معلومات۔	الْاَمْرُ : امر، آمر، مأمور، امارت، امیر۔
حَكِيْمٌ : حکمت، حکیم، حکما۔	سَلْ : سوال، سائل، مسؤل، سوالی۔
يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، ناظرین۔	يُّبَدِّلْ : تغیر و تبدل، تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
اِلَّآ : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	نِعْمَةَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔

اِنَّهٗ لَكُمْ❶	عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (208)	فَاِنْ	زَلَلْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ مَا❷❸	جَآءَتْكُمُ❹
بیشک وہ تمہارا	کھلا دشمن ہے	پھر اگر	تم پھسل گئے	اس کے بعد کہ	آچکی ہیں تمہارے پاس

الْبَيِّنٰتُ❹	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ (209)	هَلْ❺
کھلی نشانیاں	تو تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	زبردست	(اور) حکمت والا ہے	نہیں

يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ اَنْ	يَّاْتِيَهُمُ❷ اللّٰهُ	فِيْ ظُلَلٍ	مِّنَ الْغَمَامِ
وہ سب انتظار کر رہے	مگر (اس بات کا) کہ	آئے انکے پاس اللہ	سائبانوں میں	بادلوں کے

25 ع 14 9

وَالْمَلٰٓئِكَةُ	وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ	وَاِلَى اللّٰهِ	تُرْجَعُ❻	الْاُمُوْرُ (210) ع
اور فرشتے (بھی)	اور کام تمام کر دیا جائے	اور اللہ کی طرف	لوٹائے جائیں گے	تمام معاملات

سَلْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	كَمْ	اٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ❷ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ❹ ؕ
(اے نبیؐ) پوچھیے	بنی اسرائیل سے	کتنی	ہم نے دی ہیں انہیں	کھلی نشانیاں

وَمَنْ	يُّبَدِّلْ❷	نِعْمَةَ اللّٰهِ❹	مِنْۢ❷ بَعْدِ مَا❸	جَآءَتْهُ❹
اور جو	بدل دے	اللہ کی نعمت کو	اس کے بعد کہ	وہ آئی اس کے پاس

ضروری وضاحت

❶"لَكُمْ" کا اصل ترجمہ "تمہارے لیے" ہے۔❷یہاں "مِنْ" اور "يَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔❸لفظ "بَعْدِ" کے بعد اگر "مَا" ہو تو عموماً اسکا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔❹ "ة"، "تْ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❺"هَلْ" کے بعد اگر اسی جملے میں "اِلَّا" ہو تو "هَلْ" کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔❻"تُ" مؤنث کے لیے ہے، ترجمہ ممکن نہیں۔

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿211﴾	تو بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ ﴿211﴾
زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا	خوشنما بنا دی گئی ان لوگوں کیلئے جنہوں نے کفر کیا
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ يَسْخَرُوْنَ	دنیاوی زندگی اور وہ مذاق کرتے ہیں
مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَ الَّذِيْنَ	ان لوگوں سے جو ایمان لائے حالانکہ جن لوگوں نے
اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ	تقویٰ اختیار کیا ہو گا وہ ان سے بالاتر ہونگے
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ اللّٰهُ يَرْزُقُ	قیامت کے دن اور اللہ رزق دیتا ہے
مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿212﴾	جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے۔ ﴿212﴾
كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۫	لوگ ایک امت تھے (یعنی توحید پر تھے)
فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ	(پھر ان میں اختلاف پیدا ہوا) تو اللہ نے نبی بھیجے
مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ ۪	(جو) خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تھے
وَ اَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ	اور اتاری ان کے ساتھ کتاب حق کے ساتھ
لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ	تاکہ وہ فیصلہ کرے لوگوں کے درمیان

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَدِيْدُ : شدید، شدّت، مشدّد، اشد ضرورت۔
الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
زُيِّنَ : زینت، مزیّن، تزیین۔
يَسْخَرُوْنَ : مسخرہ، تمسخر (مذاق اڑانا)۔
مِنْ : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔
اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔
فَوْقَهُمْ : فوقیت، مافوق الفطرت، مافوق الاسباب۔
يَرْزُقُ : رزق، رازق، رزّاق۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔
فَبَعَثَ : بعثت، مبعوث، باعث۔
مُبَشِّرِيْنَ، مُنْذِرِيْنَ : بشارت وانذار۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، شان نزول۔
لِيَحْكُمَ : حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔

فَاِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ (211)	زُيِّنَ	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوا
تو بیشک اللہ	سخت	سزا دینے والا ہے	خوشنما بنادی گئی	ان لوگوں کیلئے جن	سب نے کفر کیا

الْحَيٰوةُ❶ الدُّنْيَا	وَ يَسْخَرُوْنَ	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا م	وَ
دنیاوی زندگی	اور وہ سب مذاق کرتے ہیں	ان لوگوں سے جو	سب ایمان لائے	حالانکہ

الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	فَوْقَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ❶ ط	وَ اللّٰهُ
وہ لوگ جن	سب نے تقوٰی اختیار کیا ہوگا	وہ ان سے بالاتر ہونگے	قیامت کے دن	اور اللہ

يَرْزُقُ❷	مَنْ يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ (212)	كَانَ النَّاسُ	اُمَّةً❶ وَّاحِدَةً❸ قف
رزق دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	بغیر حساب کے	تھے لوگ	ایک امت

فَبَعَثَ اللّٰهُ	النَّبِيّٖنَ	مُبَشِّرِيْنَ❹	وَ	مُنْذِرِيْنَ❹ ص
تو اللہ نے بھیجا	نبیوں کو	(جو) سب خوشخبری دینے والے	اور	سب ڈرانے والے تھے

وَ اَنْزَلَ	مَعَهُمُ الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	لِيَحْكُمَ❺	بَيْنَ النَّاسِ
اور اتاری	ان کے ساتھ کتاب	حق کے ساتھ	تاکہ وہ فیصلہ کریں	لوگوں کے درمیان

وقف لازم

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ علامت "یَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔
❸ "ایک امت" سے مراد "سب ایک دین پر" یعنی توحید پر تھے، پھر بعد میں انہوں نے اختلاف کیا۔ ❹ "مُ" اور آخر سے
پہلے زیر ہو تو "کام کرنیوالے" کا نام ہوتا ہے۔ ❺ "لِ" کے بعد اگر فعل کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ "تاکہ" کیا جاتا ہے۔

فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ	ان باتوں میں جو کہ انہوں نے اختلاف کیا اس میں
وَ مَا اخْتَلَفَ فِيْهِ	اور نہیں اختلاف کیا اس (کتاب) میں
اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ	مگر وہ لوگ جو دیے گئے وہ (کتاب)
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ	اس کے بعد کہ آگئے ان کے پاس واضح دلائل
بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ	انکے درمیان ضد کی وجہ سے تو اللہ نے ہدایت دی
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	ان لوگوں کو جو ایمان لائے (محمد ﷺ پر)
لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ	ان حق کی باتوں میں جن میں انہوں نے اختلاف کیا
بِاِذْنِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ يَهْدِيْ	اپنے حکم (مہربانی) سے اور اللہ ہدایت دیتا ہے
مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿213﴾	جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿213﴾
اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ	کیا تم نے یہ سمجھ لیا کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے
وَ لَمَّا يَاْتِكُمْ	حالانکہ ابھی تک نہیں آئے تم پر (حالات)
مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ	ان لوگوں جیسے جو گزر چکے ہیں تم سے پہلے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْمَا	: فی الحال، فی الحقیقت/ ماحول، ماتحت۔	بِاِذْنِهٖ	: بالواسطہ، بالکل/ اذن عام، باذن اللہ۔
اخْتَلَفُوْا	: اختلاف، مختلف، اختلافات۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔
مِنْ	: منجانب، اظہر من الشمس، من حیث القوم۔	اِلٰى	: مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْبَيِّنٰتُ	: بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔	صِرَاطٍ	: پل صراط، صراط مستقیم۔
بَغْيًا	: بغاوت، باغی۔	تَدْخُلُوا	: دخل، داخل، دخول، داخلہ۔
بَيْنَهُمْ	: بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔	مَّثَلُ	: مثل، مثال، امثلہ، مثالیں۔
فَهَدَى	: ہدایت، ہادی برحق۔	خَلَوْا	: خلا، خلائی شٹل، بیت الخلا۔

فِیۡمَا	اخۡتَلَفُوۡا	فِیۡهِ ؕ	وَ مَا اخۡتَلَفَ ❶	فِیۡهِ
(ان باتوں) میں جو	ان سب نے اختلاف کیا	اس (کتاب) میں	اور نہیں اختلاف کیا	اس (کتاب) میں

اِلَّا الَّذِیۡنَ	اُوۡتُوۡهُ ❷	مِنۡۢ بَعۡدِ مَا ❸	جَآءَتۡهُمُ	الۡبَیِّنٰتُ
مگر ان لوگوں نے جن	سب کو دی گئی وہ (کتاب)	(اسکے) بعد کہ	آ گئے ان کے پاس	واضح دلائل

بَغۡیًا	بَیۡنَهُمۡ ۚ	فَهَدَی اللّٰهُ	الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	لِمَا
ضد کی وجہ سے	انکے درمیان	تو اللہ نے ہدایت دی	ان کو جو سب ایمان لائے	اُن باتوں کی جو

اخۡتَلَفُوۡا	فِیۡهِ	مِنَ الۡحَقِّ	بِاِذۡنِهٖ ؕ ❹	وَ اللّٰهُ یَهۡدِیۡ ❺
ان سب نے اختلاف کیا	اس (کتاب) میں	حق سے	اپنے حکم سے	اور اللہ ہدایت دیتا ہے

مَنۡ یَّشَآءُ	اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿213﴾	اَمۡ حَسِبۡتُمۡ	اَنۡ تَدۡخُلُوا
جسے وہ چاہتا ہے	سیدھے راستے کی طرف	کیا تم نے یہ سمجھ لیا	کہ تم سب داخل ہو جاؤ گے

الۡجَنَّةَ	وَ لَمَّا	یَاۡتِکُمۡ ❺	مَّثَلُ الَّذِیۡنَ	خَلَوۡا	مِنۡ قَبۡلِکُمۡ ؕ
جنت میں	حالانکہ ابھی تک نہیں	آئے تم پر	(حالات) ان لوگوں جیسے جو	سب گزر چکے ہیں	تم سے پہلے

ضروری وضاحت

❶ اگر "مَا" کے بعد اسی جملے میں "اِلَّا" ہو تو اسکا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❷ "وْا" کے بعد کوئی اور علامت ہو تو "الف" گرا دیتے ہیں۔ ❸ اگر لفظ "بَعۡد" کے بعد "مَا" ہو تو اسکا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔ اور یہاں "مِنۡ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "بِاِذۡنِهٖ" اپنے حکم یعنی اپنی مہربانی سے مومنوں کو ہدایت دے دی۔ ❺ "یْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

مَسَّتۡهُمُ الۡبَاۡسَآءُ وَ الضَّرَّآءُ	پہنچی ان کو تنگ دستی اور مصیبت
وَ زُلۡزِلُوۡا حَتّٰى يَقُوۡلَ	اور وہ ہلا کے رکھ دیے گئے، یہاں تک کہ پکار اٹھا
الرَّسُوۡلُ وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ	رسول اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر
مَتٰى نَصۡرُ اللّٰهِ ؕ	کب (آئے گی) اللہ کی مدد (جواب ملا)
اَلَآ اِنَّ نَصۡرَ اللّٰهِ قَرِيۡبٌ ﴿214﴾	سن لو بیشک اللہ کی مدد قریب ہے۔ ﴿214﴾
يَسۡـَٔلُوۡنَكَ مَاذَا يُنۡفِقُوۡنَ ؕ	وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں
قُلۡ مَآ اَنۡفَقۡتُمۡ مِّنۡ خَيۡرٍ	کہہ دیں جو تم خرچ کرو مال میں سے
فَلِلۡوَالِدَيۡنِ وَ الۡاَقۡرَبِيۡنَ	تو وہ والدین کیلئے ہے اور قریبی رشتہ داروں
وَالۡيَتٰمٰى وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَابۡنِ السَّبِيۡلِ ؕ	اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کیلئے ہے
وَ مَا تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَيۡرٍ	اور جو (بھی) تم کرتے ہو کوئی بھلائی
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيۡمٌ ﴿215﴾	تو بیشک اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔ ﴿215﴾
كُتِبَ عَلَيۡكُمُ الۡقِتَالُ	فرض کیا گیا ہے تم پر جنگ کرنا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَسَّتۡهُمُ : مس (چھونا)۔	يُنۡفِقُوۡنَ ، اَنۡفَقۡتُمۡ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
الضَّرَّآءُ : ضرررساں، مضرصحت۔	مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
زُلۡزِلُوۡا : زلزلہ، متزلزل۔	الۡاَقۡرَبِيۡنَ : قرب، قریبی، قرابت، اقرباپروری۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی المقدور۔	تَفۡعَلُوۡا : فعل، فاعل، مفعول۔
مَعَهٗ : مع اہل وعیال، معیت الٰہی۔	عَلِيۡمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔
نَصۡرُ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔	عَلَيۡكُمُ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَسۡـَٔلُوۡنَكَ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔	الۡقِتَالُ : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ

مَسَّتْهُمُ ❶	الْبَاْسَآءُ	وَ الضَّرَّآءُ	وَ زُلْزِلُوْا	حَتّٰى يَقُوْلَ ❷
پہنچی ان کو	تنگ دستی	اور مصیبت	اور وہ سب ہلا کے رکھ دیے گئے	یہاں تک کہ پکار اٹھا

الرَّسُوْلُ	وَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	مَتٰى	نَصْرُ اللّٰهِ
رسول	اور وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اسکے ساتھ	کب (آئے گی)	اللہ کی مدد

اَلَآ	اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ	قَرِيْبٌ (214)	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَا يُنْفِقُوْنَ
خبردار	بیشک اللہ کی مدد	قریب ہے	وہ سب پوچھتے ہیں آپ سے	وہ سب کیا خرچ کریں

قُلْ	مَآ اَنْفَقْتُمْ	مِّنْ خَيْرٍ	فَلِلْوَالِدَيْنِ	وَ الْاَقْرَبِيْنَ
کہہ دیں	جو تم خرچ کرو	مال میں سے	تو وہ والدین کیلئے ہے	اور قریبی رشتہ داروں

وَ الْيَتٰمٰى	وَ الْمَسٰكِيْنِ ❸	وَ ابْنِ السَّبِيْلِ	وَ مَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ ❹
اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں (کیلئے ہے)	اور جو	تم سب کرتے ہو	کوئی بھلائی

فَاِنَّ اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ (215)	كُتِبَ ❺	عَلَيْكُمُ	الْقِتَالُ
تو بیشک	اللہ اس کو	خوب جاننے والا ہے	فرض کیا گیا ہے	تم پر	جنگ کرنا

ضروری وضاحت

❶ "مَسَّتْهُمْ" کے درمیان "تْ" مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "الْمَسَاكِيْنَ" کے آخر میں "يْنَ" جمع یا تثنیہ کا نہیں بلکہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❹ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "كُتِبَ" کا اصل معنی "لکھ دیا گیا" ہے، مراد "فرض کیا گیا" ہے۔

وَ هُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَ عَسٰۤى	حالانکہ وہ ناگوار ہے تمھیں اور ہوسکتا ہے
اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْــًٔا وَّ هُوَ خَيْرٌ	کہ تم ناپسند کرو ایک چیز حالانکہ وہ بہتر ہو
لَّكُمْ ۚ وَ عَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا	تمھارے لیے اور ہوسکتا ہے کہ تم پسند کرو
شَيْــًٔا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ	ایک چیز حالانکہ وہ بری ہو تمھارے لیے
وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿216﴾ ع	اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ﴿216﴾ ع
يَسْـَٔلُوْنَكَ	وہ آپ سے سوال کرتے ہیں
عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ	حرمت والے مہینے کے بارے میں
قِتَالٍ فِيْهِ ؕ	جنگ کرنا (کیسا ہے؟) اس میں
قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ	آپ کہہ دیں: اس میں جنگ کرنا بڑا (گناہ) ہے
وَ صَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌۢ بِهٖ	اور روکنا اللہ کے راستے سے اور کفر کرنا اسکے ساتھ
وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَ اِخْرَاجُ اَهْلِهٖ	اور مسجد حرام (سے روکنا) اور اسکے رہنے والوں کو نکالنا
مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ	اس سے، زیادہ بڑا (گناہ) ہے اللہ کے نزدیک

ع 26 6 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كُرْهٌ ، تَكْرَهُوْا : مکروہ، کراہت، مکروہات۔	قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
تُحِبُّوْا : محبت، حبیب، محبّ، محبوب۔	كَبِيْرٌ : کبیر، اکبر، تکبر۔
شَرٌّ : شر، شریر، شرارتی، شرارت۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
يَعْلَمُ ، تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	كُفْرٌ : کفر، کافر، کفار۔
يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔	اِخْرَاجُ : خروج، خارج، اخراج، وزارت خارجہ۔
قِتَالٍ : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ۔	اَهْلِهٖ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہل بیت۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

وَ هُوَ	كُرْهٌ لَّكُمْ ج ❶	وَ عَسٰٓى	اَنْ تَكْرَهُوْا	شَيْـًٔا	وَّ هُوَ
حالانکہ وہ	ناگوار ہے تمہیں	اور ہوسکتا ہے	کہ تم سب ناپسند کرو	ایک چیز	حالانکہ وہ

خَيْرٌ لَّكُمْ ج	وَ عَسٰٓى	اَنْ	تُحِبُّوْا	شَيْـًٔا	وَّ هُوَ	شَرٌّ
بہتر ہو تمہارے لئے	اور ہوسکتا ہے	کہ	تم سب پسند کرو	ایک چیز	حالانکہ وہ	بُری ہو

26 ع 6 10

لَّكُمْ ط	وَ اللّٰهُ	يَعْلَمُ ❷	وَ	اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ❸ ع (216)	يَسْـَٔلُوْنَكَ
تمہارے لیے	اور اللہ	جانتا ہے	اور	تم سب نہیں جانتے	وہ سب سوال کرتے ہیں آپ سے

عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ	قِتَالٍ فِيْهِ ط	قُلْ	قِتَالٌ فِيْهِ
حرمت والے مہینے کے بارے میں	اس میں جنگ کرنا (کیسا ہے؟)	تم کہو	جنگ کرنا اس میں

كَبِيْرٌ ط	وَ صَدٌّ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ كُفْرٌ	بِهٖ	وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ق
بڑا (گناہ) ہے	اور روکنا	اللہ کے راستے سے	اور کفر کرنا	اسکے ساتھ	اور مسجد حرام (سے روکنا)

وَ اِخْرَاجُ	اَهْلِهٖ	مِنْهُ	اَكْبَرُ ❹	عِنْدَ اللّٰهِ ج
اور نکالنا	اسکے رہنے والوں کو	اس سے	زیادہ بڑا (گناہ) ہے	اللہ کے نزدیک

ضروری وضاحت

❶"لَكُمْ" کا اصل ترجمہ "تمہارے لیے" ہے، سیاق وسباق کی مناسبت سے "تمہیں" کیا گیا ہے۔❷علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❸"اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔❹"اَكْبَرُ" کے شروع میں "أ" کا ترجمہ "میں" نہیں بلکہ ایک کی نسبت دوسرے میں کسی صفت کے زیادہ ہونے کو ظاہر کر رہا ہے۔ مثلاً: اَللّٰهُ اَكْبَرُ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

وَ الْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ	اور فتنہ انگیزی بڑا (گناہ) ہے قتل سے (بھی)
وَ لَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ	اور (یہ لوگ) ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے
حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ	یہاں تک کہ تمہیں پھیر دیں
عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ	تمہارے دین سے اگر ان کا بس چلے
وَ مَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ	اور جو پلٹ جائے تم میں سے اپنے دین سے
فَيَمُتْ وَ هُوَ كَافِرٌ	پھر مر جائے اس حال میں کہ وہ کافر ہو
فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ	تو یہی لوگ ہیں (کہ) ضائع ہو گئے ان کے اعمال
فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ	دنیا اور آخرت میں، اور وہی لوگ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (217)	اہل دوزخ ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (217)
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور وہ جنہوں نے
هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ	ہجرت کی اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں
اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ	وہی لوگ ہیں (جو) امید رکھتے ہیں اللہ کی رحمت کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْفِتْنَةُ : فتنہ، پُرفتن دور، فتّان۔	اَعْمَالُهُمْ : عمل، اعمال، معمول، معمولات۔
الْقَتْلِ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی المقدور، حتی الامکان۔	فِيْ : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔
يَرُدُّوْكُمْ، يَّرْتَدِدْ : رد، مرتد، ارتداد، مردود۔	خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔
مِنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	هَاجَرُوْا : ہجرت، مہاجر۔
اسْتَطَاعُوْا : استطاعت۔	جٰهَدُوْا : جہاد، مجاہد، مجاہدین، جدوجہد۔
فَيَمُتْ : موت، اموات، میت۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

وَ الْفِتْنَةُ ❶	اَكْبَرُ	مِنَ الْقَتْلِ ؕ	وَلَا يَزَالُوْنَ ❷	يُقَاتِلُوْنَكُمْ
اور فتنہ	زیادہ بڑا (گناہ) ہے	قتل سے (بھی)	اور وہ سب ہمیشہ	وہ سب لڑتے رہیں گے تم سے

حَتّٰى	يَرُدُّوْكُمْ	عَنْ دِيْنِكُمْ	اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ ❸	وَمَنْ
یہاں تک کہ	وہ سب پھیر دیں تمہیں	تمہارے دین سے	اگر ان سب کا بس چلے	اور جو

يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ ❹	عَنْ دِيْنِهٖ	فَيَمُتْ	وَ هُوَ كَافِرٌ	فَاُولٰٓئِكَ
پلٹ جائے تم میں سے	اپنے دین سے	پھر وہ مر جائے	اس حال میں کہ وہ کافر ہو	تو یہی لوگ ہیں کہ

حَبِطَتْ ❶	اَعْمَالُهُمْ	فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ ❶	وَ اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
ضائع ہو گئے	ان کے اعمال	دنیا اور آخرت میں	اور وہی لوگ	اہل دوزخ ہیں

هُمْ فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (217)	اِنَّ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا
وہ اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	بیشک وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور وہ جن سب نے ہجرت کی

وَ جٰهَدُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ	اُولٰٓئِكَ	يَرْجُوْنَ ❹	رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ ❺
اور سب نے جہاد کیا	اللہ کی راہ میں	وہی	سب اُمید رکھتے ہیں	اللہ کی رحمت کی

ضروری وضاحت

❶ "ة" اور "ت" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "زَالَ، يَزَالُ اور يَزَالُوْنَ" وغیرہ کے ساتھ اگر "لَا" یا "مَا" ہو تو ان کا ترجمہ نفی میں نہیں بلکہ دونوں کو ملا کر ترجمہ "ہمیشہ" کیا جاتا ہے۔ ❸ "اِسْتَطَاعُوْا" کا اصل ترجمہ "وہ طاقت رکھیں"۔ ❹ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ قرآنی کتابت میں کبھی لفظ "رَحْمَةٌ" کو "رَحْمَتٌ" بھی لکھا جاتا ہے۔

وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (218)	اور اللہ معاف کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ (218)
يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ ؕ	آپ سے پوچھتے ہیں شراب اور جوئے کے متعلق
قُلْ فِيْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِيْرٌ	آپ کہہ دیجئے (کہ) ان دونوں میں بڑا گناہ ہے
وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ ؗ وَ	اور کچھ فوائد بھی ہیں لوگوں کیلئے حالانکہ
اِثْمُهُمَاۤ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ	ان دونوں کا گناہ زیادہ بڑا ہے انکے فائدے سے
وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ۬	اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں، وہ کیا خرچ کریں
قُلِ الْعَفْوَ ؕ	آپ کہیں (جو ضرورت سے) زائد ہو (وہ سب اللہ
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ	کی راہ میں خرچ کردیں) اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے
لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۙ (219)	تمہارے لیے احکام تاکہ تم غور و فکر کرو۔ (219)
فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ	دنیا میں (بھی) اور آخرت میں (بھی)
وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ	اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں یتیموں کے متعلق
قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ	آپ کہہ دیں ان کیلئے بھلائی بہتر ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غَفُوْرٌ	مغفرت، استغفار، غفور الرحیم۔	مِنْ	منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔
رَّحِيْمٌ	رحم، رحمت، رحمٰن، رحیم۔	يُنْفِقُوْنَ	نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
يَسْـَٔلُوْنَكَ	سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔	يُبَيِّنُ	بیان، مبیّنہ طور پر، بیّن دلیل۔
قُلِ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	تَتَفَكَّرُوْنَ	غور و فکر، تفکر، مفکر، افکار۔
فِيْهِمَاۤ	فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔	الْيَتٰمٰى	یتیم، دُرِّ یتیم۔
مَنَافِعُ	نفع، منفعت، نافع، منافع۔	اِصْلَاحٌ	صلح، اصلاح، مصلح، مصلحت، صالح۔
لِلنَّاسِ	لہٰذا، الحمد للہ / عوام الناس۔	خَيْرٌ	خیر و برکت، خیر و عافیت، خیریت۔

وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (218)	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ ؕ
اور اللہ معاف کرنیوالا نہایت مہربان ہے	وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں	شراب اور جوئے کے متعلق

قُلْ	فِيْهِمَآ	اِثْمٌ	كَبِيْرٌ	وَّ مَنَافِعُ	لِلنَّاسِ ز
آپ کہہ دیجئے	ان دونوں میں	گناہ ہے	بڑا	اور کچھ فوائد ہیں	لوگوں کیلئے

وَ اِثْمُهُمَآ	اَكْبَرُ	مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ	وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَا
حالانکہ ان دونوں کا گناہ	زیادہ بڑا ہے	ان دونوں کے نفع سے	اور وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں	کیا

يُنْفِقُوْنَ ؕ	قُلِ الْعَفْوَ ؕ ❶	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❷	لَكُمُ الْاٰيٰتِ ❸❹
وہ سب خرچ کریں	آپ کہیں (جو) زائد ہو	اسی طرح	اللہ بیان کرتا ہے	تمہارے لئے احکام

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ❺ لا (219)	فِي الدُّنْيَا	وَ الْاٰخِرَةِ ❹ ؕ	وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ
تاکہ تم سب غور و فکر کرو	دنیا میں	اور آخرت میں (بھی)	اور وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں

عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ	قُلْ	اِصْلَاحٌ	لَّهُمْ	خَيْرٌ ؕ
یتیموں کے متعلق	آپ کہہ دیں	بھلائی کرنا	ان کیلئے	بہتر ہے

ضروری وضاحت

❶ "اَلْعَفْوَ" کا ترجمہ کبھی "غلطی سے درگزر کرنا" ہوتا ہے اور کبھی "ضرورت سے زائد" کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "اَلْاٰیٰتِ" کا ترجمہ کبھی "نشانیاں" بھی ہوتا ہے۔ ❹ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "کُمْ" اور "تـ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "تم" کیا گیا ہے۔

وَ اِنْ تُخَالِطُوْهُمْ	اور اگر تم ان سے مل جل کر رہو (اکٹھے کھاؤ پیو)
فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ	تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ جانتا ہے (کون)
الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ	بگاڑ کرنیوالا ہے (اور کون) اصلاح کرنیوالا ہے
وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ	اور اگر اللہ چاہتا (تو) یقیناً سختی بھی کرسکتا تھا تم پر
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿220﴾	بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ ﴿220﴾
وَ لَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى	اور نہ تم نکاح کرو مشرک عورتوں سے حتیٰ کہ
يُؤْمِنَّ ؕ وَ لَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ	وہ ایمان (نہ) لے آئیں اور البتہ مؤمنہ لونڈی
خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ	بہتر ہے (آزاد) مشرک عورت سے
وَّ لَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ	اور اگرچہ وہ بھلی لگتی ہو آپ کو
وَ لَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ	اور نہ نکاح کراؤ (اپنی عورتوں کا) مشرک مردوں سے
حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ	حتیٰ کہ وہ ایمان (نہ) لے آئیں
وَ لَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ	اور یقیناً مؤمن غلام بہتر ہے (آزاد) مشرک مرد سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُخَالِطُوْهُمْ : خلط ملط، اختلاط (گھل مل جانا)۔	تَنْكِحُوا : نکاح خواں، نکاح رجسٹرار، منکوحہ۔
فَاِخْوَانُكُمْ : اخوت، مواخات۔	الْمُشْرِكٰتِ : شرک، مشرک، مشرکین، شراکت۔
يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی المقدور۔
الْمُفْسِدَ : فساد، مفسد، فاسد، فسادات۔	اَعْجَبَتْكُمْ : تعجب، عجیب، عجوبہ، عجائب گھر۔
الْمُصْلِحِ : صلح، اصلاح، مصلح، اصلاحات۔	يُؤْمِنُوْا : ایمان، امن، مؤمن۔
شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	مِّنْ : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم
حَكِيْمٌ : حکمت، حکماء، حکیم۔	خَيْرٌ : خیروعافیت، خیروبرکت، خیریت۔

وَ اِنْ	تُخَالِطُوْهُمْ ❶	فَاِخْوَانُكُمْ ؕ	وَ اللّٰهُ	يَعْلَمُ ❷
اور اگر	تم سب مل جل کر رہو ان سے	تو وہ تمہارے بھائی ہیں	اور اللہ	جانتا ہے

الْمُفْسِدَ ❸	مِنَ الْمُصْلِحِ ❸ ؕ	وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ	لَاَعْنَتَكُمْ ؕ
بگاڑ کرنیوالے کو	اصلاح کرنیوالے سے	اور اگر اللہ چاہتا (تو)	یقیناً تم پر سختی بھی کرسکتا تھا

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ (220)	وَ لَا	تَنْكِحُوا	الْمُشْرِكٰتِ ❸❹	حَتّٰى
بیشک اللہ غالب	حکمت والا ہے	اور نہ	تم سب نکاح کرو	مشرک عورتوں سے	حتی کہ

يُؤْمِنَّ ؕ	وَ لَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ ❸❹	خَيْرٌ	مِّنْ مُّشْرِكَةٍ ❸❹
وہ ایمان (نہ) لے آئیں	اور البتہ مؤمنہ لونڈی	بہتر ہے	(آزاد) مشرک عورت سے

وَّ لَوْ	اَعْجَبَتْكُمْ ❹ ج	وَ لَا	تُنْكِحُوا	الْمُشْرِكِيْنَ ❸
اور اگرچہ	وہ بھلی لگتی ہو آپکو	اور نہ	تم سب نکاح کراؤ (اپنی عورتوں کا)	مشرک مردوں سے

حَتّٰى	يُؤْمِنُوْا ؕ	وَ لَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ ❸	خَيْرٌ	مِّنْ مُّشْرِكٍ
حتی کہ	وہ سب ایمان (نہ) لے آئیں	اور البتہ مؤمن غلام	بہتر ہے	(آزاد) مشرک مرد سے

ضروری وضاحت

❶ "مل جل کر رہنے" کا مفہوم یہ ہے کہ: ان کا مال اپنے مال میں بھی ملا سکتے ہو، بشرطیکہ نیت ٹھیک ہو اور یتیم کی بھلائی مقصود ہو۔ اور "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت ہو تو "الف" گر جاتا ہے۔ ❷ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "مُ" اور آخر سے پہلے زیر "کام کرنیوالے" کو ظاہر کرتی ہے۔ ❹ "ة"، "تْ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ لَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ	اور اگرچہ وہ تمہیں اچھا لگتا ہو
اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚۖ	یہ لوگ بلاتے ہیں آگ کی طرف
وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ	اور اللہ بلاتا ہے جنت اور مغفرت کی طرف
بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ	اپنے حکم (مہربانی) سے اور وہ بیان کرتا ہے اپنے احکام
لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿221﴾	لوگوں کیلئے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ ﴿221﴾
وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ	اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں حیض کے بارے میں
قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ	آپ کہہ دیں وہ گندگی ہے تو الگ رہو عورتوں سے
فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ	حیض (کے دنوں) میں اور قریب مت جاؤ انکے
حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا	یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائیں پھر جب
تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ	(اچھی طرح) وہ پاک ہو جائیں تو آؤ انکے پاس
مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ	(اس طرح) سے جیسے حکم دیا ہے تم کو اللہ نے
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ	بیشک اللہ پسند کرتا ہے توبہ کرنے والوں کو

ع 27 5 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْجَبَكُمْ : تعجب، عجیب، عجوبہ، عجائب گھر۔	يَتَذَكَّرُوْنَ : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔
يَدْعُوْنَ : دعا، داعی، دعوت۔	يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔
اِلَى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	الْمَحِيْضِ : حیض، حائضہ۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری	قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
بِاِذْنِهٖ : اذن عام، باذن اللہ۔	تَقْرَبُوْهُنَّ : قریب، قرب، قربت، اقربا۔
يُبَيِّنُ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔	يَطْهُرْنَ : طہارت، طاہر، مطہر۔
لِلنَّاسِ : لھذا، الحمدللہ / عوام الناس۔	حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔

وَ لَوْ	اَعْجَبَكُمْ ؕ	اُولٰٓئِكَ ❶	يَدْعُوْنَ ❷	اِلَى النَّارِ ۚۖ	وَ اللّٰهُ يَدْعُوْٓا ❷❸
اور اگرچہ	وہ تمہیں اچھا لگتا ہو	یہ لوگ	سب بلاتے ہیں	جہنم کی طرف	اور اللہ بلاتا ہے

اِلَى الْجَنَّةِ وَ الْمَغْفِرَةِ	بِاِذْنِهٖ ۚ	وَ يُبَيِّنُ	اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ
جنت اور مغفرت کی طرف	اپنے حکم سے	اور وہ بیان کرتا ہے	اپنے احکام	لوگوں کیلئے

ع 27 / 5 / 11

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ❹ ع (221)	وَ يَسْئَلُوْنَكَ	عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ	قُلْ
تاکہ وہ سب نصیحت حاصل کریں	اور وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں	حیض کے متعلق	آپ کہہ دیں

هُوَ اَذًى ۙ	فَاعْتَزِلُوا	النِّسَآءَ	فِي الْمَحِيْضِ ۙ	وَ لَا	تَقْرَبُوْهُنَّ
وہ گندگی ہے	تو تم سب الگ رہو	عورتوں سے	(ایام) حیض میں	اور مت	تم سب انکے قریب جاؤ

حَتّٰى يَطْهُرْنَ ❺ ۚ	فَاِذَا	تَطَهَّرْنَ ❺❻	فَاْتُوْهُنَّ
یہاں تک کہ وہ پاک (نہ) ہو جائیں	پھر جب	وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں	تو تم سب آؤ انکے پاس

مِنْ حَيْثُ	اَمَرَكُمُ	اللّٰهُ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ ❷	التَّوَّابِيْنَ
جس طرح سے	حکم دیا ہے تم کو	اللہ نے	بیشک اللہ	پسند کرتا ہے	توبہ کرنیوالوں کو

ضروری وضاحت

❶"اُولٰٓئِكَ" کا ترجمہ کبھی "وہ" کی بجائے "یہ" ہوتا ہے۔❷"یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❸"یَدْعُوْا" کے آخر میں "وْا" جمع کا نہیں بلکہ "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" زائد ہے جو قرآنی کتابت میں اسی طرح موجود ہے۔❹"هُمْ" اور "یَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔❺"ـْنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے۔❻"تَطَهَّرْنَ" کی "تَ" میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿222﴾	اور وہ پسند کرتا ہے پاکیزگی اختیار کرنیوالوں کو۔ ﴿222﴾
نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۪	تمہاری عورتیں تمہارے لیے کھیتی (کی مانند ہیں)
فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ز	پس آؤ اپنی کھیتی کو جس طرح سے تم چاہو
وَ قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ	اور آگے بھیجو اپنے نفسوں کیلئے (نیک اعمال)
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا	اور اللہ سے ڈرو اور جان لو
اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ	کہ بیشک تم (ایک دن) اسے ملنے والے ہو
وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿223﴾	اور (اے نبیؐ) مؤمنوں کو خوشخبری دے دیں۔ ﴿223﴾
وَ لَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً	اور مت بناؤ اللہ (کے نام) کو ڈھال
لِّاَيْمَانِكُمْ	اپنی قسموں کیلئے (کہ تم قسم کھالو)
اَنْ تَبَرُّوْا وَ تَتَّقُوْا	کہ (نہ) نیکی کرو گے اور (نہ) برائی سے بچو گے
وَ تُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ	اور (نہ) اصلاح کرو گے لوگوں کے درمیان
وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿224﴾	اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿224﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : محبت، حبیب، محبّ، محبوب۔	اعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔
الْمُتَطَهِّرِيْنَ : طہارت، طاہر، مطہر۔	مُّلٰقُوْهُ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
نِسَآؤُكُمْ : تربیت نسواں، نسوانیت، نسوانی۔	بَشِّرِ : بشارت، مبشر، بشیر۔
شِئْتُمْ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔	تُصْلِحُوْا : صلح، اصلاح، مصلح، اصلاحات۔
قَدِّمُوْا : مقدم، تقدیم، مقدمہ، قدم۔	بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
لِاَنْفُسِكُمْ : لہٰذا، الحمدللہ / نفس، نظام تنفّس۔	النَّاسِ : عوام الناس۔
اتَّقُوا، تَتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔	سَمِيْعٌ : سمع وبصر، سماعت، آلہ سماعت۔

وَ يُحِبُّ	الْمُتَطَهِّرِيْنَ (222)	نِسَآؤُكُمْ	حَرْثٌ لَّكُمْ ۠
اور وہ پسند کرتا ہے	سب پاکیزگی اختیار کرنیوالوں کو	تمہاری عورتیں	تمہارے لیے کھیتی ہیں

فَاْتُوْا	حَرْثَكُمْ	اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ	وَ قَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ ۭ ❶
پس تم سب آؤ	اپنی کھیتی کو	جس طرح سے تم چاہو	اور تم سب آگے بھیجو	اپنے آپ کیلئے

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ	وَ اعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	مُّلٰقُوْهُ ۭ
اور تم سب اللہ سے ڈرو	اور تم سب جان لو	کہ بیشک تم	سب اسے ملنے والے ہو

وَ بَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ (223)	وَ لَا	تَجْعَلُوا	اللّٰهَ	عُرْضَةً
اور خوشخبری دے دو	سب مؤمنوں کو	اور مت	تم سب بناؤ	اللہ (کے نام) کو	ڈھال

لِّاَيْمَانِكُمْ ❷	اَنْ تَبَرُّوْا ❸	وَ	تَتَّقُوْا ❸
اپنی قسموں کیلئے	کہ (نہ) تم سب نیکی کروگے	اور	(نہ) تم سب برائی سے بچوگے

وَ تُصْلِحُوْا ❸	بَيْنَ النَّاسِ ۭ	وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ (224)
اور (نہ) تم سب اصلاح کروگے	لوگوں کے درمیان	اور اللہ خوب سننے والا	جاننے والا ہے

ضروری وضاحت

❶ "لِاَنْفُسِكُمْ" کا اصل ترجمہ "اپنے نفسوں کے لیے" ہے۔ ❷ یہ لفظ "اِيْمَان" نہیں بلکہ "يَمِيْنٌ" (قسم) کی جمع "اَيْمَانٌ" ہے۔
❸ اس سے مراد یہ ہے کہ کسی اچھا کام نہ کرنے پر اللہ کی قسم کھا کر اللہ کے نام کو بدنام نہ کرو مثلاً: اللہ کی قسم میں ماں باپ سے نہیں بولوں گا یا بیوی سے نیک سلوک نہیں کروں گا یا فلاں کو صدقہ نہیں دوں گا یا اب میں کسی کے درمیان صلح نہیں کراؤں گا۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ	نہیں تمہارا مواخذہ کرے گا اللہ
بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ	تمہاری لغو (بلاارادہ) قسموں پر
وَ لٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ	اور لیکن وہ تمہارا مواخذہ کرے گا
بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ	(ان قسموں) پر جو تم نے دل سے کھائیں ہیں
وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿225﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا بُردبار ہے۔ ﴿225﴾
لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ	ان لوگوں کیلئے جو قسم کھالیتے ہیں (تعلق نہ رکھنے کی
مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ	اپنی بیویوں سے ، انتظار کرنا ہے چار ماہ
فَاِنْ فَآءُوْ	پھر اگر (اس دوران) وہ رجوع کرلیں
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿226﴾	تو بیشک اللہ بہت بخشنے والا، مہربان ہے۔ ﴿226﴾
وَ اِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ	اور اگر وہ طلاق کی ٹھان لیں
فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿227﴾	تو بیشک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ ﴿227﴾
وَ الْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ	اور طلاق یافتہ عورتیں روکے رکھیں اپنے آپ کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤَاخِذُ : اخذ، مأخوذ، مواخذہ۔	حَلِيْمٌ : حلم، حلیم الطبع (بردبار)۔
بِاللَّغْوِ : لغو، لغویات (بےہودہ باتیں)۔	نِّسَآئِهِمْ : تربیت نسواں، نسوانیت۔
فِيْ : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔	اَرْبَعَةِ : آئمہ اربعہ، حدود اربعہ۔
لٰكِنْ : لیکن۔	عَزَمُوْا : عزم، عزیمت، عزائم، عازم حج۔
كَسَبَتْ : کسب حلال، کسب حرام، کسبی۔	سَمِيْعٌ : سمع وبصر، سماعت، آلہ سماعت۔
قُلُوْبُكُمْ : قلب، قلوب، قلبی تعلق۔	عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار۔	الْمُطَلَّقٰتُ : طلاق، مطلقہ، طلاق یافتہ۔

لَا	یُؤَاخِذُ کُمُ ❶	اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ ❷	فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ	وَ لٰکِنْ
نہیں	مواخذہ کرے گا تمہارا	اللہ	لغو کا	تمہاری قسموں میں	اور لیکن

یُّؤَاخِذُ کُمْ	بِمَا	کَسَبَتْ ❸	قُلُوْبُکُمْؕ ❹	وَ اللّٰهُ
وہ تمہارا مواخذہ کرے گا	(ان قسموں) پر جو	کمائی ہیں	تمہارے دلوں نے	اور اللہ

غَفُوْرٌ	حَلِیْمٌ (225)	لِلَّذِیْنَ	یُؤْلُوْنَ ❶	مِنْ نِّسَآئِهِمْ
بہت بخشنے والا	بُردبار ہے	ان لوگوں کیلئے جو	سب قسم کھا لیتے ہیں	اپنی بیویوں سے

تَرَبُّصُ ❺	اَرْبَعَةِ ❸ اَشْهُرٍۚ	فَاِنْ	فَآءُوْ	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
انتظار کرنا ہے	چار ماہ	پھر اگر	وہ سب رجوع کر لیں	تو بیشک اللہ	بہت بخشنے والا

رَّحِیْمٌ (226)	وَ	اِنْ	عَزَمُوا	الطَّلَاقَ	فَاِنَّ اللّٰهَ	سَمِیْعٌ
مہربان ہے	اور	اگر	وہ سب عزم کر لیں	طلاق دینے کا	تو بیشک اللہ	سننے والا

عَلِیْمٌ (227)	وَ	الْمُطَلَّقٰتُ ❸	یَتَرَبَّصْنَ ❻	بِاَنْفُسِهِنَّ
جاننے والا ہے	اور	طلاق یافتہ عورتیں	روکے رکھیں	اپنے آپ کو

ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ لغو سے مراد وہ قسمیں ہیں جو بے ساختہ اور بلا ارادہ یا عادتاً اٹھائی جائیں۔
❸ "ۃ"، "تْ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یعنی وہ قسمیں جو دل کے ارادے کے ساتھ
کھائی جائیں۔ ❺ علامت "تـ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❻ "ـْنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے۔

ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَ لَا يَحِلُّ لَهُنَّ	تین حیض تک اور نہیں جائز ان کیلئے
اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ	یہ کہ وہ چھپائیں اسے جو پیدا کیا ہے اللہ نے
فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ	انکے رحموں میں، اگر ہوں وہ ایمان رکھتی اللہ پر
وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَ بُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ	اور آخرت کے دن پر اور انکے خاوند زیادہ حقدار ہیں
بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ	انکو (اپنی زوجیت میں) لوٹانے کے اس (مدت) میں
اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَ لَهُنَّ	اگر وہ ارادہ کرلیں صلح کا، اور ان (عورتوں) کیلئے
مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ	(ویسے ہی حقوق ہیں) جس طرح ان پر
بِالْمَعْرُوْفِ ۪	(مردوں کے حقوق ہیں) دستور کے مطابق
وَ لِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ	اور (البتہ) مردوں کو ان پر ایک درجہ حاصل ہے
وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ع ﴿228﴾	اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ ع ﴿228﴾
اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪	طلاق (رجعی) دو مرتبہ ہے
فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ	پھر (یا تو) روک لیا جائے اچھے طریقے سے

ع 28 7 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ثَلٰثَةَ : تثلیث، مثلث۔	بِرَدِّهِنَّ : رد، مردود، ارتداد، مرتد۔
يَحِلُّ : حلال، حلّت وحرمت، کسب حلال۔	اَرَادُوْٓا : ارادہ، مراد، حق خود ارادیت۔
يَّكْتُمْنَ : کتمان علم، کتمان حق۔	عَلَيْهِنَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
خَلَقَ : خلقت، خالق، مخلوق۔	بِالْمَعْرُوْفِ : عرف عام، معرفت، معروف۔
اَرْحَامِهِنَّ : رِحم، رِحم مادر۔	لِلرِّجَالِ : رجال کار، قحط الرجال۔
يُؤْمِنَّ : ایمان، امن، مؤمن۔	حَكِيْمٌ : حکمت، حکما، حکیم۔
اَحَقُّ : حق و باطل، کتمان حق، حقدار، حقوق۔	فَاِمْسَاكٌ : امساک، تمسک بالسنہ۔

ثَلٰثَةَ❶	قُرُوْٓءٍ ؕ	وَ لَا	يَحِلُّ❷	لَهُنَّ	اَنْ يَّكْتُمْنَ❸	مَا خَلَقَ
تین	حیض تک	اور نہیں	جائز	ان کیلئے	یہ کہ وہ چھپائیں	اسے جو پیدا کیا ہے

اللّٰهُ	فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ	اِنْ كُنَّ	يُؤْمِنَّ	بِاللّٰهِ	وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ
اللہ نے	انکے رحموں میں	اگر ہوں	وہ ایمان رکھتی	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر

وَ بُعُوْلَتُهُنَّ❹	اَحَقُّ	بِرَدِّهِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	اِنْ اَرَادُوْٓا	اِصْلَاحًا ؕ
اور انکے خاوند	زیادہ حقدار ہیں	انکو لوٹانے کے	اس (مدت) میں	اگر وہ سب ارادہ کرلیں	صلح کا

وَ	لَهُنَّ	مِثْلُ الَّذِيْ	عَلَيْهِنَّ	بِالْمَعْرُوْفِ ۪
اور	ان (عورتوں) کے (حقوق ہیں)	جس طرح	ان پر (مردوں کے حقوق ہیں)	دستور کے مطابق

28 ع 7 12

وَ لِلرِّجَالِ	عَلَيْهِنَّ	دَرَجَةٌ ؕ ❶❺	وَ اللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ ع (228)
اور (البتہ) مردوں کو	ان پر	ایک درجہ حاصل ہے	اور اللہ	غالب	حکمت والا ہے

اَلطَّلَاقُ	مَرَّتٰنِ ۪	فَاِمْسَاكٌۢ	بِمَعْرُوْفٍ
طلاق (رجعی)	دو مرتبہ ہے	پھر (یا تو) روک لیا جائے	اچھے طریقے سے

ضروری وضاحت

❶ "ة" مؤنث کی علامت، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "ـْنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہ اصل میں "بُعُوْلَةُ + هُنَّ" ہے اور یہ لفظ "بَعْل" کی جمع ہے، اس میں "ة" مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❺ مردوں کو عورتوں پر ایک درجہ اس لیے حاصل ہے کہ انکے ذمے عورتوں کا نان ونفقہ ہے۔

اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ	یا رخصت کر دیا جائے اچھے طریقے سے
وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا	اور نہیں ہے جائز تمہارے لیے یہ کہ تم (واپس) لو
مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا	اس سے جو تم دے چکے ہو انہیں کچھ بھی
اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ	مگر یہ کہ وہ (میاں بیوی) دونوں ڈریں
اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ	کہ نہ وہ قائم رکھ سکیں گے اللہ کی حدود کو
فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا	پس اگر تمہیں ڈر ہو یہ کہ نہ وہ قائم رکھ سکیں گے
حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا	اللہ کی حدوں کو تو کوئی گناہ نہیں ان دونوں پر
فِيْمَا افْتَدَتْ	اس (معاوضہ) میں جو عورت بطور فدیہ دے
بِهٖ ؕ	(اور) اس کے بدلے میں (اپنی جان چھڑا لے)
تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ	یہ اللہ کی حدیں ہیں پس نہ تجاوز کرو ان سے
وَ مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ	اور جو تجاوز کرتا ہے اللہ کی (مقررہ) حدوں سے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿229﴾	تو وہی لوگ ہی ظالم ہیں۔ ﴿229﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاِحْسَانٍ : احسان، محسن۔
يَحِلُّ : حلال، کسبِ حلال، حلت و حرمت۔
تَاْخُذُوْا : اخذ، ماٴخوذ، مواخذہ۔
مِمَّآ : منجانب، من و عن / ماجرا، ماتحت، ماحول۔
اِلَّآ : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا مارحم ربی۔
يَّخَافَآ، خِفْتُمْ : خوف، خائف۔
يُقِيْمَا : قائم، قیام، مقیم، اقامت۔

حُدُوْدَ : حد، حدود، حدود اربعہ، حدیں۔
جُنَاحَ : گناہ۔
عَلَيْهِمَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فِيْمَا : فی الحال، فی الواقع / ماحول، ماجرا۔
افْتَدَتْ : فدیہ۔
تَعْتَدُوْهَا : ظلم تعدی، متعدی بیماری۔
الظّٰلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

اَوْ تَسْرِیْحٌ	بِاِحْسَانٍ ؕ	وَلَا یَحِلُّ ❶	لَكُمْ	اَنْ تَاْخُذُوْا
یا رخصت کر دیا جائے	اچھے طریقے سے	اور نہیں ہے جائز	تمہارے لئے	یہ کہ تم سب (واپس) لو

مِمَّآ ❷	اٰتَیْتُمُوْهُنَّ ❸	شَیْـًٔا	اِلَّآ اَنْ	یَّخَافَآ ❶	اَلَّا ❹
اس سے جو	تم انہیں دے چکے ہو	کچھ بھی	مگر یہ کہ	(میاں بیوی) دونوں ڈریں	کہ نہ

یُقِیْمَا	حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ	فَاِنْ خِفْتُمْ	اَلَّا یُقِیْمَا
وہ دونوں قائم رکھ سکیں گے	اللہ کی حدود کو	پس اگر تمہیں ڈر ہو	یہ کہ نہ وہ دونوں قائم رکھ سکیں گے

حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَیْهِمَا	فِیْمَا	افْتَدَتْ
اللہ کی حدوں کو	تو کوئی گناہ نہیں	ان دونوں پر	اس (معاوضہ) میں جو	(عورت) بطور فدیہ دے

بِهٖ ؕ	تِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ	فَلَا	تَعْتَدُوْهَا ۚ
اس کے بدلے میں (اپنی جان چھڑالے)	یہ	اللہ کی حدیں ہیں	پس نہ	تم سب تجاوز کرو ان سے

وَمَنْ	یَّتَعَدَّ ❶	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ❺ (229)
اور جو	تجاوز کرتا ہے	اللہ کی حدوں سے	تو وہی لوگ	ہی سب ظالم ہیں

ضروری وضاحت

❶ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❸ علامت "تُمْ" کے ساتھ جب بھی کوئی علامت آتی ہے تو "تُمْ" اور اس علامت کے درمیان "وْ" کا اضافہ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ❹ "اَلَّا" اصل میں "اَنْ + لَا" کا مجموعہ ہے۔ ❺ "هُمْ" کے بعد اسم کے شروع میں "اَلْ" تاکید کے لیے آتا ہے اسلیے ترجمہ "ہی" کیا گیا ہے۔

فَاِنْ طَلَّقَهَا	پھر اگر وہ طلاق دے اسے (تیسری بار)
فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى	تو وہ حلال نہیں اس کیلئے اسکے بعد یہاں تک کہ
تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ	وہ نکاح کرے کسی اور خاوند سے اس کے سوا
فَاِنْ طَلَّقَهَا	پھر اگر وہ (دوسرا خاوند) اسے طلاق دے دے
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ	تو کوئی گناہ نہیں ان دونوں پر
اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ	کہ وہ رجوع کر لیں اگر دونوں یہ خیال کریں
اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ	کہ وہ قائم رکھ سکیں گے اللہ کی حدیں
اَنْفِقُوْا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
رَزَقْنٰكُمْ : رزق، رازق، رزّاق۔

بَيْعٌ : بیع وشرا، بائع، بیعانہ۔
خُلَّةٌ : خلیل، خلیل اللہ۔
شَفَاعَةٌ، يَشْفَعُ : شفاعت، شافع محشر۔
اَلْحَيُّ : حیات، تاحیات، حیاتی، آبِ حیات۔
اَلْقَيُّوْمُ : قائم، قیام، مقیم، مقام۔
تَاْخُذُهٗ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
عِنْدَهٗ : عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔

ع 33 5 1

وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	مَا اقْتَتَلُوْا ۚ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَفْعَلُ ❶	مَا
اور اگر	اللہ چاہتا	وہ سب نہ لڑتے جھگڑتے	اور لیکن	اللہ تعالیٰ	(وہی) کرتا ہے	جو

يُرِيْدُ ع (253)	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنْفِقُوْا	مِمَّا
وہ چاہتا ہے	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب خرچ کرو	اس سے جو

رَزَقْنٰكُمْ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَ ❶	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ
ہم نے تمہیں رزق دیا	(اس) سے پہلے	کہ آجائے	وہ دن	سودے بازی نہ ہوگی

فِيْهِ	وَلَا	خُلَّةٌ ❷	وَّلَا	شَفَاعَةٌ ❷ ؕ	وَ	الْكٰفِرُوْنَ
اس میں	اور نہ	کوئی دوستی	اور نہ	کوئی سفارش	اور	سب کفر کرنیوالے

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ❸ (254)	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ ۚ	اَلْحَيُّ	الْقَيُّوْمُ ۚ
ہی سب ظالم ہیں	اللہ کوئی معبود نہیں	اسکے سوا	(وہ) زندہ ہے	قائم رکھنے والا ہے

لَا تَاْخُذُهٗ ❹	سِنَةٌ	وَّلَا نَوْمٌ ؕ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❷
نہیں پکڑتی اسے	اونگھ	اور نہ (ہی) نیند	اسی کا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں

وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	مَنْ ❺	ذَا	الَّذِيْ	يَشْفَعُ ❶	عِنْدَهٗٓ ❻
اور جو کچھ	زمین میں ہے	کون ہے	وہ	جو	سفارش کرسکے	اسکے پاس

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "ی" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "ة" واحد مؤنث اور "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ "هُمْ" کے بعد اگر "اَلْ" والا اسم ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اور ترجمہ "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❹ اس سے مراد "نہیں آتی اسے اونگھ اور نہ ہی نیند"۔ یہاں علامت "ت" مؤنث کے لیے ہے۔ ❺ "مَنْ" کا ترجمہ کبھی "جو" بھی ہوتا ہے۔ لیکن یہاں "کون" ہی ہے۔ ❻ اس سے مراد "اس کے سامنے" ہے۔

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	مگر اسکی اجازت سے، وہ جانتا ہے جو انکے سامنے ہے
وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ	اور جو ان سے اوجھل ہے اور وہ احاطہ نہیں کر سکتے
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ	کسی چیز کا اس کے علم سے مگر اس کا جو وہ چاہے
وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ	گھیر رکھا ہے اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو
وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ	اور نہیں تھکاتی اسے ان دونوں کی حفاظت
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ 255	اور وہ بہت بلند اور بہت عظمت والا ہے۔ 255
لَاۤ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قف	کوئی زبردستی نہیں دین (کے معاملے) میں
قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ	یقیناً ہدایت واضح ہوچکی ہے گمراہی سے
فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ	پس جو انکار کرے طاغوت کا
وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ	اور ایمان لائے اللہ پر تو یقیناً اس نے تھام لیا
بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ	مضبوط کڑے کو (کہ ممکن) نہیں ہے اسکا ٹوٹنا
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ 256	اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ 256

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- بِاِذْنِهٖ : اِذنِ عام، بِاِذن اللہ (حکم، اجازت)۔
- بَيْنَ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
- اَيْدِيْهِمْ : یدِبیضا، یدِطولیٰ، رفع الیدین (ہاتھ)۔
- خَلْفَهُمْ : خلف الرشید، خلافت، خلیفہ، ناخلف۔
- يُحِيْطُوْنَ : احاطہ، محیط۔
- بِشَيْءٍ : شے، اشیا۔
- اِلَّا : اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
- وَسِعَ : وسعت، واسع، وسیع وعریض۔
- السَّمٰوٰتِ : کتبِ سماویہ، ارض وسما۔
- حِفْظُهُمَا : حفاظت، حافظ، محفوظ، محافظ، حفیظ۔
- الْعَلِيُّ : علو، عالی مرتبت، عالی مقام، جناب عالی۔
- الرُّشْدُ : رُشد وہدایت، خلافت راشدہ، رشید۔
- بِالطَّاغُوْتِ : طاغوت، طاغوتی طاقتیں۔
- الْوُثْقٰى : اُمیدِ واثق، وثوق، ثقہ راوی (پختہ)۔

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ	يَعْلَمُ	مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ ❶	وَمَا	خَلْفَهُمْ ❷ ۚ
مگر اسکی اجازت سے	وہ جانتا ہے	جو انکے سامنے ہے	اور جو	ان کے پیچھے ہے

وَلَا	يُحِيْطُوْنَ	بِشَيْءٍ	مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
اور نہیں	وہ سب احاطہ کرسکتے	کسی چیز کا	اسکے علم سے	مگر اسکا جو وہ چاہے

وَسِعَ	كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ ❸	وَالْاَرْضَ ۚ	وَلَا	يَئُوْدُهٗ ❹
گھیر رکھا ہے	اسکی کرسی نے	آسمانوں	اور زمین کو	اور نہیں	تھکاتی اسے

حِفْظُهُمَا ۚ	وَهُوَ الْعَلِيُّ ❺	الْعَظِيْمُ (255)	لَآ اِكْرَاهَ
ان دونوں کی حفاظت	اور وہ بہت بلند	بہت عظمت والا ہے	کوئی زبردستی نہیں

فِي الدِّيْنِ ۙۗ	قَدْ تَّبَيَّنَ ❻	الرُّشْدُ	مِنَ الْغَيِّ ۚ	فَمَنْ	يَّكْفُرْ ❹
دین میں	یقیناً واضح ہوچکی ہے	ہدایت	گمراہی سے	پس جو	انکار کرے

بِالطَّاغُوْتِ	وَيُؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	فَقَدِ	اسْتَمْسَكَ ❼	بِالْعُرْوَةِ ❸
طاغوت کا	اور وہ ایمان لائے	اللہ پر	تو یقیناً	اس نے تھام لیا	کڑے کو

الْوُثْقٰى ۗ	لَا انْفِصَامَ	لَهَا ؕ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ (256)
(جو کہ) مضبوط ہے	(کہ ممکن) نہیں ہے ٹوٹنا	اس کا	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا ہے

ضروری وضاحت

❶ اس میں ''اَیْدِیْ'' ''یَدٌ'' کی جمع ہے، جسکا ترجمہ ''ہاتھ'' ہے لیکن یہاں مراد ''آگے'' ہے۔ ❷ ''خَلْفَهُمْ'' سے مراد ''ان سے اوجھل'' ہے۔ ❸ ''ۃ'' اور ''ات'' مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ''یَ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❺ ''ھُوَ'' کے بعد ''اَلْ'' ہو تو بات میں زور پیدا ہو جاتا ہے۔ ❻ ''تَبَيَّنَ'' میں ''تَ'' کا معنی ''تو'' نہیں ہے بلکہ اس ''تَ'' اور شد میں کام کو ''اہتمام'' سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❼ ''كَ'' کا ترجمہ ''تو'' یا ''تجھے'' نہیں ہے، بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ	اللہ دوست ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے
يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ	وہ نکالتا ہے انہیں (کفروشرک کی) تاریکیوں سے
اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	(اسلام کی) روشنی کی طرف اور جنہوں نے کفر اختیار کیا
اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ	ان کے دوست طاغوت ہیں
يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ	وہ نکالتے ہیں انہیں روشنی سے تاریکیوں کی طرف
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	وہی لوگ اہل دوزخ ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿257﴾ ع	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿257﴾ ع
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ	کیا آپ نے دیکھا نہیں اس کی طرف جس نے
حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ	جھگڑا کیا ابراہیم سے اسکے رب کے بارے میں
اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ	کہ اللہ نے دے رکھی تھی اسے حکومت
اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ	جب کہا ابراہیم نے : میرا رب
الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ	وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے

ع 34 4 2

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَلِيُّ : ولی اللہ، اولیا، ولایت، مولیٰ۔	خٰلِدُوْنَ : خالد، خُلد بریں (ہمیشہ رہنا)۔
يُخْرِجُهُمْ : خارج، خروج، اخراج، مخرج۔	تَرَ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی، غیر مرئی اشیاء۔
الظُّلُمٰتِ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم، بحرظلمات۔	حَآجَّ : حجت، احتجاج۔
كَفَرُوْٓا : کفر، کافر، کفار۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الطَّاغُوْتُ : طاغوت، طاغوتی طاقتیں۔	الْمُلْكَ : مُلک، ملوک، مملکت، ملکی حالات۔
اَصْحٰبُ : صاحب، صحابی، اصحاب، صحبت۔	يُحْيٖ : حیات، احیائے سنت۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	يُمِيْتُ : موت وحیات، اموات، حیاتی ومماتی۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ۙ	يُخْرِجُهُمْ	مِّنَ الظُّلُمٰتِ ❶
اللہ دوست ہے	ان لوگوں کا جو	سب ایمان لائے	وہ نکالتا ہے انہیں	تاریکیوں سے

اِلَى النُّوْرِ ؕ	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اَوْلِيٰٓـئُهُمُ	الطَّاغُوْتُ ❷ ۙ
روشنی کی طرف	اور جن سب نے کفر اختیار کیا	ان کے دوست	طاغوت ہیں

يُخْرِجُوْنَهُمْ	مِّنَ النُّوْرِ	اِلَى الظُّلُمٰتِ ❶ ؕ
وہ سب نکالتے ہیں انہیں	(اسلام کی) روشنی سے	(کفر کی) تاریکیوں کی طرف

ع 34 4 2

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ع (257)
وہی لوگ	اہل دوزخ ہیں	وہ سب	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں

اَ	لَمْ	تَرَ ❸	اِلَى الَّذِيْ	حَآجَّ ❹	اِبْرٰهٖمَ
کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	اسکی طرف جس نے	جھگڑا کیا	ابراہیم علیہ السلام سے

وقف لازم

فِيْ رَبِّهٖٓ	اَنْ	اٰتٰىهُ اللّٰهُ	الْمُلْكَ ۘ
اسکے رب کے بارے میں	کہ	اللہ نے دے رکھی تھی اسے	حکومت

اِذْ قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّيَ ❺	الَّذِيْ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ ۙ
جب کہا	ابراہیم علیہ السلام نے	میرا رب	وہ ہے جو	وہ زندگی دیتا ہے	اور وہ موت دیتا ہے

ضروری وضاحت

❶ ”ات“ جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ طاغوت کا اصل معنی ”حد سے تجاوز کرنیوالا“ ہے اور یہاں مراد ”شیطان“ ہے۔ ❸ ”تَرَ“ اصل میں ”تَرٰی“ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق ”الف“ گرادیا گیا ہے۔ ❹ یہ شخص جس نے ابراہیم علیہ السلام سے اس کے رب کے بارے میں جھگڑا کیا تھا یہ بابل کا بادشاہ ”نمرود“ تھا۔ ❺ ”رَبِّيَ“ اصل میں ”رَبِّيْ“ تھا، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے جزم کی بجائے زبر لائی گئی ہے۔

قَالَ اَنَا اُحۡیٖ وَ اُمِیۡتُ ؕ	وہ کہنے لگا: میں (بھی) زندہ کرسکتا ہوں اور مار سکتا ہوں
قَالَ اِبۡرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ یَاۡتِیۡ بِالشَّمۡسِ	ابراہیم نے کہا: پس بیشک اللہ لاتا ہے سورج کو
مِنَ الۡمَشۡرِقِ فَاۡتِ بِهَا مِنَ الۡمَغۡرِبِ	مشرق سے، تو تو لے آ اس کو مغرب سے
فَبُهِتَ الَّذِیۡ کَفَرَ ؕ	تو ہکا بکا رہ گیا وہ جس نے کفر کیا
وَاللّٰهُ لَا یَهۡدِی الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِیۡنَ ۚ﴿258﴾	اور اللہ ہدایت نہیں دیتا ظالم قوم کو۔ ﴿258﴾
اَوۡ کَالَّذِیۡ مَرَّ عَلٰی قَرۡیَةٍ	یا اُس (شخص) کی طرح جو گزرا ایک بستی کے (قریب سے)
وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوۡشِهَا ۚ	اس حال میں کہ وہ گری پڑی تھی اپنی چھتوں پر
قَالَ اَنّٰی یُحۡیٖ	اس نے کہا: کیسے زندہ (آباد) کرے گا
هٰذِهِ اللّٰهُ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ۚ	اس (بستی) کو اللہ اسکی موت (تباہی) کے بعد
فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ	تو موت کی نیند سلا دیا اسے اللہ نے سو سال (تک)
ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ	پھر اس نے زندہ کیا اسے
قَالَ کَمۡ لَبِثۡتَ ؕ قَالَ	(اور) کہا: کتنی دیر تم ٹھہرے رہے ہو، اس نے کہا:

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُحۡیٖ	حیات، احیائے سنت۔	الظّٰلِمِیۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اُمِیۡتُ	موت، اموات، میّت، حیاتی ومماتی۔	کَالَّذِیۡ	کالعدم، کما حقہ۔
بِالشَّمۡسِ	شمسی توانائی، شمسی نظام (سورج)۔	قَرۡیَةٍ	قریہ قریہ بستی بستی۔
مِنَ	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	عُرُوۡشِهَا	عرش، عرش بریں، عرش وفرش۔
فَبُهِتَ	مبہوت رہ جانا (حیران وششدر)۔	فَاَمَاتَهٗ	موت، اموات، میّت، حیاتی ومماتی۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔	عَامٍ	عامُ الحزن، عامُ الفیل (سال)۔
یَهۡدِیۡ	ہدایت، ہادی برحق۔	بَعَثَهٗ	بعثت، مبعوث۔

قَالَ	اَنَا اُحْيٖ ❶	وَاُمِيْتُ ؕ	قَالَ اِبْرٰهٖمُ
وہ کہنے لگا	میں (بھی) زندہ کرسکتا ہوں	اور میں موت دیتا ہوں	ابراہیم علیہ السلام نے کہا

فَاِنَّ اللّٰهَ	يَاْتِيْ ❷	بِالشَّمْسِ	مِنَ الْمَشْرِقِ	فَاْتِ	بِهَا
پس بیشک اللہ	لاتا ہے	سورج کو	مشرق سے	تو تو لے آ	اس کو

مِنَ الْمَغْرِبِ	فَبُهِتَ	الَّذِيْ كَفَرَ ؕ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي ❷
مغرب سے	تو ہکا بکا رہ گیا وہ	جس نے کفر کیا	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ❸ ج (258)	اَوْ	كَالَّذِيْ	مَرَّ	عَلٰى قَرْيَةٍ ❹❺
سب ظالم قوم کو	یا	اس شخص کی طرح جو	گزرا	ایک بستی پر

وَهِيَ	خَاوِيَةٌ ❺	عَلٰى عُرُوْشِهَا ج	قَالَ	اَنّٰى	يُحْيٖ ❷
اور وہ	گری پڑی تھی	اپنی چھتوں پر	اس نے کہا	کیسے	زندہ (آباد) کرے گا

هٰذِهِ اللّٰهُ ❻	بَعْدَ مَوْتِهَا ج	فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ ❻	مِائَةَ عَامٍ ❺
اسے اللہ	اسکی موت کے بعد	تو موت کی نیند سلا دیا اسے اللہ نے	سو سال

ثُمَّ	بَعَثَهٗ ❼ ؕ	قَالَ كَمْ	لَبِثْتَ ؕ	قَالَ
پھر	اس نے اسے زندہ کیا	(اور) کہا: کتنی دیر	تم ٹھہرے رہے ہو	اس نے کہا:

ضروری وضاحت

❶ یہاں اَنَا اور اُحْيِ کے شروع میں "أ" دونوں کا ترجمہ "میں" ہے۔ ❷ "ي" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "يْنَ" جمع مذکر کی علامت ہے، الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ علامت "ہ" اور "ۃ" کو جب اگلے لفظ سے ملایا جائے تو یہ "هِ" اور "هُ" ہو جاتی ہے۔ ❼ بَعَثَ کا اصل معنیٰ "اٹھایا اور بھیجا" ہے، یہاں اس سے مراد "زندہ کیا" ہے۔

لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ	میں ٹھہرا رہا ہوں ایک دن یا دن کا بعض حصہ
قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ	فرمایا: بلکہ تم ٹھہرے رہے ہو سو سال (تک)
فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ	پس دیکھ اپنے کھانے اور اپنے پینے کی طرف
لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ	وہ باسی نہیں ہوا، اور دیکھ اپنے گدھے کی طرف
وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً	اور (یہ اسلئے کیا ہے) تاکہ ہم بنائیں تجھے ایک نشانی
لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ	لوگوں کیلئے اور دیکھ (گدھے کی) ہڈیوں کی طرف
كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ	کیسے ہم جوڑتے ہیں اسے پھر (کس طرح)
نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ	ہم چڑھاتے ہیں ان پر گوشت (پوست)
فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ	پس جب واضح ہو چکا اس پر (تو) کہا:
اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿259﴾	میں جانتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿259﴾
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ	اور جب ابراہیم نے کہا: اے میرے رب!
اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ	تو دکھا مجھے کیسے تو زندہ کریگا مُردوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمًا	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	كَيْفَ	کیفیت، بہر کیف، پُر کیف نظارے۔
فَانْظُرْ	نظر، نظارہ، منظر، منظور۔	تَبَيَّنَ	مبیّنہ، بیّن دلیل، بیان بازی۔
طَعَامِكَ	قیام وطعام، وقت طعام۔	اَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔
شَرَابِكَ	شربت، مشروب، مشروبات۔	عَلٰى	علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
اِلَى	مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	قَدِيْرٌ	قدرت، قادر، قدیر، تقدیر، مقدّر۔
كَيْفَ	کیفیت، بہر کیف، پر کیف نظارے۔	اَرِنِيْ	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی، غیر مرئی اشیا۔
لَحْمًا	لحیم شحیم، لحمیات۔	تُحْيِ	حیات، احیائے اسلام۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

لَبِثْتُ	يَوْمًا	اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ	قَالَ بَلْ	لَّبِثْتَ
میں ٹھہرا رہا ہوں	ایک دن	یا دن کا بعض حصہ	فرمایا بلکہ	تم ٹھہرے رہے ہو

مِائَةَ عَامٍ ❶	فَانْظُرْ	اِلٰى طَعَامِكَ	وَ شَرَابِكَ	لَمْ يَتَسَنَّهْ ❷ ج	وَ انْظُرْ
سو سال	پس دیکھ	اپنے کھانے کی طرف	اور پینے (کی طرف)	نہیں وہ باسی ہوا	اور دیکھ

اِلٰى حِمَارِكَ	وَ	لِنَجْعَلَكَ	اٰيَةً ❶
اپنے گدھے کی طرف	اور (یہ اسلئے کیا ہے)	تاکہ ہم بنائیں تجھے	ایک نشانی

لِّلنَّاسِ	وَ انْظُرْ	اِلَى الْعِظَامِ	كَيْفَ	نُنْشِزُهَا
لوگوں کے لیے	اور دیکھ	(گدھے کی) ہڈیوں کی طرف	کیسے	ہم جوڑتے ہیں اسے

ثُمَّ	نَكْسُوْهَا	لَحْمًا ؕ	فَلَمَّا	تَبَيَّنَ ❸
پھر (کس طرح)	ہم چڑھاتے ہیں ان پر	گوشت	پس جب	خوب واضح ہو چکا

لَهٗ ۙ	قَالَ	اَعْلَمُ	اَنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (259)
اس پر	(تو) کہنے لگا	میں جانتا ہوں	کہ بیشک اللہ	ہر چیز پر	قادر ہے

وَ اِذْ	قَالَ اِبْرٰهٖمُ	رَبِّ ❹	اَرِنِيْ ❺	كَيْفَ تُحْيِ	الْمَوْتٰى ؕ
اور جب	ابراہیم علیہ السلام نے کہا	اے میرے رب!	دکھا تو مجھے	کیسے تو زندہ کریگا	مردوں کو

ضروری وضاحت

❶ "ةَ" مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ بعض کے نزدیک يَتَسَنَّهْ کے آخر میں "هْ" زائد ہے جو کہ سکتہ کے لیے ہے۔ ❸ "تَ" کا معنی "تو" نہیں بلکہ اس میں "مبالغے کا مفہوم" ہے۔ ❹ "رَبِّ" اصل میں يَارَبِّيْ تھا، اختصار کے لیے شروع سے "يَا" اور آخر سے "يْ" کو حذف کر دیا گیا ہے، اس لیے اس کا ترجمہ "اے میرے رب" کیا گیا ہے۔ ❺ "اَرِنِيْ" میں "اَرِ" کا ترجمہ "تو دکھا" اور "نِيْ" کا ترجمہ "مجھے" ہے، یہاں کچھ حروف گرا دیے گئے ہیں اسکے شروع میں "أ" کا معنی "میں" نہیں ہے۔

قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ	فرمایا: اور کیا نہیں تم ایمان رکھتے، کہا (ابراہیمؑ نے):
بَلٰى وَلٰكِنْ	کیوں نہیں اور لیکن (میں دیکھنا اس لیے چاہتا ہوں)
لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً	تاکہ مطمئن ہو جائے میرا دل، فرمایا: (اچھا) تو لو چار
مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ	پرندے پھر انہیں مانوس کرلو اپنے ساتھ پھر
اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ	رکھ دو ہر پہاڑ پر ان سے (ایک ایک) ٹکڑا پھر
ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ	پکارو انہیں وہ آئیں گے تیرے پاس دوڑتے ہوئے
وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ع ﴿260﴾	اور جان لو کہ بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ ع ﴿260﴾
مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ	مثال ان لوگوں کی جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال
فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ	اللہ کی راہ میں ایک دانے کی طرح ہے
اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ	(کہ) وہ (دانہ) اگائے سات بالیاں
فِىْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ	ہر بالی میں سو دانے ہوں
وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ	اور اللہ بڑھا دیتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے

ع 35/3/3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	جُزْءًا	: جز، اجزا، اجزائے ترکیبی۔
لٰكِنْ	: لیکن۔	ادْعُهُنَّ	: دعا، داعی، دعوت، مدعی۔
لِّيَطْمَئِنَّ	: اطمینان، مطمئن، طمانیتِ قلب۔	سَعْيًا	: سعی، مساعی جمیلہ، سعی لاحاصل۔
فَخُذْ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	يُنْفِقُوْنَ	: نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
اَرْبَعَةً	: آئمہ اربعہ، حدودِ اربعہ، رباعی۔	اَنْۢبَتَتْ	: نباتات۔
الطَّيْرِ	: طائرانہ نگاہ، طائر لاهوتی، طیّارہ۔	حَبَّةٍ	: حبہ حبہ وصول کرنا، حب کبد نوشادری۔
جَبَلٍ	: جبلِ رحمت، جبلِ طارق، جبلِ احد۔	يُضٰعِفُ	: ذو اضعاف اقل۔

قَالَ	اَوَ	لَمۡ تُؤۡمِنۡ ؕ	قَالَ	بَلٰی	وَلٰکِنۡ
فرمایا:	اور کیا	تم ایمان نہیں رکھتے	کہا (ابراہیم علیہ السلام نے)	کیوں نہیں	اور لیکن

لِّیَطۡمَئِنَّ ❶	قَلۡبِیۡ ؕ	قَالَ	فَخُذۡ ❷	اَرۡبَعَةً ❸	مِّنَ الطَّیۡرِ ❹	فَصُرۡهُنَّ
تاکہ مطمئن ہوجائے	میرا دل	فرمایا	تو تم لو	چار	پرندے	پھر مانوس کرلو انہیں

اِلَیۡكَ ❺	ثُمَّ	اجۡعَلۡ ❻	عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ	مِّنۡهُنَّ	جُزۡءًا	ثُمَّ
اپنی طرف	پھر	رکھ دو	ہر پہاڑ پر	ان سے	ایک ایک ٹکڑا	پھر

ادۡعُهُنَّ	یَاۡتِیۡنَكَ ❼	سَعۡیًا ؕ	وَاعۡلَمۡ	اَنَّ اللّٰهَ
تم پکارو انہیں	وہ آئیں گے تیرے پاس	دوڑتے ہوئے	اور جان لو	کہ بیشک اللہ

ع 35 3 3

عَزِیۡزٌ	حَکِیۡمٌ ع (260)	مَثَلُ	الَّذِیۡنَ	یُنۡفِقُوۡنَ	اَمۡوَالَهُمۡ
غالب	حکمت والا ہے	مثال	ان لوگوں کی جو	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اپنے مال

فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ	کَمَثَلِ حَبَّةٍ ❸	اَنۡۢبَتَتۡ ❸	سَبۡعَ	سَنَابِلَ
اللہ کی راہ میں	ایک دانے کی مثال کی طرح ہے	کہ وہ (دانہ) اگائے	سات	بالیاں

فِیۡ کُلِّ سُنۡۢبُلَةٍ ❸	مِّائَةُ حَبَّةٍ ❸ ؕ	وَاللّٰهُ	یُضٰعِفُ ❶	لِمَنۡ	یَّشَآءُ ؕ
ہر بالی میں	سو دانے ہوں	اور اللہ	بڑھا دیتا ہے	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت "یِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "خُذۡ" دراصل "اَخَذَ" سے بنا ہے، جس فعل کے شروع میں "أ" اصلی ہو تو اس میں حکم کا مفہوم شامل کرتے ہوئے "أ" گرا دیا جاتا ہے۔ ❸ "ۃ" اور "تۡ" واحد مؤنث کے لیے ہیں، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "مِنۡ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ "اِلَیۡكَ" سے مراد "اپنے ساتھ" ہے۔ ❻ "اِجۡعَلۡ" کا اصل ترجمہ "تو بنا" یا "تو کر" ہے۔ ❼ یَاۡتِیۡنَكَ میں "یۡنَ" جمع مذکر کا نہیں بلکہ "یِ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "نَ" جمع مؤنث کی علامت ہے۔

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيۡمٌ ﴿261﴾	اور اللہ بہت وسعت والا، سب کچھ جاننے والا ہے ﴿261﴾
اَلَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ	وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال
فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتۡبِعُوۡنَ	اللہ کی راہ میں پھر وہ نہیں جتاتے
مَآ اَنۡفَقُوۡا مَنًّا وَّلَاۤ اَذًى	احسان (اس پر) جو وہ خرچ کریں اور نہ ہی دکھ (دیتے ہیں)
لَّهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا	ان کے لیے ان کا اجر ہے انکے رب کے پاس اور نہ
خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿262﴾	کوئی خوف ہوگا ان پر اور نہ وہ غمگین ہونگے۔ ﴿262﴾
قَوۡلٌ مَّعۡرُوۡفٌ وَّمَغۡفِرَةٌ خَيۡرٌ	اچھی بات (کہنا) اور درگزر کرنا بہتر ہے
مِّنۡ صَدَقَةٍ يَّتۡبَعُهَاۤ اَذًى ؕ	(اس) صدقے سے (کہ) اسکے پیچھے ہو ایذا رسانی
وَاللّٰهُ غَنِىٌّ حَلِيۡمٌ ﴿263﴾	اور اللہ تعالیٰ بے نیاز اور بُردبار ہے۔ ﴿263﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُبۡطِلُوۡا	اے لوگو! جو ایمان لائے ہو مت ضائع کرو
صَدَقٰتِكُمۡ بِالۡمَنِّ وَالۡاَذٰى ۙ	اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور دُکھ (پہنچا کر)
كَالَّذِىۡ يُنۡفِقُ مَالَهٗ	(اس شخص کی) طرح جو خرچ کرتا ہے اپنا مال

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَاسِعٌ	وسعت، توسیع، وسیع و عریض۔	مَنًّا، بِالۡمَنِّ	ممنون ہونا، منت وسماجت۔
اَمۡوَالَهُمۡ	مال، مالیّت، اموال۔	اَذًى	اذیّت، ایذا رسانی۔
فِىۡ	فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔	يَحۡزَنُوۡنَ	حزن وملال، عامُ الحزن۔
سَبِيۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ ضرور کوئی سبیل نکالے گا۔	مَّعۡرُوۡفٌ	اَمر بالمعروف۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	غَنِىٌّ	غنی، غنا، اغنیا۔
يُتۡبِعُوۡنَ	اتباع، تابع، تتبع، تابعداری۔	حَلِيۡمٌ	حلیم، حلم و بردباری۔
اَنۡفَقُوۡا	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	تُبۡطِلُوۡا	نظامِ باطل، باطل قوتیں۔

وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ (261)	اَلَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ
اور اللہ	وسعت والا	سب کچھ جاننے والا ہے	وہ لوگ جو	وہ سب خرچ کرتے ہیں

اَمْوَالَهُمْ ❶	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ	لَا يُتْبِعُوْنَ ❷	مَآ اَنْفَقُوْا	مَنًّا
اپنے مال	اللہ کی راہ میں	پھر	نہیں وہ سب جتاتے	جو وہ سب خرچ کریں	احسان

وَّلَآ	اَذًى لا	لَّهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ ج	وَلَا
اور نہ	(ہی) دکھ دیتے ہیں	ان کے لیے	ان کا اجر ہے	انکے رب کے پاس	اور نہ

خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❸ (262)	قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ	وَّمَغْفِرَةٌ ❹
کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ سب غمگین ہونگے	اچھی بات (کہنا)	اور درگزر کرنا

خَيْرٌ	مِّنْ صَدَقَةٍ ❹	يَّتْبَعُهَآ ❺	اَذًى ط	وَاللّٰهُ	غَنِيٌّ
بہتر ہے	(اس) صدقے سے	(کہ) اسکے پیچھے ہو	ایذا رسانی	اور اللہ	بے نیاز

حَلِيْمٌ (263)	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تُبْطِلُوْا	صَدَقٰتِكُمْ ❹
بردبار ہے	اے لوگو! جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب ضائع کرو	اپنے صدقات کو

بِالْمَنِّ ❻	وَالْاَذٰى لا	كَالَّذِيْ	يُنْفِقُ ❺	مَالَهٗ
احسان جتلانے کے سبب	اور دکھ پہنچا کر	(اسکی) طرح جو	خرچ کرتا ہے	اپنا مال

ضروری وضاحت

❶ "هُمْ" اگر اسم کے ساتھ ہو تو اسکا ترجمہ "انکے" اور "اپنے" دونوں طرح کیا جاسکتا ہے۔ ❷ "لَا يُتْبِعُوْنَ" کا لفظی ترجمہ "نہیں پیچھے لاتے" ہے۔ ❸ "هُمْ يَحْزَنُوْنَ" میں علامت "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❹ یہاں "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اور "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ "بِالْمَنِّ" مراد یہ ہے کہ احسان جتلا کر اپنے صدقات ضائع مت کرو۔

رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ	لوگوں کو دکھلانے کی خاطر اور نہ وہ ایمان رکھتا ہے اللہ پر
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ	اور (نہ) آخرت کے دن پر، تو اس کی مثال
كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ	ایک چٹان کی مثال کی طرح ہے (کہ) اس پر مٹی ہو
فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ	پھر برسے اس پر زور کی بارش
فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ	تو چھوڑ جائے اسے بالکل صاف (اسی طرح ریاکار)
لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ	نہیں قدرت رکھتے کسی چیز پر اس سے جو انہوں نے کمایا
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿264﴾	اور اللہ ہدایت نہیں دیتا کافر قوم کو۔ ﴿264﴾
وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ	اور مثال ان لوگوں کی جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال
ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ	چاہتے ہوئے اللہ کی خوشنودی
وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	اور اپنے نفسوں کی دل جمعی کے ساتھ
كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ	ایک باغ کی مثال کی طرح ہے (جو) بلند جگہ پر ہو
اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ	برسے اس پر زور کی بارش پھر لائے وہ اپنا پھل دگنا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رِئَآءَ : ریاکاری، رؤیت ہلال کمیٹی، رائے۔	يَقْدِرُوْنَ : قدرت، قدیر، تقدیر۔
النَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس۔	عَلٰى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
الْيَوْمِ : یوم، ایام، یومِ آخرت، یوم آزادی۔	كَسَبُوْا : کسبِ حلال، کسبی۔
الْاٰخِرِ : آخر، یومِ آخرت، آخری۔	يَهْدِي : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
كَمَثَلِ : کالعدم، کماحقہ / مثل، مثال۔	يُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
تُرَابٌ : تُربت، تُراب (مٹی)۔	مَرْضَاتِ : رضا، راضی، مرضی، رضائے الٰہی۔
فَتَرَكَهٗ : ترک، تارک، متروک، ترکہ۔	تَثْبِيْتًا : ثابت، ثبوت، مثبت، اثبات۔

رِئَآءَ النَّاسِ	وَلَا	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ
لوگوں کو دکھلانے (کی خاطر)	اور نہ	وہ ایمان رکھتا ہے	اللہ پر	اور (نہ)	آخرت کے دن پر

فَمَثَلُهٗ	كَمَثَلِ صَفْوَانٍ	عَلَيْهِ	تُرَابٌ	فَاَصَابَهٗ
تو اسکی مثال	ایک چٹان کی مثال کی طرح ہے	(کہ) اس پر	مٹی ہو	پھر برسے اس پر

وَابِلٌ	فَتَرَكَهٗ	صَلْدًا ؕ	لَا يَقْدِرُوْنَ
زور کی بارش	تو چھوڑ جائے اسے	بالکل صاف	نہیں وہ سب قدرت رکھتے

عَلٰى شَيْءٍ	مِّمَّا	كَسَبُوْا ؕ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي ❶	الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ❷ (264)
کسی چیز پر	اس سے جو	ان سب نے کمایا	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	کفر کرنے والی قوم کو

وَمَثَلُ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمُ	ابْتِغَآءَ
اور مثال	ان لوگوں کی جو	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	چاہنے کیلئے

مَرْضَاتِ اللّٰهِ ❸	وَتَثْبِيْتًا	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	كَمَثَلِ جَنَّةٍ ❹
اللہ کی خوشنودی	اور دل جمعی (کے ساتھ)	اپنے نفسوں کی	ایک باغ کی مثال کی طرح ہے

بِرَبْوَةٍ ❹	اَصَابَهَا	وَابِلٌ	فَاٰتَتْ ❹	اُكُلَهَا	ضِعْفَيْنِ ❺ ج
بلند جگہ پر ہو (جو)	برسے اس پر	زور کی بارش	پھر لائے وہ	اپنا پھل	دو گنا

ضروری وضاحت

❶ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "اَلْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ" میں "الْقَوْمَ" کیونکہ اردو میں مؤنث ہے اس لیے ترجمہ "کفر کرنے والی" کیا گیا ہے، "يْنَ" جمع مذکر کی علامت ہے، الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ علامت "ة" اسم کے ساتھ اور "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "ضِعْفَيْنِ" کا ترجمہ "دو گنا" ہے اس میں "يْنِ" "دو" کو ظاہر کر رہی ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ	پس اگر نہ برسے اس پر تیز بارش تو پھوار (ہی کافی ہو
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿265﴾	جاتی ہے) اور اللہ جو کام تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔ ﴿265﴾
اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ	کیا پسند کرتا ہے تم میں سے کوئی ایک کہ ہو اس کا
جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ	ایک باغ کھجوروں اور انگوروں کا
تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ	چلتی ہوں اسکے نیچے سے نہریں
لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ	اس کے لیے ہوں اس میں ہر قسم کے پھل
وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ	اور آلے اسے بڑھاپا اور اسکی کمزور اولاد ہو
فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ	پھر آلے اس (باغ) کو بگولا اس میں آگ ہو
فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ	پس وہ جل جائے، اسی طرح اللہ تعالیٰ بیان کرتا ہے
لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿266﴾ ع	تمہارے لیے (اپنی) آیات تا کہ تم غور و فکر کرو ﴿266﴾ ع
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا	اے لوگو! جو ایمان لائے ہو خرچ کرو
مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ	اچھی چیزوں میں سے جو تم نے کمایا ہو

ع 36 6 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُصِبْهَا، اَصَابَهٗ : مصیبت، مصائب۔	الثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرہ، ثمرات (پھل)۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال عامل، معمول، معمولات۔	الْكِبَرُ : اکبر، اکابر، کبار علمائے کرام۔
بَصِيْرٌ : بصیرت، بصارت، مبصر، تبصرہ۔	ذُرِّيَّةٌ : ذرّیتِ آدم (اولاد)۔
يَوَدُّ : محبت و مودّت۔	ضُعَفَآءُ : ضعیف، ضعفا۔
نَّخِيْلٍ : نخلستان، نخلستانی علاقہ۔	يُبَيِّنُ : بیان، مبیّنہ، بیان بازی۔
تَجْرِیْ : جاری، اجرا۔	تَتَفَكَّرُوْنَ : فکر، مفکّر، غور و فکر، تفکّر۔
تَحْتِهَا : تحت، ماتحت، تحت الثرٰی، تحت الشعور۔	كَسَبْتُمْ : کسبِ حلال، کسبی۔

فَاِنْ لَّمْ	يُصِبْهَا❶	وَابِلٌ	فَطَلٌّ ط	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
پس اگر نہ	برسے اس پر	تیز بارش	تو پھوار	اور اللہ	اس کو جو	تم سب کام کرتے ہو

بَصِيْرٌ (265)	اَيَوَدُّ❶	اَحَدُكُمْ	اَنْ تَكُوْنَ❷	لَهٗ جَنَّةٌ❸
دیکھ رہا ہے	کیا پسند کرتا ہے	تم میں سے کوئی ایک	کہ ہو	اس کا ایک باغ

مِّنْ نَّخِيْلٍ	وَّاَعْنَابٍ	تَجْرِيْ❷	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ لا	لَهٗ
کھجوروں کا	اور انگوروں کا	چلتی ہوں	اسکے نیچے سے	نہریں	اس کیلئے

فِيْهَا	مِنْ❹ كُلِّ الثَّمَرٰتِ❸ لا	وَاَصَابَهُ	الْكِبَرُ	وَلَهٗ	ذُرِّيَّةٌ❸ ضُعَفَآءُ صلے
اس میں	ہر قسم کے پھل ہوں	اور آپہنچے اسے	بڑھاپا	اور اسکی	کمزور اولاد ہو

فَاَصَابَهَآ	اِعْصَارٌ	فِيْهِ	نَارٌ	فَاحْتَرَقَتْ❺ ط	كَذٰلِكَ
پھر آپہنچے اس (باغ) کو	بگولا	اس میں	آگ ہو	پس وہ جل جائے	اسی طرح

36 ع 6 4

يُبَيِّنُ❶ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ❻ (266) ع	يٰۤاَيُّهَا
اللہ بیان کرتا ہے	تمہارے لیے	آیات	تا کہ تم سب غور وفکر کرو	اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَنْفِقُوْا	مِنْ طَيِّبٰتِ❸	مَا كَسَبْتُمْ
لوگو! جو سب ایمان لائے ہو	تم سب خرچ کرو	اچھی چیزوں میں سے	جو تم نے کمایا ہو

ضروری وضاحت

❶ علامت ''یـ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ علامت ''تـ'' مؤنث کے لیے استعمال ہوئی ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ '' ة '' واحد مؤنث اور ''ات'' جمع مؤنث کی علامت ہے، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ ''مِنْ'' کا اصل ترجمہ ''سے'' ہے ضرورتاً ''کے'' کیا گیا ہے۔ ❺ ''تْ'' فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ ''کُمْ'' اور ''تـ'' دونوں کا ترجمہ ''تم'' ہے اور ''کُمْ'' تاکید کے لیے آیا ہے۔

وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۠	اوراس سے جو ہم نے نکالا تمہارے لیے زمین سے
وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ	اور نہ تم قصد کرو ردی چیز کا (کہ) اس سے
تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ	تم خرچ کرتے ہو اور نہیں ہو تم خود اسکو لینے والے
اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ	مگر یہ کہ تم چشم پوشی کرلو اس (بارے) میں
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿267﴾	اور جان لو کہ بیشک اللہ بے نیاز، خوبیوں والا ہے ﴿267﴾
اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ	شیطان تمہیں ڈراتا ہے مفلسی سے
وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ	اور وہ تمہیں حکم دیتا ہے بے حیائی کا
وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ	اور اللہ تم سے وعدہ کرتا ہے مغفرت کا اپنی طرف سے
وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿268﴾	اور فضل کا اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے۔ ﴿268﴾
يُّؤْتِى الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ	وہ عطا کرتا ہے حکمت جسے چاہتا ہے
وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ	اور جسے نوازا گیا حکمت سے
فَقَدْ اُوْتِىَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ	تو یقیناً وہ نوازا گیا بہت بڑی خیر سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخْرَجْنَا : خروج، خارج، مخرج، اخراج۔	يَاْمُرُكُمْ : امر، آمر، مامور، امارت۔
اَلْاَرْضِ : ارض وسما، اراضی، کرۂ ارض۔	بِالْفَحْشَآءِ : فحش، فحاشی وعریانی۔
تُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، اِنفاق فی سبیل اللہ۔	يَعِدُكُمْ : وعدہ، وعید، میعاد۔
بِاٰخِذِيْهِ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	مَّغْفِرَةً : مغفرت، استغفار۔
اِلَّآ : اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔	وَاسِعٌ : وسعت، وسیع، توسیع۔
اِعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔	يَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت اِلٰہی۔
حَمِيْدٌ : حمد وثنا، حمد باری تعالیٰ، حامد، محمود۔	الْحِكْمَةَ : حکمت ودانائی، حکیم۔

وَمِمَّآ	اَخْرَجْنَا	لَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ ۖ	وَلَا	تَيَمَّمُوا
اوراس سے جو	ہم نے نکالا	تمہارے لیے	زمین سے	اور نہ	تم سب قصد کرو

الْخَبِيْثَ	مِنْهُ	تُنْفِقُوْنَ	وَلَسْتُمْ	بِاٰخِذِيْهِ ❶
ردی چیز کا (کہ)	اس سے	تم سب خرچ کرتے ہو	اور نہیں ہو تم (خود)	اسے لینے والے

اِلَّآ اَنْ	تُغْمِضُوْا	فِيْهِ ۭ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	غَنِيٌّ
مگر یہ کہ	تم سب چشم پوشی کرلو	اس (بارے) میں	اور تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	بے نیاز

حَمِيْدٌ (267)	اَلشَّيْطٰنُ	يَعِدُكُمُ ❷❸	الْفَقْرَ	وَيَاْمُرُكُمْ
تعریف والا ہے	شیطان	تمہیں ڈراتا ہے	مفلسی سے	اور وہ تمہیں حکم دیتا ہے

بِالْفَحْشَآءِ ۚ	وَاللّٰهُ	يَعِدُكُمْ ❸	مَّغْفِرَةً ❹	مِّنْهُ	وَفَضْلًا ۭ
بے حیائی کا	اور اللہ	وعدہ کرتا ہے تم سے	مغفرت کا	اپنی طرف سے	اور فضل کا

وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ (268) ۙ	يُّؤْتِي	الْحِكْمَةَ ❹	مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ
اور اللہ	وسعت والا	علم والا ہے	وہ دیتا ہے	حکمت	جسے وہ چاہتا ہے

وَمَنْ	يُّؤْتَ ❸❺	الْحِكْمَةَ ❹	فَقَدْ	اُوْتِيَ	خَيْرًا	كَثِيْرًا ۭ
اور جو	دیا جائے	حکمت	تو یقیناً	وہ دیا گیا	خیر	بہت بڑی

ضروری وضاحت

❶ علامت "بـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "يَعِدُكُمْ" کا اصل ترجمہ "تم سے وعدہ کرتا ہے"، "وعدہ" کا لفظ خیر اور شر دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، شر کے وعدے کو "وعید" کہتے ہیں کیونکہ شر کے وعدے میں ڈرانے کا عنصر ہوتا ہے اس لیے ترجمہ "تمہیں ڈراتا ہے" کیا گیا ہے۔ ❸ "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ علامت "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ یہ لفظ اصل میں "يُؤْتٰى" تھا، آخر سے "الف" گر گیا ہے۔

وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿269﴾	اور نہیں نصیحت قبول کرتے مگر عقل والے۔ ﴿269﴾
وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ	اور جو تم خرچ کرو کسی بھی قسم کا خرچ یا تم نذر مانو
مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ	کوئی نذر، تو بیشک اللہ اسے جانتا ہے
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿270﴾	اور نہیں ہے ظالموں کا کوئی مددگار۔ ﴿270﴾
اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ	اگر تم ظاہر کرو (اپنے) صدقات کو تو وہ (بھی) اچھا ہے
وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ	اور اگر تم چھپا لو انہیں اور دے دو وہ (صدقات) فقراء کو
فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَ	تو وہ زیادہ بہتر ہے تمہارے لیے اور (ان صدقات کی وجہ سے)
يُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ	وہ دور کر دے گا تم سے تمہارے گناہ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿271﴾	اور اللہ اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب باخبر ہے ﴿271﴾
لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ	نہیں ہے آپ پر (ذمہ داری) ان کو ہدایت دینے کی
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا	اور لیکن اللہ ہی ہدایت دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے اور جو
تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ	تم خرچ کرو گے مال تو وہ تمہارے اپنے لیے (مفید) ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَذَّكَّرُ : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔
اِلَّآ : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
اُولُوا : اولوالعزم، اولوالامر (والے)۔
اَنْفَقْتُمْ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
اَنْصَارٍ : نصرت، نصر اللہ، انصار۔
فَنِعِمَّا : نعم البدل، نعمت، انعام۔
تُخْفُوْهَا : مخفی، اخفاء، خفیہ۔

يُكَفِّرُ : کفّارہ۔
سَيِّاٰتِكُمْ : اعمال سیئہ، علمائے سُوء (بُرے)۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، اعمال، معمولات۔
خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر، خبریں۔
هُدٰىهُمْ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت الٰہی۔
فَلِاَنْفُسِكُمْ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔

وَمَا ❶	يَذَّكَّرُ ❷	اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ (269)	وَمَآ	اَنْفَقْتُمْ
اور نہیں	نصیحت قبول کرتے	مگر عقل والے	اور جو	تم خرچ کرو

مِّنْ نَّفَقَةٍ ❸❹	اَوْ نَذَرْتُمْ	مِّنْ نَّذْرٍ ❸	فَاِنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُهٗ ؕ
کوئی خرچ	یا تم نذر مانو	کوئی نذر	تو بیشک اللہ	اسے جانتا ہے

وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ اَنْصَارٍ (270)	اِنْ	تُبْدُوا	الصَّدَقٰتِ ❹
اور نہیں ہے	سب ظالموں کا	کوئی مددگار	اگر	تم سب ظاہر کرو	صدقات کو

فَنِعِمَّا هِيَ ۚ	وَاِنْ	تُخْفُوْهَا ❺	وَتُؤْتُوْهَا ❺	الْفُقَرَآءَ	فَهُوَ	خَيْرٌ
تو (بھی) اچھا ہے وہ	اور اگر	تم چھپالو انہیں	اور انہیں دو	فقراء کو	تو وہ	زیادہ بہتر ہے

لَّكُمْ ؕ	وَيُكَفِّرُ	عَنْكُمْ	مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ❸❹ ؕ	وَاللّٰهُ	بِمَا
تمہارے لیے	اور وہ دور کردے گا	تم سے	تمہارے گناہ	اور اللہ	اس سے جو

تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ (271)	لَيْسَ عَلَيْكَ ❻	هُدٰىهُمْ	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
تم سب عمل کرتے ہو	خوب باخبر ہے	نہیں ہے آپ پر	ان کی ہدایت	اور لیکن اللہ

يَهْدِيْ ❷	مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وَمَا تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ ❸	فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ
ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور جو تم سب خرچ کروگے	کوئی مال	تو وہ تمہارے اپنے لیے

ضروری وضاحت

❶ "مَا" کے بعد اگر اسی جملے میں لفظ "اِلَّا" آرہا ہو تو اس "مَا" کا ترجمہ "نہیں" کرتے ہیں۔ ❷ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ علامت "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "ة" اور "ات" جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو "الف" کو گرا دیتے ہیں۔ ❻ "لَيْسَ عَلَيْكَ" سے مراد "آپ کے ذمے نہیں ہے"۔

وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا	اور نہیں تم خرچ کرتے مگر
ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ	اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے
وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ	اور جو تم خرچ کرو گے کوئی مال (بطور خیرات)
يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ	پورا پورا (اجر) دے دیا جائے گا تمہیں (قیامت کے دن)
وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿272﴾	اور تم ظلم نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿272﴾
لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا	(یہ خیرات) ان فقیروں کے لیے ہے جو رُکے ہوئے ہیں
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا	اللہ کی راہ میں، وہ طاقت نہیں رکھتے چلنے پھرنے کی
فِي الْاَرْضِ ۫ يَحْسَبُهُمُ	(اپنے معاش کے لیے) زمین میں، گمان کرتا ہے انہیں
الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ	ناواقف مالدار، نہ مانگنے کی وجہ سے
تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ	آپ پہچان سکتے ہیں انہیں انکے چہروں سے
لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ	نہیں وہ سوال کرتے لوگوں سے لپٹ کر
وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ	اور جو تم خرچ کرو گے مال (خیرات کے طور پر)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، شاید کوئی سبیل نکل آئے۔
وَجْهِ : علیٰ وجہ البصیرت، لِوجہ اللہ، وجاہت۔	يَسْتَطِيْعُوْنَ : استطاعت۔
يُّوَفَّ : وفا، بے وفا، وفاداری، ایفائے عہد۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، اراضی، کرۂ ارض۔
تُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	تَعْرِفُهُمْ : تعارف، معروف، عرف عام، معرفت۔
لِلْفُقَرَآءِ : فقیر، فقرا، فقر وفاقہ۔	يَسْـَٔلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
اُحْصِرُوْا : محصور، محاصرہ، انحصار۔	النَّاسَ : عوام الناس۔

وَمَا ❶	تُنْفِقُوْنَ	اِلَّا ابْتِغَآءَ	وَجْهِ اللّٰهِ ؕ
اور نہیں	تم سب خرچ کرتے	مگر حاصل کرنے کیلئے	اللہ کی خوشنودی

وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ ❷	يُّوَفَّ ❷
اور جو	تم سب خرچ کرو گے	کوئی مال	پورا پورا (اجر) دے دیا جائے گا

اِلَيْكُمْ ❸	وَ	اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ❹ (272)	لِلْفُقَرَآءِ
تمہاری طرف (قیامت کے دن)	اور	تم سب ظلم نہیں کیے جاؤ گے	(یہ خیرات) ان فقیروں کے لیے ہے

الَّذِيْنَ	اُحْصِرُوْا ❺	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	ضَرْبًا ❻
جو	سب رُکے ہوئے ہیں	اللہ کی راہ میں	نہیں وہ سب طاقت رکھتے	چلنے پھرنے کی

فِي الْاَرْضِ ز	يَحْسَبُهُمُ ❷	الْجَاهِلُ	اَغْنِيَآءَ
(اپنے معاش کے لیے) زمین میں	گمان کرتا ہے انہیں	ناواقف	مالدار

مِنَ التَّعَفُّفِ ج	تَعْرِفُهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ ج	لَا يَسْئَلُوْنَ
نہ مانگنے (کی وجہ) سے	آپ پہچان سکتے ہیں انہیں	انکے چہروں کے آثار سے	نہیں وہ سب سوال کرتے

النَّاسَ	اِلْحَافًا ط	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ ❷
لوگوں سے	لپٹ کر	اور جو	تم سب خرچ کرو گے	مال

ضروری وضاحت

❶ "مَا" کے بعد اگر اسی جملے میں لفظ "اِلَّا" آرہا ہو تو اس کا ترجمہ "نہیں" کرتے ہیں۔ ❷ یہاں "مِنْ" اور "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "يُوَفَّ اِلَيْكُمْ" سے مراد "تمہیں پورا پورا اجر دے دیا جائے گا" ہے۔ ❹ "اَنْتُمْ" اور "تُ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❺ "اُحْصِرُوْا" کا اصل ترجمہ "گھیرے گئے" ہے، اور شروع میں موجود "اُ" کا ترجمہ "میں" نہیں ہے۔ ❻ "ضَرْبًا" کا اصل ترجمہ "مارنا" ہے، لیکن اگر اس کے بعد "فِي الْاَرْضِ" ہو تو مراد "چلنا" ہوتا ہے۔

الربع 37 7 5

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿273﴾ ع	تو یقیناً اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿273﴾ ع
اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ	وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال
بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً	رات اور دن کو، چھپا کر اور علانیہ طور پر
فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا	تو ان کیلئے ان کا اجر ہے انکے رب کے پاس اور نہ
خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿274﴾	ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے۔ ﴿274﴾
اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا	وہ لوگ جو سود کھاتے ہیں وہ نہیں اٹھیں گے مگر
كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ	جیسے اٹھتا ہے وہ جو دیوانہ کر دیا ہو اسے شیطان نے
مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	چھو کر، یہ (حالت) اس وجہ سے ہوگی کہ بیشک
قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ	انہوں نے کہا: بیشک تجارت سود ہی کی مانند ہے
وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ	حالانکہ اللہ نے حلال قرار دیا ہے تجارت کو
وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ	اور حرام کر دیا ہے سود کو
فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ	پس جو (شخص کہ) آئی اس کے پاس نصیحت

وقف منزل — وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔	يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔
يُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	يَاْكُلُوْنَ : اکل وشرب، مأکولات ومشروبات۔
بِالَّيْلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	يَقُوْمُوْنَ : قائم، مقام، مقیم، قیام۔
سِرًّا : پُراسرار، سرِنہاں۔	كَمَا : کما حقُّہٗ۔
عَلَانِيَةً : اعلان، علی الاعلان، علانیہ۔	يَتَخَبَّطُهُ : مخبوط الحواس، خبطی (دیوانہ)۔
اَجْرُهُمْ : اجر، اجرت، ماجور۔	الْمَسِّ : مَس، مساس۔
عِنْدَ : عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔	الْبَيْعُ : بیع وشرا، بائع ومشتری۔

ع 37 / 7 / 5 الربع

فَاِنَّ اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ ع (273)	اَلَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ
تو یقیناً اللہ	اس کو	خوب جاننے والا ہے	وہ لوگ جو	وہ سب خرچ کرتے ہیں

اَمْوَالَهُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً ❶	فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ
اپنے مال	رات کو	اور دن (کو)	چھپا کر	اور علانیہ طور پر	تو ان کے لیے	انکا اجر ہے

وقف منزل

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❷ (274)
انکے رب کے پاس	اور نہ	کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ سب غمگین ہونگے

اَلَّذِيْنَ	يَاْكُلُوْنَ	الرِّبٰوا	لَا يَقُوْمُوْنَ	اِلَّا كَمَا	يَقُوْمُ ❸
وہ لوگ جو	وہ سب کھاتے ہیں	سود	نہیں وہ سب اٹھیں گے	مگر جیسے	اٹھتا ہے

الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ ❸	الشَّيْطٰنُ	مِنَ الْمَسِّ ؕ	ذٰلِكَ ❹	بِاَنَّهُمْ
وہ جو کہ دیوانہ کردیا ہو اسے	شیطان نے	چھونے سے	یہ (حالت)	اس وجہ سے ہوگی کہ بیشک وہ

وقف لازم

قَالُوْٓا	اِنَّمَا الْبَيْعُ	مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ	وَ	اَحَلَّ اللّٰهُ ❺
ان سب نے کہا	بیشک تجارت	سود کی مانند ہے	حالانکہ	اللہ نے حلال قرار دیا ہے

الْبَيْعَ	وَحَرَّمَ	الرِّبٰوا ؕ	فَمَنْ	جَآءَهٗ	مَوْعِظَةٌ ❶
تجارت کو	اور حرام کردیا ہے	سود کو	پس جو شخص (کہ)	آئی اسکے پاس	نصیحت

ضروری وضاحت

❶ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ علامت "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❸ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے، اس کا استعمال "بات میں زور پیدا کرنے کے لیے" ہوتا ہے، اردو ترجمہ کرتے ہوئے وضاحت کے لیے اس کا ترجمہ "یہ" کردیا جاتا ہے۔ ❺ "اَحَلَّ" میں "أ" کا ترجمہ "میں" نہیں بلکہ یہ معنی میں "تبدیلی لانے کے لیے" ہے مثلاً: حَلَّ: حلال ہوا اور اَحَلَّ: حلال کیا۔

مِّنۡ رَّبِّهٖ فَانۡتَهٰى	اسکے رب کی طرف سے پھر وہ باز آ گئے (سود سے)
فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ	تو وہ اسی کا ہے جو وہ پہلے لے چکا ہے
وَ اَمۡرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ	اور اسکا معاملہ اللہ کے سپرد ہے (وہ معاف کرے یا
وَمَنۡ عَادَ	سزا دے) اور جو کوئی پھر کرے (سودی کاروبار)
فَاُولٰٓٮِٕكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ	تو وہی لوگ اہل دوزخ ہیں
هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿275﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿275﴾
يَمۡحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَ يُرۡبِى الصَّدَقٰتِ ؕ	مٹاتا ہے اللہ سود کو اور بڑھاتا ہے صدقات کو
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيۡمٍ ﴿276﴾	اور اللہ نہیں پسند کرتا ہر ناشکرے، گناہ گار کو۔ ﴿276﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ	اور نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی
لَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا	ان کیلئے ان کا اجر ہے ان کے رب کے پاس اور نہ
خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿277﴾	ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے۔ ﴿277﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَانۡتَهٰى : انتہا، منتہی طالب علم۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
سَلَفَ : سلف صالحین، سلفی العقیدہ۔	يُحِبُّ : محبت، حبیب، حب رسول، محبوب۔
اَمۡرُهٗۤ : امر، آمر، مامور۔	اٰمَنُوۡا : ایمان، مؤمن، ایمانیات امن۔
عَادَ : اِعادہ، بیماری عود کر آئی۔	عَمِلُوا : عمل، عامل، معمول، معمولات، تعمیل۔
اَصۡحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔	اَقَامُوا : قائم، قیام، مقیم، مقام۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	اَجۡرُهُمۡ : اجر و ثواب، اجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔
خٰلِدُوۡنَ : خالد، خلد بریں۔	يَحۡزَنُوۡنَ : حزن و ملال، عام الحزن۔

مِّنۡ رَّبِّهٖ	فَانۡتَهٰى	فَلَهٗ	مَا سَلَفَ ؕ
اسکے رب (کی طرف) سے	پھر وہ باز آ گیا (سود سے)	تو (وہ) اسی کا ہے	جو وہ پہلے لے چکا ہے

وَ اَمۡرُهٗۤ	اِلَى اللّٰهِ ؕ	وَ مَنۡ	عَادَ	فَاُولٰٓئِكَ
اور اسکا معاملہ	اللہ کی طرف	اور جو	کوئی پھر کرے (سودی کاروبار)	تو وہی لوگ

اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ	هُمۡ	فِيۡهَا	خٰلِدُوۡنَ (275)	يَمۡحَقُ اللّٰهُ ❶	الرِّبٰوا
اہل دوزخ ہیں	وہ	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	مٹاتا ہے اللہ	سود کو

وَ يُرۡبِى ❷	الصَّدَقٰتِ ❸ ؕ	وَ اللّٰهُ	لَا يُحِبُّ ❶	كُلَّ كَفَّارٍ	اَثِيۡمٍ (276)
اور وہ بڑھاتا ہے	صدقات کو	اور اللہ	نہیں پسند کرتا	ہر ناشکرے	گناہ گار کو

اِنَّ	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❸
بیشک	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور ان سب نے عمل کیے	نیک

وَ اَقَامُوا ❹	الصَّلٰوةَ ❸	وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ ❸❺	لَهُمۡ	اَجۡرُهُمۡ
اور ان سب نے قائم کی	نماز	اور ان سب نے ادا کی زکوۃ	ان کے لیے	ان کا اجر ہے

عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ	وَ لَا	خَوۡفٌ	عَلَيۡهِمۡ	وَ لَا	هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ❻ (277)
انکے رب کے پاس	اور نہ	کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ سب غمگین ہونگے

ضروری وضاحت

❶علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❷ یعنی برکت ڈال دیتا ہے۔❸"ة" اور "ات" دونوں مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❹نماز قائم کرنے میں پانچ چیزیں شامل ہیں: ①وقت پر پڑھنا ② سنت کے مطابق پڑھنا ③جماعت کے ساتھ پڑھنا ④ خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھنا ⑤دوسروں کو بھی پڑھنے کی تلقین کرنا۔❺"اٰتَوۡا" کی "تَ" پر زبر ہو تو ترجمہ "ادا کی یا دی" ہوتا ہے اور اگر "تُ" پر پیش ہو تو ترجمہ "ادا کرو" یا "دو" ہوتا ہے۔❻ "هُمۡ" اور "یـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہوتا ہے۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈر جاؤ
وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا	اور چھوڑ دو جو باقی رہ گیا سود
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿278﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا	اگر ہو تم مومن ﴿278﴾ پس اگر تم نے (ایسا) نہ کیا
فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ	تو ہوشیار ہو جاؤ اللہ اور اسکے رسول سے جنگ کیلئے
وَاِنْ تُبْتُمْ	اور اگر تم توبہ کرلو (سود سے)
فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ	تو تمہارے لیے ہیں تمہارے اصل مال
لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿279﴾	نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ ﴿279﴾
وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ	اور اگر ہو (مقروض) تنگی والا (تنگ دست)
فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ وَاَنْ	تو مہلت دینی چاہیے آسودہ حالی تک اور یہ کہ
تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ	تم صدقہ کرو (اور رأس المال چھوڑ دو تو) زیادہ بہتر ہے
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿280﴾	تمہارے لیے اگر ہو تم سمجھ بوجھ رکھتے۔ ﴿280﴾
وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ	اور ڈرو اس دن سے (کہ) تم لوٹائے جاؤ گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔	رُءُوْسُ : رأس المال، رئیس، روسا۔
بَقِيَ : باقی، بقا، بقایا۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مِنَ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	تَظْلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
تَفْعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔	ذُوْ / عُسْرَةٍ : ذومعنی، ذوالجناح / عُسرت وتنگی۔
فَاْذَنُوْا : اذان، موذن۔	مَيْسَرَةٍ : میّسر۔
بِحَرْبٍ : آلاتِ حرب، حربہ، ایامِ حرب (جنگ)۔	تَصَدَّقُوْا : صدقہ، صدقات۔
تُبْتُمْ : توبہ، تائب۔	تُرْجَعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ ❶	اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ ❷	وَ ذَرُوْا	مَا
اے وہ لوگو! جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب ڈر جاؤ اللہ سے	اور چھوڑ دو	جو

بَقِيَ	مِنَ الرِّبٰوٓا ❸	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ (278)	فَاِنْ	لَّمْ تَفْعَلُوْا
باقی رہ گیا	سود	اگر ہو تم	سب ایمان لانیوالے	پس اگر	تم سب نے ایسا نہ کیا

فَاْذَنُوْا	بِحَرْبٍ	مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ج	وَاِنْ
تو تم سب خبردار رہو	جنگ (کے اعلان) سے	اللہ اور اسکے رسول (کی طرف) سے	اور اگر

تُبْتُمْ	فَلَكُمْ	رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ج	لَا تَظْلِمُوْنَ
تم توبہ کرلو	تو تمہارے لیے ہیں	تمہارے اصل مال	نہ تم سب ظلم کرتے

وَلَا	تُظْلَمُوْنَ ❹ (279)	وَاِنْ كَانَ	ذُوْ عُسْرَةٍ ❺	فَنَظِرَةٌ ❺
اور نہ	تم سب پر ظلم کیا جائے گا	اور اگر ہو	تنگی والا ہو	تو مہلت دینی چاہیے

اِلٰى مَيْسَرَةٍ ط	وَاَنْ	تَصَدَّقُوْا ❻	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ
آسودہ حالی تک	اور یہ کہ	تم سب صدقہ کرو	(تو) بہتر ہے	تمہارے لیے	اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ❼ (280)	وَاتَّقُوْا ❷	يَوْمًا	تُرْجَعُوْنَ ❹
ہو تم سب سمجھ بوجھ رکھتے	اور تم سب ڈرو	اس دن سے (کہ)	تم سب لوٹائے جاؤ گے

ضروری وضاحت

❶ "یا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❷ "اِتَّقُوْا" کی "ق" پر اگر "پیش" ہو تو ترجمہ "سب ڈرو" اور اگر "زبر" ہو تو ترجمہ "وہ ڈر گئے" ہوتا ہے۔ ❸ "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "تُظْلَمُوْنَ، تُرْجَعُوْنَ" اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل کا ترجمہ "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" کرتے ہیں۔ ❺ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ یہ اصل میں "تَتَصَدَّقُوْا" تھا، ایک "تَ" گرا دی گئی ہے۔ ❼ "تُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔

فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى	اس میں اللہ کی طرف پھر پورا پورا بدلہ دیا جائیگا
كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ	ہر نفس کو جو اس نے کیا ہوگا اور وہ
لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿281﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿281﴾ اے لوگو! جو
اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ	ایمان لائے ہو جب تم آپس میں لین دین کرو
بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ	اُدھار کا ایک وقتِ مقررہ تک تو لکھ لیا کرو اسے
وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ	اور چاہیے کہ لکھے تمہارے درمیان لکھنے والا
بِالْعَدْلِ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ	عدل کے ساتھ اور نہ انکار کرے لکھنے والا (اس بات سے)
اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ	کہ وہ لکھے جیسا کہ اسے سکھایا ہے اللہ نے
فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ	پس چاہیے کہ لکھے، اور چاہیے کہ لکھوائے
الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ	وہ جس پر حق (قرض) ہے
وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ	اور چاہیے کہ وہ اللہ سے ڈرے (جو) اس کا رب ہے
وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا	اور نہ وہ کمی کرے اس سے کچھ بھی

ع 38 8 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْهِ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	فَاكْتُبُوْهُ	کتاب، کتب، کاتب، کتابت۔
اِلَى	مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	بَيْنَكُمْ	بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
تُوَفّٰى	وفا، بے وفا، وفاداری، ایفائے عہد۔	بِالْعَدْلِ	عدل وانصاف، عادل، عدالت۔
نَفْسٍ	نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفس۔	كَمَا	کما حقُّہ۔
كَسَبَتْ	کسبِ حلال، کسبی۔	عَلَّمَهُ	علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔
اَجَلٍ	فرشتۂ اجل (موت)، مہرِ موجل۔	وَلْيُمْلِلِ	املا کرانا۔
مُّسَمًّى	اسم بامسمّٰی (مقررہ)۔	وَلْيَتَّقِ	تقویٰ، متقی۔

ع 38 8 6

فِيْهِ	اِلَى اللّٰهِ قف	ثُمَّ تُوَفّٰى ❶	كُلُّ نَفْسٍ	مَّا	كَسَبَتْ
اس میں	اللہ کی طرف	پھر پورا پورا بدلہ دیا جائیگا	ہر نفس کو	جو	اس (مؤنث) نے کیا ہوگا

وَ	هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ❷ ع (281)	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ ❸	اٰمَنُوْٓا
اور	وہ سب ظلم نہیں کئے جائیں گے	اے لوگو! جو	سب ایمان لائے ہو

اِذَا	تَدَايَنْتُمْ ❹	بِدَيْنٍ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	فَاكْتُبُوْهُ ❺ ط
جب	تم آپس میں لین دین کرو	ادھار کا	ایک وقت مقررہ تک	تو اسے لکھ لیا کرو

وَلْيَكْتُبْ ❻❼	بَّيْنَكُمْ	كَاتِبٌ	بِالْعَدْلِ ص	وَلَا يَاْبَ ❼	كَاتِبٌ
اور چاہیے کہ لکھے	تمہارے درمیان	لکھنے والا	عدل کے ساتھ	اور نہ انکار کرے	لکھنے والا

اَنْ يَّكْتُبَ ❼	كَمَا	عَلَّمَهُ اللّٰهُ	فَلْيَكْتُبْ ❻❼ ج
کہ وہ لکھے	جیسا کہ	اسے سکھایا ہے اللہ نے	پس چاہیے کہ لکھے

وَلْيُمْلِلِ ❻❼	الَّذِيْ	عَلَيْهِ	الْحَقُّ	وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ ❻
اور چاہیے کہ وہ لکھوائے	وہ جو (کہ)	اس پر	حق (قرض) ہے	اور چاہیے کہ وہ اللہ سے ڈرے

رَبَّهٗ	وَلَا	يَبْخَسْ	مِنْهُ	شَيْـًٔا ط
جو اس کا رب ہے	اور نہ	وہ کمی کرے	اس سے	کچھ بھی

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "تـ" کا معنی "تو" نہیں ہے بلکہ یہ مؤنث کے لیے ہے۔ ❷ "هُمْ" اور "يـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❸ "يَا" اور "اَيُّهَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❹ "تَدَايَنْتُمْ" میں علامت "تـ" کسی کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم دے رہی ہے۔ ❺ یہاں "و" جمع مذکر کی ہے، یہاں اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ اگر "وَ" اور "فَ" کے بعد سکون والا لام ہو تو اس کا ترجمہ "چاہیے کہ" کیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

فَاِنۡ كَانَ الَّذِىۡ عَلَيۡهِ الۡحَقُّ سَفِيۡهًا	پس اگر ہو وہ جس پر حق (قرض) ہے نادان
اَوۡ ضَعِيۡفًا اَوۡ لَا يَسۡتَطِيۡعُ اَنۡ يُّمِلَّ هُوَ	یا کمزور یا وہ طاقت نہ رکھتا ہو کہ لکھوائے وہ
فَلۡيُمۡلِلۡ وَلِيُّهٗ بِالۡعَدۡلِؕ	تو چاہیے کہ لکھوا دے اس کا ولی عدل کے ساتھ
وَاسۡتَشۡهِدُوۡا شَهِيۡدَيۡنِ مِنۡ رِّجَالِكُمۡۚ	اور گواہ بنا لو دو گواہ اپنے مردوں میں سے
فَاِنۡ لَّمۡ يَكُوۡنَا رَجُلَيۡنِ فَرَجُلٌ	پس اگر نہ ہوں دو مرد تو ایک آدمی
وَّامۡرَاَتٰنِ مِمَّنۡ تَرۡضَوۡنَ	اور دو عورتیں ان میں سے جنہیں تم پسند کرتے ہو
مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنۡ تَضِلَّ	گواہوں میں سے کہ (اگر) بھول چوک ہو جائے
اِحۡدٰٮهُمَا فَتُذَكِّرَ	ان دونوں میں سے ایک سے تو یاد دلائے
اِحۡدٰٮهُمَا الۡاُخۡرٰىؕ	ان دونوں میں سے ایک دوسری کو
وَلَا يَاۡبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوۡاؕ	اور نہ انکار کریں گواہ جب بھی وہ بلائے جائیں
وَلَا تَسۡـــَٔمُوۡۤا اَنۡ تَكۡتُبُوۡهُ	اور نہ تم جی چراؤ (اس بات سے) کہ تم اسے لکھو
صَغِيۡرًا اَوۡ كَبِيۡرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖؕ	چھوٹا (معاملہ) ہو یا بڑا، اس کی مقررہ میعاد تک

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيۡهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَرۡضَوۡنَ	رضا، راضی، رضائے الٰہی، مرضی۔
يَسۡتَطِيۡعُ	استطاعت، حسب استطاعت۔	اِحۡدٰٮهُمَا	واحد، وحدانیت، توحید۔
وَلِيُّهٗ	ولی اللہ، اولیاء اللہ، ولایت۔	الۡاُخۡرٰى	فکر آخرت، اول آخر، آخری۔
بِالۡعَدۡلِ	عدل و انصاف، عادل، عدالت۔	فَتُذَكِّرَ	ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔
اسۡتَشۡهِدُوۡا	شاہد، شہادت، عینی شاہد۔	دُعُوۡا	دعا، دعوت، مدعو، داعی۔
رِّجَالِكُمۡ	قحط الرجال، اسماء الرجال، رجال کار۔	تَكۡتُبُوۡهُ	کاتب، کتابت، مکتوب۔
تَضِلَّ	ضلالت و گمراہی۔	اَجَلِهٖ	فرشتۂ اجل (موت)، مہر مؤجل۔

فَاِنْ كَانَ	الَّذِیْ عَلَیْهِ (1)	الْحَقُّ	سَفِیْهًا	اَوْ ضَعِیْفًا	اَوْ	لَا یَسْتَطِیْعُ
پس اگر ہو	وہ جو (کہ) اس پر	حق (قرض) ہے	نادان	یا کمزور	یا	نہ وہ طاقت رکھتا ہو

اَنْ یُّمِلَّ (2)	هُوَ	فَلْیُمْلِلْ (2)(3)	وَلِیُّهٗ	بِالْعَدْلِ ؕ
کہ لکھوائے	وہ (خود)	تو چاہیے کہ لکھوا دے	اس کا ولی	عدل کے ساتھ

وَاسْتَشْهِدُوْا	شَهِیْدَیْنِ	مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ	فَاِنْ لَّمْ	یَكُوْنَا رَجُلَیْنِ (4)	فَرَجُلٌ
اور تم سب گواہ بنالو	دو گواہ	اپنے مردوں میں سے	پس اگر نہ	ہوں دو مرد	تو ایک آدمی

وَّامْرَاَتٰنِ	مِمَّنْ	تَرْضَوْنَ	مِنَ الشُّهَدَآءِ	اَنْ
اور دو عورتیں	ان سے جنہیں	تم سب پسند کرتے ہو	گواہوں میں سے	کہ (اگر)

تَضِلَّ (4)	اِحْدٰىهُمَا	فَتُذَكِّرَ (5)	اِحْدٰىهُمَا
بھول چوک ہو جائے	ان دونوں میں سے ایک سے	تو یاد دلائے	ان دونوں میں سے ایک

الْاُخْرٰى ؕ	وَلَا یَاْبَ (2)	الشُّهَدَآءُ	اِذَا مَا (6)	دُعُوْا ؕ	وَ
دوسری کو	اور نہ انکار کریں	گواہ	جب (بھی)	وہ سب بلائے جائیں	اور

لَا تَسْـَٔمُوْۤا	اَنْ تَكْتُبُوْهُ (7)	صَغِیْرًا	اَوْ كَبِیْرًا	اِلٰۤى اَجَلِهٖ ؕ
نہ تم سب جی چراؤ	کہ تم سب لکھوا سے	چھوٹا (معاملہ) ہو	یا بڑا	اسکی مقررہ میعاد تک

ضروری وضاحت

(1) یعنی وہ جس کے ذمے قرض ہے۔ (2) علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ (3) "فَ" کے بعد جزم والا لام ہو تو اس کا ترجمہ "چاہیے کہ" کیا جاتا ہے۔ (4) "یَكُوْنَا" میں "الف" اور "رَجُلَیْنِ" میں "یْنِ" دونوں "دو" ہونے کو ظاہر کر رہے ہیں۔ (5) علامت "تَ" کا ترجمہ "تو" نہیں بلکہ یہ علامت مؤنث کے لیے ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ (6) یہاں "مَا" زائد ہے۔ اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ (7) "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو "الف" گر جاتا ہے۔

ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ	یہ (لکھ لینا) زیادہ انصاف کی بات ہے اللہ کے ہاں
وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ	اور زیادہ مضبوط رکھنے والی چیز ہے گواہی کو
وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا	اور زیادہ قریب ہے اسکے کہ نہ تم شک میں پڑو
اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً	مگر یہ کہ ہو (معاملہ) نقد تجارت کا (کہ)
تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ	تم لین دین کرتے ہو اسکا اپنے درمیان (آپس میں)
فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ	تو نہیں ہے تم پر کوئی گناہ کہ نہ تم لکھو اسے
وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪	اور گواہ بنالیا کرو جب (بھی) تم سودا بازی کرو
وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ	اور نہ تکلیف دی جائے کاتب کو اور نہ گواہ کو
وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ	اور اگر تم (ایسا) کروگے تو یقیناً یہ گناہ کا کام ہے
بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	تمہاری (طرف) سے اور ڈرتے رہو اللہ سے
الْعَلِيْمُ ﴿35﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا	خوب جاننے والا ہے ﴿35﴾ پھر جب اس نے جنا اسے
قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ	کہنے لگی: اے میرے رب بیشک میں نے اسے جنا ہے
اُنْثٰى ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۭ	لڑکی اور اللہ کو خوب معلوم تھا جو اس نے جنا
وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ	اور نہیں ہوتا لڑکا لڑکی کی طرح
وَاِنِّىْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ	اور بیشک میں نے نام رکھا ہے اس کا "مریم"
وَاِنِّىْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ	اور بیشک میں اسے تیری پناہ میں دیتی ہوں
وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿36﴾	اور اسکی اولاد کو (بھی) شیطان مردود (کے شر) سے۔ ﴿36﴾
فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ	تو قبول کرلیا اسے اسکے رب نے احسن طریقے سے
وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ	اور پروان چڑھایا اسے بہترین (انداز میں)
وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ	اور سرپرست بنایا اس کا زکریا کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَطْنِيْ : بطن، باطنی (پیٹ)۔	سَمَّيْتُهَا : اسم، اسما، اسم بامسمّٰی۔
مُحَرَّرًا : مجلس احرار، حریّت پسندی (آزادی)۔	اُعِيْذُهَا : تعوّذ، معاذ اللہ، تعویذ۔
فَتَقَبَّلْ : قبول، مقبول، مقبولیت۔	ذُرِّيَّتَهَا : ذرّیتِ آدم (اولاد)۔
مِنِّيْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	الرَّجِيْمِ : حدِ رجم۔
السَّمِيْعُ : سمعی بصری معاونات، سماعت، سامعین۔	حَسَنٍ : حسن، احسن، محسن، تحسین۔
قَالَتْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اَنْۢبَتَهَا، نَبَاتًا : نباتات۔
اُنْثٰى، الذَّكَرُ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔	كَفَّلَهَا : کفالت، کفیل۔

فِيْ بَطْنِيْ	مُحَرَّرًا	فَتَقَبَّلْ ❶	مِنِّيْ ۚ	اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ ❷
میرے پیٹ میں ہے	آزاد (وقف) ہوگا	تو تو قبول فرما	مجھ سے	بیشک تو ہی سب کچھ سننے والا

الْعَلِيْمُ (35)	فَلَمَّا	وَضَعَتْهَا ❸	قَالَتْ ❸	رَبِّ ❹
خوب جاننے والا ہے	پھر جب	اس نے جنا اسے	اس (مؤنث) نے کہا	اے میرے رب

اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ ❺	اُنْثٰى ۭ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ ❻	بِمَا	وَضَعَتْ ❸ ۭ
بیشک میں نے اسے جنا ہے	لڑکی	اور اللہ کو	خوب معلوم تھا	اسکو جو	اس نے جنا

وَلَيْسَ	الذَّكَرُ	كَالْاُنْثٰى ۚ	وَ	اِنِّيْ سَمَّيْتُهَا ❺	مَرْيَمَ
اور نہیں ہوتا	لڑکا	لڑکی کی طرح	اور	بیشک میں نے نام رکھا ہے اس کا	"مریم"

وَ	اِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ ❼❽	وَذُرِّيَّتَهَا	مِنَ الشَّيْطٰنِ
اور	بیشک میں اسے پناہ میں دیتی ہوں تیری	اور اسکی اولاد کو (بھی)	شیطان (کے شر) سے

الرَّجِيْمِ (36)	فَتَقَبَّلَهَا ❶	رَبُّهَا	بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ
(جوکہ) مردود ہے	تو قبول کرلیا اسے	اسکے رب نے	اچھی قبولیت سے

وَّاَنْۢبَتَهَا	نَبَاتًا حَسَنًا ۙ	وَّكَفَّلَهَا	زَكَرِيَّا ۚ
اور پروان چڑھایا اسے	بہترین پرورش (سے)	اور سرپرست بنایا اس کا	زکریا علیہ السلام کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں "تَ" اور شد میں "کام کو اہتمام سے کرنیکا مفہوم" ہے۔ ❷ "كَ" اور "اَنْتَ" دونوں کا ترجمہ "تو" ہے اور "اَنْتَ" کے بعد "اَلْ" میں تاکید کا مفہوم ہے، اور "سَمِيْعٌ" اور "عَلِيْمٌ" میں مبالغے کا مفہوم ہے۔ ❸ "تْ" مؤنث کی علامت ہے۔ ❹ یہ اصل میں "يَارَبِّيْ" تھا۔ ❺ "يْ" اور "تُ" دونوں کا ترجمہ "میں نے" ہے۔ ❻ یہاں "أ" میں دوسروں سے صفت میں زائد ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ "يْ" اور "أ" دونوں کا ترجمہ "میں" ہے۔ ❽ "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ	جب کبھی داخل ہوتے زکریاؑ اسکے پاس حجرے میں
وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ	(موجود) پاتے اس کے پاس کھانے پینے کی اشیا
قَالَ يٰمَرْيَمُ	(یہ دیکھ کر ایک مرتبہ) پوچھا اے "مریمؑ"
اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ	کہاں سے (آتا ہے) تیرے پاس یہ (سب کچھ)
قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	وہ بولیں وہ اللہ کی طرف سے ہے، بیشک اللہ
يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿37﴾	رزق دیتا ہے جسے چاہتا ہے بے حساب۔ ﴿37﴾
هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ	اسی جگہ (اسی موقع پر) دعا کی زکریاؑ نے اپنے رب سے
قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ	(اور) کہا اے میرے رب! عطا کر مجھے
مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ	اپنی طرف سے پاکیزہ (صالح) اولاد
اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿38﴾	بلاشبہ تو دعا کو سننے (قبول کرنے) والا ہے ﴿38﴾
فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ	تو آواز دی اسے فرشتوں نے اس حال میں کہ
هُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ	وہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے عبادت گاہ میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

دَخَلَ	: دخل، دخول، داخل، داخلہ۔	هٰذَا	: ہٰذا من فضل ربی، الہٰذا، مسجد ہٰذا۔
عَلَيْهَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت الٰہی۔
الْمِحْرَابَ	: منبر و محراب۔	دَعَا	: دعا، دعوت، داعی، مدعو کیا گیا۔
وَجَدَ	: وجود، موجود۔	هَبْ	: ہبہ کرنا (عطیہ دینا)۔
عِنْدَهَا	: عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔	طَيِّبَةً	: مالِ طیّب، طیّبات۔
رِزْقًا	: رزق، رازق، رزّاق۔	فَنَادَتْهُ	: ندا، منادی، ندائے جہاد، ندائے ملّت۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	يُّصَلِّيْ	: صلوٰۃ و سلام، صوم و صلوٰۃ، مصلّٰی۔

كُلَّمَا	دَخَلَ	عَلَيْهَا[1]	زَكَرِيَّا	الْمِحْرَابَ ۙ	وَجَدَ
جب کبھی	داخل ہوتے	اس پر	زکریا علیہ السلام	حجرے میں	(موجود) پاتے

عِنْدَهَا	رِزْقًا ۚ	قَالَ	يٰمَرْيَمُ	اَنّٰى
اسکے پاس	رزق	(آخر ایک دن) اس نے کہا	اے "مریم"	کہاں سے (آتا ہے)

لَكِ[2]	هٰذَا ۭ	قَالَتْ هُوَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ	اِنَّ اللّٰهَ
تیرے لیے	یہ (سب کچھ)	وہ (مؤنث) بولیں وہ	اللہ کی طرف سے ہے	بیشک اللہ

يَرْزُقُ[3]	مَنْ يَّشَاۗءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ (37)	هُنَالِكَ	دَعَا زَكَرِيَّا
رزق دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	بے حساب	اسی جگہ	دعا کی زکریا علیہ السلام نے

رَبَّهٗ ۚ	قَالَ	رَبِّ[4]	هَبْ لِيْ[5]	مِنْ لَّدُنْكَ
اپنے رب سے	(اور) کہا	اے میرے رب!	عطا کر میرے لیے (مجھے)	اپنی طرف سے

ذُرِّيَّةً[6]	طَيِّبَةً ۚ[6]	اِنَّكَ	سَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ (38)	فَنَادَتْهُ[7]
اولاد	پاکیزہ (صالح)	بلاشبہ تو	دعا کو سننے (قبول کرنے) والا ہے	تو آواز دی اسے

الْمَلٰۗىِٕكَةُ[8]	وَهُوَ	قَاۗىِٕمٌ	يُّصَلِّيْ[3]	فِي الْمِحْرَابِ ۙ
فرشتوں نے	اس حال میں کہ وہ	کھڑے	نماز پڑھ رہے تھے	حجرے میں

ضروری وضاحت

[1] یعنی "اس کے پاس" ہے۔ [2] یعنی "تیرے پاس" ہے۔ [3] "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ [4] یہ اصل میں "یَارَبِّیْ" تھا، اس لیے ترجمہ "اے میرے رب" کیا گیا ہے۔ یہاں شروع سے "یَا" اور آخر سے "یْ" بوجہ تخفیف گرائی گئی ہے۔ [5] یہ لفظ "هِبَةٌ" سے بنا ہے۔ [6] "ة" مؤنث کی علامت ہے اور اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ [7] "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ [8] "الْمَلٰۗىِٕكَةُ" میں "ة" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔

اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى	کہ بیشک اللہ خوشخبری دیتا ہے آپ کو یحییٰ کی (جو)
مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ	تصدیق کرنیوالے ہیں اللہ کے ایک کلمہ (عیسیٰؑ) کی
وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا	اور (وہ) سردار اور عورتوں سے بے رغبت ہونگے
وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (39)	اور نبی ہونگے نیک لوگوں میں سے۔ (39)
قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ غُلٰمٌ	کہا (زکریاؑ نے) اے میرے رب کیسے ہوگا میرے ہاں لڑکا
وَّقَدْ بَلَغَنِىَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِىْ	اور یقیناً پہنچا ہے مجھے بڑھاپا اور میری بیوی (بھی)
عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ	بانجھ ہے، (اللہ نے) فرمایا اسی طرح (ہی ہوگا)
اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ (40)	اللہ کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔ (40)
قَالَ رَبِّ اجْعَلْ	کہا (زکریا نے) اے میرے رب! مقرر فرما دیجیے
لِّىْٓ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ	میرے لیے کوئی نشانی، فرمایا: تیری نشانی (یہ ہے)
اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ	کہ نہ تم بات چیت کرسکو گے لوگوں سے تین دن
اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا	مگر اشارے سے اور ذکر کرو اپنے رب کا کثرت سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُبَشِّرُكَ : بشارت، بشیر۔

مُصَدِّقًا : تصدیق، مصدّقہ ذرائع، صداقت۔

بِكَلِمَةٍ، تُكَلِّمَ : کلمہ، کلام، متکلّم، کلیم اللہ۔

سَيِّدًا : سیّد، سید البشر، سید وُلدِ آدم۔

مِّنَ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔

الصّٰلِحِيْنَ : صلح، صلاح، صالح، اصلاح۔

لِىْ (لِ) : لہٰذا، الحمدللہ، لوجہ اللہ۔

بَلَغَنِىَ : بالغ، بلوغت، تبلیغ، ذرائع ابلاغ۔

الْكِبَرُ : کبیر، کبار، تکبیر، اکبر، تکبّر۔

يَفْعَلُ : فعل، فاعل، مفعول۔

يَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّتِ الٰہی۔

اٰيَتُكَ : آیت، آیات الٰہی۔

ثَلٰثَةَ : اصحاب ثلاثہ، تثلیث، مثلّث۔

رَمْزًا : رموزِ اوقاف، رمز شناس۔

اَنَّ اللّٰهَ	يُبَشِّرُكَ ❶	بِيَحْيٰى	مُصَدِّقًا
کہ بیشک اللہ	خوشخبری دیتا ہے آپ کو	یحییٰ علیہ السلام کی (جو)	تصدیق کرنیوالے ہیں

بِكَلِمَةٍ ❷	مِّنَ اللّٰهِ ❸	وَسَيِّدًا	وَّحَصُوْرًا	وَّنَبِيًّا
ایک کلمہ کی	اللہ سے	اور وہ سردار ہونگے	اور عورتوں سے بے رغبت ہونگے	اور نبی ہونگے

مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (39)	قَالَ	رَبِّ ❹	اَنّٰى يَكُوْنُ ❶	لِىْ غُلٰمٌ ❺	وَّقَدْ
نیک لوگوں میں سے	کہا	اے میرے رب	کیسے ہوگا	میرے لیے لڑکا	اور یقیناً

بَلَغَنِىَ ❻	الْكِبَرُ	وَامْرَاَتِىْ	عَاقِرٌ ؕ	قَالَ	كَذٰلِكَ
مجھے پہنچا ہے	بڑھاپا	اور میری بیوی (بھی)	بانجھ ہے	فرمایا	اسی طرح

اللّٰهُ يَفْعَلُ ❶	مَا يَشَآءُ (40)	قَالَ	رَبِّ	اجْعَلْ ❼
اللہ کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	کہا (زکریا علیہ السلام نے)	اے میرے رب	تو بنا دے

لِّىْ	اٰيَةً ❷ ؕ	قَالَ	اٰيَتُكَ	اَلَّا ❽	تُكَلِّمَ
میرے لیے	کوئی نشانی	فرمایا	تیری نشانی (یہ ہے)	کہ نہ	تم بات چیت کرسکو گے

النَّاسَ	ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ❷	اِلَّا رَمْزًا ؕ	وَاذْكُرْ	رَّبَّكَ	كَثِيْرًا
لوگوں سے	تین دن	مگر اشارے سے	اور ذکر کرو	اپنے رب کا	کثرت سے

ضروری وضاحت

❶ علامت "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ یعنی "اللہ کی طرف سے" ہے اور "كَلِمَةُ اللّٰهِ" اللہ کا کلمہ عیسیٰؑ کا لقب ہے جیسا کہ "روح القدس" حضرت جبریل علیہ السلام کا لقب ہے۔ ❹ یہ اصل میں "يَارَبِّىْ" تھا "يَا" اور "ىْ" دونوں گرادیئے ہیں۔ ❺ یعنی "میرے ہاں"۔ ❻ یہاں "ىْ" پر جزم تھی لیکن اس کو اگلے لفظ سے ملانے کے لیے زبر دی گئی ہے۔ ❼ یعنی "تو مقرر فرمادے"۔ ❽ یہ "اَنْ" + "لَا" کا مجموعہ ہے۔

ع 4 11 12

وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَ الْاِبْكَارِ ﴿41﴾ ع	(ان تین دنوں میں) اور تسبیح بیان کرو صبح و شام۔ ﴿41﴾ ع
وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ	اور (وہ وقت یاد کرو) جب کہا فرشتوں نے اے مریم!
اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ	بیشک اللہ نے تجھے برگزیدہ کیا ہے
وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ	اور تجھے پاکیزگی عطا کی ہے اور تجھے منتخب کیا ہے
عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿42﴾	جہان کی عورتوں پر (ترجیح دے کر)۔ ﴿42﴾
يٰمَرْيَمُ اقْنُتِىْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِىْ	اے مریم! فرمانبردار رہنا اپنے رب کی اور سجدہ کرو
وَ ارْكَعِىْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿43﴾	اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔ ﴿43﴾
ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ	یہ غیب کی خبریں ہیں ہم وحی کر رہے ہیں اسے
اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ	آپ کی طرف اور نہیں تھے آپ ان کے پاس
اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ	جب وہ ڈال رہے تھے اپنے قلم (قرعہ کے طور پر کہ)
اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۖ وَمَا	ان میں سے کون کفالت کرے گا مریم کی اور نہیں
كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿44﴾	تھے آپ انکے پاس جب وہ جھگڑا کر رہے تھے ﴿44﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَبِّحْ : سبحان تیری قدرت، تسبیح، تسبیحات۔	مَعَ : مع اہل وعیال، معیّت۔
اصْطَفٰىكِ : مصطفیٰ، مصطفوی منہج۔	ارْكَعِىْ : رکوع وسجود، رکعات۔
طَهَّرَكِ : طاہر، طہارت، ازواجِ مطہرات۔	اَنْۢبَآءِ : نبی، انبیائے کرام (خبر)۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	نُوْحِيْهِ : وحی۔
نِسَآءِ : نسوانیت، تربیت نسواں۔	يُلْقُوْنَ : اِلقا (ڈالنا)۔
الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم برزخ، عالم عقبیٰ۔	يَكْفُلُ : کفالت، کفیل۔
اسْجُدِىْ : سجدہ، ساجد، مسجود ملائکہ۔	يَخْتَصِمُوْنَ : مخاصمہ، خصومت (جھگڑا)۔

ع 4 11 12

وَّسَبِّحْ	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِبْكَارِ (41) ع	وَاِذْ قَالَتِ ❶	الْمَلٰٓئِكَةُ ❷	يٰمَرْيَمُ
اور تسبیح بیان کرو	شام کو	اور صبح (کو)	اور جب کہا	فرشتوں نے	اے مریم!

اِنَّ اللّٰهَ	اصْطَفٰىكِ ❸	وَطَهَّرَكِ ❸	وَاصْطَفٰىكِ ❸
بیشک اللہ نے	تجھے برگزیدہ کیا ہے	اور تجھے پاکیزگی عطا کی ہے	اور تجھے منتخب کیا ہے

عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ (42)	يٰمَرْيَمُ	اقْنُتِيْ ❹	لِرَبِّكِ ❸	وَاسْجُدِيْ ❹
تمام جہان کی عورتوں پر	اے مریم!	فرمانبردار رہنا	اپنے رب کی	اور تو سجدہ کر

وَارْكَعِيْ ❹	مَعَ الرّٰكِعِيْنَ (43)	ذٰلِكَ ❺	مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ ❻
اور تو رکوع کر	رکوع کرنے والوں کے ساتھ	یہ	غیب کی خبریں ہیں

نُوْحِيْهِ	اِلَيْكَ ط	وَمَا	كُنْتَ	لَدَيْهِمْ
ہم وحی کر رہے ہیں اسے	آپ کی طرف	اور نہیں	تھے آپ	ان کے پاس

اِذْ	يُلْقُوْنَ	اَقْلَامَهُمْ	اَيُّهُمْ	يَكْفُلُ ❻	مَرْيَمَ ص
جب	وہ سب ڈال رہے تھے	اپنے قلم	کہ ان میں سے کون	کفالت کرے گا	مریم کی

وَمَا	كُنْتَ	لَدَيْهِمْ	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ (44)
اور نہیں	تھے آپ	انکے پاس	جب	وہ سب جھگڑا کر رہے تھے

ضروری وضاحت

❶ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسکو زیر دے دی گئی ہے۔
❷ "اَلْمَلٰٓئِكَةُ" کے آخر میں " ة " مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❸ "كِ" واحد مؤنث کے لیے ہوتا ہے۔ ❹ اگر فعل کے شروع میں "اُ" ہو اور آخر میں "یْ" ہو تو اس فعل میں "واحد مؤنث کو کام کرنے کا حکم" ہوتا ہے۔ ❺ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے لیکن کبھی اسکا ترجمہ "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ علامت "مِنْ" اور "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ	(وہ وقت بھی یاد کرو کہ) جب کہا فرشتوں نے اے مریم!
اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ	بیشک اللہ بشارت دیتا ہے تجھے ایک کلمہ کی
مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	اپنی طرف سے اس کا نام مسیح عیسیٰ بن مریم ہوگا
وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ	معزز ہوگا دنیا اور آخرت میں
وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿45﴾	اور (اللہ کے) مقرّب بندوں میں سے (شمار) ہوگا۔ ﴿45﴾
وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ	اور وہ کلام کرے گا لوگوں سے گہوارے میں
وَ كَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿46﴾	اور پختہ عمر میں (بھی) اور نیک لوگوں میں سے ہوگا۔ ﴿46﴾
قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ	کہا (مریم نے) اے میرے رب کیسے ہوگا میرے ہاں
وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ	بچہ اس حال میں کہ نہیں چھوا مجھے کسی انسان نے
قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ	فرمایا: ایسا ہی ہوگا اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے
اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ	جب وہ فیصلہ کرلے کسی کام کا تو بیشک وہ کہتا ہے
لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿47﴾	اس کو "ہو جا" تو وہ ہو جاتا ہے۔ ﴿47﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَتِ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	الصّٰلِحِيْنَ : صلح، صالح، مصلح، اصلاح۔
يُبَشِّرُكِ : بشارت، بشیر۔	وَلَدٌ : ولد، اولاد، والد۔
اِسْمُهٗ : اسم گرامی، اسم بامسمّٰی، اسماء۔	يَمْسَسْنِيْ : مس، مساس، (چھونا)۔
ابْنُ : ابن عباس، ابن الوقت، متبنّٰی۔	يَخْلُقُ : خالقِ کائنات، خلقت، مخلوق۔
وَجِيْهًا : وجاہت، توجیہ، لوجہ اللہ، علیٰ وجہ البصیرت۔	مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔
الْمُقَرَّبِيْنَ : قرب، قربت، قرابت، مقرّب۔	يَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت الٰہی۔
يُكَلِّمُ : کلمہ، کلام، مکالمہ، متکلّم۔	قَضٰى : قاضی، قاضی القضاۃ۔

اِذْ	قَالَتِ ❶	الْمَلٰٓىِٕكَةُ ❷	يٰمَرْيَمُ	اِنَّ اللّٰهَ	يُبَشِّرُكِ ❸
جب	کہا	فرشتوں نے	اے مریم!	بیشک اللہ	بشارت دیتا ہے تجھے

بِكَلِمَةٍ ❹	مِّنْهُ ۖ	اسْمُهُ	الْمَسِيْحُ ❺ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	وَجِيْهًا
ایک کلمے کی	اپنی طرف سے	اس کا نام	مسیح عیسیٰ بن مریم ہوگا	وہ معزز ہوگا

فِى الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ (45)	وَيُكَلِّمُ	النَّاسَ
دنیا میں	اور آخرت میں	اور مقرب بندوں میں سے ہوگا	اور وہ کلام کرے گا	لوگوں سے

فِى الْمَهْدِ	وَكَهْلًا	وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ (46)	قَالَتْ ❶
گہوارے میں	اور پختہ عمر میں (بھی)	اور نیک لوگوں میں سے ہوگا	کہا (مریم علیہا السلام نے)

رَبِّ ❻	اَنّٰى	يَكُوْنُ لِىْ ❼	وَلَدٌ	وَّلَمْ	يَمْسَسْنِىْ ❸	بَشَرٌ ؕ
اے میرے رب	کیسے	ہوگا میرے لیے	بچہ	اس حال میں کہ نہیں	چھوا مجھے	انسان نے

قَالَ	كَذٰلِكِ	اللّٰهُ يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ ؕ	اِذَا	قَضٰٓى
فرمایا	ایسا ہی ہوگا	اللہ پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	جب	وہ فیصلہ کرلے

اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ	لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ (47)
کسی کام کا	تو بیشک	وہ کہتا ہے	اس کو	"ہوجا"	تو وہ ہوجاتا ہے

ضروری وضاحت

❶ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے اور اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اس پر زیر آجاتی ہے۔ ❷ "الْمَلٰٓىِٕكَةُ" میں "ة" مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❸ "ی" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ کو کلمۂ "کُنْ" کہہ کر بغیر باپ کے پیدا کیا ہے اس لیے "اپنی طرف سے کلمہ" کہا گیا ہے۔ ❺ "اَلْمَسِيْحُ" حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے۔ ❻ یہ اصل میں "يَارَبِّىْ" تھا، "یَا" اور "یْ" کو ضرورتاً گرادیا گیا ہے۔ ❼ یعنی "میرے ہاں"۔

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ	اور وہ تعلیم دے گا اسے کتاب وحکمت کی
وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿48﴾ج	اور تورات اور انجیل کی۔ ﴿48﴾
وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬	اور (اسے) رسول بنائے گا بنی اسرائیل کی طرف
اَنِّىْ قَدْ	(جب وہ رسول بن کر آئیگا تو کہے گا) کہ بیشک میں یقیناً
جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ	آیا ہوں تمہارے پاس نشانی لے کر
مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّىْٓ اَخْلُقُ	تمہارے رب کی طرف سے کہ بیشک میں بناتا ہوں
لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ	تمہارے سامنے مٹی سے پرندے جیسی شکل
فَاَنْفُخُ فِيْهِ	پھر میں پھونک مارتا ہوں اس میں
فَيَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ	تو وہ بن جاتا ہے (واقعی) پرندہ، اللہ کے حکم سے
وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ	اور میں درست کر دیتا ہوں مادر زاد اندھے کو اور کوڑھی کو
وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ	اور میں زندہ کرتا ہوں مُردوں کو اللہ کے حکم سے
وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ	اور میں خبر دیتا ہوں تم کو اس کی جو تم کھاتے ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُعَلِّمُهُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔
بَنِىْٓ : اِبنِ آدم، بنی اسرائیل، ابن الوقت۔
مِّنْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
اَخْلُقُ : خلقت، خالقِ کائنات، مخلوق۔
الطِّيْنِ : بدطینت انسان (مٹی)۔
كَهَيْـَٔةِ : کالعدم، کماحقہ / ہیئت، ماہیت۔
الطَّيْرِ : طائرانہ نگاہ، طائر لاھوتی۔

بِاِذْنِ : باذن اللہ، اذن عام۔
اُبْرِئُ : بری، برائت، بری الذمہ۔
الْاَبْرَصَ : برص کا مریض، برص کی بیماری (کوڑھ)۔
اُحْيِ : حیات، احیائے دین۔
الْمَوْتٰى : سماعِ موتی، موت، اموات (مردے)۔
اُنَبِّئُكُمْ : نبی، انبیا (خبر)۔
تَاْكُلُوْنَ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔

وَ يُعَلِّمُهُ ❶	الْكِتٰبَ	وَ الْحِكْمَةَ ❷	وَ التَّوْرٰىةَ ❷	وَ الْاِنْجِيْلَ ۚ (48)
اور وہ تعلیم دے گا اسے	کتاب	اور حکمت کی	اور تورات	اور انجیل کی

وَ رَسُوْلًا	اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ	اَنِّيْ قَدْ	جِئْتُكُمْ ❸
اور (اسے بنائے گا) رسول	بنی اسرائیل کی طرف	کہ بیشک میں یقیناً	میں آیا ہوں تمہارے پاس

بِاٰيَةٍ ❷	مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ	اَنِّيْٓ اَخْلُقُ ❹
نشانی کے ساتھ	تمہارے رب کی طرف سے	کہ بیشک میں بناتا ہوں

لَكُمْ ❺	مِّنَ الطِّيْنِ	كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ ❷	فَاَنْفُخُ
تمہارے لیے	مٹی سے	پرندے جیسی شکل	پھر میں پھونک مارتا ہوں

فِيْهِ ❻	فَيَكُوْنُ	طَيْرًۢا	بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ ❼	وَ اُبْرِئُ
اس میں	تو وہ ہوجاتا ہے	(واقعی) پرندہ	اللہ کے حکم سے	اور میں درست کردیتا ہوں

الْاَكْمَهَ	وَ الْاَبْرَصَ	وَ اُحْيِ	الْمَوْتٰى	بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ ❼
پیدائشی اندھے کو	اور کوڑھی کو	اور میں زندہ کرتا ہوں	مُردوں کو	اللہ کے حکم سے

وَ	اُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	تَاْكُلُوْنَ
اور	میں خبر دیتا ہوں تم کو	اس کی جو	تم سب کھاتے ہو

ضروری وضاحت

❶ علامت "ہٗ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسکا "الٹا پیش" صرف "پیش" سے بدل جاتا ہے۔ ❷ "ۃ" "واحد مؤنث" کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "جِئْتُ" کا ترجمہ "میں آیا ہوں" ہے لیکن جب اسکے بعد علامت "ب" ہو تو اسکا ترجمہ "میں لے کر آیا ہوں" ہوتا ہے۔ ❹ "یْ" اور "اَ" دونوں کا ترجمہ "میں" ہے۔ ❺ یعنی "تمہارے سامنے بناتا ہوں"۔ ❻ "ہٖ" سے متصل قبل اگر جزم ہو تو اسکی "کھڑی زیر" صرف "زیر" سے بدل جاتی ہے۔ ❼ یعنی یہ میرا کمال نہیں بلکہ یہ سب اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔

وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۭ	اور جو تم ذخیرہ کرتے ہو اپنے گھروں میں
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ	بیشک اس میں یقیناً نشانی ہے تمہارے لیے
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ﴿49﴾ وَمُصَدِّقًا	اگر ہو تم مومن۔ ﴿49﴾ اور تصدیق کرنیوالا ہوں
لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ	اسکی جو میرے سامنے موجود ہے تورات کی
وَلِاُحِلَّ لَكُمْ	اور (میں اسلیے آیا ہوں) تاکہ میں حلال کردوں تمہارے لیے
بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ	بعض وہ چیزیں جو حرام کی گئیں ہیں تم پر
وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ	اور میں آیا ہوں تمہارے پاس نشانی لے کر
مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ	تمہارے رب کی طرف سے
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿50﴾	پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ﴿50﴾
اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ	بیشک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے
فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿51﴾	تو عبادت کرو اسی کی یہی سیدھا راستہ ہے۔ ﴿51﴾
فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ	پھر جب محسوس کیا عیسیٰؑ نے ان سے کفر و انکار

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا	ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔	حُرِّمَ	حرام، حلّت و حرمت۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
بُيُوْتِكُمْ	بیت المال، بیت المقدس، بیت اللہ۔	فَاتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔
مُّؤْمِنِيْنَ	امن، ایمان، مومن۔	اَطِيْعُوْنِ	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
مُصَدِّقًا	تصدیق، صداقت، مصدقہ ذرائع۔	فَاعْبُدُوْهُ	عبادت، عابد، معبود۔
يَدَيَّ	یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع الیدین۔	مُّسْتَقِيْمٌ	صراط مستقیم، استقامت۔
لِاُحِلَّ	حلال، حلت و حرمت۔	اَحَسَّ	حس، محسوس، احساس، حسّاس۔

وَمَا	تَدَّخِرُوْنَ ۙ	فِيْ بُيُوْتِكُمْ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً ❶
اور جو	تم سب ذخیرہ کرتے ہو	اپنے گھروں میں	بیشک	اس میں	یقیناً نشانی ہے

لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ج (49)	وَمُصَدِّقًا	لِّمَا
تمہارے لئے	اگر	ہو تم	سب ایمان والے	اور تصدیق کرنیوالا ہوں	اسکی جو

بَيْنَ يَدَيَّ ❷	مِنَ التَّوْرٰىةِ ❶	وَلِاُحِلَّ ❸	لَكُمْ
میرے ہاتھوں کے درمیان ہے	تورات کی	اور تاکہ میں حلال کردوں	تمہارے لیے

بَعْضَ الَّذِيْ	حُرِّمَ	عَلَيْكُمْ	وَجِئْتُكُمْ ❹	بِاٰيَةٍ ❶
بعض (وہ چیزیں) جو	حرام کی گئیں	تم پر	اور میں آیا ہوں تمہارے پاس	نشانی کے ساتھ

مِّنْ رَّبِّكُمْ قف	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ ❺ (50)
تمہارے رب کی طرف سے	پس تم سب ڈرو اللہ سے	اور تم سب میری اطاعت کرو

اِنَّ اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَرَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ ❻ ؕ
بیشک اللہ	میرا رب ہے	اور تمہارا (بھی) رب ہے	تو تم سب عبادت کرو اسی کی

هٰذَا صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ (51)	فَلَمَّآ	اَحَسَّ	عِيْسٰى	مِنْهُمُ	الْكُفْرَ
یہی راستہ	سیدھا ہے	پھر جب	محسوس کیا	عیسیٰ نے	ان سے	کفر و انکار

ضروری وضاحت

❶ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❷ یعنی "میرے سامنے موجود ہے"۔❸ "لِ" کے بعد فعل کے آخر میں "زبر" ہو تو اسکا ترجمہ "تاکہ" کیا جاتا ہے۔❹ جِئْتُ کا ترجمہ "میں آیا ہوں" ہے لیکن جب اسکے بعد علامت "بِ" ہو تو اسکا ترجمہ "میں لے کر آیا ہوں" ہوتا ہے۔❺ اس فعل کے شروع میں "اَ" کا ترجمہ "میں" نہیں بلکہ عموماً حکم دیتے ہوئے شروع میں اَ آجاتا ہے اور آخر سے "یْ" گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔❻ "وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت لگاتے ہوئے "ا" گر جاتا ہے۔

قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ	کہنے لگے کون ہیں میرے مددگار اللہ (کے دین) کی طرف
قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ	حواریوں نے کہا: ہم مددگار ہیں اللہ کے (دین کے)
اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ	ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور آپ گواہ رہیے
بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿52﴾	کہ بیشک ہم فرمانبردار ہیں۔ ﴿52﴾
رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ	اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے اس پر جو
اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ	تو نے نازل کیا ہے اور ہم نے پیروی کی رسول کی
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿53﴾	پس تو لکھ لے ہمیں گواہی دینے والوں کے ساتھ۔ ﴿53﴾
وَمَكَرُوْا	اور انہوں نے خفیہ تدبیر کی (عیسیٰ کے قتل کی)
وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ	اور اللہ نے تدبیر کی (ان کو بچانے کی)
وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿54﴾ ع	اور اللہ تدبیر کرنیوالوں میں سب سے بہتر ہیں۔ ﴿54﴾
اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى	(وہ بھی اللہ کی تدبیر تھی کہ) جب کہا اللہ نے اے عیسیٰ
اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ	بیشک میں پورا پورا لینے والا ہوں تجھے

الثلثة ع 5/13/13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	بِمَآ : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔
اَنْصَارِيْٓ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔	اَنْزَلْتَ : نازل، نزول، انزال، شانِ نزول۔
اِلَى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	اتَّبَعْنَا : اِتباع، مُتّبع، تابع فرماں، تابعی۔
الْحَوَارِيُّوْنَ : حواری، حواریٔ رسول (مددگار ساتھی)۔	فَاكْتُبْنَا : کتابت، کاتب، مکتوب، کتاب۔
الشّٰهِدِيْنَ : شہادت، شاہد۔	مَعَ : مع اہل وعیال، معیّت۔
مُسْلِمُوْنَ : اسلام، مسلم، مسلمان، سلامت۔	مَكَرُوْا : مکر، مکر و فریب، مکّار (حیلہ)۔
اٰمَنَّا : امن، ایمان، مومن۔	مُتَوَفِّيْكَ : وفا، وفاداری، ایفائے عہد۔

قَالَ	مَنْ	اَنْصَارِیْٓ	اِلَى اللّٰهِ ؕ
کہا	کون (ہیں)	میرے مددگار	اللہ (کے دین) کی طرف

قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	نَحْنُ	اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ	اٰمَنَّا
کہا	حواریوں نے	ہم	مددگار ہیں اللہ کے (دین کے)	ہم ایمان لائے ہیں

بِاللّٰهِ ۚ	وَاشْهَدْ	بِاَنَّا	مُسْلِمُوْنَ (52)	رَبَّنَآ ❶
اللہ پر	اور آپ گواہ رہیے	اس پر کہ بیشک ہم	سب فرمانبردار ہیں	اے ہمارے رب!

اٰمَنَّا	بِمَآ	اَنْزَلْتَ	وَاتَّبَعْنَا	الرَّسُوْلَ
ہم ایمان لائے	اس پر جو	تونے نازل کیا	اور ہم نے پیروی کی	رسول کی

فَاكْتُبْنَا	مَعَ الشّٰهِدِيْنَ (53)	وَ	مَكَرُوْا ❷
پس تو لکھ لے ہمیں	گواہی دینے والوں کے ساتھ	اور	ان سب نے (خفیہ) تدبیر کی

5 ع 13 الثلثة 13

وَ	مَكَرَ اللّٰهُ ❷ ؕ	وَاللّٰهُ	خَيْرُ	الْمٰكِرِيْنَ (54) ع
اور	اللہ نے (بھی) تدبیر کی	اور اللہ	سب سے بہتر ہے	تدبیر کرنیوالوں میں

اِذْ قَالَ	اللّٰهُ	يٰعِيْسٰٓى	اِنِّىْ	مُتَوَفِّيْكَ ❸
جب کہا	اللہ نے	اے عیسیٰؑ	بیشک میں	پورا پورا لینے والا ہوں تجھے

ضروری وضاحت

❶ یہ اصل میں "يَارَبَّنَا" تھا اس لیے ترجمے میں "اے" کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ❷ یعنی انہوں نے عیسیٰؑ کو قتل کرنے کی تدبیر کی اور اللہ نے انہیں بچانے کی تدبیر کی۔ ❸ اس لفظ کا استعمال کبھی موت اور کبھی نیند کے لیے ہوتا ہے، البتہ اسکا اصل ترجمہ پورا پورا لینا ہے ، اگر یہ ترجمہ ہو تو مفہوم ہوگا کہ: "میں تمہیں یہودیوں کی طرف سے کسی نقصان کے بغیر پورا پورا اپنی طرف اٹھانے والا ہوں۔" اور ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ: "میں تمہاری دنیا میں رہنے کی مدت پوری کرنیوالا ہوں۔" اور اگر اسکا مفہوم (بقیہ صفحہ 345 پر)

وَرَافِعُكَ اِلَيَّ	اور تجھے اٹھانے والا ہوں اپنی طرف
وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ	اور تجھے پاک کرنیوالا ہوں ان لوگوں سے جنہوں نے
كَفَرُوْا وَ جَاعِلُ الَّذِيْنَ	کفر کیا اور رکھنے والا ہوں ان لوگوں کو جنہوں نے
اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ	تیری پیروی کی، فائق (وغالب) ان لوگوں پر جنہوں نے
كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ	کفر کیا، قیامت کے دن تک
ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ	پھر (بالآخر) میری طرف ہی تمہارا لوٹنا ہے
فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا	تو میں فیصلہ کروں گا تمہارے درمیان (اس بات) میں جو
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿55﴾ فَاَمَّا	تم تھے اس میں اختلاف کرتے۔ ﴿55﴾ پس رہے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تو میں عذاب دوں گا انہیں
عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ	سخت عذاب دنیا اور آخرت میں
وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿56﴾	اور نہیں ہوگا ان کا کوئی مددگار۔ ﴿56﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور رہے وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَافِعُكَ : رفعت، مرفوع القلم، رفع الیدین۔	مَرْجِعُكُمْ : رجوع، راجع، مرجوع، رجعت پسندی۔
اِلَيَّ، اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	فَاَحْكُمُ : حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
مُطَهِّرُكَ : طہر، طہارت، طاہر۔	بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفّار۔	فِيْمَا : فی الحال، فی الحقیقت / ماحول، ماجرا۔
اتَّبَعُوْكَ : اتباع، متّبع سنّت، تابع فرماں۔	تَخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف، مخالفت، خلاف۔
فَوْقَ : فوقیّت، مافوق الفطرت۔	فَاُعَذِّبُهُمْ : عذاب جہنم، عذاب آخرت۔
يَوْمِ : یوم، ایّام، یومِ آزادی، یومِ آخرت۔	نّٰصِرِيْنَ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔

وَرَافِعُكَ	اِلَيَّ ❶	وَمُطَهِّرُكَ	مِنَ الَّذِيْنَ
اور تجھے اٹھانے والا ہوں	اپنی طرف	اور تجھے پاک کرنیوالا ہوں	ان لوگوں سے جن

كَفَرُوْا	وَجَاعِلُ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْكَ ❷	فَوْقَ
سب نے کفر کیا	اور بنانے والا ہوں	ان لوگوں کو جن	سب نے تیری پیروی کی	فائق

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ❸ ج	ثُمَّ اِلَيَّ ❶
ان لوگوں پر جن	سب نے کفر کیا	قیامت کے دن تک	پھر میری طرف ہی

مَرْجِعُكُمْ	فَاَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	فِيْمَا	كُنْتُمْ
تمہارا لوٹنا ہے	تو میں فیصلہ کروں گا	تمہارے درمیان	(ان باتوں) میں جو	تم تھے

فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ (55)	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَاُعَذِّبُهُمْ ❹
اس میں	تم سب اختلاف کرتے	پس رہے	وہ لوگ جن سب نے کفر کیا	تو میں عذاب دوں گا انہیں

عَذَابًا شَدِيْدًا	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ ❸ ز	وَمَا لَهُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ❺ (56)
سخت عذاب	دنیا میں	اور آخرت میں	اور نہیں ہوگا ان کا	کوئی مددگار

وَاَمَّا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❸
اور رہے وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور ان سب نے عمل کیے	نیک

ضروری وضاحت

(بقیہ صفحہ نمبر 343) "فوت کرنا" ہو تو پھر "رَافِعُكَ" (تجھے اٹھانے والا ہوں) کو مقدم اور "مُتَوَفِّيْكَ" (میں تجھے فوت کرنیوالا ہوں) کو متأخر سمجھا جائے۔ ❶ "اِلَيَّ" "اِلٰى + یْ" کا مجموعہ ہے، اسی "یْ" کا ترجمہ "اپنی" کیا گیا ہے۔ ❷ "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو "الف" گر جاتا ہے۔ ❸ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ اگر "هُمْ" فعل کے آخر میں ہو تو اسکا ترجمہ "انہیں" کیا جاتا ہے۔ ❺ "مِنْ" اور "یْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

فَيُوَفِّيۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ ؕ	تو وہ پورا پورا دے گا انہیں ان کے اجر
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿57﴾	اور اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتا ظالموں کو۔ ﴿57﴾
ذٰلِكَ نَتۡلُوۡهُ عَلَيۡكَ	یہ (جو) ہم تلاوت کر رہے ہیں اسکی آپ پر
مِنَ الۡاٰيٰتِ وَ الذِّكۡرِ الۡحَكِيۡمِ ﴿58﴾	آیتیں ہیں اور حکمت والی نصیحت ہے۔ ﴿58﴾
اِنَّ مَثَلَ عِيۡسٰى عِنۡدَ اللّٰهِ	بیشک عیسیٰ کی مثال اللہ کے ہاں
كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ	آدم کی مثال کی طرح ہے (کہ) اس نے پیدا کیا اسے
مِنۡ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿59﴾	مٹی سے، پھر کہا اس کو: "ہو جا" تو وہ ہو گیا۔ ﴿59﴾
اَلۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّكَ	(یہ بات) حق ہے تیرے رب کی طرف سے
فَلَا تَكُنۡ مِّنَ الۡمُمۡتَرِيۡنَ ﴿60﴾	تو نہ تم ہونا شک کرنے والوں میں سے۔ ﴿60﴾
فَمَنۡ حَآجَّكَ فِيۡهِ	پس جو جھگڑا کرے آپ سے اس (بارے) میں
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ	اس کے بعد کہ آیا آپ کے پاس علم
فَقُلۡ تَعَالَوۡا نَدۡعُ اَبۡنَآءَنَا وَاَبۡنَآءَكُمۡ	تو کہو آؤ ہم بلالیں اپنے بیٹوں کو اور (تم) اپنے بیٹوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيُوَفِّيۡهِمۡ	وفا، بے وفا، وفاداری، ایفائے عہد۔	مَثَلَ	مثل، مثال، امثلہ، مثالیں۔
اُجُوۡرَهُمۡ	اجر، اجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔	خَلَقَهٗ	خلقت، مخلوق، خالقِ کائنات۔
يُحِبُّ	محبوب، محبّ، محبت، حبیب۔	تُرَابٍ	تُربت (مٹی)۔
الظّٰلِمِيۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم، بحرِ ظلمات۔	حَآجَّكَ	حجت، احتجاج۔
نَتۡلُوۡهُ	تلاوت، وحی متلوّ۔	فَقُلۡ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
مِنَ	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	نَدۡعُ	دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
الذِّكۡرِ	ذکر، ذاکر، مذکورہ، تذکرہ، اذکار۔	اَبۡنَآءَنَا	ابن آدم، ابن الوقت، بنی اسرائیل۔

فَيُوَفِّيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ ❶	الظّٰلِمِيْنَ (57)
تو وہ پورا پورا دے گا انہیں	ان کے اجر	اور اللہ	نہیں پسند کرتا	سب ظالموں کو

ذٰلِكَ ❷	نَتْلُوْهُ ❸	عَلَيْكَ ❹	مِنَ الْاٰيٰتِ ❺❻	وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ (58)
یہ (جو)	ہم پڑھ کر سنا رہے ہیں اسے	آپ پر	آیتیں ہیں	اور حکمت والی نصیحت ہے

اِنَّ	مَثَلَ عِيْسٰى	عِنْدَ اللّٰهِ	كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ
بیشک	عیسیٰؑ کی مثال	اللہ کے نزدیک	آدم کی مثال کی طرح ہے

خَلَقَهٗ	مِنْ تُرَابٍ	ثُمَّ قَالَ	لَهٗ ❼	كُنْ	فَيَكُوْنُ (59)
(کہ) اس نے پیدا کیا اسے	مٹی سے	پھر کہا	اس کو	"ہو جا"	تو وہ ہو گیا

اَلْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَلَا تَكُنْ	مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ (60)
(یہ بات) حق ہے	تیرے رب کی طرف سے	تو تم نہ ہونا	شک کرنے والوں میں سے

فَمَنْ	حَآجَّكَ	فِيْهِ	مِنْۢ بَعْدِ مَا ❽	جَآءَكَ
پس جو	جھگڑا کرے آپ سے	اس (بارے) میں	اس کے بعد کہ	آیا آپ کے پاس

مِنَ الْعِلْمِ ❺	فَقُلْ	تَعَالَوْا	نَدْعُ	اَبْنَآءَنَا	وَاَبْنَآءَكُمْ
علم	تو کہو	تم سب آؤ	ہم بلالیں	اپنے بیٹوں کو	اور (تم) اپنے بیٹوں کو

ضروری وضاحت

❶ "يِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ "وہ" ہے اردو ترجمہ کرتے ہوئے ضرورتاً "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❸ یہاں "و" جمع کی نہیں بلکہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❹ اس کا اصل ترجمہ "آپ پر" ہے لیکن مراد "آپ کو" ہے۔ ❺ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ "قَالَ، يَقُوْلُ" کے بعد اگر "لَ" ہو تو اسکا ترجمہ "سے" یا "کو" کیا جاتا ہے۔ ❽ اگر "مَا" سے قبل لفظ "بَعْدِ" ہو تو ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔

وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ	اور (ہم بلالیں) اپنی عورتوں کو اور (تم) اپنی عورتوں کو
وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ قف	اور ہم خود (بھی آئیں) اور تم خود (بھی آؤ)
ثُمَّ نَبْتَهِلْ	پھر ہم گڑگڑا کر دعا (مباہلہ) کریں
فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿61﴾	پھر ہم ڈالیں اللہ کی لعنت جھوٹوں پر۔ ﴿61﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ج	بیشک یقیناً یہ ہی سچا بیان ہے
وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ط	اور نہیں کوئی معبود (برحق) اللہ کے سوا
وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿62﴾	اور بیشک اللہ ہی یقیناً غالب حکمت والا ہے۔ ﴿62﴾
فَاِنْ تَوَلَّوْا	پھر اگر یہ پھر جائیں (اور مقابلہ میں نہ آئیں)
فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿63﴾ ع (ع 6 9 14)	تو بیشک اللہ خوب جاننے والا ہے (ایسے) فسادیوں کو۔ ﴿63﴾ ع
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ	کہہ دیں اے اہل کتاب آؤ (ایسی) بات کی طرف
سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ	(جو) یکساں (مسلم) ہے ہمارے اور تمہارے درمیان
اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ	یہ کہ نہ ہم عبادت کریں اللہ کے سوا (کسی کی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- نِسَآءَنَا : نسوانی، نسوانیّت، تربیّت نسواں۔
- اَنْفُسَنَا : نفس، نفسانفسی، نظام تنفّس۔
- نَبْتَهِلْ : مباہلہ۔
- لَعْنَتَ : لعنت، ملعون، لعنتی۔
- عَلَى : علیٰحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- الْكٰذِبِيْنَ : کذب، کذّاب، تکذیب، کاذب۔
- الْقَصَصُ : قصہ، قصہ گوئی۔
- مِنْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
- الْحَكِيْمُ : حکمت، حکیم، حکما۔
- بِالْمُفْسِدِيْنَ : فساد، مفسد، فسادی۔
- قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
- سَوَآءٍ : مساوی، مساوات۔
- بَيْنَنَا : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
- نَعْبُدَ : عبادت، عابد، معبود۔

وَ نِسَآءَنَا	وَ نِسَآءَكُمْ	وَ اَنْفُسَنَا	وَ اَنْفُسَكُمْ قف
اور (ہم بلالیں) اپنی عورتوں کو	اور (تم) اپنی عورتوں کو	اور ہم خود (آجائیں)	اور تم خود (بھی آؤ)

ثُمَّ نَبْتَهِلْ	فَنَجْعَلْ	لَّعْنَتَ اللّٰهِ	عَلَى الْكٰذِبِيْنَ (61)
پھر ہم گڑگڑا کر دعا کریں	پھر ہم ڈالیں	اللہ کی لعنت	جھوٹوں پر

اِنَّ هٰذَا	لَهُوَ الْقَصَصُ ❶ الْحَقُّ ج	وَ مَا	مِنْ اِلٰهٍ ❷	اِلَّا اللّٰهُ ط
بیشک یہ	یقیناً ہے ہی سچا بیان	اور نہیں	کوئی معبود (برحق)	اللہ کے سوا

وَ اِنَّ اللّٰهَ	لَهُوَ الْعَزِيْزُ ❶	الْحَكِيْمُ (62)	فَاِنْ	تَوَلَّوْا ❸
اور بیشک اللہ	ہی یقیناً غالب	حکمت والا ہے	پھر اگر	یہ سب پھر جائیں

ع 6 9 14

فَاِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ ❹	بِالْمُفْسِدِيْنَ (63) ع	قُلْ
تو بیشک اللہ	خوب جاننے والا ہے	(ایسے) سب فساد کرنیوالوں کو	کہہ دیں

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	تَعَالَوْا	اِلٰى كَلِمَةٍ ❺	سَوَآءٍ
اے اہل کتاب	تم سب آؤ	(ایسی) بات کی طرف	(جو) یکساں (مسلم) ہے

بَيْنَنَا	وَ بَيْنَكُمْ	اَلَّا ❻	نَعْبُدَ	اِلَّا اللّٰهَ
ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	یہ کہ نہ	ہم عبادت کریں	اللہ کے سوا (کسی کی)

ضروری وضاحت

❶ اگر ''هُوَ'' کے بعد ''اَلْ'' ہو تو تاکید کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ''ہی'' کیا ہے۔ ❷ یہاں ''مِنْ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یہاں علامت ''تَ'' اور شد میں ''کام کو اہتمام کے ساتھ کرنے'' کا مفہوم ہے۔ ❹ ''عَلِيْمٌ'' اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں ''مبالغے'' کا مفہوم ہوتا ہے۔ اس لیے ترجمہ ''خوب'' کیا گیا ہے۔ ❺ ''ة'' واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ یہ ''اَنْ + لَا'' کا مجموعہ ہے۔

وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا	اور ہم شریک نہ بنائیں اس کے ساتھ کسی کو
وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا	اور نہ بنائے ہم میں سے کوئی کسی کو رب
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا	اللہ کے علاوہ ، پھر اگر وہ منہ موڑ لیں (اس بات سے)
فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿64﴾	تو تم کہہ دو گواہ رہو کہ بیشک ہم تو مسلمان ہیں۔ ﴿64﴾
يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ	اے اہل کتاب کیوں تم جھگڑا کرتے ہو
فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ	ابراہیمؑ کے بارے میں (کہ وہ یہودی تھے یا عیسائی)
وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ	حالانکہ نہیں اتاری گئی تورات اور انجیل
اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿65﴾	مگر اسکے بعد، کیا پس تم عقل نہیں رکھتے۔ ﴿65﴾
هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ	سنو تم وہی لوگ ہو (جو) جھگڑا کر چکے ہو
فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ	(اس بات) میں (کہ) تمہیں اس کا علم تھا
فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا	تو کیوں تم جھگڑا کرتے ہو اس (بات) میں جو
لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ	نہیں ہے تمہیں اس کا علم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔	يٰۤاَهْلَ : اہل کتاب، اہل بیت، اہل وعیال۔
نُشْرِكَ : شرک، شراکت، مشرک، مشرکین۔	تُحَآجُّوْنَ : حجت، احتجاج۔
يَتَّخِذَ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	فِيْۤ، فِيْمَا : فی الحال، فی الحقیقت/ماحول، ماجرا۔
اَرْبَابًا : رب، ارباب اقتدار، ربوبیت۔	اُنْزِلَتِ : نازل، انزال، شان نزول۔
فَقُوْلُوا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	اِلَّا : اِلّاماشاءاللہ، اِلّاقلیل۔
اشْهَدُوْا : شہادت، شاہد، مشاہدہ، عینی شاہد۔	بَعْدِهٖ : چند دن بعد، مدت کے بعد۔
مُسْلِمُوْنَ : سلامتی، اسلام، مسلم، مسلمان۔	تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول، معقولات۔

وَلَا نُشْرِكَ	بِهٖ	شَيْـًٔا	وَّلَا	يَتَّخِذَ ❶	بَعْضُنَا
اور نہ ہم شریک بنائیں	اس کے ساتھ	کسی چیز کو	اور نہ	بنائے	ہم میں سے بعض

بَعْضًا	اَرْبَابًا	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❷ ط	فَاِنْ تَوَلَّوْا ❸	فَقُوْلُوا
بعض کو	رب	اللہ کے علاوہ	پھر اگر وہ سب منہ موڑ لیں	تو تم سب کہو

اشْهَدُوْا	بِاَنَّا	مُسْلِمُوْنَ (64)	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ
سب گواہ رہو	کہ بیشک ہم	سب مسلمان ہیں	اے اہل کتاب	کیوں

تُحَآجُّوْنَ	فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ	وَمَآ	اُنْزِلَتِ ❹	التَّوْرٰىةُ
تم سب جھگڑا کرتے ہو	ابراہیمؑ کے بارے میں	حالانکہ نہیں	اُتاری گئی	تورات

وَالْاِنْجِيْلُ	اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ❺ ط	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ (65)	هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ ❻
اور انجیل	مگر اسکے بعد	کیا پس نہیں	تم سب عقل رکھتے	سنو تم وہی لوگ ہو

حَاجَجْتُمْ	فِيْمَا	لَكُمْ ❼	بِهٖ	عِلْمٌ	فَلِمَ
(جو) تم جھگڑا کر چکے ہو	(اس) میں جو	تمہیں	اس کا	علم (تھا)	تو کیوں

تُحَآجُّوْنَ	فِيْمَا	لَيْسَ	لَكُمْ ❼	بِهٖ	عِلْمٌ ط
تم سب جھگڑا کرتے ہو	(اس) میں جو	نہیں ہے	تمہیں	اس کا	علم

ضروری وضاحت

❶ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یہاں "تَ" اور شد میں "کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔ ❹ "اُنْزِلَتِ" میں علامت "تِ" اصل میں "تْ" تھی، آگے ملاتے ہوئے "تِ" ہوگئی ہے۔ ❺ لفظ "بَعْدِ" سے قبل اگر "مِنْ" ہو تو "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ ❻ "هَاَنْتُمْ" میں "اَنْتُمْ" کے شروع میں "هَا" تنبیہ کے لیے ہے اسلیے ترجمہ "سنو" کیا گیا ہے۔ ❼ "لَكُمْ" کا اصل ترجمہ "تمہارے لیے" ہے، ضرورتاً ترجمہ "تمہیں" کیا گیا ہے۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾	اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ﴿66﴾
مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا	نہیں تھے ابراہیم یہودی اور نہ عیسائی
وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ	اور لیکن وہ تھے یکسو (خالص) مسلمان
وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿67﴾	اور نہیں تھے وہ مشرکوں میں سے۔ ﴿67﴾
اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ	بیشک لوگوں میں سے ابراہیمؑ کے قریب ترین
لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ	یقیناً وہ لوگ ہیں جنہوں نے پیروی کی اس کی
وَهٰذَا النَّبِيُّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ	اور (پھر انکے بعد) یہ نبی ﷺ اور وہ لوگ جو ایمان لائے
وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿68﴾	اور اللہ حامی و مددگار ہے مومنوں کا۔ ﴿68﴾
وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	چاہتی ہے ایک جماعت اہل کتاب میں سے
لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ	کاش! وہ گمراہ کرسکیں تمہیں حالانکہ نہیں وہ گمراہ کررہے
اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿69﴾	مگر اپنے آپ کو اور وہ شعور نہیں رکھتے۔ ﴿69﴾
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ	اے اہلِ کتاب کیوں تم انکار کرتے ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔
لٰكِنْ : لیکن۔
اَوْلَى : بالاولیٰ۔
مُّسْلِمًا : اسلام، مسلم، مسلمان۔
اَلنَّاسِ : عوام النّاس، بعض النّاس۔
اتَّبَعُوْهُ : اتّباع، متّبع سنّت، تابع فرماں۔
اٰمَنُوْا : ایمان، مومن، امن۔

وَلِيُّ : ولی اللہ، ولی کامل، اولیاء اللہ۔
وَدَّتْ : محبت ومودّت (چاہت)۔
طَّآئِفَةٌ : ثقافتی طائفہ، طائف الملوکی۔
اَهْل : اہلِ بیت، اہلِ خانہ، اہلِ کتاب۔
يُضِلُّوْنَكُمْ : ضلالت (گمراہی)۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفّس۔
يَشْعُرُوْنَ : شعور، لاشعور۔

وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ ❶	وَ	اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ❷ (66)	مَا كَانَ	اِبْرٰهِيْمُ	يَهُوْدِيًّا
اور اللہ	جانتا ہے	اور	تم سب نہیں جانتے	نہیں تھے	ابراہیم علیہ السلام	یہودی

وَّلَا	نَصْرَانِيًّا	وَّلٰكِنْ كَانَ	حَنِيْفًا	مُّسْلِمًا ط	وَمَا كَانَ
اور نہ (ہی)	عیسائی	اور لیکن وہ تھے	یکسو	(خالص) مسلمان	اور نہیں تھے

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (67)	اِنَّ	اَوْلَى النَّاسِ ❸	بِاِبْرٰهِيْمَ	لَلَّذِيْنَ ❹
مشرکوں میں سے	بیشک	لوگوں میں سے قریب ترین	ابراہیم کے	یقیناً وہ لوگ ہیں جن

اتَّبَعُوْهُ ❺	وَهٰذَا النَّبِيُّ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ط
سب نے پیروی کی اس کی	اور (پھر انکے بعد) یہ نبی	اور وہ لوگ جو	سب ایمان لائے

وَاللّٰهُ	وَلِيُّ	الْمُؤْمِنِيْنَ (68)	وَدَّتْ ❻	طَّآئِفَةٌ ❻
اور اللہ	حامی و مددگار ہے	سب مومنوں کا	چاہتی ہے	ایک جماعت

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَوْ	يُضِلُّوْنَكُمْ ط	وَمَا ❼	يُضِلُّوْنَ
اہل کتاب میں سے	کاش	وہ سب گمراہ کر سکیں تمہیں	حالانکہ نہیں	وہ سب گمراہ کر رہے ہیں

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ	وَمَا يَشْعُرُوْنَ (69)	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ	تَكْفُرُوْنَ
مگر اپنے آپکو	اور نہیں وہ سب شعور رکھتے	اے اہل کتاب	کس لیے	تم سب انکار کرتے ہو

ضروری وضاحت

❶ علامت "يَ" کے ترجمے ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❸ یہاں "اَ" کا ترجمہ "میں" نہیں ہے بلکہ "دوسروں کی نسبت صفت کے زیادہ ہونے" پر دلالت کر رہا ہے۔ ❹ علامت "لَ" تاکید کے لیے ہوتی ہے۔ ❺ "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو "الف" کو گرا دیتے ہیں۔ ❻ "تْ" اور "ة" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ "مَا" کے بعد اگر اسی جملے میں "اِلَّا" آ رہا ہو تو "مَا" کا ترجمہ "نہیں" کرتے ہیں۔

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿70﴾	اللہ کی آیات کا حالانکہ تم (خود) گواہی دیتے ہو۔ ﴿70﴾
يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ	اے اہل کتاب کیوں تم خلط ملط کرتے ہو حق کو
بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ	باطل کے ساتھ اور (کیوں) تم چھپاتے ہو حق کو
وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿71﴾ ع	حالانکہ تم (سب کچھ) جانتے ہو۔ ﴿71﴾ ع
وَ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	اور کہا اہل کتاب میں سے ایک جماعت نے
اٰمِنُوْا بِالَّذِيْۤ	(آپس میں سازش تیار کی کہ) تم ایمان لے آیا کرو اس پر جو
اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	نازل کیا گیا ہے ان لوگوں پر جو ایمان لائے ہیں
وَجْهَ النَّهَارِ وَ اكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ	دن چڑھے اور انکار کر دیا کرو اس کے آخر میں
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿72﴾ ج	تاکہ وہ (شک میں پڑیں اور اسلام سے) پھر جائیں۔ ﴿72﴾
وَلَا تُؤْمِنُوْۤا	اور (وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ کسی کی بات) مت مانو
اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ط	سوائے ان کے جو پیروکار ہیں تمہارے دین کے
قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ لا	کہہ دو کہ بیشک (اصل) ہدایت تو اللہ کی ہدایت ہے

ع 7/8/15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَشْهَدُوْنَ: شہادت، شاہد، مشاہدہ، عینی شاہد۔	اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، شانِ نزول۔
بِالْبَاطِلِ : باطل، معرکۂ حق و باطل۔	وَجْهَ : وجاہت، علیٰ وجہ البصیرت۔
تَكْتُمُوْنَ : کتمانِ علم، کتمانِ حق۔	النَّهَارِ : لیل و نہار، نہار منہ۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔	اكْفُرُوْۤا : کفر، کافر، کفار۔
قَالَتْ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔	اٰخِرَهٗ : آخرت، اُخروی زندگی۔
اَهْلِ : اہل بیت، اہل خانہ، اہل کتاب۔	يَرْجِعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
اٰمِنُوْا : ایمان، مومن، امن۔	تَبِعَ : اتّباع، متّبع سنّت، تابع فرماں۔

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❶	وَ	اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ❷ (70)	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ
اللہ کی آیات کا	حالانکہ	تم سب (خود) گواہی دیتے ہو	اے اہل کتاب	کیوں

تَلْبِسُوْنَ	الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَتَكْتُمُوْنَ	الْحَقَّ
تم سب خلط ملط کرتے ہو	حق کو	باطل کے ساتھ	اور (کیوں) تم سب چھپاتے ہو	حق کو

ع 7 8 15

وَ	اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ❷ (71) ع	وَقَالَتْ ❸	طَّآئِفَةٌ ❸	مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
حالانکہ	تم (سب کچھ) جانتے ہو	اور کہا	ایک جماعت نے	اہل کتاب میں سے

اٰمِنُوْا ❹	بِالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	عَلَى الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ❹
تم سب ایمان لے آیا کرو	اس پر جو	نازل کیا گیا ہے	ان لوگوں پر جو	سب ایمان لائے

وَجْهَ النَّهَارِ ❺	وَاكْفُرُوْٓا	اٰخِرَهٗ	لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ❻ (72) ج
دن چڑھے	اور تم سب انکار کر دیا کرو	اسکے آخر میں	تاکہ وہ سب پھر جائیں

وَلَا	تُؤْمِنُوْٓا	اِلَّا لِمَنْ	تَبِعَ
اور مت	تم سب مانو	سوائے اس کی (بات) کے جس نے	پیروی کی

دِيْنَكُمْ ط	قُلْ	اِنَّ	الْهُدٰى	هُدَى اللّٰهِ لا
تمہارے دین کی	کہہ دو	بیشک	(اصل) ہدایت	(تو) اللہ کی ہدایت ہے

ضروری وضاحت

❶ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❸ "تْ" فعل کے ساتھ اور "ة" اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، یہاں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ اگر اس لفظ کی "میم" پر "زیر" ہو تو ترجمہ "تم سب ایمان لاؤ" ہوتا ہے اور اگر "زبر" ہو تو ترجمہ "وہ سب ایمان لائے" ہوتا ہے۔ ❺ "وَجْهَ النَّهَارِ" کا اصل ترجمہ "دن کا چہرہ" ہے لیکن یہاں "دن کا چڑھنا" مراد ہے۔ ❻ "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ	(اور کہتے ہیں یہ بھی نہ مانو) کہ دیا جائیگا کسی کو اسکی مثل جو
اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ	تمہیں دیا گیا ہے یا (یہ کہ) وہ جھگڑا کریں گے تم سے
عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ	تمہارے رب کے پاس، کہہ دیجیے (کہ)
اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ	بیشک فضل تو اللہ کے پاس ہے
يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وہ دیتا ہے اسے جس کو چاہتا ہے
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۚۙ (73)	اور اللہ وسعت والا، بہت علم والا ہے۔ (73)
يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وہ مختص کر لیتا ہے اپنی رحمت سے جسے چاہتا ہے
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (74)	اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔ (74)
وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ	اور اہل کتاب میں سے (کچھ ایسے ہیں) جسے اگر
تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ	آپ اسے بطور امانت دے دیں ایک خزانہ
يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ	وہ اسے واپس لوٹا دے گا آپکو اور ان میں سے (کچھ ایسے ہیں)
مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ	جو کہ اگر آپ اسکے پاس امانت رکھیں ایک دینار

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَحَدٌ : واحد، وحدانیت، توحید۔
يُحَآجُّوْكُمْ : حجت، احتجاج۔
مِّثْلَ : مثل، مثال، امثلہ، مثالیں۔
عِنْدَ : عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔
بِيَدِ : ید بیضا، رفع الیدین، ید طولیٰ۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیّت الٰہی۔
وَاسِعٌ : وسعت، وسیع، واسع، توسیع۔

عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلّم، معلومات، تعلیم۔
يَّخْتَصُّ : خاص، خصوصیت، مخصوص، مختص۔
ذُو : ذومعنی، ذوالحجہ، ذوالجلال، ذوالجناح۔
الْعَظِيْمِ : عظمت، عظیم، اعظم، معظم۔
اَهْلِ : اہل بیت، اہل خانہ، اہل کتاب۔
تَاْمَنْهُ : امانت، امین، امانتدار۔
يُؤَدِّهٖٓ : ادا، ادائیگی، اداشدہ۔

اَنْ	يُّؤْتٰٓى ❶	اَحَدٌ	مِّثْلَ مَآ	اُوْتِيْتُمْ	اَوْ
(اور یہ بھی نہ مانو) کہ	دیا جائیگا	کسی ایک کو	(اسکی) مثل جو	تمہیں دیا گیا ہے	یا

يُحَآجُّوْكُمْ ❷	عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ	قُلْ ❸	اِنَّ الْفَضْلَ
(یہ کہ) وہ سب جھگڑا کریں گے تم سے	تمہارے رب کے پاس	کہہ دیجیے	بیشک فضل

بِيَدِ اللّٰهِ ❹ ۚ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ
(تو) اللہ کے ہاتھ میں ہے	وہ دیتا ہے اسے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا

عَلِيْمٌ ❺ (73) ۚ لا	يَّخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وَاللّٰهُ
بہت علم والا ہے	وہ مختص کر لیتا ہے	اپنی رحمت سے	جسے وہ چاہتا ہے	اور اللہ تعالیٰ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (74)	وَ	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	مَنْ اِنْ
بڑے فضل والا ہے	اور	اہل کتاب میں سے	(کچھ ایسے ہیں) جسے اگر

تَاْمَنْهُ	بِقِنْطَارٍ	يُّؤَدِّهٖٓ	اِلَيْكَ ۚ
آپ (بطور) امانت دے دیں اسے	ایک خزانہ	وہ واپس لوٹا دے گا اسے	آپکی طرف

وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ اِنْ	تَاْمَنْهُ	بِدِيْنَارٍ ❻
اور	ان میں سے	(کچھ ایسے ہیں) جو اگر	آپ امانت رکھیں اسکے پاس	ایک دینار

ضروری وضاحت

❶ علامت "یٰ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "وْا" کے بعد اگر کسی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو "الف" کو گرا دیتے ہیں۔ ❸ یہ لفظ "قَوْلٌ" سے بنا ہے، یہاں آسانی پیدا کرنے کے لیے "واو" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❹ اردو ترجمے کو واضح کرنے کے لیے علامت "بِ" کا ترجمہ "میں" کیا گیا ہے۔ ❺ "عَلِيْمٌ" ایسے سانچے میں ڈھلا ہوا اسم ہے کہ جس میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "بہت" کیا گیا ہے۔ ❻ علامت "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

لَا یُؤَدِّهٖٓ اِلَیْكَ	(تو) وہ اسے ادا نہیں کرے گا آپ کو
اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَیْهِ قَآىٕمًا ؕ	اِلَّا یہ کہ آپ رہیں اس (کے سر) پر سوار
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا	یہ اس لیے ہے کہ بیشک انہوں نے کہہ رکھا ہے
لَیْسَ عَلَیْنَا فِی الْاُمِّیّٖنَ	نہیں ہم پر اَن پڑھوں (غیر یہود) کے بارے میں
سَبِیْلٌ ۚ وَ یَقُوْلُوْنَ	کوئی راستہ (مواخذہ) اور کہتے ہیں
عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿75﴾	اللہ کے بارے میں جھوٹ حالانکہ وہ جانتے ہیں ﴿75﴾
بَلٰی مَنْ اَوْفٰی	ہاں کیوں نہیں جس نے پورا کیا
بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰی	اس (اللہ) سے کیے ہوئے عہد کو اور وہ (اللہ سے) ڈر گیا
فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ﴿76﴾	تو بیشک اللہ پسند کرتا ہے (ایسے) پرہیزگاروں کو۔ ﴿76﴾
اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ	بیشک وہ لوگ جو بیچ ڈالتے ہیں اللہ کے عہد کو
وَاَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا اُولٰٓىٕكَ	اور اپنی قسموں کو تھوڑی قیمت میں وہی لوگ ہیں (کہ)
لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ	نہیں ہے کوئی حصہ ان کے لیے آخرت میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُؤَدِّهٖٓ	: ادا، ادائیگی، اداشدہ۔	اَوْفٰی	: وفا، وفادار، ایفائے عہد۔
دُمْتَ	: قائم ودائم، دوام۔	بِعَهْدِهٖ	: عہدنامہ، معاہدہ۔
قَآىٕمًا	: قائم، قیام، مقیم۔	اتَّقٰی	: تقویٰ، متقی۔
قَالُوْا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	یُحِبُّ	: حبّ، محبوب، محبّت، حبیب، محبّ۔
الْاُمِّیّٖنَ	: نبی اُمّی، اُمّی خاندان (اَن پڑھ)۔	الْمُتَّقِیْنَ	: تقویٰ، متقی۔
سَبِیْلٌ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	یَشْتَرُوْنَ	: بیع وشرا، بائع ومشتری۔
یَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔	ثَمَنًا	: زرِ ثمن (قیمت)۔

لَا يُؤَدِّهٖٓ	اِلَيْكَ ❶	اِلَّا مَا دُمْتَ ❷	عَلَيْهِ	قَآئِمًا ط
(تو) وہ ادا نہیں کرے گا اسے	آپ کی طرف	مگر (یہ کہ) آپ ہمیشہ رہیں	اس (کے سر) پر	کھڑے

ذٰلِكَ ❸	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لَيْسَ	عَلَيْنَا
یہ	اس وجہ سے ہے کہ بیشک اُن	سب نے کہہ رکھا ہے	نہیں	ہم پر

فِي الْاُمِّيّٖنَ ❹	سَبِيْلٌ ج	وَ	يَقُوْلُوْنَ
اَن پڑھوں (غیر یہود) کے بارے میں	کوئی راستہ (مواخذہ)	اور	وہ سب کہتے ہیں

عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَ	هُمْ يَعْلَمُوْنَ ❺ (75)	بَلٰى
اللہ پر	جھوٹ	حالانکہ	وہ سب جانتے ہیں	ہاں کیوں نہیں

مَنْ اَوْفٰى	بِعَهْدِهٖ	وَاتَّقٰى	فَاِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ ❻
جس نے پورا کیا	اس سے (کئے ہوئے) عہد کو	اور وہ ڈر گیا	تو بیشک اللہ	پسند کرتا ہے

الْمُتَّقِيْنَ (76)	اِنَّ الَّذِيْنَ	يَشْتَرُوْنَ	بِعَهْدِ اللّٰهِ
سب پرہیزگاروں کو	بیشک وہ لوگ جو	وہ سب بیچ ڈالتے ہیں	اللہ کے عہد کو

وَاَيْمَانِهِمْ	ثَمَنًا قَلِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	لَا خَلَاقَ	لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ ❼
اور اپنی قسموں کو	تھوڑی قیمت میں	وہی لوگ ہیں (کہ)	کوئی حصہ نہیں	ان کے لیے	آخرت میں

ضروری وضاحت

❶ یعنی "آپ کو ادا نہیں کرے گا"۔ ❷ اگر "مَا" کے بعد "دَامَ، دُمْتَ، زَالَ، زِلْتَ" وغیرہ ہوں تو پھر "مَا" اور اس لفظ کو ملا کر دونوں کا ترجمہ "ہمیشہ" کیا جاتا ہے۔ ❸ اسکا اصل ترجمہ "وہ" ہے لیکن کبھی اردو ترجمہ کرتے ہوئے "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں "يْنَ" کی "ىْ" کے علاوہ لفظ "اُمِّىْ" کے آخر میں بھی "ىْ" ہے، اس لیے یہاں "ىْ" کو "شد" دی گئی ہے۔ ❺ "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❻ "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ ة واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ	اور اللہ ان سے بات تک نہیں کرے گا
وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اور نہ وہ دیکھے گا ان کی طرف قیامت کے دن
وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠	اور نہ (گناہوں سے) وہ پاک کرے گا انہیں
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿77﴾	اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿77﴾
وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا	اور بیشک ان میں سے یقیناً ایک گروہ (ایسا ہے کہ)
يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ	وہ مروڑتے ہیں اپنی زبانوں کو کتاب کو (پڑھتے ہوئے)
لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ	تاکہ آپ گمان کریں اسے کتاب (تورات) سے
وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ	حالانکہ نہیں ہوتی وہ (عبارت) کتاب سے
وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	اور وہ کہتے ہیں (کہ) وہ اللہ کی طرف سے (نازل شدہ) ہے
وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ	حالانکہ نہیں ہوتی وہ (عبارت) اللہ کی طرف سے
وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ	اور کہتے ہیں اللہ کے بارے میں جھوٹ
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿78﴾ مَا كَانَ	حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ ﴿78﴾ نہیں ہے (مناسب)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُكَلِّمُهُمْ	کلمہ، کلام، متکلّم، کلیم اللہ۔	مِنَ	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
يَنْظُرُ	نظر، نظارہ، منظر، نظرِ کرم۔	بِالْكِتٰبِ	کتابت، کاتب، مکتوب، کتاب۔
يَوْمَ	یوم، ایّام، یومِ آزادی، یومِ آخرت۔	عِنْدِ	عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔
يُزَكِّيْهِمْ	تزکیۂ نفس، زکاۃ۔	يَقُوْلُوْنَ	قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اَلِيْمٌ	المناک، رنج والم۔	عَلَى	علیٰحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
لَفَرِيْقًا	فریق، فرقہ، تفریق، فرقہ واریّت۔	الْكَذِبَ	کذب، کذّاب، تکذیب۔
اَلْسِنَتَهُمْ	لسانی تعصب، ماہر لسانیات۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، معلّم، تعلیم۔

وَلَا	يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ ❶	وَلَا	يَنْظُرُ	اِلَيْهِمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❷
اور نہیں	بات کرے گا ان سے اللہ	اور نہ	وہ دیکھے گا	ان کی طرف	قیامت کے دن

وَلَا	يُزَكِّيْهِمْ ۖ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (77)	وَاِنَّ
اور نہ	وہ پاک کریگا انہیں	اور ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک	اور بیشک

مِنْهُمْ	لَفَرِيْقًا	يَّلْوٗنَ ❸	اَلْسِنَتَهُمْ
ان میں سے	یقیناً ایک گروہ (ایسا ہے کہ)	وہ سب مروڑتے ہیں	اپنی زبانوں کو

بِالْكِتٰبِ	لِتَحْسَبُوْهُ ❹	مِنَ الْكِتٰبِ	وَمَا
کتاب (تورات) کے ساتھ	تاکہ آپ سب گمان کریں اسے	کتاب سے	حالانکہ نہیں (ہوتی)

هُوَ	مِنَ الْكِتٰبِ ۚ	وَيَقُوْلُوْنَ	هُوَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
وہ (عبارت)	کتاب سے	اور وہ سب کہتے ہیں	(کہ) وہ	اللہ کی طرف سے (نازل شدہ) ہے

وَمَا	هُوَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ	وَ	يَقُوْلُوْنَ
حالانکہ نہیں (ہوتی)	وہ (عبارت)	اللہ کی طرف سے	اور	وہ سب کہتے ہیں

عَلَى اللّٰهِ ❺	الْكَذِبَ	وَ	هُمْ يَعْلَمُوْنَ ❻ (78)	مَا كَانَ
اللہ پر	جھوٹ	حالانکہ	وہ سب جانتے ہیں	نہیں ہے (مناسب)

ضروری وضاحت

❶ علامت "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ علامت "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ رنگ میں ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ یہودی اپنے مطلب کی باتیں بنا کر تورات میں شامل کر دیتے اور زبان مروڑ کر اس انداز میں پڑھتے ہیں جیسے واقعتاً تورات کے الفاظ ہوں۔ ❹ "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو "ا" کو گرا دیتے ہیں۔ ❺ "عَلَى اللّٰهِ" یعنی "اللہ کے بارے میں"۔ ❻ علامت "هُمْ" اور "يـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ — کسی انسان کے لیے کہ عطا کرے اللہ اسے کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ — اور حکمت اور نبوت پھر وہ کہے لوگوں سے (کہ)

كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ — بن جاؤ میرے بندے اللہ کو چھوڑ کر

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ — اور لیکن (وہ تو کہے گا) ہو جاؤ تم اللہ والے

بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ — اس وجہ سے کہ جو کتاب تم سکھاتے ہو (لوگوں کو)

وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ۙ﴿79﴾ — اور اس وجہ سے جو تم خود پڑھتے ہو (اسکا یہی تقاضا ہے) ﴿79﴾

وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ — اور نہ وہ (نبیؐ) تمہیں کبھی حکم دے گا کہ تم بنالو فرشتوں کو

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۗ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ — اور نبیوں کو رب (بھلا) کیا وہ حکم دے گا تمہیں کفر کا

بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۧ﴿80﴾ — اس کے بعد کہ جب تم مسلمان ہو چکے ہو۔ ۧ﴿80﴾ ع 8/9/16

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ — اور جب اللہ نے پختہ عہد لیا نبیوں سے (کہ)

لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ — البتہ جو میں دوں تمہیں کتاب وحکمت

ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ — پھر آجائے تمہارے پاس (ایسا) رسول (جو)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِبَشَرٍ (لِ+بَشَرٍ): لٰہذا، الحمدللہ / بشر، سید البشر، بشریت۔

الْحُكْمَ : حکمت و دانائی، حکیم۔

النُّبُوَّةَ : نبوت، نبی رحمت، انبیا کرام۔

يَقُوْلَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔

لِلنَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس۔

عِبَادًا : عبد، عبادت، عابد، معبود۔

رَبّٰنِيّٖنَ : رب، ربانی، ربوبیت، ارباب اقتدار۔

تُعَلِّمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، معلّم، تعلیم۔

تَدْرُسُوْنَ : درس، دروس، مدرّس، تدریس۔

تَتَّخِذُوْا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

الْمَلٰٓئِكَةَ : ملک الموت، ملائکہ۔

النَّبِيّٖنَ : نبوت، نبی رحمت، انبیا کرام۔

يَاْمُرُكُمْ : اَمر، آمر، مامور، نظام امارت۔

مِيْثَاقَ : میثاقِ مدینہ، امیدِ واثق، وثوق، ثقہ راوی۔

لِبَشَرٍ	اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ ❶	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَالنُّبُوَّةَ ❷
کسی انسان کے لیے	کہ عطا کرے اسے اللہ	کتاب	اور حکومت یا حکمت	اور نبوت

ثُمَّ يَقُوْلَ	لِلنَّاسِ	كُوْنُوْا	عِبَادًا لِّيْ ❸	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❹	وَلٰكِنْ
پھر وہ کہتا پھرے	لوگوں سے	(کہ) تم سب بن جاؤ	میرے بندے	اللہ کے علاوہ	اور لیکن

كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ ❺	بِمَا	كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ ❻	الْكِتٰبَ
(وہ تو کہے گا) ہو جاؤ تم سب اللہ والے	اس وجہ سے کہ جو	تم سب سکھاتے ہو	کتاب

وَبِمَا	كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ❻ (79) لا	وَلَا	يَاْمُرَكُمْ	اَنْ تَتَّخِذُوا
اور اس وجہ سے جو	تم سب خود پڑھتے ہو	اور نہ	وہ (نبی) تمہیں حکم دیتا ہے	کہ تم سب بنا لو

الْمَلٰٓئِكَةَ ❼	وَالنَّبِيّٖنَ	اَرْبَابًا ط	اَ	يَاْمُرُكُمْ	بِالْكُفْرِ
فرشتوں	اور نبیوں کو	رب	(بھلا) کیا	وہ حکم دے گا تمہیں	کفر کرنے کا

ع 8/9/16

بَعْدَ	اِذْ اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ (80) ع	وَاِذْ	اَخَذَ اللّٰهُ	مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ ❽
اس کے بعد کہ	جب تم	سب مسلمان ہو چکے ہو	اور جب	اللہ نے لیا	پختہ عہد نبیوں سے

لَمَآ	اٰتَيْتُكُمْ	مِّنْ كِتٰبٍ ❹ وَّحِكْمَةٍ ❷	ثُمَّ جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ
(کہ) البتہ جو	میں دوں تمہیں	کتاب اور حکمت	پھر آجائے تمہارے پاس	رسول (جو)

ضروری وضاحت

❶ علامت "یہ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "لِّیْ" کا اصل ترجمہ "میرے لیے" ہے۔ ❹ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ علامت "وْا" اور "یْنَ" دونوں جمع مذکر کی علامتیں ہیں۔ ❻ "تُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❼ یہاں "ۃ" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❽ یہ لفظ "وُثُوْقٌ" سے نکلا ہے، جس کا ترجمہ "پختگی" ہے اس لیے اسکا ترجمہ "پختہ عہد" کیا گیا ہے۔

مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ	تصدیق کرنیوالا ہو اس (کتاب) کی جو تمہارے پاس ہے
لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ	ضرور تم ایمان لانا اس پر اور ضرور مدد کرنا اس کی
قَالَ ءَ اَقْرَرْتُمْ	(عہد لینے کے بعد) فرمایا: کیا تم نے اقرار کرلیا
وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ	اور تم نے لے لیا اس پر میرا ذِمّہ (یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا)
قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ	(تو) انہوں نے کہا: ہم نے اقرار کرلیا
فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ	فرمایا: تو تم گواہ رہو اور میں (خود بھی) تمہارے ساتھ
مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿81﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى	گواہوں میں سے ہوں ﴿81﴾ پھر جو (اس عہد سے) پھر گیا
بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿82﴾	اسکے بعد، تو وہی لوگ ہی نافرمان ہیں۔ ﴿82﴾
اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ	تو کیا اللہ کے دین کے علاوہ (کوئی اور دین) چاہتے ہیں
وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ	حالانکہ اسی کا تابع فرماں ہے جو (بھی) آسمانوں میں
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا	اور زمین میں ہے خوشی سے ہو اور (یا) ناخوشی سے
وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿83﴾	اور اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے ﴿83﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّصَدِّقٌ : تصدیق، مصدّقہ ذرائع۔	الْفٰسِقُوْنَ : فسق و فجور، فاسق و فاجر (گناہ گار)۔
مَعَكُمْ : مع اہل و عیال، معیّت۔	اَفَغَيْرَ : غیر اللہ، دیارِ غیر۔
لَتُؤْمِنُنَّ : ایمان، مومن، امن۔	اَسْلَمَ : اسلام، مسلم، مسلمان، سلامتی۔
لَتَنْصُرُنَّهٗ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔	السَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماویہ۔
اَقْرَرْتُمْ : اقرار، اقرار نامہ۔	الْاَرْضِ : ارض و سما، ارضِ مقدّس، کرۂ ارض۔
اَخَذْتُمْ : اخذ، ماٰخوذ، مواخذہ۔	طَوْعًا : اطاعت، مطیع۔
فَاشْهَدُوْا : شہادت، شاہد، مشاہدہ، عینی شاہد۔	كَرْهًا : کراہت، مکروہ۔

مُّصَدِّقٌ ❶	لِّمَا	مَعَكُمْ	لَتُؤْمِنُنَّ ❷	بِهٖ
تصدیق کرنیوالا ہو	اس (کتاب) کی جو	تمہارے ساتھ ہے	(تو) ضرور تم ایمان لانا	اس پر

وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ❷ ۭ	قَالَ	ءَاَقْرَرْتُمْ	وَاَخَذْتُمْ	عَلٰي ذٰلِكُمْ ❸
اور ضرور مدد کرنا اس کی	فرمایا:	کیا تم نے اقرار کرلیا	اور تم نے لے لیا	اس پر

اِصْرِيْ ۭ	قَالُوْٓا	اَقْرَرْنَا ۭ	قَالَ	فَاشْهَدُوْا
میرا پختہ عہد	(تو) ان سب نے کہا	ہم نے اقرار کرلیا	فرمایا:	تو تم سب گواہ رہو

وَاَنَا	مَعَكُمْ	مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ (81)	فَمَنْ	تَوَلّٰى ❹
اور میں (خود بھی)	تمہارے ساتھ	گواہوں میں سے ہوں	پھر جو	پھر گیا (اس عہد سے)

بَعْدَ ذٰلِكَ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ❺ (82)	اَفَغَيْرَ	دِيْنِ اللّٰهِ
اسکے بعد	تو وہی لوگ	ہی سب نافرمان ہیں	تو کیا علاوہ	اللہ کے دین کے

يَبْغُوْنَ	وَلَهٗٓ	اَسْلَمَ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ
(کوئی اور دین) وہ سب چاہتے ہیں	حالانکہ اسکے لیے	تابع فرماں ہوا	جو (بھی)	آسمانوں میں ہے

وَالْاَرْضِ	طَوْعًا	وَّكَرْهًا	وَّاِلَيْهِ	يُرْجَعُوْنَ ❻ (83)
اور زمین (میں)	خوشی سے ہو	اور (یا) ناخوشی سے	اور اسی کی طرف	سب لوٹائے جائیں گے

ضروری وضاحت

❶ اگر اسم کے شروع میں ”مُ“ ہو اور آخری حرف سے پہلے ”زیر“ ہو تو اس میں ”کام کرنے والے“ کا ذکر ہوتا ہے۔❷ یہاں شروع میں ”لَ“ اور آخر میں ”نَّ“ دونوں تاکید کے لیے آئے ہیں۔❸ اگر مخاطب دو سے زیادہ ہوں تو ”ذٰلِكَ“ ”ذٰلِكُمْ“ ہو جاتا ہے۔❹ یہاں ”تَ“ اور شد میں ”کام کو اہتمام سے کرنے“ کے لیے ہے۔❺ ”هُمْ“ کے بعد اگر ”اَلْ“ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔❻ اگر ”یُ“ پر پیش ہو اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ میں ”کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا“ کا مفہوم ہوتا ہے۔

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ	(اے نبیؐ) آپ کہہ دیں ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر
وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ	اور جو اتارا گیا ہم پر اور جو اتارا گیا ابراہیمؑ پر
وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ	اور اسماعیلؑ (پر) اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ (پر)
وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى	اور (ان کی) اولاد (پر) اور جو دیا گیا موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو
وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪	اور (دوسرے) نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے
لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ	ہم فرق نہیں کرتے کسی ایک کے درمیان
مِّنْهُمْ ۡ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿84﴾	ان میں سے اور ہم اسی (اللہ) کے فرمانبردار ہیں۔ ﴿84﴾
وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا	اور جو تلاش کرے اسلام کے سوا (کوئی اور) دین
فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ	تو ہرگز قبول نہیں کیا جائیگا اس سے اور وہ آخرت میں
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿85﴾	خسارہ پانے والے لوگوں میں سے ہوگا۔ ﴿85﴾
كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا	کیونکر ہدایت دے گا اللہ اس قوم کو
كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ	(جنھوں نے) کفر کیا اپنے ایمان (لانے) کے بعد

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	بَيْنَ	: بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
اٰمَنَّا	: ایمان، مومن، امن۔	مُسْلِمُوْنَ	: مسلم، مسلمان، اسلام، سلامتی۔
اُنْزِلَ	: نازل، انزال، شان نزول۔	غَيْرَ	: غیر اللہ، دیار غیر، اغیار۔
الْاَسْبَاطِ	: سبطِ علی، سبطین (دو پوتے، دو نواسے)۔	يُّقْبَلَ	: قبول، قبولیت، قابل، مقبول۔
النَّبِيُّوْنَ	: نبوت، نبی رحمت، انبیاء کرام۔	الْاٰخِرَةِ	: فکر آخرت، آخری، اخروی زندگی۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔	الْخٰسِرِيْنَ	: خسارہ، خائب وخاسر۔
نُفَرِّقُ	: فرق، فریق، تفرقہ، فرقہ واریت۔	كَيْفَ	: کیفیت، بہر کیف۔

قُلْ	اٰمَنَّا❶	بِاللّٰهِ	وَمَآ	اُنْزِلَ❷	عَلَيْنَا	وَمَآ
آپ کہہ دیں	ہم ایمان لائے ہیں	اللہ پر	اور جو	اُتارا گیا	ہم پر	اور جو

اُنْزِلَ❷	عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطِ
اتارا گیا	ابراہیم علیہ السلام پر	اور اسماعیل علیہ السلام پر	اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ علیہ السلام (پر)	اور (انکی) اولاد (پر)

وَمَآ	اُوْتِيَ❷	مُوْسٰى	وَعِيْسٰى	وَالنَّبِيُّوْنَ	مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ
اور جو	دیا گیا	موسیٰؑ	اور عیسیٰؑ کو	اور نبیوں کو	انکے رب کی طرف سے

لَا نُفَرِّقُ	بَيْنَ اَحَدٍ	مِّنْهُمْ ز	وَنَحْنُ
نہیں ہم فرق کرتے	کسی ایک کے درمیان	ان میں سے	اور ہم

لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ (84)	وَمَنْ	يَّبْتَغِ❸	غَيْرَ الْاِسْلَامِ	دِيْنًا
اس کے لیے	سب فرمانبردار ہیں	اور جو	تلاش کرے	اسلام کے سوا	(کوئی اور) دین

فَلَنْ	يُّقْبَلَ❹	مِنْهُ ج	وَهُوَ	فِى الْاٰخِرَةِ❺	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (85)
تو ہرگز نہیں	وہ قبول کیا جائیگا	اس سے	اور وہ	آخرت میں	خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا

كَيْفَ	يَهْدِى اللّٰهُ❸	قَوْمًا	كَفَرُوْا	بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ
کیونکر	ہدایت دے گا اللہ	اس قوم کو	(جن) سب نے کفر کیا	اپنے ایمان (لانے کے) بعد

ضروری وضاحت

❶ یہاں دو "نون" ہیں، یہ اصل میں "اٰمَنَ + نَا" ہے، اس میں "نَا" کا ترجمہ "ہم" ہے۔ ❷ "اُنْزِلَ" اور "اُوْتِيَ" کے شروع میں "أ" کا ترجمہ "میں" نہیں ہے، بلکہ معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❸ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❹ "یُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمے میں "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" کا اضافہ ہوتا ہے۔ ❺ "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

وَ شَهِدُوْٓا	حالانکہ وہ (خود) گواہی دے چکے ہیں
اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ	کہ بیشک رسول ﷺ برحق ہیں
وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ	اور آچکے ہیں انکے پاس (اس بات پر) واضح دلائل
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿86﴾	اور اللہ نہیں راہ راست پر لاتا ناانصاف قوم کو۔ ﴿86﴾
اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ	یہ (ایسے) لوگ ہیں (کہ) ان کی سزا یہ ہے
اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ	کہ بیشک ان پر اللہ کی لعنت ہے
وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿87﴾ ۙ	اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی (لعنت ہو)۔ ﴿87﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس (لعنت) میں
لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ	نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿88﴾ ۙ	اور نہ وہ مہلت دیئے جائیں گے۔ ﴿88﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	مگر جنہوں نے توبہ کرلی اس کے بعد
وَاَصْلَحُوْا ۗ	اور (اپنی) اصلاح کرلی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَهِدُوْٓا : شہادت، شاہد، مشاہدہ، عینی شاہد۔	لَعْنَةَ : لعنت، لعین، ملعون، لعنتی۔
حَقٌّ : حق تعالیٰ، حقوق، حقیقت۔	النَّاسِ : عوام النّاس، بعض النّاس۔
الْبَيِّنٰتُ : بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔	اَجْمَعِيْنَ : جمع، جماعت، مجموع۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔	يُخَفَّفُ : خفیف، خفّت، مخفّف۔
يَهْدِی : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	يُنْظَرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم، بحرظلمات۔	تَابُوْا : توبہ، تائب۔
جَزَآؤُهُمْ : جزائے خیر، جزاء وسزا۔	اَصْلَحُوْا : اصلاح، صلح، صالح۔

وَ	شَهِدُوْٓا	اَنَّ	الرَّسُوْلَ	حَقٌّ
حالانکہ	وہ سب (خود) گواہی دے چکے ہیں	کہ بیشک	رسول ﷺ	برحق ہے

وَّ	جَآءَ هُمُ	الْبَيِّنٰتُ ط ❶	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِى ❷
اور	آچکے ہیں انکے پاس	واضح دلائل	اور اللہ	نہیں راہ راست پر لاتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ❸ (86)	اُولٰٓئِكَ	جَزَآؤُهُمْ	اَنَّ	عَلَيْهِمْ
ناانصاف قوم کو	(یہ) وہی ہیں (کہ)	انکی سزا (یہ ہے)	کہ بیشک	ان پر

لَعْنَةَ اللّٰهِ ❶	وَالْمَلٰٓئِكَةِ ❹	وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ❺ (87) لا	خٰلِدِيْنَ
اللہ کی لعنت ہے	اور فرشتوں	اور تمام لوگوں کی (لعنت ہے)	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں

فِيْهَا ج	لَا يُخَفَّفُ ❷❻	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ
اس (لعنت) میں	نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے	عذاب

وَلَا	هُمْ يُنْظَرُوْنَ ❼ (88) لا	اِلَّا	الَّذِيْنَ
اور نہ ہی	وہ سب مہلت دیے جائیں گے	مگر	جن

تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ❽	وَ	اَصْلَحُوْا قف
سب نے توبہ کرلی	اس کے بعد	اور	سب نے (اپنی) اصلاح کرلی

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" واحد مؤنث اور "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❸ علامت "یْنَ" جمع مذکر کی علامت ہے اس کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ یہاں "ۃ" مؤنث کی نہیں بلکہ "جمع" کی ہے۔ ❺ "اَجْمَعِيْنَ" میں "اَجْمَعَ" اور علامت "یْنَ" دونوں کا ترجمہ "تمام" ہے۔ ❻ "یُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" ہوتا ہے۔ ❼ "هُمْ" اور "یُ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❽ "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿89﴾	تو بیشک اللہ بخشنے والا بہت مہربان ہے۔ ﴿89﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بیشک وہ لوگ جو کافر ہو گئے
بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا	اپنے ایمان (لانے) کے بعد پھر بڑھتے گئے کفر میں
لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ	(تو) ہرگز نہیں قبول کی جائے گی ان کی توبہ
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿90﴾	اور وہی لوگ ہی گمراہ ہیں۔ ﴿90﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ	اور مر گئے اس حال میں کہ وہ کافر تھے
فَلَنْ يُّقْبَلَ	تو ہرگز نہیں قبول کیا جائے گا
مِنْ اَحَدِهِمْ	ان میں سے کسی ایک سے (اپنے بچاؤ کے لیے)
مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ	زمین بھر سونا اور اگرچہ وہ بطور فدیہ دے اسے
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ	یہی لوگ ہیں (کہ) ان کے لیے دردناک عذاب ہے
وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿91﴾ ع	اور نہیں ہوگا ان کا کوئی مددگار۔ ﴿91﴾ ع

ع 9/11/17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار۔	الضَّآلُّوْنَ : ضلالت (گمراہی)۔
رَّحِيْمٌ : رحم، رحیم، رحمت۔	مَاتُوْا : موت، میّت، اموات، سماعِ موتٰی۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔	مِنْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
اِيْمَانِهِمْ : ایمان، مومن، امن۔	اَحَدِهِمْ : احد، واحد، وحدانیّت، توحید۔
اِزْدَادُوْا : زیادہ، مزید، زیادتی، زائد۔	افْتَدٰى : فدیہ۔
تُقْبَلَ : قبول، قابل، مقبول، مقبولیت۔	اَلِيْمٌ : المناک عذاب، رنج والم۔
تَوْبَتُهُمْ : توبہ، تائب، اللہ توّاب الرّحیم ہے۔	نّٰصِرِيْنَ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔

فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ (89)	اِنَّ الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا
تو بیشک اللہ	بخشنے والا	بہت مہربان ہے	بیشک وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

بَعْدَ اِیْمَانِهِمْ	ثُمَّ	ازْدَادُوْا	كُفْرًا
اپنے ایمان (لانے) کے بعد	پھر	وہ سب بڑھ گئے	(اپنے) کفر میں

لَّنْ	تُقْبَلَ ❶	تَوْبَتُهُمْ ج	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الضَّآلُّوْنَ ❷ (90)
(تو) ہرگز نہیں	قبول کی جائے گی	ان کی توبہ	اور وہی لوگ	ہی سب گمراہ ہیں

اِنَّ الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ
بیشک وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور وہ سب مر گئے	اس حال میں کہ وہ	کافر تھے

فَلَنْ	يُّقْبَلَ ❸	مِنْ اَحَدِهِمْ	مِّلْءُ الْاَرْضِ	ذَهَبًا
تو ہرگز نہیں	قبول کیا جائے گا	ان میں سے کسی ایک سے	زمین بھر	سونا

وَّلَوِ ❹	افْتَدٰى	بِهٖ ط	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ
اور اگرچہ	وہ (بطور) فدیہ دے	اس کو	یہی لوگ ہیں (کہ)	ان کے لیے

عَذَابٌ	اَلِیْمٌ ❺	وَّمَا	لَهُمْ	مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ع (91)
عذاب ہے	بہت دردناک	اور نہیں ہوگا	ان کے لیے	کوئی مددگاروں میں سے

ع 9 11 17

ضروری وضاحت

❶ یہاں "تُ" مؤنث کے لیے ہے، جس سانچے میں ڈھلا ہوا یہ فعل ہے، اسکا ترجمہ "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" ہوتا ہے۔ ❷ "هُمُ" کے بعد "اَلْ" ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔ ❸ یہاں "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل کا ترجمہ "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" ہوتا ہے۔ ❹ "لَوْ" کے "وْ" پر جزم ہوتی ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "زیر" آ گئی ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

تعارف و مقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

"اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟"

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **"بیت القرآن"** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **"بیت القرآن"** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ لَنۡ تَنَالُوا 04 ﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور۔ پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ لَنْ تَنَالُوا ﴾ پارہ نمبر 04
مرتب	پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
ایڈیشن دوم	جون 2013
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون : 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115
فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111
ویب سائٹ : www.bait-ul-quran.org
ای میل : Info@bait-ul-quran.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریلِ امینؑ کے ذریعے محمد رسولُ اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحبِ تقوٰی لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، تمانیتِ قلب اور تطہیرِ دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعوٰی ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور و فکر آسان ہو اور راہ عمل ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسولُ اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علمُ الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم و فنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمۂ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "قرآن کلب" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں۔ ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمۂ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

''مصباح القرآن'' ترجمۂ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی ومفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمۂ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلی روشنائی میں اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ روشنائی سے پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں۔ تاکہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کرلے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی ''مفتاح'' کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گرانبار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ ''مصباح القرآن'' کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل وتقویٰ اور صلاح وفلاح کا ایک نیا زاویۂ فکر پیدا کرے گی۔ اہلِ خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہوجاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور وفکر کرنے پر مجبور کئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے، تاکہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہوسکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہوسکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں ، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا ، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ''بیت القرآن'' کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے چوتھے پارے کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے، اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیشِ نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین۔

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشئون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اردو میں ان کے استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔ ہر سیاہ لفظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت، نیچے دیئے گئے حاشیہ کو ضرور پڑھیں۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور با محاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اس طرح اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2. سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ بریک اپ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات مفتاح القرآن' میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى	ہرگز نہ تم حاصل کرسکو گے نیکی یہاں تک کہ
تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ	تم خرچ (نہ) کرلو اس سے جو تم پسند کرتے ہو
وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ	اور جو (بھی) تم خرچ کرو گے کوئی چیز
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿92﴾	تو یقیناً اللہ تعالیٰ اُسے خوب جاننے والا ہے۔ ﴿92﴾
كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	تمام کھانے بنی اسرائیل کے لیے حلال تھے،
اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ	مگر جو خود اسرائیل نے اپنے آپ پر حرام کرلیے تھے
مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ	اس سے قبل کہ اُتاری جاتی تورات،
قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ	(اے نبی ﷺ!) آپ کہہ دیں کہ تم لے آؤ تورات
فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿93﴾	پھر اس کو (میرے سامنے) پڑھو، اگر تم سچے ہو۔ ﴿93﴾
فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ	پھر جو جھوٹ باندھے اللہ تعالیٰ پر
مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ	اس کے بعد تو وہی لوگ
هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿94﴾	ہی ظلم کرنے والے ہیں۔ ﴿94﴾

وقفِ جبریل علیہ السلام

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَتّٰی : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔

تُنْفِقُوْا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔

مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت۔

تُحِبُّوْنَ : حُبّ، حبیب، محب، محبت۔

اِلَّا : الاقلیل، الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ۔

عَلٰی : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔

نَفْسِهٖ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔

قَبْلِ : قبل از غذا، چند دن قبل، قبل از وقت۔

تُنَزَّلَ : نازل، نزول، شان نزول۔

قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔

فَاتْلُوْهَآ : تلاوت، وحی متلوّ۔

افْتَرٰی : افترا پردازی (جھوٹ باندھنا)۔

الْكَذِبَ : کذاب، تکذیب، کذب بیانی۔

الظّٰلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

لَنۡ	تَنَالُوا	الۡبِرَّ	حَتّٰی	تُنۡفِقُوۡا	مِمَّا ①
ہرگز نہ	تم سب حاصل کرسکو گے	نیکی	یہاں تک	تم سب خرچ (نہ) کرلو	(اس) سے جو

تُحِبُّوۡنَ ؕ	وَمَا	تُنۡفِقُوۡا	مِنۡ شَیۡءٍ	فَاِنَّ اللّٰهَ	بِهٖ
تم سب پسند کرتے ہو	اور جو	تم سب خرچ کرو گے	کسی چیز سے	تو یقیناً اللہ	اس کو

عَلِیۡمٌ ﴿92﴾	كُلُّ الطَّعَامِ	كَانَ حِلًّا	لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ	اِلَّا مَا
خوب جاننے والا ہے	تمام کھانے	حلال تھے	بنی اسرائیل کے لیے	مگر جو

حَرَّمَ اِسۡرَآءِیۡلُ ②	عَلٰی نَفۡسِهٖ	مِنۡ قَبۡلِ	اَنۡ تُنَزَّلَ	التَّوۡرٰىةُ ③ ؕ
حرام کرلیا (خود) اسرائیل نے	اپنے آپ پر	(اس) سے قبل	کہ اُتاری جاتی	تورات

قُلۡ	فَاۡتُوۡا ④	بِالتَّوۡرٰىةِ ③	فَاتۡلُوۡهَاۤ	اِنۡ كُنۡتُمۡ
آپ کہہ دیں کہ	پس تم سب لے آؤ	تورات کو	پھر تم پڑھو اس کو	اگر ہو تم

صٰدِقِیۡنَ ﴿93﴾	فَمَنِ	افۡتَرٰی	عَلَی اللّٰهِ	الۡكَذِبَ
سب سچے	پھر جو	باندھے	اللہ تعالیٰ پر	جھوٹ

مِنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ⑤	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ⑥ ﴿94﴾ ؑ
اس کے بعد	تو وہی لوگ	ہی سب ظلم کرنے والے ہیں

ضروری وضاحت

① مِمَّا دراصل مِنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ② اِسۡرَآءِیۡلَ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔ ③ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ فَاۡتُوۡا کا ترجمہ پس تم آؤ ہے، اگر اس کے بعد علامت "ب" ہو تو اس کا ترجمہ پس تم لے آؤ کیا جاتا ہے۔ ⑤ اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑥ هُمۡ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

قُلۡ صَدَقَ اللّٰهُ ۟	(اے نبی ﷺ!) آپ کہہ دیں اللہ نے سچ کہا ہے،
فَاتَّبِعُوۡا مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا ؕ	توتم پیروی کرو ابراہیمؑ کے طریقے کی جو یکسو تھے
وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿95﴾	اور نہیں تھے وہ مشرکوں میں سے۔ ﴿95﴾
اِنَّ اَوَّلَ بَيۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ	بیشک پہلا گھر (جو) لوگوں کے لیے بنایا گیا
لَلَّذِىۡ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا	یقیناً وہی ہے جو مکہ میں ہے، وہ برکت دیا گیا ہے
وَّهُدًى لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ۚ ﴿96﴾	اور باعث ہدایت ہے تمام جہان والوں کے لیے ﴿96﴾
فِيۡهِ اٰيٰتٌ ۢ بَيِّنٰتٌ	اس (بیت اللہ) میں کئی کھلی نشانیاں ہیں،
مَّقَامُ اِبۡرٰهِيۡمَ ۚ۬	(ان میں سے) مقام ابراہیم ہے
وَمَنۡ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ	اور جو داخل ہوا اس میں وہ امن میں ہو گیا
وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الۡبَيۡتِ	اور اللہ کیلئے لوگوں کے ذمے ہے بیت اللہ کا حج کرنا
مَنِ اسۡتَطَاعَ اِلَيۡهِ سَبِيۡلًا ؕ	جو اس کی طرف راستے کی طاقت رکھے۔
وَمَنۡ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور جو نہ مانے تو بیشک اللہ تعالیٰ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَقَ : صادق، صداقت، صدق ووفا۔	فِيۡهِ : فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
فَاتَّبِعُوۡا : اتباع، تابع فرماں، متبع سنت۔	بَيِّنٰتٌ : بیان، مبینہ، دلیل بین۔
حَنِيۡفًا : دین حنیف (یک طرفہ، یکسو)۔	مَّقَامُ : بلند مقام، مرتبہ ومقام، تاریخی مقامات۔
وُّضِعَ : وضع قطع، موضوع (بناوٹ)۔	حِجُّ : حج، حاجی، حجاج۔
لِلنَّاسِ : لہٰذا، الحمدللہ/عوام الناس، عامۃ الناس۔	اسۡتَطَاعَ : استطاعت (طاقت)۔
هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادی کائنات۔	اِلَيۡهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
لِّلۡعٰلَمِيۡنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔	سَبِيۡلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

قُلْ ①	صَدَقَ اللّٰهُ قف	فَاتَّبِعُوْا	مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ ②
(اے نبیؐ!) آپ کہہ دیں	اللہ نے سچ کہا ہے	تو تم سب پیروی کرو	ابراہیمؑ کے طریقے کی

حَنِيْفًا ط	وَمَا كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (95)	اِنَّ	اَوَّلَ بَيْتٍ
(جو) یکسو تھے	اور نہیں تھے وہ	مشرکوں میں سے	بیشک	پہلا گھر

وُّضِعَ	لِلنَّاسِ	لَلَّذِيْ	بِبَكَّةَ ②③	مُبٰرَكًا ④
(جو) بنایا گیا	لوگوں کے لیے	یقیناً وہی ہے جو	مکہ میں ہے	برکت والا ہے

وَّهُدًى	لِّلْعٰلَمِيْنَ ج (96)	فِيْهِ	اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ ②
اور باعث ہدایت ہے	تمام جہان والوں کے لیے	اس (بیت اللہ) میں	کئی کھلی نشانیاں ہیں

مَّقَامُ ⑤ اِبْرٰهِيْمَ ج	وَمَنْ	دَخَلَهٗ	كَانَ اٰمِنًا ط
(ان میں سے) مقام ابراہیم ہے	اور جو	داخل ہوا اس میں	وہ امن میں ہو گیا

وَلِلّٰهِ	عَلَى النَّاسِ ⑥	حِجُّ الْبَيْتِ	مَنِ اسْتَطَاعَ
اور اللہ کے لیے	لوگوں پر ہے	بیت اللہ کا حج کرنا	جو طاقت رکھے

اِلَيْهِ	سَبِيْلًا ط	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ
اس کی طرف	راہ	اور جو	نہ مانے	تو بیشک	اللہ تعالیٰ

ضروری وضاحت

① قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق "و" کو گرایا گیا ہے۔② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہ اصل میں مکہ تھا، بعض عرب کے ہاں بکہ استعمال ہوتا تھا اس لیے اللہ نے بکہ استعمال فرمایا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ وہ پتھر ہے جس پر ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر بیت اللہ کی تعمیر کی تھی۔⑥ اس سے مراد لوگوں کے ذمے ہے۔

عربی	اردو
غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿97﴾	بے پرواہے تمام جہان والوں سے۔ ﴿97﴾
قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ	کہہ دیجیے اے اہل کتاب! تم کیوں انکار کرتے ہو
بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَ اللّٰهُ شَهِیْدٌ	اللہ کی آیات کا حالانکہ اللہ گواہ ہے
عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿98﴾	(اُس) پر جو تم کرتے ہو۔ ﴿98﴾
قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ	آپ کہہ دیں! اے اہل کتاب کیوں تم روکتے ہو
عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ	اللہ کے راستے سے (اُسے) جو ایمان لایا
تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ	(کیا) تم چاہتے ہو اس میں کجی حالانکہ تم (خود) گواہ ہو
وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ	(کہ وہ راہ راست پر ہے) اور اللہ غافل نہیں ہے
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿99﴾	(اُس) سے جو تم کر رہے ہو۔ ﴿99﴾
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِیْعُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم مان لو گے
فَرِیْقًا مِّنَ الَّذِیْنَ	ایک گروہ (کی بات، اُن لوگوں) میں سے جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ یَرُدُّوْكُمْ	دیے گئے کتاب وہ لوٹا دیں گے تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- غَنِیٌّ : غنی، اغنیا، مستغنی۔
- الْعٰلَمِیْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔
- قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
- یٰۤاَهْلَ : یا اللہ/ اہل محلہ، اہل وعیال۔
- تَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔
- شَهِیْدٌ ، شُهَدَآءُ : شہادت، شاہد، شہید۔
- عَمَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
- تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، اعمال صالحہ۔
- سَبِیْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
- بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔
- اٰمَنُوْۤا : ایمان، مومن، امن۔
- تُطِیْعُوْا : اطاعت، مطیع۔
- فَرِیْقًا : فریق، تفریق، فرقہ، تفرقہ۔
- یَرُدُّوْكُمْ : ردّ، مردود، فتنہ اُرتداد، مرتد۔

غَنِيٌّ	عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿97﴾	قُلْ ①	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ
بے پرواہے	تمام جہان والوں سے	آپ کہہ دیں!	اے اہل کتاب!	کیوں

تَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ② اللّٰهِ ۖ	وَاللّٰهُ	شَهِيْدٌ	عَلٰى مَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿98﴾
تم سب انکار کرتے ہو	اللہ کی آیات کا	حالانکہ اللہ	گواہ ہے	(اس) پر جو	تم سب کرتے ہو

قُلْ ①	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ	تَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
آپ کہہ دیں	اے اہل کتاب!	کیوں	تم سب روکتے ہو	اللہ کے راستے سے

مَنْ اٰمَنَ	تَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَّاَنْتُمْ	شُهَدَآءُ ط
(اسے) جو ایمان لایا	(کیا) تم سب چاہتے ہو اس میں	کجی	حالانکہ تم	(خود) گواہ ہو

وَمَا اللّٰهُ	بِغَافِلٍ ③	عَمَّا ④	تَعْمَلُوْنَ ﴿99﴾	يٰٓاَيُّهَا ⑤	الَّذِيْنَ
اور اللہ نہیں ہے	غافل	(اس) سے جو	تم سب کر رہے ہو	اے	وہ لوگو جو

اٰمَنُوْٓا ⑥	اِنْ	تُطِيْعُوْا	فَرِيْقًا
سب ایمان لائے ہو!	اگر	تم سب مان لوگے	ایک گروہ کی بات

مِّنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	يَرُدُّوْكُمْ ⑦
ان لوگوں میں سے جن	سب کو دی گئی	کتاب	وہ سب لوٹا دیں گے تمہیں

ضروری وضاحت

① قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق ''و'' کو گرایا گیا ہے۔ ② ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ④ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ⑤ یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ⑥ اٰمَنُوْٓا کا ترجمہ وہ ایمان لائے ہے اور اٰمِنُوْٓا کا ترجمہ تم سب ایمان لاؤ ہوتا ہے۔ ⑦ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ''ا'' گر جاتا ہے۔

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾	تمہارے ایمان لانے کے بعد کفر کی حالت میں ﴿100﴾
وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ	اور کیسے تم کفر کرو گے حالانکہ تم (وہ ہو کہ)
تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ	تلاوت کی جاتی ہیں تم پر اللہ کی آیات
وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ	اور تم میں اس کا رسول (موجود) ہے۔
وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ	اور جو مضبوطی سے تھام لے گا اللہ (کے دامن) کو
فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿101﴾ ع (ع 10 10 1)	تو ضرور اسکو ہدایت مل جائے گی سیدھے راستے تک ﴿101﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے (ایسے) ڈرو
حَقَّ تُقٰتِهٖ	(جیسا کہ) اس سے ڈرنے کا حق ہے۔
وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا	اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے مگر
وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿102﴾	اس حال میں کہ تم مسلمان ہو۔ ﴿102﴾
وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا	اور تم مضبوطی سے تھام لو اللہ کی رسی کو سب (مل کر)
وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ	اور تفرقے میں نہ پڑو اور اللہ کی نعمت کو یاد کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِيْمَانِكُمْ، اٰمَنُوا : ایمان، مومن، امن۔
كٰفِرِيْنَ، تَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔
تُتْلٰى : تلاوت، وحی متلوّ۔
فِيْكُمْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
هُدِيَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
صِرَاطٍ : پل صراط۔

مُّسْتَقِيْمٍ : استقامت، خط مستقیم۔
اتَّقُوا، تُقٰتِهٖ : تقویٰ، متقی۔
تَمُوْتُنَّ : موت، میت، اموات۔
اِلَّا : الا قلیل، الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، جماعت، مجموعہ۔
تَفَرَّقُوْا : فرقہ، تفرقہ، تفریق۔
اذْكُرُوْا : ذکر، ذاکر، مذکورہ، تذکرہ۔

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ	كٰفِرِيْنَ (100)	وَكَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ	وَاَنْتُمْ
تمہارے ایمان لانے کے بعد	سب کو کفر کی حالت میں	اور کیونکر	تم سب کفر کروگے	حالانکہ تم

تُتْلٰى ①	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتُ اللّٰهِ ②	وَفِيْكُمْ	رَسُوْلُهٗ ط
تلاوت کی جاتی ہیں	تم پر	اللہ کی آیات	اور تم میں	اسکا رسول (موجود ہے)

وَمَنْ	يَّعْتَصِمْ ③	بِاللّٰهِ	فَقَدْ	هُدِيَ
اور جو	مضبوطی سے تھام لے گا	اللہ (کے دامن) کو	تو ضرور	اس کو ہدایت مل جائے گی

ع 10 10 1

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (101) ع	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ ④	اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ
سیدھے راستے تک	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	اللہ سے (ایسے) ڈرو

حَقَّ تُقٰتِهٖ	وَلَا تَمُوْتُنَّ ⑤	اِلَّا وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ (102)
حق ہے اس سے ڈرنے کا	اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے	مگر اس حال میں کہ تم	سب مسلمان ہو

وَ	اعْتَصِمُوْا	بِحَبْلِ اللّٰهِ	جَمِيْعًا
اور	تم سب مضبوطی سے تھام لو	اللہ کی رسی کو	سب (مل کر)

وَّ	لَا تَفَرَّقُوْا ⑥⑦ ص	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَتَ اللّٰهِ
اور	تم سب تفرقے میں نہ پڑو	اور تم سب یاد کرو	اللہ کی نعمت کو

ضروری وضاحت

① تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے اور علامت تـ پر پیش اور آخر سے پہلے کھڑی زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑤ فعل کے آخر میں نّ تاکید کی علامت ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑦ یہاں علامت تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

عَلَيۡكُمۡ اِذۡ كُنۡتُمۡ اَعۡدَآءً	(جو اس نے) تم پر کی جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے
فَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِكُمۡ	تو اس نے الفت ڈال دی تمہارے دلوں میں
فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِهٖۤ اِخۡوَانًا ۚ	تو تم ہو گئے اُس کی نعمت (مہربانی) سے بھائی بھائی
وَكُنۡتُمۡ عَلٰى شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ النَّارِ	اور تم (کھڑے) تھے آگ کے گڑھے کے کنارے پر
فَاَنۡقَذَكُمۡ مِّنۡهَا ؕ	تو اس نے بچا لیا تمہیں اس (دوزخ) سے
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ	اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے تمہارے لیے
اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ﴿103﴾	اپنی آیات تا کہ تم ہدایت پا جاؤ۔ ﴿103﴾
وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ	اور چاہیے کہ ہو تم میں سے ایک گروہ
يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ	وہ دعوت دیتے ہوں بھلائی کی طرف
وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ	اور وہ حکم دیتے ہوں نیکی کا
وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ ؕ	اور وہ روکتے ہوں برائی سے
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿104﴾	اور وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- عَلَيۡكُمۡ : علیحدہ، علی الاعلان علی العموم۔
- اَعۡدَآءً : عداوت، عدوّ (دشمن)۔
- فَاَلَّفَ : الفت، تالیف قلب۔
- بَيۡنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
- قُلُوۡبِكُمۡ : قلب وجگر، قلبی تعلق، امراض قلب۔
- اِخۡوَانًا : اخوت، مواخات (بھائی چارہ)۔
- النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
- يُبَيِّنُ : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بیّن۔
- تَهۡتَدُوۡنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
- يَّدۡعُوۡنَ : دعا، دعوت، مدعوّ، داعی الی الخیر۔
- يَاۡمُرُوۡنَ : امر، مامور، امارت، آمر۔
- بِالۡمَعۡرُوۡفِ : امر بالمعروف (نیکی)۔
- يَنۡهَوۡنَ : نہی عن المنکر (منع کرنا)۔
- الۡمُفۡلِحُوۡنَ : فلاح وبہبود، فلاحی ادارے، فلاح دارین۔

عَلَيْكُمْ	اِذْ كُنْتُمْ	اَعْدَآءً	فَاَلَّفَ	بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ
(جو اس نے کی) تم پر	جب تم تھے	دشمن	تو اس نے الفت ڈال دی	تمہارے دلوں میں

فَاَصْبَحْتُمْ	بِنِعْمَتِهٖٓ	اِخْوَانًا ج	وَكُنْتُمْ
تو ہو گئے تم	اس کی مہربانی سے	بھائی بھائی	اور تم (کھڑے) تھے

عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ ①	مِّنَ النَّارِ ②	فَاَنْقَذَكُمْ	مِّنْهَا ط
گڑھے کے کنارے پر	آگ کے	تو اس نے بچالیا تمہیں	اس (دوزخ) سے

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ③	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ ①	لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ④ (103)
اسی طرح	اللہ بیان کرتا ہے	تمہارے لیے	اپنی آیتیں	تا کہ تم سب ہدایت پا جاؤ

وَلْتَكُنْ ⑤	مِّنْكُمْ	اُمَّةٌ ①⑥	يَّدْعُوْنَ	اِلَى الْخَيْرِ
اور چاہیے کہ ہو	تم میں سے	ایک گروہ	وہ سب دعوت دیتے ہوں	بھلائی کی طرف

وَ	يَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ ⑦	وَ	يَنْهَوْنَ
اور	وہ سب حکم دیتے ہوں	نیکی کا	اور	وہ سب روکتے ہوں

عَنِ الْمُنْكَرِ ط	وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑧ (104)
برائی سے	اور	وہی لوگ	ہی سب فلاح پانے والے ہیں

ضروری وضاحت

① ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ③ یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ کُمْ اور تـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑤ تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑧ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

وَلَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ	اور تم مت ہو (ان لوگوں) کی طرح جو
تَفَرَّقُوۡا وَاخۡتَلَفُوۡا	فرقوں میں بٹ گئے اور وہ اختلاف کرنے لگے
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡبَيِّنٰتُ ؕ	اس کے بعد کہ آ گئے ان کے پاس روشن دلائل
وَاُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۙ﴿105﴾	اور وہی لوگ ہیں کہ انکے لیے بڑا عذاب ہے۔﴿105﴾
يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ	اس دن روشن ہوں گے کچھ چہرے
وَّتَسۡوَدُّ وُجُوۡهٌ ۚ	اور سیاہ ہوں گے کچھ چہرے
فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اسۡوَدَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ ۚ قف	پس رہے وہ لوگ سیاہ ہوں گے جن کے چہرے
اَكَفَرۡتُمۡ	(ان سے کہا جائے گا) کیا تم ہی نے کفر کیا تھا
بَعۡدَ اِيۡمَانِكُمۡ فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ	اپنے ایمان لانے کے بعد، تو مزہ چکھو عذاب کا
بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡفُرُوۡنَ ﴿106﴾	اس وجہ سے جو تم کفر کرتے تھے۔﴿106﴾
وَاَمَّا الَّذِيۡنَ ابۡيَضَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ	اور رہے وہ لوگ روشن ہوں گے جن کے چہرے
فَفِىۡ رَحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ	تو (یہ) اللہ کی رحمت میں ہوں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	تَبۡيَضُّ، ابۡيَضَّتۡ	ید بیضا، بیاض والاقرآن۔
تَفَرَّقُوۡا	فِرق، تفریق، فرقہ، تفرقہ۔	وُجُوۡهٌ، وُجُوۡهُهُمۡ	علی وجہ البصیرت، وجاہت۔
اخۡتَلَفُوۡا	اختلاف، مختلف، اختلافات۔	تَسۡوَدُّ، اسۡوَدَّتۡ	حجر اسود، مسودہ (کالا)۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	كَفَرۡتُمۡ، تَكۡفُرُوۡنَ	کفر، کافر، کفار۔
الۡبَيِّنٰتُ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	فَذُوۡقُوۡا	ذائقہ۔
عَظِيۡمٌ	عظمت، تعظیم، معظم۔	فَفِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَّوۡمَ	یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔	رَحۡمَةِ	رحمت، رحم، مرحوم، رحیم۔

وَلَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	تَفَرَّقُوْا ①	وَاخْتَلَفُوْا
اور تم سب مت ہو	ان لوگوں کی طرح جو	سب بٹ گئے (فرقوں میں)	اور اُن سب نے اختلاف کیا

مِنْۢ بَعْدِ مَا ②	جَآءَهُمُ	الْبَيِّنٰتُ ③ ط	وَاُولٰٓئِكَ
اس کے بعد کہ	آ گئے ان کے پاس	روشن دلائل	اور وہی لوگ ہیں کہ

لَهُمْ	عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿105﴾ لا	يَّوْمَ	تَبْيَضُّ ③
اُن کے لیے	بڑا عذاب	اس دن	روشن ہوں گے

وُجُوْهٌ ④	وَّتَسْوَدُّ ③	وُجُوْهٌ ④ ج	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اسْوَدَّتْ ③
کچھ چہرے	اور سیاہ ہوں گے	کچھ چہرے	پس رہے	وہ لوگ جن کے	سیاہ ہوں گے

وُجُوْهُهُمْ ⑤ قف	اَ	كَفَرْتُمْ	بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ
ان کے چہرے	(ان سے کہا جائے گا) کیا	تم نے کفر کیا تھا	اپنے ایمان لانے کے بعد

فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ⑥ ﴿106﴾	وَاَمَّا
تو تم سب مزہ چکھو	عذاب کا	اس وجہ سے جو	تم تھے سب کفر کرتے	اور رہے

الَّذِيْنَ	ابْيَضَّتْ ③	وُجُوْهُهُمْ ⑤	فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ③ ط
وہ لوگ جو	روشن ہوں گے	اُن کے چہرے	پس (یہ) اللہ کی رحمت میں ہوں گے

ضروری وضاحت

① تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اگر لفظ بَعْدِ کے بعد مَا ہو تو اس کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ③ ات، تَ، تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔ ⑤ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑥ تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿107﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿107﴾
تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا	یہ اللہ کی آیات ہیں (کہ) ہم تلاوت کرتے ہیں انکو
عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ	(جبریلؑ کی زبانی) آپ پر حق کے ساتھ
وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿108﴾	اور اللہ نہیں چاہتا ظلم کرنا جہان والوں پر۔ ﴿108﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ	اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿109﴾ ع 11 8 2	لوٹائے جاتے ہیں تمام معاملات۔ ﴿109﴾
كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ	ہو تم بہترین اُمت (جسے)
اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ	نکالا (پیدا کیا) گیا ہے لوگوں (کی اصلاح) کے لیے
تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ	(کہ) تم حکم دیتے ہو نیکی کا
وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ	اور تم روکتے ہو برائی سے
وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ	اور تم ایمان لاتے ہو اللہ پر،

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خٰلِدُوْنَ : خلد بریں، خالد۔
نَتْلُوْهَا : تلاوت، وحی متلوّ۔
يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، معنی مراد۔
لِّلْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔
مَا، فِي : ماحول، ماجرا، ماتحت/فی الحال، فی الفور۔
السَّمٰوٰتِ، الْاَرْضِ : کتب سماویہ، ارض وسما، اراضی۔
تُرْجَعُ : رجوع، رجعت پسندی، رجوع الی اللہ۔

الْاُمُوْرُ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔
خَيْرَ : خیر، خیریت، خیرات۔
اُخْرِجَتْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
تَاْمُرُوْنَ : امر، آمر، مامور، امارتِ اسلامی۔
تَنْهَوْنَ : نہی عن المنکر، نواہی (منع کرنا)۔
تُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿107﴾	تِلْكَ ①	اٰيٰتُ اللّٰهِ ②
وہ سب	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	یہ	اللہ کی آیات ہیں

نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ ؕ	وَمَا	اللّٰهُ
(کہ) ہم تلاوت کرتے ہیں وہ	(جبریلؑ کی زبانی) آپ پر	حق کے ساتھ	اور نہیں	اللہ

يُرِيْدُ ③	ظُلْمًا	لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿108﴾	وَلِلّٰهِ	مَا
چاہتا	ظلم کرنا	سب جہان والوں پر	اور اللہ ہی کے لیے ہے	جو (کچھ)

فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	وَ	اِلَى اللّٰهِ
آسمانوں میں ہے	اور جو (کچھ)	زمین میں ہے	اور	اللہ (ہی) کی طرف

ع 11 8 2

تُرْجَعُ ④	الْاُمُوْرُ ﴿109﴾ ع	كُنْتُمْ	خَيْرَ اُمَّةٍ ②
لوٹائے جاتے ہیں	تمام معاملات	ہو تم	بہترین اُمت

اُخْرِجَتْ ②	لِلنَّاسِ	تَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ ⑤
نکالی گئی	لوگوں (کی اصلاح) کے لیے	(کہ) تم سب حکم دیتے ہو	نیکی کا

وَتَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَ	تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ ⑤ ؕ
اور تم سب روکتے ہو	برائی سے	اور	تم سب ایمان لاتے ہو	اللہ پر

ضروری وضاحت

①تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے، عموماً بات میں تاکید کا مفہوم شامل کرنے کے لیے ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ استعمال ہوتا ہے۔② ۃ، ات اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے (عموماً جمع کے ساتھ فعل واحد مؤنث آتا ہے)۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بوجہ کیا جاتا ہے۔

وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ	اور اگر ایمان لے آتے اہل کتاب
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ	(تو) یقیناً بہتر ہوتا ان کے لیے
مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ	اُن میں سے کچھ ایمان لے آئے ہیں
وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿110﴾	اور اُن کی اکثریت نافرمان ہی ہے۔ ﴿110﴾
لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ	وہ (یہودی) ہرگز نہیں تمہارا نقصان کر سکتے
اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ	سوائے (معمولی) تکلیف کے اور اگر
يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ قف	یہ تم سے لڑیں (تو) تم سے پیٹھ پھیر (کر بھاگ) جائیں گے
ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿111﴾	پھر ان کی مدد بھی نہیں کی جائے گی۔ ﴿111﴾
ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا	مسلط کر دی گئی اُن پر ذلت جہاں بھی
ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ	وہ پائے جائیں مگر پناہ لینے کی وجہ سے اللہ کی
وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ	اور پناہ لینے (کی وجہ سے) لوگوں کی
وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ	اور وہ حقدار بن چکے ہیں اللہ کے غضب کے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنَ، الْمُؤْمِنُوْنَ: ایمان، مومن، امن۔

اَهْلُ : اہل وعیال، اہلیہ۔

خَيْرًا : خیر، خیریت، خیرات۔

اَكْثَرُهُمْ : کثیر، کثرت، اکثر۔

الْفٰسِقُوْنَ : فاسق وفاجر، فسق وفجور (گناہگار)۔

يَّضُرُّوْكُمْ : ضرر، مضرِ صحت، ضرر رساں۔

اِلَّآ : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔

اَذًى : ایذا، موذی، اذیت ناک۔

يُّقَاتِلُوْكُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔

يُنْصَرُوْنَ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔

عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

الذِّلَّةُ : ذلت ورسوائی، ذلالت، ذلیل۔

النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔

بِغَضَبٍ : غضب، غضبناک۔

وَلَوْ	اٰمَنَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	لَكَانَ	خَيْرًا
اور اگر	ایمان لے آتے	اہل کتاب	(تو) یقیناً ہوتا	بہتر

لَّهُمْ ؕ	مِنْهُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ ①	وَ	اَكْثَرُهُمُ
اُن کے لیے	ان میں سے (کچھ)	ایمان والے ہیں	اور	اُن کی اکثریت

الْفٰسِقُوْنَ (110)	لَنْ	يَّضُرُّوْكُمْ	اِلَّآ اَذًى ؕ
سب نافرمان ہیں	ہرگز نہیں	وہ سب تمہارا نقصان کرسکتے	سوائے (معمولی) تکلیف کے

وَاِنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ ②	يُوَلُّوْكُمُ ②	الْاَدْبَارَ قف	ثُمَّ
اور اگر	وہ سب لڑیں تم سے	(تو) وہ سب بھاگ جائیں گے تم سے	پیٹھ پھیر کر	پھر

لَا يُنْصَرُوْنَ ③ (111)	ضُرِبَتْ ④	عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ ④	اَيْنَ مَا
وہ سب مدد نہیں کیے جائیں گے	مسلط کردی گئی ہے	ان پر	ذلت	جہاں بھی

ثُقِفُوْٓا	اِلَّا	بِحَبْلٍ ⑤	مِّنَ اللّٰهِ	وَحَبْلٍ ⑤
(یہ) سب پائے جائیں	مگر	پناہ کی وجہ سے	اللہ (کی طرف) سے	اور پناہ (کی وجہ سے)

مِّنَ النَّاسِ	وَبَآءُوْ	بِغَضَبٍ ⑥	مِّنَ اللّٰهِ
لوگوں (کی طرف) سے	اور وہ سب حقدار بن چکے ہیں	غضب میں	اللہ (کی طرف) سے

ضروری وضاحت

① وْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، یہاں اس کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہوتو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔③ فعل کے شروع میں "یـ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔④ تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ حَبْلٌ کا معنی رسی ہے لیکن یہاں اس سے مراد امان، عہد یا پناہ ہے۔⑥ یہاں علامت بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

وَضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ الۡمَسۡكَنَةُ ؕ	اور مسلط کر دی گئی ہے اُن پر محتاجی
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ	یہ اس لیے کہ بیشک وہ انکار کرتے تھے
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقۡتُلُوۡنَ الۡاَنۡۢبِيَآءَ	اللہ کی آیات کا اور قتل کرتے تھے انبیاء کو
بِغَيۡرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوۡا	ناحق، یہ اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے
وَّكَانُوۡا يَعۡتَدُوۡنَ ﴿112﴾ ق	اور حدود سے نکل جاتے تھے۔ ﴿112﴾
لَيۡسُوۡا سَوَآءً ؕ مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ	(یہ) سب ایک جیسے نہیں ہیں (بلکہ) اہل کتاب میں سے
اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ	ایک گروہ (حق پر) قائم رہنے والا ہے
يَّتۡلُوۡنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيۡلِ	وہ اللہ کی آیات پڑھتے ہیں رات کے اوقات میں
وَهُمۡ يَسۡجُدُوۡنَ ﴿113﴾	اس حال میں کہ وہ (اسکے آگے) سجدہ کرتے ہیں ﴿113﴾
يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ	وہ ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور روز آخرت (پر)
وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ	اور وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں
وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ	اور برائی سے روکتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔
پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے مفتاح والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔

''مصباح القرآن'' ترجمہ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی ومفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روزمرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں تاکہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی ''مفتاح'' کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں الجھانے اوران کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ ''مصباح القرآن'' کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل وتقویٰ اور صلاح وفلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین ودنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور و فکر کرنے پر مجبور کیئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل و کرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے تا کہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے پانچویں پارے کا یہ پہلا ایڈیشن ہے جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاءاللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین!

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشئون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اردو میں ان کے استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔ ہر سیاہ لفظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت، نیچے دیئے گئے حاشیہ کو ضرور پڑھیں۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اس طرح اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ	اور عورتوں میں سے شوہر والی (عورتیں بھی حرام ہیں)
اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ	مگر (وہ لونڈیاں) جسکے مالک ہو جائیں تمہارے دائیں ہاتھ
كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ	حکم ہے اللہ کا تم پر، اور حلال کر دی گئیں
لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ	تمہارے لیے جو اس کے علاوہ ہیں
اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ	(اس طرح) کہ تم حاصل کرو (اُنہیں) اپنے مالوں سے
مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ	(بشرطیکہ آپ) نکاح میں لانیوالے ہوں نہ کہ بدکاری کرنیوالے
فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ	پھر جو تم فائدہ اُٹھاؤ اس (مہر) کے بدلے ان سے
فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ	تو تم دو اُنہیں اُن کے مہر (بطور) فرض
وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا	اور کوئی گناہ نہیں تم پر (اس بارے) میں جو
تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ	تم باہمی رضامندی سے (تو کمی بیشی) کرلو اس (مہر) سے
مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ	مقرر کرنے کے بعد
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿24﴾	بیشک اللہ ہے خوب علم والا خوب حکمت والا۔ ﴿24﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَّ : شام وسحر، شان وشوکت، زمین وآسمان۔
مِنَ : منجانب، اظہر من الشّمس، من وعن۔
النِّسَآءِ : نسوانی امراض، تربیت نسواں، نسوانیت۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الاقلیل۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مَلَكَتْ : مالک، ملکیت، املاک۔
اَيْمَانُكُمْ : یمین ویسار، میمنہ میسرہ۔
اُحِلَّ : حلال، حلت وحرمت، حرام وحلال۔

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِاَمْوَالِكُمْ : مال ودولت، مالیت، اموال۔
وَرَآءَ : ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
غَيْرَ : دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔
اُجُوْرَهُنَّ : اجر، اُجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔
تَرٰضَيْتُمْ : رضا، راضی، مرضی، رضامندی۔
عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
حَكِيْمًا : حکمت، حکیم، حکما۔

وَّالۡمُحۡصَنٰتُ①	مِنَ النِّسَآءِ	اِلَّا مَا	مَلَكَتۡ①
اور شوہر والی	عورتوں میں سے	مگر جس کے	مالک ہو جائیں

اَيۡمَانُكُمۡ② ج	كِتٰبَ اللّٰهِ③	عَلَيۡكُمۡ ج	وَاُحِلَّ	لَكُمۡ
تمہارے دائیں ہاتھ	حکم ہے اللہ کا	تم پر	اور حلال کر دی گئیں	تمہارے لیے

مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمۡ④	اَنۡ	تَبۡتَغُوۡا	بِاَمۡوَالِكُمۡ
جو اس کے علاوہ ہیں	(اس طرح) کہ	تم سب حاصل کرو (انہیں)	اپنے مالوں سے

مُّحۡصِنِيۡنَ	غَيۡرَ مُسٰفِحِيۡنَ ط	فَمَا	اسۡتَمۡتَعۡتُمۡ⑤	بِهٖ
سب نکاح میں لانیوالے ہوں	نہ کہ سب بدکاری کرنیوالے	پھر جو	تم فائدہ حاصل کرو	اسکے بدلے

مِنۡهُنَّ⑥	فَاٰتُوۡهُنَّ⑥	اُجُوۡرَهُنَّ⑥	فَرِيۡضَةً① ط	وَلَا جُنَاحَ
ان سے	تو تم سب دو انہیں	اُن کے مہر	(بطور) فرض	اور کوئی گناہ نہیں

عَلَيۡكُمۡ	فِيۡمَا	تَرٰضَيۡتُمۡ⑦	بِهٖ	مِنۡۢ بَعۡدِ الۡفَرِيۡضَةِ①⑧ ط
تم پر	(اس) میں جو	تم باہمی راضی ہو (کمی بیشی کرلو)	اس سے	مقرر کرنے کے بعد

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيۡمًا	حَكِيۡمًا (24)
بیشک	اللہ	ہے	خوب علم والا	حکمت والا

ضروری وضاحت

① ات، ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② یہ لفظ یَمِیۡنٌ کی جمع اَیۡمَانُکُمۡ ہے، اِیۡمَانُکُمۡ اور لفظ ہے۔③ کِتٰبَ اللّٰهِ کا لفظی ترجمہ اللہ کی لکھی ہوئی کتاب یا فرض کی ہوئی چیز ہے۔④ جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمۡ ہو جاتا ہے۔⑤ اِسۡتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔
⑦ اس فعل میں موجود تـ اور "کھڑی زبر" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑧ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا	اور جو نہ رکھتا ہو تم میں سے قدرت
اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ	کہ وہ نکاح کر سکے ایمان والی آزاد عورتوں سے
فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ	تو ان سے (نکاح کرلے) جنکے مالک بنے ہیں
اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ	تمہارے دائیں ہاتھ تمہاری ایمان والی کنیزوں سے
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ	اور اللہ خوب جاننے والا ہے تمہارے ایمان کو
بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ	تمہارے بعض بعض سے ہیں (تم ایک دوسرے میں سے ہو)
فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ	تو نکاح کرلو ان (لونڈیوں) سے انکے مالکوں کی اجازت سے
وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ	اور تم دو انہیں اُن کے مہر دستور کے مطابق
مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ	(وہ لونڈیاں) پاکدامن ہوں نہ کہ بدکاری کرنے والی
وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ	اور نہ بنانے والی ہوں چھپے دوست
فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ	پھر جب نکاح میں آجائیں پھر اگر ارتکاب کریں
بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا	بدکاری کا تو ان پر آدھی (سزا) ہے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَسْتَطِعْ : استطاعت۔
مِنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
يَّنْكِحَ، فَانْكِحُوْ : نکاح، منکوحہ، نکاح خواں۔
الْمُؤْمِنٰتِ : ایمان، مومن، امن۔
مَّا : ماحول، ماتحت، ماورائے آئین۔
مَلَكَتْ : مالک، ملکیت، املاک۔
اَيْمَانُكُمْ : یمین و یسار، میمنہ میسرہ۔
اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

بَعْضُكُمْ : بعض لوگ، بعض باتیں۔
بِاِذْنِ : اذن عام، باذن اللہ۔
اَهْلِهِنَّ : اہل و عیال، اہل خانہ۔
بِالْمَعْرُوْفِ : معروف شہر، مشہور و معروف کمپنی، عرف عام۔
غَيْرَ : غیر اللہ، دیارِ غیر، اغیار۔
مُتَّخِذٰتِ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
فَعَلَيْهِنَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نِصْفُ : نصف (آدھا)۔

وَمَنْ	لَّمْ يَسْتَطِعْ ①	مِنْكُمْ	طَوْلًا	اَنْ	يَّنْكِحَ
اور جو	نہ رکھتا ہو	تم میں سے	قدرت	کہ	وہ نکاح کر سکے

الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ ②③	فَمِنْ مَّا	مَلَكَتْ ③	اَيْمَانُكُمْ ④
ایمان والی آزاد عورتوں سے	تو (ان) سے (نکاح کرلے) جو	مالک بنے ہیں	تمہارے دائیں ہاتھ

مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ	الْمُؤْمِنٰتِ ③ ط	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ ⑤	بِاِيْمَانِكُمْ ط
تمہاری کنیزوں سے	ایمان والی	اور اللہ	خوب جاننے والا ہے	تمہارے ایمان کو

بَعْضُكُمْ	مِّنْۢ بَعْضٍ ج	فَانْكِحُوْهُنَّ ⑥	بِاِذْنِ	اَهْلِهِنَّ ⑥
تمہارے بعض	بعض سے ہیں	تو تم سب نکاح کرلو اُن (لونڈیوں) سے	اجازت سے	اُن کے مالکوں کی

وَاٰتُوْهُنَّ ⑥	اُجُوْرَهُنَّ ⑥	بِالْمَعْرُوْفِ	مُحْصَنٰتٍ ②③
اور تم سب دو اُنہیں	اُن کے مہر	دستور کے مطابق	وہ (لونڈیاں) پاکدامن ہوں

غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ ③	وَّلَا	مُتَّخِذٰتِ ③	اَخْدَانٍ ⑦ ج	فَاِذَآ
نہ کہ بدکاری کرنے والی	اور نہ	بنانے والی ہوں	چھپے دوست	پھر جب

اُحْصِنَّ ⑧	فَاِنْ	اَتَيْنَ ③	بِفَاحِشَةٍ ③	فَعَلَيْهِنَّ	نِصْفُ	مَا
نکاح میں آجائیں	پھر اگر	ارتکاب کریں	بدکاری کا	تو اُن پر	آدھی (سزا) ہے	جو

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② اسلام میں مُحْصَنَاتٌ کے چار مفہوم ہیں (1) شادی شدہ عورتیں (2) آزاد عورتیں (3) پاک دامن عورتیں (4) مسلمان عورتیں۔ ③ ات، ة، تْ اور ـُ نَ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ یہ لفظ یَمِیْنٌ کی جمع اَیْمَانُکُمْ ہے۔ ⑤ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑥ هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ⑦ اَخْدَانٍ یہ لفظ خِدْنٌ کی جمع ہے۔ ⑧ اُحْصِنَّ کا لفظی ترجمہ گھیر لی جائیں ہے، مراد نکاح میں آجائیں ہے۔

عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ	آزاد عورتوں پر سزا ہے
ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ	یہ (لونڈیوں سے نکاح کی اجازت) اُس کیلیئے ہے جو ڈرے
الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ	گناہ میں پڑ جانے سے تم میں سے
وَ اَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ	اور یہ کہ تم صبر کرو (تو یہ) تمہارے لیے بہت بہتر ہے
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿25﴾ ع	اور اللہ خوب بخشنے والا مہربانی کرنے والا ہے۔ ﴿25﴾ ع
يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ	اللہ چاہتا ہے کہ وہ بیان کردے (اپنی آیات) تم سے
وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ	اور ہدایت دے تمہیں (ان لوگوں کے) طریقوں کی جو
مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ	تم سے پہلے (گزرے) اور وہ مہربانی کرے تم پر
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿26﴾	اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے۔ ﴿26﴾
وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ قف	اور اللہ چاہتا ہے کہ وہ مہربانی کرے تم پر
وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ	اور چاہتے ہیں وہ لوگ جو خواہشات کی پیروی کرتے ہیں
اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿27﴾	کہ تم جھک جاؤ (گناہ کی طرف) بہت زیادہ جھکنا۔ ﴿27﴾

ع 4/3/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَهْدِيَكُمْ	ہدایت، ہادی برحق۔
مِنَ	منجانب، من جملہ، من وعن۔	سُنَنَ	سنت، مسنون، سنت نبوی۔
خَشِيَ	خشیتِ الٰہی (خوف الٰہی)۔	يَتُوْبَ	توبہ، تائب۔
تَصْبِرُوْا	صبر، صابر، صبر وثبات۔	عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
خَيْرٌ	خیر وعافیت، خیریت۔	يَتَّبِعُوْنَ	اتباع، متبع سنت، تابع فرمان۔
غَفُوْرٌ	مغفرت، استغفار۔	الشَّهَوٰتِ	شہوت (خواہش)۔
يُرِيْدُ	ارادہ، مرید۔	تَمِيْلُوْا	مائل ہونا، میلان (جھکنا)۔
لِيُبَيِّنَ	بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔	عَظِيْمًا	عظیم، عظمت، اعظم، معظم، تعظیم۔

عَلَى الْمُحْصَنٰتِ ①	مِنَ الْعَذَابِ ط ②	ذٰلِكَ ③	لِمَنْ	خَشِيَ
آزاد عورتوں پر	سزا ہے	یہ	(اُس) کے لیے ہے جو	ڈرے

الْعَنَتَ	مِنْكُمْ ط	وَاَنْ	تَصْبِرُوْا	خَيْرٌ	لَّكُمْ ط
گناہ میں پڑ جانے سے	تم میں سے	اور یہ کہ	تم سب صبر کرو	(تو یہ) بہتر ہے	تمہارے لیے

ع 4/3/1

وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ ④	رَّحِيْمٌ ④ ع 25	يُرِيْدُ اللّٰهُ ⑤	لِيُبَيِّنَ
اور اللہ	خوب بخشنے والا	بہت مہربانی کرنے والا ہے	اللہ چاہتا ہے	کہ وہ بیان کر دے

لَكُمْ	وَيَهْدِيَكُمْ	سُنَنَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
تمہارے لیے	اور وہ ہدایت دے تمہیں	طریقوں کی	(ان لوگوں کے) جو	تم سے پہلے (گزرے)

وَ	يَتُوْبَ ⑥	عَلَيْكُمْ ط	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ ④	حَكِيْمٌ ④ 26
اور	وہ رجوع کرے	تم پر	اور اللہ	خوب جاننے والا	خوب حکمت والا ہے

وَاللّٰهُ	يُرِيْدُ ⑤	اَنْ يَّتُوْبَ	عَلَيْكُمْ قف	وَيُرِيْدُ ⑤	الَّذِيْنَ
اور اللہ	چاہتا ہے	کہ وہ رجوع کرے	تم پر	اور چاہتے ہیں	(وہ لوگ) جو

يَتَّبِعُوْنَ	الشَّهَوٰتِ	اَنْ	تَمِيْلُوْا	مَيْلًا	عَظِيْمًا 27
وہ سب پیروی کرتے ہیں	خواہشات کی	کہ	تم سب جھک جاؤ	جھکنا	بہت زیادہ

ضروری وضاحت

①ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② یہاں مِنْ اور یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔⑤ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ يَتُوْبَ کا ترجمہ رجوع کرے یا متوجہ ہو ہے یہاں مراد وہ مہربانی کرے ہے۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ	اللہ چاہتا ہے کہ ہلکا کرے تم سے (بوجھ)
وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿28﴾	اور پیدا کیا گیا ہے انسان (طبعاً) کمزور۔ ﴿28﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! مت کھاؤ
اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ	اپنے مال تم آپس میں باطل طریقے سے
اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً	مگر یہ کہ ہو تجارت (کالین دین)
عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۟ قف	باہمی رضامندی سے تمہاری (طرف) سے
وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ	اور نہ قتل کرو اپنے آپ کو
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿29﴾	بے شک اللہ تم پر ہے بڑا مہربان۔ ﴿29﴾
وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا	اور جو ایسا کرے گا زیادتی اور ظلم کرتے ہوئے
فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ؕ	تو عنقریب ہم داخل کریں گے اُسے آگ میں
وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿30﴾	اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔ ﴿30﴾
اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ	اگر تم اجتناب کرو گے کبیرہ گناہوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	تَرَاضٍ : رضا، رضائے الٰہی، راضی، مرضی۔
يُخَفِّفَ : خفیف، مخفف، تخفیف (ہلکا)۔	تَقْتُلُوْۤا : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
خُلِقَ : خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔	عُدْوَانًا : عداوت، اعداء۔
ضَعِيْفًا : ضعیف، ضعیف العمر، ضعف۔	ظُلْمًا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اٰمَنُوْا : ایمان، مومن، امن۔	نُصْلِيْهِ : واصل، وصول، وصال۔
تَاْكُلُوْۤا : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔	يَسِيْرًا : یسرنا القرآن، میسر۔
بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔	تَجْتَنِبُوْا : اجتناب (بچنا)۔
اِلَّاۤ : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	كَبَآئِرَ : کبیر، کبیرہ، تکبر، متکبر، کبار علمائے کرام۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ ①	اَنْ	يُّخَفِّفَ	عَنْكُمْ ج	وَ خُلِقَ ②
اللہ چاہتا ہے	کہ	وہ ہلکا کرے	تم سے (بوجھ)	اور پیدا کیا گیا ہے

الْاِنْسَانُ	ضَعِيْفًا (28)	يٰۤاَيُّهَا ③	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَاْكُلُوْۤا ④
انسان	(طبعاً) کمزور	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	نہ تم سب کھاؤ

اَمْوَالَكُمْ	بَيْنَكُمْ	بِالْبَاطِلِ	اِلَّاۤ اَنْ	تَكُوْنَ ⑤	تِجَارَةً ⑤
اپنے مال	اپنے درمیان	باطل طریقے سے	مگر یہ کہ	ہو	تجارت

عَنْ تَرَاضٍ ⑥	مِّنْكُمْ قف	وَلَا	تَقْتُلُوْۤا ④	اَنْفُسَكُمْ ط
باہمی رضامندی سے	تمہاری (طرف) سے	اور نہ	تم سب قتل کرو	اپنے آپ کو

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيْمًا (29)	وَمَنْ	يَّفْعَلْ ①	ذٰلِكَ ⑦
بیشک اللہ	ہے	تم پر	بڑا مہربان	اور جو	کرے گا	یہ

عُدْوَانًا	وَّظُلْمًا	فَسَوْفَ	نُصْلِيْهِ	نَارًا ط	وَكَانَ
زیادتی	اور ظلم کرتے ہوئے	تو عنقریب	ہم داخل کریں گے اُسے	آگ میں	اور ہے

ذٰلِكَ ⑦	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرًا (30)	اِنْ	تَجْتَنِبُوْا	كَبَآئِرَ
یہ	اللہ پر	بہت آسان	اگر	تم سب اجتناب کرو گے	کبیرہ گناہوں سے

ضروری وضاحت

①یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔②فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔③یا اور اَیُّھا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔④لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤تَ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ذٰلِکَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کردیا جاتا ہے۔

مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ	جن سے (کہ) تم منع کیے جاتے ہو اُس سے
نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ	(تو) ہم مٹا دیں گے تم سے تمہارے (صغیرہ) گناہ
وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿31﴾	اور ہم داخل کریں گے تمہیں عزت کی جگہ میں۔ ﴿31﴾
وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ	اور تم مت تمنا کرو اس کی جو فضیلت دی ہے اللہ نے
بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ	اس کی تم میں سے بعض کو بعض پر
لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا	مَردوں کے لیے حصہ ہے (اُس) سے جو
اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ	اُنہوں نے کمایا، اور عورتوں کے لیے حصہ ہے
مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ	(اُس) سے جو اُنہوں نے کمایا ہے
وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ	اور مانگتے رہو اللہ سے اُس کا فضل
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿32﴾	بے شک اللہ ہے ہر چیز کو خوب جاننے والا۔ ﴿32﴾
وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ	اور ہر ایک کے لیے ہم نے بنا دیے حقدار (ورثا)
مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ	(اُس) سے جو چھوڑ جائیں والدین

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا	ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔	لِلرِّجَالِ	قحط الرجال، رجالِ کار۔
تُنْهَوْنَ	نہی عن المنکر، منہیات۔	نَصِيْبٌ	نصیب اپنا اپنا، باادب بانصیب۔
نُكَفِّرْ	کفارہ، کفارۂ مجلس۔	اكْتَسَبُوْا	کسب حلال، کسب حرام۔
سَيِّاٰتِكُمْ	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔	لِلنِّسَآءِ	نسوانت، حقوق نسواں، تربیت نسواں۔
نُدْخِلْكُمْ	داخل، دخول، وزیر داخلہ۔	عَلِيْمًا	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
كَرِيْمًا	کرم، کریم، اکرام، مکرم۔	مَوَالِيَ	ولی وارث، والی۔
تَتَمَنَّوْا	تمنا، متمنی شرکت۔	تَرَكَ	ترکہ، ترکِ وطن، تارک دنیا۔
فَضَّلَ	فضل، افضل، فضیلت، فاضل۔	الْوَالِدٰنِ	والد، والدین۔

مَا	تُنْهَوْنَ	عَنْهُ	نُكَفِّرْ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ ①
جو (کہ)	تم سب منع کیے جاتے ہو	اُن سے	(تو) ہم مٹا دیں گے	تم سے	تمہارے گناہ

وَ	نُدْخِلْكُمْ	مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿31﴾	وَ	لَا تَتَمَنَّوْا ②
اور	ہم داخل کریں گے تمہیں	عزت کی جگہ	اور	مت تم سب تمنا کرو

مَا	فَضَّلَ	اللّٰهُ	بِهٖ	بَعْضَكُمْ	عَلٰى بَعْضٍ ؕ
(اس کی) جو	فضیلت دی ہے	اللہ نے	اس کی	تم میں سے بعض کو	بعض پر

لِلرِّجَالِ	نَصِيْبٌ	مِّمَّا ③	اكْتَسَبُوْا ؕ	وَلِلنِّسَآءِ	نَصِيْبٌ
مردوں کے لیے	حصہ ہے	(اُس) سے جو	اُن سب نے کمایا	اور عورتوں کے لیے	حصہ ہے

مِّمَّا	اكْتَسَبْنَ ؕ ④	وَسْئَلُوا	اللّٰهَ	مِنْ فَضْلِهٖ ؕ ⑤
(اُس) سے جو	اُنہوں نے کمایا ہے	اور سب مانگتے رہو	اللہ سے	اُس کا فضل

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا ⑥ ﴿32﴾	وَ	لِكُلٍّ
بیشک اللہ	ہے	ہر چیز کو	خوب جاننے والا	اور	ہر ایک کے لیے

جَعَلْنَا	مَوَالِيَ	مِمَّا ③	تَرَكَ	الْوَالِدٰنِ ⑦
ہم نے بنا دیے	حقدار (وارث)	(اُس) سے جو	چھوڑ جائیں	والدین

ضروری وضاحت

① ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ④ ـْـنَ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔ ⑦ اسم کے آخر میں انِ یا ـٰـنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ	اور قریبی رشتہ دار، اور جن سے عہد کیا ہے
اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ	تمہاری قسموں نے تو تم دو اُنہیں اُن کا حصہ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدًا ع ﴿33﴾	بے شک اللہ تعالیٰ ہے ہر چیز پر گواہ۔ ع ﴿33﴾
اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا	مَرد حاکم ہیں عورتوں پر (اس) وجہ سے جو
فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	فضیلت دی اللہ نے اُن میں سے بعض کو بعض پر
وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ	اور (اس) وجہ سے جو انہوں نے خرچ کیا اپنے مالوں سے
فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ	پس نیک عورتیں (شوہروں کی) فرمانبردار ہوتی ہیں
حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ	حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں (انکی) عدم موجودگی میں
بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ	(اس) وجہ سے جو حفاظت کی اللہ تعالیٰ نے (اُن کی)
وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ	اور وہ عورتیں جو (کہ) تم ڈرتے ہو اُنکی سرکشی سے
فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ	تو سمجھاؤ اُنہیں اور (اگر باز نہ آئیں تو) چھوڑ دو اُنہیں (تنہا)
فِى الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ	بستروں میں اور (اگر پھر بھی باز نہ آئیں تو) مارو اُنہیں

ع 5/8 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْاَقْرَبُوْنَ : قریبی، قرابت دار، اقربا پروری۔	فَضَّلَ : فضل، فضیلت، فضائل، افضل۔
عَقَدَتْ : عقد نکاح، عقد ثانی۔	اَنْفَقُوْا : انفاق، نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
اَيْمَانُكُمْ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔	فَالصّٰلِحٰتُ : اولادِ صالح، سلف صالحین، اعمال صالحہ۔
نَصِيْبَهُمْ : نصیب اپنا اپنا، باادب بانصیب۔	لِّلْغَيْبِ : غیب، غائب، علم غیب۔
عَلٰى : علیحدہ، علی ہذا القیاس، علی الاعلان۔	تَخَافُوْنَ : خوف، خائف۔
شَهِيْدًا : شاہد، شہادت، مشہود۔	فَعِظُوْهُنَّ : وعظ ونصیحت، واعظ، واعظین کرام۔
اَلرِّجَالُ : قحط الرجال، رجال کار۔	اهْجُرُوْهُنَّ : ہجر، ہجرت، مہاجر (چھوڑنا)۔
النِّسَآءِ : تربیت نسواں، نسوانیت۔	اضْرِبُوْهُنَّ : ضرب کاری، ضرب مومن۔

وَالْاَقْرَبُوْنَ ط	وَالَّذِيْنَ	عَقَدَتْ ①	اَيْمَانُكُمْ ②
اور سب قریبی رشتہ دار	اور جن (لوگوں سے)	عہد کیا ہے	تمہاری قسموں نے

فَاٰتُوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ ط	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
تو تم سب دو اُنہیں	اُن کا حصہ	بیشک اللہ تعالیٰ	ہے	ہر چیز پر

ع 5 8 2

شَهِيْدًا ﴿33﴾ ع	اَلرِّجَالُ	قَوّٰمُوْنَ	عَلَى النِّسَآءِ	بِمَا
گواہ	مرد	سب حاکم ہیں	عورتوں پر	(اس) وجہ سے جو

فَضَّلَ اللّٰهُ	بَعْضَهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	وَّبِمَآ	اَنْفَقُوْا
فضیلت دی اللہ نے	اُن کے بعض کو	بعض پر	اور (اس) وجہ سے جو	اُن سب نے خرچ کیا

مِنْ اَمْوَالِهِمْ ط	فَالصّٰلِحٰتُ ①	قٰنِتٰتٌ ①	حٰفِظٰتٌ ①	لِّلْغَيْبِ
اپنے مالوں سے	پس نیک عورتیں	فرمانبردار ہوتی ہیں	حفاظت کرنیوالی ہوتی ہیں	عدم موجودگی میں

بِمَا	حَفِظَ اللّٰهُ ط	وَالّٰتِيْ	تَخَافُوْنَ	نُشُوْزَهُنَّ
(اس) وجہ سے جو	حفاظت کی اللہ نے (انکی)	اور (وہ عورتیں) جو (کہ)	تم سب ڈرتے ہو	اُنکی سرکشی سے

فَعِظُوْهُنَّ	وَاهْجُرُوْهُنَّ	فِي الْمَضَاجِعِ	وَاضْرِبُوْهُنَّ ج
تو تم سب سمجھاؤ اُنہیں	اور تم سب چھوڑ دو اُنہیں (تنہا)	بستروں میں	اور تم سب مارو اُنہیں

ضروری وضاحت

① تٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہ یَمِیْنٌ کی جمع ہے جس کا ترجمہ کبھی قسم اور کبھی دایاں ہاتھ مراد ہوتا ہے، یہاں اس سے قسمیں مراد ہیں عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ کا مفہوم تمہاری قسموں نے باندھا ہو ہے۔ ابتدائے جاہلیت میں دو شخص آپس میں حلف کے ذریعے عقد کرتے تھے اور ایک دوسرے کی مدد کرتے اور ایک دوسرے کے وارث بھی بنتے تھے، یہ ابتدائے اسلام میں جائز تھا پھر سورۃ انفال کی آیت نمبر 75 سے اسے منسوخ کر دیا گیا۔

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ	پھر اگر اطاعت کرنے لگیں وہ تمہاری
فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ	تو نہ تلاش کرو اُن پر (زیادتی کا) راستہ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿34﴾	بیشک اللہ تعالیٰ ہے بلند و بالا بہت بڑا۔ ﴿34﴾
وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا	اور اگر تمہیں ڈر ہو ان دونوں کے درمیان اختلاف کا
فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ	تو مقرر کرو ایک منصف اس (خاوند) کے خاندان سے
وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ	اور ایک منصف اس (بیوی) کے خاندان سے
اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا	اگر وہ دونوں چاہیں گے اصلاح (تو)
يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ	اللہ موافقت پیدا کر دے گا ان دونوں کے درمیان
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿35﴾	بیشک اللہ ہے خوب علم رکھنے والا خوب خبر دار۔ ﴿35﴾
وَاعْبُدُوا اللّٰهَ	اور تم عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی
وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا	اور نہ تم شریک بناؤ اُس کے ساتھ کسی کو
وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا	اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَطَعْنَكُمْ	اطاعت و فرمانبرداری، مطیع۔	حَكَمًا	حاکم، محکوم، حکمران۔
عَلَيْهِنَّ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَهْلِهٖ	اہلیہ، اہل وعیال، اہل بیت۔
سَبِيْلًا	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	يُّرِيْدَآ	ارادہ، مرید، مراد۔
عَلِيًّا	عالی شان، علوّ و منزلت، اللہ تعالیٰ۔	اِصْلَاحًا	صلح، اصلاح، مصلح۔
كَبِيْرًا	اکبر، تکبیر، تکبر، کبیرہ۔	يُّوَفِّقِ	توفیق، موافقت، اتفاق۔
خِفْتُمْ	خوف، خائف، خوفناک، خوفزدہ۔	اعْبُدُوا	عبادت، عابد، معبود۔
بَيْنِهِمَا	بین الاقوامی، بین بین، بین السطور۔	تُشْرِكُوْا	شرک، مشرک، مشرکین مکہ۔
فَابْعَثُوْا	بعثت، مبعوث۔	اِحْسَانًا	احسان، محسن، حسن سلوک۔

فَاِنْ	اَطَعْنَكُمْ ①	فَلَا تَبْغُوْا ②	عَلَيْهِنَّ ③	سَبِيْلًا ط
پھر اگر	اطاعت کرنے لگیں وہ تمہاری	تو نہ تم سب تلاش کرو	اُن پر	(زیادتی کا) راستہ

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيًّا	كَبِيْرًا (34)	وَاِنْ	خِفْتُمْ
بیشک اللہ تعالیٰ	ہے	بلند و بالا	(اور) بہت بڑا	اور اگر	تمہیں ڈر ہو

شِقَاقَ	بَيْنِهِمَا	فَابْعَثُوْا	حَكَمًا	مِّنْ اَهْلِهٖ ④
اختلاف کا	اُن دونوں کے درمیان	تو تم سب مقرر کرو	ایک منصف	اُس کے خاندان سے

وَحَكَمًا	مِّنْ اَهْلِهَا ج ④	اِنْ	يُّرِيْدَآ	اِصْلَاحًا
اور ایک منصف	اُس (بیوی) کے خاندان سے	اگر	وہ دونوں چاہیں گے	اصلاح

يُّوَفِّقِ اللّٰهُ ⑤	بَيْنَهُمَا ط	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيْمًا ⑥
(تو) اللہ موافقت پیدا کردے گا	اُن دونوں کے درمیان	بیشک اللہ	ہے	خوب علم والا

خَبِيْرًا ⑥ (35)	وَاعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَ	لَا تُشْرِكُوْا ②
خوب خبردار	اور تم سب عبادت کرو	اللہ تعالیٰ کی	اور	نہ تم سب شریک بناؤ

بِهٖ	شَيْـًٔا	وَّ	بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا
اُس کے ساتھ	کسی کو	اور	والدین کے ساتھ	حسن سلوک کرنا

ضروری وضاحت

① ـنَ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ هِنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ④ اَهْلِهٖ میں ہٖ مذکر کی علامت ہے اور اَهْلِهَا میں هَا مؤنث کی علامت ہے۔ ⑤ یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

وَّبِذِی الۡقُرۡبٰی وَ الۡیَتٰمٰی	اور قرابت والوں اور یتیموں کے ساتھ
وَ الۡمَسٰكِیۡنِ وَ الۡجَارِ ذِی الۡقُرۡبٰی	اور مسکینوں اور قرابت والے (رشتے دار) ہمسائے
وَ الۡجَارِ الۡجُنُبِ وَ الصَّاحِبِ بِالۡجَنۡۢبِ	اور اجنبی ہمسائے اور پہلو کے ساتھی
وَ ابۡنِ السَّبِیۡلِ ۙ وَ مَا مَلَكَتۡ اَیۡمَانُكُمۡ ؕ	اور مسافر اور جسکے مالک بنے ہیں تمہارے داہنے ہاتھ
اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ	(ان سب کیساتھ حسن سلوک کرو) بیشک اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتا
مَنۡ كَانَ مُخۡتَالًا فَخُوۡرَاۨ ﴿36﴾ ۙ	جو ہو مغرور فخر کرنے والا۔ ﴿36﴾
الَّذِیۡنَ یَبۡخَلُوۡنَ	وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں
وَ یَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبُخۡلِ	اور حکم دیتے ہیں لوگوں کو بخل کا
وَ یَكۡتُمُوۡنَ مَاۤ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ	اور چھپاتے ہیں (اُسے) جو دیا ہے اُن کو اللہ نے
مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ وَ اَعۡتَدۡنَا	اپنے فضل سے، اور ہم نے تیار کیا ہے
لِلۡكٰفِرِیۡنَ عَذَابًا مُّهِیۡنًا ﴿37﴾ ۚ	کافروں کے لیے رُسوا کن عذاب۔ ﴿37﴾
وَ الَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ	اور وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِذِی	ذی شان، ذی وقار۔	یُحِبُّ	محبت، محبوب، حبیب۔
الۡقُرۡبٰی	قریبی، قرابت دار، اقربا پروری۔	فَخُوۡرَاۨ	فخر، فخر کائنات، فخر النساء۔
الۡجَارِ	قرب وجوار، مجاور، مجاورت۔	یَبۡخَلُوۡنَ	بخل، بخیل۔
الۡجُنُبِ	جانب، جانب دار جانب دارانہ۔	یَاۡمُرُوۡنَ	امر، آمر، امر بالمعروف۔
ابۡنِ	ابن قاسم، ابن الوقت، ابنائے جامعہ۔	النَّاسَ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
السَّبِیۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	یَكۡتُمُوۡنَ	کتمان حق، کتمان علم۔
مَلَكَتۡ	مالک، ملک، ملکیت، املاک۔	مُّهِیۡنًا	توہین، اہانت امیز۔
اَیۡمَانُكُمۡ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔	یُنۡفِقُوۡنَ	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔

وَ	بِذِی الْقُرْبٰی	وَالْیَتٰمٰی	وَالْمَسٰكِیْنِ	وَالْجَارِ
اور	قرابت والے کیساتھ	اور یتیموں (کیساتھ)	اور مسکینوں	اور ہمسایہ

ذِی الْقُرْبٰی	وَالْجَارِ	الْجُنُبِ ①	وَالصَّاحِبِ	بِالْجَنْۢبِ ②
قرابت والا	اور ہمسایہ	اجنبی	اور ساتھی	پہلو کا

وَابْنِ السَّبِیْلِ ۙ③	وَمَا	مَلَكَتْ ④	اَیْمَانُكُمْ ؕ⑤	اِنَّ اللّٰهَ
اور مسافر (سب کے ساتھ)	اور جس کے	مالک بنے ہیں	تمہارے داہنے ہاتھ	بے شک اللہ تعالیٰ

لَا یُحِبُّ ⑥	مَنْ	كَانَ	مُخْتَالًا	فَخُوْرَا ۙ﴿36﴾	الَّذِیْنَ
نہیں وہ پسند کرتا	(اسے) جو	ہو	مغرور	فخر کرنے والا	(وہ لوگ) جو

یَبْخَلُوْنَ	وَیَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبُخْلِ	وَیَكْتُمُوْنَ
وہ سب بخل کرتے ہیں	اور وہ سب حکم دیتے ہیں	لوگوں کو	بخل کا	اور وہ سب چھپاتے ہیں

مَآ	اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ ؕ	وَاَعْتَدْنَا ⑦	لِلْكٰفِرِیْنَ
(اسے) جو	دیا ہے اُن کو اللہ نے	اپنے فضل سے	اور ہم نے تیار کیا ہے	کافروں کے لیے

عَذَابًا	مُّهِیْنًا ۚ﴿37﴾	وَالَّذِیْنَ	یُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ
عذاب	رُسوا کن	اور (وہ لوگ) جو	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اپنے مال

ضروری وضاحت

①یعنی وہ ہمسایہ جو رشتہ دار نہ ہو۔②یعنی پہلو میں بیٹھنے والا مثلاً: دفتر کا ساتھی، کلاس کا ساتھی، گاڑی میں ساتھ بیٹھنے والا وغیرہ۔
③ اِبْنُ السَّبِیْلِ کا لفظی ترجمہ راستے کا بیٹا ہے، اس سے مراد مسافر ہے۔④ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ یہ یَمِیْنٌ کی جمع ہے جس کا ترجمہ کبھی قسم اور کبھی دایاں ہاتھ مراد ہوتا ہے، یہاں اس سے دایاں ہاتھ مراد ہے۔
⑥یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ	لوگوں کو دکھانے کو اور نہیں ایمان لاتے اللہ پر
وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ	اور نہ آخرت کے دن پر
وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا	اور جو (کہ) ہو شیطان اس کا ساتھی
فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿38﴾ وَمَاذَا	تو وہ بہت بُرا ساتھی ہے۔﴿38﴾ اور کیا (آفت ٹوٹ پڑتی)
عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ	اُن پر اگر وہ ایمان لے آتے اللہ پر
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا	اور آخرت کے دن (پر) اور وہ خرچ کرتے
مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ	(اُس) سے جو اُن کو رزق دیا اللہ تعالیٰ نے
وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿39﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ اُن کو خوب جاننے والا۔﴿39﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ	بیشک اللہ تعالیٰ نہیں ظلم کرتا ذرہ کے وزن برابر (بھی)
وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا	اور اگر ہو کوئی نیکی وہ دُگنا کر دیتا ہے اُسے
وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿40﴾	اور وہ دیتا ہے اپنی طرف سے بہت بڑا اجر۔﴿40﴾
فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ	پس کیا حال ہو گا جب ہم لائیں گے ہر اُمت سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رِئَآءَ	: ریاکاری، مرئی وغیر مرئی اشیا۔	يَظْلِمُ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
النَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔	ذَرَّةٍ	: ذرہ برابر، ذرہ سا۔
يُؤْمِنُوْنَ	: مومن، ایمان، امن۔	حَسَنَةً	: حسن، محسن، تحسین، حسنات۔
بِالْيَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	يُّضٰعِفْهَا	: ذو اضعاف اقل۔
فَسَآءَ	: علمائے سوء، سوءِ ادب۔	اَجْرًا	: اجر، اجرت، ماجور۔
اَنْفَقُوْا	: نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	عَظِيْمًا	: عظیم، اعظم، معظم، تعظیم۔
رَزَقَهُمُ	: رزق حلال، رازق۔	فَكَيْفَ	: کیفیت، کوائف، بہر کیف۔
عَلِيْمًا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	كُلِّ	: کل کائنات، کل نمبر، کلی طور پر۔

رِئَآءَ النَّاسِ	وَلَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَلَا	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ
لوگوں کو دکھانے کیلئے	اور نہیں	وہ سب ایمان لاتے	اللہ پر	اور نہ	آخرت کے دن پر

وَمَنْ	يَّكُنِ ①	الشَّيْطٰنُ	لَهٗ	قَرِيْنًا	فَسَآءَ	قَرِيْنًا ﴿38﴾
اور جو (کہ)	ہو	شیطان	اُس کا	ساتھی	تو وہ بہت بُرا	ساتھی ہے

وَمَاذَا	عَلَيْهِمْ ②	لَوْ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور کیا	اُن پر	اگر	وہ سب ایمان لے آتے	اللہ پر	اور آخرت کے دن (پر)

وَاَنْفَقُوْا	مِمَّا ③	رَزَقَهُمُ	اللّٰهُ ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ
اور وہ سب خرچ کرتے ہیں	(اُس) سے جو	رزق دیا اُن کو	اللہ تعالیٰ نے	اور ہے	اللہ

بِهِمْ	عَلِيْمًا ④ ﴿39﴾	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَظْلِمُ ①	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ⑤ ۚ
اُن کو	خوب جاننے والا	بے شک اللہ تعالیٰ	نہیں ظلم کرتا	ذرّہ برابر (بھی)

وَاِنْ	تَكُ ⑥	حَسَنَةً ⑤	يُّضٰعِفْهَا	وَيُؤْتِ	مِنْ لَّدُنْهُ	اَجْرًا
اور اگر	ہو	کوئی نیکی	وہ دُگنا کر دیتا ہے اُسے	اور وہ دیتا ہے	اپنی طرف سے	اجر

عَظِيْمًا ④ ﴿40﴾	فَكَيْفَ	اِذَا	جِئْنَا ⑦	مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ ⑤
بہت بڑا	پس کیا حال ہوگا	جب	ہم لائیں گے	ہر اُمت سے

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② مَاذَا عَلَيْهِمْ سے مراد اُن کا کیا بگڑتا یا اُن کا کیا نقصان ہوجاتا ہے۔③ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔④ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ یہ دراصل تَكُنْ تھا، تخفیف کے لیے آخر سے گرا ہوا ہے اور تَ واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦ اِذَا جِئْنَا کا اصل ترجمہ جب ہم آئیں گے ہے، جب اسکے بعد اُسی جملے میں بِ ہو تو ترجمہ ہم لائیں گے ہوجاتا ہے۔

وقف النبی ﷺ

بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ	ایک گواہ کو اور ہم لائیں گے آپ کو
عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝41	اِن پر بطور گواہ۔ 41
يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ	اُس دن چاہیں گے (وہ لوگ) جنہوں نے
كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ	کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی
لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ	کاش برابر کر دی جاتی اُن پر زمین (یعنی دفن کر دیا جاتا)
وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝42 ع	اور نہیں چھپا سکیں گے اللہ سے کوئی بات۔ 42
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى	تم نہ قریب جاؤ نماز کے اس حال میں کہ تم نشے میں ہو
حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ	یہاں تک کہ تمہیں معلوم ہونے لگے جو تم کہہ رہے ہو
وَلَا جُنُبًا	اور نہ جنابت کی حالت میں (نماز کے قریب جاؤ)
اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ	سوائے (اس حال میں کہ) راستے سے گزر رہے ہو
حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ	یہاں تک کہ تم غسل (نہ) کر لو

ع 6/9/3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- بِشَهِيْدٍ : شہید، شہادت، مشاہدہ۔
- يَوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔
- يَّوَدُّ : محبت ومودّت۔
- كَفَرُوْا : کفر، کفار، کافر۔
- عَصَوُا : معصیت، معاصی۔
- تُسَوّٰى : مساوی، مساوات۔
- الْاَرْضُ : ارض وسما، قطعہ اراضی۔
- يَكْتُمُوْنَ : کتمان حق، کتمان علم۔
- تَقْرَبُوا : قریبی، قرابت، اقربا پروری۔
- حَتّٰى : حتی کہ، حتی الوسع، حتی الامکان۔
- تَعْلَمُوْا : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔
- تَقُوْلُوْنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
- جُنُبًا : جنبی، جنابت۔
- عَابِرِيْ : عبور کرنا، عبوری حکومت۔
- سَبِيْلٍ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
- تَغْتَسِلُوْا : غسل، غسیل الملائکہ، غسل خانہ۔

بِشَهِيْدٍ	وَّجِئْنَا ①	بِكَ	عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ	شَهِيْدًا ﴿41﴾ ط
ایک گواہ کو	اور ہم لائیں گے	آپ کو	اِن پر	بطورِ گواہ

يَوْمَئِذٍ	يَّوَدُّ ②	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَعَصَوُا ③
اُس دن	چاہیں گے	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور اُن سب نے نافرمانی کی

الرَّسُوْلَ	لَوْ	تُسَوّٰى ④	بِهِمُ	الْاَرْضُ ط	وَلَا
رسول کی	کاش	برابر کر دی جاتی	اُن پر	زمین (یعنی دفن کر دیا جاتا)	اور نہیں

يَكْتُمُوْنَ	اللّٰهَ	حَدِيْثًا ⑤ ﴿42﴾ ع	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
وہ سب چھپا سکیں گے	اللہ سے	کوئی بات	اے	(وہ لوگو) جو

ع 6/9 3

اٰمَنُوْا	لَا تَقْرَبُوا	الصَّلٰوةَ ④	وَاَنْتُمْ	سُكٰرٰى
سب ایمان لائے ہو!	نہ تم سب قریب جاؤ	نماز کے	اس حال میں کہ تم	نشے میں ہو

حَتّٰى	تَعْلَمُوْا	مَا	تَقُوْلُوْنَ	وَلَا	جُنُبًا
یہاں تک کہ	تم سب جان لو	جو	تم سب کہہ رہے ہو	اور نہ	جنابت کی حالت میں

اِلَّا	عَابِرِيْ ⑥	سَبِيْلٍ	حَتّٰى	تَغْتَسِلُوْا ط
سوائے	(اس حال میں کہ) گزر رہے ہو	راستے سے	یہاں تک کہ	تم سب غسل (نہ) کرلو

ضروری وضاحت

① اِذَا جِئْنَا کا اصل ترجمہ جب ہم آئیں گے ہے، جب اسکے بعد اُسی جملے میں بِ ہو تو ترجمہ ہم لائیں گے ہو جاتا ہے۔
② یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ عَصَوُا کی وَ پر اصل میں جزم ہوتی ہے، یہاں اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اس پر پیش لائی گئی ہے۔④ تَ اور ةَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ عَابِرِيْ کے آخر میں يْ کا ترجمہ میرا، میری نہیں بلکہ یہ مکمل لفظ عَابِرِيْنَ تھا، آخر سے نَ گر گیا ہے۔

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ	اور اگر ہو تم بیمار یا سفر پر
اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ	یا آیا ہو تم میں سے کوئی ایک رفع حاجت سے
اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ	یا تم نے چھوا ہو عورتوں کو (یعنی ہم بستری کی ہو)
فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا	پس نہ پاؤ تم پانی تو تیمم کر لو پاک مٹی سے
فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ	پس مسح کرو اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کا
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿43﴾	بے شک اللہ ہے معاف کرنے والا بخشنے والا۔ ﴿43﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا نہیں دیکھا آپ نے (ان لوگوں) کی طرف جو
اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ	دیئے گئے ایک حصہ کتاب سے
يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ	(کہ) وہ خریدتے ہیں گمراہی کو اور وہ چاہتے ہیں
اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿44﴾ؕ	کہ تم (بھی) بھٹک جاؤ (اصل) راستے سے۔ ﴿44﴾ؕ
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ	اور اللہ خوب جاننے والا ہے تمہارے دشمنوں کو
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ	اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور دوست

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّرْضٰٓى	مرض، مریض، امراض۔	اَيْدِيْكُمْ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
لٰمَسْتُمُ	لمس (چھونا)۔	عَفُوًّا	عفو و درگزر، معافی۔
النِّسَآءَ	نسوانیت، تربیت نسواں۔	تَرَ	مرئی و غیر مرئی اشیاء، رؤیت باری تعالیٰ۔
تَجِدُوْا	وجد، وجود، موجود۔	يَشْتَرُوْنَ	مشتری ہوشیار باش، بیع و شرا۔
مَآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔	الضَّلٰلَةَ	ضلالت و گمراہی۔
فَتَيَمَّمُوْا	تیمم۔	يُرِيْدُوْنَ	ارادہ، مرید، مراد۔
فَامْسَحُوْا	مسح (چھونا)۔	بِاَعْدَآئِكُمْ	عداوت، عدوّ، اعدائے دین۔
بِوُجُوْهِكُمْ	علیٰ وجہ البصیرت، وجاہت، متوجہ ہونا۔	كَفٰى	کافی، کفایت۔

وَاِنْ	كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَوْ	عَلٰى سَفَرٍ	اَوْ جَآءَ	اَحَدٌ ①
اوراگر	ہوتم	بیمار	یا	سفر پر	یا آیا ہو	کوئی ایک

مِّنْكُمْ	مِّنَ الْغَآئِطِ	اَوْ لٰمَسْتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمْ	تَجِدُوْا
تم میں سے	رفع حاجت سے	یاتم نے چھوا ہو	عورتوں کو	پس نہ	تم سب پاؤ

مَآءً	فَتَيَمَّمُوْا ②	صَعِيْدًا طَيِّبًا	فَامْسَحُوْا	بِوُجُوْهِكُمْ
پانی	توتم سب تیمم کرلو	پاک مٹی سے	پس تم سب مسح کرو	اپنے چہروں کا

وَاَيْدِيْكُمْ ط	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَفُوًّا	غَفُوْرًا (43)	اَلَمْ	تَرَ ③
اوراپنے ہاتھوں کا	بیشک اللہ	ہے	معاف کرنیوالا	بخشنے والا	کیا نہیں	تم نے دیکھا

اِلَى الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا ①	مِّنَ الْكِتٰبِ	يَشْتَرُوْنَ
(اُن لوگوں) کی طرف جو	سب دیے گئے	ایک حصہ	کتاب سے	وہ سب خریدتے ہیں

الضَّلٰلَةَ ④	وَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَضِلُّوا	السَّبِيْلَ ⑤ (44) ط
گمراہی کو	اور	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	تم سب بھٹک جاؤ	(اصل) راستے سے

وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ ⑥	بِاَعْدَآئِكُمْ ط	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ ⑦	وَلِيًّا ز
اوراللہ	خوب جاننے والا ہے	تمہارے دشمنوں کو	اور کافی ہے	اللہ تعالیٰ	بطورِ دوست

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ② علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ③ یہ لفظ دراصل تَرٰی تھا، آخر سے ی گری ہوئی ہے۔ ④ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿45﴾	اور کافی ہے اللہ تعالیٰ مددگار۔ ﴿45﴾
مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ	(ان لوگوں) میں سے جو یہودی بن گئے وہ بدل دیتے ہیں
الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ	کلمات کو انکے (اصل) مقامات سے اور کہتے ہیں کہ
سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ	ہم نے سنا اور نافرمانی کی اور (کہتے ہیں) سنو!
غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا	(تم اس قابل ہو کہ) نہ سنوائے جاؤ اور رَاعِنَا ہمارا خیال کرو (کو)
لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ	اپنی زبانیں مروڑ کر (رَاعِيْنَا ہمارے چرواہے، کہتے ہیں)
وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ	اور دین میں طعن کرتے ہوئے (ایسا کہتے ہیں)
وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا	اور اگر بیشک وہ (یوں) کہتے کہ ہم نے سن لیا
وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ	اور ہم نے اطاعت کی اور اِسْمَعْ ہماری بات سنئے
وَانْظُرْنَا	اور (رَاعِنَا کی جگہ) اُنْظُرْنَا ہماری طرف دیکھیے (کہتے)
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ	(تو) یقیناً بہتر ہوتا اُن کیلئے اور زیادہ درست ہوتا
وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ	اور لیکن لعنت کردی ہے اللہ تعالیٰ نے اُن پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَصِيْرًا : ناصر، نصرت، انصاری۔
هَادُوْا : یہودی، یہودیت۔
يُحَرِّفُوْنَ : تحریف شدہ، منحرف، انحراف۔
الْكَلِمَ : کلمہ، کلام، کلمات۔
مَّوَاضِعِهٖ : موضوع، مختلف موضوعات۔
يَقُوْلُوْنَ، قَالُوْا : قول، قائل، مقولہ، اقوال۔
سَمِعْنَا، اسْمَعْ : سمع و بصر، سماعت، آلہ سماعت۔
عَصَيْنَا : معصیت، معاصی۔

غَيْرَ : غیر اللہ، دیارِ غیر۔
رَاعِنَا : رعایت، رعایتی ٹکٹ۔
بِاَلْسِنَتِهِمْ : لسانی تعصب، فصیح اللسان، لسانیت۔
طَعْنًا : طعنہ زنی، طعن و تشنیع۔
اَطَعْنَا : اطاعت رسول، مطیع۔
انْظُرْنَا : نظر، نظارہ، منظر۔
خَيْرًا : خیر و عافیر، خیریت، خیر و شر۔
لَّعَنَهُمْ : لعن طعن، لعنتی، ملعون۔

وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ ①	نَصِيْرًا ﴿45﴾	مِنَ الَّذِيْنَ
اور	کافی ہے	اللہ تعالیٰ	مددگار	(اُن لوگوں) میں سے جو

هَادُوْا	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ مَّوَاضِعِهٖ
سب یہودی بن گئے	وہ سب بدل دیتے ہیں	کلمات کو	اُن کے (اصل) مقامات سے

وَ	يَقُوْلُوْنَ	سَمِعْنَا ②	وَ	عَصَيْنَا ②	وَاسْمَعْ ③
اور	وہ سب کہتے ہیں	ہم نے سنا	اور	ہم نے نافرمانی کی	اور تو سن

غَيْرَ مُسْمَعٍ	وَّرَاعِنَا ④	لَيًّا	بِاَلْسِنَتِهِمْ	وَطَعْنًا
نہ سنوائے جاؤ	اور ہماری رعایت کر	مروڑ کر	اپنی زبانوں کو	اور طعن کرتے ہوئے

فِي الدِّيْنِ ط	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	قَالُوْا	سَمِعْنَا ②
دین میں	اور اگر	بے شک وہ	(یوں) وہ سب کہتے ہیں	ہم نے سن لیا

وَ	اَطَعْنَا ②	وَاسْمَعْ ③	وَانْظُرْنَا ⑤	لَكَانَ
اور	ہم نے مان لیا	اور تو سن	اور ہمیں دیکھ	یقیناً ہوتا

خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاَقْوَمَ ⑥ لا	وَلٰكِنْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ
بہتر	اُن کے لیے	اور زیادہ درست	اور لیکن	لعنت کردی ہے اُن پر	اللہ تعالیٰ نے

ضروری وضاحت

① یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ رَاعِنَا کو بدل کر شرارتاً رَاعِيْنَا کہا
جس کا ترجمہ ہمارے چرواہے ہے۔⑤ یہاں نَا سے پہلے جزم ہے لیکن ترجمہ ہم نے نہیں کیا گیا بلکہ یہاں ترجمہ ہمیں دیکھ
ہے کیونکہ اس میں کام کرنے کا حکم ہے۔⑥ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اُن کے کفر کے سبب پس وہ نہیں ایمان لاتے
اِلَّا قَلِيْلًا ﴿46﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	مگر بہت کم۔ ﴿46﴾ اے وہ لوگو جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا	دیئے گئے ہو کتاب! ایمان لاؤ (اُس) پر جو
نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا	ہم نے نازل کی تصدیق کرنے والی ہے
لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ	(اُس) کی جو تمہارے پاس ہے (ایمان لاؤ) اس سے پہلے
اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا	کہ ہم مسخ کر دیں چہروں کو پس ہم پھیر دیں اُنہیں
عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ	ان کی پیٹھوں کی طرف یا ہم لعنت کریں اُن پر
كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ	جیسا کہ ہم نے لعنت کی ہفتے والوں پر
وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿47﴾	اور اللہ کا حکم ہو کر رہنے والا ہے۔ ﴿47﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ	بیشک اللہ نہیں بخشے گا کہ شریک بنایا جائے اُسکے ساتھ
وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ	اور معاف کر دے جو اس کے علاوہ ہے
لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ	جس کو وہ چاہے، اور جس نے شریک بنایا اللہ کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِكُفْرِهِمْ : کفر، کافر، کفار۔	نَلْعَنَهُمْ : لعن طعن، لعنتی، ملعون۔
اِلَّا : الاقلیل، الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ۔	كَمَا : کما حقہ، کالعدم تنظیمیں۔
نَزَّلْنَا : نازل، نزول، انزال، شان نزول۔	اَصْحٰبَ : صاحب، اصحاب، صحابی، اصحاب صفہ۔
مُصَدِّقًا : تصدیق، مصدق، مصدقہ ذرائع۔	اَمْرُ : امر، آمر، مامور، امارت۔
مَعَكُمْ : مع اہل و عیال، معیت۔	مَفْعُوْلًا : فعل، فاعل، مفعول۔
قَبْلِ : قبل از وقت، قبل از غذا۔	يَغْفِرُ : مغفرت، استغفار۔
وُجُوْهًا : علی وجہ البصیرت، وجاہت، متوجہ ہونا۔	يُّشْرَكَ : شرک، مشرک، مشرکین مکہ۔
فَنَرُدَّهَا : ردّ، مردود، تردید۔	يَّشَآءُ : ان شاء اللہ، ماشاء اللہ، مشیئت الٰہی۔

بِكُفْرِهِمْ	فَلَا	يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا قَلِيْلًا (46)	يٰاَيُّهَا ①	الَّذِيْنَ
انکے کفر کے سبب	پس نہیں	وہ سب ایمان لاتے	مگر بہت کم	اے	(وہ لوگو) جو

اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	اٰمِنُوْا ②	بِمَا	نَزَّلْنَا	مُصَدِّقًا ③
سب دیے گئے ہو	کتاب!	تم سب ایمان لاؤ	(اُس) پر جو	ہم نے نازل کی	تصدیق کرنیوالی ہے

لِّمَا	مَعَكُمْ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ نَّطْمِسَ	وُجُوْهًا
(اُس) کی جو	تمہارے پاس ہے	(اس) سے پہلے	کہ ہم مسخ کر دیں	چہروں کو

فَنَرُدَّهَا	عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ ④	اَوْ نَلْعَنَهُمْ	كَمَا	لَعَنَّآ
پس ہم پھیر دیں اُنہیں	اُن کی پیٹھوں کی طرف	یا ہم لعنت کریں اُن پر	جیسا کہ	ہم نے لعنت کی

اَصْحٰبَ السَّبْتِ ⑤ ط	وَ	كَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا (47)
ہفتے والوں (پر)	اور	ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَغْفِرُ ⑥	اَنْ	يُّشْرَكَ ⑦	بِهٖ	وَ يَغْفِرُ
بیشک اللہ	نہیں بخشے گا	کہ	وہ شریک بنایا جائے	اُس کے ساتھ	اور وہ معاف کر دے گا

مَا دُوْنَ ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ ج	وَ مَنْ	يُّشْرِكْ ⑦	بِاللّٰهِ
جو اس کے علاوہ ہے	جس کو	وہ چاہے	اور جس نے	شریک بنایا	اللہ کا

ضروری وضاحت

① یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ② اٰمِنُوْا کا ترجمہ تم ایمان لاؤ اور اٰمَنُوْا کا ترجمہ وہ ایمان لائے ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کی طرف کیا گیا ہے۔ ⑤ ہفتہ والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جنہیں ہفتے کے دن مچھلی کے شکار سے منع کیا گیا لیکن وہ باز نہ آئے۔ ⑥ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿48﴾	تو یقیناً اس نے بہتان باندھا بہت بڑے گناہ کا۔ ﴿48﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا نہیں تو نے دیکھا (ان لوگوں) کی طرف جو
يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ	پاکیزہ کہتے ہیں اپنے آپ کو
بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ	بلکہ اللہ ہی پاکیزہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے
وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿49﴾	اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے دھاگے برابر (بھی)۔ ﴿49﴾
اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ	دیکھ کیسے یہ بہتان باندھ رہے ہیں
عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ	اللہ تعالیٰ پر جھوٹ کا
وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿50﴾ ع	اور کافی ہے یہی صریح گناہ۔ ﴿50﴾ ع
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا نہیں تو نے دیکھا (ان لوگوں) کی طرف جو
اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ	دیے گئے ایک حصہ کتاب سے (اس کے باوجود)
يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ	وہ مانتے ہیں بتوں کو اور شیطان کو
وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ	اور کہتے ہیں (ان لوگوں) کے بارے میں جنہوں نے

ع 7 8 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِفْتَرٰى، يَفْتَرُوْنَ : افترا پردازی، مفتری۔	يُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
عَظِيْمًا : عظیم، اعظم، معظم، تعظیم۔	اُنْظُرْ : نظر منظر، نظارہ، مناظر۔
تَرَ : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت باری تعالیٰ۔	الْكَذِبَ : کذب، کذاب، کذب بیانی۔
اِلٰى : مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔	مُّبِيْنًا : بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔
يُزَكُّوْنَ، يُزَكِّيْ : تزکیۂ نفس، زکوٰۃ۔	نَصِيْبًا : نصیب اپنا اپنا، خوش نصیب بانصیب۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسا نفسی، خواہشاتِ نفسانی۔	يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، پرامن۔
بَلِ : بلکہ۔	الطَّاغُوْتِ : طاغوت، طاغوتی طاقتیں، طغیانی۔
وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، قول و اقرار۔	يَقُوْلُوْنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال۔

فَقَدِ	افْتَرٰٓى	اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿48﴾	اَلَمْ	تَرَ ①
تو یقیناً	اُس نے بہتان باندھا	بہت بڑے گناہ کا	کیا نہیں	تو نے دیکھا

اِلَى الَّذِيْنَ	يُزَكُّوْنَ	اَنْفُسَهُمْ ؕ	بَلِ اللّٰهُ
(ان لوگوں) کی طرف جو	وہ سب پاکیزہ کہتے ہیں	اپنے آپ کو	بلکہ اللہ (ہی)

يُزَكِّيْ ②	مَنْ	يَّشَآءُ	وَلَا	يُظْلَمُوْنَ ③	فَتِيْلًا ④ ﴿49﴾
پاکیزہ کرتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور نہیں	وہ سب ظلم کیے جائیں گے	دھاگے برابر (بھی)

اُنْظُرْ	كَيْفَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ ؕ
تو دیکھ	کیسے	وہ سب بہتان باندھ رہے ہیں	اللہ تعالیٰ پر	جھوٹ کا

ع 7 8 4

وَ	كَفٰى	بِهٖٓ	اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿50﴾ ع	اَلَمْ	تَرَ ①
اور	کافی ہے	اس کا	صریح گناہ ہونا	کیا نہیں	تو نے دیکھا

اِلَى الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا ⑤	مِّنَ الْكِتٰبِ	يُؤْمِنُوْنَ
(ان لوگوں) کی طرف جو	سب دیے گئے	ایک حصہ	کتاب سے	وہ سب مانتے ہیں

بِالْجِبْتِ ⑥	وَالطَّاغُوْتِ	وَيَقُوْلُوْنَ	لِلَّذِيْنَ ⑦
بتوں کو	اور شیطان کو	اور وہ سب کہتے ہیں	(ان لوگوں) کے بارے میں جن

ضروری وضاحت

① یہ لفظ دراصل تَرَىٰ تھا، آخر سے ی گری ہوئی ہے۔ ② یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ④ اس سے مراد معمولی سا بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑥ بِالْجِبْتِ میں جادوگر، کاہن، ٹونے ٹوٹکے کرنے والے سب شامل ہیں۔ ⑦ یہاں لِ کا ترجمہ کے بارے میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰى	کفر کیا (کہ) یہ لوگ زیادہ ہدایت پر ہیں
مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿51﴾	(ان لوگوں) کی نسبت جو ایمان لائے راستے کے لحاظ سے ﴿51﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ	(یہ) وہی (لوگ ہیں) جو (کہ) لعنت کی اُن پر اللہ نے
وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ	اور جس پر اللہ تعالیٰ لعنت کرے تو ہرگز نہیں آپ پائیں گے
لَهٗ نَصِيْرًا ؕ ﴿52﴾ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ	اس کا کوئی مددگار۔ ﴿52﴾ کیا انکے پاس کچھ حصہ ہے
مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ	(اللہ کی) بادشاہت کا تو تب نہیں وہ دیں گے لوگوں کو
نَقِيْرًا ۙ ﴿53﴾	کھجور کی گٹھلی کے گڑھے برابر (بھی)۔ ﴿53﴾
اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ	یا یہ حسد کرتے ہیں لوگوں سے (اس) پر جو
اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ	دیا ہے انکو اللہ نے اپنے فضل سے تو تحقیق ہم نے دی
اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ	آل ابراہیم کو کتاب اور دانائی
وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿54﴾	اور ہم نے دی اُن کو بہت بڑی سلطنت۔ ﴿54﴾
فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ	تو ان میں سے (کوئی تو ایسا ہے) جو ایمان لایا اس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	الْمُلْكِ	مُلک، املاک، ملکیت، ملوکیت۔
اَهْدٰى	ہدایت، ہادیٔ برحق۔	النَّاسَ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مومن۔	يَحْسُدُوْنَ	حسد، حاسد، حاسدین۔
سَبِيْلًا	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	فَضْلِهٖ	فضل، فضیلت، افضل، فضائل، فاضل۔
لَعَنَهُمْ	لعن طعن، لعنتی، ملعون۔	اٰلَ	آل اولاد، آل محمد، آل ابراہیم۔
تَجِدَ	وجود، موجود۔	الْحِكْمَةَ	حکمت و دانائی، حکیم، حکما۔
نَصِيْرًا	ناصر، منصور، نصرت، انصار مدینہ۔	مُّلْكًا	مُلک، املاک، ملکیت، ملوکیت۔
نَصِيْبٌ	نصیب اپنا اپنا، باادب بانصیب۔	عَظِيْمًا	عظیم لوگ، عظمت، واعظین عظام۔

كَفَرُوْا	هٰٓؤُلَآءِ	اَهْدٰى ①	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	سَبِيْلًا (51)
سب نے کفر کیا	یہ (لوگ)	زیادہ ہدایت پر ہیں	(ان) سے جو	سب ایمان لائے	راستے کے لحاظ سے

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ط	وَمَنْ	يَّلْعَنِ اللّٰهُ ②
(یہ) وہی (لوگ ہیں)	جو (کہ)	لعنت کی اُن پر اللہ نے	اور جس پر	اللہ لعنت کرے

فَلَنْ	تَجِدَ	لَهٗ	نَصِيْرًا ③ (52) ط	اَمْ	لَهُمْ	نَصِيْبٌ ③
تو ہرگز نہیں	آپ پائیں گے	اُس کا	کوئی مددگار	کیا	اُن کے پاس	کچھ حصہ ہے

مِّنَ الْمُلْكِ	فَاِذًا ④	لَّا يُؤْتُوْنَ	النَّاسَ	نَقِيْرًا ⑤ (53) لا
بادشاہت سے	تو تب	نہیں وہ سب دیں گے	لوگوں کو	کھجور کی گٹھلی کے شگاف برابر (بھی)

اَمْ	يَحْسُدُوْنَ	النَّاسَ	عَلٰى مَآ	اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ ج
یا	وہ سب حسد کرتے ہیں	لوگوں سے	(اس) پر جو	دیا ہے اُن کو اللہ نے	اپنے فضل سے

فَقَدْ	اٰتَيْنَآ	اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ ⑥	وَ
تو تحقیق	ہم نے دی	آل ابراہیم کو	کتاب	اور دانائی	اور

اٰتَيْنٰهُمْ	مُّلْكًا	عَظِيْمًا ⑦ (54)	فَمِنْهُمْ	مَّنْ اٰمَنَ	بِهٖ
ہم نے دی اُن کو	سلطنت	بہت بڑی	تو اُن میں سے	جو ایمان لایا	اس پر

ضروری وضاحت

① یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔② یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔④ إِذًا کا ترجمہ کبھی تب اور کبھی اس وقت ہوتا ہے اور إِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔⑤ نَقِيْرًا اصل میں کھجور کی گٹھلی پر پچھلی جانب چھوٹے سے نقطے کو کہتے ہیں، اس سے مراد معمولی ہے۔⑥ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ مِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ	اور ان میں سے (کوئی ایسا ہے) جو رُکا رہا اس سے
وَ كَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿55﴾	اور (ان نہ ماننے والوں کیلئے) کافی ہے دہکتی ہوئی جہنم ۔﴿55﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا ہماری آیتوں کا
سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ	عنقریب ہم داخل کریں گے اُنہیں آگ میں
كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ	جب بھی گل (اور جل) جائیں گی ان کی کھالیں
بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا	ہم بدل دیں گے اُنہیں (اور) کھالیں اُن کے علاوہ
لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ	تا کہ وہ (ہمیشہ) چکھتے رہیں عذاب (کا مزہ)
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿56﴾	بیشک اللہ ہے بہت غالب خوب حکمت والا ۔﴿56﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے
سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ	عنقریب ہم داخل کریں گے اُنہیں باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	بہتی ہیں اُن کے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں ہمیشہ ہمیشہ

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْهُمْ	منجانب، من وعن، اظہر من الشمس۔	لِيَذُوْقُوا	ذائقہ، ذوق۔
كَفٰى	کافی، کفایت۔	حَكِيْمًا	حکمت، حکیم، حکما۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مومن۔
بِاٰيٰتِنَا	آیت، آیات۔	عَمِلُوْا	عمل، اعمال، اعمال صالحہ، عامل۔
نَارًا	نوری وناری مخلوق۔	سَنُدْخِلُهُمْ	داخل، دخول، وزیر داخلہ۔
جُلُوْدُهُمْ	جلد، جلدی امراض، مجلد۔	تَجْرِيْ	جاری، اجراء۔
بَدَّلْنٰهُمْ	بدل، تبدیل، متبادل، تبادلہ۔	خٰلِدِيْنَ	خالد، خلد بریں۔
غَيْرَهَا	غیر اللہ، دیار غیر، غیر مذہب۔	اَبَدًا	ابد الآباد، ابدی نیند سلا دینا (ہمیشہ)۔

وَمِنْهُمْ	مَّنْ صَدَّ	عَنْهُ ؕ	وَكَفٰى	بِجَهَنَّمَ ①	سَعِيْرًا ﴿55﴾
اور اُن میں سے	جو رُکا رہا	اُس سے	اور کافی ہے	جہنم	دہکتی ہوئی

اِنَّ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	سَوْفَ	نُصْلِيْهِمْ ②
بیشک (وہ لوگ) جن	سب نے انکار کیا	ہماری آیتوں کا	عنقریب	ہم داخل کریں گے اُنہیں

نَارًا ؕ	كُلَّمَا	نَضِجَتْ ③	جُلُوْدُهُمْ	بَدَّلْنٰهُمْ ②
آگ میں	جب بھی	گل (اور جل) جائیں گی	اُن کی کھالیں	ہم بدل کر دیں گے اُنہیں

جُلُوْدًا	غَيْرَهَا	لِيَذُوْقُوا	الْعَذَابَ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ
(اور) کھالیں	اُن کے علاوہ	تا کہ وہ سب (ہمیشہ) چکھتے رہیں	عذاب (کا مزہ)	بے شک اللہ

الربع

كَانَ	عَزِيْزًا ④	حَكِيْمًا ④ ﴿56﴾	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ہے	بہت غالب	بہت حکمت والا	اور (وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ③	سَنُدْخِلُهُمْ ②	جَنّٰتٍ ③	تَجْرِيْ ③
اور سب نے عمل کیے	نیک اعمال	عنقریب ہم داخل کریں گے اُنہیں	جنات میں	بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا ⑤ ؕ
اُن کے نیچے سے	نہریں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اُن میں	ہمیشہ ہمیشہ

ضروری وضاحت

①یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔②هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا ان کا کیا جاتا ہے۔③تْ، ات اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤یہاں اَبَدًا مزید وضاحت کے لیے آیا ہے جب کہ خٰلِدِيْنَ کا معنیٰ بھی ہمیشہ رہنے والے ہے۔

لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ز	ان کے لیے ان میں بیویاں ہوں گی پاکیزہ
وَّ نُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿57﴾	اور ہم داخل کریں گے اُنہیں گھنے سائے میں۔ ﴿57﴾
اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ	بیشک اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے تمہیں
اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا لا	کہ تم سپرد کرو امانتیں ان کے اہل کو
وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ	اور جب تم فیصلہ کرو لوگوں کے درمیان
اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ط	یہ کہ تم فیصلہ کرو عدل کے ساتھ
اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ط	بیشک اللہ بہت ہی اچھی تمہیں نصیحت کرتا ہے اسکی
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿58﴾	بیشک اللہ ہے خوب سننے والا دیکھنے والا۔ ﴿58﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی
وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ج	اور اصحاب اقتدار کی (جو) تم میں سے ہوں
فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ	پھر اگر تم اختلاف کرو کسی چیز میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْهَآ : فی الفور، فی الحال، فی الوقت، فی الواقع۔
اَزْوَاجٌ : زوج، ازواج، زوجۂ محترمہ۔
مُّطَهَّرَةٌ : طاہر وطیب، ازواج مطہرات۔
نُدْخِلُهُمْ : داخل، دخول، داخلی امور، وزیر داخلہ۔
ظِلًّا : ظل عرش، ظل ہما (سایہ)۔
يَاْمُرُكُمْ : امر، آمر، مامور، امارت۔
تُؤَدُّوا : ادا، ادائے زکوٰۃ، ادائیگی۔
اَهْلِهَا : اہل وعیال، اہلِ خانہ۔
حَكَمْتُمْ : حکم، حاکم، محکوم۔
بَيْنَ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
نِعِمَّا : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
يَعِظُكُمْ : وعظ، واعظ، مواعظ، وعظ ونصیحت۔
بَصِيْرًا : بصارت، بصیرت، سمع وبصر۔
اَطِيْعُوا : اطاعت الٰہی، اطاعت رسول، مطیع۔
تَنَازَعْتُمْ : تنازع، متنازع امور، متنازعہ علاقہ۔

لَهُمْ	فِيْهَآ	اَزْوَاجٌ ①	مُّطَهَّرَةٌ ② ز	وَّ نُدْخِلُهُمْ	ظِلًّا
انکے لیے	اُن میں	بیویاں ہوں گی	پاکیزہ	اور ہم داخل کریں گے اُنہیں	سائے میں

ظَلِيْلًا ﴿57﴾	اِنَّ اللّٰهَ	يَاْمُرُكُمْ ③	اَنْ	تُؤَدُّوا
گھنے	بے شک اللہ تعالیٰ	حکم دیتا ہے تمہیں	کہ	تم سب سپرد کرو

الْاَمٰنٰتِ ②	اِلٰٓى اَهْلِهَا لا	وَاِذَا	حَكَمْتُمْ	بَيْنَ النَّاسِ
امانتیں	اُن کے اہل کو	اور جب	تم فیصلہ کرو	لوگوں کے درمیان

اَنْ تَحْكُمُوْا	بِالْعَدْلِ ط	اِنَّ اللّٰهَ	نِعِمَّا	يَعِظُكُمْ ③
یہ کہ تم سب فیصلہ کرو	عدل کے ساتھ	بے شک اللہ	بہت ہی اچھی	نصیحت کرتا ہے تمہیں

بِهٖ ط	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	سَمِيْعًا ④	بَصِيْرًا ④ ﴿58﴾	يٰٓاَيُّهَا ⑤	الَّذِيْنَ
اس کی	بیشک اللہ	ہے	خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا	اے	(وہ لوگو) جو

اٰمَنُوْٓا	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ
سب ایمان لائے ہو!	تم سب اطاعت کرو	اللہ کی	اور	تم سب اطاعت کرو	رسول کی

وَ	اُولِي الْاَمْرِ	مِنْكُمْ ج	فَاِنْ	تَنَازَعْتُمْ ⑥	فِيْ شَيْءٍ
اور	اصحاب اقتدار کی	اپنے میں سے	پھر اگر	تم باہمی اختلاف کرو	کسی چیز میں

ضروری وضاحت

① زَوْجٌ کا اصل ترجمہ جوڑا ہے، اس سے مراد میاں یا بیوی دونوں ہو سکتے ہیں، اگر مذکر کی طرف نسبت ہو تو مراد بیوی اور اگر مؤنث کی طرف نسبت ہو تو مراد خاوند ہوتا ہے۔② ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔⑤ یَا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑥ اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ	تو لوٹا دو اُسے اللہ اور رسول کی طرف
اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ	اگر ہو تم ایمان رکھتے اللہ تعالیٰ پر
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ	اور روز آخرت پر، یہ بہت اچھی بات ہے
وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ع ﴿59﴾ ع 8 9 5	اور بہت بہتر ہے انجام کے لحاظ سے۔ ع ﴿59﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا نہیں دیکھا تم نے (ان لوگوں) کی طرف جو
يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا	دعویٰ کرتے ہیں کہ بیشک وہ ایمان لائے ہیں
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	(اس) پر جو نازل کیا گیا ہے آپ کی طرف
وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ	اور جو نازل کیا گیا ہے آپ سے پہلے
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا	وہ چاہتے ہیں کہ (اپنے) فیصلے لے جائیں
اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا	طاغوت کی طرف حالانکہ یقیناً وہ حکم دیے گئے ہیں
اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ	کہ وہ انکار کریں اس کا، اور چاہتا ہے شیطان
اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿60﴾	کہ وہ گمراہی میں ڈالے اُنہیں دور کی گمراہی میں۔ ﴿60﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَرُدُّوْهُ : ردّ، مردود، تردید، مرتد۔
الرَّسُوْلِ : انبیاء ورسل، رسالت، رسول اللہ۔
تُؤْمِنُوْنَ، اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
الْيَوْمِ : یوم، ایام، یوم تکبیر، یوم آزادی۔
خَيْرٌ : خیر وعافیت، خیریت۔
اَحْسَنُ : حسن، حسین، محسن۔
تَرَ : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت باری تعالیٰ۔
يَزْعُمُوْنَ : زعم باطل (گمان)۔

اُنْزِلَ : نازل نزول، منزل۔
مِنْ : منجانب، منجملہ، قبل از غذا، قبل از وقت۔
يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
يَّتَحَاكَمُوْٓا : حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
الطَّاغُوْتِ : طاغوت، طاغوتی طاقتیں طغیانی۔
اُمِرُوْٓا : امر، مامور، آمریت۔
يُضِلَّهُمْ : ضلالت وگمراہی۔
بَعِيْدًا : بُعد، بعید از قیاس۔

فَرُدُّوْهُ ①	اِلَى اللّٰهِ	وَ الرَّسُوْلِ	اِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ ②
توتم سب لوٹاؤ اُسے	اللہ کی طرف	اور رسول (کی طرف)	اگر	ہوتم سب ایمان رکھتے

بِاللّٰهِ ③	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَّ اَحْسَنُ ④
اللہ تعالیٰ پر	اور آخرت کے دن پر	یہ	بہت اچھی (بات) ہے	اور بہت بہتر

ع 8 9 5

تَاْوِيْلًا ع (59)	اَلَمْ	تَرَ ⑤	اِلَى الَّذِيْنَ	يَزْعُمُوْنَ
انجام کے لحاظ سے	کیا نہیں	تم نے دیکھا	(اُن لوگوں) کی طرف جو	وہ سب دعویٰ کرتے ہیں کہ

اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	بِمَآ ③	اُنْزِلَ ⑥	اِلَيْكَ	وَمَآ
کہ بیشک وہ	سب ایمان لائے ہیں	(اس) پر جو	نازل کیا گیا ہے	آپ کی طرف	اور جو

اُنْزِلَ ⑥	مِنْ قَبْلِكَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَحَاكَمُوْٓا
نازل کیا گیا ہے	آپ سے پہلے	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب (اپنے) فیصلے لے جائیں

اِلَى الطَّاغُوْتِ	وَقَدْ	اُمِرُوْٓا ⑥	اَنْ	يَّكْفُرُوْا	بِهٖ ③ ؕ
طاغوت کی طرف	حالانکہ یقیناً	وہ سب حکم دیے گئے ہیں	کہ	وہ سب انکار کریں	اُس کا

وَيُرِيْدُ ⑦	الشَّيْطٰنُ	اَنْ	يُّضِلَّهُمْ	ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا (60)
اور چاہتا ہے	شیطان	کہ	وہ گمراہی میں ڈالے اُنہیں	دور کی گمراہی

ضروری وضاحت

① علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔② تُمْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔
③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں أ
میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ تَرَ دراصل تَرَیَ تھا، آخر سے یَ گری ہوئی ہے۔⑥ فعل کے شروع میں پیش
اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ	اور جب کہا جائے اُن سے (کہ) آؤ (اسکی) طرف جو
اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ	اُتارا ہے اللہ نے اور (آؤ) رسول کی طرف (تو)
رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ	آپ دیکھتے ہیں منافقوں کو (کہ) وہ کتراتے ہیں
عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿61﴾	آپ سے بہت زیادہ کترانا۔ ﴿61﴾
فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ	پس کیا کیفیت ہوتی ہے جب پہنچتی ہے اُنہیں
مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ	کوئی مصیبت (اس) وجہ سے جو آگے بھیجا
اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ	ان کے ہاتھوں نے پھر وہ آتے ہیں آپ کے پاس
يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ	(اور) وہ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی
اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ	(کہ) نہیں ہم نے ارادہ کیا مگر
اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿62﴾	بھلائی اور (باہمی) موافقت کا۔ ﴿62﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ	یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ جانتا ہے
مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ	جو کچھ انکے دلوں میں ہے، تو آپ اعراض کریں ان سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	رحم وکرم، شان وشوکت، قرب وجوار۔	اَصَابَتْهُمْ، مُّصِيْبَةٌ	مصیبت زدہ، مصائب۔
قِيْلَ	قول، قائل مقولہ، اقوال۔	قَدَّمَتْ	قدم، خیر مقدم، تقدیم۔
اِلٰى	مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر، رجوع الی اللہ۔	اَيْدِيْهِمْ	ید بیضا، یدطولیٰ، رفع الیدین۔
اَنْزَلَ	نازل، نزول، شان نزول۔	يَحْلِفُوْنَ	حلف، حلف نامہ، بیان حلفی۔
الرَّسُوْلِ	رسول، رسالت، مرسل، انبیاء ورسل۔	اَرَدْنَآ	ارادہ، مرید، مراد۔
رَاَيْتَ	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیا۔	اِلَّآ	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
الْمُنٰفِقِيْنَ	منافق، منافقت، رئیس المنافقین۔	تَوْفِيْقًا	توفیق، موافقت، وفاق۔
فَكَيْفَ	کیف، بہر کیف، کیفیت۔	فَاَعْرِضْ	اعراض کرنا۔

وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا ①	اِلٰى مَآ	اَنْزَلَ ②
اور جب	کہا جائے	اُن سے (کہ)	تم سب آؤ	(اسکی) طرف جو	اُتارا ہے

اللّٰهُ	وَ	اِلَى الرَّسُوْلِ	رَاَيْتَ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اللہ نے	اور	(آؤ) رسول کی طرف	(تو) آپ دیکھتے ہیں	منافقوں کو (کہ)

يَصُدُّوْنَ	عَنْكَ	صُدُوْدًا ﴿61﴾ ج	فَكَيْفَ	اِذَآ
وہ سب گریز کرتے ہیں	آپ سے	بہت زیادہ گریز کرنا	پس کیا کیفیت ہوتی ہے	جب

اَصَابَتْهُمْ ③	مُّصِيْبَةٌ ③	بِمَا	قَدَّمَتْ ③	اَيْدِيْهِمْ
پہنچتی ہے اُنہیں	کوئی مصیبت	اس وجہ سے جو	آگے بھیجا	اُن کے ہاتھوں نے

ثُمَّ	جَآءُوْكَ ④	يَحْلِفُوْنَ صلے	بِاللّٰهِ	اِنْ ⑤	اَرَدْنَآ
پھر	سب آتے ہیں آپکے پاس	وہ سب قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی	نہیں	ہم نے ارادہ کیا

اِلَّآ	اِحْسَانًا	وَّ تَوْفِيْقًا ﴿62﴾	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
مگر	بھلائی کا	اور (باہمی) موافقت کا	یہی (وہ لوگ ہیں)	جنہیں

يَعْلَمُ ⑥	اللّٰهُ	مَا	فِيْ قُلُوْبِهِمْ ق	فَاَعْرِضْ ⑦	عَنْهُمْ
جانتا ہے	اللہ	جو	اُن کے دلوں میں ہے	تو آپ اعراض کریں	اُن سے

ضروری وضاحت

①اس فعل میں موجود تا اور "ا" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② یہاں شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔③ تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑤ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَعِظْهُمْ وَ قُلْ لَّهُمْ	اور نصیحت کیجیے انہیں اور کہیں ان سے
فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا (63)	انکے حق میں (ایسی) بات جو دل پر اثر کر جائے۔ (63)
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا	اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر (اس لیے)
لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	تاکہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے حکم سے
وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ	اور اگر بیشک انہوں نے جب ظلم کر لیا تھا اپنے آپ پر
جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ	وہ آتے آپ کے پاس پس بخشش مانگتے اللہ سے
وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ	اور بخشش مانگتا رسول اُن کے لیے
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا	یقیناً یہ پاتے اللہ کو بہت زیادہ توبہ قبول کرنیوالا
رَّحِيْمًا (64) فَلَا وَ رَبِّكَ	رحم کرنیوالا۔ (64) پس تیرے رب کی قسم
لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ	یہ مومن نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ آپکو منصف (نہ) مان لیں
فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ	(ان باتوں) میں جو اختلاف اُٹھے اُن کے درمیان
ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا	پھر وہ نہ پائیں اپنے دلوں میں کوئی تنگی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- عِظْهُمْ : وعظ، واعظ، مواعظ۔
- قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال۔
- اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسانفسی، نفسانی۔
- بَلِيْغًا : فصیح و بلیغ، مبلغ، ابلاغ رسالت۔
- اَرْسَلْنَا، رَّسُوْلٍ : رسول، رسالت، مرسل۔
- لِيُطَاعَ : اطاعت رسول، مطیع۔
- ظَّلَمُوْٓا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- فَاسْتَغْفَرُوْا : استغفار، مغفرت۔
- لَوَجَدُوا : وجد، وجود، موجود۔
- تَوَّابًا : توبہ استغفار، تائب۔
- رَّحِيْمًا : رحم، رحیم، رحمن، رحمت۔
- يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
- حَتّٰى : حتی کہ، حتی المقدور، حتی الوسع۔
- يُحَكِّمُوْكَ : حاکم، حکمران، حاکم وقت، حکومت۔
- اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
- حَرَجًا : کوئی حرج نہیں، کیا حرج ہے۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

وَعِظْهُمْ ①	وَقُلْ	لَّهُمْ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ②	قَوْلًاۢ
اور نصیحت کیجئے اُنہیں	اور آپ کہیں	اُن سے	اُن کے حق میں	بات

بَلِيْغًا ﴿63﴾	وَمَآ	اَرْسَلْنَا	مِنْ رَّسُوْلٍ ③	اِلَّا	لِيُطَاعَ
دل پر اثر کرنیوالی	اور نہیں	ہم نے بھیجا	کوئی رسول	مگر	تا کہ وہ اطاعت کیا جائے

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	اِذْ	ظَّلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ
اللہ کے حکم سے	اور اگر	بیشک انہوں نے	جب	سب نے ظلم کر ہی لیا تھا	اپنے آپ پر

جَآءُوْكَ ④	فَاسْتَغْفَرُوا ⑤	اللّٰهَ	وَاسْتَغْفَرَ ⑤	لَهُمُ	الرَّسُوْلُ
سب آتے آپکے پاس	پس سب بخشش مانگتے	اللہ سے	اور بخشش مانگتے	اُن کیلئے	رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

لَوَجَدُوا	اللّٰهَ	تَوَّابًا	رَّحِيْمًا ﴿64﴾	فَلَا وَرَبِّكَ ⑥
یقیناً سب پاتے	اللہ کو	توبہ قبول کرنیوالا	رحم کرنیوالا	پس قسم ہے تیرے رب کی

لَا يُؤْمِنُوْنَ	حَتّٰى	يُحَكِّمُوْكَ	فِيْمَا
نہیں وہ سب مومن ہو سکتے	یہاں تک کہ	وہ سب حاکم (نہ) مان لیں آپ کو	(ان باتوں) میں جو

شَجَرَ	بَيْنَهُمْ	ثُمَّ لَا	يَجِدُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	حَرَجًا
اختلاف کیا (اُنہوں نے)	اپنے درمیان	پھر نہ	وہ سب پائیں	اپنے دلوں میں	کوئی تنگی

ضروری وضاحت

① عِظْهُمْ وَعْظٌ سے بنا ہے جس کا ترجمہ نصیحت ہے یہاں شروع سے وگرا ہوا ہے۔② فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ سے مراد ان کے نفسوں کے بارے میں ہے۔③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہوتو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ یہاں لَا حرف نفی ہے، اکثر مترجمین نے اسے زائد قرار دے کر ترجمہ نہیں کیا، لیکن اگر اس لَا کو لَا يُؤْمِنُوْنَ کی تاکید سمجھیں تو زیادہ مناسب ہے۔

مِّمَّا قَضَيْتَ	(اس) سے جو آپ فیصلہ کریں
وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿65﴾	اور وہ تسلیم (نہ) کرلیں (خوشی سے) تسلیم کرنا۔ ﴿65﴾
وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ	اور اگر بیشک ہم واجب کر دیتے اُن پر
اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا	یہ کہ قتل کرو اپنے آپ کو یا نکل جاؤ
مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ	اپنے گھروں سے (تو) نہ کرتے ایسا
اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ	مگر تھوڑے سے ان میں سے اور اگر بیشک وہ
فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ	کر لیتے (وہ کام) جس کی وہ نصیحت کیے جاتے ہیں
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ	تو یقیناً بہتر ہوتا ان کے لیے اور زیادہ مضبوط ہوتا
تَثْبِيْتًا ﴿66﴾	ثابت قدمی کے لحاظ سے۔ ﴿66﴾
وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ	اور تب یقیناً ہم دیتے اُنہیں اپنی طرف سے
اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿67﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ	اجر عظیم۔ ﴿67﴾ اور یقیناً ہم ہدایت دیتے اُنہیں
صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿68﴾	سیدھے راستے کی۔ ﴿68﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَضَيْتَ : قضا، قاضی، قضائے الٰہی۔	دِيَارِكُمْ : دیار وطن، دیار غیر، دار الخلافہ۔
يُسَلِّمُوْا : تسلیم، اسلام، مسلم۔	اِلَّا قَلِيْلٌ : الا یہ کہ، الا ماشاء اللہ/ قلیل، قلت۔
كَتَبْنَا : کتابت، کتاب، کاتب۔	فَعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	يُوْعَظُوْنَ : وعظ، واعظ، واعظین کرام۔
اقْتُلُوْٓا : قتل، قتال، مقتول، قاتل۔	اَشَدَّ : اشد ضرورت، شدید، شدت۔
اَنْفُسَكُمْ : نفس، نفسا نفسی، نفسانی خواہشات۔	تَثْبِيْتًا : ثابت، ثبوت، ثابت قدمی۔
اخْرُجُوْا : خارج، خروج، اخراج۔	اَجْرًا : اجر عظیم، اجرت، عند اللہ ماجور ہوں۔
مِنْ : من جانب، من وعن، من حیث القوم۔	عَظِيْمًا : عظیم، اعظم، تعظیم، معظم، عظمت۔

مِّمَّا ①	قَضَيْتَ	وَيُسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا ② (65)	وَلَوْ
اس وجہ سے جو	فیصلہ کریں آپ	اور وہ سب تسلیم (نہ) کرلیں	تسلیم کرنا	اور اگر

اَنَّا كَتَبْنَا ③	عَلَيْهِمْ	اَنِ	اقْتُلُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ
بیشک ہم واجب کردیتے	اُن پر	یہ کہ	تم سب قتل کرو	اپنے آپ کو

اَوِ	اخْرُجُوْا	مِنْ دِيَارِكُمْ	مَّا	فَعَلُوْهُ ④
یا	تم سب نکل جاؤ	اپنے گھروں سے	(تو) نہ	سب کرتے ایسا

اِلَّا قَلِيْلٌ	مِّنْهُمْ ؕ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	فَعَلُوْا	مَا
مگر تھوڑے سے	اُن میں سے	اور اگر	بے شک وہ	سب کرلیتے	جو

يُوْعَظُوْنَ ⑤	بِهٖ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ
وہ سب نصیحت کیے جاتے ہیں	اُس کی	(تو) یقیناً ہوتا	بہتر	اُن کے لیے

وَاَشَدَّ ⑥	تَثْبِيْتًا ۙ (66)	وَّاِذًا ⑦	لَّاٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ لَّدُنَّآ
اور زیادہ مضبوط ہوتا	ثابت قدمی کے لحاظ سے	اور تب	یقیناً ہم دیتے اُنہیں	اپنی طرف سے

اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ (67)	وَّ	لَهَدَيْنٰهُمْ	صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا (68)
بہت بڑا اجر	اور	یقیناً ہم ہدایت دیتے اُنہیں	سیدھے راستے کی

ضروری وضاحت

① مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ② یہ گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے اور عموماً تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ③ اَنَّا کے نَا اور كَتَبْنَا کے آخر میں نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ④ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑤ علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ⑥ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑦ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ	اور جو اطاعت کرے اللہ اور (اُسکے) رسول کی
فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ	تو وہ لوگ (ان کے) ساتھ ہوں گے جو
اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ	اللہ نے انعام کیا اُن پر نبیوں میں سے
وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ	اور صدیقین اور شہداء اور نیک لوگوں (میں سے)
وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿69﴾ ؕ	اور بہت خوب ہیں وہ لوگ رفاقت کے لحاظ سے۔ ﴿69﴾
ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ	اور یہ فضل ہے اللہ کی طرف سے
وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿70﴾ ع	اور کافی ہے اللہ خوب جاننے والا۔ ﴿70﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا	(ہمیشہ) پکڑے رکھو اپنے بچاؤ کا سامان پس تم نکلو
ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿71﴾	الگ الگ (دستوں کی صورت میں) یا نکلو سب اکٹھے۔ ﴿71﴾
وَاِنَّ مِنْكُمْ	اور بیشک تم میں سے (کوئی ایسا بھی ہے)
لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ	البتہ جو (عمداً) ضرور دیر لگاتا ہے

ع 9/11/6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شان وشوکت، مشرق ومغرب، لیل ونہار۔	حَسُنَ	: حسن، حسین، احسن۔
يُّطِعِ	: اطاعت، مطیع، اطاعت رسول۔	رَفِيْقًا	: رفیق، رفیقۂ حیات، رفاقت۔
الرَّسُوْلَ	: انبیاء ورسل، رسالت، مرسل، رسالہ۔	الْفَضْلُ	: فضل وکرم۔
مَعَ	: مع اہل وعیال، معیت۔	كَفٰى	: کافی، کفایت۔
اَنْعَمَ	: انعام یافتہ، منعم حقیقی، نعمت۔	عَلِيْمًا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
النَّبِيّٖنَ	: نبی، انبیاء، نبوت، انبیاء ورسل۔	خُذُوْا	: اخذ، ماخوذ، ماخذ، مواخذہ۔
الصِّدِّيْقِيْنَ	: صدیقہ کائنات۔ صادق، صدیق۔	جَمِيْعًا	: جمع، جمیع کائنات، جماعت، مجموعہ۔
الشُّهَدَآءِ	: شاہد، شہید، شہادت۔	مِنْكُمْ	: منجانب، منجملہ، من وعن، من حیث القوم۔

وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ ①	وَالرَّسُوْلَ	فَاُولٰٓئِكَ	مَعَ
اور جو	اطاعت کرے اللہ کی	اور (اُسکے) رسول کی	تو (یہی لوگ)	ساتھ (ہوں گے)

الَّذِيْنَ	اَنْعَمَ اللّٰهُ ②	عَلَيْهِمْ	مِّنَ النَّبِيّٖنَ
(اُن لوگوں کے) جو (کہ)	اللہ نے انعام کیا	اُن پر	نبیوں میں سے

وَالصِّدِّيْقِيْنَ	وَالشُّهَدَآءِ	وَالصّٰلِحِيْنَ ج	وَحَسُنَ
اور صدیقین (میں سے)	اور شہداء	اور نیک لوگوں (میں سے)	اور بہت خوب ہیں

اُولٰٓئِكَ	رَفِيْقًا ط (69)	ذٰلِكَ الْفَضْلُ ③	مِنَ اللّٰهِ ط
وہ (لوگ)	رفاقت کے لحاظ سے	یہ فضل ہے	اللہ (کی طرف) سے

ع 9 11 6

وَكَفٰى	بِاللّٰهِ ④	عَلِيْمًا ع (70)	يٰٓاَيُّهَا ⑤	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اور کافی ہے	اللہ	خوب جاننے والا	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!

خُذُوْا	حِذْرَكُمْ	فَانْفِرُوْا	ثُبَاتٍ ⑥	اَوِ
سب پکڑ رکھو	اپنے بچاؤ (کا سامان)	پس سب نکلو	الگ الگ	یا

اِنْفِرُوْا ⑦	جَمِيْعًا (71)	وَاِنَّ	مِنْكُمْ	لَمَنْ	لَّيُبَطِّئَنَّ ج ① ⑧
نکلو سب	اکٹھے	اور بیشک	تم میں سے	البتہ جو	(عمداً) ضرور دیر لگاتا ہے

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② یہاں شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ④ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ یَا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ⑥ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ فعل کے شروع میں اِ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑧ علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ	پھر اگر پہنچے تمہیں کوئی مصیبت (تو) کہتا ہے
قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ	تحقیق انعام کیا ہے اللہ نے مجھ پر (کہ) اس وقت
لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿72﴾	میں نہیں تھا انکے ساتھ موجود (معرکہ میں)۔ ﴿72﴾
وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ	اور البتہ اگر پہنچے تمہیں فضل اللہ کی طرف سے (تو)
لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ	ضرور (ایسے) بات کرتا ہے گویا کہ نہیں تھی
بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ	تمہارے درمیان اور اس کے درمیان کوئی دوستی
يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ	(افسوس میں کہتا ہے) اے کاش میں ہوتا ان کے ساتھ
فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿73﴾	تو میں حاصل کرتا بڑی کامیابی۔ ﴿73﴾
فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ	تو چاہیے کہ جنگ کریں اللہ کے راستے میں وہ لوگ جو
يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ	بیچ دیتے ہیں دنیوی زندگی آخرت کے بدلے میں
وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور جو جنگ کرے اللہ کی راہ میں
فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ	پھر شہید کر دیا جائے یا غلبہ پائے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصَابَتْكُمْ، مُّصِيْبَةٌ : مصیبت، مصائب۔	مَوَدَّةٌ : محبت ومودت۔
قَالَ، لَيَقُوْلَنَّ : قول، قائل، مقولہ، اقوال۔	فَاَفُوْزَ : فائز، فوز وفلاح۔
اَنْعَمَ : نعمت، انعام یافتہ، منعم حقیقی۔	عَظِيْمًا : عظیم، عظمت، اعظم، معظم، تعظیم۔
عَلَيَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	فَلْيُقَاتِلْ، فَيُقْتَلْ : قتل، قتال، مقتول، مقتل۔
مَّعَهُمْ : مع اہل وعیال، معیت۔	فِيْ : فی الفور، فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔
شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
فَضْلٌ : فضل وکرم۔	يَشْرُوْنَ : بیع وشرا، مشتری ہوشیار باش۔
بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔	يَغْلِبْ : غلبۂ دین، غالب، مغلوب۔

فَاِنْ	اَصَابَتْكُمْ ①	مُّصِيْبَةٌ ①	قَالَ	قَدْ	اَنْعَمَ اللّٰهُ
پھر اگر	پہنچے تمہیں	کوئی مصیبت (تو)	کہتا ہے	تحقیق	انعام کیا ہے اللہ نے

عَلَيَّ ②	اِذْ	لَمْ اَكُنْ	مَّعَهُمْ	شَهِيْدًا ﴿72﴾	وَلَئِنْ ③	اَصَابَكُمْ
مجھ پر	اس وقت	نہیں تھا میں	اُن کے ساتھ	موجود	اور البتہ اگر	پہنچے تمہیں

فَضْلٌ	مِّنَ اللّٰهِ	لَيَقُوْلَنَّ ④	كَاَنْ لَّمْ	تَكُنْ ①
فضل	اللہ کی طرف سے	ضرور (ایسے) بات کرتا ہے	گویا کہ نہیں	تھی

بَيْنَكُمْ	وَ بَيْنَهٗ	مَوَدَّةٌ ①	يٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	مَعَهُمْ
تمہارے درمیان	اور اُس کے درمیان	کوئی دوستی	اے کاش میں	میں ہوتا	اُن کے ساتھ

فَاَفُوْزَ	فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿73﴾	فَلْيُقَاتِلْ ⑤⑥	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
تو میں کامیابی حاصل کرتا	بڑی کامیابی	تو چاہیے کہ جنگ کریں	اللہ کے راستے میں

الَّذِيْنَ	يَشْرُوْنَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ①	بِالْاٰخِرَةِ ①⑦ ط
(وہ لوگ) جو	وہ سب بیچ دیتے ہیں	دنیوی زندگی	آخرت کے بدلے میں

وَمَنْ	يُّقَاتِلْ ⑥	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَيُقْتَلْ ⑧	اَوْ	يَغْلِبْ
اور جو	جنگ کرے	اللہ کی راہ میں	پھر وہ شہید کر دیا جائے	یا	وہ غلبہ پائے

ضروری وضاحت

① تْ، ةٌ اور تٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② عَلَيَّ دراصل عَلٰى + یْ کا مجموعہ ہے۔③ لَئِنْ دراصل لَ + اِنْ کا مجموعہ ہے۔④ علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑤ وَ یا فَ کے بعد "لْ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑧ علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿74﴾	تو عنقریب ہم دیں گے اُسے اجر عظیم۔ ﴿74﴾
وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ	اور کیا ہوا ہے تمہیں (کہ) تم نہیں لڑتے ہو
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ	اللہ کی راہ میں اور اُن بے بس
مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ	مردوں اور عورتوں اور بچوں (کی خاطر)
الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا	جو کہتے ہیں (اے) ہمارے رب! ہمیں نکال
مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ	اس بستی سے (کہ) ظالم ہیں اسکے بسنے والے
وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ	اور تو بنا ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی حامی
وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿75﴾ ؕ	اور بنا ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی مددگار۔ ﴿75﴾
اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ	جو لوگ ایمان لائے وہ (تو) جنگ کرتے ہیں
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اللہ کی راہ میں اور جنہوں نے کفر کیا
يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ	وہ جنگ کرتے ہیں طاغوت (شیطان) کی راہ میں
فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ	تو تم قتال کرو شیطان کے ساتھیوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَجْرًا : اجر، اجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔	الْوِلْدَانِ : ولد، اولاد، مولود۔
عَظِيْمًا : عظیم، عظمت، اعظم، معظم، تعظیم۔	يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لاجواب، لامحدود۔	اَخْرِجْنَا : خارج، خروج، اخراج۔
تُقَاتِلُوْنَ : قتل، قتال، مقتول۔	الْقَرْيَةِ : قریہ قریہ، بستی بستی۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	اَهْلُهَا : اہل وعیال، اہل خانہ۔
الْمُسْتَضْعَفِيْنَ : ضعیف وناتواں، ضعیف الاعتقاد۔	اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
الرِّجَالِ : قحط الرجال، رجالِ کار۔	نَصِيْرًا : ناصر، منصور، انصار، نصرت۔
النِّسَآءِ : نسوانیت، تربیت نسواں، حقوق نسواں۔	اَوْلِيَآءَ : ولی، اولیاء اللہ۔

فَسَوْفَ ①	نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿74﴾	وَمَا	لَكُمْ ②	لَا تُقَاتِلُوْنَ
توعنقریب	ہم دیں گے اُسے	بہت بڑا اجر	اور کیا ہے	تمہیں	نہیں تم سب لڑتے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ الرِّجَالِ ③	وَالنِّسَآءِ	وَالْوِلْدَانِ ④
اللہ کی راہ میں	اور سب بے بس کمزور	مردوں	اور عورتوں	اور بچوں (کی خاطر)

الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ	اَخْرِجْنَا ⑤	مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ⑥
جو	وہ سب کہتے ہیں	اے ہمارے رب!	ہمیں نکال دے	اس بستی سے (کہ)

الظَّالِمِ	اَهْلُهَا ج	وَاجْعَلْ	لَّنَا	مِنْ لَّدُنْكَ	وَلِيًّا ⑦ لا ج
ظالم ہیں	اُس کے بسنے والے	اور بنا	ہمارے لیے	اپنی طرف سے	کوئی حامی

وَّاجْعَلْ	لَّنَا	مِنْ لَّدُنْكَ	نَصِيْرًا ⑦ ط ﴿75﴾	اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اور بنا	ہمارے لیے	اپنی طرف سے	کوئی مددگار	(جولوگ) جو	سب ایمان لائے

يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُقَاتِلُوْنَ
وہ سب جنگ کرتے ہیں	اللہ کی راہ میں	اور جن	سب نے کفر کیا	وہ سب جنگ کرتے ہیں

فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ	فَقَاتِلُوْٓا ①	اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ج
طاغوت (شیطان) کی راہ میں	توتم سب قتال کرو	شیطان کے ساتھیوں سے

ضروری وضاحت

① فَ کا اصل ترجمہ پس، تو اور پھر ہوتا ہے۔ ② یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
④ یہاں اَلْوِلْدَانِ میں علامت انِ تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرنے کے لیے نہیں بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ⑤ یہاں
شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ ڈبل
حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔

ع 10 6 7 اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿76﴾ ع	بیشک شیطان کی چال کمزور ہے۔ ﴿76﴾ ع
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا نہیں تم نے دیکھا ان لوگوں کی طرف جو
قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا	(کہ پہلے) ان سے کہا گیا (کہ) روکے رکھو
اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ	اپنے ہاتھوں کو (جنگ سے) اور نماز قائم کرتے رہو
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ	اور زکوۃ دیتے رہو، پھر جب فرض کر دیا گیا
عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ	اُن پر جہاد تب کچھ لوگ اُن میں سے
يَخْشَوْنَ النَّاسَ	(ایسے) ڈرنے لگتے ہیں لوگوں سے
كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ	جیسے اللہ سے ڈرا کرتے ہیں یا اس سے بھی زیادہ سخت ڈرنا
وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ	اور کہنے لگے (اے) ہمارے رب! کیوں
كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ	(اتنی جلدی) تو نے فرض کر دیا ہم پر جہاد
لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ	کیوں نہ تو نے مہلت دی ہمیں تھوڑی مدت تک
قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ	(ان سے) کہہ دیجیے کہ دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ضَعِيْفًا : ضعیف وناتواں، ضعف جگر۔	يَخْشَوْنَ، خَشْيَةً : خشیتِ الٰہی (ڈر)۔
تَرَ : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال کمیٹی۔	النَّاسَ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
قِيْلَ، قَالُوْا : قول، قائل، اقوال، مقولہ۔	كَخَشْيَةِ : کالعدم، کماحقہ / خشیت الٰہی۔
اَيْدِيَكُمْ : ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	اَشَدَّ : اشد ضرورت، شدید، شدت۔
اَقِيْمُوا : قائم، قیام، مقیم، اقامت، قیامت۔	اَخَّرْتَنَآ : مؤخر، تاخیر۔
كُتِبَ، كَتَبْتَ : کاتب، کتابت، مکتوب۔	قَرِيْبٍ : قرب وجوار، قریبی رشتہ دار، مقرب۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مَتَاعُ : متاع کارواں، مال ومتاع۔
فَرِيْقٌ : فریق اول، فرقہ، تفریق۔	قَلِيْلٌ : الاقلیل، قلت۔

ع 10 6 7

اِنَّ	كَيْدَ الشَّيْطٰنِ	كَانَ	ضَعِيْفًا ﴿76﴾ ع	اَلَمْ	تَرَ ①
بے شک	شیطان کی چال	ہے	کمزور	کیا نہیں	آپ نے دیکھا

اِلَى الَّذِيْنَ	قِيْلَ	لَهُمْ	كُفُّوْٓا	اَيْدِيَكُمْ ②
(اُن لوگوں) کی طرف جو	(کہ) کہا گیا	اُن سے	سب روکے رکھو	اپنے ہاتھوں کو (جنگ سے)

وَ اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ ③	وَ اٰتُوا	الزَّكٰوةَ ③ ج	فَلَمَّا	كُتِبَ ④
اور سب قائم کرو	نماز	اور سب ادا کرو	زکوٰۃ	پھر جب	فرض کر دیا گیا

عَلَيْهِمُ	الْقِتَالُ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَخْشَوْنَ	النَّاسَ
اُن پر	جہاد (تو)	اس وقت	ایک گروہ	اُن میں سے	وہ سب ڈرتے ہیں	لوگوں سے

كَخَشْيَةِ اللّٰهِ ③	اَوْ	اَشَدَّ ⑤	خَشْيَةً ③ ج	وَقَالُوْا
اللہ سے ڈرنے کی طرح	یا	(اس سے بھی) زیادہ سخت	ڈرنا	اور سب کہنے لگے

رَبَّنَا ⑥	لِمَ كَتَبْتَ	عَلَيْنَا	الْقِتَالَ ج	لَوْلَآ
اے ہمارے رب!	کیوں تو نے فرض کر دیا	ہم پر	جہاد	کیوں نہ

اَخَّرْتَنَآ	اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ط	قُلْ	مَتَاعُ الدُّنْيَا	قَلِيْلٌ ج
تو نے مہلت دی ہمیں	قریبی مدت تک	کہہ دیں	دنیا کا فائدہ	تھوڑا ہے

ضروری وضاحت

① تَرَ دراصل تَرَىٰ تھا، آخر سے یٰ گری ہوئی ہے۔② كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔③ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ یہاں شروع سے یا محذوف ہے جیسے ہمارے ہاں بھی اے خالد کی بجائے صرف خالد کہہ کر پکارا جاتا ہے۔

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ	اور آخرت (ہی) بہتر ہے
لِّمَنِ اتَّقٰى ۟ قف	(اس) کیلئے جو پرہیز گاری اختیار کرے
وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿77﴾	اور نہ تم ظلم کیے جاؤ گے دھاگے برابر (معمولی سا بھی)۔ ﴿77﴾
اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ	جہاں پر بھی تم ہو گے پالے گی تمہیں موت
وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ	اور اگر چہ ہو تم مضبوط قلعوں میں
وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ	اور اگر پہنچے ان کو کوئی فائدہ
يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ	(تو) وہ کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے
وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ	اور اگر پہنچے اُنہیں کوئی تکلیف
يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ	(تو) وہ کہتے ہیں یہ تیری طرف (وجہ) سے ہے
قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ	کہہ دیں (تکلیف وراحت) سب اللہ کی طرف سے ہے
فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ	تو کیا ہو گیا ہے ان لوگوں کو (کہ)
لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿78﴾	نہیں قریب ہوتے (کہ) وہ سمجھ سکیں بات۔ ﴿78﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاٰخِرَةُ	: یومِ آخرت، آخری، اُخروی زندگی۔	تُصِبْهُمْ	: مصیبت، مصائب۔
خَيْرٌ	: خیر، خیر و عافیت، خیریت۔	حَسَنَةٌ	: حسن، احسان، محسن۔
لِّمَنِ	: لہٰذا، الحمدللہ۔	يَّقُوْلُوْا، قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ۔
اتَّقٰى	: تقویٰ، متقی۔	عِنْدِ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
لَا	: لاعلاج، لاتعداد، لاجواب، لاثانی۔	سَيِّئَةٌ	: علمائے سوء، سوءِ ادب، سوءِ ظن۔
تُظْلَمُوْنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الْقَوْمِ	: قوم قبیلہ، قومی دن، اقوام۔
يُدْرِكْكُّمُ	: ادراک (پانا)۔	يَفْقَهُوْنَ	: فقہ، فقیہ، فقہاء۔
بُرُوْجٍ	: برج، چوبرجی۔	حَدِيْثًا	: حدیث نبوی، محدث، تحدیث نعمت۔

وَالْاٰخِرَةُ ①	خَيْرٌ	لِّمَنِ	اتَّقٰى قف	وَلَا	تُظْلَمُوْنَ ②
اور آخرت	بہتر ہے	(اُس) کیلئے جو	تقویٰ اختیار کرے	اور نہیں	تم سب ظلم کیے جاؤ گے

فَتِيْلًا (77)	اَيْنَ مَا ③	تَكُوْنُوْا	يُدْرِكْكُّمُ ④	الْمَوْتُ
دھاگے برابر	جہاں کہیں	تم سب ہو گے	پالے گی تمہیں	موت

وَلَوْ	كُنْتُمْ	فِيْ بُرُوْجٍ	مُّشَيَّدَةٍ ① ط	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ ①
اور اگرچہ	ہو تم	قلعوں میں	مضبوط	اور اگر	پہنچے اُن کو

حَسَنَةٌ ①	يَّقُوْلُوْا	هٰذِهٖ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ج
کوئی اچھائی	(تو) وہ سب کہتے ہیں	یہ	اللہ کی طرف سے ہے

وَاِنْ	تُصِبْهُمْ ①	سَيِّئَةٌ ①	يَّقُوْلُوْا	هٰذِهٖ
اور اگر	پہنچے اُنہیں	کوئی تکلیف	(تو) وہ سب کہتے ہیں	یہ

مِنْ عِنْدِكَ ط	قُلْ	كُلٌّ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ط
تیری طرف (وجہ) سے ہے	آپ کہہ دیں	سب (تکلیف وراحت)	اللہ کی طرف سے ہے

فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ ⑤	لَا	يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ ⑥	حَدِيْثًا (78)
تو کیا (ہو گیا ہے) اس قوم (کے لوگوں) کو	نہیں	قریب (کہ) وہ سب سمجھ سکیں	بات

ضروری وضاحت

① ةٌ اور تٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اَیْنَ کے ساتھ اگر مَا ہو تو دونوں کا ملا کر ترجمہ جہاں کہیں کیا جاتا ہے۔④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ لِ جب اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ لیے یا کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے، اسکا استعمال لفظ کے ساتھ ملکر ہوتا ہے اس لیے اصولاً لِھٰٓؤُلَآءِ ہونا چاہیے تھا لیکن قرآنی کتابت کے مطابق الگ لکھا گیا ہے۔⑥ یہاں دونوں یَ اور دونوں وْنَ کا ترجمہ ملا کر کیا گیا ہے۔

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ	(اے انسان) جو پہنچے تجھے کوئی فائدہ
فَمِنَ اللّٰهِ ز	تو (وہ) اللہ کی طرف سے ہے
وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ	اور جو پہنچے تجھے کوئی تکلیف
فَمِنْ نَّفْسِكَ ط	تو (وہ) تیرے نفس (کی شامت اعمال کی وجہ) سے ہے
وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ط	اور (اے محمد) ہم نے رسول بنا کر بھیجا آپکو لوگوں کے لیے
وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿79﴾	اور کافی ہے اللہ (اس بات پر) بطور گواہ۔ ﴿79﴾
مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ	جو اطاعت کرے گا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ج	تو در حقیقت اس نے اطاعت کی اللہ تعالیٰ کی
وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ	اور جو منہ موڑ لے تو نہیں ہم نے بھیجا آپ کو
عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿80﴾ ط	ان پر نگہبان بنا کر۔ ﴿80﴾ ط
وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ز	اور یہ کہتے ہیں (آپکی) اطاعت (دل سے قبول) ہے
فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ	پھر جب چلے جاتے ہیں آپ کے پاس سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا۔	لِلنَّاسِ : للہذا، الحمدللہ/عوام الناس، عامة الناس۔
اَصَابَكَ : مصیبت، مصائب۔	كَفٰى : کافی، کفایت۔
مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔	شَهِيْدًا : شاہد، شہادت (گواہی)۔
حَسَنَةٍ : محسن، احسان۔	يُطِعِ، اَطَاعَ : اطاعت رسول، مطیع و فرمانبردار۔
سَيِّئَةٍ : سوءِ ادب، علمائے سوء، اعمال سیئہ۔	عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
نَفْسِكَ : نفس، نفسانفسی، نفسانی خواہشات۔	حَفِيْظًا : حفاظت، حافظ، محافظ۔
وَ : شام وسحر، شان وشوکت، رنج والم۔	يَقُوْلُوْنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال۔
اَرْسَلْنٰكَ، رَسُوْلًا : رسول، رسالت، ارسال۔	عِنْدِكَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

مَآ	اَصَابَكَ	مِنْ حَسَنَةٍ ①②③	فَمِنَ اللّٰهِ ز
(اے انسان) جو	پہنچے تجھے	کوئی فائدہ	تو (وہ) اللہ (کی طرف) سے ہے

وَمَآ	اَصَابَكَ	مِنْ سَيِّئَةٍ ①②③	فَمِنْ نَّفْسِكَ ط
اور جو	پہنچے تجھے	کوئی تکلیف	تو (وہ) تیرے نفس کی طرف سے ہے

وَ	اَرْسَلْنٰكَ	لِلنَّاسِ	رَسُوْلًا ط	وَ	كَفٰى
اور	ہم نے بھیجا ہے آپ کو	لوگوں کے لیے	رسول بنا کر	اور	کافی ہے

بِاللّٰهِ ④	شَهِيْدًا (79)	مَنْ يُّطِعِ ⑤	الرَّسُوْلَ	فَقَدْ
اللہ (اس بات پر)	بطورِ گواہ	جو اطاعت کرے گا	رسول کی	تو درحقیقت

اَطَاعَ	اللّٰهَ ج	وَمَنْ	تَوَلّٰى ⑥	فَمَآ
اُس نے اطاعت کی	اللہ تعالیٰ کی	اور جو	منہ موڑ لے	تو نہیں

اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا (80) ط	وَ	يَقُوْلُوْنَ
ہم نے بھیجا آپ کو	اُن پر	نگہبان (بنا کر)	اور	وہ سب کہتے ہیں

طَاعَةٌ ② ز	فَاِذَا ⑦	بَرَزُوْا	مِنْ عِنْدِكَ
(آپکی) اطاعت (قبول) ہے	پھر جب	سب چلے جاتے ہیں	آپ کے پاس سے

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔④ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر کبھی سو ہوتا ہے۔

بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ	(تو) رات کو مشورہ کرتا ہے ایک گروہ اُن میں سے
غَيْرَ الَّذِیْ تَقُوْلُ ؕ	اس کے خلاف جو آپ کہتے ہیں
وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ	اور اللہ لکھ لیتا ہے جو یہ رات کو مشورہ کرتے ہیں
فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ	تو آپ اعراض کریں اُن سے اور بھروسہ کریں اللہ پر
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿81﴾	اور کافی ہے اللہ بطور کارساز۔ ﴿81﴾
اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ	تو کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے قرآن میں
وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ	اور اگر ہوتا اللہ کے علاوہ کی طرف سے (تو)
لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿82﴾	یقیناً وہ پاتے اس میں بہت سا اختلاف۔ ﴿82﴾
وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ	اور جب آتا ہے اُن کے پاس کوئی معاملہ (یعنی خبر)
مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ	امن کی یا خوف کی (تو فوراً) مشہور کر دیتے ہیں اس کو
وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ	اور اگر پہنچاتے اُسے رسول تک
وَاِلٰٓى اُولِی الْاَمْرِ مِنْهُمْ	اور اصحابِ اقتدار تک اپنے میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

طَآئِفَةٌ	طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔	كَفٰى	کافی، کفایت۔
مِّنْهُمْ	منجانب، من وعن، منجملہ، من حیث القوم۔	وَكِيْلًا	وکیل، وکالت۔
غَيْرَ	غیر اللہ، دیارِ غیر، اغیار۔	يَتَدَبَّرُوْنَ	تدبّر، تدبیر، مدبّر کائنات۔
تَقُوْلُ	قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔	عِنْدِ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
يَكْتُبُ	کاتب، کتاب، مکتوب، کتب۔	لَوَجَدُوْا	وجد، وجود، موجود۔
مَا	ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔	اخْتِلَافًا	اختلاف، اختلافات، مختلف۔
فَاَعْرِضْ	اعراض کرنا (منہ موڑنا)۔	الْاَمْنِ	امن وامان، امنِ عامہ۔
تَوَكَّلْ	توکل، متوکل علی اللہ۔	رَدُّوْهُ	ردّ، مردود، تردید۔

بَيَّتَ	طَآئِفَةٌ ①	مِّنْهُمْ	غَيْرَ الَّذِىْ	تَقُوْلُ ط
رات کو مشورہ کرتا ہے	ایک گروہ	اُن میں سے	(اُس کے) علاوہ جو	آپ کہتے ہیں

وَاللّٰهُ	يَكْتُبُ ②	مَا	يُبَيِّتُوْنَ ج	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ
اور اللہ	لکھ لیتا ہے	جو	وہ سب رات کو مشورہ کرتے ہیں	تو آپ اعراض کریں	اُن سے

وَتَوَكَّلْ ③	عَلَى اللّٰهِ ط	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ ④	وَكِيْلًا (81)	اَفَلَا
اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی ہے	اللہ	بطورِ کارساز	تو کیا نہیں

يَتَدَبَّرُوْنَ	الْقُرْاٰنَ ط	وَلَوْ	كَانَ	مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ
وہ سب لوگ غور کرتے	قرآن میں	اور اگر	ہوتا	اللہ علاوہ کی طرف سے

لَوَجَدُوْا	فِيْهِ	اخْتِلَافًا	كَثِيْرًا (82)	وَاِذَا	جَآءَهُمْ
یقیناً وہ سب پاتے	اس میں	اختلاف	بہت	اور جب	آئے اُن کے پاس

اَمْرٌ ⑤	مِّنَ الْاَمْنِ	اَوِ الْخَوْفِ	اَذَاعُوْا	بِهٖ ⑥ ط
کوئی معاملہ	امن سے	یا خوف	وہ سب مشہور کردیتے ہیں	اُس کو

وَلَوْ	رَدُّوْهُ ⑦	اِلَى الرَّسُوْلِ	وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ	مِنْهُمْ
اور اگر	وہ سب پہنچاتے اُسے	رسول تک	اور اصحاب اقتدار تک	اپنے میں سے

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ	(تو) البتہ جان لیتے اُسے (وہ لوگ) جو
يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ	صحیح نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں اس سے ان میں سے
وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ	اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت
لَاتَّبَعْتُمُ	(تو) ضرور پیچھے لگ جاتے تم
الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿83﴾	شیطان کے سوائے تھوڑے لوگوں کے۔ ﴿83﴾
فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ	تو (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جنگ کریں اللہ کی راہ میں
لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ	نہیں ہیں آپ مکلف مگر اپنے آپ کے
وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ	اور آپ ترغیب دیں مومنوں کو (بھی)
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ	قریب ہے کہ (اس طرح) اللہ روک دے لڑائی کو
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ	(ان لوگوں کی طرف سے) جنہوں نے کفر کیا
وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا	اور اللہ تعالیٰ بہت سخت ہے لڑائی میں
وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿84﴾	اور بہت سخت ہے سزا دینے میں۔ ﴿84﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- لَعَلِمَهُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
- يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ : استنباط (اخذ کرنا)۔
- مِنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
- وَ : شان وشوکت، شام وسحر، لیل ونہار۔
- فَضْلُ : فضل وکرم۔
- عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- لَاتَّبَعْتُمُ : اتباع رسول، متبع سنت، تابع فرمان۔
- اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ، قلیل، قلت۔
- قَلِيْلًا : قلیل، قلت وکثرت، الاقلیل۔
- فَقَاتِلْ : قتل، قاتل، قتال، مقتول، مقتل۔
- فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
- تُكَلَّفُ : تکلیف دہ، تکالیف، مکلف، تکلف۔
- نَفْسَكَ : نفس، نفسا نفسی، نفسانی خواہشات۔
- الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
- كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
- اَشَدُّ : اشد ضرورت، شدید، شدت۔

لَعَلِمَهُ ①	الَّذِيْنَ	يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ ②	مِنْهُمْ ؕ
البتہ جان لیتے اُسے	(وہ لوگ) جو	وہ سب صحیح نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں اُس سے	اُن میں سے

وَلَوْ	لَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَ	رَحْمَتُهٗ
اور اگر	نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور	اُس کی رحمت

لَاتَّبَعْتُمُ ①	الشَّيْطٰنَ ③	اِلَّا	قَلِيْلًا ﴿83﴾
(تو) ضرور پیچھے لگ جاتے تم	شیطان کے	مگر	تھوڑے (لوگ بچتے)

فَقَاتِلْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ	لَا	تُكَلَّفُ ④	اِلَّا
تو (اے نبی ﷺ) جنگ کریں	اللہ کی راہ میں	نہیں	آپ تکلیف دیے جاتے	مگر

نَفْسَكَ	وَحَرِّضِ	الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ	عَسَى	اللّٰهُ
اپنے نفس کی	اور ترغیب دیں	مومنوں کو (بھی)	قریب ہے	اللہ

اَنْ يَّكُفَّ ⑤	بَاْسَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ؕ
کہ روک دے	لڑائی کو	(اُن لوگوں کی طرف سے) جن	سب نے کفر کیا

وَاللّٰهُ	اَشَدُّ ⑥	بَاْسًا	وَّ اَشَدُّ ⑥	تَنْكِيْلًا ﴿84﴾
اور اللہ تعالیٰ	زیادہ سخت ہے	لڑائی میں	اور زیادہ سخت ہے	سزا دینے میں

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے، جس کا ترجمہ البتہ یا ضرور کیا جاتا ہے۔ ② علامت اِسْتَ کے شروع میں اگر یہ ہو تو اس کا ا گر جاتا ہے، اس کا ترجمہ اخذ کرنا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ④ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ⑤ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً	جو سفارش کرے گا نیک (بات کی) سفارش
يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ	(تو) ہوگا اس کا حصہ اس میں سے
وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً	اور جو سفارش کرے گا بُری (بات کی) سفارش
يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ	(تو) ہوگا اس کے لیے حصہ اس (کے عذاب) سے
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ مُّقِيْتًا ﴿85﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ ہر چیز پر نگران۔ ﴿85﴾
وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ	اور جب دعا دی جائے تم کو کوئی دعا
فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ	تو (جواباً) دعا دو بہتر (الفاظ) کے ساتھ اس سے
اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ	یا لوٹا دو وہی (الفاظ) بے شک اللہ تعالیٰ ہے
عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ حَسِيْبًا ﴿86﴾ اَللّٰهُ	ہر چیز کا حساب لینے والا۔ ﴿86﴾ اللہ (وہ ہستی ہے کہ)
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ	نہیں ہے کوئی (سچا) معبود مگر (صرف) وہی
لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	البتہ ضرور وہ اکٹھا کرے گا تمھیں قیامت کے دن
لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ	(کہ) کوئی شک نہیں اس (دن) میں

النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّشْفَعْ، شَفَاعَةً : شفاعت، شافع محشر۔
حَسَنَةً، بِاَحْسَنَ : احسان، محسن، حسنات۔
نَصِيْبٌ : خوش نصیب، باادب بانصیب۔
مِّنْهَا : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
سَيِّئَةً : علمائے سوء، سوءِ ادب، سوءِ ظن۔
كِفْلٌ : کفیل بننا، کفالت کرنا۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
كُلِّ : کل کائنات، کل نمبر، کلی طور پر۔

شَىْءٍ : شے، اشیا۔
وَ : شان وشوکت، شام وسحر، لیل ونہار۔
رُدُّوْهَا : ردّ، مردود، تردید۔
حَسِيْبًا : حساب وکتاب، محاسب، محاسبہ۔
لَيَجْمَعَنَّكُمْ : جمع، جماعت، مجمع، مجموعہ۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
لَا رَيْبَ : کتاب لاریب، خدائے لاریب۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

مَنْ يَّشْفَعْ①	شَفَاعَةً حَسَنَةً②	يَّكُنْ لَّهٗ①	نَصِيْبٌ	مِّنْهَا ج
جو سفارش کرے گا	نیک (بات کی) سفارش	(تو) ہوگا اُس کے لیے	حصہ	اُس سے

وَمَنْ	يَّشْفَعْ①	شَفَاعَةً سَيِّئَةً①	يَّكُنْ لَّهٗ①	كِفْلٌ	مِّنْهَا ط
اور جو	سفارش کرے گا	بُری (بات کی) سفارش	(تو) ہوگا اُس کیلئے	حصہ	اُس سے

وَ	كَانَ اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	مُّقِيْتًا (85)	وَاِذَا	حُيِّيْتُمْ
اور	ہے اللہ تعالیٰ	ہر چیز پر	نگران	اور جب	دعا دی جائے تم کو

بِتَحِيَّةٍ②③④	فَحَيُّوْا	بِاَحْسَنَ	مِنْهَآ	اَوْ
کوئی دعا	تو (جواباً) سب دعا دو	زیادہ اچھے (الفاظ) کے ساتھ	اُس سے	یا

رُدُّوْهَا⑤ ط	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ⑥	حَسِيْبًا (86)
سب لوٹا دو اُسے	بیشک اللہ تعالیٰ	ہے	ہر چیز کا	حساب لینے والا

اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ⑦	اِلَّا	هُوَ ط	لَيَجْمَعَنَّكُمْ⑧
اللہ	کوئی معبود نہیں	مگر	وہی	البتہ ضرور وہ اکٹھا کرے گا تمہیں

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ②	لَا رَيْبَ⑦	فِيْهِ ط
قیامت کے دن کی طرف	کوئی شک نہیں	اُس (دن) میں

ضروری وضاحت

① یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔④ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑥ یہاں عَلٰی کا ترجمہ کا ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑦ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔⑧ علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

ع 11/11/8

وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿87﴾ ع	اور کون ہے زیادہ سچا اللہ سے (بڑھ کر) بات میں ﴿87﴾ ع
فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ	تو کیا ہوا ہے تمہیں (کہ) منافقوں (کے بارے) میں
فِئَتَيْنِ وَ اللّٰهُ	دو گروہ (بن گئے ہو) حالانکہ اللہ نے
اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ	اوندھا کر دیا ہے اُنہیں اس وجہ سے جو اُنہوں نے کمایا
اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا	کیا تم چاہتے ہو کہ ہدایت پر لے آؤ (اس کو)
مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ	جسے گمراہ کر دیا ہو اللہ تعالیٰ نے
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے
فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿88﴾	تو ہرگز نہیں آپ پائیں گے اُسکے لیے کوئی راستہ۔ ﴿88﴾
وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا	وہ (تو) چاہتے ہیں کاش تم کفر کرنے لگو جیسا کہ
كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً	اُنہوں نے کفر کیا پھر تم سب ہو جاؤ برابر (کفر میں)
فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ	پس مت پکڑو (بناؤ) اُن میں سے (کسی کو) دوست
حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	یہاں تک کہ وہ ہجرت کر جائیں اللہ کی راہ میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصْدَقُ : صادق و مصدوق، صدق و وفا۔
حَدِيْثًا : حدیث نبوی، حدیث قدسی، احادیث۔
الْمُنٰفِقِيْنَ : نفاق، منافق، منافقت۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
كَسَبُوْا : کسب حلال، کسبی لوگ۔
تُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مراد۔
اَضَلَّ : ضلالت (گمراہی)۔
تَجِدَ : وجد، وجود، موجود۔
سَبِيْلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
وَدُّوْا : محبت و مودت۔
سَوَآءً : مساوی، مساوات، خط استوا۔
تَتَّخِذُوْا، فَخُذُوْا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
مِنْهُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی المقدور، حتی الوسعت۔
يُهَاجِرُوْا : ہجرت مدینہ، مہاجر۔

ع 11/11/8

وَ	مَنْ	اَصْدَقُ ①	مِنَ اللّٰهِ	حَدِيْثًا ﴿87﴾ ع
اور	کون	زیادہ سچا	اللہ سے (بڑھ کر)	بات میں

فَمَا لَكُمْ	فِي الْمُنٰفِقِيْنَ	فِئَتَيْنِ ②	وَ	اللّٰهُ
تو کیا ہوا ہے تمہیں (کہ)	منافقوں (کے بارے) میں	دو گروہ (بن گئے ہو)	حالانکہ	اللہ نے

اَرْكَسَهُمْ	بِمَا ③	كَسَبُوْا ؕ	اَ	تُرِيْدُوْنَ
اوندھا کر دیا ہے اُنہیں	(اس) وجہ سے جو	اُن سب نے کمایا	کیا	تم سب چاہتے ہو

اَنْ	تَهْدُوْا	مَنْ	اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ ④
کہ	تم سب ہدایت پر لے آؤ	جسے	گمراہ کر دیا ہو اللہ نے	اور جسے	گمراہ کر دے اللہ

فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ	سَبِيْلًا ⑤ ﴿88﴾	وَدُّوْا	لَوْ	تَكْفُرُوْنَ
تو ہرگز نہیں آپ پائیں گے	اُسکے لیے	کوئی راستہ	وہ چاہتے ہیں	کاش	تم سب کفر کرنے لگو

كَمَا	كَفَرُوْا	فَتَكُوْنُوْنَ	سَوَآءً	فَلَا تَتَّخِذُوْا
جیسا کہ	اُن سب نے کفر کیا	پھر تم سب ہو جاؤ	برابر	پس مت تم سب پکڑو (بناؤ)

مِنْهُمْ	اَوْلِيَآءَ ⑥	حَتّٰى	يُهَاجِرُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
اُن میں سے	دوست	یہاں تک کہ	وہ سب ہجرت کر جائیں	اللہ کی راہ میں

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔② اسم کے آخر میں يْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔
④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
⑥ اَوْلِيَآءَ میں آءَ مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ	پھر اگر یہ روگردانی کریں (ترک وطن سے) تو پکڑو اُنہیں
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۠	اور قتل کرو اُنہیں جہاں (بھی) تم پاؤ اُنہیں
وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ	اور نہ پکڑو (بناؤ) اُن میں سے (کسی کو)
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿89﴾	(اپنا) دوست اور نہ مددگار۔ ﴿89﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۭ	مگر (وہ لوگ) جو جا ملے ہوں ایسی قوم سے
بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ	(کہ) تمہارے درمیان اور اُن کے درمیان
مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ	معاہدہ ہو (صلح کا) یا (اس حال میں) تمہارے پاس آئیں
حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ	(کہ) ہچکچاتے ہوں اُن کے دل (اس بات سے)
اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ	کہ (اپنی قوم کے ساتھ مل کر) تم سے جنگ کریں
اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ	یا (تمہارے ساتھ مل کر) اپنی قوم کے ساتھ جنگ کریں
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ	اور اگر اللہ چاہتا (تو) ضرور مسلط کر دیتا اُنہیں
عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ	تم پر تو وہ ضرور لڑتے تم سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَخُذُوْهُمْ، تَتَّخِذُوْا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	يَصِلُوْنَ : وصول، ایصال ثواب، موصول ہونا۔
اقْتُلُوْهُمْ، فَلَقٰتَلُوْكُمْ : قتل، قاتل، مقتول۔	بَيْنَكُمْ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔	مِّيْثَاقٌ : میثاقِ مدینہ، وثوق، امیدواثق۔
وَجَدْتُّمُوْهُمْ : وجد، وجود، موجود۔	صُدُوْرُهُمْ : شرح صدر، شق صدر۔
مِنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	قَوْمَهُمْ : قوم، اقوام، قومیت۔
وَلِيًّا : ولی، اولیاء اللہ۔	شَآءَ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
نَصِيْرًا : ناصر، نصرت، انصار، منصور۔	لَسَلَّطَهُمْ : مسلط، تسلط۔
اِلَّا : الاماشاء اللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

فَاِنْ	تَوَلَّوْا ①	فَخُذُوْهُمْ ②	وَاقْتُلُوْهُمْ ②
پھر اگر	وہ سب روگردانی کریں (ترک وطن سے)	تو تم سب پکڑو اُنہیں	اور تم سب قتل کرو اُنہیں

حَيْثُ	وَجَدْتُّمُوْهُمْ ③ ص	وَ	لَا تَتَّخِذُوْا ④	مِنْهُمْ
جہاں (بھی)	تم سب پاؤ اُنہیں	اور	مت تم سب پکڑو (بناؤ)	اُن میں سے (کسی کو)

وَلِيًّا	وَّلَا	نَصِيْرًا ﴿89﴾ لا	اِلَّا	الَّذِيْنَ	يَصِلُوْنَ
دوست	اور نہ	مددگار	مگر	(وہ لوگ) جو	وہ سب جا ملے ہوں

اِلٰى قَوْمٍۭ ⑤	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	مِّيْثَاقٌ
(ایسی) قوم سے (کہ)	تمہارے درمیان	اور اُن کے درمیان	معاہدہ ہو (صلح کا)

اَوْ	جَآءُوْكُمْ ②	حَصِرَتْ ⑥	صُدُوْرُهُمْ
یا	آئیں وہ سب تمہارے پاس	ہچکچاتے ہوں	اُن کے دل

اَنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ ②	اَوْ	يُقَاتِلُوْا	قَوْمَهُمْ ط
کہ	وہ سب جنگ کریں تم سے	یا	وہ سب جنگ کریں	اپنی قوم (کے ساتھ)

وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَسَلَّطَهُمْ	عَلَيْكُمْ	فَلَقٰتَلُوْكُمْ ② ج
اور اگر	چاہتا اللہ	ضرور مسلط کر دیتا اُنہیں	تم پر	تو ضرور وہ سب لڑتے تم سے

ضروری وضاحت

① علامت تہ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔③ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمُ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ اِلٰی کا اصل ترجمہ طرف یا تک ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ سے بھی کیا گیا ہے۔⑥ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ	پھر اگر وہ کنارہ کش رہیں تم سے
فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا	پس نہ وہ جنگ کریں تم سے اور پیش کریں
اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ	تمہاری طرف صلح وسلامتی (کی درخواست)
فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ	تو نہیں رکھی اللہ نے تمہارے لیے
عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا 90	اُن کے خلاف (لڑنے کی) کوئی سبیل۔ 90
سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ	عنقریب تم پاؤ گے (کچھ) دوسرے لوگ
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ	(جو) چاہتے ہیں کہ وہ امن میں رہیں تم سے
وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ كُلَّمَا	اور امن میں رہیں اپنی قوم سے (لیکن) جب کبھی
رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ	لوٹائے (بلائے) جاتے ہیں فتنہ انگیزی کی طرف
اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ	(تو) اُوندھے منہ ڈال دیے جاتے ہیں اُس میں
فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ	پس اگر نہ کنارہ کش رہیں یہ تم سے
وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ	اور (نہ) پیش کریں تمہاری طرف صلح وسلامتی (کی درخواست)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اعْتَزَلُوْكُمْ : معزول کرنا۔
يُقَاتِلُوْكُمْ : قتل، قاتل، مقتول۔
اَلْقَوْا، يُلْقُوْٓا : القاء کرنا۔
اِلَيْكُمْ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
السَّلَمَ : سلامتی، سلامت رہو۔
سَبِيْلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
سَتَجِدُوْنَ : وجد، وجود، موجود۔
اٰخَرِيْنَ : اُخروی زندگی، فکر آخرت، آخری۔
يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
يَّاْمَنُوْكُمْ : امن، ایمان، مومن۔
قَوْمَهُمْ : قوم، اقوام، قومی یکجہتی، قومیت۔
رُدُّوْٓا : رد، مردود، تردید۔
الْفِتْنَةِ : فتنہ وفساد، فتنہ انگیز، فتان۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اِلَيْكُمْ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
السَّلَمَ : سلامتی، سلامت رہو۔

فَاِنِ	اعۡتَزَلُوۡكُمۡ ①	فَلَمۡ	يُقَاتِلُوۡكُمۡ ①
پھر اگر	وہ سب کنارہ کش رہیں تم سے	پس نہ	وہ سب جنگ کریں تم سے

وَاَلۡقَوۡا ②	اِلَيۡكُمُ	السَّلَمَ ۙ	فَمَا	جَعَلَ اللّٰهُ
اور وہ سب پیش کریں	تمہاری طرف	صلح وسلامتی	تو نہیں	بنائی اللہ نے

لَكُمۡ	عَلَيۡهِمۡ ③	سَبِيۡلًا ④ (90)	سَتَجِدُوۡنَ
تمہارے لیے	اُن کے خلاف	(لڑنے کی) کوئی سبیل	عنقریب تم سب پاؤ گے

اٰخَرِيۡنَ ⑤	يُرِيۡدُوۡنَ	اَنۡ	يَّاۡمَنُوۡكُمۡ
(کچھ) دوسرے لوگ (جو)	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب امن میں رہیں تم سے

وَ	يَاۡمَنُوۡا	قَوۡمَهُمۡ ؕ	كُلَّمَا	رُدُّوۡۤا
اور	وہ سب امن میں رہیں	اپنی قوم سے	جب کبھی	سب لوٹائے (بلائے) جاتے ہیں

اِلَى الۡفِتۡنَةِ ⑥	اُرۡكِسُوۡا	فِيۡهَا ۚ	فَاِنۡ
فتنہ کی طرف	وہ سب اوندھے منہ ڈال دیے جاتے ہیں	اُس میں	پس اگر

لَّمۡ	يَعۡتَزِلُوۡكُمۡ ①	وَيُلۡقُوۡۤا	اِلَيۡكُمُ	السَّلَمَ
نہ	وہ سب کنارہ کش رہیں تم سے	اور (نہ) وہ سب پیش کریں	تمہاری طرف	صلح وسلامتی

ضروری وضاحت

① علامت وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔② یہاں شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔③ علٰی کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کے خلاف کیا گیا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑤ یہاں یۡنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ	اور (نہ) روکیں اپنے ہاتھ (جنگ سے) تو پکڑو اُنہیں
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ط	اور قتل کرو اُنہیں جہاں کہیں تم پاؤ اُنہیں
وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا	اور یہی لوگ ہیں (کہ) ہم نے بنائی ہے
لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ع ﴿91﴾	تمہارے لیے اُن پر واضح دلیل۔ ﴿91﴾
وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ	اور نہیں ہے (مناسب) کسی مومن کے لیے
اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ج	کہ وہ قتل کرے کسی مومن کو مگر غلطی سے
وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا	اور جس نے قتل کیا کسی مومن کو غلطی سے
فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ	تو (اس کے ذمہ) آزاد کرانا ہے ایک مومن گردن
وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ	اور (ساتھ ہی) دیت بھی ادا کی جائے اس میت کے ورثا کو
اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ط	مگر یہ کہ وہ (خود) صدقہ (معاف) کر دیں
فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ	پس اگر ہو (مقتول ایسی) قوم سے (جو)
عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ	تمہارے دشمن ہیں حالانکہ وہ (مقتول) مومن ہے

ع 12 4 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَيْدِيَهُمْ : یدِطولیٰ، یدِ بیضا۔

فَخُذُوْهُمْ : اخذ، ماخوذ، ماخذ۔

اقْتُلُوْهُمْ ، قَتَلَ : قتل، قاتل، مقتول۔

حَيْثُ : من حیث القوم، حیثیت۔

عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علیٰ ہذا القیاس، علی الاعلان۔

مُّبِيْنًا : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین۔

لِمُؤْمِنٍ، مُؤْمِنًا : امن، ایمان، مومن۔

اِلَّا : الا یہ کہ، الا ماشاءاللہ، الا قلیل۔

خَطَـًٔا : خطا، خطا کار، خطائیں۔

فَتَحْرِيْرُ : حر، حریت، صدائے حریت، احرار۔

دِيَةٌ : دیتِ قصاص۔

اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔

اَهْلِهٖٓ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہل وطن۔

يَّصَّدَّقُوْا : صدقہ وخیرات، صدقہ فطر۔

عَدُوٍّ : عداوت، اعداء۔

قَوْمٍ : قوم، اقوام، قومیت۔

وَ	يَكُفُّوْٓا	اَيْدِيَهُمْ	فَخُذُوْهُمْ ①	وَ	اقْتُلُوْهُمْ ①
اور	وہ سب روکیں	اپنے ہاتھ	تو تم سب پکڑو اُن کو	اور	تم سب قتل کرو اُن کو

حَيْثُ	ثَقِفْتُمُوْهُمْ ①② ط	وَ	اُولٰٓئِكُمْ	جَعَلْنَا ③	لَكُمْ
جہاں کہیں	تم سب پاؤ اُن کو	اور	یہی (لوگ ہیں)	ہم نے بنائی ہے	تمہارے لیے

ع 12 4 9

عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿91﴾ ع	وَمَا	كَانَ	لِمُؤْمِنٍ ④
اُن پر	واضح دلیل	اور نہیں	ہے	کسی مومن کے لیے

اَنْ	يَّقْتُلَ	مُؤْمِنًا ④	اِلَّا	خَطَـًٔا ج	وَمَنْ	قَتَلَ
کہ	وہ قتل کرے	کسی مومن کو	مگر	غلطی سے	اور جس نے	قتل کیا

مُؤْمِنًا ④	خَطَـًٔا	فَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ ⑤	مُّؤْمِنَةٍ ⑤
کسی مومن کو	غلطی سے	تو آزاد کرانا ہے	ایک گردن	مومن کی

وَّدِيَةٌ ⑤	مُّسَلَّمَةٌ ⑤	اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ ⑥	اِلَّآ	اَنْ	يَّصَّدَّقُوْا ط
اور دیت	ادا کی جائے	اُس کے ورثاء کو	مگر	یہ کہ	وہ سب صدقہ کر دیں

فَاِنْ	كَانَ	مِنْ قَوْمٍ	عَدُوٍّ لَّكُمْ ⑦	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ
پس اگر	ہو (مقتول)	(ایسی) قوم سے	(جو) تمہارے دشمن ہیں	حالانکہ وہ (مقتول)	مومن ہو

ضروری وضاحت

① وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔② تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔③ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اِلٰی کا اصل ترجمہ طرف یا تک ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ	تو (صرف) ایک مومن (غلام کی) گردن آزاد کرنی (لازمی) ہے
وَ اِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ	اور اگر ہو (مقتول) اس قوم سے (کہ) تمہارے درمیان
وَ بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ	اور اُن کے درمیان عہد و پیمان ہے
فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖ	تو دیت سپرد کی جائے اُس کے وارثوں کو
وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ	اور (ساتھ ہی) آزاد کرائی جائے ایک مومن (غلام کی) گردن
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ	پس جو نہ پائے (طاقت غلام آزاد کرانے کی)
فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۫	تو (اُس کے ذمے) روزے ہیں دو مہینے متواتر
تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ	بخشوانے کے لیے اللہ سے
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿92﴾	اور ہے اللہ خوب علم رکھنے والا، حکمت والا۔ ﴿92﴾
وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا	اور جو قتل کر ڈالے کسی مومن کو جان بوجھ کر
فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا	تو اُس کی سزا جہنم ہے ہمیشہ رہے گا اُس میں
وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ	اور غضب کیا اللہ نے اُس پر اور لعنت کی اُس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَحْرِيْرُ : مردِ حر، پیغامِ حریت، صدائے حریت۔
مُّؤْمِنَةٍ : امن، ایمان، مؤمن۔
مِنْ : منجانب، منجملہ، من وعن۔
قَوْمٍ : قوم، اقوام، قومی یادگار۔
بَيْنَكُمْ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
مِّيْثَاقٌ : میثاقِ مدینہ، وثوق، امید واثق۔
فَدِيَةٌ : دیت ادا کرنا۔
يَجِدْ : وجود، موجود۔

فَصِيَامُ : صوم و صلوٰۃ، ماہ صیام۔
تَوْبَةً : توبہ و استغفار، توبہ تائب۔
يَّقْتُلْ : قتل، قاتل، مقتول۔
مُّتَعَمِّدًا : عمداً، قتل عمد۔
فَجَزَآؤُهٗ : جزا و سزا، جزائے خیر۔
خٰلِدًا : خالد، خلد بریں۔
غَضِبَ : غضب الٰہی، غضبناک ہونا۔
لَعَنَهٗ : لعنت، لعین، لعنتی، ملعون۔

فَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ ①	مُّؤْمِنَةٍ ① ط	وَاِنْ	كَانَ	مِنْ قَوْمٍ
تو آزاد کرنی ہے	ایک گردن	مومن (غلام کی)	اور اگر	ہو (مقتول)	قوم سے

بَيْنَكُمْ	وَ	بَيْنَهُمْ	مِّيْثَاقٌ	فَدِيَةٌ ①	مُّسَلَّمَةٌ ①
تمہارے درمیان	اور	اُن کے درمیان	عہد و پیمان ہے	تو دیت	سپرد کی جائے

اِلٰٓى اَهْلِهٖ ②	وَ	تَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ ①	مُّؤْمِنَةٍ ① ج
اُس کے وارثوں کو	اور (ساتھ ہی)	آزاد کرائی جائے	گردن	ایک مومن (غلام کی)

فَمَنْ	لَّمْ يَجِدْ ③	فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ④ ز
پس جو	نہ پائے	تو (اسکے ذمے) روزے ہیں	دو مہینے متواتر

تَوْبَةً ①	مِّنَ اللّٰهِ ط	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا ⑤	حَكِيْمًا ⑤ (92)
توبہ (کے لیے)	اللہ سے	اور ہے	اللہ تعالیٰ	خوب علم رکھنے والا	خوب حکمت والا

وَمَنْ	يَّقْتُلْ ③	مُؤْمِنًا ⑥	مُّتَعَمِّدًا	فَجَزَآؤُهٗ	جَهَنَّمُ
اور جو	قتل کر ڈالے	کسی مومن کو	جان بوجھ کر	تو اُس کی سزا	جہنم ہے

خٰلِدًا	فِيْهَا	وَ	غَضِبَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	وَلَعَنَهٗ
ہمیشہ رہنے والا	اُس میں	اور	غضب کیا	اللہ نے	اُس پر	اور لعنت کی اُس پر

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اِلٰی کا اصل ترجمہ طرف یا تک ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ کو بھی کیا جاتا ہے۔ ③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ علامت یْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑤ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔

وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿93﴾	اور تیار کر رکھا ہے اُس کے لیے بڑا عذاب ۔﴿93﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم سفر پر نکلو
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا	اللہ کی راہ میں تو تحقیق کر لیا کرو
وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ	اور مت کہو (اُس) کو جو ڈالے تمہاری طرف
السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ	(تمہیں کہے) سلام (کہ) نہیں ہے تو مومن
تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫	تم چاہتے ہو دنیوی زندگی کا ساز و سامان
فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ	تو اللہ کے ہاں بہت سی غنیمتیں ہیں
كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ	اسی طرح تم (بھی) تھے اس سے پہلے
فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ	(کافروں سے ایمان چھپاتے) تو احسان کیا اللہ نے تم پر
فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ	تو تم اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، بے شک اللہ
كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿94﴾	(اس) پر جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے ۔﴿94﴾
لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ	نہیں ہیں برابر بیٹھ رہنے والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَظِيْمًا	عظیم لوگ، عظمت، تعظیم۔	فَعِنْدَ	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔
اٰمَنُوْۤا	ایمان، امن، مومن۔	مَغَانِمُ	غنیمت، مال غنیمت۔
سَبِيْلِ	سبیل، فی سبیل اللہ	كَثِيْرَةٌ	کثیر تعداد، کثرت، اکثر۔
فَتَبَيَّنُوْا	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	فَمَنَّ	منت و سماجت، منت شناس، ممنون ہونا۔
تَقُوْلُوْا	قول، اقوال، مقولہ۔	تَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
اَلْقٰۤى	القاء (ڈالنا)۔	خَبِيْرًا	خبر، اخبار، مخبر، خبر نامہ۔
السَّلٰمَ	سلام، سلامتی۔	يَسْتَوِي	مستوی، استوا۔
الْحَيٰوةِ	حیات و ممات، احیائے دین۔	الْقٰعِدُوْنَ	قعدہ، مقعد (بیٹھنے کی جگہ)۔

وَ	اَعَدَّ	لَهٗ	عَذَابًا	عَظِيْمًا ① ﴿93﴾	يٰٓاَيُّهَا ②	الَّذِيْنَ
اور	تیار کر رکھا ہے	اُس کیلئے	عذاب	بہت بڑا	اے	(وہ لوگو) جو

اٰمَنُوْٓا	اِذَا	ضَرَبْتُمْ ③	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَتَبَيَّنُوْا ④
سب ایمان لائے ہو	جب	تم سفر پر نکلو	اللہ کی راہ میں	تو تم سب خوب تحقیق کر لیا کرو

وَلَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ ⑤	اَلْقٰٓى	اِلَيْكُمُ	السَّلٰمَ
اور مت	تم سب کہو	(اس) کو جو	ڈالے (کہے)	تمہاری طرف	سلام

لَسْتَ	مُؤْمِنًا ج	تَبْتَغُوْنَ	عَرَضَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ⑥ ز
(کہ) نہیں ہے تو	مومن	تم سب چاہتے ہو	ساز و سامان	دنیوی زندگی کا

فَعِنْدَ اللّٰهِ	مَغَانِمُ	كَثِيْرَةٌ ⑥ ط	كَذٰلِكَ	كُنْتُمْ	مِّنْ قَبْلُ
تو اللہ کے پاس	غنیمتیں ہیں	بہت زیادہ	اسی طرح	تم تھے	(اس) سے پہلے

فَمَنَّ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَتَبَيَّنُوْا ④ ط	اِنَّ	اللّٰهَ
تو احسان کیا	اللہ نے	تم پر	تو تم سب اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو	بیشک	اللہ

كَانَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا ﴿94﴾	لَا يَسْتَوِي ⑦	الْقٰعِدُوْنَ
ہے	(اس) پر جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار	نہیں برابر	سب بیٹھ رہنے والے

ضروری وضاحت

① فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔② یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔③ اس فعل کا ترجمہ مارنا ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد فِیْ آرہا ہو تو چلنا یا سفر پر نکلنا مراد ہوتا ہے۔④ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑤ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ	(ان) مومنوں میں سے (جو) بغیر تکلیف (عذر) والے ہیں
وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور جہاد کرنے والے اللہ کی راہ میں
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ	اپنے مالوں اور اپنی جانوں (سے)
فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ	فضلیت دی ہے اللہ نے جہاد کرنے والوں کو
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ	اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں (سے)
عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ	بیٹھ رہنے والوں پر ایک درجہ
وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ	اور ہر ایک سے وعدہ کیا ہے اللہ نے اچھائی کا،
وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ	اور فضیلت دی ہے اللہ نے مجاہدین کو
عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿95﴾	بیٹھ رہنے والوں پر اجرِ عظیم کی۔﴿95﴾
دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ	درجات کی اپنی طرف سے اور بخشش اور رحمت کی
ع 13 5 10 وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۧ﴿96﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بہت رحم کرنیوالا۔﴿96﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ	بیشک وہ لوگ (کہ) روح قبض کرتے ہیں اُن کی فرشتے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، امن، مومن۔
غَيْرُ : غیر، اغیار، دیارِ غیر۔
الضَّرَرِ : مضرِ صحت، ضرر رساں۔
الْمُجٰهِدُوْنَ : مجاہد، جہاد، جدوجہد۔
بِاَمْوَالِهِمْ : مال، اموال، مالی تعاون۔
اَنْفُسِهِمْ : نفس، خواہشِ نفس، نفسانی خواہشات۔
فَضَّلَ : فضیلت، افضل، فضائل۔
الْقٰعِدِيْنَ : قعدہ اولیٰ، مقعد۔

دَرَجَةً، دَرَجٰتٍ : اونچے درجے، درجہ بدرجہ۔
وَّعَدَ : وعدہ، وعدہ وفا، وعدہ خلافی۔
الْحُسْنٰى : اَحسن، حسین، اسمائے حسنیٰ۔
عَظِيْمًا : عظیم، معظم، تعظیم، عظمت۔
مَغْفِرَةً، غَفُوْرًا : دعائے مغفرت، استغفار۔
رَّحِيْمًا : رحم، رحمت، مرحوم۔
تَوَفّٰىهُمُ : فوت، متوفی۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملک الجبال۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	غَيْرُ	اُولِي الضَّرَرِ	وَ	الْمُجٰهِدُوْنَ ①
مومنوں میں سے (جو)	بغیر	تکلیف (عذر) والے ہیں	اور	سب جہاد کرنے والے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ	اَنْفُسِهِمْ ؕ	فَضَّلَ	اللّٰهُ ②
اللہ کی راہ میں	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانوں (سے)	فضلیت دی ہے	اللہ نے

الْمُجٰهِدِيْنَ ①	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ	اَنْفُسِهِمْ	عَلَى الْقٰعِدِيْنَ ③
جہاد کرنے والوں کو	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانوں (سے)	سب بیٹھ رہنے والوں پر

دَرَجَةً ④ ؕ	وَ	كُلًّا	وَّعَدَ اللّٰهُ	الْحُسْنٰى ؕ	وَفَضَّلَ	اللّٰهُ ②
ایک درجہ	اور	ہر ایک سے	وعدہ کیا ہے اللہ نے	اچھائی کا	اور فضلیت دی ہے	اللہ نے

الْمُجٰهِدِيْنَ ①	عَلَى الْقٰعِدِيْنَ ③	اَجْرًا عَظِيْمًا ⑤ ۙ (95)
سب جہاد کرنے والوں کو	سب بیٹھ رہنے والوں پر	اجر عظیم کی

دَرَجٰتٍ ④	مِّنْهُ	وَمَغْفِرَةً ④	وَّرَحْمَةً ④ ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ ②
درجات	اپنی طرف سے	اور بخشش	اور رحمت	اور ہے	اللہ تعالیٰ

غَفُوْرًا ⑤	رَّحِيْمًا ⑤ ع (96)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَوَفّٰهُمُ ⑥	الْمَلٰٓئِكَةُ ⑦
بہت بخشنے والا	بہت رحم کرنیوالا	بیشک	(وہ لوگ) جو (کہ)	فوت کرتے ہیں اُن کو	فرشتے

ع 13 5 10

ضروری وضاحت

① شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔ ⑥ علامت تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

ظَالِمِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ	(اس حال میں کہ وہ) ظلم کرنیوالے ہوتے ہیں اپنے نفسوں پر
قَالُوۡا فِيۡمَ كُنۡتُمۡ ؕ	(فرشتے) کہتے ہیں کس حال میں تم تھے؟
قَالُوۡا كُنَّا مُسۡتَضۡعَفِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ ؕ	(یہ) کہتے ہیں ہم تھے کمزور وبے بس (اپنی) زمین میں
قَالُوۡۤا اَلَمۡ تَكُنۡ اَرۡضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً	(تو) وہ کہتے ہیں کیا نہیں تھی اللہ کی زمین وسیع
فَتُهَاجِرُوۡا فِيۡهَا ؕ	پس تم ہجرت کر جاتے اُس میں
فَاُولٰٓئِكَ مَاۡوٰٮهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ	تو یہی لوگ ہیں (کہ) اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے
وَسَآءَتۡ مَصِيۡرًا ۙ (97)	اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے۔ (97)
اِلَّا الۡمُسۡتَضۡعَفِيۡنَ مِنَ الرِّجَالِ	مگر وہ کمزور وناتواں مَردوں میں سے
وَالنِّسَآءِ وَالۡوِلۡدَانِ	اور عورتوں اور بچوں (میں سے)
لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ حِيۡلَةً	(جو) نہیں طاقت رکھتے کوئی تدبیر (کرنے) کی
وَّلَا يَهۡتَدُوۡنَ سَبِيۡلًا ۙ (98)	اور نہ وہ رہنمائی پاتے ہیں کسی راستے کی۔ (98)
فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ	تو یہی وہ لوگ ہیں قریب ہے اللہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَالِمِیۡۤ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اَنۡفُسِهِمۡ : نفس، نفسانی خواہشات، نفسیات۔
قَالُوۡا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مُسۡتَضۡعَفِيۡنَ : ضعیف وناتواں، ضعف جگر۔
الۡاَرۡضِ : ارض وسما، ارض مقدس۔
وَاسِعَةً : وسیع وعریض، وسیع میدان، وسعت۔
فَتُهَاجِرُوۡا : مہاجر، ہجرت، مہاجرین وانصار۔
مَاۡوٰٮهُمۡ : ملجا وماویٰ، یتیموں کا ماویٰ۔

سَآءَتۡ : علمائے سوء، سوء ادب، سوء اعمال۔
الرِّجَالِ : علم الرجال، قحط الرجال، رجال کار۔
النِّسَآءِ : نسوانی امراض، نسوانیت، تعلیم نسواں۔
الۡوِلۡدَانِ : ولد، اولاد، مولود، ولادت۔
يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ : استطاعت، حسب استطاعت۔
حِيۡلَةً : حیلہ بہانہ، حیلہ ساز، حیلہ گر۔
يَهۡتَدُوۡنَ : ہدایت، ہادی، ہدایت یافتہ۔
سَبِيۡلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

ظَالِمِيٓ ①	اَنۡفُسِهِمۡ	قَالُوۡا	فِيۡمَ
(اس حال میں کہ وہ) ظلم کرنے والے ہیں	اپنے نفسوں پر	(فرشتے) سب کہتے ہیں	کس حال میں

كُنۡتُمۡ ؕ	قَالُوۡا	كُنَّا ②	مُسۡتَضۡعَفِيۡنَ	فِي الۡاَرۡضِ ؕ
تم تھے	سب کہتے ہیں	ہم تھے	سب کمزور و بے بس	سرزمین میں

قَالُوۡۤا	اَلَمۡ	تَكُنۡ ③	اَرۡضُ اللّٰهِ	وَاسِعَةً ③
وہ سب کہتے ہیں	کیا نہیں	تھی	اللہ کی زمین	وسیع

فَتُهَاجِرُوۡا ④	فِيۡهَا ؕ	فَاُولٰٓئِكَ ⑤	مَاۡوٰىهُمۡ	جَهَنَّمُ ؕ
پس تم سب ہجرت کر جاتے	اُس میں	تو یہی (لوگ ہیں کہ)	اُن کا ٹھکانہ	جہنم ہے

وَ	سَآءَتۡ ③	مَصِيۡرًا ۙ (97)	اِلَّا	الۡمُسۡتَضۡعَفِيۡنَ	مِنَ الرِّجَالِ
اور	وہ (بہت) بُرا	ٹھکانہ ہے	مگر	سب کمزور و ناتواں	مَردوں میں سے

وَالنِّسَآءِ	وَ	الۡوِلۡدَانِ	لَا	يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ	حِيۡلَةً ③⑥
اور عورتوں	اور	بچوں (میں سے جو)	نہیں	وہ سب طاقت رکھتے	کسی تدبیر کی

وَّلَا	يَهۡتَدُوۡنَ	سَبِيۡلًا ۙ ⑥ (98)	فَاُولٰٓئِكَ ⑤	عَسَى اللّٰهُ
اور نہ	وہ سب ہدایت پاتے ہیں	کسی راستے کی	تو وہی (لوگ ہیں)	قریب ہے اللہ

ضروری وضاحت

① ظَالِمِيٓ میں یٓ کا ترجمہ میرا نہیں ہے، دراصل یہ لفظ ظَالِمِيۡنَ تھا یہاں سے نَ گرا ہوا ہے۔② كُنَّا دراصل كُنۡ + نَا کا مجموعہ ہے۔③ ت، ة اور تُ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اس فعل میں موجود تا اور "ا" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔

اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ	کہ معاف کر دے اُن کو اور ہے اللہ تعالیٰ
عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿99﴾	درگزر کرنے والا، معاف کرنے والا۔ ﴿99﴾
وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور جو ہجرت کرے گا اللہ کی راہ میں
يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا	وہ پائے گا زمین میں ٹھکانے بہت زیادہ
وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ	اور کشادگی (بھی)، اور جو نکلے گا اپنے گھر سے
مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	ہجرت کرتے ہوئے اللہ اور اُس کے رسول کی طرف
ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ	پھر آلیا اُسے موت نے تو یقیناً
وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ	واقع (ثابت) ہو گیا اُس کا اجر اللہ کے ذمے
ع 14/4/11 وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿100﴾	اور ہے اللہ معاف کرنے والا، بہت مہربان۔ ﴿100﴾
وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ	اور جب تم سفر پر نکلو زمین میں تو نہیں ہے تم پر
جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ	کوئی گناہ کہ تم قصر کرو نماز میں
اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ	اگر تم ڈرو کہ ستائیں گے تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّعْفُوَ، عَفُوًّا : معافی، عفو و درگزر۔	سَعَةً : وسعت دنیا، وسیع مکان (کشادہ)۔
غَفُوْرًا : غفور و رحیم، استغفار، مغفرت۔	يَّخْرُجْ : خروج، اخراج، خارج۔
يُّهَاجِرْ : مہاجر، مہاجرین، ہجرت۔	يُدْرِكْهُ : ادراک کر لینا (پالینا)۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	وَقَعَ : واقع، متوقع۔
سَبِيْلِ : جہاد فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	تَقْصُرُوْا : قصر نماز، قاصر۔
يَجِدْ : وجد، وجود، موجود۔	الصَّلٰوةِ : صوم و صلوٰۃ کا پابند، مصلیٰ۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، کرہ ارض، ارض مقدس۔	خِفْتُمْ : خوف، خائف۔
كَثِيْرًا : کثیر مال، کثرت اولاد، اکثر۔	يَّفْتِنَكُمْ : فتنہ و فساد، فتنہ انگیزی۔

اَنْ	يَّعْفُوَ ①	عَنْهُمْ ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَفُوًّا	غَفُوْرًا ﴿99﴾
كہ	معاف كردے	اُن سے	اور ہے	اللہ تعالیٰ	درگزر كرنے والا	معاف كرنے والا

وَمَنْ	يُّهَاجِرْ ①	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	يَجِدْ	فِي الْاَرْضِ
اور جو	ہجرت كرے گا	اللہ كی راہ میں	وہ پائے گا	زمین میں

مُرٰغَمًا	كَثِيْرًا	وَّسَعَةً ② ؕ	وَمَنْ	يَّخْرُجْ ①	مِنْۢ بَيْتِهٖ
ٹھكانے	بہت سے	اور كشادگی (بھی)	اور جو	نكلے	اپنے گھر سے

مُهَاجِرًا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	ثُمَّ	يُدْرِكْهُ ①	الْمَوْتُ
ہجرت كرتے ہوئے	اللہ كی طرف	اور اُسكے رسول (كی طرف)	پھر	پالیتی ہے اُسے	موت

ع 14 4 11

فَقَدْ	وَقَعَ	اَجْرُهٗ	عَلَى اللّٰهِ ③ ؕ	وَكَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا ④	رَّحِيْمًا ④ ع ﴿100﴾
تو یقیناً	واقع ہو گیا	اُس كا اجر	اللہ كے ذمے	اور ہے اللہ	معاف كرنیوالا	بہت مہربان

وَاِذَا	ضَرَبْتُمْ ⑤	فِي الْاَرْضِ	فَلَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ ⑥
اور جب	تم سفر پر نكلو	زمین میں	تو نہیں ہے	تم پر	كوئی گناہ

اَنْ	تَقْصُرُوْا	مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ	اِنْ	خِفْتُمْ	اَنْ	يَّفْتِنَكُمُ
كہ	تم سب قصر كرو	نماز میں سے	اگر	تم ڈرو	كہ	وہ ستائیں گے تمہیں

ضروری وضاحت

① یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں ہے، بلکہ وَ محذوف کے عوض میں ہے۔③ عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کے ذمے کیا گیا ہے۔④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔⑤ اس فعل کا ترجمہ مارنا ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد فِیْ آرہا ہو تو چلنا یا سفر پر نکلنا مراد ہوتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ	وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا، بے شک کافر
كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿101﴾	تمھارے واضح دشمن ہیں۔ ﴿101﴾
وَ اِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ	اور جب آپ (موجود) ہوں اُن میں
فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ	پس آپ کھڑی کریں اُن کے لیے نماز
فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ	تو چاہیے کہ کھڑی ہو ایک جماعت اُن میں سے
مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا	آپ کے ساتھ اور چاہیے کہ وہ پکڑے رکھیں
اَسْلِحَتَهُمْ ۣ فَاِذَا سَجَدُوْا	اپنے ہتھیار، پھر جب یہ سجدہ کر لیں
فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۠	تو چاہیے کہ وہ ہو جائیں آپ کے پیچھے
وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى	اور چاہیے کہ آئے دوسرا گروہ (جنھوں نے)
لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا	نہ پڑھی ہو نماز پس چاہیے کہ وہ نماز ادا کریں
مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا	آپ کے ساتھ اور چاہیے کہ وہ پکڑے رکھیں
حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ	اپنا بچاؤ اور اپنے ہتھیار

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا، الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔
عَدُوًّا : عداوت، اعداء۔
مُّبِيْنًا : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
فِيْهِمْ : فی الفور، فی الحقیقت، فی الواقع۔
فَاَقَمْتَ، فَلْتَقُمْ : اقامت صلوٰۃ، اقامت دین۔
الصَّلٰوةَ، فَلْيُصَلُّوْا : صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔
طَآئِفَةٌ : ثقافتی طائفہ، طائفہ منصورہ (گروہ)۔

مِّنْهُمْ : منجانب، من وعن، من جملہ۔
مَّعَكَ : مع اہل وعیال، معیت۔
وَلْيَاْخُذُوْٓا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ، ماخذ۔
اَسْلِحَتَهُمْ : اسلحہ، مسلح افواج۔
سَجَدُوْا : سجدہ تلاوت، سجدہ شکر، مسجود ملائکہ۔
وَّرَآئِكُمْ : ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
اُخْرٰى : اُخروی زندگی، آخری۔

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ط	اِنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	كَانُوْا ①
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	بے شک	سب کافر	سب ہیں

لَكُمْ	عَدُوًّا مُّبِيْنًا (101)	وَ	اِذَا	كُنْتَ	فِيْهِمْ
تمہارے لیے	واضح دشمن	اور	جب	آپ (موجود) ہوں	اُن میں

فَاَقَمْتَ	لَهُمُ	الصَّلٰوةَ ②	فَلْتَقُمْ ③	طَآئِفَةٌ ②④	مِّنْهُمْ
پس آپ کھڑی کریں	اُن کیلئے	نماز	تو چاہیے کہ کھڑی ہو	ایک جماعت	اِن میں سے

مَّعَكَ	وَ	لْيَاْخُذُوْٓا ③	اَسْلِحَتَهُمْ ⑤ قف	فَاِذَا	سَجَدُوْا
تیرے ساتھ	اور	چاہیے کہ وہ سب پکڑے رکھیں	اپنے ہتھیار	پھر جب	(یہ) سب سجدہ کرلیں

فَلْيَكُوْنُوْا ③	مِنْ وَّرَآئِكُمْ ⑥ ص	وَلْتَاْتِ ②③	طَآئِفَةٌ ②④
تو چاہیے کہ وہ سب ہوجائیں	آپ کے پیچھے	اور چاہیے کہ آئے	ایک گروہ

اُخْرٰى ⑦	لَمْ يُصَلُّوْا	فَلْيُصَلُّوْا ③	مَعَكَ
دوسرا	نہ اُن سب نے پڑھی ہو نماز	پس چاہیے کہ وہ سب نماز ادا کریں	آپ کے ساتھ

وَ	لْيَاْخُذُوْا ③	حِذْرَهُمْ	وَ	اَسْلِحَتَهُمْ ⑤ ج
اور	چاہیے کہ وہ سب لیے رکھیں	اپنا بچاؤ	اور	اپنے ہتھیار

ضروری وضاحت

① یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② ۃ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ وَ یا فَ کے بعد "لْ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑤ یہ لفظ سِلَاحٌ کی جمع ہے، شروع میں ا جمع کے لیے ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ اسم کے آخر میں ـٰی واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	چاہتے ہیں (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا (کہ)
لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ	کاش تم غافل ہو جاؤ اپنے اسلحے سے
وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ	اور اپنے سامان سے تو وہ ٹوٹ پڑیں تم پر
مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ	یکدم ٹوٹ پڑنا، اور کوئی گناہ نہیں تم پر
اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى	اگر ہو تمہیں کوئی تکلیف
مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى	بارش (کی وجہ) سے یا ہو تم بیمار
اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ	کہ تم اُتار رکھو اپنے اسلحے کو
وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ	اور پکڑے رکھو اپنے بچاؤ (کے سامان) کو
اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ	بے شک اللہ تعالیٰ نے تیار کر رکھا ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٠٢﴾	کافروں کے لیے رُسوا کن عذاب۔ ﴿102﴾
فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ	پھر جب تم ادا کر چکو نماز
فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا	تو ذکر کرتے رہو اللہ کا اُٹھتے اور بیٹھتے ہوئے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَدَّ : محبت و مودت۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
تَغْفُلُوْنَ : غافل، غفلت۔
اَسْلِحَتِكُمْ : اسلحہ، مسلح افواج۔
اَمْتِعَتِكُمْ : مال و متاع، متاعِ کارواں، متاعِ دنیا۔
فَيَمِيْلُوْنَ : میلان، مائل ہونا۔
اَذًى : اذیت ناک، موذی امراض۔
مَّرْضٰٓى : مرض، مریض، امراض۔
تَضَعُوْٓا : وضع قطع، موضوع، وضع حمل۔
خُذُوْا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اَعَدَّ : اعداد و ترتیب، اعدادی کلاس، مستعد ہونا۔
مُّهِيْنًا : توہین کرنا، توہین عدالت، اہانت آمیز۔
قَضَيْتُمُ : نماز کی قضا، قضائے حاجت۔
الصَّلٰوةَ : صوم و صلوٰۃ کا پابند، مصلّٰی۔
فَاذْكُرُوا : ذکر اذکار، تذکیر، ذکر الٰہی۔
قُعُوْدًا : قعدہ، مقعد۔

وَدَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْ	تَغْفُلُوْنَ	عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ ①
چاہتے ہیں	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	کاش	تم سب غافل ہو جاؤ	اپنے اسلحے سے

وَاَمْتِعَتِكُمْ ①	فَيَمِيْلُوْنَ	عَلَيْكُمْ	مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ② ط
اور اپنے سامان سے	تو وہ سب ٹوٹ پڑیں	تم پر	ایک دم ٹوٹ پڑنا

وَلَا جُنَاحَ ③	عَلَيْكُمْ	اِنْ كَانَ	بِكُمْ	اَذًى ④
اور کوئی نہیں گناہ	تم پر	اگر ہو	تم کو	کوئی تکلیف

مِّنْ مَّطَرٍ	اَوْ كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَنْ	تَضَعُوْٓا
بارش (کی وجہ) سے	یا ہو تم	بیمار	کہ	تم سب اُتار رکھو

اَسْلِحَتَكُمْ ① ج	وَخُذُوْا	حِذْرَكُمْ ① ط	اِنَّ	اللّٰهَ	اَعَدَّ ⑤
اپنے اسلحے کو	اور سب لیے رکھو	اپنے بچاؤ (کے سامان) کو	بیشک	اللہ نے	تیار کر رکھا ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا (102)	فَاِذَا	قَضَيْتُمُ ⑥
سب کافروں کے لیے	عذاب	رُسوا کن	پھر جب	تم ادا کر چکو

الصَّلٰوةَ ②	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	قِيٰمًا	وَّقُعُوْدًا
نماز	تو تم سب ذکر کرتے رہو	اللہ کا	اُٹھتے ہوئے	اور بیٹھتے ہوئے

ضروری وضاحت

① كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔② ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔⑤ یہاں ''اَ'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ مثلاً: عَدَّ شمار کیا، اَعَدَّ تیار کیا۔⑥ یہاں تُمْ کی میم پر جزم ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے پیش آئی ہے۔

وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ	اور اپنے پہلوؤں کے بل (لیٹے ہوئے)
فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ	پس جب تم اطمینان میں ہو
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ	تو نماز قائم کرو (تمام آداب کے ساتھ)
اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	بے شک نماز ہے مومنوں پر
كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿103﴾	فرض مقررہ اوقات میں۔ ﴿103﴾
وَلَا تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۭ	اور نہ کمزوری دکھاؤ (دشمن) قوم کا پیچھا کرنے میں
اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ	اگر ہو تم تکلیف اُٹھاتے تو بے شک وہ (بھی)
يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ	تکلیف اُٹھاتے ہیں جیسا کہ تم تکلیف اُٹھاتے ہو
وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ	اور تم اُمید رکھتے ہو اللہ سے جو وہ اُمید نہیں رکھتے
ع 15 4 12 وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿104﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا، حکمت والا۔ ﴿104﴾
اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ	بے شک ہم نے نازل کیا آپ کی طرف کتاب کو
بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ	حق کے ساتھ تاکہ آپ فیصلہ کریں لوگوں کے درمیان

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اطْمَاْنَنْتُمْ : اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	تَرْجُوْنَ : رجاء، رجائیت (اُمید رکھنا)۔
فَاَقِيْمُوا : اقامت، قائم رہنا، قیام کرنا۔	عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ، صلوٰۃ وسلام، مصلّٰی۔	حَكِيْمًا : حکیم، حکمت، حکما۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔	اَنْزَلْنَآ : نازل، نزول، شان نزول۔
مَّوْقُوْتًا : وقت، اوقات نماز۔	بِالْحَقِّ : حق وباطل، حقانیت۔
الْقَوْمِ : قوم، اقوام، قومی اخبار۔	لِتَحْكُمَ : حکم، حاکم، احکام۔
تَاْلَمُوْنَ : رنج والم، المناک، المیہ۔	بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
كَمَا : کماحقہ، کالعدم تنظیمیں/ ماحول ماتحت۔	النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔

وَّ	عَلٰی جُنُوْبِکُمْ ج ①	فَاِذَا	اطْمَاْنَنْتُمْ	فَاَقِیْمُوا	الصَّلٰوۃَ ج ②
اور	اپنے پہلوؤں کے بل (لیٹے ہوئے)	پس جب	تم اطمینان پالو	تو سب قائم کرو	نماز

اِنَّ	الصَّلٰوۃَ ②	کَانَتْ ②	عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ	کِتٰبًا	مَّوْقُوْتًا ﴿103﴾
بے شک	نماز	ہے	سب مومنوں پر	فرض	مقررہ اوقات میں

وَلَا	تَھِنُوْا ③	فِی ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ط	اِنْ	تَکُوْنُوْا
اور نہ	تم سب کمزوری دکھاؤ	(دشمن) قوم کا پیچھا کرنے میں	اگر	تم سب ہو

تَاْلَمُوْنَ	فَاِنَّھُمْ یَاْلَمُوْنَ ④	کَمَا	تَاْلَمُوْنَ ج
تم سب تکلیف اُٹھاتے	تو بیشک وہ سب تکلیف اُٹھاتے ہیں	جیسا کہ	تم سب تکلیف اُٹھاتے ہو

وَ	تَرْجُوْنَ	مِنَ اللّٰہِ	مَا	لَا	یَرْجُوْنَ ط
اور	تم سب اُمید رکھتے ہو	اللہ سے	جو	نہیں	وہ سب اُمید رکھتے

ع 15 4 12

وَکَانَ	اللّٰہُ	عَلِیْمًا ⑤	حَکِیْمًا ⑤ ﴿104﴾ ع	اِنَّآ ⑥	اَنْزَلْنَآ ⑦
اور ہے	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا	حکمت والا	بیشک ہم	ہم نے نازل کی

اِلَیْکَ	الْکِتٰبَ	بِالْحَقِّ	لِتَحْکُمَ	بَیْنَ النَّاسِ
آپ کی طرف	کتاب	حق کے ساتھ	تاکہ آپ فیصلہ کریں	لوگوں کے درمیان

ضروری وضاحت

①عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کے بل کیا گیا ہے۔② ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہوتو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ ھُمْ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ
کیا گیا ہے۔⑤ فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔
⑥ اِنَّآ دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑦ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا	اس کے ذریعے جو سمجھایا ہے آپ کو اللہ نے، اور مت
تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۙ﴿105﴾	بنیں آپ خیانت کرنے والوں کے حمایتی۔ ﴿105﴾
وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اور آپ بخشش طلب کریں اللہ سے، بے شک اللہ
كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ﴿106﴾	بخشنے والا، مہربانی کرنے والا ہے۔ ﴿106﴾
وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ	اور آپ جھگڑا نہ کریں (اُن لوگوں کی) طرف سے جو
يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ	خیانت کرتے ہیں اپنے نفسوں کی
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ	بے شک اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتا (اُسے)
مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۚۙ﴿107﴾	جو ہو بہت خیانت کرنیوالا (دغاباز) گناہ گار۔ ﴿107﴾
يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ	وہ چھپتے ہیں لوگوں سے
وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ	اور وہ نہیں چھپ سکتے اللہ سے
وَهُوَ مَعَهُمْ	حالانکہ وہ اُن کے ساتھ ہوتا ہے
اِذْ يُبَيِّتُوْنَ	جب راتوں کو مشورے کرتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِمَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اَرٰىكَ : رویت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
لِّلْخَآئِنِيْنَ، خَوَّانًا : خیانت، خائن (خیانت کرنیوالا)۔
خَصِيْمًا : خصومت، مخاصمت، مخاصمانہ انداز۔
اسْتَغْفِرِ، غَفُوْرًا : استغفار، دعائے مغفرت۔
رَّحِيْمًا : رحیم وکریم، رحمت عالم، مرحوم۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
تُجَادِلْ : جنگ وجدل، جدال۔

يَخْتَانُوْنَ : خیانت، خائن (خیانت کرنیوالا)۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسانفسی، نفسانی خواہشات۔
يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔
يَّسْتَخْفُوْنَ : اخفا، مخفی، خفیہ تدبیر۔
مِنَ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
مَعَهُمْ : مع اہل وعیال، معیت۔

بِمَآ ①	اَرٰىكَ	اللّٰهُ ؕ	وَ	لَا تَكُنْ
(اس کے) ذریعے جو	دکھایا (سجھایا) آپ کو	اللہ نے	اور	نہ آپ بنیں

لِّلْخَآئِنِيْنَ	خَصِيْمًا ﴿105﴾ لا	وَّاسْتَغْفِرِ ②	اللّٰهَ ؕ
خیانت کرنیوالوں کے لیے	جھگڑا کرنیوالے	اور بخشش طلب کریں	اللہ سے

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا ③	رَّحِيْمًا ③ ﴿106﴾ ج	وَلَا	تُجَادِلْ
بے شک اللہ	ہے	بخشنے والا	مہربانی کرنے والا	اور نہ	آپ جھگڑا کریں

عَنِ الَّذِيْنَ	يَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ ④ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ
(ان لوگوں کی) طرف سے جو	وہ سب خیانت کرتے ہیں	اپنے نفسوں کی	بیشک	اللہ تعالیٰ

لَا	يُحِبُّ	مَنْ كَانَ	خَوَّانًا ③	اَثِيْمًا ﴿107﴾ لا
نہیں	وہ پسند کرتا (اسے)	جو ہو	بہت خیانت کرنے والا	گناہ گار

يَّسْتَخْفُوْنَ	مِنَ النَّاسِ	وَلَا	يَسْتَخْفُوْنَ ⑤
وہ سب چھپتے ہیں	لوگوں سے	اور نہیں	وہ سب چھپ سکتے

مِنَ اللّٰهِ	وَهُوَ	مَعَهُمْ	اِذْ	يُبَيِّتُوْنَ
اللہ سے	حالانکہ وہ	اُنکے ساتھ ہوتا ہے	جب	وہ سب راتوں کو مشورے کرتے ہیں

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔④ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ	(ایسی) باتوں کے جو وہ (اللہ) پسند نہیں کرتا
وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا	اور ہے اللہ تعالیٰ (اُس) کو جو
يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿108﴾	وہ عمل کرتے ہیں گھیرے ہوئے۔ ﴿108﴾
هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ	ہاں یہ تم ہو (جو) جھگڑا کرتے ہو
عَنْهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا قف	اُن کی طرف سے دنیوی زندگی میں
فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ	پس کون جھگڑا کرے گا اللہ سے
عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اُن کی طرف سے قیامت کے دن
اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿109﴾	یا کون ہوگا اُن کی وکالت کرنے والا۔ ﴿109﴾
وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ	اور جو کرلے کوئی بُرائی یا ظلم کرلے
نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ	اپنے نفس پر پھر بخشش مانگے اللہ سے
يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿110﴾	وہ پائے گا اللہ کو بخشنے والا، رحم کرنیوالا۔ ﴿110﴾
وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا	اور جو کماتا (کرتا) ہے گناہ تو درحقیقت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا : ماتحت، ماحول، ماجرا۔
يَرْضٰى : راضی، رضامندی، رضائے الٰہی۔
يَعْمَلُوْنَ، يَّعْمَلْ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
مُحِيْطًا : محیط، احاطہ۔
جٰدَلْتُمْ، يُّجَادِلُ : جنگ وجدل، جدال۔
الْحَيٰوةِ : حیات، احیائے دین، حیات طیبہ۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔
الْقِيٰمَةِ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔

وَكِيْلًا : وکیل، وکالت۔
سُوْٓءًا : سوءِ ادب، علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
يَظْلِمْ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
نَفْسَهٗ : نفس، نفسانی خواہشات۔
يَسْتَغْفِرِ، غَفُوْرًا : استغفار، دعائے مغفرت۔
يَجِدِ : وجد، وجود، موجود۔
رَّحِيْمًا : رحم، رحیم، رحمت۔
يَّكْسِبْ : کسب حلال، کسبی (کمائی)۔

مَا لَا	يَرْضٰى	مِنَ الْقَوْلِ ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِمَا
جو نہیں	وہ پسند کرتا	بات سے	اور ہے	اللہ تعالیٰ	(اس) کو جو

يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطًا ﴿108﴾	هٰٓاَنْتُمْ ①	هٰٓؤُلَآءِ	جٰدَلْتُمْ
وہ سب عمل کرتے ہیں	گھیرے ہوئے	ہاں تم	وہی (لوگ ہو)	(جو) تم جھگڑا کرتے ہو

عَنْهُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ② قف	فَمَنْ ③	يُّجَادِلُ	اللّٰهَ
ان (کی طرف) سے	دنیوی زندگی میں	پس کون ہے	وہ (جو) جھگڑا کرے گا	اللہ سے

عَنْهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ②	اَمْ	مَّنْ ③	يَّكُوْنُ ④
ان (کی طرف) سے	قیامت کے دن	یا	کون	ہوگا

عَلَيْهِمْ	وَكِيْلًا ﴿109﴾	وَمَنْ ③	يَّعْمَلْ ④	سُوْٓءًا ⑤
اُن پر	وکالت کرنیوالا	اور جو	عمل کرلے	کوئی بُرائی کا

اَوْ	يَظْلِمْ	نَفْسَهٗ	ثُمَّ	يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ	يَجِدِ اللّٰهَ
یا	وہ ظلم کرلے	اپنے نفس پر	پھر	وہ بخشش مانگے اللہ سے	وہ پائے گا اللہ کو

غَفُوْرًا ⑥	رَّحِيْمًا ⑥ ﴿110﴾	وَمَنْ	يَّكْسِبْ ④	اِثْمًا ⑤	فَاِنَّمَا ⑦
بہت بخشنے والا	رحم کرنیوالا	اور جو	کماتا (کرتا) ہے	کوئی گناہ	تو درحقیقت

ضروری وضاحت

①یہاں اَنْتُمْ کے شروع میں هَا متنبہ کرنے کے لیے آیا ہے۔② ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
③مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔④یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑥اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔⑦اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں تاکید یعنی صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ	وہ کماتا ہے اُس (گناہ کے وبال) کو اپنی جان پر
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿111﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ خوب علم والا حکمت والا۔ ﴿111﴾
وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً	اور جو ارتکاب کرے کسی خطا کا
اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓئًا	یا کسی گناہ کا پھر تہمت لگا دے اس کی کسی بے گناہ پر
فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا	تو یقیناً اُس نے بوجھ اُٹھایا ایک بڑے بہتان کا
وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿112﴾ ع	اور کھلے گناہ کا۔ ﴿112﴾
وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ	اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل آپ پر
وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ	اور اُس کی رحمت (تو) یقیناً قصد کر لیا تھا ایک گروہ نے
مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ	اُن میں سے کہ وہ بہکا دیں آپ کو
وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ	حالانکہ نہیں وہ بہکاتے مگر اپنے (ہی) نفسوں کو
وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ	اور نہیں یہ بگاڑ سکتے آپ کا کچھ بھی
وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ	اور اُتاری اللہ نے آپ پر کتاب اور حکمت

ع 16 8 13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَكْسِبُهٗ	کسب حلال، کسبی (کمائی)۔	طَّآئِفَةٌ	طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔
نَفْسِهٖ	نفس، نفسانی، نفسا نفسی۔	يُّضِلُّوْكَ	ضلالت و گمراہی۔
عَلِيْمًا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	اِلَّآ	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
حَكِيْمًا	حکیم، حکمت، حکما۔	اَنْفُسَهُمْ	نفس، نفسانی، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
خَطِيْٓئَةً	خطا، خطا کار۔	يَضُرُّوْنَكَ	مضر صحت، ضرر رساں۔
بَرِيْٓئًا	بری الذمہ، مقدمہ سے بری ہونا۔	شَيْءٍ	شے، اشیائے خوردنی۔
احْتَمَلَ	حاملہ، اسقاط حمل، حامل رقعہ ہٰذا۔	اَنْزَلَ	نازل، نزول، شان نزول۔
مُّبِيْنًا	بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔	الْحِكْمَةَ	حکیم، حکمت و دانائی، حکیم الامت۔

يَكْسِبُهٗ	عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ	وَكَانَ اللّٰهُ	عَلِيْمًا ①
وہ کماتا ہے اُس (گناہ کے وبال) کو	اپنی جان پر	اور ہے اللہ تعالیٰ	خوب علم والا

حَكِيْمًا ① ﴿111﴾	وَمَنْ	يَّكْسِبْ ②	خَطِيْٓـَٔةً ③④	اَوْ اِثْمًا ④
بہت حکمت والا	اور جو	ارتکاب کرے	کسی خطا کا	یا کسی گناہ کا

ثُمَّ	يَرْمِ ⑤	بِهٖ	بَرِيْٓــًٔا ④	فَقَدِ	احْتَمَلَ	بُهْتَانًا
پھر	وہ تہمت لگادے	اُس کی	کسی بے گناہ پر	تو یقیناً	اُس نے (بوجھ) اُٹھایا	بہتان کا

ع 16 8 13

وَّ	اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿112﴾ ع	وَ	لَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكَ
اور	کھلے گناہ کا	اور	اگر نہ (ہوتا)	اللہ کا فضل	آپ پر

وَرَحْمَتُهٗ	لَهَمَّتْ ③	طَّآئِفَةٌ ③④	مِّنْهُمْ	اَنْ	يُّضِلُّوْكَ ؕ
اور اُس کی رحمت	یقیناً قصد کرلیا تھا	ایک گروہ نے	اُن میں سے	کہ	وہ سب گمراہ کردیں آپ کو

وَمَا	يُضِلُّوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَمَا	يَضُرُّوْنَكَ
حالانکہ نہیں	وہ سب گمراہ کرتے	مگر	اپنے نفسوں کو	اور نہیں	وہ سب بگاڑ سکتے آپ کا

مِنْ شَيْءٍ ⑥ ؕ	وَ	اَنْزَلَ اللّٰهُ ⑦	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ ③
کچھ بھی	اور	اُتاری اللہ نے	آپ پر	کتاب	اور حکمت

ضروری وضاحت

①فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔② یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ۃ اور ۃٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی، کسی یا ایک کیا گیا ہے۔⑤ يَرْمِ اصل میں يَرْمِيْ تھا آخر سے یْ گرگئی ہے۔⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ یہاں شروع میں ''اَ'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔

الثلثة

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ	اور سکھایا ہے آپ کو جو نہیں تھے آپ جانتے
وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿113﴾	اور ہے اللہ کا فضل آپ پر بہت بڑا۔ ﴿113﴾
لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ	نہیں کوئی خیر اُن کی سرگوشیوں میں سے اکثر میں
اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ	سوائے (اس کی سرگوشی کے) جو حکم دے صدقہ کرنے کا
اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ	یا اچھی بات کا یا صلح کرانے کا
بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ	لوگوں کے درمیان، اور جو کرے گا
ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ	ایسے (کام) اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے
فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿114﴾	تو عنقریب ہم دیں گے اُسے اجرِ عظیم۔ ﴿114﴾
وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ	اور جو خلاف کرے رسول کے
مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى	اس کے بعد کہ واضح ہو جائے اُس پر ہدایت
وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اور وہ پیروی کرے مومنوں کے راستے کے علاوہ کی
نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى	ہم پھیر دیں گے اُسے جدھر وہ پھرے گا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَّمَكَ : علم، تعلیم، معلم۔
عَظِيْمًا : عظیم، عظمت، اعظم۔
كَثِيْرٍ : کثیر تعداد، کثرت، اکثر۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
اَمَرَ : امر، امر بالمعروف، مامور۔
بِصَدَقَةٍ : صدقہ و خیرات، صدقہ فطر۔
مَعْرُوْفٍ : معروف، عرفِ عام۔
بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔

النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
يَّفْعَلْ : فعل، فاعل، مفعول۔
مَرْضَاتِ : رضا، راضی، مرضی، رضائے الٰہی۔
عَظِيْمًا : عظیم، عظمت، تعظیم، معظم۔
تَبَيَّنَ : بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔
يَتَّبِعْ : اتباع، اتباعِ رسول، تابع فرمان۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔

وَعَلَّمَكَ	مَا لَمْ	تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ ①	وَكَانَ	فَضْلُ اللّٰهِ
اور سکھایا ہے آپ کو	جو نہیں	تھے آپ جانتے	اور ہے	اللہ کا فضل

عَلَيْكَ	عَظِيْمًا ﴿113﴾	لَا خَيْرَ ②	فِيْ كَثِيْرٍ	مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ
آپ پر	بہت بڑا	کوئی خیر نہیں	اکثر میں	اُن کی سرگوشیوں میں سے

اِلَّا	مَنْ	اَمَرَ	بِصَدَقَةٍ	اَوْ مَعْرُوْفٍ	اَوْ اِصْلَاحٍۢ
سوائے (اسکی سرگوشی کے)	جو	حکم دے	صدقہ کرنے کا	یا اچھی بات کا	یا صلح کرانے کا

بَيْنَ النَّاسِ ۭ	وَمَنْ	يَّفْعَلْ ③	ذٰلِكَ	ابْتِغَاۗءَ
لوگوں کے درمیان	اور جو	کرے گا	یہ (کام)	حاصل کرنے کیلئے

مَرْضَاتِ اللّٰهِ ④	فَسَوْفَ	نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿114﴾	وَمَنْ
اللہ کی خوشنودی	تو عنقریب	ہم دیں گے اُسے	اجر عظیم	اور جو

يُّشَاقِقِ ③	الرَّسُوْلَ	مِنْۢ بَعْدِ ⑤	مَا ⑥	تَبَيَّنَ ⑦	لَهُ	الْهُدٰى
خلاف کرے	رسول کے	اس کے بعد	کہ	واضح ہوجائے	اُس کے لیے	ہدایت

وَيَتَّبِعْ	غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ	نُوَلِّهٖ	مَا	تَوَلّٰى ⑦
اور وہ پیروی کرے	مومنوں کے راستے کے علاوہ	ہم پھیر دیں گے اُسے	جدھر	وہ پھرے

ضروری وضاحت

①تَكُنْ اور تَعْلَمْ دونوں کی تَ کا ترجمہ آپ ہے۔② لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ مَرْضَاتِ جمع مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ مصدر اور مَرْضَاةِ ہے، قرآنی کتابت میں کبھی ۃ کو ت لکھ دیا جاتا ہے۔⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ اگر لفظ بَعْدِ کے بعد مَا ہو تو اس کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

ع 17 3 14

وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ	اور ہم داخل کریں گے اُسے جہنم میں
وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿115﴾	اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ ﴿115﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ	بیشک اللہ نہیں بخشے گا کہ شریک بنایا جائے اُسکے ساتھ
وَ يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ	اور وہ بخش دے گا جو اس کے علاوہ (اور گناہ ہیں)
لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ	جس کو وہ چاہے، اور جو شریک بنائے اللہ کے ساتھ
فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿116﴾	تو یقیناً وہ بھٹک گیا دور کی گمراہی میں۔ ﴿116﴾
اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ	نہیں وہ پکارتے اُس کے سوا مگر عورتوں کو
وَ اِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿117﴾ ۙ	اور (دراصل) نہیں وہ پکارتے مگر سرکش شیطان کو۔ ﴿117﴾
لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَ قَالَ	لعنت کی ہے اُس پر اللہ نے، اور کہا (شیطان نے)
لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ	ضرور بالضرور میں لے لوں گا تیرے بندوں سے
نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿118﴾ ۙ	(غیر اللہ کی نذر دلوا کر) ایک مقرر حصہ۔ ﴿118﴾
وَّ لَاُضِلَّنَّهُمْ	اور ضرور بالضرور میں گمراہ کروں گا اُنہیں

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جَهَنَّمَ	جہنم، عذابِ جہنم۔	اِلَّاۤ	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
سَآءَتْ	سوءِ ادب، علمائے سوء، ظنِ سوء۔	اِنٰثًا	مؤنث، تذکیر و تانیث۔
يَغْفِرُ	مغفرت، استغفار۔	شَيْطٰنًا	شیطان لعین، شیطانی کام۔
يُّشْرَكَ	شرک، مشرک، مشرکین مکہ۔	لَاَتَّخِذَنَّ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
يَّشَآءُ	ان شاء اللہ، ماشاء اللہ، مشیت۔	عِبَادِكَ	عبد، عابد، عبادت، عباد اللہ۔
ضَلَّ، ضَلٰلًۢا	ضلالت و گمراہی۔	نَصِيْبًا	نصیب اپنا اپنا، باادب بانصیب۔
بَعِيْدًا	بعد، بعید از قیاس۔	مَّفْرُوْضًا	فرض، فرائض، مفروضہ۔
يَّدْعُوْنَ	دعا، دعوت، دعائے خیر۔	لَاُضِلَّنَّهُمْ	ضلالت و گمراہی۔

ع 17 3 14

وَ	نُصْلِهٖ	جَهَنَّمَ ؕ	وَ	سَآءَتْ ①	مَصِيْرًا (115) ع	اِنَّ اللّٰهَ
اور	ہم داخل کریں گے اُسے	جہنم میں	اور	وہ بہت بُرا	ٹھکانا ہے	بیشک اللہ

لَا يَغْفِرُ ②	اَنْ	يُّشْرَكَ ③	بِهٖ	وَ يَغْفِرُ	مَا دُوْنَ ذٰلِكَ
نہیں بخشے گا	کہ	شریک بنایا جائے	اُسکے ساتھ	اور وہ بخش دے گا	جو اس کے علاوہ

لِمَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَمَنْ	يُّشْرِكْ ②	بِاللّٰهِ
جس کو	وہ چاہے گا	اور جو	شریک بنائے	اللہ کے ساتھ

فَقَدْ	ضَلَّ	ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا (116)	اِنْ ④	يَّدْعُوْنَ
تو یقیناً	وہ بھٹک گیا	دور کی گمراہی میں	نہیں	وہ سب پکارتے

مِنْ دُوْنِهٖٓ ⑤	اِلَّآ	اِنٰثًا ج	وَ اِنْ ④	يَّدْعُوْنَ	اِلَّا
اُس کے سوا	مگر	عورتوں کو	اور نہیں	وہ سب پکارتے	مگر

وقف لازم

شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا (117) لا	لَّعَنَهُ اللّٰهُ م	وَقَالَ	لَاَتَّخِذَنَّ ⑥
سرکش شیطان کو	لعنت کی ہے اس پر اللہ نے	اور کہا (شیطان نے)	ضرور بالضرور میں لے لوں گا

مِنْ عِبَادِكَ	نَصِيْبًا ⑦	مَّفْرُوْضًا (118) لا	وَّ	لَاُضِلَّنَّهُمْ ⑥
تیرے بندوں سے	ایک حصہ	مقرر	اور	ضرور بالضرور میں گمراہ کروں گا اُنہیں

ضروری وضاحت

① تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ④ اِنْ کے بعد جب اِلَّا آجائے تو اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

وَ لَاُمَنِّيَنَّهُمْ	اور ضرور بالضرور میں (باطل) اُمیدیں دلاتا رہوں گا اُنہیں
وَلَاٰمُرَنَّهُمْ	اور ضرور بالضرور میں حکم دوں گا اُنہیں
فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ	پس ضرور بالضرور وہ چیر دیں گے جانوروں کے کان
وَلَاٰمُرَنَّهُمْ	اور ضرور بالضرور میں حکم دوں گا اُنہیں
فَلَيُغَيِّرُنَّ	پس ضرور بالضرور وہ ردوبدل کر (کے بگاڑ) دیں گے
خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ	اللہ کی بنائی ہوئی صورتوں کو، اور جو بنائے
الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	شیطان کو دوست اللہ کے سوا
فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ﴿119﴾	تو یقیناً وہ صریح نقصان میں ڈوب گیا۔﴿119﴾
يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ	وہ وعدہ دیتا ہے اُنہیں اور اُمیدیں دلاتا ہے اُنہیں
وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿120﴾	اور نہیں وعدے دیتا اُنہیں شیطان مگر فریب کاری کا۔﴿120﴾
اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ز	وہی لوگ ہیں (کہ) اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے
وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿121﴾	اور نہیں پائیں گے اُس سے بھاگنے کی کوئی جگہ۔﴿121﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاُمَنِّيَنَّهُمْ : تمنا، متمنی شرکت، دلی تمنا۔	مُّبِيْنًا : بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔
لَاٰمُرَنَّهُمْ : امر، آمر، امر بالمعروف۔	يَعِدُهُمْ : وعدہ، وعدہ خلافی۔
فَلَيُغَيِّرُنَّ : تغیر وتبدل، متغیر ہونا۔	اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ۔
خَلْقَ : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	غُرُوْرًا : غرور، مغرور۔
يَتَّخِذِ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ، ماخذ۔	مَاْوٰىهُمْ : ملجا وماویٰ، یتیموں کا ملجا ضعیفوں کا ماوی۔
الشَّيْطٰنَ : شیطان مردود، شیطانی وسواس۔	جَهَنَّمُ : جہنم کی ہولناکیاں، جہنمی۔
وَلِيًّا : ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
خَسِرَ، خُسْرَانًا : خائب وخاسر، خسارہ پانے والا۔	يَجِدُوْنَ : وجد، وجود، موجود۔

وَ	لَاُمَنِّيَنَّهُمْ ①	وَ	لَاٰمُرَنَّهُمْ ①
اور	ضرور بالضرور (باطل) اُمیدیں دلاتا رہوں گا اُنہیں	اور	ضرور بالضرور میں حکم دوں گا اُنہیں

فَلَيُبَتِّكُنَّ ①	اٰذَانَ الْاَنْعَامِ ②	وَ	لَاٰمُرَنَّهُمْ ①
پس ضرور بالضرور وہ چیر دیں	جانوروں کے کان	اور	ضرور بالضرور میں حکم دوں گا اُنہیں

فَلَيُغَيِّرُنَّ ①	خَلْقَ اللّٰهِ ؕ	وَمَنْ	يَّتَّخِذِ ③
پس وہ ضرور بالضرور تبدیل کر دیں گے	اللہ کی بنائی ہوئی صورتوں کو	اور جو	پکڑے (بنائے)

الشَّيْطٰنَ	وَلِيًّا	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ④	فَقَدْ ⑤
شیطان کو	دوست	اللہ کے سوا	تو یقیناً

خَسِرَ	خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ﴿119﴾	يَعِدُهُمْ	وَ	يُمَنِّيْهِمْ ③ ؕ
اس نے نقصان اٹھایا	صریح نقصان	وہ وعدہ دیتا ہے اُنہیں	اور	اُمیدیں دلاتا ہے اُنہیں

وَمَا ⑥	يَعِدُهُمُ ③	الشَّيْطٰنُ	اِلَّا	غُرُوْرًا ﴿120﴾	اُولٰٓئِكَ
اور نہیں	وعدے دیتا اُنہیں	شیطان	مگر	فریب کاری کا	یہی (وہ لوگ ہیں)

مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ ز	وَلَا	يَجِدُوْنَ	عَنْهَا	مَحِيْصًا ﴿121﴾
اُن کا ٹھکانہ	جہنم ہے	اور نہیں	وہ سب پائیں گے	اُس سے	بھاگنے کی کوئی جگہ

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں علامت لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ② اَنْعَامٌ چوپائے کو اور اِنْعَامٌ انعام کو کہتے ہیں۔ ③ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ علامت قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ لفظ مَا کے بعد اگر اُسی جملے میں اِلَّا آجائے تو اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے
سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ	عنقریب ہم داخل کریں گے اُنہیں جنتوں میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	بہتی ہیں اُن کے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اُن میں ہمیشہ ہمیشہ
وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ	اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور کون (ہو سکتا ہے)
اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿122﴾	اللہ سے زیادہ سچا (اپنی) بات میں۔ ﴿122﴾
لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ	نہیں ہے (نجات) تمہاری آرزوؤں (پر)
وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ	اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر
مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ	جو کرے گا بُرا عمل اُسے بدلہ دیا جائے گا اُس کا
وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اور نہ وہ پائے گا اپنے لیے اللہ کے سوا
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿123﴾ وَمَنْ	کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿123﴾ اور جو
يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى	عمل کرے نیک مرد ہو یا عورت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا : امن ایمان، مومن۔
عَمِلُوْا، يَّعْمَلْ : عمل، عامل، تعمیل، معمول۔
الصّٰلِحٰتِ : صالح اعمال، صالح اولاد، اصلاح۔
سَنُدْخِلُهُمْ : داخل، دخول، داخلہ۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : تحت الشعور، ماتحت۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
اَبَدًا : ابدالآباد۔

اَصْدَقُ : صادق و مصدوق، صدق و وفا، صداقت۔
قِيْلًا : قول، قائل، اقوال، مقولہ۔
بِاَمَانِيِّكُمْ : تمنا، متمنی شرکت، تمنائیں۔
سُوْٓءًا : علمائے سوء، ظن سوء، اعمال سیئہ۔
يُّجْزَ : جزاوسزا، جزائے خیر۔
يَجِدْ : وجد، موجود، وجود۔
نَصِيْرًا : نصرت، ناصر، انصار، انصاری۔
ذَكَرٍ، اُنْثٰى : مذکر، مؤنث، تذکیر و تانیث۔

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ①	سَنُدْخِلُهُمْ
اور (وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اور سب نے عمل کیے	نیک اعمال	عنقریب ہم داخل کریں گے اُنہیں

جَنّٰتٍ ①	تَجْرِيْ ①	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ
جنتوں میں	بہتی ہیں	اُن کے نیچے سے	نہریں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اُن میں

اَبَدًا ؕ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقًّا ؕ	وَمَنْ	اَصْدَقُ ②	مِنَ اللّٰهِ	قِيْلًا (122)
ہمیشہ ہمیشہ	اللہ کا وعدہ	سچا ہے	اور کون	زیادہ سچا ہے	اللہ سے	(اپنی) بات میں

لَيْسَ	بِاَمَانِيِّكُمْ ③	وَلَآ	اَمَانِيِّ	اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ
نہیں (نجات)	تمہاری آرزوؤں پر	اور نہ	آرزوؤں پر	اہل کتاب کی

مَنْ	يَّعْمَلْ ④	سُوْٓءًا	يُّجْزَ	بِهٖ ۙ	وَلَا	يَجِدْ
جو	کرے گا	برا عمل	وہ بدلہ دیا جائے گا	اُس کا	اور نہ	وہ پائے گا

لَهٗ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑤	وَلِيًّا ⑥	وَّلَا	نَصِيْرًا ⑥ (123)
اپنے لیے	اللہ کے سوا	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار

وَمَنْ	يَّعْمَلْ ④	مِنَ الصّٰلِحٰتِ ①	مِنْ ذَكَرٍ ⑤	اَوْ	اُنْثٰى
اور جو	عمل کرے گا	نیک اعمال سے	مرد ہو	یا	عورت

ضروری وضاحت

① ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ④ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ	اور وہ ایمان والا ہو تو وہی
يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا	داخل ہونگے جنت میں اور نہیں
يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿124﴾	وہ ظلم کیے جائیں گے کھجور کی گٹھلی کے شگاف برابر ﴿124﴾
وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا	اور کون زیادہ اچھا ہوسکتا ہے دین میں
مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ	(اس شخص) سے جو جھکا دے اپنا چہرہ اللہ کے لیے
وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ	اور وہ نیکی کرنیوالا (بھی) ہو اور وہ پیروی کرے
مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ	ابراہیم علیہ السلام کے دین کی (جو) یکسو تھے
وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿125﴾	اور بنایا اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کو (اپنا) دوست۔ ﴿125﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	اور جو زمین میں ہے
ع 18 11 15 وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿126﴾	اور ہے اللہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے۔ ﴿126﴾
وَيَسْتَفْتُوْنَكَ	اور وہ فتویٰ طلب کرتے ہیں آپ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- مُؤْمِنٌ : ایمان، امن، مومن۔
- يَدْخُلُوْنَ : داخل، دخول، داخلہ۔
- يُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
- اَحْسَنُ، مُحْسِنٌ : حسن، احسن، محسن۔
- اَسْلَمَ : اسلام، مسلم، مسلمہ اصول۔
- وَجْهَهٗ : وجاہت، علی وجہ البصیرت۔
- اتَّبَعَ : اتباع، اتباع رسول۔
- مِلَّةَ : ملت، ملت اسلام، ملی ترانہ، ملت کفر۔
- حَنِيْفًا : دین حنیف (یکسو، یک طرفہ)۔
- اتَّخَذَ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
- خَلِيْلًا : خلت، خلیل اللہ۔
- السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
- الْاَرْضِ : ارض مقدس، قطعہ اراضی۔
- شَيْءٍ : شے، اشیائے خورد ونوش۔
- مُّحِيْطًا : احاطہ، محیط۔
- يَسْتَفْتُوْنَكَ : مفتی، فتویٰ، فتاویٰ۔

وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ	يَدْخُلُوْنَ ①	الْجَنَّةَ ②
اور وہ	ایمان والا ہو	تو وہی (لوگ)	وہ سب داخل ہوں گے	جنت میں

وَلَا	يُظْلَمُوْنَ ③	نَقِيْرًا ④ (124)	وَمَنْ
اور نہیں	وہ سب ظلم کیے جائیں گے	کھجور کی گٹھلی کے شگاف برابر	اور کون

اَحْسَنُ ⑤	دِيْنًا	مِّمَّنْ	اَسْلَمَ ⑥	وَجْهَهٗ	لِلّٰهِ
زیادہ اچھا ہوسکتا ہے	دین میں	(اس شخص) سے جو	جھکا دے	اپنا چہرہ	اللہ کیلئے

وَهُوَ	مُحْسِنٌ	وَّاتَّبَعَ	مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ ②	حَنِيْفًا ؕ
اور وہ	نیکی کرنیوالا ہے	اور وہ پیروی کرے	ابراہیم کے دین کی	(جو) یکسو تھے

وَاتَّخَذَ	اللّٰهُ	اِبْرٰهِيْمَ	خَلِيْلًا (125)	وَ	لِلّٰهِ
اور پکڑا (بنایا)	اللہ نے	ابراہیم کو	(اپنا) دوست	اور	اللہ کے لیے

مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ②	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ
جو (کچھ)	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور ہے	اللہ تعالیٰ

ع 18 11 15

بِكُلِّ شَيْءٍ	مُّحِيْطًا (126) ع	وَ	يَسْتَفْتُوْنَكَ ⑦
ہر چیز کا	احاطہ کرنے والا	اور	وہ سب فتویٰ طلب کرتے ہیں آپ سے

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ④ یہاں مراد یہ ہے کہ معمولی سا ظلم بھی نہیں کیا جائے گا۔ ⑤ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑥ یہاں شروع میں ''أ'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ	(یتیم) عورتوں کے بارے میں، آپ کہہ دیں
يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ	اللہ حکم دیتا ہے تمہیں ان (عورتوں) کے بارے میں
وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ	اور جو پڑھا جاتا ہے تم پر کتاب میں (سے)
فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ	(ان) یتیم عورتوں کے بارے میں جن کو
لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ	نہیں تم دیتے اُنہیں جو (حقوق) مقرر کیے گئے ہیں
لَهُنَّ وَ تَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ	اُن کیلئے اور تم رغبت رکھتے ہو کہ تم نکاح کرو اُن سے
وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ	اور بے چارے بچوں کے بارے میں
وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى	اور (یہ بھی حکم دیتا ہے) کہ تم قائم رہو یتیموں کے بارے میں
بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ	انصاف پر، اور جو تم کرو گے بھلائی (کے کام) سے
فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿127﴾	تو بے شک اللہ ہے اُس کو خوب جاننے والا۔ ﴿127﴾
وَ اِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا	اور اگر کوئی عورت ڈرے اپنے خاوند (کی طرف) سے
نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ	زیادتی پر یا بے رُخی پر تو کوئی گناہ نہیں اُن دونوں پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النِّسَآءِ	تربیت نسواں، نسوانی حسن۔	الْوِلْدَانِ	ولد، اولاد، ولدیت۔
قُلِ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	تَقُوْمُوْا	قائم، قیام۔
يُفْتِيْكُمْ	فتویٰ، مفتی، فتاویٰ۔	بِالْقِسْطِ	قسط، اقساط۔
يُتْلٰى	تلاوت، وحی متلو۔	تَفْعَلُوْا	فعل، فاعل، بُرے افعال۔
كُتِبَ	کتاب، کاتب، مکتوب۔	عَلِيْمًا	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
تَرْغَبُوْنَ	رغبت، راغب، مرغوب۔	خَافَتْ	خوف، خائف، خوف وہراس۔
تَنْكِحُوْهُنَّ	نکاح، منکوحہ، نکاح خواں۔	عَلَيْهِمَآ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْمُسْتَضْعَفِيْنَ	ضعیف وناتواں، ضعفِ جگر۔	اِعْرَاضًا	اعراض کرنا (منہ موڑنا)۔

فِي النِّسَآءِ ؕ	قُلِ اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ ①	فِيْهِنَّ ۙ
(یتیم) عورتوں کے بارے میں	آپ کہہ دیں اللہ	حکم دیتا ہے تمہیں	اُن (عورتوں) کے بارے میں

وَمَا	يُتْلٰى ①	عَلَيْكُمْ	فِي الْكِتٰبِ	فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ
اور جو	پڑھا جاتا ہے	تم پر	کتاب میں (سے)	یتیم عورتوں کے بارے میں

الّٰتِيْ لَا	تُؤْتُوْنَهُنَّ	مَا كُتِبَ	لَهُنَّ	وَ	تَرْغَبُوْنَ
جو نہیں	تم سب دیتے اُنہیں	جو (حقوق) مقرر کیے گئے ہیں	اُن کیلئے	اور	تم سب رغبت رکھتے ہو

اَنْ	تَنْكِحُوْهُنَّ ②	وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ ③	وَاَنْ
کہ	تم سب نکاح کرو اُن سے	اور سب بے بس و کمزور	بچوں میں سے	اور (یہ) کہ

تَقُوْمُوْا	لِلْيَتٰمٰى ④	بِالْقِسْطِ ؕ	وَمَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ
تم سب قائم رہو	یتیموں کے بارے میں	انصاف پر	اور جو	تم سب کرو گے	بھلائی (کے کام) سے

فَاِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	بِهٖ	عَلِيْمًا (127)	وَاِنِ	امْرَاَةٌ ⑤	خَافَتْ ⑤
تو بے شک اللہ	ہے	اُس کو	خوب جاننے والا	اور اگر	کوئی عورت	ڈرے

مِنْۢ بَعْلِهَا	نُشُوْزًا	اَوْ اِعْرَاضًا	فَلَا جُنَاحَ ⑥	عَلَيْهِمَآ
اپنے خاوند (کی طرف) سے	زیادتی پر	یا بے رُخی پر	تو کوئی گناہ نہیں	اُن دونوں پر

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ③ یہاں الْوِلْدَانِ میں انِ دو ہونے کو ظاہر نہیں کر رہا بلکہ یہ انِ جمع کے لیے آیا ہے۔ ④ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے ہوتا ہے، یہاں ضرورتاً ترجمہ کے بارے میں کیا گیا ہے۔ ⑤ ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ	کہ وہ صلح کرلیں دونوں آپس میں کوئی صلح
وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ	اور صلح بہت اچھی (چیز) ہے
وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ	اور حاضر (مائل) کی گئی ہیں طبیعتیں بخل یا لالچ پر، اور اگر
تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ	تم احسان کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو بیشک اللہ
كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿128﴾	(اس) پر جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿128﴾
وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا	اور ہرگز نہیں تم استطاعت رکھ سکو گے
اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ	کہ تم عدل کرسکو عورتوں کے درمیان
وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا	اور اگرچہ تم چاہو (بھی) تو نہ تم مائل ہوجانا
كُلَّ الْمَيْلِ	مکمل مائل ہونا (ایک بیوی کی طرف)
فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ	(کہ) پس تم چھوڑ دو اس (دوسری) کو جیسے لٹکائی گئی ہو
وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا	اور اگر تم اصلاح کرلو اور تقویٰ اختیار کرو
فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿129﴾	تو بے شک اللہ بخشنے والا بہت مہربان ہے۔ ﴿129﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّصْلِحَا، الصُّلْحُ : صلح، اصلاح۔	تَسْتَطِيْعُوْٓا : استطاعت، حسب استطاعت۔
بَيْنَهُمَا : بین الاقوامی، بین بین، بین السطور۔	تَعْدِلُوْا : عدل وانصاف، عادل۔
اُحْضِرَتِ : حاضر، حاضری، تناول ماحضر۔	النِّسَآءِ : نسوانیت، تربیت نسواں۔
الْاَنْفُسُ : نفس، نفسانی خواہشات۔	حَرَصْتُمْ : حرص ولالچ، حریص۔
تُحْسِنُوْا : احسان، محسن۔	تَمِيْلُوْا، الْمَيْلِ : مائل ہونا، میلان۔
تَتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔	كَالْمُعَلَّقَةِ : معلق، تعلق، متعلق۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، معمول، تعمیل۔	غَفُوْرًا : غفور رحیم، مغفرت، استغفار۔
خَبِيْرًا : خبر، اخبار، مخبر، اخبارات۔	رَّحِيْمًا : رحم، رحمت، رحیم وکریم۔

اَنْ	يُّصْلِحَا	بَيْنَهُمَا	صُلْحًا ؕ	وَالصُّلْحُ	خَيْرٌ ؕ
کہ	وہ دونوں صلح کرلیں	دونوں آپس میں	کوئی صلح	اور صلح	بہت اچھی ہے

وَ	اُحْضِرَتِ ①	الْاَنْفُسُ	الشُّحَّ ؕ ②	وَاِنْ	تُحْسِنُوْا	وَ
اور	حاضر (مائل) کی گئی ہیں	طبیعتیں	بخل یا لالچ پر	اور اگر	تم سب احسان کرو	اور

تَتَّقُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا ③ (128)
تم سب پرہیزگاری اختیار کرو	تو بیشک اللہ	ہے	(اس) پر جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار

وَلَنْ	تَسْتَطِيْعُوْٓا	اَنْ	تَعْدِلُوْا	بَيْنَ النِّسَآءِ
اور ہرگز نہیں	تم سب استطاعت رکھ سکو گے	کہ	تم سب عدل کرسکو	عورتوں کے درمیان

وَلَوْ	حَرَصْتُمْ	فَلَا تَمِيْلُوْا ④	كُلَّ	الْمَيْلِ
اور اگرچہ	تم چاہو (بھی)	تو نہ تم سب مائل ہوجانا	مکمل	مائل ہونا (ایک بیوی کی طرف کہ)

فَتَذَرُوْهَا ⑤	كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ ⑥	وَاِنْ	تُصْلِحُوْا
پس تم سب چھوڑ دو اُس (دوسری) کو	جیسے لٹکائی گئی ہو	اور اگر	تم سب اصلاح کرلو

وَ	تَتَّقُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا ③ (129)
اور	تم سب تقویٰ اختیار کرو	تو بیشک اللہ	ہے	بخشنے والا	بہت مہربان

ضروری وضاحت

① یہاں تِ اصل میں تْ تھی، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔ ② یہاں الشُّحّ کا ترجمہ بخل اور لالچ دونوں طرح کیا جاتا ہے۔ ③ فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔ ④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ اِنْ يَّتَفَرَّقَا	اور اگر (میاں بیوی) دونوں جُدا ہو جائیں
يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا	(تو) بے نیاز کر دے گا اللہ ہر ایک کو
مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ	(دوسرے کی محتاجی سے) اپنی کشائش سے
وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿130﴾	اور اللہ وسعت والا، حکمت والا ہے۔ ﴿130﴾
وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	اور جو زمین میں ہے
وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ	اور البتہ تحقیق ہم نے حکم دیا ہے اُن لوگوں کو جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ اِيَّاكُمْ	کتاب دیے گئے تم سے قبل اور خود تمہیں (بھی)
اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا	کہ تم ڈرو اللہ سے، اور اگر تم کفر کرو گے
فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	تو (سن لو) بیشک اللہ ہی کا ہے جو آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	اور جو زمین میں ہے
وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿131﴾	اور اللہ بے پروا، تعریف والا ہے۔ ﴿131﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّتَفَرَّقَا : تفرقہ، فرق، تفریق، فریق۔
يُغْنِ : غنی، اغنیا۔
كُلًّا : کل نمبر، کل کائنات، کل ترکہ، کلی طور پر۔
سَعَتِهٖ، وَاسِعًا : وسیع و عریض، وسعت، وسیع میدان۔
حَكِيْمًا : حکمت، حکیم، حکما۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
السَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

وَصَّيْنَا : وصیت، وصیت نامہ۔
الْكِتٰبَ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
مِنْ : منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔
قَبْلِكُمْ : قبل اس کہ، قبل از وقت، قبل از نبوت۔
اتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔
تَكْفُرُوْا : کافر، کفر، کفار۔
غَنِيًّا : غنی، مستغنی، اغنیاء۔
حَمِيْدًا : حمد و ثنا، حمد باری تعالیٰ۔

وَ اِنْ ①	يَّتَفَرَّقَا	يُغْنِ ②	اللّٰهُ	كُلًّا
اور اگر	وہ دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں	(تو) بے نیاز کردے گا	اللہ	ہر ایک کو

مِّنْ سَعَتِهٖ ③ ؕ	وَ كَانَ ④	اللّٰهُ	وَاسِعًا	حَكِيْمًا (130)
اپنی مہربانی سے	اور ہے	اللہ تعالیٰ	وسعت والا	حکمت والا

وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ⑤	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ
اور	اللہ کے لیے	جو (کچھ)	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں (ہے)

وَ	لَقَدْ ⑥	وَصَّيْنَا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ
اور	البتہ تحقیق	ہم نے حکم دیا ہے	(اُن لوگوں کو) جو	سب دیے گئے	کتاب

مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ	اِيَّاكُمْ ⑦	اَنِ	اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	وَ اِنْ
تم سے پہلے	اور	خود تمہیں (بھی)	کہ	تم سب ڈرو اللہ سے	اور اگر

تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ⑤	وَمَا
تم سب کفر کرو گے	تو بیشک	اللہ ہی کا	جو	آسمانوں میں	اور جو

فِي الْاَرْضِ ؕ	وَ	كَانَ ④	اللّٰهُ	غَنِيًّا	حَمِيْدًا (131)
زمین میں (ہے)	اور	ہے	اللہ تعالیٰ	بے پروا	تعریف والا

ضروری وضاحت

① اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔② یہاں یُغْنِ اصل میں یُغْنِیْ تھا یہاں آخر سے یْ گر گئی ہے۔③ یہاں
سَعَتِهٖ یہ وسعت سے بنا ہے اور شروع سے وگری ہوئی ہے۔④ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑤ ات
اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔
⑦ اِيَّاكُمْ یہ علامت بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	اور (پھر سن لو) اللہ ہی کا ہے جو آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	اور جو زمین میں ہے
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿132﴾	اور کافی ہے اللہ بطورِ کارساز۔ ﴿132﴾
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ	اگر وہ چاہے (تو) لے جائے (فنا کردے) تمہیں اے لوگو!
وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ	اور لے آئے (تمہاری جگہ) دوسرے لوگوں کو
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿133﴾	اور اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے۔ ﴿133﴾
مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا	جو ارادہ رکھتا ہو دنیا کے بدلے کا
فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ	تو اللہ کے پاس (تو) دنیا و آخرت کا بدلہ ہے
ع 19 8 16 وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿134﴾ ع	اور ہے اللہ تعالیٰ خوب سننے والا، دیکھنے والا۔ ﴿134﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! ہو جاؤ
قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ	انصاف پر قائم رہتے ہوئے گواہی دینے والے
لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ	اللہ کی خاطر اور اگرچہ اپنے آپ کے خلاف ہی ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

السَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، قطعہ اراضی، کرہ ارض۔	فَعِنْدَ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔
كَفٰى : کافی، کفایت شعار۔	سَمِيْعًا : سمع و بصر، آلہ سماعت، سمعی و بصری۔
وَكِيْلًا : وکیل، وکالت، موکل۔	بَصِيْرًا : بصارت، بصیرت۔
يَّشَاْ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔	قَوّٰمِيْنَ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔	بِالْقِسْطِ : قسط، اقساط۔
بِاٰخَرِيْنَ : اُخروی زندگی، فکر آخرت، آخری۔	شُهَدَآءَ : شہید، شاہد، شہادت۔
قَدِيْرًا : قادر، قدیر، قدرت۔	اَنْفُسِكُمْ : نفس، نفسا نفسی، نفسانی خواہشات۔

وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ①	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	وَكَفٰى
اور	اللہ ہی کا (ہے)	جو	آسمانوں میں ہے	اور جو	زمین میں (ہے)	اور کافی ہے

بِاللّٰهِ ②	وَكِيْلًا ﴿132﴾	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ ③	اَيُّهَا	النَّاسُ
اللہ	بطورِ کارساز	اگر	وہ چاہے	لے جائے تمہیں	اے	لوگو!

وَ	يَاْتِ ③④	بِاٰخَرِيْنَ ⑤ ؕ	وَ	كَانَ اللّٰهُ	عَلٰى ذٰلِكَ	قَدِيْرًا ⑥ ﴿133﴾
اور	لے آئے	دوسرے لوگوں کو	اور	ہے اللہ تعالیٰ	اِس پر	قادر

مَنْ	كَانَ	يُرِيْدُ ③	ثَوَابَ الدُّنْيَا	فَعِنْدَ اللّٰهِ
جو	ہو	چاہتا	دنیا کا بدلہ	تو اللہ کے پاس (تو)

ع 19 8 16

ثَوَابُ	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ ⑦ ؕ	وَ	كَانَ اللّٰهُ	سَمِيْعًا ⑥	بَصِيْرًا ⑥ ﴿134﴾ ع
بدلہ ہے	دنیا کا	اور آخرت کا	اور	اللہ ہے	خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُوْنُوْا	قَوّٰمِيْنَ
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	سب ہو جاؤ	سب قائم رہتے ہوئے

بِالْقِسْطِ ⑤	شُهَدَآءَ	لِلّٰهِ	وَلَوْ	عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ
انصاف پر	گواہی دینے والے	اللہ کے لیے	اور اگرچہ	اپنے آپ پر (کے خلاف) ہی ہو

ضروری وضاحت

① ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ يَاْتِ دراصل يَاْتِيْ تھا، آخر سے یْ گری ہوئی ہے۔ ⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔ ⑦ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ ۚ	یا والدین اور قریبی رشتہ داروں کے (خلاف ہی کیوں نہ ہو)
اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا	اگر ہو وہ امیر یا فقیر
فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫	تو اللہ تعالیٰ (تم سے) زیادہ خیر خواہ ہے اُن دونوں کا
فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ	تو نہ پیروی کرو خواہش نفس کی کہ تم عدل (نہ) کرو
وَ اِنْ تَلْوٗۤا	اور اگر توڑ مروڑ کر بات کرو گے (گواہی دیتے ہوئے)
اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ	یا منہ موڑو گے (گواہی دینے سے) تو بے شک اللہ
كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿135﴾	(اُس) پر جو تم عمل کرتے ہو خوب خبر دار ہے۔ ﴿135﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! (خلوص دل سے)
اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ	ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسول (پر)
وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ	اور (اُس) کتاب (پر) جو اُس نے اُتاری
عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ	اپنے رسول پر اور (اُس) کتاب (پر)
الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ	جو اُس نے اُتاری (اِس) سے پہلے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْوَالِدَيْنِ : والد، والدہ، ولدیت، والدین۔	بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
الْاَقْرَبِيْنَ : قریب، قریبی، اقربا پروری۔	تَعْمَلُوْنَ : عمل، معمول، تعمیل۔
غَنِيًّا : غنی، اغنیا۔	خَبِيْرًا : خبر، اخبار، مخبر، اخبارات۔
فَقِيْرًا : فقیر، فقر و فاقہ۔	اٰمَنُوْۤا : امن، ایمان، مومن۔
تَتَّبِعُوا : اتباع سنت، متبع، تابع فرمان۔	رَسُوْلِهٖ : رسل، رسول، رسالت۔
الْهَوٰۤى : ہوائے نفس۔	الْكِتٰبِ : کتاب، کتب، کتاب اللہ۔
تَعْدِلُوْا : عدل و انصاف، عدالت، عادل حکمران۔	نَزَّلَ : نازل، نزول، انزال، شان نزول۔
تُعْرِضُوْا : اعراض (منہ موڑنا)۔	قَبْلُ : قبل از غذا، قبل از وقت، قبل از نبوت۔

اَوِ	الْوَالِدَيْنِ ①	وَالْاَقْرَبِيْنَ ج	اِنْ	يَّكُنْ	غَنِيًّا
یا	والدین	اور سب قریبی رشتہ داروں کے	اگر	وہ ہو	امیر

اَوْ فَقِيْرًا	فَاللّٰهُ	اَوْلٰى ②	بِهِمَا ③ قف	فَلَا	تَتَّبِعُوا ④
یا فقیر	تو اللہ تعالیٰ	زیادہ خیر خواہ ہے	اُن دونوں کا	تو نہ	تم سب پیروی کرو

الْهَوٰٓى	اَنْ	تَعْدِلُوْا ج	وَاِنْ	تَلْوٗٓا
خواہش نفس کی	یہ کہ	تم سب عدل (نہ) کرو	اور اگر	تم سب گول مول بات کرو گے

اَوْ	تُعْرِضُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا ③	تَعْمَلُوْنَ
یا	تم سب منہ موڑو گے	تو بے شک اللہ	ہے	(اُس) پر جو	تم سب عمل کرتے ہو

خَبِيْرًا 135	يٰٓاَيُّهَا ⑤	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اٰمِنُوْا
خوب خبردار	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	سب (خلوص دل سے) ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ ③	وَرَسُوْلِهٖ	وَالْكِتٰبِ	الَّذِيْ	نَزَّلَ
اللہ پر	اور اُس کے رسول (پر)	اور (اس) کتاب (پر)	جو	اُس نے اُتاری

عَلٰى رَسُوْلِهٖ	وَالْكِتٰبِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ ⑥	مِنْ قَبْلُ ط
اپنے رسول پر	اور (اس) کتاب (پر)	جو	اُس نے اُتاری	(اس) سے قبل

ضروری وضاحت

① علامت یْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑥ یہاں شروع میں ''أ'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ مثلاً: نَزَلَ وہ اُترا، اَنْزَلَ اُس نے اُتارا۔

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ	اور جو انکار کرے اللہ کا
وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ	اور اُس کے فرشتوں اور اُس کی کتابوں (کا)
وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اور اُس کے رسولوں اور یومِ آخرت (کا)
فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿136﴾	تو یقیناً وہ بھٹک گیا دور کی گمراہی میں۔ ﴿136﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے پھر اُنھوں نے کفر کیا
ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا	پھر ایمان لائے، پھر کفر کیا
ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا	پھر بڑھتے چلے گئے کفر میں
لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ	نہیں ہے اللہ (ایسا) کہ بخشے اُن کو
وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ؕ﴿137﴾	اور نہ یہ کہ وہ ہدایت دے گا اُنہیں (سیدھے) راستے کی۔ ﴿137﴾
بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ	بشارت سنا دیں منافقوں کو (اس بات) کی کہ بے شک
لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۙ﴿138﴾	اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿138﴾
الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ	جو لوگ بناتے ہیں کافروں کو دوست

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- يَّكْفُرْ، كَفَرُوْا : کفر، کفار، کافر۔
- مَلٰٓئِكَتِهٖ : ملک الموت، ملائکہ۔
- الْيَوْمِ : یوم، ایام، یوم آزادی۔
- الْاٰخِرِ : اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔
- ضَلَّ، ضَلٰلًا : ضلالت وگمراہی۔
- بَعِيْدًا : بعید از عقل، بعد۔
- اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
- ازْدَادُوْا : زائد، زیادہ، مزید، زیادتی۔
- لِيَغْفِرَ : مغفرت، استغفار، غفور ورحیم۔
- لِيَهْدِيَهُمْ : ہدایت، ہادی کائنات۔
- سَبِيْلًا : سبیل نکالنا، فی سبیل اللہ۔
- بَشِّرِ : بشارت، مبشر، بشیر۔
- الْمُنٰفِقِيْنَ : منافق، رئیس المنافقین، نفاق۔
- اَلِيْمًا : رنج والم، المیہ، المناک حادثہ۔
- يَتَّخِذُوْنَ : اخذ کرنا، ماخوذ، مواخذہ۔
- اَوْلِيَآءَ : ولی، اولیائے کرام۔

وَمَنْ	يَّكْفُرْ ①	بِاللّٰهِ ②	وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	وَكُتُبِهٖ	وَرُسُلِهٖ
اور جو	انکار کرے	اللہ کا	اور اُس کے فرشتوں	اور اُسکی کتابوں	اور اُسکے رسولوں

وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	فَقَدْ	ضَلَّ	ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿136﴾
اور	یوم آخرت (کا)	تو یقیناً	وہ بھٹک گیا	دور کی گمراہی میں

اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ	كَفَرُوْا	ثُمَّ	اٰمَنُوْا
بیشک	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	پھر	اُن سب نے کفر کیا	پھر	سب ایمان لائے

ثُمَّ	كَفَرُوْا	ثُمَّ	ازْدَادُوْا	كُفْرًا	لَّمْ يَكُنِ ①	اللّٰهُ
پھر	سب نے کفر کیا	پھر	سب بڑھتے چلے گئے	کفر میں	نہیں ہے	اللہ

لِيَغْفِرَ ③	لَهُمْ	وَلَا	لِيَهْدِيَهُمْ ③	سَبِيْلًاؕ ﴿137﴾
کہ وہ بخشے	اُن کو	اور نہ	یہ کہ وہ ہدایت دے گا اُنہیں	(سیدھے) راستے کی

بَشِّرِ ④	الْمُنٰفِقِيْنَ	بِاَنَّ ⑤	لَهُمْ	عَذَابًا
بشارت سنا دیں	منافقوں کو	اس وجہ سے کہ بے شک	اُن کے لیے	عذاب ہے

اَلِيْمَاۨ ﴿138﴾ لا	الَّذِيْنَ	يَتَّخِذُوْنَ	الْكٰفِرِيْنَ	اَوْلِيَآءَ ⑥
دردناک	(وہ لوگ) جو	وہ سب پکڑتے (بناتے) ہیں	کافروں کو	دوست

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ یا کہ کیا جاتا ہے۔ ④ یہ لفظ دراصل بَشِّرْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ یہاں آء واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ	مومنوں کے علاوہ (یعنی مومنوں کو چھوڑ کر)
اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ	کیا وہ تلاش کرتے ہیں اُن کے پاس عزت
فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ﴿139﴾	تو بے شک عزت تو سب اللہ کے لیے ہے۔﴿139﴾
وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ	حالانکہ یقیناً (اللہ) نازل کرچکا ہے تم پر کتاب میں
اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ	(یہ حکم) کہ جب تم سنو اللہ کی آیات (کے بارے میں کہ)
يُكْفَرُ بِهَا وَ يُسْتَهْزَاُ	انکار کیا جارہا ہے اُن کا اور مذاق اُڑایا جارہا ہے
بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى	اُن کا تو مت بیٹھو اُن کے ساتھ یہاں تک کہ
يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖۤ ۖ	وہ مشغول ہوجائیں اس کے علاوہ کسی (اور) بات میں
اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ	(ورنہ) بیشک تم (بھی) اُس وقت اُن جیسے ہوجاؤ گے
اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ	بے شک اللہ جمع کرنے والا ہے منافقوں
وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۙ﴿140﴾	اور کافروں سب کو جہنم میں۔﴿140﴾
الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ	وہ (منافق) جو منتظر رہتے ہیں تمہارے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُؤْمِنِيْنَ	ایمان، مومن، امن۔	يُسْتَهْزَاُ	استہزاء کرنا۔
عِنْدَهُمْ	عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔	تَقْعُدُوْا	قعدہ اولیٰ، مقعد۔
الْعِزَّةَ	عزت، عزتِ نفس، عزیز، معزز۔	مَعَهُمْ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
جَمِيْعًا	جمع، جماعت، جامع، مجموعہ، جمیع۔	حَتّٰى	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
نَزَّلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	حَدِيْثٍ	حدیث قدسی، حدیث نبوی، احادیث۔
عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	غَيْرِهٖ	غیر، غیر مشروط، غیر ملکی، اغیار۔
سَمِعْتُمْ	سمع وبصر، سامعین، آلۂ سماعت۔	جَامِعُ	جمع، جماعت، جامع، مجموعہ، جمیع۔
يُكْفَرُ، الْكٰفِرِيْنَ	کفر، کفار، کافر۔	الْمُنٰفِقِيْنَ	رئیس المنافقین، نفاق، منافقت۔

مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ ①	اَ	يَبْتَغُوْنَ	عِنْدَهُمُ	الْعِزَّةَ
مومنوں کے علاوہ	کیا	وہ سب تلاش کرتے ہیں	اُن کے پاس	عزت

فَاِنَّ	الْعِزَّةَ ②	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا ؕ 139	وَقَدْ	نَزَّلَ	عَلَيْكُمْ
تو بیشک	عزت	اللہ کیلئے ہے	سب	حالانکہ تحقیق	اُس نے نازل کیا	تم پر

فِي الْكِتٰبِ	اَنْ اِذَا	سَمِعْتُمْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ ②	يُكْفَرُ ③④
کتاب میں (یہ حکم)	کہ جب	تم سنو	اللہ کی آیات (کے بارے میں)	انکار کیا جارہا ہے

بِهَا	وَ	يُسْتَهْزَاُ ③④	بِهَا	فَلَا تَقْعُدُوْا ⑤	مَعَهُمْ	حَتّٰى
اُن کا	اور	مذاق اُڑایا جارہا ہے	اُن کا	تو مت تم سب بیٹھو	اُن کے ساتھ	یہاں تک کہ

يَخُوْضُوْا	فِيْ حَدِيْثٍ	غَيْرِهٖٓ ۖ	اِنَّكُمْ	اِذًا ⑥
وہ سب لگ جائیں	کسی (اور) بات میں	اُس کے علاوہ	(ورنہ) بیشک تم	اُس وقت

مِّثْلُهُمْ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	جَامِعُ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَالْكٰفِرِيْنَ
اُن جیسے (ہوجاؤ گے)	بے شک اللہ	جمع کرنیوالا ہے	سب منافقوں کو	اور سب کافروں کو

فِيْ جَهَنَّمَ	جَمِيْعَا ۨ 140 ۙ	الَّذِيْنَ	يَتَرَبَّصُوْنَ	بِكُمْ ۚ ⑦
جہنم میں	اکٹھا	(وہ منافق لوگ) جو	وہ سب منتظر رہتے ہیں	تمہارے بارے میں

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑥ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب اور کبھی اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔ ⑦ ب کا اصل ترجمہ سے، ساتھ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کے بارے میں کیا گیا ہے۔

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ	پس اگر (حاصل) ہو تم کو فتح اللہ کی طرف سے
قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ	(تو منافق) کہتے ہیں کیا نہیں ہم تھے تمہارے ساتھ؟
وَ اِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ	اور اگر ہو کافروں کے لیے کچھ حصہ (فتح میں تو)
قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ	کہتے ہیں کیا نہیں ہم غالب آئے تھے تم پر
وَ نَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ	اور (کیا نہیں) ہم نے بچایا تمہیں مسلمانوں سے
فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ	پس اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا تمہارے درمیان
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ	قیامت کے دن،
وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ	اور ہرگز نہیں بنائے گا اللہ کافروں کے لیے
عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿141﴾ ع	مومنوں پر (غلبے کا) کوئی راستہ۔ ﴿141﴾
اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ	بے شک منافق دھوکہ بازی کرتے ہیں اللہ سے
وَ هُوَ خَادِعُهُمْ ۚ	حالانکہ وہ (اللہ) دھوکے میں ڈالے ہوئے ہے اُنہیں
وَ اِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ	اور جب وہ کھڑے ہوتے ہیں نماز کی طرف

ع 20 7 17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتْحٌ : فتح، فاتح، فتح مکہ۔	يَحْكُمُ : حکم، حاکم، محکوم، حکمران۔
قَالُوْٓا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
مَّعَكُمْ : مع اہل وعیال، معیت۔	يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔
لِلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کفار، کافر۔	الْقِيٰمَةِ، قَامُوْٓا : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
نَصِيْبٌ : نصیب اپنا اپنا، خوش نصیب، بدنصیب۔	سَبِيْلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الْمُنٰفِقِيْنَ : رئیس المنافقین، نفاق، منافقت۔
نَمْنَعْكُمْ : منع کرنا، ممنوع، ممانعت۔	اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔	الصَّلٰوةِ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔

فَاِنْ	كَانَ	لَكُمْ	فَتْحٌ	مِّنَ اللّٰهِ	قَالُوْٓا	اَلَمْ
پس اگر	(حاصل) ہو	تم کو	فتح	اللہ (کی طرف) سے	(تو) وہ سب کہتے ہیں	کیا نہیں

نَكُنْ	مَّعَكُمْ ز صلے	وَاِنْ	كَانَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	نَصِيْبٌ ① لا
ہم تھے	تمہارے ساتھ	اور اگر	ہو	کافروں کے لیے	کچھ حصہ (فتح میں)

قَالُوْٓا	اَلَمْ	نَسْتَحْوِذْ	عَلَيْكُمْ	وَ	نَمْنَعْكُمْ
وہ سب کہتے ہیں	کیا نہیں	ہم غالب آئے تھے	تم پر	اور	ہم نے (نہیں) بچایا تمہیں

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط	فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ ②	بَيْنَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ③ ط
مسلمانوں سے	پس اللہ تعالیٰ	وہ فیصلہ فرمائے گا	تمہارے درمیان	قیامت کے دن

وَلَنْ ④	يَّجْعَلَ اللّٰهُ ②	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہرگز نہیں	بنائے گا اللہ تعالیٰ	کافروں کے لیے	مومنوں پر

ع 20 7 17

سَبِيْلًا ع (141)	اِنَّ ⑤	الْمُنٰفِقِيْنَ	يُخٰدِعُوْنَ	اللّٰهَ	وَ
(غلبے کا) کوئی راستہ	بیشک	سب منافق	وہ سب دھوکہ بازی کرتے ہیں	اللہ سے	حالانکہ

هُوَ	خَادِعُهُمْ ⑥ ج	وَاِذَا	قَامُوْٓا	اِلَى الصَّلٰوةِ ③
وہ (اللہ)	دھوکے میں ڈالے ہوئے ہے اُنہیں	اور جب	وہ سب کھڑے ہوتے ہیں	نماز کی طرف

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک، کچھ یا کوئی کیا گیا ہے۔ ② یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ فعل سے پہلے علامت لَنْ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

قَامُوْا كُسَالٰى ۙ	(تو) کھڑے ہوتے ہیں سست اور کاہل ہو کر
يُرَآءُوْنَ النَّاسَ	وہ دکھاوا کرتے ہیں لوگوں کے سامنے
وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿142﴾	اور نہیں وہ ذکر کرتے اللہ کا مگر تھوڑا سا۔﴿142﴾
مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ	لٹک رہے ہیں اس (کفر اور اسلام) کے درمیان
لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ	نہ ان (مومنوں) کی طرف
وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ	اور نہ ان (کافروں) کی طرف،
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ	اور جسے گمراہ کردے اللہ تعالیٰ تو ہرگز نہیں
تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿143﴾	آپ پائیں گے اُس کے لیے کوئی راستہ۔﴿143﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! نہ بناؤ
الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ	کافروں کو دوست مومنوں کے علاوہ
اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ	کیا تم چاہتے ہو کہ تم لے لو اللہ کی
عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿144﴾	اپنے خلاف واضح دلیل۔﴿144﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَامُوْا : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
يُرَآءُوْنَ : ریاکاری، رویت ہلال کمیٹی، مرئی اشیاء۔
النَّاسَ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
يَذْكُرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔
مُّذَبْذَبِيْنَ : تذبذب، متذبذب ہونا۔
بَيْنَ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
يُّضْلِلِ : ضلالت و گمراہی۔
تَجِدَ : وجود، موجود، وجدان۔
سَبِيْلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اٰمَنُوْا، الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
تَتَّخِذُوا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ، ماخذ۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، اولیاء اللہ۔
تُرِيْدُوْنَ : ارادہ، پختہ ارادے، مراد۔
مُّبِيْنًا : بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔

قَامُوْٓا	كُسَالٰى ۙ	يُرَآءُوْنَ	النَّاسَ
(تو) وہ سب کھڑے ہوتے ہیں	سست اور کاہل ہو کر	وہ سب دکھلاتے ہیں	لوگوں کو

وَلَا	يَذْكُرُوْنَ	اللّٰهَ	اِلَّا	قَلِيْلًا ﴿142﴾ ۙ	مُّذَبْذَبِيْنَ
اور نہیں	وہ سب ذکر کرتے	اللہ کا	مگر	تھوڑا سا	سب لٹک رہے ہیں

بَيْنَ ذٰلِكَ ۖۗ	لَآ	اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ	وَلَآ	اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ
اس (کفر واسلام) کے درمیان	نہ	ان (مومنوں) کی طرف	اور نہ	ان (کافروں) کی طرف

وَمَنْ	يُّضْلِلِ ①	اللّٰهُ	فَلَنْ ②	تَجِدَ	لَهٗ	سَبِيْلًا ③ ﴿143﴾
اور جسے	گمراہ کردے	اللہ تعالیٰ	تو ہرگز نہیں	آپ پائیں گے	اُس کیلئے	کوئی راستہ

يٰٓاَيُّهَا ④	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوا ⑤	الْكٰفِرِيْنَ
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	نہ تم سب پکڑو (بناؤ)	کافروں کو

اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ ⑥	اَ	تُرِيْدُوْنَ	اَنْ
دوست	مومنوں کے علاوہ	کیا	تم سب چاہتے ہو	کہ

تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	عَلَيْكُمْ ⑦	سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿144﴾
تم سب بنالو	اللہ کی	اپنے خلاف	واضح دلیل

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② فعل سے پہلے علامت لَنْ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ④ یا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ عَلٰى کا ترجمہ پر ہوتا ہے اور کبھی ضرورتاً ترجمہ خلاف بھی کیا جاتا ہے۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ	بے شک منافقین سب سے نچلے درجے میں ہونگے
مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ	دوزخ کے، اور ہرگز نہیں آپ پائیں گے اُن کا
نَصِيْرًا ۙ﴿145﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ	کوئی مددگار۔﴿145﴾ سوائے اُن لوگوں کے جنہوں نے
تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا	توبہ کی اور (اپنی) اصلاح کرلی
وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ	اور مضبوطی سے پکڑا اللہ (کے دین) کو
وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ	اور خالص کرلیا اپنے دین کو اللہ کے لیے
فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ	تو وہی لوگ مومنوں کے ساتھ ہوں گے
وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ	اور عنقریب دے گا اللہ تعالیٰ
الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿146﴾	مومنوں کو اجرِ عظیم۔﴿146﴾
مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ	کیا کرے گا اللہ تمہیں عذاب دے کر
اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ؕ	اگر تم شکر کرو اور (صحیح طور پر) ایمان لے آؤ
وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿147﴾	اور اللہ قدردان خوب علم رکھنے والا ہے۔﴿147﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُنٰفِقِيْنَ : رئیس المنافقین، نفاق، منافقت۔
مِنَ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
تَجِدَ : وجود، موجود، وجد۔
نَصِيْرًا : ناصر، نصرت، انصار مدینہ۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاّ قلیل، اِلا یہ کہ۔
تَابُوْا : توبہ و استغفار، توبہ تائب۔
اَصْلَحُوْا : اصلاح، مصلح، صلح۔

اَخْلَصُوْا : خالص، مخلص، اخلاص، خلوص۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔
الْمُؤْمِنِيْنَ، اٰمَنْتُمْ : امن، ایمان، مومن۔
عَظِيْمًا : عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
يَفْعَلُ : فعل، فاعل، مفعول۔
بِعَذَابِكُمْ : عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔
شَكَرْتُمْ، شَاكِرًا : شکر، شاکر، شکریہ، اظہارِ تشکر۔
عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیمات۔

اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	فِي الدَّرْكِ	الْاَسْفَلِ	مِنَ النَّارِ ۚ ①	وَلَنْ
بیشک	سب منافق	درجے میں (ہونگے)	سب سے نچلے	دوزخ کے	اور ہرگز نہیں

تَجِدَ	لَهُمْ	نَصِيْرًا ② ۙ (145)	اِلَّا الَّذِيْنَ	تَابُوْا
آپ پائیں گے	اُن کیلئے	کوئی مددگار	سوائے (اُن لوگوں کے) جن	سب نے توبہ کی

وَاَصْلَحُوْا	وَ	اعْتَصَمُوْا	بِاللّٰهِ	وَ
اور سب نے (اپنی) اصلاح کرلی	اور	سب نے مضبوطی سے پکڑا	اللہ (کے دین) کو	اور

اَخْلَصُوْا	دِيْنَهُمْ	لِلّٰهِ	فَاُولٰٓئِكَ	مَعَ	الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ
سب نے خالص کرلیا	اپنے دین کو	اللہ کیلئے	تو وہی (لوگ)	ساتھ ہوں گے	مومنوں کے

وَسَوْفَ	يُؤْتِ ③④	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَجْرًا	عَظِيْمًا (146)
اورعنقریب	دے گا	اللہ تعالیٰ	مومنوں کو	اجر	عظیم

مَا	يَفْعَلُ اللّٰهُ ③	بِعَذَابِكُمْ	اِنْ	شَكَرْتُمْ
کیا	کرے گا اللہ	تمہارے عذاب سے	اگر	تم شکرادا کرو

وَ	اٰمَنْتُمْ ۭ	وَكَانَ	اللّٰهُ	شَاكِرًا ⑤	عَلِيْمًا ⑥ (147)
اور	تم (صحیح طور پر) ایمان لے آؤ	اور ہے	اللہ تعالیٰ	قدردان	خوب علم رکھنے والا

ضروری وضاحت

① مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے اور کبھی ضرورتاً ترجمہ کے بھی کیا جاتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔③ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ يُؤْتِ دراصل يُؤْتِيْ تھا آخر سے یْ گری ہوئی ہے۔⑤ شَاكِرًا کا ترجمہ قدر کرنے والا ہوتا ہے، کوئی اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرتا ہے تو گویا کہ وہ اس کی نعمتوں کی قدر کرتا ہے۔⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

"اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا ؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ 06

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن
لاھور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ لَا یُحِبُّ اللّٰهُ ﴾ پارہ نمبر 6
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
اشاعت دوم	ستمبر 2012
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 37320318-042 فیکس: 37239884-042

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 32629724-021 فیکس: 32633887-021

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیش نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہوجاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہوجاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہوجاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہوجاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کرکے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ	اللہ نہیں پسند کرتا علانیہ بُری بات کہنا
اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ	مگر جس پر ظلم کیا گیا ہو
وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿148﴾	اور اللہ ہے خوب سننے والا، خوب جاننے والا۔ ﴿148﴾
اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا	اگر تم کھلم کھلا کرو گے بھلائی (کا کام)
اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ	یا تم چھپا کر کرو گے اسے یا تم درگزر کرو گے (کسی کے) قصور سے
فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿149﴾	تو بیشک اللہ تعالیٰ معاف کرنیوالا، قدرت والا ہے۔ ﴿149﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ	بیشک وہ لوگ جو انکار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کا
وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ	اور اس کے رسولوں کا اور وہ چاہتے ہیں کہ
يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ	وہ تفریق کریں اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان
وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ	اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں بعض کو
وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ	اور ہم انکار کرتے ہیں بعض کا
وَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا	اور وہ چاہتے ہیں کہ اپنا لیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔

الْجَهْرَ : جہری نماز، آمین بالجہر۔

بِالسُّوْٓءِ : سوئے ادب، علمائے سوء۔

الْقَوْلِ، يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، اقوال زریں۔

ظُلِمَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔

سَمِيْعًا : سمع و بصر، قوتِ سماعت، محفل سماع۔

عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

تُخْفُوْهُ : خفیہ باتیں، مخفی راز۔

تَعْفُوْا، عَفُوًّا : عفو و درگزر، معافی۔

قَدِيْرًا : قادر، قدیر، قدرتِ کاملہ۔

يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔

يُّفَرِّقُوْا : فرق، فریق، تفریق۔

نُؤْمِنُ : امن، ایمان، مؤمن۔

يَّتَّخِذُوْا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔

لَا يُحِبُّ ❶	اللّٰهُ	الْجَهْرَ	بِالسُّوْٓءِ	مِنَ الْقَوْلِ ❷	اِلَّا	مَنْ
نہیں پسند کرتا	اللہ تعالیٰ	علانیہ	بُری بات کو	کہنا	مگر	جس پر

ظُلِمَ ؕ	وَ كَانَ اللّٰهُ	سَمِيْعًا ❸	عَلِيْمًا ❸ (148)	اِنْ	تُبْدُوْا
ظلم کیا گیا ہو	اور ہے اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا	اگر	تم سب کھلم کھلا کرو

خَيْرًا ❹	اَوْ	تُخْفُوْهُ ❺	اَوْ	تَعْفُوْا	عَنْ سُوْٓءٍ
کوئی بھلائی	یا	تم سب چھپا کر کرو گے اسے	یا	تم سب درگزر کر دو گے	بُرائی (قصور) سے

فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ ❻	عَفُوًّا	قَدِيْرًا ❸ (149)	اِنَّ	الَّذِيْنَ
تو بیشک	اللہ تعالیٰ	ہے	معاف کرنیوالا	بہت قدرت والا	بیشک	وہ لوگ جو

يَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖ	وَ يُرِيْدُوْنَ	اَنْ
وہ سب انکار کرتے ہیں	اللہ تعالیٰ کا	اور	اسکے رسولوں (کا)	اور وہ سب چاہتے ہیں	کہ

يُّفَرِّقُوْا	بَيْنَ اللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَ يَقُوْلُوْنَ	نُؤْمِنُ
وہ سب فرق کریں	اللہ کے درمیان	اور اسکے رسولوں (کے درمیان)	اور وہ سب کہتے ہیں	ہم مانتے ہیں

بِبَعْضٍ	وَّ نَكْفُرُ	بِبَعْضٍ ۙ	وَّ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَّخِذُوْا
بعض کو	اور ہم انکار کرتے ہیں	بعض کا	اور	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب بنالیں

ضروری وضاحت

❶ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ علامت "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ یہاں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❺ علامت "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت ہو تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❻ "کَانَ" کا ترجمہ کبھی "تھا" اور کبھی "ہے" دونوں طرح کیا جاتا ہے۔

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿150﴾	اس کے درمیان کوئی راستہ۔ ﴿150﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَ اَعْتَدْنَا	وہی لوگ کافر ہیں حقیقی اور ہم نے تیار کر رکھا ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿151﴾	کافروں کیلئے ذلت آمیز عذاب۔ ﴿151﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ اور اسکے رسولوں پر
وَ لَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ	اور نہیں انہوں نے فرق کیا ان میں سے کسی ایک کے درمیان
اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ	وہی لوگ ہیں (کہ) عنقریب وہ دے گا انہیں انکے اجر
وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿152﴾ ع	اور اللہ تعالیٰ ہے بہت بخشنے والا، نہایت مہربان۔ ﴿152﴾ ع
يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ	مانگتے ہیں آپ سے اہل کتاب (یہ نشانی)
اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ	کہ آپ اتار لائیں ان پر ایک کتاب آسمان سے
فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ	تو تحقیق یہ مانگ چکے موسیٰ سے اس سے بڑی (نشانی)
فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً	پس کہنے لگے ہمیں دکھا اللہ کو ظاہری طور پر (سامنے لاکر)
فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ	تو آ پکڑا ان کو (بجلی کی) کڑک نے ان کے ظلم کی وجہ سے

ع 21 11 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيْنَ	:بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔	اُجُوْرَهُمْ	:عنداللہ ماجور ہوں، اجر و ثواب، اجرت۔
سَبِيْلًا	:فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	غَفُوْرًا	:غفور و رحیم، استغفار، دعائے مغفرت۔
الْكٰفِرُوْنَ	:کفر، کافر، کفار۔	رَّحِيْمًا	:رحمان و رحیم، رحمتِ کائنات۔
مُّهِيْنًا	:اہانت آمیز، توہین۔	يَسْـَٔلُكَ، سَاَلُوْا	: سوال، سائل، مسئول۔
اٰمَنُوْا	:امن، ایمان، مؤمن۔	تُنَزِّلَ	:نازل، نزول، منزل۔
يُفَرِّقُوْا	:فرق، تفریق، تفرقہ، فریق۔	عَلَيْهِمْ	:علیٰ ھذا القیاس، علی الاعلان، علیحدہ۔
مِّنْهُمْ	:منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔	اَرِنَا	:رؤیت ہلال، رؤیت باری تعالیٰ۔

بَيْنَ ذٰلِكَ	سَبِيْلًا ❶ لا (150)	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ❷	حَقًّا ج
اس کے درمیان	کوئی راستہ	وہی لوگ	ہی سب کافر ہیں	حقیقی

وَ	اَعْتَدْنَا ❸	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا (151)	وَالَّذِيْنَ
اور	ہم نے تیار کر رکھا ہے	سب کافروں کیلئے	عذاب	ذلت آمیز	اور وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَ لَمْ	يُفَرِّقُوْا ❹	بَيْنَ اَحَدٍ ❶
سب ایمان لائے	اللہ پر	اور اسکے رسولوں پر	اور نہیں	ان سب نے فرق کیا	کسی ایک کے درمیان

مِّنْهُمْ	اُولٰٓئِكَ	سَوْفَ	يُؤْتِيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ ط	وَ	كَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا
ان میں سے	وہی لوگ	عنقریب	وہ دیگا انہیں	انکے اجر	اور	ہے اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا

ع 21 11 1

رَّحِيْمًا ع (152)	يَسْئَلُكَ ❺	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَنْ	تُنَزِّلَ	عَلَيْهِمْ
بہت مہربان	مانگتے ہیں آپ سے	اہل کتاب	کہ	آپ اُتار لائیں	ان پر

كِتٰبًا	مِّنَ السَّمَآءِ	فَقَدْ	سَاَلُوْا	مُوْسٰٓى	اَكْبَرَ ❻	مِنْ ذٰلِكَ
کتاب	آسمان سے	تو تحقیق	یہ سب مانگ چکے	موسیٰ سے	زیادہ بڑی (نشانی)	اس سے

فَقَالُوْٓا	اَرِنَا اللّٰهَ ❼	جَهْرَةً ❽	فَاَخَذَتْهُمُ ❽	الصّٰعِقَةُ ❽	بِظُلْمِهِمْ ج
پس سب کہنے لگے	تو دکھا ہمیں اللہ	سامنے لاکر	تو آپکڑا انکو	کڑک نے	انکے ظلم کی وجہ سے

ضروری وضاحت

❶ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" یا "کسی" کیا گیا ہے۔ ❷ "هُمْ" اور "اَلْ" دونوں میں "ہی" کا مفہوم ہے۔ ❸ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو ترجمہ عموماً "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❹ "یَ" کا ترجمہ "وہ" ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ "اُن" بھی کر لیا جاتا ہے۔ ❺ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ "اَکْبَرُ" میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ "نَا" سے پہلے اگر "زیر" ہو تو ترجمہ "ہمیں" کیا جاتا ہے۔ ❽ "ة، تْ" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ	پھر انہوں نے بنا لیا بچھڑے کو (معبود)
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ	اس کے بعد کہ آ چکی تھیں ان کے پاس کھلی نشانیاں
فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ	تو ہم نے درگزر کیا اس سے
وَ اٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿153﴾	اور ہم نے دیا موسیٰ کو واضح غلبہ۔ ﴿153﴾
وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ	اور ہم نے اٹھایا انکے اوپر طور (پہاڑ) کو ان سے عہد لینے کو
وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ	اور ہم نے کہا ان سے داخل ہونا دروازے سے
سُجَّدًا وَّ قُلْنَا لَهُمْ	سجدہ کرتے ہوئے اور ہم نے کہا ان سے
لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ	مت تجاوز کرو ہفتے کے دن میں
وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿154﴾	اور ہم نے لیا ان سے مضبوط عہد۔ ﴿154﴾
فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ	تو ان کے توڑنے کے سبب اپنے عہد کو
وَ كُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	اور انکے انکار کرنے (کی وجہ سے) اللہ کی آیات کا
وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ	اور انکے قتل کرنے (کی وجہ سے) نبیوں کو ناحق طریقے سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّخَذُوا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

الْبَيِّنٰتُ، مُّبِيْنًا : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔

فَعَفَوْنَا : عفوو درگزر، عافیت، معافی نامہ۔

سُلْطَانًا : سلطان معظم، سلطنت۔

رَفَعْنَا : اعلیٰ وارفع، رفعت، سطح مرتفع۔

فَوْقَهُمْ : فوق الاسباب مافوق الفطرت، فوقیّت۔

بِمِيْثَاقِهِمْ، مِيْثَاقًا : میثاق مدینہ، وثوق، اُمیدِ واثق۔

تَعْدُوْا : ظلم وتعدّی، عدوان، متعدّی بیماریاں۔

ادْخُلُوا : داخل، دخول، داخلہ۔

الْبَابَ : بابِ جنت، بابِ عبدالعزیز۔

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لامحدود۔

نَقْضِهِمْ : نقضِ عہد، نقضِ امن (توڑنا)۔

كُفْرِهِمْ : کفر، کافر، کفار۔

قَتْلِهِمْ : قتل، قاتل، مقتول۔

ثُمَّ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ ❶	مِنْۢ بَعْدِ ❷	مَا ❸	جَآءَتْهُمُ ❹
پھر	ان سب نے بنالیا	بچھڑے کو (معبود)	اسکے بعد	کہ	آچکی تھیں انکے پاس

الْبَيِّنٰتُ ❺	فَعَفَوْنَا ❻	عَنْ ذٰلِكَ ۚ	وَ	اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	سُلْطٰنًا
کھلی نشانیاں	تو ہم نے درگزر کیا	اس سے	اور	ہم نے دیا	موسیٰ کو	غلبہ

مُّبِيْنًا (153)	وَ	رَفَعْنَا	فَوْقَهُمُ	الطُّوْرَ	بِمِيْثَاقِهِمْ	وَ قُلْنَا ❻
واضح	اور	ہم نے اٹھایا	انکے اوپر	طور (پہاڑ) کو	ان سے عہد لینے کو	اور ہم نے کہا

لَهُمُ	ادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَّ قُلْنَا ❻	لَهُمْ
ان سے	سب داخل ہونا	دروازے سے	سجدہ کرتے ہوئے	اور ہم نے کہا	ان سے

لَا تَعْدُوْا ❼	فِي السَّبْتِ	وَ	اَخَذْنَا ❻	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا
مت تم سب تجاوز کرو	ہفتے کے دن میں	اور	ہم نے لیا	ان سے	عہد

غَلِيْظًا (154)	فَبِمَا ❽	نَقْضِهِمْ	مِّيْثَاقَهُمْ	وَ	كُفْرِهِمْ
مضبوط	تو بسبب	ان کے توڑنے (کے)	اپنے عہد کو	اور	انکے انکار کرنے (کے)

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❺	وَ	قَتْلِهِمُ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ	حَقٍّ
اللہ کی آیات کا	اور	انکے قتل کرنے (کی وجہ سے)	نبیوں کو	بغیر	حق (کے)

ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد اسم کے آخر میں "زبر" ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❷ لفظ "بَعْدِ" سے پہلے "مِنْ" ہو تو اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ لفظ "بَعْدِ" کے بعد اگر "مَا" ہو تو اس کا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔ ❹ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ "نَا" سے پہلے "جزم" ہو تو ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے
❼ فعل کے شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْا" ہو تو "کام نہ کرنے کا حکم" ہوتا ہے۔ ❽ "مَا" زائد ہے اسکا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ	اور انکے یہ کہنے (کی وجہ سے کہ) ہمارے دلوں پر پردے ہیں
بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ	بلکہ اللہ نے مہر لگا دی ہے ان پر ان کے کفر کی وجہ سے
فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿155﴾	پس نہیں وہ ایمان لاتے مگر بہت کم۔ ﴿155﴾
وَّ بِكُفْرِهِمْ	اور ان کے کفر کرنے کی وجہ سے
وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ۙ﴿156﴾	اور مریم پر انکے بہتان عظیم کی بات کہنے (کی وجہ سے) ﴿156﴾
وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا	اور ان کے یہ کہنے (کی وجہ سے) کہ بیشک ہم نے قتل کیا
الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ	مسیح عیسیٰ ابن مریم کو (جو) اللہ کے رسول ہیں
وَمَا قَتَلُوْهُ	اور نہ انہوں نے قتل کیا اسے
وَمَا صَلَبُوْهُ	اور نہ انہوں نے سولی پر چڑھایا اسے
وَ لٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ	اور لیکن شبہے میں ڈال دیا گیا ان کو
وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ	اور بیشک وہ لوگ جنہوں نے اختلاف کیا اس میں
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ	یقیناً شک میں ہیں اس بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَوْلِهِمْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَظِيْمًا : عظیم، عظمت، عظیم المرتبت۔
قُلُوْبُنَا : قلبی تعلق، قلوب واذہان، امراض قلب۔	قَتَلْنَا، قَتَلُوْهُ : قتل، قتال، قاتل، مقتول۔
غُلْفٌ : غلافِ کعبہ، قرآن کا غلاف۔	صَلَبُوْهُ : صلیب، صلیبی جنگیں۔
طَبَعَ : طباعت، مطبوعہ کتب، مطبوعات۔	لٰكِنْ : لیکن۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علیٰ ھٰذا القیاس، علی الاعلان۔	شُبِّهَ : شبہ، تشبیہ، مشابہ۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔	اخْتَلَفُوْا : اختلاف، مختلف۔
اِلَّا قَلِيْلًا : الا یہ کہ، الاقلیل، قلت۔	شَكٍّ : شک وشبہ، مشکوک، شکوک وشبہات۔

وَّ	قَوْلِهِمْ ❶	قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ ؕ	بَلْ	طَبَعَ
اور	انکے کہنے (کی وجہ سے کہ)	ہمارے دلوں پر	پردے ہیں	بلکہ	مہر لگادی

اللّٰهُ	عَلَيْهَا	بِكُفْرِهِمْ ❶	فَلَا	يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا
اللہ نے	ان پر	ان کے کفر کی وجہ سے	پس نہیں	وہ سب ایمان لاتے	مگر

قَلِيْلًا ۖ (155)	وَّ	بِكُفْرِهِمْ ❶	وَ	قَوْلِهِمْ ❶	عَلٰى مَرْيَمَ
بہت کم	اور	انکے کفر کی وجہ سے	اور	انکے بات کہنے (کی وجہ سے)	مریم پر

بُهْتَانًا عَظِيْمًا ۙ (156)	وَّ	قَوْلِهِمْ ❶	اِنَّا قَتَلْنَا ❷	الْمَسِيْحَ
بہتان عظیم کی	اور	انکے کہنے (کی وجہ سے کہ)	بیشک ہم نے قتل کیا	مسیح

عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	رَسُوْلَ اللّٰهِ ج	وَ مَا	قَتَلُوْهُ ❸
عیسیٰ بن مریم کو	(جو) اللہ کے رسول ہیں	اور نہ	ان سب نے قتل کیا اسے

وَ مَا	صَلَبُوْهُ ❸	وَ لٰكِنْ	شُبِّهَ ❹	لَهُمْ ❺ ؕ
اور نہ	ان سب نے سولی پر چڑھایا اسے	اور لیکن	شبہے میں ڈال دیا گیا	ان کو

وَ اِنَّ	الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ ❻	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ ❻ ؕ
اور بیشک	وہ لوگ جن	سب نے اختلاف کیا	اس میں	یقیناً شک میں ہیں	اس بارے میں

ضروری وضاحت

❶ "هُمْ" سے پہلے اگر "زیر" آجائے تو یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے "هِمْ" ہو جاتا ہے۔ ❷ یہاں "اِنَّا" میں "نَا" اور "قَتَلْنَا" میں "نَا" دونوں کا ترجمہ "ہم نے" ہے۔ ❸ علامت "وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❹ اگر آخر سے پہلے "زیر" ہو اور شروع میں پیش تو اس فعل میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ "هُمْ" کے ساتھ "لَ" کا ترجمہ "لیے" یا "کو" ہوتا ہے۔ ❻ علامت "هٗ، هٖ" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو یہ "هٗ" سے "هُ" اور "هٖ" سے "هِ" ہو جاتے ہیں۔

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ	نہیں انکے پاس اس کا کوئی علم سوائے گمان کی پیروی کے
وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ﴿157﴾	اور نہیں قتل کیا انہوں نے اسے یقیناً۔ ﴿157﴾
بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ	بلکہ اللہ نے اسے اٹھالیا اپنی طرف
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿158﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ غالب، حکمت والا۔ ﴿158﴾
وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا	اور نہیں ہے کوئی اہل کتاب میں سے مگر
لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ	ضرور وہ ایمان لے آئیگا اُس (عیسیٰ) پر انکی موت سے پہلے
وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ﴿159﴾	اور قیامت کے دن وہ (عیسیٰ) ہوں گے ان پر گواہ۔ ﴿159﴾
فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ	تو (ان لوگوں) کے ظلم (شرارتوں) کی وجہ سے جو
هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ	یہودی ہوئے ہم نے حرام کر دیں ان پر
طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ	وہ پاکیزہ چیزیں (جو) حلال کی گئی تھیں ان پر
وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۙ﴿160﴾	اور انکے روکنے کی وجہ سے اللہ کی راہ سے کثرت سے۔ ﴿160﴾
وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا	اور ان کے سود لینے (کی وجہ سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
- عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- اتِّبَاعَ : اتباع سنت، اتباع رسول۔
- الظَّنِّ : ظنِ غالب، حسنِ ظن۔
- قَتَلُوْهُ : قتل، قتال، قاتل، مقتول۔
- يَقِيْنًا : یقین، یقینی طور پر۔
- رَّفَعَهُ : اعلیٰ وارفع، رفعت۔
- لَيُؤْمِنَنَّ : امن، ایمان، مؤمن۔
- قَبْلَ : قبل از وقت، قبل از غذا، دوروز قبل۔
- يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
- عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت، شہداء۔
- فَبِظُلْمٍ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
- طَيِّبٰتٍ : طیب وطاہر، طیب چیزیں، کلمہ طیبہ۔

مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ ❶❷	اِلَّا	اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ	وَ مَا
نہیں	انکے پاس	اس کا	کوئی علم	سوائے	گمان کی پیروی کے	اور نہیں

قَتَلُوْهُ ❸	يَقِيْنًا ۙ (157)	بَلْ	رَّفَعَهُ ❹	اللّٰهُ	اِلَيْهِ ؕ
ان سب نے قتل کیا اسے	یقیناً	بلکہ	اٹھالیا اسے	اللہ نے	اپنی طرف

وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا (158)	وَ	اِنْ	مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اور ہے	اللہ تعالیٰ	غالب	حکمت والا	اور	نہیں ہے	(کوئی) اہل کتاب میں سے

اِلَّا	لَيُؤْمِنَنَّ ❻	بِهٖ	قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ	وَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❼
مگر	ضرور بضرور وہ ایمان لے آئیگا	اُس (عیسیٰ) پر	انکی موت سے پہلے	اور	قیامت کے دن

يَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا ۚ (159)	فَبِظُلْمٍ	مِّنَ الَّذِيْنَ
وہ ہونگے	ان پر	گواہ	تو ظلم کی وجہ سے	ان لوگوں کی طرف سے جو

هَادُوْا	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	طَيِّبٰتٍ ❼	اُحِلَّتْ ❽	لَهُمْ
سب یہودی ہوئے	ہم نے حرام کردیں	ان پر	پاکیزہ چیزیں	(جو) حلال کی گئی تھیں	ان پر

وَ	بِصَدِّهِمْ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَثِيْرًا ۙ (160)	وَّ	اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا
اور	انکے روکنے کی وجہ سے	اللہ کی راہ سے	کثرت سے	اور	انکے سود لینے (کی وجہ سے)

ضروری وضاحت

❶"مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔❸ علامت "وا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔❹"ہٗ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "ہُ" کر دیتے ہیں۔❺"اِنْ" کے بعد اگر اسی جملے میں "اِلَّا" آ رہا ہو تو اس کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔❻"نَّ" سے پہلے اگر "زبر" ہو تو وہ فعل واحد کے لیے ہوتا ہے۔❼"ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❽"اُحِلَّتْ" میں "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ قَدۡ نُهُوۡا عَنۡهُ	حالانکہ یقیناً وہ منع کئے گئے اس سے
وَ اَکۡلِهِمۡ اَمۡوَالَ النَّاسِ	اور ان کے کھانے (کی وجہ سے) لوگوں کے مالوں کو
بِالۡبَاطِلِ ؕ وَ اَعۡتَدۡنَا	باطل طریقے سے، اور ہم نے تیار کیا ہے
لِلۡکٰفِرِیۡنَ مِنۡهُمۡ عَذَابًا اَلِیۡمًا ﴿161﴾	ان میں سے کافروں کے لیے دردناک عذاب۔ ﴿161﴾
لٰکِنِ الرّٰسِخُوۡنَ فِی الۡعِلۡمِ مِنۡهُمۡ	لیکن (جو) علم میں پختہ ہیں ان (یہودیوں) میں سے
وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ	اور (وہ جو) مؤمن ہیں وہ ایمان لاتے ہیں
بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡكَ	اس پر جو نازل کیا گیا آپ کی طرف
وَ مَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ	اور جو نازل کیا گیا آپ سے پہلے
وَالۡمُقِیۡمِیۡنَ الصَّلٰوةَ	اور نماز قائم کرنے والے ہیں
وَ الۡمُؤۡتُوۡنَ الزَّکٰوةَ	اور زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں
وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَ الۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ	اور ایمان لانے والے ہیں اللہ اور آخرت کے دن پر
اُولٰٓئِكَ سَنُؤۡتِیۡهِمۡ اَجۡرًا عَظِیۡمًا ﴿162﴾ ع 22/10/2	یہی وہ لوگ ہیں (کہ) عنقریب ہم دینگے انہیں اجرِ عظیم۔ ﴿162﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُهُوۡا: منہیات، نہی عن المنکر۔	الۡمُؤۡمِنُوۡنَ، یُؤۡمِنُوۡنَ: امن، ایمان، مؤمن۔
اَکۡلِهِمۡ: اکل وشرب، مأکولات۔	اُنۡزِلَ: نازل، شانِ نزول، منزل۔
اَمۡوَالَ: مال و زر، بیت المال، مالی تعاون۔	اِلَیۡكَ: الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
بِالۡبَاطِلِ: باطل گروہ، باطل قوتیں۔	قَبۡلِكَ: قبل از وقت، قبل از غذا، دورِ قبل۔
اَلِیۡمًا: رنج والم، المیہ، المناک۔	الۡمُقِیۡمِیۡنَ: قائم، قیام، مقیم۔
الرّٰسِخُوۡنَ: راسخ العقیدہ، اثر و رسوخ۔	الۡیَوۡمِ: یومِ آخرت، یومِ آزادی، یومِ تکبیر۔
الۡعِلۡمِ: علم، عالم، تعلیم، معلوم، معلومات۔	عَظِیۡمًا: عظیم لوگ، عظیم المرتبت، عظمت۔

وَ قَدْ ❶	نُهُوْا	عَنْهُ	وَ	اَكْلِهِمُ	اَمْوَالَ النَّاسِ
حالانکہ تحقیق	وہ سب منع کئے گئے تھے	اس سے	اور	انکے کھانے (کی وجہ سے)	لوگوں کے مالوں کو

بِالْبَاطِلِ ط	وَ	اَعْتَدْنَا ❷	لِلْكٰفِرِيْنَ	مِنْهُمْ
باطل (طریقے) سے	اور	ہم نے تیار کیا ہے	سب کافروں کیلئے	ان میں سے

عَذَابًا	اَلِيْمًا (161)	لٰكِنِ ❸	الرّٰسِخُوْنَ	فِي الْعِلْمِ	مِنْهُمْ
عذاب	دردناک	لیکن	(جو) سب پختہ ہیں	علم میں	ان میں سے

وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ ❹❺	اِلَيْكَ
اور	(وہ جو) سب مؤمن ہیں	وہ سب ایمان لاتے ہیں	(اس) پر جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف

وَ مَآ	اُنْزِلَ ❹❺	مِنْ قَبْلِكَ	وَ الْمُقِيْمِيْنَ ❻	الصَّلٰوةَ ❼
اور جو	نازل کیا گیا	آپ سے پہلے	اور سب قائم کرنے والے ہیں	نماز

وَ	الْمُؤْتُوْنَ ❻	الزَّكٰوةَ ❼	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ ❻	بِاللّٰهِ
اور	سب ادا کرنے والے ہیں	زکوٰۃ	اور	سب ایمان لانے والے ہیں	اللہ پر

ع 22 10 2

وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط	اُولٰٓئِكَ	سَنُؤْتِيْهِمْ	اَجْرًا عَظِيْمًا (162) ع
اور	آخرت کے دن پر	یہی وہ لوگ ہیں (کہ)	عنقریب ہم دینگے انہیں	اجر عظیم

ضروری وضاحت

❶ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❷ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔
❸ "لٰكِنْ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اس کے "نون" کے نیچے "زیر" دی گئی ہے۔ ❹ شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس فعل میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ شروع میں "اُ" معنی میں بدیلی کے لیے ہے۔ ❻ یہاں علامت "مُ" میں "کرنے والے" کا مفہوم ہے۔ ❼ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ	بیشک ہم نے وحی بھیجی آپ کی طرف جیسا کہ
اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ	ہم نے وحی بھیجی نوح کی طرف
وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ	اور (دوسرے) نبیوں (کی طرف) اس کے بعد
وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ	اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیم اور اسماعیل کی طرف
وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ	اور اسحاق اور یعقوب اور (اسکی) اولاد (کی طرف)
وَعِيْسٰى وَ اَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ	اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس (کی طرف)
وَ هٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ	اور ہارون اور سلیمان (کی طرف)
وَ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۚ (163)	اور ہم نے دی داؤد کو زبور۔ (163)
وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ	اور (بہت سے) رسول ہیں تحقیق ہم نے بیان کیا ہے اُنہیں
عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا	آپ پر اس سے قبل اور (بہت سے) رسول ہیں (کہ)
لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ	ہم نے نہیں بیان کیا اُن کو آپ پر
وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۚ (164)	اور بات کی اللہ تعالیٰ نے موسیٰ سے بول کر۔ (164)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوْحَيْنَآ :وحی الٰہی، نزولِ وحی۔
اِلَيْكَ، اِلٰى :الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
كَمَآ :کما حقہ۔
النَّبِيّٖنَ :نبی، انبیاء۔
مِنْ :منجانب، من جملہ، من وعن۔
بَعْدِهٖ :بعد از نبوت، دو دن بعد۔
الْاَسْبَاطِ :سبط، سبطین (دونواسے، دوپوتے)۔
وَ :شان وشوکت، رحم وکرم، عفو و درگزر۔
رُسُلًا :رسولِ مکرم، انبیاء ورسل۔
قَصَصْنٰهُمْ :قصص الانبیاء، قصے کہانیاں۔
عَلَيْكَ :علی الاعلان، علی العموم، علی ھٰذا القیاس۔
قَبْلُ :قبل از موت، قبل از غذا۔
كَلَّمَ، تَكْلِيْمًا :متکلم، تکیہ کلام، کلامِ الٰہی۔

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ ❶	اِلَيْكَ	كَمَآ	اَوْحَيْنَآ ❷	اِلٰى نُوْحٍ
بیشک ہم نے وحی بھیجی	آپ کی طرف	جیسا کہ	ہم نے وحی بھیجی	نوح کی طرف

وَّ	النَّبِيّٖنَ ❸	مِنْۢ بَعْدِهٖ ❹ ج	وَ	اَوْحَيْنَآ ❷	اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ
اور	سب نبیوں (کی طرف)	اس کے بعد	اور	ہم نے وحی بھیجی	ابراہیم کی طرف

وَ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ	وَ	الْاَسْبَاطِ
اور	اسماعیل	اور	اسحاق	اور	یعقوب	اور	(اسکی) اولاد (کی طرف)

وَعِيْسٰى	وَ اَيُّوْبَ	وَيُوْنُسَ	وَ هٰرُوْنَ	وَ	سُلَيْمٰنَ ج
اور عیسیٰ	اور ایوب	اور یونس	اور ہارون	اور	سلیمان (کی طرف)

وَ	اٰتَيْنَا ❷	دَاوٗدَ	زَبُوْرًا ج (163)	وَ	رُسُلًا	قَدْ ❺
اور	ہم نے دی	داؤد کو	زبور	اور	(بہت سے) رسول ہیں	تحقیق

قَصَصْنٰهُمْ ❷	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَ	رُسُلًا
ہم نے بیان کیا ہے اُنہیں	آپ پر	اس سے قبل	اور	(بہت سے) رسول ہیں

لَّمْ	نَقْصُصْهُمْ	عَلَيْكَ ط	وَ	كَلَّمَ اللّٰهُ	مُوْسٰى	تَكْلِيْمًا ❻ ج (164)
نہیں	ہم نے بیان کیا اُنکو	آپ پر	اور	بات کی اللہ تعالیٰ نے	موسیٰ سے	بول کر

ضروری وضاحت

❶ "اِنَّا" اصل میں "اِنَّ+نَا" تھا آسانی کیلئے ایک "ن" گرادیا گیا ہے اور "اِنَّا" میں "نَا" اور "اَوْحَيْنَا" میں "نَا" دونوں کا ملا کر ترجمہ "ہم نے" کیا ہے۔ ❷ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو اس کا ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❸ اصل میں "اَلنَّبِيِّيْنَ" تھا اگر "یْ" ساکن سے پہلے "زیر" ہو تو اسے "کھڑی زیر" سے بھی ظاہر کر لیتے ہیں۔ ❹ لفظ "بَعْدِ" سے پہلے اگر "مِنْ" ہو تو اس "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❺ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کے لیے ہے۔ ❻ "تَكْلِيْمًا" گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے اور عموماً تاکید کے لیے آتا ہے۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ	(ہم نے بھیجا) رسولوں کو خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے بنا کر
لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ	تا کہ نہ ہو لوگوں کے لیے
عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ	اللہ تعالیٰ پر کوئی حجت (الزام) رسولوں (کے آنے) کے بعد
وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿165﴾	اور ہے اللہ غالب، حکمت والا۔ ﴿165﴾
لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ	لیکن اللہ گواہی دیتا ہے اس (کتاب) کی جو
اَنْزَلَ اِلَيْكَ	اس نے نازل کی آپ کی طرف (کہ)
اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ	اس نے نازل کیا ہے اسے اپنے علم سے
وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ	اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں
وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ ﴿166﴾	اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور گواہ۔ ﴿166﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور (دوسروں کو) روکا اللہ کے راستے سے
قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿167﴾	یقیناً وہ گمراہ ہوئے دور کی گمراہی میں۔ ﴿167﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- رُسُلًا : انبیاء و رسل، رسولِ معظم ﷺ۔
- مُّبَشِّرِيْنَ : بشیر و نذیر، عشرہ مبشرہ، بشارت۔
- لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
- حُجَّةٌ : حیل و حجت، اتمامِ حجت۔
- بَعْدَ : بعد از نبوت، بعد از غذا۔
- حَكِيْمًا : حکمت و دانائی، حکیم الامت۔
- يَشْهَدُ، شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت، شہداء۔
- اَنْزَلَ : نازل، شانِ نزول، منزل۔
- بِعِلْمِهٖ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- الْمَلٰٓئِكَةُ : سید الملائکہ، مسجودِ ملائکہ۔
- سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
- ضَلُّوْا، ضَلٰلًا : ضلالت و گمراہی۔
- بَعِيْدًا : بعد، بعید از قیاس۔

رُسُلًا	مُّبَشِّرِيْنَ ❶	وَ	مُنْذِرِيْنَ ❶	لِئَلَّا ❷	يَكُوْنَ ❸
رسولوں کو	خوشخبری دینے والے	اور	ڈرانے والے (بنا کر بھیجا گیا)	تا کہ نہ	ہو

لِلنَّاسِ	عَلَى اللّٰهِ	حُجَّةٌ ❹	بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ	وَ كَانَ	اللّٰهُ
لوگوں کے لیے	اللہ تعالیٰ پر	کوئی حجت	رسولوں (کے آنے) کے بعد	اور ہے	اللہ تعالیٰ

عَزِيْزًا	حَكِيْمًا (165)	لٰكِنِ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ ❸	بِمَآ
غالب	حکمت والا ہے	لیکن	اللہ	گواہی دیتا ہے	اس (کتاب) کی جو

اَنْزَلَ ❺	اِلَيْكَ	اَنْزَلَهٗ ❺	بِعِلْمِهٖ ج	وَالْمَلٰٓئِكَةُ ❻
اس نے نازل کی	آپ کی طرف	اس نے نازل کیا ہے اسے	اپنے علم سے	اور فرشتے (بھی)

يَشْهَدُوْنَ ؕ	وَ كَفٰى	بِاللّٰهِ ❼	شَهِيْدًا ؕ (166)	اِنَّ
وہ سب گواہی دیتے ہیں	اور کافی ہے	اللہ تعالیٰ	بطور گواہ	بیشک

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور	سب نے (دوسروں کو) روکا	اللہ کے راستے سے

قَدْ ❽	ضَلُّوْا	ضَلٰلًا	بَعِيْدًا (167)
یقیناً	وہ سب گمراہ ہوئے	گمراہی میں	دور کی

ضروری وضاحت

❶ اگر اسم کے شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کرنیوالا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "لِئَلَّا = لِ + اَنْ + لَا" کا مجموعہ ہے۔ ❸ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ یہاں فعل کے شروع میں "اَ" معنیٰ میں تبدیلی کے لیے ہے۔ "نَزَلَ" اترا۔ "اَنْزَلَ" اتارا۔ ❻ "اَلْمَلٰٓئِكَةُ" کے آخر میں "ة" مؤنث کے لیے نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❼ "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کے لیے ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ ظَلَمُوْا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور ظلم کیا
لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ	نہیں ہے اللہ کہ بخشے ان کو
وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿168﴾	اور نہ یہ کہ وہ ہدایت دے گا انہیں (سیدھے) راستے کی۔ ﴿168﴾
اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ	مگر جہنم کے راستے کی (کہ)
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں ہمیشہ ہمیشہ
وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿169﴾	اور ہے یہ اللہ پر بہت آسان۔ ﴿169﴾
يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ	اے لوگو! یقیناً آیا ہے تمہارے پاس رسول
بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ	حق کے ساتھ تمہارے رب کی طرف سے
فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ	تو ایمان لے آؤ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے
وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ	اور اگر تم کفر کرو گے تو بیشک اللہ کا ہے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿170﴾	اور ہے اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا۔ ﴿170﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا، تَكْفُرُوْا : کفر، کافر، کفار۔

ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم۔

لِيَغْفِرَ : مغفرت، مرحوم ومغفور، دعائے مغفرت۔

لِيَهْدِيَهُمْ : ہدایت، ہادی کائنات۔

طَرِيْقًا : طریقہ وسلیقہ، طریقہ نماز، بطریق احسن۔

خٰلِدِيْنَ : خالد، خلدِ بریں۔

اَبَدًا : ابد الآباد۔

يَسِيْرًا : میسر۔

النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔

الرَّسُوْلُ : رسول اکرم ﷺ، انبیاء ورسل۔

فَاٰمِنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔

فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

حَكِيْمًا : حکمت، حکیم الامت۔

اِنَّ ❶	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	وَ	ظَلَمُوْا	لَمْ يَكُنِ ❷	اللّٰهُ
بیشک	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور	ان سب نے ظلم کیا	نہیں ہے	اللہ

لِيَغْفِرَ ❸	لَهُمْ ❹	وَ لَا	لِيَهْدِيَهُمْ ❸	طَرِيْقًا ﴿168﴾	اِلَّا
کہ وہ بخشے	ان کو	اور نہ	یہ کہ وہ ہدایت دے انہیں	(سیدھے) راستے کی	مگر

طَرِيْقَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا ط	وَ كَانَ	ذٰلِكَ
جہنم کے راستے کی	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	اور ہے	یہ

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرًا ❺ ﴿169﴾	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُمُ	الرَّسُوْلُ
اللہ پر	بہت آسان ہے	اے لوگو!	یقیناً	آیا ہے تمہارے پاس	رسول

بِالْحَقِّ	مِنْ رَّبِّكُمْ	فَاٰمِنُوْا	خَيْرًا	لَّكُمْ ط ❹
حق کے ساتھ	تمہارے رب (کی طرف) سے	تو تم سب ایمان لے آؤ	(یہ) زیادہ بہتر ہے	تمہارے لیے

وَ اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ ❶	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❻
اور اگر	تم سب کفر کرو گے	تو بیشک	اللہ کا ہے	جو (کچھ)	آسمانوں میں ہے

وَ	الْاَرْضِ ط	وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا ❼	حَكِيْمًا ❼ ﴿170﴾
اور	(جو) زمین میں ہے	اور ہے	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا

ضروری وضاحت

❶"اِنَّ" اسم کے شروع میں تاکید کے لیے ہے۔❷علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❸"لِ" اگر فعل کے شروع میں ہو اور اس فعل کے آخر میں "زبر" ہو تو اس فعل کا ترجمہ "تاکہ" یا "یہ کہ" کیا جاتا ہے۔❹"هُمْ" اور "كُمْ" کے ساتھ اگر "لِ" آئے تو اس پر "زبر" آجاتی ہے اور وہ "لَ" ہو جاتا ہے۔❺"يَسِيْرًا" کے شروع میں "یَ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور یہ "فَعِيْلٌ" کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے اس لیے ترجمہ "بہت" کیا گیا ہے۔❻"ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغ" کا مفہوم ہوتا ہے۔

يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لَا تَغۡلُوۡا فِىۡ دِيۡنِكُمۡ	اے اہلِ کتاب! حد سے تجاوز مت کرو اپنے دین میں
وَ لَا تَقُوۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الۡحَـقَّ ؕ	اور مت کہو اللہ کے بارے میں سوائے حق
اِنَّمَا الۡمَسِيۡحُ عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ	حقیقت میں مسیح عیسیٰ بن مریم
رَسُوۡلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ	اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ (بشارت) تھے
اَ لۡقٰٮهَاۤ اِلٰى مَرۡيَمَ وَرُوۡحٌ مِّنۡهُ ۚ	ڈال دیا اسے مریم کی طرف اور اس کی طرف سے روح تھے
فَاٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ	تو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں (پر)
وَلَا تَقُوۡلُوۡا ثَلٰثَةٌ ؕ	اور مت کہو (کہ الٰہ) تین ہیں
اِنۡتَهُوۡا خَيۡرًا لَّـكُمۡ ؕ	باز آجاؤ (اس اعتقاد سے) بہتر ہوگا تمہارے لیے
اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ ؕ	حقیقت میں اللہ اکیلا ہی معبود ہے
سُبۡحٰنَهٗۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ	پاک ہے وہ (اس بات سے) کہ ہو اس کی اولاد
لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ	اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيۡلًا ع (171)	اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور کارساز۔ ع (171)

وقف لازم — ع 23 / 9 / 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَغۡلُوۡا	:غلو فی الدین، غالی۔	فَاٰمِنُوۡا	:امن، ایمان، مؤمن۔
فِىۡ	:فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	ثَلٰثَةٌ	:مثلث، تثلیث، ثالث۔
الۡحَـقَّ	:حق و صداقت، حق بات۔	اِلٰـهٌ	:الٰہ حقیقی، کلام الٰہی۔
الۡمَسِيۡحُ	:مسیحی قوم، مسیحیت، مسیح برادری۔	وَّاحِدٌ	:واحد راستہ، واحد شکل، وحدت امت۔
كَلِمَتُهٗ	:کلمہ، کلام، تکیہ کلام۔	سُبۡحٰنَهٗ	:تسبیح، تسبیحات۔
اَ لۡقٰٮهَاۤ	:دل میں القاء کرنا، القاء و الہام۔	الۡاَرۡضِ	:ارض و سما، کرہ ارض، اراضی۔
رُوۡحٌ	:روح، روحانی فائدے، روحانی سکون۔	وَكِيۡلًا	:وکیل صفائی، وکالت۔

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا	تَغْلُوْا ❶	فِيْ دِيْنِكُمْ	وَ لَا	تَقُوْلُوْا ❶
اے اہل کتاب!	مت	تم سب تجاوز کرو	اپنے دین میں	اور مت	تم سب کہو

عَلَى اللّٰهِ	اِلَّا الْحَقَّ ؕ	اِنَّمَا ❸	الْمَسِيْحُ	عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ
اللہ کے بارے میں	مگر حق	حقیقت میں	مسیح	عیسیٰ بن مریم

رَسُوْلُ اللّٰهِ	وَ كَلِمَتُهٗ ۚ ❹	اَلْقٰهَاۤ	اِلٰى مَرْيَمَ	وَ رُوْحٌ ❺	مِّنْهُ ز
اللہ کے رسول	اور اس کا کلمہ تھے	ڈالا اسے	مریم کی طرف	اور روح تھے	اس (کی طرف) سے

فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ ۚ قف	وَ لَا	تَقُوْلُوْا ❶	ثَلٰثَةٌ ❻ ؕ
تو تم سب ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسولوں (پر)	اور مت	تم سب کہو	(الٰہ) تین ہیں

اِنْتَهُوْا	خَيْرًا	لَّكُمْ ؕ	اِنَّمَا اللّٰهُ ❸	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ
تم سب باز آجاؤ (اس اعتقاد سے)	بہتر ہے	تمہارے لیے	درحقیقت اللہ	اکیلا ہی معبود ہے

وقف لازم

سُبْحٰنَهٗۤ	اَنْ يَّكُوْنَ ❼	لَهٗ	وَلَدٌ ❽	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❻
پاک ہے وہ	کہ ہو	اس کی	کوئی اولاد	اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں ہے

ع 23 9 3

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	وَ كَفٰى	بِاللّٰهِ ❷	وَكِيْلًا ع (171)
اور جو	زمین میں ہے	اور کافی ہے	اللہ تعالیٰ	بطور کارساز

ضروری وضاحت

❶"لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷"بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸"اِنَّمَا" کا مفہوم اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ ❹اللہ نے عیسیٰ کو کلمہ "کُن" کہہ کر بغیر باپ کے پیدا کیا۔ ❺روح سے مراد وہ پھونک ہے جسے جبریل نے اللہ کے حکم سے مریم کے گریبان میں ماری اور اسے اللہ نے باپ کے نطفے کے قائم مقام بنا دیا۔ ❻"ۃ، ات" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼"یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽تنوین میں عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ	ہر گز نہیں عار محسوس کریں گے (یا انکار کریں گے) مسیح
اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ	کہ وہ ہوں اللہ کے بندے
وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ	اور نہ مقرب فرشتے (عار محسوس کرتے ہیں)
وَ مَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ	اور جو عار محسوس کرے (یا انکار کرے) اسکی عبادت سے
وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ	اور تکبر کرے تو عنقریب وہ اکٹھا کرے گا انہیں
اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿172﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ	اپنے پاس سب کو۔ ﴿172﴾ پس رہے وہ لوگ جو
اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے نیک
فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ	تو وہ پورا دے گا انہیں ان کے اجر
وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ	اور مزید عنایت کرے گا انہیں اپنے فضل سے
وَ اَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا	اور رہے وہ لوگ جنہوں نے (اسکی عبادت سے) انکار کیا
وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ	اور تکبر کیا تو وہ عذاب دے گا انہیں
عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ	دردناک عذاب۔

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَبْدًا، عِبَادَتِهٖ : عبادت، عابد، معبود۔	اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لامحدود۔	عَمِلُوْا : عمل، اعمال، معمول، تعمیل۔
الْمُقَرَّبُوْنَ : قرب، قریب، قربت، قریبی۔	فَيُوَفِّيْهِمْ : وفادار، ایفائے عہد، وفا۔
يَسْتَكْبِرْ : تکبر، متکبر۔	اُجُوْرَهُمْ : اجر، عنداللہ ماجور ہوں، اُجرت۔
فَسَيَحْشُرُ : حشر، میدان محشر۔	يَزِيْدُ : زائد، زیادہ، مزید، زیادتی۔
اِلَيْهِ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔	فَضْلِهٖ : فضل وکرم، اللہ کا فضل۔
جَمِيْعًا : جمیع کائنات، جماعت، جمع وتفریق۔	اَلِيْمًا : رنج والم، المناک حادثہ، المیہ۔

لَنْ ❶	يَّسْتَنْكِفَ ❷	الْمَسِيْحُ	اَنْ يَّكُوْنَ	عَبْدًا لِّلّٰهِ ❸
ہرگز نہیں	عار محسوس (یا انکار) کریں گے	مسیح	کہ وہ ہوں	اللہ کے بندے

وَ لَا	الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ❹ ط	وَ مَنْ	يَّسْتَنْكِفْ ❷
اور نہ	سب مقرب فرشتے (عار محسوس کرتے ہیں)	اور جو	عار محسوس کرے (یا انکار کرے)

عَنْ عِبَادَتِهٖ	وَ يَسْتَكْبِرْ	فَسَيَحْشُرُهُمْ	اِلَيْهِ ❺
اس کی عبادت سے	اور وہ تکبر کرے	تو عنقریب وہ اکٹھا کرے گا انہیں	اپنے پاس

جَمِيْعًا (172)	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا
سب کو	پس رہے	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور سب نے اعمال کیے

الصّٰلِحٰتِ ❻	فَيُوَفِّيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَ	يَزِيْدُهُمْ
نیک	تو وہ پورا دے گا انہیں	ان کے بدلے	اور	وہ مزید عنایت کرے گا انہیں

مِّنْ فَضْلِهٖ ج	وَ اَمَّا	الَّذِيْنَ	اسْتَنْكَفُوْا
اپنے فضل سے	اور رہے	وہ لوگ جن	سب نے انکار کیا (اسکی عبادت سے)

وَ	اسْتَكْبَرُوْا	فَيُعَذِّبُهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا ❼ لا
اور	سب نے تکبر کیا	تو وہ عذاب دے گا انہیں	عذاب	دردناک

ضروری وضاحت

❶ علامت "لَنْ" فعل میں تاکید کے ساتھ نفی کا مفہوم شامل کر دیتی ہے اور فعل کو مستقبل کے معنی میں کر دیتی ہے۔ ❷ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ علامت "لِ" جب اس کے ساتھ ہو تو اس کا ترجمہ کبھی "لیے" بھی ہوتا ہے۔ ❹ "اَلْمَلٰئِكَةُ" کے آخر میں "ة" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❺ علامت "اِلٰى" کا ترجمہ "طرف" یا "تک" ہوتا ہے ضرورتاً یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❻ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّ لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ	اور نہیں پائیں گے اپنے لیے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿173﴾	اللہ کے سوا کوئی حامی اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿173﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ	اے لوگو! یقیناً آ چکی ہے تمہارے پاس
بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ	(روشن) دلیل تمہارے رب کی طرف سے
وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿174﴾	اور ہم نے نازل کیا تمہاری طرف چمکتا ہوا نور۔ ﴿174﴾
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ	پس رہے وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر
وَ اعْتَصَمُوْا بِهٖ	اور انہوں نے مضبوطی سے تھامے رکھا اس کو
فَسَيُدْخِلُهُمْ	پس عنقریب وہ داخل کریگا انہیں
فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ	اپنی طرف سے رحمت میں اور فضل (میں)
وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ؕ ﴿175﴾	اور وہ ہدایت دے گا انہیں اپنی طرف سیدھے راستے کی۔ ﴿175﴾
يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ	(لوگ) آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں (کلالہ کے بارے میں)
قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ	کہہ دو (کہ) اللہ حکم دیتا ہے تمہیں کلالہ کے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَجِدُوْنَ: وجد، وجود، موجود۔	نُوْرًا: نورِ ہدایت، منور، نورانی چہرہ۔
وَلِيًّا: ولی، ولایت، اولیاء اللہ، اولیائے کرام۔	مُّبِيْنًا: بیان، دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔
نَصِيْرًا: فتح و نصرت، ناصر، منصور۔	فَسَيُدْخِلُهُمْ: داخل، دخول، داخلی امور۔
النَّاسُ: عوام الناس، عامۃ الناس۔	رَحْمَةٍ: رحمتِ کائنات، رحمت کا سایہ۔
بُرْهَانٌ: دلیل و برہان، براہین قاطعہ۔	فَضْلٍ: فضل و رحمت، اللہ کا فضل۔
اَنْزَلْنَآ: نازل، نزول، منزل۔	يَهْدِيْهِمْ: ہدایت، ہادیِ کائنات۔
اِلَيْكُمْ: الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔	يَسْتَفْتُوْنَكَ، يُفْتِيْكُمْ: فتویٰ، مفتی۔

وَّلَا ❶	يَجِدُوْنَ	لَهُمْ ❷	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❸	وَلِيًّا ❹
اور نہیں	وہ سب پائیں گے	اپنے لیے	اللہ کے سوا	کوئی حامی

وَّ لَا	نَصِيْرًا ❹ (173)	يٰٓاَيُّهَا ❺	النَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُمْ
اور نہ	کوئی مددگار	اے	لوگو!	یقیناً	آچکی ہے تمہارے پاس

بُرْهَانٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ	اَنْزَلْنَآ ❻	اِلَيْكُمْ	نُوْرًا	مُّبِيْنًا (174)
دلیل	تمہارے رب (کی طرف) سے	اور	ہم نے نازل کیا	تمہاری طرف	نور	چمکتا ہوا

فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	اعْتَصَمُوْا
پس رہے	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اللہ پر	اور	سب نے مضبوطی سے تھامے رکھا

بِهٖ	فَسَيُدْخِلُهُمْ	فِيْ رَحْمَةٍ	مِّنْهُ
اس کو	پس عنقریب وہ داخل کریگا انہیں	رحمت میں	اپنی (طرف) سے

وَ فَضْلٍ ۙ	وَّ	يَهْدِيْهِمْ	اِلَيْهِ	صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ؕ (175)
اور فضل (میں)	اور	وہ ہدایت دے گا انہیں	اپنی طرف	سیدھے راستے کی

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ	قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ ❼	فِي الْكَلٰلَةِ ❽ ؕ
وہ سب آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں	کہہ دو (کہ)	اللہ تعالیٰ	تمہیں حکم دیتا ہے	کلالہ کے بارے میں

ضروری وضاحت

❶ علامت "لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وْنَ" ہو تو کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ علامت "لِ" جب "هُمْ" کے شروع میں آئے تو یہ "لَ" ہو جاتی ہے۔ ❸ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ تنوین (ڈبل حرکت) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❺ "يَا" اور "اَيُّهَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❻ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❼ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ "كَلٰلَةٌ" کہتے ہیں جس کی اولاد ہو نہ والدین۔

اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ	(کہ) اگر کوئی (ایسا) مرد فوت ہو جائے
لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ	(کہ) نہ ہو اسکی اولاد (اور نہ باپ)
وَّ لَهٗٓ اُخْتٌ	اور اسکی ایک بہن ہو
فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ	تو اس (بہن) کا آدھا حصہ ہے (اس سے) جو اس نے چھوڑا
وَ هُوَ يَرِثُهَآ	اور وہ (بھائی) وارث ہوگا اس (بہن کے تمام مال) کا
اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۚ	(بشرطیکہ) اگر نہ ہو اس (بہن) کی اولاد
فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا	پھر اگر وہ ہوں دو (بہنیں) تو ان دونوں کا
الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ۚ	دو تہائی (حصہ) ہے اس سے جو اس (مرنیوالے) نے چھوڑا
وَ اِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّ نِسَآءً	اور اگر ہوں وہ بھائی، بہن (یعنی) مرد اور عورتیں (ملے جلے وارث)
فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ	تو ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہوگا
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۚ	اللہ بیان کرتا ہے تمہیں (یہ سب احکام) کہ تم گمراہ (نہ) ہو جاؤ
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ع ﴿176﴾	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ع ﴿176﴾

ع 24 5 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

هَلَكَ	: ہلاک، ہلاکت، مہلک ہتھیار۔
وَلَدٌ	: ولد، اولاد، مولود۔
نِصْفُ	: صفائی نصف ایمان ہے۔
تَرَكَ	: ترکہ، متروکہ، تارک صلوٰۃ۔
يَرِثُهَآ	: وارث، ورثا، ورثہ، موروثی جائیداد۔
اثْنَتَيْنِ	: لاثانی، تیرا کوئی ثانی نہیں۔
مِمَّا (مِنْ+مَا)	: منجانب، من جملہ / ماحول، ماتحت۔
اِخْوَةً	: اخوتِ اسلامی، مواخات مدینہ۔
رِّجَالًا	: قحط الرجال، رجال کار۔
فَلِلذَّكَرِ	: مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
الْاُنْثَيَيْنِ	: مؤنث، تذکیر و تانیث۔
مِثْلُ	: مثل، مثال، تمثیل، مثالیں۔
يُبَيِّنُ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
تَضِلُّوْا	: ضلالت و گمراہی۔

اِنِ	امْرُؤٌا ❶	هَلَكَ	لَيْسَ	لَهٗ	وَلَدٌ ❷
اگر	کوئی مرد	فوت ہو جائے	(کہ) نہ ہو	اس کی	کوئی اولاد

وَّ	لَهٗٓ	اُخْتٌ	فَلَهَا	نِصْفُ	مَا	تَرَكَ ۚ
اور	اس کی	ایک بہن ہو	تو اس (بہن) کا	آدھا حصہ ہے	(اس سے) جو	اس نے چھوڑا

وَ هُوَ	يَرِثُهَآ ❸	اِنْ لَّمْ	يَكُنْ ❸	لَّهَا	وَلَدٌ ؕ
اور وہ (بھائی)	وارث ہوگا اس (بہن) کا	(بشرطیکہ) اگر نہ	ہو	اس (بہن) کی	کوئی اولاد

فَاِنْ	كَانَتَا اثْنَتَيْنِ ❹	فَلَهُمَا	الثُّلُثٰنِ	مِمَّا ❺
پھر اگر	وہ (بہنیں) دو ہوں	تو ان دونوں کا	دو تہائی (حصہ) ہے	اس سے جو

تَرَكَ ؕ	وَ اِنْ	كَانُوْٓا	اِخْوَةً ❻	رِّجَالًا
اس (مرنیوالے) نے چھوڑا	اور اگر	وہ سب ہوں	بھائی، بہن	(یعنی) مرد

وَّ نِسَآءً	فَلِلذَّكَرِ	مِثْلُ حَظِّ	الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❸
اور عورتیں (ملے جلے وارث)	تو (ایک) مرد کا	حصہ برابر ہے	دو عورتوں کے (حصے کے)	بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمْ ❼	اَنْ	تَضِلُّوْا ؕ	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ❽ ع (176)
تمہارے لیے	کہ	تم سب گمراہ (نہ) ہو جاؤ	اور اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا ہے

ع 24 5 4

ضروری وضاحت

❶ "اِمْرُؤٌ" کے آخر میں "ہمزہ" پر پیش ہو تو اسکی "ر" پر بھی "پیش" اور اگر "زبر" ہو تو "زبر" اور اگر "زیر" ہو تو "زیر" آتی ہے۔ ❷ "وَلَدٌ" سے مراد "اولاد" ہے۔ ❸ "يَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❹ "اثْنَتَيْنِ" مکمل لفظ کا ترجمہ دو ہے اور كَانَتَا کے آخر میں "ا" کا مفہوم بھی دو ہے۔ ❺ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ+مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❻ یہاں "ة" جمع کیلئے ہے۔ ❼ "لِ" جب "كُمْ" کے شروع میں آئے تو یہ "لَ" ہو جاتی ہے اور اسکے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ❽ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 120 — 5 سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ 112 — رُكُوْعَاتُهَا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۬	پورا کرو عہدوں کو
اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ	حلال کئے گئے تمہارے لیے چوپائے چرنے والے
اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	سوائے (انکے) جو پڑھ کر سنائے جاتے ہیں تم پر
غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ	(کہ تم) نہ حلال سمجھنے والے ہو شکار کو
وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ	اس حال میں (کہ) تم احرام (کی حالت) میں ہو
اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ﴿1﴾	بیشک اللہ حکم دیتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔ ﴿1﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! بے حرمتی نہ کرو
شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ	اللہ کی نشانیوں کی اور نہ حرمت والے مہینے کی
وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ	اور نہ قربانی کے جانور کی اور نہ پٹے والے (جانوروں) کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْٓا :امن، ایمان، مؤمن۔	الصَّيْدِ : دام صیاد، صید گاہ (شکار)۔
اَوْفُوْا :وعدہ وفا کرنا، ایفائے عہد، وفادار۔	عَلَيْكُمْ : علی الاعلان، علی العموم، علی ھذا القیاس۔
بِالْعُقُوْدِ :عقد نکاح۔	حُرُمٌ : محرم، حرمت والے مہینے، احرام کی حالت۔
اُحِلَّتْ، مُحِلِّي : حلت و حرمت، حلال و حرام۔	يَحْكُمُ : حکم، حکومت، محکوم۔
اِلَّا :الا یہ کہ، الاقلیل، الا ماشاءاللہ۔	يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
مَا :ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	شَعَآئِرَ : شعائرِ اسلام (نشانیاں)۔
يُتْلٰى :تلاوت، وحی متلوّ۔	الْقَلَآئِدَ : قلادہ ڈالنا، تقلید، مقلد۔

رُكُوْعَاتُهَا 16 | 5 سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ 112 | اٰيَاتُهَا 120

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اَوْفُوْا	بِالْعُقُوْدِ	اُحِلَّتْ ❷❸
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو!	سب پورا کرو	عہدوں کو	حلال کیئے گئے ہیں

لَكُمْ	بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ ❸	اِلَّا	مَا	يُتْلٰى ❹
تمہارے لیے	چوپائے چرنے والے	سوائے (انکے)	جو	پڑھ کر سنائے جاتے ہیں

عَلَيْكُمْ	غَيْرَ	مُحِلِّي ❺	الصَّيْدِ	وَ ❻	اَنْتُمْ
تم پر	نہ	حلال سمجھنے والے ہو	شکار کو	اس حال میں (کہ)	تم سب

حُرُمٌ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَحْكُمُ ❹	مَا	يُرِيْدُ ①
احرام میں ہو	بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے

يٰۤاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تُحِلُّوْا ❼	شَعَآئِرَ اللّٰهِ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو!	مت تم سب بے حرمتی کرو	اللہ کی نشانیوں کی

وَ لَا	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَ لَا	الْهَدْيَ	وَ لَا	الْقَلَآئِدَ
اور نہ	حرمت والے مہینے کی	اور نہ	قربانی کے جانور کی	اور نہ	پٹے والے جانوروں کی

ضروری وضاحت

❶ "یا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❷ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❸ "تْ" فعل کے ساتھ اور "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ شروع میں علامت "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ "وَ" کا ترجمہ عموماً "اور" ہوتا ہے کبھی "حالانکہ" اور کبھی "قسم ہے" بھی کیا جاتا ہے۔ ❼ اگر فعل کے شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ	اور نہ (ان کی جو) حرمت والے گھر کا قصد کرنیوالے ہوں
يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ	(کہ) وہ چاہتے ہوں اپنے رب کا فضل اور خوشنودی
وَ اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ	اور جب تم حلال ہو جاؤ (احرام اتار دو تو) پھر شکار کرلو
وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ	اور ہرگز آمادہ نہ کرے تمہیں کسی قوم کی دشمنی
اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	کہ انہوں نے روکا تمہیں (حدیبیہ کے سال) مسجد حرام سے
اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ	(اس بات پر) کہ تم زیادتی کرو (ان پر)
وَتَعَاوَنُوْا	اور ایک دوسرے کی مدد کرو
عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۪	نیکی اور پرہیز گاری (کے کاموں) پر
وَ لَا تَعَاوَنُوْا	اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون نہ کرو
عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ۪	گناہ اور زیادتی (کے کاموں) پر
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ
اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝2	بیشک اللہ سخت عذاب والا ہے۔ ۝2

وقف لازم

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبَيْتَ : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت المال۔	فَاصْطَادُوْا : دام صیاد، صیدگاہ (شکار)۔
الْحَرَامَ : مسجد حرام، حرمت رسول۔	الْمَسْجِدِ : مسجد نبوی، مسجد حرام۔
تَعْتَدُوْا، الْعُدْوَانِ : ظلم وتعدی، عدوان، متعدی۔	تَعَاوَنُوْا : تعاون، معاون، معاونت۔
فَضْلًا : فضل ورحمت، اللہ کا فضل۔	عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم، علیٰ ھٰذا القیاس۔
مِّنْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔	التَّقْوٰى، اتَّقُوْا : تقویٰ و پرہیز گاری، متقی۔
رِضْوَانًا : رضائے الٰہی، راضی نامہ۔	شَدِيْدُ : تشدد، متشدد، شدید، شدت۔
حَلَلْتُمْ : حلال، حلت وحرمت۔	الْعِقَابِ : ثواب عقاب، عقوبت خانہ۔

وَ لَآ	آمِّیْنَ ❶	الْبَیْتَ الْحَرَامَ	یَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا
اور نہ (ان لوگوں کی جو)	سب قصد کرنیوالے ہوں	حرمت والے گھر کا	وہ سب تلاش کرتے ہیں	فضل

مِّنْ رَّبِّهِمْ ❷	وَ رِضْوَانًا ؕ	وَ اِذَا	حَلَلْتُمْ ❸
اپنے رب کا	اور خوشنودی	اور جب	تم سب حلال ہو جاؤ

فَاصْطَادُوْا ؕ	وَ	لَا یَجْرِمَنَّكُمْ ❹❺	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ ❻
پھر تم سب شکار کر لو	اور	ہر گز نہ آمادہ کرے تمہیں	دشمنی	کسی قوم کی

اَنْ	صَدُّوْكُمْ ❼	عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	اَنْ	تَعْتَدُوْا ۘ
کہ	ان سب نے روکا تمہیں	مسجد حرام سے	کہ	تم سب زیادتی کرو

وَ	تَعَاوَنُوْا ❽	عَلَى الْبِرِّ	وَ التَّقْوٰى ۠
اور	تم سب ایک دوسرے سے تعاون کرو	نیکی (کے کاموں) پر	اور پرہیزگاری (میں)

وَ لَا	تَعَاوَنُوْا ❽	عَلَى الْاِثْمِ	وَ	الْعُدْوَانِ ❾ ۠
اور مت	تم سب ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو	گناہ (کے کاموں) پر	اور	زیادتی (کے کاموں پر)

وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ (2)
اور	تم سب ڈر جاؤ	اللہ تعالیٰ سے	بیشک اللہ	سخت	عذاب والا ہے

وقف لازم

الربع

ضروری وضاحت

❶ یہ لفظ اصل میں "اٰمِمِیْنَ" تھا دو میموں کو ملا دیا گیا ہے۔ ❷ "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے یہ ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❸ اس سے مراد تم احرام اُتار دو ہے۔ ❹ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "نَّ" میں تاکید کا مفہوم ہے اسی کا ترجمہ "ہرگز" کیا گیا ہے۔ ❻ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کسی" کیا گیا ہے۔ ❼ "وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اسکا "الف" گر جاتا ہے۔ ❽ "تَعَاوَنُوْا" کے "تَ" اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ❾ "ان" میں دو ہونے کا مفہوم نہیں۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ	حرام کردیا گیا تم پر مردار
وَ الدَّمُ وَ لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ	اور (بہتا ہوا) خون اور سؤر کا گوشت
وَ مَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ	اور (وہ) جو نام لیا گیا ہو غیر اللہ کا اس پر
وَ الْمُنْخَنِقَةُ وَ الْمَوْقُوْذَةُ	اور (وہ جانور جو) گلا گھٹ کر مرے اور (جو) چوٹ لگ کر مرے
وَ الْمُتَرَدِّيَةُ وَ النَّطِيْحَةُ	اور (جو) اوپر سے گر کر مرے اور (جو) سینگ لگ کر مرے
وَ مَآ اَكَلَ السَّبُعُ	اور (وہ جانور) جسے درندے پھاڑ کھائیں
اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ	مگر وہ جسے (مرنے سے پہلے) تم ذبح کر لو
وَ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ	اور (وہ بھی حرام ہے) جو ذبح کیا گیا ہو آستانے پر
وَ اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا	اور (وہ بھی) کہ تم قسمت معلوم کرو
بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ	فال کے تیروں سے یہ سب گناہ (کے کام) ہیں
اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ	آج مایوس ہو گئے ہیں وہ لوگ جنہوں نے
كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ	کفر کیا تمہارے دین سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حُرِّمَتْ	:حلت وحرمت، حلال وحرام۔	ذُبِحَ	:ذبح خانہ، مذبح۔
عَلَيْكُمْ، عَلَى	:علی الاعلان، علی العموم۔	تَسْتَقْسِمُوْا	:قسمت آزمائی، قسمت کا حال۔
الْمَيْتَةُ	:میت، موت۔	فِسْقٌ	:فسق و فجور، فاجر و فاسق۔
الْخِنْزِيْرِ	:خنزیر کا گوشت۔	اَلْيَوْمَ	:یوم آخرت، یوم آزادی، یوم تکبیر۔
مَآ	:ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	يَىِٕسَ	:مایوس، مایوسی۔
لِغَيْرِ	:غیر اسلامی، غیر وطن، غیر مسلم۔	كَفَرُوْا	:کفر، کافر، کفار۔
اَكَلَ	:اکل وشرب، ماکولات۔	دِيْنِكُمْ	:دین اسلام، دین حنیف، ادیان باطلہ۔

حُرِّمَتْ ❶❷	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةُ ❸	وَ الدَّمُ	وَ	لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ
حرام کردیا گیا	تم سب پر	مردار	اور خون	اور	سؤر کا گوشت

وَ مَآ	اُهِلَّ ❷	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	وَ	الْمُنْخَنِقَةُ ❸
اور جو	نام لیا گیا ہو	غیر اللہ کا	اس پر	اور	(وہ جانور جو) گلا گھٹ کر مرے

وَ	الْمَوْقُوْذَةُ ❸	وَ	الْمُتَرَدِّيَةُ ❸	وَ	النَّطِيْحَةُ ❸
اور	(جو) چوٹ لگ کر مرے	اور	(جو) اوپر سے گر کر مرے	اور	(جو) سینگ لگ کر مرے

وَ مَآ	اَكَلَ	السَّبُعُ ❹	اِلَّا	مَا	ذَكَّيْتُمْ قف
اور جسے	(پھاڑ) کھائیں	درندے	مگر	(وہ) جسے	تم سب ذبح کرلو (مرنے سے پہلے)

وَ مَا	ذُبِحَ ❷	عَلَى النُّصُبِ	وَ	اَنْ
اور (وہ بھی حرام ہے) جو	ذبح کیا گیا ہو	آستانوں پر	اور	(وہ بھی حرام ہے جو) کہ

تَسْتَقْسِمُوْا ❺	بِالْاَزْلَامِ ط	ذٰلِكُمْ ❻	فِسْقٌ ط
تم سب قسمت معلوم کرو	فال کے تیروں سے	یہ (سب)	گناہ (کے کام) ہیں

اَلْيَوْمَ	يَئِسَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ دِيْنِكُمْ
آج	مایوس ہوگئے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	تمہارے دین سے

ضروری وضاحت

❶"تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷اگر فعل پر شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸"ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹فعل کے بعد والے اسم کے آخر میں پیش ہو تو وہ فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❺"است" میں "طلب کرنے" کا مفہوم ہوتا ہے اور اس کے شروع میں کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❻"ذٰلِكَ" سے اگر اشارہ کیا جارہا ہو اور جس کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زائد ہوں تو یہ "ذٰلِكُمْ" ہو جاتا ہے۔

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ	تو تم نہ ڈرو ان سے اور مجھ سے ڈرو
اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ	آج (کے دن) میں نے مکمل کر دیا ہے تمہارے لیے
دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ	تمہارا دین اور میں نے پوری کر دی ہے تم پر
نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ	اپنی نعمت اور میں نے پسند کیا ہے
لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ	تمہارے لیے اسلام کو بطور دین
فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ	پھر جو مجبور ہو جائے بھوک (کی حالت) میں
غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ	(حرام کردہ چیزوں کو کھانے پر) نہ جھکنے والا ہو گناہ کی طرف
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿3﴾	تو بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا، بہت مہربان ہے۔ ﴿3﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ	(لوگ) پوچھتے ہیں آپ سے
مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ	کیا حلال کیا گیا ہے ان کیلئے، آپ کہہ دیں
اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ	حلال کیا گیا ہے تمہارے لیے تمام پاکیزہ چیزوں کو
وَمَا عَلَّمْتُمْ	اور (ان شکاری جانوروں کا شکار بھی) جنہیں تم نے سدھایا ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَخْشَوْهُمْ : خشیتِ الٰہی۔	اضْطُرَّ : اضطراری حالت۔
اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔	غَفُوْرٌ : استغفار، دعائے مغفرت، غفور ورحیم۔
اَكْمَلْتُ : مکمل، اکمل، کامل۔	رَّحِيْمٌ : رحمان ورحیم۔
دِيْنَكُمْ، دِيْنًا : دین اسلام، دین حنیف، دین قیم۔	يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول، مسئلہ۔
اَتْمَمْتُ : اتمام حجت، تمام۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
نِعْمَتِيْ : اللہ کی نعمتیں، ناز ونعمت۔	عَلَّمْتُمْ : علم، معلوم، تعلیم، معلم۔
رَضِيْتُ : رضا، راضی نامہ، رضائے الٰہی۔	الطَّيِّبٰتُ : طیب، سیرت طیبہ، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔

فَلَا	تَخۡشَوۡهُمۡ ❶	وَاخۡشَوۡنِ ❷ ط	اَلۡيَوۡمَ	اَكۡمَلۡتُ ❸
تو مت	تم سب ڈرو ان سے	اور تم سب مجھ سے ڈرو	آج (کے دن)	میں نے مکمل کر دیا ہے

لَكُمۡ	دِيۡنَكُمۡ	وَ	اَتۡمَمۡتُ ❸	عَلَيۡكُمۡ	نِعۡمَتِىۡ
تمہارے لیے	تمہارا دین	اور	میں نے پوری کر دی	تم پر	اپنی نعمت

وَ	رَضِيۡتُ	لَكُمُ	الۡاِسۡلَامَ	دِيۡنًا ط
اور	میں نے پسند کیا ہے	تمہارے لیے	اسلام کو	(بطور) دین

فَمَنِ	اضۡطُرَّ	فِىۡ مَخۡمَصَةٍ ❹	غَيۡرَ
پھر جو	مجبور ہو جائے	بھوک (کی حالت) میں (حرام کردہ چیزوں کو کھانے پر)	نہ

مُتَجَانِفٍ ❺	لِّاِثۡمٍ ❻ لا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوۡرٌ	رَّحِيۡمٌ ۳
جھکنے والا ہو	گناہ کی طرف	تو بیشک	اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا	بہت مہربان ہے

يَسۡـَٔلُوۡنَكَ	مَاذَآ	اُحِلَّ ❸	لَهُمۡ ط	قُلۡ
وہ سب پوچھتے ہیں آپ سے	کیا	حلال کیا گیا ہے	ان کیلئے	آپ کہہ دیں

اُحِلَّ ❸	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ ❹ لا	وَ مَا	عَلَّمۡتُمۡ
حلال کیا گیا ہے	تمہارے لیے	پاکیزہ (تمام چیزوں کو)	اور (ان شکاری جانوروں کا شکار بھی) جنہیں	تم سب نے سدھایا ہو

ضروری وضاحت

❶ "لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے اور "وا" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے ❷ یہ اصل میں "وَاخۡشَوۡنِىۡ" تھا آخر سے "ىۡ" گر گئی ہے اسی "ىۡ" کا ترجمہ "مجھ سے" کیا گیا ہے۔ ❸ شروع میں "اَ" معنی میں تبدیلی کیلئے ہے جیسے "تَمَّ" پورا ہوا "اَتَمَّ" پورا کیا، "حَلَّ" حلال ہوا "اَحَلَّ" حلال کیا۔ ❹ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس اسم میں "کرنیوالے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ "لِ" کا ترجمہ "لیے" ہوتا ہے ضرورتاً یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ	زخم دینے والے (جنہیں تم) شکاری بنانیوالے ہو (جانوروں میں) سے
تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ز	تم سکھاتے ہو انہیں اس سے جو تمہیں اللہ نے سکھایا ہے
فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ	پس کھالو اس سے جو (یہ شکاری جانور) پکڑ رکھیں تمہارے لیے
وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ص	اور اللہ کا نام لیا کرو اس پر (چھوڑتے ہوئے)
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط	اور اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ
اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (4)	بیشک اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والے ہیں۔ (4)
اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ط	آج حلال کر دی گئیں تمہارے لیے تمام پاکیزہ چیزیں
وَ طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اور کھانا ان لوگوں کا جو دیے گئے کتاب
حِلٌّ لَّكُمْ ص	تمہارے لیے حلال ہے
وَ طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ز	اور تمہارا کھانا ان کے لیے حلال ہے
وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ	اور پاک دامن مومن عورتیں (بھی حلال ہیں)
وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ	اور پاک دامن عورتیں ان لوگوں میں سے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْجَوَارِحِ : جراح، آلاتِ جراحی۔
تُعَلِّمُوْنَهُنَّ عَلَّمَكُمُ : علم، معلوم، تعلیم، معلم۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، منجملہ / ماحول، ماتحت۔
فَكُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔
اَمْسَكْنَ : امساک، تمسک، ممسک۔
اذْكُرُوا : ذکر، اذکار، تذکیر، مذکور۔
اتَّقُوا : تقوٰی، متقی۔

سَرِيْعُ : سرعت، سریع الحرکت۔
الْحِسَابِ : حساب وکتاب، یوم حساب۔
اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی۔
اُحِلَّ، حِلٌّ : حلال وحرام، حلت وحرمت۔
الطَّيِّبٰتُ : طیب وطاہر، طیب چیزیں، مدینہ طیبہ۔
الْكِتٰبَ : کتاب الٰہی، اردو کی کتاب۔
الْمُؤْمِنٰتِ : ایمان، امن، مؤمن۔

مِنَ الْجَوَارِحِ	مُكَلِّبِيْنَ ❶❷	تُعَلِّمُوْنَهُنَّ	مِمَّا ❸
زخم دینے والے (جانوروں میں) سے	شکاری بنانیوالے ہو (کہ)	تم سب سکھاتے ہو انہیں	(اس) سے جو

عَلَّمَكُمُ	اللّٰهُ ز	فَكُلُوْا	مِمَّآ ❸	اَمْسَكْنَ ❹	عَلَيْكُمْ
سکھایا ہے تمہیں	اللہ نے	پس تم سب کھالو	(اس) سے جو	پکڑ رکھیں	تم پر

وَ	اذْكُرُوا ❺	اسْمَ اللّٰهِ	عَلَيْهِ صلے	وَ اتَّقُوا ❺	اللّٰهَ ط
اور	تم سب ذکر کرو	اللہ کا نام	اس پر	اور تم سب ڈر جاؤ	اللہ تعالیٰ سے

اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ (4)	اَلْيَوْمَ	اُحِلَّ ❻
بیشک	اللہ تعالیٰ	جلد لینے والے ہیں	حساب	آج	حلال کردی گئیں

لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ ط ❼	وَطَعَامُ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ
تمہارے لیے	تمام پاکیزہ چیزیں	اور کھانا	ان لوگوں کا جو	سب دیے گئے	کتاب

حِلٌّ	لَّكُمْ صلے	وَطَعَامُكُمْ	حِلٌّ	لَّهُمْ ز	وَ الْمُحْصَنٰتُ ❼
حلال ہے	تمہارے لیے	اور تمہارا کھانا	حلال ہے	ان کیلئے	اور پاک دامن عورتیں

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ ❼	وَ	الْمُحْصَنٰتُ ❼	مِنَ الَّذِيْنَ
مؤمن عورتوں میں سے	اور	پاک دامن عورتیں	ان لوگوں میں سے جو

ضروری وضاحت

❶علامت "یْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کرنیوالے" کا مفہوم ہوتا ہے ❸ "مِمَّا" دراصل "مِنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❹"ـْنَ" مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺شروع میں "اُ" اور آخر میں "وْا" میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻شروع میں "اُ" معنی میں تبدیلی لانے کیلئے اور شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼"ات" اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ	کتاب دیے گئے تم سے پہلے (حلال ہیں)
اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ	جبکہ تم دو انہیں ان کے مہر
مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ	(تم) نکاح میں لانے والے ہو نہ کہ بدکاری کرنیوالے
وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ	اور نہ چھپے دوست بنانے والے
وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ	اور جو انکار کرے ایمان (کی باتوں) کا
فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ز وَ هُوَ	تو یقیناً ضائع ہوگیا اس کا عمل اور وہ
فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿5﴾ ع	آخرت میں خسارہ پانے والوں میں ہوگا۔ ﴿5﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ	جب تم کھڑے ہو نماز کے لیے
فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ	تو دھولیا کرو اپنے منہ
وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ	اور اپنے ہاتھ کہنیوں تک (کہنیوں سمیت)
وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ	اور مسح کرلو اپنے سروں کا

ع 1/5/5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْكِتٰبَ : کتاب، کتابوں کی دنیا۔	قُمْتُمْ : قائم، قیام، مقیم۔
قَبْلِكُمْ : قبل از وقت، قبل از غذا۔	اِلَى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
غَيْرَ : غیر مسلم، غیر اسلامی، اغیار۔	فَاغْسِلُوْا : غسل جنابت، غسل خانہ۔
مُتَّخِذِيْٓ : اخذ، ماٗخوذ، مواخذہ۔	وُجُوْهَكُمْ : علیٰ وجہ البصیرت، متوجہ، توجہ، وجیہہ۔
بِالْاِيْمَانِ، اٰمَنُوْٓا : امن، ایمان، موٗمن۔	اَيْدِيَكُمْ : ید بیضاء، ید طولیٰ۔
الْاٰخِرَةِ : یوم آخرت، آخرت کی تیاری۔	امْسَحُوْا : مسح، سر کا مسح۔
الْخٰسِرِيْنَ : خسارہ، خائب و خاسر۔	بِرُءُوْسِكُمْ : رأس المال، رئیس۔

اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	اِذَآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ ❶
سب دیے گئے	کتاب	تم سے پہلے	جب (کہ)	دو تم سب انہیں

اُجُوْرَهُنَّ	مُحْصِنِيْنَ ❷	غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ❷	وَ لَا	مُتَّخِذِيْٓ ❷
انکے اجر (مہر)	سب نکاح میں لانے والے	نہ کہ سب بدکاری کرنیوالے	اور نہ	پکڑنے والے

اَخْدَانٍ ❸ ؕ	وَ مَنْ	يَّكْفُرْ ❹	بِالْاِيْمَانِ	فَقَدْ
چھپے دوست	اور جو	انکار کرے	ایمان (کی باتوں) کا	تو یقیناً

حَبِطَ	عَمَلُهٗ ؗ	وَ هُوَ	فِي الْاٰخِرَةِ ❺	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۟ ع (5)
ضائع ہوگیا	اس کا عمل	اور وہ	آخرت میں	خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا

ع 1 5 5

يٰٓاَيُّهَا ❻	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	قُمْتُمْ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	جب	تم سب اٹھو

اِلَى الصَّلٰوةِ ❺	فَاغْسِلُوْا ❼	وُجُوْهَكُمْ	وَ	اَيْدِيَكُمْ
نماز کی طرف	تو تم سب دھولیا کرو	اپنے چہروں کو	اور	اپنے ہاتھوں کو

اِلَى الْمَرَافِقِ	وَ	امْسَحُوْا ❼	بِرُءُوْسِكُمْ
کہنیوں تک	اور	تم سب مسح کرلو	اپنے سروں کا

ضروری وضاحت

❶ یہ لفظ اصل میں "اٰتَيْتُمْ+و+هُنَّ" ہے علامت "تُمْ" کے بعد اگر کوئی علامت آئے تو درمیان میں "و" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
❷ شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" میں کام "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "اَخْدَانِ" میں "ان" دو کے لیے نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے اور اس کا "ن" اصلی ہے۔ ❹ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ "يَا" اور "اَيُّهَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❼ شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ	اور اپنے پاؤں کو دونوں ٹخنوں تک (ٹخنوں سمیت)
وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا	اور اگر ہو تم جنابت (کی حالت) میں
فَاطَّهَّرُوْا ؕ	تو (نہا کر) طہارت حاصل کرو
وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ	اور اگر ہو تم بیمار یا سفر پر
اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ	یا آیا ہو تم میں سے کوئی ایک بیت الخلا سے (ہو کر)
اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ	یا تم نے چھوا ہو عورتوں کو (صحبت کی ہو)
فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً	پھر نہ تم پاؤ پانی
فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا	تو تیمّم کر لو پاک مٹی سے
فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ	پس مسح کرو اپنے چہروں کا
وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ	اور اپنے ہاتھوں کا اس (مٹی) سے
مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ	اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا
لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ	کہ ڈالے تم پر کوئی تنگی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جُنُبًا	:جنبی، حالتِ جنابت۔	تَجِدُوْا	:وجد، وجود، موجود۔
فَاطَّهَّرُوْا	:طیب و طاہر، ازواجِ مطہرات۔	فَتَيَمَّمُوْا	:تیمّم کرنا۔
مَّرْضٰۤى	:مرض، امراض، مریض۔	طَيِّبًا	:طیب و طاہر، طیب چیزیں، کلمہ طیبہ۔
عَلٰى	:علی الاعلان، علی العموم۔	فَامْسَحُوْا	:مسح کرنا۔
النِّسَآءَ	:تربیتِ نسواں، نسوانیت۔	بِوُجُوْهِكُمْ	:علیٰ وجہ البصیرت، توجہ، متوجہ، وجیہہ۔
اَحَدٌ	:واحد حل، وحدت، توحید۔	اَيْدِيْكُمْ	یدِ طولیٰ، یدِ بیضا۔
مِنْكُمْ	:منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔	يُرِيْدُ	:ارادہ، مرید، مراد۔

وَ	اَرۡجُلَكُمۡ ❶	اِلَى الۡكَعۡبَيۡنِ ؕ	وَ اِنۡ	كُنۡتُمۡ	جُنُبًا
اور	اپنے پاؤں	دونوں ٹخنوں تک	اور اگر	ہو تم	جنابت کی حالت میں

فَاطَّهَّرُوۡا ؕ ❷	وَ اِنۡ	كُنۡتُمۡ	مَّرۡضٰٓى	اَوۡ
توسب طہارت حاصل کرو	اور اگر	ہو تم	بیمار	یا

عَلٰى سَفَرٍ	اَوۡ	جَآءَ	اَحَدٌ ❸	مِّنۡكُمۡ	مِّنَ الۡغَآئِطِ
سفر پر	یا	آیا ہو	کوئی ایک	تم میں سے	بیت الخلا سے

اَوۡ	لٰمَسۡتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمۡ	تَجِدُوۡا
یا	تم نے صحبت کی ہو	عورتوں سے	پھر نہ	تم سب پاؤ

مَآءً	فَتَيَمَّمُوۡا ❹	صَعِيۡدًا طَيِّبًا	فَامۡسَحُوۡا ❷
پانی	تو تم سب تیمّم کرلو	پاک مٹی سے	پس تم سب مسح کرو

بِوُجُوۡهِكُمۡ	وَ	اَيۡدِيۡكُمۡ	مِّنۡهُ ؕ	مَا
اپنے چہروں کا	اور	اپنے ہاتھوں کا	اس (مٹی) سے	نہیں

يُرِيۡدُ ❺	اللّٰهُ	لِيَجۡعَلَ	عَلَيۡكُمۡ	مِّنۡ حَرَجٍ ❻
چاہتا	اللہ تعالیٰ	کہ وہ ڈالے	تم پر	کوئی تنگی

ضروری وضاحت

❶ "اَرۡجُلَكُمۡ" کے شروع میں "ا" جمع بنانے کے لیے استعمال ہوا ہے اس کا ترجمہ "میں" نہیں ہے۔ ❷ اگر فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت (تنوین) میں کبھی اسم کے عام ہونے کا مفہوم بھی ہوتا ہے اسی لیے یہاں ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❹ یہاں علامت "ت" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❺ یہاں علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ یہاں "مِنۡ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ
اور لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ
اور یہ کہ پوری کرے اپنی نعمت تم پر

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿6﴾ وَاذْكُرُوْا
تا کہ تم شکر کرو۔ ﴿6﴾ اور یاد کرو

نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
اللہ کے احسان کو (جو) تم پر (اس نے کیا ہے)

وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ
اور اس کے عہد کو جو (کہ) پختگی سے لیا تم سے اس کو

اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۡ
جب تم نے کہا ہم نے سن لیا اور ہم نے مان لیا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ تعالیٰ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿7﴾
خوب جاننے والا ہے سینوں والی بات کو۔ ﴿7﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا
اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! ہو جاؤ

قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ
قائم رہنے والے اللہ کیلئے گواہی دینے والے

بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ
انصاف کی اور نہ ہرگز آمادہ کرے تم کو

شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ
کسی قوم کی دشمنی اس بات پر کہ تم عدل نہ کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
- لِيُطَهِّرَ : ازواج مطہرات، طاہر، طہارت۔
- لِيُتِمَّ : تمام، تمت، اتمام حجت۔
- نِعْمَتَهٗ : اللہ کی نعمت، انعام۔
- تَشْكُرُوْنَ : شکر، اظہارِ تشکر، مشکور، شکر گزار۔
- اذْكُرُوْا : ذکر، اذکار، تذکیر، مذکور۔
- مِيْثَاقَهٗ، وَاثَقَكُمْ : میثاقِ مدینہ، وثوق، امیدواثق۔
- سَمِعْنَا : سمع وبصر، قوتِ سماعت، سمعی وبصری معاونت۔
- اَطَعْنَا : اطاعت، مطیع۔
- اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔
- بِذَاتِ : ذاتی طور پر، ذاتیات۔
- الصُّدُوْرِ : شقِ صدر، شرحِ صدر۔
- قَوّٰمِيْنَ : قائم، قیام، قوام۔
- بِالْقِسْطِ : قسط، اقساط، قسطوں پر۔

وَ لٰكِنْ	يُّرِيْدُ	لِيُطَهِّرَكُمْ ❶	وَ	لِيُتِمَّ ❶	نِعْمَتَهٗ
اور لیکن	وہ چاہتا ہے	کہ وہ پاک کرے تمہیں	اور	تا کہ وہ پوری کرے	اپنی نعمت

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ❷ (6)	وَ	اذْكُرُوْا ❸	نِعْمَةَ اللّٰهِ
تم پر	تا کہ تم سب شکر کرو	اور	تم سب یاد کرو	اللہ کے احسان کو

عَلَيْكُمْ	وَ	مِيْثَاقَهُ	الَّذِيْ	وَاثَقَكُمْ	بِهٖٓ لا
(جو) تم پر (اس نے کیا)	اور	اس کے عہد کو	جو (کہ)	تم سے پختگی سے لیا	اس کو

اِذْ	قُلْتُمْ	سَمِعْنَا	وَ	اَطَعْنَا ز	وَ	اتَّقُوا اللّٰهَ ❸ ط
جب	تم نے کہا	ہم نے سن لیا	اور	ہم نے مان لیا	اور	تم سب اللہ سے ڈرو

اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ ❹	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (7)	يٰٓاَيُّهَا ❺	الَّذِيْنَ
بیشک	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا ہے	سینوں والی (بات) کو	اے	وہ لوگو جو

اٰمَنُوْا	كُوْنُوْا	قَوّٰمِيْنَ ❻	لِلّٰهِ	شُهَدَآءَ	بِالْقِسْطِ
سب ایمان لائے ہو	تم سب ہو جاؤ	قائم رہنے والے	اللہ کیلئے	گواہی دینے والے	انصاف کی

وَ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ ❼	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ ❽	عَلٰٓى	اَلَّا ❾	تَعْدِلُوْا ط
اور	نہ ہرگز آمادہ کرے تمہیں	دشمنی	کسی قوم کی	(اس بات) پر	کہ نہ	تم سب عدل کرو

ضروری وضاحت

❶جب فعل کے شروع میں "لِ" اور آخر میں "زبر" ہو تو ترجمہ "تا کہ" یا "کہ" کیا جاتا ہے۔❷"کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔
❸فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے❹اس سانچے میں ڈھلے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔
❺"یَا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔❻"ین" جمع مذکر کیلئے ہے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❼"یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❽ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کسی" کیا گیا ہے۔❾"اَلَّا" اصل میں "اَنْ+لَا" کا مجموعہ ہے۔

اِعۡدِلُوۡا ۚ هُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰى ۡ	عدل کیا کرو (کہ) وہ زیادہ قریب ہے تقویٰ کے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اور اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ، بیشک اللہ تعالیٰ
خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿8﴾	خوب باخبر ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿8﴾
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	اللہ نے وعدہ فرمایا ہے ان لوگوں سے جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ	اور نیک اعمال کرتے رہے (کہ)
لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿9﴾	ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ ﴿9﴾
وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا
بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ﴿10﴾	ہماری آیتوں کو وہی لوگ جہنم والے ہیں۔ ﴿10﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوۡا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! یاد کرو
نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ	اللہ کے احسان کو (جو اس نے کیا ہے) تم پر
اِذۡ هَمَّ قَوۡمٌ	جب ارادہ کیا ایک قوم نے
اَنۡ يَّبۡسُطُوۡۤا اِلَيۡكُمۡ اَيۡدِيَهُمۡ	کہ وہ بڑھائیں تمہاری طرف اپنے ہاتھوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعۡدِلُوۡا : عدل، عدالت، عدلیہ، عادل۔	مَّغۡفِرَةٌ : مرحوم ومغفور، دعائے مغفرت۔
اَقۡرَبُ : اقرب، قریبی، قرابت۔	كَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار۔
اَكّٰلُوْنَ	:اکل و شرب، ماٗکولات۔	بِالْقِسْطِ، الْمُقْسِطِيْنَ	:قسط، اقساط۔

لَهُمْ	فِی الدُّنْیَا	خِزْیٌ ۚ	وَّ	لَهُمْ	فِی الْاٰخِرَةِ ❶
ان کے لیے	دنیا میں (بھی)	رسوائی ہے	اور	ان کے لیے	آخرت میں

عَذَابٌ	عَظِیْمٌ (41)	سَمّٰعُوْنَ ❷	لِلْكَذِبِ ❸
عذاب ہے	بڑا	سب کان لگانے والے ہیں	جھوٹ کے لیے

اَكّٰلُوْنَ ❷	لِلسُّحْتِ ؕ	فَاِنْ	جَآءُوْكَ ❹	فَاحْكُمْ ❺
سب بہت کھانے والے ہیں	حرام کو	پس اگر	وہ سب آئیں آپکے پاس	تو آپ فیصلہ کریں

بَیْنَهُمْ	اَوْ	اَعْرِضْ ❺	عَنْهُمْ ۚ	وَ اِنْ
ان کے درمیان	یا	آپ اعراض کریں	ان سے	اور اگر

تُعْرِضْ	عَنْهُمْ	فَلَنْ	یَّضُرُّوْكَ	شَیْـًٔا ؕ
آپ اعراض کریں	ان سے	تو ہرگز نہیں	وہ سب بگاڑ سکیں گے آپ کا	کچھ بھی

وَ	اِنْ	حَكَمْتَ	فَاحْكُمْ ❺	بَیْنَهُمْ
اور	اگر	آپ فیصلہ کریں	تو آپ فیصلہ کریں	ان کے درمیان

بِالْقِسْطِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	یُحِبُّ ❻	الْمُقْسِطِیْنَ (42)
انصاف سے	بیشک	اللہ	پسند کرتا ہے	سب انصاف کرنے والوں کو

ضروری وضاحت

❶ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "سَمّٰعُوْنَ" اور "اَكّٰلُوْنَ" کی شد میں "مبالغے" کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کان لگانے والے" اور "اَكّٰلُوْنَ" میں "بہت کھانے والے" کیا گیا ہے۔ ❸ مراد "جھوٹ" کی طرف ہے۔ ❹ "وا" کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "جزم" ہو تو کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو ترجمہ "کرنیوالا" کیا جاتا ہے۔

وَ كَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ	اور کیونکر یہ فیصلہ کرائیں گے آپ سے
وَ عِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ	حالانکہ ان کے پاس تورات ہے
فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ	(اور) اس میں اللہ کا حکم بھی موجود ہے
ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ	پھر منہ پھیر لیتے ہیں اس (کو جان لینے) کے بعد
وَ مَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿43﴾	اور نہیں وہ ایمان لانے والے ہی۔ ﴿43﴾
اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ	بیشک ہم نے اتاری تورات
فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ ۚ	اس میں ہدایت اور روشنی ہے
يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ	حکم دیتے رہے اس کے مطابق تمام انبیاء جو
اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا	فرمانبردار تھے، اُن لوگوں کو جو یہودی ہوئے
وَ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَ الْاَحْبَارُ	اور مشائخ (رب والے) اور علماء (بھی)
بِمَا اسْتُحْفِظُوْا	(اس) وجہ سے جو وہ محافظ بنائے گئے تھے
مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَ كَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ	اللہ کی کتاب کے اور وہ تھے اس پر گواہ

ع 6/9/10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحَكِّمُوْنَكَ: حاکم، محکوم، حکومت۔	اَنْزَلْنَا: نازل، نزول، منزل۔
عِنْدَهُمُ: عندالطلب، عندالضرورت۔	هُدًى: ہدایت، ہادیٔ کائنات۔
فِيْهَا: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	نُوْرٌ: نور، نورانیت، منور۔
حُكْمُ: حکمِ الٰہی، حکمِ ربانی۔	اَسْلَمُوْا: اسلام، مسلم، مسلمان۔
مِنْ: منجانب، منجملہ، من وعن۔	الرَّبّٰنِيُّوْنَ: رب، ربوبیت، حکمِ ربانی۔
بَعْدِ: بعدازموت، بعدازغذا۔	اسْتُحْفِظُوْا: حافظ، محفوظ، تحفیظ القرآن۔
بِالْمُؤْمِنِيْنَ: امن، ایمان، مؤمن۔	شُهَدَآءَ: شہید، شاہد، شہادت، شہداء۔

ع 6 9 10

وَ كَيْفَ	يُحَكِّمُوْنَكَ	وَ	عِنْدَهُمُ	التَّوْرٰىةُ ❶
اور کیونکر	وہ سب فیصلہ کرائیں گے آپ سے	حالانکہ	ان کے پاس	تورات ہے

فِيْهَا	حُكْمُ اللّٰهِ	ثُمَّ	يَتَوَلَّوْنَ ❷	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ❸ ط
اس میں	اللہ کا حکم (موجود) ہے	پھر	وہ سب منہ پھیر لیتے ہیں	اس کے بعد

وَ	مَآ	اُولٰٓئِكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ ❹ ﴿43﴾	اِنَّآ اَنْزَلْنَا ❺
اور	نہیں	وہ لوگ	سب ایمان لانے والے	بیشک ہم نے اتاری

التَّوْرٰىةَ ❶	فِيْهَا	هُدًى	وَّ نُوْرٌ ج	يَحْكُمُ ❻	بِهَا
تورات	اس میں	ہدایت	اور روشنی ہے	حکم دیتے رہے	اس کے (مطابق)

النَّبِيُّوْنَ	الَّذِيْنَ	اَسْلَمُوْا	لِلَّذِيْنَ	هَادُوْا
تمام انبیاء	جو	سب فرمانبردار تھے	اُن لوگوں کو جو	سب یہودی ہوئے

وَ	الرَّبّٰنِيُّوْنَ	وَ	الْاَحْبَارُ	بِمَا	اسْتُحْفِظُوْا
اور	سب مشائخ	اور	علماء	(اس) وجہ سے جو	وہ سب محافظ بنائے گئے تھے

مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ ❼	وَ	كَانُوْا	عَلَيْهِ	شُهَدَآءَ ج
اللہ کی کتاب کے	اور	وہ سب تھے	اس پر	گواہ

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "يَتَوَلَّوْنَ" میں علامت "تَ" کام کو اہتمام سے کرنے کے لیے استعمال ہوئی ہے۔ ❸ لفظ "بَعْدِ" سے پہلے "مِنْ" ہو تو اس "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ "بِ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "اِنَّا" اصل میں "اِنَّنَا" تھا تخفیف کے لیے ایک "نون" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❻ یہاں علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے ضرورتاً "کے" کیا گیا ہے۔

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ	پس تم نہ ڈرو لوگوں سے اور ڈرو مجھ سے
وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ	اور نہ بدلے میں لو میری آیتوں کے تھوڑی قیمت
وَ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اور جو نہ حکم دے اس کا جو اللہ نے اتارا ہے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿44﴾	تو وہی لوگ ہی کافر ہیں۔ ﴿44﴾
وَ كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ	اور ہم نے فرض کیا اُن پر اس (تورات) میں
اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ	کہ بیشک جان کے بدلے جان
وَ الْعَيْنَ بِالْعَيْنِ	اور آنکھ کے بدلے آنکھ (پھوڑی جائے)
وَ الْاَنْفَ بِالْاَنْفِ	اور ناک کے بدلے ناک (کاٹی جائے)
وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ	اور کان کے بدلے کان (کاٹا جائے)
وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ	اور دانت کے بدلے دانت (اکھاڑا جائے)
وَ الْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ	اور زخموں کا (بھی اسی طرح) بدلہ ہے
فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ	پس جو صدقہ (معاف) کردے اس کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَلَا	:لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔	يَحْكُمْ	:حکم، حاکم، محکوم۔
تَخْشَوُا، اخْشَوْنِ	:خشیت الٰہی۔	اَنْزَلَ	:نازل، نزول، منزل۔
الْعَيْنَ	:عینی شاہد، عین سامنے، عین درمیان۔	الْكٰفِرُوْنَ	:کفر، کفار، کافر۔
تَشْتَرُوْا	:بیع وشرا، مشتری ہوشیار باش۔	كَتَبْنَا	:کاتب، کتاب، مکتوب۔
بِاٰيٰتِىْ	:قرآنی آیات۔	الْجُرُوْحَ	:فاضل الطب والجراحت، آلات جراحی۔
ثَمَنًا	:زرِ ثمن۔	قِصَاصٌ	:دیت وقصاص، قصاص میں قتل کرنا۔
قَلِيْلًا	:قلیل مدت، قلیل دن۔	تَصَدَّقَ	:صدقہ وخیرات، صدقات۔

فَلَا تَخْشَوُا ❶	النَّاسَ	وَ	اخْشَوْنِ ❷	وَلَا تَشْتَرُوْا ❶
پس نہ تم سب ڈرو	لوگوں سے	اور	تم سب مجھ سے ڈرو	اور نہ تم سب بدلے میں لو

بِاٰیٰتِیْ	ثَمَنًا	قَلِیْلًا ؕ	وَ مَنْ	لَّمْ	یَحْکُمْ ❸
میری آیتوں کے	قیمت	تھوڑی	اور جو	نہ	حکم دے

بِمَآ	اَنْزَلَ ❹	اللّٰہُ ❺	فَاُولٰٓئِکَ	هُمُ الْکٰفِرُوْنَ ❻ (44)
(اس) کا جو	اتارا ہے	اللہ نے	تو وہی لوگ	ہی سب کافر ہیں

وَ	کَتَبْنَا	عَلَیْهِمْ	فِیْهَآ	اَنَّ	النَّفْسَ	بِالنَّفْسِ ۙ
اور	ہم نے فرض کیا	اُن پر	اس (تورات) میں	کہ بیشک	جان	جان کے بدلے میں

وَ	الْعَیْنَ	بِالْعَیْنِ	وَ	الْاَنْفَ	بِالْاَنْفِ
اور	آنکھ	آنکھ کے بدلے میں	اور	ناک	ناک کے بدلے میں

وَ	الْاُذُنَ	بِالْاُذُنِ	وَ	السِّنَّ	بِالسِّنِّ ۙ
اور	کان	کان کے بدلے میں	اور	دانت	دانت کے بدلے میں

وَ	الْجُرُوْحَ	قِصَاصٌ ؕ	فَمَنْ	تَصَدَّقَ ❼	بِهٖ
اور	زخموں کا (بھی)	بدلہ ہے	پس جو	صدقہ (معاف) کردے	اس کو

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں "لا" اور آخر میں "وا" میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ "اِخْشَوْنِ" اصل میں "اِخْشَوْنِیْ" تھا اسکے آخر میں "ی" کو گرادیا گیا ہے۔ ❸ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "اَنْزَلَ" کے شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے آیا ہے۔ "نَزَلَ" اترا "اَنْزَلَ" اتارا۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں "پیش" ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
❻ "هُمْ" اور "اَلْ" دونوں میں "ہی" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ "تَصَدَّقَ" کی "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ	تو وہ کفارہ ہوگا اس کے لیے
وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اور جو نہ حکم دے اس کے مطابق جو اللہ نے نازل کیا
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (45)	تو وہی لوگ ہی ظالم ہیں۔ (45)
وَ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ	اور ہم نے بھیجا اُن (نبیوں) کے نقش قدم پر
بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا	عیسیٰ بن مریم کو (جو) تصدیق کرنے والے تھے
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ص	اس کی جو اس سے پہلے آئی تورات
وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ ۙ	اور ہم نے دی اسے انجیل اُس میں ہدایت اور روشنی ہے
وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ	اور تصدیق کرنیوالی ہے اس کی جو اس سے پہلے آئی تورات
وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ؕ (46)	اور ہدایت اور نصیحت ہے پرہیز گاروں کیلئے۔ (46)
وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ	اور چاہیے کہ حکم دیا کریں اہل انجیل
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ	اس کا جو اللہ نے اتارا اس (انجیل) میں
وَ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اور جو نہیں حکم دیتا اس کا جو اللہ نے اُتارا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَّارَةٌ	:گناہوں کا کفارہ، قسم کا کفارہ۔
يَحْكُمْ	:حکم، حاکم، محکوم۔
اَنْزَلَ	:نزول قرآن، نازل، منزل۔
الظّٰلِمُوْنَ	:ظلم، ظالم، مظلوم۔
عَلٰى	:علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
اٰثَارِهِمْ	:آثار قدیمہ، بچنے کے آثار۔
مُصَدِّقًا	:صادق و مصدوق، تصدیق، مصدقہ نقل۔
بَيْنَ	:بین الاقوامی، مابین، بین السطور۔
يَدَيْهِ	:یدِ طولیٰ، یدِ بیضاء۔
فِيْهِ	:فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
هُدًى	:ہدایت، ہادی کائنات۔
نُوْرٌ	:نور حق، نورِ ہدایت، نورانیت۔
مَوْعِظَةً	:وعظ، واعظین۔
لِّلْمُتَّقِيْنَ	:تقویٰ، متقی، متقین۔

فَھُوَ	کَفَّارَۃٌ❶	لَّہٗ ؕ	وَ مَنْ	لَّمْ	یَحْکُمْ❷	بِمَآ	اَنْزَلَ❸
تو وہ	کفارہ ہوگا	اس کیلئے	اور جو	نہ	حکم دے	(اس) کا جو	نازل کیا

اللّٰہُ	فَاُولٰٓئِکَ	ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ❹ (45)	وَ	قَفَّیْنَا	عَلٰٓی اٰثَارِھِمْ
اللہ نے	تو وہی لوگ	ہی سب ظالم ہیں	اور	ہم نے بھیجا	اُن (نبیوں) کے نقش قدم پر

بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَیْنَ یَدَیْہِ❺	مِنَ التَّوْرٰۃِ❶ ص
عیسیٰ ابن مریم کو	تصدیق کرنیوالے تھے	(اس) کی جو	اس سے آگے ہے	تورات سے

وَ	اٰتَیْنٰہُ	الْاِنْجِیْلَ	فِیْہِ	ھُدًی	وَّ نُوْرٌ ۙ
اور	ہم نے دی اسے	انجیل	اُس میں	ہدایت	اور روشنی ہے

وَّ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَیْنَ یَدَیْہِ❺	مِنَ التَّوْرٰۃِ❶	وَ	ھُدًی
اور	تصدیق کرنیوالی ہے	(اس) کی جو	اس سے پہلے آئی	تورات سے	اور	ہدایت

وَّ	مَوْعِظَۃً❶	لِّلْمُتَّقِیْنَ ؕ (46)	وَلْیَحْکُمْ❷❻	اَھْلُ الْاِنْجِیْلِ	بِمَآ
اور	نصیحت ہے	پرہیزگاروں کیلئے	اور چاہیے کہ وہ حکم دیں	اہل انجیل	(اس) کا جو

اَنْزَلَ❸	اللّٰہُ	فِیْہِ ؕ	وَمَنْ	لَّمْ یَحْکُمْ❷	بِمَآ	اَنْزَلَ❸	اللّٰہُ
اُتارا	اللہ نے	اُس میں	اور جو	نہیں حکم دیتا	(اس) کا جو	اُتارا	اللہ نے

ضروری وضاحت

❶علامت "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸"اَنْزَلَ" کے شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے آیا ہے۔"نَزَلَ" اُترا "اَنْزَلَ" اُتارا۔ ❹"ھُمْ" اور "اَلْ" دونوں میں "ہی" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺"بَیْنَ یَدَیْہِ" کا لفظی ترجمہ "اس کے ہاتھوں کے درمیان" ہے مراد اس سے آگے یعنی "پہلے" ہے یہاں "بَیْنَ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❻"وَ" یا "فَ" کے بعد اگر "جزم والا لام" ہو تو اس "لْ" کا ترجمہ "چاہیے کہ" ہوتا ہے۔

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (47)	تو وہ لوگ ہی نافرمان ہیں۔ (47)
وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ	اور ہم نے اتاری آپ کی طرف کتاب حق کے ساتھ
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ	تصدیق کرنیوالی ہے اسکی جو کتاب اس سے پہلے ہے
وَ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ	اور نگران ہے اس پر، پس فیصلہ کرو اُن کے درمیان
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اس کے مطابق جو اللہ نے اتارا ہے
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ	اور نہ پیروی کرو ان کی خواہشات کی
عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ	اس سے (ہٹ کر) جو آیا ہے تیرے پاس حق
لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ	ہم نے مقرر کیا ہے تم میں سے ہر ایک کے لیے
شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ	ایک دستور اور طریقہ اور اگر اللہ چاہتا (تو)
لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً	البتہ بنا دیتا تم سب کو ایک امت (ایک شریعت پر)
وَّ لٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ	اور لیکن (وہ چاہتا ہے) کہ وہ آزمائے تمہیں
فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ	(ان احکام کے بارے) میں جو اس نے دیے ہیں تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْفٰسِقُوْنَ	فسق و فجور، فاسق و فاجر۔	فَاحْكُمْ	حکم، حاکم، محکوم۔
اَنْزَلْنَآ، اَنْزَلَ	نازل، شانِ نزول، منزل۔	بَيْنَهُمْ	بین الاقوامی، بین السطور۔
اِلَيْكَ	الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔	تَتَّبِعْ	متبع سنت، اتباع رسول، تابع فرمان۔
بِالْحَقِّ	حق و صداقت، حقیقی، حقیقت۔	لِكُلٍّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مُصَدِّقًا	مصدقہ نقل، صادق و مصدوق، تصدیق۔	شِرْعَةً	شریعت، شرعی احکام، شرعی مسائل۔
يَدَيْهِ	ید طولیٰ، ید بیضاء۔	مِنْهَاجًا	منهاج النبوة، اسی نہج پر، سلفی منہج۔
عَلَيْهِ	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	لِّيَبْلُوَكُمْ	بلا، ابتلا، مبتلا۔

فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ❶ (47)	وَ	اَنْزَلْنَآ ❷	اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ
تو وہی لوگ	ہی سب نافرمان ہیں	اور	ہم نے اتاری	آپ کی طرف	کتاب

بِالْحَقِّ	مُصَدِّقًا ❸	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ ❹	مِنَ الْكِتٰبِ ❺
حق کے ساتھ	تصدیق کرنیوالی ہے	(اس) کی جو	اس سے آگے ہے	کتاب

وَ	مُهَيْمِنًا ❸	عَلَيْهِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِمَآ
اور	نگرانی کرنیوالی ہے	اس پر	پس فیصلہ کرو	اُن کے درمیان	(اس) کا جو

اَنْزَلَ ❷	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ ❻	اَهْوَآءَهُمْ	عَمَّا ❼
اُتارا ہے	اللہ نے	اور	نہ پیروی کرو	ان کی خواہشات کی	(اس) سے جو

جَآءَكَ	مِنَ الْحَقِّ ؕ	لِكُلٍّ	جَعَلْنَا ❷	مِنْكُمْ
جو آیا ہے تیرے پاس	حق سے	ہر ایک کے لیے	ہم نے مقرر کیا ہے	تم میں سے

شِرْعَةً ❽	وَّ	مِنْهَاجًا ؕ	وَ لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ
ایک دستور	اور	طریقہ	اور اگر	اللہ چاہتا	البتہ بنا دیتا تمہیں

اُمَّةً وَّاحِدَةً ❽	وَّلٰكِنْ	لِّيَبْلُوَكُمْ	فِيْ مَآ	اٰتٰىكُمْ
ایک امت	اور لیکن	تا کہ وہ آزمائے تمہیں	(اُن احکام کے بارے) میں جو	اس نے دیے ہیں تمہیں

ضروری وضاحت

❶"هُمْ" کے بعد "اَلْ" ہو تو دونوں میں "ہی" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷"اَنْزَلَ" کے شروع میں "اَ" معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ ❸ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کرنیوالا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹"بَيْنَ يَدَيْهِ" کا لفظی ترجمہ "اسکے ہاتھوں کے درمیان" مراد اس سے آگے یعنی "پہلے" ہے اور "بَيْنَ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺"مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ شروع میں "لا" اور آخر میں "جزم" ہو تو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼"عَمَّا = عَنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❽"ة" "مؤنث" کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ	تو ایک دوسرے سے آگے بڑھو بھلائی کے کاموں میں،
اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ	اللہ ہی کی طرف تم سب کا لوٹنا ہے پس وہ خبر دے گا تمہیں
بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۙ ﴿48﴾	اس کی جو (کہ) تم تھے اس میں اختلاف کرتے۔ ﴿48﴾
وَ اَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ	اور یہ کہ فیصلہ کرو ان کے درمیان
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اس کے مطابق جو اللہ نے نازل کیا
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ	اور نہ پیروی کرو اُنکی خواہشات کی
وَ احْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ	اور بچو ان سے کہ وہ (بہکا کر) فتنے میں مبتلا (نہ) کریں آپکو
عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	بعض (ایسے احکام) سے جو اللہ نے اتارے
اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ	آپکی طرف، پھر اگر یہ پھر جائیں تو جان لو
اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ	بیشک اللہ چاہتا ہے کہ پہنچائے انہیں (سزا)
بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَ اِنَّ	اُن کے بعض گناہوں کے سبب، اور بیشک
كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿49﴾	لوگوں میں سے بہت سے یقیناً نافرمان ہیں۔ ﴿49﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاسْتَبِقُوا : سبقت کرنا، مسابقت بازی۔	تَتَّبِعْ : اتباعِ رسول، متبع سنت، تابع فرماں۔
الْخَيْرٰتِ : صدقہ وخیرات، خیرات کے کام۔	يَفْتِنُوْكَ : فتنہ وفساد، فتنوں کی سرزمین، فتنہ باز۔
مَرْجِعُكُمْ : رجوع، مراجعت، رجعت پسندی۔	بَعْضِ : بعض اوقات، بعض دفعہ۔
جَمِيْعًا : جمیع کائنات، جماعت، جمع۔	اِلَيْكَ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
فَيُنَبِّئُكُمْ : نبوت، انبیاء (وحی کی خبر دینے والے)۔	فَاعْلَمْ : علم، عالم، معلوم، تعلیمات۔
تَخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف گروہ، مختلف فرقے۔	يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، منزل۔	يُّصِيْبَهُمْ : مصیبت، مصائب۔

فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ ❶ ط	اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا
توتم سب ایک دوسرے سے آگے بڑھو	بھلائی (کے کاموں) میں	اللہ ہی کی طرف	تمہارا لوٹنا ہے	سب کا

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ (48) لا	وَ اَنِ ❷
پس وہ خبر دے گا تمہیں	(اس) کی جو	تم تھے	اس میں	تم سب اختلاف کرتے	اور یہ کہ

احْكُمْ ❸	بَيْنَهُمْ	بِمَآ	اَنْزَلَ ❹	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ ❺
فیصلہ کرو	انکے درمیان	اس کے مطابق جو	نازل کیا	اللہ نے	اور	نہ پیروی کریں

اَهْوَآءَهُمْ	وَ	احْذَرْهُمْ ❸	اَنْ	يَّفْتِنُوْكَ ❻	عَنْۢ بَعْضِ
اُنکی خواہشات کی	اور	بچو اِن سے	کہ	وہ سب آپکو فتنے میں مبتلا کریں	بعض (احکام) سے

مَآ	اَنْزَلَ ❹	اللّٰهُ	اِلَيْكَ ط	فَاِنْ	تَوَلَّوْا ❼	فَاعْلَمْ ❸
جو	اُتارا	اللہ نے	آپ کی طرف	پھر اگر	یہ سب پھر جائیں	تو جان لو

اَنَّمَا	يُرِيْدُ ❽	اللّٰهُ	اَنْ	يُّصِيْبَهُمْ	بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ط
بیشک	چاہتا ہے	اللہ	کہ	وہ پہنچائے انہیں (سزا)	انکے بعض گناہوں کی وجہ سے

وَ	اِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ النَّاسِ	لَفٰسِقُوْنَ (49)
اور	بیشک	بہت	لوگوں میں سے	یقیناً سب نافرمان ہیں

ضروری وضاحت

❶"ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❷"اَنْ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "زیر" دی گئی ہے۔
❸شروع میں "ا" اور آخر میں "جزم" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❹یہاں "اُ" معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔❺فعل
کے شروع میں "لا" اور آخر میں "جزم" ہو تو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❻علامت "و" کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا
"الف" گر جاتا ہے۔❼"تَوَلَّوْ" کی "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔❽"یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَ فَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ	تو کیا زمانہ جاہلیت کا حکم یہ (لوگ) چاہتے ہیں
وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا	اور کون زیادہ بہتر ہے اللہ سے حکم دینے میں
لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ع ﴿50﴾	اس قوم کو (جو) یقین رکھتے ہیں۔ ع ﴿50﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا	اے لوگو جو ایمان لائے ہو! مت بناؤ
الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ۘ	یہود و نصاریٰ کو دوست
بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ	ان میں سے بعض، بعض کے دوست ہیں۔
وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ	اور جو دوستی لگائے گا ان (کے ساتھ) تم میں سے
فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ	تو بیشک وہ انہی میں سے ہے
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿51﴾	بیشک اللہ نہیں ہدایت دیتا ظالم قوم کو۔ ﴿51﴾
فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ	پس آپ دیکھتے ہیں ان لوگوں کو (کہ) اُن کے دلوں میں
مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ	(نفاق) کی بیماری ہے وہ جلدی کرتے ہیں
فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰۤى	اُن (کی دوستی) میں ، کہتے ہیں ہم ڈرتے ہیں

ع 7/7 11

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل عند البعض

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْجَاهِلِيَّةِ :جاہلیت کے رسم و رواج، زمانہ جاہلیت۔	اَوْلِيَآءَ ، يَتَوَلَّهُمْ :ولی، ولایت، اولیائے کرام۔
حُكْمًا :حکم ربی، حکم الٰہی۔	مِّنْكُمْ :منجانب، منجملہ، من وعن۔
اَحْسَنُ :احسن اقدام، داد تحسین۔	يَهْدِى :ہدایت، ہادی کائنات۔
لِّقَوْمٍ :قوم، اقوام، قومیت۔	الظّٰلِمِيْنَ :ظلم، ظالم، مظلوم۔
يُّوْقِنُوْنَ :یقین، یقینی طور پر۔	فَتَرَى :رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیا۔
اٰمَنُوْا :امن، ایمان، مؤمن۔	قُلُوْبِهِمْ :قلوب و اذہان، قلبی تعلق۔
تَتَّخِذُوا :اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	مَّرَضٌ :مرض، مریض، امراض قلب۔

اَفَحُكْمَ	الْجَاهِلِيَّةِ ❶	يَبْغُوْنَ ؕ	وَ مَنْ	اَحْسَنُ ❷
تو کیا حکم	(زمانہ) جاہلیت کا	وہ سب چاہتے ہیں	اور کون ہے	زیادہ بہتر

ع 7/7 11

مِنَ اللّٰهِ	حُكْمًا	لِّقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ ۧ (50)	يٰۤاَيُّهَا ❸	الَّذِيْنَ
اللہ تعالیٰ سے	حکم دینے میں	اس قوم کیلئے	(جو) وہ سب یقین رکھتے ہیں	اے	وہ لوگو جو

اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوا ❹	الْيَهُوْدَ	وَ	النَّصٰرٰۤى	اَوْلِيَآءَ ؔ
سب ایمان لائے ہو!	مت تم سب بناؤ	یہودیوں کو	اور	نصاریٰ کو	دوست

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل عند البعض

بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ ؕ	وَ مَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ ❺	مِّنْكُمْ
ان میں سے بعض	دوست ہیں	بعض کے	اور جو	دوستی لگائے گا ان سے	تم میں سے

فَاِنَّهٗ	مِنْهُمْ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا	يَهْدِى	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ❻ (51)
تو بیشک وہ	ان میں سے ہے	بیشک اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	ظالم قوم کو

فَتَرَى	الَّذِيْنَ	فِىْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
پس آپ دیکھتے ہیں	ان لوگوں کو (کہ)	انکے دلوں میں	(نفاق کی) بیماری ہے

يُّسَارِعُوْنَ	فِيْهِمْ	يَقُوْلُوْنَ	نَخْشٰٓى
(کہ) وہ سب جلدی کرتے ہیں	اُن (کی دوستی) میں	وہ سب کہتے ہیں	ہم ڈرتے ہیں

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" "واحد مؤنث" کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "اَحْسَنُ" کے "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "یَا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❹ شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ "یَتَوَلَّھُمْ" میں "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور علامت "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❻ "یْنَ" جمع مذکر کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ "قَوْمٌ" لفظ تو واحد ہے لیکن معنیٰ جمع کا ہے کیونکہ اس میں ایک سے زیادہ افراد شامل ہوتے ہیں اس لیے اسکے ساتھ "ظَالِمِیْنَ" جمع آیا ہے۔

اَنۡ تُصِيۡبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ	کہ (کہیں نہ) پہنچے ہمیں گردش (زمانہ کا انقلاب)
فَعَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّاۡتِىَ بِالۡفَتۡحِ	پس قریب ہے اللہ کہ لے آئے (تم پر) فتح کو
اَوۡ اَمۡرٍ مِّنۡ عِنۡدِهٖ	یا کوئی صورت اپنی طرف سے (غلبے کی)
فَيُصۡبِحُوۡا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوۡا	پس ہوجائیں وہ اس پر جو انہوں نے چھپا رکھا تھا
فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ نٰدِمِيۡنَ ؕ (52)	اپنے نفسوں میں شرمندہ ہونیوالے۔ (52)
وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَهٰٓؤُلَآءِ	اور کہیں گے وہ لوگ جو ایمان لائے کیا یہ ہیں (وہ لوگ)
الَّذِيۡنَ اَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَيۡمَانِهِمۡ ۙ	جنہوں نے قسمیں کھائیں اللہ کی پکا کر کے اپنی قسموں کو
اِنَّهُمۡ لَمَعَكُمۡ ؕ حَبِطَتۡ	کہ بیشک وہ یقیناً تمہارے ساتھ ہیں، ضائع ہوگئے
اَعۡمَالُهُمۡ فَاَصۡبَحُوۡا خٰسِرِيۡنَ (53)	اُن کے اعمال پس وہ ہوگئے خسارہ پانے والے۔ (53)
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَنۡ يَّرۡتَدَّ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جو کوئی پھرے گا
مِنۡكُمۡ عَنۡ دِيۡنِهٖ فَسَوۡفَ	تم میں سے اپنے دین سے تو عنقریب
يَاۡتِى اللّٰهُ بِقَوۡمٍ	اللہ لے آئے گا ایسی قوم کو

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُصِيۡبَنَا: مصیبت، مصائب۔	اَنۡفُسِهِمۡ: نفسانفسی، نفسانی خواہشات۔
دَآئِرَةٌ: دائرہ، دور، دورانیہ، دوران خون۔	نٰدِمِيۡنَ: نادم، ندامت و پشیمانی۔
بِالۡفَتۡحِ: فتح و نصرت، فاتح، مفتوح۔	يَقُوۡلُ: قول، اقوال، مقولہ۔
اَمۡرٍ: آمر، مأمور، امرِ ربی۔	اَقۡسَمُوۡا: قسم، قسمیں، پکی قسمیں۔
عِنۡدِهٖ: عندالطلب، عندالضرورت۔	لَمَعَكُمۡ: مع اہل و عیال، مع دوست احباب۔
اَسَرُّوۡا: سری و جہری نمازیں، پراسرار، سرنہاں۔	اَعۡمَالُهُمۡ: عمل، اعمال، معمول، تعمیل۔
فِىۡ: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَرۡتَدَّ: فتنہ ارتداد، مرتد کی سزا۔

اَنْ	تُصِيْبَنَا ❶	دَآئِرَةٌ ❷	فَعَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّاْتِيَ
کہ (نہ)	پہنچے ہمیں	گردش (زمانہ)	پس قریب ہے	اللہ	کہ	وہ لے آئے

بِالْفَتْحِ	اَوْ	اَمْرٍ ❸	مِّنْ عِنْدِهٖ	فَيُصْبِحُوْا	عَلٰى مَآ
فتح کو	یا	کوئی صورت	اپنی طرف سے (غلبے کی)	پس وہ سب ہو جائیں	(اس) پر جو

اَسَرُّوْا ❹	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	نٰدِمِيْنَ (52)	وَيَقُوْلُ ❺	الَّذِيْنَ
ان سب نے چھپا رکھا تھا	اپنے نفسوں میں	سب شرمندہ ہونے والے	اور کہیں گے	وہ لوگ جو

اٰمَنُوْٓا	اَهٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَقْسَمُوْا ❹	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
سب ایمان لائے	کیا یہ ہیں	جن	سب نے قسمیں کھائیں	اللہ کی	اپنی پکی قسمیں

اِنَّهُمْ	لَمَعَكُمْ	حَبِطَتْ ❷	اَعْمَالُهُمْ	فَاَصْبَحُوْا ❹
بیشک وہ	یقیناً تمہارے ساتھ ہیں	ضائع ہو گئے	اُن سب کے اعمال	پس وہ سب ہو گئے

خٰسِرِيْنَ (53)	يٰٓاَيُّهَا ❻	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَنْ	يَّرْتَدَّ ❺
سب خسارہ پانے والے	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو!	جو	پھرے گا

مِنْكُمْ	عَنْ دِيْنِهٖ	فَسَوْفَ	يَاْتِي اللّٰهُ ❺❼	بِقَوْمٍ
تم میں سے	اپنے دین سے	تو عنقریب	اللہ لے آئے گا	(ایسی) قوم کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "تَ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "ۃ" اسم کے ساتھ اور "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❹ یہاں فعل کے شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کیلئے ہے۔ ❺ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ "یا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❼ فعل کے بعد اگر پیش والا اسم ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

الثلثة

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ	(کہ) وہ محبت رکھتا ہو اُن سے اور وہ محبت رکھتے ہوں اس سے
اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	مؤمنوں کے حق میں نرم دل ہوں
اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۡ	اور کافروں کے حق میں سخت ہوں
يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وہ جہاد کرتے ہوں اللہ کے راستے میں
وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ	اور وہ نہ ڈرتے ہوں کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت سے
ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	یہ اللہ کا فضل ہے وہ دیتا ہے اسے جسے چاہتا ہے
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿54﴾	اور اللہ بہت وسعت والا، خوب جاننے والا ہے۔ ﴿54﴾
اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ	بیشک تمہارا دوست (تو) اللہ اور اس کا رسول ہے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے (وہ تمہارے دوست ہیں) جو
يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ	نماز قائم کرتے ہیں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں
وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿55﴾	اور وہ (اللہ کے سامنے) جھکنے والے ہیں۔ ﴿55﴾
وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور جو دوستی کرے گا اللہ اور اس کے رسول سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّهُمْ : حُب، محبوب، محبت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کفار، کافر۔
يُجَاهِدُوْنَ : جہد، جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام۔
يَخَافُوْنَ : خوف، خائف۔
لَوْمَةَ، لَآئِمٍ : ملامت۔

يَّشَآءُ : ان شاء اللہ، مشیتِ الٰہی۔
وَاسِعٌ : وسیع و عریض، وسعت۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
وَلِيُّكُمُ، يَّتَوَلَّ : ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
يُقِيْمُوْنَ : قائم، قیام، مقیم۔
الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ کا پابند۔
رٰكِعُوْنَ : رکوع و سجود۔

يُحِبُّهُمْ	وَ	يُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ	اَذِلَّةٍ ❶	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
وہ محبت رکھتا ہو اُن سے	اور	وہ سب محبت رکھتے ہوں اس سے	نرم دل ہوں	سب مؤمنوں پر

اَعِزَّةٍ ❶	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۡ	يُجَاهِدُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
سخت ہوں	سب کافروں پر	وہ سب جہاد کرتے ہوں	اللہ کے راستے میں

وَ لَا	يَخَافُوْنَ ❷	لَوْمَةَ لَآئِمٍ ❸ ؕ	ذٰلِكَ ❹	فَضْلُ اللّٰهِ
اور نہ	وہ سب ڈرتے ہوں	کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت سے	یہ	اللہ کا فضل ہے

يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَ اللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ (54)
وہ دیتا ہے اسے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا	خوب جاننے والا ہے

اِنَّمَا ❺	وَلِيُّكُمُ	اللّٰهُ	وَ رَسُوْلُهٗ	وَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
بیشک	تمہارا دوست	اللہ تعالیٰ	اور اس کا رسول ہے	اور وہ لوگ جو	سب ایمان لائے

الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ ❸	وَ	يُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ ❸
جولوگ	وہ سب قائم کرتے ہیں	نماز	اور	وہ سب ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ

وَ هُمْ	رٰكِعُوْنَ (55)	وَ مَنْ	يَّتَوَلَّ ❻ اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ
اور وہ	سب جھکنے والے ہیں	اور جو	دوستی کرے گا اللہ سے	اور	اسکے رسول سے

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "ۃ" واحد مؤنث کی نہیں ہے بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❷ "لَا" کے بعد فعل کے آخر میں اگر "وْنَ" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❸ "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے قرآن مجید میں بات میں زور پیدا کرنے کے لیے کبھی "ذٰلِكَ، تِلْكَ" اور کبھی "اُولٰٓئِكَ" کا استعمال بکثرت ہوا ہے۔ ❺ "اِنَّ" کے ساتھ اگر "مَا" آجائے تو اس کا مفہوم ہوتا ہے کہ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ ❻ "یِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

ع 8 6 12

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ	اوران لوگوں سے جو ایمان لائے تو بیشک
حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ع ﴿56﴾	اللہ کی جماعت ہی غالب آنیوالی ہے۔ ع ﴿56﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! مت بناؤ
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا	ان لوگوں کو جنہوں نے بنایا تمہارے دین کو مذاق
وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اور کھیل ان لوگوں میں سے جو دیئے گئے کتاب
مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ج	تم سے پہلے اور کفار کو دوست (بھی مت بناؤ)
وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿57﴾	اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر ہو تم مؤمن۔ ﴿57﴾
وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ	اور جب (اذان کہہ کر) تم پکارتے ہو نماز کی طرف
اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ط ذٰلِكَ	یہ بنالیتے ہیں اُس کو مذاق اور کھیل، یہ
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿58﴾	اس وجہ سے کہ بیشک وہ (ایسی) قوم ہے (کہ) عقل نہیں رکھتے۔ ﴿58﴾
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ	کہہ دیں اے اہل کتاب! نہیں تم عیب نکالتے
مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ	ہم سے مگر (اس وجہ سے) کہ ہم ایمان لائے اللہ پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا	:امن، ایمان، مؤمن۔	اَلْكُفَّارَ	:کفر، کفار، کافر۔
حِزْبَ	:حزب اللہ، حزبِ اسلامی، جنگ احزاب۔	اَوْلِيَآءَ	:ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
الْغٰلِبُوْنَ	:غالب، مغلوب، غلبہ۔	اتَّقُوا	:تقویٰ، متقی۔
تَتَّخِذُوا، اتَّخَذُوْا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	نَادَيْتُمْ	:منادی کرنے والا۔
هُزُوًا	:استہزاء۔	الصَّلٰوةِ	:صوم وصلوٰۃ کا پابند۔
لَعِبًا	:لہوولعب۔	قَوْمٌ	:قوم، اقوام، قومیت۔
قَبْلِكُمْ	:قبل از وقت، قبل از غذا۔	قُلْ	:قول، اقوال، مقولہ، قائل۔

ع 8 6 12

وَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَاِنَّ	حِزْبَ اللّٰهِ	هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ❶ ع (56)	يٰاَيُّهَا ❷
اوران لوگوں سے جو	سب ایمان لائے	تو بیشک	اللہ کی جماعت (والے)	ہی سب غالب آنیوالے ہیں	اے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوا ❸	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَكُمْ
وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب بناؤ	ان لوگوں کو جن	سب نے بنایا	تمہارے دین کو

هُزُوًا	وَّلَعِبًا	مِّنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
مذاق	اور کھیل	ان لوگوں میں سے جو	سب دیے گئے کتاب	تم سے پہلے

وَالْكُفَّارَ	اَوْلِيَآءَ ج	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ (57)
اور کفار کو	دوست	اور	تم سب ڈر جاؤ	اللہ سے	اگر ہو تم	سب مؤمن

وَ اِذَا	نَادَيْتُمْ	اِلَى الصَّلٰوةِ ❹	اتَّخَذُوْهَا	هُزُوًا	وَّ	لَعِبًا ط
اور جب	تم پکارتے ہو	نماز کی طرف	یہ سب بنالیتے ہیں اُسے	مذاق	اور	کھیل

ذٰلِكَ ❺	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَعْقِلُوْنَ (58)	قُلْ	يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ
یہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ	(ایسی) قوم ہے	نہیں وہ سب عقل رکھتے	کہہ دیں	اے اہل کتاب!

هَلْ ❻	تَنْقِمُوْنَ	مِنَّآ	اِلَّآ ❻	اَنْ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ
نہیں	تم سب عیب نکالتے	ہم سے	مگر	(یہ) کہ	ہم ایمان لائے	اللہ پر

ضروری وضاحت

❶"هُمْ" کے بعد "اَلْ" ہو تو دونوں میں "ہی" کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔ ❷"يَا" اور "اَيُّهَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❸"لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وْا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹"ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺"ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے ضرورتاً کبھی ترجمہ "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻"هَلْ" کا اصل ترجمہ "کیا" ہوتا ہے اگر اسکے بعد اسی جملے میں "اِلَّا" ہو تو پھر اس کا ترجمہ "نہیں" کر دیا جاتا ہے۔

وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا	اور جو ہماری طرف نازل کیا گیا
وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ	اور جو نازل کیا گیا اس سے پہلے
وَ اَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿59﴾	اور بیشک تم میں سے اکثر نافرمان ہیں۔ ﴿59﴾
قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ	کہہ دیں کیا میں خبر دوں تمہیں بدتر کی اس سے
مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ	انجام کے لحاظ سے اللہ کے نزدیک
مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ	(وہ) جو (کہ) لعنت کی اُس پر اللہ نے
وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَ جَعَلَ مِنْهُمُ	اور غضبناک ہوا اس پر اور بنادیا اُن میں سے
الْقِرَدَةَ وَ الْخَنَازِيْرَ	(بعض کو) بندر اور (بعض کو) سوٴر
وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ	اور (جنہوں نے) بندگی کی طاغوت کی
اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا	یہ سب لوگ بدتر ہیں ٹھکانے کے لحاظ سے
وَّ اَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿60﴾	اور بہت بھٹکے ہوئے ہیں سیدھے راستے سے۔ ﴿60﴾
وَ اِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا	اور جب یہ آتے ہیں تمہارے پاس (تو) کہتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُنْزِلَ	:نازل، نزول، منزل۔	لَّعَنَهُ	:لعنت، ملعون، لعین۔
قَبْلُ	:قبل ازموت، قبل ازغذا، قبل ازوقت۔	غَضِبَ	:غیظ وغضب، غضبناک ہونا۔
اَكْثَرَكُمْ	:اکثر، اکثریت، کثیر، کثرت۔	مِنْهُمُ	:منجانب، منجملہ، من وعن۔
فٰسِقُوْنَ	:فسق وفجور، فاسق وفاجر۔	الْخَنَازِيْرَ	:خنزیر کا گوشت۔
اُنَبِّئُكُمْ	:نبی، انبیاء کرام (وحی کی خبر دینے والے)۔	عَبَدَ	:عبادت، عابد ومعبود، عبودیت۔
بِشَرٍّ	:شروفساد، شریر، شرارت۔	الطَّاغُوْتَ	:طاغوتی طاقتیں، طغیانی ہوائیں۔
عِنْدَ	:عنداللہ ماٴجور ہوں، عندالطلب۔	اَضَلُّ	:ضلالت وگمراہی۔

وَ مَآ	اُنْزِلَ ❶	اِلَيْنَا	وَ مَآ	اُنْزِلَ ❶	مِنْ قَبْلُ ۙ
اور جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف	اور جو	نازل کیا گیا	اس سے پہلے

وَ اَنَّ	اَكْثَرَكُمْ ❷	فٰسِقُوْنَ ❸ (59)	قُلْ	هَلْ
اور بیشک	تم میں سے اکثر	نافرمان ہیں	کہہ دیں	کیا

اُنَبِّئُكُمْ	بِشَرٍّ ❹	مِّنْ ذٰلِكَ	مَثُوْبَةً ❺	عِنْدَ اللّٰهِ ؕ
میں بتاؤں تمہیں	بُرا	اس سے	انجام کے لحاظ سے	اللہ کے نزدیک

مَنْ	لَّعَنَهُ	اللّٰهُ	وَ غَضِبَ	عَلَيْهِ	وَ جَعَلَ	مِنْهُمُ
جو (کہ)	لعنت کی اُس پر	اللہ نے	اور غضبناک ہوا	اس پر	اور بنا دیا	اُن میں سے

الْقِرَدَةَ ❻	وَ	الْخَنَازِيْرَ	وَ	عَبَدَ	الطَّاغُوْتَ ؕ
(بعض کو) بندر	اور	(بعض کو) سؤر	اور	(جنہوں نے) بندگی کی	طاغوت کی

اُولٰٓئِكَ	شَرٌّ	مَّكَانًا	وَّ	اَضَلُّ ❷
یہ سب لوگ	بدتر ہیں	ٹھکانے کے لحاظ سے	اور	بہت بھٹکے ہوئے ہیں

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ (60)	وَ اِذَا	جَآءُوْكُمْ ❼	قَالُوْٓا
سیدھے راستے سے	اور جب	(یہ) سب آتے ہیں تمہارے پاس	سب کہتے ہیں

ضروری وضاحت

❶ یہاں شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے آیا ہے مثلاً: نَزَلَ : وہ اترا۔ اَنْزَلَ : اس نے اُتارا۔ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ "وْنَ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❹ علامت "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ "اَلْقِرَدَةَ" میں "ة" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❼ "وْا" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔

اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ	ہم ایمان لائے حالانکہ یقیناً وہ داخل ہوئے کفر کیساتھ
وَ هُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ	اور وہ یقیناً نکلے اسی (کفر) کے ساتھ، اور اللہ تعالیٰ
اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿61﴾	خوب جاننے والا ہے اس کو جو وہ چھپاتے ہیں۔ ﴿61﴾
وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ	اور آپ دیکھیں گے ان میں سے اکثر کو (کہ)
يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	وہ جلدی کرتے ہیں گناہ اور زیادتی (کے کاموں) میں
وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ	اور اپنے حرام کھانے میں
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿62﴾	یقیناً بُرا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ ﴿62﴾
لَوْ لَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَ الْاَحْبَارُ	کیوں نہیں منع کرتے انہیں (انکے) مشائخ اور علماء
عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ	اُن کے گناہ کی بات کرنے سے
وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ	اور ان کے حرام کھانے سے
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿63﴾	البتہ بُرا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ ﴿63﴾
وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ	اور یہودیوں نے کہا اللہ کا ہاتھ تنگ ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنَّا: امن، ایمان، مؤمن۔	الْعُدْوَانِ: ظلم وتعدی، متعدی، عدوان۔
دَّخَلُوْا: داخل، دخول، داخلہ فارم، داخلی امور۔	فِى: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
خَرَجُوْا: خارج، خروج، امور خارجہ۔	اَكْلِهِمُ: اکل وشرب، ماٴ کولات۔
اَعْلَمُ: علم، معلوم، تعلیم۔	يَعْمَلُوْنَ: عمل، اعمال، معمول، تعمیل۔
يَكْتُمُوْنَ: کتمانِ حق، کتمانِ علم۔	يَنْهٰهُمُ: نہی عن المنکر، منہیات۔
تَرٰى: رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	الرَّبّٰنِيُّوْنَ: علمائے ربانی، حکم ربانی۔
يُسَارِعُوْنَ: سرعت، سریع الحرکت۔	يَصْنَعُوْنَ: صنعت وحرفت، مصنوعی، مصنوعات۔

اٰمَنَّا	وَقَدْ ❶	دَّخَلُوْا	بِالْكُفْرِ	وَ هُمْ	قَدْ ❶	خَرَجُوْا
ہم ایمان لائے	حالانکہ یقیناً	سب داخل ہوئے	کفر کیساتھ	اور وہ	یقیناً	سب نکلے

بِهٖ ؕ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ ❷	بِمَا	كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ❸ (61)	وَتَرٰى
اسکے ساتھ	اور اللہ	خوب جاننے والا ہے	اسکو جو	ہیں وہ سب چھپاتے	اور آپ دیکھیں گے

كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	يُسَارِعُوْنَ	فِي الْاِثْمِ	وَ	الْعُدْوَانِ
اکثر	ان میں سے	وہ سب جلدی کرتے ہیں	گناہ میں	اور	زیادتی (کے کاموں میں)

وَ	اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❸ (62)
اور	اپنے حرام کھانے میں	یقیناً بُرا ہے	جو	ہیں وہ سب کرتے

لَوْلَا ❹	يَنْهٰهُمُ ❺	الرَّبّٰنِيُّوْنَ	وَالْاَحْبَارُ	عَنْ قَوْلِهِمُ	الْاِثْمَ
کیوں نہیں	منع کرتے انہیں	سب مشائخ	اور علماء	اُن کے بات کرنے سے	گناہ کی

وَ	اَكْلِهِمُ	السُّحْتَ ؕ	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ❸ (63)
اور	انکے کھانے سے	حرام کو	البتہ بُرا ہے	جو	ہیں وہ سب کررہے

وَ	قَالَتِ ❻	الْيَهُوْدُ	يَدُ اللّٰهِ	مَغْلُوْلَةٌ ❼ ؕ
اور	کہا	یہودیوں نے	اللہ کا ہاتھ	تنگ ہے

ضروری وضاحت

❶ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❷ "اَعْلَمُ" کے "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ "وْا" اور "وْنَ" دونوں کا ترجمہ "سب" ہے۔ ❹ "لَوْلَا" کا اصل ترجمہ "اگر نہ" ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ "کیوں نہیں" کیا گیا ہے۔ ❺ "یٖ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ "قَالَتْ" میں "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں اور اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "زیر" دی گئی ہے کبھی جمع کے شروع میں فعل واحد مؤنث بھی آجاتا ہے۔ ❼ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وقف لازم

غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ	(حالانکہ) تنگ تو ان کے (اپنے) ہاتھ ہیں
وَ لُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ	اور لعنت کی گئی اُن پر اس وجہ سے جو انہوں نے کہا
بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ	بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں
يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ	وہ خرچ کرتا ہے جس طرح وہ چاہتا ہے
وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ	اور البتہ ضرور بڑھائے گا ان میں سے اکثر کو
مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	(یہ کلام) جو اتارا گیا آپ کی طرف
مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ؕ	آپکے رب کی طرف سے، سرکشی اور کفر میں
وَ اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ	اور ہم نے ڈال دی اُن کے درمیان عداوت اور کینہ
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا	قیامت کے دن تک، جب بھی یہ جلاتے ہیں
نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ	آگ جنگ کیلئے (تو) اللہ اسے بجھا دیتا ہے
وَ يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ	اور دوڑے پھرتے ہیں زمین میں فساد مچانے کیلئے
وَ اللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿64﴾	اور اللہ نہیں پسند کرتا فساد کرنے والوں کو۔ ﴿64﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَيْدِيْهِمْ : یدطولیٰ، ید بیضاء۔	بَيْنَهُمُ : بین الاقوامی، بین السطور، مابین۔
لُعِنُوْا : لعنت، لعین، ملعون۔	الْعَدَاوَةَ : بغض وعداوت۔
يُنْفِقُ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	اَلْقَيْنَا : القاء (ڈالنا)۔
يَشَآءُ : ان شاء اللہ، مشیتِ الٰہی۔	الْبَغْضَآءَ : حسد وبغض، بغض وعناد۔
لَيَزِيْدَنَّ : زائد، زیادہ، مزید۔	نَارًا : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
اُنْزِلَ : نازل، نزول، منزل۔	لِّلْحَرْبِ : آلاتِ حرب، سامان حرب۔
طُغْيَانًا : طغیانی ہوائیں، دریا میں طغیانی۔	يَسْعَوْنَ : سعی لاحاصل، صفا ومروہ کی سعی۔

وقف لازم

غُلَّتْ ❶	اَیْدِیْهِمْ	وَ	لُعِنُوْا ❷	بِمَا	قَالُوْا
تنگ ہیں	ان کے (اپنے) ہاتھ	اور	ان سب پر لعنت کی گئی	(اس) وجہ سے جو	ان سب نے کہا

بَلْ	یَدٰهُ ❸	مَبْسُوْطَتٰنِ ❸ ۙ	یُنْفِقُ	کَیْفَ ❹	یَشَآءُ ؕ
بلکہ	اس کے دونوں ہاتھ	دونوں کشادہ ہیں	وہ خرچ کرتا ہے	جس طرح	وہ چاہتا ہے

وَ	لَیَزِیْدَنَّ ❺	کَثِیْرًا	مِّنْهُمْ	مَّآ	اُنْزِلَ ❷	اِلَیْكَ
اور	البتہ وہ ضرور اضافہ کرے گا	اکثر کا	ان میں سے	جو	اتارا گیا	آپ کی طرف

مِنْ رَّبِّكَ	طُغْیَانًا	وَّ كُفْرًا ؕ	وَ	اَلْقَیْنَا	بَیْنَهُمُ
آپکے رب (کی طرف) سے	سرکشی	اور کفر میں	اور	ہم نے ڈال دی	اُنکے درمیان

الْعَدَاوَةَ ❼	وَ	الْبَغْضَآءَ	اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ❼ ؕ	كُلَّمَآ	اَوْقَدُوْا ❻
عداوت	اور	کینہ	قیامت کے دن تک	جب بھی	یہ سب جلاتے ہیں

نَارًا	لِّلْحَرْبِ	اَطْفَاَهَا ❻	اللّٰهُ ۙ	وَ	یَسْعَوْنَ
آگ	جنگ کیلئے	بجھا دیتا ہے اسے	اللہ	اور	وہ سب کوشش کرتے ہیں

فِی الْاَرْضِ	فَسَادًا ؕ	وَ اللّٰهُ	لَا	یُحِبُّ ❽	الْمُفْسِدِیْنَ (64)
زمین میں	فساد مچانے کی	اور اللہ	نہیں	پسند کرتا	فساد کرنے والوں کو

ضروری وضاحت

❶ "غُلَّتْ" میں "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کیا گیا
کا مفہوم" ہوتا ہے۔ ❸ "یَدٰهُ" میں "ٰ" (ا) اور "مَبْسُوْطَتٰنِ" میں "ٰن" دونوں میں "دو" ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ "کَیْفَ" کا اصل
ترجمہ "کیسے" ہے ضرورتاً یہاں یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❺ شروع میں "لَ" اور آخر میں "نَّ" دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❻ یہاں
"اُ" معنی میں تبدیلی کیلئے آیا ہے۔ ❼ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ لَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا	اور اگر بیشک اہل کتاب ایمان لے آتے
وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا	اور تقوٰی اختیار کرتے (تو) ضرور ہم دور کر دیتے
عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ لَاَ دْخَلْنٰهُمْ	اُن سے اُنکے گناہ اور ضرور ہم داخل کرتے انہیں
جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿65﴾	نعمتوں والے باغات میں۔ ﴿65﴾
وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ	اور اگر بیشک وہ قائم رکھتے تورات اور انجیل کو
وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ	اور جو نازل کیا گیا اُن کی طرف اُنکے رب کی طرف سے
لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ	ضرور وہ کھاتے (اللہ کا رزق) اپنے اوپر سے
وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ	اور اپنے پاؤں کے نیچے سے، ان میں سے
اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَ كَثِيْرٌ	ایک گروہ میانہ رو ہے اور بہت سے
مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿66﴾ ع 9/10/13	ان میں (ایسے ہیں کہ) بُرا ہے جو وہ عمل کرتے ہیں۔ ﴿66﴾
يٰاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ	اے رسول! (لوگوں کو) پہنچا دو جو
اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ	نازل کیا گیا ہے آپ کی طرف آپکے رب کی طرف سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَهْلَ: اہل کتاب، اہل کائنات۔	اُنْزِلَ: نازل، نزول، منزل۔
اٰمَنُوْا: امن، ایمان، مؤمن۔	لَاَكَلُوْا: اکل و شرب، مأکولات۔
اتَّقَوْا: تقوٰی، متقی۔	فَوْقِهِمْ: فوق الاسباب، فوقیت، فائق۔
لَكَفَّرْنَا: کفارہ، قسم کا کفارہ۔	تَحْتِ: تحت الشعور، تحت الاسباب، ماتحت۔
سَيِّاٰتِهِمْ، سَآءَ: علمائے سوء، سوءِ ظن۔	مُّقْتَصِدَةٌ: اقتصادیات، اقتصادی ماہرین۔
لَاَدْخَلْنٰهُمْ: داخل، دخول، داخلہ فارم۔	يَعْمَلُوْنَ: عمل، معمول، تعمیل، عامل۔
اَقَامُوا: قائم، قیام، مقیم۔	بَلِّغْ: تبلیغ، مبلّغ، ابلاغ۔

وَ لَوْ	اَنَّ	اَهْلَ الْكِتٰبِ	اٰمَنُوْا	وَ	اتَّقَوْا
اور اگر	بیشک	اہل کتاب	سب ایمان لاتے	اور	سب تقوٰی اختیار کرتے

لَكَفَّرْنَا ❶	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ ❷❸	وَ	لَاَ دْخَلْنٰهُمْ ❶❹
(تو) ضرور ہم دور کردیتے	اُن سے	اُنکے گناہ	اور	ضرور داخل کرتے ہم انہیں

جَنّٰتِ ❷	النَّعِيْمِ (65)	وَ لَوْ	اَنَّهُمْ	اَقَامُوا ❹	التَّوْرٰىةَ ❷	وَ الْاِنْجِيْلَ
باغات میں	نعمتوں والے	اور اگر	بیشک وہ	سب قائم رکھتے	تورات کو	اور انجیل کو

وَ مَآ	اُنْزِلَ ❺	اِلَيْهِمْ ❸	مِّنْ رَّبِّهِمْ ❸	لَاَ كَلُوْا ❶	مِنْ فَوْقِهِمْ ❸
اور جو	نازل کیا گیا	اُنکی طرف	اُنکے رب (کی طرف) سے	البتہ وہ سب کھاتے	اپنے اوپر سے

وَ	مِنْ تَحْتِ	اَرْجُلِهِمْ ❸ ؕ	مِنْهُمْ	اُمَّةٌ ❷	مُّقْتَصِدَةٌ ❷ ؕ
اور	نیچے سے	اپنے پاؤں کے	ان میں سے	ایک گروہ	میانہ رو ہے

ع 9 10 13

وَ	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	سَآءَ	مَا	يَعْمَلُوْنَ (66) ع
اور	بہت سے	ان میں سے	بُرا ہے	جو	وہ سب عمل کرتے ہیں

يٰۤاَيُّهَا ❻	الرَّسُوْلُ	بَلِّغْ	مَآ	اُنْزِلَ ❺	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ ؕ
اے	رسول!	پہنچادو	جو	نازل کیا گیا ہے	آپکی طرف	آپکے رب (کی طرف) سے

ضروری وضاحت

❶ علامت ''لَ'' تاکید کے لیے استعمال ہوئی ہے ❷ ''ۃ'' اور ''ات'' مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ ''هُمْ'' کے شروع میں اگر ''بِ، فِیْ، عَلٰی'' اور ''اِلٰی'' آئے یا اس سے پہلے ''زیر'' آجائے تو یہ ''هِمْ'' ہو جاتا ہے اور ایسا پڑھنے میں آسانی کیلئے ہوتا ہے۔ ❹ شروع میں ''ا'' معنی میں تبدیلی کیلئے آیا ہے۔ ''دَخَلَ'' داخل ہوا ''اَدْخَلَ'' داخل کیا۔ ❺ شروع میں ''پیش'' اور آخر سے پہلے ''زیر'' میں ''کیا گیا'' کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ''یَا'' اور ''اَیُّھَا'' دونوں کا ترجمہ ''اے'' ہے۔

وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ	اور اگر آپ نے (ایسا) نہ کیا
فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ	تو نہ پہنچایا آپ نے اس کا پیغام
وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ	اور اللہ آپ کو محفوظ رکھے گا لوگوں (کے شر) سے
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿67﴾	بیشک اللہ نہیں ہدایت دیتا کافر قوم کو (زبردستی)۔ ﴿67﴾
قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ	آپ کہہ دیں اے اہل کتاب! تم نہیں ہو کسی چیز (دین) پر
حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ	یہاں تک کہ تم قائم (نہ) رکھو تورات اور انجیل کو
وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ	اور جو نازل کیا گیا تمہاری طرف
مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ	تمہارے رب کی طرف سے
وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ	اور البتہ ضرور بڑھائے گا ان میں سے اکثر کو
مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	(یہ قرآن) جو نازل کیا گیا ہے آپ کی طرف
مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ	آپکے رب کی طرف سے، سرکشی اور کفر میں
فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿68﴾	پس نہ تو افسوس کر کافر قوم پر۔ ﴿68﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَفْعَلْ	:فعل، فاعل، مفعول۔	شَىْءٍ	:شے، اشیاء، اشیائے خوردنی۔
بَلَّغْتَ	:تبلیغ، مبلغ، ابلاغ رسالت۔	حَتّٰى	:حتی کہ، حتی الوسعت، حتی الامکان۔
يَعْصِمُكَ	:معصوم عن الخطا، عصمت وعفت۔	تُقِيْمُوْا	:قائم، قیام، مقیم۔
النَّاسِ	:عوام الناس، عامۃ الناس۔	اُنْزِلَ	:نازل، نزول، منزل۔
يَهْدِى	:ہدایت، ہادی کائنات۔	لَيَزِيْدَنَّ	:زائد، زیادہ، مزید۔
قُلْ	:قول، اقوال، مقولہ۔	كَثِيْرًا	:کثیر تعداد، اکثر، کثرت۔
عَلٰى	:علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	طُغْيَانًا	:سمندر میں طغیانی آ گئی۔

وَ اِنْ	لَّمْ	تَفْعَلْ	فَمَا	بَلَّغْتَ	رِسَالَتَهٗ ؕ
اور اگر	نہ	آپ نے کیا	تو نہ	پہنچایا آپ نے	اس کا پیغام

وَ	اللّٰهُ	يَعْصِمُكَ ❶	مِنَ النَّاسِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ
اور	اللہ	آپ کو محفوظ رکھے گا	لوگوں سے	بیشک	اللہ

لَا	يَهْدِي ❶	الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ❷ (67)	قُلْ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ
نہیں	ہدایت دیتا	کافر قوم کو	آپ کہہ دیں	اے اہل کتاب!

لَسْتُمْ	عَلٰى شَيْءٍ ❸	حَتّٰى	تُقِيْمُوا	التَّوْرٰىةَ ❹	وَ	الْاِنْجِيْلَ
تم نہیں ہو	کسی چیز پر	یہاں تک کہ	تم سب قائم رکھو	تورات	اور	انجیل

وَ مَاۤ	اُنْزِلَ ❺	اِلَيْكُمْ	مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ	وَ	لَيَزِيْدَنَّ ❶❻
اور جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب (کی طرف) سے	اور	البتہ ضرور بڑھائے گا

كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	مَّاۤ	اُنْزِلَ ❺	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ
اکثر کو	ان میں سے	جو	نازل کیا گیا ہے	آپ کی طرف	آپکے رب (کی طرف) سے

طُغْيَانًا	وَّ	كُفْرًا ۚ	فَلَا	تَاْسَ	عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ❷ (68)
سرکشی	اور	کفر میں	پس نہ	تو افسوس کر	کافر قوم پر

ضروری وضاحت

❶ علامت ''ي'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ علامت ''يْنَ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ تنوین (ڈبل حرکت) میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے اس کا ترجمہ ''کسی'' کیا گیا ہے۔ ❹ علامت ''ۃ'' اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اور اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❺ شروع میں ''پیش'' اور آخر سے پہلے ''زیر'' میں ''کیا گیا'' کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں ''لَ'' اور آخر میں ''نَّ'' میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ ہَادُوْا	بیشک جولوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے
وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰی	اور ستارہ پرست اور نصارٰی ہیں (ان سب میں سے)
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ	جو ایمان لایا اللہ پر اور آخرت کے دن (پر)
وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ	اور نیک عمل کیے تو نہیں ہوگا ان پر کوئی خوف
وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿69﴾	اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ ﴿69﴾
لَقَدْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	البتہ تحقیق ہم نے لیا بنی اسرائیل سے پختہ عہد
وَاَرْسَلْنَآ اِلَیْھِمْ رُسُلًا ؕ	اور ہم نے بھیجے ان کی طرف رسول
کُلَّمَا جَآءَ ھُمْ رَسُوْلٌۢ	جب بھی آیا ان کے پاس کوئی رسول
بِمَا لَا تَھْوٰٓی اَنْفُسُھُمْ ۙ	وہ کچھ لے کر جو نہیں چاہتے تھے ان کے نفس
فَرِیْقًا کَذَّبُوْا	(تو نبیوں کے) ایک گروہ کو انہوں نے جھٹلایا
وَفَرِیْقًا یَّقْتُلُوْنَ ﴿70﴾	اور ایک گروہ کو قتل کرتے رہے۔ ﴿70﴾
وَ حَسِبُوْٓا اَلَّا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ	اور وہ سمجھے کہ نہ ہوگی (اس سے) کوئی آزمائش

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا	:امن، ایمان، مؤمن۔	یَحْزَنُوْنَ	:حزن وملال، محزون، عام الحزن۔
ہَادُوْا	:یہود، یہودی، یہودیت۔	اَخَذْنَا	:اخذ، مأخوذ، مواخذہ۔
النَّصٰرٰی	:یہود ونصارٰی، نصرانیت۔	مِیْثَاقَ	:میثاق مدینہ، وثوق، امیدواثق۔
الْیَوْمِ	:یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	اَرْسَلْنَآ، رَسُوْلٌ	:انبیاء ورسل، رسالت۔
عَمِلَ	:عمل، اعمال، معمول، تعمیل۔	لَا	:لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
صَالِحًا	:صالح اولاد، اعمال صالحہ۔	فَرِیْقًا	:فریق مخالف، فریق ثانی، فرق۔
خَوْفٌ	:خوف، خائف، خوف وہراس۔	فِتْنَۃٌ	:فتنہ وفساد، فتنہ انگیزی، فتنہ بازی۔

اِنَّ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَ	الصّٰبِئُوْنَ
بیشک	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور جو	سب یہودی ہوئے	اور	سب ستارہ پرست

وَ	النَّصٰرٰى	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور	نصاریٰ (میں سے)	جو	ایمان لایا	اللہ پر	اور	آخرت کے دن پر

وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَلَا	خَوْفٌ❷	عَلَيْهِمْ	وَلَا
اور	عمل کیا	نیک	تو نہیں (ہوگا)	کوئی خوف	ان پر	اور نہ

هُمْ يَحْزَنُوْنَ❸ (69)	لَقَدْ❹	اَخَذْنَا❺	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
وہ سب غمگین ہونگے	البتہ تحقیق	ہم نے لیا	پختہ عہد	بنی اسرائیل سے

وَ	اَرْسَلْنَآ❺	اِلَيْهِمْ	رُسُلًا❷ ط	كُلَّمَا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ❷
اور	ہم نے بھیجے	ان کی طرف	کئی رسول	جب بھی	آیا ان کے پاس	کوئی رسول

بِمَا	لَا	تَهْوٰٓى❻	اَنْفُسُهُمْ لا	فَرِيْقًا❷	كَذَّبُوْا
اس (چیز) کے ساتھ جو	نہیں	چاہتے تھے	ان کے نفس	ایک گروہ کو	انہوں نے جھٹلایا

وَ	فَرِيْقًا❷	يَقْتُلُوْنَ (70)	وَ	حَسِبُوْٓا	اَلَّا❼	تَكُوْنَ❻	فِتْنَةٌ❷❽
اور	ایک گروہ کو	وہ سب قتل کرتے رہے	اور	وہ سب سمجھے	کہ نہ	ہوگی	کوئی آزمائش

ضروری وضاحت

❶ "اِنَّ" اسم کے ساتھ تاکید کی علامت ہے۔ ❷ تنوین (ڈبل حرکت) میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے اس کا ترجمہ "کوئی، کئی یا ایک" کیا گیا ہے۔ ❸ "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❹ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❺ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو اس کا ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❻ "تَ" واحد مؤنث کیلئے ہے اس کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ "اَلَّا" یہ دراصل "اَنْ+لَا" کا مجموعہ ہے۔ ❽ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا	تو وہ اندھے ہو گئے اور بہرے بن گئے
ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ	پھر مہربانی کی اللہ نے اُن پر پھر (دوبارہ)
عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ	اندھے اور بہرے بن گئے اُن میں سے بہت سے
وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿71﴾	اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے اس کو جو وہ کرتے ہیں۔ ﴿71﴾
لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا	البتہ یقیناً کفر کیا اُن لوگوں نے جنھوں نے کہا
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ	بیشک مسیح بن مریم ہی اللہ ہے
وَ قَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ	حالانکہ مسیح نے (خود) کہا تھا اے بنی اسرائیل
اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ؕ	اللہ کی عبادت کرو (جو) میرا رب اور تمہارا رب ہے
اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ	یہ یقینی (بات) ہے کہ جو شریک بنائے گا اللہ کا
فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ	تو یقیناً اللہ حرام کر دے گا اس پر جنت کو
وَ مَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ	اور اس کا ٹھکانہ آگ ہے
وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿72﴾	اور نہیں ہے ظالموں کا کوئی مددگار۔ ﴿72﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَابَ	:توبہ، تائب۔	اعْبُدُوا	:عبادت، عبد، معبود، عابد۔
عَلَيْهِمْ	:علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يُّشْرِكْ	:شرک، مشرک، شرکیہ کلمات، شراکت۔
كَثِيْرٌ	:کثیر مال، کثرت، اکثر۔	حَرَّمَ	:حلال و حرام، تحریم، حرمت۔
بَصِيْرٌ	:سمع و بصر، قوتِ بصارت۔	وَ مَاْوٰىهُ	:ملجا و ماویٰ۔
يَعْمَلُوْنَ	:عمل، اعمال، معمول، تعمیل۔	لِلظّٰلِمِيْنَ	:ظلم، ظالم، مظلوم۔
كَفَرَ	:کفر، کفار، کافر۔	اَنْصَارٍ	:ناصر، منصور، انصار مدینہ۔
قَالُوْۤا	:قول، اقوال، مقولہ، قائل۔		

فَعَمُوْا	وَ	صَمُّوْا	ثُمَّ	تَابَ اللّٰهُ ❶	عَلَيْهِمْ	ثُمَّ
تو وہ سب اندھے ہوگئے	اور	سب بہرے بن گئے	پھر	مہربانی کی اللہ نے	اُن پر	پھر

عَمُوْا	وَ	صَمُّوْا	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ ط	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌۢ ❷
سب اندھے ہوگئے	اور	سب بہرے بن گئے	اکثر	اُن میں سے	اور اللہ	خوب دیکھنے والا ہے

بِمَا	يَعْمَلُوْنَ (71)	لَقَدْ ❸	كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ
(اس) کو جو	وہ سب کرتے ہیں	البتہ یقیناً	کفر کیا	اُن لوگوں نے جن	سب نے کہا	بیشک اللہ

هُوَ	الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ط	وَ	قَالَ	الْمَسِيْحُ	يٰا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
وہ	مسیح بن مریم ہی ہے	حالانکہ	کہا	مسیح نے	اے	بنی اسرائیل

اعْبُدُوا ❹	اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَ	رَبَّكُمْ ط	اِنَّهٗ	مَنْ
تم سب عبادت کرو	اللہ کی	(جو) میرا رب	اور	تمہارا رب ہے	بیشک یہ حقیقت ہے	جس نے

يُّشْرِكْ ❺	بِاللّٰهِ	فَقَدْ ❸	حَرَّمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	الْجَنَّةَ ❻
شرک کیا	اللہ کے ساتھ	تو یقیناً	حرام کردے گا	اللہ	اس پر	جنت کو

وَ	مَاْوٰىهُ	النَّارُ ط	وَ مَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ اَنْصَارٍ ❼❽ (72)
اور	اس کا ٹھکانہ	آگ ہے	اور نہیں	ظالموں کا	کوئی مددگار

ضروری وضاحت

❶ "تَابَ" کا اصل ترجمہ "رجوع کیا" ہے جب اس کی نسبت اللہ کی طرف ہو مراد "مہربانی کرنا، توبہ قبول کرنا" ہوتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "لَ" اور "قَدْ" دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❹ فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وْا" میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ تنوین (ڈبل حرکت) میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا۔

وقف لازم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	البتہ یقیناً کفر کیا جنھوں نے کہا
اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ	بیشک اللہ تین میں تیسرا ہے
وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ	حالانکہ نہیں ہے کوئی معبود مگر صرف ایک معبود
وَ اِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ	اور اگر نہ وہ باز آئے (ان باتوں) سے جو وہ کہتے ہیں
لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ	البتہ ضرور چھوئے گا ان لوگوں کو جنھوں نے
كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾	کفر کیا اُن میں سے دردناک عذاب۔ ﴿73﴾
اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ	تو کیا یہ رجوع نہیں کرتے اللہ کی طرف
وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ	اور (نہیں) بخشش مانگتے اس سے
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿74﴾	حالانکہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ﴿74﴾
مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ	نہیں ہیں مسیح بن مریم مگر ایک رسول
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ	یقیناً گزر چکے ہیں اس سے پہلے بہت سے رسول
وَ اُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ	اور اس کی ماں صدیقہ تھی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرَ : کفر، کفار، کافر۔	يَتُوْبُوْنَ : توبہ تائب، تواب۔
قَالُوْٓا، يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زرین۔	اِلَى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
ثَالِثُ، ثَلٰثَةٍ : تثلیث، مثلّث، ثالث۔	يَسْتَغْفِرُوْنَهٗ : استغفار، دعائے مغفرت، مرحوم ومغفور۔
اِلٰهٌ : حقیقی الٰہ، الٰہی، الوہیت۔	رَّحِيْمٌ : رحمان ورحیم، غفور ورحیم۔
يَنْتَهُوْا : منہیات، نہی عن المنکر، نواہی۔	قَبْلِهِ : قبل از غذا، قبل از وقت، قبل از موت۔
لَيَمَسَّنَّ : مس کرنا (چھونا)۔	الرُّسُلِ : انبیاء ورسل، رسالت۔
اَلِيْمٌ : المناک، المیہ، درد والم۔	صِدِّيْقَةٌ : صدیقہ کائنات، صادق، تصدیق۔

لَقَدْ ❶	كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	ثَالِثُ
البتہ یقیناً	کفر کیا	ان لوگوں نے جن	سب نے کہا	بیشک اللہ	تیسرا ہے

ثَلٰثَةٍ ❷	وَ	مَا	مِنْ اِلٰهٍ ❸	اِلَّآ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ
تین (میں)	حالانکہ	نہیں ہے	کوئی معبود	مگر	صرف ایک معبود

وقف لازم

وَ اِنْ	لَّمْ	يَنْتَهُوْا	عَمَّا ❹	يَقُوْلُوْنَ
اور اگر	نہ	وہ سب باز آئے	(ان) سے جو	وہ سب کہتے ہیں

لَيَمَسَّنَّ ❺	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ﴿73﴾
البتہ ضرور چھوئے گا	ان لوگوں کو جن	سب نے کفر کیا	اُن میں سے	عذاب	دردناک

اَ فَلَا	يَتُوْبُوْنَ ❻	اِلَى اللّٰهِ	وَ	يَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ
تو کیا نہیں	یہ سب رجوع کرتے	اللہ کی طرف	اور	وہ سب بخشش مانگتے اس سے

وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿74﴾	مَا ❼	الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ	اِلَّا	رَسُوْلٌ
حالانکہ	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	نہیں	مسیح بن مریم	مگر	ایک رسول

قَدْ ❶	خَلَتْ ❽	مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ ؕ	وَ	اُمُّهٗ	صِدِّيْقَةٌ ❷ ؕ
یقیناً	گزر چکے ہیں	اس سے پہلے	بہت سے رسول	اور	اسکی ماں	صدیقہ تھی

ضروری وضاحت

❶ "قَدْ" تاکید کی علامت ہے۔ ❷ "ةٍ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❹ "عَمَّا" دراصل "عَنْ+مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❺ شروع میں "لَ" اور آخر میں "نَّ" میں تاکید کا مفہوم ہے "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❻ "يَتُوْبُوْنَ" اس فعل کا تعلق اگر اللہ سے ہو تو ترجمہ "توبہ قبول کرنا" اور اگر بندے سے ہو تو ترجمہ "توبہ کرنا" ہوتا ہے۔ ❼ "مَا"
کے بعد اسی جملے میں "اِلَّا" ہو تو اس "مَا" کا ترجمہ "نہیں" کرتے ہیں۔ ❽ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ
تھے وہ دونوں کھانا کھاتے ، (اے نبی) دیکھ

كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ
کیسے ہم بیان کرتے ہیں اُنکے لیے واضح دلائل

ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿75﴾
پھر دیکھ (ان دلائل کے باوجود) کیسے پلٹائے جارہے ہیں۔ ﴿75﴾

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
(اے نبی) کہہ دیں کیا تم عبادت کرتے ہو اللہ کے علاوہ کی

مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ
جو نہ اختیار رکھتا ہے تمہارے نقصان کا اور نہ نفع کا

وَ اللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿76﴾
اور اللہ ہی خوب سننے والا ، جاننے والا ہے۔ ﴿76﴾

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا
(اے نبی) کہہ دیں اے اہل کتاب! حد سے مت بڑھو

فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ
اپنے دین میں ناحق (بات کہہ کر)

وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ
اور نہ پیروی کرو (ایسی) قوم کی خواہشات کی

قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ
(جو) یقیناً پہلے سے گمراہ ہیں

وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا
اور انہوں نے گمراہ کیا بہت لوگوں کو

ع 10/11/14 وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿77﴾ ع
اور وہ بھٹک گئے سیدھے راستے سے۔ ﴿77﴾ ع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَاْكُلٰنِ : اکل وشرب ، مأکولات۔
اُنْظُرْ : نظر کرم ، منظور نظر ، ناظرین کرام۔
كَيْفَ : کیفیت ، بہر کیف۔
نُبَيِّنُ : بیان ، بین دلیل ، مبینہ طور پر۔
الْاٰيٰتِ : آیات قرآنی۔
قُلْ : قول ، اقوال ، مقولہ۔
تَعْبُدُوْنَ : عبد ، معبود ، عبادت۔

يَمْلِكُ : ملک ، املاک ، مملکت۔
ضَرًّا : ضرر رساں ، مضر صحت۔
نَفْعًا : نفع ونقصان کا مالک۔
السَّمِيْعُ : سمع وبصر ، قوت سماعت۔
الْعَلِيْمُ : علم ، معلوم ، تعلیم ، معلومات۔
تَغْلُوْا : غلو فی الدین ، غالی۔
ضَلُّوْا : ضلالت وگمراہی۔

كَانَا يَاْكُلٰنِ ❶	الطَّعَامَ ؕ	اُنْظُرْ ❷	كَيْفَ	نُبَيِّنُ
تھے وہ دونوں کھاتے	کھانا	دیکھئے	کیسے	ہم بیان کرتے ہیں

لَهُمُ	الْاٰيٰتِ ❸	ثُمَّ	انْظُرْ ❷	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ (75)	قُلْ
اُن کیلئے	واضح دلائل	پھر	دیکھئے	کیسے	وہ سب پلٹائے جارہے ہیں	کہہ دیں

اَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❹	مَا لَا	يَمْلِكُ ❹	لَكُمْ
کیا	تم سب عبادت کرتے ہو	اللہ کے علاوہ کی	جو نہیں	اختیار رکھتا	تمہارے لیے

ضَرًّا	وَّلَا	نَفْعًا ؕ	وَاللّٰهُ	هُوَ السَّمِيْعُ ❺	الْعَلِيْمُ ❻ (76)
نقصان کا	اور نہ	کسی نفع کا	اور اللہ	وہی خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے

قُلْ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا تَغْلُوْا ❼	فِيْ دِيْنِكُمْ	غَيْرَ الْحَقِّ
کہہ دیں	اے اہل کتاب!	مت تم سب حد سے بڑھو	اپنے دین میں	ناحق (بات کہہ کر)

وَ	لَا تَتَّبِعُوْٓا	اَهْوَآءَ قَوْمٍ	قَدْ	ضَلُّوْا	مِنْ قَبْلُ
اور	نہ تم سب پیروی کرو	خواہشاتِ قوم کی	(جو) تحقیق	سب گمراہ ہوگئے ہیں	پہلے سے

ع 10 11 14

وَ	اَضَلُّوْا ❽	كَثِيْرًا	وَّ	ضَلُّوْا	عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ (77)
اور	ان سب نے گمراہ کیا	بہت لوگوں کو	اور	وہ سب بھٹک گئے	سیدھے راستے سے

ضروری وضاحت

❶ "كَانَا" کے آخر میں "الف" اور "يَاْكُلٰنِ" کے آخر میں "ان" دونوں میں "دو" ہونے کا مفہوم ہے۔ ❷ شروع میں "ا" اور آخر میں "جزم" سے فعل میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "مِنْ" اور "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "هُوَ" کے بعد "اَلْ" میں "ہی" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْا" میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❽ شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کیلئے ہے "ضَلَّ" وہ گمراہ ہوا "اَضَلَّ" اس نے گمراہ کیا۔

لُعِنَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	لعنت کی گئی اُن لوگوں پر جنھوں نے کفر کیا
مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ	بنی اسرائیل میں سے
عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ وَ عِیۡسَی ابۡنِ مَرۡیَمَ ؕ	داوٗد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر
ذٰلِکَ بِمَا عَصَوۡا	یہ اس وجہ سے جو انہوں نے نافرمانی کی
وَّ کَانُوۡا یَعۡتَدُوۡنَ ﴿78﴾	اور تھے حد سے تجاوز کرتے۔ ﴿78﴾
کَانُوۡا لَا یَتَنَاہَوۡنَ عَنۡ مُّنۡکَرٍ	وہ نہیں منع کرتے تھے اس برائی سے (کہ)
فَعَلُوۡہُ ؕ لَبِئۡسَ مَا کَانُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ ﴿79﴾	وہ خود کرتے تھے اُسے یقیناً بُرا تھا جو وہ کرتے تھے۔ ﴿79﴾
تَرٰی کَثِیۡرًا مِّنۡہُمۡ	آپ دیکھیں گے ان میں سے اکثر کو (کہ)
یَتَوَلَّوۡنَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا ؕ	وہ دوستی لگاتے ہیں ان لوگوں سے جنھوں نے کفر کیا
لَبِئۡسَ مَا قَدَّمَتۡ لَہُمۡ اَنۡفُسُہُمۡ	البتہ بُرا ہے جو آگے بھیجا اپنے لیے ان کے نفسوں نے
اَنۡ سَخِطَ اللّٰہُ عَلَیۡہِمۡ	(وہ یہ) کہ اللہ ناراض ہوا ان پر
وَ فِی الۡعَذَابِ ہُمۡ خٰلِدُوۡنَ ﴿80﴾	اور عذاب میں وہ ہمیشہ مبتلا رہنے والے ہیں۔ ﴿80﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لُعِنَ	:لعنت، ملعون، لعین۔	یَفۡعَلُوۡنَ	:فعل، فاعل، مفعول۔
کَفَرُوۡا	:کفر، کفار، کافر۔	تَرٰی	:رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی غیر مرئی اشیاء۔
لِسَانِ	:لسانی تعصب، ماہرین لسانیات۔	کَثِیۡرًا	:کثیر تعداد، کثیر مال۔
عَصَوۡا	:معصیت، عصیان، معاصی۔	یَتَوَلَّوۡنَ	:ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
یَعۡتَدُوۡنَ	:ظلم و تعدی، متعدی، عدوان۔	قَدَّمَتۡ	:مقدم، مقدمہ، تقدیم۔
یَتَنَاہَوۡنَ	:منہیات، نہی عن المنکر۔	اَنۡفُسُہُمۡ	:نفسا نفسی، نفسانی خواہشات، نفسیات۔
مُّنۡکَرٍ	:فواحش و منکرات، نہی عن المنکر۔	خٰلِدُوۡنَ	:خالد، خُلد بریں۔

لُعِنَ ❶	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
لعنت کی گئی	اُن لوگوں پر جن	سب نے کفر کیا	بنی اسرائیل میں سے

عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ	وَ	عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ	ذٰلِكَ ❷	بِمَا	عَصَوْا
داؤد کی زبان پر	اور	عیسیٰ بن مریم (کی زبان پر)	یہ	(اس) وجہ سے جو	ان سب نے نافرمانی کی

وَّ	كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ❸ (78)	كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ ❸	عَنْ مُّنْكَرٍ
اور	تھے وہ سب حد سے تجاوز کرتے	نہیں تھے وہ سب منع کرتے	برائی سے

فَعَلُوْهُ ❹ ؕ	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ❸ (79)	تَرٰى
وہ سب کرتے اسے	یقیناً وہ بُرا تھا	جو	تھے وہ سب کرتے	آپ دیکھیں گے

كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	يَتَوَلَّوْنَ ❺	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ؕ
اکثر کو	ان میں سے	وہ سب دوستی لگاتے ہیں	ان لوگوں سے جن	سب نے کفر کیا

لَبِئْسَ	مَا	قَدَّمَتْ ❻	لَهُمْ	اَنْفُسُهُمْ	اَنْ
البتہ بُرا ہے	جو	آگے بھیجا	اپنے لیے	ان کے نفسوں نے	کہ

سَخِطَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَ	فِي الْعَذَابِ	هُمْ	خٰلِدُوْنَ (80)
اللہ ناراض ہوا	ان پر	اور	عذاب میں	وہ	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں

ضروری وضاحت

❶ "فُعِلَ" کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے ضرورتاً ترجمہ "یہ" کر دیا جاتا ہے عموماً بات میں زور پیدا کرنے کیلئے "ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰئِكَ" استعمال ہوتا ہے۔ ❸ "وْا، وْنَ" دونوں کا ملا کر ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔ ❹ "وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❺ اس فعل میں علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❻ علامت "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
اور اگر وہ ایمان لائے ہوتے اللہ پر

وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ
اور نبی (محمد ﷺ) پر اور جو نازل کیا گیا اس کی طرف

مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ
(تو) نہ بناتے اُن (کافروں) کو دوست

وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿81﴾
اور لیکن ان میں سے اکثر نافرمان ہیں۔ ﴿81﴾

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ
البتہ ضرور پائیں گے آپ (دوسرے) لوگوں سے زیادہ سخت

عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا
دشمنی میں ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائے ہیں

الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ
یہودیوں کو اور اُن لوگوں کو جنہوں نے شرک کیا

وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ
اور یقیناً ضرور پائیں گے آپ اُن لوگوں میں سے زیادہ قریب

مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا
محبت میں ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائے

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ
اُن لوگوں کو جنہوں نے کہا کہ بیشک ہم نصاریٰ ہیں

ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ
یہ اس لیے کہ بیشک اُن میں سے کچھ عالم ہیں

وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿82﴾
اور عبادت گزار (بھی) اور بیشک وہ تکبر نہیں کرتے۔ ﴿82﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
اتَّخَذُوْهُمْ : اخذ، ماٰخوذ، مواخذہ۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
كَثِيْرًا : کثیر تعداد، اکثر، کثرت اولاد۔
فٰسِقُوْنَ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
لَتَجِدَنَّ : وجود، موجود، موجودہ۔
اَشَدَّ : اشد ضرورت، شدید، شدت پسند۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
عَدَاوَةً : بغض و عداوت، اعداء اسلام۔
اَشْرَكُوْا : شرک، مشرک، مشرکانہ عقائد۔
اَقْرَبَهُمْ : اقرب، قریبی، قرابت، اقرباء پروری۔
مَوَدَّةً : محبت و مودت۔
رُهْبَانًا : رہبانیت، عیسائی راہب۔
يَسْتَكْبِرُوْنَ : تکبر، متکبر۔

وَ لَوْ	كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ ❶	بِاللّٰهِ	وَالنَّبِيِّ	وَ مَآ
اور اگر	وہ سب ایمان لائے ہوتے	اللہ پر	اور نبی (محمد ﷺ) پر	اور جو

اُنْزِلَ ❷	اِلَيْهِ	مَا	اتَّخَذُوْهُمْ ❸	اَوْلِيَآءَ	وَلٰكِنَّ	كَثِيْرًا
نازل کیا گیا	اسکی طرف	(تو) نہ	بناتے سب اُن (کافروں) کو	دوست	اور لیکن	اکثر

مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ (81)	لَتَجِدَنَّ ❹	اَشَدَّ ❺	النَّاسِ	عَدَاوَةً ❻
ان میں سے	سب نافرمان ہیں	آپ یقیناً ضرور پائیں گے	زیادہ سخت	لوگوں میں سے	دشمنی میں

لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	الْيَهُوْدَ	وَ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا ❼ ج
ان لوگوں کیلئے جو	سب ایمان لائے ہیں	یہودیوں کو	اور	اُن لوگوں کو جن	سب نے شرک کیا

وَ	لَتَجِدَنَّ ❹	اَقْرَبَهُمْ ❺	مَّوَدَّةً ❻	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
اور	یقیناً آپ ضرور پائیں گے	زیادہ قریب اُن میں سے	محبت میں	اُن لوگوں کیلئے جو	سب ایمان لائے

الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا ❽	نَصٰرٰى ط	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	مِنْهُمْ
ان لوگوں کو جن	سب نے کہا	(کہ) بیشک ہم	نصاریٰ ہیں	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک	اُن میں سے

قِسِّيْسِيْنَ ❾	وَ	رُهْبَانًا	وَّ	اَنَّهُمْ	لَا	يَسْتَكْبِرُوْنَ (82)
(کچھ) عالم ہیں	اور	(کچھ) عبادت گزار (بھی)	اور	بیشک وہ	نہیں	وہ سب تکبر کرتے

ضروری وضاحت

❶ "وا، ون" دونوں کا ملا کر ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔ ❷ شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "وا" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں "لَ" اور آخر میں "نَّ" میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❻ "ۃ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ "أ" معنی میں تبدیلی کیلئے ہے۔ ❽ "اِنَّا" اصل میں "اِنَّ+نَا" تھا پڑھنے میں آسانی کیلئے ایک "نون" گرا دیا گیا۔ ❾ "يْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

تعارف ومقاصد ''بیت القرآن''

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آيت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تاثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے ''بیت القرآن'' کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہوسکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **''بیت القرآن''** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **''بیت القرآن''** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ۝١٧﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿وَاِذَا سَمِعُوۡا 07﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن
لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿وَ اِذَا سَمِعُوْا﴾ پارہ نمبر 07
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
نظر ثانی	عبداللطیف حلیم
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن دوم	جولائی 2010
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیْتُ القُرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115
فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111
ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org
ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ القُرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ القُرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2. "بَیْتُ القُرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کارِ خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیْتُ القُرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہوجاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہوجاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہوجاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہوجاتا ہے۔

2. سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کرکے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ	اور جب وہ سنتے ہیں اسے جو نازل کیا گیا
اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ	رسول کی طرف آپ دیکھتے ہیں ان کی آنکھوں کو
تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ	(کہ) بہتی ہیں آنسوؤں سے
مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ	(اس وجہ) سے جو انہوں نے پہچانا حق کو
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا	وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہیں
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿83﴾	پس تو لکھ لے ہمیں گواہی دینے والوں کے ساتھ ﴿83﴾
وَ مَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ	اور کیا ہے ہم کو (کہ) ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر
وَ مَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ	اور (اس پر) جو آیا ہے ہمارے پاس حق سے
وَ نَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا	اور ہم امید رکھتے ہیں کہ داخل کرے گا ہمیں
رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿84﴾	ہمارا رب نیک لوگوں کے ساتھ (جنت میں۔) ﴿84﴾
فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا	تو ثواب دیا انکو اللہ نے اسکے بدلے جو انہوں نے کہا
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	باغات کا (کہ) چلتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَمِعُوْا : سمع وبصر، قوت سماعت، آلۂ سماعت۔	عَرَفُوْا : عرفِ عام، معروف، معرفت۔
اُنْزِلَ : نازل، شانِ نزول، منزّل من اللہ۔	يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اِلَى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔	فَاكْتُبْنَا : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
تَرٰٓى : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال کمیٹی۔	نَطْمَعُ : لالچ وطمع، مطمع نظر۔
اَعْيُنَهُمْ : عینی شاہد، عین مطابق۔	يُدْخِلَنَا : داخل، دخول، داخلہ، داخلی امور۔
تَفِيْضُ : فیض عام، فیضیاب، فیوض وبرکات۔	فَاَثَابَهُمُ : اجروثواب، ایصال ثواب۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ/ماحول، ماتحت۔	تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الشعور۔

وَ اِذَا	سَمِعُوْا	مَآ	اُنْزِلَ ❶	اِلَى الرَّسُوْلِ
اور جب	وہ سب سنتے ہیں	(اسے) جو	نازل کیا گیا	رسول کی طرف

تَرٰٓی	اَعْیُنَهُمْ	تَفِیْضُ ❷	مِنَ الدَّمْعِ	مِمَّا ❸	عَرَفُوْا
آپ دیکھتے ہیں	انکی آنکھوں کو	بہتی ہیں	آنسوؤں سے	(اس وجہ) سے جو	ان سب نے پہچانا

مِنَ الْحَقِّ ❹ ج	یَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ ❺	اٰمَنَّا	فَاكْتُبْنَا ❻
حق کو	وہ سب کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہم ایمان لاتے ہیں	پس لکھ لے ہمیں

مَعَ الشّٰهِدِیْنَ (83)	وَ مَا	لَنَا	لَا نُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ
سب گواہی دینے والوں کیساتھ	اور کیا ہے	ہم کو	(کہ) ہم ایمان نہ لائیں	اللہ پر

وَ مَا	جَآءَنَا	مِنَ الْحَقِّ ۙ	وَ نَطْمَعُ	اَنْ	یُّدْخِلَنَا
اور جو	آیا ہے ہمارے پاس	حق سے	اور ہم امید رکھتے ہیں	کہ	وہ داخل کریگا ہمیں

رَبُّنَا	مَعَ	الْقَوْمِ الصّٰلِحِیْنَ ❼ (84)	فَاَثَابَهُمُ	اللّٰهُ
ہمارا رب	ساتھ	نیک لوگوں کے	تو ثواب دیا اُنہیں	اللہ نے

بِمَا	قَالُوْا	جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ ❷	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اسکے بدلے جو	ان سب نے کہا	باغات کا	(کہ) چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں

ضروری وضاحت

❶ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "ت" واحد مؤنث کی علامت ہے، عموماً الگ رنگ میں اس کا ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❸ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ رَبَّنَا کے شروع میں یا محذوف ہے جس کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❻ نَا سے پہلے جزم میں حکم پایا جاتا ہے اس لیے ترجمہ ہمیں کیا گیا ہے۔ ❼ اَلْقَوْم میں ایک سے زیادہ لوگ ہوتے ہیں اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے اور یْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں
وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿85﴾	اور یہ بدلہ ہے نیکی کرنیوالوں کا۔ ﴿85﴾
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ	اور انہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿86﴾ ع	وہ لوگ اہل دوزخ ہیں۔ ﴿86﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو مت حرام ٹھہراؤ
طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ	(ان) پاکیزہ چیزوں کو جو حلال کی ہیں اللہ نے
لَكُمْ وَ لَا تَعْتَدُوْا ؕ	تمہارے لیے اور مت تم حد سے بڑھو،
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿87﴾	بیشک اللہ نہیں پسند کرتا حد سے بڑھنے والوں کو ﴿87﴾
وَ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	اور کھاؤ اس سے جو رزق دیا تم کو اللہ تعالیٰ نے
حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ	حلال (جو) پاکیزہ ہے، اور اللہ سے ڈرو
الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿88﴾	جو (کہ) تم اس پر ایمان لانے والے ہو۔ ﴿88﴾

ع 11/9/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خٰلِدِيْنَ : خالد، خلدِ بریں۔

جَزَآءُ : جزا و سزا، جزائے خیر۔

الْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسنِ انسانیت، احسان فراموش۔

كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔

كَذَّبُوْا : کذّاب، تکذیب، مکذّب۔

اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔

اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔

تُحَرِّمُوْا : حلّت وحرمت، حلال وحرام۔

طَيِّبٰتِ : طیب وطاہر، مدینہ طیبہ۔

اَحَلَّ : حلّت وحرمت، حلال وحرام۔

يُحِبُّ : حُبّ، محبوب، محبّت، حبیب۔

تَعْتَدُوْا، الْمُعْتَدِيْنَ : ظلم وتعدی، متعدی۔

كُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔

اِتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ؕ	وَ ذٰلِكَ ❶	جَزَآءُ	الْمُحْسِنِيْنَ (85)
سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	ان میں	اور یہ	بدلہ ہے	سب نیکی کرنیوالوں کا

وَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ
اور (وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور ان سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	وہ لوگ

ع 11 9 1

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ع (86)	يٰاَيُّهَا ❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اہل دوزخ ہیں	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو

لَا تُحَرِّمُوْا ❸	طَيِّبٰتِ ❹	مَآ	اَحَلَّ ❺	اللّٰهُ	لَكُمْ
تم سب مت حرام ٹھہراؤ	پاکیزہ چیزوں کو	جو	حلال کی ہیں	اللہ نے	تمہارے لئے

وَ	لَا تَعْتَدُوْا ؕ ❸	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ ❻	الْمُعْتَدِيْنَ (87)
اور	مت تم سب حد سے بڑھو	بیشک	اللہ	نہیں پسند کرتا	سب حد سے بڑھنے والوں کو

وَ كُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا ۪
اور تم سب کھاؤ	اس سے جو	رزق دیا تم کو	اللہ تعالیٰ نے	حلال	پاکیزہ

وَّ اتَّقُوا	اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اَنْتُمْ	بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ (88)
اور تم سب ڈرو	اللہ سے	جو (کہ)	تم	اس پر	سب ایمان لانے والے ہو

ضروری وضاحت

❶ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے اردو ترجمہ کرتے ہوئے کبھی ضرورتاً یہ ترجمہ کر دیا جاتا ہے اور عموماً ذٰلِكَ تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال بات میں زور پیدا کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ ❷ یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❸ شروع میں لَا اور فعل کے آخر میں وْا میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❺ شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❻ یہاں علامت "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ	نہیں مؤاخذہ فرمائے گا اللہ تمہارا لغو (قسموں) کا
فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَ لٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ	تمہاری قسموں میں اور لیکن وہ مؤاخذہ فرمائے گا تمہارا
بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ	ان پر جو تم نے پختہ (قصدًا) قسمیں کھائیں
فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ	تو اس کا کفارہ ہے دس مسکینوں کو کھانا کھلانا
مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ	اوسط (درجے) کا جو تم کھلاتے ہو
اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ	اپنے گھر والوں کو یا کپڑے پہنانا ہے ان کو
اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ	یا گردن آزاد کرنا ہے
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ	پس جو نہ پائے تو روزے رکھنا ہے تین دن
ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ	یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب تم قسمیں کھاؤ
وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ؕ	اور حفاظت کیا کرو اپنی قسموں کی
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ	اسی طرح کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے
اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿89﴾	اپنی آیات تا کہ تم شکر گزار بنو۔ ﴿89﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤَاخِذُكُمْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	اَوْسَطِ : اوسط عمر، اوسط درجہ، اوسطاً۔
بِاللَّغْوِ : لغو، لغویات۔	اَهْلِيْكُمْ : اہل وعیال، اہلیہ، اہلِ بیت۔
عَقَّدْتُّمُ : عقیدہ، عقدِ نکاح، عقدِ ثانی۔	تَحْرِيْرُ : حریت فکر، حریت پسند۔
فَكَفَّارَتُهٗٓ : قسم کا کفارہ، گناہوں کا کفارہ۔	يَجِدْ : وجود، موجود، موجودہ حالات۔
اِطْعَامُ : قیام وطعام، طعام ماحضر۔	كَذٰلِكَ : کالعدم، کما حقہ۔
عَشَرَةِ : عشرہ مبشرہ، عشر، عاشورہ۔	يُبَيِّنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
مَسٰكِيْنَ : مسکین، مسکینی۔	تَشْكُرُوْنَ : شکر، شکریہ، اظہار تشکر۔

لَا	يُؤَاخِذُكُمُ ❶	اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ	فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ ❷	وَلٰكِنْ
نہیں	مواخذہ فرمائے گا تمہارا	اللہ	لغو (قسموں) کا	تمہاری قسموں میں	اور لیکن

يُّؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	عَقَّدْتُّمُ	الْاَيْمَانَ ❷	فَكَفَّارَتُهٗٓ
وہ مواخذہ فرمائے گا تمہارا	(ان) پر جو	تم نے پختہ کیں	قسمیں (قصداً)	تو اس کا کفارہ

اِطْعَامُ ❸	عَشَرَةِ ❹	مَسٰكِيْنَ	مِنْ اَوْسَطِ ❺	مَا	تُطْعِمُوْنَ
کھانا کھلانا ہے	دس	مسکینوں کو	اوسط (درجے) کا	جو	تم سب کھلاتے ہو

اَهْلِيْكُمْ ❻	اَوْ	كِسْوَتُهُمْ	اَوْ	تَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ ❹
اپنے گھر والوں کو	یا	کپڑے پہنانا ہے ان کو	یا	آزاد کرنا ہے	گردن

فَمَنْ	لَّمْ	يَجِدْ ❶	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ❹	ذٰلِكَ ❼	كَفَّارَةُ ❹
پس جو	نہ	پائے	تو روزے رکھنا ہے	تین دن	یہ	کفارہ ہے

اَيْمَانِكُمْ ❷	اِذَا	حَلَفْتُمْ	وَاحْفَظُوْٓا	اَيْمَانَكُمْ ❷
تمہاری قسموں کا	جب	تم قسمیں کھاؤ	اور تم سب حفاظت کیا کرو	اپنی قسموں کی

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❶	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ❽ (89)
اسی طرح	بیان کرتا ہے اللہ	تمہارے لیے	اپنی آیات	تاکہ تم سب شکر گزار بنو

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "یِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ اَيْمَانٌ يَمِيْنٌ کی جمع ہے اِیمان الگ اور اَیمان الگ لفظ ہے۔ ❸ اِطْعَامُ کے شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ ❹ ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❺ مِنْ کا ترجمہ سے ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ کا کیا گیا ہے۔ ❻ اَهْلِيْكُمْ جمع کا لفظ ہے اَهْلٌ کی جمع اَهْلُوْنَ یا اَهْلِيْنَ ہوتی ہے یہاں نون گر گیا ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے۔ ❽ یہاں كُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو درحقیقت شراب
وَ الْمَيْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَ الْاَزْلَامُ	اور جوا اور بت اور قرعہ کے تیر (سب)
رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ	ناپاک (اور) شیطان کے عمل سے ہیں
فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿90﴾	پس بچو ان سے تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ ﴿90﴾
اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ	درحقیقت شیطان تو چاہتا ہے کہ وہ ڈال دے
بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ	تمہارے درمیان دشمنی اور بغض
فِي الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ وَ يَصُدَّكُمْ	شراب اور جوئے میں (ڈال کر) اور وہ روک دے تمہیں
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ عَنِ الصَّلٰوةِ ۚ	اللہ کے ذکر سے اور نماز سے
فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿91﴾	تو کیا تم (ان چیزوں سے) باز آنے والے ہو؟ ﴿91﴾
وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی
وَ احْذَرُوْا ۚ فَاِنْ	اور بچو (جوئے اور شراب وغیرہ سے) پھر اگر
تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا	منہ موڑا تم نے تو جان لو درحقیقت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْٓا : امن، ایمان، مؤمن۔
مِّنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
عَمَلِ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
فَاجْتَنِبُوْهُ : اجتناب، ایک جانب۔
تُفْلِحُوْنَ : فلاح، فوز و فلاح، فلاحی کام۔
يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
يُّوْقِعَ : واقعہ، وقوعہ، محلِ وقوع۔

بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین المذاہب، بین بین۔
الْعَدَاوَةَ : بغض و عداوت۔
الْبَغْضَآءَ : حسد و بغض، بغض و عداوت۔
ذِكْرِ : ذکر، اذکار، ذاکر، مذکور۔
مُّنْتَهُوْنَ : منتہیٰ، انتہا۔
اَطِيْعُوا : اطاعت و فرمانبرداری، مطیع۔
فَاعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

یٰۤاَیُّهَا❶	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنَّمَا❷	الْخَمْرُ	وَ الْمَیْسِرُ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	درحقیقت	شراب	اور جوا

وَ الْاَنْصَابُ	وَ الْاَزْلَامُ	رِجْسٌ	مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ
اور بت	اور قرعہ کے تیر	ناپاک	(اور) شیطان کے عمل سے ہیں

فَاجْتَنِبُوْهُ❸	لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ❹ (90)	اِنَّمَا❷	یُرِیْدُ❺	الشَّیْطٰنُ
پس تم سب بچو اس سے	تاکہ تم سب فلاح پاجاؤ	درحقیقت	چاہتا ہے	شیطان

اَنْ	یُّوْقِعَ	بَیْنَكُمُ	الْعَدَاوَةَ❻	وَ الْبَغْضَآءَ	فِی الْخَمْرِ
کہ	وہ ڈال دے	تمہارے درمیان	دشمنی	اور بغض	شراب میں

وَ الْمَیْسِرِ	وَ	یَصُدَّكُمْ	عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ	وَ عَنِ الصَّلٰوةِ❻ج
اور جوئے (میں ڈال کر)	اور	وہ روک دے تمہیں	اللہ کے ذکر سے	اور نماز سے

فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّنْتَهُوْنَ (91)	وَ اَطِیْعُوا❼	اللّٰهَ	وَ اَطِیْعُوا❼
تو کیا	تم	سب باز آنے والے ہو	اور تم سب اطاعت کرو	اللہ کی	اور اطاعت کرو

الرَّسُوْلَ	وَ	احْذَرُوْا❼ج	فَاِنْ	تَوَلَّیْتُمْ	فَاعْلَمُوْۤا	اَنَّمَا❷
رسول کی	اور	سب بچو (شراب وغیرہ سے)	پھر اگر	تم نے منہ موڑا	تو تم سب جان لو	درحقیقت

ضروری وضاحت

❶ یا اور اَیُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❷ اَنَّ کے ساتھ اگر مَا آجائے تو اس میں تاکید کا اضافہ ہو جاتا ہے اور اس کا مفہوم اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہوتا ہے۔ ❸ وا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❹ یہاں کُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❺ یہاں علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❼ اگر شروع میں "ا" میں اور آخر میں وا ہو تو اس میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿92﴾	ہمارے رسول پر پہنچا دینا ہے واضح طور پر۔ ﴿92﴾
لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	نہیں ہے ان لوگوں پر جو ایمان لائے
وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے کوئی گناہ
فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا	(اس بارے) میں جو وہ کھا چکے جبکہ وہ بچے رہے (شرک سے)
وَّ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور وہ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے
ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا	پھر وہ بچے رہے (حرام چیزوں سے) اور ایمان پر قائم رہے
ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا ؕ	پھر انہوں نے تقویٰ اختیار کیا اور نیک کام کیے
ع 12/7/2 وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿93﴾ ع	اور اللہ محبت رکھتا ہے نیکی کرنیوالوں سے۔ ﴿93﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو۔
لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ	ضرور بالضرور آزمائے گا تمہیں اللہ
بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ	کسی چیز سے شکار (میں) سے
تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ	(کہ) پاسکیں گے اسے تمہارے ہاتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰى : علیحدہ، علی الحقیقت، علی الاعلان۔	اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔
رَسُوْلِنَا : نبی ورسول، رسالت، مرسل۔	اَحْسَنُوْا، الْمُحْسِنِيْنَ : احسن، محسن، محسنِ کائنات۔
الْبَلٰغُ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، تبلیغی دورے۔	يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔
الْمُبِيْنُ : بیان، بیّن دلیل، مبینہ طور پر۔	لَيَبْلُوَنَّكُمُ : دورِ ابتلاء، مصیبت میں مبتلا ہونا۔
عَمِلُوا : عمل، معمول، تعمیل، معمولاتِ زندگی۔	بِشَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
طَعِمُوْٓا : قیام و طعام، طعام ماحضر۔	الصَّيْدِ : دامِ صیاد، صید گاہ۔
اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔	اَيْدِيْكُمْ : یدِ بیضاء، یدِ طولیٰ۔

عَلٰى رَسُوْلِنَا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ (92)	لَيْسَ	عَلَى الَّذِيْنَ
ہمارے رسول پر	پہنچا دینا ہے	واضح طور پر	نہیں ہے	ان لوگوں پر جو

اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❶	جُنَاحٌ ❷	فِيْمَا
سب ایمان لائے	اور سب نے عمل کیے	نیک	کوئی گناہ	(اس بارے) میں جو

طَعِمُوْٓا	اِذَا مَا	اتَّقَوْا	وَّ اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا
وہ سب کھا چکے	جب کہ	وہ سب بچے رہے (شرک سے)	اور وہ سب ایمان لائے	اور سب عمل کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ ❶	ثُمَّ	اتَّقَوْا	وَّ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ
نیک	پھر	وہ سب بچے رہے (حرام چیزوں سے)	اور	سب ایمان پر قائم رہے	پھر

ع 12 7 2

اتَّقَوْا	وَّ اَحْسَنُوْا ط	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ ❸	الْمُحْسِنِيْنَ ع (93)
سب نے تقویٰ اختیار کیا	اور سب نے نیک کام کیے	اور اللہ	محبت رکھتا ہے	نیکی کرنیوالوں سے

يٰٓاَيُّهَا ❹	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَيَبْلُوَنَّكُمُ ❸❺	اللّٰهُ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	ضرور بالضرور آزمائے گا تمہیں	اللہ

بِشَيْءٍ ❷	مِّنَ الصَّيْدِ	تَنَالُهٗٓ ❻	اَيْدِيْكُمْ ❼
کسی چیز سے	شکار میں سے	(کہ) پاسکیں گے اسے	تمہارے ہاتھ

ضروری وضاحت

❶ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے
اسی لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔ ❸ علامت يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ يا اور اَيُّها دونوں کا ترجمہ اے ہے۔
❺ لَيَبْلُوَنَّكُمْ کے شروع میں لَ اور نَّ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❻ تَنَالُهٗ میں علامت تـ واحد مؤنث کی علامت ہے
انسان کے علاوہ جمع کے ساتھ عموماً فعل واحد مؤنث آتا ہے۔ ❼ اَيْدِيْكُمْ میں "اَيْدِيْ" يَدٌ کی جمع ہے۔

وَ رِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ	اور تمہارے نیزے تاکہ معلوم کرے اللہ (کہ)
مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ	کون ڈرتا ہے اس سے غائبانہ
فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ	پس جو زیادتی کرے اس کے بعد
فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿94﴾	تو اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿94﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو، نہ مارو
الصَّيْدَ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ	شکار اس حال میں کہ تم احرام میں ہو
وَ مَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا	اور جو مار ڈالے گا اسے تم میں سے جان بوجھ کر
فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ	تو بدلہ دینا ہے اس جیسا جو اس نے مار ڈالا ہے
مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ	چوپایوں میں سے، فیصلہ کریں گے اس کا دو عدل والے
مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ	تم میں سے، قربانی ہے پہنچنے والی کعبہ کو
اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ	یا کفارہ ہے مسکینوں کو کھانا کھلانا
اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا	یا اس کے برابر روزے رکھنا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيَعْلَمَ : علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	مُّتَعَمِّدًا : عمدًا، قتلِ عمد۔
يَخَافُهٗ : اللہ کا خوف، خائف ہونا۔	حُرُمٌ : احرام، محرم۔
اعْتَدٰى : ظلم و تعدی، متعدی، عدوان۔	فَجَزَآءٌ : جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ خیر۔
اَلِيْمٌ : المیہ، المناک، رنج و الم۔	مِّثْلُ : مثل، مثال، تمثیل، امثال۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔	يَحْكُمُ : حکم، حاکم، محکوم۔
تَقْتُلُوا، قَتَلَهٗ : قتل، قاتل، مقتول۔	عَدْلٍ : عدل و انصاف، عادل حکمران، عدالت۔
الصَّيْدِ : دامِ صیاد، صید گاہ۔	كَفَّارَةٌ : قسم کا کفارہ، گناہوں کا کفارہ۔

وَ	رِمَاحُكُمْ	لِيَعْلَمَ ❶❷	اللّٰهُ	مَنْ	يَّخَافُهٗ ❷	بِالْغَيْبِ ج ❸
اور	تمہارے نیزے	تاکہ معلوم کرے	اللہ (کہ)	کون	ڈرتا ہے اس سے	غیب سے

فَمَنِ	اعْتَدٰى	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَلَهٗ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (94)
پس جو	زیادتی کرے	اس کے بعد	تو اس کے لیے	عذاب ہے	دردناک

يٰۤاَيُّهَا ❹	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَقْتُلُوا ❺	الصَّيْدَ	وَاَنْتُمْ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	نہ تم سب مار ڈالو	شکار کو	اس حال میں کہ تم

حُرُمٌ ط	وَمَنْ	قَتَلَهٗ	مِنْكُمْ	مُّتَعَمِّدًا
احرام میں ہو	اور جو	مار ڈالے اسے	تم میں سے	جان بوجھ کر

فَجَزَآءٌ	مِّثْلُ	مَا	قَتَلَ	مِنَ النَّعَمِ	يَحْكُمُ ❷
تو بدلہ دینا ہے	اس جیسا	جو	اس نے مار ڈالا	چوپایوں میں سے	فیصلہ کریں گے

بِهٖ	ذَوَا عَدْلٍ ❻	مِّنْكُمْ	هَدْيًا	بٰلِغَ	الْكَعْبَةِ ❼
اس کا	دو عدل والے	تم میں سے	قربانی ہے	پہنچنے والی	کعبہ کو

اَوْ	كَفَّارَةٌ ❼	طَعَامُ	مَسٰكِيْنَ ❽	اَوْ	عَدْلُ ذٰلِكَ	صِيَامًا
یا	کفارہ ہے	کھانا کھلانا	مسکینوں کو	یا	اس کے برابر	روزے رکھنا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت لِ اگر فعل کے شروع میں ہو اور اس کے آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا گیا ہے۔ ❷ علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ مراد ہے غائبانہ طور پر۔ ❹ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ ذَوَا میں الف کا مفہوم دو ہے۔ ❼ ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ مَسٰكِيْنَ کے آخر میں يْنَ جمع مذکر کی علامت نہیں بلکہ اصل لفظ کا حصہ ہے اور یہ مِسْكِيْنٌ کی جمع ہے۔

لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ	تا کہ وہ چکھے اپنے کیے کی سزا (کا مزہ)
عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ	معاف کر دیا ہے اللہ نے اس کو جو پہلے گزر چکا
وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ	اور جو دوبارہ کرے گا تو انتقام لے گا اللہ اس سے
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُوا نْتِقَامٍ ﴿95﴾	اور اللہ غالب ہے انتقام لینے والا۔ ﴿95﴾
اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ	حلال کیا گیا ہے تمہارے لیے سمندر کا شکار (احرام کی حالت میں)
وَ طَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ	اور اس کا کھانا (بھی)، فائدہ ہے تمہارے لیے
وَ لِلسَّيَّارَةِ ۚ وَ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ	اور مسافروں کیلئے (بھی) اور حرام کیا گیا ہے تم پر
صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ	خشکی کا شکار جب تک تم رہو احرام کی حالت میں
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ	اور ڈرتے رہو اللہ سے جو (کہ)
اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿96﴾	اسی کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے۔ ﴿96﴾
جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ	بنایا ہے اللہ نے کعبہ کو (جو) حرمت والا گھر ہے
قِيٰمًا لِّلنَّاسِ	قائم رہنے کا باعث لوگوں کیلئے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّيَذُوْقَ : ذائقہ، موت کا ذائقہ۔	الْبَحْرِ : بحری سفر، بحری جہاز، بحری بیڑہ۔
وَبَالَ : گناہوں کا وبال، وبالِ جان۔	طَعَامُهٗ : قیام و طعام، طعام ماحضر۔
اَمْرِهٖ : امر، آمر، آمریت، امر ربی۔	مَتَاعًا : مال و متاع، متاعِ کارواں۔
عَفَا : عفو و درگزر، معافی، عافیت۔	لِلسَّيَّارَةِ : سیر و سیاحت، صبح کی سیر، سیرگاہ۔
سَلَفَ : سلف، اسلاف، سلفی۔	دُمْتُمْ : دوام، دائمی۔
عَادَ : اعادہ کرنا، مسیح موعود۔	الْبَرِّ : براعظم، بری افواج۔
فَيَنْتَقِمُ : انتقام، انتقامی کاروائی۔	قِيٰمًا : قیام و طعام، قیام اللیل، قائم، مقیم۔

لِيَذُوْقَ ❶	وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ	عَفَا	اللّٰهُ	عَمَّا ❷	سَلَفَ ؕ
تاکہ وہ چکھے	اپنے کیے کی سزا	معاف کر دیا ہے	اللہ نے	اس کو جو	پہلے گزر چکا

وَمَنْ	عَادَ	فَيَنْتَقِمُ ❸	اللّٰهُ	مِنْهُ ؕ	وَ اللّٰهُ	عَزِيْزٌ
اور جو	دوبارہ کرے گا	تو انتقام لے گا	اللہ	اس سے	اور اللہ	غالب ہے

ذُوا نْتِقَامٍ (95)	اُحِلَّ ❹	لَكُمْ	صَيْدُ الْبَحْرِ	وَ
انتقام (لینے) والا	حلال کیا گیا ہے	تمہارے لیے	سمندر کا شکار (احرام کی حالت میں)	اور

طَعَامُهٗ	مَتَاعًا	لَّكُمْ	وَ	لِلسَّيَّارَةِ ۚ	وَ حُرِّمَ ❹
اس کا کھانا	فائدہ مند ہے	تمہارے لیے	اور	مسافروں کیلئے	اور حرام کیا گیا ہے

عَلَيْكُمْ	صَيْدُ الْبَرِّ	مَا دُمْتُمْ ❺	حُرُمًا ؕ	وَ	اتَّقُوا
تم پر	خشکی کا شکار	جب تک تم رہو	احرام کی حالت میں	اور	تم سب ڈرتے رہو

اللّٰهَ ❻	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ ❼ (96)	جَعَلَ	اللّٰهُ ❽
اللہ سے	جو (کہ)	اسی کی طرف	تم سب اکٹھے کئے جاؤ گے	بنایا ہے	اللہ نے

الْكَعْبَةَ	الْبَيْتَ	الْحَرَامَ	قِيٰمًا	لِّلنَّاسِ
کعبہ کو	گھر	حرمت والا	قائم رہنے کا باعث	لوگوں کیلئے

ضروری وضاحت

❶ لِ اگر فعل کے شروع میں ہو اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❷ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا ہوتا ہے۔ ❺ یہاں مَا کا ترجمہ فعل کے ساتھ ملا کر جب تک کیا گیا ہے۔ ❻ فعل کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❼ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ فعل کے بعد اسم کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

وَ الشَّهۡرَ الۡحَرَامَ	اور حرمت والے مہینوں کو
وَ الۡهَدۡیَ وَ الۡقَلَآئِدَ ؕ	اور قربانی کو اور پٹے والے جانوروں کو
ذٰلِكَ لِتَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ	یہ (اس لیے) تا کہ تم جان لو کہ بیشک اللہ
یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ وَ اَنَّ اللّٰهَ	اور جو کچھ زمین میں ہے اور بیشک اللہ
بِكُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿97﴾	ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿97﴾
اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ	جان لو کہ بیشک اللہ سخت عذاب (دینے) والا ہے
وَ اَنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿98﴾	اور (یہ) کہ بیشک خوب بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ﴿98﴾
مَا عَلَی الرَّسُوۡلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ ؕ	نہیں ہے رسول پر مگر پہنچا دینا
وَ اللّٰهُ یَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ	اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو
وَ مَا تَكۡتُمُوۡنَ ﴿99﴾	اور جو تم (سینوں میں) چھپاتے ہو۔ ﴿99﴾
قُلۡ لَّا یَسۡتَوِی الۡخَبِیۡثُ وَ الطَّیِّبُ	کہہ دو نہیں برابر ہو سکتیں ناپاک اور پاک (چیزیں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلۡحَرَامَ : حرمت، محرم۔	الۡعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
الۡقَلَآئِدَ : قلادہ، مقلد، تقلید۔	غَفُوۡرٌ : مغفرت، استغفار، دعائے مغفرت۔
لِتَعۡلَمُوۡۤا، یَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	رَّحِیۡمٌ : رحم و کرم، مرحوم، رحمت، رحیم۔
السَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماوی۔	الرَّسُوۡلِ : رسول اکرم، رسالت۔
بِكُلِّ : کل جہان، کل کائنات، کل نمبر۔	الۡبَلٰغُ : ابلاغ، تبلیغ، مبلّغ، بلوغت، بالغ۔
شَیۡءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔	تَكۡتُمُوۡنَ : کتمانِ حق، کتمانِ علم۔
شَدِیۡدُ : اشد، شدید مشکلات، شدید بحران۔	یَسۡتَوِی : مساوی، مساوات۔

وَ	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَ	الْهَدْیَ	وَ	الْقَلَآئِدَ ؕ
اور	حرمت والے مہینوں کو	اور	قربانی کو	اور	پٹے والے جانوروں کو

ذٰلِكَ ❶	لِتَعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ ❷	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❸
یہ (اس لیے)	تاکہ تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	جانتا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ اَنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ❹ (97)
اور جو کچھ	زمین میں ہے	اور بیشک	اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا ہے

اِعْلَمُوْٓا ❺	اَنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَ	اَنَّ اللّٰهَ
تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	سخت	عذاب (دینے) والا ہے	اور	یہ کہ بیشک اللہ

غَفُوْرٌ ❹	رَّحِيْمٌ ❹ ؕ (98)	مَا ❻	عَلَى الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ ؕ
خوب بخشنے والا	بڑا مہربان ہے	نہیں ہے	رسول پر	مگر	پہنچا دینا

وَ اللّٰهُ	يَعْلَمُ ❷	مَا	تُبْدُوْنَ	وَ مَا	تَكْتُمُوْنَ (99)
اور اللہ	جانتا ہے	جو	تم سب ظاہر کرتے ہو	اور جو	تم سب (سینوں میں) چھپاتے ہو

قُلْ	لَّا	يَسْتَوِي ❷	الْخَبِيْثُ	وَ	الطَّيِّبُ
کہہ دو	نہیں	برابر ہو سکتے	ناپاک	اور	پاک

ضروری وضاحت

❶ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے، قرآن میں عموماً ذٰلِكَ، تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال بات کی اہمیت ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ❷ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ شروع میں "ا" اور آخر میں وْا میں کام کرنے کے حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ "نہیں" کرتے ہیں۔

وَلَوۡ اَعۡجَبَكَ كَثۡرَةُ الۡخَبِيۡثِ ۚ	اور اگر چہ بھلی لگے آپ کو ناپاک کی کثرت
فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الۡاَلۡبَابِ	تو ڈرتے رہو اللہ سے اے عقل والو!
لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ؏ (100)	تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ ؏ (100)
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو
لَا تَسۡـئَلُوۡا عَنۡ اَشۡيَآءَ	مت پوچھو (ایسی) چیزوں کے بارے میں
اِنۡ تُبۡدَ لَـكُمۡ تَسُؤۡكُمۡ ۚ	اگر وہ ظاہر کر دی جائیں تمہارے لیے بُری لگیں تمہیں
وَ اِنۡ تَسۡـئَلُوۡا عَنۡهَا	اور اگر تم پوچھو گے ان کے بارے میں
حِيۡنَ يُنَزَّلُ الۡقُرۡاٰنُ	ایسے وقت جب قرآن اُتارا جا رہا ہو (تو)
تُبۡدَ لَـكُمۡ ؕ	وہ ظاہر کر دی جائیں گی تمہارے لیے
عَفَا اللّٰهُ عَنۡهَا ؕ	معاف کر دیا ہے اللہ نے اس سے (جواب تک ہو چکا)
وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ حَلِيۡمٌ (101)	اور اللہ بخشنے والا بُردبار ہے۔ (101)
قَدۡ سَاَلَهَا قَوۡمٌ مِّنۡ قَبۡلِكُمۡ	یقیناً سوال کیا ان کا ایک قوم نے تم سے پہلے

ع 13 / 7 / 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعۡجَبَكَ : عجیب وغریب، عجائب گھر، تعجب۔	اَشۡيَآءَ : اشیائے ضرورت، اشیائے خورد ونوش۔
كَثۡرَةُ : قلت وکثرت، اکثر، کثیر، اکثریت۔	تَسُؤۡكُمۡ : علمائے سوء، سوءِ ظن۔
الۡخَبِيۡثِ : خبث باطن، خبیث النفس، خباثت۔	يُنَزَّلُ : نازل، نزول، منزّل۔
يٰۤاُولِى : اولوالعزم۔	عَفَا : عفو ودرگزر، معافی، عافیت۔
تُفۡلِحُوۡنَ : فوز وفلاح، فلاحی کام، فلاحی تنظیمیں۔	غَفُوۡرٌ : استغفار، دعائے مغفرت۔
اٰمَنُوۡا : امن، ایمان، مؤمن۔	حَلِيۡمٌ : حلیم الطبع، حلم وبُردباری۔
تَسۡـئَلُوۡا، سَاَلَهَا : سوال، سائل، مسئول۔	قَبۡلِكُمۡ : قبل از غذا، قبل از وقت۔

وَ لَوْ	اَعْجَبَكَ ❶	كَثْرَةُ ❷	الْخَبِيْثِ ۚ	فَاتَّقُوا
اور اگرچہ	بھلی لگے آپ کو	کثرت	ناپاک کی	تو تم سب ڈرتے رہو

ع 13 7 3

اللّٰهَ	يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ	لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ❸ ۧ (100)	يٰٓاَيُّهَا
اللہ سے	اے عقل والو!	تاکہ تم سب فلاح پا جاؤ	اے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَسْـَٔلُوْا	عَنْ اَشْيَآءَ	اِنْ
وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب پوچھو	(ایسی) چیزوں کے بارے میں	اگر

تُبْدَ ❹	لَكُمْ	تَسُؤْكُمْ ❹ ۚ	وَ اِنْ	تَسْـَٔلُوْا
وہ ظاہر کر دی جائیں	تمہارے لیے	بُری لگیں تمہیں	اور اگر	تم سب پوچھو گے

عَنْهَا	حِيْنَ	يُنَزَّلُ ❺	الْقُرْاٰنُ	تُبْدَ ❹
انکے بارے میں	(ایسے وقت) جب	اُتارا جا رہا ہو	قرآن	(تو) وہ ظاہر کر دی جائیں گی

لَكُمْ ؕ	عَفَا	اللّٰهُ ❻	عَنْهَا ؕ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ ❼
تمہارے لیے	معاف کر دیا ہے	اللہ نے	اس سے (جواب تک ہو چکا)	اور اللہ	بہت بخشنے والا

حَلِيْمٌ ❼ (101)	قَدْ	سَاَلَهَا	قَوْمٌ ❽	مِّنْ قَبْلِكُمْ
بہت بُرد بار ہے	یقیناً	سوال کیا ان کا	ایک قوم نے	تم سے پہلے

ضروری وضاحت

❶ اَعْجَبَكَ کے شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے آیا ہے۔ ❷ ة واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❸ كُمْ اور تـ دونوں کا ملا کر ترجمہ "تم" کیا گیا ہے۔ ❹ علامت تـ کا ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم کہ جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ قَوْمٌ پر تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے جس کا ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿102﴾	پھر ہو گئے ان کا انکار کرنے والے۔ ﴿102﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ	نہیں بنایا اللہ نے (کوئی چیز) بحیرہ کو
وَّ لَا سَآئِبَةٍ وَّ لَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ	اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حام کو
وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور لیکن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ	وہ باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹ،
وَ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿103﴾	اور ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ ﴿103﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا	اور جب کہا جائے ان سے آؤ
اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اس کی طرف جو اللہ نے اُتارا ہے
وَ اِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا	اور رسول کی طرف (تو) کہتے ہیں کافی ہے ہمیں (وہی)
مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ	جو (کہ) پایا ہم نے اس پر اپنے باپ دادا کو
اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ	اور کیا اگر چہ ہوں ان کے باپ دادا
لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿104﴾	کچھ نہ جانتے اور نہ وہ راہ راست پر ہوں۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔	قِيْلَ، قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
لٰكِنَّ : لیکن۔	اَنْزَلَ : نازل، شانِ نزول، منزل من اللہ۔
يَفْتَرُوْنَ : کذب وافترا، افترا پردازی، مفتری۔	اِلَى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
عَلَى، عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	وَجَدْنَا : وجود، موجود، ایجاد۔
الْكَذِبَ : کذاب، مکذب، تکذیب۔	اٰبَآءَنَا : آباء واجداد، آبائی علاقہ، آبائی نسبت۔
اَكْثَرُهُمْ : اکثر و بیشتر، اکثریت، کثرت۔	يَهْتَدُوْنَ : ہدایت، رشد و ہدایت، ہادیٔ برحق۔
يَعْقِلُوْنَ : عقل و شعور، عاقل و بالغ، معقول۔	يَعْلَمُوْنَ : علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

ثُمَّ	اَصْبَحُوْا	بِهَا	كٰفِرِيْنَ (102)	مَا	جَعَلَ	اللّٰهُ
پھر	وہ سب ہو گئے	ان کا	سب انکار کرنے والے	نہیں	بنایا	اللہ نے

مِنْۢ بَحِيْرَةٍ ❶❷❸	وَّ لَا	سَآئِبَةٍ ❷❹	وَّ لَا	وَّصِيْلَةٍ ❷❺	وَّ لَا	حَامٍ ❻
بحیرہ کو	اور نہ	سائبہ (کو)	اور نہ	وصیلہ (کو)	اور نہ	حام (کو)

وَّ لٰكِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ ط
اور لیکن	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	وہ سب باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ

وَ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ (103)	وَ اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ
اور	ان میں سے اکثر	نہیں وہ سب عقل رکھتے	اور جب	کہا جائے	ان سے

تَعَالَوْا	اِلٰى مَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	وَ	اِلَى الرَّسُوْلِ	قَالُوْا
سب آؤ	اس کی طرف جو	اُتارا ہے اللہ نے	اور	رسول کی طرف	(تو) سب کہتے ہیں

حَسْبُنَا	مَا	وَجَدْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا ط	اَوَ لَوْ	كَانَ
کافی ہے ہمیں	(وہی) جو	پایا ہم نے	اس پر	اپنے باپ دادا کو	اور کیا اگرچہ	ہوں

اٰبَآؤُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	شَيْئًا	وَّ	لَا يَهْتَدُوْنَ (104)
ان کے باپ دادا	نہ وہ سب جانتے ہوں	کچھ	اور	نہ وہ سب راہ راست پر ہوں

ضروری وضاحت

❶ مِنْ کا ترجمہ کو ضرورتا کیا گیا ہے۔❷ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❸ بَحِيْرَة وہ اونٹنی جسکے کان چیر کر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور کوئی اسکا دودھ نہ دوہ سکتا تھا۔❹ سَائِبَة وہ جانور جو مراد پوری ہونے پر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور اس پر بوجھ نہ لادتے تھے۔❺ وَصِيْلَة وہ اونٹنی جو اول عمر میں اوپر تلے دو مادہ بچے دیتی، اسے بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے۔❻ حَام وہ اونٹ جسکی نسل سے چند بچے لے کر اس سے کام لینا ترک کر دیتے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو لازم ہے تم پر
اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ	اپنے نفسوں (کی فکر کرنا) نہیں نقصان پہنچائے گا تمہیں
مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ	جو گمراہ ہو جائے جبکہ تم ہدایت پر رہو۔
اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا	اللہ کی طرف لوٹنا ہے تم سب کا
فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿105﴾	پھر وہ خبر دے گا تمہیں اسکی جو تم تھے کیا کرتے ﴿105﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ	گواہی (کا اصول) تمہارے درمیان (یہ ہے کہ)
اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ	جب حاضر ہونے لگے تم میں سے کسی ایک پر موت
حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ	(تو گواہ بنالے) وصیت کے وقت دو (مردوں) کو
ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ	دو عدل والے (جو) تم (مسلمانوں) میں سے (معتبر) ہوں
اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ	یا دوسرے دو ہوں تمہارے علاوہ (غیر مسلموں) میں سے
اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ	اگر تم سفر پر نکلے ہو زمین میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔
اَنْفُسَكُمْ : نفسیات، نفسانفسی، نفسانی خواہشات۔
يَضُرُّكُمْ : ضرر رساں، مضر صحت۔
ضَلَّ : ضلالت و گمراہی۔
اهْتَدَيْتُمْ : ہادی، ہدایت، ہدایت یافتہ۔
مَرْجِعُكُمْ : رجوع کرنا، رجوع کا حق، رجعت۔
جَمِيْعًا : جمیع کائنات، جمع، جامع، مجموعہ۔
تَعْمَلُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیمات۔
شَهَادَةُ : شاہد، شہید، شہادت، شواہد۔
بَيْنِكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
حَضَرَ : حاضر، حاضری، تناول ماحضر۔
الْوَصِيَّةِ : وصیت کرنا۔
اثْنٰنِ : لاثانی، تیرا کوئی ثانی نہیں۔
ذَوَا : ذوا اضعاف اقل، ذو معنی، ذیشان۔

يٰۤاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	عَلَيْكُمْ	اَنْفُسَكُمْ ج
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	(لازم ہے فکر کرنا) تم پر	اپنے نفسوں کی

لَا	يَضُرُّكُمْ ❷	مَّنْ ❸	ضَلَّ	اِذَا	اهْتَدَيْتُمْ ط
نہیں	نقصان پہنچائے گا تمہیں	جو	گمراہ ہو جائے	جبکہ	تم ہدایت پر رہو

اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا
اللہ کی طرف	لوٹنا ہے تمہارا	سب کا	پھر وہ خبر دے گا تمہیں	(اس) کی جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ❹ (105)	يٰۤاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	شَهَادَةُ ❺
تھے تم سب کیا کرتے	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	گواہی (کا اصول)

بَيْنِكُمْ	اِذَا	حَضَرَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ
تمہارے درمیان (یہ ہے کہ)	جب	حاضر ہونے لگے	تم میں سے کسی ایک کو	موت

حِيْنَ الْوَصِيَّةِ ❺	اثْنٰنِ ❻	ذَوَا عَدْلٍ ❻	مِّنْكُمْ	اَوْ
(تو گواہ بنا لے) وصیت کے وقت	دو (مردوں کو)	دو عدل والے	تم (مسلمانوں) میں سے	یا

اٰخَرٰنِ ❻	مِنْ غَيْرِكُمْ	اِنْ	اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ ❼	فِي الْاَرْضِ
دوسرے دو ہوں	تمہارے علاوہ (غیر مسلموں) میں سے	اگر	تم سفر پر نکلے ہو	زمین میں

ضروری وضاحت

❶ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❷ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو کبھی کون یا کس کیا جاتا ہے۔ ❹ علامت تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❺ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ -اٰنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ یہاں اَنْتُمْ اور تُمْ دونوں کا ترجمہ تم ہے اور اگر ضَرَبْتُمْ یا یَضْرِبُوْنَ کے بعد فِی الْاَرْضِ ہو تو مفہوم زمین میں سفر کرنا ہوتا ہے۔

فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ	تو پہنچے تمہیں موت کی مصیبت
تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ	(تو) تم روکو ان دونوں کو نماز کے بعد
فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ	پس وہ دونوں قسمیں کھائیں اللہ کی
اِنِ ارْتَبْتُمْ	(یہ اس صورت میں ہوگا) اگر تمہیں شک ہو (وہ دونوں کہیں)
لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا	نہیں ہم بدلے میں لیں گے اس (قسم) کے کوئی قیمت
وَّ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ	اور اگرچہ وہ ہو قرابت والا
وَ لَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ ۙ	اور نہیں ہم چھپائیں گے اللہ کی گواہی کو (اگر ایسا کریں تو)
اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿106﴾	بیشک ہم تب ضرور گناہگاروں میں سے ہونگے۔ ﴿106﴾
فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ	پھر اگر معلوم ہوجائے کہ بیشک وہ دونوں مستحق ہوئے ہیں
اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ	گناہ کے (جھوٹ بول کر) تو دوسرے دو کھڑے ہوں
مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ	ان دونوں کی جگہ ان لوگوں میں سے جن کی
اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ	حق تلفی ہوئی جن کی، دونوں قریبی ہوں (میت کے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَصَابَتْكُمْ : مصیبت، مصائب (پہنچنا)۔	ثَمَنًا : زرِ ثمن۔
الْمَوْتِ : موت وحیات، میت۔	قُرْبٰى : قرب، قریب، قرابت۔
تَحْبِسُوْنَهُمَا : حبسِ بیجا، محبوس کر دینا۔	نَكْتُمُ : کتمانِ حق، کتمانِ علم۔
بَعْدِ : بعد از فروخت، بعد از غذا۔	شَهَادَةَ : شاہد، شہید، شہادت۔
فَيُقْسِمٰنِ : قسم کا کفارہ، اللہ کی قسم۔	مِنْ : من جانب، من وعن، من حیث القوم۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔	اسْتَحَقَّآ : حق، مستحق، استحقاق۔
نَشْتَرِيْ : بیع وشریٰ، مشتری ہوشیار باش۔	يَقُوْمٰنِ، مَقَامَهُمَا : قائم مقام، قیام، مقیم، بلند مقام۔

فَاَصَابَتْكُمْ ❶	مُّصِيْبَةُ ❷	الْمَوْتِ ؕ	تَحْبِسُوْنَهُمَا
تو پہنچے تمہیں	مصیبت	موت کی	(تو) تم سب روکو ان دونوں کو

مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ ❷❸	فَيُقْسِمٰنِ ❹	بِاللّٰهِ	اِنِ	ارْتَبْتُمْ
نماز کے بعد	پس وہ دونوں قسمیں کھائیں	اللہ کی	اگر	تمہیں شک ہو

لَا	نَشْتَرِيْ	بِهٖ	ثَمَنًا	وَّلَوْ	كَانَ
(وہ کہیں) نہیں	ہم بدلے میں لیں گے	اس (قسم) کے	کوئی قیمت	اور اگرچہ	وہ ہو

ذَا قُرْبٰى ۙ	وَلَا	نَكْتُمُ	شَهَادَةَ اللّٰهِ ❷ ۙ	اِنَّآ ❺	اِذًا
قرابت والا	اور نہیں	ہم چھپائیں گے	اللہ کی گواہی کو (اگر ایسا کریں تو)	بیشک ہم	تب

لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿106﴾	فَاِنْ	عُثِرَ	عَلٰٓى اَنَّهُمَا
ضرور گناہگاروں میں سے ہونگے	پھر اگر	اطلاع پائی جائے	(اس) پر کہ بیشک وہ دونوں

اسْتَحَقَّآ	اِثْمًا	فَاٰخَرٰنِ ❹ يَقُوْمٰنِ ❻	مَقَامَهُمَا
دونوں مستحق ہوئے ہیں	گناہ کے (جھوٹ بول کر)	تو دوسرے دو کھڑے ہوں	ان دونوں کی جگہ

مِنَ الَّذِيْنَ	اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ ❼	الْاَوْلَيٰنِ ❹
ان لوگوں میں سے جو (کہ)	حق ثابت ہوا ان کے خلاف	دونوں قریبی ہوں (میت کے)

ضروری وضاحت

❶ علامت تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اگر لفظ بَعْد سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ علامت ـٰنِ دو ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ ❺ اِنَّا اصل میں اِنَّنَا تھا تخفیف کے لیے ایک نون گرا دیا گیا ہے۔ ❻ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ اس کا مفہوم یہ ہے کہ جن کے خلاف (جھوٹ بول کر اور حق دبا کر) گناہ کا ارتکاب کیا گیا۔

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ
تو وہ دونوں قسمیں کھائیں اللہ کی (کہ) یقیناً ہماری گواہی

اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا
زیادہ سچی ہے ان دونوں کی گواہی سے

وَ مَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ
اور نہیں ہم نے کوئی زیادتی کی، بیشک ہم

اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿107﴾
تب ضرور ظالموں میں سے (ہوجائیں گے) ﴿107﴾

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ
یہ زیادہ قریب ہے کہ یہ لوگ لائیں گواہی کو

عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا
اسکے صحیح رخ پر (ٹھیک ٹھیک) یا وہ ڈریں (اس بات سے)

اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ
کہ رد کردی جائیں گی (ہماری) قسمیں انکی قسموں کے بعد

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ
اور تم اللہ سے ڈرو اور سنو! اور اللہ تعالیٰ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿108﴾ ع
(زبردستی) ہدایت نہیں دیتا نافرمان قوم کو۔ ﴿108﴾ ع — ع 14 8 4

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ
جس دن اکٹھا کرے گا اللہ سب رسولوں کو

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ
پھر پوچھے گا (ان سے) کیا جواب دیا گیا تمہیں؟

قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ
وہ کہیں گے نہیں ہے کچھ علم ہمیں، بیشک تو (ہی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيُقْسِمٰنِ : قسم کا کفارہ، اللہ کی قسم۔
لَشَهَادَتُنَآ : شاہد، شہید، شہادت۔
اَحَقُّ : حق، مستحق، استحقاق، حقدار۔
اعْتَدَيْنَآ : ظلم وتعدی، متعدی، عدوان۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم۔
وَجْهِهَآ : علی وجہ البصیرت، وجاہت، توجہ۔

يَخَافُوْٓا : خوف، خائف۔
تُرَدَّ : مرتد، ارتداد، مرتد، تردید۔
اتَّقُوْا : تقوای، متقی۔
اسْمَعُوْا : سمع وبصر، قوت سماعت، آلۂ سماعت۔
يَهْدِى : ہادی، ہدایت، ہادیٔ کائنات۔
الْفٰسِقِيْنَ : فاسق وفاجر، فسق وفجور۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔

فَيُقْسِمٰنِ	بِاللّٰهِ	لَشَهَادَتُنَآ	اَحَقُّ ❶	مِنْ شَهَادَتِهِمَا
تو وہ دونوں قسمیں کھائیں	اللہ کی (کہ)	یقیناً ہماری گواہی	زیادہ سچی ہے	ان دونوں کی گواہی سے

وَ مَا	اعْتَدَيْنَآ ز	اِنَّآ ❷	اِذًا	لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ (107)	ذٰلِكَ ❸
اور نہیں	ہم نے کوئی زیادتی کی	بیشک ہم	تب	ضرور ظالموں میں سے ہونگے	یہ

اَدْنٰٓى ❶	اَنْ	يَّاْتُوْا	بِالشَّهَادَةِ	عَلٰى وَجْهِهَآ	اَوْ
زیادہ قریب ہے	کہ	وہ سب لائیں	گواہی کو	اسکے (صحیح) رخ پر	یا

يَخَافُوْٓا	اَنْ	تُرَدَّ ❹	اَيْمَانٌ	بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ط	وَ اتَّقُوا
وہ سب ڈریں	کہ	ردّ کردی جائیں گی	(ہماری) قسمیں	انکی قسموں کے بعد	اور تم سب ڈرو

ع 14 8 4

اللّٰهَ	وَ اسْمَعُوْا ط	وَ اللّٰهُ	لَا يَهْدِي ❺	الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ❻ (108) ع
اللہ سے	اور تم سب سنو!	اور اللہ تعالیٰ	نہیں (زبردستی) ہدایت دیتا	نافرمان قوم کو

يَوْمَ	يَجْمَعُ ❺	اللّٰهُ	الرُّسُلَ	فَيَقُوْلُ	مَاذَآ
جس دن	اکٹھا کرے گا	اللہ	سب رسولوں کو	پھر وہ کہے گا (ان سے)	کیا

اُجِبْتُمْ ط	قَالُوْا	لَا عِلْمَ	لَنَا ❼ ط	اِنَّكَ اَنْتَ ❽
تمہیں جواب دیا گیا	وہ سب کہیں گے	نہیں ہے کچھ علم	ہمیں	بیشک تو (ہی)

ضروری وضاحت

❶ یہاں "ا" صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ ❷ اِنَّآ اصل میں اِنَّنَا تھا تخفیف کے لیے ایک نون گرا دیا گیا ہے۔
❸ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کیا گیا ہے۔ ❹ علامت تُ واحد مؤنث کے لیے ہے شروع میں پیش اور آخر
سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ يْنَ کے ترجمے کی ضرورت
نہیں۔ ❼ یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ كَ اور اَنْتَ دونوں کا ترجمہ "تو" ہے، اَنْتَ تاکید کے لیے آیا ہے۔

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿109﴾	خوب جاننے والا ہے غیب کی باتوں کا۔ ﴿109﴾
اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	جب اللہ فرمائے گا اے عیسیٰ بن مریم!
اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ	یاد کرو میری نعمت کو (جو) تجھ پر (کی)
وَ عَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ	اور تیری والدہ پر (کی) جب میں نے مدد کی تمہاری
بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ تُكَلِّمُ	روح القدس (جبریل) کے ذریعے، تم کلام کرتے تھے
النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَ كَهْلًا ۚ	لوگوں سے گود میں اور ادھیڑ عمر (میں یکساں)
وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ	اور جب میں نے سکھائی تمہیں کتاب
وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۚ	اور حکمت اور تورات اور انجیل
وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ	اور جب تو بناتا تھا مٹی سے
كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ	پرندے جیسی صورت میرے حکم سے،
فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ	پھر تو پھونک مارتا تھا اس میں تو وہ ہو جاتا
طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَ تُبْرِئُ	پرندہ (سچ مچ) میرے حکم سے اور تو درست کر دیتا تھا

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَّامُ ، عَلَّمْتُكَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	بِرُوْحِ : روح القدس، روحانی مجلس۔
الْغُيُوْبِ : غیب کی خبریں، غیبی باتیں، غیبی امداد۔	الْقُدُسِ : روح القدس، مقدس رشتہ۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	تُكَلِّمُ : کلام، متکلم، تکیہ کلام، منظوم کلام۔
اذْكُرْ : ذکر، اذکار، مذکور۔	النَّاسَ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
نِعْمَتِيْ : نعمتِ الٰہی، نعمتِ حقیقی، انعام یافتہ۔	تَخْلُقُ : خلق، خالق، مخلوق۔
عَلٰى : علی العموم، علی الاعلان، علیحدہ۔	كَهَيْـَٔةِ : کالعدم، کماحقہ / ہیئت، ماہیت۔
اَيَّدْتُّكَ : تائید، مؤید۔	الطَّيْرِ : طیارہ، طائر لاہوتی۔

عَلَّامُ ❶	الْغُيُوْبِ (109)	اِذْ	قَالَ اللّٰهُ ❷	يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
خوب جاننے والا ہے	غیب کی باتوں کا	جب	فرمائے گا اللہ	اے عیسٰی بن مریم!

اذْكُرْ	نِعْمَتِيْ	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰى وَالِدَتِكَ
تو یاد کر	میری نعمت کو	(جو) تجھ پر	اور	تیری والدہ پر (کی)

اِذْ	اَيَّدْتُّكَ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۙ	تُكَلِّمُ	النَّاسَ
جب	میں نے مدد کی تمہاری	روح القدس کے ذریعے	تو کلام کرتا تھا	لوگوں (سے)

فِي الْمَهْدِ	وَ	كَهْلًا ۚ	وَ اِذْ	عَلَّمْتُكَ	الْكِتٰبَ
گود میں	اور	ادھیڑ عمر (میں)	اور جب	میں نے سکھائی تمہیں	کتاب

وَ الْحِكْمَةَ ❸	وَ التَّوْرٰىةَ ❸	وَالْاِنْجِيْلَ ۚ	وَ اِذْ	تَخْلُقُ
اور حکمت	اور تورات	اور انجیل	اور جب	تو بناتا تھا

مِنَ الطِّيْنِ	كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ ❸	بِاِذْنِيْ ❺	فَتَنْفُخُ
مٹی سے	پرندے جیسی صورت	میرے حکم سے	پھر تو پھونک مارتا تھا

فِيْهَا	فَتَكُوْنُ ❹	طَيْرًا	بِاِذْنِيْ ❺	وَ	تُبْرِئُ
اس میں	تو وہ ہوجاتا	پرندہ (سچ مچ)	میرے حکم سے	اور	تو درست کردیتا تھا

ضروری وضاحت

❶ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے مثلاً سَتَّارٌ بہت پردہ پوشی کرنیوالا۔ غَفَّارٌ بہت بخشنے والا۔
❷ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❸ علامت ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❹ علامت تَ یہاں واحد مؤنث کے لیے ہے۔ ❺ علامت ی اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

وقف لازم

الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ	مادرزاد اندھے، اور کوڑھی کو میرے حکم سے
وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى	اور جب تو نکال کھڑا کرتا تھا مُردوں کو (زندہ کر کے قبر سے)
بِاِذْنِيْ ۚ وَ اِذْ كَفَفْتُ	میرے حکم سے اور جب میں نے روک دیا
بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ	بنی اسرائیل (کے ہاتھوں) کو تم سے
اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ	جب تو آیا ان کے پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ
فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ	تو کہا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا ان میں سے
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿110﴾	نہیں ہے یہ مگر واضح جادو۔ ﴿110﴾
وَ اِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ	اور (یاد کرو) جب میں نے حکم بھیجا حواریوں کی طرف
اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَ بِرَسُوْلِيْ ۚ	کہ ایمان لاؤ مجھ پر اور میرے رسول پر
قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَ اشْهَدْ	انہوں نے کہا ہم ایمان لائے اور آپ گواہ رہیں
بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿111﴾	کہ بیشک ہم فرمانبردار ہیں۔ ﴿111﴾
اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	(اور یاد کرو) جب کہا حواریوں نے اے عیسٰی بن مریم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَبْرَصَ : برص (کوڑھ) کی بیماری۔	سِحْرٌ : سحر، مسحور کن آواز، ساحرانہ انداز۔
بِاِذْنِيْ : اذن الٰہی، اذن عام۔	اَوْحَيْتُ : وحی کا نزول، قرآن کی وحی۔
تُخْرِجُ : خارج، خروج، اخراج۔	اِلَى : الداعی الیٰ الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
الْمَوْتٰى : موت، اموات، میت۔	اٰمِنُوْا، اٰمَنَّا : امن، ایمان، مؤمن۔
بِالْبَيِّنٰتِ، مُّبِيْنٌ : بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔	بِرَسُوْلِيْ : رسول مکرم، رسالت، مرسل۔
فَقَالَ، قَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	اشْهَدْ : شاہد، شہید، شہادت۔
كَفَرُوْا : کفر، کفار، کافر۔	مُسْلِمُوْنَ : اسلام، مسلم، مسلمان۔

الْاَكْمَهَ	وَ	الْاَبْرَصَ	بِاِذْنِيْ ج	وَ اِذْ	تُخْرِجُ
مادر زاد اندھے کو	اور	کوڑھی کو	میرے حکم سے	اور جب	تو نکال کھڑا کرتا تھا

الْمَوْتٰى ❶	بِاِذْنِيْ ج	وَ اِذْ	كَفَفْتُ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَنْكَ
مُردوں کو	میرے حکم سے	اور جب	میں نے روک دیا	بنی اسرائیل کو	تم سے

اِذْ	جِئْتَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ❷	فَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
جب	تو آیا انکے پاس	کھلی نشانیوں کیساتھ	تو کہا	ان لوگوں نے جن	سب نے کفر کیا

مِنْهُمْ	اِنْ ❸	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ (110)	وَ اِذْ
ان میں سے	نہیں ہے	یہ	مگر	جادو	واضح	اور جب

اَوْحَيْتُ	اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ	اَنْ	اٰمِنُوْا ❹	بِيْ	وَ
میں نے حکم بھیجا	حواریوں کی طرف	کہ	سب ایمان لاؤ	مجھ پر	اور

بِرَسُوْلِيْ ج	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا ❺	وَ اشْهَدْ	بِاَنَّنَا ❻
میرے رسول پر	ان سب نے کہا	ہم ایمان لائے	اور تم گواہ رہو	کہ بیشک ہم

مُسْلِمُوْنَ (111)	اِذْ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
سب فرمانبردار ہیں	جب	کہا	حواریوں نے	اے عیسٰی بن مریم

ضروری وضاحت

❶ اَلْمَوْتٰی یہ مَیِّتٌ کی جمع ہے۔❷ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہوتی ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔
❸ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہوتو اِنْ کا ترجمہ ''نہیں'' کیا جاتا ہے۔❹اٰمِنُوْا کا ترجمہ وہ سب ایمان لائے اور
اٰمِنُوْا کا ترجمہ تم سب ایمان لاؤ ہوتا ہے۔❺اٰمَنَّا اصل میں اٰمَنْنَا تھا ایک جنس کے دو حروف جب بھی اکٹھے آجائیں انہیں
ایک کر کے شد لگادی جاتی ہے۔❻ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ	کیا ایسا کرسکتا ہے تیرا رب کہ اتارے
عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ	ہم پر (کھانے کا) ایک دسترخوان آسمان سے
قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿112﴾	اس نے کہا اللہ سے ڈرو اگر ہو تم ایمان لانیوالے۔ ﴿112﴾
قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا	انہوں نے کہا ہم چاہتے ہیں کہ ہم کھائیں اس سے
وَ تَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُنَا وَ نَعْلَمَ	اور مطمئن ہوجائیں ہمارے دل اور ہم جان لیں
اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَ نَكُوْنَ	کہ یقیناً تو نے سچ کہا ہے ہمیں اور ہم ہوجائیں
عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿113﴾	اس (نشانی) پر گواہی دینے والوں میں سے۔ ﴿113﴾
قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	کہا عیسٰی بن مریم نے (دعا کرتے ہوئے)
اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا	اے اللہ اے ہمارے رب! اتار ہم پر
مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ	ایک دسترخوان آسمان سے وہ ہوجائے
لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا	ہمارے لیے عید ہمارے پہلوں کے لیے
وَ اٰخِرِنَا وَ اٰيَةً	اور ہمارے پچھلوں (کے لیے) اور نشانی ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَسْتَطِيْعُ : حسب استطاعت۔	نَّاْكُلَ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
رَبُّكَ : رب العالمین، رب کائنات، ربوبیت۔	تَطْمَىِٕنَّ : مطمئن، اطمینان، طمانیت۔
يُنَزِّلَ، اَنْزِلْ : نازل، نزول، منزل۔	قُلُوْبُنَا : قلوب واذہان، قلبی تعلق، امراضِ قلب
السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔	نَعْلَمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔	صَدَقْتَنَا : صادق ومصدوق، صدق، صداقت۔
اتَّقُوا : تقوٰی، متقی۔	عَلَيْهَا : علی الاعلان، علی العموم۔
نُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	الشّٰهِدِيْنَ : شاہد، شہید، شہادت، عینی شاہدین۔

هَلْ	يَسْتَطِيْعُ ❶	رَبُّكَ	اَنْ	يُّنَزِّلَ	عَلَيْنَا	مَآئِدَةً ❷❸
کیا	ایسا کر سکتا ہے	تیرا رب	کہ	وہ اُتارے	ہم پر	ایک دستر خوان

مِّنَ السَّمَآءِ ؕ	قَالَ	اتَّقُوا اللّٰهَ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ (112)
آسمان سے	(عیسٰی نے) کہا	تم سب ڈرو اللہ سے	اگر	ہو تم	سب ایمان لانیوالے

قَالُوْا	نُرِيْدُ	اَنْ	نَّاْكُلَ	مِنْهَا	وَ	تَطْمَئِنَّ ❹
ان سب نے کہا	ہم چاہتے ہیں	کہ	ہم کھائیں	اس سے	اور	مطمئن ہو جائیں

قُلُوْبُنَا	وَ	نَعْلَمَ	اَنْ قَدْ	صَدَقْتَنَا	وَ نَكُوْنَ
ہمارے دل	اور	ہم جان لیں	کہ یقیناً	تو نے سچ کہا ہے ہمیں	اور ہم ہو جائیں

عَلَيْهَا	مِنَ الشّٰهِدِيْنَ (113)	قَالَ	عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	اللّٰهُمَّ
اس پر	گواہی دینے والوں میں سے	کہا	عیسٰی بن مریم نے	اے اللہ

رَبَّنَآ ❺	اَنْزِلْ ❻	عَلَيْنَا	مَآئِدَةً ❷❸	مِّنَ السَّمَآءِ	تَكُوْنُ ❹
اے ہمارے رب	اُتار	ہم پر	ایک دستر خوان	آسمان سے	وہ ہو جائے

لَنَا	عِيْدًا	لِّاَوَّلِنَا	وَ اٰخِرِنَا	وَ اٰيَةً ❷❸
ہمارے لیے	عید	ہمارے پہلوں کیلئے	اور ہمارے پچھلوں (کیلئے)	اور ایک نشانی ہو

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❸ یہاں علامت ة واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ علامت تَ واحد مؤنث کے لیے ہے کبھی جمع کے ساتھ فعل واحد مؤنث استعمال ہو جاتا ہے۔ ❺ رَبَّنَا کے شروع میں یَا محذوف ہے جس کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❻ یہاں شروع میں ''ا'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے آیا ہے۔

مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا — تیری طرف سے اور رزق دے ہمیں

وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (114) — اور تو بہتر ہے رزق دینے والوں سے۔ (114)

قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا — اللہ نے فرمایا بیشک میں نازل کرنے والا ہوں اسے

عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ — تم پر، پھر جو کفر کرے گا اس کے بعد

مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ — تم میں سے تو ضرور میں عذاب دونگا اسے

عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ — (ایسا) عذاب (کہ) نہیں دونگا میں وہ عذاب

اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ع (115) — کسی ایک کو جہان والوں میں سے۔ ع (115) — ع 15 / 7 / 5

وَ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ — اور جب کہے گا اللہ تعالیٰ اے عیسیٰ بن مریم!

ءَ اَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ — کیا تو نے کہا تھا لوگوں سے (کہ) بنالو مجھے

وَ اُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ — اور میری والدہ دونوں کو معبود اللہ کے سوا؟

قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ — وہ کہیں گے پاک ہے تو نہیں ہے (مناسب) میرے لیے

اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ — کہ میں کہتا (وہ بات) جس کا مجھے کچھ حق حاصل نہیں — وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْكَ : منجانب، من جملہ، من وعن۔

ارْزُقْنَا، الرّٰزِقِيْنَ : رازق، رزاق، رزق حلال۔

خَيْرُ : خیر و عافیت، خیریت، صبح بخیر۔

مُنَزِّلُهَا : نازل، نزول، منزل۔

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

يَّكْفُرْ : کفر، کفار، کافر۔

بَعْدُ : بعد از موت، بعد از غذا۔

اُعَذِّبُهٗ، عَذَابًا : عذاب الٰہی، عذاب کو دعوت دینا۔

اَحَدًا : توحید، وحدت، احد، واحد حل۔

الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم دنیا، عالم کفر۔

قَالَ، قُلْتَ : قول، اقوال، مقولہ۔

لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔

اتَّخِذُوْنِيْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

بِحَقٍّ : حق و صداقت، حق بات، حقیقت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

مِّنْكَ	وَ	ارْزُقْنَا	وَاَنْتَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ (114)
تجھ سے	اور	رزق دے ہمیں	اور تو	بہتر ہے	سب رزق دینے والوں سے

قَالَ اللّٰهُ	اِنِّيْ	مُنَزِّلُهَا	عَلَيْكُمْ	فَمَنْ	يَّكْفُرْ ❶
اللہ نے فرمایا	بیشک میں	اُتارنے والا ہوں اسے	تم پر	پھر جو	کفر کرے گا

بَعْدُ	مِنْكُمْ	فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ ❷	عَذَابًا	لَّآ
(اسکے) بعد	تم میں سے	تو ضرور میں عذاب دونگا اسے	ایسا عذاب	(کہ) نہیں

اُعَذِّبُهٗٓ	اَحَدًا ❸	مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ (115) ع	وَ اِذْ	قَالَ اللّٰهُ
میں عذاب دونگا وہ	کسی ایک کو	سب جہان والوں میں سے	اور جب	کہے گا اللہ تعالیٰ

15 ع 7 5

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	ءَ اَنْتَ قُلْتَ ❹	لِلنَّاسِ	اتَّخِذُوْنِيْ ❺❻	وَ
اے عیسیٰ بن مریم	کیا تو نے کہا تھا	لوگوں سے	(کہ) سب بنالو مجھے	اور

اُمِّيَ	اِلٰهَيْنِ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط ❼	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	مَا
میری والدہ	دونوں کو معبود	اللہ کے سوا	وہ کہیں گے	پاک ہے تو	نہیں

وقف النبی

يَكُوْنُ ❶	لِيْٓ	اَنْ	اَقُوْلَ	مَا لَيْسَ	لِيْ ق	بِحَقٍّ ط صلے ❽❸
ہے (مناسب)	میرے لیے	کہ	میں کہتا (وہ بات)	جس کا نہیں	میرے لیے	کچھ حق

ضروری وضاحت

❶ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ىْ اور اُ دونوں کا ترجمہ میں ہے۔ ❸ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا کچھ کیا گیا ہے۔ ❹ اَنْتَ اور علامت تَ دونوں کا ترجمہ تو نے ہے۔ ❺ وْا کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو الف کو گرا دیا جاتا ہے۔ ❻ ىْ جب فعل کے آخر میں ہو تو نِ درمیان میں ضرور لایا جاتا ہے۔ ❼ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❽ نفی کے بعد جب علامت بِ ہو تو اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ	اگر میں نے کہی ہوگی یہ (بات) تو یقیناً
عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ	تو جانتا ہوگا اسے، تو جانتا ہے جو میرے نفس میں ہے
وَ لَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ	اور میں نہیں جانتا جو تیرے نفس میں ہے
اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿116﴾	بیشک تو خوب جاننے والا ہے غیب کی باتوں کو ﴿116﴾
مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ	نہیں میں نے کہا ان سے مگر (وہی) جو (کہ)
اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ	تو نے حکم دیا مجھے اس کا یہ کہ عبادت کرو اللہ کی
رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ۚ	(جو) میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے
وَ كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا	اور تھا میں ان پر گواہ (خبر رکھنے والا)
مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا	جب تک میں رہا ان میں، پھر جب
تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ	تو نے اٹھا لیا مجھے (تو) تو ہی تھا نگران
عَلَيْهِمْ ؕ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿117﴾	ان پر اور تو ہر چیز پر خبردار ہے۔ ﴿117﴾
اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ	اگر تو عذاب دے ان کو تو بیشک وہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْتُهٗ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔

عَلِمْتَهٗ، تَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

نَفْسِيْ، نَفْسِكَ : نفسا نفسی، نفسیات، تنفس۔

الْغُيُوْبِ : غائب، غیب کی خبریں۔

اَمَرْتَنِيْ : امر، آمر، مامور، آمریت۔

اعْبُدُوْا : عبد، معبود، عبادت۔

رَبِّيْ : رب، ربوبیت، ربِ کائنات۔

شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت۔

دُمْتُ : دوام، قائم ودائم۔

تَوَفَّيْتَنِيْ : فوت، وفات، فوتگی۔

الرَّقِيْبَ : رقیب، رقابت۔

كُلِّ : کل نمبر، کل میزان، کل کائنات۔

شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔

تُعَذِّبْهُمْ : اللہ کا عذاب، تعذیب۔

اِنْ	كُنْتُ قُلْتُهٗ ❶	فَقَدْ ❷	عَلِمْتَهٗ ؕ	تَعْلَمُ	مَا
اگر	ہوگی میں نے کہی یہ (بات)	تو یقیناً	تو جانتا ہوگا اسے	تو جانتا ہے	جو

فِیْ نَفْسِیْ	وَ لَآ	اَعْلَمُ	مَا	فِیْ نَفْسِكَ ؕ	اِنَّكَ اَنْتَ ❸
میرے دل میں ہے	اور نہیں	میں جانتا	جو	تیرے نفس میں ہے	بیشک تو

عَلَّامُ ❹	الْغُیُوْبِ (116)	مَا	قُلْتُ	لَهُمْ	اِلَّا	مَآ
خوب جاننے والا ہے	غیب کی باتوں کو	نہیں	میں نے کہا	ان سے	مگر	جو

اَمَرْتَنِیْ	بِهٖۤ	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّیْ	وَ
تونے حکم دیا مجھے	اس کا	یہ کہ	تم سب عبادت کرو	اللہ کی	(جو) میرا رب ہے	اور

رَبَّكُمْ ۚ	وَ كُنْتُ	عَلَیْهِمْ	شَهِیْدًا	مَّا دُمْتُ ❺	فِیْهِمْ ۚ
تمہارا رب ہے	اور تھا میں	ان پر	گواہ	جب تک میں رہا	ان میں

فَلَمَّا	تَوَفَّیْتَنِیْ ❻	كُنْتَ اَنْتَ ❼	الرَّقِیْبَ	عَلَیْهِمْ ؕ	وَ اَنْتَ
پھر جب	تونے اٹھالیا مجھے	(تو) تو ہی تھا	نگران	ان پر	اور تو

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ	شَهِیْدٌ (117)	اِنْ	تُعَذِّبْهُمْ	فَاِنَّهُمْ
ہر چیز پر	خبردار ہے	اگر	تو عذاب دے ان کو	تو بیشک وہ

ضروری وضاحت

❶ كُنْتُ میں تُ اور قُلْتُهٗ میں تُ دونوں کا ترجمہ میں نے ہے۔ ❷ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔
❸ علامت كَ اور اَنْتَ دونوں کا ترجمہ تو ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔
❺ دُمْتُ اور مَا دونوں کا ملاکر ترجمہ ہمیشہ یا جب تک کیا جاتا ہے۔ ❻ اس لفظ کا اصل ترجمہ پورا پورا لینا ہوتا ہے۔ شروع
''تَ'' اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❼ علامت تَ اور اَنْتَ دونوں کا ملاکر ترجمہ تو کیا گیا ہے۔

عِبَادُكَ ۚ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ	تیرے بندے ہیں اور اگر تو بخش دے ان کو
فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿118﴾	تو بیشک تو ہی غالب (اور) حکمت والا ہے۔ ﴿118﴾
قَالَ اللّٰهُ هٰذَا یَوْمُ	اللہ فرمائے گا (کہ) یہ (وہ) دن ہے
یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُهُمْ ؕ	(کہ) فائدہ دے گی سچوں کو ان کی سچائی،
لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا	انکے لیے باغات ہیں (کہ) چلتی ہیں انکے نیچے سے
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ	نہریں ہمیشہ رہیں گے ان میں ہمیشہ ہمیشہ
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ	راضی ہوا اللہ تعالیٰ ان سے
وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ	اور وہ راضی ہوئے اس سے،
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿119﴾	یہی بڑی کامیابی ہے۔ ﴿119﴾
لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ	اللہ ہی کے لیے بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی
وَ مَا فِیْهِنَّ ؕ وَ هُوَ	اور جو کچھ ان (کے درمیان) میں ہے، اور وہ
عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿120﴾ ع	ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿120﴾ ع

ع 16 5 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عِبَادُكَ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔	جَنّٰتٌ	جنتی میوے، جنت کی بہاریں۔
تَغْفِرْ	مغفرت، استغفار، دعائے مغفرت۔	تَجْرِیْ	جاری وساری، اجراء۔
الْحَكِیْمُ	حکیم ودانا، حکمت۔	تَحْتِهَا	تحت الشعور، ماتحت۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	رَضِیَ، رَضُوْا	راضی نامہ، مرضی، رضائے الٰہی۔
یَوْمُ	یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔	الْفَوْزُ	فوز وفلاح، فائز۔
یَنْفَعُ	نفع، منافع، منفعت۔	الْعَظِیْمُ	عظیم المرتبت، عظیم کارنامہ، عظمت۔
الصّٰدِقِیْنَ	صدق ووفا، صادق وامین، صداقت۔	قَدِیْرٌ	قادر، قدیر، قدرتِ الٰہی۔

عِبَادُكَ ج	وَ اِنْ	تَغْفِرْ	لَهُمْ	فَاِنَّكَ اَنْتَ ❶
تیرے بندے ہیں	اور اگر	تو بخش دے	ان کو	تو بیشک تو ہی

الْعَزِيْزُ ❷	الْحَكِيْمُ ❷ (118)	قَالَ	اللّٰهُ ❸	هٰذَا	يَوْمُ
بہت غالب	کمال حکمت والا ہے	فرمائے گا	اللہ تعالیٰ	(کہ) یہ	(وہ) دن ہے

يَنْفَعُ ❹	الصّٰدِقِيْنَ	صِدْقُهُمْ ط	لَهُمْ	جَنّٰتٌ ❺	تَجْرِيْ ❻
(کہ) فائدہ دیگی	سب سچوں کو	ان کی سچائی	ان کے لیے	باغات ہیں	(کہ) چلتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا ط	رَضِيَ
انکے نیچے سے	نہریں	سب ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ ہمیشہ	راضی ہوا

اللّٰهُ ❸	عَنْهُمْ	وَ رَضُوْا	عَنْهُ ط	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ
اللہ تعالیٰ	ان سے	اور وہ سب راضی ہوئے	اس سے	یہی	کامیابی ہے

الْعَظِيْمُ ❷ (119)	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ ❺	وَ	الْاَرْضِ
بڑی	اللہ کیلئے	بادشاہی ہے	آسمانوں کی	اور	زمین (کی)

ع 16 5 6

وَ مَا	فِيْهِنَّ ط	وَ هُوَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ❷ ع (120)
اور جو (کچھ)	ان میں ہے	اور وہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت كَ اور اَنْتَ دونوں کا ترجمہ تو ہی ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❹ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❺ علامت ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے عموماً الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❻ علامت تـ واحد مؤنث کی علامت ہے اور عموماً جمع کے ساتھ فعل واحد مؤنث آتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 165 | 6 سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ 55 | رُكُوْعَاتُهَا 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ	سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ	پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ ؕ	اور اس نے بنایا تاریکیوں اور روشنی کو،
ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	پھر (بھی) وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿1﴾	اپنے رب کے ساتھ (اور چیزوں کو) برابر قرار دیتے ہیں ﴿1﴾
هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ	وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہیں
مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا ؕ	مٹی سے، پھر مقرر کیا (مرنے کا) ایک وقت
وَ اَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ	اور ایک وقت مقرر ہے اس کے پاس (قیامت کا)
ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿2﴾	پھر (بھی کافرو اللہ کے بارے میں) تم شک کرتے ہو ﴿2﴾
وَ هُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ	اور وہی (ایک) اللہ ہے آسمانوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْحَمْدُ : حامد، محمود، حمد وثنا، حمد ونعت۔	یَعْدِلُوْنَ : عدل وانصاف، عادل حکمران، عدالت۔
خَلَقَ : خالق، مخلوق، خلقت۔	مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔	قَضٰی : تقدیر وقضا، قاضی، قضیہ۔
الْاَرْضَ : ارض وسما، کرۂ ارض، قطعۂ اراضی۔	اَجَلًا : داعی اجل، مہر موَجل۔
الظُّلُمٰتِ : ظلم، ظلمت وتاریکی۔	مُسَمًّى : اسم بامسمی، اجل مسمی (مقررشدہ)۔
النُّوْرَ : نور، منوّر، نورِ ہدایت۔	عِنْدَهٗ : عندالطلب، عندالضرورت۔
كَفَرُوْا : کفر، کفار، کافر۔	فِیْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

رُكُوْعَاتُهَا 20 — 6 سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ 55 — اٰيَاتُهَا 165

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ ❶	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ❷
سب تعریف	اللہ کے لیے ہے	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو

وَ الْاَرْضَ	وَ جَعَلَ	الظُّلُمٰتِ ❷	وَ النُّوْرَ ۬ۚ	ثُمَّ
اور زمین کو	اور اس نے بنایا	تاریکیوں کو	اور روشنی کو	پھر (بھی)

الَّذِیْنَ ❶	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ ❸ (1)
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اپنے رب کیساتھ (اور چیزوں کو)	وہ سب برابر قرار دیتے ہیں

هُوَ	الَّذِیْ ❶	خَلَقَكُمْ ❹	مِّنْ طِيْنٍ	ثُمَّ	قَضٰٓى
وہی ہے	جس نے	پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	مقرر کیا

اَجَلًا ؕ	وَ	اَجَلٌ مُّسَمًّى	عِنْدَهٗ ❺	ثُمَّ
ایک وقت (مرنے کا)	اور	ایک وقت مقرر ہے	اسکے پاس	پھر (بھی کافرو)

اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ❻ (2)	وَ هُوَ	اللّٰهُ	فِی السَّمٰوٰتِ ❷
تم سب شک کرتے ہو	اور وہی	(ایک) اللہ ہے	آسمانوں میں

ضروری وضاحت

❶ اَلَّذِیْ واحد مذکر کے لیے اور اَلَّذِیْنَ جمع مذکر کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ❷ علامت ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ یعنی وہ اپنے رب کے ساتھ شریک بناتے ہیں۔ ❹ علامت كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ هٗ اگر اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اسکے کیا جاتا ہے۔ ❻ اَنْتُمْ اور علامت تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

وَ فِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ	اور زمین میں، وہ جانتا ہے
سِرَّكُمْ وَ جَهْرَكُمْ	تمہارے پوشیدہ احوال اور تمہارے ظاہری احوال کو
وَ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿3﴾	اور وہ جانتا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿3﴾
وَ مَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ	اور نہیں آتی ان کے پاس کوئی نشانی
مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ	ان کے رب کی نشانیوں میں سے
اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿4﴾	مگر ہیں یہ ان سے اعراض کرنے والے۔ ﴿4﴾
فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ	تو یقیناً جھٹلا دیا انہوں نے (اس) حق کو
لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ	جب آیا وہ ان کے پاس تو عنقریب
يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا	آئیں گی ان کے پاس خبریں (انجام کی)
مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿5﴾	جو تھے وہ اس کا مذاق اڑایا کرتے۔ ﴿5﴾
اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا	کیا نہیں دیکھا انہوں نے کتنی ہی ہم نے ہلاک کر دیں
مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ	ان سے پہلے اُمتیں (کہ)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- سِرَّكُمْ : سری و جہری نمازیں، سرنہاں، پراسرار۔
- جَهْرَكُمْ : آمین بالجہر، جہری نماز۔
- تَكْسِبُوْنَ : کسب، اکتساب، کسب حلال۔
- مِّنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
- رَبِّهِمْ : رب، ربوبیت، ربِ کائنات۔
- اِلَّا : الا یہ کہ، الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔

- مُعْرِضِيْنَ : اعراض کرنا۔
- كَذَّبُوْا : کذب و افترا، کذاب، تکذیب۔
- بِالْحَقِّ : حق و صداقت، حق بات، حقیقت۔
- يَسْتَهْزِءُوْنَ : استہزا۔
- يَرَوْا : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال کمیٹی۔
- اَهْلَكْنَا : ہلاک، مہلک، ہلاکتیں۔
- قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل از غذا۔

وَ	فِي الْاَرْضِ ؕ	يَعْلَمُ	سِرَّكُمْ ❶	وَ	جَهْرَكُمْ ❶
اور	زمین میں	وہ جانتا ہے	تمہارے پوشیدہ احوال	اور	تمہارے ظاہری احوال

وَ	يَعْلَمُ	مَا	تَكْسِبُوْنَ (3)	وَ مَا ❷	تَاْتِيْهِمْ ❸
اور	وہ جانتا ہے	جو	تم سب عمل کرتے ہو	اور نہیں	آتی ان کے پاس

مِّنْ اٰيَةٍ ❹❺	مِّنْ اٰيٰتِ ❻	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا
کوئی نشانی	نشانیوں میں سے	ان کے رب کی	مگر	ہیں وہ سب

عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ ❼ (4)	فَقَدْ	كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ
ان سے	سب اعراض کرنے والے	تو یقیناً	اُن سب نے جھٹلا دیا	(اس) حق کو

لَمَّا	جَآءَهُمْ ؕ	فَسَوْفَ	يَاْتِيْهِمْ ❽	اَنْۢبٰٓؤُا
جب	آیا وہ ان کے پاس	تو عنقریب	آئیں گی ان کے پاس	خبریں (انجام کی)

مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ (5)	اَلَمْ
جو (کہ)	تھے وہ سب	اس کا	وہ سب مذاق اڑایا کرتے	کیا نہیں

يَرَوْا ❾	كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنْ قَرْنٍ ❹
ان سب نے دیکھا	کتنی (ہی)	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے پہلے	امتیں (کہ)

ضروری وضاحت

❶ کُمْ اگر اسم کے ساتھ آئے تو ترجمہ تمہارے کیا جاتا ہے۔ ❷ مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔
❸ شروع میں تَ فعل کے ساتھ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ❺ ۃ مؤنث کی
علامت ہے اور تنوین کا ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❻ ات جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ❼ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں
کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ❽ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❾ یَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ ان کیا گیا ہے۔

مَكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ	ہم نے ٹھکانا دیا انہیں زمین میں (قدم جما دیے)
مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ	جو نہیں ٹھکانا دیا ہم نے تمہیں
وَ اَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ	اور ہم نے بھیجیں آسمان سے ان پر
مِّدْرَارًا ۪ وَّ جَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ	لگاتار بارشیں اور ہم نے بنائیں نہریں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ	(جو) بہتی تھیں ان کے نیچے سے،
فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ	پھر ہم نے ہلاک کر دیا انہیں انکے گناہوں کے سبب
وَ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿6﴾	اور ہم نے پیدا کیں ان کے بعد دوسری امتیں۔ ﴿6﴾
وَ لَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا	اور اگر ہم نازل کرتے آپ پر کتاب (لکھی ہوئی)
فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ	کاغذ میں، پھر وہ چھو لیتے اسے اپنے ہاتھوں سے
لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا	ضرور کہہ دیتے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿7﴾	نہیں ہے یہ مگر واضح جادو۔ ﴿7﴾
وَ قَالُوْا لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ	اور کہتے ہیں کیوں نہیں نازل کیا گیا اس پر فرشتہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَكَّنّٰهُمْ، نُمَكِّنْ : مکین، مکان، مکانات۔	اَنْشَاْنَا : انشاء پردازی، نشو و نما۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، قطعہ اراضی، کرۂ ارض۔	اٰخَرِيْنَ : اُخروی زندگی، آخری، فکر آخرت۔
اَرْسَلْنَا : انبیاء و رسل، رسالت۔	نَزَّلْنَا : نازل، شانِ نزول، منزل۔
السَّمَآءَ : ارض و سما، کتب سماویہ۔	قِرْطَاسٍ : قلم و قرطاس (کاغذ)، قرطاس ابیض۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا، جاری و ساری۔	فَلَمَسُوْهُ : مس کرنا، لمس (چھونا)۔
تَحْتِهِمْ : تحت الشعور، ماتحت۔	بِاَيْدِيْهِمْ : یدِ طولیٰ، یدِ بیضاء۔
فَاَهْلَكْنٰهُمْ : ہلاک، مہلک، ہلاکتیں۔	سِحْرٌ : ساحرانہ انداز، مسحور کن آواز۔

مَّكَّنّٰهُمْ	فِي الْاَرْضِ	مَا لَمْ	نُمَكِّنْ	لَّكُمْ ❶
ہم نے ٹھکانا (اقتدار) دیا انہیں	زمین میں	جو نہیں	ٹھکانا (اقتدار) دیا ہم نے	تمہیں

وَ	اَرْسَلْنَا ❷	السَّمَآءَ	عَلَيْهِمْ	مِّدْرَارًا ۠	وَّ	جَعَلْنَا ❷
اور	ہم نے بھیجی	آسمان سے	ان پر	لگاتار بارش	اور	ہم نے بنائیں

الْاَنْهٰرَ	تَجْرِيْ ❸	مِنْ تَحْتِهِمْ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ ❷
نہریں (جو)	بہتی تھیں	ان کے نیچے سے	پھر ہم نے ہلاک کر دیا انہیں

بِذُنُوْبِهِمْ	وَ	اَنْشَاْنَا ❷	مِنْۢ بَعْدِهِمْ ❹	قَرْنًا ❺	اٰخَرِيْنَ ❹ (6)
انکے گناہوں کے سبب	اور	ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد	امتیں	دوسری

وَلَوْ	نَزَّلْنَا ❷	عَلَيْكَ	كِتٰبًا	فِيْ قِرْطَاسٍ	فَلَمَسُوْهُ
اور اگر	ہم نے اتاری ہوتی	آپ پر	کتاب	(لکھی ہوئی) کاغذ میں	پھر وہ سب چھو لیتے اسے

بِاَيْدِيْهِمْ	لَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اِنْ ❻	هٰذَآ	اِلَّا
اپنے ہاتھوں سے	ضرور کہہ دیتے	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	نہیں ہے	یہ	مگر

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (7)	وَ	قَالُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	مَلَكٌ ؕ
واضح جادو	اور	سب کہتے ہیں	کیوں نہیں	نازل کیا گیا	اس پر	کوئی فرشتہ

ضروری وضاحت

❶علامت لَ کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❷علامت نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸علامت تَ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹علامت مِنْ اور یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ قَرْنًا لفظ واحد ہے کیونکہ اس سے مراد زمانے کے لوگ ہیں اس لیے ترجمہ امتیں کیا گیا ہے۔ ❻اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❼شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ لَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ	اور اگر ہم نازل کر دیتے فرشتہ (تو) یقیناً تمام کر دیا جاتا
الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ﴿8﴾	کام، پھر نہ وہ مہلت دیے جاتے۔ ﴿8﴾
وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا	اور اگر ہم بناتے اس (رسول) کو فرشتے (کی صورت میں)
لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا	(تو) یقیناً ہم بناتے اسے مرد (کی صورت میں)
وَّ لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ	اور ضرور ہم شبہ ڈال دیتے ان پر
مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿9﴾	جس شبہ میں (اب) پڑے ہوئے ہیں۔ ﴿9﴾
وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ	اور البتہ تحقیق مذاق اڑایا گیا رسولوں کا آپ سے قبل
فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ	تو گھیر لیا ان لوگوں کو جنہوں نے مذاق اڑایا ان میں سے
مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿10﴾ ع (1 / 10 / 7)	(اسی نے) جو (کہ) تھے وہ اس کا مذاق اڑاتے۔ ﴿10﴾
قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا	کہہ دو تم چلو پھرو زمین میں، پھر دیکھو
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿11﴾	کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا۔ ﴿11﴾
قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ	کہہ دو کس کا ہے جو کچھ آسمانوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْزَلْنَا : نازل، نزول، منزل۔
مَلَكًا : ملک الموت، مسجود ملائکہ۔
لَّقُضِيَ : قضائے الٰہی، قاضی، قضیہ۔
الْاَمْرُ : امر، آمر، مأمور، آمریت۔
رَجُلًا : رجال کار۔
عَلَيْهِمْ : علی الاعلان، علی العموم۔
اسْتُهْزِئَ : استہزاء۔

قَبْلِكَ : قبل از موت، چند روز قبل۔
سَخِرُوْا : مسخرا پن، تمسخر اڑانا۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
سِيْرُوْا : سیر و سیاحت، صبح کی سیر، سیر گاہ۔
انْظُرُوْا : نظرِ کرم، منظورِ نظر، منظرِ عام، ناظرین۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔
عَاقِبَةُ : عاقبت نا اندیش، عاقبت خراب کرنا۔

وَ لَوْ	اَنْزَلْنَا ❶	مَلَكًا	لَّقُضِيَ ❷	الْاَمْرُ	ثُمَّ	لَا
اور اگر	ہم نازل کر دیتے	فرشتہ	(تو) یقیناً تمام کر دیا گیا ہوتا	کام	پھر	نہ

يُنْظَرُوْنَ ❸ (8)	وَ لَوْ	جَعَلْنٰهُ ❹	مَلَكًا
وہ سب مہلت دیے جاتے	اور اگر	ہم نے بنایا ہوتا اسے	فرشتے (کی صورت میں)

لَّجَعَلْنٰهُ ❹	رَجُلًا	وَّ	لَلَبَسْنَا	عَلَيْهِمْ
(تو) یقیناً ہم نے بنایا ہوتا اسے	مرد (کی صورت میں)	اور	ضرور ہم شبہ ڈال دیتے	ان پر

مَّا	يَلْبِسُوْنَ (9)	وَ	لَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ
جس	شبہ میں وہ سب پڑے ہوئے ہیں	اور	البتہ تحقیق	مذاق اڑایا گیا	رسولوں کا

مِّنْ قَبْلِكَ	فَحَاقَ	بِالَّذِيْنَ	سَخِرُوْا	مِنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا
آپ سے پہلے	تو گھیر لیا	ان لوگوں کو جن	سب نے مذاق اڑایا	ان میں سے	جو	تھے وہ سب

بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ (10) ع	قُلْ ❺	سِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	ثُمَّ	انْظُرُوْا
اس کا	وہ سب مذاق اڑاتے	کہہ دو	تم سب چلو پھرو	زمین میں	پھر	سب دیکھو

ع 1 10 7

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ ❻	الْمُكَذِّبِيْنَ ❼ (11)	قُلْ	لِّمَنْ	مَّا	فِي السَّمٰوٰتِ ❻
کیسا	ہوا	انجام	سب جھٹلانے والوں کا	کہہ دو	کس کا ہے	جو	آسمانوں میں ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ ❷ شروع لَ تاکید کے لیے آیا ہے فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو اس میں دیا جاتا ہے یا دیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ عموماً ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❺ قُلْ یہ قَوْلٌ سے بنا ہے اس میں واؤ کو گرا دیا گیا ہے۔
❻ ۃ اور ات اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ الْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ	اور (جو) زمین میں ہے کہہ دو (یہ سب کچھ) اللہ کا ہے
كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ	اس نے لازم کیا ہے اپنے نفس پر رحمت کو
لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	البتہ ضرور وہ جمع کرے گا تمہیں قیامت کے دن
لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ	(کہ) نہیں کوئی شک اس (کے آنے) میں جنہوں نے
خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ	نقصان میں ڈال رکھا ہے اپنے نفسوں کو
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿12﴾	تو وہ ایمان نہیں لاتے۔ ﴿12﴾
وَ لَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَ النَّهَارِ ؕ	اور (ساری مخلوق) اسی کی ہے جو بستی ہے رات اور دن میں
وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿13﴾	اور وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔ ﴿13﴾
قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا	کہہ دو کیا اللہ کے علاوہ میں بنالوں کسی کو مددگار
فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ	(جو کہ) پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا
وَ هُوَ يُطْعِمُ وَ لَا يُطْعَمُ ؕ	اور وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور (خود) نہیں کھلایا جاتا
قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ	کہہ دو کہ بیشک مجھے حکم دیا گیا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَرْضِ : ارض وسما، خطہ ارض، قطعہ اراضی۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
كَتَبَ : کتاب، کتابت، مکتوب۔
نَفْسِهِ، اَنْفُسَهُمْ : نفسا نفسی، نظام تنفس۔
لَيَجْمَعَنَّكُمْ : جمع، جمیع، جامع، جماعت۔
خَسِرُوْۤا : خسارہ، خائب وخاسر۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔

سَكَنَ : ساکن، سکنہ، سکونت۔
الَّيْلِ : لیل ونہار، قیام اللیل۔
النَّهَارِ : لیل ونہار، نہار منہ۔
السَّمِيْعُ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، قوتِ سماعت۔
الْعَلِيْمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
وَلِيًّا : ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
يُطْعِمُ : قیام وطعام، طعام کمیٹی۔

وَ	الْاَرْضِ ؕ	قُلْ	لِّلّٰهِ ؕ	كَتَبَ	عَلٰى نَفْسِهِ
اور (جو)	زمین (میں ہے)	کہہ دو (سب کچھ)	اللہ کا ہے	اس نے لازم کیا ہے	اپنے نفس پر

الرَّحْمَةَ ❶ ؕ	لَيَجْمَعَنَّكُمْ ❷	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ❶	لَا رَيْبَ ❸
رحمت کو	البتہ ضرور وہ جمع کرے گا تمہیں	قیامت کے دن تک	کوئی شک نہیں

فِيْهِ ؕ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ
اس (کے آنے) میں	وہ لوگ جن	سب نے نقصان میں ڈال رکھا ہے	اپنے نفسوں کو	تو وہ

لَا	يُؤْمِنُوْنَ (12)	وَ لَهٗ	مَا	سَكَنَ	فِي الَّيْلِ
نہیں	وہ سب ایمان لانیوالے	اور اسی کی ہے (مخلوق)	جو	بستی ہے	رات میں

وَ النَّهَارِ ؕ	وَ هُوَ	السَّمِيْعُ ❹	الْعَلِيْمُ ❹ (13)	قُلْ	اَ	غَيْرَ اللّٰهِ
اور دن میں	اور وہ	خوب سننے والا	جاننے والا ہے	کہہ دو	کیا	اللہ کے علاوہ

اَتَّخِذُ	وَلِيًّا ❺	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ ❶	وَالْاَرْضِ	وَ
میں بنالوں	کسی کو مددگار	(جو کہ) پیدا کرنے والا ہے	آسمانوں	اور زمین کا	اور

هُوَ يُطْعِمُ ❻	وَ لَا	يُطْعَمُ ؕ	قُلْ	اِنِّيْٓ اُمِرْتُ ❼
وہ کھلاتا ہے	اور نہیں	وہ (خود) کھلایا جاتا	کہہ دو	کہ بیشک مجھے حکم دیا گیا ہے

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ات دونوں علامتیں اسم کے آخر میں مؤنث کے لیے آتی ہیں اور عموماً انکا الگ ترجمہ نہیں ہوتا۔ ❷ فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نَّ دونوں تاکید کیلئے آتے ہیں۔ ❸ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ تنوین (ڈبل حرکت) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کسی کو کیا گیا ہے۔ ❻ علامت هُوَ اور يُ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❼ یْ اور تُ دونوں کا ترجمہ مجھے ہے۔

اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ	کہ میں ہو جاؤں پہلا جو اسلام لایا ہو
وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿14﴾	اور تم ہرگز نہ بنو مشرکوں میں سے۔ ﴿14﴾
قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ	کہہ دو بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں نافرمانی کروں
رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿15﴾	اپنے رب کی، بڑے دن کے عذاب سے۔ ﴿15﴾
مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ	جو (شخص کہ) ٹال دیا گیا اس سے اس دن (عذاب) تو یقیناً
رَحِمَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿16﴾	(اللہ نے) اس پر بڑا رحم کیا اور یہ واضح کامیابی ہے۔ ﴿16﴾
وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ	اور اگر اللہ پہنچائے تجھے کوئی تکلیف
فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ	تو نہیں کوئی دور کرنے والا اس کو مگر وہی
وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ	اور اگر وہ پہنچائے تجھے کوئی نفع
فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿17﴾	تو وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿17﴾
وَ هُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ	اور وہی (اللہ) غالب ہے اپنے بندوں پر
وَ هُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿18﴾	اور وہی بڑی حکمت والا خوب خبردار ہے۔ ﴿18﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوَّلَ	اول، اول وقت، اول پوزیشن۔	رَحِمَهٗ	رحمت کائنات، رحیم وکریم۔
اَسْلَمَ	اسلام، مسلم، مسلمان۔	الْفَوْزُ	فوز وفلاح، فائز۔
الْمُشْرِكِيْنَ	شرک، مشرک، مشرکین۔	الْمُبِيْنُ	بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔
اَخَافُ	خوف، خائف، اللہ کا خوف۔	بِخَيْرٍ	خیر وعافیت، خیریت، خیر کے کام۔
عَصَيْتُ	معصیت، معاصی۔	عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
رَبِّيْ	رب، ربوبیت، رب کائنات۔	قَدِيْرٌ	قادر، قدیر، قدرت کاملہ۔
يُّصْرَفْ	صرفِ نظر (نظر کو پھیرنا)۔	فَوْقَ	فوق، فوقیت، مافوق الاسباب۔

اَنْ	اَكُوْنَ	اَوَّلَ	مَنْ	اَسْلَمَ ❶	وَ لَا	تَكُوْنَنَّ ❷
کہ	میں ہو جاؤں	پہلا	جو	اسلام لایا ہو	اور نہ	تم ہرگز بنو

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (14)	قُلْ	اِنِّيْٓ اَخَافُ ❸	اِنْ	عَصَيْتُ
سب مشرکوں میں سے	کہہ دو	بیشک میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں

رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ (15)	مَنْ	يُّصْرَفْ ❹	عَنْهُ
اپنے رب کی	عذاب (سے)	بڑے دن کے	جو (شخص کہ)	وہ ٹال دیا گیا	اس سے

يَوْمَئِذٍ	فَقَدْ	رَحِمَهٗ ط	وَ ذٰلِكَ ❺	الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ (16)
اس دن (عذاب)	تو یقیناً	(اللہ نے) اس پر رحم کیا	اور یہ	واضح کامیابی ہے

وَ اِنْ	يَّمْسَسْكَ ❻	اللّٰهُ	بِضُرٍّ ❼❽	فَلَا	كَاشِفَ	لَهٗٓ	اِلَّا
اور اگر	پہنچائے تجھے	اللہ	کوئی تکلیف	تو نہیں (کوئی)	دور کرنیوالا	اس کو	مگر

هُوَ ط	وَ اِنْ	يَّمْسَسْكَ	بِخَيْرٍ ❼❽	فَهُوَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (17)
وہی	اور اگر	وہ پہنچائے تجھے	کوئی نفع	تو وہ	ہر چیز پر	قدرت رکھنے والا ہے

وَ هُوَ	الْقَاهِرُ	فَوْقَ عِبَادِهٖ ط	وَ هُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ (18)
اور وہی (اللہ)	غالب ہے	اپنے بندوں پر	اور وہی	بڑی حکمت والا	خوب خبردار ہے

ضروری وضاحت

❶ شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ ❷ نَّ فعل کے آخر میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❸ ی اور ا دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❹ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ ڈبل حرکت (تنوین) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً ط	کہہ دو کون سی چیز زیادہ بڑی ہے گواہی میں
قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَ بَیْنَکُمْ قف	کہہ دو اللہ ہے گواہ میرے درمیان اور تمہارے درمیان
وَ اُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ	اور وحی کیا گیا ہے میری طرف یہ قرآن
لِاُنْذِرَکُمْ بِهٖ وَ مَنْۢ بَلَغَ ط	تاکہ میں ڈراؤں تمہیں اسکے ذریعے اور جس کو (بھی) پہنچے
اَئِنَّکُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ	کیا بیشک تم گواہی دیتے ہو (اس بات کی) کہ بیشک
مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ط	اللہ کے ساتھ دوسرے معبود (بھی) ہیں؟
قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ج	آپ کہہ دیں میں تو گواہی نہیں دیتا،
قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّ اِنَّنِیْ	کہہ دیں درحقیقت وہی ایک معبود ہے اور بیشک میں
بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِکُوْنَ ۝19	بیزار ہوں اس سے جو تم شریک بناتے ہو۔ ۝19 (وقف لازم باختلاف)
اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ	وہ لوگ جو (کہ) ہم نے دی انہیں کتاب
یَعْرِفُوْنَهٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ	وہ پہچانتے ہیں اس (رسول) کو جیسا کہ وہ پہچانتے ہیں
اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا	اپنے بیٹوں کو، جنہوں نے نقصان میں ڈال رکھا ہے (وقف لازم)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
شَیْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
اَکْبَرُ : اکبر، تکبیر، کبیر، کبار علماء۔
شَهَادَةً، اَشْهَدُ : شاہد، شہید، شہادت۔
بَیْنِیْ : بین الاقوامی، بین المذاہب، بین بین۔
اُوْحِیَ : وحی، وحی کا نزول، وحی الٰہی۔
هٰذَا : علیٰ ہٰذا القیاس، لہٰذا، حامل رقعہ ہٰذا۔

بَلَغَ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، شعبہ ابلاغیات۔
مَعَ : مع اہل وعیال، مع دوست احباب۔
اُخْرٰی : اخروی زندگی۔
اِلٰهٌ : الٰہ حقیقی، الٰہ العالمین۔
بَرِیْٓءٌ : بری کرنا، مبرا
یَعْرِفُوْنَهٗ : عرف، تعریف، معروف، عرف عام۔
خَسِرُوْۤا : خائب وخاسر، خسارہ۔

قُلْ	اَیُّ شَیْءٍ	اَكْبَرُ ❶	شَهَادَةً ❷ ط	قُلِ	اللّٰهُ قف لا	شَهِيْدٌ
کہہ دو	کون سی چیز	زیادہ بڑی ہے	گواہی میں	کہہ دو	اللہ	گواہ ہے

بَيْنِیْ	وَ بَيْنَكُمْ قف	وَ	اُوْحِیَ ❸	اِلَیَّ ❹	هٰذَا الْقُرْاٰنُ
میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور	وحی کیا گیا ہے	میری طرف	یہ قرآن

لِاُنْذِرَكُمْ ❺	بِهٖ	وَ مَنْۢ	بَلَغَ ط	اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ ❻ ❼
تاکہ میں ڈراؤں تمہیں	اسکے ذریعے	اور جسے	پہنچے (اسے بھی)	کیا واقعی تم سب گواہی دیتے ہو

اَنَّ	مَعَ اللّٰهِ	اٰلِهَةً ❽ اُخْرٰی ط	قُلْ	لَّآ اَشْهَدُ ج	قُلْ
کہ بیشک	اللہ کے ساتھ	دوسرے معبود (بھی) ہیں	آپ کہہ دیں	نہیں میں گواہی دیتا	کہہ دیں

اِنَّمَا ❾	هُوَ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	وَّ	اِنَّنِیْ	بَرِیْٓءٌ	مِّمَّا
درحقیقت	وہی	ایک معبود ہے	اور	بیشک میں	بیزار ہوں	اس سے جو

تُشْرِكُوْنَ (19)	اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْرِفُوْنَهٗ
تم سب شریک بناتے ہو	وہ لوگ (کہ)	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ سب پہچانتے ہیں اسے

وقف لازم باختلاف

كَمَا	يَعْرِفُوْنَ	اَبْنَآءَهُمْ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
جیسا کہ	وہ سب پہچانتے ہیں	اپنے بیٹوں کو	جن	سب نے نقصان میں ڈالا

وقف لازم

ضروری وضاحت

❶ "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اِلَیَّ دراصل اِلٰی + یَ کا مجموعہ ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں علامت لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❻ اِنَّ اور لَ دونوں تاکید کیلئے ہیں اور دونوں کا ترجمہ واقعی کیا گیا ہے۔ ❼ کُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❽ اٰلِهَةً میں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❾ اِنَّ کے ساتھ جب مَا آجائے تو اس میں تاکید کا اضافہ ہوجاتا ہے۔

ع 2/10/8 اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿20﴾	اپنے نفسوں کو تو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿20﴾
وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى	اور کون بڑا ظالم ہوسکتا ہے اس سے (بڑھ کر) جو باندھے
عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ط	اللہ پر جھوٹ یا جھٹلائے اس کی آیتوں کو
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿21﴾	یہ یقینی بات ہے (کہ) ظالم فلاح نہیں پائیں گے۔ ﴿21﴾
وَ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا	اور جس دن ہم اکٹھا کریں گے ان سب کو
ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا	پھر ہم کہیں گے ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا
اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ	کہاں ہیں تمہارے شرکاء جن کے (معبود ہونے کا)
كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿22﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ	تم دعویٰ کرتے تھے۔ ﴿22﴾ پھر نہیں ہوگا
فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَ اللّٰهِ	ان کا کوئی بہانہ مگر یہ کہ وہ کہیں گے اللہ کی قسم
رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿23﴾	(جو) ہمارا رب ہے، نہیں تھے ہم شریک بنانیوالے۔ ﴿23﴾
اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	(اے نبی!) دیکھ کیسے جھوٹ بولا انہوں نے اپنے نفسوں پر
وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿24﴾	اور گم ہوگیا ان سے جو تھے وہ افترا باندھتے۔ ﴿24﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْفُسَهُمْ : نفسانفسی، نظام تنفس، نفسیات۔	نَحْشُرُهُمْ : حشر، میدان محشر۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔	جَمِيْعًا : جمع، جمیع، جماعت، اجتماع۔
اَظْلَمُ : ظالم، ظلم، مظلوم۔	اَشْرَكُوْٓا : شرک، مشرک، مشرکین۔
افْتَرٰى، يَفْتَرُوْنَ : کذب وافترا، مفتری۔	تَزْعُمُوْنَ : زعم باطل۔
كَذِبًا : کذاب، کذب بیانی، تکذیب	اُنْظُرْ : ناظرین، نظر کرم، منظور نظر، منظر۔
يُفْلِحُ : فلاح دارین، فوز وفلاح، فلاحی ادارہ۔	كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔	ضَلَّ : ضلالت۔ (گمراہی)

ع 2 10 8

اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ (20)	وَ مَنْ	اَظْلَمُ ❶	مِمَّنِ ❷
اپنے نفسوں کو	تو وہ	نہیں	وہ سب ایمان لائینگے	اور کون	بڑا ظالم ہوسکتا ہے	اس سے جو

افْتَرٰی	عَلَی اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ ط	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ ❸
باندھے	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلائے	اسکی آیتوں کو	یہ یقینی بات ہے (کہ)	نہیں فلاح پائینگے

الظّٰلِمُوْنَ (21)	وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	نَقُوْلُ
سب ظالم	اور جس دن	ہم اکٹھا کرینگے انہیں	سب کو	پھر	ہم کہیں گے

لِلَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْٓا	اَيْنَ	شُرَكَآؤُكُمُ	الَّذِيْنَ
ان لوگوں سے جن	سب نے شرک کیا	کہاں ہیں	تمہارے شریک	جن کے (معبود ہونے کا)

كُنْتُمْ ❹ تَزْعُمُوْنَ (22)	ثُمَّ	لَمْ تَكُنْ ❺	فِتْنَتُهُمْ	اِلَّآ اَنْ	قَالُوْا
تھے تم سب دعویٰ کرتے	پھر	نہیں ہوگا	انکا کوئی بہانہ	مگر یہ کہ	وہ سب کہیں گے

وَ اللّٰهِ	رَبِّنَا	مَا كُنَّا	مُشْرِكِيْنَ ❻ (23)	اُنْظُرْ	كَيْفَ
اللہ کی قسم	(جو) ہمارا رب ہے	نہیں تھے ہم	سب شریک بنانیوالے	دیکھیے	کیسے

كَذَبُوْا	عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ ❼	وَ ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ❽ (24)
ان سب نے جھوٹ بولا	اپنے نفسوں پر	اور گم ہوگیا	ان سے	جو تھے وہ سب جھوٹ باندھتے

ضروری وضاحت

❶ ”ا“ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❷ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ❸ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ علامت تُمْ اور تـ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❺ علامت تـ فعل کے ساتھ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ اسم کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ یہاں اپنے نفسوں پر سے مراد اپنے خلاف ہے۔ ❽ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب ہوتا ہے۔

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ	اور ان میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو کان لگاتے ہیں آپ کی طرف
وَ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً	اور ہم نے کر دیے ہیں ان کے دلوں پر پردے
اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	کہ وہ (نہ) سمجھ سکیں اسے اور ان کے کانوں میں
وَقْرًا ؕ وَ اِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ	ڈاٹ ہے اور اگر وہ دیکھ (بھی) لیں ہر نشانی کو
لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰٓى	(پھر بھی کبھی) وہ ایمان نہ لائیں ان پر یہاں تک کہ
اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ	جب یہ آتے ہیں آپکے پاس (تو) جھگڑا کرتے ہیں آپ سے
يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (25)	نہیں ہے یہ مگر پہلے لوگوں کے افسانے۔ (25)
وَ هُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ	اور وہ روکتے ہیں (دوسروں کو) اس سے
وَ يَنْئَوْنَ عَنْهُ ۚ وَ اِنْ يُّهْلِكُوْنَ	اور (خود بھی) دور رہتے ہیں اس سے اور نہیں یہ ہلاک کر رہے
اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ (26)	مگر اپنے آپ کو اور نہیں وہ شعور رکھتے۔ (26)
وَ لَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا	اور کاش آپ دیکھیں (انکو) جب یہ کھڑے کیے جائیں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْهُمْ : منجانب، منجملہ، من وعن۔	يَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يَّسْتَمِعُ : سمع و بصر، آلۂ سماعت، قوتِ سماعت۔	كَفَرُوْٓا : کفر، کفار، کافر۔
قُلُوْبِهِمْ : قلوب و اذہان، قلبی تعلق۔	يَنْهَوْنَ : منہیات، نہی عن المنکر۔
يَّفْقَهُوْهُ : فقہ، فقیہ، فقاہت۔	يُّهْلِكُوْنَ : ہلاک، مہلک، ہلاکتیں۔
يَرَوْا، تَرٰٓى : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔	اِلَّآ : الا یہ کہ، الا ما شاء اللہ، الا قلیل۔
يُؤْمِنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔	اَنْفُسَهُمْ : نفسا نفسی، نظام تنفس، ماہرین نفسیات
يُجَادِلُوْنَكَ : جنگ و جدل، مجادلہ۔	يَشْعُرُوْنَ : شعور و ادراک، تحت الشعور، باشعور۔

وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ ❶	اِلَيْكَ ج	وَ جَعَلْنَا	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
اور	ان میں سے	(کچھ ایسے ہیں) جو	کان لگاتے ہیں	آپ کی طرف	اور ہم نے کردیے	انکے دلوں پر

اَكِنَّةً ❷	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ ❸	وَ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا ط	وَ اِنْ
پردے	کہ	وہ سب (نہ) سمجھ سکیں اسے	اور	ان کے کانوں میں	بوجھ (رکھ دیا ہے)	اور اگر

يَّرَوْا	كُلَّ اٰيَةٍ ❹	لَّا	يُؤْمِنُوْا	بِهَا ط	حَتّٰٓى
وہ دیکھ (بھی) لیں	ہر نشانی کو	نہ	وہ سب ایمان لائیں گے	ان پر	یہاں تک کہ

اِذَا	جَآءُوْكَ	يُجَادِلُوْنَكَ	يَقُوْلُ ❶	الَّذِيْنَ
جب	یہ آتے ہیں آپکے پاس	وہ سب جھگڑا کرتے ہیں آپ سے	کہتے ہیں	وہ لوگ جن

كَفَرُوْٓا	اِنْ ❺	هٰذَآ اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ (25)	وَ	هُمْ يَنْهَوْنَ ج ❻	عَنْهُ
سب نے کفر کیا	نہیں ہے	یہ مگر	افسانے	پہلے لوگوں کے	اور	وہ سب روکتے ہیں	اس سے

وَ	يَنْـَٔوْنَ	عَنْهُ	وَ اِنْ ❺	يُّهْلِكُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ
اور	وہ سب دور رہتے ہیں	اس سے	اور نہیں	وہ سب ہلاک کررہے	مگر	اپنے نفسوں کو

وَ مَا	يَشْعُرُوْنَ (26)	وَ لَوْ	تَرٰٓى	اِذْ	وُقِفُوْا ❼
اور نہیں	وہ سب شعور رکھتے	اور کاش	آپ دیکھیں (انکو)	جب	یہ سب کھڑے کیے جائینگے

ضروری وضاحت

❶ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ یہاں علامت ۃ واحد مؤنث کے لیے نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❸ وْا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❹ علامت ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ❺ اِنْ کے بعد اسی جملے میں اِلَّآ ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ علامت هُمْ اور یَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا اور کبھی کیے جائیں گے کا مفہوم ہوتا ہے۔

عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ	آگ پر تو کہیں گے اے کاش! ہم لوٹا دیے جائیں (دنیا میں دوبارہ)
وَ لَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا	اور نہ ہم جھٹلائیں گے اپنے رب کی آیات کو
وَ نَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿27﴾	اور ہم ہو جائیں گے مؤمنوں میں سے۔ ﴿27﴾
بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ	بلکہ ظاہر ہو گیا ان پر جو وہ تھے چھپایا کرتے
مِنْ قَبْلُ ؕ وَ لَوْ رُدُّوْا	اس سے قبل، اور اگر یہ لوٹا دیے جائیں (دنیا میں تو)
لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ	یقیناً یہ دوبارہ کریں اسے جو (کہ) منع کیے گئے اس سے
وَ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿28﴾	اور بیشک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ ﴿28﴾
وَ قَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا	اور کہتے ہیں نہیں ہے وہ مگر ہماری دنیاوی زندگی
وَ مَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿29﴾	اور نہیں ہیں ہم (دوبارہ) زندہ کیے جانیوالے۔ ﴿29﴾
وَ لَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا	اور کاش! آپ دیکھیں (انہیں) جب یہ کھڑے کیے جائینگے
عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ	اپنے رب کے سامنے وہ فرمائے گا کیا نہیں یہ حقیقت؟
قَالُوْا بَلٰى وَ رَبِّنَا ؕ	(تو) وہ کہیں گے ہاں! کیوں نہیں ہمارے رب کی قسم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَى : علیٰ ھذا القیاس، علیٰ اعلان۔
النَّارِ : نوری وناری مخلوق، نارِ جہنم۔
فَقَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔
نُرَدُّ، رُدُّوْا : رد، تردید۔
نُكَذِّبَ : کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
يُخْفُوْنَ : خفیہ، مخفی۔
قَبْلُ : قبل از غذا، قبل از وقت۔
لَعَادُوْا : اعادہ کرنا، بیماری کا عود کر آنا۔
نُهُوْا : منہیات، نہی عن المنکر۔
حَيَاتُنَا : حیات جاودانی، موت وحیات۔
بِمَبْعُوْثِيْنَ : بعثت نبوی، مبعوث فرمایا۔
تَرٰى : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال کمیٹی۔
بِالْحَقِّ : حق بات، حق وصداقت، حقیقت۔

عَلَى النَّارِ	فَقَالُوْا	يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ ❶	وَ لَا	نُكَذِّبَ
آگ پر	تو سب کہیں گے	اے کاش ہم لوٹا دیے جائیں (دنیا میں)	اور نہ	ہم جھٹلائیں گے

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا ❷	وَ نَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (27)	بَلْ	بَدَا	لَهُمْ
اپنے رب کی آیات کو	اور ہم ہو جائیں گے	مؤمنوں میں سے	بلکہ	ظاہر ہو گیا	ان پر

مَّا	كَانُوْا يُخْفُوْنَ ❸	مِنْ قَبْلُ ؕ	وَ لَوْ	رُدُّوْا	لَعَادُوْا ❹
جو	تھے وہ سب چھپایا کرتے	اس سے پہلے	اور اگر	یہ سب لوٹا دیے جائیں (دنیا میں)	یقیناً دوبارہ کریں

لِمَا	نُهُوْا	عَنْهُ	وَ اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ❹ (28)	وَ قَالُوْٓا
اسے جو (کہ)	سب منع کیے گئے	اس سے	اور بیشک وہ	یقیناً سب جھوٹے ہیں	اور ان سب نے کہا

اِنْ ❺	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا الدُّنْيَا	وَ مَا	نَحْنُ	بِمَبْعُوْثِيْنَ ❻ (29)
نہیں ہے	وہ	مگر	ہماری دنیاوی زندگی	اور نہیں	ہم	سب (دوبارہ) اٹھائے جانیوالے

وَ لَوْ	تَرٰٓى	اِذْ	وُقِفُوْا	عَلٰى رَبِّهِمْ ❼ ؕ	قَالَ
اور کاش	آپ دیکھیں	جب	وہ سب کھڑے کیے جائینگے	اپنے رب کے سامنے	وہ فرمائے گا

اَلَيْسَ	هٰذَا	بِالْحَقِّ ❺ ؕ	قَالُوْا	بَلٰى	وَ رَبِّنَا ❽ ؕ
کیا نہیں	یہ	حقیقت (تو)	وہ سب کہیں گے	ہاں کیوں نہیں	ہمارے رب کی قسم

ضروری وضاحت

❶ علامت نَا اور نَ دونوں کا ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❷ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب ہے۔ ❹ علامت لَ میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❺ اِنْ کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ نفی کے بعد اگر بِ ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔ ❼ اصل ترجمہ اپنے رب پر ہے۔ ❽ وَ کے بعد اسم کے آخر میں زیر ہو تو اس وَ کا ترجمہ عموماً قسم کیا جاتا ہے۔

قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ	وہ فرمائے گا تو چکھو عذاب (کا مزہ)
ع 3/10/9 بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿30﴾ ع	اس وجہ سے جو تھے تم کفر کرتے۔ ع ﴿30﴾
قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ	یقیناً خسارے میں رہے وہ لوگ جنہوں نے
كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى	جھٹلایا اللہ کی ملاقات کو، یہاں تک کہ
اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً	جب آ جائیگی ان کے پاس قیامت اچانک
قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا	(تو) کہیں گے ہائے ہمارا افسوس! اس پر جو ہم نے کوتاہی کی
فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ	اس (معاملے) میں اور وہ اٹھائے ہوئے ہونگے
اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ	اپنے (گناہوں کے) بوجھ اپنی پیٹھوں پر
اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿31﴾	خبردار! بُرا ہے جو وہ بوجھ اٹھائیں گے۔ ﴿31﴾
وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ	اور نہیں ہے دنیوی زندگی مگر کھیل اور تماشا
وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ	اور یقیناً آخرت کا گھر اچھا ہے ان لوگوں کے لیے جو
يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿32﴾	(اللہ سے) ڈرتے ہیں تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿32﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ، قَالُوْا: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَذُوْقُوا : ذائقہ، بدذائقہ۔
بِمَا : ماتحت، ماجرا، ماشاءاللہ۔
تَكْفُرُوْنَ : کفر، کفار، کافر۔
خَسِرَ : خائب وخاسر، خسارہ۔
كَذَّبُوْا : کذاب، تکذیب، کاذب۔
بِلِقَآءِ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

حَتّٰى : حتی الامکان، حتی الوسعت۔
يٰحَسْرَتَنَا : حسرت، نگاہ حسرت۔
فَرَّطْنَا : افراط وتفریط (کمی، زیادتی)۔
يَحْمِلُوْنَ : حمل، حامل رقعہ ہذا، محمول۔
اَوْزَارَهُمْ : وزیر، وزارت (بوجھ)۔
يَتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔
تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔

ع 3 10 9

قَالَ	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ ❶	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ❷ (30)
وہ فرمائے گا	تو تم سب چکھو	عذاب (کا مزہ)	اس وجہ سے جو	تھے تم سب کفر کرتے

قَدْ ❸	خَسِرَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ	حَتّٰٓى
آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیات تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے آٹھویں پارے کا یہ پہلا ایڈیشن ہے جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیشِ نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یا رب العالمین!

عبدالرحمٰن طاہر
فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ
مبعوث: وزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية
استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

الجزء 8

وَ لَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ	اور اگر یقیناً ہم نازل کرتے اُن کی طرف فرشتے
وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ حَشَرْنَا	اور کلام کرتے اُن سے مردے اور ہم اکٹھا کر دیتے
عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا	اُن پر ہر چیز کو سامنے لا کر (پھر بھی) نہیں تھے
لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ	کہ وہ ایمان لاتے مگر یہ کہ اللہ چاہتا
وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿111﴾	اور لیکن اُن کے اکثر جہالت سے کام لیتے ہیں۔ ﴿111﴾
وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا	اور اسی طرح ہم نے بنا دیا ہر نبی کے لیے دشمن
شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ	شیطانوں کو انسانوں اور جنوں میں سے
يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ	دل میں ڈالتے ہیں اُن میں سے بعض بعض کی طرف
زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ	ملمع کی ہوئی بات دھوکہ دینے کے لیے
وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ	اور اگر چاہتا آپ کا رب (تو) نہ وہ کرتے اسے
فَذَرْهُمْ وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿112﴾	پس چھوڑ دو انہیں اور جو وہ جھوٹ گھڑتے ہیں۔ ﴿112﴾
وَ لِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ	اور تاکہ مائل ہو جائیں اُس کی طرف دل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَزَّلْنَآ : نازل، نزول، منزّل من اللہ۔	يَّشَآءَ : مشیتِ الٰہی، ان شاء اللہ، ماشاء اللہ۔
اِلَيْهِمُ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔	يَجْهَلُوْنَ : جاہل، مجہول، جہالت۔
الْمَلٰٓئِكَةَ : ملائکہ، ملک الموت۔	لِكُلِّ : کل نمبر، کل جہان، کلی طور پر / لہٰذا۔
كَلَّمَهُمُ : کلمہ، کلام، تکلم، کلمات۔	عَدُوًّا : بغض وعداوت، اعداء۔
حَشَرْنَا : حشر، میدان محشر۔	يُوْحِيْ : وحیٔ الٰہی، وحی متلوّ۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔	الْقَوْلِ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
لِيُؤْمِنُوْٓا : امن، ایمان، مؤمن۔	غُرُوْرًا : غرور، مغرور (تکبر کرنیوالا دھوکے میں ہوتا ہے)

وَ لَوْ	اَنَّنَا نَزَّلْنَآ ❶	اِلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةَ ❷	وَ كَلَّمَهُمُ	الْمَوْتٰى
اور اگر	یقیناً ہم نازل کرتے	اُن کی طرف	فرشتے	اور کلام کرتے اُن سے	مردے

وَ حَشَرْنَا	عَلَيْهِمْ	كُلَّ شَيْءٍ	قُبُلًا	مَّا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا ❸
اور ہم اکٹھا کر دیتے	اُن پر	ہر چیز کو	سامنے	نہیں	تھے وہ سب کہ ایمان لاتے

اِلَّآ اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ ❹	وَ لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	يَجْهَلُوْنَ ❹ (111)
مگر یہ کہ	اللہ چاہتا	اور لیکن	اُنکے اکثر	سب جہالت سے کام لیتے ہیں

وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ	عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ ❺	الْاِنْسِ	وَ الْجِنِّ
اور اسی طرح	ہم نے بنایا	ہر نبی کے لیے	شیطانوں کو دشمن	آدمیوں	اور جنوں (میں سے)

يُوْحِيْ ❹	بَعْضُهُمْ	اِلٰى بَعْضٍ	زُخْرُفَ الْقَوْلِ	غُرُوْرًا ؕ
دل میں ڈالتے ہیں	اُن میں سے بعض	بعض کی طرف	ملمع کی ہوئی بات	دھوکہ (دینے کے لیے)

وَ لَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	مَا	فَعَلُوْهُ ❻	فَذَرْهُمْ
اور اگر	چاہتا	آپ کا رب	(تو) نہ	وہ سب کرتے اُسے	پس چھوڑ دو انہیں

وَ مَا	يَفْتَرُوْنَ (112)	وَ لِتَصْغٰٓى ❼	اِلَيْهِ	اَفْـِٕدَةُ ❷
اور جو	وہ سب جھوٹ گھڑتے ہیں	اور تاکہ مائل ہوجائیں	اُس کی طرف	دل

ضروری وضاحت

❶ اَنَّنَا کے نَا اور نَزَّلْنَا کے نَا دونوں کا ترجمہ ہم ہے۔❷ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع مذکر کے لیے ہے۔
❸ كَانُوْا میں وْا اور لِيُؤْمِنُوْا میں وْا دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔❹ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❺ شَيَاطِيْنَ میں يْنَ جمع کی علامت نہیں بلکہ يْنَ اصل لفظ کا حصہ ہے۔❻ علامت وْا کے ساتھ جب کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔❼ علامت تـ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	اُن لوگوں کے جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر
وَ لِيَرْضَوْهُ وَ لِيَقْتَرِفُوْا	اور تاکہ وہ خوش ہوں اس سے اور تاکہ وہ کرتے رہیں
مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ (113)	جو وہ کرنے والے ہیں۔ (113)
اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا	تو کیا اللہ کے علاوہ میں تلاش کروں کوئی حاکم
وَّ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ	حالانکہ وہی ہے جس نے نازل کی تمہاری طرف
الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ	(یہ) کتاب تفصیل کے ساتھ،
وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	اور وہ لوگ (کہ) ہم نے دی انہیں کتاب،
يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ	وہ جانتے ہیں کہ بیشک وہ نازل شدہ ہے
مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ	آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (114)	تو آپ ہرگز نہ ہوں شک کرنیوالوں میں سے۔ (114)
وَ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا	اور مکمل ہوئی آپ کے رب کی بات سچائی
وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ	اور عدل میں نہیں کوئی تبدیل کرنے والا اُسکی باتوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مؤمن۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
لِيَرْضَوْهُ	رضا، راضی، مرضی۔	بِالْحَقِّ	حق وصداقت، حق بات، حقیقت۔
فَغَيْرَ	غیر آباد، غیر مسلم، اغیار۔	تَمَّتْ	تتمہ، تمام، اتمام حجت۔
حَكَمًا	حاکم، حکومت، محکوم۔	صِدْقًا	صدق وصفا، صداقت، صادق وامین۔
اَنْزَلَ	نازل، نزول، منزل۔	عَدْلًا	عدل، عادل، عدالت۔
الْكِتٰبَ	کتاب، مکتوب، کتابت۔	مُبَدِّلَ	تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
مُفَصَّلًا	مفصل، تفصیل، تفصیلات۔	لِكَلِمٰتِهٖ	کلمہ، کلام، تکلم، کلمات۔

الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ ❶	وَ	لِيَرْضَوْهُ ❷
اُن لوگوں کے جو	نہیں	وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	اور	تاکہ وہ سب خوش ہوں اس سے

وَ	لِيَقْتَرِفُوْا	مَا هُمْ	مُّقْتَرِفُوْنَ ❸ (113)	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ
اور	تاکہ وہ سب کرتے رہیں	جو وہ ہیں	سب کرنے والے	تو کیا اللہ کے علاوہ

اَبْتَغِيْ	حَكَمًا ❹	وَّ هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	اِلَيْكُمُ	الْكِتٰبَ
میں تلاش کروں	کوئی حاکم	حالانکہ وہی ہے	جس نے	نازل کی	تمہاری طرف	(یہ) کتاب

مُفَصَّلًا ؕ	وَ الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْلَمُوْنَ
تفصیل کے ساتھ	اور وہ لوگ جو (کہ)	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ سب جانتے ہیں

اَنَّهٗ	مُنَزَّلٌ ❺	مِّنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ	فَلَا تَكُوْنَنَّ ❻
کہ بیشک وہ	نازل شدہ ہے	آپ کے رب (کی طرف) سے	حق کے ساتھ	تو نہ آپ ہرگز ہوں

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (114)	وَ	تَمَّتْ ❶	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
شک کرنے والوں میں سے	اور	مکمل ہوئی	بات	آپ کے رب کی

صِدْقًا	وَّعَدْلًا ؕ	لَا مُبَدِّلَ ❸❼	لِكَلِمٰتِهٖ ۚ
سچائی	اور عدل میں	کوئی نہیں تبدیل کرنے والا	اُس کی باتوں کو

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ وْا کے ساتھ جب کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے کوئی کیا گیا ہے۔ ❺ شروع میں "مُ" اور آر سے پہلے زبر ہو تو کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ نَّ فعل کے آخر میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿115﴾	اور وہی خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔ ﴿115﴾
وَ اِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ	اور اگر آپ اطاعت کریں اکثر کی جو زمین میں ہیں
يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	(تو) وہ آپ کو بہکا دیں گے اللہ کے راستے سے
اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ	نہیں وہ پیروی کرتے مگر (اپنے) گمان کی
وَ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿116﴾	اور نہیں ہیں وہ مگر اٹکل دوڑاتے۔ ﴿116﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ	بیشک آپ کا رب وہ خوب جانتا ہے جو بھٹکتا ہے
عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَ هُوَ اَعْلَمُ	اس کے راستے سے، اور وہ خوب جانتا ہے
بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿117﴾ فَكُلُوْا	ہدایت پانے والوں کو۔ ﴿117﴾ تو کھاؤ
مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	اس میں سے جو (کہ) نام لیا گیا ہو اللہ کا اُس پر
اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾	اگر ہو تم اُس کی آیات پر ایمان رکھنے والے۔ ﴿118﴾
وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا	اور کیا ہے تمھیں کہ نہ تم کھاؤ اس سے جو (کہ)
ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	ذکر کیا گیا ہو اللہ کا نام اُس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

السَّمِيْعُ : سمع وبصر، سماعت، سامعین۔
الْعَلِيْمُ : علم وعمل، معلوم، تعلیم، معلومات۔
تُطِعْ : اطاعت وفرمانبرداری، مطیع۔
اَكْثَرَ : اکثر، اکثریت، کثرت، کثیر۔
يُضِلُّوْكَ، يَضِلُّ : ضلالت۔ (گمراہی)
يَتَّبِعُوْنَ : تابع فرمان، متبع سنت، اتباع۔
الظَّنَّ : بدظن، سوئے ظن، ظنِ غالب۔
اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
سَبِيْلِهٖ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
فَكُلُوْا، تَاْكُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ / ماحول، ماتحت۔
ذُكِرَ : ذکر، اذکار، مذکور، تذکرہ۔
اسْمُ : اسم بامسمّٰی، اسم گرامی۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

وَ	هُوَ السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ (115)	وَ اِنْ	تُطِعْ	اَكْثَرَ مَنْ
اور	وہی خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے	اور اگر	آپ اطاعت کریں	اکثر کی جو

فِي الْاَرْضِ	يُضِلُّوْكَ ❶	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اِنْ ❷
زمین میں ہیں	(تو) وہ سب آپ کو بہکا دیں گے	اللہ کے راستے سے	نہیں

يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا الظَّنَّ	وَ اِنْ ❷	هُمْ اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ ❸ (116)
وہ سب پیروی کرتے	مگر (اپنے) گمان کی	اور نہیں ہیں	وہ سب مگر	سب اٹکل دوڑاتے

اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ ❹	مَنْ يَّضِلُّ ❸	عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ
بیشک	آپ کا رب	وہ خوب جانتا ہے	جو بھٹکتا ہے	اسکے راستے سے

وَ هُوَ	اَعْلَمُ ❹	بِالْمُهْتَدِيْنَ (117)	فَكُلُوْا	مِمَّا ❺	ذُكِرَ ❻
اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانیوالوں کو	تو تم سب کھاؤ	(اس میں) سے جو	ذکر کیا گیا ہو

اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ كُنْتُمْ	بِاٰيٰتِهٖ	مُؤْمِنِيْنَ (118)
اللہ کا نام	اُس پر	اگر ہو تم	اُسکی آیات پر	سب ایمان رکھنے والے

وَ مَا	لَكُمْ	اَلَّا ❼	تَاْكُلُوْا	مِمَّا ❺	ذُكِرَ ❻	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
اور کیا ہے	تمہارے لیے	یہ کہ نہ	تم سب کھاؤ	اس سے جو	ذکر کیا گیا	اللہ کا نام	اُس پر

ضروری وضاحت

❶ علامت وْا کے ساتھ کوئی اور علامت لگانی ہو تو "ا" گرا دیتے ہیں۔ ❷ علامت اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ یہاں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے مثلاً: كُتِبَ: فرض کیا گیا۔ قُتِلَ: قتل کیا گیا۔ ❼ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

وَ قَدۡ فَصَّلَ	حالانکہ یقیناً اس نے تفصیل سے بیان کر دیا ہے
لَكُمۡ مَّا حَرَّمَ عَلَيۡكُمۡ	تمہارے لیے جو اس نے حرام کیا ہے تم پر
اِلَّا مَا اضۡطُرِرۡتُمۡ اِلَيۡهِ ؕ	مگر جو (کہ) تم مجبور کر دیے جاؤ اُس کی طرف
وَ اِنَّ كَثِيۡرًا لَّيُضِلُّوۡنَ	اور بیشک بہت (سے لوگ) یقیناً گمراہ کرتے ہیں
بِاَهۡوَآئِهِمۡ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ	اپنی خواہشات سے علم کے بغیر، بیشک آپ کا رب
هُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُعۡتَدِيۡنَ ﴿119﴾	وہ خوب جاننے والا ہے حد سے بڑھنے والوں کو۔ ﴿119﴾
وَ ذَرُوۡا ظَاهِرَ الۡاِثۡمِ وَ بَاطِنَهٗ ؕ	اور چھوڑ دو ظاہر گناہ کو اور اُس کے چھپے ہوئے کو (بھی)
اِنَّ الَّذِيۡنَ يَكۡسِبُوۡنَ الۡاِثۡمَ	بیشک وہ لوگ جو کماتے ہیں گناہ
سَيُجۡزَوۡنَ	عنقریب وہ بدلہ دیے جائیں گے
بِمَا كَانُوۡا يَقۡتَرِفُوۡنَ ﴿120﴾	اس کا جو تھے وہ (گناہ) کرتے۔ ﴿120﴾
وَ لَا تَاۡكُلُوۡا مِمَّا	اور مت کھاؤ اس سے جو (کہ)
لَمۡ يُذۡكَرِاسۡمُ اللّٰهِ عَلَيۡهِ	نہ لیا گیا ہو اللہ کا نام اُس پر،

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَصَّلَ : تفصیل، مفصل، تفصیلات۔	عِلۡمٍ، اَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَرَّمَ : حرام، حلت و حرمت۔	ظَاهِرَ : ظاہر، ظاہری، ظہور، مظہر۔
عَلَيۡكُمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	بَاطِنَهٗ : ظاہر و باطن، خبث باطن۔
اضۡطُرِرۡتُمۡ : اضطراری حالت، مضطر۔	يَكۡسِبُوۡنَ : کسبِ حلال، کسبی۔
اِلَيۡهِ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔	سَيُجۡزَوۡنَ : جزا و سزا، جزائے خیر۔
كَثِيۡرًا : کثیر، اکثر، کثرت۔	بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
لَّيُضِلُّوۡنَ : ضلالت۔ (گمراہی)	تَاۡكُلُوۡا : اکل و شرب، ماکولات۔

وَ	قَدْ ❶	فَصَّلَ	لَكُمْ	مَّا	حَرَّمَ
حالانکہ	یقیناً	اس نے تفصیل سے بیان کردیا ہے	تمہارے لیے	جو	اس نے حرام کیا ہے

عَلَيْكُمْ	اِلَّا مَا	اضْطُرِرْتُمْ	اِلَيْهِ ط	وَ اِنَّ ❷	كَثِيْرًا
تم پر	مگر جو (کہ)	تم مجبور کردیے جاؤ	اُسکی طرف	اور بیشک	بہت (سے لوگ)

لَّيُضِلُّوْنَ ❸	بِاَهْوَآئِهِمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ ط	اِنَّ ❷	رَبَّكَ
یقیناً وہ سب گمراہ کرتے ہیں	اپنی خواہشات سے	علم کے بغیر	بیشک	آپ کا رب

هُوَ	اَعْلَمُ ❹	بِالْمُعْتَدِيْنَ (119)	وَ ذَرُوْا	ظَاهِرَ الْاِثْمِ
وہ	خوب جاننے والا ہے	سب حد سے بڑھنے والوں کو	اور سب چھوڑ دو	ظاہر گناہ کو

وَ	بَاطِنَهٗ ط	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْسِبُوْنَ	الْاِثْمَ
اور	اُسکے چھپے ہوئے کو	بیشک	وہ لوگ جو	وہ سب کماتے ہیں	گناہ

سَيُجْزَوْنَ ❺	بِمَا	كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ❻ (120)	وَ
عنقریب وہ سب بدلہ دیے جائیں گے	(اس گناہ) کا جو	تھے وہ سب کرتے	اور

لَا تَاْكُلُوْا ❼	مِمَّا ❽	لَمْ يُذْكَرِ ❺❾	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
مت تم سب کھاؤ	(اس) سے جو (کہ)	نہ لیا گیا ہو	اللہ کا نام	اُس پر

ضروری وضاحت

❶ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❷ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❸ علامت "لَ" تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ❹ اَعْلَمُ میں "اَ" صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کررہا ہے۔ ❺ علامت یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا اور کبھی کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❻ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❽ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❾ یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَ اِنَّ الشَّيٰطِيْنَ	اور بیشک وہ یقیناً نافرمانی ہے اور بیشک شیاطین
لَيُوْحُوْنَ اِلٰۤى اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ	یقیناً ڈالتے ہیں اپنے دوستوں کی طرف (شبہات)
لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ	تا کہ وہ جھگڑا کریں تم سے،
وَ اِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ	اور اگر تم نے اطاعت کر لی انکی
اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿121﴾	(تو) بیشک تم یقیناً مشرک ہو گے۔ ﴿121﴾
اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ	اور کیا جو تھا مردہ پھر ہم نے زندہ کیا اُسے
وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ	اور ہم نے بنا دیا اُس کے لیے نور (کہ) وہ چلتا ہے
بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ	اسکے ساتھ لوگوں میں، اس کی طرح (ہوسکتا ہے) جو (کہ)
مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ	اسکی مثال (یہ ہے کہ) وہ اندھیروں میں ہے
لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ	(اور) نہیں ہے (وہ) نکلنے والا اُن سے
كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ	اسی طرح مزین کر دیا گیا کافروں کے لیے
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿122﴾	(وہ عمل) جو تھے وہ کرتے۔ ﴿122﴾

ع 14 11 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَفِسْقٌ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔	نُوْرًا : نور، نورانی، نورانیت (روشنی)۔
لَيُوْحُوْنَ : وحیِ الٰہی، وحی متلوّ۔	بِهٖ : بالکل، بالمقابل، بالواسطہ۔
اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔	النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
لِيُجَادِلُوْكُمْ : جنگ و جدل، جدال۔	مَّثَلُهٗ : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
اَطَعْتُمُوْهُمْ : اطاعت و فرمانبرداری، مطیع۔	بِخَارِجٍ : خارج، خروج، اخراج، امور خارجہ۔
مَيْتًا : موت، اموات، میت۔	مِّنْهَا : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
فَاَحْيَيْنٰهُ : موت و حیات، حیات جاودانی۔	يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔

وَ	اِنَّهٗ	لَفِسْقٌ ؕ ❶	وَ	اِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ
اور	بیشک وہ	یقیناً نافرمانی ہے	اور	بیشک	شیاطین

لَيُوْحُوْنَ ❶	اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِهِمْ	لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ ❷	وَ
یقیناً وہ سب ڈالتے ہیں	اپنے دوستوں کی طرف (شبہات)	تا کہ وہ سب جھگڑا کریں تم سے	اور

14
ع 11
1

اِنْ	اَطَعْتُمُوْهُمْ ❸	اِنَّكُمْ	لَمُشْرِكُوْنَ ❶ ۧ (121)	اَوَ	مَنْ
اگر	تم نے اطاعت کر لی انکی (تو)	بیشک تم	یقیناً سب مشرک ہو گے	اور کیا	جو

كَانَ	مَيْتًا	فَاَحْيَيْنٰهُ	وَ	جَعَلْنَا	لَهٗ	نُوْرًا
تھا	مردہ	پھر ہم نے زندہ کیا اُسے	اور	ہم نے بنا دیا	اُس کے لیے	روشنی

يَّمْشِيْ	بِهٖ	فِي النَّاسِ	كَمَنْ	مَّثَلُهٗ ❹
(کہ) وہ چلتا ہے	اسکے ساتھ	لوگوں میں	اسکی طرح (ہے) جو (کہ)	اس کی مثال (یہ ہے کہ)

فِي الظُّلُمٰتِ ❺	لَيْسَ	بِخَارِجٍ ❻	مِّنْهَا ؕ	كَذٰلِكَ
وہ اندھیروں میں ہے	(اور) نہیں	(وہ) نکلنے والا	اُن سے	اسی طرح

زُيِّنَ ❼	لِلْكٰفِرِيْنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❽ (122)
مزین کر دیا گیا	سب کافروں کے لیے	جو	تھے وہ سب عمل کرتے

ضروری وضاحت

❶ الفاظ کے شروع میں علامت لَ تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ❷ وْا کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ علامت تُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آجائے تو تُمْ اور اُسکے درمیان "و" کا اضافہ کرتے ہیں۔ ❹ مَثَلُهٗ سے مراد "اس کا حال" ہے۔ ❺ علامت ات مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ	اور اسی طرح ہم نے بنا دیا ہر بستی میں
اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا	بڑے (لوگوں) کو جرائم کرنے والے اس (بستی) کے
لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ	تا کہ وہ مکروفریب کریں اس میں،
وَ مَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا	اور نہیں وہ مکروفریب کرتے مگر
بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿123﴾	اپنے نفسوں سے اور وہ شعور نہیں رکھتے۔ ﴿123﴾
وَ اِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ	اور جب آئے ان کے پاس کوئی نشانی
قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى	(تو) کہتے ہیں ہرگز نہیں ہم مانیں گے یہاں تک کہ
نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ	ہمیں دیا جائے اسکی مثل جو دیا گیا
رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ	اللہ کے رسولوں کو، اللہ کو خوب معلوم ہے
حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ	جہاں وہ رکھے اپنی رسالت، عنقریب پہنچے گی
الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ	اُن لوگوں کو جنھوں نے جرم کیے ذلت
عِنْدَ اللّٰهِ وَ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ	اللہ کے ہاں اور سخت عذاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ : فی الحال، فی الوقت، فی الفور۔	يَشْعُرُوْنَ : باشعور، عقل وشعور، شعوری طور پر۔
كُلِّ : کل نمبر، کلی طور پر، بالکل۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔	نُّؤْمِنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
مُجْرِمِيْهَا، اَجْرَمُوْا : جرم، مجرم۔	حَتّٰى : حتی الامکان، حتی الوسع، حتی کہ۔
لِيَمْكُرُوْا : مکروفریب، مکار۔	مِثْلَ : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بِاَنْفُسِهِمْ : نفسا نفسی، نفسانی، نفسیات۔	عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ ❶	اَكٰبِرَ	مُجْرِمِيْهَا
اور اسی طرح	ہم نے بنا دیا	ہر بستی میں	بڑے (لوگوں) کو	جرائم کرنیوالے اس (بستی) کے

لِيَمْكُرُوْا	فِيْهَا ط	وَ مَا ❷	يَمْكُرُوْنَ	اِلَّا	بِاَنْفُسِهِمْ
تاکہ وہ سب مکر وفریب کریں	اس میں	اور نہیں	وہ سب مکر وفریب کرتے	مگر	اپنے نفسوں سے

وَ مَا	يَشْعُرُوْنَ (123)	وَ اِذَا	جَآءَتْهُمْ ❸	اٰيَةٌ ❶	قَالُوْا
اور نہیں	وہ سب شعور رکھتے	اور جب	آئے ان کے پاس	کوئی نشانی	(تو) سب کہتے ہیں

لَنْ	نُّؤْمِنَ	حَتّٰى	نُؤْتٰى	مِثْلَ مَآ	اُوْتِيَ ❹
ہرگز نہیں	ہم مانیں گے	یہاں تک کہ	ہمیں دیا جائے	(اسکی) مثل جو	دیا گیا

رُسُلُ اللّٰهِ ط	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ ❺	حَيْثُ	يَجْعَلُ
اللہ کے رسولوں کو	اللہ	خوب جانتا ہے	جہاں	وہ رکھے

رِسَالَتَهٗ ط	سَيُصِيْبُ ❻	الَّذِيْنَ	اَجْرَمُوْا
اپنی رسالت	عنقریب پہنچے گی	اُن لوگوں کو جن	سب نے جرم کیے

صَغَارٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌۢ
ذلت	اللہ کے پاس	اور	عذاب	سخت

ضروری وضاحت

❶ ةٍ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہے تو اس مَا کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❺ اَعْلَمُ میں "اَ" صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کرتا ہے، اس لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔ ❻ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿124﴾	اس وجہ سے جو تھے وہ مکروفریب کرتے۔ ﴿124﴾
فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ	پھر جسے اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہدایت دے اُسے
يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ	(تو) کھول دیتا ہے اُس کا سینہ اسلام کے لیے
وَ مَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ	اور جسے وہ چاہتا ہے کہ گمراہ کردے اُسے (تو)
يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا	کردیتا ہے اس کے سینے کو تنگ، بہت گھٹا ہوا
كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ	گویا کہ وہ چڑھ رہا ہے آسمان میں،
كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ	اسی طرح ڈالتا ہے اللہ گندگی کو
عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿125﴾	اُن لوگوں پر جو نہیں ایمان لاتے۔ ﴿125﴾
وَ هٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ	اور یہ آپ کے رب کا راستہ ہے سیدھا
قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ	بلاشبہ ہم نے کھول کر بیان کردی ہیں آیات
لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿126﴾	(اس) قوم کے لیے (جو کہ) نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ ﴿126﴾
لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ	اُن کے لیے سلامتی کا گھر ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَمْكُرُوْنَ : مکروفریب، مکار۔	عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يُّرِدِ : ارادہ، مرید، مراد۔	يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
يَّهْدِيَهٗ : ہادی، ہدایت، مہدی۔	هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا۔
يَشْرَحْ : شرح صدر، انشراح صدر، تشریح۔	صِرَاطُ : پل صراط، صراط مستقیم۔
صَدْرَهٗ : شقِ صدر، صدر مقام، صدرِ مملکت۔	مُسْتَقِيْمًا : خط مستقیم، استقامت۔
ضَيِّقًا : ضیق النفس، مضائقہ۔	فَصَّلْنَا : مفصل، تفصیل، تفصیلات۔
حَرَجًا : حرج کی بات، کوئی حرج نہیں۔	دَارُ : دارالخلافہ، دارالحکومت، دارارقم۔

بِمَا	كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ❶ (124)	فَمَنْ	يُّرِدِ ❷	اللّٰهُ
اس وجہ سے جو	تھے وہ سب مکر و فریب کرتے	پھر جسے	چاہتا ہے	اللہ تعالیٰ

اَنْ	يَّهْدِيَهٗ	يَشْرَحْ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ	وَ مَنْ
کہ	وہ ہدایت دے اُسے (تو)	وہ کھول دیتا ہے	اُس کا سینہ	اسلام کے لیے	اور جسے

يُّرِدْ	اَنْ يُّضِلَّهٗ	يَجْعَلْ	صَدْرَهٗ	ضَيِّقًا	حَرَجًا
وہ چاہتا ہے	کہ وہ گمراہ کردے اُسے	(تو) وہ کر دیتا ہے	اس کے سینے کو	تنگ	بہت گھٹا ہوا

كَاَنَّمَا ❸	يَصَّعَّدُ	فِي السَّمَآءِ ؕ	كَذٰلِكَ
گویا کہ	وہ چڑھ رہا ہے	آسمان میں	اسی طرح

يَجْعَلُ اللّٰهُ ❷	الرِّجْسَ	عَلَى الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❹ (125)
ڈالتا ہے اللہ	گندگی کو	اُن لوگوں پر جو	نہیں وہ سب ایمان لاتے

وَ	هٰذَا	صِرَاطُ	رَبِّكَ	مُسْتَقِيْمًا ؕ	قَدْ ❺	فَصَّلْنَا ❻
اور	یہ	راستہ ہے	آپ کے رب کا	سیدھا	بلاشبہ	ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں

الْاٰيٰتِ ❼	لِقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ ❷ (126)	لَهُمْ	دَارُ	السَّلٰمِ
آیات	(اس) قوم کے لیے	(جو) سب نصیحت حاصل کرتے ہیں	اُن کے لیے	گھر ہے	سلامتی کا

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ كَاَنَّ کا ترجمہ گویا کہ ہوتا ہے، اگر اسی کے ساتھ مَا لگ جائے تو اس میں "گویا کہ یوں ہی ہے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد اگر فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❻ نَا سے پہلے جزم ہو تو اس کا ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❼ علامت ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَ هُوَ وَلِيُّهُمۡ	اُن کے رب کے پاس اور وہ اُن کا دوست ہے
بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿127﴾	اس وجہ سے جو وہ اعمال کرتے تھے۔ ﴿127﴾
وَ يَوۡمَ يَحۡشُرُهُمۡ جَمِيۡعًا ۚ	اور جس دن وہ اکٹھا کرے گا اُن سب کو
يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ قَدِ	(تو کہے گا) اے جنوں کے گروہ! یقیناً
اسۡتَكۡثَرۡتُمۡ مِّنَ الۡاِنۡسِ ۚ	تم نے بہت زیادہ (گمراہ) کیے ہیں انسانوں میں سے
وَ قَالَ اَوۡلِيٰٓؤُهُمۡ مِّنَ الۡاِنۡسِ	اور کہیں گے اُن کے دوست انسانوں میں سے
رَبَّنَا اسۡتَمۡتَعَ بَعۡضُنَا	اے ہمارے رب! فائدہ اٹھایا ہم میں سے بعض نے
بِبَعۡضٍ وَّ بَلَغۡنَاۤ اَجَلَنَا	بعض سے اور ہم پہنچ گئے اپنے اس وقت کو
الَّذِىۡۤ اَجَّلۡتَ لَنَا ؕ	جو تو نے مقرر کیا تھا ہمارے لیے
قَالَ النَّارُ مَثۡوٰٮكُمۡ	(اللہ) فرمائے گا آگ (ہی) تمہارا ٹھکانا ہے،
خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں مگر جو اللہ چاہے گا
اِنَّ رَبَّكَ حَكِيۡمٌ عَلِيۡمٌ ﴿128﴾	بیشک آپ کا رب خوب حکمت والا، خوب علم والا ہے۔ ﴿128﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عِنۡدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

وَلِيُّهُمۡ، اَوۡلِيٰٓؤُ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔

يَعۡمَلُوۡنَ : عمل، معمول، تعمیل۔

يَوۡمَ : یوم، یوم آزادی، یوم پاکستان، ایام۔

يَحۡشُرُهُمۡ : حشر، روزِ محشر۔

جَمِيۡعًا : جمع، جمیع، جماعت، اجتماع۔

اسۡتَكۡثَرۡتُمۡ : کثیر، اکثر، اکثریت، کثرت۔

قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔

مِّنَ : منجانب، من جملہ، من وعن۔

اسۡتَمۡتَعَ : مال و متاع، متاع کارواں۔

بَلَغۡنَاۤ : ابلاغ، بالغ، بلوغت۔

اَجَلَنَا، اَجَّلۡتَ : اجل مقرر، مہر مؤجل۔

خٰلِدِيۡنَ : خالد، خلدِ بریں۔

حَكِيۡمٌ : حکیم، حکمت، حکیم الامت۔

عِنْدَ رَبِّهِمْ	وَ هُوَ	وَلِيُّهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❶ (127)
اُنکے رب کے پاس	اور وہ	اُنکا دوست ہے	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب عمل کرتے

وَ يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا ج	يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ ❷	قَدِ ❸
اور جس دن	وہ اکٹھا کرے گا اُنہیں	سب کو (تو کہے گا)	اے جنوں کے گروہ!	یقیناً

اسْتَكْثَرْتُمْ ❹	مِّنَ الْاِنْسِ ج	وَ قَالَ	اَوْلِيٰٓؤُهُمْ
تم نے بہت زیادہ (گمراہ) کرنا چاہا	انسانوں میں سے	اور کہیں گے	اُن کے دوست

مِّنَ الْاِنْسِ	رَبَّنَا	اسْتَمْتَعَ ❹	بَعْضُنَا	بِبَعْضٍ
انسانوں میں سے	اے ہمارے رب!	فائدہ حاصل کیا	ہم میں سے بعض نے	بعض سے

وَّ بَلَغْنَآ	اَجَلَنَا	الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ	لَنَا ❺ ط	قَالَ
اور ہم پہنچ گئے	اپنے (اس) وقت کو	جو تو نے مقرر کیا تھا	ہمارے لیے	(اللہ) فرمائے گا

النَّارُ	مَثْوٰىكُمْ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اِلَّا مَا
آگ ہی	تمہارا ٹھکانا ہے	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	مگر جو

شَآءَ اللّٰهُ ط	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ ❻	عَلِيْمٌ ❻ (128)
چاہے اللہ	بیشک	آپ کا رب	خوب حکمت والا	خوب علم والا ہے

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ قرآن مجید میں بہت سی جگہ "ا" کی بجائے کھڑی زبر کا استعمال ہوا ہے، یہاں بھی یَامَعْشَرَ الْجِنِّ تھا جسے کھڑی زبر کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ ❸ قَدْ تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں علامت استـ میں طلب اور چاہت کا مفہوم ہوتا ہے، اس سے مراد فائدہ چاہا ہے۔ ❺ لَنَا میں لَ اصل میں لِ تھا جسکا ترجمہ لیے ہوتا تھا، نَا کے ساتھ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے

وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ	اور اسی طرح ہم مسلط کر دیتے ہیں بعض ظالموں کو
ع 15/8/2 بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ع ﴿129﴾	بعض پر اس وجہ سے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ع ﴿129﴾
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ	اے جنوں اور انسانوں کے گروہ!
اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ	کیا نہیں آئے تمہارے پاس رسول تم میں سے
يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ	(جو) بیان کرتے تھے تم پر میری آیتیں
وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ	اور ڈراتے تھے تمہیں تمہارے اس دن کی ملاقات سے
قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا	وہ کہیں گے ہم گواہی دیتے ہیں اپنے آپ پر
وَ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اور دھوکہ دیا انہیں دنیوی زندگی نے
وَ شَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	اور وہ گواہی دیں گے اپنے نفسوں کے خلاف
اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿130﴾	کہ بیشک وہ کافر تھے۔ ﴿130﴾
ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ	یہ (اس لیے) کہ نہیں ہے آپ کا رب
مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ	ہلاک کرنے والا بستیوں کو ظلم کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، کسبی۔
رُسُلٌ : رسول، مرسل، رسالت۔
مِّنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
يَقُصُّوْنَ : قصہ گوئی، قصہ کہانی۔
غَرَّتْهُمُ : غرور، مغرور۔

لِقَآءَ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
يَوْمِكُمْ : یوم، یوم آزادی، یوم پاکستان، ایام۔
هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہذا۔
الْحَيٰوةُ : حیات بعد الموت، حیات جاودانی۔
اَنْفُسِنَا : نفسا نفسی، نفسیات۔
شَهِدْنَا، شَهِدُوْا : شاہد، شہید، شہادت۔
مُهْلِكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک ہتھیار۔

ع 15 / 8 / 2

وَ كَذٰلِكَ	نُوَلِّيْ	بَعْضَ	الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضًا	بِمَا
اور اسی طرح	ہم مسلط کر دیتے ہیں	بعض	ظالموں کو	بعض پر	اس وجہ سے جو

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ❶ ع (129)	يٰمَعْشَرَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اَلَمْ
تھے وہ سب کمایا کرتے	اے گروہ!	جنوں کے	اور انسانوں کے	کیا نہیں

يَاْتِكُمْ ❷	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ
آئے تمہارے پاس	رسول	تم میں سے	وہ سب بیان کرتے تھے	تم پر	میری آیتیں

وَ	يُنْذِرُوْنَكُمْ	لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ هٰذَا ط	قَالُوْا
اور	وہ سب ڈراتے تھے تمہیں	ملاقات (سے)	تمہارے اس دن کی	وہ سب کہیں گے

شَهِدْنَا	عَلٰٓى اَنْفُسِنَا	وَ غَرَّتْهُمُ ❸	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ❸	وَ
ہم گواہی دیتے ہیں	اپنے آپ پر	اور دھوکہ دیا انہیں	دنیوی زندگی نے	اور

شَهِدُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ❹	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ❺ (130)	ذٰلِكَ ❻
وہ سب گواہی دینگے	اپنے نفسوں کے خلاف	کہ بیشک وہ	تھے سب کفر کرنیوالے	یہ (اس لیے)

اَنْ لَّمْ	يَكُنْ ❷	رَّبُّكَ	مُهْلِكَ ❼	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ
کہ نہیں	ہے	آپ کا رب	ہلاک کرنے والا	بستیوں کو	ظلم کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ علامت تْ اور ةُ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ عَلٰى کا اصل ترجمہ پر ہوتا ہے کبھی اس کا ترجمہ کے خلاف بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❺ علامت وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❻ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔ ❼ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿131﴾	اس حال میں کہ اس کے باشندے بے خبر ہوں۔ ﴿131﴾
وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا	اور ہر ایک کے لیے (مختلف) درجے ہیں (اس وجہ) سے جو
عَمِلُوْا ؕ وَ مَا رَبُّكَ	انھوں نے عمل کیے اور نہیں ہے آپ کا رب
بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿132﴾	بے خبر اس سے جو وہ کر رہے ہیں۔ ﴿132﴾
وَ رَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ	اور آپ کا رب ہی بے پروا، رحمت والا ہے
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ	اگر وہ چاہے لے جائے تمھیں
وَ يَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ	اور جانشین بنا دے تمھارے بعد
مَّا يَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ	جسے چاہے جیسا کہ اُس نے پیدا کیا تمھیں
مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿133﴾ ؕ	دوسرے لوگوں کی اولاد سے۔ ﴿133﴾
اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ	بیشک جس (چیز) کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے
لَاٰتٍ ۙ وَّ مَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿134﴾	ضرور آنیوالی ہے اور نہیں ہو تم عاجز کر دینے والے۔ ﴿134﴾
قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا	کہہ دیجیے اے میری قوم! تم عمل کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَهْلُهَا : اہل وعیال، اہلیہ، اہل خانہ۔
غٰفِلُوْنَ، بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ/ ماحول، ماتحت۔
عَمِلُوْا : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
الْغَنِيُّ : غنی و بے پروا۔
ذُو : ذوالجلال، ذوالجناح، ذواضعاف اقل۔
يَّشَاْ : مشیت، ان شاء اللہ۔

يَسْتَخْلِفْ : خلیفہ، خلافت، خلف الرشید، نا خلف۔
كَمَاۤ : کما حقہ۔
اَنْشَاَكُمْ : نشو و نما۔
ذُرِّيَّةِ : ذریتِ آدم۔
تُوْعَدُوْنَ : وعدہ، وعید۔
بِمُعْجِزِيْنَ : عاجز آنا، معجزہ۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔

وَ اَهْلُهَا	غٰفِلُوْنَ ﴿131﴾	وَ لِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ ❶	مِّمَّا ❷
اس حال میں کہ اسکے باشندے	سب بے خبر ہوں	اور ہر ایک کے لیے	درجے ہیں	اس وجہ سے جو

عَمِلُوْا	وَ مَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ ❸	عَمَّا ❹	يَعْمَلُوْنَ ﴿132﴾
ان سب نے عمل کیے	اور نہیں ہے	آپ کا رب	بے خبر	اس سے جو	وہ سب کر رہے ہیں

وَ رَبُّكَ	الْغَنِيُّ	ذُو الرَّحْمَةِ ❶ ط	اِنْ	يَّشَاْ
اور آپ کا رب (ہی)	بے پروا	رحمت والا ہے	اگر	وہ چاہے

يُذْهِبْكُمْ	وَ يَسْتَخْلِفْ	مِنْۢ بَعْدِكُمْ ❺	مَّا
وہ لے جائے تمہیں	اور وہ جانشین بنا دے	تمہارے بعد	جسے

يَشَآءُ	كَمَآ	اَنْشَاَكُمْ ❻	مِّنْ ذُرِّيَّةِ ❶	قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ❼ ﴿133﴾
وہ چاہے	جس طرح	اُس نے پیدا کیا تمہیں	اولاد سے	دوسرے لوگوں کی

اِنَّ مَا	تُوْعَدُوْنَ	لَاٰتٍ	وَّ مَآ	اَنْتُمْ
بیشک جس (چیز) کا	تم سب سے وعدہ کیا جا رہا ہے	ضرور آنے والی ہے	اور نہیں (ہو)	تم

بِمُعْجِزِيْنَ ❸ ﴿134﴾	قُلْ	يٰقَوْمِ ❽	اعْمَلُوْا
سب عاجز کر دینے والے	کہہ دیجیے	اے میری قوم!	تم سب عمل کرو

ضروری وضاحت

❶ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں بِ آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❺ مِنْ کے بعد اگر لفظ بَعْدِ موجود ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❻ یہاں "أ" فعل کے معنیٰ میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❼ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❽ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ تھا تخفیف کے لیے ی گر گئی ہے۔

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ	اپنی جگہ پر (اور) بیشک میں (بھی) عمل کرنیوالا ہوں
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ	تو عنقریب تم جان لوگے (اُسے) جو (کہ) ہے
لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ	اُس کے لیے اس گھر کا (اچھا) انجام
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿135﴾	یہ یقینی بات ہے کہ ظالم (کبھی) فلاح نہیں پاتے۔ ﴿135﴾
وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا	اور انہوں نے مقرر کیا ہے اللہ کے لیے اس سے جو
ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا	اس نے پیدا کیا ہے کھیتی اور چوپاؤں سے حصہ،
فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ	پھر انہوں نے کہا یہ اللہ کے لیے ہے
بِزَعْمِهِمْ	اُن کے خیال سے
وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ	اور یہ ہمارے شریکوں کے لیے ہے
فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ	پھر جو (حصہ) ہے اُن کے شرکاء (دیوتاؤں) کا
فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ	تو نہیں وہ پہنچتا اللہ کی طرف
وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ	اور جو (حصہ) ہے اللہ کا تو وہ پہنچ جاتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَكَانَتِكُمْ : زمان و مکان، مکانات۔

عَامِلٌ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔

عَاقِبَةُ : عاقبت نااندیش، عقوبت خانہ۔

الدَّارِ : دارالخلافہ، دارالسلام، دیارِ غیر۔

يُفْلِحُ : فوز و فلاح، فلاحی ادارے، فلاحی کام۔

مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ / ماحول، ماتحت۔

نَصِيْبًا : نصیب اپنا اپنا۔

فَقَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔

هٰذَا : ہٰذا من فضل ربی، لہٰذا۔

بِزَعْمِهِمْ : زعمِ باطل۔

لِشُرَكَآئِنَا : شریک، شرکاء، مشرک۔

فَلَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔

يَصِلُ : وصل، وصول، موصول، وصال۔

اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنِّىْ	عَامِلٌ ❶	فَسَوْفَ ❷	تَعْلَمُوْنَ
اپنی جگہ پر (اور)	بیشک میں (بھی)	عمل کرنیوالا ہوں	تو عنقریب	تم سب جان لوگے

مَنْ تَكُوْنُ ❸	لَهٗ	عَاقِبَةُ ❸	الدَّارِ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ ❹
(اُسے) جو (کہ) ہے	اُس کے لیے	(اچھا) انجام	گھر کا	یہ یقینی بات ہے کہ	نہیں فلاح پاتے

الظّٰلِمُوْنَ (135)	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	مِمَّا ❺
سب ظلم کرنیوالے	اور	ان سب نے مقرر کیا ہے	اللہ کے لیے	اس سے جو

ذَرَاَ	مِنَ الْحَرْثِ	وَ الْاَنْعَامِ	نَصِيْبًا	فَقَالُوْا
اس نے پیدا کیا ہے	کھیتی سے	اور چوپاؤں (سے)	حصہ	پھر ان سب نے کہا

هٰذَا	لِلّٰهِ	بِزَعْمِهِمْ	وَ هٰذَا	لِشُرَكَآئِنَا
یہ	اللہ کے لیے ہے	اُنکے خیال سے	اور یہ	ہمارے شریکوں کے لیے ہے

فَمَا	كَانَ ❻	لِشُرَكَآئِهِمْ ❼	فَلَا	يَصِلُ	اِلَى اللّٰهِ
پھر جو	(حصہ) ہے	اُن کے شریکوں کا	تو نہیں	وہ پہنچتا	اللہ تک

وَ	مَا	كَانَ ❻	لِلّٰهِ	فَهُوَ يَصِلُ ❽
اور	جو (حصہ)	ہے	اللہ کا	تو وہ پہنچ جاتا ہے

ضروری وضاحت

❶ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔❷ سَوْفَ جب فعل کے شروع میں ہو تو وہ اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔❸ تَ اور ةَ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❺ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔❻ كَانَ کا ترجمہ کبھی ہے اور کبھی تھا بھی کیا جاتا ہے۔❼ علامت هُمْ یا هِمْ اسم کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ: اُن کا، اُنکی، اُنکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❽ علامت هُوَ اور "يَ" دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔

اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ	اُن کے شریکوں (دیوتاؤں) کی طرف،
سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿136﴾	برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ ﴿136﴾
وَ كَذٰلِكَ زَيَّنَ	اور اسی طرح مزین بنا دیا
لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ	بہت سے مشرکوں کے لیے
قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ	اپنی اولاد کو قتل کرنا اُن کے شریکوں نے
لِيُرْدُوْهُمْ وَ لِيَلْبِسُوْا	تاکہ وہ ہلاک کر دیں انہیں اور تاکہ وہ خلط ملط کر دیں
عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ	اُن پر اُن کا دین، اور اگر اللہ چاہتا
مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ	(تو) نہ کرتے وہ اسے، پس چھوڑ دو اُنہیں
وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿137﴾	اور جو وہ جھوٹ باندھتے ہیں۔ ﴿137﴾
وَ قَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ	اور انہوں نے کہا یہ چوپائے اور کھیتی
حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا	ممنوع ہے نہیں کھا سکتا اُسے (کوئی) مگر
مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ	جسے ہم چاہیں گے اپنے خیال سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شُرَكَآئِهِمْ : شرک، شریک، شرکاء، مشرک۔

سَآءَ : علمائے سوء، سوءِ حفظ۔

يَحْكُمُوْنَ : حاکم، حکومت، محکوم۔

زَيَّنَ : زین، مزین، زینت۔

لِكَثِيْرٍ : کثیر، کثرت، اکثریت۔

قَتْلَ : قتل، قاتل، مقتول۔

اَوْلَادِهِمْ : ولد، اولاد، مولود۔

عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

شَآءَ : مشیتِ الٰہی، ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔

فَعَلُوْهُ : فعل، فاعل، مفعول۔

يَفْتَرُوْنَ : کذب وافترا، مفتری۔

هٰذِهٖٓ : ہذا من فضل ربی، لہٰذا۔

يَطْعَمُهَآ : قیام وطعام، طعام کمیٹی۔

بِزَعْمِهِمْ : زعم باطل، اپنے زعم میں پھرنا۔

اِلٰى شُرَكَآىِٕهِمْ ؕ ❶	سَآءَ	مَا	يَحْكُمُوْنَ (136)
اُن کے شریکوں (دیوتاؤں) تک	برا ہے	جو	وہ سب فیصلہ کرتے ہیں

وَ	كَذٰلِكَ	زَيَّنَ ❷	لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ
اور	اسی طرح	مزین بنا دیا	بہت سے مشرکوں کے لیے

قَتْلَ	اَوْلَادِهِمْ ❶	شُرَكَآؤُهُمْ ❶	لِيُرْدُوْهُمْ ❸❹
قتل کرنا	اپنی اولاد کو	اُن کے شریکوں نے	تاکہ وہ سب ہلاک کردیں اُنہیں

وَ لِيَلْبِسُوْا ❹	عَلَيْهِمْ	دِيْنَهُمْ ؕ ❶	وَ لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
اور تاکہ وہ سب خلط ملط کردیں	اُن پر	اُن کا دین	اور اگر	اللہ چاہتا (تو)

مَا فَعَلُوْهُ ❸	فَذَرْهُمْ ❺	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ (137)
نہ وہ سب کرتے اسے	پس چھوڑ دو اُنہیں	اور جو	وہ سب جھوٹ باندھتے ہیں

وَ	قَالُوْا	هٰذِهٖۤ	اَنْعَامٌ	وَّ حَرْثٌ	حِجْرٌ ۖ ق
اور	ان سب نے کہا	یہ	چوپائے	اور کھیتی	ممنوع ہے

لَّا	يَطْعَمُهَآ ❻	اِلَّا	مَنْ	نَّشَآءُ	بِزَعْمِهِمْ ❶
نہیں	کھا سکتا اُسے کوئی	مگر	جسے	ہم چاہیں گے	اپنے خیال سے

ضروری وضاحت

❶ علامت هُمْ یا هِمْ اسم کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ: اُن کا، اُنکی، اُنکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ فعل کے درمیان شد میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آجائے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❹ "لِ" اگر فعل کے شروع میں ہو تو ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے اور اگر اسم کے شروع میں ہو تو ترجمہ لیے کیا جاتا ہے۔ ❺ علامت هُمْ فعل کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا	اور کچھ چوپائے ہیں حرام کی گئی ہیں اُن کی پیٹھیں
وَ اَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ	اور کچھ چوپائے ہیں (کہ) نہیں وہ ذکر کرتے
اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً	اللہ کے نام کا اُن پر جھوٹ باندھتے ہوئے
عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ	اُس پر، عنقریب وہ سزا دے گا انہیں
بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿138﴾	اس وجہ سے جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿138﴾
وَ قَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ	اور انہوں نے کہا جو پیٹوں میں ہے اِن چوپایوں کے
خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا	(وہ) خالص ہے (صرف) ہمارے مردوں کے لیے
وَ مُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ	اور حرام کیا ہوا ہے ہماری بیویوں پر اور اگر ہو وہ
مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ	مردہ تو وہ سب (مرد و عورتیں) اس میں شریک ہیں،
سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ	عنقریب وہ بدلہ دے گا اُنہیں اُنکے (اس) بیان کا،
اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿139﴾	بیشک وہ بہت حکمت والا، خوب علم والا ہے۔ ﴿139﴾
قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ	یقیناً خسارہ اٹھایا اُن لوگوں نے جنہوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حُرِّمَتْ، مُحَرَّمٌ : حلال وحرام، حلت وحرمت۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
يَذْكُرُوْنَ : ذکر، اذکار، مذکور، تذکرہ۔	لِّذُكُوْرِنَا : مذکرو مؤنث، تذکیروتانیث۔
اسْمَ : اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	اَزْوَاجِنَا : زوج، زوجہ، ازواج مطہرات۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
افْتِرَآءً : کذب وافترا، مفتری۔	وَصْفَهُمْ : وصف، اوصاف، موصوف۔
سَيَجْزِيْهِمْ : جزاوسزا، جزائے خیر۔	عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔	خَسِرَ : خائب وخاسر، خسارہ۔

وَ اَنْعَامٌ ❶	حُرِّمَتْ ❷	ظُهُوْرُهَا	وَ اَنْعَامٌ ❶	لَّا
اور کچھ چوپائے ہیں	حرام کی گئی ہیں	اُن کی پیٹھیں	اور کچھ چوپائے ہیں (کہ)	نہیں

یَذْكُرُوْنَ	اسْمَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	افْتِرَآءً	عَلَيْهِ ؕ
وہ سب ذکر کرتے	اللہ کا نام	اُن پر	جھوٹ باندھتے ہوئے	اُس پر

سَيَجْزِيْهِمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ❸ (138)	وَ قَالُوْا
عنقریب وہ سزا دے گا انہیں	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب جھوٹ باندھتے	اور ان سب نے کہا

مَا	فِيْ بُطُوْنِ	هٰذِهِ الْاَنْعَامِ ❶	خَالِصَةٌ ❹	لِّذُكُوْرِنَا
جو	پیٹوں میں (ہے)	ان چوپایوں کے	(وہ) خالص ہے	ہمارے مردوں کے لیے

وَ مُحَرَّمٌ ❺	عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ❻ ج	وَ اِنْ	يَّكُنْ	مَّيْتَةً ❹
اور حرام کیا ہوا ہے	ہماری بیویوں پر	اور اگر	وہ ہو	مردہ

فَهُمْ	فِيْهِ	شُرَكَآءُ ؕ	سَيَجْزِيْهِمْ	وَصْفَهُمْ ؕ
تو وہ سب	اس میں	شریک ہیں	عنقریب وہ سزا دے گا اُنہیں	اُنکے (اس) بیان کی

اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ ❼	عَلِيْمٌ ❼ (139)	قَدْ خَسِرَ	الَّذِيْنَ
بیشک وہ	بہت حکمت والا	خوب علم والا ہے	یقیناً خسارہ اٹھایا	اُن لوگوں نے جن

ضروری وضاحت

❶ اَنْعَامٌ "نَعَمٌ" کی جمع ہے، جسکا اصل ترجمہ اونٹ ہوتا ہے، البتہ یہ لفظ بھیڑ بکری اور گائے پر بھی بولا جاتا ہے۔
❷ تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❸ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
❹ ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔
❻ اَزْوَاجٌ زَوْجٌ کی جمع ہے، اس کا اصل ترجمہ جوڑا ہے۔❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ	قتل کیا اپنی اولاد کو بے وقوفی سے بغیر علم کے
وَّ حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ	اور انہوں نے حرام ٹھہرایا (اُسے) جو رزق دیا انہیں اللہ نے
افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا	جھوٹ باندھتے ہوئے اللہ پر، یقیناً وہ گمراہ ہوگئے
وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿140﴾ ع	اور نہ ہوئے ہدایت پانے والے۔ ﴿140﴾
وَ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ	اور (اللہ) وہی ہے جس نے باغات پیدا کیے
مَّعْرُوْشٰتٍ وَّ غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ	چھتریوں پر چڑھائے ہوئے اور نہ چڑھائے ہوئے
وَّ النَّخْلَ وَ الزَّرْعَ مُخْتَلِفًا	اور کھجور (کے درخت) اور کھیتی، مختلف ہیں
اُكُلُهٗ وَ الزَّيْتُوْنَ وَ الرُّمَّانَ	اسکے پھل (ذائقے میں) اور زیتون اور انار (بھی پیدا کیا)
مُتَشَابِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ	ملتے جلتے اور نہ ملتے جلتے
كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ	کھاؤ اس کے پھل سے جب وہ پھل دے
وَ اٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ	اور دو اس کا حق، اس کی کٹائی کے دن
وَ لَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ	اور نہ اسراف کرو، بیشک وہ

ع 16 11 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَتَلُوْٓا : قتل، قاتل، مقتول۔	اَنْشَاَ : نشوونما۔
عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	النَّخْلَ : نخلستان (کھجوروں کا علاقہ)
حَرَّمُوْا : حلال وحرام، حلت وحرمت۔	الزَّرْعَ : زراعت، زرعی اراضی۔
رَزَقَهُمْ : رزق، رزاق۔	اُكُلُهٗ، كُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
افْتِرَآءً : کذب وافترا، مفتری۔	مُتَشَابِهًا، مُتَشَابِهٍ : مشابہ، تشبیہ، مشابہت۔
ضَلُّوْا : ضلالت۔ (گمراہی)	ثَمَرِ، اَثْمَرَ : ثمر، ثمرہ۔
مُهْتَدِيْنَ : ہادی، ہدایت، مہدی۔	تُسْرِفُوْا : اسراف (فضول خرچی)۔

قَتَلُوْٓا	اَوْلَادَهُمْ ❶	سَفَهًا	بِغَيْرِ عِلْمٍ ❷	وَّ حَرَّمُوْا
سب نے قتل کیا	اپنی اولاد کو	بے وقوفی سے	علم کے بغیر	اور اُن سب نے حرام ٹھہرایا

مَا	رَزَقَهُمُ اللّٰهُ	افْتِرَآءً	عَلَى اللّٰهِ ؕ	قَدْ ضَلُّوْا
(اُسے) جو	رزق دیا انہیں اللہ نے	جھوٹ باندھتے ہوئے	اللہ پر	یقیناً وہ سب گمراہ ہو گئے

ع 16 الرکوع 11 3

وَ مَا	كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ❸ ۧ (140)	وَ هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	جَنّٰتٍ ❹
اور نہ	ہوئے سب ہدایت پانے والے	اور (اللہ) وہی ہے	جس نے	پیدا کیے	باغات

مَّعْرُوْشٰتٍ ❹	وَّ غَيْرَ	مَعْرُوْشٰتٍ ❹	وَّالنَّخْلَ	وَ الزَّرْعَ
(چھتریوں پر) چڑھائے ہوئے	اور نہ	چڑھائے ہوئے	اور کھجور (کے درخت)	اور کھیتی

مُخْتَلِفًا	اُكُلُهٗ ❺	وَ الزَّيْتُوْنَ	وَ الرُّمَّانَ	مُتَشَابِهًا ❻
مختلف ہیں	اسکے پھل	اور زیتون	اور انار (بھی پیدا کیے)	مشابہت رکھنے والے

وَّغَيْرَ	مُتَشَابِهٍ ❻ ؕ	كُلُوْا	مِنْ ثَمَرِهٖٓ ❺	اِذَآ اَثْمَرَ
اور نہ	مشابہت رکھنے والے	تم سب کھاؤ	اس کے پھل سے	جب وہ پھل دے

وَ اٰتُوْا	حَقَّهٗ ❺	يَوْمَ حَصَادِهٖ ❺	وَ	لَا تُسْرِفُوْا ❼ ؕ	اِنَّهٗ
اور تم سب دو	اس کا حق	اس کی کٹائی کے دن	اور	نہ تم سب اسراف کرو	بیشک وہ

ضروری وضاحت

❶ هُمْ اسم کے آخر میں ہوتو اس کا ترجمہ اُن کا، اُنکی، اُنکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ وْا اور یْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❹ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ علامت "ہٗ اور ہٖ" کا ترجمہ اُس کا، اس کی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❻ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہوتو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۙ﴿141﴾	اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔﴿141﴾
وَ مِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً	اور (پیدا کیے) چوپاؤں میں سے کچھ بوجھ اٹھانیوالے
وَّ فَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا	اور کچھ زمین سے لگے ہوئے، کھاؤ اس سے جو
رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَ لَا تَتَّبِعُوْا	رزق دیا تمہیں اللہ نے اور مت تم پیروی کرو
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ	شیطان کے قدموں کی
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿142﴾	بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔﴿142﴾
ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ	آٹھ قسمیں (پیدا کیں)، بھیڑ میں سے دو
وَ مِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ	اور بکری میں سے دو
قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ	کہو کیا دونوں نر اس (اللہ) نے حرام کیے ہیں؟
اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ	یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) کہ مشتمل ہیں اس پر
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّـُٔوْنِيْ	دونوں ماداؤں کے رحم؟ خبر دو مجھے
بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۙ﴿143﴾	کسی علم کے ساتھ اگر ہو تم سچے۔﴿143﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔	مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طورہ پر۔
الْمُسْرِفِيْنَ : اسراف (فضول خرچی)۔	اثْنَيْنِ : ثانوی بورڈ، تعلیمی ثنویت، لاثانی۔
حَمُوْلَةً : حامل، حمل، حاملہ۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
كُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔	الذَّكَرَيْنِ : مذکر ومؤنث، تذکیر وتانیث۔
مِمَّا (مِنْ+ما) : منجانب، من جملہ/ ماحول، ماتحت۔	الْاُنْثَيَيْنِ : مؤنث، تانیث۔
تَتَّبِعُوْا : اتباع، متبع سنت۔	اشْتَمَلَتْ : شامل، بشمول، مشتمل، شمولیت۔
عَدُوٌّ : عداوت، عدو، اعداء۔	اَرْحَامُ : رحمِ مادر، صلہ رحمی، قطع رحمی۔

لَا يُحِبُّ ❶	الْمُسْرِفِيْنَ ﴿141﴾	وَ مِنَ الْاَنْعَامِ	حَمُوْلَةً ❷
نہیں پسند کرتا	اسراف کرنے والوں کو	اور (پیدا کیے) چوپاؤں میں سے	بوجھ اٹھانے والے

وَّ فَرْشًا ؕ	كُلُوْا ❸	مِمَّا ❹	رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	وَ
اور زمین سے لگے ہوئے	تم سب کھاؤ	اس سے جو	رزق دیا تمہیں اللہ نے	اور

لَا تَتَّبِعُوْا ❺	خُطُوٰتِ ❻ الشَّيْطٰنِ ؕ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿142﴾
مت تم سب پیروی کرو	شیطان کے قدموں کی	بیشک وہ	تمہارے لیے	کھلا دشمن ہے

ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ ۚ	مِنَ الضَّاْنِ	اثْنَيْنِ	وَ مِنَ الْمَعْزِ
(پیدا کیں) آٹھ	قسمیں	بھیڑ میں سے	دو	اور بکری میں سے

اثْنَيْنِ ؕ	قُلْ	ءٰ	الذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ
دو	آپ کہو	کیا	دونوں نر	اس نے حرام کیے ہیں	یا دونوں مادہ

اَمَّا	اشْتَمَلَتْ ❻	عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ ؕ
یا	وہ (بچہ کہ) مشتمل ہیں	اس پر	رحم	دونوں ماداؤں کے

نَبِّئُوْنِيْ ❼	بِعِلْمٍ ❽	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿143﴾
خبر دو مجھے	کسی علم کے ساتھ	اگر	ہو تم	سب سچے

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❸ یہ لفظ اَكَلَ سے بنا ہے شروع سے "اَ" کو گرایا گیا ہے۔ ❹ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ ات، تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ مِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ	اور اونٹوں میں سے دو
وَ مِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ	اور گائیوں میں سے دو
قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ	کہو کیا اس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ؟
اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	یا وہ (بچہ) کہ مشتمل ہیں اس پر دونوں ماداؤں کے رحم
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ	یا تھے تم حاضر جب وصیت کی تھی تمہیں اللہ نے
بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ	اس کی؟ پس کون بڑا ظالم ہے اس سے جو
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	باندھے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ
لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ	تا کہ وہ گمراہ کرے لوگوں کو بغیر علم کے،
ع 17/4/4 اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿144﴾	بیشک اللہ (زبردستی) نہیں ہدایت دیتا ظالم قوم کو۔ ﴿144﴾
قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ	کہہ دیجیے نہیں میں پاتا اس میں جو وحی کی گئی ہے
اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ	میری طرف، کسی چیز کو حرام کسی کھانے والے پر
يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً	(کہ) وہ کھائے اسے مگر یہ کہ وہ ہو مردار

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبَقَرِ : عید بقر، بقر منڈی۔
اثْنَيْنِ : ثانوی بورڈ، تعلیمی ثنویت، لاثانی۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
الذَّكَرَيْنِ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
الْاُنْثَيَيْنِ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
اشْتَمَلَتْ : مشتمل، شامل، شمولیت۔
اَرْحَامُ : رحمِ مادر، قطع رحمی، صلہ رحمی۔

وَصّٰىكُمُ : وصیت، وصیت نامہ۔
بِهٰذَا : ہٰذا من فضل ربی، لہٰذا، علیٰ ہٰذا القیاس۔
افْتَرٰى : کذب و افترا، مفتری، افترا پردازی۔
كَذِبًا : کذب، کاذب، کذاب، تکذیب۔
لِّيُضِلَّ : ضلالت (گمراہی)
يَهْدِي : ہادی، ہدایت، مہدی۔
اَجِدُ : وجود، موجود، موجودہ حالات۔

وَ	مِنَ الْاِبِلِ ❶	اثْنَيْنِ ❷	وَ	مِنَ الْبَقَرِ ❶	اثْنَيْنِ ❷ ط	قُلْ
اور	اونٹوں میں سے	دو	اور	گائیوں میں سے	دو	کہو

ءٰۤ	الذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ ❷	اَمَّا	اشْتَمَلَتْ ❸
کیا	دونوں نر	اس نے حرام کیے ہیں	یا دونوں مادہ	یا	وہ (بچہ کہ) مشتمل ہیں

عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ ط	اَمْ كُنْتُمْ	شُهَدَآءَ	اِذْ وَصّٰكُمُ
اس پر	رحم	دونوں ماداؤں کے	یا تھے تم	حاضر	جب وصیت کی تھی تمہیں

اللّٰهُ	بِهٰذَا ج	فَمَنْ	اَظْلَمُ ❹	مِمَّنِ ❺	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
اللہ نے	اس کی	پس کون	بڑا ظالم ہے	اس سے جو	باندھے	اللہ تعالیٰ پر

كَذِبًا	لِّيُضِلَّ	النَّاسَ	بِغَيْرِ عِلْمٍ ❻ ط	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِي ❼
جھوٹ	تا کہ وہ گمراہ کرے	لوگوں کو	علم کے بغیر	بیشک اللہ	نہیں ہدایت دیتا

ع 17 4 4

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ع (144)	قُلْ لَّآ	اَجِدُ	فِيْ مَآ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ ❽
سب ظلم کرنیوالے لوگوں کو	کہہ دیجیے نہیں	میں پاتا	(اس) میں جو	وحی کی گئی ہے	میری طرف

مُحَرَّمًا ❾	عَلٰى طَاعِمٍ ❾	يَّطْعَمُهٗٓ	اِلَّآ اَنْ	يَّكُوْنَ	مَيْتَةً ❸
کوئی حرام کیا ہوا	کسی کھانے والے پر	(کہ) وہ کھائے اُسے	مگر یہ کہ	وہ ہو	مردار

ضروری وضاحت

❶ اَلْاِبِلِ اور اَلْبَقَرِ سے پوری جنس مراد ہے، اس لیے ترجمہ اونٹوں اور گائیوں کیا گیا ہے۔ ❷ اِثْنَيْنِ کا ترجمہ دو ہے اور اگر کسی لفظ کے آخر میں يْنِ ہو تو اس کا ترجمہ بھی دو کیا جاتا ہے۔ ❸ ةَ اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "اَ" میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ مِمَّنْ دراصل مِنْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ❻ بِ کے ترجمے کی ضرورت ہے۔ ❼ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ اِلَيَّ دراصل اِلٰى + یْ کا مجموعہ ہے۔ ❾ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ	یا بہایا ہوا خون، یا سور کا گوشت
فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا	تو بیشک وہ ناپاک ہے، یا نافرمانی کا باعث ہو
اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ	(کہ) نام پکارا گیا ہو اس پر غیر اللہ کا، پھر جو مجبور کر دیا جائے
غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ	نہ بغاوت کرنے والا ہو اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہو
فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿145﴾	تو بیشک آپ کا رب بہت بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے ﴿145﴾
وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا	اور اُن لوگوں پر جو یہودی بن گئے
حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ	ہم نے حرام کر دیا ہے ہر (جانور) ناخن والا
وَ مِنَ الْبَقَرِ وَ الْغَنَمِ حَرَّمْنَا	اور گائیوں اور بکریوں میں سے ہم نے حرام کر دی ہیں
عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَاۤ اِلَّا مَا حَمَلَتْ	ان پر ان دونوں کی چربیاں مگر جو اٹھایا ہو
ظُهُوْرُهُمَاۤ اَوِ الْحَوَايَاۤ	ان دونوں کی پیٹھوں نے یا انتڑیوں نے
اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ	یا جو ملی ہو ہڈی کے ساتھ
ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ	یہ ہم نے سزا دی انہیں اُن کی سرکشی کی وجہ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَحْمَ	: لحمیات، لحیم شحیم۔	عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فِسْقًا	: فسق و فجور، فاسق و فاجر۔	حَرَّمْنَا	: حلال و حرام، حلت و حرمت۔
لِغَيْرِ	: غیر آباد، غیر منقسم، غیر مسلم۔	ذِيْ	: ذی وقار، ذی شان، ذی روح۔
اضْطُرَّ	: مضطر، اضطراری حالت۔	مِنَ	: منجانب، من جملہ، من و عن۔
بَاغٍ، بِبَغْيِهِمْ	: باغی، بغاوت۔	حَمَلَتْ	: حامل، محمول، اسقاطِ حمل
لَا	: لاتعداد، لاتعلق، لامحدود۔	اخْتَلَطَ	: اختلاط، مخلوط، خلط ملط کرنا (ملانا)۔
غَفُوْرٌ	: استغفار، دعائے مغفرت۔	جَزَيْنٰهُمْ	: جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ۔

اَوْ	دَمًا	مَّسْفُوْحًا ❶	اَوْ	لَحْمَ	خِنْزِيْرٍ	فَاِنَّهٗ	رِجْسٌ
یا	خون	بہایا ہوا	یا	گوشت	سور کا	تو بے شک وہ	ناپاک ہے

اَوْ فِسْقًا	اُهِلَّ ❷	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ ج	فَمَنِ	اضْطُرَّ
یا نافرمانی کا باعث ہو	نام پکارا گیا ہو	غیر اللہ کا	اس پر	پھر جو	مجبور کردیا جائے

غَيْرَ بَاغٍ	وَّلَا	عَادٍ	فَاِنَّ	رَبَّكَ	غَفُوْرٌ ❸
نہ بغاوت کرنیوالا ہو	اور نہ	حد سے تجاوز کرنیوالا ہو	تو بیشک	آپ کا رب	بہت بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ❸ (145)	وَ	عَلَى الَّذِيْنَ	هَادُوْا	حَرَّمْنَا ❹	كُلَّ
نہایت رحم والا ہے	اور	اُن پر جو	سب یہودی بن گئے	ہم نے حرام کردیا	ہر

ذِيْ ظُفُرٍ ج	وَ	مِنَ الْبَقَرِ ❺	وَ الْغَنَمِ ❺	حَرَّمْنَا ❹	عَلَيْهِمْ
ناخن والا (جانور)	اور	گائیوں میں سے	اور بکریوں (میں سے)	ہم نے حرام کردی ہیں	ان پر

شُحُوْمَهُمَآ	اِلَّا مَا	حَمَلَتْ ❻	ظُهُوْرُهُمَآ	اَوِ الْحَوَايَآ
ان دونوں کی چربیاں	مگر جو	اٹھایا ہو	ان دونوں کی پیٹھوں نے	یا انتڑیوں نے

اَوْ مَا	اخْتَلَطَ	بِعَظْمٍ ط	ذٰلِكَ ❼	جَزَيْنٰهُمْ ❹	بِبَغْيِهِمْ قف
یا جو	ملی ہو	ہڈی کے ساتھ	یہ	ہم نے سزا دی انہیں	اُنکی سرکشی کی وجہ سے

ضروری وضاحت

❶ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❺ اَلْبَقَر اور اَلْغَنَمِ سے پوری جنس مراد ہے، اس لیے ترجمہ گائیوں اور بکریوں کیا گیا ہے۔ ❻ علامت تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے۔

وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ (146)	اور بے شک ہم یقیناً سچے ہیں۔ (146)
فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ	پھر اگر وہ جھٹلائیں آپ کو تو کہہ دیجیے
رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ	تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے،
وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ (147)	اور نہیں ہٹایا جاتا اس کا عذاب مجرم قوم سے (147)
سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	عنقریب کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا
لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا	اگر اللہ چاہتا تو ہم شریک نہ بناتے
وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَ لَا حَرَّمْنَا	اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم حرام کرتے
مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ	کوئی چیز، اسی طرح جھٹلایا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	اُن لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے
حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ	یہاں تک کہ انہوں نے چکھ لیا ہمارا عذاب
قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ	کہہ دیجیے کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے
فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ	تو نکالو اُسے ہمارے سامنے ؟

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَصٰدِقُوْنَ : صادق، تصدیق، مصدقہ ذرائع۔	شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیتِ الٰہی۔
كَذَّبُوْكَ، كَذَّبَ: کذب، کذاب، کاذب، تکذیب۔	شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔
فَقُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	قَبْلِهِمْ : قبل از نبوت، قبل از وقت۔
رَحْمَةٍ : رحمان، رحیم، رحمت، مرحوم۔	حَتّٰى : حتی الامکان، حتی الوسعت، حتی کہ۔
وَّاسِعَةٍ : وسیع و عریض، وسعت۔	ذَاقُوْا : ذائقہ، ذوق۔
يُرَدُّ : رد، تردید، مردود، مرتد، ارتداد۔	عِنْدَكُمْ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
اَشْرَكُوْا، اَشْرَكْنَا : مشرک، شرک، شریک۔	فَتُخْرِجُوْهُ : خارج، خروج، مخرج، امور خارجہ۔

وَ اِنَّا❶	لَصٰدِقُوْنَ (146)	فَاِنْ	كَذَّبُوْكَ❷	فَقُلْ
اور بیشک ہم	یقیناً سب سچے ہیں	پھر اگر	وہ سب جھٹلائیں آپ کو	تو کہہ دیجیے

رَّبُّكُمْ	ذُوْ رَحْمَةٍ❸	وَّاسِعَةٍ❸ ج	وَلَا	يُرَدُّ❹	بَأْسُهٗ
تمہارا رب	رحمت والا ہے	وسیع	اور نہیں	ہٹایا جاتا	اس کا عذاب

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ❺ (147)	سَيَقُوْلُ❹	الَّذِيْنَ
سب جرم کرنے والے لوگوں سے	عنقریب کہیں گے	وہ لوگ جن

اَشْرَكُوْا	لَوْ شَآءَ اللّٰهُ	مَآ اَشْرَكْنَا	وَلَآ	اٰبَآؤُنَا
سب نے شرک کیا	اگر اللہ چاہتا (تو)	نہ ہم شریک بناتے	اور نہ	ہمارے باپ دادا

وَلَا	حَرَّمْنَا	مِنْ شَيْءٍ❻❼ ط	كَذٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ
اور نہ	ہم حرام کرتے	کوئی چیز	اسی طرح	جھٹلایا	اُن لوگوں نے جو

مِنْ قَبْلِهِمْ	حَتّٰى	ذَاقُوْا	بَأْسَنَا ط	قُلْ
ان سے پہلے تھے	یہاں تک کہ	ان سب نے چکھ لیا	ہمارا عذاب	کہہ دیجیے

هَلْ	عِنْدَكُمْ	مِّنْ عِلْمٍ❻❼	فَتُخْرِجُوْهُ❷	لَنَا ط
کیا	تمہارے پاس ہے	کوئی علم	تو تم سب نکالو اُسے	ہمارے لیے

ضروری وضاحت

❶ اِنَّا اصل میں اِنَّنَا تھا، تخفیف کے لیے ایک ”ن“ گرا دیا گیا ہے۔ ❷ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا ”ا“ گر جاتا ہے۔ ❸ ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے ❺ شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں ”کرنے والے“ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ	نہیں تم پیروی کرتے مگر گمان کی
وَ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿148﴾	اور نہیں ہو تم مگر اٹکل دوڑاتے ۔﴿148﴾
قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ	کہہ دیجیے پس اللہ ہی کے لیے کامل دلیل ہے
فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿149﴾	پس اگر وہ چاہتا (تو) ضرور ہدایت دے دیتا تم سب کو ۔﴿149﴾
قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ	کہہ دیں لاؤ اپنے گواہوں کو جو
يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ	گواہی دیں کہ بیشک اللہ نے حرام کی ہیں یہ (چیزیں)
فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ	پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو نہ آپ گواہی دیں
مَعَهُمْ ۚ وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ	اُنکے ساتھ اور نہ آپ پیروی کریں (انکی) خواہشات کی
الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو
وَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	اور (نہ) اُن لوگوں کی جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر
ع 18 6 5 وَ هُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿150﴾ ع	اور وہ اپنے رب کے ساتھ برابر ٹھہراتے ہیں ۔﴿150﴾ ع
قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ	کہہ دیجیے آؤ! میں پڑھتا ہوں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَتَّبِعُوْنَ، تَتَّبِعْ : اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
الظَّنَّ : بدظن، ظن غالب، سوئے ظن۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
الْبَالِغَةُ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، بلوغت۔
لَهَدٰىكُمْ : ہادی، ہدایت۔
اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، جمیع، جماعت۔

شُهَدَآءَ، يَشْهَدُوْنَ : شاہد، شہادت۔
هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
مَعَهُمْ : مع اہل وعیال، معیت۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
كَذَّبُوْا : کاذب، کذاب، تکذیب۔
يَعْدِلُوْنَ : عدل، عادل، عدالت۔
اَتْلُ : تلاوت، وحی متلو۔

اِنْ تَتَّبِعُوْنَ ❶	اِلَّا الظَّنَّ	وَ اِنْ ❶	اَنْتُمْ	اِلَّا	تَخْرُصُوْنَ (148)
نہیں تم سب پیروی کرتے	مگر گمان کی	اور نہیں	تم	مگر	تم سب اٹکل دوڑاتے ہو

قُلْ	فَلِلّٰهِ	الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ❷ ج	فَلَوْ شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ
کہہ دیجیے	پھر اللہ ہی کے لیے	دلیل کامل ہے	پس اگر وہ چاہتا	(تو) ضرور ہدایت دیتا تمہیں

اَجْمَعِيْنَ ❸ (149)	قُلْ ❹	هَلُمَّ	شُهَدَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	يَشْهَدُوْنَ
سب کو	کہہ دیں	لاؤ	اپنے گواہوں کو	جو	وہ سب گواہی دیں

اَنَّ اللّٰهَ	حَرَّمَ	هٰذَا ج	فَاِنْ	شَهِدُوْا	فَلَا تَشْهَدْ ❺
کہ بیشک اللہ نے	حرام کی ہیں	یہ (چیزیں)	پھر اگر	وہ سب گواہی دیں	تو نہ آپ گواہی دیں

مَعَهُمْ ج	وَ	لَا تَتَّبِعْ ❺	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
اُنکے ساتھ	اور	نہ آپ پیروی کریں	خواہشات کی	اُن لوگوں کی جن	سب نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا	وَالَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❻	بِالْاٰخِرَةِ ❷	وَهُمْ
ہماری آیات کو	اور (نہ) اُن لوگوں کی جو	نہیں وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	اور وہ

ع 18 6 5

بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ (150)	قُلْ ❹	تَعَالَوْا	اَتْلُ ❼
اپنے رب کیساتھ	وہ سب برابر ٹھہراتے ہیں	کہہ دیجیے	تم سب آؤ !	میں پڑھتا ہوں

ضروری وضاحت

❶ اِنْ کے بعد اسی جملے میں اگر اِلَّا ہو تو اسکا ترجمہ نہیں ہوتا ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❸ اَجْمَعِيْنَ مکمل لفظ کا ترجمہ سب ہے اس لیے يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، پڑھنے میں آسانی کے لیے "وْ" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر جزم ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس فعل میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ❼ اَتْلُ اصل میں اَتْلُوْ تھا وْ گر گئی ہے۔

مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ	جو حرام کیا ہے تمہارے رب نے تم پر
اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا	یہ کہ نہ شریک ٹھہراؤ اس کے ساتھ کسی چیز کو،
وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ	اور والدین کے ساتھ احسان کرو
وَ لَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ	اور نہ قتل کرو اپنی اولاد کو مفلسی (کے ڈر) سے
نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَ اِيَّاهُمْ ۚ	ہم (ہی) رزق دیتے ہیں تمہیں اور اُن کو بھی
وَ لَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ	اور مت قریب جاؤ بے حیائی کے (کاموں کے)
مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ ۚ	جو ظاہر ہیں اُن میں سے اور جو چھپی ہیں
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ	اور نہ قتل کرو اس جان کو جسے حرام کیا اللہ نے
اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ	مگر حق کے ساتھ، یہ (سب باتیں)
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿151﴾	اس نے وصیت کی ہے تمہیں اس کی تاکہ تم سمجھ لو۔ ﴿151﴾
وَ لَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ	اور مت قریب جاؤ یتیم کے مال کے
اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ	مگر اس (طریقے) سے جو (کہ) وہ سب سے اچھا ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا : ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت۔

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

تُشْرِكُوْا : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔

شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔

تَقْتُلُوْٓا : قتل، قاتل، مقتول۔

مِّنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔

نَرْزُقُكُمْ : رزق، رزاق، رازق۔

تَقْرَبُوْا : قرب، قریب، قرابت، مقرب۔

الْفَوَاحِشَ : فحش، فحاشی و عریانی۔

ظَهَرَ : ظاہر، ظاہری طور پر، ظہور، مظہر۔

بَطَنَ : خبث باطن، ظاہر و باطن۔

النَّفْسَ : نفسا نفسی، نفسیات، نظام تنفس۔

وَصّٰىكُمْ : وصیت، وصیت نامہ۔

تَعْقِلُوْنَ : عقل و شعور، عاقل، معقول۔

مَا حَرَّمَ	رَبُّكُمْ	عَلَيْكُمْ	اَلَّا ❶	تُشْرِكُوْا ❷	بِهٖ
جو حرام کیا ہے	تمہارے رب نے	تم پر	یہ کہ نہ	تم سب شریک ٹھہراؤ	اسکے ساتھ

شَيْـًٔا	وَّ بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا ۚ	وَ	لَا تَقْتُلُوْٓا ❷
کسی چیز کو	اور والدین کے ساتھ	احسان کیا کرو	اور	مت تم سب قتل کرو

اَوْلَادَكُمْ	مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ	نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ ❸	وَ اِيَّاهُمْ ❹ ۚ
اپنی اولاد کو	مفلسی (کے ڈر) سے	ہم ہی رزق دیتے ہیں تمہیں	اور اُن کو (بھی)

وَ	لَا تَقْرَبُوا ❷	الْفَوَاحِشَ	مَا ظَهَرَ	مِنْهَا	وَ مَا	بَطَنَ ۚ
اور	مت تم سب قریب جاؤ	بے حیائی کے	جو ظاہر ہیں	اُن میں سے	اور جو	چھپی ہیں

وَ	لَا تَقْتُلُوا ❷	النَّفْسَ	الَّتِیْ	حَرَّمَ اللّٰهُ	اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ
اور	مت تم سب قتل کرو	(اس) جان کو	جسے	حرام کیا اللہ نے	مگر حق کے ساتھ

ذٰلِكُمْ ❺	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ❻ (151)	وَ
یہ (سب باتیں)	اس نے وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم سب سمجھ لو	اور

لَا تَقْرَبُوْا ❷	مَالَ الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِیْ هِیَ	اَحْسَنُ ❼
مت تم سب قریب جاؤ	یتیم کے مال کے	مگر	(اس طریقے) سے جو وہ	سب سے اچھا ہو

ضروری وضاحت

❶ اَلَّا اصل میں اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❸ نَحْنُ اور علامت نَ دونوں کا ترجمہ "ہم" ہے، نَحْنُ تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❹ اِيَّاهُمْ میں هُمْ الگ لفظ نہیں بلکہ یہ مکمل لفظ ہے
❺ جب ذٰلِكَ سے اشارہ کیا جا رہا ہو اور جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے
البتہ معنی وہی رہتا ہے۔ ❻ كُمْ اور علامت تَ دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❼ یہاں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ	یہاں تک کہ وہ پہنچ جائے اپنی پختگی کو
وَ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَ الْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ	اور تم پورا کرو ماپ اور تول انصاف کے ساتھ
لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا	نہیں ہم تکلیف دیتے کسی نفس کو مگر
وُسْعَهَا ۚ وَ اِذَا قُلْتُمْ	اسکی طاقت کے مطابق اور جب تم بات کرو
فَاعْدِلُوْا وَ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ	تو انصاف کرو اس حال میں (کہ) اگرچہ ہو قرابت والا
وَ بِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ	اور اللہ کے عہد کو پورا کرو، یہ (اللہ نے)
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿152﴾	وصیت کی ہے تمہیں اسکی تاکہ تم نصیحت حاصل کرو ﴿152﴾
وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا	اور بیشک یہ میرا راستہ ہے سیدھا
فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَ لَا تَتَّبِعُوا	تو تم پیروی کرو اسکی، اور مت پیروی کرو
السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ	(اور) راستوں کی، پس الگ کر دیں گے تم کو
عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ	اس کے راستے سے، یہ (اللہ نے)
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿153﴾	وصیت کی ہے تمہیں اس کی تاکہ تم بچ جاؤ۔ ﴿153﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	وُسْعَهَا : وسعت، وسیع وعریض۔
يَبْلُغَ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، بلوغت۔	فَاعْدِلُوْا : عدل وانصاف، عادل حکمران، عدالت
اَشُدَّهٗ : شدید، شدت، اشد۔	تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ۔
اَوْفُوا : وفا کرنا، ایفائے عہد۔	صِرَاطِيْ : صراط مستقیم، پل صراط۔
الْمِيْزَانَ : وزن، میزان، میزان عدل۔	فَاتَّبِعُوْهُ : اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔
بِالْقِسْطِ : قسط وار، بالاقساط۔	فَتَفَرَّقَ : فرق، تفریق، تفرقہ، متفرق۔
نُكَلِّفُ : مکلّف، تکلیف۔	تَتَّقُوْنَ : تقوای، متقی۔

حَتّٰی	يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ ج ❶	وَ اَوْفُوا ❷	الْكَيْلَ	وَ الْمِيْزَانَ
یہاں تک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی پختگی کو	اور تم سب پورا کرو	ماپ	اور تول

بِالْقِسْطِ ج	لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا ❸	اِلَّا وُسْعَهَا ج	وَ اِذَا
انصاف کے ساتھ	نہیں ہم تکلیف دیتے	کسی نفس کو	مگر اسکی طاقت کے مطابق	اور جب

قُلْتُمْ	فَاعْدِلُوْا ❷	وَ	لَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰی ج	وَ بِعَهْدِ اللّٰهِ
تم بات کرو	تو تم سب انصاف کرو	اس حال میں کہ	اگرچہ ہو	قرابت والا	اور اللہ کے عہد کو

اَوْفُوْا ❷ ط	ذٰلِكُمْ ❹	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ❺ (152)
تم سب پورا کرو	یہ	وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم سب نصیحت حاصل کرو

وَ اَنَّ	هٰذَا	صِرَاطِیْ	مُسْتَقِيْمًا	فَاتَّبِعُوْهُ ج ❻	وَ
اور بیشک	یہ	میرا راستہ ہے	سیدھا	تو تم سب پیروی کرو اسکی	اور

لَا تَتَّبِعُوا	السُّبُلَ	فَتَفَرَّقَ ❼	بِكُمْ	عَنْ سَبِيْلِهٖ ط
مت تم سب پیروی کرو	(اور) راستوں کی	پس وہ الگ کر دیں گے	تم کو	اسکے اصل راستے سے

ذٰلِكُمْ ❹	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ❺ (153)
یہ	اس نے وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم سب بچ جاؤ

ضروری وضاحت

❶ اَشُدَّ کے شروع میں "أ" لفظ کا حصہ ہے۔ ❷ شروع میں "أ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ جب ذٰلِكَ سے اشارہ کیا جا رہا ہو اور جنکے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے، البتہ معنی وہی رہتا ہے۔ ❺ علامت كُمْ اور تـ دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔
❻ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❼ یہاں تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	پھر ہم نے دی موسٰی کو کتاب
تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ	(نعمت) پوری کرنے کے لیے اس (شخص) پر جس نے
اَحْسَنَ وَ تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ	نیکی کی اور تفصیل بیان کرنے (کے لیے) ہر چیز کی
وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ	اور ہدایت اور رحمت (کے لیے) تا کہ وہ
بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿154﴾ ع (19 4 6)	اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لے آئیں۔ ﴿154﴾
وَ هٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ	اور یہ کتاب ہے ہم نے نازل کیا ہے اسے
مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ	برکت والی ہے پس پیروی کرو اس کی
وَ اتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿155﴾	اور پرہیزگاری اختیار کرو تا کہ تم رحم کیے جاؤ۔ ﴿155﴾
اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ	(ایسا نہ ہو) کہ تم کہو درحقیقت نازل کی گئی ہے کتاب
عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا	دو گروہوں پر ہم سے پہلے اور بیشک تھے ہم
عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿156﴾	اُن کے پڑھنے پڑھانے سے یقیناً بے خبر ﴿156﴾
اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ	یا (یہ) کہو اگر بلاشبہ اُتاری جاتی ہم پر کتاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْكِتٰبَ : کاتب، کتاب، مکتوب، کتابت۔
تَمَامًا : کام تمام ہونا، ناتمام، تتمہ۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تَفْصِيْلًا : مفصل، تفصیل، تفصیلات۔
رَحْمَةً : رحمت، رحیم، رحمان۔
بِلِقَآءِ : ملاقات۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔

هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا، علی ہذا القیاس۔
اَنْزَلْنٰهُ : نازل، شانِ نزول، منزل من اللہ۔
فَاتَّبِعُوْهُ : اتباع، متبع، تابع فرماں۔
اتَّقُوْا : تقوٰی، متقی۔
تَقُوْلُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
طَآئِفَتَيْنِ : طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔
دِرَاسَتِهِمْ : مدرس، درس و تدریس۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا ❶	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	تَمَامًا	عَلَى الَّذِيْٓ
پھر ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب	پوری کرنے کے لیے	(اس) پر جس نے

اَحْسَنَ ❷	وَ تَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ شَيْءٍ	وَّ هُدًى	وَّ رَحْمَةً ❸
نیکی کی	اور تفصیل (بیان کرنے کے لیے)	ہر چیز کی	اور ہدایت ہے	اور رحمت

19 ع 4 6

لَعَلَّهُمْ	بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ	يُؤْمِنُوْنَ (154)	وَ هٰذَا كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ ❶
تاکہ وہ	اپنے رب کی ملاقات پر	وہ سب ایمان لے آئیں	اور یہ کتاب ہے	ہم نے نازل کیا اُسے

مُبٰرَكٌ	فَاتَّبِعُوْهُ ❹	وَ اتَّقُوْا	لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ❺ (155)
برکت والی ہے	پس تم سب پیروی کرو اسکی	اور تم سب پرہیزگاری اختیار کرو	تاکہ تم سب رحم کیے جاؤ

اَنْ تَقُوْلُوْٓا	اِنَّمَآ	اُنْزِلَ ❻	الْكِتٰبُ	عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ
(یہ نہ ہو) کہ تم سب کہو	درحقیقت	نازل کی گئی ہے	کتاب	دو گروہوں پر

مِنْ قَبْلِنَا	وَ اِنْ ❼	كُنَّا	عَنْ دِرَاسَتِهِمْ	لَغٰفِلِيْنَ (156)
ہم سے پہلے	اور بیشک	تھے ہم	اُن کے پڑھنے پڑھانے سے	یقیناً سب بے خبر

اَوْ	تَقُوْلُوْا	لَوْ	اَنَّآ	اُنْزِلَ ❻	عَلَيْنَا	الْكِتٰبُ
یا	تم سب (یہ) کہو	اگر	بلاشبہ ہم (کہ)	اُتاری گئی (ہوتی)	ہم پر	کتاب

ضروری وضاحت

❶ فعل کے ساتھ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❸ ةَ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❺ كُمْ اور علامت تَ دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❻ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں "کیا گیا" کا مفہوم ہے۔ ❼ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے شد کو ختم کر کے جزم دی گئی ہے، اس لیے ترجمہ بیشک کیا گیا ہے۔

لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ج	یقیناً ہم ہوتے زیادہ ہدایت یافتہ ان سے
فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ	پس یقیناً آ چکی تمہارے پاس روشن دلیل
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ ج	تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت،
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ	پس کون ہے زیادہ ظالم اس سے جو جھٹلائے
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ صَدَفَ عَنْهَا ط	اللہ کی آیتوں کو اور اعراض کرے اُن سے
سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ	عنقریب ہم سزا دیں گے اُن کو جو اعراض کرتے ہیں
عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ	ہماری آیات سے برے عذاب کی
بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ (157)	اس وجہ سے جو تھے وہ اعراض کرتے۔ (157)
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ	نہیں وہ انتظار کر رہے مگر یہ کہ آئیں ان کے پاس
الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِىَ رَبُّكَ	فرشتے یا آئے آپ کا رب
اَوْ يَاْتِىَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ط	یا آئے آپ کے رب کی کوئی نشانی
يَوْمَ يَاْتِىْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ	جس دن آئے گی آپ کے رب کی کوئی نشانی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَهْدٰى : ہادی، ہدایت، ہدایات۔	سُوْٓءَ : علمائے سوء، سوئے ظن۔
مِنْهُمْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔	يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، انتظار، منتظر۔
بَيِّنَةٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	الْمَلٰٓئِكَةُ : ملائکہ، ملک الموت۔
رَحْمَةٌ : رحمت، رحیم، رحمان۔	بَعْضُ : بعض اوقات، بعض واقعات۔
اَظْلَمُ : ظلم، ظالم، مظلوم۔	يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
كَذَّبَ : کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔	اٰيٰتِ : قرآنی آیت، آیاتِ بینات۔
سَنَجْزِى : جزاوسزا، جزائے خیر، جزاک اللہ۔	رَبِّكَ : رب کائنات، رب العالمین، ربوبیت۔

لَكُنَّآ	اَهْدٰى ❶	مِنْهُمْ ج	فَقَدْ	جَآءَكُمْ	بَيِّنَةٌ ❷
یقیناً ہم ہوتے	زیادہ ہدایت یافتہ	ان سے	پس یقیناً	آ چکی تمہارے پاس	روشن دلیل

مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ هُدًى	وَّ رَحْمَةٌ ج ❷	فَمَنْ	اَظْلَمُ ❶
تمہارے رب کی طرف سے	اور ہدایت	اور رحمت	پس کون ہے	زیادہ ظالم

مِمَّنْ ❸	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❷	وَ صَدَفَ	عَنْهَا ط	سَنَجْزِی
اس سے جو	جھٹلائے	اللہ کی آیتوں کو	اور اعراض کرے	اُن سے	عنقریب ہم سزا دیں گے

الَّذِيْنَ	يَصْدِفُوْنَ	عَنْ اٰيٰتِنَا	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ
اُن لوگوں کو جو	وہ سب اعراض کرتے ہیں	ہماری آیات سے	بُرے	عذاب کی

بِمَا	كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ❹ (157)	هَلْ ❺	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ اَنْ
اس وجہ سے جو	تھے وہ سب اعراض کرتے	نہیں	وہ سب انتظار کررہے	مگر یہ کہ

تَاْتِيَهُمُ ❻	الْمَلٰٓئِكَةُ ❼	اَوْ يَاْتِیَ ❽	رَبُّكَ	اَوْ يَاْتِیَ ❽	بَعْضُ
آئیں ان کے پاس	فرشتے	یا آئے	آپ کا رب	یا آئیں	بعض

اٰيٰتِ ❷	رَبِّكَ ط	يَوْمَ	يَاْتِیْ ❽	بَعْضُ	اٰيٰتِ ❷	رَبِّكَ
نشانیاں	آپ کے رب کی	جس دن	آئیں گی	بعض	نشانیاں	آپ کے رب کی

ضروری وضاحت

❶ یہاں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❷ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔
❸ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ❹ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❺ هَلْ کے بعد اگر
اسی جملے میں لفظ اِلَّآ آرہا ہو تو هَلْ کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❻ تـ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ
ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ❽ یہاں علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا	(تو) نہ نفع دے گا کسی نفس کو اس کا ایمان (لانا)
لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ	(کہ) نہیں تھا وہ ایمان لایا اس سے پہلے
اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ	یا (نہیں) کمائی اس نے اپنے ایمان میں کوئی بھلائی
قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا	کہہ دیجیے تم انتظار کرو یقیناً ہم (بھی)
مُنْتَظِرُوْنَ ﴿158﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ	انتظار کرنیوالے ہیں۔ ﴿158﴾ بیشک وہ لوگ جنہوں نے
فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِيَعًا	ٹکڑے ٹکڑے کرلیا اپنے دین کو اور وہ ہوگئے گروہ گروہ
لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ	نہیں ہیں آپ اُن سے کسی چیز میں
اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ	درحقیقت اُن کا معاملہ اللہ کی طرف ہے، پھر
يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿159﴾	وہ خبر دے گا انہیں (اس بات) کی جو وہ کرتے تھے۔ ﴿159﴾
مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ	جو آئے گا ایک نیکی کے ساتھ تو اس کے لیے
عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَ مَنْ جَآءَ	اس کی مثل دس (نیکیاں) ہیں، اور جو آئے گا
بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا	برائی کے ساتھ تو نہیں وہ بدلہ دیا جائے گا مگر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَنْفَعُ : نفع ونقصان، منفعت، منافع۔	شِيَعًا : شیعہ وسنی، شیعانِ علی۔
اٰمَنَتْ : امن، ایمان، مؤمن۔	شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔
كَسَبَتْ : کسب حلال، کسبی لوگ۔	يُنَبِّئُهُمْ : نبی، انبیاء۔
خَيْرًا : خیر وعافیت، خیریت۔	يَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول۔
قُلِ : قول، اقوال، مقولہ۔	اَمْثَالِهَا : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
انْتَظِرُوْٓا : انتظار، منتظر۔	بِالسَّيِّئَةِ : علمائے سوء اعمال سیّئہ۔
فَرَّقُوْا : فرق، تفریق، متفرق، تفرقہ۔	يُجْزٰٓى : جزائے خیر، جزا وسزا۔

لَا يَنْفَعُ ❶	نَفْسًا ❷	اِيْمَانُهَا	لَمْ تَكُنْ ❸	اٰمَنَتْ ❸
(تو) نہ نفع دے گا	کسی جان کو	اس کا ایمان (لانا)	(کہ) نہیں تھی	وہ ایمان لائی

مِنْ قَبْلُ	اَوْ كَسَبَتْ ❸	فِيْٓ اِيْمَانِهَا	خَيْرًا ❷ ط	قُلِ
اس سے پہلے	یا (نہیں) کمائی اس نے	اپنے ایمان میں	کوئی بھلائی	کہہ دیجیے

انْتَظِرُوْٓا ❹	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ (158)	اِنَّ الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا
تم سب انتظار کرو	یقیناً ہم	سب انتظار کرنیوالے ہیں	بیشک وہ لوگ جن	سب نے ٹکڑے ٹکڑے کرلیا

دِيْنَهُمْ	وَ كَانُوْا	شِيَعًا	لَّسْتَ	مِنْهُمْ	فِيْ شَيْءٍ ❷ ط
اپنے دین کو	اور وہ سب ہو گئے	گروہ گروہ	نہیں ہیں آپ	اُن میں سے	کسی چیز میں

اِنَّمَآ ❺	اَمْرُهُمْ	اِلَى اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا
درحقیقت	اُن کا معاملہ	اللہ کی طرف ہے	پھر	وہ خبر دے گا انہیں	(اس بات) کی جو

كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ❻ (159)	مَنْ جَآءَ	بِالْحَسَنَةِ ❸	فَلَهٗ	عَشْرُ
تھے وہ سب کرتے	جو آئے گا	ایک نیکی کے ساتھ	تو اس کے لیے	دس (گنا)

اَمْثَالِهَا ج	وَمَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ ❸	فَلَا	يُجْزٰٓى ❼	اِلَّا
اس کی مثل ہیں	اور جو	آئے گا	برائی کے ساتھ	تو نہیں	وہ بدلہ دیا جائے گا	مگر

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت (تنوین) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔ ❸ تَ، تُ، ۃ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ شروع میں "اُ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ اِنَّ کے ساتھ اگر مَا لگ جائے تو تاکید میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ❻ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِثْلَهَا وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿160﴾	اس کی مثل اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿160﴾
قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ	کہہ دیں بیشک میں (ہوں کہ) ہدایت دی ہے مجھے
رَبِّیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ	میرے رب نے سیدھے راستے کی طرف
دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ	دین صحیح کی (جو) طریقہ ہے ابراہیم کا (اس حال میں کہ وہ
حَنِیْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿161﴾	ایک طرف کے تھے، اور نہیں تھے وہ مشرکوں میں سے ﴿161﴾
قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ	کہہ دیجیے بیشک میری نماز اور میری قربانی
وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ	اور میری زندگی اور میری موت (سب کچھ)
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿162﴾	اللہ کے لیے ہے (جو) رب ہے تمام جہانوں کا۔ ﴿162﴾
لَا شَرِیْكَ لَهٗ ۚ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ	کوئی شریک نہیں اس کا اور اسی کا میں حکم دیا گیا ہوں
وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿163﴾	اور میں پہلا مسلمان ہوں۔ ﴿163﴾
قُلْ اَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْغِیْ	کہہ دیجیے کیا اللہ کے علاوہ میں تلاش کروں
رَبًّا وَّ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ ؕ	کوئی (اور) رب، حالانکہ وہ رب ہے ہر چیز کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِثْلَهَا : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔

یُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔

هَدٰىنِیْ : ہادی، ہدایت، مہدی۔

صِرَاطٍ : صراط مستقیم، پل صراط۔

حَنِیْفًا : دینِ حنیف۔

مِنَ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔

الْمُشْرِكِیْنَ : شرک، مشرک، شریک۔

صَلَاتِیْ : صوم وصلوٰۃ کا پابند، نظامِ صلوٰۃ۔

مَحْیَایَ : حیاتی ومماتی، حیات بعد الموت۔

مَمَاتِیْ : موت، اموات، میت۔

الْعٰلَمِیْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔

اُمِرْتُ : امر، آمریت، آمرانہ نظام۔

اَوَّلُ : اول انعام، اول نمبر۔

الْمُسْلِمِیْنَ : اسلام، مسلم، تسلیم۔

مِثْلَهَا	وَ	هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ❶❷ (160)	قُلْ ❸	اِنَّنِيْ
اسکی مثل	اور	نہیں وہ سب ظلم کیے جائیں گے	کہہ دیں	بیشک میں (ہوں کہ)

هَدٰىنِيْ ❹	رَبِّيْٓ	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ ط	دِيْنًا قِيَمًا
ہدایت دی ہے مجھے	میرے رب نے	سیدھے راستے کی طرف	دین صحیح کی

مِّلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا ۚ	وَمَا	كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (161)
(جو) طریقہ ہے	ابراہیم کا	(جوکہ) یکسو تھے	اور نہیں	تھے وہ	مشرکوں میں سے

قُلْ ❸	اِنَّ	صَلَاتِيْ	وَ نُسُكِيْ	وَ مَحْيَايَ	وَ مَمَاتِيْ
کہہ دیجیے	بیشک	میری نماز	اور میری قربانی	اور میری زندگی	اور میری موت

لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ۙ (162)	لَا شَرِيْكَ ❺	لَهٗ ۚ	وَبِذٰلِكَ
اللہ کے لیے ہے	(جو) رب ہے	تمام جہانوں کا	کوئی شریک نہیں	اس کا	اور اسی کا

اُمِرْتُ ❻	وَ اَنَا	اَوَّلُ	الْمُسْلِمِيْنَ (163)	قُلْ ❸	اَ
میں حکم دیا گیا ہوں	اور میں	پہلا (ہوں)	تمام فرمانبرداروں (سے)	کہہ دیجیے	کیا

غَيْرَ اللّٰهِ	اَبْغِيْ	رَبًّا ❼	وَّهُوَ	رَبُّ	كُلِّ شَيْءٍ ؕ
اللہ کے علاوہ	میں تلاش کروں	کوئی (اور) رب	حالانکہ وہ	رب ہے	ہر چیز کا

ضروری وضاحت

❶ علامت هُمْ اور یہ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❷ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔ ❸ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے یہاں "و" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❹ اگر فعل کے آخر میں نی لگانی ہو تو اسکے اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ❺ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

وَ لَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ	اور نہیں کماتی ہر جان (گناہ) مگر اسی پر ہے (اسکا وبال)
وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ	اور نہیں اٹھائیگی کوئی بوجھ اٹھانے والی
وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ	کسی دوسری (جان) کا بوجھ
ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ	پھر تمہارے رب کی طرف ہی تمہارا لوٹ کر جانا ہے
فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا	تو وہ خبر دے گا تمہیں اس کی جو
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿164﴾	تھے تم اس میں اختلاف کرتے ۔﴿164﴾
وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ	اور وہی ہے جس نے بنایا تمہیں جانشین زمین کا
وَ رَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ	اور بلند کر دیا تم میں سے بعض کو بعض پر
دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ	درجوں میں، تاکہ وہ آزمائے تمہیں
فِيْ مَآ اٰتٰكُمْ ۭ	اُن (نعمتوں) میں جو اس نے دیں تمہیں
اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ وقفة	بیشک تیرا رب بہت جلد سزا دینے والا ہے
النصف ع 20/11/7 وَ اِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿165﴾ ع	اور بیشک وہ یقیناً بخشنے والا، بہت مہربان ہے۔﴿165﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔	خَلٰٓئِفَ : خلیفہ، خلافت، خلف الرشید۔
تَكْسِبُ : کسبِ حلال، کسبی لوگ۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، کرۂ ارض، قطعۂ اراضی۔
اِلٰى : الداعی الیٰ الخیر، رجوع الی اللہ۔	رَفَعَ : رفعت، سطحِ مرتفع، مرفوع القلم۔
مَّرْجِعُكُمْ : رجوع، مراجعت، رِجعت پسند۔	فَوْقَ : مافوق الفطرت، فوقیت، فائق۔
فَيُنَبِّئُكُمْ : نبی، انبیاء۔	لِّيَبْلُوَكُمْ : ابتلا، مبتلا، بلا۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔	سَرِيْعُ : سریع الحرکت، سرعت۔
تَخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف، اختلافات۔	الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔

وَ لَا	تَكْسِبُ ❶	كُلُّ نَفْسٍ	اِلَّا عَلَيْهَا ج	وَ لَا
اور نہیں	کماتی	ہر جان (گناہ)	مگر اسی پر ہے (اسکا وبال)	اور نہیں

تَزِرُ ❶	وَّازِرَةٌ ❷❸	وِّزْرَ	اُخْرٰى ❷ ج	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ ❹
اٹھائیگی	کوئی بوجھ اٹھانے والی	بوجھ	(کسی) دوسری کا	پھر	تمہارے رب کی طرف

مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ ❹	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ
تمہارا لوٹ کر جانا ہے	تو وہ خبر دے گا تمہیں	(اس) کی جو	تھے تم	اس میں

تَخْتَلِفُوْنَ (164)	وَ هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ ❹	خَلٰٓئِفَ ❺
تم سب اختلاف کرتے	اور وہی ہے	جس نے	بنایا تمہیں	جانشین

الْاَرْضِ	وَ رَفَعَ	بَعْضَكُمْ ❹	فَوْقَ بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ ❻
زمین کا	اور بلند کر دیا	تمہارے بعض کو	بعض پر	درجوں میں

لِّيَبْلُوَكُمْ ❹	فِيْ	مَآ	اٰتٰكُمْ ❹ ط	اِنَّ رَبَّكَ
تاکہ وہ آزمائے تمہیں	(اُن نعمتوں) میں	جو	اس نے دیں تمہیں	بیشک تیرا رب

سَرِيْعُ	الْعِقَابِ قف وقفة	وَ اِنَّهٗ	لَغَفُوْرٌ ❼	رَّحِيْمٌ ❼ ع (165)
بہت جلد	سزا (دینے) والا ہے	اور بیشک وہ	یقیناً بہت بخشنے والا	بڑا مہربان ہے

النصف ع 20 11 7

ضروری وضاحت

❶ تَ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ ة اور ی واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ كُمْ اگر اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے کیا جاتا ہے اور اگر فعل کے ساتھ ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❺ خَلٰٓئِفَ خَلِيْفَةٌ کی جمع ہے۔ ❻ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 206 | 7 سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ 39 | رُكُوْعَاتُهَا 24

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓمّٓصٓ ﴿1﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ	الٓمّٓصٓ ﴿1﴾ (یہ) ایک کتاب ہے (جو) نازل کی گئی
اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ	آپ کی طرف تو نہ ہو آپ کے سینے میں
حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ	کوئی تنگی اس سے، تاکہ آپ ڈرائیں اسکے ذریعے
وَ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾	اور نصیحت ہے مومنوں کے لیے۔ ﴿2﴾
اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ	تم پیروی کرو اسکی جو نازل کیا گیا ہے تمہاری طرف
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا	تمہارے رب کی طرف سے اور نہ پیروی کرو
مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ	اس کے علاوہ (اور) دوستوں کی
قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿3﴾	بہت ہی کم تم نصیحت حاصل کرتے ہو۔ ﴿3﴾
وَ كَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا	اور کتنی ہی بستیاں ہیں (کہ) ہم نے ہلاک کر دیا انہیں
فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا	تو آیا اُن پر ہمارا عذاب راتوں رات

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُنْزِلَ : نازل، شان نزول، منزل من اللہ۔	اِتَّبِعُوْا، تَتَّبِعُوْا : اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔
اِلَيْكَ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔	مَآ : ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت۔
فَلَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔	مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
صَدْرِكَ : شرح صدر، واقعہ شق صدر۔	اَوْلِيَآءَ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔
حَرَجٌ : کوئی حرج نہیں (تنگی)۔	قَلِيْلًا : قلیل مدت، قلیل المیعاد، قلت۔
ذِكْرٰى، تَذَكَّرُوْنَ : ذکر اذکار، مذکور۔	قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔
لِلْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔	اَهْلَكْنٰهَا : ہلاک، مہلک، ہلاکت۔

اٰیَاتُہَا 206 — 7 سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ مَکِّیَّۃٌ 39 — رُکُوْعَاتُہَا 24

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓصٓ (1)	کِتٰبٌ	اُنْزِلَ ❶	اِلَیْكَ	فَلَا	یَکُنْ ❷
الٓمّٓصٓ	(یہ) کتاب ہے	(جو) نازل کی گئی	آپکی طرف	تو نہ	ہو

فِیْ صَدْرِكَ	حَرَجٌ ❸	مِّنْهُ	لِتُنْذِرَ ❹	بِهٖ	وَ
آپکے سینے میں	کوئی تنگی	اس سے	تاکہ آپ ڈرائیں	اسکے ذریعے	اور

ذِکْرٰی ❺	لِلْمُؤْمِنِیْنَ (2)	اِتَّبِعُوْا ❻	مَآ	اُنْزِلَ ❶	اِلَیْکُمْ
نصیحت ہے	مومنوں کے لیے	تم سب پیروی کرو	(اسکی) جو	نازل کیا گیا ہے	تمہاری طرف

مِّنْ رَّبِّکُمْ	وَ	لَا تَتَّبِعُوْا ❼	مِنْ دُوْنِهٖٓ ❽	اَوْلِیَآءَ ؕ
تمہارے رب کی طرف سے	اور	مت تم سب پیروی کرو	اسکے علاوہ	(اور) دوستوں کی

قَلِیْلًا مَّا ❽	تَذَکَّرُوْنَ (3)	وَ کَمْ	مِّنْ قَرْیَةٍ ❽
بہت ہی کم	تم سب نصیحت حاصل کرتے ہو	اور کتنی (ہی)	بستیاں ہیں

اَهْلَکْنٰهَا	فَجَآءَهَا	بَاْسُنَا	بَیَاتًا
ہم نے ہلاک کردیا انہیں	تو آیا اُن پر	ہمارا عذاب	راتوں رات

ضروری وضاحت

❶ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❷ یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ "لِـ" اگر فعل کے شروع میں ہو تو ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❺ ذِکْرٰی میں ـٰی واحد مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ شروع میں "اِ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❽ یہاں مَا اور مِنْ دونوں زائد ہیں مَا میں تاکید ہے۔

اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿4﴾	یا (جب) وہ دوپہر کو آرام کرنے والے تھے۔ ﴿4﴾
فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ	پھر نہ تھی ان کی پکار جب آیا انکے پاس ہمارا عذاب
اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿5﴾	مگر یہ کہ انہوں نے کہا بیشک ہم ہی ظالم تھے۔ ﴿5﴾
فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ	تو ضرور ہم پوچھیں گے ان لوگوں سے (کہ) بھیجے گئے
اِلَيْهِمْ وَ لَنَسْـَٔلَنَّ	انکی طرف (رسول) اور ضرور ہم پوچھیں گے
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿6﴾ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ	رسولوں سے (بھی) ﴿6﴾ پھر ضرور ہم بیان کریں گے ان پر
بِعِلْمٍ وَّ مَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿7﴾	علم کے ساتھ اور نہیں تھے ہم غائب۔ ﴿7﴾
وَ الْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ	اور وزن اس دن برحق ہے
فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ	پھر جو (شخص کہ) بھاری ہو گئے اسکے (اعمال کے) پلڑے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿8﴾	تو وہی لوگ ہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ ﴿8﴾
وَ مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ	اور جو (شخص کہ) ہلکے ہو گئے اس کے پلڑے
فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا	تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے خسارے میں ڈالا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَآئِلُوْنَ : قیلولہ کرنا (دوپہر کو تھوڑی دیر کے لیے سونا)	بِعِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
دَعْوٰىهُمْ : دعوٰی، مدعی۔	غَآئِبِيْنَ : غیب، غائب۔
ظٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔	الْوَزْنُ، مَوَازِيْنُهٗ : وزن، اوزان، میزان۔
فَلَنَسْـَٔلَنَّ : سوال، سائل، مسئول۔	يَوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
اُرْسِلَ : مرسل، ارسال، رسول، رسالت۔	ثَقُلَتْ : کشش ثقل، ثقیل (بھاری)۔
فَلَنَقُصَّنَّ : قصہ گوئی، قصہ کہانی۔	الْمُفْلِحُوْنَ : فوز و فلاح، فلاحی کام، فلاحی ادارے۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	خَفَّتْ : خفیف، تخفیف، مخفف۔

اَوْ هُمْ	قَآئِلُوْنَ ❶ ④	فَمَا	كَانَ	دَعْوٰىهُمْ	اِذْ
یا (جب) وہ	سب دوپہر کو آرام کرنیوالے تھے	پھر نہ	تھی	ان کی پکار	جب

جَآءَهُمْ	بَاْسُنَآ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اِنَّا كُنَّا ❷❸
آیا انکے پاس	ہمارا عذاب	مگر	یہ کہ	اُن سب نے کہا	بیشک ہم تھے

ظٰلِمِيْنَ ⑤	فَلَنَسْـَٔلَنَّ ❹	الَّذِيْنَ	اُرْسِلَ	اِلَيْهِمْ
سب ظالم	توالبتہ ضرور ہم پوچھیں گے	ان لوگوں سے جو	بھیجے گئے	انکی طرف (رسول)

وَلَنَسْـَٔلَنَّ ❹	الْمُرْسَلِيْنَ ⑥	فَلَنَقُصَّنَّ ❹	عَلَيْهِمْ
اورالبتہ ضرور ہم پوچھیں گے	سب رسولوں سے (بھی)	پھرالبتہ ضرور ہم بیان کریں گے	ان پر

بِعِلْمٍ	وَّمَا	كُنَّا	غَآئِبِيْنَ ⑦	وَالْوَزْنُ	يَوْمَئِذِ	الْحَقُّ ج
علم کے ساتھ	اور نہیں	تھے ہم	سب غائب	اور وزن	اس دن	برحق ہے

فَمَنْ	ثَقُلَتْ ❺	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ❻❼ ⑧
پھر جو	(کہ) بھاری ہوگئے	اسکے پلڑے	تو وہی لوگ	ہی سب کامیاب ہونے والے ہیں

وَمَنْ	خَفَّتْ ❺	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
اور جو	ہلکے ہوگئے	اس کے پلڑے	تو وہی لوگ ہیں	جن	سب نے خسارے میں ڈالا

ضروری وضاحت

❶اس سے مراد "قیلولہ کرنے والے" ہیں۔❷ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔❸ اِنَّا میں نَا اور کُنَّا میں نَا دونوں کا ترجمہ "ہم" ہے۔❹ "لَ" اور نَّ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔❺ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❻ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید پیدا ہوجاتی ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔❼ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا	اپنے نفسوں کو اس وجہ سے جو تھے وہ
بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿9﴾	ہماری آیتوں کے ساتھ بے انصافی کرتے۔ ﴿9﴾
وَ لَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ	اور بلاشبہ ہم نے ٹھکانا دیا تمہیں زمین میں
وَ جَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ	اور ہم نے بنائے تمہارے لیے اس میں زندگی کے سامان
قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿10﴾ ع 1/10/8	بہت ہی کم تم شکر کرتے ہو۔ ﴿10﴾
وَ لَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ	اور بلاشبہ ہم نے پیدا کیا تمہیں
ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ	پھر ہم نے شکلیں بنائیں تمہاری
ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ	پھر ہم نے کہا فرشتوں سے (کہ) سجدہ کرو آدم کو
فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ	تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے
لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿11﴾	نہ ہوا وہ سجدہ کرنے والوں میں سے۔ ﴿11﴾
قَالَ مَا مَنَعَكَ	کہا (اللہ نے) کس (چیز) نے روکا تجھے
اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ	کہ نہ تو سجدہ کرے جبکہ میں نے حکم دیا تجھے؟

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْفُسَهُمْ : نفسانفسی، نفسیات، نظام تنفس۔	خَلَقْنٰكُمْ : خلق، مخلوق، خلقت۔
يَظْلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	صَوَّرْنٰكُمْ : شکل وصورت، مصوّر، تصویر۔
مَكَّنّٰكُمْ : مکین، مکان۔	قُلْنَا، قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اسْجُدُوْا : ساجد، مسجود، مسجد، سجدہ۔
مَعَايِشَ : معاش، معیشت، معاشی ترقی۔	اِلَّآ : الاقلیل، الا ماشاءاللہ، الا یہ کہ۔
قَلِيْلًا : قلیل وقت، قلیل مدت، قلت۔	مَنَعَكَ : منع، مانع، ممنوع، ممنوعہ علاقہ۔
تَشْكُرُوْنَ : شکر، شکریہ، شکرانہ، اظہار تشکر۔	اَمَرْتُكَ : امر، آمر، آمریت۔

اَنۡفُسَهُمۡ	بِمَا	كَانُوۡا	بِاٰيٰتِنَا	يَظۡلِمُوۡنَ ﴿9﴾
اپنے نفسوں کو	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب	ہماری آیتوں کے ساتھ	وہ سب بے انصافی کرتے

وَ	لَقَدۡ ❶	مَكَّنّٰكُمۡ ❷	فِي الۡاَرۡضِ	وَ	جَعَلۡنَا
اور	البتہ تحقیق	ہم نے ٹھکانہ دیا تمہیں	زمین میں	اور	ہم نے بنائے

ع 1 10 8

لَكُمۡ	فِيۡهَا	مَعَايِشَ ؕ	قَلِيۡلًا مَّا ❸	تَشۡكُرُوۡنَ ﴿10﴾
تمہارے لیے	اس میں	زندگی کے سامان	بہت ہی کم	تم سب شکر کرتے ہو

وَ	لَقَدۡ ❶	خَلَقۡنٰكُمۡ ❷	ثُمَّ	صَوَّرۡنٰكُمۡ	ثُمَّ
اور	البتہ تحقیق	ہم نے پیدا کیا تمہیں	پھر	ہم نے شکلیں بنائیں تمہاری	پھر

قُلۡنَا	لِلۡمَلٰٓئِكَةِ ❹	اسۡجُدُوۡا ❺	لِاٰدَمَ ۖ	فَسَجَدُوۡٓا
ہم نے کہا	فرشتوں سے (کہ)	تم سب سجدہ کرو	آدم کو	تو ان سب نے سجدہ کیا

اِلَّاۤ	اِبۡلِيۡسَ ؕ	لَمۡ يَكُنۡ	مِّنَ السّٰجِدِيۡنَ ❻ ﴿11﴾	قَالَ
سوائے	ابلیس کے	نہ وہ ہوا	سجدہ کرنے والوں میں سے	کہا (اللہ نے)

مَا	مَنَعَكَ ❼	اَلَّا	تَسۡجُدَ	اِذۡ	اَمَرۡتُكَ ؕ ❼❽
کس (چیز) نے	روکا تجھے	یہ کہ نہ	تو سجدہ کرے	جبکہ	میں نے حکم دیا تجھے

ضروری وضاحت

❶ علامت "لَ" اور قَدۡ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔ ❷ كُمۡ اگر فعل کے ساتھ ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❸ یہاں مَا زائد ہے اور اس میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❹ ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ❺ شروع میں "اُ" اور آخر میں وۡا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
❼ كَ اگر فعل کے ساتھ آئے تو ترجمہ تجھے کیا جاتا ہے۔ ❽ شروع میں "ا" الگ نہیں بلکہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ	اس نے کہا میں بہتر ہوں اس سے
خَلَقْتَنِىْ مِنْ نَّارٍ	تو نے پیدا کیا مجھے آگ سے
وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿12﴾	اور تو نے پیدا کیا اسے مٹی سے۔ ﴿12﴾
قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ	فرمایا پھر اتر جا اس (بہشت) سے پس نہ تھا (لائق)
لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ	تیرے لیے کہ تو تکبر کرے اس میں، پس نکل جا
اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿13﴾	بیشک تو ذلیل ہونے والوں میں سے ہے۔ ﴿13﴾
قَالَ اَنْظِرْنِىْٓ	اس (ابلیس) نے کہا تو مہلت دے مجھے
اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿14﴾	اس دن تک (کہ) وہ اٹھائے جائیں گے۔ ﴿14﴾
قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿15﴾	فرمایا بیشک تو مہلت دیے جانیوالوں میں سے ہے۔ ﴿15﴾
قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِىْ	اس نے کہا تو اس وجہ سے کہ تو نے گمراہ کیا مجھے
لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ	لازماً میں بیٹھوں گا ان (کو گمراہ کرنے) کے لیے
صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ ﴿16﴾	تیرے سیدھے راستے پر۔ ﴿16﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَيْرٌ : خیر و عافیت، خیریت۔	فَاخْرُجْ : خارج، خروج، اخراج، امور خارجہ۔
مِّنْهُ : منجانب، من جملہ، من وعن۔	اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
خَلَقْتَنِىْ : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يَوْمِ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
نَّارٍ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری	يُبْعَثُوْنَ : بعثت، مبعوث۔
طِيْنٍ : بدطینت انسان۔	لَاَقْعُدَنَّ : قعدہ، مقعد
تَتَكَبَّرَ : تکبر، متکبر۔	صِرَاطَكَ : پل صراط، صراط مستقیم۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔	الْمُسْتَقِيْمَ : خط مستقیم، استقامت۔

قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ ج	خَلَقْتَنِيْ ❶	مِنْ نَّارٍ
اس نے کہا	میں	بہتر ہوں	اس سے	تونے پیدا کیا مجھے	آگ سے

وَّ	خَلَقْتَهٗ	مِنْ طِيْنٍ (12)	قَالَ	فَاهْبِطْ
اور	تونے پیدا کیا اسے	مٹی سے	فرمایا (اللہ نے)	پھر اتر جا

مِنْهَا	فَمَا	يَكُوْنُ ❷	لَكَ	اَنْ	تَتَكَبَّرَ ❸	فِيْهَا
اس سے	پس نہ	تھا (لائق)	تیرے لیے	یہ کہ	تو تکبر کرے	اس میں

فَاخْرُجْ	اِنَّكَ	مِنَ الصّٰغِرِيْنَ (13)	قَالَ
پس تو نکل جا	بیشک تو	ذلیل ہونے والوں میں سے ہے	اس (ابلیس) نے کہا

اَنْظِرْنِيْٓ ❶	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ❹ (14)	قَالَ	اِنَّكَ
تو مہلت دے مجھے	اس دن تک (کہ)	وہ سب اٹھائے جائیں گے	فرمایا	بیشک تو

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ❺ (15)	قَالَ	فَبِمَآ	اَغْوَيْتَنِيْ ❶
مہلت دیے جانیوالوں میں سے ہے	اس نے کہا	تو اس وجہ سے کہ	تونے گمراہ کیا مجھے

لَاَقْعُدَنَّ ❻	لَهُمْ	صِرَاطَكَ ❼	الْمُسْتَقِيْمَ ۙ (16)
ضرور بالضرور میں بیٹھوں گا	ان کے لیے	تیرے راستے پر	سیدھے

ضروری وضاحت

❶ اگر فعل کے آخر میں نِیْ لگا ہو تو اس کے اور فعل کے درمیان "نِ" کا اضافہ کرتے ہیں۔ ❷ یہاں علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ یہاں علامت تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❹ علامت یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔ ❺ شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زبر میں دیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ علامت لَـ اور نَّ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔ ❼ كَ اگر اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمۡ	پھر ضرور میں آؤں گا ان کے پاس
مِّنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ وَ مِنۡ خَلۡفِهِمۡ	ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے
وَ عَنۡ اَيۡمَانِهِمۡ وَ عَنۡ شَمَآئِلِهِمۡ ؕ	اور ان کے دائیں سے اور ان کے بائیں سے
وَ لَا تَجِدُ اَكۡثَرَهُمۡ شٰكِرِيۡنَ ﴿17﴾	اور نہیں پائیں گے آپ انکی اکثریت کو شکر کرنیوالے ﴿17﴾
قَالَ اخۡرُجۡ مِنۡهَا مَذۡءُوۡمًا مَّدۡحُوۡرًا ؕ	فرمایا نکل جا اس سے مذمت کیا ہوا دھتکارا ہوا
لَمَنۡ تَبِعَكَ مِنۡهُمۡ	یقیناً جس نے تیری پیروی کی ان میں سے
لَاَمۡلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنۡكُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿18﴾	ضرور میں بھر دوں گا جہنم کو تم سب سے۔ ﴿18﴾
وَ يٰۤاٰدَمُ اسۡكُنۡ اَنۡتَ وَ زَوۡجُكَ الۡجَنَّةَ	اور اے آدم رہو! تم اور تمہاری بیوی جنت میں
فَكُلَا مِنۡ حَيۡثُ شِئۡتُمَا	پس دونوں کھاؤ جہاں سے تم دونوں چاہو
وَ لَا تَقۡرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ	اور مت تم دونوں قریب جانا اس درخت کے
فَتَكُوۡنَا مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿19﴾	پس دونوں ہو جاؤ گے ظالموں میں سے۔ ﴿19﴾
فَوَسۡوَسَ لَهُمَا الشَّيۡطٰنُ	تو وسوسہ ڈالا ان دونوں (کو بہکانے) کے لیے شیطان نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيۡنِ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔	اَجۡمَعِيۡنَ : جمع، جمیع، مجموعہ، اجتماع۔
خَلۡفِهِمۡ : خلف الرشید، خلافت، خلیفہ۔	اسۡكُنۡ : ساکن، سکونت، مسکن۔
شَمَآئِلِهِمۡ : شمال وجنوب، شمالی علاقہ جات۔	زَوۡجُكَ : زوجہ، زوج، ازواجِ مطہرات۔
تَجِدُ : وجود، موجود، موجودہ۔	فَكُلَا : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
شٰكِرِيۡنَ : شکر، شاکر، مشکور، اظہار تشکر۔	شِئۡتُمَا : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اخۡرُجۡ : خارج، خروج، مخرج، امور خارجہ۔	تَقۡرَبَا : قرب، قریب، قرابت۔
تَبِعَكَ : تابع فرماں، متبع سنت۔	اَلشَّجَرَةَ : شجرکاری، شجر وحجر، شجرۂ نسب۔

ثُمَّ	لَاٰتِيَنَّهُمْ (1)	مِّنْ بَيْنِ (2) اَيْدِيْهِمْ	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ
پھر	البتہ ضرور میں آؤں گا ان کے پاس	انکے آگے سے	اور	ان کے پیچھے سے

وَ	عَنْ اَيْمَانِهِمْ (3)	وَ	عَنْ شَمَآئِلِهِمْ (3) ط	وَ لَا	تَجِدُ	اَكْثَرَهُمْ
اور	ان کے دائیں سے	اور	ان کے بائیں سے	اور نہیں	آپ پائیں گے	انکی اکثریت کو

شٰكِرِيْنَ (4) (17)	قَالَ	اخْرُجْ (5)	مِنْهَا	مَذْءُوْمًا (6)	مَّدْحُوْرًا (6) ط
شکر کرنے والے	فرمایا	نکل جا	اس سے	مذمت کیا ہوا	دھتکارا ہوا

لَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	لَاَمْلَئَنَّ (1)	جَهَنَّمَ	مِنْكُمْ
یقیناً جس نے	تیری پیروی کی	ان میں سے	البتہ ضرور میں بھر دونگا	جہنم کو	تم سے

اَجْمَعِيْنَ (4)(7) (18)	وَيٰاٰدَمُ	اسْكُنْ (5)	اَنْتَ	وَ	زَوْجُكَ	الْجَنَّةَ (8)
سب سے	اور اے آدم!	رہو	تم	اور	تمہاری بیوی	جنت میں

فَكُلَا	مِنْ حَيْثُ	شِئْتُمَا	وَ	لَا تَقْرَبَا	هٰذِهِ الشَّجَرَةَ (8)
پس تم دونوں کھاؤ	جہاں سے	تم دونوں چاہو	اور	نہ تم دونوں قریب جانا	اس درخت کے

فَتَكُوْنَا	مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (19)	فَوَسْوَسَ	لَهُمَا	الشَّيْطٰنُ
پس تم دونوں ہو جاؤ گے	ظالموں میں سے	پھر وسوسہ ڈالا	ان دونوں کے لیے	شیطان نے

ضروری وضاحت

(1) "لَ" اور "نَّ" دونوں تاکید کے لیے ہیں۔ (2) اصل ترجمہ اُنکے آگے کے درمیان ہے یہاں بَيْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں
(3) اَيْمَانٌ يَمِيْنٌ کی جمع ہے اور شَمَآئِلُ شِمَالٌ کی جمع ہے۔ (4) یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (5) شروع میں
"اُ" اور آخر میں جزم ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ (6) اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "کیا ہوا" کا مفہوم
ہوتا ہے۔ (7) اَجْمَعِيْنَ پورے لفظ کا ترجمہ سب یا تمام ہے۔ (8) ة واحد مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ	تا کہ ظاہر کرے ان دونوں کے لیے جو چھپائی گئی تھیں
عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا	ان دونوں سے، ان دونوں کے ستر
وَ قَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا	اور کہا نہیں روکا تم دونوں کو تمہارے رب نے
عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا	اس درخت سے مگر (اس لیے) کہ تم دونوں ہو جاؤ
مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿20﴾	فرشتے یا ہو جاؤ ہمیشہ رہنے والوں میں سے۔ ﴿20﴾
وَ قَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ	اور اس نے قسم کھا کر کہا ان دونوں سے کہ بیشک میں
لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿21﴾	تم دونوں کیلئے یقیناً خیر خواہوں میں سے ہوں۔ ﴿21﴾
فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ	پس اس نے کھینچ لیا ان دونوں کو دھوکے سے
فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ	پھر جب ان دونوں نے چکھ لیا درخت کو
بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا	(تو) ظاہر ہو گئے ان دونوں کے لیے ان کے ستر
وَ طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا	اور دونوں چپکانے لگے اپنے اوپر (ستر ڈھانپنے کے لیے)
مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ	جنت کے پتوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيُبْدِيَ، بَدَتْ : بادی النظر۔ (ظاہری نظر سے)	مَلَكَيْنِ : ملک، ملائکہ، ملک الموت۔
مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔	الْخٰلِدِيْنَ : خالد، مخلد، خلدِ بریں۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	قَاسَمَهُمَآ : قسم کھانا، قسمیں۔
نَهٰىكُمَا : منہیات، نہی عن المنکر۔	النّٰصِحِيْنَ : وعظ و نصیحت، پند و نصائح۔
هٰذِهِ : ہذا من فضل ربی، علی ہذا القیاس۔	ذَاقَا : ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔
الشَّجَرَةِ : شجر، شجر کاری مہم، شجر و حجر۔	وَّرَقِ : ورق، اوراق۔
اِلَّآ : الّا یہ کہ، الّا ماشاء اللہ، الّا قلیل۔	الْجَنَّةِ : جنت کی نعمتیں۔

لِيُبْدِيَ ❶	لَهُمَا	مَا وٗرِيَ	عَنْهُمَا	مِنْ سَوْاٰتِهِمَا ❷❸
تاکہ وہ ظاہر کرے	ان دونوں کے لیے	جو چھپائی گئی تھیں	ان دونوں سے	ان دونوں کی شرمگاہیں

وَ	قَالَ	مَا	نَهٰكُمَا ❸	رَبُّكُمَا ❸	عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ ❹
اور	کہا	نہیں	روکا تم دونوں کو	تم دونوں کے رب نے	اس درخت سے

اِلَّآ	اَنْ	تَكُوْنَا ❺	مَلَكَيْنِ ❻	اَوْ	تَكُوْنَا ❺
مگر (اس لیے)	کہ	تم دونوں ہو جاؤ	فرشتے	یا	تم دونوں ہو جاؤ

مِنَ الْخٰلِدِيْنَ (20)	وَ قَاسَمَهُمَآ ❸	اِنِّيْ	لَكُمَا ❸
ہمیشہ رہنے والوں میں سے	اور اس نے قسم کھا کر کہا ان دونوں سے	کہ بیشک میں	تم دونوں کے لیے

لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ (21) لا	فَدَلّٰىهُمَا ❸	بِغُرُوْرٍ ج	فَلَمَّا
یقیناً خیر خواہوں میں سے ہوں	پس اس نے کھینچ لیا ان دونوں کو	دھوکے سے	پھر جب

ذَاقَا ❺	الشَّجَرَةَ ❹	بَدَتْ ❹	لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا ❸
ان دونوں نے چکھ لیا	درخت کو	(تو) ظاہر ہو گئے	ان دونوں کے لیے	ان دونوں کے ستر

وَ	طَفِقَا يَخْصِفٰنِ ❼	عَلَيْهِمَا ❽	مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ط ❹
اور	لگے وہ دونوں چپکانے	اپنے اوپر	جنت کے پتوں سے

ضروری وضاحت

❶ علامت لِ اگر فعل کے شروع میں اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ "تاکہ" کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ هُمَا کا ترجمہ ان دونوں اور كُمَا کا ترجمہ تم دونوں ہے۔ ❹ ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ لفظ کے آخر میں "ا" دو ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ ❻ علامت يْنِ دو ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ ❼ طَفِقَا میں "ا" اور يَخْصِفَانِ میں "ان" کا ملا کر ترجمہ دونوں ہے۔ ❽ هِمَا کا ترجمہ کبھی اپنا، اپنی، اپنے بھی کیا جاتا ہے۔

وَ نَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ	اور آواز دی ان دونوں کو ان کے رب نے کیا نہیں
اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ	میں نے روکا تھا تم دونوں کو اس درخت سے
وَ اَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ	اور میں نے کہا (نہ) تھا تم دونوں سے (کہ) بیشک شیطان
لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿22﴾	تم دونوں کا کھلا دشمن ہے۔ ﴿22﴾
قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ	دونوں نے کہا اے ہمارے رب! ہم نے ظلم کیا
اَنْفُسَنَا ۫ وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا	اپنی جانوں پر اور اگر نہ معاف کیا تو نے ہمیں
وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ	اور (نہ) تو نے رحم کیا ہم پر (تو) ضرور ہم ہو جائیں گے
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿23﴾	خسارہ پانیوالوں میں سے۔ ﴿23﴾
قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ	فرمایا اتر جاؤ تمہارا بعض بعض کا دشمن ہے
وَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ	اور تمہارے لیے زمین میں ٹھکانا ہے
وَّ مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿24﴾	اور فائدہ اٹھانا ہے ایک وقت تک۔ ﴿24﴾
قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ فِيْهَا	فرمایا اس میں تم زندگی گزارو گے اور اسی میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَادٰىهُمَا : ندا، منادی، ندائے ملت۔
اَنْهَكُمَا : منہیات، نہی عن المنکر۔
الشَّجَرَةِ : شجر، شجرکاری مہم، شجر و حجر۔
اَقُلْ، قَالَا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَدُوٌّ : بغض و عداوت، اعداء۔
مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
ظَلَمْنَآ : ظلم، ظالم، مظلوم۔

اَنْفُسَنَا : نفس، نفسیات، نفسانی خواہشات۔
تَغْفِرْ : استغفار، دعائے مغفرت۔
تَرْحَمْنَا : رحم و کرم، مرحوم، رحمت۔
الْخٰسِرِيْنَ : خائب و خاسر، خسارہ۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، قطعۂ ارض، کرۂ ارض۔
مُسْتَقَرٌّ : قرار، استقرار۔
مَتَاعٌ : متاعِ عزیز، متاعِ کارواں، مال و متاع۔

وَ نَادٰىهُمَا ❶	رَبُّهُمَآ ❶	اَلَمْ	اَنْهَكُمَا ❶	عَنْ تِلْكُمَا ❷ الشَّجَرَةِ ❸
اور آواز دی ان دونوں کو	ان کے رب نے	کیا نہیں	میں نے روکا تھا تم دونوں کو	اس درخت سے

وَ اَقُلْ	لَّكُمَآ ❶	اِنَّ الشَّيْطٰنَ	لَكُمَا ❶	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ (22)
اور میں نے کہا (نہ) تھا	تم دونوں سے	بیشک شیطان	تم دونوں کا	دشمن ہے	کھلا

قَالَا ❹	رَبَّنَا ❺	ظَلَمْنَآ	اَنْفُسَنَا سکتة	وَاِنْ	لَّمْ تَغْفِرْ
دونوں نے کہا	اے ہمارے رب!	ہم نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	اور اگر	نہ تو نے معاف کیا

لَنَا ❻	وَ تَرْحَمْنَا	لَنَكُوْنَنَّ ❼	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (23)
ہمیں	اور (نہ) تو نے رحم کیا ہم پر	(تو) ضرور ہم ہو جائیں گے	خسارہ پانیوالوں میں سے

قَالَ	اهْبِطُوْا ❽	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ ج
فرمایا	تم سب اتر جاؤ	تمہارا بعض	بعض کا	دشمن ہے

وَ لَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّ مَتَاعٌ
اور تمہارے لیے	زمین میں	ٹھکانا ہے	اور فائدہ اٹھانا ہے

اِلٰى حِيْنٍ (24)	قَالَ	فِيْهَا	تَحْيَوْنَ	وَ فِيْهَا
ایک وقت تک	فرمایا	اس میں	تم سب زندگی گزارو گے	اور اسی میں

ضروری وضاحت

❶ هُمَا کا ترجمہ اُن دونوں اور كُمَا کا ترجمہ تم دونوں ہے۔❷ جب تِلْكَ سے اشارہ کیا جارہا ہو اور جن کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو ہوں تو یہ تِلْكُمَا ہو جاتا ہے۔❸ ة مؤنث کی علامت ہے۔❹ ا میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔❺ رَبَّنَا کے ساتھ یَا محذوف ہے اُسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔❻ لَنَا کا اصل ترجمہ ہمارے لیے ہے یہاں ضرورتاً یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔❼ علامت "لَ" اور نَّ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔❽ شروع میں "ا" آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

ع 2/15/9

تَمُوْتُوْنَ وَ مِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿25﴾ ع	تم مروگے اور اسی سے تم (قیامت کے دن) نکالے جاؤ گے ﴿25﴾ ع
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا	اے آدم کی اولاد! بلاشبہ ہم نے اتارا تم پر لباس
يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَ رِيْشًا ؕ	(جو) چھپاتا ہے تمہارے ستر کو اور زینت (بنادیا)
وَ لِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ	اور تقوٰی کا لباس وہ سب سے بہتر ہے،
ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ	یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿26﴾	تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ ﴿26﴾
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ	اے آدم کی اولاد! (کہیں) فتنے میں نہ ڈالے تمہیں
الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ	شیطان جس طرح اس نے نکلوادیا تھا تمہارے ماں باپ کو
مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا	جنت سے وہ اتروا تا تھا ان دونوں سے ان کا لباس
لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ	تاکہ وہ دکھائے انہیں انکے ستر، بیشک وہ دیکھتا ہے تمہیں
وَ قَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ	وہ اور اس کا قبیلہ جہاں سے نہیں تم دیکھتے انہیں
اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ	بیشک ہم نے بنایا ہے شیاطین کو دوست

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَمُوْتُوْنَ : موت وحیات، حیات بعد الموت۔
تُخْرَجُوْنَ : خارج، خروج، مخرج، وزیر خارجہ۔
يٰبَنِيْٓ : بنی اسرائیل، محمد بن قاسم۔
اَنْزَلْنَا : نازل، نزول، منزل۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
التَّقْوٰى : تقوٰی، متقی۔
يَذَّكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکیر۔

لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
يَفْتِنَنَّكُمْ : فتنہ، فتنہ انگیزی، فتان۔
اَبَوَيْكُمْ : آباؤاجداد، آبائی شہر۔
لِيُرِيَهُمَا : مرئی وغیرمرئی، رؤیت ہلال کمیٹی۔
قَبِيْلُهٗ : قبیلہ، قبائل، قبائلی نظام۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔

ع 2/15/9

تَمُوْتُوْنَ	وَ مِنْهَا	تُخْرَجُوْنَ ﴿25﴾ ع ❶	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	قَدْ ❷
تم سب مروگے	اور اسی سے	تم سب نکالے جاؤگے	اے آدم کی اولاد!	بلاشبہ

اَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمْ	لِبَاسًا	يُّوَارِيْ	سَوْاٰتِكُمْ	وَ رِيْشًا ط
ہم نے اُتارا	تم پر	لباس	وہ چھپاتا ہے	تمہارے ستر کو	اور زینت ہے

وَ	لِبَاسُ التَّقْوٰى لا	ذٰلِكَ	خَيْرٌ ط	ذٰلِكَ ❸	مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ❹
اور	تقویٰ کا لباس	وہ	سب سے بہتر ہے	یہ	اللہ کی نشانیوں میں سے ہے

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿26﴾ ❺	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	لَا يَفْتِنَنَّكُمُ ❻	الشَّيْطٰنُ
تاکہ وہ سب نصیحت حاصل کریں	اے آدم کی اولاد!	ہرگز نہ فتنے میں ڈالے تمہیں	شیطان

كَمَآ	اَخْرَجَ ❼	اَبَوَيْكُمْ	مِّنَ الْجَنَّةِ ❹	يَنْزِعُ	عَنْهُمَا	لِبَاسَهُمَا
جس طرح	اس نے نکلوادیا تھا	تمہارے ماں باپ کو	جنت سے	وہ اتروا تا تھا	ان دونوں سے	ان کا لباس

لِيُرِيَهُمَا	سَوْاٰتِهِمَا	اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ ❽	وَ	قَبِيْلُهٗ
تاکہ وہ دکھائے ان دونوں کو	ان دونوں کے ستر	بیشک وہ دیکھتا ہے تمہیں	اور	اس کا قبیلہ

مِنْ حَيْثُ	لَا تَرَوْنَهُمْ ط	اِنَّا جَعَلْنَا ❾	الشَّيٰطِيْنَ	اَوْلِيَآءَ
جہاں سے	نہیں تم سب دیکھتے انہیں	بیشک ہم نے بنایا ہے	شیاطین کو	دوست

ضروری وضاحت

❶ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ قَدْ تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❸ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے۔ ❹ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ علامت هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❻ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ "ا" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے جیسے: خَرَجَ وہ نکلا سے اَخْرَجَ اس نے نکالا۔ ❽ ہٗ، يَ اور هُوَ تینوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❾ اِنَّا میں نَا اور جَعَلْنَا میں نَا دونوں کا ترجمہ ہم نے ہے۔

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (27)	ان لوگوں کا جو ایمان نہیں لاتے۔ (27)
وَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا	اور جب وہ کریں کوئی بے حیائی (کا کام تو) کہتے ہیں
وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا	ہم نے پایا اس پر اپنے باپ دادا کو
وَ اللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ	اور اللہ نے حکم دیا ہے ہمیں اس کا
قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ	کہہ دیجیے بیشک اللہ نہیں حکم دیتا بے حیائی کا
اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (28)	کیا تم کہتے ہو اللہ پر (وہ بات) جو نہیں تم جانتے۔ (28)
قُلْ اَمَرَ رَبِّىْ بِالْقِسْطِ ۟	کہہ دیجیے حکم دیا ہے میرے رب نے انصاف کا
وَ اَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ	اور سیدھا رکھو اپنے چہروں (کے رخ) کو ہر نماز کے وقت
وَّ ادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ	اور پکارو اسے خالص کرتے ہوئے اس کے لیے
الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ	دین کو، جیسا کہ اس نے ابتدا کی تمہاری
تَعُوْدُوْنَ ؕ (29)	(ویسے ہی) تم لوٹو گے۔ (یعنی دوبارہ پیدا ہوگے) (29)
فَرِيْقًا هَدٰى وَ فَرِيْقًا	ایک فریق کو اس نے ہدایت دی اور ایک فریق (کہ)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔	عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔	تَعْلَمُوْنَ : عمل، معمول، تعمیل، معمولات۔
فَاحِشَةً : فحاشی، فحش گوئی۔	بِالْقِسْطِ : قسط، اقساط۔
قَالُوْا، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔	اَقِيْمُوْا : قائم، قیام، مقیم۔
وَجَدْنَا : وجود، موجود، موجودات۔	وُجُوْهَكُمْ : علی وجہ البصیرت، توجہ، متوجہ ہونا۔
اٰبَآءَنَا : آباؤاجداد، آبائی شہر۔	ادْعُوْهُ : دعوت، مدعوّ، دعا۔
اَمَرَنَا، يَاْمُرُ : امر، آمر، آمریت، مأمور۔	تَعُوْدُوْنَ : بیماری عود کر آئی، اعادہ۔

لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ (27) ❶	وَ اِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً ❷❸
ان لوگوں کا جو	نہیں وہ سب ایمان لاتے	اور جب	وہ سب کریں	کوئی بے حیائی (کا کام تو)

قَالُوْا	وَجَدْنَا	عَلَيْهَآ	اٰبَآءَنَا ❹	وَاللّٰهُ	اَمَرَنَا	بِهَا ؕ
سب کہتے ہیں	ہم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا کو	اور اللہ نے	حکم دیا ہے ہمیں	اس کا

قُلْ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَاْمُرُ ❺	بِالْفَحْشَآءِ ؕ	اَ	تَقُوْلُوْنَ
کہہ دیجیے	بیشک اللہ	نہیں حکم دیتا	بے حیائی کا	کیا	تم سب کہتے ہو

عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ (28) ❶	قُلْ	اَمَرَ	رَبِّيْ
اللہ پر	جو	نہیں تم سب جانتے	کہہ دیجیے	حکم دیا ہے	میرے رب نے

بِالْقِسْطِ قف	وَ اَقِيْمُوْا	وُجُوْهَكُمْ	عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ ❻
انصاف کا	اور تم سب سیدھا رکھو	اپنے چہروں (کے رخ) کو	ہر نماز کے وقت

وَ	ادْعُوْهُ ❼	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ ؕ	كَمَا
اور	تم سب پکارو اسے	سب خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے	دین کو	جیسا کہ

بَدَاَكُمْ	تَعُوْدُوْنَ (29)	فَرِيْقًا ❸	هَدٰى	وَ فَرِيْقًا ❸
اس نے ابتدا کی تمہاری	تم سب لوٹو گے	ایک فریق کو	اس نے ہدایت دی	اور ایک فریق

ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس فعل میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❹ نَا اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❻ یہاں مسجد کا ترجمہ سجدے کا وقت اور اس سے مراد نماز ہے۔ ❼ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا ا گر جاتا ہے

حَقَّ عَلَيۡهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ	ثابت ہوگئی ان پر گمراہی، بیشک انہوں نے
اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيۡنَ اَوۡلِيَآءَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	بنالیا شیطانوں کو دوست اللہ کے سوا
وَ يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ﴿30﴾	اور وہ گمان کرتے ہیں کہ بیشک وہ ہدایت یافتہ ہیں ﴿30﴾
يٰبَنِيۡۤ اٰدَمَ خُذُوۡا زِيۡنَتَكُمۡ	اے آدم کی اولاد! پکڑو (اختیار کرو) اپنی زینت
عِنۡدَ كُلِّ مَسۡجِدٍ وَّ كُلُوۡا وَ اشۡرَبُوۡا	ہر نماز کے وقت اور کھاؤ اور پیو
وَ لَا تُسۡرِفُوۡا ۚ اِنَّهٗ	اور نہ اسراف کرو، بیشک وہ
لَا يُحِبُّ الۡمُسۡرِفِيۡنَ ﴿31﴾ ع	نہیں پسند کرتا اسراف کرنے والوں کو۔ ﴿31﴾ ع
قُلۡ مَنۡ حَرَّمَ زِيۡنَةَ اللّٰهِ الَّتِيۡۤ	کہہ دیجیے کس نے حرام کی ہے اللہ کی زینت جو
اَخۡرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّيِّبٰتِ	اس نے نکالی (پیدا کی) اپنے بندوں کے لیے اور پاکیزہ چیزیں
مِنَ الرِّزۡقِ ؕ قُلۡ هِىَ لِلَّذِيۡنَ	رزق سے؟ کہہ دیجیے وہ ان لوگوں کے لیے ہیں جو
اٰمَنُوۡا فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا	ایمان لائے دنیوی زندگی میں
خَالِصَةً يَّوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ	(اور) خالص ہونگی (ان کے لیے) قیامت کے دن،

ع 3/6/10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الضَّلٰلَةُ : ضلالت (گمراہی)۔	اشۡرَبُوۡا : اکل وشرب، شربت، مشروبات۔
اتَّخَذُوا : اخذ، ماٴخوذ، مواخذہ۔	تُسۡرِفُوۡا : اسراف۔
اَوۡلِيَآءَ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لامحدود۔
مُّهۡتَدُوۡنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	يُحِبُّ : حُب، محبوب، محبت، حبیب۔
زِيۡنَتَكُمۡ : زیب وزینت، مزین، تزئین۔	حَرَّمَ : حلال وحرام، حلت وحرمت۔
عِنۡدَ : عنداللہ ماٴجور ہوں، عندالطلب۔	اَخۡرَجَ : خارج، خروج، مخرج۔
كُلُوۡا : اکل وشرب، ماٴکولات۔	الۡحَيٰوةِ : حیات بعدالموت، حیاتیات۔

حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الضَّلٰلَةُ[1] ؕ	اِنَّهُمُ	اتَّخَذُوا	الشَّيٰطِيْنَ	اَوْلِيَآءَ
ثابت ہوگئی	ان پر	گمراہی	بیشک ان	سب نے بنالیا	شیطانوں کو	دوست

مِنْ دُوْنِ[2] اللّٰهِ	وَ	يَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ (30)
اللہ کے سوا	اور	وہ سب گمان کرتے ہیں	کہ بیشک وہ	سب ہدایت یافتہ ہیں

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	خُذُوْا	زِيْنَتَكُمْ	عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ	وَّ كُلُوْا
اے آدم کی اولاد	سب پکڑو (اختیار کرو)	اپنی زینت	ہر سجدے (نماز) کے وقت	اور تم سب کھاؤ

وَ اشْرَبُوْا	وَ	لَا تُسْرِفُوْا[3] ۚ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ[4]	الْمُسْرِفِيْنَ[5] (31) ع
اور تم سب پیو	اور	مت تم سب اسراف کرو	بیشک وہ	نہیں پسند کرتا	اسراف کرنیوالوں کو

ع 3 6 10

قُلْ	مَنْ حَرَّمَ	زِيْنَةَ[1] اللّٰهِ	الَّتِيْٓ	اَخْرَجَ[6]	لِعِبَادِهٖ
کہہ دیجیے	کس نے حرام کی ہے	اللہ کی زینت	جو	اس نے نکالی	اپنے بندوں کے لیے

وَالطَّيِّبٰتِ[1]	مِنَ الرِّزْقِ ؕ	قُلْ	هِيَ	لِلَّذِيْنَ
اور پاکیزہ چیزیں	رزق سے	کہہ دیجیے	وہ	ان لوگوں کے لیے ہیں جو

اٰمَنُوْا	فِي الْحَيٰوةِ[1] الدُّنْيَا	خَالِصَةً[1]	يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ[1] ؕ
سب ایمان لائے	دنیوی زندگی میں	(اور) خالص ہونگی (ان کے لیے)	قیامت کے دن

ضروری وضاحت

❶ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اگر لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ موجود ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں "ا" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے جیسے: خَرَجَ: وہ نکلا، اَخْرَجَ: اس نے نکالا، نَزَلَ: اترا، اَنْزَلَ: اتارا۔

كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ	اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں آیات کو
لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿32﴾	اس قوم کے لیے (جو) جانتے ہیں۔ ﴿32﴾
قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ	کہہ دیجیے، درحقیقت حرام کیا ہے میرے رب نے
الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا	بے حیائی کی باتوں کو جو ظاہر ہیں ان میں سے
وَ مَا بَطَنَ وَ الْاِثْمَ وَ الْبَغْيَ	اور جو چھپی ہوئی ہیں اور گناہ کو اور بغاوت کو
بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ اَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ	ناحق طریقے سے اور یہ کہ تم شریک ٹھہراؤ اللہ کے ساتھ
مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا	جو (کہ) نہیں اس نے اتاری اس کی کوئی دلیل
وَّ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿33﴾	اور یہ کہ تم کہو اللہ پر (وہ بات) جو تم نہیں جانتے ہو۔ ﴿33﴾
وَ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ	اور ہر امت کے لیے ایک وقت (مقرر) ہے
فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	پھر جب آجاتا ہے ان کا وقت (تو) نہیں پیچھے ہوتے
سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿34﴾	ایک لحظہ (کے لیے) اور نہ وہ آگے ہوتے ہیں۔ ﴿34﴾
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ	اے آدم کی اولاد! اگر واقعی آئیں تمہارے پاس رسول

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُفَصِّلُ : تفصیل، مفصل، تفصیلات۔
لِقَوْمٍ : قوم، اقوام، قومیت۔
يَّعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَرَّمَ : حلال و حرام، حلت و حرمت۔
الْفَوَاحِشَ : فحش حرکات، فحاشی و عریانی۔
مَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
ظَهَرَ : ظاہر و باطن، ظاہری طور پر، ظہور۔

الْبَغْيَ : باغی، بغاوت۔
تُشْرِكُوْا : شرک، شریک، مشرک۔
يُنَزِّلْ : نازل، نزول، منزل۔
اَجَلٌ : اجل، مہر مؤجل۔
يَسْتَاْخِرُوْنَ : مؤخر، تاخیر۔
سَاعَةً : ساعتِ سعید، بابرکت ساعتوں میں۔
يَسْتَقْدِمُوْنَ : تقدیم و تاخیر، مقدم۔

كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ ❶	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ (32)
اسی طرح	ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں	آیات کو	اس قوم کے لیے	(جو) وہ سب جانتے ہیں

قُلْ	اِنَّمَا ❷	حَرَّمَ	رَبِّیَ	الْفَوَاحِشَ	مَا ظَهَرَ	مِنْهَا
کہہ دیجیے	درحقیقت	حرام کیا ہے	میرے رب نے	بے حیائی کو	جو ظاہر ہیں	ان میں سے

وَ مَا	بَطَنَ	وَالْاِثْمَ	وَ الْبَغْيَ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَ اَنْ
اور جو	چھپی ہوئی ہیں	اور گناہ کو	اور بغاوت کو	ناحق (طریقے) سے	اور یہ کہ

تُشْرِكُوْا	بِاللّٰهِ	مَا لَمْ	يُنَزِّلْ ❸	بِهٖ	سُلْطٰنًا ❹	وَّ اَنْ
تم سب شریک ٹھہراؤ	اللہ کے ساتھ	جو نہیں	اُتاری اس نے	اس کی	کوئی دلیل	اور یہ کہ

تَقُوْلُوْا	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ ❺ (33)	وَ	لِكُلِّ اُمَّةٍ ❶
تم سب کہو	اللہ پر (وہ بات)	جو	نہیں تم سب جانتے	اور	ہر اُمت کے لیے

اَجَلٌ ❹	فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ❺	سَاعَةً ❶❹
ایک وقت ہے	پھر جب	آجاتا ہے	ان کا وقت	نہیں وہ سب پیچھے ہوتے	ایک لحظہ

وَّ	لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ❺ (34)	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	اِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ ❻	رُسُلٌ
اور	نہ وہ سب آگے ہوتے ہیں	اے آدم کی اولاد!	اگر	واقعی آئیں تمہارے پاس	رسول

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ اِنَّ کے ساتھ اگر مَا لگ جائے تو تاکید میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ ❸ علامت یَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ اس نے کیا گیا ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْنَ ہو تو اس فعل میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ❻ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے جبکہ نَّ فعل کے آخر میں تاکید کے لیے ہے، اسی لیے ترجمہ واقعی کیا گیا ہے۔

مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ	تم میں سے (جو) بیان کریں تم پر میری آیات
فَمَنِ اتَّقٰى وَ اَصْلَحَ فَلَا	تو جس نے تقویٰ اختیار کیا اور اصلاح کر لی تو نہیں
خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿35﴾	کوئی خوف ہوگا ان پر اور نہ وہ غمگین ہونگے۔ ﴿35﴾
وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو
وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	اور تکبر کیا ان (کو ماننے) سے وہی ہیں دوزخ والے
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿36﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿36﴾
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى	پھر کون بڑا ظالم ہے اس سے جس نے باندھا
عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ	اللہ پر جھوٹ یا جھٹلایا اس کی آیات کو،
اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ	یہ وہ لوگ ہیں کہ پہنچے گا انکو ان کا حصہ لکھے ہوئے سے
حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا	یہاں تک کہ جب آئیں گے انکے پاس ہمارے فرشتے
يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْۤا اَيْنَ	فوت کریں گے انہیں، (تو) وہ کہیں گے کہاں ہیں
مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ	جنہیں تھے تم پکارتے اللہ کے سوا؟

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْكُمْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔	وَاسْتَكْبَرُوْا : کبر، کبیر، تکبیر، تکبر۔
يَقُصُّوْنَ : قصہ گوئی، قصہ کہانی۔	اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	خٰلِدُوْنَ : خلد بریں۔
اَصْلَحَ : اصلاح، اصلاحی، مصالحت۔	اَظْلَمُ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
خَوْفٌ : خوف، خائف۔	افْتَرٰى : کذب افترا، مفتری۔
يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔	نَصِيْبُهُمْ : نصیب اپنا اپنا۔
كَذَّبُوْا، كَذِبًا : کذب وافترا، کذاب۔	يَتَوَفَّوْنَهُمْ : فوت، وفات، فوتگی۔

مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ ❶ لا	فَمَنِ اتَّقٰى	وَ اَصْلَحَ ❷
تم میں سے	وہ سب بیان کریں	تم پر	میری آیات	پھر جو متقی بن گیا	اور اس نے اصلاح کرلی

فَلَا	خَوْفٌ ❸	عَلَيْهِمْ	وَ لَا	هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❹ (35)	وَ الَّذِيْنَ
تو نہیں	کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ سب غمگین ہونگے	اور وہ لوگ جن

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا ❶	وَاسْتَكْبَرُوْا	عَنْهَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ج
سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور سب نے تکبر کیا	ان سے	وہی	دوزخ والے ہیں

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ❺ (36)	فَمَنْ	اَظْلَمُ ❻	مِمَّنِ ❼	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	پھر کون	بڑا ظالم ہے	اس سے جس نے	باندھا	اللہ پر

كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ ❶ ط	اُولٰٓئِكَ	يَنَالُهُمْ ❽	نَصِيْبُهُمْ
جھوٹ	یا جھٹلایا	اس کی آیات کو	یہ وہ لوگ ہیں	پہنچے گا ان کو	ان کا حصہ

مِّنَ الْكِتٰبِ ط	حَتّٰٓى اِذَا	جَآءَتْهُمْ ❶	رُسُلُنَا	يَتَوَفَّوْنَهُمْ ❺ لا
لکھے ہوئے سے	یہاں تک کہ جب	آئیں گے انکے پاس	ہمارے قاصد	وہ فوت کریں گے انہیں

قَالُوْٓا	اَيْنَ	مَا	كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ ❾	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❿ ط
(تو) وہ سب کہیں گے	کہاں ہیں	جنہیں	تھے تم سب پکارتے	اللہ کے سوا

ضروری وضاحت

❶ ات، تْ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❷ ”اَ“ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❹ هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❺ وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ”ا“ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ❽ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❾ تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❿ مِنْ کے بعد اگر لفظ دُوْنَ موجود ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا	وہ کہیں گے وہ گم ہو گئے ہم سے
وَ شَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ	اور وہ گواہی دیں گے اپنے نفسوں پر (یعنی اپنے خلاف)
اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ (37)	کہ بیشک وہ تھے کفر کرنے والے۔ (37)
قَالَ ادْخُلُوْا فِيْۤ اُمَمٍ	فرمائے گا داخل ہو جاؤ ان امتوں (کی ہمراہی) میں
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ	(جو) تحقیق گزر چکیں تم سے قبل جنوں سے
وَ الْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ	اور انسانوں سے آگ میں، جب داخل ہو گی
اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ	کوئی امت (تو) وہ لعنت کریگی اپنی (مذہبی) بہن (دوسری امت) کو
حَتّٰۤى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ	یہاں تک کہ جب اکٹھے ہو نگے اس میں سب
قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ	(تو) کہے گی انکی پچھلی (جماعت) اپنے سے پہلی کے متعلق
رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا	اے ہمارے رب! یہ ہیں (جنھوں نے) گمراہ کیا تھا ہمیں
فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ۬	پس دے انہیں دگنا عذاب آگ سے،
قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ	فرمائے گا ہر ایک کے لیے دگنا (عذاب) ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
ضَلُّوْا : ضلالت۔ (گمراہی)
شَهِدُوْا : شاہد، شہادت۔
اَنْفُسِهِمْ : نفسیات، نفسانفسی۔
كٰفِرِيْنَ : کافر، کفر، کفار۔
ادْخُلُوْا، دَخَلَتْ : داخل، دخول، داخلی مسائل۔
اُمَمٍ، اُمَّةٌ : امت، امتِ مسلمہ، امم متحدہ۔

قَبْلِكُمْ : قبل از وقت، قبل از غذا، قبل اس کے۔
لَّعَنَتْ : لعنت، ملعون، لعنتی۔
اُخْتَهَا : اخوت، مواخات۔
حَتّٰۤى : حتی الامکان، حتی الوسعت، حتیٰ کہ۔
جَمِيْعًا : جمع، جمیع، جماعت، اجتماع۔
اُخْرٰىهُمْ : دنیا و آخرت، اُخروی کامیابی۔
ضِعْفًا : ذُو اضعاف اقل۔

قَالُوۡا	ضَلُّوۡا	عَنَّا	وَ شَهِدُوۡا	عَلٰۤى اَنۡفُسِهِمۡ ❶
وہ سب کہیں گے	وہ سب گم ہوگئے	ہم سے	اور وہ سب گواہی دیں گے	اپنے نفسوں پر

اَنَّهُمۡ	كَانُوۡا كٰفِرِيۡنَ ❷ (37)	قَالَ	ادۡخُلُوۡا ❸	فِىۡۤ اُمَمٍ
کہ بیشک وہ	تھے سب کفر کرنے والے	فرمائے گا	تم سب داخل ہوجاؤ	ان امتوں میں

قَدۡ خَلَتۡ ❹❺	مِنۡ قَبۡلِكُمۡ	مِّنَ الۡجِنِّ	وَ الۡاِنۡسِ
(جو) تحقیق گزر چکیں	تم سے پہلے	جنوں سے	اور انسانوں سے

فِى النَّارِ ؕ	كُلَّمَا	دَخَلَتۡ ❺	اُمَّةٌ ❺	لَّعَنَتۡ ❺	اُخۡتَهَا ؕ
آگ میں	جب	داخل ہوگی	کوئی امت	لعنت کرے گی	اپنی (مذہبی) بہن (دوسری) کو

حَتّٰۤى اِذَا	ادَّارَكُوۡا ❻	فِيۡهَا	جَمِيۡعًا ۙ	قَالَتۡ ❺
یہاں تک کہ جب	سب اکٹھے ہونگے	اس میں	سب	(تو) کہے گی

اُخۡرٰٮهُمۡ	لِاُوۡلٰٮهُمۡ ❼	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَاۤءِ	اَضَلُّوۡنَا ❽
انکی پچھلی	اپنے سے پہلی کے متعلق	اے ہمارے رب!	یہ ہیں (جن)	سب نے گمراہ کیا تھا ہمیں

فَاٰتِهِمۡ	عَذَابًا ضِعۡفًا	مِّنَ النَّارِ ؕ	قَالَ	لِكُلٍّ	ضِعۡفٌ
پس دے انہیں	دگنا عذاب	آگ سے	فرمائے گا	ہر ایک کے لیے	دگنا ہے

ضروری وضاحت

❶ اس سے مراد اپنے نفسوں کے خلاف ہے۔ ❷ وۡا اور يۡنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❸ شروع میں ا اور آخر میں وۡا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ قَدۡ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❺ علامت تۡ اور ۃ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ ادَّارَكُوۡا یعنی جب جہنم میں بعد میں داخل ہونے والے پہلے داخل ہونے والوں سے ملیں گے۔ ❼ لِ کا اصل ترجمہ لیے ہوتا ہے یہاں ضرورتاً مذکورہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❽ اَ میں فعل کے معنی میں تبدیلی کا مفہوم ہے۔

وَّ لٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿38﴾	اور لیکن تم نہیں جانتے۔ ﴿38﴾
وَ قَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ	اور کہے گی ان کی پہلی اپنی پچھلی (جماعت) سے
فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ	پس نہیں ہے تمہارے لیے ہم پر کوئی فضل (برتری)
فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿39﴾ ع 4/8/11	تو چکھو عذاب اس وجہ سے جو تھے تم کماتے۔ ﴿39﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو
وَ اسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ	اور تکبر کیا ان (کو قبول کرنے) سے نہیں کھولے جائیں گے
لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ	انکے لیے آسمان کے دروازے
وَ لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى	اور نہ وہ داخل ہونگے جنت میں یہاں تک کہ
يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ	داخل ہو جائے اونٹ سوئی کے ناکے میں
وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿40﴾	اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں مجرموں کو۔ ﴿40﴾
لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ	ان کے لیے جہنم ہی کا بچھونا ہوگا
وَّ مِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ	اور ان کے اوپر (اسی کا) اوڑھنا ہوگا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	اسْتَكْبَرُوْا : کبر، تکبیر، متکبر، تکبر۔
قَالَتْ : قول، اقوال، مقولہ۔	تُفَتَّحُ : فتح، فاتح، مفتوح، افتتاح۔
اُوْلٰىهُمْ : اوّل، قرونِ اولیٰ۔	اَبْوَابُ : باب، ابواب، باب السلام۔
فَضْلٍ : اللہ کا فضل، فضلِ الٰہی۔	السَّمَآءِ : ارض و سما، آفاتِ سماوی۔
فَذُوْقُوا : ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔	يَدْخُلُوْنَ : داخل، دخول، وزیرِ داخلہ۔
تَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، کسبی۔	نَجْزِي : جزا و سزا، جزائے خیر۔
كَذَّبُوْا : کاذب، کذاب، کذب بیانی، تکذیب۔	فَوْقِهِمْ : فوق، فوقیت، مافوق الاسباب۔

وَّ لٰكِنْ	لَّا تَعْلَمُوْنَ ❶ (38)	وَ قَالَتْ ❷	اُوْلٰىهُمْ	لِاُخْرٰىهُمْ ❸
اور لیکن	نہیں تم سب جانتے	اور کہے گی	ان کی پہلی	اپنی پچھلی (جماعت) سے

فَمَا	كَانَ ❹	لَكُمْ	عَلَيْنَا	مِنْ فَضْلٍ ❺❻	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ
پس نہیں	ہے	تمہارے لیے	ہم پر	کوئی فضل (برتری)	تو تم سب چکھو	عذاب

ع 4 8 11

بِمَا	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ❼ ع (39)	اِنَّ الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا ❷
اس وجہ سے جو	تھے تم سب کماتے	بیشک وہ لوگ جن	سب نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

وَ اسْتَكْبَرُوْا	عَنْهَا	لَا تُفَتَّحُ ❽	لَهُمْ	اَبْوَابُ السَّمَآءِ
اور سب نے تکبر کیا	ان (کو قبول کرنے) سے	نہیں کھولے جائیں گے	ان کے لیے	دروازے آسمان کے

وَ	لَا يَدْخُلُوْنَ ❶	الْجَنَّةَ ❷	حَتّٰى	يَلِجَ ❾	الْجَمَلُ
اور	نہ وہ سب داخل ہونگے	جنت میں	یہاں تک کہ	داخل ہوجائے	اُونٹ

فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ط	وَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُجْرِمِيْنَ (40)
سوئی کے ناکے میں	اور	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	سب مجرموں کو

لَهُمْ	مِّنْ جَهَنَّمَ	مِهَادٌ	وَّ	مِنْ فَوْقِهِمْ	غَوَاشٍ ط
ان کے لیے	جہنم سے	بچھونا ہوگا	اور	ان کے اوپر سے	(اسی کا) اوڑھنا ہوگا

ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہوتو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ تْ، ۃ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ لِ سے پہلے اگر قَالَ وغیرہ ہوں تو اس لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔ ❹ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا اور کبھی ہے کیا جاتا ہے۔ ❺ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❽ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❾ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿41﴾	اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ظالموں کو۔ ﴿41﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے
الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا	نیک، نہیں ہم تکلیف دیتے کسی جان کو مگر
وُسْعَهَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ	اسکی طاقت کے مطابق، وہی لوگ ہیں جنت والے،
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿42﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿42﴾
وَ نَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ	اور ہم نکال ڈالیں گے جو انکے سینوں میں کوئی کینہ ہوگا
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ	بہتی ہوں گی ان کے نیچے سے نہریں
وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ	اور وہ کہیں گے سب تعریف اللہ کے لیے ہے
الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۗ وَ مَا كُنَّا	جس نے ہدایت دی ہمیں اس کی اور نہ تھے ہم
لِنَهْتَدِيَ لَوْ لَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ	کہ ہدایت پاتے اگر نہ یہ کہ اللہ ہمیں ہدایت دیتا
لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ	بلاشبہ آئے ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ
وَ نُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ	اور وہ آواز دیے جائیں گے کہ یہ جنت ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، ظلمت۔	صُدُوْرِهِمْ : شرح صدر، شق صدر۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔	تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
عَمِلُوا : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔	تَحْتِهِمُ : تحت اللفظ، تحت الشعور، ماتحت۔
نُكَلِّفُ : مکلّف، تکلیف۔	قَالُوا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
وُسْعَهَاۤ : وسعت، وسیع۔	اَلْحَمْدُ : حمد وثنا، حامد، محمود۔
خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔	هَدٰىنَا، لِنَهْتَدِيَ : ہادی، ہدایت، مہدی۔
نَزَعْنَا : حالتِ نزع۔	لِهٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔

وَ كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الظّٰلِمِيْنَ (41)	وَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اوراسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	سب ظالموں کو	اور وہ لوگ جو	سب ایمان لائے

وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❶	لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا ❷	اِلَّا وُسْعَهَآ ز
اورسب نے عمل کیے	نیک	نہیں ہم تکلیف دیتے	کسی جان کو	مگر اسکی طاقت کیمطابق

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ج ❶	هُمْ فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (42)	وَ نَزَعْنَا
وہی لوگ	جنت والے ہیں	وہ اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور ہم نکال ڈالیں گے

مَا	فِيْ صُدُوْرِهِمْ	مِّنْ غِلٍّ ❷❸	تَجْرِیْ ❶	مِنْ تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ ج
جو	انکے سینوں میں	کوئی کینہ ہوگا	بہتی ہوں گی	ان کے نیچے سے	نہریں

وَقَالُوا	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	الَّذِیْ	هَدٰىنَا	لِهٰذَا قف	وَ مَا
اور وہ سب کہیں گے	سب تعریف اللہ کے لیے ہے	جس نے	ہدایت دی ہمیں	اس کی	اور نہ

كُنَّا لِنَهْتَدِیَ ❹	لَوْ لَآ	اَنْ	هَدٰىنَا	اللّٰهُ ج	لَقَدْ ❺	جَآءَتْ ❶
تھے ہم کہ ہدایت پاتے	اگر نہ	یہ کہ	ہدایت دیتا ہمیں	اللہ	بلاشبہ	آئے

رُسُلُ رَبِّنَا	بِالْحَقِّ ج	وَ نُوْدُوْٓا	اَنْ تِلْكُمُ ❻	الْجَنَّةُ ❶
ہمارے رب کے رسول	حق کے ساتھ	اور وہ سب آواز دیے جائینگے	کہ یہ ہے	جنت

ضروری وضاحت

❶ ات، ة، تہ اور تْ سب مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ کسی یا کوئی کیا گیا ہے۔ ❸ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ كُنَّا کی نَا اور علامت نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❺ لَ + قَدْ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔ ❻ جب تِلْكَ سے اشارہ کیا جارہا ہو اور جن کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ تِلْكُمْ ہو جاتا ہے، البتہ معنی وہی رہتا ہے۔

اُوْرِثْتُمُوْهَا	تم وارث بنائے گئے ہو اس کے
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾	اس وجہ سے جو تھے تم عمل کرتے۔ ﴿43﴾
وَ نَادٰۤی اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ	اور آواز دیں گے جنت والے دوزخ والوں کو
اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا	کہ واقعی ہم نے پایا ہے جو وعدہ کیا تھا ہم سے
رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ	ہمارے رب نے (اس کو) سچ، تو کیا تم نے (بھی) پایا ہے
مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ	جو وعدہ کیا تھا تمہارے رب نے سچا، وہ کہیں گے ہاں!
فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَیْنَهُمْ	تو اعلان کرے گا ایک اعلان کرنیوالا انکے درمیان
اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِیْنَ ۙ﴿44﴾	کہ اللہ کی لعنت ہو ظالموں پر۔ ﴿44﴾
الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ	وہ لوگ جو روکتے تھے اللہ کے راستے سے
وَ یَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ	اور تلاش کرتے تھے اس میں کجی
وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿45﴾	اور وہ آخرت کا انکار کرنے والے تھے۔ ﴿45﴾
وَ بَیْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ	اور ان دونوں کے درمیان ایک پردہ ہوگا

وقف لازم باختلاف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُوْرِثْتُمُوْهَا : وارث، وراثت، ورثہ، موروثی۔	فَاَذَّنَ، مُؤَذِّنٌ : اذان، مؤذن۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	بَیْنَهُمْ : بین الاقوامی، بین المذاہب، بین بین۔
نَادٰی : ندا، منادی، ندائے ملت۔	لَّعْنَةُ : لعنت وملامت، لعین، لعنتی۔
النَّارِ : نوری وناری مخلوق۔	الظّٰلِمِیْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
وَجَدْنَا : وجود، موجود، موجودہ حالات۔	سَبِیْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
وَعَدَنَا : وعدہ وفا کرنا، وعدہ خلافی۔	كٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	حِجَابٌ : حجاب۔ (پردہ)

الثلثة

اُوْرِثْتُمُوْهَا❶	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ❷ (43)	وَنَادٰٓى
تم سب وارث بنائے گئے ہو اس کے	اس وجہ سے جو	تھے تم سب عمل کرتے	اور آواز دیں گے

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ❸	اَصْحٰبَ النَّارِ	اَنْ	قَدْ❹	وَجَدْنَا❺
جنت والے	دوزخ والوں کو	کہ	واقعی	ہم نے پایا ہے

مَا	وَعَدَنَا	رَبُّنَا	حَقًّا	فَهَلْ	وَجَدْتُّمْ	مَّا وَعَدَ
جو	وعدہ کیا تھا ہم سے	ہمارے رب نے	سچ	تو کیا	تم نے پایا ہے	جو وعدہ کیا تھا

رَبُّكُمْ	حَقًّا ط	قَالُوْا	نَعَمْ ج	فَاَذَّنَ	مُؤَذِّنٌۢ❻❼
تمہارے رب نے	سچ	وہ سب کہیں گے	ہاں!	تو اعلان کرے گا	ایک اعلان کرنیوالا

بَيْنَهُمْ	اَنْ	لَّعْنَةُ اللّٰهِ❸	عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (44) لا	الَّذِيْنَ
انکے درمیان	یہ کہ	اللہ کی لعنت ہو	سب ظالموں پر	وہ لوگ جو

يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ	يَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا ج
وہ سب روکتے تھے	اللہ کے راستے سے	اور	وہ سب تلاش کرتے تھے اس میں	کجی

وقف لازم باختلاف

وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ❸	كٰفِرُوْنَ (45)	وَ بَيْنَهُمَا	حِجَابٌ❼ ج
اور وہ	آخرت کا	سب انکار کرنے والے تھے	اور ان دونوں کے درمیان	ایک پردہ ہوگا

ضروری وضاحت

❶ اُوْرِثْتُمُوْهَا اصل میں اُوْرِثْتُمْ + وْ + هَا ہے، تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانے کے لیے "واؤ" کا اضافہ کرتے ہیں۔
❷ تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❸ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❺ فعل کے ساتھ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❻ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

وَ عَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ	اور اعراف پر کچھ آدمی ہونگے وہ پہچانتے ہونگے
كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا	ہر ایک کو ان کی نشانی سے، اور وہ آواز دیں گے
اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۟ قف	جنت والوں کو کہ سلامتی ہو تم پر
لَمْ يَدْخُلُوْهَا	نہ داخل ہوئے ہونگے اس (بہشت) میں
وَ هُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿46﴾	اور وہ (جنت میں داخل ہونیکی) امید رکھتے ہونگے۔ ﴿46﴾
وَ اِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ	اور جب پھیری جائیں گی ان کی نگاہیں
تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا	آگ والوں کی طرف (تو) کہیں گے اے ہمارے رب!
لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾ ع	نہ (شامل) کر ہمیں ظالم قوم کے ساتھ۔ ﴿47﴾ ع
وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا	اور آواز دیں گے اعراف والے کچھ مردوں کو
يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ	وہ پہچانتے ہوں گے انہیں ان کی نشانی سے
قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ	کہیں گے نہ کام آئی تمہیں تمہاری جماعت
وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿48﴾	اور (نہ وہ) جو تھے تم تکبر کرتے۔ ﴿48﴾

ع 5 8 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَبْصَارُهُمْ : بصارت، بصیرت، سمع وبصر۔
رِجَالٌ : رجال کار، قحط الرجال۔	النَّارِ : نوری وناری مخلوق۔
يَّعْرِفُوْنَ : عرف، معروف، تعریف۔	مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔
اَصْحٰبَ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحابۂ کرام۔	الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
يَدْخُلُوْهَا : داخل، دخول، داخلہ فارم، داخلی امور۔	نَادٰى : ندا، منادی، ندائے ملت۔
يَطْمَعُوْنَ : طمع ولالچ، مطمعٔ نظر۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔
صُرِفَتْ : صرفِ نظر (نظر پھیرنا)۔	جَمْعُكُمْ : جمع، جمیع، جماعت، اجتماع۔

وَ	عَلَى الْاَعْرَافِ ❶	رِجَالٌ ❷	يَّعْرِفُوْنَ	كُلًّاۢ	بِسِيْمٰىهُمْ ۚ
اور	اعراف پر	کچھ آدمی ہونگے	وہ سب پہچانتے ہونگے	ہر ایک کو	انکی نشانی سے

وَنَادَوْا	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ❸	اَنْ سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ ۗ	لَمْ
اور وہ سب آواز دینگے	جنت والوں کو	کہ سلامتی ہو	تم پر	نہ

يَدْخُلُوْهَا	وَ	هُمْ يَطْمَعُوْنَ ❹ (46)	وَ اِذَا	صُرِفَتْ ❸
وہ سب داخل ہوئے ہونگے اس میں	اور	وہ سب امید رکھتے ہونگے	اور جب	پھیری جائینگی

اَبْصَارُهُمْ	تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ	قَالُوْا	رَبَّنَا ❺	لَا تَجْعَلْنَا
انکی نگاہیں	آگ والوں کی طرف	وہ سب کہیں گے	اے ہمارے رب!	نہ (شامل) کرہمیں

ع 5 8 12

مَعَ	الْقَوْمِ ❻ الظّٰلِمِيْنَ ع (47)	وَنَادٰۤى	اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ
ساتھ	سب ظالم قوم کے	اور آواز دیں گے	اعراف والے

رِجَالًا ❷	يَّعْرِفُوْنَهُمْ	بِسِيْمٰىهُمْ	قَالُوْا	مَآ
کچھ مردوں کو	وہ سب پہچانتے ہوں گے انہیں	انکی نشانی سے	وہ سب کہیں گے	نہ

اَغْنٰى	عَنْكُمْ ❼	جَمْعُكُمْ	وَ	مَا	كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ❽ (48)
کام آئی	تمہیں	تمہاری جماعت	اور	(نہ وہ) جو	تھے تم سب تکبر کرتے

ضروری وضاحت

❶ اعراف لغت میں بلند جگہ کو کہتے ہیں اور اس سے مراد دیوار کی بلندی ہے جہاں پر بیٹھے ہوئے لوگ ایک طرف اہل جنت کو اور دوسری طرف اہل جہنم کو دیکھ سکیں گے۔ ❷ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❹ هُمْ اور يـ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❺ یہ اصل میں يَا رَبَّنَا تھا، تخفیف کے لیے يَا گر گیا ہے۔ ❻ قوم میں زیادہ افراد ہوتے ہیں اس لیے ساتھ جمع کی علامت آئی ہے۔ ❼ اس کا اصل ترجمہ تم سے ہے یہاں ضرورتاً مذکورہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❽ تُمْ اور تـ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔

اَهٰۤؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ	کیا یہی ہیں جن کے متعلق تم نے قسمیں کھائیں
لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ	(کہ) نہیں پہنچائے گا انہیں اللہ کوئی رحمت
اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ	(مؤمنو!) داخل ہو جاؤ جنت میں نہ کوئی خوف ہے
عَلَيْكُمْ وَ لَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿49﴾	تم پر اور نہ تم غمگین ہو گے۔ ﴿49﴾
وَ نَادٰۤى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اور آواز دیں گے دوزخ والے جنت والوں کو
اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا	کہ ڈالو ہم پر کچھ پانی یا اس سے جو
رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ	رزق دیا ہے تمہیں اللہ نے، وہ کہیں گے بیشک اللہ نے
حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿50﴾	حرام کر دیا ہے ان دونوں کو کافروں پر۔ ﴿50﴾
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّ لَعِبًا	وہ لوگ جنہوں نے بنا لیا اپنے دین کو تماشا اور کھیل
وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ	اور دھوکے میں ڈالے رکھا انہیں دنیوی زندگی نے
فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا	تو آج ہم بھلا دیں گے انہیں جیسا کہ
نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ	انہوں نے بھلا دیا تھا اپنے اس دن کی ملاقات کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَقْسَمْتُمْ : قسم اٹھانا۔
اُدْخُلُوا : داخل، دخول، داخلہ فارم، داخلی امور۔
خَوْفٌ : خوف، خائف۔
تَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔
نَادٰى : ندا، منادی، ندائے ملت۔
اَفِيْضُوْا : فیض یاب، فیوض وبرکات۔
عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ/ماحول، ماتحت۔
حَرَّمَهُمَا : حرام وحلال، حلت وحرمت۔
اتَّخَذُوْا : اخذ، مأخوذ، مواخذہ۔
لَهْوًا وَّلَعِبًا : لہو ولعب۔ (کھیل تماشا)
غَرَّتْهُمْ : غرور۔ (جو تکبر کرتا ہے وہ دھوکے میں ہوتا ہے)
نَنْسٰهُمْ : نسیان، نسیاً منسیاً۔
كَمَا : کما حقہ۔

اَهٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَقْسَمْتُمْ ❶	لَا	يَنَالُهُمُ ❷❸	اللّٰهُ
کیا یہی ہیں	وہ لوگ جن (کے متعلق)	تم نے قسمیں کھائیں	نہیں	پہنچائے گا انہیں	اللہ

بِرَحْمَةٍ ط ❹❺❻	اُدْخُلُوا	الْجَنَّةَ ❻	لَا خَوْفٌ ❺	عَلَيْكُمْ	وَلَآ
کوئی رحمت	تم سب داخل ہو جاؤ	جنت میں	نہ کوئی خوف ہے	تم پر	اور نہ

اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ❼ (49)	وَ	نَادٰٓى	اَصْحٰبُ النَّارِ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ❻
تم سب غمگین ہو گے	اور	آواز دیں گے	دوزخ والے	جنت والوں کو

اَنْ	اَفِيْضُوْا	عَلَيْنَا	مِنَ الْمَآءِ	اَوْ	مِمَّا ❽	رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ط
کہ	تم سب ڈالو	ہم پر	پانی سے (کچھ)	یا	اس سے جو	رزق دیا ہے تم کو اللہ نے

قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	حَرَّمَهُمَا	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ لا (50)	الَّذِيْنَ
وہ سب کہیں گے	بیشک اللہ نے	حرام کر دیا ہے ان دونوں کو	سب کافروں پر	وہ لوگ جن

اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ	لَهْوًا	وَّلَعِبًا	وَّغَرَّتْهُمُ ❸❻	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ❻ ج
سب نے بنالیا	اپنے دین کو	تماشا	اور کھیل	اور دھوکے میں ڈالے رکھا انہیں	دنیوی زندگی نے

فَالْيَوْمَ	نَنْسٰهُمْ ❸	كَمَا	نَسُوْا	لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا لا
تو آج	ہم بھلا دینگے انہیں	جس طرح	ان سب نے بھلا دیا تھا	اپنے اس دن کی ملاقات کو

ضروری وضاحت

❶ یہاں "أ" میں فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کا مفہوم ہے۔ ❷ یہاں علامت یَـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ علامت هُمْ فعل کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں علامت بِـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❻ ة اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ اَنْتُمْ اور تَـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❽ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔

وَ مَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿51﴾	اور جو تھے وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے۔ ﴿51﴾
وَ لَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ	اور البتہ تحقیق ہم لائے ان کے پاس (ایسی) کتاب
فَصَّلْنٰهُ	(کہ) ہم نے تفصیل سے بیان کیا ہے اسے
عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّ رَحْمَةً	علم (کی بنیاد) پر ہدایت اور رحمت بنا کر
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾	اس قوم کے لیے (جو) ایمان رکھتے ہیں۔ ﴿52﴾
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ	نہیں وہ انتظار کرتے مگر اس کے انجام (قیامت) کا
يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ	جس دن آئے گا اس کا انجام، کہیں گے
الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ	وہ لوگ جنہوں نے بھلا دیا تھا اسے اس سے پہلے
قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ	بلاشبہ آئے تھے ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ
فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ	تو کیا ہمارے لیے کوئی سفارشی ہیں (کہ)
فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ	پس وہ سفارش کریں ہمارے لیے یا ہم لوٹا دیے جائیں
فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ	تو ہم عمل کریں گے علاوہ اسکے جو تھے ہم عمل کرتے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔	يَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ۔
فَصَّلْنٰهُ : مفصل، تفصیل، تفصیلات۔	نَسُوْهُ : نسیان، نسیاً منسیاً۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَبْلُ : قبل از وقت، دور و زقبل۔
عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔	بِالْحَقِّ : حق و صداقت، حق بات، حقیقت۔
يُّؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔	شُفَعَآءَ، فَيَشْفَعُوْا : شفیع، شفاعتِ کبریٰ۔
اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	نُرَدُّ : رد، مردود، تردید، مرتد۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم دفاع۔	فَنَعْمَلَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔

وَ مَا	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ (51)	وَلَقَدْ	جِئْنٰهُمْ
اور جو	تھے وہ سب	ہماری آیتوں کا	وہ سب انکار کرتے	اور البتہ تحقیق	ہم لائے انکے پاس

بِكِتٰبٍ ❶	فَصَّلْنٰهُ ❷	عَلٰى عِلْمٍ	هُدًى
(ایسی) کتاب	(کہ) ہم نے تفصیل سے بیان کیا ہے اسے	علم (کی بنیاد) پر	(وہ) ہدایت

وَّرَحْمَةً ❸	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ (52)	هَلْ ❹	يَنْظُرُوْنَ
اور رحمت ہے	(اس) قوم کے لیے	(جو) وہ سب ایمان رکھتے ہیں	نہیں	وہ سب انتظار کرتے

اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ	يَوْمَ	يَاْتِيْ ❺	تَاْوِيْلُهٗ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ
مگر اس کے انجام کا	جس دن	آئے گا	اس کا انجام	وہ کہیں گے	جن

نَسُوْهُ ❻	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَآءَتْ ❸	رُسُلُ	رَبِّنَا
سب نے بھلا دیا تھا اسے	(اس) سے پہلے	بلاشبہ آئے تھے	رسول	ہمارے رب کے

بِالْحَقِّ ۚ	فَهَلْ	لَّنَا	مِنْ شُفَعَآءَ	فَيَشْفَعُوْا
حق کے ساتھ	تو کیا ہے	ہمارے لیے	سفارشیوں میں سے (کوئی)	پس وہ سب سفارش کریں

لَنَآ	اَوْ	نُرَدُّ	فَنَعْمَلَ	غَيْرَ	الَّذِيْ	كُنَّا نَعْمَلُ ❼ ؕ
ہمارے لیے	یا	ہم لوٹا دیے جائیں	تو ہم عمل کرینگے	علاوہ (اسکے)	جو	تھے ہم عمل کرتے

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ نَا سے پہلے جزم ہو تو اس کا ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ ةٌ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ هَلْ کے بعد اگر اسی جملے میں لفظ اِلَّا آ رہا ہو تو هَلْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❼ علامت كُنَّا میں نَا اور علامت نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔

ع 6/6 13

قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ	بلاشبہ انہوں نے خسارے میں ڈالا اپنی جانوں کو
وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿53﴾ ع	اور گم ہو گیا ان سے جو تھے وہ افترا باندھتے۔ ﴿53﴾ ع
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ	بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے پیدا کیا
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	آسمانوں کو اور زمین کو چھ دنوں میں
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِي الَّيْلَ	پھر جا ٹھہرا عرش پر وہ ڈھانپتا ہے رات کو
النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا لا	دن سے وہ پیچھے آتا ہے اس کے تیزی سے
وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ	اور (اسی نے پیدا کیا) سورج اور چاند اور ستاروں کو
مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ط	(اس حال میں کہ) وہ تابع کیے ہوئے ہیں اسکے حکم کے،
اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ ط	آگاہ رہو! اسی کے لیے ہے پیدا کرنا اور حکم دینا،
تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿54﴾	بہت برکت والا ہے اللہ (جو) سب جہانوں کا رب ہے ﴿54﴾
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ط	تم پکارو اپنے رب کو عاجزی اور چپکے چپکے
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿55﴾ ج	بیشک وہ نہیں پسند کرتا حد سے بڑھنے والوں کو۔ ﴿55﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَسِرُوْٓا : خائب وخاسر، خسارہ۔
اَنْفُسَهُمْ : نفسا نفسی، نفسیات۔
يَفْتَرُوْنَ : کذب وافترا، مفتری۔
خَلَقَ، الْخَلْقُ : خلق، خلقت، مخلوق، تخلیق۔
الْاَرْضَ : ارض وسما، کرۂ ارض، قطعۂ اراضی۔
يُغْشِي : غشی کا دورہ۔ (حواس پر پردہ پڑ جانا)
الَّيْلَ : لیل ونہار، قیام اللیل، لیلۃ القدر۔

الشَّمْسَ : شمس وقمر، شمسی توانائی۔
الْقَمَرَ : قمری مہینہ، قمری سال۔
النُّجُوْمَ : علم نجوم، نجومی۔
مُسَخَّرٰتٍ : مسخر، تسخیر۔
بِاَمْرِهٖ : امر، آمر، آمریت۔
تَبٰرَكَ : برکت، مبارک۔
خُفْيَةً : خفیہ، مخفی۔

قَدْ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَ ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا
بلاشبہ	ان سب نے خسارے میں ڈالا	اپنی جانوں کو	اور گم ہوگیا	ان سے	جو

ع 6/6 13

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿53﴾ ع ❶	اِنَّ	رَبَّكُمُ اللّٰهُ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ❷
تھے وہ سب افترا باندھتے	بیشک	تمہارا رب اللہ ہے	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ	فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ❷	ثُمَّ اسْتَوٰی	عَلَی الْعَرْشِ قف	یُغْشِی
اور زمین کو	چھ دنوں میں	پھر جا ٹھہرا	عرش پر	وہ ڈھانپتا ہے

الَّیْلَ	النَّهَارَ	یَطْلُبُهٗ	حَثِیْثًا لا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
رات کو	دن سے	وہ پیچھے آتا ہے اس کے	تیزی سے	اور سورج	اور چاند

وَ النُّجُوْمَ	مُسَخَّرٰتٍۭ ❷❸	بِاَمْرِهٖ ط	اَلَا ❹	لَهُ	الْخَلْقُ
اور ستاروں کو	وہ تابع کیے ہوئے ہیں	اسکے حکم کے	آگاہ رہو!	اسی کا (کام ہے)	پیدا کرنا

وَ الْاَمْرُ ط	تَبٰرَكَ ❺	اللّٰهُ	رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿54﴾	اُدْعُوْا ❻	رَبَّكُمْ
اور حکم دینا	بہت برکت والا ہے	اللہ	سب جہانوں کا رب	تم سب پکارو	اپنے رب کو

تَضَرُّعًا ❼	وَّ خُفْیَةً ❷ ط	اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ ❽	الْمُعْتَدِیْنَ ﴿55﴾ ج
عاجزی کرتے ہوئے	اور چپکے چپکے	بیشک وہ نہیں پسند کرتا	سب حد سے بڑھنے والوں کو

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ یہ لفظ متنبہ اور خبردار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ❺ علامت تَ اور "ا" میں مبالغے کا مفہوم ہے۔ ❻ شروع میں "اُ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ یہاں علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❽ علامت هٗ اور یَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔

وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا	اور نہ فساد پھیلاؤ زمین میں اس کی اصلاح کے بعد
وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ	اور پکارو اسے ڈرتے ہوئے اور طمع کرتے ہوئے
اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ	بیشک اللہ کی رحمت قریب ہے
مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿56﴾	نیکی کرنے والوں سے۔ ﴿56﴾
وَهُوَ الَّذِیْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ	اور وہی ہے جو بھیجتا ہے ہوائیں
بُشْرًا بَيْنَ يَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ	خوشخبری (بنا کر) اپنی رحمت (بارش) سے پہلے
حَتّٰۤی اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا	یہاں تک کہ جب اٹھالاتی ہے بھاری بادل
سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ	ہم ہانک دیتے ہیں اسے مردہ شہر (زمین) کی طرف،
فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا	پھر ہم اتارتے ہیں اس سے پانی، پھر ہم نکالتے ہیں
بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ	اس کے ذریعے ہر قسم کے پھل، اسی طرح
نُخْرِجُ الْمَوْتٰی لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿57﴾	ہم نکالیں گے مردوں کو تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ ﴿57﴾
وَ الْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ	اور عمدہ (زرخیز) شہر (زمین) نکلتی ہے اس کی کھیتی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُفْسِدُوْا : فتنہ وفساد، فسادی لوگ۔

اِصْلَاحِهَا : صلح، اصلاح، مصالحت۔

ادْعُوْهُ : دعوت، مدعوّ، دعا۔

طَمَعًا : طمع و لالچ، مطمعٔ نظر۔

الْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسن۔

يُرْسِلُ : مرسل، ارسال، ترسیل۔

الرِّيٰحَ : ریح بادی۔

بُشْرًا : بشارت، مبشر۔

حَتّٰی : حتی الامکان، حتی الوسعت، حتی کہ۔

ثِقَالًا : ثقیل، کشش ثقل۔

لِبَلَدٍ : بلاد اسلامیہ، عروس البلاد، بلدیہ۔

فَاَنْزَلْنَا : نازل، نزول، منزل۔

فَاَخْرَجْنَا : خارج، خروج، مخرج، امور خارجہ۔

نَبَاتُهٗ : نباتات۔

وَ	لَا تُفْسِدُوْا ❶	فِی الْاَرْضِ	بَعْدَ اِصْلَاحِهَا	وَادْعُوْهُ ❷	خَوْفًا
اور	مت تم سب فساد پھیلاؤ	زمین میں	اسکی اصلاح کے بعد	اور تم سب پکارو اسے	ڈرتے ہوئے

وَّ طَمَعًا ؕ	اِنَّ	رَحْمَتَ اللّٰهِ	قَرِيْبٌ	مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ❸ (56)
اور طمع کرتے ہوئے	بیشک	اللہ کی رحمت	قریب ہے	سب نیکی کرنے والوں سے

وَهُوَ	الَّذِیْ	يُرْسِلُ ❹	الرِّيٰحَ	بُشْرًا	بَيْنَ يَدَیْ ❺
اور وہی ہے	جو	بھیجتا ہے	ہوائیں	خوشخبری (بنا کر)	پہلے

رَحْمَتِهٖ ؕ	حَتّٰۤى اِذَآ	اَقَلَّتْ ❻	سَحَابًا	ثِقَالًا	سُقْنٰهُ
اپنی رحمت سے	یہاں تک کہ جب	اٹھالاتی ہے	بادل	بھاری	ہم ہانک دیتے ہیں اسے

لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ ❼	فَاَنْزَلْنَا	بِهِ	الْمَآءَ	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ
مردہ شہر کی طرف	پھر ہم اُتارتے ہیں	اس سے	پانی	پھر ہم نکالتے ہیں	اسکے ذریعے

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ❻ ؕ	كَذٰلِكَ	نُخْرِجُ	الْمَوْتٰى
ہر قسم کے پھلوں سے	اسی طرح	ہم نکالیں گے	مردوں کو

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ❽ (57)	وَ	الْبَلَدُ الطَّيِّبُ	يَخْرُجُ ❹	نَبَاتُهٗ
تاکہ تم سب نصیحت حاصل کرو	اور	عمدہ شہر (زرخیز زمین)	نکلتی ہے	اس کی کھیتی

ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ یَدَیْ کا ترجمہ آگے اور بَیْنَ کا ترجمہ درمیان ہے دونوں کو ملا کر ترجمہ پہلے کیا گیا ہے۔ ❻ تْ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اس کا اصل ترجمہ "مردہ شہر کے لیے" اور اس سے مراد "بنجر زمین" ہے۔ ❽ کُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَ الَّذِیْ خَبُثَ	اس کے رب کے حکم سے اور جو (زمین) خراب ہے
لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ	نہیں نکلتی (اس کی کھیتی) مگر ناقص،
كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ	اسی طرح ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں آیات کو
ع 7 5 14 لِقَوْمٍ یَّشْكُرُوْنَ ع (58)	اس قوم کے لیے (جو) شکر کرتے ہیں۔ ع (58)
لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ	بلاشبہ ہم نے بھیجا نوح کو اس کی قوم کی طرف
فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ	تو اس نے کہا اے میری قوم! عبادت کرو اللہ کی
مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ	نہیں ہے تمہارے لیے کوئی معبود اس کے سوا
اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ	بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر
عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ (59)	بڑے دن کے عذاب سے۔ (59)
قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ	کہا سرداروں نے اس کی قوم میں سے
اِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (60)	بیشک ہم یقیناً دیکھ رہے ہیں تجھے کھلی گمراہی میں۔ (60)
قَالَ یٰقَوْمِ لَیْسَ بِیْ ضَلٰلَةٌ	اس نے کہا اے میری قوم! نہیں ہے مجھ کو کوئی گمراہی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاِذْنِ : اذنِ الٰہی، اذنِ عام۔
خَبُثَ : خبثِ باطن، خباثت۔
یَخْرُجُ : خبیث، خبثِ باطن، خباثت۔
نُصَرِّفُ : صرفِ نظر (نظر پھیرنا)۔
یَّشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، مشکور، شکریہ۔
اَرْسَلْنَا : مرسل، ارسال، ترسیل۔
اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔

فَقَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
اعْبُدُوْا : عابد، عبد، معبود، عبادت۔
اَخَافُ : خوف، خائف۔
یَوْمٍ : یوم، ایام، یومِ پاکستان، یومِ آخرت۔
لَنَرٰىكَ : رؤیتِ باری تعالیٰ، رؤیتِ ہلال کمیٹی۔
ضَلٰلٍ : ضلالت و گمراہی۔
مُّبِیْنٍ : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین۔

ع 7 5 14

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ج	وَ الَّذِیْ	خَبُثَ	لَا یَخْرُجُ	اِلَّا نَكِدًا ط
اس کے رب کے حکم سے	اور جو (زمین)	خراب ہے	نہیں وہ نکلتی	مگر ناقص

كَذٰلِكَ	نُصَرِّفُ	الْاٰیٰتِ ❶	لِقَوْمٍ	یَّشْكُرُوْنَ ع (58)
اسی طرح	ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیات کو	(اس) قوم کیلیے	(جو) وہ سب شکر کرتے ہیں

لَقَدْ ❷	اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰی قَوْمِهٖ	فَقَالَ	یٰقَوْمِ ❸
البتہ تحقیق	ہم نے بھیجا	نوح کو	اس کی قوم کی طرف	تو اس نے کہا	اے میری قوم!

اعْبُدُوا ❹	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ ❺❻	غَیْرُهٗ ط
تم سب عبادت کرو	اللہ کی	نہیں ہے	تمہارے لیے	کوئی معبود	اس کے سوا

اِنِّیْٓ اَخَافُ ❼	عَلَیْكُمْ	عَذَابَ	یَوْمٍ عَظِیْمٍ (59)
بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب سے	بڑے دن کے

قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ قَوْمِهٖٓ	اِنَّا لَنَرٰىكَ ❽	فِیْ ضَلٰلٍ
کہا	سرداروں نے	اس کی قوم سے	بیشک ہم یقیناً دیکھ رہے ہیں تجھے	گمراہی میں

مُّبِیْنٍ (60)	قَالَ	یٰقَوْمِ ❸	لَیْسَ	بِیْ	ضَلٰلَةٌ ❶❻
کھلی	اس نے کہا	اے میری قوم!	نہیں ہے	مجھ کو	کوئی گمراہی

ضروری وضاحت

❶ ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "لَ" اور قَدْ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔ ❸ یٰقَوْمِ میں ی تخفیف کے لیے گرگئی ہے، اسی کا ترجمہ میری کیا گیا ہے۔ ❹ شروع میں "اُ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❼ یْ اور "اُ" دونوں کا ترجمہ میں ہے۔ ❽ اِنَّا میں نَا اور لَنَرٰىكَ میں نَ دونوں کا ترجمہ ہم ہے۔

وَ لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿61﴾	اور لیکن میں رسول ہوں جہانوں کے رب کی طرف سے۔ ﴿61﴾
اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ	میں پہنچاتا ہوں تمہیں پیغامات اپنے رب کے
وَ اَنْصَحُ لَكُمْ وَ اَعْلَمُ	اور میں خیر خواہی کرتا ہوں تمہاری اور میں جانتا ہوں
مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿62﴾	اللہ کی طرف سے (وہ کچھ) جو تم نہیں جانتے۔ ﴿62﴾
اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ	اور کیا تم نے تعجب کیا ہے کہ آئی ہے تمہارے پاس
ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ	نصیحت تمہارے رب کی طرف سے
عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ	ایک (ایسے) آدمی پر (جو) تم میں سے ہے تاکہ وہ ڈرائے تمہیں
وَ لِتَتَّقُوْا وَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿63﴾	اور تاکہ تم بچ جاؤ اور تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ ﴿63﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ	پھر انہوں نے جھٹلایا اسے تو ہم نے بچالیا اسے
وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ	اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ تھے کشتی میں
وَ اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا	اور ہم نے غرق کر دیا ان لوگوں کو جنہوں نے جھٹلایا
ع 8/6/15 بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿64﴾ ع	ہماری آیات کو، یقیناً وہ تھے اندھے لوگ۔ ﴿64﴾ ع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم دنیا۔	لِتَتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔
اُبَلِّغُكُمْ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ۔	تُرْحَمُوْنَ : رحم، مرحوم، رحمت۔
اَنْصَحُ : وعظ و نصیحت، پند و نصائح۔	فَكَذَّبُوْهُ : کذب و افترا، کذاب، تکذیب۔
مَا / لَا : ماتحت، ماحول / لاعلم، لاعلاج، لاتعلق۔	فَاَنْجَيْنٰهُ : ناجی، نجات، فرقہ ناجیہ۔
عَجِبْتُمْ : عجب، عجیب، عجائب، تعجب۔	مَعَهٗ : مع اہل و عیال، معیت۔
ذِكْرٌ : ذکر، اذکار، تذکیر۔	اَغْرَقْنَا : غرق، غرقاب۔
رَجُلٍ : رجال کار، قحط الرجال۔	قَوْمًا : قوم، اقوام۔

وَّلٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿61﴾	اُبَلِّغُكُمْ
اور لیکن میں	رسول ہوں	سب جہانوں کے رب کی طرف سے	میں پہنچاتا ہوں تمہیں

رِسٰلٰتِ ❶	رَبِّيْ	وَ اَنْصَحُ	لَكُمْ	وَ اَعْلَمُ	مِنَ اللّٰهِ
پیغامات	اپنے رب کے	اور میں خیر خواہی کرتا ہوں	تمہارے لیے	اور میں جانتا ہوں	اللہ کی طرف سے

مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿62﴾ ❷	اَوَ	عَجِبْتُمْ	اَنْ	جَآءَكُمْ
(وہ کچھ) جو	نہیں تم سب جانتے	اور کیا	تم نے تعجب کیا ہے	(اس پر) کہ	آئی ہے تمہارے پاس

ذِكْرٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	عَلٰى رَجُلٍ ❸	مِّنْكُمْ	لِيُنْذِرَكُمْ
نصیحت	تمہارے رب کی طرف سے	ایک (ایسے) آدمی پر	(جو) تم میں سے ہے	تاکہ وہ ڈرائے تمہیں

وَلِتَتَّقُوْا	وَ	لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿63﴾ ❹	فَكَذَّبُوْهُ ❺	فَاَنْجَيْنٰهُ ❻❼
اور تاکہ تم سب بچ جاؤ	اور	تاکہ تم سب رحم کیے جاؤ	پھر ان سب نے جھٹلایا اسے	تو ہم نے بچالیا اسے

وَالَّذِيْنَ	مَعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	وَ	اَغْرَقْنَا ❼	الَّذِيْنَ
اور ان لوگوں کو جو	اس کے ساتھ تھے	کشتی میں	اور	ہم نے غرق کر دیا	ان لوگوں کو جن

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا ط	اِنَّهُمْ كَانُوْا	قَوْمًا	عَمِيْنَ ﴿64﴾ ❽ ع
سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	یقیناً وہ سب تھے	لوگ	اندھے

ع 8 6 15

ضروری وضاحت

❶ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْنَ ہو تو اس فعل میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ کُمْ اور تُ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❺ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❻ ہٗ اگر فعل کے ساتھ ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے ساتھ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❽ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ	اور (قومِ) عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو (بھیجا)
قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ	اس نے کہا اے میری قوم! (صرف) اللہ کی عبادت کرو
مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ	نہیں ہے تمہارے لیے کوئی معبود اسکے علاوہ
اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿65﴾	تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿65﴾
قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	کہا (ان) سرداروں نے جنہوں نے کفر کیا
مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ	اس کی قوم میں سے بیشک ہم یقیناً دیکھتے ہیں تجھے
فِيْ سَفَاهَةٍ وَّ اِنَّا	بے وقوفی میں، اور بیشک ہم
لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿66﴾	یقیناً خیال کرتے ہیں تجھے جھوٹوں میں سے۔ ﴿66﴾
قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ	اس نے کہا اے میری قوم! نہیں ہے مجھ کو
سَفَاهَةٌ وَّ لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ	کوئی بے وقوفی اور لیکن میں (تو) رسول ہوں
مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿67﴾	تمام جہانوں کے رب کی طرف سے۔ ﴿67﴾
اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ	میں پہنچاتا ہوں تمہیں پیغامات اپنے رب کے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
اَخَاهُمْ : اخوّت، مواخات۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
يٰقَوْمِ : یا اللہ، یارب / قوم، اقوام۔
اعْبُدُوا : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اِلٰهٍ : الوہیت، الٰہ العالمین، حکم الٰہی۔
تَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔

مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
لَنَرٰىكَ : رؤیتِ باری تعالیٰ، رؤیتِ ہلال کمیٹی۔
لَنَظُنُّكَ : ظنِ غالب، سوئے ظن، بدظن۔
الْكٰذِبِيْنَ : کذب، کذاب، تکذیب۔
رَسُوْلٌ، رِسٰلٰتِ : مرسل الیہ، رسالت، ترسیل۔
الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔
اُبَلِّغُكُمْ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، بالغ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

وَ	اِلٰى عَادٍ	اَخَاهُمْ	هُوْدًا ؕ	قَالَ	يٰقَوْمِ ❶
اور	(قومِ) عاد کی طرف	ان کے بھائی	ہود کو (بھیجا)	اس نے کہا	اے میری قوم!

اعْبُدُوا ❷	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ ❸ اِلٰهٍ ❹	غَيْرُهٗ ؕ
تم سب عبادت کرو	(صرف) اللہ کی	نہیں ہے	تمہارے لیے	کوئی معبود	اسکے علاوہ

اَفَلَا	تَتَّقُوْنَ (65)	قَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
تو کیا نہیں	تم سب ڈرتے	کہا	(ان) سرداروں نے	جن	سب نے کفر کیا

مِنْ قَوْمِهٖٓ	اِنَّا لَنَرٰىكَ ❺	فِيْ سَفَاهَةٍ ❻	وَّ
اس کی قوم میں سے	بیشک ہم یقیناً دیکھتے ہیں تجھے	بے وقوفی میں	اور

اِنَّا لَنَظُنُّكَ ❺	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (66)	قَالَ	يٰقَوْمِ ❶
بیشک ہم یقیناً گمان کرتے ہیں تجھے	جھوٹوں میں سے	اس نے کہا	اے میری قوم!

لَيْسَ	بِيْ	سَفَاهَةٌ ❹❻	وَّ لٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ
نہیں ہے	مجھ کو	کوئی بے وقوفی	اور لیکن میں	رسول ہوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ (67)	اُبَلِّغُكُمْ ❼	رِسٰلٰتِ ❻	رَبِّيْ
تمام جہانوں کے رب کی طرف سے	میں پہنچاتا ہوں تمہیں	پیغامات	اپنے رب کے

ضروری وضاحت

❶ يٰقَوْمِ اصل میں يَاقَوْمِيْ تھا، تخفیف کے لیے یْ گرگئی ہے، اسی کا ترجمہ میری کیا گیا ہے۔ ❷ شروع میں "اُ" اور آخر میں وْا ہوتو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❸ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❺ اِنَّا میں نَا اور "نَ" دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔
❻ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ كُمْ اگر فعل کے ساتھ ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

وَ اَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿68﴾	اور میں تمہارے لیے ایک خیر خواہ امین ہوں۔ ﴿68﴾
اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ	اور کیا تم نے تعجب کیا ہے (اس پر) کہ آئی ہے تمہارے پاس
ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ	نصیحت تمہارے رب کی طرف سے
عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ	ایک (ایسے) آدمی پر (جو) تم میں سے ہے تاکہ وہ ڈرائے تمہیں
وَ اذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ	اور یاد کرو جب اس نے بنایا تمہیں جانشین
مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ زَادَكُمْ	نوح کی قوم کے بعد اور زیادہ دیا تمہیں
فِى الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا	قد و قامت میں پھیلاؤ سو یاد کرو
اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿69﴾	اللہ کی نعمتوں کو تاکہ تم فلاح پاجاؤ۔ ﴿69﴾
قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا	انہوں نے کہا کیا تو آیا ہے ہمارے پاس
لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ	اس لیے کہ ہم عبادت کریں اس اکیلے (اللہ) کی
وَ نَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ	اور ہم چھوڑ دیں (اسے) جو تھے عبادت کرتے
اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا	ہمارے باپ دادا، پس لے آ ہمارے پاس اس کو جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَاصِحٌ : وعظ و نصیحت، ناصح۔
اَمِيْنٌ : امین، امانت، صادق و امین۔
عَجِبْتُمْ : عجب، عجیب، عجائب، عجوبہ۔
ذِكْرٌ : ذکر، اذکار، تذکیر۔
وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿102﴾	اور بیشک ہم نے پایا ان میں سے اکثر کو یقیناً فاسق ﴿102﴾
ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى	پھر ہم نے بھیجا ان کے بعد موسیٰ کو
بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ	اپنی آیات کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف
فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ	تو اُنہوں نے ظلم کیا اُن کے ساتھ، پھر دیکھ
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿103﴾	کیسے ہوا انجام فساد کرنے والوں کا۔ ﴿103﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْۢبَآئِهَا	: نبی، نبوت، انبیاء۔	وَجَدْنَا	: وجود، موجود، ایجاد۔
بِالْبَيِّنٰتِ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	عَهْدٍ	: عہد، ایفائے عہد، نقضِ عہد۔
لِيُؤْمِنُوْا	: امن، ایمان، مومن۔	بَعَثْنَا	: بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
كَذَّبُوْا	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	فَظَلَمُوْا	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
كَذٰلِكَ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	فَانْظُرْ	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
يَطْبَعُ	: طبع، طباعت، مطبوع، مطبوعات۔	كَيْفَ	: کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
قُلُوْبِ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	عَاقِبَةُ	: عاقبت نااندیش، عقوبت خانہ۔

مِنْ اَنْۢبَآىِٕهَا ۚ①	وَلَقَدْ	جَآءَتْهُمْ②	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ۚ③
ان کی خبریں	اور البتہ تحقیق	آئے ان کے پاس	اُن کے رسول	واضح دلائل کے ساتھ

فَمَا	كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا
پس نہ	ہوئے وہ سب	کہ وہ سب ایمان لاتے	(اس) پر جسے	وہ سب جھٹلا چکے تھے

مِنْ قَبْلُ ؕ	كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ④	عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿101﴾	وَمَا
اس سے پہلے	اسی طرح	مہر لگا دیتا ہے اللہ	سب کافروں کے دلوں پر	اور نہیں

وَجَدْنَا⑤	لِاَكْثَرِهِمْ	مِّنْ عَهْدٍ ۚ①⑥	وَاِنْ⑦	وَّجَدْنَآ⑤
ہم نے پایا	ان کے اکثر کے لیے	کوئی عہد	اور بیشک	ہم نے پایا

اَكْثَرَهُمْ	لَفٰسِقِيْنَ ﴿102﴾	ثُمَّ بَعَثْنَا⑤	مِنْۢ بَعْدِهِمْ①	مُّوْسٰى
ان میں سے اکثر کو	یقیناً سب فاسق	پھر ہم نے بھیجا	ان کے بعد	موسیٰ کو

بِاٰيٰتِنَآ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَظَلَمُوْا
اپنی آیات کے ساتھ	فرعون کی طرف	اور اسکے سرداروں (کی طرف)	تو ان سب نے ظلم کیا

بِهَا ۚ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ⑧	الْمُفْسِدِيْنَ⑨ ﴿103﴾
اُن کے ساتھ	پھر دیکھ	کیسے	ہوا	انجام	سب فساد کرنے والوں کا

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ③ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے یہ اِنْ استعمال ہوا ہے۔ ⑧ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑨ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّىْ رَسُوْلٌ	اور موسیٰ نے کہا اے فرعون! بیشک میں رسول ہوں
مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿104﴾	تمام جہانوں کے رب کی طرف سے۔ ﴿104﴾
حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ	(میں) قائم ہوں اس پر کہ نہیں میں کہتا اللہ پر
اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ	مگر حق، یقیناً میں لایا ہوں تمہارے پاس واضح دلیل
مِّنْ رَّبِّكُمْ	تمہارے رب کی طرف سے
فَاَرْسِلْ مَعِىَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ؕ﴿105﴾	چنانچہ تو بھیج میرے ساتھ بنی اسرائیل کو۔ ﴿105﴾
قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ	اس نے کہا، اگر ہے تو لایا کوئی نشانی تو لے آ اُسے،
اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿106﴾	اگر تو ہے سچوں میں سے۔ ﴿106﴾
فَاَلْقٰى عَصَاهُ	تو ڈال دیا اُس نے اپنی لاٹھی کو
فَاِذَا هِىَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۚۖ﴿107﴾	تو اچانک وہ واضح اژدھا تھی۔ ﴿107﴾
وَّنَزَعَ يَدَهٗ	اور نکالا اپنا ہاتھ
فَاِذَا هِىَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۧ﴿108﴾	تو اچانک وہ سفید تھا دیکھنے والوں کے لیے۔ ۧ﴿108﴾ ع 13 9 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الصّٰدِقِيْنَ	صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔
الْعٰلَمِيْنَ	الٰہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوام عالم۔	فَاَلْقٰى	القاء۔
عَلٰٓى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	عَصَاهُ	عصائے موسیٰؑ عصاء بردار۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
بِبَيِّنَةٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	نَزَعَ	نزع، وقت نزع۔
فَاَرْسِلْ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	يَدَهٗ	ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
مَعِىَ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	بَيْضَآءُ	ید بیضا، ابیض، بیضوی شکل۔
بَنِىْٓ	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔	لِلنّٰظِرِيْنَ	الحمدللہ، لہٰذا/نظر، نظارہ، منظر، مناظر۔

وَ	قَالَ	مُوْسٰى	يٰفِرْعَوْنُ	اِنِّىْ	رَسُوْلٌ
اور	کہا	موسیٰ نے	اے فرعون!	بیشک میں	رسول ہوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾ لا	حَقِيْقٌ ①	عَلٰٓى اَنْ ②	لَّآ اَقُوْلَ	عَلَى اللّٰهِ
تمام جہانوں کے رب کی طرف سے	(میں) قائم ہوں	(اس) پر کہ	نہیں میں کہتا	اللہ پر

اِلَّا الْحَقَّ ط	قَدْ ③	جِئْتُكُمْ	بِبَيِّنَةٍ ④⑤	مِّنْ رَّبِّكُمْ
مگر حق	یقیناً	میں لایا ہوں تمہارے پاس	واضح دلیل	تمہارے رب کی طرف سے

فَاَرْسِلْ	مَعِىَ	بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿105﴾ ط	قَالَ	اِنْ ②	كُنْتَ
چنانچہ تو بھیج	میرے ساتھ	بنی اسرائیل کو	اس (فرعون) نے کہا	اگر	ہے تو

جِئْتَ	بِاٰيَةٍ ④⑤⑥	فَاْتِ	بِهَآ	اِنْ ②	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿106﴾
تو لایا	کوئی نشانی	تو لے آ	اُسے	اگر	ہے تو	سچوں میں سے

فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا ⑦	هِىَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ ﴿107﴾ صلے
تو ڈال دیا اُس نے	اپنی لاٹھی کو	تو اچانک	تھی وہ	اژدھا	واضح

ع 13 9 3

وَّنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا ⑦	هِىَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿108﴾ ع
اور اس نے نکالا	اپنا ہاتھ	تو اچانک	وہ	سفید تھا	دیکھنے والوں کے لیے

ضروری وضاحت

①یہ اصل میں اِنِّىْ حَقِيْقٌ ہے جیسا کہ اس سے پہلے اِنِّىْ رَسُوْلٌ ہے۔② علامت اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔③ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔④ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑦ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔

قَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِ فِرۡعَوۡنَ — کہا سرداروں نے فرعون کی قوم میں سے

اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيۡمٌ ۙ﴿۱۰۹﴾ — بے شک یہ یقیناً جادوگر ہے بڑا دانا۔ ﴿۱۰۹﴾

يُّرِيۡدُ اَنۡ يُّخۡرِجَكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ ۚ — وہ چاہتا ہے کہ نکال دے تمہیں تمہاری زمین سے

فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾ — تو کیا تم حکم (مشورہ) دیتے ہو۔ ﴿۱۱۰﴾

قَالُوۡۤا اَرۡجِهۡ وَاَخَاهُ — وہ کہنے لگے مہلت دے دو اُسے اور اُس کے بھائی کو

وَاَرۡسِلۡ فِى الۡمَدَآئِنِ حٰشِرِيۡنَ ۙ﴿۱۱۱﴾ — اور تو بھیج شہروں میں اکٹھے کرنے والے۔ ﴿۱۱۱﴾

يَاۡتُوۡكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيۡمٍ ﴿۱۱۲﴾ — وہ لے آئیں تیرے پاس ہر دانا جادوگر کو۔ ﴿۱۱۲﴾

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرۡعَوۡنَ — اور آئے جادوگر فرعون کے پاس

قَالُوۡۤا اِنَّ لَنَا لَاَجۡرًا — وہ کہنے لگے بیشک ہمارے لیے یقیناً کوئی انعام ہوگا

اِنۡ كُنَّا نَحۡنُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿۱۱۳﴾ — اگر ہوئے ہم ہی غالب۔ ﴿۱۱۳﴾

قَالَ نَعَمۡ وَاِنَّكُمۡ — اس نے کہا، ہاں اور یقیناً تم

لَمِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ ﴿۱۱۴﴾ — ضرور مقرب لوگوں میں سے ہو گے۔ ﴿۱۱۴﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	تَاۡمُرُوۡنَ	امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَخَاهُ	اخوت، مؤاخات، اخوان المسلمین۔
هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	اَرۡسِلۡ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
لَسٰحِرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
عَلِيۡمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	الۡمَدَآئِنِ	مدینہ طیبہ، مدینۃ الرسول، مدینۃ النبی۔
يُّرِيۡدُ	ارادہ، مرید، مراد۔	حٰشِرِيۡنَ	حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
يُّخۡرِجَكُمۡ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	الۡغٰلِبِيۡنَ	غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
اَرۡضِكُمۡ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	الۡمُقَرَّبِيۡنَ	قرب، قریب، مقرب، قرابت۔

قَالَ	الْمَلَاُ ①	مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اِنَّ ②	هٰذَا	لَسٰحِرٌ
کہا	سرداروں نے	فرعون کی قوم میں سے	بیشک	یہ	یقیناً جادوگر ہے

عَلِيْمٌ ﴿109﴾ لا	يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ ج
بہت علم والا	وہ چاہتا ہے	کہ	وہ نکال دے تمہیں	تمہاری زمین سے

فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ ﴿110﴾	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ ③	وَ	اَخَاهُ
تو کیا	تم سب حکم دیتے ہو	وہ سب کہنے لگے	مہلت دے دو اُسے	اور	اُسکے بھائی کو

وَاَرْسِلْ ④	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ ⑤ ﴿111﴾ لا	يَاْتُوْكَ
اور تو بھیج	شہروں میں	سب اکٹھے کرنے والے	وہ سب لے آئیں تیرے پاس

بِكُلِّ سٰحِرٍ	عَلِيْمٍ ﴿112﴾	وَ	جَآءَ	السَّحَرَةُ ⑥	فِرْعَوْنَ
ہر جادوگر کو	بہت علم والے	اور	آئے	جادوگر	فرعون (کے پاس)

قَالُوْٓا	اِنَّ	لَنَا	لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا نَحْنُ ⑦
وہ سب کہنے لگے	بیشک	ہمارے لیے	یقیناً کوئی انعام ہوگا	اگر	ہوئے ہم

الْغٰلِبِيْنَ ﴿113﴾	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ⑧ ﴿114﴾
سب غالب	اس نے کہا	ہاں!	اور یقیناً تم	ضرور مقرب لوگوں میں سے ہوگے

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔② اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔
③ اَرْجِهْ دراصل اَرْجِهِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے جزم گری ہوئی ہے۔④ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس
فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَلسَّحَرَةُ
میں ة جمع کے لیے ہے۔⑦ علامت نَا اور نَحْنُ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔⑧ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

قَالُوۡا يٰمُوۡسٰٓى اِمَّاۤ اَنۡ تُلۡقِىَ	اُنہوں نے کہا اے موسیٰ! یا یہ کہ تو ڈالے
وَ اِمَّاۤ اَنۡ نَّكُوۡنَ نَحۡنُ الۡمُلۡقِيۡنَ ﴿115﴾	اور یا یہ کہ ہوں ہم (پہلے) ڈالنے والے۔ ﴿115﴾
قَالَ اَلۡقُوۡا ۚ فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا	اس نے کہا تم ڈالو، پھر جب اُنہوں نے ڈال دیں (لاٹھیاں)
سَحَرُوۡۤا اَعۡيُنَ النَّاسِ	(تو) اُنہوں نے جادو کر دیا لوگوں کی آنکھوں پر
وَاسۡتَرۡهَبُوۡهُمۡ وَجَآءُوۡ بِسِحۡرٍ عَظِيۡمٍ ﴿116﴾	اور ڈرا دیا اُنہیں اور لائے بہت بڑا جادو۔ ﴿116﴾
وَاَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى	اور ہم نے وحی کی موسیٰ کی طرف
اَنۡ اَلۡقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا	یہ کہ (تو) بھی ڈال دے اپنی لاٹھی تو اچانک
هِىَ تَلۡقَفُ مَا يَاۡفِكُوۡنَ ۚ ﴿117﴾	وہ نگلنے لگی جو وہ جھوٹ موٹ بنا رہے تھے۔ ﴿117﴾
فَوَقَعَ الۡحَقُّ وَ بَطَلَ	پس حق ثابت ہو گیا اور باطل ہو گیا
مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ۚ ﴿118﴾	جو کچھ وہ کر رہے تھے۔ ﴿118﴾
فَغُلِبُوۡا هُنَالِكَ	تو وہ مغلوب ہو گئے وہاں
وَانۡقَلَبُوۡا صٰغِرِيۡنَ ۚ ﴿119﴾	اور لوٹے ذلیل ہو کر۔ ﴿119﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوۡا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَصَاكَ : عصائے موسیٰؑ عصاء بردار۔
تُلۡقِىَ، الۡمُلۡقِيۡنَ : القاء۔	مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
سَحَرُوۡۤا : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	فَوَقَعَ : واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار، وقوعہ۔
اَعۡيُنَ : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔	الۡحَقُّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔	بَطَلَ : حق و باطل، ادیان باطلہ، زعم باطل۔
عَظِيۡمٍ : عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔	يَعۡمَلُوۡنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اَوۡحَيۡنَاۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔	فَغُلِبُوۡا : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	انۡقَلَبُوۡا : انقلاب، انقلابی اقدام۔

قَالُوْا	يٰمُوْسٰى	اِمَّآ ①	اَنْ	تُلْقِيَ	وَ اِمَّآ ①	اَنْ
اُن سب نے کہا	اے موسیٰؑ!	یا	یہ کہ	توڈالے	اور یا	یہ کہ

نَّكُوْنَ نَحْنُ ②	الْمُلْقِيْنَ ﴿115﴾	قَالَ	اَلْقُوْا ③ ج	فَلَمَّآ
ہم ہوں	سب (پہلے) ڈالنے والے	اس نے کہا	تم سب ڈالو	پھر جب

اَلْقَوْا ③	سَحَرُوْٓا	اَعْيُنَ النَّاسِ	وَ
اُن سب نے ڈال دیں (لاٹھیاں)	اُنہوں نے جادو کر دیا	لوگوں کی آنکھوں پر	اور

اسْتَرْهَبُوْهُمْ ④	وَجَآءُوْ ⑤	بِسِحْرٍ	عَظِيْمٍ ⑥ ﴿116﴾	وَ	اَوْحَيْنَآ
سب نے ڈرانا چاہا اُنہیں	اور وہ سب لائے	جادو	بہت بڑا	اور	ہم نے وحی کی

اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ ج	فَاِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ ⑦
موسیٰؑ کی طرف	یہ کہ	تو ڈال دے	اپنی لاٹھی	تو اچانک	وہ	نگلنے لگی

مَا	يَاْفِكُوْنَ ﴿117﴾ ج	فَوَقَعَ	الْحَقُّ	وَ بَطَلَ	مَا
جو	وہ سب جھوٹ موٹ بنا رہے تھے	پس ثابت ہو گیا	حق	اور باطل ہو گیا	جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑧ ﴿118﴾ ج	فَغُلِبُوْا	هُنَالِكَ	وَانْقَلَبُوْا	صٰغِرِيْنَ ﴿119﴾ ج
تھے وہ سب کر رہے	تو وہ سب مغلوب ہو گئے	وہاں	اور وہ سب لوٹے	سب ذلیل ہو کر

ضروری وضاحت

①اِمَّا کا ترجمہ کبھی اگر بھی ہوتا ہے۔②علامت نَ اور نَحْنُ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔③اَلْقُوْا میں حکم کا مفہوم ہے اور اَلْقَوْا میں گزرے ہوئے زمانے میں کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④اِسْتَ میں طلب وچاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ جَآءُوْ کا اصل ترجمہ آئے ہے اگر اس کے بعد لفظ بِ ہو تو ترجمہ لائے ہوتا ہے۔⑥اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔⑧ یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۚۖ ﴿120﴾	اور گرا دیے گئے جادوگر سجدے کی حالت میں۔ ﴿120﴾
قَالُوْٓا اٰمَنَّا	اُنہوں نے کہا ہم ایمان لائے
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿121﴾	تمام جہانوں کے رب پر۔ ﴿121﴾
رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿122﴾	موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔ ﴿122﴾
قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ	کہا فرعون نے (کیا) تم ایمان لے آئے ہو اس پر
قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ	(اس سے) پہلے کہ میں اجازت دیتا تمہیں
اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ	بیشک یہ یقیناً ایک چال ہے (جو کہ) تم نے چلی ہے وہ
فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ	شہر میں تاکہ تم نکال دو اس (شہر) سے
اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿123﴾	اُسکے رہنے والوں کو تو عنقریب تم جان لو گے۔ ﴿123﴾
لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ	ضرور میں بُری طرح کاٹ دوں گا تمہارے ہاتھ
وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ	اور تمہارے پاؤں مخالف سمت سے
ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿124﴾	پھر البتہ ضرور میں سولی پر چڑھاؤں گا تم سب کو۔ ﴿124﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُلْقِيَ : القاء۔
السَّحَرَةُ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
سٰجِدِيْنَ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
اٰمَنَّا، اٰمَنْتُمْ : امن، ایمان، مومن۔
الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
اٰذَنَ : اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔
هٰذَا : لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
لَمَكْرٌ، مَّكَرْتُمُوْهُ : مکر وفریب، مکار۔
لِتُخْرِجُوْا : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
اَهْلَهَا : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
لَاُقَطِّعَنَّ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
اَيْدِيَكُمْ : ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خِلَافٍ : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
لَاُصَلِّبَنَّكُمْ : صلیب، مصلوب، صلیبی جنگیں۔
اَجْمَعِيْنَ : جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔

وَ اُلْقِيَ ①	السَّحَرَةُ ②	سٰجِدِيْنَ ﴿120﴾	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
اور گرا دیے گئے	جادوگر	سب سجدے کی حالت میں	ان سب نے کہا	ہم ایمان لائے

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿121﴾	رَبِّ مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ ﴿122﴾	قَالَ
تمام جہانوں کے رب پر	موسیٰ کے رب (پر)	اور	ہارون کے (رب پر)	کہا

فِرْعَوْنُ	اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ ③
فرعون نے	(کیا) تم ایمان لے آئے ہو	اس پر	(اس سے) پہلے	کہ	میں اجازت دیتا

لَكُمْ ④	اِنَّ	هٰذَا	لَمَكْرٌ	مَّكَرْتُمُوْهُ ⑤
تمہیں	بیشک	یہ	یقیناً ایک چال ہے	(جو کہ) تم سب نے چلی ہے وہ

فِي الْمَدِيْنَةِ	لِتُخْرِجُوْا	مِنْهَآ	اَهْلَهَا	فَسَوْفَ
شہر میں	تاکہ تم سب نکال دو	اس (شہر) سے	اُس کے رہنے والوں کو	تو عنقریب

تَعْلَمُوْنَ ﴿123﴾	لَاُقَطِّعَنَّ ⑥	اَيْدِيَكُمْ	وَ	اَرْجُلَكُمْ
تم سب جان لوگے	یقیناً ضرور میں کاٹ دوں گا	تمہارے ہاتھ	اور	تمہارے پاؤں

مِّنْ خِلَافٍ	ثُمَّ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ ⑥	اَجْمَعِيْنَ ⑦ ﴿124﴾
مخالف سمت سے	پھر	یقیناً ضرور میں سولی پر چڑھاؤں گا تمہیں	سب کو

ضروری وضاحت

① اگر شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا یا دیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اَلسَّحَرَةُ میں ۃ واحد مؤنث نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ③ اٰذَنَ دراصل ءَاْذَنَ تھا دوسرے ہمزے کو الف سے بدل کر کھڑی زبر دی گئی ہے۔ ④ یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ لَ اور نَّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑦ اَجْمَعِيْنَ کا ترجمہ سب ہے اس لیے يْنَ کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا	اُنہوں نے کہا: یقیناً ہم اپنے رب کی طرف
مُنْقَلِبُوْنَ ۚ﴿125﴾	لوٹنے والے ہیں۔ ﴿125﴾
وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ	اور نہیں تو بدلہ لے رہا ہم سے
اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا	مگر (صرف اس کا) کہ ہم ایمان لائے ہیں
بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ	اپنے رب کی آیات پر، جب وہ آئی ہیں ہمارے پاس
رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا	اے ہمارے رب! تو ڈال ہم پر صبر
وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ؑ﴿126﴾ ع 14 18 4	اور فوت کر ہمیں اس حال میں کہ فرمانبردار ہوں۔ ﴿126﴾
وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اور کہا: سرداروں نے فرعون کی قوم میں سے
اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ	کیا تو چھوڑے رکھے گا موسیٰ علیہ السلام اور اُس کی قوم کو
لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ	تا کہ وہ فساد پھیلائیں زمین میں
وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ	اور وہ چھوڑ دے تجھے اور تیرے معبودوں کو
قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ	اس نے کہا عنقریب ہم قتل کر دیں گے اُنکے بیٹوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
مُنْقَلِبُوْنَ : انقلاب، انقلابی اقدام۔
تَنْقِمُ : انتقام، انتقامی کاروائی۔
مِنَّآ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اِلَّآ : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
اٰمَنَّا : امن، ایمان، مومن۔
بِاٰيٰتِ : آیت، آیات قرآنی۔

عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تَوَفَّنَا : فوت، وفات، فوتگی۔
لِيُفْسِدُوْا : فساد، مفسد، فسادی لوگ۔
فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
اٰلِهَتَكَ : الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
سَنُقَتِّلُ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
اَبْنَآءَهُمْ : ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔

قَالُوْٓا	اِنَّآ ①	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ ② ﴿125﴾ ج
ان سب نے کہا	یقیناً ہم	اپنے رب کی طرف	سب لوٹنے والے ہیں

وَ مَا	تَنْقِمُ	مِنَّآ ③	اِلَّآ	اَنْ	اٰمَنَّا
اور نہیں	تو بدلہ لے رہا	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے ہیں

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا	لَمَّا	جَآءَتْنَا ④ ط	رَبَّنَآ ⑤	اَفْرِغْ ⑥
اپنے رب کی آیات پر	جب	وہ آئی ہیں ہمارے پاس	(اے) ہمارے رب!	توڈال

14 ع 18 4

عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّ	تَوَفَّنَا ⑦	مُسْلِمِيْنَ ﴿126﴾ ع
ہم پر	صبر	اور	تو فوت کر ہمیں	(اس حال میں کہ) سب فرمانبردار ہوں

وَقَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اَ	تَذَرُ	مُوْسٰى
اور کہا	سرداروں نے	فرعون کی قوم سے	کیا	تو چھوڑے رکھے گا	موسیٰ کو

وَ قَوْمَهٗ	لِيُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَ	يَذَرَكَ
اور اس کی قوم کو	تا کہ وہ سب فساد پھیلائیں	زمین میں	اور	وہ چھوڑ دے تجھے

وَ	اٰلِهَتَكَ ط	قَالَ	سَنُقَتِّلُ	اَبْنَآءَهُمْ
اور	تیرے معبودوں کو	اس نے کہا	عنقریب ہم قتل کر دینگے	اُنکے بیٹوں کو

ضروری وضاحت

①اِنَّآ دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔② شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③مِنَّآ دراصل مِنْ+نَا کا مجموعہ ہے۔④تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤یہ دراصل يَا رَبَّنَا تھا، شروع سے يَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے، اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔⑥فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَنَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ ۚ	اور ہم زندہ رہنے دیں گے اُن کی عورتوں (بیٹیوں) کو
وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿127﴾	اور بے شک ہم اُن پر غالب ہیں۔ ﴿127﴾
قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ	کہا: موسیٰ نے اپنی قوم سے
اسْتَعِیْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ	تم مدد طلب کرو اللہ سے اور صبر کرو
اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ۬	بے شک زمین تو اللہ کی ہے
یُوْرِثُهَا مَنْ یَّشَآءُ	وہ وارث بناتا ہے اس کا جس کو چاہتا ہے
مِنْ عِبَادِهٖ ؕ	اپنے بندوں میں سے
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿128﴾	اور (اچھا) انجام (تو) متقی لوگوں کے لیے ہے۔ ﴿128﴾
قَالُوْۤا اُوْذِیْنَا	اُنہوں نے کہا ہمیں تکلیف دی گئی ہے
مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِیَنَا	اس سے پہلے کہ آپ آتے ہمارے پاس
وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ	اور اس کے بعد کہ آپ آئے ہمارے پاس
قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ	اس نے کہا اُمید ہے کہ تمہارا رب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	الْاَرْضَ	: ارض وسماء، قطعہ اُراضی، ارض مقدس۔
نَسْتَحْیٖ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	یُوْرِثُهَا	: وارث، وراثت، ورثاء۔
نِسَآءَهُمْ	: تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔	یَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
فَوْقَهُمْ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	عِبَادِهٖ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
قٰهِرُوْنَ	: قہرالٰہی، عبدالقہار۔	الْعَاقِبَةُ	: عاقبت نااندیش، عقوبت خانہ۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لِلْمُتَّقِیْنَ	: تقویٰ، متقی۔
اسْتَعِیْنُوْا	: اعانت، استعانت، تعاون۔	اُوْذِیْنَا	: اذیت، اذیتیں، ایذارسانی، موذی۔
اصْبِرُوْا	: صبر جمیل، صبر وتحمل، صابر۔	قَبْلِ	: قبل ازوقت، قبل الکلام، قبل ازغذا۔

وَ	نَسْتَحْيٖ	نِسَآءَهُمْ ج	وَ	اِنَّا ①	فَوْقَهُمْ
اور	ہم زندہ رہنے دیں گے	اُن کی عورتوں (بیٹیوں) کو	اور	بیشک ہم	اُن کے اُوپر

قٰهِرُوْنَ (127)	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ ②③	اسْتَعِيْنُوْا ④
سب غالب ہیں	کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	تم سب مدد طلب کرو

بِاللّٰهِ	وَ	اصْبِرُوْا ج	اِنَّ	الْاَرْضَ	لِلّٰهِ ② قف
اللہ سے	اور	تم سب صبر کرو	بیشک	زمین	اللہ کی ہے

يُوْرِثُهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ ط ③
وہ وارث بناتا ہے اس کا	جس کو	وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے

وَالْعَاقِبَةُ ⑤	لِلْمُتَّقِيْنَ ② (128)	قَالُوْٓا	اُوْذِيْنَا
اور (اچھا) انجام	سب متقی لوگوں کے لیے ہے	ان سب نے کہا	ہمیں تکلیف دی گئی ہے

مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَاْتِيَنَا	وَ	مِنْۢ بَعْدِ مَا ⑥⑦
(اس) سے پہلے	کہ	آپ آتے ہمارے پاس	اور	(اس کے) بعد (بھی) کہ

جِئْتَنَا ط	قَالَ	عَسٰى	رَبُّكُمْ
آپ آئے ہمارے پاس	اس نے کہا	اُمید ہے کہ	تمہارا رب

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ+ نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔② لِ کا اصل ترجمہ کے لیے ہے اور کبھی کا، کی، کو اور کبھی سے کیا جاتا ہے۔③ ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④ اِسْتَ میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑦ اگر لفظ بَعْدِ کے بعد مَا ہو تو اس کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔

اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ	یہ کہ ہلاک کردے تمہارے دشمن کو
وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ	اور وہ جانشین بنادے تمہیں زمین میں
فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿129﴾	پھر وہ دیکھے کیسے تم عمل کرتے ہو۔ ﴿129﴾
وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ	اور البتہ تحقیق ہم نے پکڑا آل فرعون کو
بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ	قحط سالیوں سے اور نقصان کرکے پھلوں سے
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿130﴾	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ﴿130﴾
فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ	تو جب آئی اُن پر خوشحالی (تو)
قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ	کہتے ہیں: ہمارا (حق) ہے یہ
وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ	اور اگر پہنچتی اُنہیں کوئی تکلیف
يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى	(تو) نحوست کا باعث ٹھہراتے ہیں موسیٰ کو
وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَآ اِنَّمَا	اور (اُن کو) جو اُن کے ساتھ ہیں خبردار درحقیقت
طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ	اُن کی نحوست (تو) اللہ کے پاس ہے

ع 15 3 5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّهْلِكَ	: ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	نَقْصٍ	: نقص، تنقیص، نقائص۔
عَدُوَّكُمْ	: عدوّ، اعداء، عداوت۔	الثَّمَرٰتِ	: ثمر، ثمرات۔
يَسْتَخْلِفَكُمْ	: خلیفہ، خلافت، خلف۔	يَذَّكَّرُوْنَ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
فَيَنْظُرَ	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	الْحَسَنَةُ	: حسن، احسان، محسن، احسن جزاء۔
كَيْفَ	: کیفیت، بہرکیف، کوائف۔	هٰذِهٖ	: حامل رقعہ ہذا، الہذا، ہذا من فضل ربی۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	تُصِبْهُمْ	: مصیبت، آلام و مصائب۔
اَخَذْنَآ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	سَيِّئَةٌ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
اٰلَ	: آل و اولاد، آل رسول۔	عِنْدَ	: عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔

ع 15 3 5

اَنْ	يُّهْلِكَ	عَدُوَّكُمْ ①	وَ	يَسْتَخْلِفَكُمْ ①	فِي الْاَرْضِ
یہ کہ	وہ ہلاک کردے	تمہارے دشمن کو	اور	وہ جانشین بنادے تمہیں	زمین میں

فَيَنْظُرَ ②	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ ﴿129﴾ ع	وَ	لَقَدْ	اَخَذْنَآ
پھروہ دیکھے	کیسے	تم سب عمل کرتے ہو	اور	البتہ تحقیق	ہم نے پکڑا

اٰلَ فِرْعَوْنَ	بِالسِّنِيْنَ ③	وَنَقْصٍ	مِّنَ الثَّمَرٰتِ ④
آل فرعون کو	قحط سالیوں سے	اور نقصان کرکے	پھلوں سے

لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ ﴿130﴾	فَاِذَا	جَآءَتْهُمُ ④	الْحَسَنَةُ ④
تاکہ وہ	وہ سب نصیحت پکڑیں	توجب	آئی اُن پر	خوشحالی (تو)

قَالُوْا	لَنَا هٰذِهٖ ج	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ ④	سَيِّئَةٌ ④
سب کہتے ہیں	یہ ہمارا (حق ہے)	اوراگر	پہنچتی اُنہیں	کوئی تکلیف (تو)

يَّطَّيَّرُوْا	بِمُوْسٰى ③	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ ط
وہ سب نحوست کا باعث ٹھہراتے ہیں	موسیٰ کو	اور	جو	اُس کے ساتھ ہیں

اَلَآ	اِنَّمَا ⑤	طٰٓئِرُهُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ
خبردار	درحقیقت	اُن کی نحوست (تو)	اللہ کے پاس ہے

ضروری وضاحت

① علامت کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہوتو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے اور اگر فعل کے آخر میں ہوتو تمہیں کیا جاتا ہے۔
②علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر کیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④ ات، تہ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ علامت اِنَّ کے ساتھ مَا ہوتو اس میں حصر کا مفہوم ہوتا ہے کہ بے شک یونہی ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿131﴾	اور لیکن اُن کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿131﴾
وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ	اور انہوں نے کہا جو بھی تو لائے گا ہمارے پاس اُس کو
مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ	کوئی نشانی تا کہ تو جادو کرے ہم پر اُس کے ذریعے
فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿132﴾	تو نہیں ہیں ہم آپ پر ایمان لانے والے۔ ﴿132﴾
فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ	چنانچہ ہم نے بھیجا اُن پر طوفان اور ٹڈی دل
وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ	اور جوئیں اور مینڈک اور خون
اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫	(جو) نشانیاں تھیں الگ الگ
فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿133﴾	پھر (بھی) اُنہوں نے تکبر کیا اور تھے وہ مجرم لوگ۔ ﴿133﴾
وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ	اور جب واقع ہوتا اُن پر عذاب (تو)
قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ	کہتے اے موسیٰ! دعا کر ہمارے لیے اپنے رب سے
بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ	اس واسطے سے جو اُس نے عہد کر رکھا ہے تیرے ہاں
لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ	البتہ اگر تو دور کر دے ہم سے (یہ) عذاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَكْثَرَهُمْ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔	مُّفَصَّلٰتٍ : فاصلہ، حد فاصل، فاصلے۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	فَاسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	وَقَعَ : واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار، وقوعہ۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	ادْعُ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
لِّتَسْحَرَنَا : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
بِمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔	عَهِدَ : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد، معاہدہ۔
فَاَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	عِنْدَكَ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔
عَلَيْهِمُ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	كَشَفْتَ : کشف، کشف المحجوب، مکاشفہ۔

وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿131﴾	وَقَالُوْا	مَهْمَا	تَاْتِنَا
اور لیکن	اُنکے اکثر	نہیں وہ سب جانتے	اور اُن سب نے کہا	جو بھی	تو لائے گا ہمارے پاس

بِهٖ ①	مِنْ اٰيَةٍ ②	لِّتَسْحَرَنَا	بِهَا ① لا	فَمَا	نَحْنُ	لَكَ
اُس کو	کسی نشانی سے	تا کہ تو جادو کرے ہم پر	اُسکے ذریعے	تو نہیں	ہم	آپ پر

بِمُؤْمِنِيْنَ ③ ﴿132﴾	فَاَرْسَلْنَا ④	عَلَيْهِمُ	الطُّوْفَانَ	وَالْجَرَادَ	وَالْقُمَّلَ
سب ایمان لانیوالے	چنانچہ ہم نے بھیجا	اُن پر	طوفان	اور ٹڈی دل	اور جوئیں

وَالضَّفَادِعَ	وَالدَّمَ	اٰيٰتٍ ⑤	مُّفَصَّلٰتٍ ⑤ قف	فَاسْتَكْبَرُوْا ④
اور مینڈک	اور خون	(جو) نشانیاں تھیں	الگ الگ	پھر اُن سب نے تکبر کیا

وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ ⑥ ﴿133﴾	وَلَمَّا	وَقَعَ	عَلَيْهِمُ	الرِّجْزُ
اور تھے سب	لوگ	سب جرم کرنے والے	اور جب	واقع ہوتا	اُن پر	عذاب

قَالُوْا	يٰمُوْسَى	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	بِمَا ①
(تو) سب کہتے	اے موسیٰؑ !	آپ دعا کیجیے	ہمارے لیے	اپنے رب سے	اس وجہ سے جو

عَهِدَ	عِنْدَكَ ج	لَئِنْ	كَشَفْتَ	عَنَّا	الرِّجْزَ
اُس نے عہد کر رکھا ہے	تیرے ہاں	البتہ اگر	تو دور کر دے	ہم سے	(یہ) عذاب

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔② علامت ةٍ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔④ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی چنانچہ کیا جاتا ہے۔⑤ علامت ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ	(تو) یقیناً ہم ضرور ایمان لے آئیں گے آپ پر
وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ﴿134﴾	اور یقیناً ضرور ہم بھیجیں گے تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو ﴿134﴾
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ	پھر جب ہم دور کر دیتے اُن سے عذاب کو
اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ	ایک وقت تک (کہ) وہ پہنچنے والے ہوتے اُس کو
اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿135﴾	(تو) اچانک وہ عہد توڑ دیتے۔ ﴿135﴾
فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ	چنانچہ ہم نے انتقام لیا اُن سے
فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ	تو ہم نے غرق کر دیا اُنہیں سمندر میں
بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	اس وجہ سے کہ جھٹلایا اُنہوں نے ہماری آیات کو
وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿136﴾	اور وہ تھے اس سے غافل۔ ﴿136﴾
وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ	اور ہم نے وارث بنا دیا اُس قوم کو جو
كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ	تھے کمزور سمجھے جاتے
مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا	زمین کے مشرقوں کا اور اس کے مغربوں کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَنُؤْمِنَنَّ : امن، ایمان، مومن۔
لَنُرْسِلَنَّ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مَعَكَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
بَنِيْٓ، اِسْرَآءِيْلَ : بنی اسرائیل، ابن عباس، ابن عمر۔
كَشَفْنَا : کشف، کشف المحجوب، مکاشفہ۔
اِلٰٓى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَجَلٍ : اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
بٰلِغُوْهُ : بلوغ، بلوغت، ابلاغ، مبلغ۔

فَانْتَقَمْنَا : انتقام، انتقامی کاروائی۔
فَاَغْرَقْنٰهُمْ : غرق، مستغرق، غریق رحمت۔
كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اَوْرَثْنَا : وارث، وراثت، ورثاء۔
يُسْتَضْعَفُوْنَ : ضعف، ضعیف، ضعفا۔
مَشَارِقَ : مشرق ومغرب، شرق وغرب، اشراق۔
الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
مَغَارِبَهَا : مغربی جانب، غربی علاقہ۔

لَنُؤْمِنَنَّ ①	لَكَ	وَ	لَنُرْسِلَنَّ ①	مَعَكَ
(تو) یقیناً ہم ضرور ایمان لے آئیں گے	آپ پر	اور	یقیناً ہم ضرور بھیجیں گے	تیرے ساتھ

بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۚ﴿134﴾	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الرِّجْزَ	اِلٰٓى اَجَلٍ
بنی اسرائیل کو	پھر جب	ہم دور کر دیتے	اُن سے	عذاب کو	ایک وقت تک (کہ)

هُمْ	بٰلِغُوْهُ ②	اِذَا	هُمْ یَنْكُثُوْنَ ③ ﴿135﴾	فَانْتَقَمْنَا ④
وہ	سب پہنچنے والے ہوتے اُسکو	(تو) اچانک	وہ سب عہد توڑ دیتے	چنانچہ ہم نے انتقام لیا

مِنْهُمْ	فَاَغْرَقْنٰهُمْ ④⑤	فِی الْیَمِّ	بِاَنَّهُمْ
اُن سے	پھر ہم نے غرق کر دیا اُنہیں	سمندر میں	اس وجہ سے کہ بے شک وہ

كَذَّبُوْا	بِاٰیٰتِنَا	وَ	كَانُوْا	عَنْهَا	غٰفِلِیْنَ ﴿136﴾
سب جھٹلاتے تھے	ہماری آیات کو	اور	وہ سب تھے	اس سے	سب غافل

وَ	اَوْرَثْنَا ⑥	الْقَوْمَ	الَّذِیْنَ	كَانُوْا
اور	ہم نے وارث بنا دیا	اُس قوم کو	جو	سب تھے

یُسْتَضْعَفُوْنَ	مَشَارِقَ الْاَرْضِ ⑦	وَ	مَغَارِبَهَا ⑦
وہ سب کمزور سمجھے جاتے	زمین کے مشرقوں کا	اور	اس کے مغربوں کا

ضروری وضاحت

①علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔
③علامت هُمْ اور یَ دونوں کو ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔④ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی چنانچہ کیا جاتا ہے۔⑤ هُمْ اگر فعل
کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔⑦ مَشَارِق
اور مَغَارِب جمع کے الفاظ ہیں جبکہ مشرق و مغرب تو واحد ہیں دراصل اس سے مراد شام و فلسطین کے مشرقی اور مغربی حصے ہیں۔

الَّتِیْ بٰرَكْنَا فِیْهَا ؕ	(وہ زمین کہ) جو (کہ) ہم نے برکت کر رکھی ہے اُس میں
وَ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى	اور پوری ہوگئی تیرے رب کی بہترین بات
عَلٰى بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ بِمَا صَبَرُوْا ؕ	بنی اسرائیل پر، اس وجہ سے جو اُنہوں نے صبر کیا
وَ دَمَّرْنَا مَا كَانَ یَصْنَعُ فِرْعَوْنُ	اور ہم نے برباد کر دیا جو (کچھ) بناتا تھا فرعون
وَ قَوْمُهٗ وَ مَا كَانُوْا یَعْرِشُوْنَ ﴿137﴾	اور اسکی قوم، اور جو تھے وہ (محلات) بلند کرتے۔ ﴿137﴾
وَ جٰوَزْنَا بِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ	اور ہم نے پار اُتارا بنی اسرائیل کو سمندر سے
فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ	تو وہ آئے ایسی قوم پر (کہ) وہ جمے بیٹھے تھے
عَلٰۤى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ	اپنے کچھ بتوں پر
قَالُوْا یٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَاۤ	اُنہوں نے کہا: اے موسیٰ! تو بنادے ہمارے لیے
اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ	ایک معبود، جس طرح ہیں اُن کے معبود،
قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿138﴾	(موسیٰ نے) کہا: بیشک تم وہ قوم ہو (کہ) نادانی کرتے ہو ﴿138﴾
اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ	بے شک یہ لوگ (ہیں کہ) تباہ کیا جانے والا ہے

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بٰرَكْنَا	: برکت، برکات، مبارک، تبرک۔	یَصْنَعُ	: صنعت وتجارت، صنعتی علاقہ، مصنوعی۔
فِیْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	جٰوَزْنَا	: تجاوز، متجاوز، تجاوزات۔
تَمَّتْ	: اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔	الْبَحْرَ	: بحر قلزم، بحیرۂ عرب، برّ و بحر۔
كَلِمَتُ	: کلمہ، کلام، کلمات، متکلم، انداز تکلم۔	یَّعْكُفُوْنَ	: عاکف، اعتکاف، معتکفین۔
الْحُسْنٰى	: حسن، محسن، تحسین، اسمائے حسنیٰ۔	اَصْنَامٍ	: صنم، صنم کدہ۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اِلٰهًا، اٰلِهَةٌ	: اللہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
بَنِیْۤ	: ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔	كَمَا	: کالعدم، کماحقہ/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔
صَبَرُوْا	: صبر جمیل، صبر وتحمل، صابر۔	تَجْهَلُوْنَ	: جاہل، جہالت، مجہول، تجاہل عارفانہ۔

الَّتِيْ	بٰرَكْنَا ①	فِيْهَا ط	وَتَمَّتْ ②	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
(وہ زمین کہ) جو	ہم نے برکت رکھی ہے	اس میں	اور پوری ہوگئی	بات	تیرے رب کی

الْحُسْنٰى ②	عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ	بِمَا	صَبَرُوْا ط	وَ
بہترین	بنی اسرائیل پر	اس وجہ سے جو	ان سب نے صبر کیا	اور

دَمَّرْنَا ①	مَا كَانَ	يَصْنَعُ ③	فِرْعَوْنُ ④	وَقَوْمُهٗ	وَمَا
ہم نے برباد کر دیا	جو تھا	بناتا	فرعون	اور اس کی قوم	اور جو

الربع

كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ⑤ (137)	وَجٰوَزْنَا ①	بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْبَحْرَ
تھے وہ سب (محلات) بلند کرتے	اور ہم نے پار اُتارا	بنی اسرائیل کو	سمندر سے

فَاَتَوْا	عَلٰى قَوْمٍ	يَّعْكُفُوْنَ	عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ⑥ ج	قَالُوْا
تو وہ سب آئے	ایسی قوم پر	وہ سب جمے بیٹھے تھے	اپنے کچھ بتوں پر	اُن سب نے کہا

يٰمُوْسَى	اجْعَلْ	لَّنَآ	اِلٰهًا	كَمَا	لَهُمْ	اٰلِهَةٌ ⑦ ط
اے موسیٰؑ!	تو بنا دے	ہمارے لیے	ایک معبود	جس طرح (ہیں)	اُن کے لیے	معبود

قَالَ	اِنَّكُمْ	قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ (138)	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	مُتَبَّرٌ
کہا (موسیٰ نے)	بیشک تم	تم سب جاہل قوم ہو	بیشک	یہ (لوگ ہیں کہ)	تباہ کیا جانیوالا ہے

ضروری وضاحت

①علامت نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② علامت تْ اور ـِ ی واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑤ یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔⑥ لَهُمْ میں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔⑦ اٰلِهَةٌ میں ةٌ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

مَّا هُمْ فِيْهِ	جس (دین) میں وہ ہیں
وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿139﴾	اور باطل ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ ﴿139﴾
قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ	کہا (موسیٰ علیہ السلام نے) کیا اللہ کے سوا
اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا	میں تلاش کروں تمہارے لیے کوئی (اور) معبود
وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ	حالانکہ وہی ہے (کہ) اُس نے فضیلت دی ہے تمہیں
عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿140﴾	تمام جہانوں پر۔ ﴿140﴾
وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	اور جب ہم نے نجات دی تمہیں فرعون کی آل سے
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ	وہ پہنچاتے تھے تمہیں بُرا عذاب
يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ	وہ قتل کر دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو
وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ	اور وہ زندہ چھوڑ دیتے تھے تمہاری عورتوں کو
وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ	اور اس میں آزمائش تھی
مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿141﴾ ع	تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی۔ ﴿141﴾

ع 16 12 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْهِ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	اٰلِ	آل و اولاد، آل رسول۔
بٰطِلٌ	حق و باطل، ادیان باطلہ، زَعم باطل۔	سُوْٓءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
يَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	يُقَتِّلُوْنَ	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَبْنَآءَكُمْ	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔
اِلٰهًا	اِلٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔	يَسْتَحْيُوْنَ	حیات، حیات جاوداں، احیائے سنت۔
فَضَّلَكُمْ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	نِسَآءَكُمْ	تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔
الْعٰلَمِيْنَ	عالم اسلام، عالم کفر، اقوام عالم۔	بَلَآءٌ	بلا، ابتلا و آزمائش، مبتلا۔
اَنْجَيْنٰكُمْ	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔	عَظِيْمٌ	عظیم، معظم، تعظیم، عظمت۔

مَّا	هُمْ	فِيْهِ	وَ بٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ① (139)
جو	وہ سب	اس میں	اور باطل ہے	جو	وہ سب کر رہے ہیں

قَالَ	اَ ②	غَيْرَ اللّٰهِ	اَبْغِيْكُمْ	اِلٰهًا ③
کہا (موسیٰؑ نے)	کیا	اللہ کے سوا	میں تلاش کروں تمہارے لیے	کوئی (اور) معبود

وَّ	هُوَ	فَضَّلَكُمْ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (140)
حالانکہ	وہی ہے (جس نے)	فضیلت دی ہے تمہیں	تمام جہانوں پر

وَ	اِذْ	اَنْجَيْنٰكُمْ ④	مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
اور	جب	ہم نے نجات دی تمہیں	فرعون کی آل سے

يَسُوْمُوْنَكُمْ ④	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ ج	يُقَتِّلُوْنَ ⑤
وہ سب پہنچاتے تھے تمہیں	بُرا	عذاب	وہ سب قتل کر دیتے تھے

اَبْنَآءَكُمْ ⑥	وَ	يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ ⑥ ط	وَ
تمہارے بیٹوں کو	اور	وہ سب زندہ چھوڑ دیتے تھے	تمہاری عورتوں کو	اور

فِيْ ذٰلِكُمْ ⑦	بَلَآءٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ ⑥	عَظِيْمٌ ع (141)
اس میں	آزمائش تھی	تمہارے رب کی طرف سے	بہت بڑی

ع 16 12 6

ضروری وضاحت

① یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔② أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔④ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ فعل کے درمیان اگر شد ہو تو اس میں مبالغے کا مفہوم ہے۔⑥ كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے کیا جاتا ہے۔⑦ جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً	اور ہم نے وعدہ کیا موسیٰ سے تیس راتوں کا
وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ	اور ہم نے پورا کیا اُسے (مزید) دس (راتوں) سے
فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ	تو پوری ہوگئی اسکے رب کی مقررمدت چالیس راتیں
وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ	اور کہا موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے
اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ	میرا جانشین رہ میری قوم میں اور اصلاح کرتے رہنا
وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿142﴾	اور نہ پیروی کرنا فساد کرنے والوں کے راستے کی۔ ﴿142﴾
وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا	اور جب آئے موسیٰ ہماری مقررہ مدت پر
وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ	اور بات کی اُس سے اُس کے رب نے
قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ	کہنے لگے اے میرے رب! دکھا مجھے
اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ	(کہ) میں دیکھوں تیری طرف
قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ	فرمایا: ہرگز نہیں تو دیکھ سکے گا مجھے
وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ	اور لیکن تو دیکھ (اس) پہاڑ کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وٰعَدْنَا : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
لَيْلَةً : لیل و نہار، لیلۃ القدر۔
اَتْمَمْنٰهَا : اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔
بِعَشْرٍ : عشرہ محرم، سبعہ عشرہ، عشرہ مبشرہ۔
مِيْقَاتُ : میقاتِ حج، وقت، اوقات۔
لِاَخِيْهِ : اخوت، مؤاخات اسلام۔
اخْلُفْنِيْ : خلیفہ، خلافت، خلف۔
اَصْلِحْ : اصلاح، اعمال صالحہ۔
تَتَّبِعْ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
سَبِيْلَ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
كَلَّمَهٗ : کلمہ، کلام، کلمات، متکلم، انداز تکلم۔
اَرِنِيْٓ، تَرٰىنِيْ : رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔
اَنْظُرْ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
لٰكِنِ : لیکن۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْجَبَلِ : جبلِ اُحد، جبلِ رحمت، ملک الجبال۔

وَ	وٰعَدْنَا ①	مُوْسٰى	ثَلٰثِيْنَ	لَيْلَةً ②	وَّ	اَتْمَمْنٰهَا ①
اور	ہم نے وعدہ کیا	موسیٰ سے	تیس	راتوں کا	اور	ہم نے پورا کیا اُسے

بِعَشْرٍ	فَتَمَّ	مِيْقَاتُ	رَبِّهٖۤ	اَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً ② ج
(مزید) دس (راتوں) سے	تو پوری ہوگئی	مقرر مدت	اسکے رب کی	چالیس	راتیں

وَقَالَ	مُوْسٰى	لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ	اخْلُفْنِيْ ③	فِيْ قَوْمِيْ
اور کہا	موسیٰ نے	اپنے بھائی ہارون سے	تو میرا جانشین رہ	میری قوم میں

وَ	اَصْلِحْ	وَ	لَا تَتَّبِعْ ④	سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ⑤ (142)
اور	اصلاح کرتے رہنا	اور	نہ تم پیروی کرنا	فساد کرنے والوں کے راستے کی

وَلَمَّا	جَآءَ	مُوْسٰى	لِمِيْقَاتِنَا	وَ	كَلَّمَهٗ	رَبُّهٗ لا
اور جب	آئے	موسیٰ	ہماری مقررہ مدت پر	اور	بات کی اُس سے	اُسکے رب نے

قَالَ	رَبِّ ⑥	اَرِنِيْۤ ③	اَنْظُرْ	اِلَيْكَ ط	قَالَ
کہنے لگے	(اے) میرے رب!	مجھے دکھا (کہ)	میں دیکھوں	تیری طرف	(اللہ نے) فرمایا

لَنْ	تَرٰىنِيْ ③	وَلٰكِنِ	انْظُرْ	اِلَى الْجَبَلِ
ہرگز نہیں	تو دیکھ سکے گا مجھے	اور لیکن	تو دیکھ	(اس) پہاڑ کی طرف

ضروری وضاحت

① نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ اگر فعل کے آخر میں یِ آئے تو فعل اور اس یِ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم یا وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ رَبِّ اصل میں یَا رَبِّیْ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے یِ گری ہوئی ہے اسی یِ کا ترجمہ میرے کیا گیا ہے۔

فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ	پس اگر وہ ٹھہرا رہا اپنی جگہ پر
فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ	تو عنقریب تو بھی دیکھ سکے گا مجھے
فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ	پھر جب جلوہ ڈالا اُس کے رب نے پہاڑ پر (تو)
جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ	کر دیا اُسے ریزہ ریزہ اور گر پڑے موسیٰ بیہوش ہو کر
فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ	پھر جب ہوش آیا (تو) کہنے لگے تو پاک ہے،
تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا	میں نے توبہ کی تیری طرف، اور میں
اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿143﴾	سب سے پہلا ہوں ایمان لانے والوں میں۔ ﴿143﴾
قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ	فرمایا: اے موسیٰ! بیشک میں نے چن لیا ہے تجھے
عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۡ ۖ	لوگوں پر اپنے پیغامات اور اپنے کلام کے ساتھ
فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ	پس پکڑ لے جو میں نے دیا ہے تجھے
وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿144﴾	اور ہو جا شکر کرنے والوں میں سے۔ ﴿144﴾
وَكَتَبْنَا لَهٗ فِي الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	اور ہم نے لکھ دی اُس کے لیے تختیوں میں ہر چیز کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اسْتَقَرَّ : اقرار، اقرار نامہ، استقرار۔
مَكَانَهٗ : کون و مکان، مکانات، مکین۔
تَجَلّٰى : تجلی کعبہ، نور کی تجلی۔
لِلْجَبَلِ : جبلِ اُحد، جبلِ رحمت، ملک الجبال۔
اَفَاقَ : افاقہ ہوا۔
سُبْحٰنَكَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
تُبْتُ : توبہ، تائب، توبۃ النصوحہ۔
اِلَيْكَ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
اصْطَفَيْتُكَ : مصطفیٰ، نظامِ مصطفوی۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
بِرِسٰلٰتِيْ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
فَخُذْ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
الشّٰكِرِيْنَ : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔
كَتَبْنَا : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
الْاَلْوَاحِ : لوح محفوظ، لوح و قلم۔

فَاِنِ	اسْتَقَرَّ	مَكَانَهٗ ①	فَسَوْفَ	تَرٰىنِيْ ② ج	فَلَمَّا
پس اگر	وہ ٹھہرا رہا	اپنی جگہ پر	تو عنقریب	تو (بھی) دیکھ سکے گا مجھے	پھر جب

تَجَلّٰى ③	رَبُّهٗ ①	لِلْجَبَلِ ④	جَعَلَهٗ ①	دَكًّا	وَّخَرَّ	مُوْسٰى
جلوہ ڈالا	اُسکے رب نے	پہاڑ پر	(تو) کر دیا اُسے	ریزہ ریزہ	اور گر پڑے	موسیٰ

صَعِقًا ج	فَلَمَّآ اَفَاقَ	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	تُبْتُ	اِلَيْكَ
بے ہوش ہو کر	پھر جب ہوش آیا	(تو) کہنے لگے	پاک ہے تو	میں نے توبہ کی	تیری طرف

وَ	اَنَا	اَوَّلُ	الْمُؤْمِنِيْنَ (143)	قَالَ	يٰمُوْسٰٓى
اور	میں	پہلا ہوں	ایمان لانے والوں میں	فرمایا	اے موسیٰ!

اِنِّىْ اصْطَفَيْتُكَ ⑤	عَلَى النَّاسِ	بِرِسٰلٰتِىْ ⑥	وَبِكَلَامِىْ صلے
بیشک میں نے چن لیا ہے تجھے	لوگوں پر	اپنے پیغامات کے ساتھ	اور اپنے کلام کے ساتھ

فَخُذْ	مَآ	اٰتَيْتُكَ	وَكُنْ	مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ⑦ (144)
پس تو پکڑ لے	جو	میں نے دیا ہے تجھے	اور تو ہو جا	سب شکر کرنے والوں میں سے

وَ	كَتَبْنَا	لَهٗ	فِى الْاَلْوَاحِ	مِنْ كُلِّ شَىْءٍ
اور	ہم نے لکھ دی	اُس کے لیے	تختیوں میں	ہر چیز سے

ضروری وضاحت

① علامت ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔② اگر فعل کے آخر میں یِ آئے تو فعل اور اس یِ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔③ علامت تَ اور شد دونوں میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔
④ لِ کا عموماً ترجمہ کے لیے ہوتا یہاں ضرورتاً ترجمہ پر کیا گیا ہے۔⑤ یِ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔⑥ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ	نصیحت اور تفصیل ہر چیز کی
فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ	تو پکڑ لے اِن کو مضبوطی کے ساتھ اور حکم دے اپنی قوم کو
يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۭ	(کہ) وہ پکڑے رکھیں اُن کی اچھی باتوں کو
سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿145﴾	عنقریب میں دکھاؤں گا تمہیں نافرمانوں کا گھر۔ ﴿145﴾
سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ	عنقریب میں پھیر دوں گا اپنی آیتوں سے
الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ	اُن لوگوں کو جو تکبر کرتے ہیں زمین میں
بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ	ناحق (طریقے) سے اور اگر وہ دیکھ لیں ہر نشانی
لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ	(تو) نہ وہ ایمان لائیں گے اس پر
وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ	اور اگر وہ دیکھ لیں بھلائی کا راستہ
لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ	(تو) نہیں پکڑتے اُسے (اپنے لیے) راستہ
وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ	اور اگر وہ دیکھ لیں گمراہی کا راستہ
يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۭ	(تو) پکڑ لیتے ہیں اُسے (اپنے لیے) راستہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّوْعِظَةً : وعظ، واعظ، وعظ ونصیحت۔	سَاَصْرِفُ : صرفِ نظر، صارف۔
تَفْصِيْلًا : تفصیل، مفصل۔	يَتَكَبَّرُوْنَ : تکبر، متکبر۔
فَخُذْهَا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
وَّاْمُرْ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔	الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
بِاَحْسَنِهَا : احسن، احسان، محسن۔	لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
سَاُورِيْكُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔	يُؤْمِنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
دَارَ : دیارِ غیر، دارالقرآن، دارالامن۔	سَبِيْلَ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
الْفٰسِقِيْنَ : فسق وفجور، فاسق وفاجر۔	الرُّشْدِ : رُشد وہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔

مَّوْعِظَةً ①	وَّتَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ شَيْءٍ ج	فَخُذْهَا	بِقُوَّةٍ ①②
نصیحت	اور تفصیل	ہر چیز کے لیے	تو پکڑ لے اِن کو	مضبوطی کے ساتھ

وَّاْمُرْ	قَوْمَكَ	يَاْخُذُوْا	بِاَحْسَنِهَا ② ط
اور حکم دے	اپنی قوم کو (کہ)	وہ سب پکڑے رکھیں	ان کی اچھی باتوں کو

سَاُورِيْكُمْ ③④	دَارَ	الْفٰسِقِيْنَ (145)	سَاَصْرِفُ ③
عنقریب میں دکھاؤں گا تمہیں	گھر	سب نافرمانوں کا	عنقریب میں پھیر دوں گا

عَنْ اٰيٰتِيَ	الَّذِيْنَ	يَتَكَبَّرُوْنَ ⑤	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ ② ط
اپنی آیتوں سے	(اُن لوگوں کو) جو	وہ سب تکبر کرتے ہیں	زمین میں	ناحق (طریقے) سے

وَاِنْ	يَّرَوْا	كُلَّ	اٰيَةٍ ①	لَّا يُؤْمِنُوْا	بِهَا ② ج
اور اگر	وہ سب دیکھ لیں	ہر	نشانی	(تو) نہ وہ سب ایمان لائیں گے	اس پر

وَاِنْ	يَّرَوْا	سَبِيْلَ الرُّشْدِ	لَا يَتَّخِذُوْهُ ⑥	سَبِيْلًا ج
اور اگر	وہ سب دیکھ لیں	بھلائی کا راستہ	(تو) نہیں وہ سب پکڑتے اُسے	(اپنے لیے) راستہ

وَاِنْ	يَّرَوْا	سَبِيْلَ الْغَيِّ	يَتَّخِذُوْهُ ⑥	سَبِيْلًا ط
اور اگر	وہ سب دیکھ لیں	گمراہی کا راستہ	(تو) وہ سب پکڑ لیتے ہیں اُسے	(اپنے لیے) راستہ

ضروری وضاحت

①علامت ۃ اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ علامت سَ فعل کے شروع میں آکر اس کو مستقبل کے لیے خاص کر دیتی ہے۔
④ علامت كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑤ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا	یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اُنہوں نے جھٹلایا
بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿146﴾	ہماری آیتوں کو اور تھے اُن سے غافل۔ ﴿146﴾
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو
وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ	اور آخرت کی ملاقات کو،
حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ	ضائع ہو گئے اُن کے اعمال
هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا	نہیں وہ بدلہ دیے جائیں گے مگر
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿147﴾ ع	(اس کا) جو تھے وہ عمل کرتے۔ ﴿147﴾ ع
وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ	اور بنا لیا موسیٰ کی قوم نے اس کے (جانے کے) بعد
مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا	اپنے زیورات سے ایک بچھڑا
جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ	(جو) ایک جسم تھا (اور) اس کی گائے جیسی آواز تھی
اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ	کیا نہیں اُنہوں نے دیکھا کہ بے شک وہ
لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ	نہ بات کرتا تھا اُن سے اور نہ وہ دکھاتا ہے اُنہیں کوئی راہ

ع 17 6 7

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذَّبُوْا	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
بِاٰيٰتِنَا	: آیت، آیات، قرآنی آیات۔	اتَّخَذَ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
غٰفِلِيْنَ	: غافل، غفلت۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
لِقَآءِ	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	جَسَدًا	: جسد، اجساد، جسد خاکی، جسد واحد۔
الْاٰخِرَةِ	: آخرت، یوم آخرت، اُخروی زندگی۔	يَرَوْا	: رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔
اَعْمَالُهُمْ	: عمل، اعمال، معمول۔	يُكَلِّمُهُمْ	: کلمہ، کلام، کلمات، متکلم، انداز تکلم۔
يُجْزَوْنَ	: جزاء وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔	يَهْدِيْهِمْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاّ قلیل، اِلا یہ کہ۔	سَبِيْلًا	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

ذٰلِكَ①	بِاَنَّهُمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوْا
یہ	اس وجہ سے ہے کہ بیشک ان	سب نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور سب تھے

عَنْهَا	غٰفِلِيْنَ (146)	وَ الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
اُن سے	سب غافل	اور (وہ لوگ) جن	سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو

وَ	لِقَآءِ الْاٰخِرَةِ②	حَبِطَتْ②	اَعْمَالُهُمْ ؕ	هَلْ③
اور	آخرت کی ملاقات کو	ضائع ہو گئے	اُن کے اعمال	نہیں

يُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ④ (147) ع
وہ سب بدلہ دیے جائیں گے	مگر	(اس کا) جو	تھے وہ سب عمل کرتے

ع 17 6 7

وَاتَّخَذَ	قَوْمُ مُوْسٰى	مِنْۢ بَعْدِهٖ⑤	مِنْ حُلِيِّهِمْ
اور بنالیا	موسیٰ کی قوم نے	اس کے (جانے کے) بعد	اپنے زیورات سے

عِجْلًا⑥	جَسَدًا⑥	لَّهٗ	خُوَارٌ ؕ	اَلَمْ	يَرَوْا⑦
ایک بچھڑا	(جو) ایک جسم تھا	(اور) اس کی	گائے جیسی آواز تھی	کیا نہیں	اُن سب نے دیکھا

اَنَّهٗ	لَا يُكَلِّمُهُمْ	وَ	لَا يَهْدِيْهِمْ	سَبِيْلًا⑥ مـ
کہ بیشک وہ	نہ وہ بات کرتا ہے اُن سے	اور	نہ وہ کوئی رہنمائی کرتا ہے اُن کی	کسی راستے کی

وقف لازم

ضروری وضاحت

① ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ② ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ هَلْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ④ یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ⑤ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کسی کیا گیا ہے۔ ⑦ یَ کا ترجمہ وہ ہوتا ہے، یہاں ضرورتاً اس کا ترجمہ ان کیا گیا ہے۔

اِتَّخَذُوْهُ وَ كَانُوْا	اُنہوں نے بنالیا اُسے (معبود) اور وہ تھے (اپنے آپ پر)
ظٰلِمِيْنَ ﴿148﴾ وَلَمَّا سُقِطَ	ظلم کرنے والے ﴿148﴾ اور جب گرائے گئے (اُنکے منہ)
فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَ رَاَوْا	اُن کے ہاتھوں میں (وہ نادم ہوئے) اور اُنہوں نے دیکھا
اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ	کہ بے شک وہ یقیناً گمراہ ہوگئے ہیں
قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا	کہنے لگے کہ واقعی اگر نہ رحم کیا ہم پر ہمارے رب نے
وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ	اور (نہ) بخشا ہمیں (تو) البتہ یقیناً ہم ہوجائیں گے
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿149﴾	خسارہ پانے والوں میں سے۔ ﴿149﴾
وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ	اور جب لوٹے موسیٰ اپنی قوم کی طرف
غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ	غصے میں افسوس کرتے ہوئے (تو) کہا:
بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ	بری ہے جو تم نے میری جانشینی کی میرے بعد
اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ	کیا تم نے جلدی کی اپنے رب کے حکم سے
وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ	اور ڈال دیں تختیاں اور پکڑ لیا اپنے بھائی کے سر کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِتَّخَذُوْهُ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	غَضْبَانَ	: غیظ و غضب، غضبناک۔
وَ	: لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	خَلَفْتُمُوْنِيْ	: خلیفہ، خلافت، خلف۔
سُقِطَ	: ساقط، سقوط ڈھاکہ، اسقاط حمل۔	عَجِلْتُمْ	: عجلت، مہر معجّل۔
اَيْدِيْهِمْ	: یدِ بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	اَمْرَ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
رَاَوْا	: رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔	اَلْقَى	: القاء۔
ضَلُّوْا	: ضلالت و گمراہی۔	الْاَلْوَاحَ	: لوح محفوظ، لوح و قلم۔
يَغْفِرْ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	بِرَاْسِ	: رأس المال، رئیس، رؤساء۔
رَجَعَ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	اَخِيْهِ	: اخوت، مؤاخات۔

اِتَّخَذُوْهُ ①	وَ	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ (148) ②	وَلَمَّا	سُقِطَ ③
اُن سب نے بنالیا اُسے (معبود)	اور	تھے وہ سب ظلم کرنیوالے	اور جب	گرائے گئے (اُنکے منہ)

فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ	وَرَاَوْا	اَنَّهُمْ	قَدْ	ضَلُّوْا ۙ
اُنکے ہاتھوں میں	اور اُن سب نے دیکھا	کہ بیشک وہ	یقیناً	وہ سب گمراہ ہوگئے ہیں

قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ يَرْحَمْنَا ④	رَبُّنَا	وَيَغْفِرْ ④	لَنَا
ان سب نے کہا	یقیناً اگر	نہ رحم کیا ہم پر	ہمارے رب نے	اور (نہ) بخشا	ہم کو

لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (149)	وَلَمَّا	رَجَعَ
البتہ ضرور ہم ہوجائیں گے	سب خسارہ پانے والوں میں سے	اور جب	لوٹے

مُوْسٰٓى	اِلٰى قَوْمِهٖ	غَضْبَانَ	اَسِفًا ۙ	قَالَ	بِئْسَمَا
موسیٰ	اپنی قوم کی طرف	غصے میں	افسوس کرتے ہوئے	(تو) کہا	بری ہے جو

خَلَفْتُمُوْنِيْ ⑤⑥	مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ ⑦	اَعَجِلْتُمْ	اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ
تم نے جانشینی کی میری	میرے بعد	کیا تم نے جلدی کی	اپنے رب کے حکم (کے آنے) سے

وَ	اَلْقَى	الْاَلْوَاحَ	وَ	اَخَذَ	بِرَاْسِ اَخِيْهِ
اور	ڈال دیں	تختیاں	اور	پکڑلیا	اپنے بھائی کے سر کو

ضروری وضاحت

① وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ② یہاں وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ③ ہاتھوں میں گرایا جانا ایک محارہ ہے جس کا مفہوم ہے کہ شرمندہ ہوئے۔ ④ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ اگر فعل کے آخر میں يْ آئے تو فعل اور اس يْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ؕ قَالَ	کھینچتے تھے اُسے اپنی طرف، کہا: (ہارون نے)
ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ	اے میری ماں کے بیٹے بیشک قوم نے کمزور سمجھا مجھے
وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۫ۖ	اور قریب تھے کہ مجھے قتل کر دیتے
فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ	تو نہ خوش کر مجھ پر دشمنوں کو
وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿150﴾	اور نہ شامل کر مجھے ظالم قوم کے ساتھ۔ ﴿150﴾
قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ	کہا: (موسیٰ نے) اے میرے رب! تو بخش دے مجھے
وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۫ۖ	اور میرے بھائی کو اور داخل فرما ہمیں اپنی رحمت میں
وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿151﴾ ع	اور تو زیادہ رحم کرنیوالا ہے رحم کرنیوالوں میں سے۔ ﴿151﴾ ع
لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ	نہیں آئے گی تم پر مگر اچانک
يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ	وہ (ایسے) پوچھ رہے ہیں آپ سے گویا کہ آپ
حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ	خوب تحقیق کرنے والے ہیں اس کی
قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ	کہہ دیجیے درحقیقت اس کا علم اللہ کے پاس ہے
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿187﴾	اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿187﴾
قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ	کہہ دیجیے نہیں میں اختیار رکھتا اپنی جان کے لیے
نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ	کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا مگر جو اللہ چاہے
وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ	اور اگر میں ہوتا جانتا غیب کو
لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ	یقیناً میں بہت حاصل کر لیتا بھلائی سے

وقف لازم
وقفِ منزل
معانقة 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عِلْمُهَا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	النَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔
عِنْدَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	اَمْلِكُ	: مالک، ملکیت، املاک، مُلک وملت۔
لِوَقْتِهَآ	: وقت، اوقات۔	لِنَفْسِيْ	: الحمدللہ، لہٰذا/نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	نَفْعًا	: نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
ثَقُلَتْ	: ثقیل، کشش ثقل، ثقالت۔	ضَرًّا	: مضرِ صحت، ضرر رساں۔
يَسْـَٔلُوْنَكَ	: سوال، سائل، مسئول، سوالات۔	شَآءَ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لَاسْتَكْثَرْتُ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لٰكِنَّ	: لیکن۔	الْخَيْرِ	: خیر، خیریت، خیرخواہی، صدقہ وخیرات۔

اِنَّمَا①	عِلْمُهَا	عِنْدَ رَبِّيْ ۚ	لَا يُجَلِّيْهَا
درحقیقت	اسکا علم	میرے رب کے پاس ہے	نہیں وہ ظاہر کرے گا اُسے

لِوَقْتِهَآ	اِلَّا	هُوَ ۘ	ثَقُلَتْ②	فِي السَّمٰوٰتِ③
اس کے وقت پر	مگر	وہی	وہ (بہت) بھاری ہے	آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ۘ	لَا تَاْتِيْكُمْ②	اِلَّا بَغْتَةً ۘ③	يَسْـَٔلُوْنَكَ
اور زمین (میں)	نہیں آئے گی تم پر	مگر اچانک	وہ سب (ایسے) پوچھ رہے ہیں آپ سے

كَاَنَّكَ	حَفِيٌّ	عَنْهَا ۘ④	قُلْ	اِنَّمَا①	عِلْمُهَا
گویا کہ آپ	خوب تحقیق کرنیوالے ہیں	اس کی	کہہ دیجیے	درحقیقت	اس کا علم

عِنْدَ اللّٰهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿187﴾	قُلْ	لَّآ
اللہ کے پاس ہے	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں وہ سب جانتے	کہہ دیجیے	نہیں

اَمْلِكُ	لِنَفْسِيْ	نَفْعًا⑤	وَّ	لَا ضَرًّا⑤	اِلَّا مَا	شَآءَ اللّٰهُ ۘ
میں اختیار رکھتا	اپنی جان کے لیے	کسی نفع کا	اور	نہ کسی نقصان کا	مگر جو	اللہ چاہے

وَلَوْ	كُنْتُ اَعْلَمُ⑥	الْغَيْبَ	لَاسْتَكْثَرْتُ⑦	مِنَ الْخَيْرِ ۚ
اور اگر	میں جانتا ہوتا	غیب کو	یقیناً میں بہت حاصل کر لیتا	بھلائی سے

معانقة 8

ضروری وضاحت

①اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔② تْ اور تَ فعل کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ عَنْ کا ترجمہ ضرورتاً کی کیا گیا ہے۔
⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔⑥ تُ اور اُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔⑦ لَاسْتَكْثَرْتُ کے شروع میں لَا الگ لفظ نہیں بلکہ یہ لَ+اِسْتَكْثَرْتُ کا مجموعہ ہے۔

وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛ	اور نہ پہنچتی مجھے (کبھی کوئی) تکلیف
اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّ بَشِيْرٌ	نہیں ہوں میں مگر ایک ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ؑ﴿188﴾	اُس قوم کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔ ؑ﴿188﴾
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ	(اللہ) وہ ہے جس نے پیدا کیا تمہیں ایک جان سے
وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا	اور اُس نے بنایا اُس سے اُس کا جوڑا
لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ	تا کہ وہ سکون حاصل کرے اُس سے
فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا	پھر جب اس نے ڈھانک لیا اُسے (صحبت کی)
حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا	(تو) اُٹھایا اُس نے ہلکا سا حمل
فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ	تو لیے پھرتی رہی اُس کو، پھر جب وہ بوجھل ہوگئی
دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا	(تو) اُن دونوں نے دعا کی اپنے رب اللہ سے
لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا	البتہ اگر تو نے دیا ہمیں تندرست (بچہ، تو)
لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿189﴾	یقیناً ضرور ہم ہوں گے شکر گزاروں میں سے۔ ﴿189﴾

ع 23/7/13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَسَّنِيَ	مس، مساس۔	لِيَسْكُنَ	سکون، سکینت۔
السُّوْٓءُ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	اِلَيْهَا	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
نَذِيْرٌ	بشارت وانذار، نذیر۔	حَمَلَتْ	حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔
بَشِيْرٌ	بشارت، بشیر، عشرہ مبشرہ۔	خَفِيْفًا	خفیف، تخفیف، مخفف۔
يُّؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مومن۔	فَمَرَّتْ	مرورِ زمانہ۔
خَلَقَكُمْ	خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔	اَثْقَلَتْ	ثقیل، کشش ثقل، ثقالت۔
وَّاحِدَةٍ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	دَّعَوَا	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
زَوْجَهَا	زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	صَالِحًا	اصلاح، اعمال صالحہ۔

ع 23 7 13

وَمَا	مَسَّنِیَ ①	السُّوْٓءُ ۛ	اِنْ ②	اَنَا	اِلَّا
اور نہ	پہنچتی مجھے	(کبھی کوئی) تکلیف	نہیں (ہوں)	میں	مگر

نَذِیْرٌ	وَّ	بَشِیْرٌ	لِّقَوْمٍ	یُّؤْمِنُوْنَ ﴿188﴾
ایک ڈرانے والا	اور	خوشخبری دینے والا	(اُس) قوم کے لیے	(جو) وہ سب ایمان رکھتے ہیں

هُوَ	الَّذِیْ	خَلَقَكُمْ ③	مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ④	وَّجَعَلَ
(اللہ) وہ ہے	جس نے	پیدا کیا تمہیں	ایک جان سے	اور اُس نے بنایا

مِنْهَا	زَوْجَهَا	لِیَسْكُنَ	اِلَیْهَا ۚ	فَلَمَّا
اُس سے	اس کا جوڑا	تا کہ وہ سکون حاصل کرے	اُس کی طرف	پھر جب

تَغَشّٰىهَا ⑤	حَمَلَتْ ⑥	حَمْلًا خَفِیْفًا	فَمَرَّتْ ⑥	بِهٖ ۚ
اس نے ڈھانک لیا اُسے	(تو) اٹھایا اُس نے	ہلکا سا حمل	تو لیے پھرتی رہی	اُس کو

فَلَمَّآ	اَثْقَلَتْ ⑥	دَّعَوَا ⑦	اللّٰهَ	رَبَّهُمَا
پھر جب	وہ بوجھل ہوگئی (تو)	اُن دونوں نے دعا کی	اللہ سے	(جو) ان دونوں کا رب ہے

لَئِنْ	اٰتَیْتَنَا	صَالِحًا	لَّنَكُوْنَنَّ ⑧	مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿189﴾
البتہ اگر	تو نے دیا ہمیں	تندرست (بچہ)	(تو) یقیناً ضرور ہم ہوں گے	شکر کرنیوالوں میں سے

ضروری وضاحت

① اگر فعل کے آخر میں یِ آئے تو فعل اور اس یِ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ② اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑥ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ علامت ا میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑧ علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا	پھر جب اُس نے دے دیا اُن دونوں کو تندرست (بچہ)
جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ	(تو) دونوں نے بنائے اُس کے شریک
فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ	اس میں جو اس نے دیا اُنہیں پس بہت بلند ہے اللہ
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿190﴾	(اس) سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿190﴾
اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ	کیا وہ شریک بناتے ہیں (اُنہیں) جو نہیں پیدا کر سکتے
شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿191﴾ ۖ	کوئی چیز حالانکہ وہ (خود) پیدا کیے جاتے ہیں۔ ﴿191﴾
وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا	اور نہیں وہ طاقت رکھتے اُن کی مدد کرنے کی
وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿192﴾	اور نہ وہ اپنے نفسوں کی مدد کر سکتے ہیں۔ ﴿192﴾
وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى	اور اگر تم بلاؤ اُنہیں ہدایت کی طرف
لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ	(تو) نہیں وہ پیروی کریں گے تمہاری
سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ	برابر ہے تم پر خواہ تم پکارو اُنہیں
اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿193﴾	یا تم خاموش رہنے والے ہو۔ ﴿193﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَالِحًا	: اصلاح، اعمال صالحہ۔	نَصْرًا	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
شُرَكَآءَ	: شرک، شریک، شراکت، مشرک۔	اَنْفُسَهُمْ	: نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
فِيْمَآ	: فی الحال، فی الفور/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	تَدْعُوْهُمْ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
فَتَعٰلَى	: اعلی وارفع، وزیر اعلیٰ، عالی شان۔	اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الْهُدٰى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
يَخْلُقُ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يَتَّبِعُوْكُمْ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
شَيْئًا	: شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔	سَوَآءٌ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
يَسْتَطِيْعُوْنَ	: استطاعت، حسب استطاعت۔	عَلَيْكُمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

فَلَمَّآ	اٰتٰىهُمَا	صَالِحًا	جَعَلَا ①	لَهٗ
پھر جب	اُس نے دے دیا اُن دونوں کو	تندرست (بچہ)	(تو) دونوں نے بنائے	اُس کے لیے

شُرَكَآءَ	فِيْمَآ	اٰتٰىهُمَا ج	فَتَعٰلَى ②	اللّٰهُ	عَمَّا ③
شریک	(اس) میں جو	اس نے دیا اُن دونوں کو	پس بہت بلند ہے	اللہ	(اس) میں جو

يُشْرِكُوْنَ (190)	اَ	يُشْرِكُوْنَ	مَا	لَا يَخْلُقُ
وہ سب شریک بناتے ہیں	کیا	وہ سب شریک بناتے ہیں (اُنہیں)	جو	نہیں وہ پیدا کرسکتے

شَيْـًٔا ④	وَّ	هُمْ يُخْلَقُوْنَ ⑤ (91) صلے	وَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	لَهُمْ
کوئی چیز	حالانکہ	وہ سب (خود) پیدا کیے جاتے ہیں	اور	نہیں وہ سب طاقت رکھتے	اُن کی

نَصْرًا	وَّلَآ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ (192)	وَ	اِنْ
مدد کرنے کی	اور نہ	اپنے نفسوں کی	وہ سب مدد کرسکتے ہیں	اور	اگر

تَدْعُوْهُمْ	اِلَى الْهُدٰى	لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ط
تم سب بلاؤ اُنہیں	ہدایت کی طرف	(تو) نہیں وہ سب پیروی کریں گے تمہاری

سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اَدَعَوْتُمُوْهُمْ ⑥⑦	اَمْ	اَنْتُمْ	صَامِتُوْنَ (193)
برابر ہے	تم پر	خواہ تم سب پکارو اُنہیں	یا	تم	سب خاموش رہنے والے ہو

ضروری وضاحت

① علامت ''ا'' میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔② علامت تَ اور ''ا'' میں مبالغہ کا مفہوم ہے، اس لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔
③ عَمَّا دراصل عَنْ+مَا مجموعہ ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
⑤ هُمْ اور يُ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔⑥ علامت أ کے بعد اُسی جملے میں اَمْ ہو تو اس اَ کا ترجمہ عموماً خواہ کیا جاتا ہے۔⑦ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وُ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	بے شک وہ لوگ جنہیں تم پکارتے ہو اللہ کے علاوہ
عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ	وہ تو بندے ہیں تمہاری طرح، سو تم پکارو اُنہیں
فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ	پھر چاہیے کہ وہ جواب دیں تمہیں
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿194﴾	اگر ہو تم سچے۔ ﴿194﴾
اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۡ	کیا اُن کے پاؤں ہیں (کہ) وہ چلتے ہوں اُن سے
اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۡ	یا اُن کے ہاتھ ہیں (کہ) وہ پکڑتے ہوں اُن سے
اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۡ	یا اُن کی آنکھیں ہیں (کہ) وہ دیکھتے ہوں اُن سے
اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ	یا اُن کے کان ہیں (کہ) وہ سنتے ہوں اُن سے
قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ	کہہ دیجیے تم بلالو اپنے شریکوں کو
ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿195﴾	پھر تم تدبیر کرو میرے خلاف پس نہ مہلت دو مجھے۔ ﴿195﴾
اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ	بے شک میرا کارساز اللہ ہے
الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖۡ	جس نے کتاب اُتاری ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَدْعُوْنَ، اُدْعُوْا : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	اَعْيُنٌ : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يُّبْصِرُوْنَ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
عِبَادٌ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔	يَّسْمَعُوْنَ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
اَمْثَالُكُمْ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	قُلِ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَلْيَسْتَجِيْبُوْا : مستجاب الدعوات، استجابت، جواب۔	شُرَكَآءَكُمْ : شرک، شریک، شراکت، مشرک۔
صٰدِقِيْنَ : صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔	وَلِيِّۦَ : ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔
بِهَآ : بالمقابل، بسبب، بالکل۔	نَزَّلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اَيْدٍ : یدِ بیضاء، یدطولیٰ، رفع الیدین۔	الْكِتٰبَ : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔

اِنَّ الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ①	عِبَادٌ	اَمْثَالُكُمْ
بیشک (وہ لوگ) جنہیں	تم سب پکارتے ہو	اللہ کے علاوہ	(وہ) بندے ہیں	تمہاری طرح

فَادْعُوْهُمْ ②	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ ③	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿194﴾
سو تم سب پکارو اُنہیں	پھر چاہیے کہ وہ سب جواب دیں	تمہیں	اگر ہو تم	سب سچے

اَ	لَهُمْ	اَرْجُلٌ	يَّمْشُوْنَ	بِهَآ ز	اَمْ	لَهُمْ	اَيْدٍ
کیا	اُن کے	پاؤں ہیں	(کہ) وہ سب چلتے ہوں	اُن سے	یا	اُن کے	ہاتھ ہیں

يَّبْطِشُوْنَ	بِهَآ ز	اَمْ	لَهُمْ	اَعْيُنٌ	يُّبْصِرُوْنَ
(کہ) وہ سب پکڑتے ہوں	اُن سے	یا	اُن کی	آنکھیں ہیں	(کہ) وہ سب دیکھتے ہوں

بِهَآ ز	اَمْ	لَهُمْ	اٰذَانٌ	يَّسْمَعُوْنَ	بِهَا ط	قُلِ
اُن سے	یا	اُن کے	کان ہیں	(کہ) وہ سب سنتے ہوں	اُن سے	کہہ دیجیے

ادْعُوْا	شُرَكَآءَكُمْ	ثُمَّ	كِيْدُوْنِ ②④	فَلَا تُنْظِرُوْنِ ②④ ﴿195﴾
تم سب بلالو	اپنے شریکوں کو	پھر	سب تدبیر کرو میرے خلاف	پھر مت تم سب مہلت دو مجھے

اِنَّ	وَلِيِّۦَ ⑤	اللّٰهُ	الَّذِيْ	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ ز صلے
بیشک	میرا کارساز	اللہ ہے	جس نے	اُتاری ہے	کتاب

ضروری وضاحت

①اگر مِنْ کے بعد لفظ دُوْنَ موجود ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔③ یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ كِيْدُوْنِ دراصل كِيْدُوْنِيْ اور فَلَا تُنْظِرُوْنِ دراصل فَلَا تُنْظِرُوْنِيْ تھا اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے اور تخفیف کے لیے آخر سے یْ گر گئی ہے۔⑤وَلِيِّۦَ کے ساتھ یْ کا ترجمہ میرا ہے کیونکہ اس سے پہلے شد موجود تھی اس لیے اس کو الگ لکھا گیا ہے۔

وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿196﴾	اور وہی کارسازی کرتا ہے نیکوں کی۔ ﴿196﴾
وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ	اور وہ لوگ جنہیں تم پکارتے ہو اُس کے سوا
لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ	نہیں وہ طاقت رکھتے تمہاری مدد (کرنے) کی
وَلَاۤ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿197﴾	اور نہ اپنے نفسوں کی وہ مدد کر سکتے ہیں۔ ﴿197﴾
وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى	اور اگر تم بلاؤ اُنہیں ہدایت کی طرف
لَا يَسْمَعُوْا ؕ وَتَرٰىهُمْ	(تو) نہیں وہ سنیں گے اور آپ دیکھتے ہیں اُنہیں
يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ	(کہ) وہ دیکھ رہے ہیں آپ کی طرف
وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿198﴾	حالانکہ وہ نہیں دیکھتے۔ ﴿198﴾
خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ	اختیار کیجیے درگزر کرنے کو اور حکم دیجیے نیکی کا
وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿199﴾	اور اعراض کیجیے جاہلوں سے۔ ﴿199﴾
وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ	اور اگر ضرور اُبھارے آپ کو شیطان کی طرف سے
نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ	کوئی وسوسہ، تو پناہ مانگیے اللہ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- يَتَوَلّٰى : والی، متولی۔
- الصّٰلِحِيْنَ : اصلاح، اعمال صالحہ۔
- تَدْعُوْنَ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
- يَسْتَطِيْعُوْنَ : استطاعت، حسب استطاعت۔
- نَصْرَكُمْ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
- اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
- يَسْمَعُوْا : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
- تَرٰىهُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔
- يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
- يُبْصِرُوْنَ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
- خُذِ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
- الْعَفْوَ : معاف، معافی، عفو و درگزر۔
- وَاْمُرْ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
- بِالْعُرْفِ : معروف، امر بالمعروف۔
- اَعْرِضْ : اعراض کرنا۔
- فَاسْتَعِذْ : تعویذ، معاذ اللہ، تعوذ، استعاذہ۔

وَهُوَ	يَتَوَلَّى ①	الصّٰلِحِيْنَ (196)	وَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
اور وہی	کارسازی کرتا ہے	سب نیکوں کی	اور	(وہ لوگ) جنہیں	تم سب پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ ②	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَكُمْ	وَ	لَآ
اُس کے سوا	نہیں وہ سب طاقت رکھتے	تمہاری مدد کرنے کی	اور	نہ

اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ (197)	وَاِنْ	تَدْعُوْهُمْ ③	اِلَى الْهُدٰى
اپنے نفسوں کی	وہ سب مدد کر سکتے ہیں	اور اگر	تم سب بلاؤ اُنہیں	ہدایت کی طرف

لَا يَسْمَعُوْا ؕ	وَ	تَرٰىهُمْ	يَنْظُرُوْنَ
(تو) نہیں وہ سب سنیں گے	اور	تو دیکھتا ہے اُنہیں	(کہ) وہ سب دیکھ رہے ہیں

اِلَيْكَ	وَ	هُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ④ (198)	خُذِ ⑤	الْعَفْوَ
آپ کی طرف	حالانکہ	نہیں وہ سب دیکھتے	آپ اختیار کیجیے	درگزر کرنے کو

وَاْمُرْ	بِالْعُرْفِ	وَ	اَعْرِضْ	عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (199)	وَاِمَّا ⑥
اور آپ دیجیے	نیکی کا	اور	آپ اعراض کیجیے	سب جاہلوں سے	اور اگر

يَنْزَغَنَّكَ ⑦	مِنَ الشَّيْطٰنِ	نَزْغٌ	فَاسْتَعِذْ ⑧	بِاللّٰهِ ؕ
ضرور اُبھارے آپ کو	شیطان (کی طرف) سے	کوئی وسوسہ	تو پناہ مانگیے	اللہ کی

ضروری وضاحت

① تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② اگر مِنْ کے بعد لفظ دُوْنَ موجود ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔③ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا ان کو کیا جاتا ہے۔④ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑤ خُذْ یہ اَخَذَ سے بنا ہے قاعدے کے مطابق شروع سے أ گرا ہوا ہے۔⑥ اِمَّا دراصل اِنْ + مَا کا مجموعہ ہے اِنْ کا ترجمہ اگر اور مَا زائدہ ہے۔⑦ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ اِسْتَ میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿200﴾	بیشک وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿200﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا	بے شک وہ لوگ جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا
اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ	جب چھو جائے اُنہیں کوئی (بُرا) خیال شیطان سے
تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ	(تو) چونک پڑتے ہیں پھر اچانک وہ
مُّبْصِرُوْنَ ۚ﴿201﴾	دیکھنے والے (یعنی سوجھ بوجھ والے) ہو جاتے ہیں۔ ﴿201﴾
وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ	اور اُن کے (شیطان) بھائی کھینچتے ہیں اُنہیں
فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿202﴾	گمراہی میں پھر نہیں وہ کمی کرتے۔ ﴿202﴾
وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ	اور جب نہ لائیں آپ اُن کے پاس کوئی نشانی
قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ	(تو) کہتے ہیں کیوں نہ تو نے خود بنا لیا اُسے
قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ	کہہ دیجیے درحقیقت میں (تو) پیروی کرتا ہوں
مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ	جو وحی کی جاتی ہے میری طرف میرے رب کیطرف سے
هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ	یہ روشن دلائل ہیں تمہارے رب کی طرف سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَمِيْعٌ	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اتَّقَوْا	تقویٰ، متقی۔	اَتَّبِعُ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
مَسَّهُمْ	مس، مساس۔	مَا	ماحول، ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
تَذَكَّرُوْا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	يُوْحٰى	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
مُّبْصِرُوْنَ، بَصَآئِرُ	سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔	اِلَيَّ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اِخْوَانُهُمْ	اخوت، مؤاخات۔	هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ ①	عَلِيْمٌ ① (200)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا
بیشک وہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے	بیشک	(وہ لوگ) جن	سب نے تقویٰ اختیار کیا

اِذَا	مَسَّهُمْ ②	طٰٓئِفٌ	مِّنَ الشَّيْطٰنِ	تَذَكَّرُوْا ③
جب	چھوجائے اُنہیں	کوئی (برا) خیال	شیطان (کی طرف) سے	(تو) سب چونک پڑتے ہیں

فَاِذَا ④	هُمْ	مُّبْصِرُوْنَ ج (201)	وَ	اِخْوَانُهُمْ
پھر اچانک	وہ	سب سوجھ بوجھ والے ہوجاتے ہیں	اور	اُن کے (شیطان) بھائی

يَمُدُّوْنَهُمْ ②	فِي الْغَيِّ	ثُمَّ	لَا يُقْصِرُوْنَ (202)
وہ سب کھینچتے ہیں اُنہیں	گمراہی میں	پھر	نہیں وہ سب کمی کرتے

وَ اِذَا ④	لَمْ تَاْتِهِمْ	بِاٰيَةٍ ⑤	قَالُوْا	لَوْلَا
اور جب	نہ لائیں آپ اُنکے پاس	کوئی نشانی	(تو) سب کہتے ہیں	کیوں نہ

اجْتَبَيْتَهَا ط	قُلْ	اِنَّمَآ	اَتَّبِعُ	مَا	يُوْحٰٓى ⑥
تونے خود بنالیا اُسے	کہہ دیجیے	درحقیقت	میں پیروی کرتا ہوں	جو	وحی کی جاتی ہے

اِلَيَّ ⑦	مِنْ رَّبِّيْ ج	هٰذَا	بَصَآئِرُ	مِنْ رَّبِّكُمْ
میری طرف	میرے رب کی طرف سے	یہ	روشن دلائل ہیں	تمہارے رب کی طرف سے

ضروری وضاحت

①فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔② هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔③ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں، ةٍ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں جبکہ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ⑥ یہاں یٰ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ⑦ اِلَيَّ دراصل اِلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔

وَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ	اور ہدایت اور رحمت ہے،
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿203﴾	(اس) قوم کے لیے (جو) ایمان لائے ہیں۔ ﴿203﴾
وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ	اور جب پڑھا جائے قرآن تو غور سے سنا کرو اس کو
وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿204﴾	اور خاموش رہو تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ ﴿204﴾
وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا	اور یاد کیجئے اپنے رب کو اپنے دل میں عاجزی سے
وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ	اور ڈرتے ہوئے اور بغیر بلند آواز کے
بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ	صبح کو اور شام (کو)
وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿205﴾	اور مت ہو جاؤ تم غافلوں میں سے۔ ﴿205﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ	بے شک وہ لوگ جو تیرے رب کے پاس ہیں
لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ	نہیں وہ تکبر کرتے اُس کی عبادت سے
وَيُسَبِّحُوْنَهٗ	اور وہ تسبیح بیان کرتے ہیں اُس کی
وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿206﴾ السجدۃ ع	اور اُسی کو وہ سجدہ کرتے ہیں۔ ع ﴿206﴾

السجدۃ الثلثۃ ع 24 18 14

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	الْجَهْرِ : جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
يُّؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔	مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
قُرِئَ : قاری، قراءت، مقابلہ حسن قراءت۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فَاسْتَمِعُوْا : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔	الْغٰفِلِيْنَ : غافل، غفلت، تغافل۔
تُرْحَمُوْنَ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
وَاذْكُرْ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	يَسْتَكْبِرُوْنَ : تکبر، متکبر۔
نَفْسِكَ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔	يُسَبِّحُوْنَهٗ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
خِيْفَةً : خوف، خائف، خوف وہراس۔	يَسْجُدُوْنَ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔

وَ	هُدًى	وَّ	رَحْمَةٌ ①	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ﴿203﴾
اور	ہدایت	اور	رحمت ہے	(اس) قوم کے لیے	(جو) وہ سب ایمان لائے ہیں

وَاِذَا	قُرِئَ	الْقُرْاٰنُ	فَاسْتَمِعُوْا ②	لَهٗ
اور جب	پڑھا جائے	قرآن	تو سب غور سے سنا کرو	اس کو

وَ	اَنْصِتُوْا	لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ③ ﴿204﴾	وَ	اذْكُرْ	رَّبَّكَ
اور	سب خاموش رہو	تاکہ تم سب رحم کیے جاؤ	اور	یاد کیجئے	اپنے رب کو

فِيْ نَفْسِكَ	تَضَرُّعًا ④	وَّخِيْفَةً	وَّ	دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ ⑤
اپنے دل میں	عاجزی سے	اور ڈرتے ہوئے	اور	بغیر بلند آواز کے

بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	وَ	لَا تَكُنْ ⑥	مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿205﴾	اِنَّ
صبح کو	اور شام (کو)	اور	مت آپ ہوں	غافلوں میں سے	بیشک

الَّذِيْنَ	عِنْدَ رَبِّكَ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ⑦	عَنْ عِبَادَتِهٖ
(وہ لوگ) جو	تیرے رب کے پاس ہیں	نہیں وہ سب تکبر کرتے	اُس کی عبادت سے

وَ	يُسَبِّحُوْنَهٗ	وَ	لَهٗ	يَسْجُدُوْنَ ﴿206﴾ السجدة
اور	وہ سب تسبیح بیان کرتے ہیں اُسکی	اور	اُسی کو	وہ سب سجدہ کرتے ہیں

السجدة 1 ع 24 18 14 الثلثة

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فَاسْتَمِعُوْا دراصل سِمَاع سے نکلا ہے، جس فعل میں تَ کا اضافہ ہوتا ہے، اس میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ غور سے کیا گیا ہے۔ ③ کُمْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ④ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہو تو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

اٰيَاتُهَا 75 — 08 سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ 88 — رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ	وہ سوال کرتے ہیں آپ سے مالِ غنیمت کے بارے میں
قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ	کہہ دیجیے! مالِ غنیمت (تو) اللہ اور رسول کے لیے ہے
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۠	پس اللہ سے ڈرو اور اصلاح کرو اپنے درمیان
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ	اور اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿1﴾	اگر ہو تم ایمان لانے والے۔ ﴿1﴾
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ	درحقیقت مومن (وہ ہوتے ہیں) جو (کہ)
اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ	جب ذکر کیا جائے اللہ کا (تو) ڈر جاتے ہیں اُنکے دل
وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ	اور جب تلاوت کی جائے اُن پر اُس کی آیات
زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا	(تو) بڑھا دیتی ہیں اُن کو ایمان میں
وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿2﴾ ۚ صلے	اور اپنے رب پر وہ بھروسا رکھتے ہیں۔ ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَسْـَٔلُوْنَكَ	سوال، سائل، مسئول، سوالات۔	مُّؤْمِنِيْنَ	امن، ایمان، مومن۔
قُلِ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	ذُكِرَ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
لِلّٰهِ	الحمدللہ، لہٰذا/ اللہ تعالیٰ، اللہ کریم۔	قُلُوْبُهُمْ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
فَاتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔	تُلِيَتْ	تلاوت قرآن، وحی متلو۔
اَصْلِحُوْا	اصلاح، صالح، صلح، اعمال صالحہ۔	عَلَيْهِمْ	علی الاعلان، اعلانیہ طور پر۔
ذَاتَ	ذات، ذاتی طور پر، بذات خود۔	زَادَتْهُمْ	زیادہ، مزید، زائد۔
بَيْنِكُمْ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اِيْمَانًا	امن، ایمان، مومن۔
اَطِيْعُوا	اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔	يَتَوَكَّلُوْنَ	توکل، متوکل علی اللہ۔

اٰيَاتُهَا 75 | 08 سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ 88 | رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَسْــَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْاَنْفَالِ ط	قُلِ ①	الْاَنْفَالُ
وہ سب سوال کرتے ہیں آپ سے	مالِ غنیمت کے بارے میں	آپ کہہ دیجیے!	مالِ غنیمت

لِلّٰهِ	وَالرَّسُوْلِ ج	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَاَصْلِحُوْا
(تو) اللہ کے لیے	اور رسول (کے لیے ہے)	پس تم سب ڈرو اللہ سے	اور تم سب اصلاح کرو

ذَاتَ بَيْنِكُمْ صل ②	وَ	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗٓ	اِنْ	كُنْتُمْ
اپنے درمیان	اور	تم سب اطاعت کرو اللہ	اور اس کے رسول کی	اگر	ہو تم

مُّؤْمِنِيْنَ (1)	اِنَّمَا ③	الْمُؤْمِنُوْنَ ④	الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ ⑤
سب ایمان لانیوالے	درحقیقت	مومن (وہ ہوتے ہیں)	جو (کہ)	جب	ذکر کیا جائے اللہ کا

وَجِلَتْ ⑥	قُلُوْبُهُمْ	وَاِذَا	تُلِيَتْ ⑥	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُهٗ ⑥
(تو) ڈر جاتے ہیں	اُنکے دل	اور جب	تلاوت کی جائے	اُن پر	اُس کی آیات

زَادَتْهُمْ ⑥	اِيْمَانًا	وَّ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ (2) ج
(تو) بڑھا دیتی ہیں اُن کو	ایمان میں	اور	اپنے رب پر	وہ سب بھروسا رکھتے ہیں

ضروری وضاحت

① قُلْ یہ قَوْلٌ سے بنا ہے، قاعدے کے مطابق و گری ہوئی ہے۔ ② ذَاتَ بَيْنِكُمْ میں بامحاورہ ترجمہ کرتے ہوئے ذَاتَ کا ترجمہ نہیں کیا گیا ویسے ذَات کا ترجمہ والی ہے یعنی اپنے درمیان والی باتوں کی اصلاح کرو۔ ③ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ تْ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا	وہ لوگ جو نماز قائم کرتے اور اُس سے جو
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿3﴾	ہم نے رزق دیا اُنہیں وہ خرچ کرتے ہیں۔ ﴿3﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ	وہ لوگ ہی حقیقی مومن ہیں
لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ	اُن کے لیے درجات ہیں اُن کے رب کے پاس
وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ﴿4﴾	اور بخشش ہے اور باعزت رزق ہے۔ ﴿4﴾
كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ	جس طرح آپ کو نکالا آپ کے رب نے
مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا	آپکے گھر سے حق کے ساتھ اور بیشک ایک جماعت
مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۙ﴿5﴾	مؤمنوں میں سے یقیناً ناپسند کرنے والی تھی۔ ﴿5﴾
يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ	وہ جھگڑتے ہیں آپ سے حق میں
بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ	اس کے بعد کہ وہ واضح ہو گیا تھا
كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ	گویا کہ وہ ہانکے جا رہے ہوں موت کی طرف
وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ؕ﴿6﴾	اس حال میں کہ وہ دیکھ رہے ہیں۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُقِيْمُوْنَ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔
رَزَقْنٰهُمْ : رزق، رزّاق، رازق۔
يُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
كَرِيْمٌ : کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔
كَمَآ : کالعدم، کماحقہ/ماحول، ماتحت، ماجرا۔
اَخْرَجَكَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔

بَيْتِكَ : بیت اللہ، بیت المقدس، اہلِ بیت۔
فَرِيْقًا : فریقِ اوّل، فریقِ ثانی، فریقین۔
لَكٰرِهُوْنَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
يُجَادِلُوْنَكَ : جنگ وجدل، جدال، مجادلہ۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
تَبَيَّنَ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔

الَّذِيۡنَ	يُقِيۡمُوۡنَ	الصَّلٰوةَ ①	وَمِمَّا ②	رَزَقۡنٰهُمۡ
(وہ لوگ) جو	وہ سب قائم کرتے ہیں	نماز	اور (اُس) سے جو	ہم نے رزق دیا اُنہیں

يُنۡفِقُوۡنَ ۳ؕ	اُولٰٓـئِكَ	هُمُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ③	حَقًّا ؕ	لَهُمۡ
وہ سب خرچ کرتے ہیں	وہ (لوگ)	ہی سب مومن ہیں	حقیقی	اُن کے لیے

دَرَجٰتٌ ①	عِنۡدَ رَبِّهِمۡ	وَ	مَغۡفِرَةٌ ①	وَّ	رِزۡقٌ
درجات ہیں	اُن کے رب کے پاس	اور	بخشش ہے	اور	رزق ہے

كَرِيۡمٌ ۴ۚ	كَمَاۤ	اَخۡرَجَكَ ④	رَبُّكَ	مِنۡۢ بَيۡتِكَ
باعزت	جس طرح	آپ کو نکالا	آپ کے رب نے	آپکے گھر سے

بِالۡحَـقِّ ۖ	وَاِنَّ	فَرِيۡقًا ⑤	مِّنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	لَـكٰرِهُوۡنَ ۵ۙ
حق کے ساتھ	اور بیشک	ایک جماعت	مؤمنوں میں سے	یقیناً سب ناپسند کرنے والی تھی

يُجَادِلُوۡنَكَ	فِى الۡحَـقِّ	بَعۡدَ مَا ⑥	تَبَيَّنَ ⑦	كَاَنَّمَا
وہ سب جھگڑتے ہیں آپ سے	حق میں	(اس کے) بعد کہ	وہ واضح ہو گیا تھا	گویا کہ

يُسَاقُوۡنَ	اِلَى الۡمَوۡتِ	وَ	هُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ ⑧ ۶ؕ
وہ سب ہانکے جا رہے ہوں	موت کی طرف	اس حال میں کہ	وہ سب دیکھ رہے ہیں

ضروری وضاحت

① ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② مِمَّا دراصل مِنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ③ هُمۡ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ④ یہاں شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑥ اگر لفظ بَعۡدِ کے بعد مَا ہو تو اس کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑧ هُمۡ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

وَ اِذۡ یَعِدُکُمُ اللّٰہُ	اور جب وعدہ کر رہا تھا تم سے اللہ
اِحۡدَی الطَّآئِفَتَیۡنِ اَنَّہَا لَکُمۡ	دو گروہوں میں سے ایک کا کہ یقیناً وہ تمہارے لیے ہے
وَتَوَدُّوۡنَ اَنَّ غَیۡرَ ذَاتِ الشَّوۡکَۃِ	اور تم چاہتے تھے کہ بیشک (جو) کانٹے والا (مسلح) نہیں
تَکُوۡنُ لَکُمۡ وَیُرِیۡدُ اللّٰہُ	وہ ہو تمہارے لیے اور اللہ چاہتا تھا
اَنۡ یُّحِقَّ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ	کہ وہ سچا کر دے حق کو اپنی باتوں کے ساتھ
وَیَقۡطَعَ دَابِرَ الۡکٰفِرِیۡنَ ۙ﴿7﴾	اور کاٹ دے جڑ کافروں کی۔ ﴿7﴾
لِیُحِقَّ الۡحَقَّ وَ یُبۡطِلَ الۡبَاطِلَ	تاکہ وہ سچا کر دے حق کو اور جھوٹا کر دے باطل کو
وَلَوۡ کَرِہَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۚ﴿8﴾	اور اگرچہ ناپسند کریں مجرم۔ ﴿8﴾
اِذۡ تَسۡتَغِیۡثُوۡنَ رَبَّکُمۡ	جب تم فریاد کر رہے تھے اپنے رب سے
فَاسۡتَجَابَ لَکُمۡ اَنِّیۡ	تو اُس نے دعا قبول کی تمہاری کہ بیشک میں
مُمِدُّکُمۡ بِاَلۡفٍ مِّنَ الۡمَلٰٓئِکَۃِ	تمہاری امداد کرنے والا ہوں ایک ہزار فرشتے سے
مُرۡدِفِیۡنَ ﴿9﴾	(جو) ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے ہیں۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَعِدُکُمۡ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	الۡکٰفِرِیۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اِحۡدَی : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	یُبۡطِلَ : حق و باطل، ادیان باطلہ، زَعم باطل۔
الطَّآئِفَتَیۡنِ : طائفہ منصورہ، طوائف الملوکی۔	کَرِہَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
تَوَدُّوۡنَ : مودت و محبت۔	الۡمُجۡرِمُوۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
یُرِیۡدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	تَسۡتَغِیۡثُوۡنَ : استغاثہ، غوثِ اعظم۔
یُّحِقَّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔	فَاسۡتَجَابَ : مستجاب الدعوات، استجابت، جواب۔
بِکَلِمٰتِہٖ : کلمہ، کلام، کلمات، متکلم، انداز تکلم۔	مُمِدُّکُمۡ : مدد، امداد، مددگار، ممد و معاون۔
یَقۡطَعَ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع۔	الۡمَلٰٓئِکَۃِ : ملک الموت، ملائکہ۔

وَ اِذْ	يَعِدُكُمُ اللّٰهُ①	اِحْدَى	الطَّآىِٕفَتَيْنِ	اَنَّهَا
اور جب	وعدہ کررہا تھا تم سے اللہ	ایک کا	دو گروہوں میں سے	کہ یقیناً وہ

لَكُمْ	وَ	تَوَدُّوْنَ	اَنَّ	غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ②③
تمہارے لیے (ہے)	اور	تم سب چاہتے تھے	کہ بیشک	(جو) کانٹے والا (مسلح) نہیں

تَكُوْنُ③	لَكُمْ	وَ	يُرِيْدُ اللّٰهُ①	اَنْ يُّحِقَّ	الْحَقَّ④
وہ ہو	تمہارے لیے	اور	اللہ چاہتا تھا	کہ وہ سچا کردے	حق کو

بِكَلِمٰتِهٖ③	وَيَقْطَعَ	دَابِرَ④ الْكٰفِرِيْنَ ۙ (7)	لِيُحِقَّ	الْحَقَّ
اپنی باتوں کے ساتھ	اور وہ کاٹ دے	جڑ سب کافروں کی	تاکہ وہ سچا کردے	حق کو

وَيُبْطِلَ	الْبَاطِلَ④	وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ⑤ ۚ (8)	اِذْ
اور وہ جھوٹا کردے	باطل کو	اور اگرچہ	ناپسند کریں	سب جرم کرنے والے	جب

تَسْتَغِيْثُوْنَ	رَبَّكُمْ	فَاسْتَجَابَ	لَكُمْ⑥	اَنِّيْ
تم سب فریاد کررہے تھے	اپنے رب سے	تو اس نے دعا قبول کی	تمہاری	کہ بیشک میں

مُمِدُّكُمْ	بِاَلْفٍ	مِّنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ⑦	مُرْدِفِيْنَ⑤ (9)
تمہاری امداد کرنیوالا ہوں	ایک ہزار	فرشتے سے	ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

①یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② ذَاتِ واحد مؤنث کے لیے استعمال ہوتی ہے، "جو کانٹے والی نہیں" سے مراد وہ جماعت ہے جو غیر مسلح اور تجارتی قافلہ ہو۔③ ۃ، تِ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشۡرٰى	اور نہیں بنایا اُس (مدد) کو اللہ نے مگر خوشخبری
وَلِتَطۡمَىِٕنَّ بِهٖ قُلُوۡبُكُمۡۚ	اور تا کہ مطمئن ہو جائیں اس سے تمہارے دل
وَمَا النَّصۡرُ اِلَّا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ؕ	اور نہیں ہے مدد مگر اللہ کے پاس سے
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ‏﴿10﴾	بیشک اللہ نہایت غالب، خوب حکمت والا ہے۔ ﴿10﴾
اِذۡ يُغَشِّيۡكُمُ النُّعَاسَ	جب طاری کر رہا تھا (اللہ) تم پر اُونگھ
اَمَنَةً مِّنۡهُ	امن دینے کے لیے اپنی طرف سے
وَيُنَزِّلُ عَلَيۡكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً	اور وہ اُتارتا تھا تم پر آسمان سے پانی
لِّيُطَهِّرَكُمۡ بِهٖ	تا کہ وہ پاک کر دے تم کو اس کے ساتھ
وَيُذۡهِبَ عَنۡكُمۡ رِجۡزَ الشَّيۡطٰنِ	اور دور کر دے تم سے شیطان کی گندگی
وَلِيَرۡبِطَ عَلٰى قُلُوۡبِكُمۡ	اور تا کہ مضبوط گرہ باندھے تمہارے دلوں پر
وَيُثَبِّتَ بِهِ الۡاَقۡدَامَ ؕ‏ ﴿11﴾	اور جما دے اس کے ساتھ قدموں کو۔ ﴿11﴾
اِذۡ يُوۡحِىۡ رَبُّكَ اِلَى الۡمَلٰۤىِٕكَةِ	(یاد کرو) جب وحی کر رہا تھا آپکا رب فرشتوں کی طرف

ع 1/10 15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بُشۡرٰى	: بشارت، بشیر، عشرہ مبشرہ۔	السَّمَآءِ	: ارض وسماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
لِتَطۡمَىِٕنَّ	: اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	مَآءً	: ماءالحیات، ماءاللحم۔
قُلُوۡبُكُمۡ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	لِّيُطَهِّرَ	: طاہر، طہارت، ازواج مطہرات۔
النَّصۡرُ	: ناصر، نصیر، انصار، منصور، نصرت۔	لِيَرۡبِطَ	: ربط، رابطہ، مربوط۔
عِنۡدِ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	يُثَبِّتَ	: ثابت، ثبوت، مثبت، اثبات۔
يُغَشِّيۡكُمُ	: غش، غش آنا، غشی طاری ہونا۔	الۡاَقۡدَامَ	: اقدام، قدم۔
اَمَنَةً	: امن، مامون، امنِ عامّہ۔	يُوۡحِىۡ	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
يُنَزِّلُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	الۡمَلٰۤىِٕكَةِ	: ملک الموت، ملائکہ۔

وَمَا ①	جَعَلَهُ اللّٰهُ ②	اِلَّا بُشْرٰی	وَ	لِتَطْمَىِٕنَّ ③	بِهٖ
اور نہیں	بنایا اس (مدد) کو اللہ نے	مگر خوشخبری	اور	تاکہ مطمئن ہوجائیں	اس سے

قُلُوْبُكُمْ ۚ	وَ	مَا ① النَّصْرُ	اِلَّا	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ
تمہارے دل	اور	نہیں ہے مدد	مگر	اللہ کے پاس سے	بیشک اللہ

ع 1 10 15

عَزِيْزٌ ④	حَكِيْمٌ ④ ﴿10﴾ ع	اِذْ	يُغَشِّيْكُمُ	النُّعَاسَ
نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے	جب	وہ طاری کررہا تھا تم پر	اُونگھ

اَمَنَةً ⑤	مِّنْهُ	وَيُنَزِّلُ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ
امن دینے کے لیے	اپنی طرف سے	اور وہ اُتارتا تھا	تم پر	آسمان سے

مَآءً	لِّيُطَهِّرَكُمْ	بِهٖ	وَيُذْهِبَ	عَنْكُمْ
پانی	تاکہ وہ پاک کردے تم کو	اس کے ساتھ	اور وہ دور کردے	تم سے

رِجْزَ الشَّيْطٰنِ	وَلِيَرْبِطَ ⑥	عَلٰى قُلُوْبِكُمْ	وَيُثَبِّتَ ⑥	بِهِ
شیطان کی گندگی	اور تاکہ مضبوط گرہ باندھے	تمہارے دلوں پر	اور جمادے	اس کے ساتھ

الْاَقْدَامَ ﴿11﴾ ؕ	اِذْ	يُوْحِيْ ⑥	رَبُّكَ	اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ⑦
قدموں کو	(یاد کرو) جب	وحی کررہا تھا	آپ کا رب	فرشتوں کی طرف

ضروری وضاحت

① مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

اَنِّيْ مَعَكُمْ	کہ بے شک میں تمھارے ساتھ ہوں
فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ	پس ثابت قدم رکھو اُن لوگوں کو جو ایمان لائے
سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ	عن قریب میں ڈال دوں گا (اُن کے) دلوں میں
الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ	جنہوں نے کفر کیا رعب کو
فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ	پس ضرب لگاؤ (ان کی) گردنوں کے اوپر
وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ ﴿12﴾	اور ضرب لگاؤ اُن کے ہر ہر پور پر۔ ﴿12﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	یہ اس وجہ سے ہے کہ بیشک انہوں نے
شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ	مخالفت کی اللہ کی اور اُس کے رسول کی
وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور جو مخالفت کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول کی
فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿13﴾	تو بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب والا ہے۔ ﴿13﴾
ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ	یہ ہے (سزا) سو چکھو اُسے، اور بے شک
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿14﴾	کافروں کے لیے آگ کا عذاب ہے۔ ﴿14﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَكُمْ	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	فَاضْرِبُوْا	: ضرب کاری، ضرب المثل۔
فَثَبِّتُوا	: ثابت، ثبوت، مثبت، اثبات۔	فَوْقَ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
اٰمَنُوْا	: امن، ایمان، مومن۔	كُلَّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
سَاُلْقِيْ	: القاء۔	شَدِيْدُ	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	الْعِقَابِ	: عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
قُلُوْبِ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	فَذُوْقُوْهُ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
كَفَرُوا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	لِلْكٰفِرِيْنَ	: الحمدللہ، للہذا/کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
الرُّعْبَ	: رعب ودبدبہ، مرعوب، رعب دار۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

اَنِّیْ	مَعَكُمْ	فَثَبِّتُوا ①	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ؕ
کہ بیشک میں	تمھارے ساتھ ہوں	پس تم سب ثابت قدم رکھو	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

سَاُلْقِيْ	فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ	كَفَرُوا	الرُّعْبَ
عن قریب میں ڈال دوں گا	(اُن کے) دلوں میں جن	سب نے کفر کیا	رعب کو

فَاضْرِبُوْا ②	فَوْقَ الْاَعْنَاقِ	وَاضْرِبُوْا ②	مِنْهُمْ ③	كُلَّ بَنَانٍ ﴿12﴾ ؕ
پس تم ضرب لگاؤ	(ان کی) گردنوں کے اُوپر	اور تم سب ضرب لگاؤ	ان کے	ہر ہر پور پر

ذٰلِكَ ④	بِاَنَّهُمْ	شَآقُّوا اللّٰهَ ⑤	وَ	رَسُوْلَهٗ ج
یہ	اس وجہ سے ہے کہ بیشک اُن	سب نے مخالفت کی اللہ کی	اور	اس کے رسول کی

وَ	مَنْ	يُّشَاقِقِ اللّٰهَ ⑤⑥	وَ	رَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ
اور	جو	مخالفت کرے گا اللہ کی	اور	اس کے رسول کی	تو بیشک

اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿13﴾	ذٰلِكُمْ	فَذُوْقُوْهُ ⑦
اللہ تعالیٰ	سخت عذاب والا ہے	یہ (سزا ہے)	سو تم سب چکھو اُسے

وَ	اَنَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابَ النَّارِ ﴿14﴾
اور	بیشک	کافروں کے لیے	آگ کا عذاب ہے

ضروری وضاحت

① فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم ملو
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا	اُن لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا لشکر کی صورت میں
فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿15﴾	تو مت پھیرو اُن سے (اپنی) پیٹھیں ۔ ﴿15﴾
وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ دُبُرَهٗۤ	اور جو پھیرے اُن سے اُس دن اپنی پیٹھ
اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ	سوائے (اُس کے جو) پینترا بدلنے والا ہو لڑائی کیلئے
اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ	یا پناہ پکڑنے والا ہو (اپنی) کسی جماعت کی طرف
فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ	تو یقیناً وہ لوٹا اللہ کے غضب کے ساتھ
وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ	اور اُس کا ٹھکانا جہنم ہے
وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿16﴾	اور (وہ) بہت بُری ہے پھرنے کی جگہ ۔ ﴿16﴾
فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ	پس نہیں تم نے قتل کیا اُنہیں اور لیکن اللہ نے
قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ	قتل کیا ہے اُنہیں اور نہیں پھینکی تھی آپ نے (مٹی)
اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ	جب آپ نے پھینکی اور لیکن اللہ نے (وہ) پھینکی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْۤا : امن، ایمان، مومن۔
لَقِيْتُمُ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
يَوْمَىِٕذٍ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
لِّقِتَالٍ : الحمدللہ، لہٰذا/ قتل، قاتل، مقتول، قتال۔

اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
بِغَضَبٍ : بالکل، بالواسطہ/ غیظ وغضب، غضبناک۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اللّٰهِ : اللہ (اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام ہے۔)
مَاْوٰىهُ : ملجا وماوٰی۔
جَهَنَّمُ : جہنم، عذاب جہنم۔
لٰكِنَّ : لیکن۔

● کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

يٰٓاَيُّهَا ①	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	جب	تم ملو	(اُن لوگوں سے) جن

كَفَرُوْا	زَحْفًا	فَلَا	تُوَلُّوْهُمُ ②	الْاَدْبَارَ (15) ج
سب نے کفر کیا	لشکر کی صورت میں	تو مت	تم سب پھیرو اُن سے	(اپنی) پیٹھیں

وَمَنْ	يُّوَلِّهِمْ ③	يَوْمَئِذٍ	دُبُرَهٗٓ ④	اِلَّا	مُتَحَرِّفًا ⑤
اور جو	پھیرے اُن سے	اُس دن	اپنی پیٹھ	سوائے	پینترا بدلنے والے کے

لِّقِتَالٍ	اَوْ مُتَحَيِّزًا ⑤	اِلٰى فِئَةٍ ⑥⑦	فَقَدْ	بَآءَ
لڑائی کے لیے	یا پناہ پکڑنے والا ہو	(اپنی) کسی جماعت کی طرف	تو یقیناً	وہ لوٹا

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ	وَ	مَاْوٰىهُ ④	جَهَنَّمُ ط	وَ	بِئْسَ
اللہ کے غضب کے ساتھ	اور	اس کا ٹھکانا	جہنم ہے	اور	(وہ) بہت بری ہے

الْمَصِيْرُ (16)	فَلَمْ	تَقْتُلُوْهُمْ ②	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	قَتَلَهُمْ ص
پھرنے کی جگہ	پس نہیں	تم سب نے قتل کیا اُنہیں	اور لیکن	اللہ نے	قتل کیا ہے اُنہیں

وَمَا	رَمَيْتَ	اِذْ	رَمَيْتَ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	رَمٰى ج
اور نہیں	پھینکی تھی آپ نے (مٹی)	جب	آپ نے پھینکی	اور لیکن	اللہ نے	(وہ) پھینکی

ضروری وضاحت

① یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے، اَیُّھَا صرف وہاں ہوتا ہے جہاں اسم کے شروع میں اَلْ ہو۔② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔③ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔⑤ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔

وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ط	اور تاکہ وہ عطا کرے مومنوں کو اپنی طرف سے اچھا انعام
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿17﴾	بیشک اللہ خوب سننے والا، بہت جاننے والا ہے۔ ﴿17﴾
ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ	یہ (بات) اور بیشک اللہ تعالیٰ کمزور کرنے والا ہے
كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿18﴾	کافروں کی تدبیر۔ ﴿18﴾
اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ج	اگر تم فیصلہ چاہو تو وہ یقیناً آچکا ہے تمہارے پاس فیصلہ
وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ج	اور اگر تم باز آجاؤ تو وہ بہت بہتر ہے تمہارے لیے
وَاِنْ تَعُوْدُوْا	اور اگر تم دوبارہ (ایسا) کرو گے (تو)
نَعُدْ ج	ہم (بھی) دوبارہ (ایسا ہی) کریں گے
وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ	اور ہرگز نہیں کام آئے گی تمہارے
فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ كَثُرَتْ لا	تمہاری جماعت کچھ بھی اور اگرچہ بہت زیادہ ہو
ع 2/9/16 وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ع ﴿19﴾	اور یقیناً اللہ تعالیٰ مومنوں کے ساتھ ہے۔ ع ﴿19﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اطاعت کرو اللہ کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : مال ودولت، عفو و درگزر، لازم وملزوم۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
مِنْهُ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
بَلَآءً : بلا، ابتلاء وآزمائش، مبتلا۔
حَسَنًا : حسن، احسان، محسن، احسن الجزاء۔
سَمِيْعٌ : سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

تَسْتَفْتِحُوْا : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
تَنْتَهُوْا : نہی عن المنکر، منہیات، اوامر ونواہی۔
خَيْرٌ : خیر، خیریت، خیر خواہی، صدقہ وخیرات۔
تَعُوْدُوْا : اعادہ، عود کر آنا۔
شَيْئًا : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
كَثُرَتْ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
اَطِيْعُوا : اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔

وَلِيُبْلِيَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مِنْهُ	بَلَآءً حَسَنًا ط ①	اِنَّ اللّٰهَ
اور تاکہ وہ عطا کرے	مؤمنوں کو	اپنی طرف سے	اچھا انعام	بیشک اللہ

سَمِيْعٌ ②	عَلِيْمٌ ② ﴿17﴾	ذٰلِكُمْ	وَ	اَنَّ اللّٰهَ	مُوْهِنُ ③
خوب سننے والا	بہت جاننے والا (ہے)	یہ (بات)	اور	بیشک اللہ تعالیٰ	کمزور کرنے والا ہے

كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿18﴾	اِنْ	تَسْتَفْتِحُوْا ④	فَقَدْ	جَآءَكُمُ
کافروں کی تدبیر	اگر	تم سب فیصلہ چاہو	تو یقیناً	آچکا ہے تمہارے پاس

الْفَتْحُ ج	وَاِنْ	تَنْتَهُوْا	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ ج
فیصلہ	اور اگر	تم سب باز آجاؤ	تو وہ	بہت بہتر ہے	تمہارے لیے

وَاِنْ	تَعُوْدُوْا	نَعُدْ ج	وَلَنْ	تُغْنِيَ ⑤
اور اگر	تم سب دوبارہ (ایسا) کروگے	(تو) ہم دوبارہ (ایسا ہی) کریں گے	اور ہرگز نہیں	کام آئے گی

عَنْكُمْ ⑥	فِئَتُكُمْ	شَيْئًا	وَّلَوْ	كَثُرَتْ ⑤ لا	وَاَنَّ اللّٰهَ
تمہارے	تمہاری جماعت	کچھ بھی	اور اگرچہ	بہت زیادہ ہو	اور یقیناً اللہ

مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿19﴾ ع	يٰاَيُّهَا ⑦	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَطِيْعُوا اللّٰهَ
مؤمنوں کے ساتھ ہے	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	تم سب اطاعت کرو اللہ کی

ع 2/9 16

ضروری وضاحت

①بَلَآءً کا اصل ترجمہ آزمائش ہے، کیونکہ انعام اچھی آزمائش ہے اس لیے ترجمہ انعام کیا گیا ہے۔② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ تَ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ یہاں عَنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔

وَ رَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ	اور اُس کے رسول کی اور نہ تم منہ موڑو اُس سے
وَ اَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿20﴾	اس حال میں کہ تم سن رہے ہو۔ ﴿20﴾
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا	اور نہ ہو جاؤ اُن لوگوں کی طرح جنہوں نے کہا
سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿21﴾	ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے تھے۔ ﴿21﴾
اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ	بیشک جانوروں میں سے بدترین اللہ کے نزدیک
الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿22﴾	(وہ) بہرے گونگے ہیں جو سمجھتے نہیں۔ ﴿22﴾
وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا	اور اگر اللہ جانتا اُن میں کوئی بھلائی (تو)
لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ	ضرور سنوا دیتا اُنہیں اور اگر وہ سنواتا اُنہیں
لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿23﴾	ضرور منہ پھیر جاتے اور وہ اعراض کرنیوالے ہوتے۔ ﴿23﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! بات مانو اللہ کی
وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ	اور (اُس کے) رسول کی جب وہ دعوت دیں تمہیں
لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ	اس کی جو زندگی بخشتی ہے تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	عَلِمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	فِيْهِمْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
تَسْمَعُوْنَ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔	مُّعْرِضُوْنَ	: اعراض کرنا۔
كَالَّذِيْنَ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	اٰمَنُوا	: امن، ایمان، مومن۔
قَالُوْا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اسْتَجِيْبُوْا	: مستجاب الدعاء، استجابت، جواب۔
شَرَّ	: خیر وشر، شریر، شرارت۔	دَعَاكُمْ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
عِنْدَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	لِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
يَعْقِلُوْنَ	: عقل، عاقل، معقول۔	يُحْيِيْكُمْ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔

وَرَسُوْلَهٗ	وَلَا	تَوَلَّوْا ①	عَنْهُ	وَاَنْتُمْ	تَسْمَعُوْنَ ۚ ﴿20﴾
اور اُسکے رسول کی	اور نہ	تم سب منہ موڑو	اُس سے	اس حال میں کہ تم	تم سب سن رہے ہو

وَلَا	تَكُوْنُوْا ①	كَالَّذِيْنَ ②	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَهُمْ
اور نہ	تم ہوجاؤ	(اُن لوگوں) کی طرح جن	سب نے کہا	ہم نے سن لیا	حالانکہ وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ③ ﴿21﴾	اِنَّ	شَرَّ الدَّوَآبِّ	عِنْدَ اللّٰهِ	الصُّمُّ
نہیں سنتے تھے	بیشک	جانوروں میں سے بدترین	اللہ کے نزدیک	(وہ) بہرے

الْبُكْمُ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْقِلُوْنَ ③ ﴿22﴾	وَلَوْ	عَلِمَ اللّٰهُ	فِيْهِمْ
گونگے ہیں	(وہ لوگ) جو	نہیں وہ سب سمجھتے	اور اگر	اللہ جانتا	اُن میں

خَيْرًا ④	لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ	وَلَوْ	اَسْمَعَهُمْ	لَتَوَلَّوْا ⑤
کوئی بھلائی	(تو) ضرور سنوا دیتا اُنہیں	اور اگر	وہ سنواتا اُنہیں	ضرور سب منہ پھیر جاتے

وَّهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ ⑥ ﴿23﴾	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اسْتَجِيْبُوْا
اور وہ	اعراض کرنیوالے ہوتے	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	تم سب بات مانو

لِلّٰهِ	وَلِلرَّسُوْلِ	اِذَا	دَعَاكُمْ ⑦	لِمَا	يُحْيِيْكُمْ ۚ ⑦⑧
اللہ کی	اور (اُس کے) رسول کی	جب	وہ دعوت دیں تمہیں	(اس) کی جو	زندگی بخشتی ہے تمہیں

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہوتو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔② كَ میں تشبیہ کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہوتو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑤ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑦ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑧ یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ — اور جان لو کہ بیشک اللہ حائل ہوتا ہے بندے کے درمیان

وَ قَلْبِهٖ وَ اَنَّهٗٓ — اور اُس کے دل (کے درمیان) اور یہ یقینی بات ہے کہ

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿24﴾ — اُسی کی طرف تم سب اکٹھے کیے جاؤ گے۔ ﴿24﴾

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ — اور ڈرو اُس فتنے سے (جو) ہرگز نہیں پہنچے گا (صرف)

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ — اُن لوگوں کو جنھوں نے ظلم کیا تم میں سے خاص طور پر

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿25﴾ — اور جان لو کہ بے شک اللہ سخت سزا والا ہے۔ ﴿25﴾

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ — اور یاد کرو جب تم بہت تھوڑے تھے

مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ — کمزور سمجھے جاتے تھے زمین میں، تم ڈرتے تھے

اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ — (اس بات سے) کہ اُچک (نہ) لے جائیں تمہیں لوگ

فَاٰوٰىكُمْ وَ اَيَّدَكُمْ — تو اُس نے جگہ دی تمہیں اور قوت دی تمہیں

بِنَصْرِهٖ وَ رَزَقَكُمْ — اپنی مدد کے ساتھ اور رزق دیا تمہیں

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿26﴾ — پاکیزہ چیزوں سے تاکہ تم شکر کرو۔ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يَحُوْلُ : حائل، محال۔
بَيْنَ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
قَلْبِهٖ : قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔
تُحْشَرُوْنَ : حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
اِتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔
تُصِيْبَنَّ : مصیبت، آلام ومصائب۔
خَآصَّةً : خاص، خاصہ، خصوصیت، خصائص۔

اُذْكُرُوْٓا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
مُّسْتَضْعَفُوْنَ : ضعف، ضعیف، ضعفا۔
تَخَافُوْنَ : خوف، خائف، خوف وہراس۔
فَاٰوٰىكُمْ : ملجا وماویٰ۔
اَيَّدَكُمْ : تائید، مؤید۔
بِنَصْرِهٖ : ناصر، نصیر، انصار، منصور، نصرت۔
الطَّيِّبٰتِ : طیب وطاہر، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔
تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، اظہارِ تشکر، شکرگزار۔

وَاعْلَمُوْٓا ①	اَنَّ اللّٰهَ	يَحُوْلُ ②	بَيْنَ الْمَرْءِ	وَقَلْبِهٖ
اور تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	حائل ہوتا ہے	بندے کے درمیان	اور اُسکے دل

وَاَنَّهٗٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ ③ (24)	وَاتَّقُوْا ①	فِتْنَةً ④
اور یہ یقینی بات ہے کہ	اُسی کی طرف	تم سب اکٹھے کیے جاؤ گے	اور تم سب ڈرو	اُس فتنے سے

لَّا تُصِيْبَنَّ ④⑤	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْكُمْ	خَآصَّةً ۚ ④
(جو) نہیں پہنچے گا صرف	(اُن لوگوں کو) جن	سب نے ظلم کیا	تم میں سے	خاص طور پر

وَاعْلَمُوْٓا ①	اَنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ (25)	وَاذْكُرُوْٓا ①	اِذْ اَنْتُمْ
اور تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	سخت سزا والا ہے	اور تم سب یاد کرو	جب تم

قَلِيْلٌ	مُّسْتَضْعَفُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	تَخَافُوْنَ	اَنْ
بہت تھوڑے تھے	کمزور سمجھے جاتے تھے	زمین میں	تم سب ڈرتے تھے	کہ

يَّتَخَطَّفَكُمُ ②⑥⑦	النَّاسُ	فَاٰوٰىكُمْ ⑦	وَاَيَّدَكُمْ ⑦	بِنَصْرِهٖ
اُچک (نہ) لے جائیں تمہیں	لوگ	تو اس نے جگہ دی تمہیں	اور قوت دی تمہیں	اپنی مدد کے ساتھ

وَ	رَزَقَكُمْ ⑦	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ④	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑧ (26)
اور	اُس نے رزق دیا تمہیں	پاکیزہ چیزوں سے	تاکہ تم سب شکر کرو

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ② یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
③ اگر تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ ۃ، ات اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ فعل کے آخر میں نّ تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ⑧ کُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو
لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ	مت خیانت کرو اللہ کی اور (اس کے) رسول کی
وَتَخُوْنُوْۤا اَمٰنٰتِكُمْ	اور (نہ) تم خیانت کرو اپنی امانتوں میں
وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ 27	اس حال میں کہ تم جانتے ہو۔
وَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ	اور جان لو، درحقیقت تمہارے مال
وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ	اور تمہاری اولاد ایک آزمائش ہیں
وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ 28 ع	اور بے شک اللہ اُس کے پاس اجر عظیم ہے۔ 28 ع
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم ڈرو اللہ سے
يَجْعَلْ لَّكُمْ	(تو) وہ بنا دے گا تمہارے لیے (حق اور باطل میں)
فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ	فرق کرنے کی (کسوٹی) اور دور کر دے گا تم سے
سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ	تمہاری برائیاں اور بخش دے گا تمہیں
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ 29	اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ 29

ع 3/9 17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مومن۔	عَظِيْمٌ	عظیم، معظم، تعظیم، عظمت۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	تَتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔
تَخُوْنُوا	خیانت، خائن۔	فُرْقَانًا	فرق، تفریق، فراق۔
الرَّسُوْلَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	يُكَفِّرْ	کفارہ۔
اَمٰنٰتِكُمْ	امانت، امین۔	سَيِّاٰتِكُمْ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	يَغْفِرْ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
فِتْنَةٌ	فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	ذُو	ذوالجلال، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔
عِنْدَهٗۤ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	الْفَضْلِ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔

يٰاَيُّهَا ①	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَخُوْنُوا	اللّٰهَ ②	وَالرَّسُوْلَ
اے	(وہ لوگو!) جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب خیانت کرو	اللہ (کی)	اور رسول (کی)

وَتَخُوْنُوْٓا	اَمٰنٰتِكُمْ ③	وَ	اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ④ (27)
اور (نہ) تم خیانت کرو	اپنی امانتوں میں	اس حال میں کہ	تم سب جانتے ہو

وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ ⑤	اَمْوَالُكُمْ	وَاَوْلَادُكُمْ	فِتْنَةٌ ③⑥ لا
اور تم سب جان لو	درحقیقت	تمہارے مال	اور تمہاری اولاد	ایک آزمائش ہیں

وَّ	اَنَّ اللّٰهَ	عِنْدَهٗٓ	اَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑦ ع (28)	يٰاَيُّهَا ①
اور	بیشک اللہ	اُس کے پاس	بہت بڑا اجر ہے	اے

ع 3 9 17

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تَتَّقُوا اللّٰهَ	يَجْعَلْ
(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو!	اگر	تم سب ڈرو اللہ سے	(تو) وہ بنا دے گا

لَّكُمْ	فُرْقَانًا	وَّيُكَفِّرْ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ ③
تمہارے لیے	فرق کرنے کی (کسوٹی)	اور دور کر دے گا	تم سے	تمہاری برائیاں

وَ	يَغْفِرْ	لَكُمْ ط	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ⑦ (29)
اور	وہ بخش دے گا	تم کو	اور اللہ	بڑے فضل والا ہے

ضروری وضاحت

①یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اَنْتُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑤ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا بڑے کیا گیا ہے۔

وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ	اور جب خفیہ تدبیریں کر رہے تھے آپ کے خلاف
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تا کہ وہ قابو (قید) کر لیں آپکو
اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ	یا قتل کر دیں آپ کو یا نکال دیں آپ کو
وَ يَمْكُرُوْنَ	اور وہ خفیہ تدبیریں کر رہے تھے
وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ	اور اللہ بھی (خفیہ) تدبیر کر رہا تھا، اور اللہ
وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ (30)	سب سے بہتر ہے خفیہ تدبیر کرنیوالوں میں سے (30)
وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا	اور جب پڑھی جاتی ہیں اُن پر ہماری آیات
قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ	(تو) کہتے ہیں یقیناً ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں (تو)
لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ	یقیناً ہم (بھی) کہہ سکتے ہیں اس کی مثل
اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (31)	نہیں ہیں یہ مگر پہلے لوگوں کے افسانے۔ (31)
وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا	اور جب انہوں نے کہا اے اللہ! اگر ہے یہ
هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ	(قرآن) ہی حق تیری طرف سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَمْكُرُ	مکروفریب، مکار۔	نَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفارمکہ۔	مِثْلَ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يَقْتُلُوْكَ	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	هٰذَآ	حامل رقعہ ہذا، الہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
يُخْرِجُوْكَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اِلَّآ	اِلا ماشاءاللّٰہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
تُتْلٰى	تلاوت قرآن، وحی متلو۔	الْاَوَّلِيْنَ	اوّل وآخر، اوّل انعام، اوّل پوزیشن۔
عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	عِنْدِكَ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	حِجَارَةً	حجراسود، شجروحجر۔
سَمِعْنَا	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔	مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

وَ	اِذۡ	يَمۡكُرُ ①	بِكَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا
اور	جب	خفیہ تدبیریں کررہے تھے	آپ کے (خلاف)	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا

لِيُثۡبِتُوۡكَ ②	اَوۡ	يَقۡتُلُوۡكَ ②	اَوۡ	يُخۡرِجُوۡكَ ② ؕ
تاکہ وہ سب قابو (قید) کرلیں آپکو	یا	وہ سب قتل کردیں آپ کو	یا	وہ سب نکال دیں آپ کو

وَ	يَمۡكُرُوۡنَ	وَ يَمۡكُرُ اللّٰهُ ①③ ؕ	وَاللّٰهُ	خَيۡرُ
اور	وہ خفیہ تدبیریں کررہے تھے	اور اللہ بھی تدبیر کررہا تھا	اور اللہ	سب سے بہتر ہے

الۡمٰكِرِيۡنَ ۞30	وَاِذَا	تُتۡلٰى ④	عَلَيۡهِمۡ	اٰيٰتُنَا ⑤
خفیہ تدبیر کرنیوالوں (میں سے)	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	اُن پر	ہماری آیات

قَالُوۡا	قَدۡ	سَمِعۡنَا	لَوۡ	نَشَآءُ	لَقُلۡنَا
(تو) کہتے ہیں	یقیناً	ہم نے سن لیا	اگر	ہم چاہیں	(تو) یقیناً ہم (بھی) کہہ سکتے ہیں

مِثۡلَ هٰذَآ ۙ	اِنۡ هٰذَآ ⑥	اِلَّآ	اَسَاطِيۡرُ الۡاَوَّلِيۡنَ ۞31	وَ اِذۡ	قَالُوا
اس کی مثل	نہیں یہ	مگر	سب پہلے لوگوں کے افسانے	اور جب	انہوں نے کہا

اللّٰهُمَّ	اِنۡ	كَانَ	هٰذَا	هُوَالۡحَقَّ ⑦	مِنۡ عِنۡدِكَ
اے اللہ!	اگر	ہے	یہ (قرآن)	ہی حق	تیری طرف سے

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② علامت وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہوتو اس کا "ا" گرجاتا ہے۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہووہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔④ تـ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں، عموماً انسان کے علاوہ کی جمع کے ساتھ فعل واحد مؤنث آتا ہے۔⑤ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اِنۡ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّآ ہوتو اس اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ هُوَ کے بعد اَلۡ ہوتو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَاَمۡطِرۡ عَلَيۡنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ	تو برسا ہم پر پتھر آسمان سے
اَوِ ائۡتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿32﴾	یا لے آ ہم پر کوئی دردناک عذاب۔ ﴿32﴾
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمۡ	اور نہیں ہے اللہ کہ عذاب دے اُنہیں
وَاَنۡتَ فِيۡهِمۡ ؕ	اس حال میں کہ آپ اُن میں (موجود) ہوں
وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمۡ	اور نہیں ہے اللہ عذاب دینے والا اُن کو
وَهُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ ﴿33﴾	اس حال میں کہ وہ بخشش طلب کرتے ہوں۔ ﴿33﴾
وَمَا لَهُمۡ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ	اور کیا ہے اُن کو کہ نہ عذاب دے اُنہیں اللہ
وَهُمۡ يَصُدُّوۡنَ عَنِ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ	اس حال میں کہ وہ روک رہے ہیں مسجد حرام سے
وَمَا كَانُوۡۤا اَوۡلِيَآءَهٗ ؕ	حالانکہ نہیں ہیں وہ اس کے متولی
اِنۡ اَوۡلِيَآؤُهٗۤ اِلَّا الۡمُتَّقُوۡنَ	نہیں ہیں اس کے متولی مگر متقی لوگ ہی
وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿34﴾	اور لیکن اُن میں سے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿34﴾
وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمۡ عِنۡدَ الۡبَيۡتِ	اور نہیں ہوتی اُن کی نماز بیت اللہ کے پاس

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيۡنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الۡمُتَّقُوۡنَ : تقویٰ، متقی۔
السَّمَآءِ : ارض وسماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	لٰكِنَّ : لیکن۔
اَلِيۡمٍ : عذابِ الیم، المناک، رنج والم۔	اَكۡثَرَهُمۡ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لِيُعَذِّبَهُمۡ : عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فِيۡهِمۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	يَعۡلَمُوۡنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	صَلَاتُهُمۡ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔
الۡحَرَامِ : حرام، محرم، تحریم، حرمت۔	الۡبَيۡتِ : بیت اللہ، بیت المقدس، اہلِ بیت۔
اَوۡلِيَآءَهٗ : ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔	اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔

فَاَمْطِرْ	عَلَيْنَا	حِجَارَةً ①	مِّنَ السَّمَآءِ	اَوِ ائْتِنَا ②
پس تو برسا	ہم پر	پتھر	آسمان سے	یا لے آ ہم پر
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (32)	وَمَا	كَانَ اللّٰهُ	لِيُعَذِّبَهُمْ ③	وَ
کوئی دردناک عذاب	اور نہیں	ہے اللہ	کہ وہ عذاب دے اُنہیں	اس حال میں کہ

اَنْتَ	فِيْهِمْ ؕ	وَمَا	كَانَ اللّٰهُ	مُعَذِّبَهُمْ ④	وَ
آپ	اُن میں (موجود) ہوں	اور نہیں	ہے اللہ	عذاب دینے والا اُنکو	اس حال میں کہ
هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ⑤ (33)	وَمَا	لَهُمْ	اَلَّا	يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ ③⑥	
وہ سب بخشش طلب کرتے ہوں	اور کیا ہے	اُن کو	کہ نہ	عذاب دے اُنہیں اللہ	
وَ	هُمْ يَصُدُّوْنَ ⑤	عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَمَا	كَانُوْٓا	
اس حال میں کہ	وہ سب روک رہے ہیں	مسجد حرام سے	حالانکہ نہیں	ہیں وہ	
اَوْلِيَآءَهٗ ؕ	اِنْ ⑦	اَوْلِيَآؤُهٗٓ	اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ
اسکے متولی	نہیں	اسکے متولی	مگر سب متقی لوگ	اور لیکن	اُن میں سے اکثر
لَا يَعْلَمُوْنَ ⑧ (34)	وَمَا	كَانَ	صَلَاتُهُمْ	عِنْدَ الْبَيْتِ	
نہیں وہ سب جانتے	اور نہیں	ہوتی	اُن کی نماز	بیت اللہ کے پاس	

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اِئْتِنَا کا اصل ترجمہ تو آ ہمارے پاس ہے، اگر اس کے بعد بِ ہو تو پھر اس کا ترجمہ تو لے آ ہمارے پاس ہوتا ہے۔ ③ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ④ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑤ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑥ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

اِلَّا مُكَآءً وَّ تَصْدِيَةً ؕ	سوائے سیٹیاں بجانے اور تالیاں بجانے کے
فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿35﴾	سو تم چکھو عذاب اس وجہ سے جو تھے تم کفر کرتے ﴿35﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ خرچ کرتے ہیں
اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اپنے مال تا کہ وہ روکیں (لوگوں کو) اللہ کے راستے سے
فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ	پس عن قریب وہ خرچ کریں گے اُنہیں، پھر ہوگی
عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ۬	اُن پر حسرت پھر وہ مغلوب کر دیے جائیں گے
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اور جن لوگوں نے کفر کیا
اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿36﴾	جہنم کی طرف وہ اکٹھے کیے جائیں گے۔ ﴿36﴾
لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ	تا کہ الگ کر دے اللہ ناپاک کو پاک سے
وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ	اور کر دے ناپاک کو اس کے بعض کو بعض پر
فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا	پھر وہ ڈھیر بنا دے اُسے اکٹھا
فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ	پھر وہ ڈال دے اُسے جہنم میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	يُغْلَبُوْنَ	غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
فَذُوْقُوا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	يُحْشَرُوْنَ	حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	لِيَمِيْزَ	امتیاز، امتیازی حیثیت، تمیز، ممتاز۔
تَكْفُرُوْنَ	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔	الْخَبِيْثَ	خُبث، خبیث، خباثت۔
يُنْفِقُوْنَ	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	الطَّيِّبِ	طیب وطاہر، طیب چیزیں، کلمہ طیبہ۔
سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	بَعْضَهٗ	بعض معاملات، بعض اوقات۔
عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	جَمِيْعًا	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
حَسْرَةً	حسرت، حسرتیں، حسرت بھری نگاہیں۔	فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔

اِلَّا مُكَآءً	وَّتَصْدِيَةً ① ط	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا ②	كُنْتُمْ
سوائے سیٹیاں	اور تالیاں بجانے کے	سو تم سب چکھو	عذاب	اس وجہ سے جو	تھے تم

تَكْفُرُوْنَ 35	اِنَّ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ
تم سب کفر کرتے	بیشک (وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اپنے مال

لِيَصُدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط	فَسَيُنْفِقُوْنَهَا
تا کہ وہ سب روکیں (لوگوں کو)	اللہ کے راستے سے	پس عن قریب وہ سب خرچ کریں گے اُنہیں

ثُمَّ تَكُوْنُ ③	عَلَيْهِمْ	حَسْرَةً ①	ثُمَّ	يُغْلَبُوْنَ ط ④	وَالَّذِيْنَ
پھر ہو گی	اُن پر	حسرت	پھر	وہ سب مغلوب کر دیے جائیں گے	اور جن

كَفَرُوْٓا	اِلٰى جَهَنَّمَ	يُحْشَرُوْنَ ④ لا 36	لِيَمِيْزَ اللّٰهُ ⑤⑥
سب نے کفر کیا	جہنم کی طرف	وہ سب اکٹھے کیے جائیں گے	تا کہ الگ الگ کر دے اللہ

الْخَبِيْثَ ⑦	مِنَ الطَّيِّبِ	وَيَجْعَلَ	الْخَبِيْثَ	بَعْضَهٗ	عَلٰى بَعْضٍ
ناپاک کو	پاک سے	اور وہ کر دے	ناپاک کو	اس کے بعض کو	بعض پر

فَيَرْكُمَهٗ	جَمِيْعًا	فَيَجْعَلَهٗ	فِيْ جَهَنَّمَ ط
پھر وہ ڈھیر بنا دے اُسے	اکٹھا	پھر وہ ڈال دے اُسے	جہنم میں

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔③ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

ع 4 9 18

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ع ﴿37﴾	وہی لوگ ہی خسارہ پانے والے ہیں۔ ع ﴿37﴾
قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	کہہ دیجیے اُن لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا
اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ	اگر وہ باز آ جائیں (تو) بخش دیا جائے گا اُن کو
مَّا قَدْ سَلَفَ ج وَ اِنْ يَّعُوْدُوْا	جو یقیناً گزر چکا ہے اور اگر وہ دوبارہ ایسا کریں گے
فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿38﴾	تو یقیناً گزر چکا ہے پہلے لوگوں کا طریقہ۔ ﴿38﴾
وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ	اور تم لڑو اُن سے یہاں تک کہ نہ رہے کوئی فتنہ (شرک)
وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ج	اور ہو جائے دین وہ سب اللہ کا
فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا	پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ (اس) کو جو
يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿39﴾	وہ عمل کر رہے ہیں خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿39﴾
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا	اور اگر وہ منہ موڑ لیں تو جان لو
اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ط	کہ بے شک اللہ ہی تمہارا کارساز ہے
نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿40﴾	بہترین کارساز اور بہترین مددگار ہے۔ ﴿40﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْخٰسِرُوْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
لِّلَّذِيْنَ : الحمدللہ، لہٰذا۔
كَفَرُوْٓا : کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
يَّنْتَهُوْا : نہی عن المنکر، منہیات، اوامر ونواہی۔
يُغْفَرْ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
سَلَفَ : سلف صالحین، اسلاف، سلفی علما۔
يَّعُوْدُوْا : اعادہ، عود کر آنا۔
مَضَتْ : زمانہ ماضی، ماضی قریب، ماضی بعید۔

سُنَّتُ : کتاب وسنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔
الْاَوَّلِيْنَ : اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ، اوّل وآخر۔
قَاتِلُوْهُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال، معمولِ زندگی۔
بَصِيْرٌ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
فَاعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
مَوْلٰىكُمْ : ولی، اولیاءِ کرام، ولایت، مولیٰ۔
النَّصِيْرُ : ناصر، نصیر، انصار، منصور، نصرت۔

ع 4 9 18

اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿37﴾ ① ع	قُلْ	لِّلَّذِيْنَ
وہی (لوگ)	ہی خسارہ پانے والے ہیں	آپ کہہ دیجیے	(اُن لوگوں) سے جن

كَفَرُوْٓا	اِنْ	يَّنْتَهُوْا	يُغْفَرْ ②	لَهُمْ	مَّا	قَدْ
سب نے کفر کیا	اگر	وہ سب باز آجائیں	(تو) بخش دیا جائے گا	اُن کو	جو	یقیناً

سَلَفَ ج	وَاِنْ	يَّعُوْدُوْا	فَقَدْ	مَضَتْ ③	سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ④ ﴿38﴾
گزر چکا ہے	اور اگر	وہ سب دوبارہ ایسا کریں گے	تو یقیناً	گزر چکا	پہلے لوگوں کا طریقہ

وَ	قَاتِلُوْهُمْ ⑤	حَتّٰى	لَا تَكُوْنَ ⑥	فِتْنَةٌ ⑥	وَّيَكُوْنَ ⑦
اور	تم سب لڑو اُن سے	یہاں تک کہ	نہ رہے	کوئی فتنہ (شرک)	اور ہو جائے

الدِّيْنُ	كُلُّهٗ	لِلّٰهِ ج	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	بِمَا
دین	وہ سب	اللہ کا	پھر اگر	وہ سب باز آجائیں	تو بیشک اللہ	(اس) کو جو

يَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ﴿39﴾	وَاِنْ	تَوَلَّوْا ⑧	فَاعْلَمُوْٓا
وہ سب عمل کر رہے ہیں	خوب دیکھنے والا ہے	اور اگر	وہ سب منہ موڑ لیں	تو تم سب جان لو

اَنَّ اللّٰهَ	مَوْلٰىكُمْ ط	نِعْمَ	الْمَوْلٰى	وَنِعْمَ	النَّصِيْرُ ﴿40﴾
کہ بیشک اللہ	تمہارا کارساز ہے	بہترین	کارساز	اور بہترین	مددگار ہے

ضروری وضاحت

① هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ سُنَّتُ کو عموماً ۃ کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ ⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑥ تَ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر آیت 17

"اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟"

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟۔“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

وَاعْلَمُوْٓا 10

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

بیت القرآن
لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿وَاعْلَمُوْٓا 10﴾ پارہ نمبر 10
مرتب	پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
ایڈیشن دوم اشاعت اول	اگست 2014
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون : 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115

فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111

ویب سائٹ : www.bait-ul-quran.org

ای میل : Info@bait-ul-quran.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوحِ محفوظ سے جبریل امینؑ کے ذریعے محمد رسول اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیرِ دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور و فکر آسان ہو اور راہِ عمل ہر ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علمُ الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم و فنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے مفتاح والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔

"مصباح القرآن" ترجمہ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں تاکہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر: بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہوجاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور وفکر کرنے پر مجبور کئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیات تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے تا کہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے دسویں پارے کا یہ پہلا ایڈیشن ہے جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیشِ نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یا رب العالمین!

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشؤون الإسلامیة والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودیة

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ	اورتم جان لو کہ بیشک (جو) تم نے غنیمت حاصل کی ہے
مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ	کسی چیز سے تو بے شک اللہ کے لیے ہے
خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ	اُس کا پانچواں حصہ اور (اسکے) رسول کے لیے ہے
وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى	اور قرابت والے اور یتیموں کے لیے
وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ	اور مسکینوں اور مسافروں (کے لیے ہے)
اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ	اگر ہو تم ایمان لائے اللہ پر
وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا	اور (اس پر) جو ہم نے اُتارا ہے اپنے بندے پر
يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ	فیصلے کے دن (جس) دن باہم ملیں دو جماعتیں
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿41﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿41﴾
اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا	جب (تھے) تم قریبی کنارے پر
وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى	اور وہ (تمہارے دشمن) دور کے کنارے پر (تھے)
وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ	اور قافلہ نیچے (کی طرف) تھا تم سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعْلَمُوْٓا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم انسانیت۔	اَنْزَلْنَا	: نازل، نزول، شان نزول۔
غَنِمْتُمْ	: غنیمت، مال غنیمت، غنیمتیں۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
شَيْءٍ	: شے، اشیائے خورونوش۔	عَبْدِنَا	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
الْقُرْبٰى	: قریب، قربت، مقرب، تقرب۔	الْفُرْقَانِ	: فرق، تفریق، فاروق اعظم۔
ابْنِ	: ابن، متبنی، ابن الوقت۔	الْتَقَى	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
السَّبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الْجَمْعٰنِ	: جمع، جماعت، جامع، مجموعہ۔
اٰمَنْتُمْ	: ایمان، امن، مؤمن۔	قَدِيْرٌ	: قادر، قدیر، قدرت۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	الدُّنْيَا	: دنیا و آخرت، دین و دنیا، دنیاداری۔

وَاعْلَمُوْٓا ①	اَنَّمَا	غَنِمْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ ②	فَاَنَّ
اور تم سب جان لو	کہ بیشک جو	تم نے غنیمت حاصل کی ہے	کسی چیز سے	تو بیشک

لِلّٰهِ	خُمُسَهٗ	وَلِلرَّسُوْلِ	وَ	لِذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى
اللہ کیلئے	اُس کا پانچواں (حصہ ہے)	اور رسول کیلئے	اور	قرابت والے کیلئے	اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ ③	وَ	ابْنِ السَّبِيْلِ ۙ	اِنْ	كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ ④
اور مسکینوں	اور	مسافروں (کے لیے ہے)	اگر	ہو تم ایمان لائے

بِاللّٰهِ	وَمَآ	اَنْزَلْنَا	عَلٰى عَبْدِنَا	يَوْمَ الْفُرْقَانِ
اللہ پر	اور جو	ہم نے اُتارا ہے	اپنے بندے پر	فیصلے کے دن

يَوْمَ	الْتَقَى	الْجَمْعٰنِ ؕ	وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
(جس) دن	باہم ملیں	دو جماعتیں	اور اللہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ⑤ (41)	اِذْ	اَنْتُمْ	بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا ⑥	وَهُمْ
خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	جب	تم	قریبی کنارے پر	اور وہ

بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى ⑥	وَ	الرَّكْبُ	اَسْفَلَ ⑦	مِنْكُمْ ؕ
دور کے کنارے پر	اور	قافلہ	نیچے تھا	تم سے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔② تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یْنِ جمع کی علامت نہیں بلکہ یہ نون اصل لفظ کا حصہ ہے۔④ کُنْتُمْ اور اٰمَنْتُمْ میں دونوں تُمْ کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑤ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔⑥ ة اور ـٰی مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ	اور اگر تم ایک دوسرے سے وعدہ کرتے
لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ	(تو) ضرور تم اختلاف کرتے وقت مقرر میں
وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ	اور لیکن (اللہ نے تمہیں اکٹھا کر دیا) تا کہ پورا کر دے اللہ
اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ۬	اس کام کو (جو) تھا کیا جانے والا
لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ	تا کہ ہلاک ہو جو ہلاک ہو واضح دلیل سے
وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ	اور زندہ رہے جو زندہ رہے واضح دلیل سے
وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ (42)	اور بیشک اللہ یقیناً خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ (42)
اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ	جب اللہ دکھا رہا تھا آپ کو وہ (کافر)
فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ	آپ کے خواب میں تھوڑے
وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا	اور اگر وہ دکھلاتا آپ کو اُنہیں زیادہ
لَّفَشِلْتُمْ	(تو) ضرور تم ہمت ہار جاتے
وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ	اور ضرور تم آپس میں جھگڑتے (اس) معاملے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَوَاعَدْتُّمْ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
لَاخْتَلَفْتُمْ : اختلاف، مختلف، اختلافات۔
الْمِيْعٰدِ : میعاد، میعادی بخار۔
لِّيَقْضِيَ : قضا، قاضی۔
اَمْرًا : امر، آمر، مامور، امارت۔
مَفْعُوْلًا : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
لِّيَهْلِكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
بَيِّنَةٍ : دلیل بین، مبینہ طور پر۔

يَحْيٰى ، حَيَّ : حیات، احیائے دین۔
لَسَمِيْعٌ : سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يُرِيْكَهُمُ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
قَلِيْلًا : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
كَثِيْرًا : کثیر، کثرت، اکثر، اکثریت۔
لَتَنَازَعْتُمْ : تنازع، متنازع علاقہ، باعث نزاع۔
الْاَمْرِ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔

وَلَوْ	تَوَاعَدْتُّمْ ①	لَاخْتَلَفْتُمْ ②	فِي الْمِيْعٰدِ ۙ
اور اگر	تم آپس میں وعدہ کرتے	ضرور تم اختلاف کرتے	وقت مقرر میں

وَ	لٰكِنْ	لِّيَقْضِيَ ③	اللّٰهُ ④	اَمْرًا	كَانَ
اور	لیکن	تاکہ پورا کردے	اللہ	(اس) کام کو	(جو) تھا

مَفْعُوْلًا ۙ ⑤	لِّيَهْلِكَ ③	مَنْ	هَلَكَ	عَنْۢ بَيِّنَةٍ ⑥
کیا جانے والا	تاکہ ہلاک ہو	جو	ہلاک ہو	واضح دلیل سے

وَّيَحْيٰى	مَنْ	حَيَّ	عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ ⑥	وَاِنَّ	اللّٰهَ
اور وہ زندہ رہے	جو	زندہ رہے	واضح دلیل سے	اور بے شک	اللہ

لَسَمِيْعٌ ②⑦	عَلِيْمٌ ۙ ⑦ (42)	اِذْ	يُرِيْكَهُمُ	اللّٰهُ ④
یقیناً خوب سننے والا	خوب جاننے والا (ہے)	جب	وہ دکھا رہا تھا آپ کو اُنہیں	اللہ

فِيْ مَنَامِكَ	قَلِيْلًا ۭ	وَلَوْ	اَرٰىكَهُمْ	كَثِيْرًا
آپ کے خواب میں	تھوڑے	اور اگر	وہ دکھلاتا آپ کو اُنہیں	زیادہ

لَّفَشِلْتُمْ ②	وَ	لَتَنَازَعْتُمْ ①②	فِي الْاَمْرِ
ضرور تم ہمت ہار جاتے	اور	ضرور تم آپس میں جھگڑتے	معاملے میں

ضروری وضاحت

① علامت تَ اور ا میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔② شروع میں علامت لَ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یہاں علامت یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑤ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
⑦ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ	اور لیکن اللہ نے سلامت رکھا، بے شک وہ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿43﴾	خوب جاننے والا ہے سینوں والی (بات) کو۔ ﴿43﴾
وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ	اور جب وہ دکھلا رہا تھا تمہیں اُن (کافروں) کو
اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا	جب تم باہم ملے، تمہاری آنکھوں میں تھوڑے
وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ	اور وہ کم دکھلا رہا تھا تمہیں اُن کی آنکھوں میں
لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا	تاکہ پورا کردے اللہ (اُس) کام کو
كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَاِلَى اللّٰهِ	(جو) تھا کیا جانے والا، اور اللہ کی طرف
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿44﴾ ع	لوٹائے جاتے ہیں تمام معاملات۔ ﴿44﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو!
اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً	جب ٹکراؤ کسی گروہ سے
فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ	تو تم ثابت قدم رہو اور یاد کرو اللہ تعالیٰ کو
كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿45﴾ ج	بہت زیادہ تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ ﴿45﴾

ع 7/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَلَّمَ : سلام، سلامتی، سلامت۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم انسانیت۔
الصُّدُوْرِ : شرح صدر، شق صدر، صدر مقام۔
يُرِيْكُمُوْهُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
الْتَقَيْتُمْ، لَقِيْتُمْ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
اَعْيُنِكُمْ : عین سامنے، بعینہ، عینی شاہد۔
قَلِيْلًا : قلیل، قلت، الاقلیل۔
لِيَقْضِيَ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
اَمْرًا، الْاُمُوْرُ : امر، آمر، مامور۔
مَفْعُوْلًا : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
تُرْجَعُ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
فَاثْبُتُوْا : ثابت قدم، ثبوت، مثبت، اثبات۔
اذْكُرُوا : ذکر، ذاکر، تذکرہ، مذکورہ۔
كَثِيْرًا : کثرت، کثیر، اکثر۔
تُفْلِحُوْنَ : فلاح و بہبود، فلاحی ادارے۔

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	سَلَّمَ ط	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ ①	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (43)
اور لیکن	اللہ نے	سلامت رکھا	بیشک وہ	خوب جاننے والا	سینوں والی (بات) کو

وَاِذْ	يُرِيْكُمُوْهُمْ ②	اِذِ	الْتَقَيْتُمْ ③	فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ
اور جب	وہ دکھلا رہا تھا تمہیں اُن (کافروں) کو	جب	تم باہم ملے	تمہاری آنکھوں میں

قَلِيْلًا	وَّ	يُقَلِّلُكُمْ	فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ	لِيَقْضِيَ ④
تھوڑے	اور	وہ کم دکھلا رہا تھا تمہیں	اُن کی آنکھوں میں	تاکہ پورا کردے

اللّٰهُ	اَمْرًا	كَانَ	مَفْعُوْلًا ط	وَ	اِلَى اللّٰهِ
اللہ	(اُس) کام کو	(جو) تھا	کیا جانے والا	اور	اللہ کی طرف

ع 5/7/1

تُرْجَعُ ⑤⑥	الْاُمُوْرُ (44) ع	يٰٓاَيُّهَا ⑦	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
لوٹائے جاتے ہیں	(تمام) معاملات	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

اِذَا	لَقِيْتُمْ	فِئَةً ⑤	فَاثْبُتُوْا	وَ
جب	تم ٹکراؤ	کسی گروہ سے	تو تم سب ثابت قدم رہو	اور

اذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑧ ج (45)
تم سب یاد کرو	اللہ تعالیٰ کو	بہت زیادہ	تاکہ تم سب فلاح پا جاؤ

ضروری وضاحت

①اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔② كُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو درمیان میں وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔③ تَ میں کبھی باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ تَ اور ةً واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑧ كُمْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اورتم اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی
وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا	اور مت آپس میں جھگڑو، ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤ گے
وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ	اور جاتی رہے گی تمہاری ہوا اور تم صبر کرو
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ﴿46﴾	بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔﴿46﴾
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا	اور نہ تم ہوجاؤ (ان لوگوں) کی طرح جو نکلے
مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا	اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے
وَّرِئَآءَ النَّاسِ	اور لوگوں کو دکھلاوا کرتے ہوئے
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اور وہ روکتے تھے اللہ کے راستے سے
وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿47﴾	اور اللہ اسکو جو وہ عمل کرتے ہیں گھیرنیوالا ہے۔﴿47﴾
وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ	اور جب مزین کردیے اُن کے لیے شیطان نے
اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ	اُن کے اعمال اور کہا نہیں کوئی غالب آنے والا
لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ	تم پر آج کے دن لوگوں میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَطِيْعُوا : اطاعت، مطیع، تابع فرماں۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَنَازَعُوْا : تنازع، متنازع، تنازعات۔
رِيْحُكُمْ : ریح بادی۔
اصْبِرُوْا، الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔
خَرَجُوْا : خارج، خروج، اخراج، مخرج۔
دِيَارِهِمْ : دارالامن، دارالکتب، دیارغیر۔

رِئَآءَ : ریاکاری، رویت ہلال کمیٹی۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
مُحِيْطٌ : احاطہ، محیط۔
زَيَّنَ : زینت، مزین، تزیین وآرائش۔
اَعْمَالَهُمْ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
غَالِبَ : غالب، مغلوب، غلبہ۔
الْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔

وَاَطِيْعُوا ①	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَلَا	تَنَازَعُوْا ②③
اور تم سب اطاعت کرو	اللہ کی	اور اُس کے رسول کی	اور مت	تم سب آپس میں جھگڑو

فَتَفْشَلُوْا	وَ	تَذْهَبَ ④	رِيْحُكُمْ	وَاصْبِرُوْا ① ط
ورنہ تم سب کم ہمت ہوجاؤ گے	اور	جاتی رہے گی	تمھاری ہوا	اور تم سب صبر کرو

اِنَّ اللّٰهَ	مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ج (46)	وَ	لَا تَكُوْنُوْا ②	كَالَّذِيْنَ
بیشک اللہ	سب صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے	اور	نہ تم سب ہوجاؤ	(اُن لوگوں) کی طرح جو

خَرَجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ	بَطَرًا	وَّ	رِئَآءَ النَّاسِ	وَ
سب نکلے	اپنے گھروں سے	اکڑتے ہوئے	اور	لوگوں کو دکھلاوا کرتے ہوئے	اور

يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط	وَاللّٰهُ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ
وہ سب روکتے تھے	اللہ کے راستے سے	اور اللہ	(اس) کو جو	وہ سب کرتے ہیں

مُحِيْطٌ ⑤ (47)	وَاِذْ	زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ
گھیرنے والا ہے	اور جب	مزین کردیے	اُن کے لیے	شیطان نے	اُن کے اعمال

وَقَالَ	لَا غَالِبَ ⑥	لَكُمُ	الْيَوْمَ	مِنَ النَّاسِ
اور اُس نے کہا	کوئی نہیں غالب آنے والا	تم پر	آج کے دن	لوگوں میں سے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ شروع میں تَ اور درمیان میں ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑥ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَاِنِّیْ جَارٌ لَّکُمْ ۚ	اور بیشک میں حمایتی ہوں تمہارا
فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ	پھر جب ایک دوسرے کو دیکھ لیا دونوں جماعتوں نے
نَکَصَ عَلٰی عَقِبَیْهِ	(تو) وہ (شیطان) واپس پلٹا اپنی ایڑیوں پر
وَقَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْکُمْ	اور کہا بیشک میں بے زار ہوں تم سے
اِنِّیْٓ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ	بیشک میں دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے
اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ	بیشک میں ڈرتا ہوں اللہ سے
وَاللّٰهُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ع (48)	اور اللہ بہت سخت عذاب والا ہے۔ ع (48)
اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ	جب کہہ رہے تھے منافق
وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ	اور وہ لوگ جو (کہ) اُن کے دلوں میں بیماری تھی
غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِیْنُهُمْ ؕ	دھوکہ دیا ہے ان (لوگوں) کو اُن کے دین نے
وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ	اور جو (کوئی) بھروسا کرے اللہ پر
فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ (49)	تو بیشک اللہ نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ (49)

ع 6 4 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَرَآءَتِ، تَرَوْنَ	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی، غیر مرئی۔	الْعِقَابِ	عقوبت خانہ۔
عَلٰی	علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	الْمُنٰفِقُوْنَ	منافق، منافقت، نفاق۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	قُلُوْبِهِمْ	قلب اطہر، قلبی تعلق، قلبی امراض۔
بَرِیْٓءٌ	بری، براءت، بری الذمہ، مبرّا۔	مَّرَضٌ	مرض، امراض، مریض۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماورائے آئین۔	غَرَّ	غرور، مغرور۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	دِیْنُهُمْ	دین حنیف، دین و دنیا، دین و دانش۔
اَخَافُ	خوف، خائف۔	یَّتَوَکَّلْ	توکل، متوکل علی اللہ۔
شَدِیْدُ	شدید، شدت، اشد۔	حَکِیْمٌ	حکیم، حکمت۔

وَ اِنِّیْ	جَارٌ	لَّكُمْ ج	فَلَمَّا	تَرَآءَتِ ①②	الْفِئَتٰنِ ③
اور بیشک میں	حمایتی ہوں	تمہارے لیے	پھر جب	ایک دوسرے کو دیکھ لیا	دونوں جماعتوں نے

نَكَصَ	عَلٰى عَقِبَيْهِ ④	وَ	قَالَ	اِنِّیْ	بَرِیْٓءٌ
(تو) واپس پلٹا (شیطان)	اپنی ایڑیوں پر	اور	کہا	بیشک میں	بےزار ہوں

مِّنْكُمْ	اِنِّیْٓ اَرٰى ⑤	مَا	لَا تَرَوْنَ	اِنِّیْٓ اَخَافُ ⑤
تم سے	بیشک میں دیکھ رہا ہوں	جو	نہیں تم سب دیکھ رہے	بیشک میں ڈرتا ہوں

ع 6 4 2

اللّٰهَ ط	وَاللّٰهُ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ع (48)	اِذْ	يَقُوْلُ ⑥
اللہ سے	اور اللہ	بہت سخت ہے	عذاب والا	جب	کہہ رہے تھے

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	فِیْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
سب منافق	اور	(وہ لوگ) جو (کہ)	اُن کے دلوں میں	بیماری تھی

غَرَّ	هٰٓؤُلَآءِ	دِيْنُهُمْ ط	وَمَنْ	يَّتَوَكَّلْ ⑥⑦
دھوکہ دیا ہے	ان (لوگوں) کو	ان کے دین نے	اور جو	بھروسا کرے

عَلَى اللّٰهِ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ ⑧	حَكِيْمٌ ⑧ (49)
اللہ پر	تو بےشک	اللہ	نہایت غالب	بہت حکمت والا

ضروری وضاحت

①اس فعل میں موجود تا اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔②تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔③اسم کے آخر میں اٰنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اپنا، اپنی، اپنے بھی ہوتا ہے۔⑤یْ اور اَ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔⑥یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦علامت یَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑧اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَلَوۡ تَرٰۤی اِذۡ یَتَوَفَّی	اور کاش آپ دیکھیں جب جان قبض کرتے ہیں
الَّذِیۡنَ کَفَرُوا ۙ	(اُن لوگوں کی) جنہوں نے کفر کیا
الۡمَلٰٓئِکَۃُ یَضۡرِبُوۡنَ	فرشتے، وہ مارتے ہیں
وُجُوۡهَهُمۡ وَاَدۡبَارَهُمۡ ۚ	اُن کے چہروں پر اور اُن کی پیٹھوں پر
وَذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِیۡقِ ﴿50﴾	اور (کہتے ہیں) چکھو جلنے کا عذاب۔ ﴿50﴾
ذٰلِکَ بِمَا قَدَّمَتۡ	یہ اس وجہ سے ہے جو آگے بھیجا ہے
اَیۡدِیۡکُمۡ وَاَنَّ اللّٰهَ لَیۡسَ	تمہارے ہاتھوں نے اور یہ کہ بیشک اللہ نہیں ہے
بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِیۡدِ ﴿51﴾ ۙ	بالکل ظلم کرنیوالا (اپنے) بندوں پر۔ ﴿51﴾
کَدَاۡبِ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ ۙ	(ان کا وہی حال ہوا) جیسے حال ہوا تھا آلِ فرعون کا
وَالَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	اور (اُن لوگوں کا) جو اُن سے پہلے تھے
کَفَرُوۡا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ	اُنہوں نے انکار کیا اللہ کی آیات کا
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوۡبِهِمۡ ؕ	تو پکڑ لیا اُنہیں اللہ نے اُن کے گناہوں کے سبب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَرٰۤی : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	قَدَّمَتۡ : قدم، اقدام، مقدم، تقدیم۔
یَتَوَفَّی : فوت، وفات، فوتگی۔	اَیۡدِیۡکُمۡ : ید بیضاء، ید طولیٰ، ذوالیدین۔
کَفَرُوا : کفر، کافر، کفار۔	بِظَلَّامٍ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الۡمَلٰٓئِکَۃُ : ملک الموت، ملائکہ۔	لِّلۡعَبِیۡدِ : عبد، عبادت، عابد، معبود۔
یَضۡرِبُوۡنَ : ضرب کاری، ضرب مؤمن، مضروب۔	اٰلِ : آل یاسر، آل اولاد۔
وُجُوۡهَهُمۡ : متوجہ، علی وجہ البصیرت۔	مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَدۡبَارَهُمۡ : دُبر۔	کَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
ذُوۡقُوۡا : ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔	فَاَخَذَهُمۡ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

وَلَوْ	تَرٰٓى	اِذْ	يَتَوَفَّى ①	الَّذِيْنَ
اور کاش	آپ دیکھیں	جب	جان قبض کرتے ہیں	(اُن لوگوں کی) جن

كَفَرُوا لا	الْمَلٰٓئِكَةُ ②	يَضْرِبُوْنَ	وُجُوْهَهُمْ ③	وَاَدْبَارَهُمْ ③ ج
سب نے کفر کیا	فرشتے	وہ سب مارتے ہیں	اُن کے چہروں پر	اور اُن کی پیٹھوں پر

وَ	ذُوْقُوْا	عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿50﴾	ذٰلِكَ ④	بِمَا ⑤
اور	تم سب چکھو	جلنے کا عذاب	یہ	(اس) وجہ سے ہے جو

قَدَّمَتْ ⑥	اَيْدِيْكُمْ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ
آگے بھیجا ہے	تمہارے ہاتھوں نے	اور	یہ کہ بے شک	اللہ

لَيْسَ	بِظَلَّامٍ ⑦	لِّلْعَبِيْدِ ﴿51﴾ لا	كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ لا
نہیں ہے	ظلم کرنیوالا	بندوں پر	جیسے حال ہوا تھا	آل فرعون کا

وَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ ط	كَفَرُوْا
اور	(اُن لوگوں کا) جو	اُن سے پہلے تھے	اُن سب نے انکار کیا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ⑤	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ ③ ط
اللہ کی آیات کا	تو پکڑ لیا اُنہیں	اللہ نے	اُن کے گناہوں کے سبب

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے اور تہ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ③ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ تْ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿52﴾	بیشک اللہ نہایت طاقتور سخت عذاب والا ہے۔ ﴿52﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ	یہ اس وجہ سے ہے کہ بیشک اللہ
لَمْ یَكُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً	نہیں ہے بدلنے والا کسی نعمت کو
اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ	(جو) اُس نے انعام کی ہو اُسے کسی قوم پر
حَتّٰى یُغَیِّرُوْا	یہاں تک کہ وہ بدل دیں
مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ	جو اُن کے دلوں میں ہے اور بیشک اللہ
سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۙ﴿53﴾	خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔ ﴿53﴾
كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ	(ان کا وہی حال ہوا) جیسا کہ حال ہوا آلِ فرعون کا
وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	اور اُن لوگوں کا جو اُن سے پہلے تھے
كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ	اُنہوں نے جھٹلایا اپنے رب کی آیات کو
فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ	تو ہم نے ہلاک کر دیا اُنہیں اُنکے گناہوں کے سبب
وَاَغْرَقْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ	اور ہم نے غرق کر دیا آلِ فرعون کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَوِیٌّ : قوی، مقوی، قوت۔
شَدِیْدُ : شدید، اشد، شدت۔
الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
مُغَیِّرًا، یُغَیِّرُوْا : تغیر وتبدل، متغیر۔
نِّعْمَةً، اَنْعَمَهَا : انعام، نعمت، منعم حقیقی۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
بِاَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔

سَمِیْعٌ : سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔
عَلِیْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
كَدَاْبِ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
اٰلِ : آل واولاد، آل رسول، آل یاسر۔
قَبْلِهِمْ : قبل از غذا، چند دن قبل۔
كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کاذب، کذاب، تکذیب۔
فَاَهْلَكْنٰهُمْ : ہلاک، ہلاکت، مہلک۔
اَغْرَقْنَاۤ : غرق، غرقاب۔

اِنَّ	اللّٰهَ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ﴿52﴾	ذٰلِكَ ①
بیشک	اللہ	نہایت طاقتور	(اور) سخت	عذاب والا ہے	یہ

بِاَنَّ	اللّٰهَ	لَمْ يَكُ ②	مُغَيِّرًا ③	نِّعْمَةً ④
(اس) وجہ سے ہے کہ بیشک	اللہ	نہیں ہے	بدلنے والا	کسی نعمت کو

اَنْعَمَهَا	عَلٰى قَوْمٍ ④	حَتّٰى	يُغَيِّرُوْا	مَا
(جو) اُس نے انعام کی ہو اُسے	کسی قوم پر	یہاں تک کہ	وہ سب بدل دیں	جو

بِاَنْفُسِهِمْ لا	وَاَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ ⑤	عَلِيْمٌ ⑤ لا ﴿53﴾
اُن کے دلوں میں ہے	اور بے شک	اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا

كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ لا	وَ	الَّذِيْنَ
(ان کا وہی حال ہوا) جیسا کہ حال ہوا	آل فرعون کا	اور	(اُن لوگوں کا) جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ط	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ ⑥	فَاَهْلَكْنٰهُمْ ⑦
اُن سے پہلے تھے	اُن سب نے جھٹلایا	اپنے رب کی آیات کو	تو ہم نے ہلاک کر دیا اُنہیں

بِذُنُوْبِهِمْ	وَ	اَغْرَقْنَآ ⑦	اٰلَ فِرْعَوْنَ ج
اُن کے گناہوں کے سبب	اور	ہم نے غرق کر دیا	آلِ فرعون کو

ضروری وضاحت

①ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ②لَمْ يَكُ اصل میں لَمْ يَكُنْ تھا آخر سے نْ تخفیف کے لیے گر گیا ہے اور یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ۃ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿54﴾	اور (وہ) سب ظلم کرنے والے تھے۔ ﴿54﴾
اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ	بیشک (سب) جانداروں سے بُرے اللہ کے نزدیک
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	(وہ لوگ ہیں) جنہوں نے کفر کیا
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿55﴾	سو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿55﴾
اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ	جن سے آپ نے (صلح کا) عہد لیا ہے اُن میں سے
ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ	پھر وہ توڑ دیتے ہیں اپنے عہد کو
فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿56﴾	ہر بار اور وہ نہیں ڈرتے۔ ﴿56﴾
فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ	پس اگر (کبھی) ضرور تم پاؤ اُنہیں جنگ میں
فَشَرِّدْ بِهِمْ	تو (اُنہیں ایسی سزا دو کہ) بھگا دو اُن کے ذریعے
مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿57﴾	(اُنہیں) جو اُنکے پیچھے ہیں تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ﴿57﴾
وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً	اور اگر آپ واقعتاً ڈریں کسی قوم کی خیانت (بدعہدی) پر
فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ	تو پھینک دیں اُن کی طرف (انکا عہد) مساوی طور پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
شَرَّ : شر، شریر، شرارت۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
عٰهَدْتَّ : عہد، معاہدہ، عہد و پیمان۔
مِنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يَنْقُضُوْنَ : نقض عہد، نقضِ امن۔

يَتَّقُوْنَ : متقی، تقویٰ۔
الْحَرْبِ : دارالحرب، حربی آلات۔
خَلْفَهُمْ : خلف، ناخلف، خلف الرشید، خلیفہ۔
يَذَّكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، مذکورہ، تذکرہ۔
تَخَافَنَّ : خوف، خائف۔
خِيَانَةً : خیانت، خائن۔
اِلَيْهِمْ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
سَوَآءٍ : مساوی، مساوات۔

وَكُلُّ	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ① (54)	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ
اور (وہ) سب	تھے سب ظلم کرنیوالے	بیشک	بُرے	سب جانداروں سے

عِنْدَ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ② (55) ج
اللہ کے نزدیک	(وہ لوگ ہیں) جن	سب نے کفر کیا	سو وہ	نہیں وہ سب ایمان لائیں گے

اَلَّذِيْنَ	عٰهَدْتَّ	مِنْهُمْ	ثُمَّ	يَنْقُضُوْنَ
جن سے	آپ نے (صلح کا) عہد لیا ہے	اُن میں سے	پھر	وہ سب توڑ دیتے ہیں

عَهْدَهُمْ	فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ ③	وَّ	هُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ②④ (56)	فَاِمَّا
اپنے عہد کو	ہر بار	اور	نہیں وہ سب ڈرتے	پس اگر

تَثْقَفَنَّهُمْ ⑤	فِي الْحَرْبِ	فَشَرِّدْ	بِهِمْ	مَّنْ
ضرور تم پاؤ اُنہیں	جنگ میں	تو بھگا دو	اُن کے ذریعے اُنہیں	جو

خَلْفَهُمْ	لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ④ (57)	وَاِمَّا	تَخَافَنَّ ⑤
اُن کے پیچھے ہیں	تا کہ وہ سب نصیحت پکڑیں	اور اگر	آپ واقعتاً ڈریں

مِنْ قَوْمٍ ⑥	خِيَانَةً ③	فَانْۢبِذْ ⑦	اِلَيْهِمْ	عَلٰى سَوَآءٍ ط
کسی قوم سے	خیانت پر	تو پھینک دیں	اُن کی طرف	مساوی طور پر

ضروری وضاحت

① یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ③ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑤ فعل کے آخر میں نّ تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

ع 7/10 3

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ع ﴿58﴾	بیشک اللہ نہیں پسند کرتا خیانت کرنے والوں کو۔ ع ﴿58﴾
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ	اور نہ ہرگز گمان کریں وہ لوگ جنھوں نے
كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ	کفر کیا (کہ بچ کر) وہ نکل گئے،
اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿59﴾	بیشک وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کرسکتے۔ ﴿59﴾
وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ	اور تیار کرو اُن کے لیے جتنی تم استطاعت رکھتے ہو
مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ	قوت سے اور بندھے ہوئے گھوڑوں سے
تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ	(کہ) تم ڈراتے رہو اس سے اللہ کے دشمن کو
وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ	اور اپنے دشمن کو اور کچھ دوسروں کو اُن کے علاوہ
لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ	(کہ) نہیں تم جانتے ہو اُنہیں، اللہ جانتا ہے اُنہیں
وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور جو تم خرچ کرو کسی چیز سے اللہ کے راستے میں
يُوَفَّ اِلَيْكُمْ	(تو) پورا لوٹا دیا جائے گا تمھاری طرف (اس کا اجر)
وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿60﴾	اس حال میں کہ تم ظلم نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿60﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : حب، حبیب، محب، محبت۔	تُرْهِبُوْنَ : راہب، رہبانیت، ترغیب وترہیب۔
الْخَآئِنِيْنَ : خیانت، خائن۔	عَدُوَّ : عدو، عداوت۔
سَبَقُوْا : سبقت لے جانا، سابقہ، مسابقت۔	اٰخَرِيْنَ : آخری، اخروی زندگی، فکر آخرت۔
يُعْجِزُوْنَ : عاجز، عجز وانکساری۔	تَعْلَمُوْنَهُمْ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اَعِدُّوْا : مستعد، استعداد۔	تُنْفِقُوْا : انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔
مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اسْتَطَعْتُمْ : استطاعت۔	يُوَفَّ : وعدہ وفا، ایفائے عہد۔
رِّبَاطِ : ربط، رابطہ، مربوط۔	تُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

ع 7 10 3

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ ①	الْخَآئِنِيْنَ ع (58)	وَلَا	يَحْسَبَنَّ ①
بے شک اللہ	نہیں وہ پسند کرتا	سب خیانت کرنیوالوں کو	اور نہ	ہرگز گمان کریں

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	سَبَقُوْا ط	اِنَّهُمْ	لَا يُعْجِزُوْنَ ② (59)
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	(کہ بچ کر) وہ سب نکل گئے	بیشک وہ	نہیں وہ سب عاجز کر سکتے

وَاَعِدُّوْا ③	لَهُمْ	مَّا	اسْتَطَعْتُمْ	مِّنْ قُوَّةٍ ④	وَّ
فِىۡ مَوَاطِنَ كَثِيۡرَةٍ ۙ وَّيَوۡمَ حُنَيۡنٍ ۙ — بہت سی جگہوں میں اور حنین کے دن (بھی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اٰبَآؤُكُمۡ : آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
اَبۡنَآؤُكُمۡ : ابن، متبنّٰی، ابن الوقت، ابن قاسم۔
اِخۡوَانُكُمۡ : اخوت، معاہدۂ مواخات۔
اَزۡوَاجُكُمۡ : زوجہ، ازدواجی زندگی۔
تِجَارَةٌ : تاجر، تجارت۔
تَخۡشَوۡنَ : خشیت الٰہی (ڈر)۔
كَسَادَهَا : کساد بازاری۔

مَسٰكِنُ : ساکن، سکون، مسکن، سکنہ۔
تَرۡضَوۡنَهَا : رضائے الٰہی، راضی، مرضی۔
بِاَمۡرِهٖ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔
يَهۡدِى : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
الۡفٰسِقِيۡنَ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
نَصَرَكُمۡ : ناصر، نصرت، انصار۔
مَوَاطِنَ : وطن عزیز، آبائی وطن۔
كَثِيۡرَةٍ : کثیر، کثرت، اکثر، اکثریت۔

قُلْ①	اِنْ	كَانَ	اٰبَآؤُكُمْ②	وَ اَبْنَآؤُكُمْ②	وَ اِخْوَانُكُمْ②
کہہ دیجیے	اگر	ہیں	تمہارے باپ	اور تمہارے بیٹے	اور تمہارے بھائی

وَ	اَزْوَاجُكُمْ②③	وَ	عَشِيْرَتُكُمْ②	وَ اَمْوَالُ	اقْتَرَفْتُمُوْهَا④
اور	تمہاری بیویاں	اور	تمہارا خاندان	اور (وہ) مال	(کہ) تم نے کمایا ہے اُن کو

وَ	تِجَارَةٌ⑤	تَخْشَوْنَ	كَسَادَهَا	وَ	مَسٰكِنُ
اور	تجارت	(کہ) تم سب ڈرتے ہو	اُس کے مندا پڑ جانے سے	اور	(وہ) گھر (کہ)

تَرْضَوْنَهَآ	اَحَبَّ⑥	اِلَيْكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ
تم سب پسند کرتے ہو اُنہیں	زیادہ محبوب ہیں	تمہاری طرف	اللہ سے	اور	اُس کے رسول

وَجِهَادٍ	فِيْ سَبِيْلِهٖ	فَتَرَبَّصُوْا	حَتّٰى	يَاْتِيَ اللّٰهُ⑦
اور جہاد کرنے (سے)	اُس کے راستے میں	تو تم سب انتظار کرو	یہاں تک کہ	لے آئے اللہ

ع 3/8/9

بِاَمْرِهٖ ط	وَاللّٰهُ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (24) ع	لَقَدْ
اپنے حکم کو	اور اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	سب نافرمانی کرنیوالے لوگوں کو	البتہ یقیناً

نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ	فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ⑤ لا	وَّ	يَوْمَ حُنَيْنٍ لا
مدد کی تمہاری	اللہ نے	بہت سی جگہوں میں	اور	حنین کے دن (بھی)

ضروری وضاحت

① قُلْ قول سے بنا ہے، پڑھنے میں آسانی کے لیے و کو گرا دیا گیا ہے۔② كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔③ زوج کی نسبت مذکر کی طرف ہو تو اس کا ترجمہ بیویاں اور اگر مؤنث کی طرف ہو تو ترجمہ شوہر کیا جاتا ہے۔④ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔⑤ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ	جب خوش فہمی میں ڈال دیا تھا تمہیں تمہاری کثرت نے
فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا	پس نہ کام آئی تمہارے کچھ بھی
وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ	اور تنگ ہوگئی تم پر زمین
بِمَا رَحُبَتْ	اس کے باوجود کہ وہ فراخ تھی
ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿25﴾	پھر تم لوٹے پیٹھ پھیر کر۔ ﴿25﴾
ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ	پھر اللہ نے نازل کی اپنی سکینت
عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	اپنے رسول پر اور مومنوں پر
وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا	اور اس نے نازل کیے (ایسے) لشکر (کہ)
لَّمْ تَرَوْهَا	نہیں تم نے دیکھا اُنہیں
وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور عذاب دیا (اُن لوگوں کو) جنہوں نے کفر کیا
وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿26﴾	اور یہی سزا ہے کافروں کی۔ ﴿26﴾
ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	پھر رجوع کرے گا اللہ اس کے بعد

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْجَبَتْكُمْ	عجیب، تعجب، عجب۔	مُّدْبِرِيْنَ	دبر (پیچھے)۔
كَثْرَتُكُمْ	کثرت، کثیر، اکثر، اکثریت۔	اَنْزَلَ	نازل، نزول، شان نزول۔
تُغْنِ	غنی، مستغنی، اغنیاء۔	سَكِيْنَتَهٗ	سکینت، سکون، تسکین۔
شَيْـًٔا	شے، اشیائے خورد ونوش۔	الْمُؤْمِنِيْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
ضَاقَتْ	ضیق النفس، مضائقہ۔	تَرَوْهَا	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔
الْاَرْضُ	ارض وسما، قطعہ ارض، اراضی۔	جَزَآءُ	جزائے خیر، جزاک اللہ، جزا وسزا۔
بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	يَتُوْبُ	توبہ، تائب۔

اِذۡ	اَعۡجَبَتۡكُمۡ ①	كَثۡرَتُكُمۡ	فَلَمۡ	تُغۡنِ ①
جب	خوش فہمی میں ڈال دیا تھا تمہیں	تمہاری کثرت نے	پس نہ	کام آئی

عَنۡكُمۡ ②	شَيۡـًٔا	وَّ	ضَاقَتۡ ①	عَلَيۡكُمُ	الۡاَرۡضُ	بِمَا
تمہارے	کچھ بھی	اور	تنگ ہوگئی	تم پر	زمین	اس کے باوجود کہ

رَحُبَتۡ ①	ثُمَّ	وَلَّيۡتُمۡ	مُّدۡبِرِيۡنَ ﴿25﴾ ج	ثُمَّ	اَنۡزَلَ ③
وہ فراخ تھی	پھر	تم لوٹے	سب پیٹھ پھیر کر	پھر	نازل کی

اللّٰهُ	سَكِيۡنَتَهٗ	عَلٰى رَسُوۡلِهٖ	وَ	عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	وَ
اللہ نے	اپنی سکینت	اپنے رسول پر	اور	سب مومنوں پر	اور

اَنۡزَلَ ③	جُنُوۡدًا	لَّمۡ تَرَوۡهَا ④	وَ	عَذَّبَ
اُس نے نازل کیے	(ایسے) لشکر	(کہ) نہیں تم سب نے دیکھا اُنہیں	اور	عذاب دیا

الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا ؕ	وَ	ذٰلِكَ ⑤	جَزَآءُ
(اُن لوگوں کو) جن	سب نے کفر کیا	اور	یہی	سزا ہے

الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿26﴾	ثُمَّ	يَتُوۡبُ ⑥	اللّٰهُ	مِنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ⑦
سب کافروں کی	پھر	رجوع کرے گا	اللہ	اِس کے بعد

ضروری وضاحت

① تَ اور تُ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② یہاں عَنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ اَنۡزَلَ کے شروع میں ”اَ“ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔④ علامت وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ”ا“ گر جاتا ہے۔
⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ یا یہی کر دیا جاتا ہے دراصل بات میں زور ڈالنے کے لیے اشارہ بعید استعمال کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اس مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ	جس پر وہ چاہے گا
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿27﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا ، نہایت رحم کرنیوالا ہے۔ ﴿27﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ	درحقیقت مشرکین ناپاک ہیں
فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	تو نہ وہ قریب جائیں مسجد حرام کے
بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ	اپنے اس سال کے بعد اور اگر
خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ	تمہیں ڈر ہو مفلسی کا تو عنقریب
يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ	غنی کردے گا تمہیں اللہ اپنے فضل سے
اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اگر اس نے چاہا، بے شک اللہ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿28﴾	خوب جاننے والا بڑا حکمت والا ہے۔ ﴿28﴾
قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ	تم قتال کرو اُن لوگوں سے جو نہیں ایمان لاتے
بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اللہ پر اور نہ یومِ آخرت پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	هٰذَا	: ہذا من فضل ربی، الہذا۔
يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	خِفْتُمْ	: خوف، خائف۔
غَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار۔	يُغْنِيْكُمُ	: غنی، غنا۔
رَّحِيْمٌ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	عَلِيْمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
نَجَسٌ	: نجس، نجاست۔	حَكِيْمٌ	: حکمت، حکیم۔
يَقْرَبُوا	: قریب، قرب وجوار، قربت، تقرب۔	قَاتِلُوا	: قتال، قتل، قاتل، مقتول۔
الْحَرَامَ	: مسجد حرام، حرمت قرآن، حرمت رسول۔	بِالْيَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
عَامِهِمْ	: عام الحزن، عام الفیل۔	الْاٰخِرِ	: آخر، آخری، فکر آخرت۔

عَلٰى مَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ [1]	رَّحِيْمٌ [1] ﴿27﴾
(اس) پر جسے	وہ چاہے گا	اور	اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنیوالا (ہے)

يٰٓاَيُّهَا [2]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنَّمَا [3]	الْمُشْرِكُوْنَ
اے	(وہ لوگو) جو	ایمان لائے ہو!	درحقیقت	سب مشرکین

نَجَسٌ	فَلَا	يَقْرَبُوا	الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ
ناپاک ہیں	تو نہ	وہ سب قریب جائیں	مسجد حرام کے	اپنے اس سال کے بعد

وَاِنْ	خِفْتُمْ	عَيْلَةً [4]	فَسَوْفَ	يُغْنِيْكُمُ [5]
اور اگر	تمہیں ڈر ہو	مفلسی کا	تو عنقریب	غنی کردے گا تمہیں

اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖٓ	اِنْ	شَآءَ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ
اللہ	اپنے فضل سے	اگر	اُس نے چاہا	بے شک	اللہ

عَلِيْمٌ [1]	حَكِيْمٌ [1] ﴿28﴾	قَاتِلُوا	الَّذِيْنَ
خوب جاننے والا	بڑا حکمت والا ہے	تم سب قتال کرو	(اُن لوگوں سے) جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ [6]	بِاللّٰهِ	وَلَا	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ [7]
نہیں وہ سب ایمان لاتے	اللہ پر	اور نہ	یومِ آخرت پر

ضروری وضاحت

① اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔② یا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے اَیُّهَا صرف اس وقت آتا ہے جب اس کے بعد والے اسم کے شروع میں اَلْ ہو۔③ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ	اور نہ وہ حرام سمجھتے جسے حرام ٹھہرایا اللہ نے
وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ	اور اس کے رسول نے اور نہ وہ اختیار کرتے ہیں
دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ	دینِ حق کو ان لوگوں میں سے جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ	دیے گئے کتاب یہاں تک کہ وہ دیں جزیہ
عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۧ ﴿29﴾	(اپنے) ہاتھ سے اس حال میں کہ وہ ذلیل ہوں۔ ع ﴿29﴾
وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨابْنُ اللّٰهِ	اور کہا یہودیوں نے ''عزیر'' اللہ کا بیٹا ہے
وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ	اور کہا نصاریٰ نے ''مسیح'' اللہ کا بیٹا ہے
ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ	یہ اُن کی بات ہے اُن کے مونہوں کی
يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ	وہ مشابہت کرتے ہیں (ان لوگوں کی) بات کی
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ	جنہوں نے کفر کیا (ان) سے پہلے
قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ	غارت کرے اُنہیں اللہ
اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿30﴾	کہاں وہ بہکائے جا رہے ہیں۔ ﴿30﴾

ع 4 5 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	: لاعلاج، لاجواب، لاعلم، لاپروا۔	الْجِزْيَةَ	: جزیہ۔
يُحَرِّمُوْنَ حَرَّمَ	: حرام، محرم، تحریم، حرمت۔	يَّدٍ	: یدبیضاء، یدطولیٰ، ذوالیدین۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	قَالَتِ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يَدِيْنُوْنَ	: دین ودنیا، دینِ حق، ادیانِ عالم۔	ابْنُ	: ابن، متبنّیٰ، ابن الوقت، ابن القاسم۔
الْحَقِّ	: حق وباطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔	بِاَفْوَاهِهِمْ	: افواہ، افواہیں۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
حَتّٰى	: حتیٰ کہ، حتی الوسع، حتی الامکان۔	قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل از غذا۔
يُعْطُوا	: عطیہ، عطیات۔	قٰتَلَهُمُ	: قتل، قاتل، قتال، مقتول۔

وَ	لَا يُحَرِّمُوْنَ ①	مَا	حَرَّمَ	اللّٰهُ ②	وَرَسُوْلُهٗ
اور	نہ وہ سب حرام سمجھتے	جسے	حرام ٹھہرایا	اللہ نے	اور اُس کے رسول نے

وَ	لَا يَدِيْنُوْنَ ①	دِيْنَ الْحَقِّ	مِنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا
اور	نہ وہ سب اختیار کرتے ہیں	دینِ حق کو	(اُن لوگوں) میں سے جو	سب دیے گئے

الْكِتٰبَ	حَتّٰى	يُعْطُوا	الْجِزْيَةَ ③	عَنْ يَّدٍ	وَّهُمْ
کتاب	یہاں تک کہ	وہ سب دیں	جزیہ	(اپنے) ہاتھ سے	اور وہ

ع 4 5 10

صٰغِرُوْنَ ؏ (29)	وَقَالَتِ ④	الْيَهُوْدُ	عُزَيْرُ	ابْنُ اللّٰهِ	وَقَالَتِ ④
سب ذلیل ہوں	اور کہا	یہودیوں نے	عزیر	اللہ کا بیٹا ہے	اور کہا

النَّصٰرَى	الْمَسِيْحُ	ابْنُ اللّٰهِ ط	ذٰلِكَ ⑤	قَوْلُهُمْ	بِاَفْوَاهِهِمْ ج
نصاریٰ نے	مسیح	اللہ کا بیٹا ہے	یہ	اُن کی بات ہے	اُن کے مونہوں کی

يُضَاهِـُٔوْنَ	قَوْلَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ قَبْلُ ط
وہ سب مشابہت کرتے ہیں	(اُن لوگوں کی) بات کی جن	سب نے کفر کیا	(ان) سے پہلے

قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ ② ج	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ ⑥ (30)
غارت کرے اُنہیں	اللہ	کہاں	وہ سب بہکائے جا رہے ہیں

ضروری وضاحت

①لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔②فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں اور اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ	انہوں نے بنالیا ہے اپنے علما کو
وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا	اور اپنے درویشوں کو (اپنا) رب،
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ	اللہ کے سوا اور مسیح بن مریم کو (بھی)
وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا	حالانکہ نہیں وہ حکم دیے گئے مگر یہ کہ وہ عبادت کریں
اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ	ایک معبود کی، نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی
سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿31﴾	پاک ہے وہ اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿31﴾
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ	(دراصل) وہ چاہتے ہیں کہ وہ بجھا دیں اللہ کے نور کو
بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ	اپنے مونہوں سے اور انکار کرتا ہے اللہ مگر یہ کہ
يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿32﴾	وہ پورا کرے گا اپنا نور اور اگرچہ ناپسند کریں کافر۔ ﴿32﴾
هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى	(اللہ) وہ ہے جس نے بھیجا اپنا رسول ہدایت کے ساتھ
وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ	اور دین حق (کیساتھ) تاکہ وہ غالب کردے اُسے
عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ	اُس کے سب دینوں پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِتَّخَذُوْٓا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
رُهْبَانَهُمْ : راہب، رہبانیت۔
اَرْبَابًا : رب، ارباب، مربی، ارباب اختیار۔
ابْنَ : عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر، ابنائے جامعہ۔
اُمِرُوْٓا : امر، امیر، امارت، مامور۔
لِيَعْبُدُوْٓا : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
سُبْحٰنَهٗ : تسبیح، سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
يُشْرِكُوْنَ : شرک، مشرک، شرکاء۔

يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مراد، مرید۔
بِاَفْوَاهِهِمْ : افواہ، افواہیں۔
يُّتِمَّ : تمام، اتمام حجت، تمت بالخیر۔
كَرِهَ : کراہت، مکروہ۔
الْكٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَرْسَلَ : رسل، رسول، مرسل۔
بِالْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ عالم۔
كُلِّهٖ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔

اِتَّخَذُوْٓا	اَحْبَارَهُمْ	وَرُهْبَانَهُمْ	اَرْبَابًا	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ①
اُن سب نے بنالیا	اپنے علما کو	اور اپنے درویشوں کو	رب	اللہ کے سوا

وَ	الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ	وَمَآ	اُمِرُوْٓا ②	اِلَّا
اور	مسیح بن مریم کو (بھی)	حالانکہ نہیں	وہ سب حکم دیے گئے	مگر

لِيَعْبُدُوْٓا	اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ	لَآ اِلٰهَ ③	اِلَّا	هُوَ ؕ	سُبْحٰنَهٗ
یہ کہ وہ سب عبادت کریں	ایک معبود کی	کوئی معبود نہیں	مگر	وہی	پاک ہے وہ

عَمَّا ④	يُشْرِكُوْنَ ﴿31﴾	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّطْفِئُوْا
(اس) سے جو	وہ سب شریک بناتے ہیں	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب بجھادیں

نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَيَاْبَى ⑤	اللّٰهُ	اِلَّآ	اَنْ يُّتِمَّ
اللہ کے نور کو	اپنے مونہوں سے	اور انکار کرتا ہے	اللہ	مگر	یہ کہ وہ پورا کرے گا

نُوْرَهٗ ⑥	وَلَوْ	كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ ﴿32﴾	هُوَ الَّذِيْٓ	اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ ⑥
اپنا نور	اور اگرچہ	ناپسند کریں	سب کافر	وہی ہے جس نے	بھیجا	اپنا رسول

بِالْهُدٰى	وَ	دِيْنِ الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ ⑦	عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ
ہدایت کے ساتھ	اور	دین حق (کیساتھ)	تا کہ وہ غالب کردے اُسے	اُس کے سب دینوں پر

ضروری وضاحت

① اگر لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ④ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ⑤ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔

النصف

وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ ﴿33﴾	اور اگر چہ ناپسند کریں مشرکین ۔ ﴿33﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو! بے شک
كَثِيۡرًا مِّنَ الۡاَحۡبَارِ وَالرُّهۡبَانِ	بہت سے علماء اور درویشوں میں سے
لَيَاۡكُلُوۡنَ اَمۡوَالَ النَّاسِ	یقیناً کھا جاتے ہیں لوگوں کے مال
بِالۡبَاطِلِ وَيَصُدُّوۡنَ	باطل (طریقے) سے اور وہ روکتے ہیں
عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيۡنَ	اللہ کے راستے سے اور وہ لوگ جو
يَكۡنِزُوۡنَ الذَّهَبَ وَالۡفِضَّةَ	جمع کر کے رکھتے ہیں سونا اور چاندی
وَلَا يُنۡفِقُوۡنَهَا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۙ	اور نہیں خرچ کرتے اسے اللہ کی راہ میں
فَبَشِّرۡهُمۡ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ۙ ﴿34﴾	تو خوشخبری سنا دیں اُنہیں دردناک عذاب کی ۔ ﴿34﴾
يَّوۡمَ يُحۡمٰى عَلَيۡهَا فِىۡ نَارِ جَهَنَّمَ	جس دن تپایا جائیگا اس (سونا چاندی) کو جہنم کی آگ میں
فَتُكۡوٰى بِهَا جِبَاهُهُمۡ	پھر داغا جائے گا اُن سے اُن کی پیشانیوں کو
وَجُنُوۡبُهُمۡ وَظُهُوۡرُهُمۡ ؕ	اور اُن کے پہلوؤں کو اور اُن کی پیٹھوں کو،

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَرِهَ	مکروہ، کراہت۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
الۡمُشۡرِكُوۡنَ	شرک، شریک، شراکت، مشرک۔	يُنۡفِقُوۡنَهَا	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
اٰمَنُوۡۤا	ایمان، مؤمن، امن۔	فِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
كَثِيۡرًا	کثیر، کثرت، اکثر، اکثریت۔	فَبَشِّرۡهُمۡ	بشارت، بشیر، مبشر۔
مِّنَ	من جانب، من حیث القوم، من وعن۔	اَلِيۡمٍ	الم ناک حادثہ، رنج والم۔
الرُّهۡبَانِ	رہبانیت، راہب۔	يَّوۡمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
لَيَاۡكُلُوۡنَ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	عَلَيۡهَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
سَبِيۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	نَارِ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

النصف

وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾	يٰٓاَيُّهَا ①	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
اور اگرچہ	ناپسند کریں	سب مشرک	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

اِنَّ	كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ	وَ	الرُّهْبَانِ	لَيَاْكُلُوْنَ
بے شک	بہت سے علما	اور	درویش	یقیناً وہ سب کھا جاتے ہیں

اَمْوَالَ النَّاسِ ②	بِالْبَاطِلِ	وَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
لوگوں کے مال	باطل (طریقے) سے	اور	وہ سب روکتے ہیں	اللہ کے راستے سے

وَ	الَّذِيْنَ	يَكْنِزُوْنَ	الذَّهَبَ ②	وَ	الْفِضَّةَ ②③	وَلَا
اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب جمع کر کے رکھتے ہیں	سونا	اور	چاندی	اور نہیں

يُنْفِقُوْنَهَا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ④ ﴿34﴾ ۙ
وہ سب خرچ کرتے اُنہیں	اللہ کی راہ میں	تو خوشخبری سنا دیں اُنہیں	بہت دردناک عذاب کی

يَّوْمَ	يُحْمٰى ⑤	عَلَيْهَا ⑥	فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ	فَتُكْوٰى ③⑤	بِهَا
جس دن	تپایا جائے گا	اُس (سونا چاندی) کو	جہنم کی آگ میں	پھر داغا جائے گا	اُن سے

جِبَاهُهُمْ ⑦	وَ	جُنُوْبُهُمْ ⑦	وَ	ظُهُوْرُهُمْ ⑦ ؕ
اُن کی پیشانیوں کو	اور	اُن کے پہلوؤں کو	اور	اُن کی پیٹھوں کو

ضروری وضاحت

① یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت ہے۔ ⑤ جب یُ اور تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کو کیا گیا ہے۔ ⑦ ھُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ	(اور کہا جائے گا) یہ ہے جو تم نے جمع کر کے رکھا
لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا	اپنے نفسوں کے لیے، تو مزا چکھو (اس کا)
مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿35﴾	جو تھے تم جمع کر کے رکھتے۔ ﴿35﴾
اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ	بے شک شمار مہینوں کا اللہ کے نزدیک
اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ	بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں
يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	جس دن اس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ	اُن میں سے چار (مہینے) حرمت والے ہیں
ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ۬	یہی سیدھا دین ہے،
فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ	تو نہ تم ظلم کرو ان میں اپنی جانوں پر
وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً	اور لڑو مشرکوں سے اکٹھے ہو کر
كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ	جیسا کہ وہ لڑتے ہیں تم سے اکٹھے ہو کر
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ	اور جان لو کہ بے شک اللہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

هٰذَا	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	مِنْهَآ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	اَرْبَعَةٌ	: حدودِ اربعہ، آئمہ اربعہ، رباعیات، مربع۔
لِاَنْفُسِكُمْ	: نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔	حُرُمٌ	: حرمت، محرم۔
فَذُوْقُوْا	: ذائقہ، بدذائقہ، ذائقہ دار، ذوق۔	الْقَيِّمُ	: قائم مقام، قائم ودائم۔
عِدَّةَ	: عدت، تعداد، متعدد، عدد۔	تَظْلِمُوْا	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
عِنْدَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	قَاتِلُوْا	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
خَلَقَ	: خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔	كَمَا	: کماحقہ، کالعدم/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔
الْاَرْضَ	: ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	اعْلَمُوْٓا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

هٰذَا	مَا	كَنَزْتُمْ	لِاَنْفُسِكُمْ ①
(اور کہا جائے گا) یہ ہے	جو	تم نے جمع کر کے رکھا ہے	اپنے نفسوں کے لیے

فَذُوْقُوْا	مَا	كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ② (35)	اِنَّ	عِدَّةَ ③	الشُّهُوْرِ
تو سب مزا چکھو (اس کا)	جو	تھے تم سب جمع کر کے رکھتے	بیشک	شمار	مہینوں کا

عِنْدَ اللّٰهِ	اثْنَا عَشَرَ ④	شَهْرًا	فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ	يَوْمَ
اللہ کے نزدیک	بارہ	مہینے ہیں	اللہ کی کتاب میں	جس دن

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ③	وَالْاَرْضَ	مِنْهَآ	اَرْبَعَةٌ ③	حُرُمٌ ط
اُس نے پیدا کیا	آسمانوں کو	اور زمین کو	اُن میں سے	چار	حرمت والے ہیں

ذٰلِكَ ⑤	الدِّيْنُ	الْقَيِّمُ ۙ	فَلَا تَظْلِمُوْا ⑥	فِيْهِنَّ
یہی	دین ہے	سیدھا	تو نہ تم سب ظلم کرو	اِن میں

اَنْفُسَكُمْ	وَ	قَاتِلُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	كَآفَّةً ③	كَمَا
اپنی جانوں پر	اور	تم سب لڑو	سب مشرکوں سے	اکٹھے	جیسا کہ

يُقَاتِلُوْنَكُمْ	كَآفَّةً ③ ط	وَ	اعْلَمُوْٓا ⑦	اَنَّ	اللّٰهَ
وہ سب لڑتے ہیں تم سے	اکٹھے	اور	تم سب جان لو	کہ بے شک	اللہ

ضروری وضاحت

① كُمْ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔ ② تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ③ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ اِثْنَانِ دو اور عَشَرَ دس پر بولا جاتا ہے، دو اور دس ملا کر تعداد بارہ بنتی ہے۔ ⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں وْا ہو تو اس میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿36﴾	پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ ﴿36﴾
اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ	درحقیقت مہینوں کو آگے پیچھے کرنا زیادتی ہے کفر میں
يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ	گمراہ کیے جاتے ہیں اس کی وجہ سے (وہ لوگ) جنہوں نے
كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ	کفر کیا وہ حلال کر لیتے ہیں اُس کو
عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ	(ایک) سال اور حرام کر دیتے ہیں اُس کو
عَامًا لِّيُوَاطِئُوْا عِدَّةَ	(دوسرے) سال تاکہ وہ پوری کریں گنتی
مَا حَرَّمَ اللّٰهُ	(ان مہینوں کی) جو حرام ٹھہرائے اللہ نے
فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ	تو وہ حلال کر لیتے ہیں جس کو حرام کیا اللہ نے
زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ	مزین کر دیے گئے اُن کے لیے اُنکے بُرے اعمال
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿37﴾ ع	اور اللہ نہیں ہدایت دیتا کافر قوم کو۔ ﴿37﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو! کیا ہوا تمہیں
اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	جب کہا جائے تم سے (کہ) تم نکلو اللہ کی راہ میں

ع 5/8/11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَ	: مع اہل وعیال، معیت۔	عِدَّةَ	: عدد، عدت، تعداد۔
الْمُتَّقِيْنَ	: متقی و پرہیزگار، تقوی۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
زِيَادَةٌ	: زیادہ، زائد، مزید۔	زُيِّنَ	: مزین، تزئین وآرائش، زینت۔
فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔	سُوْٓءُ	: سوءِظن، علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
يُضَلُّ	: ضلالت و گمراہی۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يُحِلُّوْنَهٗ	: حلال، حلت و حرمت، حلال وحرام۔	يَهْدِي	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ عالم۔
عَامًا	: عام الحزن، عام الفیل۔	قِيْلَ	: قول، مقولہ، مقالہ، اقوال، قائل۔
يُحَرِّمُوْنَهٗ	: حرام، حرمت، محرمات۔	سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

مَعَ	الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿36﴾	اِنَّمَا ①	النَّسِیۡٓءُ	زِيَادَةٌ ②
ساتھ ہے	سب پرہیزگاروں کے	درحقیقت	(مہینوں کو) آگے پیچھے کرنا	زیادتی ہے

فِی الۡكُفۡرِ	يُضَلُّ ③	بِهِ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا
کفر میں	وہ گمراہ کیے جاتے ہیں	اس کی وجہ سے	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا

يُحِلُّوۡنَهٗ	عَامًا	وَّ	يُحَرِّمُوۡنَهٗ	عَامًا
وہ سب حلال کر لیتے ہیں اُسکو	(ایک) سال	اور	وہ سب حرام کر دیتے ہیں اُسکو	(دوسرے) سال

لِّيُوَاطِـُٔوۡا	عِدَّةَ ②	مَا	حَرَّمَ	اللّٰهُ	فَيُحِلُّوۡا
تاکہ وہ سب پوری کریں	گنتی	جو	حرام ٹھہرائے	اللہ نے	تو وہ سب حلال کر لیتے ہیں

مَا	حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ	زُيِّنَ ④	لَهُمۡ	سُوۡٓءُ اَعۡمَالِهِمۡ ؕ	وَاللّٰهُ
جس کو	حرام کیا اللہ نے	مزین کر دیے گئے	اُن کے لیے	اُن کے بُرے اعمال	اور اللہ

ع 5/8/11

لَا يَهۡدِی ⑤	الۡقَوۡمَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿37﴾ ع	يٰۤاَيُّهَا ⑥	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
نہیں ہدایت دیتا	سب کافر قوم کو	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

مَا لَكُمۡ	اِذَا	قِيۡلَ	لَكُمُ	انۡفِرُوۡا ⑦	فِیۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ
کیا ہوا تمہیں	جب	کہا جائے	تم سے	(کہ) تم سب نکلو	اللہ کی راہ میں

ضروری وضاحت

①اِنَّ کے ساتھ مَا ہوتو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔②ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
③فعل کے شروع میں یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔④فعل کے شروع میں
پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥یَا اور اَیُّھَا دونوں
کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑦فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وۡا ہو تو اس میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

اثَّاقَلۡتُمۡ اِلَى الۡاَرۡضِ ؕ	(تو) تم بوجھل ہو جاتے ہو زمین کی طرف
اَرَضِيۡتُمۡ بِالۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا	کیا تم خوش ہو گئے ہو دنیوی زندگی پر
مِنَ الۡاٰخِرَةِ ۚ	آخرت کے مقابلے میں
فَمَا مَتَاعُ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا	پس نہیں ہے دنیوی زندگی کا فائدہ
فِى الۡاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيۡلٌ ﴿38﴾	آخرت کے مقابلے میں مگر بہت تھوڑا۔ ﴿38﴾
اِلَّا تَنۡفِرُوۡا يُعَذِّبۡكُمۡ	اگر نہیں تم نکلو گے (تو) وہ عذاب دے گا تمہیں
عَذَابًا اَلِيۡمًا ۙ وَّيَسۡتَبۡدِلۡ	دردناک عذاب اور بدل کر لے آئے گا
قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ	کسی (اور) قوم کو تمہارے علاوہ
وَلَا تَضُرُّوۡهُ شَيۡــًٔا ؕ	اور نہ تم بگاڑ سکو گے اُس کا کچھ بھی
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿39﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ ﴿39﴾
اِلَّا تَنۡصُرُوۡهُ فَقَدۡ نَصَرَهُ اللّٰهُ	اگر نہ تم مدد کرو گے اس کی تو یقیناً مدد کر چکا ہے اسکی اللہ
اِذۡ اَخۡرَجَهُ الَّذِيۡنَ	جب نکال دیا تھا اُسے (اُن لوگوں نے) جنہوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اثَّاقَلۡتُمۡ	ثقیل، ثقل، کشش ثقل۔	قَلِيۡلٌ	قلیل، الاقلیل، قلت و کثرت۔
اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يُعَذِّبۡكُمۡ	عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
الۡاَرۡضِ	ارض و سما، حشرات الارض، کرّہ اَرض۔	اَلِيۡمًا	الم ناک حادثہ، رنج والم۔
رَضِيۡتُمۡ	راضی، رضا، رضائے الٰہی، مرضی۔	يَسۡتَبۡدِلۡ	تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
بِالۡحَيٰوةِ	موت و حیات، حیاتی و مماتی۔	تَضُرُّوۡهُ	مضرصحت، ضرر رساں۔
الۡاٰخِرَةِ	آخری، فکر آخرت، اُخروی زندگی۔	قَدِيۡرٌ	قادر، قدیر، قدرت۔
مَتَاعُ	مال و متاع، متاع عزیز، متاع کارواں۔	تَنۡصُرُوۡهُ	نصرت، ناصر، منصور۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلاّ قلیل، اِلا یہ کہ۔	اَخۡرَجَهُ	اخراج، خارج، خروج، وزیر خارجہ۔

اثَّاقَلْتُمْ	اِلَى الْاَرْضِ ؕ	اَ	رَضِيْتُمْ	بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ①
(تو) تم بوجھل ہو جاتے ہو	زمین کی طرف	کیا	تم خوش ہو گئے ہو	دنیوی زندگی پر

مِنَ الْاٰخِرَةِ ج ①	فَمَا ②	مَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ①
آخرت کے (مقابلے میں)	پس نہیں	فائدہ	دنیوی زندگی کا

فِي الْاٰخِرَةِ ①	اِلَّا ③	قَلِيْلٌ (38)	اِلَّا ③	تَنْفِرُوْا
آخرت (کے مقابلے) میں	مگر	بہت تھوڑا	اگر نہیں	تم سب نکلو گے

يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ	وَّ	يَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا ④
(تو) وہ عذاب دے گا تمھیں	دردناک عذاب	اور	وہ بدل کر لے آئے گا	کسی قوم کو

غَيْرَكُمْ	وَلَا	تَضُرُّوْهُ ⑤	شَيْـًٔا ؕ	وَاللّٰهُ
تمہارے علاوہ	اور نہ	تم سب بگاڑ سکو گے اُس کا	کچھ (بھی)	اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (39)	اِلَّا ③	تَنْصُرُوْهُ ⑤
ہر چیز پر	خوب قادر ہے	اگر نہ	تم سب مدد کرو گے اُس کی

فَقَدْ	نَصَرَهُ	اللّٰهُ	اِذْ	اَخْرَجَهُ ⑥	الَّذِيْنَ
تو یقیناً	مدد کی اُسکی	اللہ نے	جب	نکال دیا تھا اُسے	(اُن لوگوں نے) جن

ضروری وضاحت

①ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②مَا کا ترجمہ کبھی جو کبھی نہیں اور کبھی کیا کیا جاتا ہے۔③اِلَّا کبھی ایک ہی لفظ ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ مگر یا سوائے کیا جاتا ہے اور کبھی اِلَّا دراصل اِنْ + لَا کا مجموعہ ہوتا ہے اس صورت میں اس کا ترجمہ اگر نہیں کیا جاتا ہے۔④ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔⑤علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ''ا'' گر جاتا ہے۔⑥اَخْرَجَ کے شروع میں ''اَ'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔

كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ	کفر کیا وہ دوسرا تھا دو میں سے
اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ	جب وہ دونوں تھے غار میں
اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ	جب وہ کہہ رہا تھا اپنے ساتھی سے
لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ	تو غم نہ کر بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے
فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ	پھر نازل کی اللہ نے اپنی سکینت اُس پر
وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ	اور قوت دی اُسے (اپنے) لشکروں سے (کہ)
لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ	نہیں دیکھا تم نے اُنہیں اور کر دی
كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ	بات (اُن لوگوں کی) جنہوں نے کفر کیا نیچی
وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ	اور اللہ کی بات ہی سب سے بلند ہے
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (40)	اور اللہ خوب غالب بہت حکمت والا ہے۔ (40)
اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا	نکلو ہلکے (بھی) اور بھاری (بھی) اور جہاد کرو
بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ	اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں (سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	تَرَوْهَا	رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔
ثَانِيَ، اثْنَيْنِ	ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔	كَلِمَةَ	کلمہ، کلام، کلمات۔
يَقُوْلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	السُّفْلٰى	سفلی علم، سفلی جذبات۔
تَحْزَنْ	حزن وملال، عام الحزن۔	الْعُلْيَا	اعلیٰ، عرش معلیٰ، عالی شان۔
مَعَنَا	مع اہل وعیال، معیت۔	خِفَافًا	خفیف، تخفیف، مخفف۔
فَاَنْزَلَ	نازل، نزول، شان نزول، منزل من اللہ۔	ثِقَالًا	ثقیل، ثقل، کشش ثقل۔
سَكِيْنَتَهٗ	سکون، سکینت، تسکین۔	جَاهِدُوْا	جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام، جدوجہد۔
اَيَّدَهٗ	تائید، مؤید۔	اَنْفُسِكُمْ	نفس، نفسا نفسی، نفوس قدسیہ۔

كَفَرُوْا	ثَانِيَ	اثْنَيْنِ	اِذْ ①	هُمَا	فِي الْغَارِ
سب نے کفر کیا	وہ دوسرا تھا	دو (میں سے)	جب	(وہ) دونوں	غار میں (تھے)

اِذْ ①	يَقُوْلُ	لِصَاحِبِهٖ	لَا تَحْزَنْ	اِنَّ اللّٰهَ	مَعَنَا ۚ
جب	وہ کہہ رہا تھا	اپنے ساتھی سے	تو غم نہ کر	بے شک اللہ	ہمارے ساتھ ہے

فَاَنْزَلَ	اللّٰهُ	سَكِيْنَتَهٗ ②	عَلَيْهِ	وَاَيَّدَهٗ ②	بِجُنُوْدٍ
پھر نازل کی	اللہ نے	اپنی سکینت	اُس پر	اور قوت دی اُسے	(اپنے) لشکروں سے

لَّمْ	تَرَوْهَا	وَ	جَعَلَ	كَلِمَةَ ③	الَّذِيْنَ
(کہ) نہیں	تم سب نے دیکھا اُنہیں	اور	کردی	بات	(اُن لوگوں کی) جن

كَفَرُوا	السُّفْلٰى ؕ	وَ	كَلِمَةُ اللّٰهِ ③	هِيَ الْعُلْيَا ④ ؕ
سب نے کفر کیا	نیچی	اور	اللہ کی بات	ہی (سب سے) بلند ہے

وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ ⑤	حَكِيْمٌ ⑤ (40)	اِنْفِرُوْا ⑥	خِفَافًا	وَّ
اور اللہ	خوب غالب	بہت حکمت والا (ہے)	تم سب نکلو	ہلکے (بھی)	اور

ثِقَالًا	وَّ	جَاهِدُوْا	بِاَمْوَالِكُمْ	وَ	اَنْفُسِكُمْ
بھاری (بھی)	اور	تم سب جہاد کرو	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانوں (سے)

ضروری وضاحت

① اِذْ عموماً ماضی کے لیے اور اِذَا عموماً مستقبل کیلئے استعمال ہوتا ہے اور دونوں کا ترجمہ جب کیا جاتا ہے۔② ہٗ اسم کے آخر میں ہوتو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ اُسے یا اُس کو کیا جاتا ہے۔③ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ هِيَ کے بعد اَلْ ہوتو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہوتو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ	اللہ کے راستے میں، یہ بہت بہتر ہے
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿41﴾	تمہارے لیے اگر ہو تم جانتے۔ ﴿41﴾
لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا	اگر ہوتا مال جلدی مل جانے والا
وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ	اور سفر درمیانہ (تو) ضرور پیروی کرتے آپ کی
وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۭ	اور لیکن دور ہو گئی اُن پر مسافت
وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ	اور عنقریب وہ قسمیں کھائیں گے اللہ کی
لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا	اگر ہم استطاعت رکھتے ضرور ہم نکلتے
مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ	تمہارے ساتھ، وہ ہلاک کر رہے ہیں اپنے آپ کو
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿42﴾ع	اور اللہ جانتا ہے کہ بیشک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ ﴿42﴾ع
عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ	معاف کر دیا اللہ نے آپ کو،
لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ	کیوں اجازت دی آپ نے ان کو
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ	حتی کہ ظاہر ہو جاتے آپ پر (وہ لوگ) جنہوں نے

ع 6/5/12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	لَخَرَجْنَا	خارج، خروج، خارج از امکان۔
خَيْرٌ	خیر، خیریت، بخیر۔	مَعَكُمْ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
تَعْلَمُوْنَ	علم، تعلیم، معلوم، معلم۔	يُهْلِكُوْنَ	ہلاک، ہلاکت، مہلک امراض۔
لَّاتَّبَعُوْكَ	اتباع، تابع فرمان، اتباع سنت۔	اَنْفُسَهُمْ	نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
بَعُدَتْ	بُعد، بعید، بعید از قیاس۔	لَكٰذِبُوْنَ	کذب، کاذب، کذّاب کذب بیانی۔
عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	عَفَا	عفو ودرگزر، معاف، معافی۔
سَيَحْلِفُوْنَ	حلف، حلف برداری، حلف نامہ، حلیف۔	اَذِنْتَ	اذن، اذن عام، باذن اللہ۔
اسْتَطَعْنَا	استطاعت، حسب استطاعت۔	يَتَبَيَّنَ	بیّن، بیان، مبینہ طور پر۔

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	ذٰلِكُمْ ①	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ② (41)
اللہ کے راستے میں	یہ	بہت بہتر ہے	تمہارے لیے	اگر	ہو تم سب جانتے

لَوْ	كَانَ ③	عَرَضًا	قَرِيْبًا	وَّسَفَرًا	قَاصِدًا
اگر	ہوتا	مال	جلدی مل جانے والا	اور سفر	درمیانہ

لَّاتَّبَعُوْكَ ④⑤	وَلٰكِنْ	بَعُدَتْ ⑥	عَلَيْهِمُ	الشُّقَّةُ ⑥ ؕ
(تو) ضرور وہ سب پیروی کرتے آپ کی	اور لیکن	دور ہوگئی	اُن پر	مسافت

وَ	سَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَوِ	اسْتَطَعْنَا	لَخَرَجْنَا ④
اور	عنقریب وہ سب قسمیں کھائینگے	اللہ کی	اگر	ہم استطاعت رکھتے	(تو) ضرور ہم نکلتے

مَعَكُمْ ج	يُهْلِكُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ ج	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ ⑦
تمہارے ساتھ	وہ سب ہلاک کررہے ہیں	اپنے آپ کو	اور اللہ	جانتا ہے

ع 6 5 12

اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ④ ع (42)	عَفَا	اللّٰهُ	عَنْكَ ج	لِمَ
کہ بیشک وہ	یقیناً سب جھوٹے ہیں	معاف کردیا	اللہ نے	آپ سے	کیوں

اَذِنْتَ	لَهُمْ	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ ⑦⑧	لَكَ	الَّذِيْنَ
اجازت دی آپ نے	اُن کو	یہاں تک کہ	ظاہر ہوجاتے	آپ پر	(وہ لوگ) جن

ضروری وضاحت

①ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً یہ بھی کردیا جاتا ہے اور جن کیلئے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔②تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔③كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔④فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔⑤علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑥تْ اور ةُ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿43﴾	سچ کہا اور آپ جان لیتے جھوٹوں کو۔ ﴿43﴾
لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ	نہیں اجازت مانگتے آپ سے وہ لوگ جو
يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور آخرت کے دن (پر)
اَنْ يُّجَاهِدُوْا	(اس سے) کہ وہ جہاد کریں
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ	اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں (سے)
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿44﴾	اور اللہ خوب جاننے والا ہے پرہیزگاروں کو۔ ﴿44﴾
اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ	بیشک صرف اجازت مانگتے ہیں آپ سے وہ لوگ جو
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ	نہیں ایمان رکھتے اللہ پر
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اور آخرت کے دن (پر)
وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ	اور شک میں پڑے ہوئے ہیں اُن کے دل
فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿45﴾	تو وہ اپنے شک میں (پڑے) تردد کر رہے ہیں۔ ﴿45﴾
وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ	اور اگر وہ ارادہ کرتے نکلنے کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَقُوْا : صادق، صدّیق، صدوق، مصدّق۔
تَعْلَمَ : علم، تعلیم، معلم، معلوم، معلومات۔
الْكٰذِبِيْنَ : کذب، کاذب، کذّاب، کذب بیانی۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسْتَاْذِنُكَ : اذن، اذن عام، باذن اللہ۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
الْيَوْمِ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
الْاٰخِرِ : آخر، آخری، فکر آخرت۔
يُّجَاهِدُوْا : جہاد، مجاہد، جدوجہد، مجاہدین اسلام۔
اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
بِالْمُتَّقِيْنَ : متقی، تقویٰ۔
ارْتَابَتْ، رَيْبِهِمْ : لاریب، کتاب لاریب۔
قُلُوْبُهُمْ : قلب اطہر، قلبی تعلق، امراض قلب۔
يَتَرَدَّدُوْنَ : تردد، متردد۔
اَرَادُوْا : ارادہ، مرید، مراد۔
الْخُرُوْجَ : اِخراج، خروج، خارج ازامکان۔

صَدَقُوْا	وَ	تَعْلَمَ	الْكٰذِبِيْنَ (43)	لَا يَسْتَاْذِنُكَ ①
سب نے سچ کہا	اور	آپ جان لیتے	سب جھوٹوں کو	نہیں اجازت مانگتے آپ سے

الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ ②	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اَنْ
(وہ لوگ) جو	وہ سب ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور	آخرت کے دن (پر)	(اس سے) کہ

يُّجَاهِدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ ③	وَ	اَنْفُسِهِمْ ③ ط	وَ	اللّٰهُ
وہ سب جہاد کریں	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانوں (سے)	اور	اللہ

عَلِيْمٌ ④	بِالْمُتَّقِيْنَ (44)	اِنَّمَا	يَسْتَاْذِنُكَ ①
خوب جاننے والا (ہے)	تمام پرہیزگاروں کو	بیشک صرف	اجازت مانگتے ہیں آپ سے

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑤	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ
(وہ لوگ) جو	نہیں وہ سب ایمان رکھتے	اللہ پر	اور	آخرت کے دن (پر)

وَ	ارْتَابَتْ ⑥	قُلُوْبُهُمْ ③	فَهُمْ	فِيْ رَيْبِهِمْ ③
اور	شک میں پڑے ہوئے ہیں	اُن کے دل	تو وہ	اپنے شک میں (پڑے)

يَتَرَدَّدُوْنَ ⑦ (45)	وَلَوْ	اَرَادُوا	الْخُرُوْجَ
وہ سب تردد کر رہے ہیں	اور اگر	وہ سب ارادہ کرتے	نکلنے کا

ضروری وضاحت

①یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑥ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً	(تو) ضرور تیار کرتے اُس کے لیے کچھ سامان
وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ	اور لیکن ناپسند کیا اللہ نے اُن کے اُٹھنے (نکلنے) کو
فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ	تو سست کردیا اُنہیں اور کہہ دیا گیا
اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿46﴾	تم بیٹھے رہو بیٹھنے والوں کے ساتھ۔ ﴿46﴾
لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ	اگر وہ نکلتے تم میں (شامل ہوکر تو)
مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا	نہ اضافہ کرتے تم میں مگر خرابی کا
وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ	اور ضرور بھاگ دوڑ کرتے تمہارے درمیان
يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ	چاہتے ہوئے تم میں فتنہ، اور تم میں (کچھ ایسے لوگ ہیں کہ)
سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ	کان لگا کر سننے والے ہیں اُن (کی باتوں) کو
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾	اور اللہ خوب جاننے والا ہے (ان) ظالموں کو۔ ﴿47﴾
لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ	بلاشبہ یقیناً اُنہوں نے چاہا فتنہ ڈالنا
مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا	اس سے پہلے (بھی) اور الٹ پلٹ کردیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاَعَدُّوْا : مستعد، استعداد۔
كَرِهَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
قِيْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اقْعُدُوْا : قعدۂ اولیٰ، قعدۂ ثانیہ، مقعد۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
خَرَجُوْا : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
فِيْكُمْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔

زَادُوْكُمْ : زیادہ، مزید، زائد۔
اِلَّا : الا یہ کہ، الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔
خِلٰلَكُمْ : خلل، مخل، خلال۔
سَمّٰعُوْنَ : سمع وبصر، سماعت، آلہ سماعت۔
عَلِيْمٌ : علم، تعلیم، معلم، معلومات۔
بِالظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مِنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
قَبْلُ : قبل، ماقبل، قبل از وقت۔

لَاَعَدُّوْا ①	لَهٗ	عُدَّةً ②③	وَّلٰكِنْ	كَرِهَ	اللّٰهُ
(تو) ضرور وہ سب تیار کرتے	اُس کے لیے	کچھ سامان	اور لیکن	ناپسند کیا	اللہ نے

انْۢبِعَاثَهُمْ	فَثَبَّطَهُمْ	وَ	قِيْلَ	اقْعُدُوْا ④
اُن کے اُٹھنے (نکلنے) کو	تو سست کر دیا اُنہیں	اور	کہہ دیا گیا	تم سب بیٹھے رہو

مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿46﴾	لَوْ	خَرَجُوْا	فِيْكُمْ	مَّا
سب بیٹھنے والوں کے ساتھ	اگر	وہ سب نکلتے	تم میں (شامل ہوکر)	(تو) نہ

زَادُوْكُمْ ⑤	اِلَّا	خَبَالًا	وَّ	لَاَاوْضَعُوْا ①
وہ سب زیادہ کرتے تمہارے لیے	مگر	خرابی (ہی)	اور	ضرور وہ سب بھاگ دوڑ کرتے

خِلٰلَكُمْ	يَبْغُوْنَكُمُ	الْفِتْنَةَ ② ج	وَ	فِيْكُمْ
تمہارے درمیان	وہ سب چاہتے ہیں تم میں	فتنہ پیدا کرنا	اور	تم میں (کچھ ایسے ہیں جو)

سَمّٰعُوْنَ ⑥	لَهُمْ ط	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ ⑥	بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾
سب کان لگا کر سنتے ہیں	اُن (کی باتوں) کو	اور اللہ	خوب جاننے والا (ہے)	سب ظالموں کو

لَقَدِ ⑦	ابْتَغَوُا	الْفِتْنَةَ ②	مِنْ قَبْلُ	وَقَلَّبُوْا ⑧
بلاشبہ یقیناً	اُن سب نے چاہا	فتنہ ڈالنا	اس سے پہلے (بھی)	اور سب الٹ پلٹ کر دیے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔② ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔④ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑥ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑧ فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

لَكَ الۡاُمُوۡرَ حَتّٰى	آپ کے لیے کئی معاملات یہاں تک کہ
جَآءَ الۡحَقُّ وَظَهَرَ	آ گیا حق اور غالب ہو گیا
اَمۡرُ اللّٰهِ وَهُمۡ كٰرِهُوۡنَ ﴿48﴾	اللہ کا حکم حالانکہ وہ ناپسند کرنیوالے تھے۔ ﴿48﴾
وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّقُوۡلُ	اور اُن میں سے (کوئی ایسا ہے) جو کہتا ہے
ائۡذَنۡ لِّىۡ وَلَا تَفۡتِنِّىۡ ؕ	اجازت دے دیجیے مجھے اور نہ فتنے میں ڈالیے مجھے
اَلَا فِى الۡفِتۡنَةِ سَقَطُوۡا ؕ	سنو! فتنے میں تو وہ گر چکے ہیں
وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيۡطَةٌۢ بِالۡكٰفِرِيۡنَ ﴿49﴾	اور بیشک جہنم یقیناً گھیرنے والی ہے کافروں کو۔ ﴿49﴾
اِنۡ تُصِبۡكَ حَسَنَةٌ تَسُؤۡهُمۡ ۚ	اگر پہنچتی ہے آپ کو کوئی بھلائی وہ بُری لگتی ہے اُنہیں
وَاِنۡ تُصِبۡكَ مُصِيۡبَةٌ يَّقُوۡلُوۡا	اور اگر پہنچتی آپ کو کوئی مصیبت (تو) وہ کہتے ہیں
قَدۡ اَخَذۡنَاۤ اَمۡرَنَا	یقیناً ہم نے (احتیاط) پکڑ (اختیار کر) لی تھی اپنے معاملے میں
مِنۡ قَبۡلُ وَيَتَوَلَّوۡا	پہلے سے (ہی) اور وہ پھرتے ہیں
وَّهُمۡ فَرِحُوۡنَ ﴿50﴾	اس حال میں کہ وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ ﴿50﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡاُمُوۡرَ	امور، امر، آمر، مامور، خارجی امور۔	بِالۡكٰفِرِيۡنَ	کفر، کافر، کفّار، کفار مکہ۔
كٰرِهُوۡنَ	کراہت، مکروہ	تُصِبۡكَ	مصیبت، مصائب۔
يَّقُوۡلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	حَسَنَةٌ	حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
ائۡذَنۡ	اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔	تَسُؤۡهُمۡ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اَخَذۡنَاۤ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
تَفۡتِنِّىۡ	فتنہ پرور، پُرفتن دور، فتّان۔	مِنۡ	منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
سَقَطُوۡا	سقوط ڈھاکہ، ساقط، اسقاط۔	قَبۡلُ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
لَمُحِيۡطَةٌ	احاطہ، محیط۔	فَرِحُوۡنَ	فرحت بخش، تفریح، شاداں وفرحاں۔

لَكَ	الْاُمُوْرَ	حَتّٰى	جَآءَ	الْحَقُّ ①	وَظَهَرَ
آپ کے لیے	کئی معاملات	یہاں تک کہ	آ گیا	حق	اور غالب ہو گیا

اَمْرُ اللّٰهِ	وَهُمْ	كٰرِهُوْنَ ② (48)	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ
اللہ کا حکم	حالانکہ وہ	سب ناپسند کرنیوالے تھے	اور	اُن میں سے	(کوئی ایسا ہے) جو

يَّقُوْلُ ③	ائْذَنْ	لِّيْ	وَ	لَا تَفْتِنِّيْ ؕ	اَلَا ④	فِي الْفِتْنَةِ ⑤
کہتا ہے	اجازت دے دیجیے	مجھے	اور	نہ آپ فتنے میں ڈالیں مجھے	سنو!	فتنے میں (ہی تو)

سَقَطُوْا ؕ	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيْطَةٌۢ ⑤	بِالْكٰفِرِيْنَ (49)
وہ سب گر چکے ہیں	اور بیشک	جہنم	یقیناً گھیرنے والی ہے	سب کافروں کو

اِنْ	تُصِبْكَ ⑤	حَسَنَةٌ ⑤⑥	تَسُؤْهُمْ ⑤ ج	وَاِنْ	تُصِبْكَ ⑤
اگر	پہنچتی ہے آپ کو	کوئی بھلائی	(تو) وہ بُری لگتی ہے اُنہیں	اور اگر	پہنچتی آپ کو

مُصِيْبَةٌ ⑤⑥	يَّقُوْلُوْا	قَدْ	اَخَذْنَآ ⑦	اَمْرَنَا ⑦
کوئی مصیبت	(تو) وہ سب کہتے ہیں	یقیناً	ہم نے (احتیاط) پکڑ لی تھی	اپنے معاملے میں

مِنْ قَبْلُ	وَ	يَتَوَلَّوْا ⑧	وَّهُمْ	فَرِحُوْنَ (50)
پہلے سے (ہی)	اور	وہ سب پھرتے ہیں	اس حال میں کہ وہ	سب خوش ہوتے ہیں

ضروری وضاحت

①فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔②اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔③یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④اَلَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔⑤ۃ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑦یہاں ا اصل لفظ کا حصہ ہے۔⑧علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

قُلۡ لَّنۡ يُّصِيۡبَنَاۤ اِلَّا	کہہ دیجیے ہرگز نہیں پہنچے گا ہمیں (کوئی نقصان) مگر
مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَـنَا ۚ	جو لکھ دیا ہے اللہ نے ہمارے لیے،
هُوَ مَوۡلٰٮنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ	وہ ہمارا رب ہے، اور اللہ پر (ہی)
فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿51﴾	پس چاہیے کہ بھروسا رکھیں ایمان والے۔ ﴿51﴾
قُلۡ هَلۡ تَرَبَّصُوۡنَ بِنَاۤ	کہہ دیجیے! نہیں تم انتظار کرتے ہمارے معاملے میں
اِلَّاۤ اِحۡدَى الۡحُسۡنَيَيۡنِ ؕ	مگر دو بھلائیوں میں سے ایک کا
وَنَحۡنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمۡ	اور ہم انتظار کرتے ہیں تمہارے حق میں
اَنۡ يُّصِيۡبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ	کہ پہنچائے تمہیں اللہ عذاب
مِّنۡ عِنۡدِهٖۤ اَوۡ بِاَيۡدِيۡنَا ۖ	اپنی طرف سے یا ہمارے ہاتھوں سے
فَتَرَبَّصُوۡۤا اِنَّا	تو تم انتظار کرو بے شک ہم (بھی)
مَعَكُمۡ مُّتَرَبِّصُوۡنَ ﴿52﴾	تمہارے ساتھ انتظار کرنے والے ہیں۔ ﴿52﴾
قُلۡ اَنۡفِقُوۡا طَوۡعًا اَوۡ كَرۡهًا	کہہ دیجیے! تم خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	الۡمُؤۡمِنُوۡنَ	امن، ایمان، مومن۔
يُّصِيۡبَنَاۤ	مصیبت، آلام و مصائب۔	اِحۡدَى	واحد، وحدانیت، وحدت۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	الۡحُسۡنَيَيۡنِ	حسنہ، اعمال حسنہ، حسنات۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	عِنۡدِهٖ	عنداللہ، عندالناس، عندالطلب۔
كَتَبَ	کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	بِاَيۡدِيۡنَا	یدطولیٰ، ید بیضاء، رفع الیدین۔
مَوۡلٰٮنَا	مولا، اے مولا۔	مَعَكُمۡ	مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔
عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَنۡفِقُوۡا	انفاق فی سبیل اللہ، نان و نفقہ۔
فَلۡيَتَوَكَّلِ	توکل، متوکل علی اللہ۔	كَرۡهًا	کراہت، مکروہ۔

قُلۡ	لَّنۡ ①	يُّصِيۡبَنَآ ②	اِلَّا	مَا	كَتَبَ	اللّٰهُ
کہہ دیجیے	ہرگز نہیں	پہنچے گا ہمیں (کوئی نقصان)	مگر	جو	لکھ دیا ہے	اللہ نے

لَنَا ۚ	هُوَ	مَوۡلٰٮنَا ۚ	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلۡيَتَوَكَّلِ ② ③
ہمارے لیے	وہ	ہمارا رب ہے	اور	اللہ پر (ہی)	پس چاہیے کہ مکمل بھروسا رکھیں

الۡمُؤۡمِنُوۡنَ (51)	قُلۡ	هَلۡ ④	تَرَبَّصُوۡنَ	بِنَآ	اِلَّآ
سب ایمان والے	کہہ دیجیے	نہیں	تم سب انتظار کرتے	ہمارے (معاملے) میں	مگر

اِحۡدَى	الۡحُسۡنَيَيۡنِ ؕ	وَنَحۡنُ نَتَرَبَّصُ ③ ⑤	بِكُمۡ	اَنۡ
ایک کا	دو بھلائیوں میں سے	اور ہم انتظار کرتے ہیں	تمہارے (حق) میں	کہ

يُّصِيۡبَكُمُ ②	اللّٰهُ	بِعَذَابٍ ⑥	مِّنۡ عِنۡدِهٖۤ	اَوۡ	بِاَيۡدِيۡنَا ۖ
پہنچائے تمہیں	اللہ	عذاب	اپنی طرف سے	یا	ہمارے ہاتھوں سے

فَتَرَبَّصُوۡۤا ③	اِنَّا ⑦	مَعَكُمۡ	مُّتَرَبِّصُوۡنَ ③ (52)
تو تم سب انتظار کرو	بے شک ہم (بھی)	تمہارے ساتھ	سب انتظار کرنے والے (ہیں)

قُلۡ	اَنۡفِقُوۡا ⑧	طَوۡعًا	اَوۡ	كَرۡهًا
آپ کہہ دیجیے	تم سب خرچ کرو	خوشی سے	یا	ناخوشی سے

ضروری وضاحت

① فعل سے پہلے علامت لَنۡ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے۔② یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④ هَلۡ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔
⑤ نَحۡنُ اور نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔⑥ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔⑧ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں وۡا ہو تو اس فعل میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ	ہرگز نہیں قبول کیا جائے گا تم سے
اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿53﴾	بے شک تم ہو نافرمان قوم۔ ﴿53﴾
وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ	اور نہیں مانع ہوئی اُن سے (کوئی چیز) کہ قبول کیے جائیں
مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ	اُن سے اُن کے صدقات مگر (یہ کہ)
اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ	بلاشبہ انہوں نے کفر کیا اللہ کے ساتھ
وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ	اور اس کے رسول کے ساتھ اور نہیں وہ آتے
الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى	نماز کو مگر اس حال میں کہ وہ سست ہوتے ہیں
وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا	اور نہیں وہ خرچ کرتے مگر
وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿54﴾	اس حال میں کہ وہ ناخوش ہوتے ہیں۔ ﴿54﴾
فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ	چنانچہ نہ حیرت میں ڈالیں آپ کو اُن کے مال
وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا	اور نہ اُن کی اولاد، درحقیقت
يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ	چاہتا ہے اللہ کہ وہ عذاب دے اُنہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّتَقَبَّلَ	: قبول، تقبل، قبولیت، مقبول۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، فتنۂ تکفیر۔
مِنْكُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لَا	: لاعلاج، لاتعداد، لامحدود، لاثانی۔
قَوْمًا	: قوم، اقوام، اقوام متحدہ۔	الصَّلٰوةَ	: صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔
فٰسِقِيْنَ	: فسق وفجور، فاسق، فسوق۔	كٰرِهُوْنَ	: کراہت، مکروہ، مکروہات۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	تُعْجِبْكَ	: عجب، عجیب، تعجب۔
مَنَعَهُمْ	: منع، مانع، ممنوع۔	اَوْلَادُهُمْ	: ولادت، ولد، اولاد، مولود۔
نَفَقٰتُهُمْ	: اِنفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔	يُرِيْدُ	: ارادہ، مراد، مرید۔
اِلَّآ	: الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	لِيُعَذِّبَهُمْ	: عذاب، عذابِ جہنم، عذابِ الٰہی۔

لَنْ ①	يُّتَقَبَّلَ ②③	مِنْكُمْ ؕ	اِنَّكُمْ كُنْتُمْ ④	قَوْمًا
ہرگز نہیں	وہ قبول کیا جائے گا	تم سے	بے شک تم ہو	(ایسی) قوم

فٰسِقِيْنَ ﴿53﴾	وَمَا ⑤	مَنَعَهُمْ	اَنْ	تُقْبَلَ ③⑥
(جو) سب نافرمانی کرنیوالے ہو	اور نہیں	مانع ہوئی اُن سے (کوئی چیز)	کہ	قبول کیے جائیں

مِنْهُمْ	نَفَقٰتُهُمْ	اِلَّآ	اَنَّهُمْ	كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ
اُن سے	اُن کے صدقات	مگر (یہ کہ)	بلاشبہ اُن	سب نے کفر کیا	اللہ کے ساتھ

وَ	بِرَسُوْلِهٖ	وَ	لَا يَاْتُوْنَ ⑦	الصَّلٰوةَ ⑥	اِلَّا	وَ
اور	اُسکے رسول کیساتھ	اور	نہیں وہ سب آتے	نماز کو	مگر	اس حال میں کہ

هُمْ	كُسَالٰى	وَ	لَا يُنْفِقُوْنَ ⑦	اِلَّا	وَهُمْ
وہ	سست ہوتے ہیں	اور	نہیں وہ سب خرچ کرتے	مگر	اس حال میں کہ وہ

كٰرِهُوْنَ ﴿54﴾	فَلَا	تُعْجِبْكَ ⑥	اَمْوَالُهُمْ	وَلَآ
سب ناخوش ہوتے ہیں	چنانچہ نہ	حیرت میں ڈالیں آپ کو	اُن کے مال	اور نہ

اَوْلَادُهُمْ ؕ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ ⑧	اللّٰهُ	لِيُعَذِّبَهُمْ
اُن کی اولاد	درحقیقت	چاہتا ہے	اللہ	کہ وہ عذاب دے اُنہیں

ضروری وضاحت

① علامت لَنْ میں مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے۔ ② علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ③ فعل کے شروع میں یُ یا تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ كُمْ اور تُمْ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑤ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑥ تَ، ةَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑧ يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	اُن کے ذریعے دنیوی زندگی میں
وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ	اور نکلیں اُن کی جانیں
وَهُمْ كٰفِرُوْنَ (55)	اس حال میں کہ وہ کافر ہوں۔ (55)
وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ	اور وہ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی
اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ	کہ بے شک وہ یقیناً تم میں سے ہیں
وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ	حالانکہ نہیں ہیں وہ تم میں سے اور لیکن وہ
قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ (56)	(ایسے) لوگ ہیں (کہ) ڈرتے ہیں۔ (56)
لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ	اگر وہ پائیں کوئی جائے پناہ یا غاریں
اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا	یا کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ (تو) ضرور لوٹ جائیں
اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ (57)	اسکی طرف اس حال میں کہ وہ رسیاں تڑا رہے ہوں۔ (57)
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ	اور اُن میں سے جو طعن کرتے ہیں آپ پر
فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ	صدقات کے بارے میں، پھر اگر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الفور، فی الحال، فی الحقیقت۔	لٰكِنَّهُمْ	: لیکن۔
الْحَيٰوةِ	: حیات، احیائے دین۔	قَوْمٌ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
الدُّنْيَا	: دنیا و آخرت، دین و دنیا، دنیوی زندگی۔	يَجِدُوْنَ	: وجود، موجود، وجد۔
وَ	: شان و شوکت، شام و سحر۔	مَلْجَاً	: ملجا و ماوٰی (ٹھکانہ)۔
اَنْفُسُهُمْ	: نفس، نظامِ تنفس، نفسا نفسی۔	مَغٰرٰتٍ	: غار۔
كٰفِرُوْنَ	: کفر، کافر، کفار۔	مُدَّخَلًا	: دخل، داخل، داخلی راستہ، مداخلت۔
يَحْلِفُوْنَ	: حلف، بیانِ حلفی، حلف نامہ، حلیف۔	اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
لَمِنْكُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الصَّدَقٰتِ	: صدقہ و خیرات، صدقات۔

بِهَا ①	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ②	وَ	تَزْهَقَ ②	اَنْفُسُهُمْ
اُن کے ذریعے	دنیوی زندگی میں	اور	نکلیں	اُن کی جانیں

وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ (55)	وَ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ ①
اس حال میں کہ وہ	سب کافر ہوں	اور	وہ سب قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی

اِنَّهُمْ	لَمِنْكُمْ ③ ط	وَمَا	هُمْ	مِّنْكُمْ	وَ
کہ بے شک وہ	ضرور تم میں سے ہیں	حالانکہ نہیں ہیں	وہ	تم میں سے	اور

لٰكِنَّهُمْ	قَوْمٌ ④	يَّفْرَقُوْنَ (56)	لَوْ	يَجِدُوْنَ
لیکن وہ	(ایسے) لوگ ہیں (کہ)	وہ سب ڈرتے ہیں	اگر	وہ سب پائیں

مَلْجَاً ⑤	اَوْ	مَغٰرٰتٍ ②	اَوْ	مُدَّخَلًا ⑤	لَّوَلَّوْا
کوئی جائے پناہ	یا	غاریں	یا	کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ	(تو) ضرور وہ سب لوٹ جائیں

اِلَيْهِ	وَ	هُمْ يَجْمَحُوْنَ ⑥ (57)	وَ	مِنْهُمْ
اُس کی طرف	اس حال میں کہ	وہ سب رسیاں تڑا رہے ہوں	اور	اُن میں سے (کچھ ایسے ہیں)

مَّنْ	يَّلْمِزُكَ	فِي الصَّدَقٰتِ ② ج	فَاِنْ
جو	وہ طعن کرتے ہیں آپ پر	صدقات کے بارے میں	پھر اگر

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ② ۃ، ات اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ لفظ کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔ ④ قَوْمٌ میں چونکہ بہت سے افراد شامل ہوتے ہیں اس لیے اس کا ترجمہ لوگ کیا گیا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ⑥ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

اُعۡطُوۡا مِنۡهَا رَضُوۡا	وہ دیے جائیں اُن میں سے (تو) وہ راضی ہوتے ہیں
وَ اِنۡ لَّمۡ يُعۡطَوۡا مِنۡهَاۤ	اور اگر نہ دیے جائیں وہ اُن میں سے
اِذَا هُمۡ يَسۡخَطُوۡنَ ﴿58﴾	(تو) اسی وقت وہ ناراض ہو جاتے ہیں۔ ﴿58﴾
وَلَوۡ اَنَّهُمۡ رَضُوۡا مَاۤ	اور اگر بے شک وہ راضی رہتے (اس پر) جو
اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗ ۙ	دیا اُنہیں اللہ نے اور اُس کے رسول نے
وَقَالُوۡا حَسۡبُنَا اللّٰهُ	اور وہ کہتے کافی ہے ہمیں اللہ
سَيُؤۡتِيۡنَا اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ	عنقریب دے گا ہمیں اللہ اپنے فضل سے
وَ رَسُوۡلُهٗۤ ۙ اِنَّاۤ	اور اُس کا رسول (بھی) بے شک ہم
ع 7 17 13 اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوۡنَ ﴿59﴾	اللہ کی طرف رغبت کرنے والے ہیں۔ ﴿59﴾
اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلۡفُقَرَآءِ	درحقیقت صدقات (زکوٰۃ تو صرف) محتاجوں کے لیے
وَالۡمَسٰكِيۡنِ	اور مسکینوں (کے لیے) ہیں
وَالۡعٰمِلِيۡنَ عَلَيۡهَا	اور اُن اہلکاروں (کیلئے جو) اُن (کی وصولی) پر (مقرر) ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُعۡطُوۡا،يُعۡطَوۡا : عطا،عطیہ،عطیات۔
مِنۡهَا : منجانب،من جملہ،من حیث القوم۔
رَضُوۡا : راضی،رضا،مرضی،رضائے الٰہی۔
وَ : لیل ونہار،رحم وکرم،شان وشوکت۔
مَاۤ : ماتحت،ماورائے عدالت،ماحول۔
اللّٰهُ : اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام)۔
قَالُوۡا : قول،اقوال،مقولہ،اقوال زریں۔
فَضۡلِهٖ : فضل،فاضل،فضیلت،عالم،فاضل۔

رَسُوۡلُهٗ : رسول،رسل،مرسل،ترسیل۔
اِلَى : الداعی الخیر،مکتوب الیہ،مرسل الیہ۔
رٰغِبُوۡنَ : راغب،مرغوب،رغبت،ترغیب۔
الصَّدَقٰتُ : صدقہ،صدقہ وخیرات،صدقہ فطر۔
لِلۡفُقَرَآءِ : فقر وتنگ دستی،فقر،فقیر،فقراء۔
الۡمَسٰكِيۡنِ : مسکین،مساکین۔
الۡعٰمِلِيۡنَ : عامل،معمول،تعمیل،عمل۔
عَلَيۡهَا : علیحدہ،علی الاعلان،علی ہذا القیاس۔

اُعْطُوْا	مِنْهَا	رَضُوْا	وَ	اِنْ
وہ سب دیے جائیں	اُن میں سے	(تو) وہ سب راضی ہوتے ہیں	اور	اگر

لَّمْ يُعْطَوْا ①	مِنْهَآ	اِذَا ②	هُمْ يَسْخَطُوْنَ ③ (58)
نہ وہ سب دیے جائیں	اُن میں سے	(تو) اسی وقت	وہ سب ناراض ہوجاتے ہیں

وَ اِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ	اور جونہی نازل کی جاتی ہے کوئی سورت (تو) دیکھنے لگتا ہے
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ	ان کا بعض بعض کو (یعنی ایک دوسرے کی طرف)
هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ	کیا دیکھ رہا ہے تمہیں کوئی ایک (مومنوں میں سے)
ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ	پھر واپس پلٹ جاتے ہیں، پھیر دیے ہیں اللہ نے
قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ	انکے دل اس وجہ سے کہ بے شک وہ
قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿127﴾	ایسے لوگ ہیں کہ (جو) نہیں سمجھتے۔ ﴿127﴾
لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ	بلاشبہ یقیناً آیا ہے تمہارے پاس ایک رسول
مِّنْ اَنْفُسِكُمْ	تمہارے نفسوں میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَرَوْنَ : رؤیتِ ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی۔	بَعْضُهُمْ : بعض اشیاء، بعض اوقات، بعض لوگ۔
يُفْتَنُوْنَ : پرفتن دور، فتنہ پرور، فتان۔	اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
مَّرَّةً : روزمرہ۔	انْصَرَفُوْ : صرف نظر۔
يَتُوْبُوْنَ : توبہ، تائب۔	قُلُوْبَهُمْ : قلب، ماہر امراض قلب، قلبی تعلق۔
يَذَّكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	قَوْمٌ : قوم، اقوام، قومیت، اقوام متحدہ۔
مَآ : ماحول، ماتحت، ماورائے عدالت۔	يَفْقَهُوْنَ : فقہ، فقیہ، فقہاء۔
اُنْزِلَتْ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔	اَنْفُسِكُمْ : نفس، نظام تنفس، نفسا نفسی۔

اَوَلَا ❶	يَرَوْنَ	اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ ❸❷	فِيْ كُلِّ عَامٍ
اور کیا نہیں	وہ سب دیکھتے	کہ بیشک وہ سب آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں	ہر سال میں

مَّرَّةً ❹	اَوْ مَرَّتَيْنِ	ثُمَّ	لَا يَتُوْبُوْنَ ❺	وَلَا
ایک بار	یا دو بار	پھر	نہیں وہ سب توبہ کرتے	اور نہ

هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ❸ (126)	وَ	اِذَا مَآ ❻	اُنْزِلَتْ ❹	سُوْرَةٌ ❹❼
وہ سب نصیحت پکڑتے ہیں	اور	جونہی	نازل کی جاتی ہے	کوئی سورت

نَّظَرَ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى بَعْضٍ	هَلْ	يَرٰىكُمْ ❽
تو دیکھنے لگتا ہے	ان کا بعض	بعض کی طرف (یعنی ایک دوسرے کی طرف کہ)	کیا	دیکھ رہا ہے تمہیں

مِنْ اَحَدٍ ❼❾	ثُمَّ	انْصَرَفُوْا	صَرَفَ اللّٰهُ
کوئی ایک (مومنوں میں سے)	پھر	سب واپس پلٹ جاتے ہیں	پھیر دیے ہیں اللہ نے

قُلُوْبَهُمْ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ ❺ (127)
انکے دل	اس وجہ سے کہ بے شک وہ	(ایسے) لوگ ہیں (کہ)	نہیں وہ سب سمجھتے

لَقَدْ	جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ ❼	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
بلاشبہ یقیناً	آیا ہے تمہارے پاس	ایک رسول	تمہارے نفسوں (انسانوں) میں سے

ضروری وضاحت

❶ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❹ ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❻ اِذَا کے ساتھ جب مَا ہو تو جونہی ترجمہ کیا جاتا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❾ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

عَزِيْزٌ عَلَيْهِ	بہت گراں (گزرتا) ہے اس پر
مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ	کہ تم مشقت میں پڑو بہت حریص ہے
عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ	تمہاری (بھلائی) پر مومنوں کے ساتھ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿128﴾	نہایت شفیق بہت مہربان ہے
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ	پھر اگر وہ منہ موڑلیں تو کہہ دیجئے
حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ	کافی ہے مجھے اللہ، نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ	اس پر میں نے بھروسا کیا
وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿129﴾ ع	اور وہی عرش عظیم کا رب ہے۔ ﴿129﴾

ع 16 7 5

اٰيَاتُهَا 109 | 10 سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ 51 | رُكُوْعَاتُهَا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿1﴾	الٓرٰ یہ آیتیں ہیں حکمت والی کتاب کی۔ ﴿1﴾
اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ	کیا ہے لوگوں کے لیے تعجب (کی بات) کہ

المنزل ۳

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيْهِ	: علی الاعلان، علی وجہ البصیرت، علیحدہ۔	الْعَرْشِ	: عرش، عرش عظیم۔
حَرِيْصٌ	: حریص، حرص۔	الْعَظِيْمِ	: عظیم، عظمت، تعظیم۔
بِالْمُؤْمِنِيْنَ	: امن، ایمان، مومن۔	اٰيٰتُ	: آیت، آیات قرآنی۔
رَّحِيْمٌ	: رحم، رحمٰن، رحمت، رحم وکرم۔	الْكِتٰبِ	: کتب، کتاب، مکتوب، کتب سماویہ۔
فَقُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	الْحَكِيْمِ	: حکیم، حکمت، حکمت ودانائی۔
تَوَكَّلْتُ	: توکل، متوکل۔	لِلنَّاسِ	: عوام الناس، بعض الناس۔
وَ	: شام وسحر، شان وشوکت، آرام وسکون۔	عَجَبًا	: عجب، عجیب، تعجب، عجوبہ۔

عَزِيْزٌ ❶	عَلَيْهِ	مَا	عَنِتُّمْ	حَرِيْصٌ ❶	عَلَيْكُمْ
بہت گراں گزرتا ہے	اس پر	کہ	تم مشقت میں پڑو	بہت حریص ہے	تمہاری (بھلائی) پر

بِالْمُؤْمِنِيْنَ	رَءُوْفٌ ❶	رَّحِيْمٌ ❶ (128)	فَاِنْ	تَوَلَّوْا ❷
سب مومنوں کے ساتھ	نہایت شفیق	بہت مہربان ہے	پھر اگر	وہ سب منہ موڑ لیں

فَقُلْ ❸	حَسْبِيَ اللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ ❹	اِلَّا هُوَ	عَلَيْهِ
تو کہہ دیجیے	کافی ہے مجھے اللہ	نہیں ہے کوئی معبود	مگر وہی	اس پر

16 ع 7 5

تَوَكَّلْتُ ❷	وَ	هُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (129) ع
میں نے بھروسا کیا	اور	وہی	عرش عظیم کا رب ہے

اٰیَاتُهَا 109 — 10 سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ 51 — رُكُوْعَاتُهَا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

المنزل ٣

الٓرٰ	تِلْكَ ❺	اٰيٰتُ ❻	الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ❶ (1)
الٓرٰ	یہ	آیتیں ہیں	بہت حکمت والی کتاب کی

اَ ❼	كَانَ ❽	لِلنَّاسِ	عَجَبًا	اَنْ
کیا	ہے	لوگوں کے لیے	تعجب (کی بات)	کہ

ضروری وضاحت

❶ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔❷علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸فَقُلْ قول سے بنا ہے آسانی کے لیے و کو گرا دیا گیا ہے۔❹ لَا کے بعد اگر ایسا اسم ہو جس کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔❺تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔❻ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼ علامت أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔❽ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا اور کبھی ہوا اور کبھی ہے بھی کیا جاتا ہے۔

اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ	ہم نے وحی کی ان میں سے ایک آدمی کی طرف
اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ	کہ آپ ڈرائیں لوگوں کو اور خوشخبری دیں
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ	ان لوگوں کو جو ایمان لائے کہ بے شک
لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ	ان کے لیے ہے مرتبہ سچائی کا
عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ	ان کے رب کے پاس، کافروں نے کہا
اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿2﴾	بے شک یہ (شخص) یقیناً کھلا جادوگر ہے۔ ﴿2﴾
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ	بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ	پھر وہ بلند ہوا عرش پر
يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ	وہ تدبیر کرتا ہے (ہر) کام کی
مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ	نہیں کوئی شفارش کرنے والا مگر اسکی اجازت کے بعد
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ	وہی اللہ تمہارا رب ہے پس تم عبادت کرو اسی کی

وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوْحَيْنَآ : وحی، وحی الٰہی، وحی متلوّ۔
بَشِّرِ : بشارت، مبشر، عشرہ مبشرہ، بشیر۔
اٰمَنُوْٓا : امن، ایمان، مومن۔
صِدْقٍ : صادق، صدق، صداقت۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
هٰذَا : ھٰذا من فضل، علیٰ ھٰذا القیاس، لہٰذا۔
لَسٰحِرٌ : ساحر، سحر، مسحور کن آواز۔
مُّبِيْنٌ : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین۔
خَلَقَ : خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔
يُدَبِّرُ : تدبر، تدبیر، مدبرانہ اقدام۔
الْاَمْرَ : امر، آمر، مامور، امور خارجہ۔
شَفِيْعٍ : شفاعت، شافع محشر، شفیع۔
اِذْنِهٖ : اذن عام، باذن اللہ۔
فَاعْبُدُوْهُ : عبد، عابد، عبادت، معبود۔

اَوْحَيْنَآ ❶	اِلٰى رَجُلٍ	مِّنْهُمْ	اَنْ	اَنْذِرِ	النَّاسَ ❷
ہم نے وحی کی	ایک آدمی کی طرف	ان میں سے	کہ	آپ ڈرائیں	لوگوں کو

وَبَشِّرِ ❸	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنَّ لَهُمْ ❹	قَدَمَ	صِدْقٍ
اور خوشخبری دیں	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	کہ بیشک ان کے لیے	مرتبہ ہے	سچائی کا

عِنْدَ رَبِّهِمْ	قَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	اِنَّ	هٰذَا
ان کے رب کے پاس	کہا	سب کافروں نے	بے شک	یہ (شخص)

لَسٰحِرٌ	مُّبِيْنٌ (2)	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْ
یقیناً جادوگر ہے	کھلا	بے شک	تمہارا رب	اللہ ہے	جس نے

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ❺	وَالْاَرْضَ	فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ❺	ثُمَّ	اسْتَوٰى
پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین کو	چھ دنوں میں	پھر	وہ بلند ہوا

عَلَى الْعَرْشِ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ ❷	مَا	مِنْ شَفِيْعٍ ❻❼	اِلَّا
عرش پر	وہ تدبیر کرتا ہے	(ہر) کام کی	نہیں	کوئی شفارش کرنے والا	مگر

مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ❻	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ ❽	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ
اسکی اجازت کے بعد	وہی اللہ ہے	تمہارا رب	پس تم سب عبادت کرو اسی کی

ضروری وضاحت

❶ نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔❷ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
❸ فعل کے درمیان میں شد ہو تو کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔❹ لَهُمْ میں لَ اصل میں لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے یہ لَ ہو گیا ہے۔❺ ة اور ات مؤنث کی علامتیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❻ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔❽ جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہوا گروہ دو سے زیادہ ہوں تو ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿3﴾	تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے ۔ ﴿3﴾
اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ	اسی کی طرف تمہارا لوٹ کر جانا ہے سب کا، اللہ کا وعدہ
حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ	سچا ہے بلاشبہ وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے مخلوق کو
ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ	پھر وہی دوبارہ زندہ کرے گا اسے تاکہ جزا دے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے
بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	انصاف کے ساتھ اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ	ان کے لیے مشروب ہے کھولتے ہوئے پانی سے
وَّ عَذَابٌ اَلِيْمٌۢ	اور دردناک عذاب ہے
بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿4﴾	اس وجہ سے جو تھے وہ کفر کرتے ۔ ﴿4﴾
هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ	(اللہ) وہی ہے جس نے بنایا سورج کو
ضِيَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا	تیز روشنی (والا) اور چاند کو نور (والا)
وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ	اور اس نے مقرر کی ہیں اس کی منزلیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَذَكَّرُوْنَ : تذکرہ، مذاکرہ، ذکر۔
مَرْجِعُكُمْ : رجوع، مراجع ومصادر، رجوع الی اللہ۔
يَبْدَؤُا : ابتدا، مبتدی طالب علم۔
الْخَلْقَ : خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔
يُعِيْدُهٗ : اعادہ۔
لِيَجْزِيَ : جزائے خیر، جزاوسزا۔
الصّٰلِحٰتِ : صلح، صالح، مصلح ۔

بِالْقِسْطِ : قسط، اقساط، قسط وار۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفران نعمت۔
اَلِيْمٌ : الم ناک حادثہ، رنج والم۔
الشَّمْسَ : شمس وقمر، نظام شمسی، شمسی توانائی۔
ضِيَآءً : ضوء، ضیاء القرآن۔
الْقَمَرَ : قمر، قمری سال، شمس وقمر۔
قَدَّرَهٗ : مقدار، بقدر، اس قدر، حصہ بقدر جثہ۔

اَفَلَا ❶	تَذَكَّرُوْنَ ❷ (3)	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا
تو کیا نہیں	تم سب نصیحت حاصل کرتے	اسی کی طرف	تمہارا لوٹ کر جانا ہے	سب کا

وَعْدَ اللّٰهِ	حَقًّا	اِنَّهٗ يَبْدَؤُا ❸	الْخَلْقَ ❹
اللہ کا وعدہ	سچا ہے	بلاشبہ وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق کو

ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
پھر	وہی دوبارہ زندہ کرے گا اسے	تاکہ وہ جزا دے	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے

وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ❺	بِالْقِسْطِ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور	ان سب نے عمل کیے نیک	انصاف کے ساتھ	اور وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

لَهُمْ	شَرَابٌ	مِّنْ حَمِيْمٍ	وَّ عَذَابٌ	اَلِيْمٌۢ
ان کے لیے	مشروب ہے	کھولتے ہوئے پانی سے	اور عذاب ہے	دردناک

بِمَا	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ❻ (4)	هُوَ الَّذِيْ	جَعَلَ	الشَّمْسَ ❹
اس وجہ سے جو	تھے وہ سب کفر کرتے	(اللہ) وہی ہے جس نے	بنایا	سورج کو

ضِيَآءً	وَّ الْقَمَرَ	نُوْرًا	وَّ قَدَّرَهٗ	مَنَازِلَ
تیز روشنی (والا)	اور چاند کو	نور (والا)	اور اس نے مقرر کی ہیں اس کی	منزلیں

ضروری وضاحت

❶ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ تَذَكَّرُوْنَ اصل میں تَتَذَكَّرُوْنَ تھا علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اور یہاں ایک تَ پڑھنے میں آسانی کے لیے گرا دی گئی ہے۔ ❸ علامت ہٗ اور یَ دونوں کا ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔ ❹ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❺ اٰت اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَ الْحِسَابَ ؕ	تا کہ تم معلوم کرو سالوں کی گنتی اور حساب
مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ	نہیں پیدا کیا اللہ نے یہ (سب کچھ) مگر حق کے ساتھ
يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ	وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے (اپنی) آیتیں
لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿5﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) جانتے ہیں۔ ﴿5﴾
اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ	بے شک رات اور دن کے (آگے پیچھے) آنے جانے میں
وَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ	اور جو کچھ پیدا کیا ہے اللہ نے آسمانوں میں
وَ الْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ	اور زمین میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ﴿6﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) ڈرتے ہیں۔ ﴿6﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ	بے شک وہ لوگ جو نہیں امید رکھتے
لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا	ہماری ملاقات کی اور وہ خوش ہو گئے
بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ اطْمَاَنُّوْا بِهَا	دنیوی زندگی پر اور وہ مطمئن ہیں اس پر
وَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ﴿7﴾ ۙ	اور وہ جو ہماری آیات سے غافل ہیں۔ ﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِتَعْلَمُوْا : علم، معلوم، تعلیم، نظامِ تعلیم۔	يَّتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی و پرہیز گار۔
عَدَدَ : عدد، اعداد، تعداد، متعدد۔	يَرْجُوْنَ : رجا، رجائی، رجائیت۔
السِّنِيْنَ : سن، سنِ بلوغت، سنِ ولادت۔	لِقَآءَنَا : ملاقات، القاء، ملاقاتی حضرات۔
يُفَصِّلُ : مفصّل، تفصیل، تفصیلات۔	رَضُوْا : راضی، مرضی، رضائے الٰہی۔
بِالْحَقِّ : حق، حقانیت، حقوق، حقیقت۔	بِالْحَيٰوةِ : حیات، موت وحیات، آبِ حیات۔
اخْتِلَافِ : اختلاف، مختلف، اختلاف رائے۔	اطْمَاَنُّوْا : اطمینان، مطمئن، اطمینان قلب۔
خَلَقَ : خلقِ خدا، مخلوق، خالقِ حقیقی۔	غٰفِلُوْنَ : غافل، غفلت، تغافل۔

لِتَعْلَمُوْا ❶	عَدَدَ السِّنِيْنَ	وَ الْحِسَابَ	مَا	خَلَقَ اللّٰهُ ❷
تاکہ تم سب معلوم کرو	سالوں کی گنتی	اور حساب	نہیں	پیدا کیا اللہ نے

ذٰلِكَ ❸	اِلَّا	بِالْحَقِّ	يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ ❹	لِقَوْمٍ ❺
یہ (سب کچھ)	مگر	حق کیساتھ	وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے	(اپنی) آیتیں	ان لوگوں کے لیے

يَّعْلَمُوْنَ ﴿5﴾	اِنَّ	فِي اخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَ النَّهَارِ
(جو) وہ سب جانتے ہیں	بیشک	(آگے پیچھے) آنے جانے میں	رات	اور دن کے

وَ مَا	خَلَقَ اللّٰهُ ❷	فِي السَّمٰوٰتِ ❹	وَ الْاَرْضِ	لَاٰيٰتٍ ❹
اور جو (کچھ)	پیدا کیا ہے اللہ نے	آسمانوں میں	اور زمین میں	یقیناً نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ ❺	يَّتَّقُوْنَ ﴿6﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ ❻
ان لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب ڈرتے ہیں	بے شک	وہ لوگ جو	نہیں وہ سب امید رکھتے

لِقَآءَ نَا	وَ	رَضُوْا	بِالْحَيٰوةِ ❹ الدُّنْيَا	وَ اطْمَاَنُّوْا
ہماری ملاقات کی	اور	وہ سب خوش ہو گئے	دنیوی زندگی پر	اور وہ سب مطمئن ہیں

بِهَا	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ اٰيٰتِنَا	غٰفِلُوْنَ ﴿7﴾
اس پر	اور	وہ لوگ جو	وہ	ہماری آیات سے	سب غافل ہیں

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں لِ ہو تو عموماً اس کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے اور کبھی چاہیے کہ بھی ترجمہ ہوتا ہے۔ ❷ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❸ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً کبھی اس کا ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔
❹ ۃ اور ات مونث کی علامتیں ہیں ان کا الگ رنگ میں ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ قوم میں کیونکہ بہت سے افراد شامل ہوتے ہیں اس لیے اس کا ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

اُولٰٓىِٕكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ	یہ سب لوگ (ایسے ہیں کہ) ان کا ٹھکانا آگ ہے
بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿8﴾	اس وجہ سے جو وہ کماتے تھے۔ ﴿8﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے
وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ	اور انہوں نے نیک عمل کیے رہنمائی کرے گا ان کی
رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ	ان کا رب ان کے ایمان کی وجہ سے
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ	بہتی ہوں گی ان کے نیچے سے نہریں
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿9﴾	نعمتوں کے باغات میں۔ ﴿9﴾
دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ	ان کی پکار ان میں (یہ ہوگی) پاک ہے تو اے اللہ
وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ	اور ان کی دعا ان میں سلام ہوگی
وَ اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ	اور ان کی آخری پکار ہوگی کہ تمام تعریف
ع 1/10/6 لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿10﴾	اللہ کے لیے ہے (جو) تمام جہانوں کا پالنے والا ہے ﴿10﴾
وَ لَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ	اور اگر جلدی کرتا اللہ لوگوں کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَاْوٰىهُمْ : ملجاو ماویٰ۔	مِنْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔
النَّارُ : نوری ناری مخلوق، نارِ جہنم۔	تَجْرِيْ : جاری وساری، اجرا۔
يَكْسِبُوْنَ : کسب، کسبِ معاش، کسبی۔	تَحْتِهِمُ : ماتحت، تحت الارض، تحت الشعور۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔	النَّعِيْمِ : نعمت، انعام، نعیم، منعمِ حقیقی۔
عَمِلُوا : عمل، اعمال، معمول، عملیات۔	دَعْوٰىهُمْ : دعا، دعوت، داعی، دعویٰ۔
الصّٰلِحٰتِ : صلح، صالح، مصلح، اعمال صالحہ۔	الْحَمْدُ : حمد، تحمید، حمدیہ کلام۔
يَهْدِيْهِمْ : ہدایت، ہادی، مہدی، ہادیٔ برحق۔	الْعٰلَمِيْنَ : عالم، اقوام عالم، عالمی بھائی چارہ۔

اُولٰٓئِكَ ❶	مَاْوٰىهُمُ ❷	النَّارُ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ❸ (8)
یہ سب لوگ (ایسے ہیں کہ)	ان کا ٹھکانا	آگ ہے	اس وجہ سے جو	وہ سب کماتے تھے

اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❹
بیشک	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور ان سب نے عمل کیے	نیک

يَهْدِيْهِمْ ❺	رَبُّهُمْ ❷	بِاِيْمَانِهِمْ ❷	تَجْرِيْ ❻
رہنمائی کرے گا ان کی	ان کا رب	ان کے ایمان کی وجہ سے	بہتی ہوں گی

مِنْ تَحْتِهِمُ ❷	الْاَنْهٰرُ	فِيْ جَنّٰتِ ❹	النَّعِيْمِ (9)
انکے نیچے سے	نہریں	باغات میں	نعمتوں کے

دَعْوٰىهُمْ ❷	فِيْهَا	سُبْحٰنَكَ ❼	اللّٰهُمَّ	وَ	تَحِيَّتُهُمْ ❷	فِيْهَا
ان کی پکار	ان میں	(یہ ہوگی) پاک ہے تو	اے اللہ	اور	ان کی دعا	ان میں

سَلٰمٌ	وَ	اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ ❷	اَنِ	الْحَمْدُ ❽
سلام ہوگی	اور	ان کی آخری پکار ہوگی	کہ	تمام تعریف

ع 1/10/6

لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (10) ع	وَ لَوْ	يُعَجِّلُ اللّٰهُ ❺	لِلنَّاسِ
اللہ کے لیے ہے	(جو) سب جہانوں کا پالنے والا ہے	اور اگر	جلدی کرتا اللہ	لوگوں کے لیے

ضروری وضاحت

❶ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ سب لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔❷ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا، انکی، انکے کیا جاتا ہے۔❸ وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔❹ ات اسم کے آخر میں مونث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺ ی کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❻ ت فعل کے شروع میں مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼ سُبْحٰنَكَ کا اصل ترجمہ تیری پاکی ہے۔❽ اَلْحَمْدُ کے شروع میں اَلْ میں حمد کی تمام اقسام شامل ہیں۔

الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ	برائی (پہنچانے) میں انکے جلدی طلب کرنے (کی طرح)
بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ	بھلائی کو یقیناً پوری کر دی جاتی ان کی طرف
اَجَلُهُمْ ط فَنَذَرُ الَّذِيْنَ	انکی مدت، پس ہم چھوڑ دیتے ہیں ان لوگوں کو جو
لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا	نہیں امید رکھتے ہماری ملاقات کی
فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (11)	اپنی سرکشی میں وہ سرگرداں پھرتے ہیں۔ (11)
وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ	اور جب پہنچتی ہے انسان کو تکلیف
دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ	(تو) وہ پکارتا ہے ہمیں اپنے پہلو پر (لیٹے ہوئے)
اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ج	یا بیٹھے ہوئے یا کھڑے ہوئے
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ	پھر جب ہم دور کر دیتے ہیں اس سے اسکی تکلیف
مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ	(تو یوں) گزر جاتا ہے گویا کہ اس نے ہمیں پکارا ہی نہیں
اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ط كَذٰلِكَ	اس تکلیف کی طرف (جو) اسے پہنچی تھی اسی طرح
زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ	مزین کر دیے گئے حد سے تجاوز کرنے والوں کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِسْتِعْجَالَهُمْ : عجلت، مہر معجّل، تعجیل۔

لَقُضِيَ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔

اَجَلُهُمْ : اجل، لقمہ اجل، فرشتہ اجل۔

يَرْجُوْنَ : رجا، رجائی۔

لِقَآءَنَا : ملاقات، القا، ملاقاتی حضرات۔

طُغْيَانِهِمْ : طغیانی، طاغوت۔

مَسَّ : مس کرنا۔

الضُّرُّ : ضرر، بے ضرر، مضر صحت۔

دَعَانَا : دعا، دعوت، داعی۔

قَاعِدًا : قعدہ اولیٰ، مقعد۔

كَشَفْنَا : کشف، مکاشفہ۔

مَرَّ : مرور زمانہ، روزمرہ۔

زُيِّنَ : مزین، تزئین و آرائش، زیب و زینت۔

لِلْمُسْرِفِيْنَ : اسراف (فضول خرچی)۔

الشَّرَّ	اسۡتِعۡجَالَهُمۡ ❶	بِالۡخَيۡرِ	لَقُضِيَ ❷
برائی (پہنچانے) میں	انکے جلدی طلب کرنے (کی طرح)	بھلائی کو	یقیناً پوری کردی جاتی

اِلَيۡهِمۡ	اَجَلُهُمۡ	فَنَذَرُ	الَّذِيۡنَ	لَا
ان کی طرف	انکی مدت	پس ہم چھوڑ دیتے ہیں	ان لوگوں کو جو	نہیں

يَرۡجُوۡنَ	لِقَآءَ نَا ❸	فِيۡ طُغۡيَانِهِمۡ ❹	يَعۡمَهُوۡنَ ﴿11﴾
وہ سب امید رکھتے	ہماری ملاقات کی	اپنی سرکشی میں	وہ سب سرگرداں پھرتے ہیں

وَ	اِذَا	مَسَّ	الۡاِنۡسَانَ ❸	الضُّرُّ	دَعَانَا
اور	جب	پہنچتی ہے	انسان کو	تکلیف	(تو) وہ پکارتا ہے ہمیں

لِجَنۡۢبِهٖۤ ❺	اَوۡ	قَاعِدًا	اَوۡ	قَآئِمًا	فَلَمَّا
اپنے پہلو پر (لیٹے ہوئے)	یا	بیٹھے ہوئے	یا	کھڑے ہوئے	پھر جب

كَشَفۡنَا	عَنۡهُ	ضُرَّهٗ ❺	مَرَّ	كَاَنۡ	لَّمۡ يَدۡعُنَاۤ ❻
ہم دور کردیتے ہیں	اس سے	اسکی تکلیف	(تو یوں) گزر جاتا ہے	گویا کہ	اس نے ہمیں پکارا ہی نہیں

اِلٰى ضُرٍّ	مَّسَّهٗ ❺	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ ❼	لِلۡمُسۡرِفِيۡنَ ❽
اس تکلیف کی طرف	(جو) پہنچی تھی اسے	اسی طرح	مزین کردیے گئے	حد سے تجاوز کرنے والوں کے لیے

ضروری وضاحت

❶علامت استـ میں طلب وچاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔❷ لَـ تاکید کی علامت ہے۔❸فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔❹اسم کے آخر میں هِمۡ کا ترجمہ کبھی اپنا، اپنی، اپنے بھی کیا جاتا ہے۔❺اسم کے ساتھ علامت ہٗ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❻لَمۡ کے بعد علامت یـ کا ترجمہ عموماً وہ کی بجائے اس نے کیا جاتا ہے۔❼فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔❽ شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿12﴾	جو وہ (برے) عمل کرتے تھے۔ ﴿12﴾
وَ لَقَدۡ اَهۡلَكۡنَا الۡقُرُوۡنَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے ہلاک کر دیا (ان) امتوں کو
مِنۡ قَبۡلِكُمۡ لَمَّا ظَلَمُوۡا ۙ	(جو) تم سے پہلے تھیں جب انہوں نے ظلم کیا
وَ جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ	اور آئے انکے پاس انکے رسول واضح دلائل کے ساتھ
وَ مَا كَانُوۡا لِيُؤۡمِنُوۡا ؕ	اور وہ نہ ہوئے کہ ایمان لاتے
كَذٰلِكَ نَجۡزِى الۡقَوۡمَ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿13﴾	اسی طرح ہم سزا دیتے ہیں مجرم قوم کو۔ ﴿13﴾
ثُمَّ جَعَلۡنٰكُمۡ خَلٰٓئِفَ فِى الۡاَرۡضِ	پھر ہم نے بنایا تمہیں جانشین زمین میں
مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ لِنَنۡظُرَ كَيۡفَ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿14﴾	انکے بعد تاکہ ہم دیکھیں کیسے تم عمل کرتے ہو۔ ﴿14﴾
وَ اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ	اور جب تلاوت کی جاتی ہیں ان پر ہماری واضح آیات
قَالَ الَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ	(تو) کہتے ہیں وہ لوگ جو نہیں امید رکھتے
لِقَآءَنَا ائۡتِ بِقُرۡاٰنٍ غَيۡرِ هٰذَاۤ	ہماری ملاقات کی لے آ کسی (اور) قرآن کو اسکے علاوہ
اَوۡ بَدِّلۡهُ ؕ قُلۡ مَا يَكُوۡنُ لِىۡۤ	یا بدل دے اس کو، کہہ دو نہیں ہے (لائق) میرے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعۡمَلُوۡنَ : عمل، اعمال، معمول، اعمال صالحہ۔	خَلٰٓئِفَ : خلیفہ، خلافت، خلف الرشید۔
اَهۡلَكۡنَا : ہلاک، ہلاکت، مہلک۔	لِنَنۡظُرَ : نظر، منظر، نظارہ، منظور نظر۔
الۡقُرُوۡنَ : قرون اولیٰ، قرونِ وسطیٰ۔	كَيۡفَ : بہرکیف، کیفیت۔
بِالۡبَيِّنٰتِ : بیان، مبینہ، دلیل بین۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لِيُؤۡمِنُوۡا : امن، ایمان، مومن۔	يَرۡجُوۡنَ : رجا، رجائی، رجائیت۔
نَجۡزِى : جزا و سزا، جزائے خیر۔	لِقَآءَنَا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
الۡمُجۡرِمِيۡنَ : جرم، مجرم، جرائم۔	بَدِّلۡهُ : بدل، تبدیل، تبادلہ، متبادل۔

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (12) ❶	وَ لَقَدْ	اَهْلَكْنَا ❷	الْقُرُوْنَ ❸
جو	تھے وہ سب (برے) عمل کرتے	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے ہلاک کر دیا	ان امتوں کو

مِنْ قَبْلِكُمْ	لَمَّا	ظَلَمُوْا	وَ	جَآءَتْهُمْ ❹	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ❹
(جو) تم سے پہلے تھیں	جب	ان سب نے ظلم کیا	اور	آئے انکے پاس	انکے رسول	واضح دلائل کے ساتھ

وَ مَا	كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْا ط	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
اور نہ	وہ ہوئے سب	کہ وہ سب ایمان لاتے	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں

الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ (13)	ثُمَّ	جَعَلْنٰكُمْ ❷	خَلٰٓئِفَ ❸	فِي الْاَرْضِ	مِنْ بَعْدِهِمْ ❺
تمام مجرم قوم کو	پھر	ہم نے بنایا تمہیں	جانشین	زمین میں	ان کے بعد

لِنَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ (14)	وَ اِذَا	تُتْلٰى ❹	عَلَيْهِمْ
تا کہ ہم دیکھیں	کیسے	تم سب عمل کرتے ہو	اور جب	تلاوت کی جاتی ہیں	ان پر

اٰيَاتُنَا	بَيِّنٰتٍ ❹	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ ❻	لِقَآءَنَا
ہماری آیات	واضح	(تو) کہتے ہیں	وہ لوگ جو	نہیں وہ سب امید رکھتے	ہماری ملاقات کی

ائْتِ	بِقُرْاٰنٍ ❼	غَيْرِ هٰذَآ	اَوْ بَدِّلْهُ	قُلْ	مَا يَكُوْنُ ❽	لِيْٓ
لے آ	کسی (اور) قرآن کو	اسکے علاوہ	یا بدل دے اس کو	کہہ دو	نہیں ہے (لائق)	میرے لیے

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کو ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ فعل کے ساتھ نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس کا مفعول ہوتا ہے۔ ❹ تُ، تْ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ یہاں علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ	کہ میں بدل دوں اسے اپنے نفس کی طرف سے
اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى	نہیں میں پیروی کرتا مگر اسکی جو وحی کی جاتی ہے
اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ	میری طرف بے شک میں ڈرتا ہوں
اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ	اگر میں نے نافرمانی کی اپنے رب کی
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (15)	بڑے دن کے عذاب سے۔ (15)
قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ	کہہ دیجئے اگر اللہ چاہتا (تو) میں تلاوت نہ کرتا اسکی
عَلَيْكُمْ وَ لَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ	تم پر اور نہ وہ (اللہ) اطلاع دیتا تمہیں اسکی
فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا	پس یقیناً میں رہ چکا ہوں تم میں ایک عمر
مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (16)	اس سے قبل تو کیا نہیں تم سمجھتے۔ (16)
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى	پھر کون بڑا ظالم ہے (اس) سے جس نے باندھا
عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ	اللہ پر جھوٹ یا اس نے جھٹلایا اس کی آیات کو
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ (17)	بیشک یہ (یقینی بات ہے کہ) نہیں فلاح پائیں گے مجرم۔ (17)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُبَدِّلَهٗ	بدل، تبدیل، تبادلہ، متبادل۔	تَلَوْتُهٗ	تلاوت، وحی متلوّ۔
اَتَّبِعُ	اتباع، متبع سنت، تابع فرمان۔	تَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول، عقلمند۔
يُوْحٰى	وحی الٰہی، وحی متلوّ۔	اَظْلَمُ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اَخَافُ	خوف، خائف۔	افْتَرٰى	افترا، افترا پردازی۔
عَصَيْتُ	معصیت، عصیاں۔	كَذِبًا	کاذب، کذاب، تکذیب۔
عَظِيْمٍ	عظیم، اعظم، تعظیم، معظم۔	يُفْلِحُ	فلاح، فلاح دارین، فلاح و بہبود۔
قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	الْمُجْرِمُوْنَ	جرم، مجرم، جرائم۔

اَنْ	اُبَدِّلَهٗ	مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِیْ	اِنْ ❶	اَتَّبِعُ
کہ	میں بدل دوں اسے	اپنے نفس کی طرف سے	نہیں	میں پیروی کرتا

اِلَّا	مَا يُوْحٰٓى ❷	اِلَیَّ	اِنِّیْٓ اَخَافُ ❸	اِنْ ❶	عَصَيْتُ
مگر	(اسکی) جو وحی کی جاتی ہے	میری طرف	بے شک میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نے نافرمانی کی

رَبِّیْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿15﴾	قُلْ ❹	لَّوْ	شَآءَ اللّٰهُ ❺
اپنے رب کی	عذاب سے	بڑے دن کے	کہہ دیجئے	اگر	اللہ چاہتا (تو)

مَا تَلَوْتُهٗ	عَلَيْكُمْ	وَلَآ	اَدْرٰىكُمْ	بِهٖ	فَقَدْ
نہ میں تلاوت کرتا اسکی	تم پر	اور نہ	وہ (اللہ) اطلاع دیتا تمہیں	اس کی	پس یقیناً

لَبِثْتُ	فِيْكُمْ	عُمُرًا ❻	مِّنْ قَبْلِهٖ	اَفَلَا ❼	تَعْقِلُوْنَ ﴿16﴾
میں رہ چکا ہوں	تم میں	ایک عمر	اس سے قبل	تو کیا نہیں	تم سب سمجھتے

فَمَنْ	اَظْلَمُ ❽	مِمَّنِ ❾	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا
پھر کون	بڑا ظالم ہے	اس سے جس نے	باندھا	اللہ پر	جھوٹ

اَوْ	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ ❷	الْمُجْرِمُوْنَ ﴿17﴾
یا	اس نے جھٹلایا	اسکی آیات کو	بیشک یہ (یقینی بات ہے کہ)	نہیں فلاح پائیں گے	سب مجرم

ضروری وضاحت

❶ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہے اور اگر اِنْ کے بعد اِلَّا آ رہا ہو تو ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❷ یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یٓ اور اَ دونوں کا ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❹ قُلْ قَوْل سے بنا ہے آسانی کے لیے وْ کو گرا دیا گیا ہے۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❾ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اور وہ عبادت کرتے ہیں اللہ کے علاوہ (ان چیزوں) کی
مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ	جو نہ نقصان پہنچاتی ہیں انہیں اور نہ نفع دیتی ہیں انہیں
وَ يَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا	اور وہ کہتے ہیں یہ ہمارے سفارشی ہیں
عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ	اللہ کے ہاں کہہ دیجئے کیا تم خبر دیتے ہو اللہ کو
بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ	اس کی جو وہ نہیں جانتا آسمانوں میں
وَ لَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى	اور نہ زمین میں وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿18﴾	ان چیزوں سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿18﴾
وَ مَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً	اور نہیں تھے لوگ مگر ایک امت
فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَ لَوْلَا كَلِمَةٌ	پھر وہ جدا جدا ہوگئے، اور اگر نہ ہوتی وہ بات
سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ	(جو) پہلے طے ہو چکی ہے تیرے رب کی طرف سے
لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا	(تو) یقیناً فیصلہ کردیا جاتا انکے درمیان اس (بارے) میں جو (کہ)
فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿19﴾	اس میں وہ اختلاف کررہے ہیں۔ ﴿19﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعْبُدُوْنَ : عبد، عبادت، معبود، معبود برحق۔	تَعٰلٰى : عالی شان، علوّ مرتبت، جناب عالی۔
يَضُرُّهُمْ : ضرر، بے ضرر، مضر صحت۔	فَاخْتَلَفُوْا : اختلاف، مختلف، اختلاف رائے۔
يَنْفَعُهُمْ : نفع، منافع، منفعت۔	كَلِمَةٌ : کلمہ، کلمات، کلمہ طیبہ۔
شُفَعَآؤُنَا : شفاعت، شافع روز جزا، شافع محشر۔	سَبَقَتْ : سبقت، سابق۔
تُنَبِّئُوْنَ : نبی، انبیا، نبوت۔	لَقُضِيَ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
يَعْلَمُ : علم، تعلیم، معلوم، نظام تعلیم۔	بَيْنَهُمْ : بین بین، بین الاقوامی، بین المذاہب
سُبْحٰنَهٗ : تسبیح، تسبیحات۔	فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

وَ يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❶	مَا لَا	يَضُرُّهُمْ ❷
اور وہ سب عبادت کرتے ہیں	اللہ کے علاوہ (ان چیزوں) کی	جو نہ	نقصان پہنچاتی ہیں انہیں

وَ لَا	يَنْفَعُهُمْ	وَ يَقُوْلُوْنَ	هٰٓؤُلَآءِ	شُفَعَآؤُنَا
اور نہ	وہ نفع دیتی ہیں انہیں	اور وہ سب کہتے ہیں	یہ	ہمارے سفارشی ہیں

عِنْدَ اللّٰهِ	قُلْ	اَ	تُنَبِّـُٔوْنَ	اللّٰهَ ❸	بِمَا	لَا يَعْلَمُ
اللہ کے ہاں	کہہ دیجئے	کیا	تم سب خبر دیتے ہو	اللہ کو	اس کی جو	نہیں وہ جانتا

فِي السَّمٰوٰتِ ❹	وَ لَا	فِي الْاَرْضِ	سُبْحٰنَهٗ ❺	وَ	تَعٰلٰى ❻
آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں	وہ پاک ہے	اور	بہت بلند ہے

عَمَّا ❼	يُشْرِكُوْنَ (18)	وَ مَا	كَانَ	النَّاسُ	اِلَّآ	اُمَّةً وَّاحِدَةً ❹
(ان چیزوں) سے جو	وہ سب شریک بناتے ہیں	اور نہیں	تھے	لوگ	مگر	ایک امت

فَاخْتَلَفُوْا	وَ لَوْلَا	كَلِمَةٌ ❹	سَبَقَتْ ❽	مِنْ رَّبِّكَ
پھر وہ سب جدا جدا ہو گئے	اور اگر نہ (ہوتی)	وہ بات	(جو) پہلے طے ہو چکی ہے	تیرے رب کی طرف سے

لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	فِيْمَا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ (19)
(تو) یقیناً فیصلہ کر دیا جاتا	انکے درمیان	اس میں جو (کہ)	اس میں	وہ سب اختلاف کر رہے ہیں

ضروری وضاحت

❶ عموماً دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❷ علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❹ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ سُبْحٰنَهٗ کا اصل ترجمہ اسکی پاکی ہے۔ ❻ ت اور کھڑی زبر جو کہ الف کے قائم مقام ہے دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے۔ ❼ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ❽ تْ فعل کے آخر میں مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَيَقُوْلُوْنَ لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ	اور وہ کہتے ہیں کیوں نہیں اتاری گئی اس پر
اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ	کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے
فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ	تو آپ کہہ دیجئے بیشک غیب صرف اللہ کے لیے ہے
فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ	پس انتظار کرو بے شک میں تمہارے ساتھ
مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿20﴾	انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔ ﴿20﴾ ع 2/10/7
وَ اِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً	اور جب ہم چکھاتے ہیں (کافر) لوگوں کو کوئی رحمت
مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ	تکلیف کے بعد (جو) پہنچی ہو انہیں
اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ	(تو) اچانک انکے لیے کوئی نہ کوئی چال ہوتی ہے
فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ	(وہ جو چلتے ہیں) ہماری آیتوں میں، کہہ دیجئے اللہ
اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا	زیادہ تیز ہے چال چلنے میں بیشک ہمارے رسول (فرشتے)
يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿21﴾	لکھ لیتے ہیں جو تم چالیں چلتے ہو۔ ﴿21﴾
هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ	(اللہ) وہی ہے جو چلاتا ہے تمہیں خشکی میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

اُنْزِلَ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔

فَانْتَظِرُوْا : انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔

مَعَكُمْ : مع اہل وعیال، معیت۔

اَذَقْنَا : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔

رَحْمَةً : رحمت باری تعالی، باران رحمت۔

ضَرَّآءَ : ضرر، بے ضرر، مضر صحت۔

مَسَّتْهُمْ : مس کرنا۔

مَّكْرٌ : مکر، مکروفریب، مکار۔

اٰيَاتِنَا : آیت، آیات قرانی۔

اَسْرَعُ : سرعت، سریع الحرکت۔

يَكْتُبُوْنَ : کتاب، کتب، مکتوب، کتب سماویہ۔

يُسَيِّرُكُمْ : سیروسیاحت، سیروتفریح، سیارہ۔

الْبَرِّ : بری افواج، براعظم۔

وَ	يَقُوْلُوْنَ	لَوْلَآ ❶	اُنْزِلَ ❷	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ ❸❹
اور	وہ سب کہتے ہیں	کیوں نہیں	اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی

مِّنْ رَّبِّهٖ	فَقُلْ	اِنَّمَا ❺	الْغَيْبُ	لِلّٰهِ
اس کے رب کی طرف سے	تو آپ کہہ دیجئے	بیشک صرف	غیب	اللہ کے لیے ہے

فَانْتَظِرُوْا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿20﴾ ع
پس سب انتظار کرو	بے شک میں	تمہارے ساتھ	سب انتظار کرنے والوں میں سے ہوں

ع 2 10 7

وَ اِذَآ	اَذَقْنَا	النَّاسَ	رَحْمَةً ❸❹	مِّنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ ❻
اور جب	ہم چکھاتے ہیں	(کافر) لوگوں کو	کوئی رحمت	تکلیف کے بعد

مَسَّتْهُمْ ❼	اِذَا ❽	لَهُمْ	مَّكْرٌ ❸	فِيْٓ اٰيَاتِنَا
(جو) پہنچی ہوا نہیں	(تو) اچانک	ان کے لیے	کوئی نہ کوئی چال ہوتی ہے	(جو چلتے ہیں) ہماری آیتوں میں

قُلِ	اللّٰهُ	اَسْرَعُ ❾	مَكْرًا	اِنَّ	رُسُلَنَا	يَكْتُبُوْنَ
کہہ دیجئے	اللہ	زیادہ تیز ہے	چال چلنے میں	بیشک	ہمارے رسول (فرشتے)	وہ سب لکھ لیتے ہیں

مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿21﴾	هُوَ الَّذِيْ	يُسَيِّرُكُمْ	فِي الْبَرِّ
جو تم سب چالیں چلتے ہو	(اللہ) وہی ہے جو	وہ چلاتا ہے تمہیں	خشکی میں

ضروری وضاحت

❶ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر اور کبھی کاش اور کبھی کیوں کردیا جاتا ہے۔❷ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔❹ ة مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺ اِنَّ کیساتھ جب مَا آجائے تو اس میں بیشک کے ساتھ صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔❻ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❼ تْ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❽ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک بھی کردیا جاتا ہے۔❾ أَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ	اور سمندر (میں) یہاں تک کہ جب تم ہوتے ہو
فِى الْفُلْكِ ۚ وَ جَرَيْنَ بِهِمْ	کشتیوں میں اور وہ چل پڑتی ہیں انہیں لے کر
بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّ فَرِحُوْا	عمدہ (موافق) ہواؤں کے ساتھ اور وہ خوش ہوتے ہیں
بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ	اس (ہوا) پر تو آ جاتی ہے ان (کشتیوں) پر سخت تیز ہوا
وَّ جَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ	اور آ جاتی ہیں ان پر موجیں ہر جگہ سے
وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ	اور وہ سمجھ لیتے ہیں کہ یقیناً وہ گھیر لیا گیا ہے ان کو
دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ	(تو) اس وقت وہ پکارتے ہیں اللہ کو خالص کرتے ہوئے
لَهُ الدِّيْنَ ۚ۬ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا	اسکے لیے عبادت کو البتہ اگر تو نے نجات دی ہمیں
مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ	اس (طوفاں) سے تو ضرور بالضرور ہم ہو جائیں گے
مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿22﴾ فَلَمَّآ	شکر گزاروں میں سے۔ ﴿22﴾ پھر جب
اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ	اس نے نجات دے دی انہیں (تو) اچانک وہ
يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ	سرکشی کرنے لگتے ہیں زمین میں ناحق

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبَحْرِ : بحرِ بے کنار، بحری جہاز، پاک بحریہ۔
جَرَيْنَ : جاری وساری، بیان جاری فرمانا۔
بِرِيْحٍ : ریح، ریاح، ریح بادی۔
طَيِّبَةٍ : کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔
فَرِحُوْا : فرحت، مفرح قلب۔
الْمَوْجُ : موج، موج در موج، سمندر کی موج۔
مَكَانٍ : مکان، مکین۔
ظَنُّوْٓا : سوئے ظن، ظن غالب۔
اُحِيْطَ : احاطہ، محیط۔
مُخْلِصِيْنَ : مخلص، اخلاص، خلوص۔
اَنْجَيْتَنَا : نجات، نجات دہندہ۔
الشّٰكِرِيْنَ : شکر، شاکر، شکرانہ، مشکور۔
يَبْغُوْنَ : باغی، بغاوت۔
بِغَيْرِ : غیر، اغیار، غیر اللہ۔

وَالْبَحْرِ	حَتّٰٓى اِذَا ❶	كُنْتُمْ	فِى الْفُلْكِ
اور سمندر (میں)	یہاں تک کہ جب	تم ہوتے ہو	کشتیوں میں

وَ جَرَيْنَ ❷	بِهِمْ	بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ ❸	وَّ فَرِحُوْا
اور وہ چل پڑتی ہیں	انہیں لے کر	عمدہ (موافق) ہواؤں کے ساتھ	اور وہ سب خوش ہوتے ہیں

بِهَا	جَآءَتْهَا ❸	رِيْحٌ عَاصِفٌ	وَّ جَآءَهُمُ	الْمَوْجُ
اس (ہوا) پر	تو آجاتی ہے ان (کشتیوں) پر	سخت تیز ہوا	اور آجاتی ہیں ان پر	موجیں

مِنْ كُلِّ مَكَانٍ	وَّ ظَنُّوْٓا ❹	اَنَّهُمْ	اُحِيْطَ ❺	بِهِمْ
ہر جگہ سے	اور وہ سب یقین کر لیتے ہیں	کہ یقیناً وہ	گھیر لیا گیا ہے	ان کو

دَعَوُا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ ❻	لَئِنْ
(تو) وہ سب پکارتے ہیں	اللہ کو	سب خالص کرتے ہوئے	اسکے لیے عبادت	البتہ اگر

اَنْجَيْتَنَا	مِنْ هٰذِهٖ	لَنَكُوْنَنَّ ❼	مِنَ الشّٰكِرِيْنَ (22)
تو نے نجات دی ہمیں	اس (طوفان) سے	(تو) ضرور بالضرور ہم ہو جائیں گے	شکر گزاروں میں سے

فَلَمَّآ	اَنْجٰىهُمْ	اِذَا ❶	هُمْ يَبْغُوْنَ ❽	فِى الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ
پھر جب	اس نے نجات دی انہیں	(تو) اچانک	وہ سب سرکشی کرنے لگتے ہیں	زمین میں	ناحق طریقے سے

ضروری وضاحت

❶ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❷ جَرَيْنَ کے آخر میں يْنَ جمع مذکر کی علامت نہیں بلکہ ی اصل لفظ کا حصہ ہے اور ن جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ❸ ة تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ظَنُّوْا کے بعد اگر اَنَّ ہو تو پھر اس کا ترجمہ گمان کی بجائے یقین کرتے ہیں۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اَلدِّيْنَ کا ترجمہ اطاعت ہے جس سے عبادت کا مفہوم لیا گیا ہے۔ ❼ لَ اور نَّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❽ هُمْ اور يـ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ	اے لوگو! یقیناً تمہاری سرکشی (کا وبال)
عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ	تمہاری جانوں ہی پر ہے (اٹھالو) فائدہ دنیوی زندگی کا
ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ	پھر ہماری طرف ہی تمہارا لوٹنا ہے
فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿23﴾	تو ہم خبر دیں گے تمہیں اسکی جو تھے تم عمل کرتے۔ ﴿23﴾
اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ	دنیوی زندگی کی مثال تو محض پانی کی طرح ہے
اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ	ہم نے اتارا اُسے آسمان سے پھر مل جل گئیں اسکے ساتھ
نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ	زمین کی نباتات اس میں سے جسے کھاتے ہیں لوگ
وَ الْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ	اور چوپائے، یہاں تک کہ جب حاصل کرلی زمین نے
زُخْرُفَهَا وَ ازَّيَّنَتْ	اپنی آرائش اور خوب مزین ہوگئی
وَ ظَنَّ اَهْلُهَاۤ اَنَّهُمْ	اور گمان کر بیٹھے اسکے رہنے والے کہ یقیناً وہ
قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَاۤ ۙ اَتٰىهَاۤ اَمْرُنَا	قادر ہیں اس پر (تو اچانک) آ گیا اس پر ہمارا حکم (عذاب)
لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا	رات کو یا دن میں تو ہم نے کر دیا اس (کھیتی) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَغْيُكُمْ : باغی، بغاوت۔	نَبَاتُ : نباتات، نبات الارض۔
مَّتَاعَ : متاع عزیز، متاع کارواں، مال و متاع۔	يَاْكُلُ : ماکولات و مشروبات، اکل و شرب۔
مَرْجِعُكُمْ : رجوع کرنا، رجعت پسندی۔	زَّيَّنَتْ : زیب و زینت، مزین، تزئین و آرائش۔
فَنُنَبِّئُكُمْ : نبی، انبیاء (وحی کی خبر دینے والے)۔	ظَنَّ : سوئے ظن، ظن غالب، حسن ظن، بدظن۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال، معمول، اعمال صالحہ۔	اَهْلُهَاۤ : اہل و عیال، اہل بیت، اہل سنت والجماعت۔
اَنْزَلْنٰهُ : نازل، نزول، منزل من اللہ، نزول قرآن۔	قٰدِرُوْنَ : قادر، قدرت، مقدر، تقدیر۔
فَاخْتَلَطَ : اختلاط، خلط ملط، مخلوط۔	اَمْرُنَا : امر، امور، آمر، مامور۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ①	اِنَّمَا بَغۡیُكُمۡ②③	عَلٰۤی اَنۡفُسِكُمۡ③	مَّتَاعَ الۡحَیٰوةِ④ الدُّنۡیَا
اے لوگو!	یقیناً تمہاری سرکشی (کا وبال)	تمہاری جانوں ہی پر ہے	(اٹھالو) فائدہ دنیوی زندگی کا

ثُمَّ	اِلَیۡنَا	مَرۡجِعُكُمۡ③	فَنُنَبِّئُكُمۡ③	بِمَا	كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ⑤ (23)
پھر	ہماری طرف ہی	تمہارا لوٹنا ہے	تو ہم خبر دیں گے تمہیں	اسکی جو	تھے تم سب عمل کرتے

اِنَّمَا مَثَلُ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا②④	كَمَآءٍ	اَنۡزَلۡنٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ
دنیوی زندگی کی مثال تو محض	پانی کی طرح ہے	ہم نے اتارا ہے اسے	آسمان سے

فَاخۡتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ الۡاَرۡضِ	مِمَّا⑥	یَاۡكُلُ⑦	النَّاسُ
پھر مل جل گئیں	اسکے ساتھ	زمین کی نباتات	(اس میں) سے جسے	کھاتے ہیں	لوگ

وَالۡاَنۡعَامُ	حَتّٰۤی	اِذَاۤ	اَخَذَتِ الۡاَرۡضُ⑧	زُخۡرُفَهَا
اور چوپائے	یہاں تک کہ	جب	حاصل کرلی زمین نے	اپنی آرائش

وَازَّیَّنَتۡ⑧	وَظَنَّ	اَهۡلُهَاۤ	اَنَّهُمۡ	قٰدِرُوۡنَ	عَلَیۡهَاۤ
اور خوب مزین ہوگئی	اور گمان کربیٹھے	اسکے رہنے والے	کہ یقیناً وہ	سب قادر ہیں	اس پر

اَتٰىهَاۤ	اَمۡرُنَا	لَیۡلًا	اَوۡ نَهَارًا	فَجَعَلۡنٰهَا
(تو اچانک) آگیا اس پر	ہمارا حکم (عذاب)	رات کو	یا دن میں	تو ہم نے کردیا اس (کھیتی) کو

ضروری وضاحت

①یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ②اِنَّ کے ساتھ اگر مَا آئے تو اس میں تاکید کا اضافہ ہوتا ہے اور کبھی صرف یا محض کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③كُمۡ اگر اسم کیساتھ ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کیساتھ ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ة مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤تُمۡ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑥مِمَّا دراصل مِنۡ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ⑦یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧تۡ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں اسکو اگلے لفظ سے ملا کر پڑھنا ہو تو اسے زیر دیتے ہیں۔

حَصِيۡدًا كَاَنۡ لَّمۡ تَغۡنَ بِالۡاَمۡسِ ؕ	جڑ سے کاٹی ہوئی گویا کہ نہیں تھی موجود کل
كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ	اسی طرح ہم کھول کر بیان کرتے ہیں (اپنی) آیات کو
لِقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿24﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) غور وفکر کرتے ہیں۔ ﴿24﴾
وَ اللّٰهُ يَدۡعُوۡۤا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ	اور اللہ بلاتا ہے سلامتی کے گھر (جنت) کی طرف
وَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ	اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿25﴾	سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿25﴾
لِلَّذِيۡنَ اَحۡسَنُوا الۡحُسۡنٰى	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے نیکیاں کیں نیک بدلہ ہے
وَ زِيَادَةٌ ؕ وَ لَا يَرۡهَقُ	اور کچھ زیادہ بھی ہے اور نہیں چھائے گی
وُجُوۡهَهُمۡ قَتَرٌ وَّ لَا ذِلَّةٌ ؕ	ان کے چہروں پر سیاہی اور نہ ذلت
اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ ۚ	یہ لوگ ہیں جنت والے
هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿26﴾	وہ سب اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿26﴾
وَ الَّذِيۡنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ	اور وہ لوگ جنہوں نے کمائیں برائیاں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُفَصِّلُ : تفصیل، مفصّل، تفصیلات۔	زِيَادَةٌ : زیادہ، زائد، مزید، زیادتی۔
يَّتَفَكَّرُوۡنَ : تفکر، متفکّر، فکر۔	وُجُوۡهَهُمۡ : توجہ، متوجہ، توجیہ، وجوہ، وجوہات۔
يَدۡعُوۡۤا : دعا، داعی، دعوت۔	ذِلَّةٌ : ذلت ورسوائی، ذلیل۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیتِ الٰہی۔	اَصۡحٰبُ : صاحب، صحابہ کرام، صحابی۔
يَهۡدِىۡ : ہادی، ہدایت، ہادیٔ برحق۔	خٰلِدُوۡنَ : خُلدِ بریں، خالد۔
مُّسۡتَقِيۡمٍ : استقامت، خطِ مستقیم۔	كَسَبُوۡا : کسب، کسبِ معاش، کسبی۔
اَحۡسَنُوۡا : حسین، تحسین، احسن، احسان۔	السَّيِّاٰتِ : علمائے سوء، اعمال سیئہ۔

حَصِيْدًا	كَاَنْ ❶	لَّمْ تَغْنَ ❷	بِالْاَمْسِ ❸	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ
جڑ سے کاٹی ہوئی	گویا کہ	نہیں تھی موجود	کل	اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں

الْاٰيٰتِ ❷	لِقَوْمٍ ❹	يَّتَفَكَّرُوْنَ (24)	وَ اللّٰهُ
(اپنی) آیات کو	ان لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب غور و فکر کرتے ہیں	اور اللہ

يَدْعُوْٓا ❺❻	اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ
بلاتا ہے	سلامتی کے گھر (جنت) کی طرف	اور	وہ ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (25)	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوا
سیدھے راستے کی طرف	ان لوگوں کے لیے جن	سب نے نیکیاں کیں

الْحُسْنٰى	وَ زِيَادَةٌ ❷❼	وَلَا	يَرْهَقُ ❺	وُجُوْهَهُمْ
نیک بدلہ ہے	اور کچھ زیادہ بھی ہے	اور نہیں	چھائے گی	ان کے چہروں پر

قَتَرٌ	وَّ لَا	ذِلَّةٌ ❷	اُولٰٓئِكَ ❽	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ❷
سیاہی	اور نہ	ذلت	یہ لوگ ہیں	جنت والے

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (26)	وَ الَّذِيْنَ	كَسَبُوا	السَّيِّاٰتِ ❷
وہ	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور وہ لوگ جن	سب نے کمائیں	برائیاں

ضروری وضاحت

❶ كَاَنْ اصل میں كَاَنَّ تھا آسانی کے لیے كَاَنْ استعمال ہوا ہے۔ ❷ ت، ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ قَوْم کے افراد زیادہ ہوتے ہیں اس لیے اس کے ساتھ فعل جمع آیا ہے۔ ❺ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ يَدْعُوْٓا کے آخر میں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ وْ اصل لفظ کا حصہ ہے اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے یہ لوگ ضرورتاً ترجمہ کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

جَزَآءُ سَيِّئَةٍۢ بِمِثْلِهَا ۙ	بدلہ کسی برائی کا اسی کے مثل ہوگا
وَ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ	اور ڈھانپ لے گی اُنہیں ذلت
مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ	نہیں ہوگا انکے لیے اللہ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا
كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ	گویا کہ اوڑھا دیے گئے ان کے چہروں پر
قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ	ٹکڑے رات کے (جو کہ) اندھیری ہو
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	یہی لوگ دوزخ والے ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿27﴾	وہ سب اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿27﴾
وَ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا	اور جس دن ہم اکٹھا کریں گے اُنہیں سب کو
ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	پھر ہم کہیں گے ان لوگوں سے جنھوں نے شرک کیا تھا
مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَ شُرَكَآؤُكُمْ ۚ	اپنی جگہ ٹھہرے رہو تم اور تمہارے شریک (بھی)
فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ	پھر ہم جدائی ڈال دیں گے انکے درمیان
وَ قَالَ شُرَكَآؤُهُمْ	اور کہیں گے ان کے شریک

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جَزَآءُ : جزائے خیر، جزاو سزا۔
سَيِّئَةٍ : سوئے ظن، علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
ذِلَّةٌ : ذلت، ذلیل، عزت وذلت۔
وُجُوْهُهُمْ : توجہ، متوجہ، توجیہ، وجوہات۔
قِطَعًا : قطعہ، قطعات، قطعہ اراضی۔
الَّيْلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
مُظْلِمًا : ظلمت، شب ظلم، ظلمت وتاریکی۔
اَصْحٰبُ : صاحب، صحابہ کرام، صحابی۔
خٰلِدُوْنَ : خلد بریں، خالد۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
نَحْشُرُهُمْ : حشر برپا کرنا، یوم حشر، حشر ونشر۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، جمیع۔
نَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَشْرَكُوْا : شرک، مشرک، شرکاء۔

جَزَآءُ	سَيِّئَةٍۭ ❶❷	بِمِثۡلِهَا	وَ	تَرۡهَقُهُمۡ ❸❹	ذِلَّةٌ ❶
بدلہ	کسی برائی کا	اسی کے مثل سے ہوگا	اور	ڈھانپ لے گی اُنہیں	ذلت

مَا لَهُمۡ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنۡ عَاصِمٍ ❷❺	كَاَنَّمَاۤ ❻	اُغۡشِيَتۡ ❸
نہیں (ہوگا) ان کیلئے	اللہ (کے عذاب) سے	کوئی بچانے والا	گویا کہ	اوڑھادیے گئے

وُجُوۡهُهُمۡ ❹	قِطَعًا	مِّنَ الَّيۡلِ	مُظۡلِمًا	اُولٰٓئِكَ ❼
ان کے چہروں پر	ٹکڑے	رات سے	(جو کہ) اندھیری ہو	یہی لوگ

اَصۡحٰبُ النَّارِ	هُمۡ	فِيۡهَا	خٰلِدُوۡنَ (27)
دوزخ والے ہیں	وہ سب	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں

وَ يَوۡمَ	نَحۡشُرُهُمۡ ❹	جَمِيۡعًا	ثُمَّ	نَقُوۡلُ	لِلَّذِيۡنَ
اور جس دن	ہم اکٹھا کریں گے اُنہیں	سب کو	پھر	ہم کہیں گے	ان لوگوں سے جن

اَشۡرَكُوۡا	مَكَانَكُمۡ	اَنۡتُمۡ	وَ	شُرَكَآؤُكُمۡ
سب نے شرک کیا تھا	اپنی جگہ (ٹھہرے رہو)	تم	اور	تمہارے شریک (بھی)

فَزَيَّلۡنَا	بَيۡنَهُمۡ ❹	وَ قَالَ	شُرَكَآؤُهُمۡ ❹
پھر ہم جدائی ڈال دیں گے	ان کے درمیان	اور کہیں گے	ان کے شریک

ضروری وضاحت

❶ ة مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ تَ، تْ مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ هُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے اور اسم کے ساتھ ترجمہ ان کا، انکی، انکے کیا جاتا ہے۔ ❺ مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ كَاَنَّ کے ساتھ اگر مَا آجائے تو ترجمہ میں صرف یا یونہی ہے کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے۔ ❼ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے ضرورتاً یہ لوگ ترجمہ کیا گیا ہے۔

مَا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿28﴾	نہیں تھے تم ہماری عبادت کرتے۔ ﴿28﴾
فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا	پس کافی ہے اللہ (بطور) گواہ ہمارے درمیان
وَ بَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا	اور تمہارے درمیان بے شک تھے ہم
عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿29﴾	تمہاری عبادت سے یقیناً بے خبر۔ ﴿29﴾
هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ	وہاں جانچ لے گی ہر جان جو اس نے آگے بھیجا
وَ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ	اور لوٹائے جائیں گے اللہ کی طرف (جو)
مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ	ان کا مالک ہے حقیقی اور گم ہو جائے گا ان سے
مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿30﴾ ع (ع 3 / 10 / 8 النصف)	جو وہ افترا باندھتے تھے۔ ﴿30﴾ ع
قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ	کہہ دیجئے کون رزق دیتا ہے تمہیں آسمان اور زمین سے
اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ	یا کون مالک ہے (تمہارے) کانوں اور آنکھوں کا
وَ مَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ	اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردے سے
وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ	اور (کون) نکالتا ہے مردے کو زندہ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعْبُدُوْنَ : عبد، عبادت، عابد، معبود۔

فَكَفٰى : کافی، کفایت، کافی ہونا۔

لَغٰفِلِيْنَ : غافل، غفلت، تغافل۔

تَبْلُوْا : مبتلا، دورِ ابتلا، مبتلائے آفت۔

رُدُّوْا : رد کرنا، مردود۔

الْحَقِّ : حق، حقوق، مستحق۔

ضَلَّ : ضلالت و گمراہی۔

يَفْتَرُوْنَ : افترا پردازی، افترا باندھنا۔

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

يَرْزُقُكُمْ : رزق، رازق، رزاق۔

السَّمْعَ : آلۂ سماعت، محفل سماع۔

الْاَبْصَارَ : بصارت، سمع بصر، بصیرت۔

يُخْرِجُ : خارج، خروج، اخراج، خارجی امور۔

الْحَيَّ : حیات، موت و حیات، احیائے دین۔

مَّا كُنْتُمْ	اِيَّانَا ❶	تَعْبُدُوْنَ (28)	فَكَفٰى	بِاللّٰهِ ❷	شَهِيْدًا
نہیں تھے تم	بالکل ہماری	تم سب عبادت کرتے	پس کافی ہے	اللہ	بطور گواہ

بَيْنَنَا	وَ بَيْنَكُمْ	اِنْ ❸	كُنَّا	عَنْ عِبَادَتِكُمْ	لَغٰفِلِيْنَ (29)
ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	بیشک	تھے ہم	تمہاری عبادت سے	یقیناً سب بے خبر

هُنَالِكَ	تَبْلُوْا ❹	كُلُّ نَفْسٍ	مَّاۤ اَسْلَفَتْ ❹	وَ رُدُّوْۤا	اِلَى اللّٰهِ
وہاں	جانچ لے گی	ہر جان	جو اس نے آگے بھیجا	اور سب لوٹائے جائیں گے	اللہ کی طرف

مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ	وَ	ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ❺ (30) ع
(جو) ان کا مالک ہے حقیقی	اور	گم ہو جائے گا	ان سے	جو	تھے وہ سب افترا باندھتے

ع 3 10 8 النصف

قُلْ ❻	مَنْ	يَّرْزُقُكُمْ ❼	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ
کہہ دیجئے	کون	رزق دیتا ہے تمہیں	آسمان سے	اور	زمین (سے)

اَمَّنْ	يَّمْلِكُ ❼	السَّمْعَ ❽	وَ الْاَبْصَارَ	وَ مَنْ	يُّخْرِجُ ❼	الْحَيَّ ❽
یا کون	مالک ہے	(تمہارے) کانوں	اور آنکھوں کا	اور کون	نکالتا ہے	زندہ کو

مِنَ الْمَيِّتِ	وَ يُخْرِجُ ❼	الْمَيِّتَ ❽	مِنَ الْحَيِّ
مردے سے	اور (کون) نکالتا ہے	مردے کو	زندہ سے

ضروری وضاحت

❶ اِيَّانَا میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❷ علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے اِنْ کیا گیا ہے۔ ❹ علامت تَ فعل کے شروع میں اور تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❻ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے پڑھنے میں آسانی کے لیے وُ کو گرا دیا گیا ہے۔
❼ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

وَ مَنۡ يُّدَبِّرُ الۡاَمۡرَ ؕ	اور کون تدبیر کرتا ہے (ہر) کام کی
فَسَيَقُوۡلُوۡنَ اللّٰهُ ۚ	پس عنقریب وہ کہیں گے اللہ
فَقُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿31﴾	تو کہو پھر کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿31﴾
فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الۡحَقُّ ۚ	پس یہی ہے اللہ تمہارا سچا رب
فَمَاذَا بَعۡدَ الۡحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖۚ	پھر کیا ہے حق کے بعد سوائے گمراہی کے
فَاَنّٰى تُصۡرَفُوۡنَ ﴿32﴾	پھر کہاں تم پھیرے جاتے ہو۔ ﴿32﴾
كَذٰلِكَ حَقَّتۡ كَلِمَتُ رَبِّكَ	اسی طرح سچ ثابت ہوگئی تیرے رب کی بات
عَلَى الَّذِيۡنَ فَسَقُوۡۤا	ان لوگوں پر جنھوں نے نافرمانی کی
اَنَّهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿33﴾	کہ بے شک نہیں وہ ایمان لائیں گے۔ ﴿33﴾
قُلۡ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآٮِٕكُمۡ	کہہ دیجئے کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے)
مَّنۡ يَّبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ ؕ	جو پہلی بار پیدا کرتا ہو مخلوق کو پھر دوبارہ بناتا ہو اسے،
قُلِ اللّٰهُ يَبۡدَؤُا	کہہ دیجئے اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُدَبِّرُ : تدبر، مدبر، تدبیر۔

الۡاَمۡرَ : امر، امور، آمر، امور داخلہ۔

فَسَيَقُوۡلُوۡنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

تَتَّقُوۡنَ : تقویٰ، متقی و پرہیز گار۔

الضَّلٰلُ : ضلالت و گمراہی۔

تُصۡرَفُوۡنَ : اصراف، صرف، تصریف۔

كَلِمَتُ : کلمہ، کلمات، کلمہ طیبہ۔

عَلَى : علی الاعلان، علیحدہ، علی وجہ البصیرت۔

فَسَقُوۡۤا : فاسق، فسق و فجور۔

يُؤۡمِنُوۡنَ : امن، ایمان، مومن۔

شُرَكَآٮِٕكُمۡ : شرک، مشرک، شرکاء، مشرکین مکہ۔

يَبۡدَؤُا : ابتدا، مبتدی طالب علم، ابتدائی طور پر۔

الۡخَلۡقَ : خالق، خلق، مخلوق، خلقت۔

يُعِيۡدُهٗ : اعادہ کرنا (دہرانا)۔

وَ مَنْ	يُّدَبِّرُ ❶	الْاَمْرَ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	اللّٰهُ
اور کون	تدبیر کرتا ہے	(ہر) کام کی	پس عنقریب وہ سب کہیں گے	اللہ

فَقُلْ	اَفَلَا ❷	تَتَّقُوْنَ (31)	فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ ❸	رَبُّكُمُ
تو کہو	پھر کیا نہیں	تم سب ڈرتے	پس یہی ہے اللہ	تمہارا رب

الْحَقُّ	فَمَاذَا	بَعْدَ الْحَقِّ	اِلَّا	الضَّلٰلُ
سچا	پھر کیا ہے	حق کے بعد	سوائے	گمراہی کے

فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ ❹ (32)	كَذٰلِكَ	حَقَّتْ ❺	كَلِمَتُ ❻	رَبِّكَ
پھر کہاں	تم سب پھیرے جاتے ہو	اسی طرح	سچ ثابت ہوگئی	بات	تیرے رب کی

عَلَى الَّذِيْنَ	فَسَقُوْٓا	اَنَّهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❼ (33)
ان لوگوں پر جن	سب نے نافرمانی کی	کہ بے شک وہ	نہیں وہ سب ایمان لائیں گے

قُلْ	هَلْ	مِنْ شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّبْدَؤُا ❶
کہہ دیجئے	کیا	تمہارے شریکوں میں سے	(کوئی ہے) جو	پہلی بار پیدا کرتا ہو

الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ ❶ ط	قُلِ اللّٰهُ	يَبْدَؤُا ❶
مخلوق کو	پھر	دوبارہ بناتا ہوا سے	کہہ دیجئے اللہ ہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے

ضروری وضاحت

❶ یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ أ کے بعد و یا ف ہوتو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فَذٰلِكُمُ سے اشارہ اللہ کی طرف ہے تو یہ ذٰلِكَ ہونا چاہیے دراصل جن کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ مذکر ہوں تو ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہوجاتا ہے۔ ❹ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔ ❺ تْ مؤنث کی علامت الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ كَلِمَتُ دراصل كَلِمَةٌ ہے کتابت میں اسے اسی طرح لکھا گیا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہوتو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	مخلوق کو پھر وہی دوبارہ بناتا ہے اسے
فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿34﴾	تو کہاں تم بہکائے جاتے ہو۔ ﴿34﴾
قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ	کہہ دیجئے کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے)
مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ	جو ہدایت دیتا ہو حق کی طرف
قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ	کہہ دیجئے اللہ ہی ہدایت دیتا ہے حق کی
اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ	تو کیا جو ہدایت دیتا ہو حق کی طرف
اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ	وہ زیادہ حقدار ہے کہ اسکی پیروی کی جائے یا جو
لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ	نہیں ہدایت پاتا مگر یہ کہ وہ ہدایت دیا جائے
فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿35﴾	تو کیا ہے تمہیں، کیسے تم فیصلے کرتے ہو۔ ﴿35﴾
وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا	اور نہیں پیروی کرتے ان میں سے اکثر مگر
ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ	گمان کی بلاشبہ گمان نہیں فائدہ دیتا
مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ	حق سے (یعنی حق کے مقابلے میں) کچھ بھی بے شک اللہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْخَلْقَ : خالق، خلق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔
يُعِيْدُهٗ : اعادہ کرنا (دہرانا)۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مِنْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔
شُرَكَآئِكُمْ : شرک، مشرک، شرکا، مشرکین مکہ۔
يَّهْدِيْٓ : ہدایت، ہادی، مہدی، ہدایت یافتہ۔
اِلَى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الدعی الی الخیر۔
الْحَقِّ : حق، حقوق، مستحق، حقیقت۔
يُّتَّبَعَ : اتباع، تابع فرمان، متبع سنت۔
كَيْفَ : کیفیت، بہرکیف۔
تَحْكُمُوْنَ : حکم، احکام، حکم نامہ، محکوم، حکومت۔
اَكْثَرُ : اکثر، کثرت، کثیر تعداد۔
ظَنًّا : ظن، حسن ظن، بدظن۔
يُغْنِيْ : غنی، اغنیا۔

الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ (34) ❶
مخلوق کو	پھر	وہی دوبارہ بناتا ہے اسے	تو کہاں	تم سب بہکائے جاتے ہو

قُلْ ❷	هَلْ	مِنْ شُرَكَآىِٕكُمْ	مَّنْ	يَّهْدِيْٓ ❸	اِلَى الْحَقِّ
قُلُوْبِهِمْ : قلب و جگر، امراض قلب، قلبی تعلق۔	دَّعْوَتُكُمَا : دعا، دعوت، داعی الی اللہ، مدعو۔

وَ اَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰى	وَ اَخِيْهِ	اَنْ	تَبَوَّا ❶	لِقَوْمِكُمَا
اور ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف	اور اسکے بھائی (کی طرف)	یہ کہ	تم دونوں ٹھکانا بنالو	اپنی قوم کیلئے

بِمِصْرَ ❷	بُيُوْتًا ❸	وَّ اجْعَلُوْا	بُيُوْتَكُمْ	قِبْلَةً ❹	وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ❹❺
مصر میں	کچھ گھروں کو	اور سب بناؤ	اپنے گھروں کو	قبلہ رخ	اور سب قائم کرو نماز

وَ بَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ (87)	وَ قَالَ مُوْسٰى	رَبَّنَآ ❻	اِنَّكَ اٰتَيْتَ ❼
اور خوشخبری سنادیں	سب مومنوں کو	اور کہا موسیٰ نے	اے ہمارے رب	بیشک تونے دی ہے

فِرْعَوْنَ ❺	وَمَلَاَهٗ ❺	زِيْنَةً ❹	وَّ اَمْوَالًا	فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❹
فرعون کو	اور اسکے سرداروں کو	زینت	اور مال (کی فراوانی)	دنیوی زندگی میں

رَبَّنَا ❻	لِيُضِلُّوْا	عَنْ سَبِيْلِكَ	رَبَّنَا ❻	اطْمِسْ
اے ہمارے رب	تاکہ وہ سب گمراہ کریں	تیرے راستے سے	اے ہمارے رب	مٹادے

عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ ❽	وَ اشْدُدْ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ❽	فَلَا يُؤْمِنُوْا	حَتّٰى
انکے مال	اور سخت کردے	انکے دل	چنانچہ نہ وہ سب ایمان لائیں	یہاں تک کہ

يَرَوُا	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ❺ (88)	قَالَ	قَدْ	اُجِيْبَتْ ❹	دَّعْوَتُكُمَا
وہ سب دیکھ لیں	دردناک عذاب	(اللہ نے) کہا	بلاشبہ	قبول کرلی گئی	تم دونوں کی دعا

ضروری وضاحت

❶ علامت تَ اور شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔❷علامت بِ کا ترجمہ عموماً سے یا ساتھ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ میں کیا گیا ہے۔❸ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔❹ ةَ، تْ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔❻شروع میں یَا تھا جو گرا ہوا ہے اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔❼علامت كَ اور تَ دونوں کو ملا کر ترجمہ تونے کیا گیا ہے۔❽ علامت عَلٰی کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فَاسۡتَقِيۡمَا وَ لَا تَتَّبِعٰٓنِّ	پس دونوں ثابت قدم رہو اور ہرگز پیروی نہ کرو
سَبِيۡلَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿89﴾	ان لوگوں کے راستے کی جو نہیں جانتے۔ ﴿89﴾
وَ جٰوَزۡنَا بِبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡبَحۡرَ	اور ہم نے پار کر دیا بنی اسرائیل کو سمندر سے
فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ وَ جُنُوۡدُهٗ	تو پیچھا کیا ان کا فرعون اور اسکے لشکر نے
بَغۡيًا وَّ عَدۡوًا‌ ؕ	سرکشی کرتے ہوئے اور زیادتی کرتے ہوئے
حَتّٰۤى اِذَاۤ اَدۡرَكَهُ الۡغَرَقُ ۙ	یہاں تک کہ جب پالیا اس کو غرق (کے عذاب) نے
قَالَ اٰمَنۡتُ اَنَّهٗ	(تو) کہا (فرعون نے) میں ایمان لایا بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِىۡۤ اٰمَنَتۡ بِهٖ	نہیں کوئی معبود مگر وہ جو (کہ) ایمان لائے اس پر
بَنُوۡۤا اِسۡرَآءِيۡلَ وَ اَنَا مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿90﴾	بنی اسرائیل اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں۔ ﴿90﴾
آٰلۡـٰٔنَ وَ قَدۡ عَصَيۡتَ قَبۡلُ	کیا اب؟ حالانکہ یقیناً تو نے نافرمانی کی تھی (اس سے) پہلے
وَ كُنۡتَ مِنَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿91﴾	اور تھا تو فساد کرنے والوں میں سے۔ ﴿91﴾
فَالۡيَوۡمَ نُنَجِّيۡكَ بِبَدَنِكَ	پس آج ہم بچالیں گے تجھے تیرے بدن سمیت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاسۡتَقِيۡمَا : استقامت، خطِ مستقیم۔	الۡغَرَقُ : غرق، غرقاب۔
تَتَّبِعٰٓنِّ : متبع قرآن وسنت، اتباع۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
جٰوَزۡنَا : تجاوز، متجاوز۔	عَصَيۡتَ : معصیت، معاصی، عصیاں۔
الۡبَحۡرَ : بحیرہ عرب، بحر و بر، بحری بیڑا۔	الۡمُفۡسِدِيۡنَ : فساد، مفسد، فساد برپا کرنا۔
وَ : شان وشوکت، صبح وشام، عزت وذلت۔	فَالۡيَوۡمَ : یوم آخرت، یوم آزادی، ایام۔
بَغۡيًا : باغی، بغاوت۔	نُنَجِّيۡكَ : نجات، فرقۂ ناجیہ، نجات دہندہ۔
اَدۡرَكَهُ : ادراک کرنا، درک۔	بِبَدَنِكَ : بدن، بدنی عبادت، نازک بدن۔

فَاسْتَقِيْمَا ❶	وَ	لَا تَتَّبِعٰنِّ ❷	سَبِيْلَ ❸ الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ ❹ (89)
تو دونوں ثابت قدم رہو	اور	ہرگز نہ تم دونوں پیروی کرو	(ان لوگوں کے) راستے کی جو	نہیں وہ سب جانتے

وَ	جٰوَزْنَا	بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْبَحْرَ	فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ
اور	ہم نے پار کردیا	بنی اسرائیل کو	سمندر سے	تو پیچھا کیا ان کا	فرعون نے

وَ جُنُوْدُهٗ ❺	بَغْيًا	وَّ عَدْوًا ؕ	حَتّٰٓى اِذَآ	اَدْرَكَهُ ❺
اور اسکے لشکر نے	سرکشی کرتے ہوئے	اور زیادتی کرتے ہوئے	یہاں تک کہ جب	پالیا اس کو

الْغَرَقُ ۙ	قَالَ	اٰمَنْتُ	اَنَّهٗ	لَآ اِلٰهَ
غرق (کے عذاب) نے	(تو) کہا (فرعون نے)	میں ایمان لایا	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	نہیں کوئی معبود

اِلَّا	الَّذِيْٓ	اٰمَنَتْ بِهٖ ❻	بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ	وَ اَنَا
مگر (وہی)	جو (کہ)	ایمان لائے اس پر	سب بنی اسرائیل	اور میں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (90)	آٰلْئٰنَ ❼	وَ قَدْ	عَصَيْتَ	قَبْلُ
فرماں برداروں میں سے ہوں	کیا اب	حالانکہ یقیناً	تو نے نافرمانی کی	(اس سے) پہلے

وَ كُنْتَ	مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ (91)	فَالْيَوْمَ	نُنَجِّيْكَ	بِبَدَنِكَ
اور تھا تو	سب فساد کرنیوالوں میں سے	پس آج	ہم بچالیں گے تجھے	تیرے بدن سمیت

ضروری وضاحت

❶ فعل کے آخر میں ا میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ لَا تَتَّبِعٰنِّ کے آخر میں نّ تاکید کی علامت ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❸ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس کا مفعول ہوتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ علامت ہٗ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے اور فعل کے آخر میں اسے یا اسکو کیا جاتا ہے۔ ❻ تْ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ آٰلْئٰنَ کے شروع میں أ کا ترجمہ کیا ہے۔

لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ	تا کہ تو ہو جائے ان کے لیے جو تیرے پیچھے (آنے والے) ہیں
اٰيَةً ؕ وَ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ	نشانی، اور بے شک بہت سے لوگ
عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿92﴾ ع 9 10 14	ہماری نشانیوں سے یقیناً غافل ہیں۔ ﴿92﴾
وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے ٹھکانا دیا بنی اسرائیل کو عمدہ ٹھکانا
وَّ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ	اور ہم نے رزق دیا انہیں پاکیزہ چیزوں سے
فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى	پھر نہ اختلاف کیا انہوں نے یہاں تک کہ
جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ	آ گیا انکے پاس علم بلاشبہ تیرا رب فیصلہ کرے گا
بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	ان کے درمیان قیامت کے دن
فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿93﴾	اس میں جو (کہ) تھے وہ اس میں اختلاف کرتے۔ ﴿93﴾
فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ	پھر اگر آپ ہوں شک میں اس (کتاب) سے جو
اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْئَلِ	ہم نے اتاری آپ کی طرف تو آپ پوچھ لیں
الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ	ان لوگوں سے جو پڑھتے ہیں کتاب آپ سے پہلے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَلْفَكَ : خلیفہ، خلافت، خلف الرشید، ناخلف۔	يَقْضِيْ : قاضی، قاضی القضاۃ۔
لَغٰفِلُوْنَ : غافل، غفلت، تغافل۔	بَيْنَهُمْ : بین الاقوامی، مابین، بین السطور۔
صِدْقٍ : صادق، صدق، صداقت، تصدیق۔	اَنْزَلْنَآ : نازل، نزول قرآن، منزل من اللہ۔
رَزَقْنٰهُمْ : رزق، رازق، رزاق۔	اِلَيْكَ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
الطَّيِّبٰتِ : طیب، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔	فَسْئَلِ : سائل، سوال، مسئول، سوالیہ نشان۔
اخْتَلَفُوْا : اختلاف، مختلف، اختلافات۔	يَقْرَءُوْنَ : قاری، قرأت، قرا حضرات۔
الْعِلْمُ : علم، تعلیم، معلم، نظامِ تعلیم۔	الْكِتٰبَ : کتاب، کتب سماویہ، نصابی کتب۔

لِتَكُوْنَ	لِمَنْ	خَلْفَكَ	اٰيَةً ❶	وَ اِنَّ ❷	كَثِيْرًا
تاکہ تو ہو جائے	(انکے) لیے جو	تیرے پیچھے (آنے والے) ہیں	نشانی	اور بے شک	بہت سے

ع 9/10/14

مِّنَ النَّاسِ ❸	عَنْ اٰيٰتِنَا	لَغٰفِلُوْنَ ❹ ع (92)	وَلَقَدْ ❹❺	بَوَّاْنَا ❻
لوگ	ہماری نشانیوں سے	یقیناً سب غافل ہیں	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے ٹھکانا دیا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مُبَوَّاَ صِدْقٍ	وَّ رَزَقْنٰهُمْ ❻	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ج ❶	فَمَا
بنی اسرائیل کو	عمدہ ٹھکانا	اور ہم نے رزق دیا انہیں	پاکیزہ چیزوں سے	پھر نہ

اخْتَلَفُوْا	حَتّٰى	جَآءَهُمُ الْعِلْمُ	اِنَّ رَبَّكَ	يَقْضِيْ
اختلاف کیا ان سب نے	یہاں تک کہ	آ گیا انکے پاس علم	بلاشبہ تیرا رب	وہ فیصلہ کریگا

بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❶	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ (93)
انکے درمیان	قیامت کے دن	(اس) میں جو	تھے وہ سب	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے

فَاِنْ	كُنْتَ	فِيْ شَكٍّ	مِّمَّآ ❼	اَنْزَلْنَآ ❻	اِلَيْكَ
پھر اگر	آپ ہوں	شک میں	(اس کتاب) سے جو	ہم نے اتاری	آپ کی طرف

فَسْـَٔلِ	الَّذِيْنَ	يَقْرَءُوْنَ	الْكِتٰبَ ❽	مِنْ قَبْلِكَ
تو آپ پوچھ لیں	ان لوگوں سے جو	وہ سب پڑھتے ہیں	کتاب	آپ سے پہلے

ضروری وضاحت

❶ ۃ ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❸ علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ علامت لِ تاکید کی علامت ہے یہ اسم فعل حرف سب کے شروع میں آجاتی ہے۔ ❺ قَدْ تاکید کی علامت ہے یہ حرف اور فعل کے شروع میں آتی ہے۔ ❻ فعل کے آخر میں نَا اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❼ مِمَّا مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❽ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس کا مفعول ہوتا ہے۔

لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ	البتہ یقیناً آیا ہے آپکے پاس حق آپکے رب کی طرف سے
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿94﴾	تو نہ ہوں آپ ہرگز شک کرنے والوں میں سے۔ ﴿94﴾
وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ	اور آپ ہرگز نہ ہوں ان لوگوں میں سے جنہوں نے
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ	جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو ورنہ آپ ہو جائیں گے
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿95﴾	خسارہ پانے والوں میں سے۔ ﴿95﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ	بے شک وہ لوگ کہ ثابت ہوگئی ان پر
كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿96﴾	تیرے رب کی بات وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿96﴾
وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ	اور اگرچہ آجائے ان کے پاس ہر نشانی
حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿97﴾	یہاں تک کہ وہ دیکھ لیں دردناک عذاب۔ ﴿97﴾
فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ	پھر کیوں نہ ہوئی کوئی بستی (ایسی کہ) ایمان لائی ہو
فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ط	پھر نفع دیا ہوا سے اسکے ایمان نے سوائے یونس کی قوم کے
لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ	جب وہ ایمان لے آئے (تو) ہم نے ہٹا دیا ان سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذَّبُوْا : کاذب، کذب بیانی، تکذیب۔	وَ : مال و دولت، شان و شوکت، صبح و شام۔
بِاٰيٰتِ : آیت قرآنی، آیات بینات۔	الْعَذَابَ : عذاب الٰہی، دردناک عذاب۔
الْخٰسِرِيْنَ : خسارہ، خائب و خاسر، خسران۔	الْاَلِيْمَ : المناک حادثہ، رنج والم۔
حَقَّتْ : حق، حقوق، تحقیق، محقّق، حقیقت۔	قَرْيَةٌ : قریہ قریہ بستی بستی۔
عَلَيْهِمْ : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	فَنَفَعَهَآ : نفع، منافع، منفعت، نفع بخش۔
كَلِمَتُ : کلمہ، کلمات، کلمہ طیبہ، مکالمہ۔	اِيْمَانُهَآ : امن، ایمان، مومن۔
يَرَوْا : رویت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی۔	كَشَفْنَا : کشف، انکشاف، انکشافات۔

لَقَدْ ❶	جَآءَكَ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ ❷
البتہ یقیناً	آیا ہے آپکے پاس	حق	آپکے رب کی طرف سے	تو نہ ہوں آپ ہرگز

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ❸ (94)	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ ❷	مِنَ الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
سب شک کرنیوالوں میں سے	اور	ہرگز نہ ہوں آپ	(ان لوگوں) میں سے جن	سب نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❹	فَتَكُوْنَ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (95)	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اللہ کی آیتوں کو	ورنہ آپ ہو جائیں گے	خسارہ پانے والوں میں سے	بیشک	وہ لوگ کہ

حَقَّتْ ❹	عَلَيْهِمْ	كَلِمَتُ رَبِّكَ ❺	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❻ (96)	وَلَوْ
ثابت ہوگئی	ان پر	تیرے رب کی بات	نہیں وہ سب ایمان لائینگے	اور اگر چہ

جَآءَتْهُمْ ❹	كُلُّ اٰيَةٍ ❹	حَتّٰى	يَرَوُا ❼	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ (97)
آجائے انکے پاس	ہر نشانی	یہاں تک کہ	وہ سب دیکھ لیں	دردناک عذاب

فَلَوْلَا كَانَتْ ❹	قَرْيَةٌ ❹	اٰمَنَتْ ❹	فَنَفَعَهَآ	اِيْمَانُهَآ
پھر کیوں نہ ہوئی	کوئی بستی (ایسی کہ)	ایمان لائی ہو	پھر نفع دیا ہوا سے	اسکے ایمان نے

اِلَّا	قَوْمَ يُوْنُسَ ط	لَمَّآ	اٰمَنُوْا	كَشَفْنَا	عَنْهُمْ
سوائے	یونس کی قوم کے	جب	وہ سب ایمان لے آئے	(تو) ہم نے ہٹا دیا	ان سے

ضروری وضاحت

❶ لَقَدْ میں لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❷ فعل کے آخر میں نَّ تاکید کی علامت ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❸ اَلْمُمْتَرِيْنَ، اَلْمُمْتَرِيِيْنَ تھا ایک یِ پڑھنے میں آسانی کے لیے گرگئی ہے۔ ❹ تْ، ۃ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ كَلِمَتُ دراصل كَلِمَةٌ تھا قرانی کتابت میں کبھی ۃ کو ت سے بدل دیا جاتا ہے جیسے رَحْمَةٌ سے رَحْمَتُ۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ يَرَوْا اصل میں يَرَوْا تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے پیش دی گئی ہے۔

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	ذلت کا عذاب دنیوی زندگی میں
وَ مَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿98﴾	اور فائدہ دیا ہم نے انہیں ایک وقت تک۔ ﴿98﴾
وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ	اور اگر چاہتا تیرا رب (تو) ضرور ایمان لے آتے
مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ	جو (لوگ بھی) زمین میں ہیں وہ سب کے سب اکٹھے
اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ	تو کیا آپ مجبور کریں گے لوگوں کو
حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿99﴾	یہاں تک کہ وہ ہو جائیں مومن۔ ﴿99﴾
وَ مَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ	اور نہیں ہے (ممکن) کسی نفس کے لیے کہ وہ ایمان لائے
اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ يَجْعَلُ الرِّجْسَ	مگر اللہ کے حکم سے اور وہ ڈالتا ہے (کفر و ذلت کی) نجاست
عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿100﴾	ان لوگوں پر جو عقل نہیں رکھتے۔ ﴿100﴾
قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ	کہہ دیجئے دیکھو (اور غور کرو) کیا کچھ ہے آسمانوں میں
وَ الْاَرْضِ ؕ وَ مَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ	اور زمین (میں) اور نہیں فائدہ دیتیں نشانیاں
وَ النُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿101﴾	اور ڈراوے اس قوم کو (جو) نہیں ایمان لاتے۔ ﴿101﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْحَيٰوةِ : حیات جاوداں، موت و حیات۔
مَتَّعْنٰهُمْ : متاع عزیز، متاع کارواں، مال و متاع۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
شَآءَ : ان شاء اللہ، ماشاء اللہ، مشیتِ الٰہی۔
لَاٰمَنَ : امن، ایمان، مومن۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، مجمع، مجموعہ۔
تُكْرِهُ : کراہت، مکروہ۔
حَتّٰى : حتی الامکان، حتی المقدور، حتی کہ۔
بِاِذْنِ : اذن عام، باذن اللہ۔
عَلَى : علی العموم، علیحدہ، علی الاعلان۔
يَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔
انْظُرُوْا : نظر، منظر، نظارہ۔
تُغْنِيْ : غنی، غنا، اغنیا۔
الْاٰيٰتُ : آیات قرآنی، آیت۔

عَذَابَ الْخِزْيِ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❶	وَ	مَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ (98)
ذلت کا عذاب	دنیوی زندگی میں	اور	فائدہ دیا ہم نے انہیں	ایک وقت تک

وَ لَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَاٰمَنَ ❷	مَنْ	فِي الْاَرْضِ	كُلُّهُمْ
اور اگر	چاہتا	تیرا رب	(تو) ضرور ایمان لے آتے	جو (لوگ بھی)	زمین میں ہیں	وہ سب کے سب

جَمِيْعًا	اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ ❸❹	النَّاسَ	حَتّٰى	يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ❺ (99)
اکٹھے	تو کیا آپ مجبور کریں گے	لوگوں کو	یہاں تک کہ	وہ ہو جائیں سب ایمان لانیوالے

وَ مَا كَانَ	لِنَفْسٍ ❻	اَنْ	تُؤْمِنَ ❼	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
اور نہیں ہے (ممکن)	کسی نفس کے لیے	کہ	وہ ایمان لائے	مگر	اللہ کے حکم سے

وَ يَجْعَلُ	الرِّجْسَ	عَلَى الَّذِيْنَ	لَا يَعْقِلُوْنَ ❽ (100)
اور وہ ڈالتا ہے	(کفر و ذلت کی) نجاست	ان لوگوں پر جو	نہیں وہ سب عقل رکھتے

قُلِ	انْظُرُوْا	مَاذَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❶	وَ الْاَرْضِ ؕ
کہہ دیجئے	تم سب دیکھو (اور غور کرو)	کیا کچھ ہے	آسمانوں میں	اور زمین (میں)

وَ مَا تُغْنِي ❼	الْاٰيٰتُ ❶	وَ النُّذُرُ	عَنْ قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ ❽ (101)
اور نہیں فائدہ دیتیں	نشانیاں	اور ڈراوے	اس قوم کو (جو)	نہیں وہ سب ایمان لاتے

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ لَ اسم فعل حرف سب کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❸ أَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اَنْتَ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ آپ کیا گیا ہے۔ ❺ وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ تَ فعل کے شروع میں مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَهَلۡ يَنۡتَظِرُوۡنَ اِلَّا	تو نہیں یہ انتظار کر رہے مگر
مِثۡلَ اَيَّامِ الَّذِيۡنَ	ان لوگوں کے (برے) دنوں کی طرح کا جو
خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	گزر چکے ہیں اُن سے پہلے
قُلۡ فَانۡتَظِرُوۡۤا	کہہ دیجئے تو انتظار کرو
اِنِّىۡ مَعَكُمۡ	بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ ہوں
مِّنَ الۡمُنۡتَظِرِيۡنَ ﴿102﴾	انتظار کرنے والوں میں سے۔ ﴿102﴾
ثُمَّ نُنَجِّىۡ رُسُلَنَا	پھر ہم نجات دیتے ہیں اپنے رسولوں کو
وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كَذٰلِكَ ۚ	اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اسی طرح
حَقًّا عَلَيۡنَا نُنۡجِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿103﴾ ع	ہم پر حق ہے (کہ) ہم نجات دیں مومنوں کو۔ ﴿103﴾
قُلۡ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنۡ كُنۡتُمۡ	کہہ دیجئے اے لوگو اگر ہو تم
فِىۡ شَكٍّ مِّنۡ دِيۡنِىۡ	شک میں میرے دین سے (متعلق)
فَلَاۤ اَعۡبُدُ الَّذِيۡنَ	تو نہیں میں عبادت کرتا ان لوگوں کی جن کی

ع 10 11 15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَنۡتَظِرُوۡنَ : انتظار، منتظر۔
اَيَّامِ : یومِ آخرت، یومِ آزادی، ایام۔
مِنۡ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
قَبۡلِهِمۡ : قبل، ماقبل، دورِ قبل۔
قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مَعَكُمۡ : مع اہل عیال، معیت۔
نُنَجِّىۡ : نجات دہندہ، فرقۂ ناجیہ۔
رُسُلَنَا : رسول، انبیاء ورسل، مرسل۔
حَقًّا : حق، حقیقت، محقق، تحقیق۔
عَلَيۡنَا : علی العموم، علیحدہ، علی الاعلان۔
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ : امن، ایمان، مومن۔
شَكٍّ : شک، شکوک، شک وشبہ۔
دِيۡنِىۡ : دین اسلام، ادیانِ باطلہ، دین حق۔
اَعۡبُدُ : عابد، معبود، عبادت، معبودِ برحق۔

فَهَلْ ❶	يَنْتَظِرُوْنَ	اِلَّا	مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ
تو نہیں	وہ سب انتظار کر رہے	مگر	(ان لوگوں کے برے) دنوں کی طرح کا جو

خَلَوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	قُلْ ❷	فَانْتَظِرُوْٓا
سب گزر چکے ہیں	اُن سے پہلے	کہہ دیجئے	تو تم سب انتظار کرو

اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ❸ (102)	ثُمَّ ❹
بیشک میں (بھی)	تمہارے ساتھ ہوں	سب انتظار کرنے والوں میں سے	پھر

نُنَجِّيْ	رُسُلَنَا ❺	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ہم نجات دیتے ہیں	اپنے رسولوں کو	اور	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے

ع 10 11 15

كَذٰلِكَ ج	حَقًّا	عَلَيْنَا	نُنْجِ ❻	الْمُؤْمِنِيْنَ ع (103)
اسی طرح	حق ہے	ہم پر	(کہ) ہم نجات دیں	سب مومنوں کو

قُلْ ❷	يٰٓاَيُّهَا ❼	النَّاسُ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ شَكٍّ ❽
کہہ دیجئے	اے	لوگو	اگر	ہو تم سب	کسی شک میں

مِّنْ دِيْنِيْ	فَلَآ	اَعْبُدُ	الَّذِيْنَ
میرے دین سے (متعلق)	تو نہیں	میں عبادت کرتا	ان کی جن کی

ضروری وضاحت

❶ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے اگر اسکے بعد اسی جملے میں اِلَّآ آ رہا ہو تو پھر اسکا ترجمہ نہیں ہوتا ہے۔ ❷ قُلْ قَوْلْ سے بنا ہے پڑھنے میں آسانی کے لیے و کو گرا دیا ہے۔ ❸ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ثُمَّ کا ترجمہ پھر اور ثَمَّ کا ترجمہ وہاں ہوتا ہے۔ ❺ اسم کیساتھ نَا کا ترجمہ ہمارا، ہمارے، ہماری یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❻ نُنْجِ اصل میں نُنْجِيْ تھا یہاں یہ کو گرا دیا گیا ہے۔ ❼ يَا اور اَيُّهَا دونوں کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنۡ	تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا اور لیکن
اَعۡبُدُ اللّٰهَ الَّذِىۡ يَتَوَفّٰٮكُمۡ ۖۚ	میں عبادت کرتا ہوں اللہ کی (وہ) جو فوت کرتا ہے تمہیں
وَ اُمِرۡتُ اَنۡ اَكُوۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۙ﴿104﴾	اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ہو جاؤں مومنوں میں سے۔ ﴿104﴾
وَ اَنۡ اَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا ۚ	اور یہ کہ سیدھا رکھ اپنا چہرہ دین کے لیے یکسو ہو کر
وَ لَا تَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿105﴾	اور آپ ہرگز نہ ہوں مشرکوں میں سے۔ ﴿105﴾
وَ لَا تَدۡعُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	اور مت پکارو اللہ کے علاوہ (ان کو)
مَا لَا يَنۡفَعُكَ وَ لَا	جو نہ نفع دے سکتے ہیں آپ کو اور نہ
يَضُرُّكَ ۚ فَاِنۡ فَعَلۡتَ	نقصان پہنچا سکتے ہیں آپکو پھر اگر آپ نے (ایسا) کیا
فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿106﴾	تو بیشک آپ اس وقت ظالموں میں سے ہونگے۔ ﴿106﴾
وَ اِنۡ يَّمۡسَسۡكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ	اور اگر پہنچائے آپ کو اللہ کوئی تکلیف
فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ	تو نہیں ہے کوئی دور کرنے والا اس کو مگر وہی
وَ اِنۡ يُّرِدۡكَ بِخَيۡرٍ	اور اگر وہ ارادہ کرے آپ کے ساتھ بھلائی کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَوَفّٰٮكُمۡ : فوت، وفات، متوفی، فوت شدگان۔	يَضُرُّكَ : ضرر، بے ضرر، ضرررساں، مضرصحت۔
اُمِرۡتُ : امر، آمر، مامور، امورخارجہ۔	الظّٰلِمِيۡنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اَقِمۡ : قائم دائم، قیام، مقیم، اقامت دین۔	يَّمۡسَسۡكَ : مس کرنا۔
وَجۡهَكَ : توجہ، متوجہ، توجیہ، علی وجہ البصیرت۔	كَاشِفَ : کشف، انکشاف، مکاشفہ۔
الۡمُشۡرِكِيۡنَ : شرک، مشرک، شریک، مشرکین مکہ۔	وَ : مال و دولت، شان و شوکت، صبح و شام۔
تَدۡعُ : دعا، دعوت، داعی۔	يُّرِدۡكَ : ارادہ، مرید، مراد۔
يَنۡفَعُكَ : منافع، نفع، منفعت، نفع بخش۔	بِخَيۡرٍ : خیر، خیریت، خیروعافیت، بخیر۔

تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❶	وَلٰكِنْ	اَعْبُدُ	اللّٰهَ ❷
تم سب عبادت کرتے ہو	اللہ کے سوا	اور لیکن	میں عبادت کرتا ہوں	اللہ کی

الَّذِیْ	یَتَوَفّٰىكُمْ ❸	وَ اُمِرْتُ ❹	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (104)
(وہ) جو	فوت کرتا ہے تمہیں	اور مجھے حکم دیا گیا ہے	کہ	میں ہو جاؤں	مومنوں میں سے

وَ اَنْ	اَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّیْنِ	حَنِیْفًا ۚ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ ❺
اور یہ کہ	سیدھا رکھ	اپنا چہرہ	دین کے لیے	یکسو ہو کر	اور	نہ آپ ہرگز ہوں

مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ (105)	وَ	لَا تَدْعُ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❶	مَا
مشرکوں میں سے	اور	مت تو پکار	اللہ کے علاوہ	(اس کو) جو

لَا یَنْفَعُكَ	وَ لَا یَضُرُّكَ ۚ	فَاِنْ	فَعَلْتَ
نہ وہ نفع دے سکے آپ کو	اور نہ وہ نقصان پہنچا سکے آپ کو	پھر اگر	آپ نے (ایسا) کیا

فَاِنَّكَ	اِذًا ❻	مِّنَ الظّٰلِمِیْنَ (106)	وَ اِنْ	یَّمْسَسْكَ ❸	اللّٰهُ	بِضُرٍّ ❼❽
تو بیشک آپ	اس وقت	ظالموں میں سے ہونگے	اور اگر	پہنچائے آپ کو	اللہ	کوئی تکلیف

فَلَا كَاشِفَ	لَهٗۤ	اِلَّا هُوَ ۚ	وَ اِنْ	یُّرِدْكَ	بِخَیْرٍ
تو کوئی نہیں دور کرنیوالا	اس کو	مگر وہی	اور اگر	وہ ارادہ کرے آپکے ساتھ	بھلائی کا

ضروری وضاحت

❶لفظ دُوْنِ سے پہلے اگر مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❷فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔ ❸ یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹اُمِرْتُ میں تُ کا ترجمہ ضرورتاً مجھے کیا گیا ہے۔ ❺فعل کے آخر میں نَّ تاکید کی علامت ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❻اِذًا کبھی اِذَنْ بھی استعمال ہوتا ہے اسکا ترجمہ اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔ ❼علامت بـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ	تو نہیں ہے کوئی رد کرنے والا اس کے فضل کو وہ پہنچاتا ہے
بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ	اس (فضل) کو جسے وہ چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے
وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿107﴾	اور وہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ﴿107﴾
قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ	کہہ دیجئے اے لوگو یقیناً آ گیا آپ کے پاس
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ	حق (قرآن) تمہارے رب کی طرف سے
فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا	تو جس نے ہدایت کو اپنایا تو یقیناً
يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ	وہ ہدایت کو اپناتا ہے اپنے نفس کے لیے
وَ مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا	اور جس نے گمراہی اختیار کی تو یقیناً
يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ	وہ گمراہی اختیار کرے گا اپنے (نفس کے) خلاف
وَ مَاۤ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿108﴾ ؕ	اور نہیں ہوں میں تم پر نگران۔ ﴿108﴾
وَ اتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى	اور آپ پیروی کریں اس کی جو وحی کی جاتی ہے
اِلَيْكَ وَ اصْبِرْ حَتّٰى	آپ کی طرف اور آپ صبر کریں یہاں تک کہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَآدَّ : رد کرنا، مردود، تردید، تردد۔	اهْتَدٰى : ہادیٔ برحق، ہدایت یافتہ، مہدی۔
لِفَضْلِهٖ : فضیلت، فضل، افضل، فاضل۔	لِنَفْسِهٖ : نفس، نفوس، نفسا نفسی۔
يُصِيْبُ : مصیبت، مصائب۔	ضَلَّ : ضلالت و گمراہی۔
عِبَادِهٖ : عبد، عبادت، معبود، معبود برحق۔	بِوَكِيْلٍ : وکیل، وکالت، موکل۔
الْغَفُوْرُ : غفور و رحیم، مغفرت، استغفار۔	اتَّبِعْ : تابع فرمان، اتباع سنت۔
الرَّحِيْمُ : رحم، رحمٰن، رحیم۔	يُوْحٰى : وحی، وحی الٰہی، وحی متلوّ۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اِلَيْكَ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔

فَلَا رَآدَّ ❶	لِفَضْلِهٖ ط ❷	يُصِيْبُ	بِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ
تو کوئی نہیں ہے رد کرنے والا	اسکے فضل کو	وہ پہنچاتا ہے	اس (فضل) کو	جسے وہ چاہتا ہے

مِنْ عِبَادِهٖ ❷	وَ هُوَ	الْغَفُوْرُ ❸	الرَّحِيْمُ ❸ (107)
اپنے بندوں میں سے	اور وہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	يٰۤاَيُّهَا ❹	النَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُمُ
کہہ دیجئے	اے	لوگو	یقیناً	آ گیا تمہارے پاس

الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكُمْ ج	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا ❺
حق (قرآن)	تمہارے رب کی طرف سے	تو جس نے	ہدایت کو اپنایا	تو یقیناً

يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ ج ❷	وَ	مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا ❺
وہ ہدایت کو اپناتا ہے	اپنے نفس کے لیے	اور	جس نے	گمراہی اختیار کی	تو یقیناً

يَضِلُّ	عَلَيْهَا ❻	وَ مَآ اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ ❼ (108)
وہ گمراہی اختیار کرے گا	اپنے (نفس کے) خلاف	اور نہیں (ہوں) میں	تم پر	نگران

وَ اتَّبِعْ	مَا يُوْحٰۤى	اِلَيْكَ	وَ اصْبِرْ	حَتّٰى
اور آپ پیروی کریں	جو وحی کی جاتی ہے	آپ کی طرف	اور آپ صبر کریں	یہاں تک کہ

ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا۔ ❷ اسم کے آخر میں ہٖ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے اور کبھی اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ یَا اور اَیُّھَا دونوں کو ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❺ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں حصر کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے یعنی یونہی ہے اور اس کے علاوہ کچھ نہیں۔ ❻ عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہوتا ہے اور کبھی بر خلاف کا مفہوم بھی ہوتا ہے۔ ❼ مَا کے بعد علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ع 11 6 16

يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿109﴾ فیصلہ کرے اللہ اور وہ بہترین فیصلہ کرنیوالا ہے ﴿109﴾

اٰيَاتُهَا 123 — 11 سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ — رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ	الٓرٰ (یہ) کتاب ہے (کہ) محکم کی گئی ہیں
اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ	اس کی آیتیں پھر تفصیل سے بیان کی گئی ہیں
مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿1﴾	بڑے حکمت والے خوب خبردار کی طرف سے۔ ﴿1﴾
اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ	یہ کہ نہ تم عبادت کرو مگر اللہ ہی کی بے شک میں
لَكُمْ مِّنْهُ	تمہارے لیے اس کی طرف سے
نَذِيْرٌ وَّ بَشِيْرٌ ﴿2﴾	ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔ ﴿2﴾
وَّ اَنِ اسْتَغْفِرُوْا	اور یہ کہ تم مغفرت طلب کرو
رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	اپنے رب سے پھر تم رجوع کرو اسی کی طرف
يُمَتِّعْكُمْ	وہ فائدہ دے گا تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَحْكُمَ : حاکم، حکم، محکوم، حکومت۔	خَبِيْرٌ : باخبر، خبرگیری، خبریں، مخبر۔
وَ : مال و دولت، شان شوکت، صبح و شام۔	تَعْبُدُوْٓا : عبد، عبادت، معبود۔
خَيْرُ : خیر، خیریت، خیر و عافیت، بخیر۔	بَشِيْرٌ : بشارت، مبشر، بشیر، عشرہ مبشرہ۔
كِتٰبٌ : کتاب، درسی کتب، مکتبہ، کتاب الٰہی۔	اسْتَغْفِرُوْا : غفار، مغفرت، استغفار۔
اٰيٰتُهٗ : آیت کریمہ، آیات قرآنی۔	تُوْبُوْٓا : توبہ، تائب، توبہ و استغفار۔
فُصِّلَتْ : مفصّل، تفصیل، تفصیلات۔	اِلَيْهِ : الداعی الی الخیر، مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
حَكِيْمٍ : حکمت و دانائی، علم حکمت۔	يُمَتِّعْكُمْ : متاعِ عزیز، متاعِ کارواں، مال و متاع۔

ع 11 6 16

يَحْكُمَ اللّٰهُ ❶	وَ هُوَ ❷	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ (109)
فیصلہ کردے اللہ	اور وہ	سب سے بہترین ہے	سب فیصلہ کرنے والوں میں

اٰيَاتُهَا 123 | 11 سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ 52 | رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اُحْكِمَتْ ❸❹	اٰيٰتُهٗ	ثُمَّ	فُصِّلَتْ ❸❹
الٓرٰ	(یہ) کتاب ہے	(کہ) محکم کی گئی ہیں	اس کی آیتیں	پھر	تفصیل سے بیان کی گئی ہیں

مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ	خَبِيْرٍ ❺ (1)	اَلَّا ❻	تَعْبُدُوْٓا
بڑے حکمت والے کی طرف سے	جو خوب خبردار ہے	یہ کہ نہ	تم سب عبادت کرو

اِلَّا اللّٰهَ ؕ	اِنَّنِيْ	لَكُمْ	مِّنْهُ	نَذِيْرٌ ❺
مگر اللہ ہی کی	بیشک میں	تمہارے لیے	اس (کی طرف) سے	ڈرانے والا

وَّ	بَشِيْرٌ ❺ (2)	وَّ اَنِ	اسْتَغْفِرُوْا ❼	رَبَّكُمْ ❽
اور	خوشخبری دینے والا ہوں	اور یہ کہ	تم سب مغفرت طلب کرو	اپنے رب سے

ثُمَّ	تُوْبُوْٓا	اِلَيْهِ	يُمَتِّعْكُمْ ❽
پھر	تم سب رجوع کرو	اس کی طرف	وہ فائدہ دے گا تمہیں

ضروری وضاحت

❶ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ھُوَ مذکر کی علامت ہے اسکا ترجمہ وہ ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ تْ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ اِسْتَغْفِرُوْا فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب وچاہت کا مفہوم ہے۔ ❽ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے

مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ	اچھا فائدہ ایک وقت مقررہ تک اور وہ دے گا
كُلَّ ذِىْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ	ہر فضل (زیادہ عمل) والے کو اس کا فضل (زیادہ ثواب)
وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ	اور اگر تم پھر گئے تو بے شک میں ڈرتا ہوں
عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿3﴾	تم پر بڑے دن کے عذاب سے۔ ﴿3﴾
اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ	اللہ ہی کی طرف تمہارا لوٹنا ہے
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿4﴾	اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿4﴾
اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ	آگاہ رہو بیشک وہ دوہرا کرتے ہیں اپنے سینوں کو
لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ	تاکہ وہ چھپے رہیں اس (اللہ) سے
اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ	آگاہ رہو جب وہ اوڑھ لیتے ہیں اپنے کپڑے
يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ۚ	وہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے اور وہ جو ظاہر کرتے ہیں
اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ	بیشک وہ خوب جاننے والا ہے
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿5﴾	سینوں والی (باتوں) کو۔ ﴿5﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّتَاعًا : متاعِ عزیز، متاعِ کارواں، مال ومتاع۔	قَدِيْرٌ : تقدیر، قدرت، قدیر۔
حَسَنًا : احسن، حسین۔	صُدُوْرَهُمْ : صدری، شرح صدر، صدر مقام۔
اَجَلٍ : لقمہ اجل، اجل آ پہنچی، فرشتہ اجل۔	مِنْهُ : من جانب، منجملہ، من حیث القوم۔
فَضْلَهٗ : فضیلت، فضل، افضل، فاضل۔	يَعْلَمُ : علم، معلوم، تعلیم، معلم، متعلم۔
اَخَافُ : خوف، خائف، خوف کے سائے۔	يُسِرُّوْنَ : اسرار ورموز، پراسرار۔
كَبِيْرٍ : اکبر، کبیر، مکبر، تکبیر۔	وَ : مال ودولت، شان وشوکت، صبح وشام۔
مَرْجِعُكُمْ : رجوع الی اللہ، راجع، مرجع۔	يُعْلِنُوْنَ : علانیہ، اعلان عام۔

مَّتَاعًا حَسَنًا	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	وَّيُؤْتِ ❶	كُلَّ ذِىْ فَضْلٍ ❷
اچھا فائدہ	ایک وقت مقررہ تک	اور وہ دے گا	ہر فضل (زیادہ عمل) والے کو

فَضْلَهٗ ط	وَ اِنْ	تَوَلَّوْا ❸	فَاِنِّىْٓ اَخَافُ ❹	عَلَيْكُمْ
اس کا فضل (زیادہ ثواب)	اور اگر	تم سب پھر گئے	تو بے شک میں ڈرتا ہوں	تم پر

عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ (3)	اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ ج	وَهُوَ
بڑے دن کے عذاب سے	اللہ ہی کی طرف	تمہارا لوٹنا ہے	اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرٌ ❺ (4)	اَلَآ ❻	اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ ❼
ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا ہے	آگاہ رہو!	بیشک وہ سب دوہرا کرتے ہیں

صُدُوْرَهُمْ	لِيَسْتَخْفُوْا ❽	مِنْهُ ط	اَلَا ❻	حِيْنَ
اپنے سینوں کو	تاکہ وہ سب چھپے رہیں	اس (اللہ) سے	آگاہ رہو!	جب

يَسْتَغْشُوْنَ	ثِيَابَهُمْ لا	يَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ	وَمَا
وہ سب اوڑھ لیتے ہیں	اپنے کپڑے	وہ جانتا ہے	جو	وہ سب چھپاتے	اور جو

يُعْلِنُوْنَ ج	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ ❺	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ❷ (5)
وہ سب ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	خوب جاننے والا ہے	سینوں والی (باتوں) کو

ضروری وضاحت

❶ يُؤْتِ دراصل يُؤْتِىْ تھا آسانی کیلئے ی کو گرا دیا گیا ہے۔ ❷ ذِىْ اور ذُوْ واحد مذکر کیلئے اور ترجمہ والا اور ذَاتِ واحد مؤنث کیلئے اور ترجمہ والی ہے۔ ❸ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ىْ اور أ دونوں کو ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اَلَآ حرف تنبیہ ہے اس کا ترجمہ سنو! آگاہ رہو! یا خبردار! ہوتا ہے۔ ❼ هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❽ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر آیت 17

"اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟"

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلیئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلیئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

"اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ 12 ﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ﴾ پارہ نمبر 12
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن اول	اشاعت سوم : جولائی 2013
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کرسکتے ہیں۔
2. "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115
فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111
ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org
ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیش نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہوجاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہوجاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہوجاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہوجاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ	اور نہیں ہے کوئی چلنے والا (جاندار) زمین میں
اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ	مگر اللہ ہی پر ہے اسکا رزق اور وہ جانتا ہے
مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ	اسکے قرار کی جگہ اور اس کے سونپے جانے کی جگہ
كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿6﴾	سب کچھ ایک واضح کتاب میں (درج) ہے۔ ﴿6﴾
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	اور وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	اور زمین کو چھ دنوں میں
وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ	اور تھا اس کا عرش پانی پر
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ	تا کہ وہ آزمائے تمہیں (کہ) تم میں سے کون
اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ	بہت بہتر ہے عمل میں اور البتہ اگر آپ کہیں
اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ	کہ بے شک تم اٹھائے جانے والے ہو موت کے بعد
لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	(تو) البتہ ضرور کہیں گے وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿7﴾	نہیں ہے یہ مگر ایک واضح جادو۔ ﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰى : علی الاعلان، علیحدہ، علی وجہ البصیرت۔

يَعْلَمُ : علم، تعلیم، معلوم، معلم، معلومات۔

مُسْتَقَرَّهَا : مستقر (چھاؤنی) قرار، استقرار۔

مُّبِيْنٍ : مبینہ طور پر، دلیلِ بیّن، بیان حلفی۔

خَلَقَ : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقت۔

السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔

اَيَّامٍ : یوم پاکستان، چند ایام۔

الْمَآءِ : ماء الورد، ماء اللحم، ماء الحیات۔

لِيَبْلُوَكُمْ : مبتلا، دور ابتلا۔

اَحْسَنُ : احسن طریقہ، حسین، حسن وجمال۔

عَمَلًا : عمل، عامل، معمول، اعمال۔

قُلْتَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

مَّبْعُوْثُوْنَ : بعثت، مبعوث۔

كَفَرُوْٓا : کفر، کافر، کفار۔

اِلَّا : الاقلیل، الا یہ کہ، الا ماشاء اللہ۔

سِحْرٌ : سحر، ساحر، مسحور کن آواز۔

وَ مَا	مِنْ دَآبَّةٍ ❶❷❸	فِی الْاَرْضِ	اِلَّا	عَلَی اللّٰهِ	رِزْقُهَا
اور نہیں ہے	کوئی چلنے والا (جاندار)	زمین میں	مگر	اللہ ہی پر ہے	اس کا رزق

وَ	یَعْلَمُ	مُسْتَقَرَّهَا	وَ	مُسْتَوْدَعَهَا ؕ	كُلٌّ
اور	وہ جانتا ہے	اس کے قرار کی جگہ	اور	اس کے سونپے جانے کی جگہ	سب کچھ

فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ❸ (6)	وَ هُوَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ❷
ایک واضح کتاب میں (درج) ہے	اور وہی ہے	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو

وَ الْاَرْضَ	فِیْ سِتَّةِ ❷ اَیَّامٍ	وَّ	كَانَ	عَرْشُهٗ	عَلَی الْمَآءِ
اور زمین کو	چھ دنوں میں	اور	تھا	اس کا عرش	پانی پر

لِیَبْلُوَكُمْ ❹	اَیُّكُمْ	اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَ لَئِنْ	قُلْتَ
تاکہ وہ آزمائے تمہیں	(کہ) کون تم میں سے	بہتر ہے	عمل میں	اور البتہ اگر	آپ کہیں

اِنَّكُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ	مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ ❶	لَیَقُوْلَنَّ ❺❻
کہ بے شک تم	سب اٹھائے جانے والے ہو	موت کے بعد	(تو) ضرور ہی کہیں گے

الَّذِیْنَ	كَفَرُوْٓا	اِنْ ❼	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ❸ (7)
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	نہیں ہے	یہ	مگر	ایک واضح جادو

ضروری وضاحت

❶ علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث اور ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❹ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❺ شروع میں لَ اور آخر میں نَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

وَلَئِنۡ اَخَّرۡنَا عَنۡهُمُ الۡعَذَابَ	اور البتہ اگر ہم مؤخر کر دیں ان سے عذاب کو
اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعۡدُوۡدَةٍ لَّيَقُوۡلُنَّ	ایک گنی ہوئی مدت تک (تو) یقیناً ضرور کہیں گے
مَا يَحۡبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوۡمَ	کیا چیز روک رہی ہے اسے، آگاہ رہو! جس دن
يَاۡتِيۡهِمۡ لَيۡسَ مَصۡرُوۡفًا	وہ آئے گا ان پر (تو) نہیں ہوگا ٹالا جانے والا
عَنۡهُمۡ وَ حَاقَ بِهِمۡ	ان سے اور گھیر لے گا ان کو (وہ عذاب)
مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿8﴾	جو (کہ) تھے وہ اس کا مذاق اڑاتے۔ ﴿8﴾
وَلَئِنۡ اَذَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنَّا	اور یقیناً اگر ہم چکھائیں انسان کو اپنی طرف سے
رَحۡمَةً ثُمَّ نَزَعۡنٰهَا مِنۡهُ ۚ	رحمت پھر ہم چھین لیں اس (رحمت) کو اس سے
اِنَّهٗ لَيَئُوۡسٌ كَفُوۡرٌ ﴿9﴾	بیشک وہ یقیناً بہت ناامید بے حد ناشکرا ہو جاتا ہے۔ ﴿9﴾
وَلَئِنۡ اَذَقۡنٰهُ نَعۡمَآءَ	اور البتہ اگر ہم چکھائیں اسے کوئی نعمت
بَعۡدَ ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُ	اس تکلیف کے بعد (جو) پہنچی اسے
لَيَقُوۡلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّىۡ ؕ	(تو) یقیناً ضرور کہے گا چلی گئیں تمام تکالیف مجھ سے

ع 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخَّرۡنَا : مؤخر، تاخیر۔	مِنۡهُ : منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔
اِلٰٓى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	نَزَعۡنٰهَا : حالت نزع۔
مَّعۡدُوۡدَةٍ : عدد، اعداد، تعداد، متعدد۔	لَيَئُوۡسٌ : مایوس، یاس وناامیدی، مایوسی۔
لَّيَقُوۡلُنَّ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	كَفُوۡرٌ : کفر، کافر، کفار۔
يَحۡبِسُهٗ : حبسِ بے جا، محبوس۔	نَعۡمَآءَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
مَصۡرُوۡفًا : صرفِ نظر۔	ضَرَّآءَ : ضرر رساں، مضر صحت۔
يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ : استہزاء۔	مَسَّتۡهُ : مس کرنا۔
اَذَقۡنَا : ذوق، ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	السَّيِّاٰتُ : اعمال سیئہ، سوءِ ظن، علماءِ سوء۔

وَ	لَئِنْ	اَخَّرْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ ❷❶
اور	یقیناً اگر	ہم مؤخر کردیں	ان سے	عذاب کو	ایک گنی ہوئی مدت تک

لَّيَقُوْلُنَّ ❸	مَا ❹	يَحْبِسُهٗ ❺	اَلَا	يَوْمَ	يَاْتِيْهِمْ
(تو) یقیناً ضرور وہ کہیں گے	کیا (چیز)	روک رہی ہے اسے	آگاہ رہو!	جس دن	وہ آئے گا ان پر

لَيْسَ	مَصْرُوْفًا	عَنْهُمْ	وَ	حَاقَ	بِهِمْ
(تو) نہیں ہوگا	ٹالا جانے والا	ان سے	اور	گھیر لے گا	ان کو (وہ عذاب)

مَّا ❹	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿8﴾ ع	وَ	لَئِنْ	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ
جو (کہ)	وہ سب تھے	اس کا	وہ سب مذاق اڑاتے	اور	یقیناً اگر	ہم چکھائیں	انسان کو

مِنَّا	رَحْمَةً ❷	ثُمَّ	نَزَعْنٰهَا	مِنْهُ
اپنی طرف سے	رحمت	پھر	ہم چھین لیں اس (رحمت) کو	اس سے

اِنَّهٗ	لَيَئُوْسٌ ❻	كَفُوْرٌ ❻ ﴿9﴾	وَلَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	نَعْمَآءَ
بیشک وہ	یقیناً بہت ناامید	بے حد ناشکرا ہوجاتا ہے	اور البتہ اگر	ہم چکھائیں اسے	کوئی نعمت

بَعْدَ ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُ ❼	لَيَقُوْلَنَّ ❸	ذَهَبَ	السَّيِّاٰتُ ❷	عَنِّيْ
(اس) تکلیف کے بعد	(جو) پہنچی اسے	(تو) یقیناً وہ ضرور کہے گا	چلی گئیں	تمام تکالیف	مجھ سے

ع 8

ضروری وضاحت

❶ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❷ علامت ۃ اسم کیساتھ واحد مؤنث کی اور ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❹ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔ ❺ علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ﴿10﴾	بیشک وہ یقینا اترانے والا بہت فخر کرنیوالا ہے۔ ﴿10﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا	مگر وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا
وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ	اور نیک اعمال کیے، یہی وہ لوگ ہیں
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿11﴾	(کہ) ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ ﴿11﴾
فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا	پھر شاید آپ چھوڑ دینے والے ہیں بعض (وہ) جو
يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ	وحی کی جاتی ہے آپ کی طرف اور تنگ ہونیوالا ہے
بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا	اس کی وجہ سے آپ کا سینہ کہ وہ (کافر) کہیں گے
لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ	(کہ) کیوں نہیں، اُتارا گیا اس پر کوئی خزانہ
اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ	یا (کیوں نہیں) آیا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ
اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ	آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ؕ ﴿12﴾	اور اللہ ہر چیز پر نگران ہے۔ ﴿12﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ	کیا وہ کہتے ہیں (کہ) اس نے (خود) گھڑ لیا ہے اس (قرآن) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَخُوْرٌ	فخر کرنا، تفاخرانہ انداز، فخریہ پیشکش۔	اِلَيْكَ	مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
الصّٰلِحٰتِ	اعمال صالحہ، صالح، مصلح، صلح۔	ضَآئِقٌۢ	ضیق النفس، ضیق الصدر، مضائقہ۔
مَّغْفِرَةٌ	مغفرت، استغفار۔	صَدْرُكَ	شرح صدر، شق صدر، صدری۔
اَجْرٌ	اجر، اجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔	لَآ	لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ، لاپروا۔
كَبِيْرٌ	اکبر، کبار، تکبیر، کبریٰ، کبریائی۔	عَلَيْهِ	علی الاعلان، علیحدہ، علی وجہ البصیرت۔
تَارِكٌۢ	ترک کرنا، متروک، ترکہ۔	مَلَكٌ	ملک الموت، ملائکہ، حور وملک۔
مَا	ماتحت، ماحول، ماورائے عدالت۔	وَّكِيْلٌ	وکیل، وکالت، وکلا، وکالت نامہ۔
يُوْحٰٓى	وحی الٰہی، کاتبین وحی، نزول وحی۔	افْتَرٰىهُ	افترا پردازی، مفتری۔

إِنَّهٗ	لَفَرِحٌ	فَخُوْرٌ ❶ (10)	اِلَّا	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا
بیشک وہ	یقیناً اترانے والا	بہت فخر کرنیوالا ہے	مگر	وہ لوگ جن	سب نے صبر کیا

وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ❷	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ ❷
اور	سب نے عمل کیے نیک	یہی وہ لوگ ہیں	(کہ) ان کے لیے	بخشش

وَّ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ ❶ (11)	فَلَعَلَّكَ	تَارِكٌۢ ❸	بَعْضَ	مَا
اور	اجر ہے	بہت بڑا	پھر شاید کہ آپ	چھوڑ دینے والے ہیں	بعض	(وہ) جو

يُوْحٰٓى ❹	اِلَيْكَ	وَضَآئِقٌۢ ❸	بِهٖ	صَدْرُكَ
وحی کی جاتی ہے	آپ کی طرف	اور تنگ ہونیوالا ہے	اس کی وجہ سے	آپ کا سینہ

اَنْ	يَّقُوْلُوْا	لَوْ	لَآ	اُنْزِلَ ❺	عَلَيْهِ	كَنْزٌ ❻
کہ	وہ سب (کافر) کہیں گے	(کہ) کیوں	نہیں	اتارا گیا	اس پر	کوئی خزانہ

اَوْ	جَآءَ	مَعَهٗ	مَلَكٌ ❻	اِنَّمَآ ❼ اَنْتَ نَذِيْرٌ
یا	(کیوں نہیں) آیا	اس کے ساتھ	کوئی فرشتہ	بیشک آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں

وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ (12) ط	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ
اور اللہ	ہر چیز پر	نگران ہے	کیا	وہ سب کہتے ہیں	اس نے (خود) گھڑ لیا ہے اس (قرآن) کو

ضروری وضاحت

❶اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹اگر ی پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺فعل کے شروع میں پیش، اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

قُلْ فَأْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ	آپ کہہ دیں پھر تم (بھی) لے آؤ دس سورتیں
مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا	اس جیسی گھڑی ہوئی اور تم بلالو
مَنِ اسْتَطَعْتُمْ	جنہیں تم (بلانے کی) طاقت رکھتے ہو
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿13﴾	اللہ کے سوا اگر ہو تم سچے۔ ﴿13﴾
فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ	پس اگر نہ وہ قبول کریں تمہاری (بات) کو
فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ	تو جان لو کہ یقیناً یہ اتارا گیا اللہ کے علم کے ساتھ
وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ	اور یہ کہ کوئی معبود نہیں مگر وہی
فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿14﴾	تو کیا تم فرمانبرداری کرنے والے ہو۔ ﴿14﴾
مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	جو کوئی چاہتا ہو دنیوی زندگی
وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ	اور اسکی زینت، ہم پورا پورا بدلہ دے دیتے ہیں انہیں
اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ	ان کے اعمال کا اس (دنیا) میں اور وہ
فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿15﴾	اس (دنیا) میں نہیں کم دیے جاتے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بِعِلْمِ : علم، معلوم، تعلیم، معلم، نظام تعلیم۔
بِعَشْرِ : عشرہ محرم، یوم عاشورہ، عشر عشیر۔	يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
سُوَرٍ : سورت، سورتیں (سُوَرٍ جمع سورت)۔	الْحَيٰوةَ : موت وحیات، حیات جاوداں۔
مِّثْلِهٖ : مثال، مثل، مثلاً، مماثلت۔	الدُّنْيَا : دنیا وآخرت، دنیاوی زندگی۔
ادْعُوْا : دعوت، داعی، مدعو۔	زِيْنَتَهَا : زیب وزینت، مزین، تزئین وآرائش۔
اسْتَطَعْتُمْ : استطاعت، حسب استطاعت۔	نُوَفِّ : وفا، ایفائے عہد، وعدہ وفا۔
صٰدِقِيْنَ : صادق وامین، صدیق، مصدوق۔	اَعْمَالَهُمْ : عمل، معمول، عملیات، اعمال صالحہ۔
يَسْتَجِيْبُوْا : مستجاب الدعا۔	فِيْهَا : فی الفور، فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔

قُلْ	فَأْتُوْا	بِعَشْرِ سُوَرٍ ❶	مِّثْلِهٖ	مُفْتَرَيٰتٍ ❷	وَّادْعُوْا
آپ کہہ دیں	پھر تم سب لے آؤ	دس سورتیں	اس جیسی	گھڑی ہوئی	اور تم سب بلالو

مَنِ اسْتَطَعْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❸	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (13)
جنہیں تم (بلانے کی) طاقت رکھتے ہو	اللہ کے سوا	اگر	ہو تم	سب سچے

فَاِنْ	لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ ❹	اُنْزِلَ ❺
پس اگر	نہ وہ سب قبول کریں	تمہاری (بات) کو	تو تم سب جان لو	کہ یقیناً	اتارا گیا

بِعِلْمِ اللّٰهِ	وَ	اَنْ	لَّآ اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ ج
اللہ کے علم کے ساتھ	اور	یہ کہ	کوئی معبود نہیں	مگر	وہی

فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ ❻ (14)	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ ❼
تو کیا	تم	سب فرمانبرداری کرنے والے ہو	جو	ہو چاہتا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ❷	وَ	زِيْنَتَهَا	نُوَفِّ	اِلَيْهِمْ
دنیوی زندگی	اور	اسکی زینت	ہم پورا پورا بدلہ دے دیتے ہیں	ان کی طرف

اَعْمَالَهُمْ	فِيْهَا	وَهُمْ	فِيْهَا	لَا يُبْخَسُوْنَ ❽ (15)
انکے اعمال کا	اس (دنیا) میں	اور وہ	اس (دنیا) میں	نہیں وہ سب کم دیے جاتے

ضروری وضاحت

❶علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹اَنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ	یہی وہ لوگ ہیں جو (کہ) نہیں ہے
لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ	ان کے لیے آخرت میں مگر آگ ہی
وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا	اور برباد ہو گیا جو انہوں نے کیا اس (دنیا) میں
وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿16﴾	اور باطل (بےکار) ہے جو وہ کرتے تھے۔ ﴿16﴾
اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ	تو کیا جو (شخص) ہو واضح دلیل (عقل سلیم) پر
مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ	اپنے رب کی طرف سے اور اس کے پیچھے آیا ہو
شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ	ایک گواہ اس (اللہ کی طرف) سے اور اس سے پہلے
كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ	موسیٰ کی کتاب بھی ہو (جو) پیشوا اور رحمت ہے
اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ	یہی لوگ ایمان لاتے ہیں اس (قرآن) پر (بھی)
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ	اور جو کفر کرتا ہے اس (قرآن یا رسول) کا
مِنَ الْاَحْزَابِ	(کافر) گروہوں میں سے
فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ	تو آگ ہی اس کے وعدے کی جگہ (ٹھکانا) ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِىْ : فی الفور، اظہار مافی الضمیر، فی الحال۔	مِّنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
الْاٰخِرَةِ : یومِ آخرت، اُخروی زندگی۔	شَاهِدٌ : شاہد، شہادت۔
اِلَّا : الا قلیل، الا یہ کہ، الا ماشاء اللہ۔	قَبْلِهٖ : قبل از وقت، چند دن قبل، ماقبل۔
النَّارُ : نوری و ناری مخلوق۔	اِمَامًا : امام، امامت، امام الانبیاء، پیش امام۔
صَنَعُوْا : صنعت و تجارت، مصنوعات، مصنوعی آلات۔	رَحْمَةً : رحمت، رحم، رحمۃ اللہ علیہ، مرحوم۔
بٰطِلٌ : حق و باطل، باطل عقیدہ، ادیان باطلہ۔	يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماورائے آئین۔	الْاَحْزَابِ : حزب اقتدار، حزب اختلاف۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	مَوْعِدُهٗ : وعدہ، وعید، مسیح موعود، میعاد۔

اُولٰٓئِكَ ❶	الَّذِيْنَ	لَيْسَ	لَهُمْ ❷	فِى الْاٰخِرَةِ ❸
یہی وہ لوگ ہیں	جو	(کہ) نہیں ہے	ان کے لیے	آخرت میں

اِلَّا النَّارُ	وَحَبِطَ	مَا	صَنَعُوْا	فِيْهَا	وَبٰطِلٌ
مگر آگ	اور برباد ہو گیا	جو	ان سب نے کیا	اس (دنیا) میں	اور باطل (بے کار) ہے

مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❹ (16)	اَفَمَنْ ❺	كَانَ	عَلٰى بَيِّنَةٍ ❸
جو	تھے وہ سب کرتے	تو کیا جو (شخص)	ہو	واضح دلیل (عقل سلیم) پر

مِّنْ رَّبِّهٖ	وَيَتْلُوْهُ ❻	شَاهِدٌ	مِّنْهُ	وَ	مِنْ قَبْلِهٖ
اپنے رب (کی طرف) سے	اور پیچھے آیا ہوا سکے	ایک گواہ	اس (اللہ کی طرف) سے	اور	اس سے پہلے

كِتٰبُ مُوْسٰٓى	اِمَامًا	وَّ	رَحْمَةً ❸
(اس کی تائید میں) موسیٰ کی کتاب بھی ہو	(جو) پیشوا	اور	رحمت تھی

اُولٰٓئِكَ ❶	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ ؕ	وَ	مَنْ يَّكْفُرْ ❻
یہی لوگ	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اس (قرآن) پر (بھی)	اور	جو انکار کرتا ہے

بِهٖ	مِنَ الْاَحْزَابِ	فَالنَّارُ	مَوْعِدُهٗ
اس (قرآن) کا	(کافر) گروہوں میں سے	تو آگ ہی	اس کے وعدے کی جگہ (ٹھکانا) ہے

ضروری وضاحت

❶ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ سب لوگ ہوتا ہے ضرورتاً کبھی ترجمہ یہ سب لوگ یا یہی لوگ کر دیا جاتا ہے اور یہ علامت عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ❷ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو گیا ہے۔ ❸ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ وْا اور وْنَ دونوں کو ملا کر کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❺ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۚ	تو نہ ہوں آپ کسی شک میں اس (قرآن) سے
اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ	یقیناً وہ (قرآن) حق ہے تیرے رب کی طرف سے
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿17﴾	اور لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ ﴿17﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ	اور کون زیادہ ظالم ہے اس سے جس نے
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ	باندھا اللہ پر جھوٹ
اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ	یہ لوگ پیش کیے جائیں گے اپنے رب پر
وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ	اور کہیں گے گواہ (فرشتے) یہ ہیں
الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ	وہ لوگ جنہوں نے جھوٹ بولا اپنے رب پر
اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿18﴾	آگاہ رہو! اللہ کی لعنت ہے ظالموں پر۔ ﴿18﴾
الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	جو روکتے ہیں اللہ کی راہ سے
وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ	اور وہ تلاش کرتے ہیں اس میں کجی
وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿19﴾	اور وہ آخرت کا انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿19﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ : فی الفور، اظہار مافی الضمیر، فی الحال۔	عَلَى : علی الاعلان، علیحدہ، علی وجہ البصیرت۔
الْحَقُّ : حق، حقیقت، حقوق، حق و باطل۔	كَذِبًا : کذب بیانی، تکذیب، کاذب۔
وَ : شام وسحر، رحم وکرم، موت وحیات	يُعْرَضُوْنَ : عرض ناشر، معروضات، عرضی نویس۔
اَكْثَرَ : اکثر اوقات، کثرت، کثیر تعداد۔	يَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔	الْاَشْهَادُ : شاہد، شہادت، شواہد۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔	لَعْنَةُ : لعنت، ملعون، لعنتی، لعن وطعن۔
اَظْلَمُ : ظالم، ظلم، مظالم، مظلوم۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
افْتَرٰى : افترا پردازی، مفتری۔	كٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔

فَلَا	تَكُ ❶	فِيْ مِرْيَةٍ ❷❸	مِّنْهُ	اِنَّهُ	الْحَقُّ
تو نہ	ہوں آپ	کسی شک میں	اس (قرآن) سے	یقیناً وہ	(قرآن) حق ہے

مِنْ رَّبِّكَ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❹ (17)
تیرے رب (کی طرف) سے	اور	لیکن	اکثر لوگ	نہیں وہ سب ایمان لاتے

وَ	مَنْ	اَظْلَمُ ❺	مِمَّنِ	افْتَرٰی	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا
اور	کون	زیادہ ظالم ہے	(اس) سے جس نے	باندھا	اللہ پر	جھوٹ

رَحْمَةً : رحم، رحمت، مرحوم۔	بِسُوْٓءٍ : سوءِ ظن، علمائے سوء۔
يَّنْصُرُنِيْ : ناصر، نصرت، منصور، انصار، حامی وناصر۔	فَيَاْخُذَكُمْ : اخذ کرنا، مواخذہ، ماخوذ۔

مِّمَّا ❶	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ (62)
(اس بات) سے جو (کہ)	تو دعوت دیتا ہے ہمیں	اس کی طرف	بے چین رکھنے والے شک میں ہیں

قَالَ	يٰقَوْمِ ❷	اَ	رَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى بَيِّنَةٍ ❸
اس نے کہا	اے میری قوم	کیا	تم نے دیکھا (غور کیا)	اگر	میں ہوں	واضح دلیل پر

مِّنْ رَّبِّيْ	وَ	اٰتٰىنِيْ ❹	مِنْهُ	رَحْمَةً ❸	فَمَنْ
اپنے رب (کی طرف) سے	اور	اس نے دی ہو مجھے	اپنی (طرف) سے	رحمت	تو کون

يَّنْصُرُنِيْ ❹❺	مِنَ اللّٰهِ	اِنْ	عَصَيْتُهٗ	فَمَا
میری مدد کرے گا	اللہ (کے عذاب) سے	اگر	میں نافرمانی کروں اس کی	پس نہیں

تَزِيْدُوْنَنِيْ ❹❻	غَيْرَ	تَخْسِيْرٍ (63)	وَ	يٰقَوْمِ ❷	هٰذِهٖ	نَاقَةُ ❸ اللّٰهِ
تم سب زیادہ دو گے مجھے	سوائے	خسارے کے	اور	اے میری قوم	یہ	اللہ کی اونٹنی ہے

لَكُمْ	اٰيَةً ❸	فَذَرُوْهَا ❻	تَاْكُلْ ❼	فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ	وَ
تمہارے لیے	(عظیم) نشانی	پس تم سب چھوڑ دو اسے	کھاتی پھرے	اللہ کی زمین میں	اور

لَا تَمَسُّوْهَا ❻	بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ ❺	عَذَابٌ ❽ قَرِيْبٌ (64)
نہ تم سب چھونا اسے	برائی کے ساتھ	ورنہ پکڑے گا تمہیں	ایک قریب (جلد) عذاب

ضروری وضاحت

❶ مِمَّا اصل میں مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے۔
❸ علامت ةً مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ فعل کیساتھ يْ آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
❺ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ علامت وْا کیساتھ اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❼ علامت تَ فعل کے شروع میں مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ	تو انہوں نے ٹانگیں کاٹ دیں اس کی تو اس نے کہا:
تَمَتَّعُوْا فِیْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ ؕ	فائدہ اٹھالو تم اپنے گھروں میں تین دن
ذٰلِكَ وَعْدٌ غَیْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿65﴾	یہ وعدہ ہے نہیں جھوٹ بولا گیا (اس میں)۔ ﴿65﴾
فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا	پھر جب آ گیا ہمارا حکم (عذاب) ہم نے نجات دی
صٰلِحًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	صالح کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے
مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا	اس کے ساتھ، اپنی طرف سے مہربانی کیساتھ
وَمِنْ خِزْیِ یَوْمِىٕذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ	اور اس دن (قیامت) کی رسوائی سے، بیشک تیرا رب
هُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿66﴾	وہی نہایت طاقتور بہت زبردست ہے۔ ﴿66﴾
وَاَخَذَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا	اور پکڑ لیا ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا
الصَّیْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ	چیخ نے پس وہ ہو گئے اپنے گھروں میں
جٰثِمِیْنَ ﴿67﴾ۙ كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا	اوندھے منہ گرے ہوئے۔ ﴿67﴾ گویا کہ نہ رہے تھے وہ
فِیْهَا ؕ اَلَاۤ اِنَّ ثَمُوْدَاۡ كَفَرُوْا	ان (گھروں) میں، خبردار! بیشک (قوم) ثمود نے کفر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَقَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
تَمَتَّعُوْا : متاع عزیز، متاع کارواں، مال ومتاع۔	مَعَهٗ : معیت، مع اہل وعیال۔
دَارِ، دِیَارِ : دارِفانی، دارارقم، دیارغیر۔	بِرَحْمَةٍ : رحمت، رحم، مرحوم۔
ثَلٰثَةَ : ثلث، مثلث، تثلیث۔	الْقَوِیُّ : قوی، مقوی، قوت۔
اَیَّامٍ : یوم، ایام، یوم پاکستان۔	اَخَذَ : اخذ کرنا، مواخذہ، ماخوذ۔
مَكْذُوْبٍ : کاذب، تکذیب، کذب بیانی۔	ظَلَمُوا : ظلم، ظالم، مظلوم، ظالمانہ کاروائی۔
اَمْرُنَا : امر، آمر، مامور، امرربی۔	فِیْ : فی الفور، فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔
نَجَّیْنَا : نجات دہندہ، فرقہ ناجیہ۔	كَفَرُوْا : کفر، کفار، کافر

فَعَقَرُوْهَا [1]	فَقَالَ	تَمَتَّعُوْا [2]	فِيْ دَارِكُمْ
تو انہوں نے ٹانگیں کاٹ دیں اس کی	تو اس نے کہا	تم سب فائدہ اٹھالو	اپنے گھروں میں

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ [3]	ذٰلِكَ [4]	وَعْدٌ	غَيْرُ	مَكْذُوْبٍ (65)	فَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا
تین دن	یہ	وعدہ ہے	نہیں	جھوٹ بولا گیا (اس میں)	پھر جب	آ گیا	ہمارا حکم (عذاب)

نَجَّيْنَا	صٰلِحًا	وَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ
ہم نے نجات دی	صالح کو	اور	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اس کے ساتھ

بِرَحْمَةٍ [3]	مِّنَّا [5]	وَ	مِنْ خِزْيِ	يَوْمِئِذٍ ؕ	اِنَّ	رَبَّكَ
رحمت سے	اپنی (طرف) سے	اور	رسوائی سے	اس دن (قیامت) کی	بیشک	تیرا رب

هُوَ الْقَوِيُّ [6]	الْعَزِيْزُ [7] (66)	وَ	اَخَذَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا
وہی نہایت طاقتور	بہت زبردست ہے	اور	پکڑ لیا	ان لوگوں کو جن	سب نے ظلم کیا

الصَّيْحَةُ [3]	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ (67)	كَاَنْ
چیخ نے	پس وہ سب ہو گئے	اپنے گھروں میں	سب اوندھے منہ گرے ہوئے	گویا کہ

لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَآ	اِنَّ	ثَمُوْدَا۟	كَفَرُوْا [8]
نہ رہے تھے وہ سب	ان (گھروں) میں	خبردار	بے شک	ثمود نے	کفر کیا

ضروری وضاحت

❶ وْا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لانی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❷ علامت تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ علامت ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔ ❺ مِنَّا اصل میں مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ یہاں علامت وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿68﴾	اپنے رب سے، خبردار! دوری ہے ثمود کے لیے۔ ﴿68﴾
وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ	اور بلاشبہ یقیناً آئے ہمارے قاصد (فرشتے)
اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ	ابراہیم کے پاس خوشخبری کیساتھ انہوں نے سلام کہا
قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ	اس نے کہا (تم پر بھی) سلام ہو پھر اس نے دیر نہ کی
اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿69﴾	کہ وہ لے آیا ایک بچھڑا بھنا ہوا۔ ﴿69﴾
فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ	تو جب اس نے دیکھا انکے ہاتھوں کو (کہ) نہیں پہنچ رہے
اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ	اس کی طرف (تو) اس نے اوپرا جانا انہیں اور محسوس کیا
مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ	ان سے خوف، انہوں نے کہا مت ڈر!
اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿70﴾	بیشک ہم بھیجے گئے ہیں لوط کی قوم کی طرف۔ ﴿70﴾
وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ	اور اس کی بیوی کھڑی تھی تو وہ ہنس پڑی
فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ	پھر ہم نے خوشخبری دی اسے اسحاق کی
وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿71﴾	اور اسحاق کے بعد (پوتے) یعقوب کی۔ ﴿71﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بُعْدًا : بعید، بعید از قیاس۔	تَصِلُ : وصل، موصول، وصول، وصال۔
رُسُلُنَآ : رسول، مرسل، انبیاء و رسل۔	اِلَيْهِ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
بِالْبُشْرٰى : بشارت، مبشر، عشرہ مبشرہ۔	مِنْهُمْ : منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	خِيْفَةً : خوف، خائف، بے خوف، خوف الٰہی۔
سَلٰمًا : سلام، سلامت، سلامتی، مسلم۔	اُرْسِلْنَآ : رسول، رسالت، مرسل، ارسال۔
رَاٰۤ : رؤیت باری تعالیٰ، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔	قَآئِمَةٌ : قائم مقام، قائم دائم، مقیم۔
اَيْدِيَهُمْ : ید بیضاء، ید طولیٰ۔	فَضَحِكَتْ : مضحکہ خیز، تضحیک۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لامحالہ، لاپروا۔	وَّرَآءِ : ماورائے آئین، ماورائے عدالت۔

رَبَّهُمْ	اَلَا	بُعْدًا	لِّثَمُوْدَ (68)	وَ	لَقَدْ ❶	جَآءَتْ ❷
اپنے رب سے	خبردار	دوری ہے	ثمود کے لیے	اور	بلاشبہ یقیناً	آئے

رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِیْمَ	بِالْبُشْرٰی	قَالُوْا	سَلٰمًا
ہمارے قاصد (فرشتے)	ابراہیم کے پاس	خوشخبری کے ساتھ	انہوں نے کہا	سلام (ہو تم پر)

قَالَ	سَلٰمٌ	فَمَا	لَبِثَ	اَنْ	جَآءَ بِعِجْلٍ ❸❹	حَنِیْذٍ (69)
اس نے کہا	(تم پر بھی) سلام ہو	پھر نہ	اس نے دیر کی	کہ	وہ لے آیا ایک بچھڑا	بھنا ہوا

فَلَمَّا	رَآٰ	اَیْدِیَهُمْ	لَا	تَصِلُ ❺	اِلَیْهِ
توجب	اس نے دیکھا	انکے ہاتھوں کو	(کہ) نہیں	پہنچ رہے	اس کی طرف

نَكِرَهُمْ	وَ	اَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِیْفَةً ❷	قَالُوْا	لَا تَخَفْ
تواس نے اوپرا جانا انہیں	اور	محسوس کیا	ان سے	خوف	انہوں نے کہا	تو نہ ڈر!

اِنَّآ اُرْسِلْنَآ ❻	اِلٰی قَوْمِ لُوْطٍ (70)	وَ	امْرَاَتُهٗ	قَآىِٕمَةٌ ❷	فَضَحِكَتْ ❷
بیشک ہم بھیجے گئے ہیں	لوط کی قوم کی طرف	اور	اس کی بیوی	کھڑی تھی	تو وہ ہنس پڑی

فَبَشَّرْنٰهَا	بِاِسْحٰقَ	وَ	مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ ❼	یَعْقُوْبَ (71)
پھر ہم نے خوشخبری دی اسے	اسحاق کی	اور	اسحاق کے بعد	(پوتے) یعقوب کی

ضروری وضاحت

❶ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❷ تْ فعل کے آخر میں اور ۃ اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ جَآءَ کا ترجمہ ہے آیا اگر اس کے بعد بِ ہو تو اس کا ترجمہ لایا کیا جاتا ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ اِنَّآ کے نَا اور اُرْسِلْنَآ کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❼ یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَ اَلِدُ	اس نے کہا ہائے میری بربادی! کیا میں جنوں گی
وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ	اس حال میں کہ میں بوڑھی ہوں اور یہ میرا خاوند ہے
شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿72﴾	بوڑھا، یقیناً یہ بلاشبہ ایک عجیب چیز ہے۔ ﴿72﴾
قَالُوْٓا اَ تَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ	انہوں نے کہا کیا تو تعجب کرتی ہے اللہ کے حکم سے
رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ	اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں (نازل) ہوں
عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ	تم پر اے گھر والو!
اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿73﴾	بیشک وہ تعریف کیا گیا بڑی شان والا ہے۔ ﴿73﴾
فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ	پھر جب چلا گیا ابراہیم سے خوف
وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا	اور آ گئی اسکے پاس خوشخبری وہ جھگڑنے لگا ہم سے
فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿74﴾	لوط کی قوم (کے بارے) میں۔ ﴿74﴾
اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ	بے شک ابراہیم یقیناً نہایت بردبار
اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿75﴾	بہت آہ وزاری کرنیوالا رجوع کرنے والا ہے۔ ﴿75﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَتْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَلِدُ : ولادت، تولید، ولدیت، نومولود۔
هٰذَا : لہٰذا، حامل رقعہ ہٰذا، علیٰ ہٰذا القیاس۔
عَجِيْبٌ : عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
اَمْرِ : امر، آمر، مامور، امر ربی
وَ : شام وسحر، شان وشوکت، جاہ وجلال۔
بَرَكٰتُهٗ : برکت، مبارک، تبرک، خیر وبرکت۔
عَلَيْكُمْ : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
اَهْلَ : اہل بیت، اہل محلہ، اہالیان شہر۔
الْبَيْتِ : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت المال۔
حَمِيْدٌ : حمد وثنا، حمد ونعت، محمود۔
مَّجِيْدٌ : مجد وبزرگی، جد امجد، والدہ ماجدہ۔
الْبُشْرٰى : بشارت، مبشر، بشیر، عشرہ مبشرہ۔
يُجَادِلُنَا : جنگ وجدل، مجادلہ۔
فِىْ : فی الفور، فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔
لَحَلِيْمٌ : حلم وبردباری، حلیم الطبع۔

قَالَتْ ❶	يٰوَيْلَتٰٓى	ءَ	اَلِدُ	وَ	اَنَا	عَجُوْزٌ
اس نے کہا	ہائے میری بربادی!	کیا	میں جنوں گی	اس حال میں کہ	میں	بوڑھی ہوں

وَّ	هٰذَا	بَعْلِىْ	شَيْخًا	اِنَّ	هٰذَا	لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿72﴾
اور	یہ	میرا خاوند	بوڑھا ہے	یقیناً	یہ	بلاشبہ ایک عجیب چیز ہے

قَالُوْٓا	اَ	تَعْجَبِيْنَ ❷	مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ	رَحْمَتُ اللّٰهِ ❸
انہوں نے کہا	کیا	تو تعجب کرتی ہے	اللہ کے حکم سے	اللہ کی رحمت

وَ	بَرَكٰتُهٗ	عَلَيْكُمْ	اَهْلَ الْبَيْتِ	اِنَّهٗ	حَمِيْدٌ ❹
اور	اس کی برکتیں ہوں	تم پر	(اے) گھروالو!	بیشک وہ	بہت تعریف کیا گیا

مَّجِيْدٌ ❹ ﴿73﴾	فَلَمَّا	ذَهَبَ	عَنْ اِبْرٰهِيْمَ	الرَّوْعُ
بڑی شان والا ہے	پھر جب	چلا گیا	ابراہیم سے	خوف

وَجَآءَتْهُ ❶	الْبُشْرٰى ❺	يُجَادِلُنَا	فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿74﴾
اور آگئی اسکے پاس	خوشخبری	وہ جھگڑنے لگا ہم سے	لوط کی قوم (کے بارے) میں

اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَحَلِيْمٌ ❹	اَوَّاهٌ ❹	مُّنِيْبٌ ❹ ﴿75﴾
بے شک	ابراہیم	یقیناً نہایت بردبار	بہت آہ وزاری کرنے والا	رجوع کرنے والا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ تَعْجَبِيْنَ کے آخر میں يْنَ جمع مذکر کی علامت نہیں ہے بلکہ فعل کے آخر میں يْنَ واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے۔ ❸ رَحْمَتُ اللّٰهِ میں لفظ رحمت کو قرآنی کتابت میں کبھی ایسا لکھ دیا جاتا ہے دراصل یہ لفظ رَحْمَةٌ لکھا جاتا ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اسم کے آخر میں ـٰى واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ	اے ابراہیم اعراض کر اس سے
اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ) یقیناً آچکا تیرے رب کا حکم
وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ	اور بے شک وہ لوگ آنے والا ہے ان پر
عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ 76	(ایسا) عذاب (جو) ہٹایا جانے والا نہیں۔ 76
وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا	اور جب آئے ہمارے قاصد (فرشتے) لوط کے پاس
سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ	وہ مغموم ہوا انکی وجہ سے اور تنگ ہوا ان کی وجہ سے
ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ 77	دل میں اور کہا یہ دن بہت سخت ہے۔ 77
وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ	اور آئے اس کے پاس اس کی قوم (کے لوگ)
يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ۭ	(گویا کہ) وہ سختی سے ہانکے جارہے تھے اس کی طرف
وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ	اور پہلے سے ہی وہ برے کام کیا کرتے تھے
قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ	اس نے کہا اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں ہیں
هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وہ زیادہ پاکیزہ ہیں تمہارے لیے تو اللہ سے ڈرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْرِضْ : اعراض کرنا۔

اَمْرُ : امر، آمر، مامور۔

رَبِّكَ : رب کائنات، ربوبیت۔

عَذَابٌ : عذاب الٰہی، عذاب الیم۔

غَيْرُ : غیر، اغیار، غیر اللہ۔

مَرْدُوْدٍ : رد، مردود، تردد۔

سِيْٓءَ : سوء ظن، علمائے سوء۔

ضَاقَ : ضیق النفس، مضائقہ۔

قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

يَوْمٌ : یوم آزادی، یوم آخرت، ایام۔

اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔

قَبْلُ : قبل از وقت، چند دن قبل۔

يَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال، عامل، معمول۔

السَّيِّاٰتِ : اعمال سیئہ، علمائے سوء۔

بَنَاتِيْ : بنت، مدرسۃ البنات، بنات رسول۔

اَطْهَرُ : طاہر، مطہر، طہارت۔

يَاِبْرٰهِيْمُ	اَعْرِضْ ❶	عَنْ هٰذَا	اِنَّهٗ	قَدْ	جَآءَ	اَمْرُ رَبِّكَ ۚ
اے ابراہیم	اعراض کر	اس سے	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	یقیناً	آچکا	تیرے رب کا حکم

وَ	اِنَّهُمْ	اٰتِيْهِمْ	عَذَابٌ	غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ❷ (76)
اور	بے شک وہ	آنے والا ہے ان پر	(ایسا) عذاب	(جو) نہیں ہٹایا جانے والا

وَ	لَمَّا	جَآءَتْ ❸	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ	بِهِمْ
اور	جب	آئے	ہمارے قاصد (فرشتے)	لوط کے پاس	وہ مغموم ہوا	انکی وجہ سے

وَ	ضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا	وَّ	قَالَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَصِيْبٌ (77)
اور	تنگ ہوا	ان کی وجہ سے	دل میں	اور	کہا	یہ	دن بہت سخت ہے

وَ	جَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	يُهْرَعُوْنَ ❹	اِلَيْهِ ۭ
اور	آئے اسکے پاس	اسکی قوم (کے لوگ گویا کہ)	وہ سب سختی سے ہانکے جارہے تھے	اس کی طرف

وَ	مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❺	السَّيِّاٰتِ ❻	قَالَ	يٰقَوْمِ
اور	پہلے سے ہی	تھے وہ سب کام کیا کرتے	برے	اس نے کہا	اے میری قوم!

هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِيْ	هُنَّ	اَطْهَرُ ❼	لَكُمْ	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
یہ	میری بیٹیاں ہیں	وہ	زیادہ پاکیزہ ہیں	تمہارے لیے	تو سب اللہ سے ڈرو

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ مَرْدُوْدٍ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ يُهْرَعُوْنَ سے مراد "بے اختیار اور بے تحاشا دوڑتے ہوئے آئے" ہے۔ ❺ وْا اور وْنَ دونوں کو ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❻ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ علامت اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

وَ لَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ	اور نہ رسوا کرو مجھے میرے مہمانوں میں
اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿78﴾	کیا نہیں ہے تم میں کوئی بھلا آدمی۔ ﴿78﴾
قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ	انہوں نے کہا بلا شبہ یقیناً تو جان چکا ہے (کہ)
مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ	نہیں ہے ہمارے لیے تیری (قوم کی) بیٹیوں میں
مِنْ حَقٍّ ۚ وَ اِنَّكَ لَتَعْلَمُ	کوئی حق (رغبت) اور بے شک تو یقیناً جانتا ہے
مَا نُرِيْدُ ﴿79﴾ قَالَ لَوْ	جو ہم چاہتے ہیں۔ ﴿79﴾ اس نے کہا کاش!
اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً	واقعی ہوتی میرے لیے تمہارے مقابلے کی طاقت
اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿80﴾	یا میں پناہ لیتا کسی مضبوط سہارے کی طرف۔ ﴿80﴾
قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ	انہوں نے کہا اے لوط! بیشک ہم قاصد ہیں
رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ	تیرے رب کے ہرگز نہیں وہ پہنچ سکیں گے آپ تک
فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ	سو لے چل اپنے گھر والوں کو رات کے کسی حصے میں
وَ لَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ	اور نہ پیچھے مڑ کر دیکھے تم میں سے کوئی ایک

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	رُكْنٍ	: رکن، ارکان، رکنیت فارم۔
ضَيْفِيْ	: ضیافت۔	شَدِيْدٍ	: شدید، شدت، متشدد۔
رَجُلٌ	: قحط الرجال، علم اسماء الرجال، رجال کار۔	رُسُلُ	: رسول، مرسل، انبیاء و رسل۔
رَّشِيْدٌ	: رشد و ہدایت، خلافت راشدہ۔	يَّصِلُوْٓا	: وصل، وصال، موصول۔
مَا	: ماتحت، ماحول، ماورائے عدالت۔	بِقِطْعٍ	: قطعۂ ارضی، قطع تعلقی۔
نُرِيْدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔	الَّيْلِ	: لیل و نہار، لیلۃ القدر۔
قُوَّةً	: قوت، مقوی، قوی۔	يَلْتَفِتْ	: التفات، نظر التفات۔
اٰوِيْٓ	: ملجا و ماویٰ۔	اَحَدٌ	: واحد، احد، موحّد، توحید۔

وَ	لَا تُخْزُوْنِ ❶	فِيْ ضَيْفِيْ	اَلَيْسَ	مِنْكُمْ
اور	نہ تم سب رسوا کرو مجھے	میرے مہمانوں میں	کیا نہیں ہے	تم میں سے

رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ❷ (78)	قَالُوْا	لَقَدْ	عَلِمْتَ	مَا	لَنَا
کوئی بھلا آدمی	انہوں نے کہا	بلاشبہ یقیناً	تو جان چکا ہے	(کہ) نہیں ہے	ہمارے لیے

فِيْ بَنٰتِكَ	مِنْ حَقٍّ ❷❸	وَ	اِنَّكَ لَتَعْلَمُ ❹	مَا نُرِيْدُ (79)
تیری بیٹیوں میں	کوئی حق (رغبت)	اور	بیشک تو یقیناً جانتا ہے	جو ہم چاہتے ہیں

قَالَ	لَوْ	اَنَّ	لِيْ	بِكُمْ	قُوَّةً ❷❺	اَوْ
اس نے کہا	کاش!	واقعی ہوتی	میرے لیے	تمہارے مقابلے کی	کچھ طاقت	یا

اٰوِيْٓ	اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ (80)	قَالُوْا	يٰلُوْطُ	اِنَّا	رُسُلُ
میں پناہ لیتا	کسی مضبوط سہارے کی طرف	انہوں نے کہا	اے لوط!	بیشک ہم	قاصد ہیں

رَبِّكَ	لَنْ	يَّصِلُوْٓا	اِلَيْكَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ
تیرے رب کے	ہرگز نہیں	وہ سب پہنچ سکیں گے	آپ تک	سو لے چل	اپنے گھر والوں کو

بِقِطْعٍ ❷	مِّنَ الَّيْلِ ❻	وَ	لَا يَلْتَفِتْ ❼	مِنْكُمْ	اَحَدٌ ❷
کسی حصے میں	رات کے	اور	نہ پیچھے مڑ کر دیکھے	تم میں سے	کوئی ایک

ضروری وضاحت

❶ لَا تُخْزُوْنِ اصل میں لَا تُخْزُوْنِيْ تھا یٔ آخر سے تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی، کچھ یا کسی کیا گیا ہے۔ ❸ علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ علامت كَ اور تَ دونوں کو ملا کر ترجمہ تو کیا گیا ہے۔ ❺ علامت ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ علامت بِ کا ترجمہ میں اور مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❼ يَلْتَفِتْ کے آخر میں تْ اصل لفظ کا حصہ ہے مؤنث کی علامت نہیں ہے۔

اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ	سوائے تیری بیوی کے، بے شک یہ (یقینی بات ہے کہ)
مُصِیْبُهَا مَاۤ اَصَابَهُمْ ؕ	پہنچنے والا ہے اسے (وہ عذاب) جو پہنچے گا انہیں
اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ	بے شک ان کے وعدے کا وقت صبح ہے
اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ ﴿81﴾	کیا نہیں ہے صبح بالکل قریب؟ ﴿81﴾
فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا	پھر جب آیا ہمارا حکم ہم نے کر دیا
عَالِیَهَا سَافِلَهَا	اس کے اوپر والے حصے کو اسکے نیچے والا
وَ اَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً	اور ہم نے برسائے اس (بستی) پر پتھر
مِّنْ سِجِّیْلٍ ۙ۬ مَّنْضُوْدٍ ﴿82﴾	کھنگر (کی قسم) سے تہہ بہ تہہ۔ ﴿82﴾
مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ	(جو) نشان زدہ تھے تیرے رب کے ہاں سے
وَ مَا هِیَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بِبَعِیْدٍ ﴿83﴾	اور نہیں وہ (بستی ان) ظالموں سے ہرگز دور۔ ﴿83﴾
وَ اِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ	اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو (بھیجا)
قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ	اس نے کہا اے میری قوم (ایک) اللہ کی عبادت کرو

ع 7/15 النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا : الاقلیل، الا ماشاءاللہ، الا یہ کہ۔	سَافِلَهَا : سفلی علم، سفلہ پن۔
مُصِیْبُهَا : مصیبت، مصائب، مصیبتیں۔	حِجَارَةً : حجر اسود، شجر و حجر۔
مَاۤ : ماتحت، ماحول، ماورائے عدالت۔	عِنْدَ : عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔
مَوْعِدَهُمُ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	الظّٰلِمِیْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الصُّبْحُ : صبح، صبح صادق، صبح کاذب۔	بِبَعِیْدٍ : بعید از قیاس، بعید از عقل، ماضی بعید۔
بِقَرِیْبٍ : قریب، قرب، قربت، تقرب۔	اَخَاهُمْ : اخوت، مواخات، اخوان المسلمین۔
اَمْرُنَا : امر، آمر، مامور، امر ربی۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَالِیَهَا : عالی مرتبت، جناب عالی، اعلیٰ حضرت۔	اعْبُدُوا : عبادت، عابد، معبود، عبادت گزار۔

اِلَّا	امْرَاَتَكَ	اِنَّهٗ	مُصِيْبُهَا	مَآ اَصَابَهُمْ
سوائے	تیری بیوی کے	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	پہنچنے والا ہے اسے	(وہ عذاب) جو پہنچے گا انہیں

اِنَّ ❶	مَوْعِدَهُمُ	الصُّبْحُ	اَ	لَيْسَ	الصُّبْحُ	بِقَرِيْبٍ ❷ (81)
بے شک	ان کے وعدے کا وقت	صبح ہے	کیا	نہیں ہے	صبح	بالکل قریب؟

فَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	جَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا
پھر جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے کر دیا	اس کے اوپر والے حصے کو	اسکے نیچے والا

وَ	اَمْطَرْنَا	عَلَيْهَا	حِجَارَةً ❸	مِّنْ سِجِّيْلٍ	مَّنْضُوْدٍ (82) ۙ
اور	ہم نے برسائے	اس (بستی) پر	پتھر	کھنگر (کی قسم) سے	تہہ بہ تہہ

مُّسَوَّمَةً ❸	عِنْدَ رَبِّكَ ؕ	وَ	مَا	هِيَ
(جو) نشان زدہ تھے	تیرے رب کے ہاں سے	اور	نہیں	وہ (بستی)

ع 7 15 7 النصف

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	بِبَعِيْدٍ ❷ (83) ع	وَ	اِلٰى مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ
(ان) ظالموں سے	ہرگز دور	اور	مدین کی طرف	ان کے بھائی

شُعَيْبًا	قَالَ	يٰقَوْمِ ❹	اعْبُدُوا ❺	اللّٰهَ ❻
شعیب کو (بھیجا)	اس نے کہا	اے میری قوم	تم سب عبادت کرو	(ایک) اللہ کی

ضروری وضاحت

❶ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❷ اگر علامت بِ سے پہلے مَا یا لَيْسَ ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔ ❸ ةً مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ	نہیں ہے تمہارے لیے کوئی معبود اس کے سوا
وَ لَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَ الْمِيْزَانَ	اور نہ کمی کرو ماپ اور تول میں
اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ	بے شک میں دیکھتا ہوں تمہیں اچھے حال میں
وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ	اور بے شک میں ڈرتا ہوں تم پر
عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿84﴾	گھیر لینے والے دن کے عذاب سے۔ ﴿84﴾
وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ	اور اے میری قوم! پورا کرو ماپ
وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ	اور تول کو انصاف کے ساتھ
وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ	اور نہ کم دو لوگوں کو ان کی چیزیں
وَ لَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿85﴾	اور مت پھرو زمین میں فسادی بن کر۔ ﴿85﴾
بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ	اللہ کا باقی بچا ہوا (جائز منافع) بہتر ہے تمہارے لیے
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ	اگر ہو تم ایمان لانے والے
وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿86﴾	اور نہیں ہوں میں تم پر ہرگز کوئی نگہبان۔ ﴿86﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔

غَيْرُهٗ : غیر، اغیار، غیر اللہ۔

تَنْقُصُوا : نقص نقائص، تنقیص۔

الْمِيْزَانَ : میزان، موازنہ، وزن، اوزان۔

اَرٰى : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

بِخَيْرٍ : خیر و عافیت، بخیر، دعائے خیر۔

اَخَافُ : خوف، خائف۔

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

مُّحِيْطٍ : احاطہ، محیط۔

اَوْفُوا : ایفائے عہد، وعدہ وفا کرنا۔

بِالْقِسْطِ : قسط، اقساط، مساوی اقساط پر۔

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لامحالہ ۔

مُفْسِدِيْنَ : فساد، فسادی، مفسد۔

بَقِيَّتُ : باقی، بقیہ، بقایاجات۔

مُّؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن

بِحَفِيْظٍ : حفاظت، حافظ، محافظ، محفوظ۔

مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ ❷❶	غَيْرُهٗ	وَ	لَا تَنْقُصُوا ❸
نہیں ہے	تمہارے لیے	کوئی معبود	اس کے سوا	اور	نہ تم سب کمی کرو

الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ	اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ ❹	بِخَيْرٍ ❺
ماپ	اور تول میں	بے شک میں دیکھتا ہوں تمہیں	اچھے حال میں

وَ	اِنِّيْٓ اَخَافُ ❹	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ (84)
اور	بے شک میں ڈرتا ہوں	تم پر	گھیر لینے والے دن کے عذاب سے

وَ	يٰقَوْمِ ❻	اَوْفُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ
اور	اے میری قوم!	سب پورا کرو	ماپ	اور تول کو	انصاف کے ساتھ

وَ	لَا تَبْخَسُوا ❸	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ	وَ	لَا تَعْثَوْا ❸
اور	نہ تم سب کم دو	لوگوں کو	ان کی چیزیں	اور	مت تم سب پھرو

فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ ❼ (85)	بَقِيَّتُ اللّٰهِ	خَيْرٌ	لَّكُمْ
زمین میں	سب فساد کرنے والے	اللہ کا باقی بچا ہوا (جائز منافع)	بہتر ہے	تمہارے لیے

اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ❼	وَ	مَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ ❷❽ (86)
اگر	ہو تم	سب ایمان لانیوالے	اور	نہیں (ہوں)	میں	تم پر	ہرگز کوئی نگہبان

ضروری وضاحت

❶ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ لَا کے بعد فعل کے آخر میں
وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ ىْ اور أ دونوں کا ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❺ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا
ہے۔ ❻ يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے ىْ تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے۔ ❼ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے
زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ مَا کے بعد بِ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ	انہوں نے کہا اے شعیب! کیا تیری نماز
تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا	تجھے حکم دیتی ہے کہ ہم چھوڑ دیں (وہ معبود) جن کی
يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ	عبادت کرتے تھے ہمارے آباء واجداد
اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ	یا یہ کہ ہم کریں اپنے مالوں میں جو ہم چاہیں
اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿87﴾	بیشک تو یقیناً بہت بردبار بڑا سمجھ دار ہے۔ ﴿87﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ	اس نے کہا اے میری قوم! کیا تم نے دیکھا (غور کیا)
اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ	اگر ہوں میں واضح دلیل پر اپنے رب کی طرف سے
وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ	اور اس نے مجھے رزق دیا ہوا اپنی طرف سے
رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ	اچھا رزق (اسے چھوڑ کر میں حرام کیوں کھاؤں) اور نہیں میں چاہتا
اَنْ اُخَالِفَكُمْ	کہ میں تمہارے خلاف (ارتکاب) کروں
اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ	اس کی طرف جو میں منع کرتا ہوں تمہیں اس سے
اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ	نہیں میں چاہتا مگر (تمہاری) اصلاح

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
صَلٰوتُكَ : صوم وصلوٰۃ کا پابند، مصلّی۔
تَاْمُرُكَ : امر، آمر، مامور، امر ربی۔
نَّتْرُكَ : تارک صلوٰۃ، ترکہ، متروک۔
يَعْبُدُ : عبادت، عابد، معبود، عبادت گزار۔
اٰبَآؤُنَآ : آباء واجداد، آبائی شہر۔
نَّفْعَلَ : فعل، فاعل، افعال۔
نَشٰٓؤُا : مشیت الٰہی، ماشاء اللہ۔

الْحَلِيْمُ : حلم وبردباری، حلیم الطبع۔
الرَّشِيْدُ : رشد وہدایت، خلافت راشدہ۔
اَرَءَيْتُمْ : رؤیت باری تعالی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
بَيِّنَةٍ : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین، بیان حلفی۔
رَزَقَنِيْ : رزق، رازق، رزاق۔
اُخَالِفَكُمْ : خلاف، مخالف، مخالفت، اختلاف۔
مَا : ماتحت، ماحول، ماورائے آئین۔
اَنْهٰىكُمْ : نہی عن المنکر، اوامر ونواہی، منہیات۔

قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	اَ	صَلٰوتُكَ	تَاْمُرُكَ ❶
انہوں نے کہا	اے شعیب!	کیا	تیری نماز	تجھے حکم دیتی ہے

اَنْ	نَّتْرُكَ	مَا	يَعْبُدُ ❷	اٰبَآؤُنَآ	اَوْ اَنْ	نَّفْعَلَ
کہ	ہم چھوڑ دیں	جن کی	عبادت کرتے تھے	ہمارے آباء واجداد	یا یہ کہ	ہم کریں

فِيْٓ اَمْوَالِنَا	مَا	نَشٰٓؤُا	اِنَّكَ لَاَنْتَ ❸	الْحَلِيْمُ ❹	الرَّشِيْدُ ❹ (87)
اپنے مالوں میں	جو	ہم چاہیں	بیشک تو یقیناً	بہت بُردبار	بڑا سمجھدار ہے

قَالَ	يٰقَوْمِ ❺	اَ	رَءَيْتُمْ	اِنْ كُنْتُ	عَلٰى بَيِّنَةٍ ❶
اس نے کہا	اے میری قوم!	کیا	تم نے دیکھا (غور کیا)	اگر ہوں میں	(واضح) دلیل پر

مِّنْ رَّبِّيْ	وَ	رَزَقَنِيْ ❻	مِنْهُ	رِزْقًا حَسَنًا
اپنے رب (کی طرف) سے	اور	اس نے رزق دیا ہو مجھے	اپنی طرف سے	اچھا رزق

وَمَآ	اُرِيْدُ	اَنْ	اُخَالِفَكُمْ	اِلٰى	مَآ
اور نہیں	میں چاہتا	کہ	میں تمہارے خلاف (ارتکاب) کروں	(اس) کی طرف	جو

اَنْهٰىكُمْ	عَنْهُ ؕ	اِنْ ❼	اُرِيْدُ	اِلَّا	الْاِصْلَاحَ
میں منع کرتا ہوں تمہیں	اس سے	نہیں	میں چاہتا	مگر	(تمہاری) اصلاح

ضروری وضاحت

❶ تَ فعل کے شروع میں اور ةَ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ علامت كَ اور اَنْتَ دونوں کو ملا کر ترجمہ تو کیا گیا ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کیلیے گرائی گئی ہے۔ ❻ فعل کیساتھ اگر يْ آئے تو فعل اور اس يْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ❼ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَ مَا تَوْفِيْقِيْٓ	جتنی میں کرسکوں اور نہیں ہے میری توفیق
اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ	مگر اللہ (کی طرف) سے، اسی پر میں نے بھروسا کیا
وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿88﴾	اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ ﴿88﴾
وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	اور اے میری قوم! ہرگز نہ اکسائے تمہیں
شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ	میری مخالفت (اس بات پر) کہ پہنچے تمہیں
مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ	(اس عذاب کے) مثل جو پہنچا قوم نوح
اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ	یا قوم ہود یا قوم صالح کو
وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿89﴾	اور نہیں ہے قوم لوط تم سے ہرگز کچھ دور۔ ﴿89﴾
وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ	اور بخشش طلب کرو اپنے رب سے
ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ	پھر تم توبہ (رجوع) کرو اسی کی طرف بیشک میرا رب
رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿90﴾	بہت رحم کرنے والا نہایت محبت کرنیوالا ہے۔ ﴿90﴾
قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا	انہوں نے کہا اے شعیب! نہیں ہم سمجھتے بہت کچھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اسْتَطَعْتُ : استطاعت کے مطابق۔	بِبَعِيْدٍ : بعید از قیاس، ماضی بعید، بعید از عقل۔
تَوْفِيْقِيْٓ : اللہ کی توفیق سے، نیکی کی توفیق۔	اسْتَغْفِرُوْا : استغفار، استغفر اللہ، دعائے مغفرت۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تُوْبُوْٓا : توبہ، تائب۔
تَوَكَّلْتُ : توکل علی اللہ، متوکل۔	رَحِيْمٌ : رحم، رحمت، مرحوم۔
اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	وَّدُوْدٌ : محبت ومودت۔
يُّصِيْبَكُمْ : مصیبت، مصائب، مصیبتیں۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مِّثْلُ : مثل، مثال، تمثیل، بے مثال۔	نَفْقَهُ : فقہ، فقیہ، فقاہت، فقہاء۔
مِّنْكُمْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔	كَثِيْرًا : اکثر، کثیر، کثرت۔

مَا	اسْتَطَعْتُ ؕ	وَ مَا ❶	تَوْفِيْقِيْٓ	اِلَّا	بِاللّٰهِ ؕ
جتنی	میں کرسکوں	اور نہیں ہے	میری توفیق	مگر	اللہ سے

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ ❷	وَ	اِلَيْهِ	اُنِيْبُ (88)	وَ	يٰقَوْمِ ❸
اسی پر	میں نے بھروسا کیا	اور	اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	اور	اے میری قوم!

لَا	يَجْرِمَنَّكُمْ ❹	شِقَاقِيْٓ	اَنْ	يُّصِيْبَكُمْ ❹
نہ	ہرگز اکسائے تمہیں	میری مخالفت	(اس بات پر) کہ	پہنچے تمہیں

مِّثْلُ	مَآ	اَصَابَ	قَوْمَ نُوْحٍ	اَوْ	قَوْمَ هُوْدٍ	اَوْ	قَوْمَ صٰلِحٍ
(اس عذاب کے) مثل	جو	پہنچا	قومِ نوح	یا	قومِ ہود	یا	قومِ صالح کو

وَمَا	قَوْمُ لُوْطٍ	مِّنْكُمْ	بِبَعِيْدٍ ❺ (89)	وَ	اسْتَغْفِرُوْا ❻	رَبَّكُمْ
اور نہیں ہے	قومِ لوط	تم سے	ہرگز کچھ دور	اور	تم سب بخشش طلب کرو	اپنے رب سے

ثُمَّ	تُوْبُوْٓا	اِلَيْهِ	اِنَّ	رَبِّيْ	رَحِيْمٌ ❼
پھر	تم سب توبہ کرو	اسی کی طرف	بیشک	میرا رب	بہت رحم کرنیوالا

وَّدُوْدٌ ❼ (90)	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	مَا	نَفْقَهُ	كَثِيْرًا
نہایت محبت کرنیوالا ہے	ان سب نے کہا	اے شعیب!	نہیں	ہم سمجھتے	بہت کچھ

ضروری وضاحت

❶ مَا کے بعد اسی جملے میں اگر اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا۔ ❷ تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے۔ ❹ یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ مَا کے بعد بِ ہو تو بِ کا ترجمہ نہیں ہوتا البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا	(ان باتوں میں) سے جو تو کہتا ہے اور بیشک ہم
لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ	یقیناً دیکھتے ہیں تجھے اپنے درمیان کمزور
وَلَوْ لَا رَهْطُكَ	اور اگر نہ ہوتی تیری برادری
لَرَجَمْنٰكَ ۫	(تو) ضرور ہم سنگسار کر دیتے تجھے
وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿91﴾	اور نہیں ہے تو ہم پر ہرگز غلبہ پانے والا۔ ﴿91﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ	اس نے کہا اے میری قوم! کیا میری برادری
اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ	زیادہ زبردست ہے تم پر اللہ سے
وَاتَّخَذْتُمُوْهُ	اور تم نے بنا رکھا ہے اس (اللہ) کو
وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ	اپنی پیٹھ پیچھے (پھینکا ہوا) بے شک میرا رب
بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿92﴾	اس کو جو تم عمل کرتے ہو گھیرنے والا ہے۔ ﴿92﴾
وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اور اے میری قوم! تم عمل کرو اپنی جگہ پر
اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ	بیشک میں (بھی) عمل کر رہا ہوں، عنقریب تم جان لو گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّمَّا (مِنْ+مَا) : من جانب، منجملہ / ماحول، ماتحت۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اتَّخَذْتُمُوْ : مواخذہ کرنا، اخذ کرنا، ماخوذ۔
لَنَرٰىكَ : رؤیت باری تعالی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔	وَرَآءَكُمْ : ماورائے آئین، ماورائے عدالت۔
فِيْنَا : فی الفور، فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔	بِمَا : ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت۔
ضَعِيْفًا : ضعف، ضعیف۔	تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، اعمال۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ، لاپروا۔	مُحِيْطٌ : احاطہ، محیط۔
لَرَجَمْنٰكَ : رجم کرنا، حد رجم۔	مَكَانَتِكُمْ : مکان، مکین۔
عَلَيْنَا : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیمات۔

مِمَّا ❶	تَقُوْلُ	وَ	اِنَّا لَنَرٰىكَ ❷	فِيْنَا	ضَعِيْفًا ج
(ان باتوں) میں سے جو	تو کہتا ہے	اور	بیشک ہم یقیناً دیکھتے ہیں تجھے	اپنے درمیان	کمزور

وَ	لَوْ لَا	رَهْطُكَ	لَرَجَمْنٰكَ	وَ مَآ
اور	اگر نہ (ہوتی)	تیری برادری	(تو) ضرور ہم سنگسار کردیتے تجھے	اور نہیں ہے

اَنْتَ	عَلَيْنَا	بِعَزِيْزٍ ❸ (91)	قَالَ	يٰقَوْمِ ❹	اَ	رَهْطِيْٓ
تو	ہم پر	ہرگز غلبہ پانے والا	اس نے کہا	اے میری قوم!	کیا	میری برادری

اَعَزُّ ❺	عَلَيْكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	اتَّخَذْتُمُوْهُ ❻
زیادہ زبردست ہے	تم پر	اللہ سے	اور	تم سب نے بنا رکھا ہے اس (اللہ) کو

وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ط	اِنَّ	رَبِّيْ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
اپنی پیٹھ پیچھے (پھینکا ہوا)	بے شک	میرا رب	(اس) کو جو	تم سب عمل کرتے ہو

مُحِيْطٌ (92)	وَ	يٰقَوْمِ ❹	اعْمَلُوْا
گھیرنے والا ہے	اور	اے میری قوم!	تم سب عمل کرو

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنِّيْ	عَامِلٌ ط	سَوْفَ ❼	تَعْلَمُوْنَ لا
اپنی جگہ پر	بیشک میں (بھی)	عمل کررہا ہوں	عنقریب	تم سب جان لوگے

ضروری وضاحت

❶ مِمَّا اصل میں مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ اِنَّا کے نَا اور علامت ذَ دونوں کاملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❸ مَا کے بعد بِ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❹ يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کیلئے گرائی گئی ہے۔ ❺ اَعَزُّ کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کو لایا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں سَوْفَ ہو تو فعل کا مستقبل میں ترجمہ کیا جاتا ہے۔

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ	(اسے) جو (کہ) آتا ہے اس پر (ایسا) عذاب
يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ	(جو) اسے رسوا کرے گا اور (اسے) جو (کہ) وہ
كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ	جھوٹا ہے، اور تم انتظار کرو بے شک میں (بھی)
مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿93﴾	تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں۔ ﴿93﴾
وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا	اور جب آیا ہمارا حکم (عذاب کا تو) ہم نے نجات دی
شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ	شعیب کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اس کیساتھ
بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ	اپنی طرف سے رحمت کے ساتھ اور پکڑ لیا
الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا	ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا چیخ نے تو ہو گئے وہ
فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿94﴾ لا	اپنے گھروں میں اوندھے منہ گرے ہوئے۔ ﴿94﴾
كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ	گویا کہ نہیں وہ رہے ان (گھروں) میں
اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ	خبردار دوری ہے (اہل) مدین کے لیے
كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿95﴾ ع	جیسا کہ دور ہوئے ثمود (رحمت سے)۔ ﴿95﴾

ع 8/12/8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَذَابٌ	عذابِ الٰہی، دردناک عذاب۔	بِرَحْمَةٍ	رحم، رحمت، مرحوم۔
وَ	رحم وکرم، شان وشوکت، صبح وشام۔	مِّنَّا	من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔
كَاذِبٌ	کذب بیانی، کاذب، تکذیب۔	اَخَذَتِ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ کرنا۔
مَعَكُمْ	مع اہل وعیال، معیت۔	ظَلَمُوا	ظلم، ظالم، مظالم، مظلوم۔
اَمْرُنَا	امر، آمر، مامور۔	فِيْ	فی الفور، فی الحال، اظہار ما فی الضمیر۔
نَجَّيْنَا	نجات، فرقہ ناجیہ۔	دِيَارِهِمْ	دیارِ غیر، دیارِ حبیب، دارِ فانی، دارِ ارقم۔
اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مومن۔	بُعْدًا	بُعد، ماضی بعید، بعید از قیاس۔
مَعَهٗ	معیت، مع اہل وعیال۔	كَمَا	کماحقّہ۔

مَنْ❶	يَّاْتِيْهِ❷	عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ❷	وَمَنْ❶	هُوَ
(اسے) جو	(کہ) آتا ہے اس پر	عذاب	(جو) رسوا کرے گا اسے	اور (اسے) جو (کہ)	وہ

كَاذِبٌ ط	وَ	ارْتَقِبُوْٓا❸	اِنِّىْ	مَعَكُمْ	رَقِيْبٌ ﴿93﴾
جھوٹا ہے	اور	تم سب انتظار کرو	بے شک میں (بھی)	تمہارے ساتھ	انتظار کرنیوالا ہوں

وَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	شُعَيْبًا	وَّ	الَّذِيْنَ
اور جب	آیا	ہمارا حکم (عذاب کا)	(تو) ہم نے نجات دی	شعیب کو	اور	ان لوگوں کو جو

اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ مِّنَّا❹❺	وَ	اَخَذَتِ❻
سب ایمان لائے	اس کے ساتھ	اپنی طرف سے رحمت کے ساتھ	اور	پکڑ لیا

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ❹	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دِيَارِهِمْ
ان لوگوں کو جن	سب نے ظلم کیا	چیخ نے	تو ہو گئے وہ سب	اپنے گھروں میں

جٰثِمِيْنَ ﴿94﴾	كَاَنْ لَّمْ	يَغْنَوْا	فِيْهَا ط	اَلَآ❼
سب اوندھے منہ گرے ہوئے	گویا کہ نہیں	وہ سب رہے	ان (گھروں) میں	خبردار

ع 8 12 8

بُعْدًا	لِّمَدْيَنَ	كَمَا	بَعِدَتْ❻	ثَمُوْدُ ﴿95﴾
دوری ہے	(اہل) مدین کے لیے	جس طرح	دور ہوئی	(قومِ) ثمود (رحمت سے)

ضروری وضاحت

❶ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔❷ علامت يہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❸ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❹ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺ مِنَّا اصل میں مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔❻ علامت تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں اور اگر اسے اگلے لفظ سے ملانا ہو تو اس کو زیر دیتے ہیں۔❼ اَلَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار کیا جاتا ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بھیجا موسیٰ کو
بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿96﴾	اپنی نشانیوں کیساتھ اور واضح دلیل (کیساتھ)۔ ﴿96﴾
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ	فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف
فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ	تو انہوں نے پیروی کی فرعون کے حکم کی
وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿97﴾	اور نہ تھا فرعون کا حکم بالکل بھلائی والا۔ ﴿97﴾
يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وہ آگے آگے ہوگا اپنی قوم کے قیامت کے دن
فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ	پھر وہ جا داخل کریگا انہیں آگ میں، اور بُری ہے
الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿98﴾	پینے کی جگہ (جس پر) پینے کے لیے آیا جائے۔ ﴿98﴾
وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً	اور وہ پیچھے لگائے گئے اس (دنیا) میں لعنت
وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	اور قیامت کے دن (بھی)
بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿99﴾	بُرا عطیہ ہے (جو کسی کو) دیا جائے۔ ﴿99﴾
ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى	یہ (تباہ شدہ) بستیوں کی چند خبریں ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَرْسَلْنَا : رسول، انبیاء و رسل، مرسل۔	يَقْدُمُ : مقدم، تقدیم، قدم۔
بِاٰيٰتِنَا : آیت، آیات قرآنی۔	فَاَوْرَدَهُمُ : وارد ہونا، ورود مسعود۔
وَ : شان و شوکت، جاہ و جلال، صبح و شام۔	النَّارَ : نوری ناری مخلوق۔
مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	هٰذِهٖ : علی ھٰذا القیاس، لھٰذا، حامل رقعہ ھٰذا۔
اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	لَعْنَةً : لعنت، ملعون۔
فَاتَّبَعُوْۤا : اتباع سنت، تابع فرماں، متبع۔	مِنْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔
اَمْرُ : امر، آمر، مامور، امر ربی۔	اَنْۢبَآءِ : نبی، انبیاء، ختم نبوت۔
بِرَشِيْدٍ : رشد و ہدایت، خلافت راشدہ۔	الْقُرٰى : قریہ قریہ بستی بستی۔

وَلَقَدْ ❶	اَرْسَلْنَا ❷	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَ	سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿96﴾
اور بلاشبہ یقینًا	ہم نے بھیجا	موسیٰ کو	اپنی نشانیوں کیساتھ	اور	واضح دلیل (کیساتھ)

اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَ	مَلَا۟ئِهٖ	فَاتَّبَعُوْٓا
فرعون کی طرف	اور	اس کے سرداروں (کی طرف)	توانہوں نے پیروی کی

اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ	وَ	مَآ	اَمْرُ فِرْعَوْنَ	بِرَشِيْدٍ ❸ ﴿97﴾
فرعون کے حکم کی	اور	نہ تھا	فرعون کا حکم	بالکل بھلائی والا

يَقْدُمُ	قَوْمَهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❹	فَاَوْرَدَهُمُ	النَّارَ ۭ
وہ آگے آگے ہوگا	اپنی قوم کے	قیامت کے دن	پھر وہ جا داخل کریگا انہیں	آگ میں

وَ	بِئْسَ	الْوِرْدُ	الْمَوْرُوْدُ ﴿98﴾	وَ	اُتْبِعُوْا ❺
اور	بُری ہے	پینے کی جگہ	(جس پر) پینے کے لیے آیا جائے	اور	وہ سب پیچھے لگائے گئے

فِيْ هٰذِهٖ	لَعْنَةً ❹	وَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❹	بِئْسَ
اس (دنیا) میں	لعنت	اور	قیامت کے دن (بھی)	بُرا ہے

الرِّفْدُ	الْمَرْفُوْدُ ﴿99﴾	ذٰلِكَ ❻	مِنْ اَنْۢبَاۗءِ ❼	الْقُرٰى
عطیہ	(جو کسی کو) دیا جائے	یہ	خبریں ہیں	(چند تباہ شدہ) بستیوں کی

ضروری وضاحت

❶ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❷ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ مَا کے بعد بِ ہو تو بِ کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اس صورت میں بات میں زور پیدا ہوجاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل کیا گیا ہے۔ ❹ علامت ةً مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً یہ کردیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا	(جو) ہم بیان کرتے ہیں ان کو آپ پر ان (بستیوں) میں سے
قَآئِمٌ وَّ حَصِيْدٌ ﴿100﴾	کچھ قائم ہیں اور کچھ مٹ چکی ہیں۔ ﴿100﴾
وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ	اور نہیں ہم نے ظلم کیا ان پر اور لیکن
ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ	انہوں نے (خود) ظلم کیا اپنی جانوں پر
فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ	پھر نہ ان کے کام آئے ان کے معبود
الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ	جنہیں وہ پکارتے تھے اللہ کے سوا کچھ بھی
لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ وَمَا	جب آ گیا تیرے رب کا حکم، اور نہیں
زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿101﴾	انہوں نے کچھ اضافہ کیا انکو سوائے بربادی کے۔ ﴿101﴾
وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ	اور اسی طرح ہوتی ہے تیرے رب کی پکڑ
اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى	جب وہ پکڑتا ہے بستیوں کو
وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۭ	اس حال میں کہ وہ ظلم کرنے والی ہوتی ہیں
اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿102﴾	بلاشبہ اس کی پکڑ بڑی دردناک بہت سخت ہے۔ ﴿102﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَقُصُّهٗ : قصہ گوئی، قصص الانبیاء، قصہ مختصر۔	اٰلِهَتُهُمُ : الٰہ، الوہیت، یا الٰہی۔
عَلَيْكَ : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	يَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
مِنْهَا : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔	شَيْءٍ : اشیائے ضرورت، اشیائے خورد ونوش۔
قَآئِمٌ : قائم، مقیم، قائم دائم۔	اَمْرُ : امر، آمر، مامور، امر ربی۔
وَ : شان وشوکت، جاہ وجلال، صبح وشام۔	زَادُوْهُمْ : زیادہ، زائد، مزید۔
ظَلَمْنٰهُمْ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	غَيْرَ : غیر، اغیار، غیر اللہ۔
لٰكِنْ : لیکن۔	اَخْذُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اَنْفُسَهُمْ : نفسا نفسی، نظام تنفس۔	الْقُرٰى : قریہ قریہ بستی بستی۔

نَقُصُّهٗ	عَلَيْكَ	مِنْهَا	قَآئِمٌ ❶	وَّ
(جو) ہم بیان کرتے ہیں ان کو	آپ پر	ان (بستیوں) میں سے	کچھ قائم ہیں	اور

حَصِيْدٌ ❶ (100)	وَ مَا	ظَلَمْنٰهُمْ ❷	وَ لٰكِنْ	ظَلَمُوْٓا
کچھ مٹ چکی ہیں	اور نہیں	ہم نے ظلم کیا ان پر	اور لیکن	انہوں نے (خود) ظلم کیا

اَنْفُسَهُمْ	فَمَآ	اَغْنَتْ ❸	عَنْهُمْ	اٰلِهَتُهُمُ	الَّتِيْ
اپنی جانوں پر	پھر نہ	کام آئے	ان سے	ان کے معبود	جنہیں

يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❹	مِنْ شَيْءٍ ❹	لَّمَّا	جَآءَ
وہ سب پکارتے تھے	اللہ کے سوا	کچھ بھی	جب	آ گیا

اَمْرُ رَبِّكَ ؕ	وَمَا	زَادُوْهُمْ ❺	غَيْرَ	تَتْبِيْبٍ (101)
تیرے رب کا حکم	اور نہیں	ان سب نے کچھ اضافہ کیا ان کو	سوائے	بربادی کے

وَ	كَذٰلِكَ	اَخْذُ رَبِّكَ	اِذَآ	اَخَذَ	الْقُرٰى
اور	اسی طرح (ہوتی ہے)	تیرے رب کی پکڑ	جب	وہ پکڑتا ہے	بستیوں کو

وَ	هِيَ	ظَالِمَةٌ ❻	اِنَّ	اَخْذَهٗٓ	اَلِيْمٌ ❼	شَدِيْدٌ ❼ (102)
اس حال میں کہ	وہ	ظلم کرنیوالی ہوتی ہیں	بلاشبہ	اس کی پکڑ	بڑی دردناک	بہت سخت ہے

ضروری وضاحت

❶ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔ ❷ فعل کے ساتھ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت تْ فعل کیساتھ واحد مؤنث کی علامت الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اسکے آخر سے ا کو گرا دیتے ہیں۔ ❻ ةٌ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ	بیشک اس میں یقیناً نشانی ہے اس کے لیے جو
خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ	ڈرے آخرت کے عذاب سے،
ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ	یہ وہ دن ہے (کہ) جمع کیے جانے والے ہیں اس میں
النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ	سب لوگ اور یہ وہ دن ہے (کہ جس میں ہر ایک)
مَّشْهُوْدٌ ﴿103﴾ وَمَا	حاضر کیا جانے والا ہے۔ ﴿103﴾ اور نہیں
نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا	ہم مؤخر کرتے اس (دن) کو مگر
لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ؕ ﴿104﴾	ایک وقت مقرر (پورا کرنے) کے لیے۔ ﴿104﴾
يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ	جس دن وہ (وقت) آجائے گا (تو) نہیں بات کریگا
نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ	کوئی شخص مگر اس کی اجازت سے، پھر ان میں سے
شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿105﴾	کوئی بد بخت ہوگا اور کوئی خوش قسمت۔ ﴿105﴾
فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ	پھر رہے وہ لوگ جو بد بخت ہوئے تو وہ آگ میں ہونگے
لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۙ ﴿106﴾	انکے لیے اس میں چیخنا چلانا اور دھاڑنا ہوگا۔ ﴿106﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	لِاَجَلٍ : لقمۂ اجل، فرشتۂ اجل۔
لَاٰيَةً : آیت، آیات قرآنی۔	مَّعْدُوْدٍ : تعداد، عدد۔
خَافَ : خوف، خائف، خوف وہراس۔	لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ، لاپروا۔
مَّجْمُوْعٌ : جمع، جامع، مجمع، مجموعہ۔	تَكَلَّمُ : کلام، تکلم، متکلم۔
النَّاسُ : عوام الناس، بعض الناس۔	بِاِذْنِهٖ : اذن عام، باذن اللہ۔
مَّشْهُوْدٌ : شاہد، شہادت۔	شَقِيٌّ : شقی القلب، شقاوت۔
نُؤَخِّرُهٗٓ : تاخیر، مؤخر۔	سَعِيْدٌ : سعادت، سعید، سعادت مند، مسعود۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الا یہ کہ، الاقلیل۔	النَّارِ : نوری وناری مخلوق۔

اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیَةً ❷❶	لِّمَنْ	خَافَ	عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ❶
بیشک	اس میں	یقیناً ایک نشانی ہے	(اس کے) لیے جو	ڈرے	آخرت کے عذاب سے

ذٰلِكَ	یَوْمٌ	مَّجْمُوْعٌ	لَّهُ ❸	النَّاسُ	وَ ذٰلِكَ
(یہ) وہ	دن ہے	(کہ) جمع کیے جانے والے ہیں	اس میں	سب لوگ	اور (یہ) وہ

یَوْمٌ	مَّشْهُوْدٌ (103)	وَ مَا	نُؤَخِّرُهٗٓ	اِلَّا
دن ہے (جس میں)	(سب کی) حاضری ہوگی	اور نہیں	ہم مؤخر کرتے اس کو	مگر

لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ (104)	یَوْمَ	یَاْتِ	لَا	تَكَلَّمُ ❹
ایک مقرر وقت (پورا کرنے) کے لیے	جس دن	وہ (وقت) آجائے گا	(تو) نہیں	بات کریگا

نَفْسٌ ❷	اِلَّا	بِاِذْنِهٖ	فَمِنْهُمْ	شَقِیٌّ ❷	وَّ
کوئی شخص	مگر	اسکی اجازت سے	پھر ان میں سے	کوئی بد قسمت ہوگا	اور

سَعِیْدٌ ❷ (105)	فَاَمَّا	الَّذِیْنَ	شَقُوْا	فَفِی النَّارِ
کوئی خوش قسمت	پھر رہے	وہ لوگ جو	سب بد بخت ہوئے	تو وہ آگ میں ہونگے

لَهُمْ	فِیْهَا	زَفِیْرٌ ❺❻	وَّ	شَهِیْقٌ ❺❻ (106)
ان کے لیے	اس میں	بہت چیخنا چلانا	اور	شدید دھاڑنا ہوگا

ضروری وضاحت

❶ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ❸ علامت لَ کا ترجمہ یہاں ضرورتاً میں کیا گیا ہے ❹ تَكَلَّمُ اصل میں تَتَكَلَّمُ تھا تخفیف کے لیے ایک تَ کو گرایا گیا ہے اور تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ زَفِیْرٌ باریک آواز سے چلانے کو اور شَهِیْقٌ موٹی آواز میں چلانے کو کہتے ہیں۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں جب تک قائم رہیں گے
السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ	تمام آسمان اور زمین مگر جو چاہے تیرا رب،
اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿107﴾	بیشک تیرا رب کر گزرنے والا ہے اس کو جو وہ چاہتا ہے۔ ﴿107﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا	اور رہے وہ لوگ جو خوش قسمت بنائے گئے
فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	تو وہ جنت میں ہونگے ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں
مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ	جب تک قائم ہیں تمام آسمان اور زمین
اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ	مگر جو چاہے تیرا رب
عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿108﴾	(یہ) ایسی عطا ہے (جو) نہیں ختم کی جانے والی۔ ﴿108﴾
فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا	پس آپ نہ ہوں شک میں اس سے جس کی
يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ	عبادت کرتے ہیں یہ لوگ، نہیں یہ عبادت کرتے
اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ	مگر جیسے عبادت کرتے تھے ان کے آباء واجداد
مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا	اس سے قبل، اور بیشک ہم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خٰلِدِيْنَ	:	خلد بریں، خالد۔	عَطَآءً	:	عطا کرنا، عطیہ، المعطی (دینے والا)۔
دَامَتِ	:	دوام، دائمی مریض۔	غَيْرَ	:	غیر، اغیار، غیر اللہ۔
السَّمٰوٰتُ	:	ارض وسما، کتب سماویہ۔	يَعْبُدُ	:	عبادت، معبود، عابد، عبادت گاہ
الْاَرْضُ	:	ارض وسما، کرۂ ارض، قطعۂ اراضی۔	اِلَّا	:	الا ماشاءاللہ، الا یہ کہ، الا قلیل۔
شَآءَ	:	ماشاءاللہ، مشیت الٰہی۔	كَمَا	:	کما حقہ، کالعدم۔
فَعَّالٌ	:	فعل، فاعل، افعال، مفعول۔	اٰبَآؤُهُمْ	:	آباواجداد، آبائی شہر۔
يُرِيْدُ	:	ارادہ، مرید، مراد۔	مِنْ	:	من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔
مَا	:	ماحول، ماتحت، ماورائے عدالت۔	قَبْلُ	:	چند دن قبل، قبل از کلام ۔

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ ❶	السَّمٰوٰتُ ❷	وَ	الْاَرْضُ
سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	جب تک قائم رہیں گے	آسمان	اور	زمین

اِلَّا	مَا شَآءَ	رَبُّكَ ؕ	اِنَّ	رَبَّكَ	فَعَّالٌ ❸	لِّمَا	يُرِيْدُ (107)
مگر	جو چاہے	تیرا رب	بیشک	تیرا رب	کر گزرنے والا ہے	اس کو جو	وہ چاہتا ہے

وَ اَمَّا	الَّذِيْنَ	سُعِدُوْا ❹	فَفِي الْجَنَّةِ ❷
اور رہے	وہ لوگ جو	سب خوش قسمت بنائے گئے	تو وہ جنت میں ہونگے

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ ❶	السَّمٰوٰتُ ❷	وَ	الْاَرْضُ
سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	جب تک قائم ہیں	آسمان	اور	زمین

اِلَّا	مَا شَآءَ	رَبُّكَ ؕ	عَطَآءً	غَيْرَ	مَجْذُوْذٍ (108)	فَلَا	تَكُ ❺
مگر	جو چاہے	تیرا رب	(یہ ایسی) عطا ہے	(جو) نہیں	ختم کی جانے والی	پس نہ	آپ ہوں

فِيْ مِرْيَةٍ ❷	مِّمَّا ❻	يَعْبُدُ ❼	هٰٓؤُلَآءِ ؕ	مَا	يَعْبُدُوْنَ
شک میں	اس سے جس کی	عبادت کرتے ہیں	یہ لوگ	نہیں	وہ سب عبادت کرتے

اِلَّا	كَمَا	يَعْبُدُ ❼	اٰبَآؤُهُمْ	مِّنْ قَبْلُ ؕ	وَ	اِنَّا ❽
مگر	جس طرح	عبادت کرتے تھے	انکے آباء واجداد	اس سے قبل	اور	بیشک ہم

ضروری وضاحت

❶ یہ دراصل دَامَتْ تھا تْ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں جب تْ کو اگلے لفظ سے ملائیں تو اسے زیر دیتے ہیں۔
❷ ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں پیش
اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ تَكُ دراصل تَكُنْ تھا تخفیف کیلیے نِ گرایا گیا ہے۔ ❻ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا
کا مجموعہ ہے۔ ❼ علامت يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے تخفیف کیلیے ایک نون گرایا گیا ہے۔

لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ	یقیناً پورا پورا دینے والے ہیں انہیں ان کا حصہ
غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿109﴾ ع 9 14 9	(کہ اس میں) کوئی کمی نہیں کی گئی ہوگی۔ ﴿109﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دی موسیٰ کو کتاب
فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْ لَا كَلِمَةٌ	پھر اختلاف کیا گیا اس میں، اور اگر نہ ہوتی وہ بات
سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ	(جو) پہلے ہو چکی تیرے رب کی طرف سے
لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ	(تو) ضرور فیصلہ کر دیا جاتا ان کے درمیان، اور بیشک وہ
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿110﴾	یقیناً اس سے بے چین کرنے والے شک میں ہیں۔ ﴿110﴾
وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ	اور بیشک ہر ایک کو اس وقت ضرور پورا پورا بدلہ دیگا انہیں
رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ	تیرا رب ان کے اعمال کا، بے شک وہ
بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿111﴾	اس سے جو وہ عمل کرتے ہیں خوب خبردار ہے۔ ﴿111﴾
فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ	پس آپ ثابت قدم رہیں جیسا کہ آپ حکم کئے گئے ہیں
وَمَنْ تَابَ مَعَكَ	اور (وہ لوگ بھی) جنہوں نے توبہ کی آپ کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمُوَفُّوْهُمْ : وعدہ وفا، ایفائے عہد، وفادار۔	شَكٍّ : شک وشبہ، شکوک وشبہات، مشکوک۔
نَصِيْبَهُمْ : نصیب اپنا اپنا، خوش نصیب۔	يَعْمَلُوْنَ : عمل عامل، معمول، تعمیل۔
مَنْقُوْصٍ : نقص، تنقیص، نقائص۔	خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر، خبریں۔
فَاخْتُلِفَ : اختلاف، مختلف، اختلافی مسئلہ۔	فَاسْتَقِمْ : قائم ودائم، استقامت۔
كَلِمَةٌ : کلمہ حق، کلمہ کفر، کلمہ طیبہ، کلمات خیر۔	كَمَا : کما حقہ، کالعدم۔
سَبَقَتْ : سبقت، اقوام سابقہ، حسب سابق۔	اُمِرْتَ : امر، آمر، مامور، امر ربی۔
لَقُضِيَ : قاضی، قاضی القضاۃ، قضائے الٰہی۔	تَابَ : توبہ، تائب۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین السطور، مابین۔	مَعَكَ : معیّت، مع اہل وعیال۔

ع 14 9 9

لَمُوَفُّوْهُمْ ❶	نَصِيْبَهُمْ	غَيْرَ	مَنْقُوْصٍ (109)
یقیناً پورا پورا دینے والے ہیں انہیں	ان کا حصہ	(کہ اس میں) نہیں	کوئی کمی کی گئی ہوگی

وَ	لَقَدْ ❷	اٰتَيْنَا	مُوْسَى الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَلَوْلَا
اور	یقیناً بلاشبہ	ہم نے دی	موسیٰ کو کتاب	پھر اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر نہ (ہوتی)

كَلِمَةٌ ❸	سَبَقَتْ ❹	مِنْ رَّبِّكَ	لَقُضِيَ ❺	بَيْنَهُمْ
وہ بات	(جو) پہلے ہو چکی	تیرے رب کی طرف سے	(تو) ضرور فیصلہ کر دیا جاتا	انکے درمیان

وَ	اِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ (110)	وَاِنَّ
اور	بیشک وہ	یقیناً شک میں ہیں	اس سے	بے چین کرنیوالے	اور بیشک

كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ ❻	رَبُّكَ	اَعْمَالَهُمْ ط
ہر ایک کو	اس وقت	ضرور بالضرور پورا پورا بدلہ دیگا انہیں	تیرا رب	ان کے اعمال کا

اِنَّهٗ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ❼ (111)	فَاسْتَقِمْ
بیشک وہ	(اس) سے جو	وہ سب عمل کرتے ہیں	خوب خبردار ہے	پس آپ ثابت قدم رہیں

كَمَآ	اُمِرْتَ ❺	وَمَنْ	تَابَ	مَعَكَ
جیسا کہ	آپ حکم کیے گئے ہیں	اور (وہ بھی) جس نے	توبہ کی	آپ کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ وْا سے الف گر گیا ہے، یہاں اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❸ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ تْ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نَّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے جبکہ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ	اور تم سرکشی نہ کرو، بے شک وہ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿112﴾	اسکو جو تم عمل کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿112﴾
وَ لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اور نہ جھکو ان لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم کیا
فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا	ورنہ چھوئے گی تمہیں آگ اور نہیں (ہونگے)
لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ	تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست
ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿113﴾	پھر تم مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿113﴾
وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ	اور نماز قائم کریں دن کے دونوں کناروں میں
وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ	اور رات کی کچھ گھڑیوں میں (بھی)
اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ	بے شک نیکیاں دور کر دیتی ہیں برائیوں کو
ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿114﴾ ۚ	یہ نصیحت ہے یاد رکھنے والوں کے لیے۔ ﴿114﴾
وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور صبر کیجئے پس بے شک اللہ
لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿115﴾	نہیں ضائع کرتا نیکی کرنے والوں کا اجر۔ ﴿115﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ، لاپروا۔	الصَّلٰوةَ : پابندِ صوم وصلوۃ، مصلیٰ، صلوۃ العید۔
تَطْغَوْا : طغیانی، طاغوت، طاغوتی قوتیں۔	طَرَفَيِ : طرفین، طرفدار، یکطرفہ، اطراف۔
بَصِيْرٌ : بصارت، سمع وبصر، مبصر، تبصرہ۔	الْحَسَنٰتِ : حسنات، احسن الجزاء۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	السَّيِّاٰتِ : سیّئات، علمائے سوء۔
فَتَمَسَّكُمُ : مس کرنا۔	ذِكْرٰى : ذکر، ذاکر، مذکور، ذکرِ الٰہی۔
النَّارُ : نوری وناری مخلوق۔	اصْبِرْ : صبر، صابر، صابر وشاکر۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، اولیا، والی۔	يُضِيْعُ : ضائع، ضیاع۔
تُنْصَرُوْنَ : نصرت، انصار، منصور، حامی وناصر۔	اَجْرَ : اجرِ عظیم، اجر وثواب، عنداللہ ماجور ہوں۔

وَ	لَا تَطْغَوْا ❶	اِنَّهٗ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ❷ (112)
اور	نہ تم سب سرکشی کرو	بے شک وہ	اسکو جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا ہے

وَ	لَا تَرْكَنُوْٓا ❶	اِلَى الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
اور	نہ تم سب جھکو	ان لوگوں کی طرف جن	سب نے ظلم کیا

فَتَمَسَّكُمُ ❸	النَّارُ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❹
ورنہ چھوئے گی تمہیں	آگ	اور نہیں (ہونگے)	تمہارے لیے	اللہ کے سوا

مِنْ اَوْلِيَآءَ ❹	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ ❺ (113)	وَ	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ ❻
کوئی دوست	پھر	نہیں تم سب مدد کیے جاؤ گے	اور	آپ قائم کریں	نماز

طَرَفَيِ النَّهَارِ ❼	وَ	زُلَفًا	مِّنَ الَّيْلِ ❹	اِنَّ	الْحَسَنٰتِ ❻
اَنْ	نَّاْخُذَ	اِلَّا مَنْ	وَّجَدْنَا	مَتَاعَنَا	عِنْدَهٗۤ
(اس بات سے) کہ	ہم لیں (کسی اور کو)	سوائے (اسکے) جو کہ	ہم نے پایا	اپنا سامان	اسکے پاس

ع 9 11 3

اِنَّاۤ ❽	اِذًا ❾	لَّظٰلِمُوْنَ ع (79)	فَلَمَّا	اسْتَيْئَسُوْا	مِنْهُ
بے شک ہم	اس وقت	یقیناً سب ظالم ہوں گے	پھر جب	وہ سب نا اُمید ہو گئے	اس سے

ضروری وضاحت

❶ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔ ❹ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ❺ اِنَّا کے نَا اور علامت نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❻ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❾ اِذًا کا ترجمہ جب اور اِذًا کا ترجمہ اس وقت ہوتا ہے۔

خَلَصُوْا نَجِيًّا ۭ	(تو) وہ الگ ہوئے مشورہ کرتے ہوئے
قَالَ كَبِيْرُهُمْ	کہا: ان کے بڑے (بھائی) نے
اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ	کیا نہیں تم جانتے کہ بیشک تمہارے باپ نے
قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ	یقیناً لے رکھا ہے تم سے پکا وعدہ اللہ کا
وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ	اور اس سے قبل جو تم کوتاہی کر چکے ہو
فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ	یوسف (کے بارے) میں، تو ہر گز نہیں میں چھوڑوں گا
الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ	(اس) زمین کو یہاں تک کہ اجازت دے میرے لیے
اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ	میرا باپ یا فیصلہ کر دے اللہ میرے لیے
وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ 80	اور وہ بہترین ہے سب فیصلہ کرنے والوں سے۔ 80
اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا	تم واپس جاؤ اپنے باپ کی طرف پس کہو
يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ	اے ہمارے ابا جان! بیشک تیرے بیٹے نے چوری کی
وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا	اور نہیں ہم نے گواہی دی مگر اسکی جو ہم نے جانا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَجِيًّا : مناجات۔	يَاْذَنَ : اذن عام، باذن اللہ۔
كَبِيْرُهُمْ : کبیر، اکبر، تکبر، مکبّر۔	يَحْكُمَ ، الْحٰكِمِيْنَ : حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
تَعْلَمُوْٓا ، عَلِمْنَا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	اِرْجِعُوْٓا : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
اَبَاكُمْ ، اَبِيْكُمْ : آبائی گاؤں، آباواجداد۔	اِلٰٓى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَخَذَ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	ابْنَكَ : ابن آدم، ابن قاسم، متبنّیٰ۔
مَّوْثِقًا : وثوق، توثیق، وثیقہ نویس، اُمیدواثق۔	سَرَقَ : مال مسروقہ، سارق۔
فَرَّطْتُّمْ : افراط وتفریط۔	شَهِدْنَا : شاہد، شہادت، مشاہدہ۔
حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔

خَلَصُوْا	نَجِيًّا	قَالَ	كَبِيْرُهُمْ	اَ	لَمْ تَعْلَمُوْٓا
وہ سب الگ ہوئے	مشورے (کے لیے)	کہا	انکے بڑے (بھائی) نے	کیا	نہیں تم سب جانتے

اَنَّ	اَبَاكُمْ	قَدْ اَخَذَ	عَلَيْكُمْ ❶	مَّوْثِقًا	مِّنَ اللّٰهِ ❷
کہ بیشک	تمہارے باپ نے	یقیناً لے رکھا ہے	تم سے	پکا وعدہ	اللہ کا

وَ	مِنْ قَبْلُ	مَا	فَرَّطْتُّمْ	فِيْ يُوْسُفَ	فَلَنْ
اور	(اس) سے قبل	جو	تم کوتاہی کر چکے ہو	یوسف (کے بارے) میں	تو ہرگز نہیں

اَبْرَحَ	الْاَرْضَ	حَتّٰى	يَاْذَنَ	لِيْٓ	اَبِيْٓ	اَوْ
میں چھوڑوں گا	(اس) زمین کو	یہاں تک کہ	اجازت دے	میرے لیے	میرا باپ	یا

يَحْكُمَ ❸	اللّٰهُ	لِيْ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ ❹ (80)
فیصلہ کر دے	اللہ	میرے لیے	اور وہ	بہترین ہے	سب فیصلہ کرنیوالوں سے

اِرْجِعُوْٓا ❺	اِلٰٓى اَبِيْكُمْ	فَقُوْلُوْا	يٰٓاَبَانَآ	اِنَّ ❻
تم سب واپس جاؤ	اپنے باپ کی طرف	پس تم سب کہو	اے ہمارے ابا جان!	بیشک

ابْنَكَ	سَرَقَ	وَمَا	شَهِدْنَآ ❼	اِلَّا	بِمَا	عَلِمْنَا ❼
تیرے بیٹے نے	چوری کی	اور نہیں	ہم نے گواہی دی	مگر	(اس) کی جو	ہم نے جانا

ضروری وضاحت

❶ عَلَيْكُمْ میں عَلٰی کا ترجمہ ضرورتاً سے کیا گیا ہے۔ ❷ مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے، کبھی ضرورتاً کا بھی کر دیا جاتا ہے۔
❸ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔
❼ نا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿81﴾	اور نہیں تھے ہم غیب کی حفاظت کرنیوالے۔ ﴿81﴾
وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا	اور پوچھ لیجیے (اس) بستی (والوں) سے جو (کہ) تھے ہم
فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا	اس میں اور اس قافلے سے جو (کہ) ہم آئے تھے
فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿82﴾	اس میں اور بے شک ہم یقیناً سچے ہیں۔ ﴿82﴾
قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ	کہا (یعقوب نے) بلکہ بنالی ہے تمہارے لیے
اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ	تمہارے دلوں نے ایک بات پس صبر ہی بہتر ہے
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ	امید ہے اللہ یہ کہ لے آئے میرے پاس انکو اکٹھا
اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿83﴾	بیشک وہ خوب جاننے والا، بہت حکمت والا ہے۔ ﴿83﴾
وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى	اور اس نے منہ پھیرا ان سے اور کہا ہائے میرا افسوس
عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ	یوسف پر اور سفید ہو گئیں اس کی آنکھیں
مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿84﴾	غم سے پس وہ غم سے بھرا ہوا تھا۔ ﴿84﴾
قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ	انہوں نے کہا اللہ کی قسم تو ہمیشہ رہے گا یاد کرتا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حٰفِظِيْنَ : حافظ، حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم۔
وَسْـَٔلِ : سوال، سائل، مسئول۔
الْقَرْيَةَ : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔
لَصٰدِقُوْنَ : صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔
بَلْ : بلکہ۔
اَنْفُسُكُمْ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
اَمْرًا : امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، مجمع، جماعت۔

الْعَلِيْمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
الْحَكِيْمُ : حکیم، حکمت، حکما۔
يٰٓاَسَفٰى : تاسّف، افسوس، متاسّف۔
ابْيَضَّتْ : ید بیضا، بیاض۔
عَيْنٰهُ : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
الْحُزْنِ : حزن وملال، عام الحزن۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَذْكُرُ : ذکر، اذکار، تذکرہ۔

وَ مَا	كُنَّا ❶	لِلْغَيْبِ	حٰفِظِيْنَ ❷ (81)	وَ سْـَٔلِ	الْقَرْيَةَ ❸
اورنہیں	تھے ہم	غیب کی	حفاظت کرنیوالے	اور پوچھ لیجیے	(اس) بستی (والوں سے)

الَّتِيْ	كُنَّا ❶	فِيْهَا	وَ الْعِيْرَ	الَّتِيْٓ	اَقْبَلْنَا	فِيْهَا	وَ اِنَّا ❹
جو (کہ)	تھے ہم	اس میں	اور (اس) قافلے سے	جو (کہ)	ہم آئے تھے	اس میں	اور بیشک ہم

لَصٰدِقُوْنَ (82)	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ ❸	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ
سب یقیناً سچے ہیں	کہا (یعقوب نے)	بلکہ	بنالی ہے	تمہارے لیے	تمہارے دلوں نے

اَمْرًا ❺	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	عَسَى اللّٰهُ	اَنْ	يَّاْتِيَنِيْ	بِهِمْ
ایک بات	پس صبر (ہی)	بہتر ہے	اُمید ہے اللہ	یہ کہ	وہ لے آئے میرے پاس	ان کو

جَمِيْعًا	اِنَّهٗ	هُوَ الْعَلِيْمُ ❻❼	الْحَكِيْمُ ❼ (83)	وَ تَوَلّٰى	عَنْهُمْ
اکٹھا	بیشک وہ	ہی خوب جاننے والا	بہت حکمت والا ہے	اور اس نے منہ پھیرا	ان سے

وَ قَالَ	يٰۤاَسَفٰى ❽	عَلٰى يُوْسُفَ	وَ ابْيَضَّتْ ❸	عَيْنٰهُ	مِنَ الْحُزْنِ
اور کہا	ہائے میرا افسوس	یوسف پر	اور سفید ہوگئیں	اس کی آنکھیں	غم سے

فَهُوَ	كَظِيْمٌ ❼ (84)	قَالُوْا	تَاللّٰهِ ❾	تَفْتَؤُا	تَذْكُرُ
پس وہ	بہت غم سے بھرا ہوا تھا	انہوں نے کہا	اللہ کی قسم	تو ہمیشہ رہے گا	تو یاد کرتا

ضروری وضاحت

❶ كُنَّا دراصل كُنْ+نَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ ةَ، تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ يٰۤاَسَفٰى کے آخر میں ی تھی اسے الف سے بدلا گیا ہے، اُسی کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❾ جب لفظ اللّٰہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم کا مفہوم ہوتا ہے۔

يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا	یوسف کو یہاں تک کہ تو ہو جائے گا گھل کر مرنے کے قریب
اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿85﴾	یا تو ہو جائے گا ہلاک ہونے والوں میں سے۔ ﴿85﴾
قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا	کہا (یعقوب نے) بیشک صرف میں تو شکایت کرتا ہوں
بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ	اپنی بے قراری اور اپنے غم کی اللہ کی طرف
وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ	اور میں جانتا ہوں اللہ (کی طرف) سے
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿86﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا	جو تم نہیں جانتے۔ ﴿86﴾ اے میرے بیٹو! تم جاؤ
فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ	پس سراغ لگاؤ یوسف اور اس کے بھائی کا
وَلَا تَايْــَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ	اور تم مایوس نہ ہونا اللہ کی رحمت سے
اِنَّهٗ لَا يَايْــَٔسُ	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ) نہیں مایوس ہوتے
مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿87﴾	اللہ کی رحمت سے مگر کافر لوگ۔ ﴿87﴾
فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا	پھر جب وہ داخل ہوئے اس پر انہوں نے کہا
يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ	اے عزیز! پہنچی ہے ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو تکلیف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَتّٰى : حتی کہ، حتی الوسعت، حتی الامکان۔
الْهٰلِكِيْنَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
اَشْكُوْا : شکوہ، شکایت، شاکی۔
حُزْنِيْٓ : حزن و ملال، عام الحزن۔
اَعْلَمُ، تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
يٰبَنِيَّ : ابن آدم، ابن قاسم، متبنّٰی۔
فَتَحَسَّسُوْا : حس، محسوس، محسوسات۔
اَخِيْهِ : اخوت، مواخات۔

تَايْــَٔسُوْا : مایوس، یاس و ناامیدی۔
اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
الْكٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔
دَخَلُوْا : دخل، داخل، دخول، مدخل۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مَسَّنَا : مَس، مساس۔
اَهْلَنَا : اہل خانہ، اہل و عیال۔
الضُّرُّ : مضرِ صحت، ضرر رساں۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

یُوْسُفَ	حَتّٰى	تَكُوْنَ	حَرَضًا	اَوْ تَكُوْنَ
یوسف کو	یہاں تک کہ	تو ہو جائے گا	گھل کر مرنے کے قریب	یا تو ہو جائے گا

مِنَ الْهٰلِكِیْنَ ﴿85﴾	قَالَ	اِنَّمَآ ❶	اَشْكُوْا	بَثِّیْ ❷
ہلاک ہونے والوں میں سے	کہا (یعقوب نے)	بیشک صرف	میں تو شکایت کرتا ہوں	اپنی بے قراری

وَحُزْنِیْٓ ❷	اِلَى اللّٰهِ	وَاَعْلَمُ	مِنَ اللّٰهِ	مَا لَا	تَعْلَمُوْنَ ﴿86﴾
اور اپنے غم کی	اللہ کی طرف	اور میں جانتا ہوں	اللہ (کی طرف) سے	جو نہیں	تم سب جانتے

یٰبَنِیَّ	اذْهَبُوْا	فَتَحَسَّسُوْا ❸	مِنْ یُّوْسُفَ ❹	وَاَخِیْهِ	وَ
اے میرے بیٹو!	تم سب جاؤ	پس تم سب سراغ لگاؤ	یوسف کا	اور اسکے بھائی کا	اور

لَا تَایْئَسُوْا ❺	مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ	اِنَّهٗ	لَا یَایْئَسُ ❻
مت تم سب مایوس ہونا	اللہ کی رحمت سے	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	نہیں مایوس ہوتے

مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ	اِلَّا	الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ❼ ﴿87﴾	فَلَمَّا	دَخَلُوْا
اللہ کی رحمت سے	مگر	کافر لوگ	پھر جب	وہ سب داخل ہوئے

عَلَیْهِ	قَالُوْا	یٰٓاَیُّهَا الْعَزِیْزُ	مَسَّنَا ❽	وَاَهْلَنَا	الضُّرُّ
اس پر	انہوں نے کہا	اے عزیز!	پہنچی ہے ہمیں	اور ہمارے گھر والوں کو	تکلیف

ضروری وضاحت

❶ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❸ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے، کبھی ضرورتاً کا بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے زبر یا زیر ہو تو ترجمہ ہمیں کیا جاتا ہے۔

وَ جِئۡنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزۡجٰىةٍ	اور ہم لے کر آئے ہیں پونجی حقیر سی
فَاَوۡفِ لَنَا الۡكَيۡلَ	پس پورا دے دیں ہمارے لیے ماپ (غلے کا)
وَ تَصَدَّقۡ عَلَيۡنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اور صدقہ کیجیے ہم پر، بے شک اللہ
يَجۡزِى الۡمُتَصَدِّقِيۡنَ ﴿88﴾	جزا دیتا ہے صدقہ کرنے والوں کو۔ ﴿88﴾
قَالَ هَلۡ عَلِمۡتُمۡ	کہا (یوسف نے) کیا تمہیں معلوم ہے
مَّا فَعَلۡتُمۡ بِيُوۡسُفَ وَاَخِيۡهِ	جو تم نے کیا یوسف اور اسکے بھائی کے ساتھ
اِذۡ اَنۡتُمۡ جٰهِلُوۡنَ ﴿89﴾	جب تم ناداں تھے۔ ﴿89﴾
قَالُوۡۤا ءَاِنَّكَ لَاَنۡتَ يُوۡسُفُ ؕ	انہوں نے کہا کیا یقیناً تو واقعی یوسف ہے
قَالَ اَنَا يُوۡسُفُ وَهٰذَاۤ اَخِىۡ	اس نے کہا: میں (ہی) یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے
قَدۡ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيۡنَا ؕ اِنَّهٗ	یقیناً احسان کیا اللہ نے ہم پر بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)
مَنۡ يَّتَّقِ وَيَصۡبِرۡ فَاِنَّ اللّٰهَ	جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو بے شک اللہ
لَا يُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿90﴾	نہیں ضائع کرتا نیکی کرنے والوں کا اجر۔ ﴿90﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، شام و سحر۔	قَالُوۡۤا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَاَوۡفِ	: وفا، بے وفا، ایفائے عہد۔	هٰذَاۤ	: ہذا من فضل ربی، لہٰذا، حامل رقعہ ہذا۔
تَصَدَّقۡ	: صدقہ و خیرات، صدقۃ الفطر۔	اَخِىۡ	: اخوت، مواخات۔
عَلَيۡنَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مَنَّ	: منت و سماجت، ممنون۔
يَجۡزِى	: جزائے خیر، جزا و سزا۔	يَّتَّقِ	: تقویٰ، متقی۔
عَلِمۡتُمۡ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	يَصۡبِرۡ	: صبر، صابر۔
مَّا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	يُضِيۡعُ	: ضائع، ضیاع۔
فَعَلۡتُمۡ	: فعل، فاعل، مفعول۔	الۡمُحۡسِنِيۡنَ	: حسن، محسن، تحسین۔

وَجِئْنَا❶	بِبِضَاعَةٍ❷	مُّزْجٰةٍ❸	فَاَوْفِ	لَنَا
اورہم لے کر آتے ہیں	پونجی	حقیر سی	پس پورا دے دیں	ہمارے لیے

الْكَيْلَ	وَ	تَصَدَّقْ	عَلَيْنَا ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	يَجْزِي❹
ماپ (غلے کا)	اور	صدقہ کیجیے	ہم پر	بے شک اللہ	جزا دیتا ہے

الْمُتَصَدِّقِيْنَ❺ (88)	قَالَ	هَلْ	عَلِمْتُمْ	مَّا	فَعَلْتُمْ
سب صدقہ کرنے والوں کو	کہا (یوسف نے)	کیا	تمہیں معلوم ہے	جو	تم نے کیا

بِيُوْسُفَ	وَاَخِيْهِ	اِذْ اَنْتُمْ	جٰهِلُوْنَ (89)	قَالُوْٓا
یوسف کے ساتھ	اور اسکے بھائی (کے ساتھ)	جب تم	سب ناداں تھے	انہوں نے کہا

ءَ	اِنَّكَ لَاَنْتَ❻	يُوْسُفُ	قَالَ	اَنَا يُوْسُفُ	وَهٰذَآ	اَخِيْ❼
کیا	یقیناً تو ہی واقعی	یوسف ہے	اس نے کہا	میں (ہی) یوسف ہوں	اور یہ	میرا بھائی ہے

قَدْ	مَنَّ اللّٰهُ	عَلَيْنَا	اِنَّهٗ	مَنْ	يَّتَّقِ❹	وَيَصْبِرْ❹
یقیناً	احسان کیا اللہ نے	ہم پر	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	جو	ڈرتا ہے	اور صبر کرتا ہے

فَاِنَّ❽	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ❹	اَجْرَ	الْمُحْسِنِيْنَ❺ (90)
تو بے شک	اللہ	نہیں ضائع کرتا	اجر	سب نیکی کرنے والوں کا

ضروری وضاحت

❶جَآءَ کا ترجمہ ہے آیا اگر اس کے بعد بِ ہو تو اس کا ترجمہ لایا کیا جاتا ہے۔ ❷یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻كَ اور اَنْتَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تو ہی کیا گیا ہے۔ ❼یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❽اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ	انہوں نے کہا اللہ کی قسم یقیناً واقعی
اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا	فوقیت دی ہے تجھے اللہ نے ہم پر
وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿91﴾	اور بلا شبہ تھے ہم یقیناً خطا کار۔ ﴿91﴾
قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ	کہا (یوسف نے) کوئی ملامت نہیں تم پر آج
يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ	معاف کرے اللہ تم کو، اور وہ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿92﴾	بہت رحم کرنیوالا ہے رحم کرنیوالوں میں سے۔ ﴿92﴾
اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ	تم لے جاؤ میری اس قمیص کو پس ڈال دو اسے
عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ	میرے باپ کے چہرے پر وہ ہو جائے گا
بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ	دیکھنے والا، اور تم لے آؤ میرے پاس
بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿93﴾ ع	اپنے اہل و عیال سب کے سب کو۔ ﴿93﴾ ع
وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ	اور جب جدا ہوا قافلہ (مصر سے) کہا ان کے باپ نے
اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ	بیشک میں یقیناً پا رہا ہوں یوسف کی خوشبو

ع 10 / 14 / 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	فَاَلْقُوْهُ	القاء۔
عَلَيْنَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	وَجْهِ	متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔
لَخٰطِـِٕيْنَ	خطا، خطا کار، خطائیں۔	بَصِيْرًا	بصر، بصارت، بصیرت۔
الْيَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔	بِاَهْلِكُمْ	اہل و عیال، اہلیہ محترمہ۔
يَغْفِرُ	مغفرت، استغفار۔	اَجْمَعِيْنَ	جمع، جامع، جماعت، مجمع۔
اَرْحَمُ، الرّٰحِمِيْنَ	رحم، رحمت، مرحوم۔	فَصَلَتِ	فاصلہ، حدفاصل، فصل کی گھڑیاں (جدائی)۔
بِقَمِيْصِيْ	قمیص۔	لَاَجِدُ	وجود، موجود، وجدان۔
هٰذَا	ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	رِيْحَ	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔

قَالُوْا	تَاللّٰهِ (1)	لَقَدْ	اٰثَرَكَ	اللّٰهُ	عَلَيْنَا
انہوں نے کہا	اللہ کی قسم	یقیناً واقعی	فوقیت دی ہے تجھے	اللہ نے	ہم پر

وَاِنْ (2)	كُنَّا	لَخٰطِئِيْنَ (91)	قَالَ	لَا تَثْرِيْبَ	عَلَيْكُمُ
اور بلاشبہ	تھے ہم	سب یقیناً خطا کار	کہا (یوسف نے)	کوئی ملامت نہیں	تم پر

اَلْيَوْمَ ط	يَغْفِرُ (3)	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَهُوَ	اَرْحَمُ (4)
آج	معاف کرے	اللہ	تم کو	اور وہ	بہت رحم کرنیوالا ہے

الرّٰحِمِيْنَ (92)	اِذْهَبُوْا	بِقَمِيْصِيْ هٰذَا	فَاَلْقُوْهُ (5)
سب رحم کرنیوالوں میں سے	تم سب لے جاؤ	میری اس قمیص کو	پس تم ڈال دو اسے

عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ	يَاْتِ	بَصِيْرًا ج	وَاْتُوْنِيْ (5) (6)
میرے باپ کے چہرے پر	وہ ہو جائیں گے	دیکھنے والے	اور تم سب لے آؤ میرے پاس

ع 10 14 4

بِاَهْلِكُمْ	اَجْمَعِيْنَ (7) ع (93)	وَلَمَّا	فَصَلَتِ (8)	الْعِيْرُ
اپنے اہل و عیال کو	تمام	اور جب	جدا ہوا	قافلہ (مصر سے)

قَالَ	اَبُوْهُمْ	اِنِّيْ لَاَجِدُ (9)	رِيْحَ	يُوْسُفَ
کہا	ان کے باپ نے	بیشک میں یقیناً پا رہا ہوں	خوشبو	یوسف کی

ضروری وضاحت

(1) جب لفظ اللہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم کا مفہوم ہوتا ہے۔ (2) اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے اِنْ کیا گیا ہے۔ (3) یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (4) یہاں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ (5) وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اسکے آخر سے ا کو گرا دیتے ہیں۔ (6) اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ (7) یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (8) یہ دراصل فَصَلَتْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔ (9) یْ اور اَ دونوں کا ترجمہ میں کیا گیا ہے۔

لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿94﴾	اگر (یہ) نہ ہو کہ تم مجھے بہکا ہوا کہو۔ ﴿94﴾
قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ	انہوں نے کہا اللہ کی قسم بے شک تو
لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿95﴾ فَلَمَّآ اَنْ	یقیناً اپنی پرانی غلطی (بھول) میں ہے۔ ﴿95﴾ پھر جیسے ہی
جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ	آیا خوشخبری لانے والا اس نے ڈال دی وہ (قمیص)
عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ	اس کے چہرے پر تو پھر سے ہو گیا وہ دیکھنے والا
قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ	اس نے کہا کیا نہیں میں نے کہا تھا تم سے (کہ) بیشک میں
اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿96﴾	جانتا ہوں اللہ (کی طرف) سے جو تم نہیں جانتے۔ ﴿96﴾
قَالُوْا يٰٓاَبَانَا	انہوں نے کہا: اے ہمارے ابا جان!
اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ	بخشش طلب کریں ہمارے لیے ہمارے گناہوں کی
اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿97﴾ قَالَ سَوْفَ	بیشک ہم ہی تھے خطا کار۔ ﴿97﴾ کہا (یعقوب نے) عنقریب
اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ	میں بخشش طلب کرونگا تمہارے لیے اپنے رب سے
اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿98﴾	بیشک وہی بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ ﴿98﴾

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَآ : لاعلاج، لاجواب، لاعلم، لاپروا۔
قَالُوْا، اَقُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لَفِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
ضَلٰلِكَ : ضلالت وگمراہی۔
الْقَدِيْمِ : زمانۂ قدیم، آثار قدیمہ۔
الْبَشِيْرُ : بشارت، مبشر۔
اَلْقٰىهُ : القاء۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

وَجْهِهٖ : متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔
بَصِيْرًا : بصر، بصارت، بصیرت۔
اَعْلَمُ، تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
يٰٓاَبَانَا : آباء واجداد، آبائی گاؤں۔
اَسْتَغْفِرُ، الْغَفُوْرُ : مغفرت، استغفار۔
خٰطِـِٕيْنَ : خطا، خطا کار۔
رَبِّيْ : رب، مربی کائنات، ربوبیت۔
الرَّحِيْمُ : رحم، رحمت، مرحوم۔

لَوْلَآ	اَنْ	تُفَنِّدُوْنِ ❶ (94)	قَالُوْا	تَاللّٰهِ ❷	اِنَّكَ
اگر (یہ) نہ ہو	کہ	تم سب مجھے بہکا ہوا کہو	انہوں نے کہا	اللہ کی قسم	بے شک تو

لَفِيْ ضَلٰلِكَ	الْقَدِيْمِ (95)	فَلَمَّآ اَنْ ❸	جَآءَ	الْبَشِيْرُ
یقیناً اپنی غلطی میں ہے	پرانی	پھر جیسے ہی	آیا	خوشخبری لانے والا

اَلْقٰهُ	عَلٰى وَجْهِهٖ	فَارْتَدَّ	بَصِيْرًا ۚ	قَالَ
اس نے ڈال دی وہ (قمیص)	اس کے چہرے پر	تو پھر سے وہ ہوگیا	دیکھنے والا	اس نے کہا

اَ	لَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ اَعْلَمُ ❹	مِنَ اللّٰهِ	مَا
کیا	نہیں میں نے کہا تھا	تم سے	(کہ) بیشک میں جانتا ہوں	اللہ (کی طرف) سے	جو

لَا تَعْلَمُوْنَ ❺ (96)	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	اسْتَغْفِرْ ❻	لَنَا
نہیں تم سب جانتے	انہوں نے کہا	اے ہمارے ابا جان!	بخشش طلب کریں	ہمارے لیے

ذُنُوْبَنَآ	اِنَّا كُنَّا ❼	خٰطِـِٕيْنَ (97)	قَالَ سَوْفَ	اَسْتَغْفِرُ ❻
ہمارے گناہوں کی	بیشک ہم ہی تھے	سب خطا کار	کہا (یعقوب نے) عنقریب	میں بخشش طلب کرونگا

لَكُمْ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ الْغَفُوْرُ ❽	الرَّحِيْمُ (98)
تمہارے لیے	اپنے رب سے	بیشک وہ	ہی بہت بخشنے والا	نہایت مہربان ہے

ضروری وضاحت

❶ یہ دراصل تُفَنِّدُوْنِيْ تھا آخر سے یْ کو وقف کی وجہ سے گرایا گیا ہے۔ ❷ جب لفظ اللّٰہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ یہاں اَنْ زائد ہے البتہ اس کی وجہ سے ترجمہ جب کی بجائے جیسے ہی کیا گیا ہے۔ ❹ یْ اور اُ دونوں کا ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❻ یہاں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہے۔ ❼ اِنَّا کے نَا اور کُنَّا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❽ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى	پھر جب وہ داخل ہوئے یوسف پر (تو) اس نے جگہ دی
اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا	اپنے پاس اپنے ماں باپ کو اور کہا تم داخل ہو جاؤ
مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿99﴾	مصر میں اگر اللہ نے چاہا امن سے۔ ﴿99﴾
وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ	اور اونچا بٹھایا اپنے ماں باپ کو تخت پر
وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ	اور وہ گر پڑے اس کے لیے سجدہ کرتے ہوئے
وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ	اور کہا (یوسف نے) اے میرے ابا جان! یہ تعبیر ہے
رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫	میرے خواب کی (جو) پہلے (میں نے دیکھا تھا)
قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ	یقیناً کر دیا اسے میرے رب نے سچا،
وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ	اور یقیناً اس نے احسان کیا مجھ پر
اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ	جب اس نے نکالا مجھے قید خانے سے
وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ	اور لایا تم کو صحرا سے اسکے بعد کہ
نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ	اختلاف ڈال دیا تھا شیطان نے میرے درمیان

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- دَخَلُوْا : داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
- اٰوٰى : ملجا و ماویٰ۔
- اِلَيْهِ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
- اَبَوَيْهِ، يٰٓاَبَتِ : آباء و اجداد، آبائی گاؤں۔
- شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
- اٰمِنِيْنَ : امن، امن عامہ۔
- رَفَعَ : رفعت، سطح مرتفع، مرفوع القلم۔
- الْعَرْشِ : عرش۔
- هٰذَا : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی، حامل رقعہ ہٰذا۔
- تَاْوِيْلُ : تاویل، تاویلات۔
- قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
- حَقًّا : حق، حقوق، محقق، حقیقت۔
- اَحْسَنَ : حسن، محسن، تحسین۔
- مِنَ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
- اَخْرَجَنِيْ : خارج، خروج، اخراج۔
- بَيْنِيْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى يُوْسُفَ	اٰوٰى	اِلَيْهِ ❶	اَبَوَيْهِ
پھر جب	وہ سب داخل ہوئے	یوسف پر	(تو) اس نے جگہ دی	اپنے پاس	اپنے ماں باپ کو

وَقَالَ	ادْخُلُوْا	مِصْرَ	اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ	اٰمِنِيْنَ ❷ ۭ (99)
اور کہا	تم سب داخل ہو جاؤ	مصر (میں)	اگر	اللہ نے چاہا	امن سے

وَرَفَعَ	اَبَوَيْهِ	عَلَى الْعَرْشِ	وَخَرُّوْا	لَهٗ	سُجَّدًا
اور اونچا بٹھایا	اپنے ماں باپ کو	تخت پر	اور وہ سب گر پڑے	اسکے لیے	سجدہ کرتے ہوئے

وَقَالَ	يٰٓاَبَتِ ❸	هٰذَا تَاْوِيْلُ	رُءْيَايَ	مِنْ قَبْلُ ❹
اور کہا (یوسف نے)	اے میرے ابا جان!	یہ تعبیر ہے	میرے خواب کی	(جو) پہلے (میں نے دیکھا)

قَدْ جَعَلَهَا	رَبِّيْ	حَقًّا	وَقَدْ	اَحْسَنَ	بِيْٓ
یقیناً کر دیا اسے	میرے رب نے	سچا	اور یقیناً	اس نے احسان کیا	میرے ساتھ

اِذْ اَخْرَجَنِيْ ❺	مِنَ السِّجْنِ	وَجَآءَ	بِكُمْ ❻	مِّنَ الْبَدْوِ
جب اس نے نکالا مجھے	قید خانے سے	اور لایا	تم کو	صحرا سے

مِنْ بَعْدِ ❹	اَنْ	نَّزَغَ	الشَّيْطٰنُ ❼	بَيْنِيْ
اسکے بعد	کہ	اختلاف ڈال دیا تھا	شیطان نے	میرے درمیان

ضروری وضاحت

❶ اِلٰی کا ترجمہ طرف یا تک ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ پاس کیا گیا ہے۔ ❷ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ یہاں آخر سے یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرے کیا گیا ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ❻ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

وَبَيۡنَ اِخۡوَتِیۡ ؕ اِنَّ رَبِّیۡ	اور میرے بھائیوں کے درمیان بیشک میرا رب
لَطِیۡفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ	باریکی سے تدبیر کرنے والا ہے اسکی جو وہ چاہتا ہے
اِنَّهٗ هُوَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ ﴿100﴾	بیشک وہی خوب جاننے والا نہایت حکمت والا ہے۔ ﴿100﴾
رَبِّ قَدۡ اٰتَیۡتَنِیۡ	اے میرے رب! یقیناً تونے دیا مجھے
مِنَ الۡمُلۡكِ وَ عَلَّمۡتَنِیۡ	بادشاہی میں سے (ایک حصہ) اور تونے سکھایا مجھے
مِنۡ تَاۡوِیۡلِ الۡاَحَادِیۡثِ ۚ	باتوں (خوابوں) کی تعبیر سے (کچھ)
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۟	(اے) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے
اَنۡتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ ۚ	تو (ہی) میرا کارساز ہے دنیا وآخرت میں
تَوَفَّنِیۡ مُسۡلِمًا	فوت کر مجھے مسلمانی کی حالت میں
وَّاَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ﴿101﴾	اور ملا دے مجھے نیک لوگوں کے ساتھ۔ ﴿101﴾
ذٰلِكَ مِنۡ اَنۡۢبَآءِ الۡغَیۡبِ نُوۡحِیۡهِ	یہ غیب کی خبروں میں سے ہے، ہم وحی کر رہے ہیں ان کو
اِلَیۡكَ ۚ وَمَا کُنۡتَ لَدَیۡهِمۡ	آپ کی طرف اور نہیں تھے آپ ان کے پاس

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيۡنَ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	الۡاَرۡضِ	اراضی، کرّۂ ارض
اِخۡوَتِیۡ	اخوت، مواخات۔	فِی	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
لِّمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	تَوَفَّنِیۡ	فوت، وفات، متوفی۔
یَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	اَلۡحِقۡنِیۡ	الحاق، ملحق، لواحقین حضرات۔
الۡمُلۡكِ	ملک، ملوکیت۔	بِالصّٰلِحِیۡنَ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
عَلَّمۡتَنِیۡ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	اَنۡۢبَآءِ	نبی، انبیاء۔
تَاۡوِیۡلِ	تاویل، تاویلات۔	نُوۡحِیۡهِ	وحی، وحی متلوّ، وحی غیر متلوّ۔
السَّمٰوٰتِ	کتب ساویہ، ارض وسما۔	اِلَیۡكَ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

وَبَيْنَ	اِخْوَتِيْ ❶	اِنَّ	رَبِّيْ ❶	لَطِيْفٌ	لِّمَا
اور درمیان	میرے بھائیوں کے	بیشک	میرا رب	باریکی سے تدبیر کرنے والا ہے	اسکی جو

يَشَآءُ ؕ	اِنَّهٗ	هُوَ الْعَلِيْمُ ❷❸	الْحَكِيْمُ ❸ (100)	رَبِّ
وہ چاہتا ہے	بیشک وہ	ہی خوب جاننے والا	نہایت حکمت والا ہے	اے میرے رب

قَدْ	اٰتَيْتَنِيْ ❹	مِنَ الْمُلْكِ	وَ	عَلَّمْتَنِيْ ❹
یقیناً	تونے دیا مجھے	بادشاہی میں سے (ایک حصہ)	اور	تونے سکھایا مجھے

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ	فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ ❺	وَالْاَرْضِ
باتوں (خوابوں) کی تعبیر سے (کچھ)	(اے) پیدا کرنے والے آسمانوں کے	اور زمین کے

اَنْتَ	وَلِيّٖ ❻	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ ۚ	تَوَفَّنِيْ ❹	مُسْلِمًا
تو (ہی)	میرا کارساز ہے	دنیا میں	اور آخرت (میں)	توفوت کر مجھے	مسلمانی کی حالت میں

وَّ اَلْحِقْنِيْ ❹	بِالصّٰلِحِيْنَ (101)	ذٰلِكَ ❼	مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ
اور ملادے مجھے	نیک لوگوں کے ساتھ	یہ	غیب کی خبروں میں سے ہے

نُوْحِيْهِ	اِلَيْكَ	وَمَا	كُنْتَ	لَدَيْهِمْ
ہم وحی کررہے ہیں ان کو	آپ کی طرف	اور نہیں	تھے آپ	ان کے پاس

ضروری وضاحت

❶ يْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اگر فعل کے آخر میں يْ آئے تو فعل اور اس يْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ❺ ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ یہ دراصل وَلِيّ + يْ تھا جسے وَلِيِّيْ کی بجائے وَلِيّٖ لکھا گیا ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً یہ بھی کردیا جاتا ہے۔

اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ	جب انہوں نے اتفاق کرلیا اپنے معاملے پر
وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿102﴾	اور وہ خفیہ تدبیر کررہے تھے۔ ﴿102﴾
وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ	اور نہیں ہیں اکثر لوگ اور اگرچہ آپ حرص کریں
بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿103﴾ وَمَا تَسْئَلُهُمْ	ایمان لانیوالے۔ ﴿103﴾ اور نہیں آپ مانگتے اُن سے
عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا	اس (تبلیغ) پر کوئی اجر، نہیں ہے وہ مگر
ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾	ایک نصیحت تمام جہان والوں کے لیے۔ ﴿104﴾
وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	اور کتنی ہی نشانیاں ہیں آسمانوں اور زمین میں
يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ	(کہ) وہ گزرتے ہیں ان پر سے اس حال میں کہ وہ
عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿105﴾	ان سے اعراض کرنے والے ہوتے ہیں۔ ﴿105﴾
وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ	اور نہیں ایمان لاتے ان میں سے اکثر اللہ پر
اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿106﴾	مگر اس حال میں کہ وہ شریک بنانے والے ہیں۔ ﴿106﴾
اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ	تو کیا وہ بے خوف ہوگئے ہیں (اس بات سے) کہ

ع 11/11/5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَجْمَعُوْٓا : جمع، جامع، مجمع، جماعت۔	ذِكْرٌ : ذکر، اذکار، تذکرہ۔
اَمْرَهُمْ : امر، آمر، مامور، امارت۔	لِلْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
يَمْكُرُوْنَ : مکروفریب، مکار۔	السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
حَرَصْتَ : حرص، حریص۔	يَمُرُّوْنَ : مرورِ زمانہ۔
بِمُؤْمِنِيْنَ، فَاَمِنُوْٓا : ایمان، مؤمن، امن۔	مُعْرِضُوْنَ : اعراض، اعتراض۔
تَسْئَلُهُمْ : سوال، سائل، مسئول۔	اَكْثَرُهُمْ : کثرت، اکثر، کثیر تعداد، اکثریت۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	مُّشْرِكُوْنَ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔

اِذْ	اَجْمَعُوْٓا	اَمْرَهُمْ ❶	وَ	هُمْ يَمْكُرُوْنَ ❷ (102)	وَمَآ
جب	انہوں نے اتفاق کرلیا	اپنے معاملے پر	اور	وہ سب خفیہ تدبیر کررہے تھے	اورنہیں ہیں

اَكْثَرُ	النَّاسِ	وَ	لَوْ	حَرَصْتَ	بِمُؤْمِنِيْنَ ❸❹ (103)
اکثر	لوگ	درآں حالیکہ	اگرچہ	آپ حرص کریں	سب ایمان لانیوالے

وَمَا	تَسْئَلُهُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ ❺❻	اِنْ هُوَ ❼	اِلَّا
اورنہیں	آپ مانگتے اُن سے	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجر	نہیں ہے وہ	مگر

ع 11 11 5

ذِكْرٌ ❻	لِّلْعٰلَمِيْنَ (104) ع	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ اٰيَةٍ ❺❽	فِي السَّمٰوٰتِ ❽
ایک نصیحت	تمام جہان والوں کے لیے	اورکتنی ہی	نشانیاں ہیں	آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ	يَمُرُّوْنَ	عَلَيْهَا	وَهُمْ	عَنْهَا
اورزمین (میں)	(کہ) وہ سب گزرتے ہیں	ان پر (سے)	اس حال میں کہ وہ	ان سے

مُعْرِضُوْنَ ❹ (105)	وَمَا	يُؤْمِنُ ❺	اَكْثَرُهُمْ	بِاللّٰهِ
سب اعراض کرنے والے ہوتے ہیں	اورنہیں	ایمان لاتے	ان میں سے اکثر	اللہ پر

اِلَّا	وَهُمْ	مُّشْرِكُوْنَ ❹ (106)	اَ	فَاَمِنُوْٓا	اَنْ
مگر	اس حال میں کہ وہ	سب شریک بنانے والے ہیں	کیا	پس وہ سب بے خوف ہوگئے	(اس سے) کہ

ضروری وضاحت

❶ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ هُمْ اور یہ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❸ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ یہاں مِنْ اور یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے لیکن جب اس کے بعد اِلَّا آرہا ہو تو پھر اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❽ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ	آئے انکے پاس کوئی چھاجانے والی (آفت)
مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ	اللہ کے عذاب سے یا آئے ان کے پاس
السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (107)	قیامت اچانک اور وہ آگاہی نہ رکھتے ہوں۔ (107)
قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا	کہہ دیجیے یہ میرا راستہ ہے میں بلاتا ہوں (تمہیں)
اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ	اللہ کی طرف بصیرت پر میں اور (وہ) جس نے (بھی)
اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ	میری پیروی کی، اور اللہ پاک ہے اور نہیں ہوں
اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (108)	میں شریک بنانے والوں میں سے۔ (108)
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا	اور نہیں ہم نے بھیجے آپ سے پہلے مگر کچھ مرد
نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ	ہم وحی کرتے تھے ان کی طرف
مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ	(ان کی) بستیوں والوں میں سے
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ	تو کیا نہیں وہ چلے پھرے زمین میں
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ	پس وہ دیکھتے (کہ) کیسا ہوا انجام

وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غَاشِيَةٌ : غشی طاری ہونا۔	سُبْحٰنَ : سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
يَشْعُرُوْنَ : شعور بیدار ہونا، لاشعوری طور پر۔	اَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	رِجَالًا : رجال کار، قحط الرجال۔
هٰذِهٖ : لہٰذا، حامل رقعہ ہذا، ہذا من فضل ربی۔	نُّوْحِيْٓ : وحی، وحی متلوّ، وحی غیر متلوّ۔
سَبِيْلِيْٓ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الْقُرٰى : قریہ قریہ بستی بستی، اُم القریٰ۔
اَدْعُوْٓا : دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	يَسِيْرُوْا : سیر، سیر وتفریح، سیر وسیاحت۔
بَصِيْرَةٍ : بصر، بصارت، بصیرت۔	فَيَنْظُرُوْا : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
اتَّبَعَنِيْ : اتباع، متبع سنت، تابع فرمان۔	عَاقِبَةُ : عاقبت، تعاقب، عاقبت نااندیش۔

تَاْتِيَهُمْ ❶	غَاشِيَةٌ ❶❷	مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ	اَوْ	تَاْتِيَهُمُ
آئے انکے پاس	کوئی چھا جانے والی (آفت)	اللہ کے عذاب سے	یا	آئے ان کے پاس

السَّاعَةُ ❶	بَغْتَةً ❶	وَّ	هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ❸ (107)	قُلْ	هٰذِهٖ
قیامت	اچانک	اور	نہ وہ سب آگاہی رکھتے ہوں	کہہ دیجیے	یہ

سَبِيْلِيْٓ	اَدْعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	عَلٰى بَصِيْرَةٍ ❶	اَنَا	وَمَنِ
میرا راستہ ہے	میں بلاتا ہوں	اللہ کی طرف	بصیرت پر	میں	اور (وہ) جس نے (بھی)

اتَّبَعَنِيْ ❹	وَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ	وَمَآ	اَنَا	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ❺ (108)
میری پیروی کی	اور پاک ہے	اللہ	اور نہیں ہوں	میں	شریک بنانے والوں میں سے

وَمَآ ❻	اَرْسَلْنَا ❼	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا ❷	نُّوْحِيْٓ
اور نہیں	ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	مگر	کچھ مرد	ہم وحی کرتے تھے

اِلَيْهِمْ	مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ	اَفَلَمْ	يَسِيْرُوْا
ان کی طرف	(ان کی) بستیوں والوں میں سے	تو کیا نہیں	وہ سب چلے پھرے

فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ ❶
زمین میں	پس وہ سب دیکھتے	(کہ) کیسا	ہوا	انجام

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ هُمْ اور یہ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ❺ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ مَا کے بعد اسی جملے اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

وَقْفُ النَّبِيّ

الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	ان لوگوں کا جوان سے پہلے تھے
وَلَدَارُ الۡاٰخِرَةِ خَيۡرٌ	اور یقیناً آخرت کا گھر بہتر ہے
لِّلَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا ؕ	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے تقوی اختیار کیا
اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿109﴾ حَتّٰۤى اِذَا	تو کیا تم سمجھتے نہیں ہو۔ ﴿109﴾ یہاں تک کہ جب
اسۡتَيۡئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوۡۤا	نا اُمید ہو گئے رسول اور انہوں نے گمان کیا
اَنَّهُمۡ قَدۡ كُذِبُوۡا	کہ بے شک ان سے یقیناً جھوٹ کہا گیا (تو)
جَآءَهُمۡ نَصۡرُنَا ۙ فَنُجِّىَ	آ گئی انکے پاس ہماری مدد پھر نجات دی گئی (اسے)
مَنۡ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ	جسے ہم چاہتے تھے، اور نہیں پھیرا جاتا
بَاۡسُنَا عَنِ الۡقَوۡمِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿110﴾	ہمارا عذاب مجرم قوم سے۔ ﴿110﴾
لَقَدۡ كَانَ فِىۡ قَصَصِهِمۡ عِبۡرَةٌ	بلا شبہ یقیناً ان کے بیان میں عبرت ہے
لِّاُولِى الۡاَلۡبَابِ ؕ مَا كَانَ	عقل والوں کے لیے، نہیں ہے
حَدِيۡثًا يُّفۡتَرٰى	(یہ قرآن ایسی) بات (جو کہ) گھڑ لی جائے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	كُذِبُوۡا	کذب بیانی، کذاب۔
قَبۡلِهِمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	نَصۡرُنَا	نصرت، ناصر، انصار۔
لَدَارُ	دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔	فَنُجِّىَ	نجات، فرقہ ناجیہ۔
اتَّقَوۡا	تقویٰ، متقی۔	نَّشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
تَعۡقِلُوۡنَ	عقل، عاقل، معقول۔	يُرَدُّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔
حَتّٰٓى	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	قَصَصِهِمۡ	قصہ، قصہ گوئی، قصص القرآن۔
اسۡتَيۡئَسَ	مایوس، یاس و نا امیدی۔	الۡاَلۡبَابِ	لب لباب۔
ظَنُّوۡۤا	سوءِ ظن، بد ظن، ظن غالب۔	يُّفۡتَرٰى	افتریٰ پردازی، مفتری۔

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	لَدَارُ الْاٰخِرَةِ ❶	خَيْرٌ
ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے تھے	اور	یقیناً آخرت کا گھر	بہتر ہے

لِّلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ ❷ (109)	حَتّٰٓى اِذَا
ان لوگوں کے لیے جن	سب نے تقویٰ اختیار کیا	تو کیا نہیں	تم سب سمجھتے ہو	یہاں تک کہ جب

اسْتَيْــَٔسَ	الرُّسُلُ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	قَدْ
نا اُمید ہو گئے	رسول	اور انہوں نے گمان کیا	کہ بے شک ان سے	یقیناً

كُذِبُوْا ❸	جَآءَهُمْ	نَصْرُنَا ❹	فَنُجِّيَ ❸❺	مَنْ	نَّشَآءُ ط
اُن سے جھوٹ کہا گیا	آ گئی ان کے پاس	ہماری مدد	پھر نجات دی گئی (اسے)	جسے	ہم چاہتے تھے

وَلَا	يُرَدُّ ❻	بَاْسُنَا ❹	عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ (110)
اور نہیں	پھیرا جاتا	ہمارا عذاب	تمام مجرم قوم سے

لَقَدْ ❼	كَانَ	فِيْ قَصَصِهِمْ	عِبْرَةٌ ❶
بلا شبہ یقیناً	ہے	ان کے بیان میں	عبرت ہے

لِّاُولِي الْاَلْبَابِ	مَا ❽	كَانَ	حَدِيْثًا	يُّفْتَرٰى ❻
عقل والوں کے لیے	نہیں	ہے	(یہ قرآن ایسی) بات	(جو کہ) گھڑ لی جائے

ضروری وضاحت

❶ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔ ❻ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ شروع میں لَ اور آخر میں نْ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❽ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔

وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ	اور لیکن (یہ تو) تصدیق ہے (اُسکی) جو اس سے پہلے ہے
وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً	اور تفصیل ہے ہر چیز کی اور ہدایت ہے اور رحمت ہے
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿111﴾	اس قوم کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿111﴾

ع 12 7 6

اٰيَاتُهَا 43 — 13 سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ 96 — رُكُوْعَاتُهَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ط	الٓمّٓرٰ۔ یہ کتاب کی آیتیں ہیں
وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	اور (وہ) جو نازل کیا گیا آپ کی طرف
مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ	آپ کے رب کی طرف سے وہ حق ہے
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿1﴾	اور لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ ﴿1﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ	اللہ وہ ہے جس نے بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے
تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ	(کہ) تم دیکھتے ہو اُنہیں، پھر وہ بلند ہوا عرش پر
وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ط	اور اس نے مسخر کیا سورج اور چاند کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شام وسحر، شان وشوکت، عزت واحترام۔	اُنْزِلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
لٰكِنْ	لیکن۔	اَكْثَرَ	کثرت، اکثر، کثیر۔
تَصْدِيْقَ	صداقت، صادق، تصدیق۔	النَّاسِ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
بَيْنَ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	رَفَعَ	رفعت، سطح مرتفع، مرفوع القلم۔
يَدَيْهِ	ید بیضا، ید طولیٰ۔	السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
شَيْءٍ	شے، اشیاء۔	تَرَوْنَهَا	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
هُدًى	ہدایت، ہادیٔ برحق۔	الْعَرْشِ	عرش، عرش معلیٰ۔
يُّؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	سَخَّرَ	مسخر، تسخیر۔

وَ	لٰكِنْ	تَصْدِيْقَ	الَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ ❶	وَ	تَفْصِيْلَ
اور	لیکن	(یہ تو) تصدیق ہے	اسکی جو	اس سے پہلے ہے	اور	تفصیل ہے

ع 12 7 6

كُلِّ شَيْءٍ	وَّهُدًى	وَّرَحْمَةً ❷	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ❸ ع (111)
ہر چیز کی	اور ہدایت ہے	اور رحمت ہے	اس قوم کے لیے	(جو) سب ایمان لاتے ہیں

اٰيَاتُهَا 43 — 13 سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ 96 — رُكُوْعَاتُهَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓرٰ قف	تِلْكَ ❹	اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ط	وَالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ ❺	اِلَيْكَ
الٓمّٓرٰ	یہ	کتاب کی آیتیں ہیں	اور وہ جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف

مِنْ رَّبِّكَ	الْحَقُّ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❸ (1)
آپکے رب (کی طرف) سے	وہ حق ہے	اور لیکن	اکثر لوگ	سب ایمان نہیں لاتے

اَللّٰهُ	الَّذِيْ	رَفَعَ	السَّمٰوٰتِ ❻	بِغَيْرِ عَمَدٍ ❼	تَرَوْنَهَا
اللہ وہ ہے	جس نے	بلند کیا	آسمانوں کو	بغیر ستونوں کے	تم سب دیکھتے ہو اُنہیں

ثُمَّ اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ ❽	وَالْقَمَرَ ❽ ط
پھر وہ بلند ہوا	عرش پر	اور اس نے مسخر کیا	سورج	اور چاند کو

ضروری وضاحت

❶ بَيْنَ کا ترجمہ درمیان اور يَدَيْ کا ترجمہ سامنے ہے دونوں کا ملا کر ترجمہ پہلے کیا گیا ہے۔ ❷ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً یہ بھی کردیا جاتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ	ہر ایک چل رہا ہے ایک مقرر وقت کے لیے
يُدَبِّرُ الْاَمْرَ	وہ تدبیر کرتا ہے کام کی
يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ	وہ تفصیل سے بیان کرتا ہے (اپنی) نشانیاں
لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿2﴾	تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کرلو۔ ﴿2﴾
وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ	اور وہی ہے جس نے بچھایا زمین کو
وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ	اور بنائے اس میں پہاڑ اور نہریں
وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا	اور تمام پھلوں میں سے بنائے اس میں
زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ	جوڑے دو دو (قسم کے) وہ ڈھانپتا ہے رات سے دن کو
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿3﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) غور وفکر کرتے ہیں۔ ﴿3﴾
وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ	اور زمین میں ٹکڑے ہیں ایک دوسرے سے ملے ہوئے
وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ	اور باغات ہیں انگوروں سے اور کھیتیاں ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّجْرِيْ : جاری، اجرا۔	زَوْجَيْنِ : زوجہ، زوجین، متزوج۔
لِاَجَلٍ : اجل، مہر مؤجل۔	اثْنَيْنِ : ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔
مُّسَمًّى : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	يُغْشِي : غشی طاری ہونا۔
يُدَبِّرُ : مدبر، تدبر، تدبیر۔	الَّيْلَ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
يُفَصِّلُ : تفصیل، مفصل۔	يَّتَفَكَّرُوْنَ : فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
بِلِقَآءِ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	قِطَعٌ : قطعۂ اراضی، قطع تعلقی۔
تُوْقِنُوْنَ : یقین، یقین محکم، یقین کامل، یقیناً۔	جَنّٰتٌ : جنت، جنت الفردوس۔
الثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرات۔	زَرْعٌ : زراعت، مزارع، زرعی زمین۔

كُلٌّ	يَّجۡرِيۡ ❶	لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ❷ ط	يُدَبِّرُ	الۡاَمۡرَ
ہر ایک	چل رہا ہے	ایک مقرر وقت کے لیے	وہ تدبیر کرتا ہے	کام کی

يُفَصِّلُ	الۡاٰيٰتِ ❸	لَعَلَّكُمۡ	بِلِقَآءِ رَبِّكُمۡ ❹❺	تُوۡقِنُوۡنَ (2)
وہ تفصیل سے بیان کرتا ہے	(اپنی) نشانیاں	تاکہ تم	اپنے رب کی ملاقات کا	تم سب یقین کرلو

وَهُوَ	الَّذِيۡ	مَدَّ	الۡاَرۡضَ	وَجَعَلَ	فِيۡهَا	رَوَاسِيَ
اور وہی ہے	جس نے	بچھایا	زمین کو	اور بنائے	اس میں	پہاڑ

وَ	اَنۡهٰرًا	وَ	مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ❸	جَعَلَ	فِيۡهَا
اور	نہریں	اور	تمام پھلوں میں سے	بنائے	اس میں

زَوۡجَيۡنِ ❻	اثۡنَيۡنِ	يُغۡشِي	الَّيۡلَ	النَّهَارَ ط	اِنَّ ❼
جوڑے	دو دو (قسم کے)	وہ ڈھانپتا ہے	رات سے	دن کو	بے شک

فِيۡ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ ❸	لِّقَوۡمٍ	يَّتَفَكَّرُوۡنَ ❽ (3)	وَ	فِي الۡاَرۡضِ
اس میں	یقیناً نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لیے	(کہ) وہ سب غور وفکر کرتے ہیں	اور	زمین میں

قِطَعٌ	مُّتَجٰوِرٰتٌ ❸	وَّجَنّٰتٌ ❸	مِّنۡ اَعۡنَابٍ	وَّزَرۡعٌ
ٹکڑے ہیں	ایک دوسرے سے ملے ہوئے	اور باغات ہیں	انگوروں سے	اور کھیتیاں ہیں

ضروری وضاحت

❶ یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❺ کُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اپنے بھی کیا جاتا ہے۔ ❻ یہاں یۡنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❽ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّ نَخِيۡلٌ صِنۡوَانٌ	اور کھجور کے درخت ہیں زیادہ تنوں والے (اور جڑ ایک)
وَّ غَيۡرُ صِنۡوَانٍ	اور زیادہ تنوں کے بغیر (یعنی ایک تنے والے)
يُّسۡقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۣ	انہیں سیراب کیا جاتا ہے ایک پانی سے
وَنُفَضِّلُ بَعۡضَهَا عَلٰى بَعۡضٍ	اور ہم فضیلت دیتے ہیں ان میں سے بعض کو بعض پر
فِى الۡاُكُلِ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	(پھلوں کے) ذائقے میں بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿4﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) سمجھتے ہیں۔ ﴿4﴾
وَاِنۡ تَعۡجَبۡ فَعَجَبٌ قَوۡلُهُمۡ	اور اگر آپ تعجب کریں تو عجیب ہے انکی (یہ) بات
ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا	(کہ) کیا جب ہم ہو جائیں گے مٹی
ءَاِنَّا لَفِىۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ؕ	(تو) کیا یقیناً ہم واقعی نئی پیدائش میں ہونگے؟
اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ ۚ	یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اپنے رب کیساتھ
وَاُولٰٓـئِكَ الۡاَغۡلٰلُ فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ ۚ	اور یہی لوگ ہیں (کہ) طوق ہوں گے انکی گردنوں میں
وَاُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ	اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَخِيۡلٌ	نخلستان۔	تَعۡجَبۡ	عجیب، تعجب، عجوبہ۔
غَيۡرُ	غیر اللہ، دیارِ غیر۔	قَوۡلُهُمۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يُّسۡقٰى	ساقیٔ کوثر، نماز استسقاء۔	تُرٰبًا	تربت، تراب۔
بِمَآءٍ	ماءاللحم، ماءالحیات۔	لَفِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
نُفَضِّلُ	فضل، فضیلت، فاضل۔	خَلۡقٍ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
الۡاُكُلِ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	كَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار۔
لَاٰيٰتٍ	آیت، آیات۔	اَصۡحٰبُ	صاحب، صحابی، صحابہ، اصحاب الخیر۔
يَّعۡقِلُوۡنَ	عقل، عاقل، معقول۔	النَّارِ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

وَّ نَخِيْلٌ	صِنْوَانٌ ❶	وَّ غَيْرُ صِنْوَانٍ	يُّسْقٰى ❷
اور کھجور کے درخت ہیں	زیادہ تنوں والے	اور زیادہ تنوں کے بغیر (ایک تنے والے)	وہ سیراب کیا جاتا ہے

بِمَآءٍ وَّاحِدٍ	وَ	نُفَضِّلُ	بَعْضَهَا	عَلٰى بَعْضٍ
ایک پانی سے	اور	ہم فضیلت دیتے ہیں	ان میں سے بعض کو	بعض پر

فِى الْاُكُلِ	اِنَّ	فِىْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ ❸	لِّقَوْمٍ
(پھلوں کے) ذائقے میں	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لیے

يَّعْقِلُوْنَ (4)	وَاِنْ	تَعْجَبْ	فَعَجَبٌ	قَوْلُهُمْ ❹	ءَاِذَا
(کہ) وہ سب سمجھتے ہیں	اور اگر	آپ تعجب کریں	تو عجیب ہے	انکی (یہ) بات	(کہ) کیا جب

كُنَّا ❺	تُرٰبًا	ءَ	اِنَّا ❻	لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ	اُولٰٓئِكَ ❼
ہم ہو جائیں گے	مٹی	(تو) کیا	یقیناً ہم	واقعی نئی پیدائش میں ہونگے؟	یہ وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ ❹	وَاُولٰٓئِكَ	الْاَغْلٰلُ
جن	سب نے کفر کیا	اپنے رب کے ساتھ	اور یہی لوگ ہیں	(کہ) طوق ہوں گے

فِىْٓ اَعْنَاقِهِمْ ❹	وَ	اُولٰٓئِكَ ❼	اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
ان کی گردنوں میں	اور	یہی لوگ	دوزخ والے ہیں

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ كُنَّا دراصل كُنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔

هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ۝5	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ۝5
وَيَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ بِالسَّيِّئَةِ	اور وہ جلدی طلب کرتے ہیں آپ سے برائی کو
قَبۡلَ الۡحَسَنَةِ وَقَدۡ خَلَتۡ	بھلائی سے پہلے حالانکہ یقیناً گزر چکی ہیں
مِنۡ قَبۡلِهِمُ الۡمَثُلٰتُ ؕ	ان سے پہلے (عذاب کی) مثالیں
وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوۡ مَغۡفِرَةٍ	اور بے شک تیرا رب یقیناً مغفرت والا ہے
لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلۡمِهِمۡ ۚ	لوگوں کے لیے ان کے ظلم پر (یعنی ظلم کے باوجود)
وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ۝6	اور بیشک تیرا رب یقیناً بہت سخت سزا والا ہے۔ ۝6
وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَاۤ	اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، کیوں نہیں
اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ	نازل کی گئی اس پر کوئی نشانی (معجزہ) اسکے رب کیطرف سے؟
اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مُنۡذِرٌ	بیشک صرف آپ ڈرانے والے ہیں
وَّلِكُلِّ قَوۡمٍ هَادٍ ۝7 ع 1 7 7	اور ہر قوم کے لیے ایک رہنما ہے۔ ۝7
اَللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تَحۡمِلُ كُلُّ اُنۡثٰى	اللہ جانتا ہے جو اٹھاتی ہے (پیٹ میں) ہر مادہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خٰلِدُوۡنَ : خالد، خلد بریں۔
وَ : شام وسحر، شان وشوکت۔
يَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ : عجلت، مہر معجّل۔
بِالسَّيِّئَةِ : اعمال سیّۂ، سیّئات۔
قَبۡلَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
الۡحَسَنَةِ : قرض حسنہ، حسنات۔
الۡمَثُلٰتُ : مثال، مثالیں، امثلہ۔
لَذُوۡ : ذو مال، ذوالحجہ، ذو معنی۔

ظُلۡمِهِمۡ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لَشَدِيۡدُ : شدید، شدت، متشدد، تشدد۔
الۡعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
كَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار۔
اُنۡزِلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
هَادٍ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
تَحۡمِلُ : حمل، حاملہ، محمول۔
اُنۡثٰى : مؤنث، تانیث۔

هُمۡ	فِيۡهَا	خٰلِدُوۡنَ ۝5 ❶	وَ	يَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ ❷
وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور	وہ سب جلدی طلب کرتے ہیں آپ سے

بِالسَّيِّئَةِ ❸	قَبۡلَ الۡحَسَنَةِ ❸	وَ	قَدۡ	خَلَتۡ ❹	مِنۡ قَبۡلِهِمُ
برائی کو	بھلائی سے پہلے	حالانکہ	یقیناً	گزر چکی ہیں	ان سے پہلے

الۡمَثُلٰتُ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَذُوۡ مَغۡفِرَةٍ ❸	لِّلنَّاسِ
مثالیں (عذاب کی)	اور بے شک	تیرا رب	یقیناً مغفرت والا ہے	لوگوں کے لیے

عَلٰى ظُلۡمِهِمۡ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَشَدِيۡدُ	الۡعِقَابِ ۝6
ان کے ظلم پر	اور	بیشک	تیرا رب	یقیناً بہت سخت	سزا والا ہے

وَيَقُوۡلُ ❺	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	لَوۡلَاۤ	اُنۡزِلَ	عَلَيۡهِ
اور کہتے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	کیوں نہیں	نازل کی گئی	اس پر

اٰيَةٌ ❸❻	مِّنۡ رَّبِّهٖ	اِنَّمَاۤ	اَنۡتَ	مُنۡذِرٌ ❼	وَّ	لِكُلِّ قَوۡمٍ
کوئی نشانی	اسکے رب کی طرف سے	بیشک صرف	آپ	ڈرانے والے ہیں	اور	ہر قوم کے لیے

هَادٍ ۝7	اَللّٰهُ	يَعۡلَمُ ❺	مَا	تَحۡمِلُ ❽	كُلُّ اُنۡثٰى
ایک رہنما ہے	اللہ	جانتا ہے	جو	اٹھاتی ہے (پیٹ میں)	ہر مادہ

ع 1 7 7

ضروری وضاحت

❶ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ	اور جو کم کرتے ہیں رحم اور جو زیادہ کرتے ہیں
وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿8﴾	اور ہر چیز اسکے ہاں ایک اندازے کیساتھ ہے۔ ﴿8﴾
عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	(وہ) جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا
الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ﴿9﴾	(وہ) بہت بڑا نہایت بلند ہے۔ ﴿9﴾
سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ	برابر ہے (اس پر) تم میں سے جو (کوئی) چھپائے بات کو
وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ	اور جو ظاہر کرے اس کو، اور جو (شخص کہ) وہ
مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿10﴾	چھپنے والا ہو رات کو اور چلنے پھرنے والا ہو دن کو۔ ﴿10﴾
لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ	اس (انسان) کے لیے باری باری آنے والے فرشتے ہیں
مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ	اس کے آگے سے اور اس کے پیچھے سے
يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ	وہ حفاظت کرتے ہیں اس کی اللہ کے حکم سے
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ	بیشک اللہ نہیں بدلتا اس (نعمت) کو جو کسی قوم کے پاس ہو
حَتّٰى يُغَيِّرُوْا	یہاں تک وہ (خود) بدل لیں (وہ کیفیت)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	سَوَآءٌ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
الْاَرْحَامُ	: رحم مادر۔	اَسَرَّ	اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔
تَزْدَادُ	: زیادہ، مزید، زائد۔	جَهَرَ	: جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
شَيْءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔	بَيْنِ	: بین السطور، بین الاقوامی، بین بین۔
عِنْدَهٗ	: عندالطلب، عنداللہ، عندیہ۔	خَلْفِهٖ	: خلف، ناخلف، خلافت، خلف الرشید۔
الشَّهَادَةِ	: شاہد، شہادت، مشاہدہ۔	يَحْفَظُوْنَهٗ	: حفاظت، محافظ، حفظ ما تقدم، محفوظ۔
الْكَبِيْرُ	: کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	حَتّٰى	: حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
الْمُتَعَالِ	: عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔	يُغَيِّرُوْا	: تغیر و تبدل، متغیر۔

وَ مَا	تَغِيْضُ ❶	الْاَرْحَامُ	وَ مَا	تَزْدَادُ ❶	وَ	كُلُّ شَيْءٍ
اور جو	کم کرتے ہیں	رحم	اور جو	زیادہ کرتے ہیں	اور	ہر چیز

عِنْدَهٗ	بِمِقْدَارٍ ❷ (8)	عٰلِمُ ❸	الْغَيْبِ	وَ الشَّهَادَةِ ❶
اس کے ہاں	ایک اندازے کے ساتھ ہے	(وہ) جاننے والا ہے	پوشیدہ	اور ظاہر کا

الْكَبِيْرُ	الْمُتَعَالِ (9)	سَوَآءٌ	مِّنْكُمْ	مَّنْ	اَسَرَّ	الْقَوْلَ
(وہ) بہت بڑا	نہایت بلند ہے	برابر ہے (اس پر)	تم میں سے	جو	(کوئی) چھپائے	بات کو

وَ مَنْ	جَهَرَ	بِهٖ ❹	وَ مَنْ	هُوَ	مُسْتَخْفٍ ❺	بِالَّيْلِ ❷
اور جو	ظاہر کرے	اس کو	اور جو (شخص کہ)	وہ	چھپنے والا ہو	رات کو

وَ سَارِبٌ ❸	بِالنَّهَارِ ❷ (10)	لَهٗ	مُعَقِّبٰتٌ ❻	مِّنْۢ بَيْنِ ❼ يَدَيْهِ
اور چلنے پھرنے والا ہو	دن کو	اسکے لیے	باری باری آنے والے فرشتے ہیں	اس کے آگے سے

وَ	مِنْ خَلْفِهٖ	يَحْفَظُوْنَهٗ	مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ
اور	اس کے پیچھے سے	وہ سب حفاظت کرتے ہیں اس کی	اللہ کے حکم سے

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُغَيِّرُ ❽	مَا	بِقَوْمٍ ❷	حَتّٰى	يُغَيِّرُوْا
بیشک اللہ	نہیں بدلتا	(اس نعمت کو) جو	کسی قوم کے پاس ہو	یہاں تک کہ	وہ سب (خود) بدل لیں

ضروری وضاحت

❶ تٌ اور ةٌ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ کبھی کا، کی، کو کیا جاتا ہے۔ ❺ یہ دراصل مُسْتَخْفِيٌ تھا، یہاں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ات جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ بَيْنَ کا ترجمہ درمیان اور يَدَيْ کا ترجمہ سامنے ہے دونوں کا ملا کر ترجمہ پہلے کیا گیا ہے۔ ❽ یہاں يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

مَا بِاَنۡفُسِهِمۡ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ	جو انکے دلوں کی ہے، اور جب ارادہ کر لے اللہ
بِقَوۡمٍ سُوۡٓءًا	کسی قوم کے ساتھ برائی (عذاب) کا
فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا	تو نہیں کوئی (صورت) ٹالنے کی اس کو اور نہیں ہے
لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ وَّالٍ ﴿11﴾	انکے لیے اسکے سوا کوئی کارساز (مددگار)۔ ﴿11﴾
هُوَ الَّذِىۡ يُرِيۡكُمُ الۡبَرۡقَ	وہی ہے جو دکھاتا ہے تمہیں بجلی
خَوۡفًا وَّطَمَعًا	ڈرانے اور امید دلانے کے لیے
وَّيُنۡشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿12﴾ ۚ	اور وہ پیدا کرتا ہے بھاری بادل۔ ﴿12﴾
وَيُسَبِّحُ الرَّعۡدُ بِحَمۡدِهٖ	اور تسبیح بیان کرتی ہے گرج اس کی حمد کے ساتھ
وَالۡمَلٰۤئِكَةُ مِنۡ خِيۡفَتِهٖ ۚ	اور فرشتے (بھی) اس کے خوف سے
وَيُرۡسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيۡبُ بِهَا	اور وہ بھیجتا ہے کڑکتی بجلیاں پھر وہ ڈال دیتا ہے ان کو
مَنۡ يَّشَآءُ وَهُمۡ يُجَادِلُوۡنَ	جس پر چاہتا ہے اور وہ (کافر) جھگڑا کرتے ہیں
فِى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيۡدُ الۡمِحَالِ ﴿13﴾ ؕ	اللہ (کے بارے) میں اور وہ بہت سخت قوت والا ہے۔ ﴿13﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاَنۡفُسِهِمۡ	نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	الثِّقَالَ	ثقیل، کشش ثقل۔
سُوۡٓءًا	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔	يُسَبِّحُ	تسبیح، تسبیحات۔
مَرَدَّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔	الۡمَلٰۤئِكَةُ	ملک الموت، ملائکہ۔
وَّالٍ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	خِيۡفَتِهٖ	خوف، خائف۔
يُرِيۡكُمُ	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	يُرۡسِلُ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
الۡبَرۡقَ	برق، برقیات، برق رفتار۔	فَيُصِيۡبُ	مصیبت، مصائب۔
طَمَعًا	طمع، مطمع نظر۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
يُنۡشِئُ	نشونما۔	يُجَادِلُوۡنَ	جنگ وجدل، جدال، مجادلہ۔

مَا	بِاَنْفُسِهِمْ	وَاِذَآ	اَرَادَ اللّٰهُ ❶	بِقَوْمٍ ❷	سُوْٓءًا
(اُسے) جو	انکے دلوں کی (کیفیت) ہے	اور جب	ارادہ کرلے اللہ	کسی قوم کے ساتھ	برائی (عذاب) کا

فَلَا مَرَدَّ ❸	لَهٗ	وَمَا	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ ❹	مِنْ وَّالٍ ❷❹ (11)
تو نہیں کوئی (صورت) ٹالنے کی	اس کو	اور نہیں ہے	ان کے لیے	اسکے سوا	کوئی کارساز (مددگار)

هُوَ	الَّذِیْ	یُرِیْكُمُ ❺	الْبَرْقَ	خَوْفًا	وَّطَمَعًا
وہی ہے	جو	دکھاتا ہے تمہیں	بجلی	ڈرانے	اور اُمید دلانے کے لیے

وَّ	یُنْشِئُ	السَّحَابَ الثِّقَالَ ج (12)	وَ	یُسَبِّحُ ❺	الرَّعْدُ
اور	وہ پیدا کرتا ہے	بھاری بادل	اور	تسبیح بیان کرتی ہے	گرج

بِحَمْدِهٖ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	مِنْ خِیْفَتِهٖ	وَیُرْسِلُ
اس کی حمد کے ساتھ	اور فرشتے (بھی)	اس کے خوف سے	اور وہ بھیجتا ہے

الصَّوَاعِقَ	فَیُصِیْبُ ❻	بِهَا	مَنْ ❼	یَّشَآءُ	وَ
کڑکتی بجلیاں	پھر وہ ڈال دیتا ہے	ان کو	جس پر	وہ چاہتا ہے	اور

هُمْ یُجَادِلُوْنَ ❽	فِی اللّٰهِ ج	وَهُوَ	شَدِیْدُ	الْمِحَالِ ط (13)
وہ سب جھگڑا کرتے ہیں	اللہ (کے بارے) میں	اور وہ	بہت سخت	قوت والا ہے

ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ کسی یا کوئی کیا گیا ہے۔ ❸ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔ ❼ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔ ❽ هُمْ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ	اسی کے لیے ہے سچی پکار
وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ	اور جنہیں (مشرک) پکارتے ہیں اس کے سوا
لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ	نہیں وہ جواب دیتے (قبول کرتے) ان کو کسی چیز کا
اِلَّا كَبَاسِطِ	مگر (اس شخص) کی طرح (جو) پھیلانے والا ہو
كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ	اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف
لِيَبْلُغَ فَاهُ وَ	تاکہ وہ (پانی) پہنچ جائے اسکے منہ تک حالانکہ
مَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا	نہیں وہ ہرگز پہنچنے والا اس (کے منہ) تک اور نہیں ہے
دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿14﴾	کافروں کا پکارنا مگر گمراہی میں (یعنی بے سود ہے)۔ ﴿14﴾
وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کے لیے سجدہ کرتا ہے جو کوئی آسمانوں
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا	اور زمین میں ہے خوشی سے اور ناخوشی سے
وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿15﴾ السجدة	اور ان کے سائے بھی صبح اور شام کو۔ ﴿15﴾
قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	کہہ دیجیے (پوچھیے) کون ہے آسمانوں اور زمین کا رب

السجدة 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

دَعْوَةُ ، يَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، مدعو۔	ضَلٰلٍ : ضلالت وگمراہی۔
يَسْتَجِيْبُوْنَ : جواب، مستجاب الدعوات۔	يَسْجُدُ : سجدہ، مسجودِ ملائکہ، ساجد۔
بِشَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔	السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
كَبَاسِطِ : کالعدم/اپنی بساط کے مطابق۔	طَوْعًا : طوعاوکرہاً (خوشی اور ناخوشی) اطاعت ومطیع۔
الْمَآءِ : ماءالحیات، ماءاللحم، ماءالورد۔	كَرْهًا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
لِيَبْلُغَ ، بِبَالِغِهٖ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	ظِلٰلُهُمْ : ظل سبحانی، ظل ہما، ظل عرش۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

لَهٗ	دَعْوَةُ الْحَقِّ ❶	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ ❷
اسی کے لیے	سچی پکار ہے	اور جنہیں	وہ سب پکارتے ہیں	اس کے سوا

لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ	لَهُمْ	بِشَيْءٍ ❸	اِلَّا	كَبَاسِطِ
نہیں وہ سب جواب دیتے (قبول کرتے)	ان کو	کچھ بھی	مگر	(اس شخص) کی طرح (جو) پھیلانے والا ہو

كَفَّيْهِ	اِلَى الْمَآءِ	لِيَبْلُغَ	فَاهُ	وَمَا	هُوَ
اپنی دونوں ہتھیلیاں	پانی کی طرف	تاکہ وہ (پانی) پہنچ جائے	اسکے منہ تک	حالانکہ نہیں	وہ

بِبَالِغِهٖ ❹	وَمَا	دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ (14)
ہرگز پہنچنے والا اس (کے منہ) تک	اور نہیں ہے	کافروں کا پکارنا	مگر	گمراہی میں

وَلِلّٰهِ	يَسْجُدُ ❺	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ ❻	وَالْاَرْضِ	طَوْعًا
اور اللہ ہی کے لیے	سجدہ کرتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین (میں) ہے	خوشی سے

وَّكَرْهًا	وَّظِلٰلُهُمْ ❷	بِالْغُدُوِّ ❼	وَالْاٰصَالِ (15) السجدة
اور ناخوشی سے	اور ان کے سائے بھی	صبح کو	اور شام (کو)

قُلْ	مَنْ	رَّبُّ	السَّمٰوٰتِ ❻	وَ	الْاَرْضِ ط
کہہ دیجیے	کون ہے	رب	آسمانوں	اور	زمین کا

السجدة 2

ضروری وضاحت

❶ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلۡ اَفَاتَّخَذۡتُمۡ	کہہ دیجیے اللہ ہی ہے، کہیے پھر کیا تم نے بنا رکھے ہیں
مِّنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ لَا يَمۡلِكُوۡنَ	اسکے سوا کچھ کارساز (جو کہ) نہیں وہ اختیار رکھتے
لِاَنۡفُسِهِمۡ نَفۡعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ	اپنے نفسوں کے لیے نفع کا اور نہ نقصان کا
قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِى الۡاَعۡمٰى وَالۡبَصِيۡرُ ۙ	کہہ دیجیے کیا برابر ہو سکتے ہیں اندھا اور دیکھنے والا؟
اَمۡ هَلۡ تَسۡتَوِى الظُّلُمٰتُ وَالنُّوۡرُ ۚ	یا کیا برابر ہو سکتے ہیں اندھیرے اور روشنی؟
اَمۡ جَعَلُوۡا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ	یا انہوں نے بنا رکھے ہیں اللہ کیلئے (ایسے) شریک
خَلَقُوۡا كَخَلۡقِهٖ	(کہ) انہوں نے پیدا کیا ہے اسکے پیدا کرنے کی طرح
فَتَشَابَهَ الۡخَلۡقُ عَلَيۡهِمۡ ؕ	تو مشتبہ ہو گئی ہے پیدائش ان پر
قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىۡءٍ	کہہ دیجیے اللہ (ہی) پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا
وَّهُوَ الۡوَاحِدُ الۡقَهَّارُ ﴿16﴾	اور وہی ایک (اور) نہایت غالب ہے۔ ﴿16﴾
اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	اس نے اتارا آسمان سے کچھ پانی
فَسَالَتۡ اَوۡدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا	تو بہہ پڑیں (اس سے) وادیاں اپنے اندازے کیساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلِ، قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	فَتَشَابَهَ : تشبیہ، متشابہ، مشابہت۔
فَاتَّخَذۡتُمۡ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	الۡقَهَّارُ : قہرالٰہی، مقہور، قہار۔
يَمۡلِكُوۡنَ : ملک، ملوکیت۔	اَنۡزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
لِاَنۡفُسِهِمۡ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔
ضَرًّا : مضرصحت، ضرررساں۔	مَآءً : ماءالحیات، ماءاللحم، ماءالورد۔
يَسۡتَوِى : مساوی، مساوات، خط استواء۔	فَسَالَتۡ : سیل رواں، سیلان رحم، سیال مادہ۔
الظُّلُمٰتُ : ظلمت، بحرظلمات۔	اَوۡدِيَةٌ : وادی، وادی سون، وادی کشمیر۔
خَلَقُوۡا، كَخَلۡقِهٖ : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	بِقَدَرِهَا : قدر، مقدر، تقدیر۔

قُلِ اللّٰهُ ؕ	قُلۡ	اَ	فَاتَّخَذۡتُمۡ ❶	مِّنۡ دُوۡنِهٖۤ ❷	اَوۡلِيَآءَ
کہہ دیجیے اللہ ہی ہے	کہیے	کیا	پھر تم نے بنا رکھے ہیں	اس کے سوا	کچھ کارساز

لَا يَمۡلِكُوۡنَ ❸	لِاَنۡفُسِهِمۡ	نَفۡعًا	وَّلَا	ضَرًّا ؕ	قُلۡ
(جو کہ) نہیں وہ سب اختیار رکھتے	اپنے نفسوں کے لیے	نفع کا	اور نہ	نقصان کا	کہہ دیجیے

هَلۡ	يَسۡتَوِى ❹	الۡاَعۡمٰى	وَالۡبَصِيۡرُ	اَمۡ هَلۡ	تَسۡتَوِى ❺
کیا	برابر ہوتے ہیں	اندھا	اور دیکھنے والا؟	یا کیا	برابر ہوتے ہیں

الظُّلُمٰتُ ❻	وَالنُّوۡرُ	اَمۡ	جَعَلُوۡا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ
اندھیرے	اور روشنی؟	یا	انہوں نے بنا رکھے	اللہ کیلئے	(ایسے) شریک

خَلَقُوۡا	كَخَلۡقِهٖ	فَتَشَابَهَ	الۡخَلۡقُ	عَلَيۡهِمۡ	قُلِ
انہوں نے پیدا کیا ہے	اسکے پیدا کرنے کی طرح	تو مشتبہ ہوگئی ہے	پیدائش	ان پر	کہہ دیجیے

اللّٰهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَىۡءٍ	وَّ	هُوَ الۡوَاحِدُ	الۡقَهَّارُ ❼ (16)
اللہ (ہی)	پیدا کرنے والا ہے	ہر چیز کا	اور	وہی ایک	نہایت غالب ہے

اَنۡزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً ❽	فَسَالَتۡ ❾	اَوۡدِيَةٌۢ	بِقَدَرِهَا
اس نے اتارا	آسمان سے	کچھ پانی	تو بہہ پڑیں	وادیاں	اپنے اندازے کیساتھ

ضروری وضاحت

❶ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔ ❷ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❹ یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ ات جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❾ تۡ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

فَاحۡتَمَلَ السَّيۡلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ	پھر اٹھالیا سیلاب نے جھاگ اُبھرا ہوا
وَمِمَّا يُوۡقِدُوۡنَ عَلَيۡهِ فِى النَّارِ	اور ان چیزوں سے جو کہ تپاتے ہیں انہیں آگ میں
ابۡتِغَآءَ حِلۡيَةٍ اَوۡ مَتَاعٍ	زیور یا سامان کو تلاش کرنے کے لیے
زَبَدٌ مِّثۡلُهٗ ؕ	جھاگ ہے اس (سیلاب کے جھاگ) کی مانند،
كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡحَقَّ وَالۡبَاطِلَ ؕ	اسی طرح (مثال) بیان کرتا ہے اللہ حق اور باطل کی،
فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذۡهَبُ جُفَآءً ۚ	پھر جو جھاگ ہے تو وہ چلا جاتا ہے بیکار
وَاَمَّا مَا يَنۡفَعُ النَّاسَ	اور رہی وہ چیز جو نفع دیتی ہے لوگوں کو
فَيَمۡكُثُ فِى الۡاَرۡضِ ؕ	تو وہ ٹھہر جاتی ہے زمین میں
كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ ؕ (17)	اس طرح بیان کرتا ہے اللہ مثالیں۔ (17)
لِلَّذِيۡنَ اسۡتَجَابُوۡا	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے قبول کیا (حکم)
لِرَبِّهِمُ الۡحُسۡنٰى ؕ وَالَّذِيۡنَ	اپنے رب کا بھلائی ہے اور وہ لوگ جنہوں نے
لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَهٗ لَوۡ اَنَّ	نہیں قبول کیا اس کا (حکم) اگر بیشک ہو

وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاحۡتَمَلَ : حمل، حاملہ، حامل رقعہ ہذا۔	الۡحَقَّ : حق و باطل، حقوق، محقق۔
السَّيۡلُ : سیل رواں، سیلان رحم، سیال مادہ۔	الۡبَاطِلَ : باطل، ادیان باطلہ۔
مِمَّا (مِن+مَا) : من جانب، من وعن / ماحول، ماتحت، ماجرا۔	يَنۡفَعُ : نفع، منافع، منفعت۔
فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	النَّاسَ : عوام الناس، بعض الناس۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	الۡاَرۡضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
مَتَاعٍ : متاع کارواں، مال ومتاع۔	الۡاَمۡثَالَ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يَضۡرِبُ : ضرب المثل، ضرب الامثال۔	اسۡتَجَابُوۡا، يَسۡتَجِيۡبُوۡا : مستجاب الدعا۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم۔	الۡحُسۡنٰى : حسن، محسن، تحسین، قرض حسنہ۔

فَاحۡتَمَلَ [1]	السَّيۡلُ	زَبَدًا	رَّابِيًا	وَمِمَّا [2]	يُوۡقِدُوۡنَ
پھر اٹھالیا	سیلاب نے	جھاگ	اُبھرا ہوا	اور ان چیزوں سے جو (کہ)	وہ سب تپاتے ہیں

عَلَيۡهِ [3]	فِى النَّارِ	ابۡتِغَآءَ	حِلۡيَةٍ [4]	اَوۡ مَتَاعٍ	زَبَدٌ
انہیں	آگ میں	تلاش کرنے کے لیے	زیور	یا سامان	جھاگ ہے

مِّثۡلُهٗ	كَذٰلِكَ	يَضۡرِبُ [5]	اللّٰهُ	الۡحَقَّ	وَالۡبَاطِلَ
اس (سیلاب کے جھاگ) کے مانند	اسی طرح (مثال)	بیان کرتا ہے	اللہ	حق	اور باطل کی

فَاَمَّا	الزَّبَدُ	فَيَذۡهَبُ	جُفَآءً ۚ	وَاَمَّا	مَا	يَنۡفَعُ [5]
پھر جو	جھاگ ہے	تو وہ چلا جاتا ہے	بیکار	اور رہی	وہ چیز جو	نفع دیتی ہے

النَّاسَ	فَيَمۡكُثُ	فِى الۡاَرۡضِ ؕ	كَذٰلِكَ	يَضۡرِبُ [5]
لوگوں کو	تو وہ ٹھہر جاتی ہے	زمین میں	اس طرح	بیان کرتا ہے

اللّٰهُ	الۡاَمۡثَالَ ؕ (17)	لِلَّذِيۡنَ	اسۡتَجَابُوۡا	لِرَبِّهِمُ
اللہ	مثالیں	ان لوگوں کے لیے جن	سب نے قبول کیا (حکم)	اپنے رب کا

الۡحُسۡنٰى [6]	وَالَّذِيۡنَ	لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا [5]	لَهٗ [7]	لَوۡ اَنَّ
بھلائی ہے	اور وہ لوگ جن	سب نے قبول نہیں کیا	اس کا (حکم)	اگر بیشک ہو

وقف النبی ؐ

ضروری وضاحت

❶ فَ کا ترجمہ پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔ ❷ مِمَّا دراصل مِنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ عَلَيۡهِ میں عَلٰى يُوۡقِدُوۡنَ کا صلہ ہے، اسکا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور ہٖ ضمیر مِمَّا کے مَا کی طرف لوٹ رہی ہے جو کہ لفظاً مفرد اور معنیً جمع ہے، اس لیے ترجمہ اُنہیں جمع کا کیا گیا ہے۔ ❹ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ى واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

لَهُمۡ مَّا فِی الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا	ان کے لیے جو کچھ زمین میں ہے سارا
وَّمِثۡلَهٗ مَعَهٗ	اور اس کی مثل اس کے ساتھ (اور ہوتو)
لَافۡتَدَوۡا بِهٖ ؕ	ضرور وہ بدلے میں دے دیں اس کو
اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ سُوۡٓءُ الۡحِسَابِ ۙ	یہ لوگ ہیں (کہ) ان کے لیے برا حساب ہے
وَمَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿18﴾	اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔ ﴿18﴾
اَفَمَنۡ يَّعۡلَمُ اَنَّمَآ اُنۡزِلَ	پھر کیا بھلا جو شخص جانتا ہو کہ بیشک جو کچھ نازل کیا گیا ہے
اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ الۡحَقُّ	آپ کی طرف آپکے رب کی طرف سے (وہی) حق ہے
كَمَنۡ هُوَ اَعۡمٰى ؕ	(اس شخص کی) مانند ہوسکتا ہے جو (کہ) وہ اندھا ہے
اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿19﴾	یقیناً صرف نصیحت حاصل کرتے ہیں عقل والے ہی۔ ﴿19﴾
الَّذِيۡنَ يُوۡفُوۡنَ بِعَهۡدِ اللّٰهِ	وہ لوگ جو پورا کرتے ہیں اللہ کے عہد کو
وَلَا يَنۡقُضُوۡنَ الۡمِيۡثَاقَ ﴿20﴾	اور نہیں وہ توڑتے پختہ عہد کو۔ ﴿20﴾
وَالَّذِيۡنَ يَصِلُوۡنَ	اور وہ لوگ جو ملاتے ہیں (اسے)

النصف ع 2 / 11 / 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	كَمَنۡ	کما حقہ، کالعدم۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَتَذَكَّرُ	ذکر، اذکار، تذکرہ۔
مَعَهٗ	مع اہل وعیال، معیت۔	اُولُوا	اولوالعزم پیغمبر، اولوالعلم۔
لَافۡتَدَوۡا	فدیہ۔	الۡاَلۡبَابِ	لب لباب۔
سُوۡٓءُ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔	يُوۡفُوۡنَ	وفا، بے وفا، ایفائے عہد۔
مَاۡوٰىهُمۡ	ملجاوماوٰی۔	يَنۡقُضُوۡنَ	نقیض، نقض عہد، نقض امن۔
يَّعۡلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	الۡمِيۡثَاقَ	میثاق مدینہ، وثوق، ثقہ، وثیقہ نویس۔
اُنۡزِلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَصِلُوۡنَ	وصل، وصول، موصول، وصال۔

لَهُمْ	مَّا ❶	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَّمِثْلَهٗ	مَعَهٗ
ان کے لیے	جو (کچھ)	زمین میں ہے	سارا	اور اس کی مثل	اس کے ساتھ (اور ہوتو)

لَافْتَدَوْا ❷	بِهٖ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ الْحِسَابِ
ضرور وہ سب بدلے میں دے دیں	اس کو	یہ لوگ ہیں (کہ)	ان کے لیے	برا حساب ہے

وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمِهَادُ (18)	اَفَمَنْ ❸
اور ان کا ٹھکانا	جہنم ہے	اور وہ برا	ٹھکانا ہے	پھر کیا جو شخص

يَّعْلَمُ ❹	اَنَّمَآ	اُنْزِلَ ❺	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ
جانتا ہے کہ	بیشک جو (کچھ)	نازل کیا گیا ہے	آپ کی طرف	آپکے رب کی طرف سے

الْحَقُّ	كَمَنْ	هُوَ اَعْمٰى	اِنَّمَا ❻	يَتَذَكَّرُ ❹
(وہی) حق ہے	(اس شخص) کی مانند ہوسکتا ہے جو	وہ اندھا ہے	یقیناً صرف	نصیحت حاصل کرتے ہیں

اُولُوا الْاَلْبَابِ (19)	الَّذِيْنَ	يُوْفُوْنَ	بِعَهْدِ اللّٰهِ ❼
عقل والے ہی	وہ لوگ جو	وہ سب پورا کرتے ہیں	اللہ کے عہد کو

وَ	لَا يَنْقُضُوْنَ ❽	الْمِيْثَاقَ (20)	وَالَّذِيْنَ	يَصِلُوْنَ ❹
اور	نہیں وہ سب توڑتے	پختہ عہد کو	اور وہ لوگ جو	سب ملاتے ہیں (اسے)

ضروری وضاحت

❶ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔ ❷ فعل کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔ ❸ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔ ❹ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❽ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

ع 2 11 8 النصف

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ	جو (کہ) حکم دیا اللہ نے اسکا یہ کہ ملایا جائے (اسے)
وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ	اور وہ ڈرتے ہیں اپنے رب سے
وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۝21	اور وہ خوف رکھتے ہیں برے حساب کا۔ ۝21
وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا	اور وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا
ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ	اپنے رب کی رضامندی چاہنے کے لیے
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا	اور انہوں نے قائم کی نماز اور انہوں نے خرچ کیا
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً	اس سے جو ہم نے رزق دیا انہیں پوشیدہ اور ظاہری طور پر
وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ	اور دور کرتے ہیں نیکی کے ساتھ برائی کو
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ	وہی لوگ ہیں (کہو) ان کے لیے
عُقْبَى الدَّارِ ۝22	(اچھا) انجام ہے (آخرت کے) گھر کا۔ ۝22
جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا	باغات ہیں ہمیشگی کے وہ داخل ہوں گے ان میں
وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ	اور جو نیک ہوئے ان کے باپ دادوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَمَرَ	امر، آمر، مامور، امارت۔
يُّوْصَلَ	وصل، وصول، موصول، وصال۔
يَخْشَوْنَ	خشیت الٰہی۔
سُوْٓءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءِ ظن۔
وَجْهِ	وجہ، متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔
اَقَامُوا	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
الصَّلٰوةَ	صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔
اَنْفَقُوْا	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
سِرًّا	اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔
عَلَانِيَةً	علی الاعلان، علانیہ طور پر۔
بِالْحَسَنَةِ	احسان، محسن، حسنات، قرض حسنہ۔
السَّيِّئَةَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
عُقْبَى	عالم عقبیٰ، عاقبت۔
الدَّارِ	دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
يَّدْخُلُوْنَهَا	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
اٰبَآئِهِمْ	آباء واجداد، آبائی گاؤں۔

مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ ❶❷	وَ	يَخْشَوْنَ
جو (کہ)	حکم دیا اللہ نے	اس کا	یہ کہ	ملایا جائے (اسے)	اور	وہ سب ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ ❸	وَ	يَخَافُوْنَ	سُوْٓءَ ❹	الْحِسَابِ (21)	وَ	الَّذِيْنَ
اپنے رب سے	اور	وہ سب خوف رکھتے ہیں	برے	حساب کا	اور	وہ لوگ جن

صَبَرُوا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ رَبِّهِمْ ❸	وَ	اَقَامُوا
سب نے صبر کیا	چاہنے کے لیے	اپنے رب کی رضامندی	اور	انہوں نے قائم کی

الصَّلٰوةَ ❺	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا ❻	رَزَقْنٰهُمْ ❸	سِرًّا
نماز	اور	انہوں نے خرچ کیا	(اس) سے جو	ہم نے رزق دیا انہیں	پوشیدہ

وَّ	عَلَانِيَةً ❺	وَّ	يَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ ❺	السَّيِّئَةَ ❺
اور	ظاہری طور پر	اور	وہ سب دور کرتے ہیں	نیکی کے ساتھ	برائی کو

اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عُقْبَى	الدَّارِ (22)	جَنّٰتُ ❼	عَدْنٍ
وہی لوگ ہیں (کہو)	ان کے لیے	(اچھا) انجام ہے	(آخرت کے) گھر کا	باغات ہیں	ہمیشگی کے

يَّدْخُلُوْنَهَا	وَ	مَنْ	صَلَحَ	مِنْ اٰبَآئِهِمْ
وہ سب داخل ہوں گے ان میں	اور	جو	نیک ہوئے	ان کے باپ دادوں سے

ضروری وضاحت

❶ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ	اور انکی بیویوں اور انکی اولاد سے (وہ بھی جنتوں میں داخل ہونگے)
وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ	اور فرشتے داخل ہوں گے ان پر
مِّنْ كُلِّ بَابٍ 23	(جنت کے) ہر دروازے سے۔ 23
سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ	(اور کہیں گے) سلام ہو تم پر اس وجہ سے کہ تم نے صبر کیا
فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ 24	تو کیا ہی اچھا ہے (آخرت کے) گھر کا انجام۔ 24
وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ	اور وہ لوگ جو توڑ دیتے ہیں اللہ کے عہد کو
مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ	اس کی مضبوطی کے بعد اور قطع کرتے ہیں
مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ	(اسے) جو (کہ) حکم دیا اللہ نے اس کا
اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ	کہ ملایا جائے (اسے) اور وہ فساد کرتے ہیں زمین میں
اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ	یہی لوگ ہیں (کہ) ان کے لیے لعنت ہے
وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ 25	اور ان کے لیے (آخرت کا) برا گھر ہے۔ 25
اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ	اللہ کشادہ کرتا ہے رزق کو جسکے لیے وہ چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَزْوَاجِهِمْ : زوجہ، زوجین، ازواج مطہرات۔	يَنْقُضُوْنَ : نقیض، نقض عہد، نقض امن۔
ذُرِّيّٰتِهِمْ : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔	مِيْثَاقِهٖ : میثاق مدینہ، امیدواثق، وثوق۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔	يَقْطَعُوْنَ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
يَدْخُلُوْنَ : دخل، داخل، دخول، وزیر داخلہ۔	يُّوْصَلَ : وصل، وصول، موصول، وصال۔
صَبَرْتُمْ : صبر، صابر۔	يُفْسِدُوْنَ : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
فَنِعْمَ : نعم المولیٰ نعم النصیر، نعمت، منعم۔	سُوْٓءُ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
عُقْبَى : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔	يَبْسُطُ : اپنی بساط کے مطابق۔
الدَّارِ : دار فانی، دارالکتب، دیار غیر۔	يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔

وَ	اَزۡوَاجِهِمۡ ❶	وَ	ذُرِّيّٰتِهِمۡ ❶	وَ	الۡمَلٰٓئِكَةُ ❷	يَدۡخُلُوۡنَ
اور	ان کی بیویوں	اور	ان کی اولاد (سے)	اور	فرشتے	وہ سب داخل ہوں گے

عَلَيۡهِمۡ	مِّنۡ كُلِّ بَابٍ ﴿23﴾	سَلٰمٌ	عَلَيۡكُمۡ	بِمَا ❸
ان پر	(جنت کے) ہر دروازے سے	(اور کہیں گے) سلام ہو	تم پر	اس وجہ سے کہ

صَبَرۡتُمۡ	فَنِعۡمَ	عُقۡبَى الدَّارِ ﴿24﴾	وَ	الَّذِيۡنَ
تم نے صبر کیا	تو (کیا ہی) اچھا ہے	(آخرت کے) گھر کا انجام	اور	وہ لوگ جو

يَنۡقُضُوۡنَ	عَهۡدَ اللّٰهِ	مِنۡۢ بَعۡدِ مِيۡثَاقِهٖ ❹	وَ	يَقۡطَعُوۡنَ
وہ سب توڑ دیتے ہیں	اللہ کے عہد کو	اس کی مضبوطی کے بعد	اور	وہ سب قطع کرتے ہیں

مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ ❺	بِهٖٓ	اَنۡ	يُّوۡصَلَ	وَ	يُفۡسِدُوۡنَ
(اسے) جو	(کہ) حکم دیا اللہ نے	اس کا	کہ	وہ ملایا جائے (اسے)	اور	وہ سب فساد کرتے ہیں

فِى الۡاَرۡضِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	اللَّعۡنَةُ ❻	وَ	لَهُمۡ
زمین میں	یہی لوگ ہیں (کہ)	ان کے لیے	لعنت ہے	اور	ان کے لیے

سُوۡٓءُ الدَّارِ ﴿25﴾	اَللّٰهُ	يَبۡسُطُ ❼	الرِّزۡقَ	لِمَنۡ ❽	يَّشَآءُ
(آخرت کا) برا گھر ہے	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق کو	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے

ضروری وضاحت

❶ هُمۡ کبھی پڑھنے میں آسانی کے لیے هِمۡ بھی ہو جاتا ہے۔ ❷ یہاں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❸ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ اور کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ مَنۡ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس بھی کیا جاتا ہے۔

وَ يَقْدِرُ ؕ	اور تنگ کر دیتا ہے (جسکے لیے چاہتا ہے)
وَ فَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ	اور (کافر) اِتراتے ہیں دنیوی زندگی پر
وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اور نہیں ہے دنیوی زندگی
فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿26﴾ ع	آخرت (کے مقابلے میں) مگر معمولی فائدہ۔ ﴿26﴾
وَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ	کیوں نہیں اُتاری گئی اُس پر کوئی نشانی
مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ	اسکے رب کی طرف سے، کہہ دیجیے بیشک اللہ
يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْٓ	گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے
اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿27﴾ ۖ اَلَّذِيْنَ	اپنی طرف اسے جو رجوع کرے۔ ﴿27﴾ وہ لوگ جو
اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ	ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں ان کے دل
بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ	اللہ کے ذکر سے سن لو! اللہ کے ذکر سے ہی
تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿28﴾ ؕ	دل اطمینان پاتے ہیں۔ ﴿28﴾

ع 3/8/9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِالْحَيٰوةِ	حیات، احیائے سنت، حیاتِ جاوداں۔	يُضِلُّ	ضلالت و گمراہی۔
الدُّنْيَا	دنیا، دنیاداری، دنیاوی علوم۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
مَتَاعٌ	متاعِ کارواں، مال و متاع۔	يَهْدِيْٓ	ہدایت، ہادیٔ برحق، مہدی۔
يَقُوْلُ قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اِلَيْهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	اٰمَنُوْا	ایمان، مؤمن، امن۔
اُنْزِلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	تَطْمَئِنُّ	مطمئن، اطمینان قلب، طمانیت۔
عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قُلُوْبُهُمْ	امراضِ قلب، قلوب و اذہان، قلبی تعلق۔
مِّنْ	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	بِذِكْرِ	ذکر، اذکار، تذکرہ۔

وَ	يَقْدِرُ	وَ	فَرِحُوْا ❶	بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❷	وَمَا ❸
اور	وہ تنگ کر دیتا ہے	اور	(کافر) اِتراتے ہیں	دنیوی زندگی پر	اور نہیں ہے

ع 3 8 9

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ❷	فِي الْاٰخِرَةِ ❷	اِلَّا	مَتَاعٌ (26)
دنیوی زندگی	آخرت کے مقابلے میں	مگر	معمولی فائدہ

وَ	يَقُوْلُ ❹	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ ❺	عَلَيْهِ
اور	کہتے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	کیوں نہیں	اُتاری گئی	اُس پر

اٰيَةٌ ❷❻	مِّنْ رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُضِلُّ ❹
کوئی نشانی	اسکے رب کی طرف سے	کہہ دیجیے	بیشک	اللہ	گمراہ کرتا ہے

مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	اَنَابَ (27)
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ راہ دکھاتا ہے	اپنی طرف	(اسے) جو	رجوع کرے

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	تَطْمَئِنُّ ❼	قُلُوْبُهُمْ	بِذِكْرِ اللّٰهِ
وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور	اطمینان پاتے ہیں	ان کے دل	اللہ کے ذکر سے

اَلَا	بِذِكْرِ اللّٰهِ	تَطْمَئِنُّ ❼	الْقُلُوْبُ (28)
سن لو!	اللہ کے ذکر سے (ہی)	اطمینان پاتے ہیں	دل

ضروری وضاحت

❶ یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مَا کے بعد اسی جملے اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں، کیونکہ اسکے بعد الْقُلُوْبُ انسان کے علاوہ کی جمع ہے، جسکے ساتھ فعل واحد مؤنث آتا ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے
طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿29﴾	خوشحالی ہے ان کے لیے اور اچھا ٹھکانا ہے۔ ﴿29﴾
كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ	اسی طرح ہم نے بھیجا آپ کو (ایسی) امت میں
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ	(کہ) یقیناً گزر چکیں اس سے پہلے کئی امتیں
لِّتَتْلُوَاْ عَلَيْهِمُ	تاکہ آپ پڑھ کر سنائیں ان پر
الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ	(اسے) جو ہم نے وحی کی آپ کی طرف
وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ	اس حال میں کہ وہ کفر کر رہے ہیں بے حد مہربان سے
قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ	کہہ دیجیے وہی میرا رب ہے نہیں کوئی (سچا) معبود
اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ	مگر وہی، اسی پر میں نے بھروسا کیا
وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿30﴾ وَلَوْ اَنَّ	اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ ﴿30﴾ اور اگر واقعی
قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ	کوئی قرآن ایسا ہوتا (کہ) چلائے جاتے اسکے ذریعے
الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ	پہاڑ یا قطع کی جاتی اسکے ذریعے زمین

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَمِلُوا : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	اَوْحَيْنَآ : وحی، وحی متلوّ۔
الصّٰلِحٰتِ : اصلاح، اعمال صالحہ۔	اِلٰهَ : الٰہ العالمین، الوہیت۔
حُسْنُ : حسن، محسن، تحسین۔	تَوَكَّلْتُ : توکل، متوکل علی اللّٰہ۔
كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم۔	مَتَابِ : توبہ، تائب۔
اَرْسَلْنٰكَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت، ارسال۔	سُيِّرَتْ : سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔
قَبْلِهَآ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	الْجِبَالُ : جبل اُحد، جبل رحمت، جبل طارق۔
اُمَمٌ : امت، امم سابقہ، امتِ محمدیہ۔	قُطِّعَتْ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
لِّتَتْلُوَاْ : تلاوت، وحی متلو، وحی غیر متلوّ۔	الْاَرْضُ : ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❶	طُوْبٰى ❶
وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور	ان سب نے اعمال کیے	نیک	خوشحالی ہے

لَهُمْ	وَحُسْنُ	مَاٰبٍ ﴿29﴾	كَذٰلِكَ	اَرْسَلْنٰكَ
ان کے لیے	اور اچھا	ٹھکانا ہے	اسی طرح	ہم نے بھیجا آپ کو

فِيْٓ اُمَّةٍ ❶	قَدْ	خَلَتْ ❶	مِنْ قَبْلِهَآ	اُمَمٌ	لِّتَتْلُوَا۟ ❷
(ایسی) امت میں	(کہ) یقیناً	گزر چکیں	اس سے پہلے	کئی امتیں	تاکہ آپ پڑھ کر سنائیں

عَلَيْهِمُ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	وَ	هُمْ يَكْفُرُوْنَ ❸
ان پر	(اسے) جو	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	اس حال میں کہ	وہ سب کفر کر رہے ہیں

بِالرَّحْمٰنِ	قُلْ	هُوَ رَبِّيْ	لَآ اِلٰهَ ❹	اِلَّا	هُوَ
بے حد مہربان سے	کہہ دیجیے	وہی میرا رب ہے	نہیں کوئی (سچا) معبود	مگر	وہی

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ ❺	وَاِلَيْهِ	مَتَابِ ❻ ﴿30﴾	وَلَوْ	اَنَّ قُرْاٰنًا ❼
اسی پر	میں نے بھروسا کیا	اور اسی کی طرف	میرا لوٹنا ہے	اور اگر	واقعی کوئی قرآن (ایسا ہوتا کہ)

سُيِّرَتْ ❶	بِهِ	الْجِبَالُ	اَوْ	قُطِّعَتْ ❶	بِهِ	الْاَرْضُ
چلائے جاتے	اسکے ذریعے	پہاڑ	یا	قطع کی جاتی	اسکے ذریعے	زمین

ضروری وضاحت

❶ ات، ـے ی، ة، تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ لِتَتْلُوَا۟ کے آخر میں وا جمع کی علامت نہیں بلکہ و اصل لفظ کا حصہ ہے اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❸ هُمْ اور یـ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❺ تَ اور شد میں فعل کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہ دراصل مَتَابِیْ تھا یہاں آخر سے یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے گرگئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ	یا کلام کیا جاتا اسکے ذریعے مُردوں سے (تو پھر بھی یہ نہ مانتے)
بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ؕ	بلکہ اللہ ہی کے لیے ہے معاملہ (اختیار) سارے کا سارا
اَفَلَمْ یَایْــَٔسِ الَّذِیْنَ	تو کیا (ابھی تک) نہیں اطمینان ہوا ان لوگوں کو جو
اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ	ایمان لائے یہ کہ اگر اللہ چاہتا
لَهَدَى النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ	(تو) ضرور ہدایت دیتا سب (لوگوں) کو
وَلَا یَزَالُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	اور ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
تُصِیْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا	(اس حال میں کہ) پہنچے گی اُنہیں اِس وجہ سے جو انہوں نے کیا
قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِیْبًا مِّنْ دَارِهِمْ	آفت یا اُترے گی ان کے گھر کے قریب
حَتّٰى یَاْتِیَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ	یہاں تک کہ آجائے اللہ کا وعدہ
اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ﴿31﴾ ع 4/5/10	بیشک اللہ نہیں خلاف کرتا (اپنے) وعدے کے۔ ﴿31﴾
وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ	اور بلاشبہ یقیناً مذاق اڑایا گیا کئی رسولوں کا
مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَیْتُ	آپ سے پہلے تو میں نے مہلت دی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كُلِّمَ	: کلام، متکلم، اندازِ تکلم۔	یَزَالُ	: زائل ہونا۔
الْمَوْتٰى	: موت وحیات، سماعِ موتی، میت۔	تُصِیْبُهُمْ	: مصیبت، مصائب۔
بَلْ	: بلکہ۔	صَنَعُوْا	: صنعت وتجارت، مصنوعات، تصنع۔
الْاَمْرُ	: امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔	حَتّٰى	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
یَایْــَٔسِ	: مایوس، یاس وناامیدی۔	وَعْدُ، الْمِیْعَادَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود، میعاد۔
یَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	یُخْلِفُ	: مخالف، اختلاف، مختلف۔
لَهَدٰى	: ہدایت، ہادی برحق۔	اسْتُهْزِئَ	: استہزاء۔
النَّاسَ	: عوام الناس، بعض الناس۔	قَبْلِكَ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

اَوْ	كُلِّمَ ❶	بِهِ	الْمَوْتٰى ؕ	بَلْ	لِّلّٰهِ	الْاَمْرُ
یا	کلام کیا جاتا	اسکے ذریعے	مُردوں سے	بلکہ	اللہ ہی کے لیے ہے	معاملہ (اختیار)

جَمِيْعًا	اَفَلَمْ	يَايْـَٔسِ ❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنْ لَّوْ
سارے کا سارا	تو کیا (ابھی تک) نہیں	اطمینان ہوا	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	یہ کہ اگر

يَشَآءُ اللّٰهُ ❷	لَهَدَى	النَّاسَ	جَمِيْعًا	وَ	لَا يَزَالُ ❸❷
اللہ چاہتا	(تو) ضرور ہدایت دیتا	لوگوں کو	سب کے سب	اور	ہمیشہ رہیں گے

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	تُصِيْبُهُمْ ❹	بِمَا ❶	صَنَعُوْا
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	(اس حال میں کہ) پہنچے گی اُنہیں	اِس وجہ سے جو	انہوں نے کیا

قَارِعَةٌ ❺	اَوْ	تَحُلُّ ❹	قَرِيْبًا	مِّنْ دَارِهِمْ ❻	حَتّٰى	يَاْتِيَ ❷
سخت آفت	یا	وہ (آفت) اُترے گی	قریب	ان کے گھر کے	یہاں تک کہ	آجائے

ع 4 5 10

وَعْدُ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُخْلِفُ ❷	الْمِيْعَادَ ۚ (31)	وَ	لَقَدِ
اللہ کا وعدہ	بیشک	اللہ	نہیں خلاف کرتا	(اپنے) وعدے کے	اور	بلاشبہ یقیناً

اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَاَمْلَيْتُ ❼
مذاق اڑایا گیا	کئی رسولوں کا	آپ سے پہلے	تو میں نے مہلت دی

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❷ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ لَا اور یَزَالُ دونوں کو ملا کر ترجمہ ہمیشہ کیا جاتا ہے۔ ❹ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ یہاں مِنْ کا ترجمہ ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔ ❼ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا، پھر
اَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿32﴾	میں نے پکڑا انہیں، تو کیسا (سخت) تھا میرا عذاب ﴿32﴾
اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۢ	پھر کیا جو (ذات کہ) وہ نگران ہے ہر جان پر
بِمَا كَسَبَتْ ۚ	(اس) پر جو اس نے کمایا (کوئی اسکے برابر ہو سکتا ہے)
وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ	اور انہوں نے بنائے اللہ کے لیے شریک
قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ	کہہ دیجیے تم انکے نام تو لو کیا تم خبر دیتے ہو اسے
بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ	(یعنی اللہ کو اس چیز) کی جو وہ نہیں جانتا زمین میں
اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ	یا (اوپر اوپر) ظاہری بات سے (کہہ رہے ہو)
بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ	بلکہ مزین کر دیا گیا ان لوگوں کے لیے جنہوں نے
كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَ صُدُّوْا	کفر کیا ان کا مکر اور وہ روک دیے گئے
عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	(سیدھے) راستے سے اور جسے گمراہ کر دے اللہ
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿33﴾	تو نہیں ہے اس کو کوئی ہدایت دینے والا۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
اَخَذْتُهُمْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
فَكَيْفَ : کیفیت، بہرکیف۔
عِقَابِ : عقوبت خانہ۔
قَآئِمٌ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نَفْسٍ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
كَسَبَتْ : کسب حلال، کسبی۔

سَمُّوْهُمْ : اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔
تُنَبِّئُوْنَهٗ : نبی، انبیاء۔
بَلْ : بلکہ۔
زُيِّنَ : مزین، تزئین و آرائش۔
مَكْرُهُمْ : مکر و فریب، مکاری۔
السَّبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
يُّضْلِلِ : ضلالت و گمراہی۔
هَادٍ : ہدایت، ہادیٔ برحق، مھدی۔

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ ❶	فَكَيْفَ
ان لوگوں کو جن	سب نے کفر کیا	پھر	میں نے پکڑا انہیں	تو کیسا

كَانَ	عِقَابِ ❷ (32)	اَفَمَنْ	هُوَ	قَآئِمٌ
(سخت) تھا	میرا عذاب	پھر کیا جو (ذات کہ)	وہ	نگران ہے

عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ	بِمَا	كَسَبَتْ	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ
ہر جان پر	(اس) پر جو	اس نے کمایا	اور	انہوں نے بنائے	اللہ کے لیے

شُرَكَآءَ	قُلْ	سَمُّوْهُمْ ❸	اَمْ	تُنَبِّئُوْنَهٗ	بِمَا
شریک	کہہ دیجیے	تم سب انکے نام لو	کیا	تم سب خبر دیتے ہوا سے	(اس چیز) کی جو

لَا يَعْلَمُ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	بِظَاهِرٍ ❹	مِّنَ الْقَوْلِ	بَلْ
نہیں وہ جانتا	زمین میں	یا	(اوپر اوپر) ظاہری	بات سے (کہہ رہے ہو)	بلکہ

زُيِّنَ ❺	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مَكْرُهُمْ	وَصُدُّوْا
مزین کر دیا گیا	ان لوگوں کے لیے جن	سب نے کفر کیا	ان کا مکر	اور وہ سب روک دیے گئے

عَنِ السَّبِيْلِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ ❻	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ ❼ (33)
(سیدھے) راستے سے	اور جسے	گمراہ کر دے اللہ	تو نہیں ہے	اس کو	کوئی ہدایت دینے والا

ضروری وضاحت

❶ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں آخر سے یْ وقف کی وجہ سے گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❸ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اسکے آخر سے "ا" کو گرا دیتے ہیں۔ ❹ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❻ یہاں يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

لَهُمۡ عَذَابٌ فِي الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا	ان کے لیے عذاب ہے دنیوی زندگی میں
وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ	اور یقیناً آخرت کا عذاب بہت سخت ہے
وَمَا لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ	اور نہیں ہے ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے
مِنۡ وَّاقٍ ﴿34﴾ مَثَلُ الۡجَنَّةِ	کوئی بچانے والا۔ ﴿34﴾ مثال (صفت) اس جنت کی
الَّتِيۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ	جس کا وعدہ کیا گیا ہے متقیوں سے
تَجۡرِيۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ	(یہ ہے کہ) بہتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں
اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ	اس کا پھل دائمی ہے اور اس کا سایہ (بھی)
تِلۡكَ عُقۡبَى الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا ۖ	یہ انجام ہے ان لوگوں کا جنھوں نے تقوی اختیار کیا
وَّعُقۡبَى الۡكٰفِرِيۡنَ النَّارُ ﴿35﴾	اور کافروں کا انجام آگ ہے۔ ﴿35﴾
وَالَّذِيۡنَ اٰتَيۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ	اور وہ لوگ جو (کہ) ہم نے دی انہیں کتاب
يَفۡرَحُوۡنَ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ	وہ خوش ہوتے ہیں اس پر جو اتارا گیا آپ کی طرف
وَمِنَ الۡاَحۡزَابِ	اور (یہود و نصاری کے) گروہوں میں سے (ایسے بھی ہیں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡحَيٰوةِ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	دَآئِمٌ : قائم ودائم، دوام، مداومت۔
اَشَقُّ : مشقت۔	ظِلُّهَا : ظل سبحانی، ظل عرش، ظل ہما۔
مِنۡ : من جانب، من وعن، من حیث القوم۔	عُقۡبَى : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
وُعِدَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	النَّارُ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
الۡمُتَّقُوۡنَ، اتَّقَوۡا : تقویٰ، متقی۔	يَفۡرَحُوۡنَ : فرحت، تفریح۔
تَجۡرِيۡ : جاری، اجرا۔	اُنۡزِلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
تَحۡتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔	اِلَيۡكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اُكُلُهَا : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	الۡاَحۡزَابِ : حزب اللہ، حزب اختلاف۔

لَهُمْ	عَذَابٌ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا[1]	وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ[1]
ان کے لیے	عذاب ہے	دنیوی زندگی میں	اور	یقیناً آخرت کا عذاب

اَشَقُّ[2]	وَمَا[3]	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ[4] وَّاقٍ[5] (34)
بہت سخت ہے	اور نہیں ہے	ان کے لیے	اللہ (کے عذاب) سے	کوئی بچانے والا

مَثَلُ	الْجَنَّةِ[1]	الَّتِيْ	وُعِدَ[6]	الْمُتَّقُوْنَ	تَجْرِيْ[7]
مثال (صفت)	(اس) جنت کی	جس کا	وعدہ کیا گیا ہے	پرہیزگاروں سے	(یہ ہے کہ) بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	اُكُلُهَا	دَآئِمٌ	وَّ	ظِلُّهَا
ان کے نیچے سے	نہریں	اس کا پھل	دائمی ہے	اور	اس کا سایہ (بھی)

تِلْكَ[8]	عُقْبَى	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	وَّ	عُقْبَى	الْكٰفِرِيْنَ
یہ	انجام ہے	ان لوگوں کا جن	سب نے تقوی اختیار کیا	اور	انجام	کافروں کا

النَّارُ (35)	وَ	الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَفْرَحُوْنَ
آگ ہے	اور	وہ لوگ جو (کہ)	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ سب خوش ہوتے ہیں

بِمَآ	اُنْزِلَ[6]	اِلَيْكَ	وَ	مِنَ الْاَحْزَابِ
(اس) پر جو	اُتارا گیا	آپکی طرف	اور (یہودونصاری کے)	گروہوں میں سے

ضروری وضاحت

❶ ةَ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❼ تـ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً یہ بھی کردیا جاتا ہے۔

مَنۡ يُّنۡكِرُ بَعۡضَهٗ ؕ	جو انکار کرتے ہیں اس کے بعض کا
قُلۡ اِنَّمَاۤ اُمِرۡتُ اَنۡ	کہہ دیجیے مجھے تو صرف یہ حکم دیا گیا ہے کہ
اَعۡبُدَ اللّٰهَ وَلَاۤ اُشۡرِكَ	میں عبادت کروں اللہ کی اور نہ شریک ٹھہراؤں
بِهٖ ؕ اِلَيۡهِ اَدۡعُوۡا	اسکے ساتھ (کسی کو بھی) اسی کی طرف میں دعوت دیتا ہوں
وَاِلَيۡهِ مَاٰبِ ﴿36﴾	اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ ﴿36﴾
وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ حُكۡمًا عَرَبِيًّا ؕ	اور اسی طرح ہم نے اتارا ہے اسے عربی فرمان بنا کر
وَلَئِنِ اتَّبَعۡتَ اَهۡوَآءَهُمۡ	اور واقعی اگر تو نے پیروی کی ان کی خواہشات کی
بَعۡدَمَا جَآءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ ۙ	اس کے بعد کہ آ چکا تیرے پاس علم
مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ	نہیں ہوگا آپ کے لیے اللہ (کے عذاب) سے
مِنۡ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿37﴾ ع	کوئی حمایتی اور نہ کوئی بچانے والا۔ ﴿37﴾
وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلًا	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بھیجے کئی رسول
مِّنۡ قَبۡلِكَ وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ	آپ سے پہلے اور ہم نے بنائیں ان کے لیے

ع 5/6 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّنۡكِرُ	منکر، منکرین حدیث، انکار۔	اَدۡعُوۡا	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
بَعۡضَهٗ	بعض الناس، بعض اوقات۔	كَذٰلِكَ	کما حقہ، کالعدم۔
قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَنۡزَلۡنٰهُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اُمِرۡتُ	امر، آمر، مامور، امارت۔	حُكۡمًا	حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
اَعۡبُدَ	عبادت، عابد، معبود۔	اتَّبَعۡتَ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
لَاۤ	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	وَّلِيٍّ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔
اُشۡرِكَ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	اَرۡسَلۡنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اِلَيۡهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	قَبۡلِكَ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

مَنۡ	يُّنۡكِرُ ❶	بَعۡضَهٗ	قُلۡ	اِنَّمَآ ❷	اُمِرۡتُ	اَنۡ
(ایسے بھی ہیں) جو	انکار کرتے ہیں	اسکے بعض (احکام) کا	کہہ دیجیے	یقیناً صرف	حکم دیا گیا ہے مجھے	یہ کہ

اَعۡبُدَ اللّٰهَ	وَلَآ	اُشۡرِكَ	بِهٖ	اِلَيۡهِ	اَدۡعُوۡا ❸
میں عبادت کروں اللہ کی	اور نہ	میں شریک ٹھہراؤں	اسکے ساتھ	اسی کی طرف	میں دعوت دیتا ہوں

وَ	اِلَيۡهِ	مَاٰبِ ❹ (36)	وَ	كَذٰلِكَ	اَنۡزَلۡنٰهُ	حُكۡمًا عَرَبِيًّا
اور	اسی کی طرف	میرا لوٹنا ہے	اور	اسی طرح	ہم نے اُتارا ہے اسے	عربی فرمان بنا کر

وَ	لَئِنِ	اتَّبَعۡتَ	اَهۡوَآءَهُمۡ	بَعۡدَ مَا ❺
اور	واقعی اگر	تو نے پیروی کی	ان کی خواہشات کی	اس کے بعد کہ

جَآءَكَ	مِنَ الۡعِلۡمِ ❻	مَا	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ
آچکا تیرے پاس	علم	نہیں ہوگا	آپ کے لیے	اللہ (کے عذاب) سے

ع 5 6 11

مِنۡ ❻ وَّلِيٍّ ❼	وَّ	لَا وَاقٍ ❼ (37) ع	وَ	لَقَدۡ ❽	اَرۡسَلۡنَا
کوئی حمایتی	اور	نہ کوئی بچانے والا	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجے

رُسُلًا	مِّنۡ قَبۡلِكَ	وَ	جَعَلۡنَا	لَهُمۡ
کئی رسول	آپ سے پہلے	اور	ہم نے بنائیں	ان کے لیے

ضروری وضاحت

❶ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اَدۡعُوۡا کے آخر میں وۡا جمع کی علامت نہیں بلکہ وْ اصل لفظ کا حصہ ہے اور ''ا'' قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❹ یہاں آخر سے یِ وقف کی وجہ سے گر گئی ہے اسی یِ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❺ لفظ بَعۡدِ کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ❻ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❽ لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

اَزۡوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ	بیویاں اور اولاد
وَمَا كَانَ لِرَسُوۡلٍ	اور نہیں ہے کسی رسول کے لیے (ممکن)
اَنۡ يَّاۡتِىَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ	کہ وہ لے آئے کوئی نشانی مگر اللہ کے حکم سے
لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿38﴾	ہر (چیز کے) مقرر وقت کو لکھا ہوا ہے۔ ﴿38﴾
يَمۡحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثۡبِتُ ۖۚ	مٹا دیتا ہے اللہ جو چاہتا ہے اور قائم رکھتا ہے (جو چاہتا ہے)
وَعِنۡدَهٗۤ اُمُّ الۡكِتٰبِ ﴿39﴾	اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب (لوح محفوظ)۔ ﴿39﴾
وَاِنۡ مَّا نُرِيَنَّكَ	اور اگر ہم واقعی دکھا دیں آپ کو
بَعۡضَ الَّذِىۡ نَعِدُهُمۡ	بعض (اس عذاب سے) جسکا ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے
اَوۡ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيۡكَ	یا واقعی ہم فوت کر دیں آپ کو تو بیشک آپ پر صرف
الۡبَلٰغُ وَعَلَيۡنَا الۡحِسَابُ ﴿40﴾	پہنچا دینا ہے اور ہم پر ہے حساب (لینا)۔ ﴿40﴾
اَوَلَمۡ يَرَوۡا	اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا
اَنَّا نَاۡتِى الۡاَرۡضَ	کہ بیشک ہم چلے آتے ہیں (کفر کی) زمین کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَزۡوَاجًا	زوجہ، زوجین، ازواج مطہرات۔	عِنۡدَهٗ	عندالطلب، عنداللہ، عندیہ۔
ذُرِّيَّةً	ذریت آدم، ذریت ابلیس۔	اُمُّ	ام القریٰ، ام الکتاب، امی جان۔
اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	نُرِيَنَّكَ / يَرَوۡا	رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی۔
بِاِذۡنِ	اذن عام، باذن اللہ۔	نَعِدُهُمۡ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	نَتَوَفَّيَنَّكَ	فوت، وفات، فوتگی، متوفی۔
يَمۡحُوا	محو ہو جانا (مٹ جانا)۔	عَلَيۡكَ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔	الۡبَلٰغُ	بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔
يُثۡبِتُ	ثابت، اثبات، مثبت، ثبوت۔	الۡاَرۡضَ	ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

اَزْوَاجًا❶	وَّ	ذُرِّيَّةً❷	وَ	مَا	كَانَ	لِرَسُوْلٍ❸
بیویاں	اور	اولاد	اور	نہیں	ہے	کسی رسول کے لیے (ممکن)

اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ❷❸	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	لِكُلِّ اَجَلٍ❹
کہ	وہ لے آئے	کسی نشانی کو	مگر	اللہ کے حکم سے	ہر (چیز کے) مقرر وقت کو

كِتَابٌ (38)	يَمْحُوْا❺❻	اللّٰهُ	مَا	يَشَآءُ	وَيُثْبِتُ
لکھا ہوا ہے	مٹا دیتا ہے	اللہ	جو	وہ چاہتا ہے	اور وہ قائم رکھتا ہے (جو چاہتا ہے)

وَ	عِنْدَهٗٓ	اُمُّ الْكِتٰبِ (39)	وَ	اِنْ مَّا❼	نُرِيَنَّكَ
اور	اسی کے پاس ہے	اصل کتاب (لوح محفوظ)	اور	اگر	ہم واقعی دکھا دیں آپ کو

بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ
بعض (اس عذاب سے)	جس کا	ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے	یا	واقعی ہم فوت کر دیں آپ کو

فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَ	عَلَيْنَا	الْحِسَابُ (40)
تو بیشک صرف	آپ پر	پہنچا دینا ہے	اور	ہم پر ہے	حساب (لینا)

اَ	وَ	لَمْ يَرَوْا❽	اَنَّا نَاْتِي❾	الْاَرْضَ
کیا	اور	نہیں ان سب نے دیکھا	کہ بیشک ہم چلے آتے ہیں	(کفر کی) زمین (کی طرف)

ضروری وضاحت

❶ زَوْجٌ کا لفظ میاں بیوی دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ❷ ةً مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لِ کا ترجمہ کبھی ضرورتاً کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ يَمْحُوْا میں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ وْ اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❼ یہاں مَا زائدہ ہے۔ ❽ یہاں لَمْ کی موجودگی کی وجہ سے يَ کا ترجمہ اُن کیا گیا ہے۔ ❾ اَنَّا کے نَا اور نَاْتِي کے نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔

نَنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا ؕ	ہم کم کر رہے ہیں اسے اسکے اطراف (کناروں) سے
وَاللّٰهُ يَحۡكُمُ لَا مُعَقِّبَ	اور اللہ حکم کرتا ہے نہیں ہے کوئی ٹالنے والا
لِحُكۡمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿41﴾	اس کے حکم کو، اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔ ﴿41﴾
وَقَدۡ مَكَرَ الَّذِيۡنَ	اور بلاشبہ تدبیریں کیں ان لوگوں نے جو
مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلِلّٰهِ	ان سے پہلے تھے پس اللہ ہی کے لیے ہیں
الۡمَكۡرُ جَمِيۡعًا ؕ يَعۡلَمُ مَا	(اصل) تدبیریں سب کی سب، وہ جانتا ہے جو کچھ
تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ ؕ وَسَيَعۡلَمُ الۡكُفّٰرُ	کماتا ہے ہر نفس، اور عنقریب جان لیں گے کافر
لِمَنۡ عُقۡبَى الدَّارِ ﴿42﴾	کس کے لیے ہے (اچھا) انجام (آخرت کے) گھر کا۔ ﴿42﴾
وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَسۡتَ مُرۡسَلًا ؕ قُلۡ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًا	نہیں ہیں آپ رسول، کہہ دیجیے کافی اللہ بطور گواہ
بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكُمۡ ۙ	میرے درمیان اور تمہارے درمیان
وَمَنۡ عِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡكِتٰبِ ﴿43﴾ ع	اور (وہ بھی) جس کے پاس کتاب کا علم ہے۔ ﴿43﴾

ع 6 6 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَنۡقُصُهَا : نقص، تنقیص، نقائص۔	الۡكُفّٰرُ : کفر، کافر، کفار۔
اَطۡرَافِهَا : طرف، اطراف۔	عُقۡبَى : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
مُعَقِّبَ : عقبی دروازہ، عقب، تعاقب۔	الدَّارِ : دارفانی، دارالکتب، دیارغیر۔
سَرِيۡعُ : سرعت، سریع الحرکت، سریع الحساب۔	مُرۡسَلًا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مَكَرَ : مکروفریب، مکار۔	كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
تَكۡسِبُ : کسب حلال، کسبی۔	شَهِيۡدًا : شہید، شہادت، مشہود۔
نَفۡسٍ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	بَيۡنِىۡ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
سَيَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	عِنۡدَهٗ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

نَنْقُصُهَا	مِنْ اَطْرَافِهَا	وَاللّٰهُ	يَحْكُمُ ❶	لَا مُعَقِّبَ ❷❸
ہم کم کر رہے ہیں اسے	اسکے کناروں سے	اور اللہ	حکم کرتا ہے	نہیں کوئی ٹالنے والا

لِحُكْمِهٖ	وَهُوَ	سَرِيْعُ الْحِسَابِ ❹ (41)	وَقَدْ	مَكَرَ
اس کے حکم کو	اور وہ	بہت جلد حساب لینے والا ہے	اور بلاشبہ	تدبیریں کیں

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلِلّٰهِ	الْمَكْرُ	جَمِيْعًا
ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے (تھے)	پس اللہ ہی کے لیے ہیں	(اصل) تدبیریں	سب کی سب

يَعْلَمُ	مَا	تَكْسِبُ ❺	كُلُّ نَفْسٍ	وَسَيَعْلَمُ ❶	الْكُفّٰرُ ❻
وہ جانتا ہے	جو	کماتی ہے	ہر جان	اور عنقریب جان لیں گے	کافر

لِمَنْ	عُقْبَى	الدَّارِ (42)	وَيَقُوْلُ ❶	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
کس کے لیے ہے	(اچھا) انجام	(آخرت کے) گھر کا	اور کہتے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

لَسْتَ	مُرْسَلًا	قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ ❼	شَهِيْدًا	بَيْنِيْ
نہیں ہیں آپ	رسول	کہہ دیجیے	کافی ہے	اللہ	بطور گواہ	میرے درمیان

ع 6 6 12

وَ	بَيْنَكُمْ	وَ	مَنْ عِنْدَهٗ ❽	عِلْمُ الْكِتٰبِ (43) ع
اور	تمہارے درمیان	اور (وہ بھی)	جس کے پاس	کتاب کا علم ہے

ضروری وضاحت

❶ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❸ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❼ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ یہاں مَنْ اور ہٗ دونوں کا ملا کر ترجمہ جسکے کیا گیا ہے۔

ركوعاتها 7 — 14 سُوْرَةُ اِبْرَاهِيْمَ مَكِّيَّةٌ 72 — اٰيَاتُهَا 52

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ	الٓرٰ (یہ) ایک کتاب ہے ہم نے نازل کیا ہے اسے
اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ	آپ کی طرف تاکہ آپ نکالیں لوگوں کو
مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ	(کفر کے) اندھیروں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف
بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ	انکے رب کے حکم سے (اس کے) راستے کی طرف
الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ ﴿1﴾	(جو) نہایت غالب بہت تعریف والا ہے۔ ﴿1﴾
اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ	(اس) اللہ (کی طرف) جس کے لیے ہے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے
وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ	اور ہلاکت ہے کافروں کے لیے
مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ ﴿2﴾	سخت عذاب سے۔ ﴿2﴾
الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ	وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كِتٰبٌ	کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	الْحَمِيْدِ	حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔
اَنْزَلْنٰهُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اِلَيْكَ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
لِتُخْرِجَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
النَّاسَ	عوام الناس، بعض الناس۔	الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
الظُّلُمٰتِ	ظلمت، بحر ظلمات، ظلمت شب۔	لِّلْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
بِاِذْنِ	اذن عام، باذن اللہ۔	شَدِيْدِ	شدید، شدّت، مشدّد، تشدّد۔
صِرَاطِ	صراط مستقیم، پل صراط۔	يَسْتَحِبُّوْنَ	حب، حبیب، محب، محبت۔

اٰيَاتُهَا 52 — 14 سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ 72 — رُكُوْعَاتُهَا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ	كِتٰبٌ ❶	اَنْزَلْنٰهُ ❷❸❹	اِلَيْكَ	لِتُخْرِجَ ❺
الٓرٰ	(یہ) ایک کتاب ہے	ہم نے نازل کیا ہے اسے	آپ کی طرف	تاکہ آپ نکالیں

النَّاسَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ ❻	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِ
لوگوں کو	(کفر کے) اندھیروں سے	(ایمان کی) روشنی کی طرف	حکم سے

رَبِّهِمْ	اِلٰى صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ ﴿1﴾
ان کے رب کے	(اس کے) راستے کی طرف	(جو) نہایت غالب	بہت تعریف والا ہے

اللّٰهِ	الَّذِيْ لَهٗ ❼	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❻	وَ
(یعنی) اللہ (کی طرف)	جس کے لیے ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور

مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	وَيْلٌ	لِّلْكٰفِرِيْنَ
جو کچھ	زمین میں ہے	اور	ہلاکت ہے	کافروں کے لیے

مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ﴿2﴾	الَّذِيْنَ	يَسْتَحِبُّوْنَ
سخت عذاب سے	وہ لوگ جو	وہ سب پسند کرتے ہیں

ضروری وضاحت

❶ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اَنْزَلَ کے شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے لایا جاتا ہے۔ ❸ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❹ هٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❻ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ یہاں اَلَّذِيْ اور هٗ دونوں کا ملا کر ترجمہ جس کیا گیا ہے۔

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ	دنیوی زندگی کو آخرت پر
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور روکتے ہیں اللہ کے راستے سے
وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ	اور تلاش کرتے ہیں اس میں کجی
اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ۝3	یہ لوگ دور کی گمراہی میں ہیں۔ ۝3
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ	اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول
اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ	مگر اس کی قوم کی زبان میں
لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ	تاکہ وہ (کھول کر) بیان کرے ان کے لیے
فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ	پھر گمراہ کرتا ہے اللہ جسے چاہتا ہے
وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝4	اور وہی نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ۝4
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجا موسیٰ کو
بِاٰيٰتِنَآ	اپنی آیات (معجزات) کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْحَيٰوةَ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	بِلِسَانِ	لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔
الْاٰخِرَةِ	فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔	لِيُبَيِّنَ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	فَيُضِلُّ	ضلالت و گمراہی۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
ضَلٰلٍ	ضلالت و گمراہی۔	يَهْدِيْ	ہدایت، ہادیٔ برحق۔
اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	الْحَكِيْمُ	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
مِنْ	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	بِاٰيٰتِنَآ	آیت، آیات۔

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ❶	عَلَى الْاٰخِرَةِ ❶	وَ	يَصُدُّوْنَ
دنیوی زندگی کو	آخرت پر	اور	وہ سب روکتے ہیں

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ	يَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا
اللہ کے راستے سے	اور	وہ سب تلاش کرتے ہیں اس میں	کجی

أُولٰٓئِكَ ❷	فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿3﴾	وَ	مَآ	اَرْسَلْنَا ❸
یہ لوگ	دور کی گمراہی میں ہیں	اور	نہیں	ہم نے بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ ❹❺	اِلَّا	بِلِسَانِ قَوْمِهٖ	لِيُبَيِّنَ ❻
کوئی رسول	مگر	اس کی قوم کی زبان میں	تاکہ وہ (کھول کر) بیان کرے

لَهُمْ	فَيُضِلُّ ❼	اللّٰهُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْ
ان کے لیے	پھر گمراہ کرتا ہے	اللہ	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے

مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	هُوَ الْعَزِيْزُ ❽	الْحَكِيْمُ ﴿4﴾
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہی نہایت غالب	بہت حکمت والا ہے

وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا ❸	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	موسی کو	اپنی آیات (معجزات) کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ أُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❸ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ	یہ کہ تو نکال اپنی قوم کو تاریکیوں سے
اِلَى النُّوْرِ وَذَكِّرْهُمْ	روشنی کی طرف اور یاد دلا انہیں
بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ	اللہ کے دنوں (احسانات یا پچھلی قوموں کی ہلاکتوں) کو
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿5﴾	ہر انتہائی صابر و شاکر کے لیے۔ ﴿5﴾
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ	اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے
اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	تم یاد کرو اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر
اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	جب اس نے نجات دی تمہیں آل فرعون سے
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ	وہ پہنچاتے تھے تمہیں برا (سخت) عذاب
وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ	اور وہ ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو
وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ	اور زندہ چھوڑتے تھے تمہاری عورتوں (بیٹیوں) کو
وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ	اور اس میں آزمائش تھی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخْرِجْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اَنْجٰىكُمْ : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
الظُّلُمٰتِ : ظلمت، بحر ظلمات، ظلمت شب۔	اٰلِ : آل یاسر، آل محمد، آل واولاد۔
ذَكِّرْهُمْ : ذکر، اذکار، تذکیر۔	سُوْٓءَ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
بِاَيّٰىمِ : یوم، ایام، یوم آخرت۔	يُذَبِّحُوْنَ : ذبح، ذبح خانہ، ذبیحہ، ذبیح اللہ۔
لَاٰيٰتٍ : آیت، آیات۔	اَبْنَآءَكُمْ : ابن قاسم، متبنّٰی، ابن آدم۔
صَبَّارٍ : صبر، صابر۔	يَسْتَحْيُوْنَ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
شَكُوْرٍ : شکر، شاکر، شکر گزار، اظہار تشکر۔	نِسَآءَكُمْ : تربیت نسواں، نسوانیت۔
اذْكُرُوْا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔	بَلَآءٌ : بلا، ابتلاء، مبتلا۔

اَنْ	اَخْرِجْ	قَوْمَكَ ❶	مِنَ الظُّلُمٰتِ ❷	اِلَى النُّوْرِ
یہ کہ	تو نکال	اپنی قوم کو	تاریکیوں سے	روشنی کی طرف

وَ	ذَكِّرْهُمْ ❸	بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ❹
اور	یاد دلا انہیں	اللہ کے دنوں (احسانات) کو	بیشک	اس میں

لَاٰيٰتٍ ❷	لِّكُلِّ	صَبَّارٍ ❺	شَكُوْرٍ ❺ (5)	وَاِذْ	قَالَ
یقیناً نشانیاں ہیں	ہر (اس شخص) کے لیے	(جو) انتہائی صابر	بہت شکر کرنے والا ہو	اور جب	کہا

مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ ❻	عَلَيْكُمْ
موسیٰ نے	اپنی قوم سے	تم سب یاد کرو	اللہ کی نعمت کو	اپنے اوپر

اِذْ	اَنْجٰىكُمْ	مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ
جب	اس نے نجات دی تمہیں	آل فرعون سے	وہ سب پہنچاتے تھے تمہیں

سُوْٓءَ الْعَذَابِ	وَ	يُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَ
بُرا (سخت) عذاب	اور	وہ سب ذبح کرتے تھے	تمہارے بیٹوں کو	اور

يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ ❹❼	بَلَآءٌ
وہ سب زندہ چھوڑتے تھے	تمہاری عورتوں (بیٹیوں) کو	اور	اس میں	آزمائش تھی

ضروری وضاحت

❶ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❹ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، یہاں ضرورتاً ترجمہ اس کیا گیا ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔

ع 1/6/13 مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿6﴾	تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی۔ ﴿6﴾
وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ	اور جب آگاہ کر دیا تمہارے رب نے یقیناً اگر
شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ	تم شکر کرو گے (تو) بلاشبہ ضرور میں تمہیں زیادہ دونگا
يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡيَمِيۡنِ	(کہ) جھکتا ہے اس کا سایہ دائیں طرف سے
وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ	اور بائیں (طرف سے) سجدہ کرتے ہوئے اللہ کو
وَهُمۡ دٰخِرُوۡنَ ﴿48﴾	اس حال میں کہ وہ عاجز ہیں۔ ﴿48﴾
وَلِلّٰهِ يَسۡجُدُ مَا	اور اللہ ہی کو سجدہ کرتی ہے جو (کچھ)
فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ	آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے
مِنۡ دَآبَّةٍ وَّالۡمَلٰۤئِكَةُ	کوئی بھی چلنے والا (جانور) ہو اور فرشتے (بھی)
وَهُمۡ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ﴿49﴾	اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ ﴿49﴾
يَخَافُوۡنَ رَبَّهُمۡ مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ	وہ ڈرتے ہیں اپنے رب سے (جو) ان کے اوپر ہے
وَيَفۡعَلُوۡنَ مَا يُؤۡمَرُوۡنَ ۩ السجدۃ ﴿50﴾	اور وہ کرتے ہیں جو وہ حکم دیے جاتے ہیں۔ ۩ السجدۃ ﴿50﴾ ع 6 10 12 السجدۃ
وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوۡۤا	اور اللہ نے کہا تم مت بناؤ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَرَوۡا	مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔
اِلٰى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
خَلَقَ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
ظِلٰلُهٗ	ظل سبحانی، ظل ہما۔
الۡيَمِيۡنِ	یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔
سُجَّدًا	سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض و سما۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ	تکبر، متکبر، تکبّرانہ انداز۔
يَخَافُوۡنَ	خوف، خائف۔
فَوۡقِهِمۡ	فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
يَفۡعَلُوۡنَ	فعل، فاعل، مفعول۔
يُؤۡمَرُوۡنَ	امر، آمر، مامور، امارت۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَتَّخِذُوۡۤا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

اَوَلَمۡ	يَرَوۡا ❶	اِلٰى	مَا	خَلَقَ اللّٰهُ	مِنۡ شَيۡءٍ ❷
اور کیا نہیں	انہوں نے دیکھا	(اسکی) طرف	جو	اللہ نے پیدا کیا	کسی چیز سے

يَّتَفَيَّؤُا	ظِلٰلُهٗ	عَنِ الۡيَمِيۡنِ	وَ	الشَّمَآئِلِ
وہ جھکتا ہے	اس کا سایہ	دائیں طرف سے	اور	بائیں

سُجَّدًا	لِّلّٰهِ	وَهُمۡ	دٰخِرُوۡنَ (48)	وَ	لِلّٰهِ
سجدہ کرتے ہوئے	اللہ کو	اس حال میں کہ وہ	سب عاجز ہیں	اور	اللہ کو

يَسۡجُدُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❸	وَمَا	فِي الۡاَرۡضِ
وہ سجدہ کرتی ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں

مِنۡ دَآبَّةٍ ❸❹❷	وَّ	الۡمَلٰٓئِكَةُ ❺	وَهُمۡ	لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ❻ (49)
کوئی بھی چلنے والا ہو	اور	فرشتے (بھی)	اور وہ	نہیں وہ سب تکبر کرتے

يَخَافُوۡنَ	رَبَّهُمۡ	مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ ❹	وَ	يَفۡعَلُوۡنَ
وہ سب ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	(جو) ان کے اوپر ہے	اور	وہ سب کرتے ہیں

ع 6 10 12

مَا	يُؤۡمَرُوۡنَ ❼ (50)	وَ	قَالَ	اللّٰهُ	لَا تَتَّخِذُوۡٓا
جو	وہ سب حکم دیے جاتے ہیں	اور	کہا	اللہ نے	تم سب مت بناؤ

ضروری وضاحت

❶ یَ کا ترجمہ وہ ہوتا ہے اور علامت لَمۡ کی موجودگی میں کبھی ترجمہ انہوں نے بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❼ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	دو معبود یقیناً صرف وہ ایک معبود ہے
فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿51﴾	سو مجھ سے ہی پس ڈرو۔ ﴿51﴾
وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے
وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ	اور اسی کی ہی اطاعت ہے ہمیشہ
اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿52﴾	تو کیا اللہ کے علاوہ سے تم ڈرتے ہو۔ ﴿52﴾
وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ	اور جو تمہارے پاس کوئی نعمت ہے
فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ	تو (وہ) اللہ کی طرف سے ہے پھر جب پہنچے تمہیں
الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿53﴾ ۚ	تکلیف تو اسی کی طرف تم آہ و زاری کرتے ہو۔ ﴿53﴾ ۚ
ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ	پھر جب وہ دور کر دیتا ہے تم سے تکلیف کو
اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ	(تو) اچانک ایک گروہ تم میں سے
بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿54﴾ ۙ	اپنے رب کے ساتھ شریک بنانے لگتے ہیں۔ ﴿54﴾ ۙ
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ	تاکہ وہ ناشکری کریں (اُن نعمتوں) کی جو ہم نے دی انہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰهَيْنِ	الٰہ العالمین، الوہیت، اللّٰہ۔	مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اثْنَيْنِ	ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔	نِّعْمَةٍ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
وَّاحِدٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	مَسَّكُمُ	مس، مساس۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	الضُّرُّ	مضر صحت، ضرر رساں۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	فَاِلَيْهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	كَشَفَ	انکشاف، منکشف، مکاشفہ۔
تَتَّقُوْنَ	تقوٰی، متقی۔	فَرِيْقٌ	فریق، فریقین، تفریق۔
بِكُمْ	بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	لِيَكْفُرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

اِلٰهَيۡنِ اثۡنَيۡنِ ۚ ❶	اِنَّمَا ❷	هُوَ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	فَاِيَّايَ
دو معبود	یقیناً صرف	وہ	ایک معبود	پس صرف مجھ سے

فَارۡهَبُوۡنِ ❸ ﴿51﴾	وَ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❹	وَالۡاَرۡضِ
پس سب ڈرو مجھ سے	اور	اسی کا	جو	آسمانوں میں	اور زمین (میں)

وَ	لَهُ	الدِّيۡنُ	وَاصِبًا ؕ	اَ	فَغَيۡرَ اللّٰهِ	تَتَّقُوۡنَ ﴿52﴾
اور	اسی کی	اطاعت ہے	ہمیشہ	کیا	پس اللہ کے علاوہ	تم سب ڈرتے ہو

وَمَا	بِكُمۡ ❺	مِّنۡ نِّعۡمَةٍ ❹❻	فَمِنَ اللّٰهِ	ثُمَّ اِذَا	مَسَّكُمُ
اور جو	تمہارے ساتھ (پاس)	کسی نعمت سے	تو (وہ) اللہ کی طرف سے	پھر جب	پہنچے تمہیں

الضُّرُّ	فَاِلَيۡهِ	تَجۡـَٔرُوۡنَ ۚ ﴿53﴾	ثُمَّ اِذَا	كَشَفَ
تکلیف	تو اسی کی طرف	تم سب آہ وزاری کرتے ہو	پھر جب	وہ دور کر دیتا ہے

الضُّرَّ ❼	عَنۡكُمۡ	اِذَا	فَرِيۡقٌ ❻	مِّنۡكُمۡ	بِرَبِّهِمۡ
تکلیف کو	تم سے	(تو) اچانک	ایک گروہ	تم میں سے	اپنے رب کیساتھ

يُشۡرِكُوۡنَ ۙ ﴿54﴾	لِيَكۡفُرُوۡا	بِمَاۤ ❺	اٰتَيۡنٰهُمۡ ؕ
وہ سب شریک بناتے ہیں	تاکہ وہ سب ناشکری کریں	(اُن) کی جو	ہم نے دی انہیں

ضروری وضاحت

❶ يۡنِ اور اِثۡنَيۡنِ دونوں کا ترجمہ دو ہے اس لیے ملا کر ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❷ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے ❸ یہ دراصل فَارۡهَبُوۡنِيۡ تھا اسکے آخر سے يۡ گر گئی ہے۔ ❹ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❼ اگر فعل کے بعد زبر والا اسم ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

فَتَمَتَّعُوْا ۗ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿55﴾	سو تم فائدہ اٹھالو، پس عنقریب تم جان لوگے۔ ﴿55﴾
وَ يَجْعَلُوْنَ لِمَا	اور (مقرر) کرتے ہیں (ان معبودوں) کے لیے جن
لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا	(کے بارے میں) وہ نہیں جانتے ایک حصہ
مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ	اس میں سے جو ہم نے دیا انہیں
تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ	اللہ کی قسم! ضرور بالضرور تم پوچھے جاؤ گے
عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿56﴾	اسکے بارے میں جو تم جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿56﴾
وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ	اور وہ ٹھہراتے ہیں اللہ کے لیے بیٹیاں
سُبْحٰنَهٗ ۙ وَ لَهُمْ	وہ پاک ہے (اولاد سے) اور اپنے لیے وہ
مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿57﴾ وَ اِذَا	جو وہ چاہتے ہیں (یعنی بیٹے)۔ ﴿57﴾ اور جب
بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى	خوشخبری دی جائے ان میں سے کسی ایک کو بیٹی کی
ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا	(تو) ہو جاتا ہے اس کا چہرہ سیاہ
وَّ هُوَ كَظِيْمٌ ﴿58﴾ ج	اس حال میں کہ وہ غم سے بھرا ہوتا ہے۔ ﴿58﴾ ج

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَمَتَّعُوْا	متاع کارواں، مال و متاع۔	الْبَنٰتِ	بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔
تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	سُبْحٰنَهٗ	سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
لِمَا (لِ+مَا)	لہٰذا، الحمدللہ/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	يَشْتَهُوْنَ	شہوت نفسانی، اشتہاء۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	بُشِّرَ	بشارت، مبشر، بشیر۔
نَصِيْبًا	نصیب اپنا اپنا، خوش نصیب، بدنصیب۔	اَحَدُهُمْ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
رَزَقْنٰهُمْ	رزق، رزّاق، رازق۔	بِالْاُنْثٰى	مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔
لَتُسْـَٔلُنَّ	سوال، سائل، مسئول۔	وَجْهُهٗ	وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔
تَفْتَرُوْنَ	افترا پردازی، مفتری۔	مُسْوَدًّا	اسود و احمر، حجر اسود، مسودہ۔

فَتَمَتَّعُوْا قف	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ (55)	وَ	يَجْعَلُوْنَ
سوتم سب فائدہ اٹھالو	پس عنقریب	تم سب جان لوگے	اور	وہ سب (مقرر) کرتے ہیں

لِمَا	لَا يَعْلَمُوْنَ ❶	نَصِيْبًا	مِّمَّا ❷
(ان) کے لیے جن کو	نہیں وہ سب جانتے	حصہ	(اس) میں سے جو

رَزَقْنٰهُمْ ط	تَاللّٰهِ ❸	لَتُسْـَٔلُنَّ ❹	عَمَّا ❺
ہم نے دیا انہیں	اللہ کی قسم!	ضرور بالضرور تم پوچھے جاؤ گے	اسکے بارے میں جو

كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ❻ (56)	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	الْبَنٰتِ ❼
تم سب جھوٹ باندھتے تھے	اور	وہ سب ٹھہراتے ہیں	اللہ کے لیے	بیٹیاں

سُبْحٰنَهٗ لا	وَ	لَهُمْ	مَّا	يَشْتَهُوْنَ (57)
وہ پاک ہے	اور	اپنے لیے	جو	وہ سب چاہتے ہیں

وَ	اِذَا	بُشِّرَ ❽	اَحَدُهُمْ	بِالْاُنْثٰى	ظَلَّ
اور	جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے کسی ایک کو	بیٹی کی	ہوجاتا ہے

وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَّ	هُوَ	كَظِيْمٌ ج (58)
اس کا چہرہ	سیاہ	اس حال میں کہ	وہ	غم سے بھرا ہوا

ضروری وضاحت

❶ شروع میں لَا اور آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ جب لفظ اللّٰہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ شروع میں علامت لَ اور آخر میں نَّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❺ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ❻ تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❼ اسم کے آخر میں ات جمع مونث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ	وہ چھپتا پھرتا ہے قوم سے اس برائی (کی وجہ) سے
مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ	جس کی اس کو خوشخبری دی گئی
اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ	کیا وہ روک رکھے اسے ذلت پر
اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ	یا گاڑ (دبا) دے اسے مٹی میں
اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿59﴾	آگاہ رہو! بُرا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔﴿59﴾
لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ	ان لوگوں کے لیے جو ایمان نہیں رکھتے
بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ	آخرت پر، بری مثال ہے
وَ لِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ	اور اللہ کے لیے سب سے اعلیٰ مثال ہے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿60﴾ ع	اور وہی بہت غالب، خوب حکمت والا ہے۔﴿60﴾ ع
وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ	اور اگر پکڑے اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کی وجہ سے
مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ	(تو) نہ چھوڑے اس (زمین) پر کوئی چلنے والا (جاندار)
وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ	اور لیکن وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں ایک وقت مقرر تک

ع 7/10/13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَلْحَكِيْمُ	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
سُوْٓءِ	علمائے سوء، اعمال سیّئہ، سوء ظن۔	يُؤَاخِذُ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
بُشِّرَ	بشارت، مبشر، بشیر۔	بِظُلْمِهِمْ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَرَكَ	ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلوٰۃ۔
هُوْنٍ	توہین، اہانت، توہین آمیز رویہ۔	يُّؤَخِّرُهُمْ	مؤخر، تاخیر، آخری۔
التُّرَابِ	تربت (مٹی)۔	اِلٰٓى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يَحْكُمُوْنَ	حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔	اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
يُؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	مُّسَمًّى	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔

يَتَوَارٰى	مِنَ الْقَوْمِ	مِنْ سُوْٓءِ	مَا	بُشِّرَ ❶	بِهٖ ط
وہ چھپتا پھرتا ہے	قوم سے	برائی سے	جو	خوشخبری دی گئی	اس کو

اَ	يُمْسِكُهٗ	عَلٰى هُوْنٍ	اَمْ	يَدُسُّهٗ	فِي التُّرَابِ ط
کیا	وہ روک رکھے اسے	ذلت پر	یا	وہ گاڑ (دبا) دے اسے	مٹی میں

اَلَا	سَآءَ	مَا	يَحْكُمُوْنَ (59)	لِلَّذِيْنَ	لَا
آگاہ رہو!	بُرا ہے	جو	وہ سب فیصلہ کرتے ہیں	ان لوگوں کے لیے جو	نہیں

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ ❷	مَثَلُ	السَّوْءِ ج	وَ	لِلّٰهِ	الْمَثَلُ
وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	مثال	بری	اور	اللہ کے لیے	مثال

ع 7 10 13

الْاَعْلٰى ❸ ط	وَ	هُوَ الْعَزِيْزُ ❹❺	الْحَكِيْمُ ❺ (60) ع	وَ	لَوْ
سب سے اعلیٰ	اور	وہی بہت غالب	خوب حکمت والا ہے	اور	اگر

يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ	النَّاسَ	بِظُلْمِهِمْ	مَّا	تَرَكَ	عَلَيْهَا
وہ پکڑے	اللہ	لوگوں کو	ان کے ظلم کی وجہ سے	(تو) نہ	چھوڑے	اس (زمین) پر

مِنْ دَآبَّةٍ ❻❷❼	وَّلٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ	اِلٰٓى اَجَلٍ ❼	مُّسَمًّى ج
کوئی چلنے والا	اور لیکن	وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں	ایک وقت تک	مقرر

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ	پھر جب آ جاتا ہے ان کا وقت
لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً	(تو) نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں ایک گھڑی
وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿61﴾	اور نہ وہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔ ﴿61﴾
وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ	اور وہ ٹھہراتے ہیں اللہ کے لیے
مَا يَكْرَهُوْنَ	جسے وہ (خود) ناپسند کرتے ہیں
وَ تَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ	اور بیان کرتی ہیں ان کی زبانیں جھوٹ
اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ	کہ بیشک اُن کے لیے بھلائی ہے، کوئی شک نہیں
اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَ اَنَّهُمْ	کہ بلاشبہ ان کے لیے آگ ہے، اور بیشک وہ
مُّفْرَطُوْنَ ﴿62﴾	(اس میں) سب سے آگے بھیجے جانے والے ہیں۔ ﴿62﴾
تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ	اللہ کی قسم! بلاشبہ یقیناً ہم نے (رسول) بھیجے
اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ	امتوں کی طرف آپ سے پہلے
فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ	تو خوش نما بنا دیا ان کے لیے شیطان نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَجَلُهُمْ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	الْكَذِبَ	کذب بیانی، کذاب۔
يَسْتَاْخِرُوْنَ	مؤخر، تاخیر، آخری۔	الْحُسْنٰى	حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
سَاعَةً	ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔	النَّارَ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	اَرْسَلْنَآ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
يَسْتَقْدِمُوْنَ	قدم، خیر مقدم، اقدام۔	اُمَمٍ	امت، امم سابقہ، امت محمدیہ۔
يَكْرَهُوْنَ	کراہت، مکروہ، مکروہات۔	مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
تَصِفُ	وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔	قَبْلِكَ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
اَلْسِنَتُهُمْ	لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔	فَزَيَّنَ	مزین، تزئین وآرائش۔

فَاِذَا ❶	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ
پھر جب	آجائے	ان کا وقت	(تو) نہ	وہ سب پیچھے رہ سکتے ہیں

سَاعَةً ❷❸	وَّ	لَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ (61)	وَ	يَجْعَلُوْنَ
ایک گھڑی	اور	نہ	وہ سب آگے بڑھ سکتے ہیں	اور	وہ سب ٹھہراتے ہیں

لِلّٰهِ	مَا	يَكْرَهُوْنَ	وَ	تَصِفُ ❷	اَلْسِنَتُهُمُ
اللہ کے لیے	جسے	وہ سب ناپسند کرتے ہیں	اور	بیان کرتی ہیں	ان کی زبانیں

الْكَذِبَ	اَنَّ	لَهُمُ	الْحُسْنٰى ❷ ط	لَا جَرَمَ ❹
جھوٹ	کہ بیشک	ان کے لیے	بھلائی	کوئی شک نہیں

اَنَّ	لَهُمُ	النَّارَ	وَ	اَنَّهُمْ	مُّفْرَطُوْنَ ❺ (62)
کہ بلاشبہ	ان کے لیے	آگ	اور	بیشک وہ	سب آگے بھیجے جانے والے

تَاللّٰهِ ❻	لَقَدْ	اَرْسَلْنَآ ❼	اِلٰٓى اُمَمٍ
اللہ کی قسم!	بلاشبہ یقیناً	ہم نے (رسول) بھیجے	اُمتوں کی طرف

مِّنْ قَبْلِكَ	فَزَيَّنَ ❶	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ
آپ سے پہلے	تو خوش نما بنا دیا	ان کے لیے	شیطان نے

ضروری وضاحت

❶ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❷ ـِی، ةَ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❺ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ جب لفظ اللہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

اَعۡمَالَهُمۡ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الۡيَوۡمَ	ان کے اعمال کو سو وہی آج ان کا دوست ہے
وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿63﴾	اور ان کے لیے بہت دردناک عذاب ہے۔ ﴿63﴾
وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ	اور نہیں ہم نے نازل کی آپ پر کتاب (قرآن)
اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ	مگر تا کہ آپ واضح کر دیں ان کے لیے
الَّذِى اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ ۙ	جس میں انہوں نے اختلاف کیا
وَهُدًى وَّرَحۡمَةً	اور (تا کہ وہ) ہدایت اور رحمت ہو
لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿64﴾	اس قوم کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿64﴾
وَاللّٰهُ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	اور اللہ نے نازل کیا آسمان سے کچھ پانی
فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ	پھر زندہ کیا اس کے ذریعے زمین کو
بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ	اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	بیشک اس میں یقیناً نشانی ہے
لِّقَوۡمٍ يَّسۡمَعُوۡنَ ﴿65﴾ ع	اس قوم کے لیے (جو غور سے) سنتے ہیں۔ ﴿65﴾ ع

ع 8 5 14

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعۡمَالَهُمۡ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	رَحۡمَةً	رحمت، رحم، مرحوم۔
وَلِيُّهُمُ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	يُّؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
اَلِيۡمٌ	الم ناک حادثہ، عذاب الیم۔	السَّمَآءِ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
اَنۡزَلۡنَا	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	مَآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔
الۡكِتٰبَ	کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	فَاَحۡيَا	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
لِتُبَيِّنَ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مَوۡتِهَا	موت وحیات، سماع موتی، میت۔
اخۡتَلَفُوۡا	اختلاف، مختلف، مخالف، اختلافات۔	لَاٰيَةً	آیت قرآنی، آیات۔
هُدًى	ہدایت، ہادی برحق، ہادی کائنات۔	يَّسۡمَعُوۡنَ	سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔

اَعۡمَالَهُمۡ	فَهُوَ 1	وَلِيُّهُمُ	الۡيَوۡمَ	وَ	لَهُمۡ
ان کے اعمال	سو وہی	ان کا دوست	آج	اور	ان کے لیے

عَذَابٌ	اَلِيۡمٌ (63)	وَ	مَآ	اَنۡزَلۡنَا 2	عَلَيۡكَ
عذاب	بہت دردناک	اور	نہیں	ہم نے نازل کی	آپ پر

الۡكِتٰبَ	اِلَّا	لِتُبَيِّنَ 3	لَهُمُ	الَّذِى
کتاب	مگر	تاکہ آپ واضح کردیں	ان کے لیے	جو

اخۡتَلَفُوۡا	فِيۡهِ ۙ	وَ	هُدًى	وَّ	رَحۡمَةً 4	لِّقَوۡمٍ 3
ان سب نے اختلاف کیا	اس میں	اور	ہدایت	اور	رحمت	قوم کے لیے

يُّؤۡمِنُوۡنَ (64)	وَ	اللّٰهُ	اَنۡزَلَ 2	مِنَ السَّمَآءِ
وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور	اللہ نے	نازل کیا	آسمان سے

مَآءً 5	فَاَحۡيَا 1	بِهِ 6	الۡاَرۡضَ	بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ
کچھ پانی	پھر زندہ کیا	اسکے ذریعے	زمین کو	اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد

ع 8 5 14

اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ 7	لَاٰيَةً 4	لِّقَوۡمٍ 3	يَّسۡمَعُوۡنَ (65) ع
بیشک	اس میں	یقیناً نشانی ہے	قوم کے لیے	وہ سب سنتے ہیں

ضروری وضاحت

1 فَ کا ترجمہ کبھی پس، پھر، تو اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔ 2 شروع میں أ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اُترا، اَنۡزَلَ: اُتارا۔ 3 علامت لِ اسم کے شروع میں ہو تو ترجمہ کے لیے اور فعل کے شروع میں ترجمہ تاکہ یا چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ 4 ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ 5 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ 6 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ 7 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، اس بھی کردیا جاتا ہے۔

وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ	اور بے شک تمہارے لیے چوپاؤں میں
لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ	یقیناً بڑی عبرت ہے، ہم پلاتے ہیں تمہیں
مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهٖ	اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے
مِنۡۢ بَيۡنِ فَرۡثٍ وَّدَمٍ	(یعنی) گوبر اور خون کے درمیان سے
لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا	خالص دودھ (جو) حلق سے آسانی سے اُتر جانیوالا ہے
لِّلشّٰرِبِيۡنَ ﴿66﴾	پینے والوں کے لیے۔ ﴿66﴾
وَمِنۡ ثَمَرٰتِ النَّخِيۡلِ وَالۡاَعۡنَابِ	اور کھجوروں اور انگوروں کے پھلوں سے (بھی)
تَتَّخِذُوۡنَ مِنۡهُ سَكَرًا	(کہ) تم بناتے ہو اس سے نشہ آور چیزیں
وَّرِزۡقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	اور اچھا رزق، بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے
لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿67﴾	اس قوم کے لیے (جو) سمجھتے ہیں۔ ﴿67﴾
وَاَوۡحٰى رَبُّكَ	اور الہام کیا تیرے رب نے
اِلَى النَّحۡلِ اَنِ اتَّخِذِىۡ	شہد کی مکھی کی طرف کہ تو بنا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	ثَمَرٰتِ	ثمر، ثمرات۔
لَعِبۡرَةً	نشانِ عبرت، عبرتناک، عبرت آموز۔	تَتَّخِذُوۡنَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
نُسۡقِيۡكُمۡ	ساقی، ساقیٔ کوثر۔	رِزۡقًا	رزق، رزّاق، رازق۔
بُطُوۡنِهٖ	بطنِ مادر۔	حَسَنًا	حسنہ، حسنات، قرضِ حسنہ۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لَاٰيَةً	آیت، آیاتِ قرآنی۔
بَيۡنِ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	يَّعۡقِلُوۡنَ	عقل، عاقل، معقول۔
خَالِصًا	خالص، خلوص، مخلص۔	اَوۡحٰى	وحی، وحیٔ متلو۔
لِّلشّٰرِبِيۡنَ	شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔	اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

وَاِنَّ	لَكُمْ ❶	فِي الْاَنْعَامِ	لَعِبْرَةً ❷ؕ	نُسْقِيْكُمْ
اور بیشک	تمہارے لیے	چوپاؤں میں	یقیناً عبرت	ہم پلاتے ہیں تمہیں

مِّمَّا ❸	فِيْ بُطُوْنِهٖ	مِنْۢ بَيْنِ	فَرْثٍ	وَّدَمٍ
(اس) میں سے جو	ان کے پیٹوں میں	درمیان سے	گوبر	اور خون

لَّبَنًا	خَالِصًا	سَآئِغًا ❹	لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿66﴾
دودھ	خالص	(جو) حلق سے آسانی سے اُتر جانیوالا ہے	پینے والوں کے لیے

وَ	مِنْ ثَمَرٰتِ ❷	النَّخِيْلِ	وَ	الْاَعْنَابِ
اور	پھلوں سے	کھجوروں	اور	انگوروں کے

تَتَّخِذُوْنَ	مِنْهُ	سَكَرًا	وَّ	رِزْقًا	حَسَنًا ؕ
تم سب بناتے ہو	اس سے	نشہ آور چیزیں	اور	رزق	اچھا

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ❺	لَاٰيَةً ❷	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ ﴿67﴾
بے شک	اس میں	یقیناً نشانی	قوم کے لیے	وہ سب سمجھتے ہیں

وَ	اَوْحٰى	رَبُّكَ ❻	اِلَى النَّحْلِ	اَنِ	اتَّخِذِيْ ❼
اور	الہام کیا	تیرے رب نے	شہد کی مکھی کی طرف	کہ	تو (مؤنث) بنا

ضروری وضاحت

❶ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ ❷ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں یْ ہو تو اس میں واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ	پہاڑوں میں گھر اور درختوں میں
وَ مِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿68﴾	اور ان میں جن (چھپروں) پر یہ لوگ بیلیں چڑھاتے ہیں۔ ﴿68﴾
ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ	پھر تو کھا ہر قسم کے پھلوں سے
فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ	پھر تو چل اپنے رب کے راستوں پر
ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ	(جو) مسخر کیے ہوئے ہیں، نکلتی ہے
مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ	انکے پیٹوں سے پینے کی ایک چیز
مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ	مختلف ہیں اس کے رنگ
فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ	اس میں شفاء ہے لوگوں کے لیے
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے
لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿69﴾	اس قوم کے لیے (جو) غور وفکر کرتے ہیں۔ ﴿69﴾
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙۚ	اور اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ فوت کرتا ہے تمہیں
وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ	اور تم میں سے (کوئی وہ ہے) جو لوٹایا جاتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْجِبَالِ	جبل اُحد، جبل رحمت۔	بُطُوْنِهَا	بطن مادر۔
بُيُوْتًا	بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	شَرَابٌ	شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔
الشَّجَرِ	شجر، اشجار، شجرکاری، شجر ممنوعہ۔	اَلْوَانُهٗ	متلون مزاج (رنگین)۔
كُلِيْ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	شِفَآءٌ	شفاء، ہوالشافی، شفاء کاملہ۔
الثَّمَرٰتِ	ثمر، ثمرات۔	يَّتَفَكَّرُوْنَ	فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
فَاسْلُكِيْ	مسلک، سلوک، مسالک۔	خَلَقَكُمْ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
سُبُلَ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	يَتَوَفّٰىكُمْ	فوت، وفات، فوتگی، متوفّٰی۔
يَخْرُجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	يُّرَدُّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔

مِنَ الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	وَّ	مِنَ الشَّجَرِ	وَ
پہاڑوں سے	گھر	اور	درختوں سے	اور

مِمَّا ❶	يَعْرِشُوْنَ ﴿68﴾	ثُمَّ	كُلِىْ ❷❸	مِنْ كُلِّ
(ان) سے جن (چھپروں پر)	یہ سب لوگ بیلیں چڑھاتے ہیں	پھر	تو کھا	ہر (قسم) سے

الثَّمَرٰتِ ❹	فَاسْلُكِىْ ❺❸	سُبُلَ	رَبِّكِ	ذُلُلًا
پھل	پھر تو چل	راستے	اپنے رب کے	(جو) مسخر کیے ہوئے ہیں

يَخْرُجُ	مِنْ بُطُوْنِهَا	شَرَابٌ ❻	مُّخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ
وہ نکلتی ہے	انکے پیٹوں سے	پینے کی ایک چیز	مختلف ہیں	اس کے رنگ

فِيْهِ	شِفَآءٌ	لِّلنَّاسِ	اِنَّ	فِىْ ذٰلِكَ ❼	لَاٰيَةً ❹
اس میں	شفاء ہے	لوگوں کے لیے	بے شک	اس میں	یقیناً نشانی ہے

لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿69﴾	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ
قوم کے لیے	وہ سب غوروفکر کرتے ہیں	اور اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں

ثُمَّ	يَتَوَفّٰكُمْ	وَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ ❽
پھر	وہ فوت کرتا ہے تمہیں	اور	تم میں سے	جو	وہ لوٹایا جاتا ہے

ضروری وضاحت

❶ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ یہ دراصل اُءْكُلِىْ تھا، آسانی کے لیے شروع والے دونوں ہمزے گرادیے گیے ہیں۔ ❸ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں ىْ ہو تو واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❺ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کردیا جاتا ہے۔ ❽ اگر يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِلٰٓى اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ	ناکارہ عمر (بڑھاپے) کی طرف
لِكَىۡ لَا يَعۡلَمَ بَعۡدَ عِلۡمٍ شَيۡـًٔا ؕ	تاکہ وہ نہ جانے جان لینے کے بعد کچھ بھی
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ ﴿70﴾ ع 9/5/15	بیشک اللہ خوب علم والا، بہت قدرت والا ہے۔ ﴿70﴾
وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعۡضَكُمۡ	اور اللہ نے فضیلت دی تمہارے بعض کو
عَلٰى بَعۡضٍ فِى الرِّزۡقِ ۚ فَمَا الَّذِيۡنَ	بعض پر رزق میں، تو نہیں ہیں وہ لوگ جو
فُضِّلُوۡا بِرَآدِّىۡ رِزۡقِهِمۡ	فضیلت دیے گئے ہرگز لوٹانے والے اپنا رزق
عَلٰى مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ	(ان غلاموں) پر جن کے مالک بنے انکے دائیں ہاتھ
فَهُمۡ فِيۡهِ سَوَآءٌ ؕ	(کہ) پس وہ ہوں اس (رزق) میں برابر
اَفَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ يَجۡحَدُوۡنَ ﴿71﴾	تو کیا اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔ ﴿71﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ	اور اللہ ہی نے بنائیں تمہارے لیے
مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا	تمہارے نفسوں میں سے بیویاں
وَّجَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ	اور اس نے بنائے تمہارے لیے تمہاری بیویوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰٓى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَرۡذَلِ	: رذیل، رذالت۔
الۡعُمُرِ	: عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَعۡلَمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
قَدِيۡرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
فَضَّلَ	: فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
بَعۡضَكُمۡ	: بعض الناس، بعض اوقات۔
الرِّزۡقِ	: رزق، رزّاق، رازق۔
بِرَآدِّىۡ	: رد، مردود، تردید، مرتد۔
مَلَكَتۡ	: مالک، ملکیت۔
اَيۡمَانُهُمۡ	: یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔
سَوَآءٌ	: مساوی، مساوات، خطِ استواء۔
اَفَبِنِعۡمَةِ	: نعمت، انعام، منعمِ حقیقی۔
اَنۡفُسِكُمۡ	: نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفس۔
اَزۡوَاجًا	: زوجہ، زوجین، ازواجِ مطہرات۔

اِلٰۤى اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ ❶	لِكَىۡ	لَا	يَعۡلَمَ	بَعۡدَ عِلۡمٍ
ناکارہ عمر کی طرف	اس لیے تاکہ	نہ	وہ جانے	علم کے بعد

ع 9 5 15

شَيۡـًٔا ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيۡمٌ ❷	قَدِيۡرٌ ❷ ﴿70﴾	وَاللّٰهُ
کچھ بھی	بیشک	اللہ	خوب علم والا	بہت قدرت والا ہے	اور اللہ

فَضَّلَ	بَعۡضَكُمۡ	عَلٰى بَعۡضٍ	فِى الرِّزۡقِ ۚ	فَمَا
اس نے فضیلت دی	تمہارے بعض کو	بعض پر	رزق میں	تو نہیں

الَّذِيۡنَ	فُضِّلُوۡا ❸	بِرَآدِّىۡ ❹❺	رِزۡقِهِمۡ	عَلٰى مَا	مَلَكَتۡ ❻
وہ لوگ جو	سب فضیلت دیے گئے	ہرگز لوٹانے والے	اپنا رزق	(اُن) پر جو	مالک بنے

اَيۡمَانُهُمۡ	فَهُمۡ	فِيۡهِ	سَوَآءٌ ؕ	اَ	فَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ ❻
انکے دائیں ہاتھ	پس وہ	اس میں	برابر	کیا	پس اللہ کی نعمت کا

يَجۡحَدُوۡنَ ﴿71﴾	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَـكُمۡ	مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ
وہ سب انکار کرتے ہیں	اور اللہ نے	بنایا	تمہارے لیے	تمہارے نفسوں میں سے

اَزۡوَاجًا	وَّ	جَعَلَ	لَـكُمۡ	مِّنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ
بیویاں	اور	اس نے بنائے	تمہارے لیے	تمہاری بیویوں سے

ضروری وضاحت

❶ ناکارہ عمر سے مراد بڑھاپا ہے اور نبی اکرم ﷺ نے اس سے پناہ مانگی ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❺ یْ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ علامت تْ اور ۃ مونث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

بَنِيْنَ وَ حَفَدَةً	بیٹے اور پوتے
وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ	اور اس نے رزق دیا تمہیں پاکیزہ چیزوں سے
اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ	تو کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں
وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۙ﴿72﴾	اور اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔﴿72﴾
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اور وہ عبادت کرتے ہیں اللہ کے سوا کی
مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا	جو نہیں اختیار رکھتے ان کے لیے رزق کا
مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْئًا	آسمانوں سے اور (نہ) زمین سے کچھ بھی
وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۚ﴿73﴾	اور نہ وہ طاقت رکھتے ہیں۔﴿73﴾
فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ	پس مت بیان کرو اللہ کے لیے مثالیں
اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿74﴾	بیشک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔﴿74﴾
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اللہ نے ایک مثال بیان کی
عَبْدًا مَّمْلُوْكًا	ایک (ایسے) غلام کی (جو) کسی کی ملکیت ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَنِيْنَ	ابن قاسم، متنبّی، ابن سینا، ابن بطوطہ۔	يَعْبُدُوْنَ	عبادت، عابد، معبود۔
رَزَقَكُمْ	رزق، رزّاق، رازق۔	مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مِّنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَمْلِكُ	مالک، ملکیت۔
الطَّيِّبٰتِ	طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔	السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
اَفَبِالْبَاطِلِ	باطل، ادیان باطلہ۔	الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
يُؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	يَسْتَطِيْعُوْنَ	استطاعت، حسب استطاعت۔
بِنِعْمَةِ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	تَضْرِبُوْا	ضرب المثل، ضرب الامثال۔
يَكْفُرُوْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	يَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

بَنِيۡنَ	وَ	حَفَدَةً ❶	وَّ	رَزَقَكُمۡ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ❷
بہت سے بیٹے	اور	پوتے	اور	اس نے رزق دیا تمہیں	پاکیزہ چیزوں سے

اَ	فَبِالۡبَاطِلِ	يُؤۡمِنُوۡنَ	وَ	بِنِعۡمَتِ اللّٰهِ ❷
کیا	پس باطل پر	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور	اللہ کی نعمت کا

هُمۡ يَكۡفُرُوۡنَ ❸ (72)	وَ	يَعۡبُدُوۡنَ	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ❹
وہ سب انکار کرتے ہیں	اور	وہ سب عبادت کرتے ہیں	اللہ کے سوا

مَا	لَا يَمۡلِكُ	لَهُمۡ	رِزۡقًا	مِّنَ السَّمٰوٰتِ ❷	وَالۡاَرۡضِ
جو	نہیں وہ اختیار رکھتے	ان کے لیے	رزق	آسمانوں سے	اور زمین

شَيۡـًٔا	وَّ	لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ ❺ (73)	فَلَا تَضۡرِبُوۡا ❻
کچھ بھی	اور	نہ وہ سب طاقت رکھتے ہیں	پس مت تم سب بیان کرو

لِلّٰهِ	الۡاَمۡثَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعۡلَمُ	وَ	اَنۡتُمۡ
اللہ کے لیے	مثالیں	بیشک	اللہ	وہ جانتا ہے	اور	تم

لَا تَعۡلَمُوۡنَ ❺ (74)	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا ❼	عَبۡدًا ❼	مَّمۡلُوۡكًا
نہیں تم سب جانتے	بیان کی	اللہ نے	ایک مثال	ایک غلام کی	ملکیت ہے

ضروری وضاحت

❶ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❷ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ هُمۡ اور يـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لفظ دُوۡنَ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

❼ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

لَّا يَقۡدِرُ عَلٰى شَیۡءٍ	وہ قدرت نہیں رکھتا کسی چیز پر
وَّمَنۡ رَّزَقۡنٰهُ مِنَّا	اور (دوسرا وہ شخص کہ) جس کو ہم نے دیا اپنی طرف سے
رِزۡقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنۡفِقُ مِنۡهُ	اچھا رزق، تو وہ خرچ کرتا ہے اس میں سے
سِرًّا وَّجَهۡرًا ؕ هَلۡ يَسۡتَوٗنَ ؕ	پوشیدہ طور پر اور ظاہری طور پر، کیا وہ برابر ہیں
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ	سب تعریف اللہ کے لیے ہے
بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿75﴾	بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿75﴾
وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اور بیان کی اللہ نے ایک (اور) مثال
رَّجُلَيۡنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبۡكَمُ	دو آدمی ہیں ان دونوں میں سے ایک گونگا ہے
لَا يَقۡدِرُ عَلٰى شَیۡءٍ وَّهُوَ كَلٌّ	نہیں قدرت رکھتا کسی چیز پر اور وہ بوجھ ہے
عَلٰى مَوۡلٰهُ ۙ اَيۡنَمَا يُوَجِّهْهُّ	اپنے مالک پر، جہاں کہیں وہ بھیجتا ہے اسے
لَا يَاۡتِ بِخَيۡرٍ ؕ هَلۡ يَسۡتَوِیۡ هُوَ ۙ	نہیں وہ لاتا کوئی بھلائی، کیا برابر ہے وہ
وَمَنۡ يَّاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ ۙ	اور جو حکم دیتا ہے عدل کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَقۡدِرُ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	يَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
رَّزَقۡنٰهُ	رزق، رزّاق، رازق۔	ضَرَبَ	ضرب المثل، ضرب الامثال۔
حَسَنًا	حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔	مَثَلًا	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يُنۡفِقُ	نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	رَّجُلَيۡنِ	رجال کار، قحط الرجال۔
سِرًّا	اسرار و رموز، پراسرار، سر نہاں۔	مَوۡلٰهُ	ولی، اولیاء کرام، مولا، ولایت۔
جَهۡرًا	جہری نمازیں، آمین بالجہر۔	يُوَجِّهْهُّ	وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔
يَسۡتَوٗنَ	مساوی، مساوات، خط استواء۔	بِخَيۡرٍ	خیر، خیریت، جزائے خیر۔
اَكۡثَرُهُمۡ	کثرت، اکثر، کثیر، اکثریت۔	يَّاۡمُرُ	امر، آمر، مامور، امارت۔

لَا يَقْدِرُ	عَلٰى شَيْءٍ ❶	وَّ	مَنْ	رَّزَقْنٰهُ	مِنَّا ❷
نہیں وہ قدرت رکھتا	کسی چیز پر	اور	جو	ہم نے دیا اُسے	اپنی طرف سے

رِزْقًا	حَسَنًا	فَهُوَ يُنْفِقُ ❸	مِنْهُ	سِرًّا	وَّجَهْرًا ؕ
رزق	اچھا	تو وہ خرچ کرتا ہے	اس میں سے	پوشیدہ	اور ظاہری

هَلْ	يَسْتَوٗنَ ؕ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ ؕ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
کیا	وہ سب برابر ہیں	سب تعریف	اللہ کے لیے	بلکہ	ان میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ❹ (75)	وَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ ❺	مَثَلًا ❶	رَّجُلَيْنِ
نہیں وہ سب جانتے	اور	بیان کی	اللہ نے	ایک مثال	دو آدمی

اَحَدُهُمَآ	اَبْكَمُ	لَا يَقْدِرُ	عَلٰى شَيْءٍ ❶	وَّهُوَ	كَلٌّ
ان دونوں میں سے ایک	گونگا ہے	نہیں وہ قدرت رکھتا	کسی چیز پر	اور وہ	بوجھ

عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ	اَيْنَمَا	يُوَجِّهْهُّ	لَا يَاْتِ ❻❼	بِخَيْرٍ ❶ ؕ
اپنے مالک پر	جہاں کہیں	وہ بھیجتا ہے اُسے	نہیں وہ لاتا	کسی بھلائی کو

هَلْ	يَسْتَوِيْ	هُوَ ۙ	وَ	مَنْ	يَّاْمُرُ	بِالْعَدْلِ ۙ
کیا	وہ برابر ہیں	وہ	اور	جو	وہ حکم دیتا ہے	عدل کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❷ مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ هُوَ اور يُ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْ نَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ یہ دراصل لَا يَاْتِيْ تھا، قاعدے کی رو سے یْ گر گئی ہے۔ ❼ يَاْتِ کا ترجمہ وہ آتا ہے، اگر اس کے بعد بِ ہو تو ترجمہ لاتا ہے کیا جاتا ہے۔

ع 10 6 16

وَ هُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿76﴾	اور وہ سیدھے راستے پر ہے۔ ﴿76﴾
وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کا غیب
وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا	اور نہیں ہے قیامت کا معاملہ مگر
كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ	آنکھ جھپکنے کی طرح یا وہ (اس سے بھی) زیادہ قریب
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿77﴾	بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿77﴾
وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ	اور اللہ نے نکالا تمھیں
مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ	تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے
لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ	(اس حال میں کہ) تم نہیں جانتے تھے کچھ بھی
وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ	اور اس نے بنا دیے تمہارے لیے کان اور آنکھیں
وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾	اور دل تا کہ تم شکر کرو۔ ﴿78﴾
اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ	کیا نہیں دیکھا انھوں نے پرندوں کی طرف
مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ	(کہ) مسخر ہیں آسمان کی فضا میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صِرَاطٍ	صراط مستقیم، پل صراط۔	تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مُّسْتَقِيْمٍ	خطِ مستقیم، استقامت، قائم دائم ۔	السَّمْعَ	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
غَيْبُ	غیب، عالم الغیب۔	تَشْكُرُوْنَ	شکر، شاکر، شکرگزار، اظہار تشکر۔
كَلَمْحِ	کماحقہ، کالعدم۔	يَرَوْا	مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔
الْبَصَرِ	بصر، بصارت، بصیرت۔	اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَقْرَبُ	قرب، قریب، مقرب، تقرب۔	الطَّيْرِ	طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔
اَخْرَجَكُمْ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	مُسَخَّرٰتٍ	مسخر، تسخیر کائنات۔
بُطُوْنِ	بطن مادر۔	فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

ع 10 6 16

وَهُوَ	عَلٰى صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ ﴿76﴾ ع	وَلِلّٰهِ	غَيْبُ السَّمٰوٰتِ ❶
اور وہ	راستے پر	سیدھا	اور اللہ کے لیے	آسمانوں کا غیب

وَ	الْاَرْضِ ط	وَ	مَآ ❷	اَمْرُ	السَّاعَةِ ❶	اِلَّا	كَلَمْحِ
اور	زمین	اور	نہیں	معاملہ	قیامت کا	مگر	جھپکنے کی طرح

الْبَصَرِ	اَوْ	هُوَ	اَقْرَبُ ط ❸	اِنَّ اللّٰهَ ❹	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
آنکھ	یا	وہ	زیادہ قریب	بے شک اللہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ❺ ﴿77﴾	وَاللّٰهُ	اَخْرَجَكُمْ ❻	مِّنْۢ بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ
بہت قدرت والا	اور اللہ	اس نے نکالا تمہیں	پیٹوں سے	تمہاری مائیں کے

لَا	تَعْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا لا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ
نہیں	تم سب جانتے	کچھ بھی	اور	اس نے بنا دیے	تمہارے لیے	کان

وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ لا ❼	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾	اَ
اور	آنکھیں	اور	دل	تاکہ تم	تم سب شکر کرو	کیا

لَمْ	يَرَوْا ❽	اِلَى الطَّيْرِ	مُسَخَّرٰتٍ ❶	فِيْ جَوِّ	السَّمَآءِ ط
نہیں	دیکھا انہوں نے	پرندوں کی طرف	(کہ) مسخر ہیں	فضا میں	آسمان کی

ضروری وضاحت

❶ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا۔ ❸ شروع میں علامت ا میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❽ ي کا اصل ترجمہ وہ ہے علامت لَمْ کے بعد عموماً ترجمہ انہوں نے کیا جاتا ہے۔

مَا يُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ	نہیں روکتا انہیں (فضا میں) مگر اللہ ہی
اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿79﴾	اس قوم کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿79﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡۢ بُیُوۡتِكُمۡ	اور اللہ نے بنائی تمہارے لیے تمہارے گھروں سے
سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمۡ	رہنے کی جگہ اور بنائے تمہارے لیے
مِّنۡ جُلُوۡدِ الۡاَنۡعَامِ بُیُوۡتًا	چوپاؤں کے چمڑوں سے گھر (خیمے)
تَسۡتَخِفُّوۡنَهَا یَوۡمَ ظَعۡنِكُمۡ	تم ہلکا پھلکا پاتے ہو انہیں اپنے سفر کے دن
وَیَوۡمَ اِقَامَتِكُمۡ ۙ وَمِنۡ اَصۡوَافِهَا	اور اپنی اقامت کے دن اور ان کی اون سے
وَاَوۡبَارِهَا وَاَشۡعَارِهَاۤ اَثَاثًا	اور ان کی پشم اور ان کے بالوں سے گھر کا سامان
وَّمَتَاعًا اِلٰی حِیۡنٍ ﴿80﴾	اور ایک وقت تک فائدہ اٹھانے کی چیزیں بنائیں۔ ﴿80﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ	اور اللہ ہی نے بنا دیے تمہارے لیے
مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا	سائے (ان چیزوں) سے جو اس نے پیدا کیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُمۡسِكُهُنَّ	ممسک، تمسک بالدین۔	تَسۡتَخِفُّوۡنَهَا	تخفیف، مخفف، خفیف۔
اِلَّا / فِیۡ	الا قلیل، الا یہ کہ / فی الحال، فی الفور۔	یَوۡمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
لَاٰیٰتٍ	آیت، آیات قرآنی۔	اِقَامَتِكُمۡ	اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔
یُّؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	اَثَاثًا	اثاثہ، اثاثہ جات، اثاثے۔
مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	مَتَاعًا	متاع کارواں، مال ومتاع۔
بُیُوۡتِكُمۡ	بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	اِلٰی	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
سَكَنًا	ساکن، مسکن، سکنہ، سکونت پذیر۔	خَلَقَ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
جُلُوۡدِ	جلدی امراض، ماہر امراض جلد۔	ظِلٰلًا	ظل سبحانی، ظل ہما، ظل عرش۔

مَا (1)	يُمْسِكُهُنَّ	اِلَّا اللّٰهُ ط	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ (2)	لَاٰيٰتٍ (3)
نہیں	وہ روکتا انہیں	مگر اللہ	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں

لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ (79)	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ (4)
قوم کے لیے	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور اللہ	اس نے بنائی	تمہارے لیے

مِّنْ بُيُوْتِكُمْ (5)	سَكَنًا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمْ (4)
تمہارے گھروں سے	رہنے کی جگہ	اور	بنائے	تمہارے لیے

مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ	بُيُوْتًا	تَسْتَخِفُّوْنَهَا	يَوْمَ ظَعْنِكُمْ (5)
چوپاؤں کے چمڑوں سے	گھر	تم سب ہلکا پھلکا پاتے ہو انہیں	دن اپنے سفر کے

وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ (5) لا	وَ	مِنْ اَصْوَافِهَا	وَ	اَوْبَارِهَا
اور اپنی اقامت کے دن	اور	ان کی اُون سے	اور	اُن کی پشم

وَ	اَشْعَارِهَآ	اَثَاثًا	وَّ	مَتَاعًا	اِلٰى حِيْنٍ (6) (80)
اور	ان کے بالوں (سے)	(گھر کا) سامان	اور	(فائدہ اٹھانے کی) چیزیں	ایک وقت تک

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ (4)	مِّمَّا (7)	خَلَقَ	ظِلٰلًا
اور اللہ	اس نے بنا دیے	تمہارے لیے	ان سے جو	اس نے پیدا کیں	سائے

ضروری وضاحت

(1) مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ (2) ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ (3) ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (4) لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ (5) كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
(6) ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ (7) مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

وَّجَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ الۡجِبَالِ	اوراس نے بنائیں تمہارے لیے پہاڑوں میں
اَكۡنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمۡ سَرَابِيۡلَ	غاریں اوراس نے بنائیں تمہارے لیے قمیصیں
تَقِيۡكُمُ الۡحَرَّ وَسَرَابِيۡلَ	وہ بچاتی ہیں تمہیں گرمی سے اوروہ قمیصیں (زرہیں)
تَقِيۡكُمۡ بَاۡسَكُمۡ ؕ	(جو) بچاتی ہیں تمہیں تمہاری جنگ میں
كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكُمۡ	اسی طرح وہ پوری کرتا ہے اپنی نعمت تم پر
لَعَلَّكُمۡ تُسۡلِمُوۡنَ ﴿81﴾	تاکہ تم فرمانبردار بن جاؤ۔ ﴿81﴾
فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا	پھر اگر وہ پھر جائیں تو بیشک صرف
عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿82﴾	آپ کے ذمے واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔ ﴿82﴾
يَعۡرِفُوۡنَ نِعۡمَتَ اللّٰهِ	وہ پہچانتے ہیں اللہ کی نعمت کو
ثُمَّ يُنۡكِرُوۡنَهَا	پھر وہ انکار کرتے ہیں اس کا
وَاَكۡثَرُهُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿83﴾ ع 11/7/17	اوران میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔ ﴿83﴾
وَيَوۡمَ نَبۡعَثُ مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ	اورجس دن ہم کھڑا کریں گے ہر امت سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
- الۡجِبَالِ : جبل اُحد، جبل رحمت، جبال ہمالیہ۔
- تَقِيۡكُمۡ : تقویٰ، متقی۔
- الۡحَرَّ : حرارت۔
- كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم۔
- يُتِمُّ : اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔
- نِعۡمَتَهٗ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- عَلَيۡكُمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- تُسۡلِمُوۡنَ : تسلیم ورضا، سلامتی، اسلام۔
- الۡبَلٰغُ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
- الۡمُبِيۡنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
- يَعۡرِفُوۡنَ : عرف، معروف، تعارف، معرفت۔
- يُنۡكِرُوۡنَهَا : منکر، منکرات، انکار۔
- الۡكٰفِرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- نَبۡعَثُ : بعثت انبیاء، مبعوث۔
- اُمَّةٍ : اُمت، اُمم سابقہ، اُمت محمدیہ۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

وَّ جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ الْجِبَالِ	اَكْنَانًا	وَّ جَعَلَ
اوراس نے بنائیں	تمہارے لیے	پہاڑوں میں	غاریں	اوراس نے بنائیں

لَكُمْ	سَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمُ ❶	الْحَرَّ	وَ	سَرَابِيْلَ
تمہارے لیے	قمیصیں	وہ بچاتی ہیں تمہیں	گرمی سے	اور	قمیصیں

تَقِيْكُمْ ❶	بَاْسَكُمْ ؕ	كَذٰلِكَ	يُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ ❷
بچاتی ہیں تمہیں	تمہاری جنگ (میں)	اسی طرح	وہ پوری کرتا ہے	اپنی نعمت

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْلِمُوْنَ ﴿81﴾	فَاِنْ	تَوَلَّوْا ❸
تم پر	تا کہ تم	تم سب فرمانبردار بن جاؤ	پھر اگر	وہ سب پھر جائیں

فَاِنَّمَا ❹	عَلَيْكَ ❺	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ ﴿82﴾	يَعْرِفُوْنَ
تو بیشک صرف	آپ کے ذمے	پہنچا دینا ہے	واضح	وہ سب پہچانتے ہیں

نِعْمَتَ اللّٰهِ ❻	ثُمَّ	يُنْكِرُوْنَهَا	وَ	اَكْثَرُهُمُ
اللہ کی نعمت	پھر	وہ سب انکار کرتے ہیں اس کا	اور	ان میں سے اکثر

ع 11 7 17

الْكٰفِرُوْنَ ﴿83﴾ ع	وَ	يَوْمَ	نَبْعَثُ	مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ ❶
سب ناشکری کرنے والے	اور	(جس) دن	ہم کھڑا کریں گے	ہر اُمت سے

ضروری وضاحت

❶ تـ فعل کے شروع میں اور ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❸ تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے ❹ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ عَلٰی کا ترجمہ عموماً پر کبھی کے ذمے اور کبھی کے بل وغیرہ ہوتا ہے۔ ❻ یہاں قرآنی کتابت میں ۃ کو ت سے بدل کر لکھا گیا ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

شَهِیۡدًا ثُمَّ لَا یُؤۡذَنُ	ایک گواہ پھر نہ اجازت دی جائے گی
لِلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَلَا هُمۡ	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا، اور نہ وہ
یُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ﴿84﴾ وَاِذَا	توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے۔﴿84﴾ اور جب
رَاَ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوا الۡعَذَابَ	دیکھیں گے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا عذاب کو
فَلَا یُخَفَّفُ عَنۡهُمۡ	تو نہ وہ کم کیا جائے گا ان سے
وَلَا هُمۡ یُنۡظَرُوۡنَ ﴿85﴾	اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے۔﴿85﴾
وَاِذَا رَاَ الَّذِیۡنَ اَشۡرَکُوۡا	اور جب دیکھیں گے وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا
شُرَکَآءَهُمۡ قَالُوۡا	اپنے (بنائے ہوئے) شریکوں کو (تو) وہ کہیں گے
رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ شُرَکَآؤُنَا	اے ہمارے رب! یہ ہمارے (وہ) شریک ہیں
الَّذِیۡنَ کُنَّا نَدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِكَ ۚ	جنہیں تھے ہم پکارتے تیرے سوا
فَاَلۡقَوۡا اِلَیۡهِمُ الۡقَوۡلَ	تو وہ پھینک ماریں گے ان کی طرف (یہ) بات
اِنَّکُمۡ لَکٰذِبُوۡنَ ﴿86﴾ ۚ	(کہ) بلاشبہ تم یقیناً جھوٹے ہو۔﴿86﴾

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَهِیۡدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	یُخَفَّفُ	تخفیف، مخفف، خفیف۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اَشۡرَکُوۡا	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
یُؤۡذَنُ	اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔	قَالُوۡا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
کَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	نَدۡعُوۡا	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
رَاَ	مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔	فَاَلۡقَوۡا	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
ظَلَمُوۡا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	اِلَیۡهِمۡ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الۡعَذَابَ	عذاب، عذاب آخرت۔	لَکٰذِبُوۡنَ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔

شَهِيۡدًا ❶	ثُمَّ	لَا يُؤۡذَنُ ❷	لِلَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا
ایک گواہ	پھر	نہ اجازت دی جائے گی	ان کے لیے جن	سب نے کفر کیا

وَلَا	هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ❷❸ (84)	وَاِذَا	رَاَ	الَّذِيۡنَ
اور نہ	وہ سب توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جن

ظَلَمُوا	الۡعَذَابَ	فَلَا	يُخَفَّفُ ❷	عَنۡهُمۡ
سب نے ظلم کیا	عذاب	تو نہ	وہ کم کیا جائے گا	ان سے

وَلَا	هُمۡ يُنۡظَرُوۡنَ ❷❸ (85)	وَ	اِذَا	رَاَ	الَّذِيۡنَ
اور نہ	وہ سب مہلت دیے جائیں گے	اور	جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جن

اَشۡرَكُوۡا	شُرَكَآءَهُمۡ	قَالُوۡا	رَبَّنَا ❹	هٰٓؤُلَآءِ
سب نے شرک کیا	اپنے شریکوں کو	وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب!	یہ

شُرَكَآؤُنَا ❹	الَّذِيۡنَ	كُنَّا	نَدۡعُوۡا	مِنۡ دُوۡنِكَ ❺ ج
ہمارے شریک	جنہیں	تھے ہم	ہم سب پکارتے	تیرے سوا

فَاَلۡقَوۡا	اِلَيۡهِمُ	الۡقَوۡلَ	اِنَّكُمۡ ❻	لَكٰذِبُوۡنَ ❼ ج (86)
تو وہ سب پھینک ماریں گے	ان کی طرف	بات	بلاشبہ تم	یقیناً سب جھوٹ بولنے والے ہو

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❷ اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ هُمۡ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں علامت مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❼ اسم، فعل اور حرف کے ساتھ لَ تاکید کی علامت ہوتی ہے۔

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ	اور وہ پیش کریں گے اللہ کی طرف
يَوْمَىِٕذِ ِۨالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ	اس دن فرمانبرداری اور گم ہو جائے گا ان سے
مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿87﴾	جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿87﴾
اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور روکا اللہ کی راہ سے
زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ	ہم زیادہ دیں گے اُنہیں عذاب پر عذاب
بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿88﴾	اس وجہ سے جو وہ فساد کرتے تھے۔ ﴿88﴾
وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ	اور جس دن ہم کھڑا کریں گے ہر امت میں
شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	ایک گواہ ان پر ان کے نفسوں میں سے
وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ	اور ہم لائیں گے آپ کو (بطور) گواہ ان لوگوں پر
وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ	اور ہم نے نازل کی آپ پر (یہ) کتاب (اس حال میں کہ)
تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ	کھول کر بیان کرنے والی ہے ہر چیز کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْقَوْا	اِلقاء۔	فَوْقَ	فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يُفْسِدُوْنَ	فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
السَّلَمَ	تسلیم ورضا، سلامتی، اسلام۔	شَهِيْدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
ضَلَّ	ضلالت وگمراہی۔	عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَفْتَرُوْنَ	افترا پردازی، مفتری۔	اَنْفُسِهِمْ	نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	نَزَّلْنَا	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الْكِتٰبَ	کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
زِدْنٰهُمْ	زیادہ، مزید، زائد۔	تِبْيَانًا	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

وَ	اَلْقَوْا	اِلَى اللّٰهِ	يَوْمَئِذِ ٍ	السَّلَمَ	وَضَلَّ
اور	وہ سب پیش کریں گے	اللہ کی طرف	اس دن	فرمانبرداری	اور گم ہوجائے گا

عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ❶ (87)	اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ان سے	جو	تھے وہ سب جھوٹ باندھتے	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	زِدْنٰهُمْ	عَذَابًا
اور	سب نے روکا	اللہ کی راہ سے	ہم زیادہ دیں گے اُنہیں	عذاب

فَوْقَ الْعَذَابِ	بِمَا❷	كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ❶ (88)	وَ	يَوْمَ
عذاب پر	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب فساد کرتے	اور	جس دن

نَبْعَثُ	فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ❸	شَهِيْدًا❹	عَلَيْهِمْ	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ
ہم کھڑا کریں گے	ہر امت میں	ایک گواہ	ان پر	ان کے نفسوں میں سے

وَ	جِئْنَا	بِكَ❷	شَهِيْدًا	عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ	وَ
اور	ہم لائیں گے	آپ کو	(بطور) گواہ	ان لوگوں پر	اور

نَزَّلْنَا❺	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	تِبْيَانًا	لِّكُلِّ شَيْءٍ❻
ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب	کھول کر بیان کرنے والی	ہر چیز کو

ضروری وضاحت

❶ وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، اس وجہ سے کیا جاتا ہے۔ ❸ اسم کے آخر میں ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❺ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❻ اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔

وَّهُدًى وَّرَحۡمَةً	اور ہدایت اور رحمت
وَّبُشۡرٰى لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿89﴾	اور خوشخبری ہے مسلمانوں کے لیے۔ ﴿89﴾
اِنَّ اللّٰهَ يَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَالۡاِحۡسَانِ	بے شک اللہ حکم دیتا ہے عدل اور احسان کا
وَاِيۡتَآىِٕ ذِى الۡقُرۡبٰى	اور قرابت والوں کو دینے کا
وَيَنۡهٰى عَنِ الۡفَحۡشَآءِ	اور وہ روکتا ہے بے حیائی سے
وَالۡمُنۡكَرِ وَالۡبَغۡىِۚ	اور برے کام اور سرکشی (سے)
يَعِظُكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ﴿90﴾	وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ ﴿90﴾
وَاَوۡفُوۡا بِعَهۡدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمۡ	اور پورا کرو اللہ کے عہد کو جب تم عہد کرو
وَلَا تَـنۡقُضُوا الۡاَيۡمَانَ	(آپس میں) اور نہ توڑو قسموں کو
بَعۡدَ تَوۡكِيۡدِهَا وَقَدۡ	ان کی پختگی کے بعد حالانکہ یقیناً
جَعَلۡتُمُ اللّٰهَ عَلَيۡكُمۡ كَفِيۡلًا ؕ	تم نے بنایا ہے اللہ کو اپنے آپ پر ضامن
اِنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿91﴾	بیشک اللہ جانتا ہے جو (کچھ) تم کرتے ہو۔ ﴿91﴾

ع 12 6 18

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بُشۡرٰى	: بشارت، مبشر، بشیر۔	الۡمُنۡكَرِ	: منکر، منکرات، انکار۔
لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ	: مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام۔	الۡبَغۡىِ	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
يَاۡمُرُ	: امر، آمر، مامور، امارت۔	يَعِظُكُمۡ	: وعظ، واعظ، وعظ ونصیحت۔
الۡاِحۡسَانِ	: احسان، محسن، حسنات، قرض حسنہ۔	اَوۡفُوۡا	: وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
ذِى	: ذیشان، ذی روح، ذیقعدہ۔	تَنۡقُضُوا	: نقض امن، نقیض۔
الۡقُرۡبٰى	: قرب، قریب، مقرب، تقرب۔	تَوۡكِيۡدِهَا	: تاکید، سنت مؤکدہ۔
يَنۡهٰى	: منہیات، اوامر ونواہی، نہی عن المنکر۔	كَفِيۡلًا	: کفیل، کفالت۔
الۡفَحۡشَآءِ	: فحش، فحاشی، فواحش۔	تَفۡعَلُوۡنَ	: فعل، فاعل، مفعول۔

ع 12 6 18

وَّ	هُدًى	وَّ	رَحْمَةً ❶	وَّ	بُشْرٰى ❶	لِلْمُسْلِمِيْنَ ع (89)
اور	ہدایت	اور	رحمت	اور	خوشخبری	سب مسلمانوں کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ	يَاْمُرُ	بِالْعَدْلِ ❷	وَ	الْاِحْسَانِ	وَ	اِيْتَآئِ
بے شک اللہ	وہ حکم دیتا ہے	عدل کا	اور	احسان (کا)	اور	دینے (کا)

ذِى الْقُرْبٰى	وَ	يَنْهٰى	عَنِ الْفَحْشَآءِ	وَ	الْمُنْكَرِ
قرابت والے	اور	وہ روکتا ہے	بے حیائی سے	اور	برے کام

وَ	الْبَغْيِ ج	يَعِظُكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ ❸ (90)	وَ
اور	سرکشی (سے)	وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں	تاکہ تم	تم سب نصیحت حاصل کرو	اور

اَوْفُوْا	بِعَهْدِ اللّٰهِ ❷	اِذَا	عٰهَدْتُّمْ	وَ	لَا تَنْقُضُوا ❹
تم سب پورا کرو	اللہ کے عہد کو	جب	تم عہد کرو	اور	نہ تم سب توڑو

الْاَيْمَانَ ❺	بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا	وَ ❻	قَدْ	جَعَلْتُمُ	اللّٰهَ ❺
قسموں کو	ان کی پختگی کے بعد	حالانکہ	یقیناً	تم نے بنایا	اللہ کو

عَلَيْكُمْ	كَفِيْلًا ط	اِنَّ اللّٰهَ ❼	يَعْلَمُ	مَا	تَفْعَلُوْنَ (91)
اپنے آپ پر	ضامن	بیشک اللہ	وہ جانتا ہے	جو	تم سب کرتے ہو

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ۃ اور ـٰی واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ یہ دراصل تَتَذَكَّرُوْنَ تھا، تخفیف کے لیے ایک تَ گرا دی گئی ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❻ وَ کا کبھی ترجمہ اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم سے کیا جاتا ہے۔ ❼ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ	اور مت ہو جاؤ تم اس عورت کی طرح
نَقَضَتْ غَزْلَهَا	جس نے توڑ ڈالا اپنا کاتا ہوا سوت (اسے)
مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ	مضبوطی (سے کاتنے) کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر کے
تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا	تم بناتے ہو اپنی قسموں کو، دھوکہ دینے کا ذریعہ
بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ	اپنے درمیان (اس لیے) کہ ہو ایک جماعت
هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ	وہ زیادہ بڑھی ہوئی ہو (مال میں دوسری) جماعت سے
اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ	بیشک صرف اللہ تو آزماتا ہے تمہیں اس (عہد) کے ساتھ
وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اور یقیناً ضرور وہ واضح کریگا تمہارے لیے قیامت کے دن
مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿92﴾ وَلَوْ	(اسے) جو تھے تم اس میں اختلاف کرتے ﴿92﴾ اور اگر
شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً	چاہتا اللہ (تو) یقیناً بنا دیتا تمہیں ایک ہی امت
وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ	اور لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے
وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	لَيُبَيِّنَنَّ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
كَالَّتِيْ	: کما حقہ، کالعدم۔	الْقِيٰمَةِ	: قائم، قیام، قیامت۔
نَقَضَتْ	: نقیض، نقض عہد، نقض امن۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تَخْتَلِفُوْنَ	: خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
تَتَّخِذُوْنَ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	شَآءَ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
بَيْنَكُمْ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	وَّاحِدَةً	: واحد، توحید، وحدت، وحدانیت۔
يَبْلُوْكُمْ	: بلا، دورِ ابتلا، مبتلا۔	يُّضِلُّ	: ضلالت و گمراہی۔
بِهٖ	: بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	يَهْدِيْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔

وَ	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّتِيْ	نَقَضَتْ ❶	غَزْلَهَا	مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ❷❸
اور	مت تم سب ہوجاؤ	(اس عورت) کی طرح جس نے	توڑ ڈالا	اپنا سوت	مضبوطی کے بعد

اَنْكَاثًا ؕ	تَتَّخِذُوْنَ	اَيْمَانَكُمْ	دَخَلًاۢ	بَيْنَكُمْ	اَنْ
ٹکڑے ٹکڑے	تم سب بناتے ہو	اپنی قسموں کو	دھوکہ دینے کا ذریعہ	اپنے درمیان	کہ

تَكُوْنَ ❸	اُمَّةٌ ❸	هِيَ	اَرْبٰى ❹	مِنْ اُمَّةٍ ؕ ❸	اِنَّمَا
ہو	ایک جماعت	وہ	زیادہ بڑھی ہوئی	(دوسری) جماعت سے	بیشک صرف

يَبْلُوْكُمُ	اللّٰهُ	بِهٖ ؕ	وَ	لَيُبَيِّنَنَّ ❺	لَكُمْ
وہ آزماتا ہے تمہیں	اللہ	اس کے ساتھ	اور	یقیناً ضرور وہ واضح کریگا	تمہارے لیے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❸	مَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ (92)
قیامت کے دن	جو	تھے تم	اس میں	تم سب اختلاف کرتے

وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ ❻	اُمَّةً وَّاحِدَةً ❸	وَّلٰكِنْ
اور اگر	چاہتا	اللہ	یقیناً بنادیتا تمہیں	ایک امت	اور لیکن

يُّضِلُّ	مَنْ ❼	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ ❼	يَّشَآءُ ؕ
وہ گمراہ کرتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

ضروری وضاحت

❶ فعل کے آخر میں تْ واحد مونث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ تَ فعل کے شروع میں اور ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں علامت ا میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔

وَلَتُسۡـَٔلُنَّ	اور یقیناً ضرور تم پوچھے جاؤ گے
عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿93﴾	اس کے بارے جو تم کیا کرتے تھے۔ ﴿93﴾
وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اَيۡمَانَكُمۡ	اور مت بناؤ اپنی قسموں کو
دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ فَتَزِلَّ	اپنے درمیان دھوکا دینے کا ذریعہ کہ پھسل جائے
قَدَمٌۢ بَعۡدَ ثُبُوۡتِهَا	کوئی قدم (اسلام سے) اپنے جمنے کے بعد
وَتَذُوۡقُوا السُّوۡۤءَ بِمَا	اور تم چکھو برائی (سزا) اس وجہ سے جو
صَدَدۡتُّمۡ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۚ	تم نے روکا اللہ کی راہ سے
وَلَكُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿94﴾	اور تمہارے لیے بہت بڑا عذاب ہو (آخرت میں)۔ ﴿94﴾
وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِعَهۡدِ اللّٰهِ	اور مت خریدو اللہ کے عہد کے بدلے میں
ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ اِنَّمَا عِنۡدَ اللّٰهِ	تھوڑی قیمت، بے شک جو اللہ کے پاس ہے
هُوَ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿95﴾	وہ بہتر ہے تمہارے لیے اگر ہو تم جانتے۔ ﴿95﴾
مَا عِنۡدَكُمۡ يَنۡفَدُ	جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَتُسۡـَٔلُنَّ	سوال، سائل، مسئول۔	السُّوۡۤءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
تَعۡمَلُوۡنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	سَبِيۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	عَظِيۡمٌ	عظمت۔ معظم، تعظیم۔
تَتَّخِذُوۡۤا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	تَشۡتَرُوۡا	مشتری، بیع واشتری۔
بَيۡنَكُمۡ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	بِعَهۡدِ	عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔
قَدَمٌ	قدم، تقدیم، خیر مقدم، اقدام۔	ثَمَنًا	زرِ ثمن۔
ثُبُوۡتِهَا	ثابت، ثبوت، ثابت قدم۔	عِنۡدَ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
تَذُوۡقُوا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	تَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

وَ	لَتُسْـَٔلُنَّ ❶❷	عَمَّا ❸	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ (93)
اور	یقیناً ضرور تم پوچھے جاؤ گے	اس کے بارے جو	تھے تم	تم سب کیا کرتے

وَ	لَا تَتَّخِذُوْٓا ❹	اَيْمَانَكُمْ	دَخَلًاۢ	بَيْنَكُمْ
اور	مت تم سب بناؤ	اپنی قسموں کو	دھوکا دینے کا ذریعہ	اپنے درمیان

فَتَزِلَّ ❺	قَدَمٌۢ ❻	بَعْدَ ثُبُوْتِهَا	وَ	تَذُوْقُوا	السُّوْٓءَ
کہ پھسل جائے	کوئی قدم	اپنے جمنے کے بعد	اور	تم سب چکھو	برائی (سزا)

بِمَا ❼	صَدَدْتُّمْ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ	وَ	لَكُمْ
اس وجہ سے جو	تم نے روکا	اللہ کی راہ سے	اور	تمہارے لیے

عَذَابٌ	عَظِيْمٌ (94)	وَ	لَا تَشْتَرُوْا ❹	بِعَهْدِ اللّٰهِ ❼
عذاب	بہت بڑا	اور	مت تم سب خریدو	اللہ کے عہد کے بدلے میں

ثَمَنًا	قَلِيْلًا ۭ	اِنَّمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	هُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ
قیمت	تھوڑی	بے شک جو	اللہ کے پاس	وہ	بہتر	تمہارے لیے

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ (95)	مَا	عِنْدَكُمْ	يَنْفَدُ
اگر	ہو تم	تم سب جانتے	جو	تمہارے پاس	وہ ختم ہو جائے گا

ضروری وضاحت

❶ شروع میں لَ اور آخر میں نّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❷ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❼ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب یا اس وجہ سے کیا جاتا ہے۔

وَمَا عِنۡدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ	اور جو اللہ کے پاس ہے (وہ) باقی رہنے والا ہے
وَلَنَجۡزِيَنَّ	اور یقیناً ضرور ہم بدلے میں دیں گے
الَّذِيۡنَ صَبَرُوۡۤا اَجۡرَهُمۡ	ان لوگوں کو جنھوں نے صبر کیا ان کا ثواب
بِاَحۡسَنِ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿96﴾	اس سے زیادہ بہتر جو وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿96﴾
مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَكَرٍ	جس نے عمل کیا نیک کوئی مرد ہو
اَوۡ اُنۡثٰى وَهُوَ مُؤۡمِنٌ	یا کوئی عورت اس حال میں کہ وہ مومن ہو
فَلَنُحۡيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ	تو ضرور بالضرور ہم زندگی بخشیں گے اسے پاکیزہ زندگی
وَلَنَجۡزِيَنَّهُمۡ	اور یقیناً ضرور ہم بدلے میں دیں گے انہیں
اَجۡرَهُمۡ بِاَحۡسَنِ	ان کا اجر و ثواب اس سے زیادہ بہتر
مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿97﴾ فَاِذَا	جو وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿97﴾ پس جب
قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ	آپ قرآن پڑھیں تو پناہ طلب کریں اللہ کی
مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ ﴿98﴾	شیطان مردود (کے شر) سے۔ ﴿98﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	ذَكَرٍ	: مذکر، تذکیر و تانیث۔
عِنۡدَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	اُنۡثٰى	: مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔
بَاقٍ	: باقی، بقایا، بقیہ۔	فَلَنُحۡيِيَنَّهٗ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
لَنَجۡزِيَنَّ	: جزا و سزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	طَيِّبَةً	: طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔
صَبَرُوۡۤا	: صبر، صابر۔	قَرَاۡتَ	: قاری، قرات، مقابلہ حسن قرات۔
بِاَحۡسَنِ	: بطریق احسن، احسن انداز۔	فَاسۡتَعِذۡ	: تعویذ، استعاذہ، معاذ اللہ، تعوذ۔
يَعۡمَلُوۡنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	مِنَ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
صَالِحًا	: صالح، صلح، اعمال صالحہ۔	الرَّجِيۡمِ	: رجم، رجیم، حد رجم۔

وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	بَاقٍ ؕ	وَ	لَنَجْزِيَنَّ ❶
اور جو	اللہ کے پاس	باقی رہنے والا	اور	یقیناً ضرور ہم بدلے میں دیں گے

الَّذِيْنَ	صَبَرُوْۤا	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ ❷❸	مَا
ان لوگوں کو جن	سب نے صبر کیا	ان کا ثواب	(اس) سے زیادہ بہتر	جو

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (96)	مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِّنْ ذَكَرٍ ❹
تھے سب	وہ سب عمل کرتے	جس نے	عمل کیا	نیک	کسی مرد سے

اَوْ اُنْثٰى	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَنُحْيِيَنَّهٗ ❶
یا عورت	اس حال میں کہ وہ	مومن	تو ضرور بالضرور ہم زندگی بخشیں گے اُسے

حَيٰوةً ❺	طَيِّبَةً ❺ ج	وَ	لَنَجْزِيَنَّهُمْ ❶	اَجْرَهُمْ
زندگی	پاکیزہ	اور	یقیناً ضرور ہم بدلے میں دیں گے انہیں	ان کا اجر

بِاَحْسَنِ ❷❸	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (97)	فَاِذَا	قَرَاْتَ
(اس) سے زیادہ بہتر	جو	تھے سب	وہ سب عمل کرتے	پس جب	آپ پڑھیں

الْقُرْاٰنَ ❻	فَاسْتَعِذْ ❼	بِاللّٰهِ ❷	مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98)
قرآن	تو آپ پناہ طلب کریں	اللہ کی	شیطان مردود سے

ضروری وضاحت

❶ شروع میں لَ اور آخر میں نّ تاکید کی علامتیں ہیں اسی لیے ترجمہ یقیناً اور ضرور کیا گیا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِنَّهٗ لَيۡسَ لَهٗ سُلۡطٰنٌ	بیشک وہ (شیطان) نہیں ہے اس کے لیے کوئی غلبہ
عَلَى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَلٰى رَبِّهِمۡ	ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور اپنے رب پر
يَتَوَكَّلُوۡنَ ﴿99﴾ اِنَّمَا سُلۡطٰنُهٗ	وہ بھروسا کرتے ہیں۔ ﴿99﴾ بیشک صرف اسکا غلبہ
عَلَى الَّذِيۡنَ يَتَوَلَّوۡنَهٗ	(تو) ان لوگوں پر ہے جو دوستی کرتے ہیں اس سے
وَالَّذِيۡنَ هُمۡ	اور (ان پر) جو (ایسے لوگ ہیں کہ) وہ
بِهٖ مُشۡرِكُوۡنَ ﴿100﴾	اس کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے ہیں۔ ﴿100﴾
وَاِذَا بَدَّلۡنَاۤ اٰيَةً	اور جب ہم بدل دیتے ہیں کوئی آیت
مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ	کسی (دوسری) آیت کی جگہ
وَّاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ	اور اللہ خوب جاننے والا ہے اسکو جو وہ نازل کرتا ہے
قَالُوۡۤا اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مُفۡتَرٍ ؕ	(تو) وہ کہتے ہیں یقیناً تو (خود) گھڑنے والا ہے
بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿101﴾	بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿101﴾
قُلۡ نَزَّلَهٗ رُوۡحُ الۡقُدُسِ	کہہ دیجیے نازل کیا ہے اسے روح القدس (جبریل) نے

ع 13 11 19

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سُلۡطٰنٌ	سلطنت، قصرِ سلطانی۔	اَعۡلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اٰمَنُوۡا	ایمان، مؤمن، امن۔	يُنَزِّلُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
يَتَوَكَّلُوۡنَ	توکل، متوکل علی اللہ۔	قَالُوۡۤا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يَتَوَلَّوۡنَهٗ	ولی، اولیاءِ کرام، ولایت۔	مُفۡتَرٍ	افترا پردازی، مفتری۔
بِهٖ	بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	اَكۡثَرُهُمۡ	کثرت، اکثر، کثیر۔
مُشۡرِكُوۡنَ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	بَلۡ	بلکہ۔
بَدَّلۡنَاۤ	بدلنا، تغیر و تبدل، تبدیلی، متبادل۔	رُوۡحُ	روح، ارواح، روحانیت۔
مَّكَانَ	کون و مکان، مکانات۔	الۡقُدُسِ	مقدس، تقدیس، روح القدس۔

اِنَّهٗ	لَيۡسَ	لَهٗ	سُلۡطٰنٌ ❶	عَلَى الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
بیشک وہ	نہیں ہے	اس کے لیے	کوئی غلبہ	ان لوگوں پر جو	سب ایمان لائے

وَ	عَلٰى رَبِّهِمۡ ❷	يَتَوَكَّلُوۡنَ ﴿99﴾	اِنَّمَا ❸	سُلۡطٰنُهٗ
اور	اپنے رب پر	وہ سب بھروسا کرتے ہیں	بیشک صرف	اس کا غلبہ

عَلَى الَّذِيۡنَ	يَتَوَلَّوۡنَهٗ	وَ	الَّذِيۡنَ	هُمۡ
ان لوگوں پر جو	وہ سب دوستی کرتے ہیں اس سے	اور	جو	وہ

13 ع 11 19

بِهٖ	مُشۡرِكُوۡنَ ❹ ﴿100﴾	وَ	اِذَا	بَدَّلۡنَاۤ	اٰيَةً ❶❺
اس کے ساتھ	سب شریک کرنے والے	اور	جب	ہم بدل دیتے ہیں	کوئی آیت

مَّكَانَ	اٰيَةٍ ❶❺	وَّاللّٰهُ	اَعۡلَمُ ❻	بِمَا	يُنَزِّلُ
جگہ	کسی دوسری آیت کی	اور اللہ	خوب جاننے والا	اسکو جو	وہ نازل کرتا ہے

قَالُوۡۤا	اِنَّمَاۤ ❸	اَنۡتَ	مُفۡتَرٍ	بَلۡ	اَكۡثَرُهُمۡ ❻
وہ سب کہتے ہیں	یقیناً	تو	گھڑنے والا	بلکہ	ان کے اکثر

لَا	يَعۡلَمُوۡنَ ❼ ﴿101﴾	قُلۡ	نَزَّلَهٗ	رُوۡحُ الۡقُدُسِ
نہیں	وہ سب جانتے	کہہ دیجیے	نازل کیا ہے اُسے	روح القدس

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ هُمۡ کبھی پڑھنے میں آسانی کے لیے هِمۡ بھی ہو جاتا ہے۔ ❸ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ علامت ا میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ	آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ
لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تاکہ وہ ثابت قدم رکھے ان لوگوں کو جو ایمان لائے
وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿102﴾	اور ہدایت اور خوشخبری ہے مسلمانوں کے لیے۔ ﴿102﴾
وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ بیشک وہ کہتے ہیں
اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ	بیشک سکھاتا ہے اسے ایک آدمی، زبان اس کی جو
يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ	(کہ) غلط نسبت کر رہے ہیں اس کی طرف
اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿103﴾	عجمی ہے اور یہ (قرآن تو) واضح عربی زبان ہے۔ ﴿103﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ	بیشک وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ	اللہ کی آیات پر، اللہ ہدایت نہیں دیتا اُنہیں
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿104﴾	اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿104﴾
اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ	بے شک باندھتے ہیں جھوٹ وہ لوگ جو
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ	نہیں ایمان رکھتے اللہ کی آیات پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يُلْحِدُوْنَ	الحاد، ملحد۔
لِيُثَبِّتَ	ثابت، ثبوت، مثبت، اثبات۔	اِلَيْهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اٰمَنُوْا	ایمان، مؤمن، امن۔	اَعْجَمِيٌّ	عرب وعجم، عجمی۔
بُشْرٰى	بشارت، مبشر، بشیر۔	مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لِلْمُسْلِمِيْنَ	مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام۔	بِاٰيٰتِ	آیت، آیات قرآنی۔
نَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	اَلِيْمٌ	الم ناک حادثہ، عذاب الیم۔
يَقُوْلُوْنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يَفْتَرِي	افترا پردازی، مفتری۔
لِسَانُ	لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔	الْكَذِبَ	کذب بیانی، کذاب۔

مِنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ ❶	لِيُثَبِّتَ ❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
آپکے رب کی طرف سے	حق کے ساتھ	تا کہ وہ ثابت قدم رکھے	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے

وَهُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُسْلِمِيْنَ (102)	وَلَقَدْ	نَعْلَمُ	اَنَّهُمْ
اور ہدایت	اور خوشخبری	مسلمانوں کے لیے	اور بلاشبہ یقیناً	ہم جانتے ہیں	کہ بیشک وہ

يَقُوْلُوْنَ	اِنَّمَا ❸	يُعَلِّمُهٗ	بَشَرٌ ؕ ❹	لِسَانُ	الَّذِيْ
وہ سب کہتے ہیں	بیشک	وہ سکھاتا ہے اسے	ایک آدمی	زبان	اس شخص کی جو

يُلْحِدُوْنَ	اِلَيْهِ	اَعْجَمِيٌّ	وَّهٰذَا	لِسَانٌ	عَرَبِيٌّ	مُّبِيْنٌ (103)
وہ سب غلط نسبت کر رہے ہیں	اس کی طرف	عجمی	اور یہ	زبان	عربی	واضح

اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❺	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ	لَا يَهْدِيْهِمُ
بیشک	وہ لوگ جو	نہیں وہ سب ایمان لاتے	اللہ کی آیات پر	نہیں وہ ہدایت دیتا انہیں

اللّٰهُ	وَلَهُمْ ❻	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (104)	اِنَّمَا ❸	يَفْتَرِي
اللہ	اور ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک	بے شک	وہ باندھتے ہیں

الْكَذِبَ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❺	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ ❶
جھوٹ	وہ لوگ جو	نہیں وہ سب ایمان رکھتے	اللہ کی آیات پر

ضروری وضاحت

❶ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❷ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❸ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❻ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو جاتا ہے۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿105﴾	اور وہی لوگ ہی جھوٹے ہیں۔ ﴿105﴾
مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ	جو (شخص) کفر کرے اللہ کیساتھ اپنے ایمان کے بعد
اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ	سوائے اس کے جسے مجبور کیا جائے
وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ	اور اسکا دل مطمئن ہو (وہ تو معذور ہے) ایمان کیساتھ
وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا	اور لیکن جو کھول دے کفر کیساتھ (اپنا) سینہ
فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ	تو ان پر غضب ہے اللہ (کی طرف) سے
وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿106﴾	اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔ ﴿106﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا	یہ اس وجہ سے کہ بیشک انہوں نے محبوب رکھا
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ	دنیوی زندگی کو آخرت پر
وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿107﴾	اور بیشک اللہ نہیں ہدایت دیتا کافر قوم کو۔ ﴿107﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ	یہ وہی لوگ ہیں کہ مہر لگا دی اللہ نے
عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ	انکے دلوں پر اور انکے کانوں پر اور انکی آنکھوں پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْكٰذِبُوْنَ : کذب بیانی، کذاب۔	غَضَبٌ : غیظ وغضب، غضبناک۔
اِيْمَانِهٖٓ : ایمان، مؤمن، امن۔	عَظِيْمٌ : عظیم انسان، عظمت۔ معظم، تعظیم۔
اُكْرِهَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔	اسْتَحَبُّوا : مستحب، حبیب، محب، محبت۔
قَلْبُهٗ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	الْحَيٰوةَ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
مُطْمَئِنٌّ : اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	يَهْدِي : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
شَرَحَ : شرح صدر، تشریح۔	طَبَعَ : طبع، طباعت، مطبوع، مطبوعات۔
صَدْرًا : شق صدر، شرح صدر۔	سَمْعِهِمْ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
فَعَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَبْصَارِهِمْ : بصر، بصارت، بصیرت۔

وَ اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ❶ (105)	مَنْ كَفَرَ	بِاللّٰهِ ❷	مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ ❸
اور وہ لوگ	وہی سب جھوٹے ہیں	جو کفر کرے	اللہ کیساتھ	اپنے ایمان کے بعد

اِلَّا مَنْ	اُكْرِهَ ❸	وَ قَلْبُهٗ	مُطْمَئِنٌّۢ	بِالْاِيْمَانِ	وَ لٰكِنْ
مگر جو	مجبور کیا جائے	اور اسکا دل	مطمئن	ایمان کیساتھ	اور لیکن

مَّنْ شَرَحَ	بِالْكُفْرِ ❷	صَدْرًا	فَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	مِّنَ اللّٰهِ ۚ
جو کھول دے	کفر کیساتھ	(اپنا) سینہ	تو ان پر	غضب	اللہ (کی طرف) سے

وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ (106)	ذٰلِكَ ❺	بِاَنَّهُمُ ❷
اور	ان کے لیے	عذاب	بہت بڑا	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک اُنہوں نے

اسْتَحَبُّوا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ❻	عَلَى الْاٰخِرَةِ ❻ ۙ	وَ	اَنَّ اللّٰهَ
سب نے محبوب رکھا	دنیوی زندگی	آخرت پر	اور	بیشک اللہ

لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ❼ (107)	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
نہیں	وہ ہدایت دیتا	کفر کرنے والی قوم کو	وہ سب	جو

طَبَعَ	اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَ	سَمْعِهِمْ	وَ	اَبْصَارِهِمْ ۚ
مہر لگادی	اللہ نے	انکے دلوں پر	اور	انکے کانوں (پر)	اور	انکی آنکھوں (پر)

ضروری وضاحت

❶ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿108﴾	اور وہی لوگ ہی غافل ہیں۔ ﴿108﴾
لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ	یقیناً بیشک وہ لوگ آخرت میں
هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿109﴾	وہی خسارہ پانے والے ہیں۔ ﴿109﴾
ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ	پھر بیشک آپ کا رب ان لوگوں کے لیے جنہوں نے
هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا	ہجرت کی اسکے بعد کہ وہ آزمائے گئے
ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ صَبَرُوْٓا ۙ	پھر انہوں نے جہاد کیا اور صبر کیا
اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا	بیشک تیرا رب اسکے بعد
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿110﴾ ع	یقیناً بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔ ﴿110﴾ ع
يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ	جس دن آئے گا ہر نفس (کہ)
تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا	وہ جھگڑا کر رہا ہوگا اپنے نفس کی طرف سے
وَ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ	اور پورا پورا (بدلہ) دیا جائے گا ہر نفس کو
مَّا عَمِلَتْ وَ هُمْ	جو اس نے عمل کیا اس حال میں کہ وہ

ع 14 10 20

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْغٰفِلُوْنَ	: غافل، غفلت، تغافل۔	صَبَرُوْٓا	: صبر، صابر۔
فِى	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	لَغَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
الْاٰخِرَةِ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔	رَّحِيْمٌ	: رحمت، رحم، مرحوم۔
الْخٰسِرُوْنَ	: خسارہ، خائب وخاسر۔	يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
هَاجَرُوْا	: ہجرت، مہاجر، مہاجرین۔	تُجَادِلُ	: جنگ وجدل، جدال، مجادلہ۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تُوَفّٰى	: فوت، وفات، فوتگی، متوفّٰی۔
فُتِنُوْا	: فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا کرنا۔	مَّا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
جٰهَدُوْا	: جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام، جدوجہد۔	عَمِلَتْ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔

وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْغٰفِلُوْنَ [1] ﴿108﴾	لَا جَرَمَ [2]	اَنَّهُمْ
اور	وہ لوگ	ہی غافل ہیں	یقیناً	بیشک وہ

فِي الْاٰخِرَةِ [3]	هُمُ الْخٰسِرُوْنَ [1] ﴿109﴾	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ
آخرت میں	وہ ہی سب خسارہ پانے والے	پھر	بیشک	آپ کا رب

لِلَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	مِنْ بَعْدِ مَا [4] [5]	فُتِنُوْا [6]
ان لوگوں کے لیے جن	سب نے ہجرت کی	اسکے بعد کہ	وہ سب آزمائے گئے

ثُمَّ	جٰهَدُوْا	وَ	صَبَرُوْٓا ۙ	اِنَّ	رَبَّكَ
پھر	انہوں نے جہاد کیا	اور	ان سب نے صبر کیا	بیشک	تیرا رب

ع 14/10/20

مِنْۢ بَعْدِهَا [4]	لَغَفُوْرٌ [7]	رَّحِيْمٌ [7] ﴿110﴾ ع	يَوْمَ
اسکے بعد	یقیناً بہت بخشنے والا	بڑا مہربان ہے	جس دن

تَاْتِيْ [3]	كُلُّ	نَفْسٍ	تُجَادِلُ [3]	عَنْ نَّفْسِهَا	وَ
آئے گا	ہر	نفس	وہ جھگڑا کر رہا ہوگا	اپنے نفس کی طرف سے	اور

تُوَفّٰى [3]	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا	عَمِلَتْ [3]	وَ هُمْ [8]
پورا پورا دیا جائے گا	ہر	نفس کو	جو	اس نے عمل کیا	اس حال میں کہ وہ

ضروری وضاحت

❶ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ لَا جَرَمَ دونوں کو ملا کر ترجمہ یقیناً کیا گیا ہے۔ ❸ تَ، ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❺ اگر مَا سے پہلے لفظ بَعْدِ موجود ہو تو اس مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ❻ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی قسم اور کبھی ترجمہ اس حال میں کہ بھی کیا جاتا ہے

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿111﴾	ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿111﴾
وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً	اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی کی
كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً	(جو) تھی امن والی اطمینان والی
يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا	آتا تھا اس کے پاس اس کا رزق کھلا
مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ	ہر جگہ سے تو اس نے ناشکری کی
بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ	اللہ کی نعمتوں کی، تو چکھایا (پہنایا) اس کو اللہ نے
لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ	بھوک اور خوف کا لباس
بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿112﴾	اس وجہ سے جو وہ کرتے تھے۔ ﴿112﴾
وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ	اور بلاشبہ یقیناً آیا ان کے پاس ایک رسول
مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ	اُن میں سے پھر انہوں نے جھٹلایا اسے
فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ	تو پکڑ لیا انہیں عذاب نے
وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿113﴾	اس حال میں وہ ظلم کرنے والے تھے۔ ﴿113﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُظْلَمُوْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	بِاَنْعُمِ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
ضَرَبَ	ضرب المثل، ضرب الامثال۔	فَاَذَاقَهَا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
قَرْيَةً	قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔	الْخَوْفِ	خوف، خائف۔
اٰمِنَةً	امن و سلامتی، امن عامہ، امن پسند۔	بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مُّطْمَئِنَّةً	اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	يَصْنَعُوْنَ	مصنوعی، صنعت و تجارت، صنعتی شہر۔
رِزْقُهَا	رزق، رزّاق، رازق۔	فَكَذَّبُوْهُ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
كُلِّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	فَاَخَذَهُمُ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
فَكَفَرَتْ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	الْعَذَابُ	عذاب، عذاب آخرت، تعذیب۔

لَا	يُظْلَمُوْنَ ﴿111﴾	وَ	ضَرَبَ ❶	اللّٰهُ	مَثَلًا
نہیں	وہ سب ظلم کیے جائیں گے	اور	بیان کی	اللہ نے	مثال

قَرْيَةً ❷❸	كَانَتْ ❷	اٰمِنَةً ❷	مُّطْمَئِنَّةً ❷	يَّاْتِيْهَا
ایک بستی	تھی	امن والی	اطمینان والی	وہ آتا تھا اس کے پاس

رِزْقُهَا	رَغَدًا	مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ	فَكَفَرَتْ ❷
اس کا رزق	کھلا	ہر جگہ سے	تو اس نے ناشکری کی

بِاَنْعُمِ اللّٰهِ ❹	فَاَذَاقَهَا	اللّٰهُ	لِبَاسَ	الْجُوْعِ
اللہ کی نعمتوں کی	تو چکھایا اس کو	اللہ نے	لباس	بھوک

وَ	الْخَوْفِ	بِمَا ❹	كَانُوْا	يَصْنَعُوْنَ ﴿112﴾	وَلَقَدْ ❺
اور	خوف کا	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب	وہ سب کرتے	اور بلاشبہ یقیناً

جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ ❸	مِّنْهُمْ	فَكَذَّبُوْهُ ❻
آیا ان کے پاس	ایک رسول	ان میں سے	پھر انہوں نے جھٹلایا اسے

فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	وَ	هُمْ	ظٰلِمُوْنَ ﴿113﴾
تو پکڑ لیا انہیں	عذاب نے	اس حال میں کہ	وہ	سب ظلم کرنے والے تھے

ضروری وضاحت

❶ ضَرَبَ کا اصل ترجمہ مارنا ہوتا ہے جب اس کے بعد مَثَلًا یا اَلْاَمْثَالُ کا لفظ ہو تو اس کا ترجمہ بیان کرنا کیا جاتا ہے۔
❷ ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❹ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ وْا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کے الف کو گرا دیتے ہیں۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	پس کھاؤ اس میں سے جو رزق دیا تمہیں اللہ نے
حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ	حلال پاکیزہ، اور شکر ادا کرو اللہ کی نعمت کا
اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿114﴾	اگر ہو تم صرف اسی کی عبادت کرتے۔ ﴿114﴾
اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ	بے شک صرف اس نے حرام کیا تم پر مردار
وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ	اور خون اور خنزیر کا گوشت
وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ	اور وہ جو نام لیا گیا ہو اس پر اللہ کے علاوہ کا
فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ	پھر جو مجبور کر دیا جائے نہ سرکش ہو
وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہو تو بیشک اللہ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿115﴾	بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ﴿115﴾
وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ	اور مت کہو (اس) کو جو بیان کرتی ہیں
اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ	تمہاری زبانیں جھوٹ (کہ)
هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ	یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَكُلُوْا	: اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	اضْطُرَّ	: اضطراری حالت۔
اشْكُرُوْا	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔	بَاغٍ	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
تَعْبُدُوْنَ	: عبادت، عابد، معبود۔	غَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
حَرَّمَ	: حرام، محرم، تحریم، حرمت۔	تَقُوْلُوْا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الْمَيْتَةَ	: موت وحیات، سماع موتی، میت۔	تَصِفُ	: وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔
لَحْمَ	: ماءاللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔	اَلْسِنَتُكُمُ	: لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔
الْخِنْزِيْرِ	: خنزیر، خنازیر۔	الْكَذِبَ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	حَلٰلٌ	: حلال وحرام، رزق حلال، کسب حلال۔

فَكُلُوْا	مِمَّا ❶	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا ۠
پس تم سب کھاؤ	اس میں سے جو	رزق دیا تمھیں	اللہ نے	حلال	پاکیزہ

وَّ	اشْكُرُوْا ❷	نِعْمَتَ اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ
اور	تم سب شکر ادا کرو	اللہ کی نعمت	اگر	ہو تم	صرف اسی کی

تَعْبُدُوْنَ (114)	اِنَّمَا ❸	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ ❹	وَالدَّمَ
تم سب عبادت کرتے	بے شک صرف	اس نے حرام کیا	تم پر	مردار	اور خون

وَ	لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ	وَمَآ	اُهِلَّ ❺	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ ۚ
اور	خنزیر کا گوشت	اور جو	نام لیا گیا	اللہ کے علاوہ کا	اس پر

فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّلَا	عَادٍ	فَاِنَّ اللّٰهَ
پھر جو	مجبور کردیا جائے	نہ سرکش	اور نہ	حد سے تجاوز کرنے والا	تو بیشک اللہ

غَفُوْرٌ ❻	رَّحِيْمٌ ❻ (115)	وَ	لَا تَقُوْلُوْا ❼	لِمَا	تَصِفُ ❹
بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا	اور	مت تم سب کہو	(اس) کو جو	بیان کرتی ہیں

اَلْسِنَتُكُمُ	الْكَذِبَ	هٰذَا	حَلٰلٌ	وَّهٰذَا	حَرَامٌ
تمہاری زبانیں	جھوٹ	یہ	حلال ہے	اور یہ	حرام

ضروری وضاحت

❶ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❸ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یوہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ة اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔
❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم
ہوتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ	تا کہ تم باندھو اللہ پر جھوٹ
اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ	بیشک وہ لوگ جو باندھتے ہیں اللہ پر
الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ ﴿116﴾	جھوٹ وہ فلاح نہیں پائیں گے۔ ﴿116﴾
مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ	بہت تھوڑا فائدہ ہے اور ان کے لیے
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿117﴾	بہت دردناک عذاب ہے۔ ﴿117﴾
وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا	اور ان لوگوں پر جو یہودی ہوئے ہم نے حرام کیں
مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ	(وہ چیزیں) جو ہم نے بیان کی ہیں آپ پر اس سے پہلے
وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا	اور نہیں ہم نے ظلم کیا ان پر اور لیکن تھے وہ
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿118﴾	(خود) اپنے آپ پر ظلم کرتے۔ ﴿118﴾
ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ	پھر بیشک آپکا رب ان لوگوں کے لیے جنہوں نے
عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ	برے عمل کیے جہالت سے پھر
تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ	انہوں نے توبہ کی اسکے بعد اور (اپنی) اصلاح کر لی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّتَفْتَرُوْا	افترا پردازی، مفتری۔	قَصَصْنَا	قصہ، قصہ گوئی، قصص القرآن۔
يُفْلِحُوْنَ	فوز و فلاح، فلاح دارین، فلاحی ادارہ۔	قَبْلُ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
مَتَاعٌ	متاع کارواں، مال و متاع۔	ظَلَمْنٰهُمْ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
قَلِيْلٌ	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔	عَمِلُوْا	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
وَّ	لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	السُّوْٓءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءِ ظن۔
اَلِيْمٌ	الم ناک حادثہ، عذاب الیم، رنج والم۔	بِجَهَالَةٍ	جاہل، جہالت، مجہول۔
هَادُوْا	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	تَابُوْا	توبہ، تائب۔
حَرَّمْنَا	حرام، محرّم، تحریم، حرمت۔	اَصْلَحُوْٓا	صالح، صلح، اعمال صالحہ، اصلاح۔

لِّتَفۡتَرُوۡا	عَلَى اللّٰهِ	الۡكَذِبَ ؕ	اِنَّ	الَّذِيۡنَ
تاکہ تم سب باندھو	اللہ پر	جھوٹ	بیشک	وہ لوگ جو

يَفۡتَرُوۡنَ	عَلَى اللّٰهِ	الۡكَذِبَ	لَا يُفۡلِحُوۡنَ ؕ ❶ (116)	مَتَاعٌ
وہ سب باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	نہیں وہ سب فلاح پائیں گے	فائدہ

قَلِيۡلٌ ۖ	وَّلَهُمۡ ❷	عَذَابٌ	اَلِيۡمٌ ❸ (117)	وَ	عَلَى الَّذِيۡنَ
بہت تھوڑا	اوران کے لیے	عذاب	بہت دردناک	اور	ان لوگوں پر جو

هَادُوۡا	حَرَّمۡنَا ❹	مَا	قَصَصۡنَا ❹	عَلَيۡكَ	مِنۡ قَبۡلُ ۚ
سب یہودی ہوئے	ہم نے حرام کیں	جو	ہم نے بیان کی ہیں	آپ پر	(اس) سے پہلے

وَمَا	ظَلَمۡنٰهُمۡ ❹	وَلٰكِنۡ	كَانُوۡۤا	اَنۡفُسَهُمۡ ❺
اورنہیں	ہم نے ظلم کیا ان پر	اورلیکن	تھے وہ سب (خود)	اپنے آپ پر

يَظۡلِمُوۡنَ (118)	ثُمَّ اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيۡنَ	عَمِلُوا	السُّوۡٓءَ
وہ سب ظلم کرتے	پھر بیشک	آپ کا رب	ان لوگوں کے لیے جن	سب نے عمل کیے	برے

بِجَهَالَةٍ ❻	ثُمَّ	تَابُوۡا	مِنۡ بَعۡدِ ذٰلِكَ ❼	وَ	اَصۡلَحُوۡۤا ۙ
جہالت سے	پھر	انہوں نے توبہ کی	اس کے بعد	اور	انہوں نے اصلاح کرلی

ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہوجاتا ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❺ هُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا	بیشک آپکا رب اس (توبہ) کے بعد
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿119﴾	یقیناً بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنیوالا ہے۔ ﴿119﴾
اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً	بیشک ابراہیم ایک اُمت تھا
قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ	فرمانبردار اللہ کا ایک (اللہ کی) طرف ہو جانے والا
وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿120﴾	اور نہ تھا وہ مشرکوں میں سے۔ ﴿120﴾
شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ	شکر کرنے والا تھا اس کی نعمتوں کا
اِجْتَبٰهُ وَهَدٰىهُ	اس نے چن لیا تھا اسے اور اس نے ہدیت دی اسے
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿121﴾	سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿121﴾
وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ	اور ہم نے دی اسے دنیا میں بھلائی اور بیشک وہ
فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿122﴾	آخرت میں یقیناً نیک لوگوں میں سے ہوگا۔ ﴿122﴾
ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ	پھر ہم نے وحی کی آپ کی طرف کہ آپ پیروی کریں
مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ	ابراہیم کی ملت کی جو ایک (اللہ کی) طرف ہو جانے والا تھا

15 ع 9 21

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَغَفُوْرٌ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	مُّسْتَقِيْمٍ	صراط مستقیم، خط مستقیم، استقامت۔
رَّحِيْمٌ	رحمت، رحم، مرحوم۔	حَسَنَةً	حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
حَنِيْفًا	دین حنیف۔	الْاٰخِرَةِ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔
الْمُشْرِكِيْنَ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	الصّٰلِحِيْنَ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
شَاكِرًا	شکر، شاکر، شکر گزار، اظہار تشکر۔	اَوْحَيْنَآ	وحی، وحی متلو۔
لِّاَنْعُمِهٖ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	اِلَيْكَ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
هَدٰىهُ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	اتَّبِعْ	اتباع، تابع فرمان، متبع سنت۔
صِرَاطٍ	صراط مستقیم، پل صراط۔	مِلَّةَ	ملت ابراہیم، ملت اسلامیہ۔

15 ع 9 21

اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا ❶	لَغَفُوْرٌ ❷	رَّحِيْمٌ ❷ ﴿119﴾ ع
بیشک	آپ کا رب	اس (توبہ) کے بعد	یقیناً بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنیوالا

اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	كَانَ	اُمَّةً ❸❹	قَانِتًا	لِّلّٰهِ	حَنِيْفًا ط
بیشک	ابراہیم	تھا	ایک اُمت	فرمانبردار	اللہ کا	ایک طرف ہوجانے والا

وَ	لَمْ يَكُ ❺	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ❻ ﴿120﴾ لا	شَاكِرًا	لِّاَنْعُمِهٖ ط
اور	نہ تھا وہ	شرک کرنے والوں میں سے	شکر کرنے والا	اس کی نعمتوں کا

اِجْتَبٰىهُ	وَ	هَدٰىهُ	اِلٰى صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ ﴿121﴾
اس نے چن لیا تھا اسے	اور	اس نے ہدیت دی اسے	راستے کی طرف	سیدھے

وَ	اٰتَيْنٰهُ ❼	فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً ❸ ط	وَ	اِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ ❸
اور	ہم نے دی اسے	دنیا میں	بھلائی	اور	بیشک وہ	آخرت میں

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿122﴾ ط	ثُمَّ	اَوْحَيْنَآ ❼	اِلَيْكَ
یقیناً نیک لوگوں میں سے	پھر	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف

اَنِ ❽	اتَّبِعْ	مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ ❸	حَنِيْفًا ط
کہ	آپ پیروی کریں	ابراہیم کی ملت	ایک طرف ہوجانے والا

ضروری وضاحت

❶ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ۃ مؤنث کی علامت ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ يَكُ دراصل يَكُنْ تھا، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔ ❻ علامت مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ نَا فعل کے آخر میں اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❽ یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔

وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿123﴾	اور نہ تھا وہ مشرکوں میں سے۔ ﴿123﴾
اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ	بلاشبہ بنایا گیا ہفتے کے دن کو (قابل تعظیم)
عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ	ان لوگوں پر جنہوں نے اختلاف کیا تھا اس میں
وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ	اور بے شک تیرا رب ضرور فیصلہ فرمائے گا
بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا	ان کے درمیان قیامت کے دن اس کا جو
كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿124﴾	تھے وہ اس میں اختلاف کرتے۔ ﴿124﴾
اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ	(اے نبی!) بلائیے اپنے رب کے راستے کی طرف
بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ	حکمت کے ساتھ اور اچھی نصیحت (کے ساتھ)
وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ	اور بحث کیجیے ان سے اس (طریقہ) سے جو (کہ) وہ
اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ	سب سے اچھا ہو، بیشک آپکا رب وہ
اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ	خوب جاننے والا ہے اس کو جو گمراہ ہوا
عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ	اسکے راستے سے اور وہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلٰی	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْمُشْرِكِيْنَ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
عَلٰی	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	بِالْحِكْمَةِ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
اخْتَلَفُوْا	: خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔	الْمَوْعِظَةِ	: وعظ، واعظ، وعظ و نصیحت۔
فِيْهِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الْحَسَنَةِ	: حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
لَيَحْكُمُ	: حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔	جَادِلْهُمْ	: جنگ وجدل، جدال، مجادلہ۔
بَيْنَهُمْ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اُدْعُ	: دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	ضَلَّ	: ضلالت وگمراہی۔

وَ مَا	كَانَ	مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ❶ (123)	اِنَّمَا ❷	جُعِلَ ❸
اور نہ	تھا وہ	شرک کرنیوالوں میں سے	بلاشبہ	(قابل تعظیم) بنایا گیا

السَّبۡتُ	عَلَى الَّذِيۡنَ	اخۡتَلَفُوۡا	فِيۡهِ ؕ
ہفتے کا دن	ان لوگوں پر جن	سب نے اختلاف کیا تھا	اس میں

وَاِنَّ	رَبَّكَ ❹	لَيَحۡكُمُ ❺	بَيۡنَهُمۡ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ❻
اور بے شک	تیرا رب	ضرور وہ فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان	قیامت کے دن

فِيۡمَا	كَانُوۡا	فِيۡهِ	يَخۡتَلِفُوۡنَ (124)	اُدۡعُ
(اس) میں جو	تھے وہ سب	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے	بلایئے

اِلٰى سَبِيۡلِ رَبِّكَ	بِالۡحِكۡمَةِ ❻	وَ	الۡمَوۡعِظَةِ الۡحَسَنَةِ ❻
اپنے رب کے راستے کی طرف	حکمت کے ساتھ	اور	اچھی نصیحت (کے ساتھ)

وَ	جَادِلۡهُمۡ	بِالَّتِيۡ	هِيَ	اَحۡسَنُ ❼ ؕ	اِنَّ	رَبَّكَ
اور	بحث کیجیے ان سے	اس سے جو	وہ	سب سے اچھا ہو	بیشک	آپکا رب

هُوَ	اَعۡلَمُ ❼	بِمَنۡ	ضَلَّ	عَنۡ سَبِيۡلِهٖ	وَهُوَ
وہ	خوب جاننے والا ہے	(اس) کو جو	گمراہ ہوا	اسکے راستے سے	اور وہ

ضروری وضاحت

❶ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿125﴾	خوب جاننے والا ہے ہدایت پانے والوں کو۔ ﴿125﴾
وَاِنۡ عَاقَبۡتُمۡ فَعَاقِبُوۡا	اور اگر تم تکلیف دینا چاہتے ہو تو تکلیف دو
بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبۡتُمۡ بِهٖ ؕ	(اس) کی مثل جو تم تکلیف دیے گئے اس کے ساتھ
وَلَئِنۡ صَبَرۡتُمۡ لَهُوَ	اور یقیناً اگر تم صبر کرو بلاشبہ وہ
خَيۡرٌ لِّلصّٰبِرِيۡنَ ﴿126﴾	بہتر ہے صبر کرنے والوں کے لیے۔ ﴿126﴾
وَاصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُكَ اِلَّا	اور آپ صبر کیجیے اور نہیں آپ کا صبر کرنا مگر
بِاللّٰهِ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ	اللہ (کی توفیق) سے اور آپ غم نہ کریں ان پر
وَلَا تَكُ فِىۡ ضَيۡقٍ	اور نہ ہوں آپ (مبتلا) کسی تنگی میں
مِّمَّا يَمۡكُرُوۡنَ ﴿127﴾	اس سے جو وہ تدبیریں کرتے ہیں۔ ﴿127﴾
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيۡنَ	بے شک اللہ ساتھ ہے ان لوگوں کے جنھوں نے
اتَّقَوْا وَّالَّذِيۡنَ	تقویٰ اختیار کیا اور ان لوگوں کے بھی جو (کہ)
هُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ ﴿128﴾ ع	وہ نیکی کرنے والے ہیں۔ ﴿128﴾ ع

ع 16 9 22

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	تَحۡزَنۡ	حزن وملال، عام الحزن۔
عَاقَبۡتُمۡ	عاقبت، تعاقب، عاقبت نااندیش۔	عَلَيۡهِمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِمِثۡلِ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	فِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	ضَيۡقٍ	ضیق الصدر، ضیق النفس، مضایقہ۔
بِهٖ	بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	يَمۡكُرُوۡنَ	مکروفریب، مکار۔
صَبَرۡتُمۡ	صبر، صابر۔	مَعَ	مع اہل وعیال، معیت۔
اِلَّا	الاماشاءاللہ، الاقلیل، الایہ کہ۔	اتَّقَوْا	تقویٰ، متقی۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	مُّحۡسِنُوۡنَ	محسن، احسان، احسان مند۔

اَعۡلَمُ ❶	بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿125﴾ ❷	وَاِنۡ	عَاقَبۡتُمۡ
خوب جاننے والا ہے	سب ہدایت پانے والوں کو	اور اگر	تم تکلیف دینا چاہو

فَعَاقِبُوۡا	بِمِثۡلِ ❷	مَا	عُوۡقِبۡتُمۡ	بِهٖ ؕ ❷
توتم سب تکلیف دو	اس کی مثل	جو	تم تکلیف دیے گئے	اس کے ساتھ

وَ	لَئِنۡ	صَبَرۡتُمۡ	لَهُوَ	خَيۡرٌ	لِّلصّٰبِرِيۡنَ ﴿126﴾
اور	یقیناً اگر	تم صبر کرو	بلاشبہ وہ	بہتر ہے	سب صبر کرنے والوں کے لیے

وَ	اصۡبِرۡ	وَمَا	صَبۡرُكَ ❸	اِلَّا	بِاللّٰهِ ❷
اور	آپ صبر کیجیے	اور نہیں	آپ کا صبر کرنا	مگر	اللہ (کی توفیق) سے

وَ	لَا تَحۡزَنۡ ❹	عَلَيۡهِمۡ	وَ	لَا تَكُ ❺	فِيۡ ضَيۡقٍ ❻
اور	نہ آپ غم کریں	ان پر	اور	نہ ہوں آپ	کسی تنگی میں

مِّمَّا ❼	يَمۡكُرُوۡنَ ﴿127﴾	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الَّذِيۡنَ
اس سے جو	وہ سب تدبیریں کرتے ہیں	بیشک	اللہ	ساتھ	جنہوں نے

اتَّقَوۡا	وَّ	الَّذِيۡنَ	هُمۡ	مُّحۡسِنُوۡنَ ﴿128﴾ ❽ ع
سب نے تقویٰ اختیار کیا	اور	ان لوگوں کے جو	وہ	سب نیکی کرنے والے

ع 16 / 9 / 22

ضروری وضاحت

❶ یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر اور کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ یہ دراصل لَا تَكُنۡ تھا تخفیف کے لیے نۡ گر گیا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ مِمَّا دراصل مِنۡ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❽ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

تعارف ومقاصد ''بیت القرآن''

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے ''بیت القرآن'' کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہوسکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **''بیت القرآن''** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **''بیت القرآن''** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟ “

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ 15

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ﴾ پارہ نمبر 15
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن اول	اشاعت دوم : جولائی 2013
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115
فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111
ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org
ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

آیاتھا 111 — 17 سُوۡرَةُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مَکِّیَّةٌ 50 — رکوعاتھا 12

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ	پاک ہے (اللہ) جو لے گیا اپنے بندے کو
لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ	ایک رات مسجد حرام سے
اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ	مسجد اقصی تک (وہ) جو
بٰرَکۡنَا حَوۡلَہٗ	ہم نے برکت کی اس کے اردگرد
لِنُرِیَہٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ	تا کہ ہم دکھائیں اسے (کچھ) اپنی نشانیوں سے
اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ﴿1﴾	بیشک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿1﴾
وَ اٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡکِتٰبَ	اور ہم نے دی موسیٰ کو کتاب
وَ جَعَلۡنٰہُ ہُدًی لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ	اور ہم نے بنایا اسے ہدایت بنی اسرائیل کے لیے
اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِیۡ وَکِیۡلًا ﴿2﴾ ؕ	کہ نہ پکڑو تم میرے سوا کوئی کارساز۔ ﴿2﴾
ذُرِّیَّۃَ مَنۡ حَمَلۡنَا	(اے) اولاد (ان لوگوں کی) جن کو ہم نے سوار کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سُبۡحٰنَ	: سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔	السَّمِیۡعُ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
اَسۡرٰی	: اسراء ومعراج۔	الۡبَصِیۡرُ	: بصر، بصارت، بصیرت۔
بِعَبۡدِہٖ	: عابد، عبادت، معبود۔	ہُدًی	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
لَیۡلًا	: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	اَلَّا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
اِلَی	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	تَتَّخِذُوۡا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
بٰرَکۡنَا	: برکت، برکات، مبارک، تبرک۔	وَکِیۡلًا	: وکیل، وکالت۔
حَوۡلَہٗ	: ماحول، ماحولیات۔	ذُرِّیَّۃَ	: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
لِنُرِیَہٗ	: مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔	حَمَلۡنَا	: نقل وحمل، حامل رقعہ ہذا، حاملہ۔

اٰیَاتُھَا 111	17 سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَكِّيَّةٌ 50	رُكُوْعَاتُھَا 12

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحٰنَ	الَّذِیْٓ	اَسْرٰی	بِعَبْدِهٖ	لَیْلًا
پاک ہے	جو	لے گیا	اپنے بندے کو	رات

مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا	الَّذِیْ
مسجد حرام سے	مسجد اقصیٰ تک	جو

بٰرَكْنَا ❶	حَوْلَهٗ	لِنُرِیَهٗ ❷	مِنْ اٰیٰتِنَا ط	اِنَّهٗ
ہم نے برکت کی	اس کے اردگرد	تاکہ ہم دکھائیں اسے	اپنی نشانیوں سے	بیشک وہ

هُوَ السَّمِیْعُ ❸❹	الْبَصِیْرُ ❹ ۝1	وَ	اٰتَیْنَا ❶	مُوْسَی	الْكِتٰبَ
ہی خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا ہے	اور	ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب

وَ	جَعَلْنٰهُ ❶	هُدًی	لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	اَلَّا ❺	تَتَّخِذُوْا
اور	ہم نے بنایا اسے	ہدایت	بنی اسرائیل کے لیے	کہ نہ	تم سب پکڑو

مِنْ دُوْنِیْ ❻	وَكِیْلًا ❼ ط ۝2	ذُرِّیَّةَ ❽	مَنْ	حَمَلْنَا ❶
میرے سوا	کوئی کارساز	(اے) اولاد	جن کو	ہم نے سوار کیا

ضروری وضاحت

❶ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❸ ھُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ❽ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

مَعَ نُوۡحٍ ؕ اِنَّهٗ	نوح کے ساتھ (کشتی میں) بیشک وہ
كَانَ عَبۡدًا شَكُوۡرًا ﴿3﴾	شکر گزار بندہ تھا۔ ﴿3﴾
وَقَضَيۡنَاۤ اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	اور ہم نے فیصلہ سنا دیا بنی اسرائیل کو
فِى الۡكِتٰبِ لَـتُفۡسِدُنَّ	کتاب میں (کہ) بلا شبہ ضرور تم فساد کرو گے
فِى الۡاَرۡضِ مَرَّتَيۡنِ وَلَتَعۡلُنَّ	زمین میں دو مرتبہ اور ضرور بالضرور تم چڑھائی کرو گے
عُلُوًّا كَبِيۡرًا ﴿4﴾ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ	بہت بڑی چڑھائی۔ ﴿4﴾ پھر جب آ گیا وعدہ
اُوۡلٰٮهُمَا	ان دونوں میں سے پہلے (فساد کے بدلہ لینے) کا
بَعَثۡنَا عَلَيۡكُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ	(تو) ہم نے بھیجے تم پر اپنے کچھ بندے
اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ	بہت سخت لڑائی والے
فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ	تو وہ گھس گئے گھروں کے اندر
وَكَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا ﴿5﴾	اور تھا (یہ) وعدہ پورا کیا ہوا۔ ﴿5﴾
ثُمَّ رَدَدۡنَا لَـكُمُ الۡكَرَّةَ عَلَيۡهِمۡ	پھر ہم نے دوبارہ دیا تمہیں غلبہ ان پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَ	مع اہل وعیال، معیت۔	اُوۡلٰٮهُمَا	قرون اُولٰی، اوّل درجہ۔
شَكُوۡرًا	شکر، شاکر، مشکور، اظہار تشکر۔	بَعَثۡنَا	بعثت، مبعوث۔
قَضَيۡنَاۤ	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	عَلَيۡكُمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اُولِىۡ	اولوا العزم، اولوا العلم۔
لَتُفۡسِدُنَّ	فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔	خِلٰلَ	خلل، مخل، خلال۔
مَرَّتَيۡنِ	روزمرہ۔	الدِّيَارِ	دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
لَتَعۡلُنَّ	عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔	مَّفۡعُوۡلًا	فعل، فاعل، مفعول۔
كَبِيۡرًا	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	رَدَدۡنَا	رد، مردود، تردید، مرتد۔

مَعَ نُوۡحٍ ؕ	اِنَّهٗ	کَانَ ❶	عَبۡدًا	شَکُوۡرًا ❷ (3)
نوح کے ساتھ	بیشک وہ	تھا	بندہ	بہت شکر گزار

وَ	قَضَیۡنَاۤ ❸	اِلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ❹	فِی الۡکِتٰبِ
اور	ہم نے فیصلہ سنا دیا	بنی اسرائیل کو	کتاب میں (کہ)

لَتُفۡسِدُنَّ ❺	فِی الۡاَرۡضِ	مَرَّتَیۡنِ	وَ	لَتَعۡلُنَّ ❺
بلاشبہ ضرور تم فساد کرو گے	زمین میں	دو مرتبہ	اور	ضرور بالضرور تم چڑھائی کرو گے

عُلُوًّا	کَبِیۡرًا ❷ (4)	فَاِذَا	جَآءَ	وَعۡدُ	اُوۡلٰىهُمَا
چڑھائی	بہت بڑی	پھر جب	آ گیا	وعدہ	ان دونوں میں سے پہلے کا

بَعَثۡنَا ❸	عَلَیۡکُمۡ	عِبَادًا ❻	لَّنَاۤ ❼❽	اُولِیۡ بَاۡسٍ	شَدِیۡدٍ
ہم نے بھیجے	تم پر	کچھ بندے	اپنے	لڑائی والے	بہت سخت

فَجَاسُوۡا	خِلٰلَ الدِّیَارِ ؕ	وَکَانَ ❶	وَعۡدًا	مَّفۡعُوۡلًا (5)
تو وہ سب گھس گئے	گھروں کے اندر	اور تھا	وعدہ	پورا کیا ہوا

ثُمَّ	رَدَدۡنَا ❸	لَکُمُ ❼	الۡکَرَّۃَ	عَلَیۡهِمۡ
پھر	ہم نے لوٹایا (دوبارہ دیا)	تمہیں	غلبہ	ان پر

ضروری وضاحت

❶ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❹ اِلٰی کا ترجمہ کو ضرورتاً کیا گیا ہے اصل ترجمہ تک یا طرف ہے۔ ❺ اگر نَّ سے پہلے پیش ہو تو اس لفظ میں جمع مذکر اور تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ یہاں علامت لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ نَا کا ترجمہ کبھی اپنا، اپنی، اپنے بھی کیا جاتا ہے۔

وَ اَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِیْنَ	اور ہم نے مدد دی تمھیں مالوں اور بیٹوں سے
وَ جَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِیْرًا ﴿6﴾	اور ہم نے کر دیا تمھیں تعداد میں بہت زیادہ۔ ﴿6﴾
اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ	اگر تم نے بھلائی کی (تو) تم نے بھلائی کی
لِاَنْفُسِكُمْ ۫ وَ اِنْ اَسَاْتُمْ	اپنے نفسوں کے لیے اور اگر تم نے برائی کی
فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ	تو (وہ بھی) انھی (نفسوں) کے لیے ہے، پھر جب آیا وعدہ
الْاٰخِرَةِ	دوسری بار (کی سزا) کا (ہم نے مسلط کر دیئے تم پر اور بندے)
لِیَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ	تاکہ وہ بگاڑ دیں تمھارے چہرے
وَ لِیَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا	اور تاکہ وہ داخل ہو جائیں مسجد (اقصیٰ) میں جیسا کہ
دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ لِیُتَبِّرُوْا	داخل ہوئے اس میں پہلی بار اور تاکہ وہ تباہ کر دیں (اسے)
مَا عَلَوْا تَتْبِیْرًا ﴿7﴾	جس پر وہ غلبہ پائیں مکمل تباہ کرنا۔ ﴿7﴾
عَسٰی رَبُّكُمْ اَنْ یَّرْحَمَكُمْ ۚ	قریب ہے کہ تمھارا رب تم پر رحم کرے
وَ اِنْ عُدْتُّمْ	اور اگر تم دوبارہ کرو گے (وہی حرکتیں تو)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَمْدَدْنٰكُمْ	مدد، امداد، مددگار، ممد و معاون۔	وَعْدُ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
بِاَمْوَالٍ	مال و دولت، مال و جان، مالی خسارہ۔	وُجُوْهَكُمْ	وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
بَنِیْنَ	ابن قاسم، متبنّٰی، ابن آدم۔	لِیَدْخُلُوا	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
اَكْثَرَ	اکثر، کثیر، کثرت۔	كَمَا	کما حقہ، کالعدم۔
نَفِیْرًا	بھاری نفری۔	مَرَّةٍ	روزمرہ۔
اَحْسَنْتُمْ	محسن، احسان، احسان مند۔	عَلَوْا	عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔
لِاَنْفُسِكُمْ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔	یَّرْحَمَكُمْ	رحم، رحمت، مرحوم۔
اَسَاْتُمْ، لِیَسُوْٓءٗا	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔	عُدْتُّمْ	اعادہ، عود کرنا۔

وَ	اَمۡدَدۡنٰکُمۡ ❶❷	بِاَمۡوَالٍ	وَّ	بَنِیۡنَ	وَ	جَعَلۡنٰکُمۡ ❶❷
اور	ہم نے مدد دی تمہیں	مالوں سے	اور	بیٹوں (سے)	اور	ہم نے کر دیا تمہیں

اَکۡثَرَ ❸	نَفِیۡرًا ﴿6﴾	اِنۡ	اَحۡسَنۡتُمۡ	اَحۡسَنۡتُمۡ
بہت زیادہ	تعداد (میں)	اگر	تم نے بھلائی کی	تم نے بھلائی کی

لِاَنۡفُسِکُمۡ قف	وَاِنۡ	اَسَاۡتُمۡ	فَلَهَا ❹ ط	فَاِذَا ❹
اپنے نفسوں کے لیے	اور اگر	تم نے برائی کی	تو انہی کے لیے ہے	پھر جب

جَآءَ	وَعۡدُ	الۡاٰخِرَةِ ❺	لِیَسُوۡٓءٗا ❻	وُجُوۡهَکُمۡ
آیا	وعدہ	آخری (دوسری بار کی سزا کا)	تاکہ وہ سب بگاڑ دیں	تمہارے چہرے

وَ	لِیَدۡخُلُوا	الۡمَسۡجِدَ	کَمَا	دَخَلُوۡهُ ❼
اور	تاکہ وہ سب داخل ہو جائیں	مسجد (میں)	جیسا کہ	وہ سب داخل ہوئے اس میں

اَوَّلَ مَرَّةٍ ❺	وَّ	لِیُتَبِّرُوۡا	مَا	عَلَوۡا	تَتۡبِیۡرًا ﴿7﴾
پہلی بار	اور	تاکہ وہ سب تباہ کر دیں	جس (پر)	وہ سب غلبہ پائیں	مکمل تباہ کرنا

عَسٰی	رَبُّکُمۡ	اَنۡ	یَّرۡحَمَکُمۡ ج	وَ	اِنۡ	عُدۡتُّمۡ
قریب ہے	تمہارا رب	کہ	وہ رحم کرے تم پر	اور	اگر	تم نے دوبارہ کیا

ضروری وضاحت

❶نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷کُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے ۔ ❸اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے ۔ ❹فَ کا ترجمہ کبھی پس ہو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❺ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻اصل میں لِیَسُوۡءُوا ہے جمع کی و کی بجائے ء پر الٹا پیش دیا گیا ہے جو وْا کے قائم مقام ہے۔ ❼علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف (ا) گر جاتا ہے۔

وقف لازم

عُدْنَا ۘ وَ جَعَلْنَا	ہم (بھی) دوبارہ کریں گے (وہی سلوک) اور ہم نے بنایا
جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ حَصِیْرًا (8)	جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ۔ (8)
اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَهْدِیْ لِلَّتِیْ	بیشک یہ قرآن ہدایت دیتا ہے اس (راہ) کی جو
هِیَ اَقْوَمُ وَ یُبَشِّرُ	وہ سب سے سیدھی ہے اور وہ خوشخبری دیتا ہے
الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ	مومنوں کو جو عمل کرتے ہیں نیک
اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِیْرًا ۙ (9)	کہ بیشک ان کے لیے بہت بڑا اجر ہے۔ (9)
وَّ اَنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ	اور (یہ) کہ بے شک جو لوگ ایمان نہیں رکھتے
بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ	آخرت پر ہم نے تیار کر رکھا ہے ان کے لیے
عَذَابًا اَلِیْمًا ع (10)	بہت دردناک عذاب۔ ع (10)
وَ یَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ	اور دعا کرتا ہے انسان برائی کی
دُعَآءَهٗ بِالْخَیْرِ ؕ	اپنے بھلائی کی دعا کرنے کی طرح
وَ كَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا (11)	اور ہے انسان بہت جلد باز۔ (11)

ع 10 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عُدْنَا	اعادہ، عود کرنا۔	یَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
لِلْكٰفِرِیْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	الصّٰلِحٰتِ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
حَصِیْرًا	حصار، محاصرہ، محصور۔	كَبِیْرًا	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
هٰذَا	لہٰذا، حامل رقعہ ہذا، ہذا من فضل ربی۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
یَهْدِیْ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	اَلِیْمًا	الم ناک حادثہ، رنج والم۔
اَقْوَمُ	قائم، مقام۔	دُعَآءَهٗ	دعا، مدعو، الداعی الی الخیر۔
یُبَشِّرُ	بشارت، مبشر، بشیر۔	بِالْخَیْرِ	خیر، خیریت۔
الْمُؤْمِنِیْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	عَجُوْلًا	عجلت، مہر معجّل، تعجیل۔

وقف لازم

عُدْنَا ۘ	وَ	جَعَلْنَا ❶	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	حَصِيْرًا ﴿8﴾
قَالَ اذۡهَبۡ فَمَنۡ تَبِعَكَ مِنۡهُمۡ	کہا (اللہ نے) جا پھر جو تیری پیروی کریگا ان میں سے
فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمۡ جَزَآءً مَّوۡفُوۡرًا ﴿63﴾	پس بیشک جہنم تمہاری سزا ہے پوری پوری سزا۔ ﴿63﴾
وَاسۡتَفۡزِزۡ مَنِ اسۡتَطَعۡتَ مِنۡهُمۡ	اور بہکا لے جسے تو استطاعت رکھتا ہے ان میں سے
بِصَوۡتِكَ وَاَجۡلِبۡ عَلَيۡهِمۡ بِخَيۡلِكَ	اپنی آواز سے اور کھینچ لا ان پر اپنے سوار کو
وَرَجِلِكَ وَشَارِكۡهُمۡ فِى الۡاَمۡوَالِ	اور اپنے پیادے اور شریک بن جا ان کا مالوں میں
وَالۡاَوۡلَادِ وَعِدۡهُمۡ ؕ وَمَا	اور اولاد (میں) اور وعدے دے انہیں (جھوٹے)، اور نہیں
يَعِدُهُمُ الشَّيۡطٰنُ اِلَّا غُرُوۡرًا ﴿64﴾	وعدہ دیتا انہیں شیطان مگر دھوکے کا۔ ﴿64﴾
اِنَّ عِبَادِىۡ لَيۡسَ لَكَ عَلَيۡهِمۡ	بیشک میرے بندے نہیں ہے تیرے لیے ان پر
سُلۡطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيۡلًا ﴿65﴾	کوئی غلبہ اور کافی ہے آپ کا رب بطور کارساز۔ ﴿65﴾
رَبُّكُمُ الَّذِىۡ يُزۡجِىۡ لَكُمُ	تمہارا رب وہی ہے جو چلاتا ہے تمہارے لیے
الۡفُلۡكَ فِى الۡبَحۡرِ لِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	کشتیاں سمندر میں تاکہ تم تلاش کرو اسکے فضل سے
اِنَّهٗ كَانَ بِكُمۡ رَحِيۡمًا ﴿66﴾	بے شک وہ ہے تم پر بہت مہربان۔ ﴿66﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَبِعَكَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔	عِدۡهُمۡ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
مِنۡهُمۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
جَزَآؤُكُمۡ : جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	غُرُوۡرًا : غرور، مغرور۔
مَّوۡفُوۡرًا : وافر مقدار۔	سُلۡطٰنٌ : سلطنت، سلطانی۔
اسۡتَطَعۡتَ : استطاعت، حسب استطاعت۔	كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
بِصَوۡتِكَ : صوت الاسلام، صوتی انجینئر، صوتیات۔	الۡبَحۡرِ : بحر وبر، بحیرۂ عرب، بحری بیڑا۔
عَلَيۡهِمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	فَضۡلِهٖ : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
شَارِكۡهُمۡ : شریک، شراکت، مشترک، مشترکہ۔	رَحِيۡمًا : رحمت، رحم، مرحوم۔

قَالَ	اذۡهَبۡ ❶	فَمَنۡ ❷	تَبِعَكَ	مِنۡهُمۡ	فَاِنَّ ❸	جَهَنَّمَ	جَزَآؤُكُمۡ
کہا	تو جا	پھر جس نے	پیروی کی تیری	ان میں سے	پس بیشک	جہنم	تمہاری سزا

جَزَآءً	مَّوۡفُوۡرًا ﴿63﴾	وَاسۡتَفۡزِزۡ ❶	مَنِ	اسۡتَطَعۡتَ	مِنۡهُمۡ	بِصَوۡتِكَ
سزا	پوری پوری	اور تو بہکا لے	جسے	تو استطاعت رکھتا ہے	ان میں سے	اپنی آواز سے

وَاَجۡلِبۡ ❶	عَلَيۡهِمۡ	بِخَيۡلِكَ	وَرَجِلِكَ	وَشَارِكۡهُمۡ	فِي الۡاَمۡوَالِ
اور تو کھینچ لا	ان پر	اپنے سوار کو	اور اپنے پیادے (کو)	اور شریک بن جا انکا	مالوں میں

وَالۡاَوۡلَادِ	وَعِدۡهُمۡ ؕ	وَمَا	يَعِدُهُمُ	الشَّيۡطٰنُ	اِلَّا	غُرُوۡرًا ﴿64﴾
اور اولاد (میں)	اور وعدے دے انہیں	اور نہیں	وہ وعدہ دیتا انہیں	شیطان	مگر	دھوکا

اِنَّ	عِبَادِيۡ ❹	لَيۡسَ	لَكَ	عَلَيۡهِمۡ	سُلۡطٰنٌ ❺ ؕ	وَكَفٰى	بِرَبِّكَ ❻
بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرے لیے	ان پر	کوئی غلبہ	اور کافی ہے	آپکا رب

وَكِيۡلًا ﴿65﴾	رَبُّكُمُ	الَّذِيۡ	يُزۡجِيۡ	لَكُمُ	الۡفُلۡكَ ❼	فِي الۡبَحۡرِ
بطور کارساز	تمہارا رب	جو	وہ چلاتا ہے	تمہارے لیے	کشتیاں	سمندر میں

لِتَبۡتَغُوۡا	مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِكُمۡ	رَحِيۡمًا ﴿66﴾ ❽
تاکہ تم سب تلاش کرو	اسکے فضل سے	بے شک وہ	ہے	تم پر	بہت مہربان

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❸ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❹ یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❽ فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِی الۡبَحۡرِ	اور جب پہنچے تمہیں تکلیف سمندر میں
ضَلَّ مَنۡ تَدۡعُوۡنَ	(تو) گم ہو جاتے ہیں (سب) جنہیں تم پکارتے ہو
اِلَّاۤ اِیَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمۡ	سوائے اس (اللہ) کے، پھر جب وہ نجات دے دے تمہیں
اِلَی الۡبَرِّ اَعۡرَضۡتُمۡ ؕ	خشکی کی طرف (تو) تم منہ پھیر لیتے ہو
وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ كَفُوۡرًا ﴿67﴾	اور ہے انسان بہت ناشکرا۔ ﴿67﴾
اَفَاَمِنۡتُمۡ اَنۡ یَّخۡسِفَ	کیا پھر تم بے خوف ہو گئے ہو (اس سے) کہ وہ دھنسا دے
بِكُمۡ جَانِبَ الۡبَرِّ	تم کو خشکی کی ایک جانب
اَوۡ یُرۡسِلَ عَلَیۡكُمۡ حَاصِبًا	یا وہ بھیج دے تم پر پتھراؤ کرنے والی آندھی
ثُمَّ لَا تَجِدُوۡا لَكُمۡ وَكِیۡلًا ﴿68﴾	پھر تم نہ پاؤ اپنے لیے کوئی کارساز۔ ﴿68﴾
اَمۡ اَمِنۡتُمۡ اَنۡ	یا تم بے خوف ہو گئے ہو (اس بات سے) کہ
یُّعِیۡدَكُمۡ فِیۡهِ تَارَةً اُخۡرٰی	وہ لوٹا دے تمہیں اس (سمندر) میں دوسری بار
فَیُرۡسِلَ عَلَیۡكُمۡ قَاصِفًا مِّنَ الرِّیۡحِ	پھر وہ بھیج دے تم پر توڑ دینے والی ہوا (آندھی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَسَّكُمۡ	مس، مس کرنا (چھونا)۔	كَفُوۡرًا	کفرانِ نعمت۔
الضُّرُّ	مضرِ صحت، ضرر رساں۔	اَفَاَمِنۡتُمۡ	امن، مامون، امنِ عامّہ۔
الۡبَحۡرِ	بحر و برّ، بحیرۂ عرب، بحری بیڑا۔	جَانِبَ	جانب، جانب داری، منجانب۔
ضَلَّ	ضلالت و گمراہی۔	عَلَیۡكُمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تَدۡعُوۡنَ	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	تَجِدُوۡا	وجود، موجود۔
نَجّٰىكُمۡ	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔	یُّعِیۡدَكُمۡ	اعادہ۔
الۡبَرِّ	برّی افواج، بحر و برّ۔	اُخۡرٰی	اخروی زندگی، اوّل و آخر۔
اَعۡرَضۡتُمۡ	اعراض کرنا۔	الرِّیۡحِ	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔

وَاِذَا	مَسَّكُمُ[1]	الضُّرُّ	فِي الْبَحْرِ	ضَلَّ	مَنْ
اور جب	پہنچے تمہیں	تکلیف	سمندر میں	گم ہو جاتا ہے	جسے

تَدْعُوْنَ	اِلَّآ	اِيَّاهُ ۚ	فَلَمَّا[2]	نَجّٰىكُمْ[1]	اِلَى الْبَرِّ
تم سب پکارتے ہو	سوائے	اس کے	پھر جب	وہ نجات دے تمہیں	خشکی کی طرف

اَعْرَضْتُمْ ؕ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	كَفُوْرًا[3] (67)	اَفَاَمِنْتُمْ[4]
تم منہ پھیر لیتے ہو	اور ہے	انسان	بہت ناشکرا	کیا پھر تم بے خوف ہو گئے ہو

اَنْ	يَّخْسِفَ	بِكُمْ[5]	جَانِبَ الْبَرِّ	اَوْ	يُرْسِلَ
کہ	وہ دھنسا دے	تم کو	خشکی کی جانب	یا	وہ بھیج دے

عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا[6]	ثُمَّ	لَا	تَجِدُوْا	لَكُمْ
تم پر	پتھراؤ کرنے والی آندھی	پھر	نہ	تم سب پاؤ	اپنے لیے

وَكِيْلًا[7] (68) ۙ	اَمْ	اَمِنْتُمْ	اَنْ	يُّعِيْدَكُمْ	فِيْهِ
کوئی کارساز	یا	تم بے خوف ہو گئے ہو	کہ	وہ لوٹا دے تمہیں	اس (سمندر) میں

تَارَةً اُخْرٰى	فَيُرْسِلَ[2]	عَلَيْكُمْ	قَاصِفًا[6]	مِّنَ الرِّيْحِ[8]
دوسری بار	پھر وہ بھیج دے	تم پر	توڑ دینے والی	ہوا (آندھی)

ضروری وضاحت

[1] كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ [2] فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ [3] فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ [4] أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس جملے میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ [5] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر اور کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔ [6] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ [7] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ [8] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا	پس وہ غرق کر دے تمہیں اس وجہ سے جو
كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ	تم نے کفر کیا پھر تم نہ پاؤ اپنے لیے
عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿69﴾	ہمارے خلاف اسکے بدلے کوئی پیچھا کرنے والا ﴿69﴾
وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے عزت دی بنی آدم کو
وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ	اور ہم نے سوار کیا انہیں خشکی میں اور سمندر (میں)
وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	اور ہم نے رزق دیا انہیں پاکیزہ چیزوں سے
وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ	اور ہم نے فضیلت دی انہیں بہت (سی مخلوقات) پر
مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿70﴾ ع 7/10/7	ان میں سے جنہیں ہم نے پیدا کیا بہت فضیلت دینا ﴿70﴾
يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ	(جس) دن ہم بلائیں گے سب لوگوں کو انکے امام کیساتھ
فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ	پھر جو دیا گیا اپنا اعمال نامہ اپنے دائیں ہاتھ میں
فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ	تو وہ لوگ پڑھیں گے اپنا اعمال نامہ
وَلَا يُظْلَمُوْنَ	اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيُغْرِقَكُمْ	غرق، غرقاب، مستغرق۔	خَلَقْنَا	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
تَجِدُوْا	وجود، موجود، وجد۔	يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
تَبِيْعًا	اتباع، تابع فرمان، متبع سنت۔	نَدْعُوْا	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
كَرَّمْنَا	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔	اُنَاسٍ	عوام الناس، بعض الناس۔
حَمَلْنٰهُمْ	حمل، محمول، حاملہ عورت، حامل۔	بِاِمَامِهِمْ	امام، امامت، امام وقت۔
الْبَرِّ	برّی افواج، بحر وبرّ۔	بِيَمِيْنِهٖ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
الْبَحْرِ	بحر وبرّ، بحیرۂ عرب، بحری بیڑا۔	يَقْرَءُوْنَ	قاری، قرات، مقابلہ حسن قرات۔
فَضَّلْنٰهُمْ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	يُظْلَمُوْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

فَيُغۡرِقَكُمۡ ❶	بِمَا ❷	كَفَرۡتُمۡ	ثُمَّ	لَا	تَجِدُوۡا
پس وہ غرق کردے تمہیں	اس وجہ سے جو	تم نے کفر کیا	پھر	نہ	تم سب پاؤ

لَكُمۡ	عَلَيۡنَا ❸	بِهٖ ❷	تَبِيۡعًا ﴿69﴾	وَلَقَدۡ ❹	كَرَّمۡنَا ❺
اپنے لیے	ہم پر	اسکے بدلے	کوئی پیچھا کرنیوالا	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے عزت دی

بَنِيۡۤ اٰدَمَ	وَ	حَمَلۡنٰهُمۡ ❺	فِي الۡبَرِّ	وَالۡبَحۡرِ	وَرَزَقۡنٰهُمۡ ❺
بنی آدم	اور	ہم نے سوار کیا انہیں	خشکی میں	اور سمندر	اور ہم نے رزق دیا انہیں

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ❻	وَ	فَضَّلۡنٰهُمۡ ❺	عَلٰى كَثِيۡرٍ	مِّمَّنۡ
پاکیزہ چیزوں سے	اور	ہم نے فضیلت دی انہیں	بہت (سی مخلوقات) پر	(ان) میں سے جنہیں

خَلَقۡنَا ❺	تَفۡضِيۡلًا ﴿70﴾	يَوۡمَ	نَدۡعُوۡا	كُلَّ	اُنَاسٍۭ
ہم نے پیدا کیا	(بہت) فضیلت دینا	(جس) دن	ہم بلائیں گے	سب	لوگوں کو

ع 10

بِاِمَامِهِمۡ ❷	فَمَنۡ	اُوۡتِيَ ❼	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيۡنِهٖ ❽
ان کے امام کے ساتھ	پھر جو	دیا گیا	اپنا اعمال نامہ	اپنے دائیں ہاتھ میں

فَاُولٰٓئِكَ	يَقۡرَءُوۡنَ	كِتٰبَهُمۡ	وَ	لَا يُظۡلَمُوۡنَ
تو وہ لوگ	وہ سب پڑھیں گے	اپنا اعمال نامہ	اور	وہ سب ظلم نہیں کیے جائیں گے

ضروری وضاحت

❶ کُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو، بسبب اور بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ عَلَيۡنَا کا اصل ترجمہ ہم پر ہے مراد ہمارے خلاف ہے۔ ❹ لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❺ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❻ ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

فَتِيۡلًا ﴿71﴾	(کھجور کی گٹھلی کے) دھاگے (کے برابر بھی)۔ ﴿71﴾
وَمَنۡ كَانَ فِىۡ هٰذِهٖۤ اَعۡمٰى	اور جو ہو اس (دنیا) میں اندھا
فَهُوَ فِى الۡاٰخِرَةِ اَعۡمٰى	تو وہ آخرت میں (بھی) اندھا ہوگا
وَاَضَلُّ سَبِيۡلًا ﴿72﴾	اور (وہ ہوگا) بہت زیادہ بھٹکا ہوا راہ سے۔ ﴿72﴾
وَاِنۡ كَادُوۡا لَيَفۡتِنُوۡنَكَ	اور بلاشبہ قریب تھا (کہ) ضرور یہ بہکا دیتے آپ کو
عَنِ الَّذِىۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ	(اس) سے جو ہم نے وحی کی آپ کی طرف
لِتَفۡتَرِىَ عَلَيۡنَا غَيۡرَهٗ ‌ۖ	تاکہ آپ جھوٹ گھڑلیں ہم پر اس کے سوا
وَاِذًا لَّاتَّخَذُوۡكَ خَلِيۡلًا ﴿73﴾	اور اس وقت ضرور وہ بنا لیتے آپ کو دوست۔ ﴿73﴾
وَلَوۡلَاۤ اَنۡ ثَبَّتۡنٰكَ	اور اگر (یہ) نہ ہوتا کہ ہم نے ثابت قدم رکھا آپ کو
لَقَدۡ كِدتَّ تَرۡكَنُ	(تو) بلاشبہ یقیناً قریب تھا آپ مائل ہو جاتے
اِلَيۡهِمۡ شَيۡـًٔـا قَلِيۡلًا ﴿74﴾ ۙ	ان کی طرف کچھ تھوڑا سا۔ ﴿74﴾
اِذًا لَّاَذَقۡنٰكَ ضِعۡفَ الۡحَيٰوةِ	اس وقت ضرور ہم چکھاتے آپکو دوگنا (عذاب) زندگی کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لَّاتَّخَذُوۡكَ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اَضَلُّ	: ضلالت وگمراہی۔	خَلِيۡلًا	: خلیل، خلیل اللہ۔
سَبِيۡلًا	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
لَيَفۡتِنُوۡنَكَ	: فتنہ، فتّان۔	ثَبَّتۡنٰكَ	: ثابت قدم، ثبوت، مثبت، اثبات۔
اَوۡحَيۡنَاۤ	: وحی، وحی متلو۔	قَلِيۡلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
اِلَيۡكَ	: رجوع الی اللہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	لَّاَذَقۡنٰكَ	: خوش ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔
لِتَفۡتَرِىَ	: افترٰی پردازی، مفتری۔	ضِعۡفَ	: ذواضعاف اقل۔
عَلَيۡنَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الۡحَيٰوةِ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔

فَتِيْلًا ﴿71﴾	وَمَنْ	كَانَ ❶	فِيْ هٰذِهٖٓ	اَعْمٰى
(کھجور کی گٹھلی کے) دھاگے (کے برابر)	اور جو	ہو	اس (دنیا) میں	اندھا

فَهُوَ	فِي الْاٰخِرَةِ ❷	اَعْمٰى	وَ	اَضَلُّ ❸	سَبِيْلًا ﴿72﴾
تو وہ	آخرت میں (بھی)	اندھا	اور	بہت زیادہ بھٹکا ہوا	راہ

وَ	اِنْ ❹	كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ ❺❻	عَنِ	الَّذِيْٓ
اور	بلاشبہ	قریب تھا ضرور وہ سب بہکا دیتے آپ کو	(اس) سے	جو

اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	لِتَفْتَرِيَ ❼	عَلَيْنَا	غَيْرَهٗ ۖ
ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	تاکہ آپ جھوٹ گھڑ لیں	ہم پر	اس کے سوا

وَ	اِذًا ❽	لَّاتَّخَذُوْكَ ❺	خَلِيْلًا ﴿73﴾	وَ	لَوْلَآ	اَنْ
اور	اس وقت	ضرور بنا لیتے آپ کو	دوست	اور	اگر نہ (یہ ہوتا)	کہ

ثَبَّتْنٰكَ	لَقَدْ	كِدْتَّ	تَرْكَنُ	اِلَيْهِمْ
ہم نے ثابت قدم رکھا آپکو	بلاشبہ یقیناً	قریب تھا کہ آپ	آپ مائل ہو جاتے	ان کی طرف

شَيْئًا	قَلِيْلًا ﴿74﴾ ۙ	اِذًا ❽	لَّاَذَقْنٰكَ ❺❻	ضِعْفَ الْحَيٰوةِ ❷
کچھ	تھوڑا سا	اس وقت	ضرور ہم چکھاتے آپکو	دوگنا (عذاب) زندگی کا

ضروری وضاحت

❶ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ یہ دراصل اِنَّ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِنْ کر دیا گیا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔ ❻ كَ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تجھے یا آپ کو کیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❽ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب یا اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔

وَ ضِعۡفَ الۡمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ	اور دوگنا (عذاب) موت کا پھر نہ پاتے آپ
لَكَ عَلَيۡنَا نَصِيۡرًا ﴿75﴾	اپنے لیے ہم پر (یعنی ہمارے خلاف) کوئی مددگار ﴿75﴾
وَ اِنۡ كَادُوۡا لَيَسۡتَفِزُّوۡنَكَ	اور بلا شبہ قریب تھے کہ وہ ضرور پھسلا دیں آپ کو
مِنَ الۡاَرۡضِ لِيُخۡرِجُوۡكَ مِنۡهَا	(مکہ کی) زمین سے تا کہ وہ نکال دیں آپ کو اس سے
وَاِذًا لَّا يَلۡبَثُوۡنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿76﴾	اور اسوقت نہیں وہ ٹھہریں گے آپکے بعد مگر بہت کم ﴿76﴾
سُنَّةَ مَنۡ قَدۡ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ	(انکے) طریقے (کی مانند) جنہیں یقیناً ہم نے بھیجا آپ سے پہلے
مِنۡ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ	اپنے رسولوں میں سے اور نہیں پائیں گے آپ
لِسُنَّتِنَا تَحۡوِيۡلًا ﴿77﴾ ع	ہمارے طریقے میں کوئی تبدیلی۔ ﴿77﴾
اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوۡكِ الشَّمۡسِ	نماز قائم کیجیے سورج ڈھلنے سے
اِلٰى غَسَقِ الَّيۡلِ وَقُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ ؕ	رات کے اندھیرے تک اور فجر کے قرآن کا (اہتمام کیجیے)
اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ	بے شک فجر کا قرآن (پڑھنا)
كَانَ مَشۡهُوۡدًا ﴿78﴾	(فرشتوں کے) حاضر ہونے کا باعث ہے۔ ﴿78﴾

ع 8/7/8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ضِعۡفَ	ذو اضعاف اقل۔	اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
الۡمَمَاتِ	موت وحیات، سماع موتی، میت۔	قَلِيۡلًا	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
تَجِدُ	وجود، موجود، وجد۔	سُنَّةَ	کتاب وسنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔
عَلَيۡنَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَرۡسَلۡنَا	رسول، مرسل، انبیاء ورسل۔
نَصِيۡرًا	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔	اَقِمِ	قائم، قیام، مقیم، قیامت، اقامت دین۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الشَّمۡسِ	شمس وقمر، نظام شمسی۔
لِيُخۡرِجُوۡكَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	الۡفَجۡرِ	نماز فجر، فجر سے پہلے، فجر کے وقت۔
خِلٰفَكَ	خلافت، خلف الرشید، ناخلف۔	مَشۡهُوۡدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔

وَ	ضِعۡفَ	الۡمَمَاتِ	ثُمَّ	لَا تَجِدُ ❶	لَكَ	عَلَيۡنَا
اور	دوگنا (عذاب)	موت کا	پھر	نہ پاتے آپ	اپنے لیے	ہم پر

نَصِيۡرًا ❷ ﴿75﴾	وَ اِنۡ ❸	كَادُوۡا	لَيَسۡتَفِزُّوۡنَكَ	مِنَ الۡاَرۡضِ
کوئی مددگار	اور بلاشبہ	وہ سب قریب تھے	ضرور وہ سب پھسلا دیں آپکو	زمین سے

لِيُخۡرِجُوۡكَ	مِنۡهَا	وَاِذًا	لَّا يَلۡبَثُوۡنَ ❹	خِلٰفَكَ
تاکہ وہ سب نکال دیں آپکو	اس سے	اور اسوقت	نہیں وہ سب ٹھہریں گے	آپ کے بعد

اِلَّا	قَلِيۡلًا ﴿76﴾	سُنَّةَ ❺	مَنۡ	قَدۡ	اَرۡسَلۡنَا	قَبۡلَكَ
مگر	بہت کم	طریقہ	جنہیں	یقیناً	ہم نے بھیجا	آپ سے پہلے

ع 8 7 8

مِنۡ رُّسُلِنَا ❻	وَ	لَا تَجِدُ ❶	لِسُنَّتِنَا ❻	تَحۡوِيۡلًا ❷ ﴿77﴾ ع
اپنے رسولوں میں سے	اور	نہیں پائیں گے آپ	ہمارے طریقے میں	کوئی تبدیلی

اَقِمِ	الصَّلٰوةَ ❺	لِدُلُوۡكِ الشَّمۡسِ ❼	اِلٰى غَسَقِ الَّيۡلِ	وَ
قائم کیجیے	نماز	سورج ڈھلنے سے	رات کے اندھیرے تک	اور

قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ ؕ	اِنَّ	قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ	كَانَ	مَشۡهُوۡدًا ❽ ﴿78﴾
فجر کا قرآن	بے شک	فجر کا قرآن	ہے	حاضر کیا ہوا

ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اِنَّ کو تخفیف کے لیے اِنۡ کیا گیا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ ة واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ❻ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❼ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔ ❽ یہاں حاضر کیا ہوا سے مراد ہے کہ یہ عمل فرشتوں کی حاضری کا باعث ہے۔

وَ مِنَ الَّیۡلِ فَتَہَجَّدۡ بِہٖ	اور رات سے (کچھ حصہ) پس آپ تہجد پڑھیں اس (قرآن) سے
نَافِلَۃً لَّکَ ٭ۖ عَسٰۤی اَنۡ یَّبۡعَثَکَ	(یہ) زائد ہے آپکے لیے، قریب ہے کہ کھڑا کرے آپکو
رَبُّکَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا ﴿۷۹﴾ وَ قُلۡ رَّبِّ	آپکا رب مقامِ محمود میں ﴿79﴾ اور کہیے اے میرے رب!
اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ	داخل کر مجھے (مدینہ میں) داخل کرنا سچائی (بہتری) کیساتھ
وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ	نکال مجھے (مکہ سے) نکالنا سچائی (بہتری) کے ساتھ
وَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ	اور کر دے میرے لیے اپنی طرف سے
سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ﴿۸۰﴾	غلبہ مدد دینے والا۔ ﴿80﴾
وَ قُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَ زَہَقَ الۡبَاطِلُ ؕ	اور کہہ دیجیے آ گیا حق اور مٹ گیا باطل
اِنَّ الۡبَاطِلَ کَانَ زَہُوۡقًا ﴿۸۱﴾	بے شک باطل ہے (ہی) مٹنے والا۔ ﴿81﴾
وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ	اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن (میں) سے (وہ کچھ)
مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ	جو (کہ) وہ شفا اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے
وَ لَا یَزِیۡدُ الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾	اور نہیں وہ زیادہ کرتا ظالموں کو مگر خسارے میں ﴿82﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَخۡرِجۡنِیۡ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
فَتَہَجَّدۡ	نماز تہجد، تہجد گزار۔	نَّصِیۡرًا	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
بِہٖ	بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	سُلۡطٰنًا	سلطان، سلطنت، سلطانی گواہ۔
یَّبۡعَثَکَ	بعثت، مبعوث، بعث بعد الموت۔	نُنَزِّلُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
مَّحۡمُوۡدًا	حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔	مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	یَزِیۡدُ	زیادہ، مزید، زائد۔
اَدۡخِلۡنِیۡ	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔	الظّٰلِمِیۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
صِدۡقٍ	صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔	خَسَارًا	خسارہ، خائب وخاسر۔

وَ	مِنَ الَّيْلِ	فَتَهَجَّدْ	بِهٖ	نَافِلَةً ❶	لَّكَ ۖ	عَسٰٓى
اور	رات سے	پس آپ تہجد پڑھیں	اس سے	زائد	آپ کے لیے	قریب ہے

اَنْ	يَّبْعَثَكَ ❷	رَبُّكَ	مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿79﴾	وَ	قُلْ	رَّبِّ ❸
کہ	وہ کھڑا کرے آپکو	آپکا رب	مقامِ محمود	اور	کہیے	(اے) میرے رب!

اَدْخِلْنِیْ ❹	مُدْخَلَ	صِدْقٍ	وَّ	اَخْرِجْنِیْ ❹	مُخْرَجَ
داخل کر مجھے	داخل کرنا	سچائی (کا)	اور	نکال مجھے	نکالنا

صِدْقٍ	وَّاجْعَلْ ❺	لِّیْ	مِنْ لَّدُنْكَ	سُلْطٰنًا	نَّصِيْرًا ﴿80﴾
سچائی (کا)	اور تو کر دے	میرے لیے	اپنی طرف سے	غلبہ	مدد دینے والا

وَقُلْ	جَآءَ الْحَقُّ	وَ	زَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ	اِنَّ الْبَاطِلَ	كَانَ	زَهُوْقًا ﴿81﴾
اور کہہ دیجیے	آ گیا حق	اور	مٹ گیا باطل	بے شک باطل	ہے	مٹنے والا

وَ	نُنَزِّلُ	مِنَ الْقُرْاٰنِ	مَا هُوَ	شِفَآءٌ	وَّرَحْمَةٌ ❶
اور	ہم نازل کرتے ہیں	قرآن (میں) سے	جو وہ	شفا	اور رحمت

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ❻ ۙ	وَ	لَا يَزِيْدُ	الظّٰلِمِيْنَ	اِلَّا	خَسَارًا ﴿82﴾
ایمان والوں کے لیے	اور	نہیں وہ زیادہ کرتا	ظالموں کو	مگر	خسارے (میں)

ضروری وضاحت

❶ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ كَ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تجھے یا آپ کو کیا جاتا ہے۔ ❸ اصل میں رَبِّیْ تھا یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے گرگئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرے کیا گیا ہے۔ ❹ اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ	اور جب ہم انعام کریں انسان پر
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ	(تو) وہ منہ موڑ لیتا ہے اور وہ دور کر لیتا ہے اپنے پہلو کو
وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ	اور جب پہنچے اسے تکلیف
كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿83﴾	(تو) وہ ہو جاتا ہے بہت نااُمید۔ ﴿83﴾
قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ	کہہ دیجیے ہر ایک عمل کرتا ہے اپنے طریقے پر
فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ	پس تمہارا رب زیادہ جاننے والا ہے اس کو جو
هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿84﴾ ع	وہ سب سے زیادہ سیدھے راستے پر ہے۔ ﴿84﴾ ع
وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ	اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے روح کے بارے میں
قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ	کہہ دیجیے روح میرے رب کے حکم سے ہے اور نہیں
اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿85﴾	تم دیے گئے علم سے مگر بہت تھوڑا۔ ﴿85﴾
وَلَىِٕنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ	اور یقیناً اگر ہم چاہیں (تو) ضرور بالضرور ہم لے جائیں
بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ	اس (قرآن) کو جسے ہم نے وحی کیا آپ کی طرف

ع 7 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْعَمْنَا	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	يَّعْمَلُ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اَعْرَضَ	: اعراض کرنا۔	اَهْدٰى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
بِجَانِبِهٖ	: جانب، جانبین، منجانب۔	سَبِيْلًا	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
مَسَّهُ	: مسّ، مسّ کرنا (چھونا)۔	يَسْـَٔلُوْنَكَ	: سوال، سائل، مسئول۔
الشَّرُّ	: خیر و شر، شریر، شرارت۔	قَلِيْلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
يَـُٔوْسًا	: مایوس، یاس و نا امیدی۔	شِئْنَا	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَوْحَيْنَآ	: وحی، وحی متلو۔

وَاِذَآ ❶	اَنۡعَمۡنَا ❷	عَلَى الۡاِنۡسَانِ	اَعۡرَضَ	وَ	نَا
اور جب	ہم نے انعام کیا	انسان پر	وہ منہ موڑ لیتا ہے	اور	وہ دور کر لیتا ہے

بِجَانِبِهٖ ۚ	وَاِذَا ❶	مَسَّهُ ❸	الشَّرُّ	كَانَ	يَـُٔوۡسًا (83)
اپنے پہلو کو	اور جب	پہنچے اسے	تکلیف	وہ ہو جاتا ہے	بہت نا اُمید

قُلۡ	كُلٌّ	يَّعۡمَلُ	عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ	فَرَبُّكُمۡ
کہہ دیجیے	ہر ایک	وہ عمل کرتا ہے	اپنے طریقے پر	پس تمہارا رب

ع 9 / 7 / 9

اَعۡلَمُ ❹	بِمَنۡ	هُوَ	اَهۡدٰى ❹	سَبِيۡلًا (84) ع	وَ
زیادہ جاننے والا	(اس) کو جو	وہ	زیادہ ہدایت یافتہ	راستے (کے لحاظ سے)	اور

يَسۡـَٔلُوۡنَكَ	عَنِ الرُّوۡحِ ؕ	قُلِ	الرُّوۡحُ	مِنۡ اَمۡرِ رَبِّىۡ
وہ سب پوچھتے ہیں آپ سے	روح کے بارے میں	کہہ دیجیے	روح	میرے رب کے حکم سے

وَمَاۤ	اُوۡتِيۡتُمۡ ❺	مِّنَ الۡعِلۡمِ	اِلَّا	قَلِيۡلًا (85)	وَ	لَـئِنۡ ❻
اور نہیں	تم دیے گئے	علم سے	مگر	بہت تھوڑا	اور	یقیناً اگر

شِئۡنَا	لَنَذۡهَبَنَّ ❼	بِالَّذِىۡۤ	اَوۡحَيۡنَاۤ ❷	اِلَيۡكَ
ہم چاہیں	ضرور بالضرور ہم لے جائیں	(اس) کو جو	ہم نے وحی کیا	آپ کی طرف

ضروری وضاحت

❶ اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے اور اِذًا کا ترجمہ اس وقت یا تب ہوتا ہے۔ ❷ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ هٗ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ❹ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اِنۡ کا ترجمہ اگر اور اَنۡ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔ ❼ نَذۡهَبُ اصل ترجمہ ہم جائیں ہے اگر اس کے بعد بِ ہو تو ترجمہ ہم لے جائیں ہوتا ہے۔

ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ — پھر نہیں پائیں گے آپ اپنے لیے

بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿86﴾ — اس (قرآن کو لے جانے) پر ہمارے خلاف کوئی حمایتی ﴿86﴾

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ — مگر آپ کے رب کی رحمت سے

اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿87﴾ — بیشک اس کا فضل ہے آپ پر بہت بڑا۔ ﴿87﴾

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ — کہہ دیجیے یقیناً اگر جمع ہو جائیں (تمام) انسان اور جن

عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ — اس (بات) پر کہ وہ (بنا) لائیں اس قرآن کی مثل

لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ — (تو) نہیں وہ لا سکیں گے اس کے مثل اور اگرچہ ہو

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿88﴾ — ان کا بعض بعض کے لیے مددگار۔ ﴿88﴾

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا — اور بلاشبہ یقیناً ہم نے پھیر پھیر کر بیان کی ہے

لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ — لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر ایک مثال

فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿89﴾ — تو انکار کیا اکثر لوگوں نے (ہر چیز کا) کفر کے سوا۔ ﴿89﴾

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ — اور انہوں نے کہا ہرگز نہیں ہم ایمان لائینگے آپ پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	كَبِيْرًا	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
تَجِدُ	وجود، موجود، وجد۔	قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَلَيْنَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اجْتَمَعَتِ	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
وَكِيْلًا	وکیل، وکالت۔	الْاِنْسُ	جن و انس، انسان، انسانیت۔
اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	صَرَّفْنَا	صرف نظر۔
رَحْمَةً	رحمت، رحم، مرحوم۔	هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَكْثَرُ	کثرت، اکثر، کثیر۔
فَضْلَهٗ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	كُفُوْرًا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

ثُمَّ	لَا	تَجِدُ	لَكَ	بِهٖ	عَلَيۡنَا ❶	وَكِيۡلًا ﴿86﴾	اِلَّا
پھر	نہیں	آپ پائیں گے	اپنے لیے	اس پر	ہم پر	کوئی حمایتی	مگر

رَحۡمَةً ❷	مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ	اِنَّ	فَضۡلَهٗ	كَانَ	عَلَيۡكَ	كَبِيۡرًا ﴿87﴾
رحمت	آپ کے رب (کی طرف) سے	بیشک	اس کا فضل	ہے	آپ پر	بہت بڑا

قُلۡ	لَّئِنِ	اجۡتَمَعَتِ ❸	الۡاِنۡسُ	وَالۡجِنُّ	عَلٰٓى	اَنۡ	يَّاۡتُوۡا ❹
کہہ دیجیے	یقیناً اگر	جمع ہوجائیں	انسان	اور جن	(اس بات) پر	کہ	وہ (بنا) لائیں

بِمِثۡلِ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ	لَا يَاۡتُوۡنَ ❹	بِمِثۡلِهٖ	وَلَوۡ	كَانَ	بَعۡضُهُمۡ
اس قرآن کی مثل	نہیں وہ سب لاسکیں گے	اس کی مثل	اور اگرچہ	ہو	ان کا بعض

لِبَعۡضٍ	ظَهِيۡرًا ﴿88﴾	وَ	لَقَدۡ ❺	صَرَّفۡنَا	لِلنَّاسِ
بعض کے لیے	مددگار	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے پھیر پھیر کر بیان کی ہے	لوگوں کے لیے

فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ	مِنۡ كُلِّ مَثَلٍ ۫	فَاَبٰٓى	اَكۡثَرُ ❻	النَّاسِ
اس قرآن میں	ہر مثال سے	تو انکار کیا	اکثر	لوگوں نے

اِلَّا	كُفُوۡرًا ﴿89﴾	وَ	قَالُوۡا	لَنۡ	نُّؤۡمِنَ	لَكَ
سوائے	کفر کے	اور	انہوں نے کہا	ہرگز نہیں	ہم ایمان لائینگے	آپ پر

ضروری وضاحت

❶ یہاں ہم پر سے مراد ہمارے خلاف ہے۔ ❷ ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ فعل کے ساتھ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں البتہ یہاں اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔ ❹ يَأْتُوا کا ترجمہ ہے وہ آئیں اگر اسکے بعد علامت بِ آجائے تو اسکا ترجمہ وہ لائیں کیا جاتا ہے، البتہ بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

حَتّٰی تَفۡجُرَ لَنَا مِنَ الۡاَرۡضِ	یہاں تک کہ تو جاری کرے ہمارے لیے زمین سے
یَنۡۢبُوۡعًا ﴿90﴾ اَوۡ تَکُوۡنَ لَکَ	ایک چشمہ۔ ﴿90﴾ یا ہو تیرے لیے
جَنَّۃٌ مِّنۡ نَّخِیۡلٍ وَّ عِنَبٍ	ایک باغ کھجوروں اور انگوروں سے
فَتُفَجِّرَ الۡاَنۡہٰرَ خِلٰلَہَا تَفۡجِیۡرًا ﴿91﴾	پھر تو جاری کرے نہریں انکے درمیان جاری کرنا ﴿91﴾
اَوۡ تُسۡقِطَ السَّمَآءَ کَمَا زَعَمۡتَ	یا تو گرا دے آسمان کو جیسا کہ تو نے دعویٰ کیا ہے
عَلَیۡنَا کِسَفًا اَوۡ تَاۡتِیَ بِاللّٰہِ	ہم پر ٹکڑے ٹکڑے کر کے یا تو لے آئے اللہ کو
وَ الۡمَلٰٓئِکَۃِ قَبِیۡلًا ﴿92﴾ اَوۡ یَکُوۡنَ لَکَ	اور فرشتوں کو سامنے۔ ﴿92﴾ یا ہو تیرے لیے
بَیۡتٌ مِّنۡ زُخۡرُفٍ اَوۡ تَرۡقٰی فِی السَّمَآءِ ؕ	ایک گھر سونے کا یا تو چڑھ جائے آسمان میں
وَ لَنۡ نُّؤۡمِنَ لِرُقِیِّکَ	اور ہرگز نہیں ہم مانیں گے تیرے چڑھ جانے کو
حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَیۡنَا کِتٰبًا	یہاں تک کہ تو اتار لائے ہم پر کوئی کتاب
نَّقۡرَؤُہٗ ؕ قُلۡ سُبۡحَانَ رَبِّیۡ	(کہ) ہم اسے پڑھیں، کہہ دیجیے پاک ہے میرا رب
ہَلۡ کُنۡتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوۡلًا ﴿93﴾ ع 10/9/10	نہیں ہوں میں مگر ایک انسان (اور) رسول۔ ﴿93﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَتّٰی	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	قَبِیۡلًا	: مقابلہ، مقابل۔
تَفۡجُرَ	: جاری، اجرا۔	بَیۡتٌ	: بیت اللہ، بیت المقدس، بیت المال۔
نَّخِیۡلٍ	: نخلستان۔	تَرۡقٰی، لِرُقِیِّکَ	: ترقی کرنا، ترقی پسند، ترقی پزیر۔
خِلٰلَہَا	: خلل، خلال۔	تُنَزِّلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
تُسۡقِطَ	: ساقط، اسقاط حمل، سقوط ڈھاکہ۔	نَّقۡرَؤُہٗ	: قاری، قرات، مقابلہ حسن قرات۔
کَمَا	: کماحقہ۔	قُلۡ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
زَعَمۡتَ	: زعم میں مبتلا ہونا، زعم باطل، زعیم۔	سُبۡحَانَ	: سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
عَلَیۡنَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	رَّسُوۡلًا	: رسول، مرسل، انبیاء ورسل ۔

حَتّٰی	تَفۡجُرَ	لَنَا	مِنَ الۡاَرۡضِ	یَنۡۢبُوۡعًا ❶ (90)	اَوۡ تَكُوۡنَ ❷
یہاں تک کہ	تو جاری کرے	ہمارے لیے	زمین سے	ایک چشمہ	یا ہو

لَكَ	جَنَّةٌ ❶❷	مِّنۡ نَّخِیۡلٍ	وَّ عِنَبٍ	فَتُفَجِّرَ ❸	الۡاَنۡهٰرَ	خِلٰلَهَا
تیرے لیے	ایک باغ	کھجوروں سے	اور انگور	پھر تو جاری کرے	نہریں	انکے درمیان

تَفۡجِیۡرًا (91)	اَوۡ تُسۡقِطَ	السَّمَآءَ	كَمَا	زَعَمۡتَ	عَلَیۡنَا
جاری کرنا	یا تو گرادے	آسمان	جس طرح	تو نے دعوای کیا	ہم پر

كِسَفًا	اَوۡ تَاۡتِیَ ❹	بِاللّٰهِ	وَالۡمَلٰٓئِكَةِ ❺	قَبِیۡلًا (92)	اَوۡ یَكُوۡنَ ❻
ٹکڑے	یا تو لے آئے	اللہ کو	اور فرشتوں (کو)	سامنے	یا ہو

لَكَ	بَیۡتٌ ❶	مِّنۡ زُخۡرُفٍ	اَوۡ تَرۡقٰی	فِی السَّمَآءِ ط	وَلَنۡ نُّؤۡمِنَ
تیرے لیے	ایک گھر	سونے سے	یا تو چڑھ جائے	آسمان میں	اور ہرگز نہیں ہم مانیں گے

لِرُقِیِّكَ	حَتّٰی	تُنَزِّلَ	عَلَیۡنَا	كِتٰبًا ❶	نَّقۡرَؤُهٗ ط
تیرے چڑھ جانے کو	یہاں تک کہ	تو اُتار لائے	ہم پر	کوئی کتاب	ہم پڑھیں اسے

ع 10 9 10

قُلۡ	سُبۡحَانَ	رَبِّیۡ	هَلۡ ❼	كُنۡتُ	اِلَّا بَشَرًا ❶	رَّسُوۡلًا (93) ع
آپ کہہ دیجیے	پاک ہے	میرا رب	نہیں	ہوں میں	مگر ایک انسان	رسول

ضروری وضاحت

❶ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ تَ فعل کے شروع، ۃ اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❹ تَاۡتِیۡ کا ترجمہ آتا ہے ہوتا ہے اگر اسکے بعد علامت بِ آجائے تو اسکا ترجمہ لاتا ہے کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❻ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ هَلۡ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے اگر اس کے بعد اِلَّا آرہا ہو تو اس هَلۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا	اور نہیں روکا لوگوں کو (کسی چیز نے) کہ وہ ایمان لائیں
اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ	جب آ گئی انکے پاس ہدایت مگر (صرف اس بات نے)
اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ	کہ انہوں نے کہا کیا بھیجا ہے اللہ نے
بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿94﴾ قُلْ لَّوْ	ایک انسان کو رسول بنا کر۔ ﴿94﴾ کہہ دیجیے اگر
كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ	(رہتے) ہوتے زمین میں فرشتے (جو) چلتے (پھرتے)
مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ	مطمئن ہو کر (تو) ضرور ہم اتارتے اُن پر
مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿95﴾	آسمان سے کوئی فرشتہ رسول بنا کر۔ ﴿95﴾
قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ	کہہ دیجیے کافی ہے اللہ بطور گواہ میرے درمیان
وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ	اور تمہارے درمیان، بیشک وہ ہے اپنے بندوں سے
خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿96﴾	خوب خبر دار (اور) خوب دیکھنے والا۔ ﴿96﴾
وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ	اور جسے اللہ ہدایت دے تو وہی ہدایت پانے والا ہے
وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ	اور جسے وہ گمراہ کر دے تو ہرگز نہیں آپ پائیں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَنَعَ : منع، ممانعت، ممنوع۔	مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُّؤْمِنُوْٓا : ایمان، مؤمن، امن۔	شَهِيْدًا : شاہد، شہادت، مشہود، شہید۔
الْهُدٰٓى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	بَيْنِيْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اِلَّآ : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	بِعِبَادِهٖ : عابد، عبادت، معبود۔
قَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	خَبِيْرًا : خبر، اخبار، مخبر، خبر دار، باخبر۔
بَعَثَ : بعثت، مبعوث۔	بَصِيْرًا : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
مُطْمَئِنِّيْنَ : اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	يُّضْلِلْ : ضلالت وگمراہی۔
لَنَزَّلْنَا : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	تَجِدَ : وجود، موجود، وجد۔

وَمَا	مَنَعَ	النَّاسَ ❶	اَنْ	يُّؤْمِنُوْٓا	اِذْ	جَآءَهُمُ
اورنہیں	روکا	لوگوں کو	کہ	وہ سب ایمان لائیں	جب	آ گئی ان کے پاس

الْهُدٰٓى	اِلَّآ اَنْ	قَالُوْٓا	اَ	بَعَثَ اللّٰهُ	بَشَرًا ❷	رَّسُوْلًا (94)
ہدایت	مگر (یہ) کہ	انہوں نے کہا	کیا	بھیجا ہے اللہ نے	ایک انسان کو	رسول (بنا کر)

قُلْ	لَّوْ	كَانَ ❸	فِي الْاَرْضِ	مَلٰٓئِكَةٌ	يَّمْشُوْنَ
آپ کہہ دیجیے	اگر	ہوتے	زمین میں	فرشتے	وہ سب چلتے

مُطْمَئِنِّيْنَ	لَنَزَّلْنَا ❹	عَلَيْهِمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	مَلَكًا ❷	رَّسُوْلًا (95)
سب مطمئن ہو کر	ضرور ہم اتارتے	اُن پر	آسمان سے	کوئی فرشتہ	رسول بنا کر

قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ ❺	شَهِيْدًۢا	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ ؕ
آپ کہہ دیجیے	کافی ہے	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان

اِنَّهٗ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًۢا ❻	بَصِيْرًا ❻ (96)	وَمَنْ	يَّهْدِ
بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں سے	خوب خبردار	خوب دیکھنے والا	اور جسے	وہ ہدایت دے

اللّٰهُ	فَهُوَ الْمُهْتَدِ ❼ ج	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ	تَجِدَ
اللہ	تو وہی ہدایت پانے والا ہے	اور جسے	وہ گمراہ کر دے	تو ہرگز نہیں	آپ پائیں گے

ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ کان کا ترجمہ عموماً ہے، تھا، ہو وغیرہ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ہوتے ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❹ فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔ ❺ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ھُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ	ان کے لیے کوئی مدد کرنے والے اس کے سوا
وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اور ہم اکٹھا کریں گے انہیں قیامت کے دن
عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا	انکے چہروں کے بل اندھے
وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ	اور گونگے اور بہرے کر کے
مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا خَبَتْ	ان کا ٹھکانا جہنم ہے، جب کبھی وہ بجھنے لگے گی (تو)
زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿97﴾	ہم زیادہ کر دیں گے انکے لیے آگ کا بھڑکانا ﴿97﴾
ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ	یہ ان کی سزا ہے اس وجہ سے کہ بیشک انہوں نے
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا	کفر کیا ہماری آیات کے ساتھ اور انہوں نے کہا
ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا	کیا جب ہم ہو جائیں گے ہڈیاں اور ریزہ ریزہ
ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ	کیا بیشک ہم واقعی اٹھائے جانے والے ہیں
خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿98﴾	نئے سرے سے پیدا کر کے۔ ﴿98﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ	اور کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ بیشک اللہ جس نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوْلِيَآءَ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	زِدْنٰهُمْ	زیادہ، مزید، زائد۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	جَزَآؤُهُمْ	جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
نَحْشُرُهُمْ	حشر، محشر، حشر نشر۔	كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔	بِاٰيٰتِنَا	آیت، آیات قرآنی۔
الْقِيٰمَةِ	یوم قیامت، قیامتیں گزر گئیں۔	قَالُوْٓا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَلٰى	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	خَلْقًا	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
وُجُوْهِهِمْ	وجہ، متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔	جَدِيْدًا	جدید، جدت پسند، تجدید عہد۔
مَاْوٰىهُمْ	ملجاوماوٰی۔	يَرَوْا	مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔

النصف

لَهُمْ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِهٖ ❶	وَنَحْشُرُهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❷
ان کے لیے	مدد کرنے والے	اس کے سوا	اور ہم اکٹھا کریں گے انہیں	قیامت کے دن

عَلٰى وُجُوْهِهِمْ	عُمْيًا	وَّ	بُكْمًا	وَّ	صُمًّا ؕ
انکے چہروں کے بل	اندھے	اور	گونگے	اور	بہرے

مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ ؕ	كُلَّمَا	خَبَتْ ❷	زِدْنٰهُمْ
ان کا ٹھکانا	جہنم	جب کبھی	وہ بجھنے لگے گی	ہم زیادہ کر دیں گے ان پر

سَعِيْرًا (97)	ذٰلِكَ ❸	جَزَآؤُهُمْ	بِاَنَّهُمْ ❹ كَفَرُوْا
آگ کا بھڑکانا	یہ	ان کی سزا	اس وجہ سے کہ بیشک ان سب نے کفر کیا

بِاٰيٰتِنَا	وَ	قَالُوْٓا	ءَ	اِذَا	كُنَّا ❺	عِظَامًا
ہماری آیات کے ساتھ	اور	انہوں نے کہا	کیا	جب	ہم ہو جائیں گے	ہڈیاں

وَّ	رُفَاتًا	ءَ	اِنَّا ❻	لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا
اور	ریزہ ریزہ	کیا	بیشک ہم	واقعی سب اٹھائے جانے والے	پیدا کر کے

جَدِيْدًا (98)	اَوَ ❼	لَمْ يَرَوْا ❽	اَنَّ اللّٰهَ	الَّذِيْ
نئے (سرے سے)	اور کیا	نہیں دیکھا ان سب نے	کہ بیشک اللہ	جس نے

النصف

ضروری وضاحت

❶ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ة اسم کے آخر میں اور تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❸ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❹ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو، پر، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❺ كُنَّا دراصل كُنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ لَمْ کے بعد علامت یـ کا ترجمہ عموماً اس یا ان کیا جاتا ہے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ	پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
قَادِرٌ عَلٰۤی اَنۡ یَّخۡلُقَ مِثۡلَهُمۡ	(وہ) قادر ہے اس پر کہ وہ پیدا کر دے ان کی مثل
وَ جَعَلَ لَهُمۡ اَجَلًا	اور اس نے مقرر کیا ان کے لیے ایک معیّن وقت
لَّا رَیۡبَ فِیۡهِ ؕ فَاَبَی	(کہ) نہیں کوئی شک اس میں، پھر (بھی) انکار کیا
الظّٰلِمُوۡنَ اِلَّا كُفُوۡرًا ﴿99﴾	ظالموں نے (ہر چیز کا) سوائے کفر کے۔ ﴿99﴾
قُلۡ لَّوۡ اَنۡتُمۡ تَمۡلِكُوۡنَ	کہہ دیجیے اگر تم مالک ہوتے
خَزَآئِنَ رَحۡمَةِ رَبِّیۡۤ اِذًا	میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے اس وقت
لَّاَمۡسَكۡتُمۡ خَشۡیَةَ الۡاِنۡفَاقِ ؕ	ضرور تم روک لیتے (ان کو) خرچ ہو جانے کے ڈر سے
وَ كَانَ الۡاِنۡسَانُ قَتُوۡرًا ﴿100﴾ ع	اور ہے انسان بہت ہی بخیل۔ ﴿100﴾
وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَا مُوۡسٰی	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دیں موسیٰ کو
تِسۡعَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ فَسۡـَٔلۡ	نو واضح نشانیاں (یعنی معجزات) پس پوچھ لیجیے
بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اِذۡ جَآءَهُمۡ فَقَالَ لَهٗ	بنی اسرائیل سے جب وہ آیا انکے پاس تو کہا اس سے

ع 11/7/11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَلَقَ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	تَمۡلِكُوۡنَ	مالک، ملکیت۔
الۡاَرۡضَ	ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	خَزَآئِنَ	خزانہ، خزانے، خزائن، خزانچی۔
قَادِرٌ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	رَحۡمَةِ	رحمت، رحم، مرحوم۔
عَلٰۤی	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَّاَمۡسَكۡتُمۡ	ممسک، امساک۔
اَجَلًا	فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل، مہر موجّل۔	خَشۡیَةَ	خشیت الٰہی۔
الظّٰلِمُوۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الۡاِنۡفَاقِ	نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
كُفُوۡرًا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	بَیِّنٰتٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	فَسۡـَٔلۡ	سوال، سائل، مسئول۔

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ❶	وَالۡاَرۡضَ	قَادِرٌ	عَلٰۤی اَنۡ	یَّخۡلُقَ
پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین کو	قادر	اس پر کہ	وہ پیدا کردے

مِثۡلَهُمۡ	وَجَعَلَ	لَهُمۡ	اَجَلًا ❷	لَّا رَیۡبَ ❸	فِیۡهِ ؕ
ان کی مثل	اور اس نے مقرر کیا	ان کے لیے	ایک معین وقت	نہیں کوئی شک	اس میں

فَاَبٰی ❹	الظّٰلِمُوۡنَ	اِلَّا كُفُوۡرًا (99)	قُلۡ	لَّوۡ	اَنۡتُمۡ
پھر انکار کیا	سب ظالموں نے	سوائے کفر کے	آپ کہہ دیجیے	اگر	تم

تَمۡلِكُوۡنَ	خَزَآئِنَ	رَحۡمَةِ ❶ رَبِّیۡۤ	اِذًا	لَّاَمۡسَكۡتُمۡ
تم سب مالک ہوتے	خزانوں کے	میرے رب کی رحمت کے	اس وقت	ضرور تم روک لیتے

ع 11 7 11

خَشۡیَةَ ❶ الۡاِنۡفَاقِ ؕ	وَ	كَانَ	الۡاِنۡسَانُ	قَتُوۡرًا ❺ (100)
خرچ ہوجانے کے ڈر سے	اور	ہے	انسان	بہت ہی بخیل

وَ	لَقَدۡ ❻	اٰتَیۡنَا ❼	مُوۡسٰی	تِسۡعَ	اٰیٰتٍۭ	بَیِّنٰتٍ ❶
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے دیں	موسیٰ کو	نو	نشانیاں	واضح

فَسۡـَٔلۡ ❹	بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ	اِذۡ	جَآءَهُمۡ	فَقَالَ ❹	لَهٗ
پس آپ پوچھ لیجیے	بنی اسرائیل سے	جب	وہ آیا ان کے پاس	تو کہا	اس سے

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ات اسم کے آخر مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❹ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❺ فَعُوۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ علامت لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❼ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

فِرۡعَوۡنُ اِنِّیۡ لَاَظُنُّكَ	فرعون نے بیشک میں یقیناً گمان کرتا ہوں تجھے
یٰمُوۡسٰی مَسۡحُوۡرًا ﴿101﴾	اے موسیٰ جادو زدہ۔ ﴿101﴾
قَالَ لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَاۤ اَنۡزَلَ	(موسیٰ نے) کہا بلاشبہ یقیناً تو جان چکا ہے (کہ) نہیں اتارا
هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ	اِن کو مگر آسمانوں اور زمین کے رب نے
بَصَآئِرَ ۚ وَ اِنِّیۡ لَاَظُنُّكَ	واضح دلائل بنا کر اور بیشک میں یقیناً گمان کرتا ہوں تجھے
یٰفِرۡعَوۡنُ مَثۡبُوۡرًا ﴿102﴾ فَاَرَادَ	اے فرعون ہلاک کیا ہوا۔ ﴿102﴾ پھر (فرعون نے) ارادہ کیا
اَنۡ یَّسۡتَفِزَّهُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ	کہ وہ پھسلا دے ان کو (اس) سرزمین سے
فَاَغۡرَقۡنٰهُ وَ مَنۡ مَّعَهٗ جَمِیۡعًا ۙ ﴿103﴾	تو ہم نے غرق کر دیا اسے اور جو اسکے ساتھ تھے سب کو۔ ﴿103﴾
وَّ قُلۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ	اور ہم نے کہا اس کے بعد
لِبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اسۡکُنُوا الۡاَرۡضَ	بنی اسرائیل سے تم رہو (اس) زمین میں
فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ الۡاٰخِرَةِ	پھر جب آئے گا آخرت کا وعدہ
جِئۡنَا بِکُمۡ لَفِیۡفًا ؕ ﴿104﴾	ہم لے آئیں گے تم سب کو اکٹھا کر کے۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاَظُنُّكَ	سوءِ ظن، بدظن، ظن غالب۔
مَسۡحُوۡرًا	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَلِمۡتَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اَنۡزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
بَصَآئِرَ	بصر، بصارت، بصیرت۔
فَاَرَادَ	ارادہ، مرید، مراد۔
مِّنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
فَاَغۡرَقۡنٰهُ	غرق، غرقاب، مستغرق۔
مَّعَهٗ	مع اہل وعیال، معیت۔
جَمِیۡعًا	جمع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اسۡکُنُوا	ساکن، سکونت، مسکن، سکنہ۔
وَعۡدُ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
الۡاٰخِرَةِ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔
لَفِیۡفًا	لفافہ، لفافے، ملفوف، لف ہذا۔

فِرۡعَوۡنُ	اِنِّىۡ	لَاَظُنُّكَ	يٰمُوۡسٰى	مَسۡحُوۡرًا ❶ (101)
فرعون نے	بیشک میں	یقیناً میں گمان کرتا ہوں تجھے	اے موسیٰ	جادو کیا ہوا

قَالَ	لَقَدۡ ❷	عَلِمۡتَ	مَاۤ اَنۡزَلَ	هٰٓؤُلَاۤءِ	اِلَّا
کہا	بلاشبہ یقیناً	تو جان چکا ہے	نہیں اُتارا	ان کو	مگر

رَبُّ السَّمٰوٰتِ ❸	وَالۡاَرۡضِ	بَصَآئِرَ	وَاِنِّىۡ	لَاَظُنُّكَ
آسمانوں کے رب نے	اور زمین (کے)	واضح دلائل	اور بیشک میں	یقیناً میں گمان کرتا ہوں تجھے

يٰفِرۡعَوۡنُ	مَثۡبُوۡرًا ❶ (102)	فَاَرَادَ ❹	اَنۡ	يَّسۡتَفِزَّهُمۡ
اے فرعون	ہلاک کیا ہوا	پھر اس نے ارادہ کیا	کہ	وہ پھسلا دے ان کو

مِّنَ الۡاَرۡضِ	فَاَغۡرَقۡنٰهُ ❹	وَمَنۡ	مَّعَهٗ	جَمِيۡعًا (103)
(اس) سرزمین سے	تو ہم نے غرق کردیا اسے	اور جو	اس کے ساتھ (تھے)	سب کو

وَّقُلۡنَا	مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ❺	لِبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	اسۡكُنُوا ❻	الۡاَرۡضَ
اور ہم نے کہا	اس کے بعد	بنی اسرائیل سے	تم سب رہو	زمین (میں)

فَاِذَا ❹	جَآءَ	وَعۡدُ الۡاٰخِرَةِ ❸	جِئۡنَا	بِكُمۡ ❼	لَفِيۡفًا (104)
پھر جب	آئے گا	آخرت کا وعدہ	ہم (لے) آئیں گے	تم سب کو	اکٹھا کر کے

ضروری وضاحت

❶ مَفۡعُوۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ علامت لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❸ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❺ اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❻ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وۡا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ	اور حق کیساتھ ہم نے نازل کیا اسے اور حق کیساتھ
نَزَلَ ؕ وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ	وہ نازل ہوا اور نہیں ہم نے بھیجا آپ کو
اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ﴿105﴾	مگر خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر۔ ﴿105﴾
وَ قُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ	قرآن کو ہم نے جدا جدا (نازل) کیا اسے
لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ	تاکہ آپ پڑھیں اسے لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر
وَّ نَزَّلْنٰهُ تَنْزِیْلًا ﴿106﴾	اور ہم نے اتارا اسے اتارنا (تھوڑا تھوڑا)۔ ﴿106﴾
قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ	کہہ دیجیے تم ایمان لاؤ اس پر یا نہ ایمان لاؤ
اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ	بے شک جو لوگ دیے گئے علم اس سے پہلے
اِذَا یُتْلٰى عَلَیْهِمْ یَخِرُّوْنَ	جب وہ پڑھا جاتا ہے ان پر (تو) وہ گر پڑتے ہیں
لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ ﴿107﴾	ٹھوڑیوں پر سجدہ کرتے ہوئے۔ ﴿107﴾
وَّ یَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ	اور وہ کہتے ہیں پاک ہے ہمارا رب بلاشبہ ہے
وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿108﴾	ہمارے رب کا وعدہ یقیناً (پورا) کیا ہوا۔ ﴿108﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْزَلْنٰهُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	اٰمِنُوْا	: ایمان، مؤمن، امن۔
اَرْسَلْنٰكَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	الْعِلْمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مُبَشِّرًا	: بشیر و نذیر، بشارت۔	قَبْلِهٖۤ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
نَذِیْرًا	: بشارت و انذار، نذیر۔	یُتْلٰى	: تلاوت، وحی متلو۔
فَرَقْنٰهُ	: فریق، تفریق، فرق، فرقہ واریت۔	سُجَّدًا	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
لِتَقْرَاَهٗ	: قاری، قرات، مقابلہ حسن قرات۔	سُبْحٰنَ	: سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	وَعْدُ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لَمَفْعُوْلًا	: فعل، فاعل، مفعول۔

وقف لازم

وَبِالْحَقِّ	اَنْزَلْنٰهُ ❶❷	وَبِالْحَقِّ	نَزَلَ ط	وَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ ❶
اور حق کیساتھ	ہم نے نازل کیا اسے	اور حق کیساتھ	وہ نازل ہوا	اور نہیں	ہم نے بھیجا آپ کو

اِلَّا مُبَشِّرًا ❸	وَّنَذِيْرًا ﴿105﴾	وَقُرْاٰنًا	فَرَقْنٰهُ ❶❷
مگر خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	اور قرآن	ہم نے جدا جدا (نازل) کیا اسے

لِتَقْرَاَهٗ ❷❹	عَلَى النَّاسِ	عَلٰى مُكْثٍ ❺	وَّنَزَّلْنٰهُ ❶❷	تَنْزِيْلًا ﴿106﴾
تاکہ آپ پڑھیں اسے	لوگوں پر	ٹھہر ٹھہر کر	اور ہم نے اُتارا اسے	اتارنا

قُلْ	اٰمِنُوْا ❻	بِهٖٓ	اَوْ	لَا تُؤْمِنُوْا ط	اِنَّ	الَّذِيْنَ
آپ کہہ دیجیے	تم سب ایمان لاؤ	اس پر	یا	نہ تم سب ایمان لاؤ	بے شک	جو لوگ

اُوْتُوا	الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهٖٓ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	يَخِرُّوْنَ
دیے گئے	علم	اس سے پہلے	جب	وہ پڑھا جاتا ہے	ان پر	وہ سب گر پڑتے ہیں

لِلْاَذْقَانِ ❼	سُجَّدًا ﴿107﴾	وَ	يَقُوْلُوْنَ	سُبْحٰنَ
ٹھوڑیوں پر	سجدہ کرتے ہوئے	اور	وہ سب کہتے ہیں	پاک ہے

رَبِّنَآ	اِنْ ❽	كَانَ	وَعْدُ رَبِّنَا	لَمَفْعُوْلًا ﴿108﴾
ہمارا رب	بلاشبہ	ہے	ہمارے رب کا وعدہ	یقیناً (پورا) کیا ہوا

ضروری وضاحت

❶ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔
❸ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔
❺ یہاں عَلٰى کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ لِ کا اصل
ترجمہ کے لیے ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ پر کیا گیا ہے۔ ❽ یہ دراصل اِنَّ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِنْ ہو گیا ہے۔

وَ یَخِرُّوۡنَ لِلۡاَذۡقَانِ یَبۡکُوۡنَ — اور وہ گر پڑتے ہیں ٹھوڑیوں پر روتے ہیں

وَ یَزِیۡدُہُمۡ خُشُوۡعًا ﴿109﴾ السجدۃ — اور (قرآن) زیادہ کر دیتا ہے انہیں عاجزی میں ﴿109﴾

السجدۃ 4

قُلِ ادۡعُوا اللّٰہَ اَوِ ادۡعُوا الرَّحۡمٰنَ ؕ — کہہ دیجیے تم پکارو اللہ (کہہ کر) یا پکارو رحمٰن (کہہ کر)

اَیًّا مَّا تَدۡعُوۡا فَلَہُ — جس (نام) کو (بھی) تم پکارو تو اسی کے ہیں

الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ۚ وَ لَا تَجۡہَرۡ — (یہ) اچھے اچھے (سارے) نام اور مت بلند کر

بِصَلَاتِکَ وَ لَا تُخَافِتۡ بِہَا — اپنی نماز (میں آواز) کو اور نہ پست کیجئے اس کو

وَ ابۡتَغِ بَیۡنَ ذٰلِکَ سَبِیۡلًا ﴿110﴾ — اور اختیار کیجیے اس کے درمیان کوئی راستہ۔ ﴿110﴾

وَ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ — اور کہہ دیجیے تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

الَّذِیۡ لَمۡ یَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّ لَمۡ یَکُنۡ — جس نے (اپنے لیے) نہ کوئی اولاد بنائی اور نہ ہے

لَّہٗ شَرِیۡکٌ فِی الۡمُلۡکِ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ — اس کا کوئی شریک بادشاہی میں اور نہ ہے اس کا

وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ — کوئی مددگار رعاجز ہو جانے (کی وجہ) سے

وَ کَبِّرۡہُ تَکۡبِیۡرًا ﴿111﴾ ع — اور بڑائی بیان کر اس کی خوب بڑائی بیان کرنا۔ ﴿111﴾ ع

ع 12 11 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَبۡکُوۡنَ	: آہ وبکا۔	بَیۡنَ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
یَزِیۡدُ	: زیادہ، مزید، زائد۔	سَبِیۡلًا	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
خُشُوۡعًا	: خشوع وخضوع۔	یَتَّخِذۡ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
قُلِ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	وَلَدًا	: ولد، ولدیت، اولاد، ولادت۔
ادۡعُوا	: دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	شَرِیۡکٌ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
الۡاَسۡمَآءُ	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	وَلِیٌّ	: ولی، اولیاء کرام، ولایت۔
الۡحُسۡنٰی	: حسن، محسن، تحسین۔	الذُّلِّ	: ذلت ورسوائی، ذلت آمیز۔
تَجۡہَرۡ	: جہری قراءت، آمین بالجہر۔	کَبِّرۡہُ	: کبریائی، اکبر، تکبیر۔

وَ	یَخِرُّوۡنَ	لِلۡاَذۡقَانِ ❶	یَبۡکُوۡنَ	وَ	یَزِیۡدُهُمۡ ❷
اور	وہ سب گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں پر	وہ سب روتے ہیں	اور	وہ زیادہ کردیتا ہے اُنہیں

السجدة 4

خُشُوۡعًا ۩ (109) السجدة	قُلِ	ادۡعُوا ❸	اللّٰهَ	اَوِ	ادۡعُوا ❸	الرَّحۡمٰنَ ؕ
عاجزی میں	آپ کہہ دیجیے	تم سب پکارو	اللہ (کہہ کر)	یا	تم سب پکارو	رحمٰن (کہہ کر)

اَیًّا مَّا ❹	تَدۡعُوۡا	فَلَهُ	الۡاَسۡمَآءُ	الۡحُسۡنٰی ❺ ۚ	وَ
جس (نام کو بھی)	تم سب پکارو	تو اسی کے ہیں	سارے نام	اچھے اچھے	اور

لَا تَجۡهَرۡ ❻	بِصَلَاتِكَ	وَ	لَا تُخَافِتۡ ❻	بِهَا	وَابۡتَغِ
مت آپ بلند کیجیے	اپنی نماز (میں آواز) کو	اور	نہ آپ پست کیجیے	اس کو	اور اختیار کیجیے

بَیۡنَ ذٰلِكَ	سَبِیۡلًا ❼ (110)	وَقُلِ	الۡحَمۡدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیۡ
اس کے درمیان	کوئی راستہ	اور کہہ دیجیے	تمام تعریف	اللہ ہی کے لیے	جس نے

لَمۡ یَتَّخِذۡ ❽	وَلَدًا ❼	وَّ	لَمۡ یَکُنۡ	لَّهٗ	شَرِیۡكٌ ❼	فِی الۡمُلۡكِ	وَلَمۡ
نہیں اس نے بنائی	کوئی اولاد	اور	نہ وہ ہے	اس کا	کوئی شریک	بادشاہی میں	اور نہ

12 ع 11 12

یَکُنۡ	لَّهٗ	وَلِیٌّ ❼	مِّنَ الذُّلِّ	وَکَبِّرۡهُ	تَکۡبِیۡرًا ع (111)
وہ ہے	اس کا	کوئی مددگار	عاجز (ہوجانے کی وجہ) سے	اور بڑائی بیان کیجیے اسکی	خوب بڑائی بیان کرنا

ضروری وضاحت

❶ لِ کا اسم کے ساتھ ترجمہ کے لیے ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ پر کیا گیا ہے۔❷ هُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔❸ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وۡا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❹ یہاں اَیًّا اسم شرط کے لیے ہے اور مَا زائدہ ہے۔❺ ـٰی واحد مؤنث کی علامت ہے۔❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔❽ لَمۡ کے بعد یَ کا ترجمہ کبھی اس نے بھی کیا جاتا ہے۔

اٰیَاتُھَا 110 — 18 سُوۡرَۃُ الۡکَھۡفِ مَکِّیَّۃٌ 69 — رُکُوۡعَاتُھَا 12

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ	سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے
اَنۡزَلَ عَلٰی عَبۡدِہِ الۡکِتٰبَ	نازل کی اپنے بندے پر کتاب
وَلَمۡ یَجۡعَلۡ لَّہٗ عِوَجًا ؕ (1)	اور نہیں رکھی اس میں کوئی کجی۔ (1)
قَیِّمًا لِّیُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِیۡدًا	بالکل سیدھی، تاکہ وہ ڈرائے سخت عذاب سے
مِّنۡ لَّدُنۡہُ وَ یُبَشِّرَ	اس (اللہ) کی طرف سے اور وہ خوشخبری دے
الۡمُؤۡمِنِیۡنَ الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ	ایمان والوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں
اَنَّ لَہُمۡ اَجۡرًا حَسَنًا ۙ (2)	کہ بیشک ان کے لیے اچھا اجر ہے۔ (2)
مّٰکِثِیۡنَ فِیۡہِ اَبَدًا ۙ (3)	رہنے والے ہیں اس میں ہمیشہ۔ (3)
وَّ یُنۡذِرَ الَّذِیۡنَ قَالُوا	اور (تاکہ) وہ ڈرائے (ان لوگوں کو) جنھوں نے کہا
اتَّخَذَ اللّٰہُ وَلَدًا ٭ (4)	بنا رکھی ہے اللہ نے اولاد۔ (4)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلۡحَمۡدُ	حمد وثنا، حامد، محمود۔	یَعۡمَلُوۡنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اَنۡزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	الصّٰلِحٰتِ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
عَلٰی	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	اَجۡرًا	اجر وثواب، اجر عظیم، اجرت۔
عَبۡدِہِ	عبادت، عابد، معبود۔	حَسَنًا	حسن، محسن، تحسین، احسان۔
قَیِّمًا	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔	اَبَدًا	ابدالآباد، ابدی نیند سلا دیا۔
شَدِیۡدًا	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔	قَالُوا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
یُبَشِّرَ	بشارت، مبشر، بشیر۔	اتَّخَذَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
الۡمُؤۡمِنِیۡنَ	امن، ایمان، مؤمن۔	وَلَدًا	ولد، ولدیت، اولاد، ولادت۔

رُکُوْعَاتُھَا 12 — 18 سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ 69 — اٰیَاتُھَا 110

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ ❶	عَلٰى عَبْدِهِ	الْكِتٰبَ
سب تعریف	اللہ کے لیے	جس نے	نازل کی	اپنے بندے پر	کتاب

وَلَمْ يَجْعَلْ ❷	لَّهٗ	عِوَجًا ❸ ﴿1﴾	قَيِّمًا	لِّيُنْذِرَ ❹
اور نہیں اس نے رکھی	اس میں	کوئی کجی	بالکل سیدھی	تا کہ وہ ڈرائے

بَاْسًا شَدِيْدًا	مِّنْ لَّدُنْهُ	وَ	يُبَشِّرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ ❺
سخت عذاب (سے)	اس (اللہ) کی طرف سے	اور	(تا کہ) وہ خوشخبری دے	سب ایمان لانے والوں کو

الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ ❻	اَنَّ	لَهُمْ
جو	وہ سب عمل کرتے ہیں	نیک	کہ بیشک	ان کے لیے

اَجْرًا حَسَنًا ﴿2﴾	مَّاكِثِيْنَ	فِيْهِ	اَبَدًا ﴿3﴾
اچھا اجر	سب رہنے والے	اسی میں	ہمیشہ

وَّ	يُنْذِرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوا	اتَّخَذَ اللّٰهُ ❼	وَلَدًا ﴿4﴾
اور	(تا کہ) وہ ڈرائے	(ان لوگوں کو) جن	سب نے کہا	بنا رکھی ہے اللہ نے	اولاد

ضروری وضاحت

❶ اَنْزَلَ کے شروع میں أ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اُترا، اَنْزَلَ: اُتارا۔ ❷ لَمْ کے بعد علامت یَ کا ترجمہ عموماً اس نے کیا جاتا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا جاتا ہے۔ ❺ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

مَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ وَّلَا لِاٰبَآٮِٕهِمۡ ؕ	نہیں ہے انکو اس کا کوئی علم اور نہ انکے باپ دادا کو
كَبُرَتۡ كَلِمَةً تَخۡرُجُ مِنۡ اَفۡوَاهِهِمۡ ؕ	بڑی (غلط) بات ہے (جو) نکلتی ہے ان کے مونہوں سے
اِنۡ يَّقُوۡلُوۡنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿5﴾	نہیں وہ کہتے مگر جھوٹ ہی۔ ﴿5﴾
فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ	پس شاید آپ ہلاکت میں ڈالنے والے ہیں
نَّفۡسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمۡ اِنۡ لَّمۡ يُؤۡمِنُوۡا	اپنی جان کو ان کے پیچھے اگر نہ وہ ایمان لائیں
بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ اَسَفًا ﴿6﴾	اس بات (قرآن) پر افسوس کرتے ہوئے۔ ﴿6﴾
اِنَّا جَعَلۡنَا مَا عَلَى الۡاَرۡضِ	بے شک ہم نے بنایا (اسے) جو زمین پر ہے
زِيۡنَةً لَّهَا لِنَبۡلُوَهُمۡ	اس کے لیے زینت تا کہ ہم آزمائیں انہیں
اَيُّهُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ﴿7﴾	(کہ) ان میں کون زیادہ اچھا ہے عمل میں۔ ﴿7﴾
وَاِنَّا لَجٰعِلُوۡنَ	اور بیشک ہم ضرور بنانے والے ہیں
مَا عَلَيۡهَا صَعِيۡدًا جُرُزًا ؕ ﴿8﴾	(اسے) جو کچھ اس پر ہے چٹیل میدان۔ ﴿8﴾
اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ	کیا آپ نے خیال کیا ہے کہ بیشک غار والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عِلۡمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
لِاٰبَآٮِٕهِمۡ : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
كَبُرَتۡ : کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
تَخۡرُجُ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
اَفۡوَاهِهِمۡ : افواہ، افواہ پھیلانا۔
يَّقُوۡلُوۡنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اٰثَارِهِمۡ : آثار، آثار قدیمہ۔
بِهٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
الۡحَدِيۡثِ : حدیث قدسی، حدیث نبوی۔
زِيۡنَةً : زیب وزینت، مزیّن، تزئین وآرائش۔
لِنَبۡلُوَهُمۡ : بلا، ابتلاء، مبتلا۔
اَحۡسَنُ : احسن، محسن، تحسین، احسان۔
عَمَلًا : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
مَا : ماحول، ماجرا، ماورائے عدالت۔
حَسِبۡتَ : حسبِ حال، حسبِ موقع، حسبِ معمول۔
اَصۡحٰبَ : اصحابِ صفہ، اصحابِ بدر، اصحابِ خیر۔

مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ ❶	وَّلَا	لِاٰبَآئِهِمْ ؕ	كَبُرَتْ ❷	كَلِمَةً ❷
نہیں	ان کو	اس کا	کوئی علم	اور نہ	انکے باپ دادا کو	بڑی (غلط)	بات

تَخْرُجُ ❷	مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ	اِنْ ❸	يَّقُوْلُوْنَ	اِلَّا	كَذِبًا ۝5
نکلتی ہے	ان کے مونہوں سے	نہیں	وہ سب کہتے	مگر	جھوٹ

فَلَعَلَّكَ	بَاخِعٌ ❹	نَّفْسَكَ	عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ ❺	اِنْ
پس شاید آپ	ہلاکت میں ڈالنے والے ہیں	اپنی جان کو	ان کے پیچھے	اگر

لَّمْ يُؤْمِنُوْا	بِهٰذَا الْحَدِيْثِ	اَسَفًا ۝6	اِنَّا ❻	جَعَلْنَا
نہ وہ سب ایمان لائیں	اس بات (قرآن) پر	افسوس کرتے ہوئے	بیشک ہم	ہم نے بنایا (اسے)

مَا	عَلَى الْاَرْضِ	زِيْنَةً ❷	لَّهَا	لِنَبْلُوَهُمْ ❼	اَيُّهُمْ
جو	زمین پر ہے	زینت	اس کے لیے	تا کہ ہم آزمائیں انہیں	(کہ) ان میں کون

اَحْسَنُ ❽	عَمَلًا ۝7	وَ	اِنَّا ❻	لَجٰعِلُوْنَ	مَا	عَلَيْهَا
زیادہ اچھا	عمل	اور	بیشک ہم	ضرور سب بنانے والے ہیں	جو	اس پر

صَعِيْدًا	جُرُزًا ۝8 ؕ	اَمْ	حَسِبْتَ	اَنَّ	اَصْحٰبَ الْكَهْفِ
میدان	چٹیل	کیا	آپ نے خیال کیا ہے	کہ بیشک	غار والے

ضروری وضاحت

❶ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ تُ، ةً، تَا اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ یہاں عَلٰی کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا جاتا ہے۔ ❽ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ الرَّقِيۡمِ ۙ كَانُوۡا مِنۡ اٰيٰتِنَا	اور کتبے والے تھے وہ ہماری نشانیوں میں سے
عَجَبًا ۝9 اِذۡ اَوَى الۡفِتۡيَةُ	ایک عجیب (نشانی)۔ ۝9 جب پناہ لی ان نوجوانوں نے
اِلَى الۡكَهۡفِ فَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ	غار کی طرف (جاکر) تو انہوں نے کہا اے ہمارے رب!
اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً	تو دے ہمیں اپنی طرف سے کوئی رحمت
وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا	اور مہیا فرما ہمارے لیے ہمارے معاملے میں
رَشَدًا ۝10 فَضَرَبۡنَا	کوئی رہنمائی۔ ۝10 تو ہم نے ڈال دیا (پردہ)
عَلٰۤى اٰذَانِهِمۡ فِى الۡكَهۡفِ	ان کے کانوں پر غار میں
سِنِيۡنَ عَدَدًا ۝11	کئی سال گنتی کے۔ ۝11
ثُمَّ بَعَثۡنٰهُمۡ لِنَعۡلَمَ	پھر ہم نے اٹھایا انہیں تاکہ ہم جان لیں
اَىُّ الۡحِزۡبَيۡنِ	(کہ) کون ہے دو گروہوں میں سے
اَحۡصٰى لِمَا	زیادہ یاد رکھنے والا اس (مدت) کو کہ
لَبِثُوۡۤا اَمَدًا ۝12	وہ ٹھہرے رہے اس مدت تک۔ ۝12

ع 1 12 13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الرَّقِيۡمِ	: رقم، مرقوم، راقم الحروف، رقم طراز۔	اَمۡرِنَا	: امر، آمر، مامور، امارت۔
مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	رَشَدًا	: رُشد وہدایت، خلافت راشدہ۔
عَجَبًا	: عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔	عَلٰۤى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَوَى	: ملجاوماوٰی۔	سِنِيۡنَ	: سن پیدائش، سن بلوغت، سن وفات۔
الۡكَهۡفِ	: اصحاب کہف، اصحابِ کہف کا کتا۔	عَدَدًا	: عدد، معدود، متعدد، تعداد۔
فَقَالُوۡا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بَعَثۡنٰهُمۡ	: بعثت رسول، مبعوث ہونا۔
رَحۡمَةً	: رحمت، رحم، مرحوم۔	الۡحِزۡبَيۡنِ	: حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔
هَيِّئۡ	: مہیا کرنا۔	اَمَدًا	: مدت، امتداد زمانہ۔

وَ	الرَّقِیۡمِ ۙ	کَانُوۡا	مِنۡ اٰیٰتِنَا ❶	عَجَبًا ❷ (9)
اور	کتبے والے	تھے وہ سب	ہماری نشانیوں میں سے	ایک عجیب (نشانی)

اِذۡ	اَوَی	الۡفِتۡیَۃُ ❸	اِلَی الۡکَہۡفِ	فَقَالُوۡا
جب	پناہ لی	نوجوانوں (نے)	غار کی طرف	توانہوں نے کہا

رَبَّنَاۤ	اٰتِنَا	مِنۡ لَّدُنۡکَ	رَحۡمَۃً ❷❹
اے ہمارے رب!	تو دے ہمیں	اپنی طرف سے	کوئی رحمت

وَّ	ہَیِّیٴۡ	لَنَا	مِنۡ اَمۡرِنَا	رَشَدًا ❷ (10)
اور	مہیا فرما	ہمارے لیے	ہمارے معاملے میں	کوئی رہنمائی

فَضَرَبۡنَا	عَلٰۤی اٰذَانِہِمۡ	فِی الۡکَہۡفِ	سِنِیۡنَ	عَدَدًا ۙ (11)
توہم نے ڈال دیا (پردہ)	ان کے کانوں پر	غار میں	بہت سال	گنتی کے

ثُمَّ	بَعَثۡنٰہُمۡ	لِنَعۡلَمَ ❺	اَیُّ	الۡحِزۡبَیۡنِ
پھر	ہم نے اٹھایا انہیں	تاکہ ہم جان لیں	(کہ) کون	دو گروہوں (میں سے)

ع 12 1 13

اَحۡصٰی ❻	لِمَا ❼	لَبِثُوۡۤا	اَمَدًا ؑ (12)
زیادہ یاد رکھنے والا	(اس مدت) کو کہ	وہ سب ٹھہرے رہے	اس مدت تک

ضروری وضاحت

❶ نَا اگر اسم کے آخر میں ہوتو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❷اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔❸ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔❹ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❺ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہوتو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔❻ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔❼ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی ہوتا ہے۔

نَحۡنُ نَقُصُّ عَلَيۡكَ نَبَاَهُمۡ	ہم بیان کرتے ہیں آپ پر انکا واقعہ
بِالۡحَقِّ ؕ اِنَّهُمۡ فِتۡيَةٌ اٰمَنُوۡا	حق کیساتھ، بیشک وہ (چند) نوجوان تھے (جو) ایمان لائے
بِرَبِّهِمۡ وَزِدۡنٰهُمۡ هُدًى ﴿13﴾	اپنے رب پر اور ہم نے زیادہ کردیا انہیں ہدایت میں ﴿13﴾
وَّرَبَطۡنَا عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ	اور ہم نے بند باندھ دیا ان کے دلوں پر (یعنی مضبوط کردیے)
اِذۡ قَامُوۡا فَقَالُوۡا رَبُّنَا	جب وہ کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا ہمارا رب
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ لَنۡ نَّدۡعُوَاۡ	آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہرگز نہیں ہم پکاریں گے
مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدۡ	اس کے سوا کسی معبود کو (اگر ہم ایسا کریں تو) بلاشبہ یقیناً
قُلۡنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿14﴾	ہم نے کہی اس وقت زیادتی کی بات۔ ﴿14﴾
هٰٓؤُلَاۤءِ قَوۡمُنَا اتَّخَذُوۡا	یہ ہماری قوم ہے انہوں نے بنا لیے ہیں
مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوۡلَا يَاۡتُوۡنَ	اس کے سوا کئی معبود، کیوں نہیں وہ لاتے
عَلَيۡهِمۡ بِسُلۡطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنۡ اَظۡلَمُ	ان (کے معبود ہونے) پر کوئی واضح دلیل، پھر کون زیادہ ظالم ہے
مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ ﴿15﴾	اس سے جو باندھے اللہ پر جھوٹ۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَقُصُّ	قصہ، قصص الانبیاء، قصص القرآن۔	فَقَالُوۡا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَلَيۡكَ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	نَّدۡعُوَاۡ	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
نَبَاَهُمۡ	نبی، نبوت، انبیاء۔	اتَّخَذُوۡا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اٰمَنُوۡا	ایمان، مؤمن، امن۔	بِسُلۡطٰنٍ	سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
زِدۡنٰهُمۡ	زیادہ، مزید، زائد۔	بَيِّنٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
رَبَطۡنَا	رابطہ، مربوط۔	اَظۡلَمُ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
قُلُوۡبِهِمۡ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	افۡتَرٰى	افتریٰ پردازی، مفتری۔
قَامُوۡا	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔	كَذِبًا	کذب بیانی، کذاب۔

نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	نَبَاَهُمْ	بِالْحَقِّ ؕ	اِنَّهُمْ	فِتْيَةٌ ❶
ہم	ہم بیان کرتے ہیں	آپ پر	انکا واقعہ	حق کیساتھ	بیشک وہ	(چند) نوجوان

اٰمَنُوْا	بِرَبِّهِمْ	وَزِدْنٰهُمْ ❷	هُدًى ۖ (13)	وَّ	رَبَطْنَا ❷
سب ایمان لائے	اپنے رب پر	اور ہم نے زیادہ کر دیا انکو	ہدایت	اور	ہم نے بند باندھ دیا

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	اِذْ	قَامُوْا	فَقَالُوْا	رَبُّنَا	رَبُّ السَّمٰوٰتِ ❸
انکے دلوں پر	جب	وہ سب کھڑے ہوئے	تو ان سب نے کہا	ہمارا رب	آسمانوں کا رب

وَ	الْاَرْضِ	لَنْ نَّدْعُوَاْ	مِنْ دُوْنِهٖٓ ❹	اِلٰهًا ❺	لَّقَدْ ❻
اور	زمین (کا)	ہرگز نہیں ہم پکاریں گے	اس کے سوا	کسی معبود کو	بلاشبہ یقیناً

قُلْنَآ ❷	اِذًا	شَطَطًا (14)	هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمُنَا	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ ❹
ہم نے کہی	اس وقت	زیادتی کی بات	یہ	ہماری قوم	انہوں نے بنالیے	اس کے سوا

اٰلِهَةً ❶ ؕ	لَوْلَا	يَاْتُوْنَ	عَلَيْهِمْ	بِسُلْطٰنٍۭ	بَيِّنٍ ؕ
کئی معبود	کیوں نہیں	وہ سب لاتے	ان (کے معبود ہونے) پر	دلیل	واضح

فَمَنْ	اَظْلَمُ ❼	مِمَّنِ ❽	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا ؕ (15)
پھر کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	باندھے	اللہ پر	جھوٹ

ضروری وضاحت

❶ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❷ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❼ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔

وَ اِذِ اعۡتَزَلۡتُمُوۡهُمۡ	اور جب تم الگ ہو گئے ہو ان سے
وَ مَا يَعۡبُدُوۡنَ اِلَّا اللّٰهَ	اور (ان سے) جن کی وہ عبادت کرتے ہیں اللہ کے سوا
فَاۡوٗۤا اِلَى الۡـكَهۡفِ يَنۡشُرۡ لَـكُمۡ	تو تم پناہ لو غار کی طرف، کھول دے گا تم پر
رَبُّكُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَيُهَيِّئۡ	تمہارا رب اپنی رحمت سے اور مہیا کر دے گا
لَـكُمۡ مِّنۡ اَمۡرِكُمۡ مِّرۡفَقًا ﴿16﴾	تمہارے لیے تمہارے معاملے میں کوئی سہولت ﴿16﴾
وَتَرَى الشَّمۡسَ اِذَا طَلَعَتۡ	اور تو دیکھے گا سورج کو جب وہ طلوع ہوتا ہے
تَّزٰوَرُ عَنۡ كَهۡفِهِمۡ	(تو) وہ جھک (کر کنارہ کر) جاتا ہے ان کے غار سے
ذَاتَ الۡيَمِيۡنِ وَاِذَا غَرَبَتۡ	دائیں طرف کو اور جب غروب ہوتا ہے
تَّقۡرِضُهُمۡ ذَاتَ الشِّمَالِ	(تو) وہ کترا کر نکل جاتا ہے ان سے بائیں طرف سے
وَهُمۡ فِىۡ فَجۡوَةٍ مِّنۡهُ‌ؕ	اور وہ کھلی جگہ میں ہیں اس (غار) سے
ذٰ لِكَ مِنۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ‌ؕ	یہ (واقعہ) اللہ کی نشانیوں میں سے ہے
مَنۡ يَّهۡدِ اللّٰهُ فَهُوَ الۡمُهۡتَدِ‌ ۚ	جسے اللہ ہدایت دے تو وہی ہدایت پانے والا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شام وسحر، شان وشوکت، مشرق ومغرب۔	اَمۡرِكُمۡ	: امر، آمر، مامور، امارت۔
اعۡتَزَلۡتُمُوۡهُمۡ	: معزول کرنا، معتزلہ فرقہ۔	تَرَى	: مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔
يَعۡبُدُوۡنَ	: عابد، عبادت، معبود۔	الشَّمۡسَ	: شمس وقمر، نظام شمسی، شمسی توانائی۔
فَاۡوٗۤا	: ملجا و ماویٰ۔	طَلَعَتۡ	: طلوع آفتاب، مطلع ابر آلود۔
اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	الۡيَمِيۡنِ	: یمین و یسار، میمنہ ومیسرہ۔
الۡـكَهۡفِ	: اصحاب کہف، اصحابِ کہف کا کتا۔	غَرَبَتۡ	: غروب آفتاب، شرق وغرب، مغرب۔
يَنۡشُرۡ	: ناشر، منشور، نشرواشاعت، نشریات۔	الشِّمَالِ	: شمال وجنوب، شمالی علاقہ جات۔
يُهَيِّئۡ	: مہیا کرنا۔	يَّهۡدِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔

وَاِذِ	اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ ❶	وَمَا	يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا اللّٰهَ
اور جب	تم سب الگ ہو گئے ہو ان سے	اور جن کی	وہ سب عبادت کرتے ہیں	اللہ کے سوا

فَاْوٗٓا	اِلَى الْكَهْفِ	يَنْشُرْ	لَكُمْ ❷	رَبُّكُمْ	مِّنْ رَّحْمَتِهٖ
تو تم سب پناہ لو	غار کی طرف	وہ کھول دے گا	تم پر	تمہارا رب	اپنی رحمت سے

وَ	يُهَيِّئْ	لَكُمْ	مِّنْ اَمْرِكُمْ	مِّرْفَقًا ❸ (16)
اور	وہ مہیا کر دے گا	تمہارے لیے	تمہارے معاملے سے	کوئی سہولت

وَ	تَرَى	الشَّمْسَ	اِذَا	طَلَعَتْ ❹	تَّزٰوَرُ ❹
اور	تو دیکھے گا	سورج کو	جب	وہ طلوع ہوتا ہے	وہ جھک جاتا ہے

عَنْ كَهْفِهِمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ ❺	وَاِذَا	غَرَبَتْ ❹	تَّقْرِضُهُمْ ❹
ان کے غار سے	دائیں طرف	اور جب	غروب ہوتا ہے	وہ کترا کر نکل جاتا ہے ان سے

ذَاتَ الشِّمَالِ ❺	وَهُمْ	فِيْ فَجْوَةٍ ❹	مِّنْهُ ط	ذٰلِكَ ❻
بائیں طرف سے	اور وہ	کھلی جگہ میں	اس (غار) سے	یہ (واقعہ)

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ❹ ط	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ الْمُهْتَدِ ❼ ج
اللہ کی نشانیوں میں سے	جسے	وہ ہدایت دے	اللہ	تو وہی ہدایت پانے والا

ضروری وضاحت

❶ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ❷ لَ اصل میں لِ تھا اور اس کا ترجمہ کے لیے ہے ضرورتاً ترجمہ پر کیا گیا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ تَ، تْ اور، ةٍ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ ذَاتَ الْيَمِيْنِ کا اصل ترجمہ دائیں والی اور ذَاتَ الشِّمَالِ کا اصل ترجمہ بائیں والی ہے۔ ❻ ذٰلِكَ کا ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❼ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

ع 2 5 14

وَ مَنۡ یُّضۡلِلۡ فَلَنۡ تَجِدَ	اور جسے وہ گمراہ کردے تو ہرگز نہیں تو پائے گا
لَهٗ وَلِیًّا مُّرۡشِدًا ﴿17﴾	اس کے لیے کوئی دوست رہنمائی کرنے والا۔ ﴿17﴾
وَ تَحۡسَبُهُمۡ اَیۡقَاظًا	اور آپ خیال کریں گے انہیں جاگتے ہوئے
وَّ هُمۡ رُقُوۡدٌ ۖ	حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں،
وَّ نُقَلِّبُهُمۡ ذَاتَ الۡیَمِیۡنِ	اور ہم (کروٹ) پلٹتے رہتے ہیں ان کی دائیں طرف
وَ ذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَ كَلۡبُهُمۡ بَاسِطٌ	اور بائیں طرف اور ان کا کتا پھیلائے ہوئے ہے
ذِرَاعَیۡهِ بِالۡوَصِیۡدِ ؕ لَوِ اطَّلَعۡتَ	اپنے دونوں بازو دہلیز پر، اگر آپ جھانکیں
عَلَیۡهِمۡ لَوَلَّیۡتَ مِنۡهُمۡ	ان پر (تو) ضرور آپ پیٹھ پھیرلیں ان سے
فِرَارًا وَّ لَمُلِئۡتَ	بھاگتے ہوئے اور ضرور آپ بھر دیے جائیں
مِنۡهُمۡ رُعۡبًا ﴿18﴾	ان (کی وجہ) سے رعب سے۔ ﴿18﴾
وَ كَذٰلِكَ بَعَثۡنٰهُمۡ	اور اسی طرح ہم نے اٹھایا انہیں
لِیَتَسَآءَلُوۡا بَیۡنَهُمۡ ؕ	تاکہ وہ ایک دوسرے سے پوچھیں اپنے درمیان (آپس میں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُّضۡلِلۡ	: ضلالت وگمراہی۔	بَاسِطٌ	: بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔
تَجِدَ	: وجود، موجود، وجد۔	اطَّلَعۡتَ	: اطلاع، مطلع کرنا۔
وَلِیًّا	: ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	عَلَیۡهِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مُّرۡشِدًا	: رُشد وہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔	مِنۡهُمۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
رُقُوۡدٌ	: مرقد۔	رُعۡبًا	: رعب ودبدبہ، مرعوب، رعب دار۔
نُقَلِّبُهُمۡ	: انقلاب، انقلابی اقدام۔	بَعَثۡنٰهُمۡ	: بعثتِ انبیاء، مبعوث۔
الۡیَمِیۡنِ	: یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔	لِیَتَسَآءَلُوۡا	: سوال، سائل، مسئول۔
الشِّمَالِ	: شمال وجنوب، شمالی علاقہ جات۔	بَیۡنَهُمۡ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

ع 2 5 14

وَ	مَنْ ❶	يُّضْلِلْ	فَلَنْ	تَجِدَ	لَهٗ	وَلِيًّا ❷
اور	جسے	وہ گمراہ کردے	تو ہرگز نہیں	تو پائے گا	اس کے لیے	کوئی دوست

مُّرْشِدًا ❸ ﴿17﴾ ع	وَتَحْسَبُهُمْ ❹	اَيْقَاظًا	وَّهُمْ	رُقُوْدٌ ۖ
رہنمائی کرنے والا	اور آپ خیال کریں گے انہیں	جاگے ہوئے	حالانکہ وہ	سوئے ہوئے

وَّ	نُقَلِّبُهُمْ ❹	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَ	ذَاتَ الشِّمَالِ ۖ
اور	ہم پلٹتے رہتے ہیں انہیں	دائیں طرف	اور	بائیں طرف

وَ	كَلْبُهُمْ ❺	بَاسِطٌ	ذِرَاعَيْهِ ❻	بِالْوَصِيْدِ ؕ
اور	ان کا کتا	پھیلائے ہوئے	اپنے دونوں بازو	دہلیز پر

لَوِ	اطَّلَعْتَ	عَلَيْهِمْ	لَوَلَّيْتَ	مِنْهُمْ
اگر	آپ جھانکیں	ان پر	(تو) ضرور آپ پیٹھ پھیرلیں	ان سے

فِرَارًا	وَّ	لَمُلِئْتَ	مِنْهُمْ	رُعْبًا ﴿18﴾	وَ
بھاگتے ہوئے	اور	ضرور آپ بھر دیے جائیں	ان (کی وجہ) سے	رعب سے	اور

كَذٰلِكَ	بَعَثْنٰهُمْ ❹	لِيَتَسَآءَلُوْا ❼	بَيْنَهُمْ ؕ
اسی طرح	ہم نے اٹھایا انہیں	تاکہ وہ سب ایک دوسرے سے پوچھیں	اپنے درمیان (آپس میں)

ضروری وضاحت

❶ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔❸ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔❹ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔❺ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❻ اصل میں ذِرَاعَيْنِ تھا قواعد کی رو سے نون گر گیا ہے اور يْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔❼ اس فعل میں موجود تَ اور الف میں کسی کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

قَالَ قَآىِٕلٌ مِّنۡهُمۡ	کہا ایک کہنے والے نے ان میں سے
كَمۡ لَبِثۡتُمۡ ؕ قَالُوۡا	کتنی دیر تم ٹھہرے رہے، انہوں نے کہا
لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ ؕ	ہم ٹھہرے رہے ایک دن یا دن کا کچھ حصہ
قَالُوۡا رَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ	انہوں نے کہا تمہارا رب خوب جاننے والا ہے
بِمَا لَبِثۡتُمۡ ؕ فَابۡعَثُوۡۤا	(اس) کو جتنا (عرصہ) تم ٹھہرے رہے ہو، پس بھیجو
اَحَدَكُمۡ بِوَرِقِكُمۡ هٰذِهٖۤ	اپنے میں سے ایک کو اپنے اِس چاندی کے سکے کیساتھ
اِلَى الۡمَدِيۡنَةِ فَلۡيَنۡظُرۡ	شہر کی طرف پس چاہیے کہ وہ دیکھے
اَيُّهَاۤ اَزۡكٰى طَعَامًا	ان میں سے کون سا کھانا زیادہ پاکیزہ ہے
فَلۡيَاۡتِكُمۡ بِرِزۡقٍ مِّنۡهُ	پس چاہیے کہ وہ لائے تمہارے پاس کھانا اس میں سے
وَلۡيَتَلَطَّفۡ وَلَا يُشۡعِرَنَّ	اور چاہیے کہ وہ نرمی اختیار کرے اور نہ ہرگز آگاہ کرے
بِكُمۡ اَحَدًا ﴿19﴾	تمہارے بارے میں کسی ایک کو۔ ﴿19﴾
اِنَّهُمۡ اِنۡ يَّظۡهَرُوۡا عَلَيۡكُمۡ	بے شک وہ اگر مطلع ہو گئے تم پر

تعُّف القرآن باعتبار عدد الحروف بان التاءبعد الیاء من النصف الاول واللام الغائبة من النصف الاخیر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
مِّنۡهُمۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَلۡيَنۡظُرۡ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
بَعۡضَ	بعض الناس، بعض اوقات۔	اَزۡكٰى	تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔
اَعۡلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	وَلۡيَتَلَطَّفۡ	لطف وکرم، لطیف، لطافت۔
بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فَابۡعَثُوۡۤا	بعثت، مبعوث۔	يُشۡعِرَنَّ	عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔
اَحَدَكُمۡ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	يَّظۡهَرُوۡا	ظاہر، مظہر، مظاہر۔
بِوَرِقِكُمۡ	چاندی کے ورق۔	عَلَيۡكُمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

قَالَ	قَآئِلٌ ❶❷	مِّنْهُمْ	كَمْ	لَبِثْتُمْ ؕ	قَالُوْا
کہا	ایک کہنے والے نے	ان میں سے	کتنی (دیر)	تم ٹھہرے رہے	انہوں نے کہا

لَبِثْنَا	يَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ يَوْمٍ ؕ	قَالُوْا
ہم ٹھہرے رہے	ایک دن	یا	دن کا کچھ حصہ	انہوں نے کہا

رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ ❸	بِمَا ❹	لَبِثْتُمْ ؕ	فَابْعَثُوْٓا
تمہارا رب	خوب جاننے والا	(اس) کو جو	تم ٹھہرے رہے ہو	پس تم سب بھیجو

اَحَدَكُمْ	بِوَرِقِكُمْ ❹ هٰذِهٖٓ	اِلَى الْمَدِيْنَةِ	فَلْيَنْظُرْ ❺
اپنے میں سے ایک کو	اپنے اِس چاندی کے سکے کیساتھ	شہر کی طرف	پس چاہیے کہ وہ دیکھے

اَيُّهَآ	اَزْكٰى ❸	طَعَامًا	فَلْيَاْتِكُمْ ❺	بِرِزْقٍ ❻
ان میں سے کون سا	زیادہ پاکیزہ	کھانا	پس چاہیے کہ وہ لائے تمہارے پاس	کھانا

مِّنْهُ	وَلْيَتَلَطَّفْ ❺	وَ	لَا يُشْعِرَنَّ ❼	بِكُمْ ❹
اس میں سے	اور چاہیے کہ وہ نرمی اختیار کرے	اور	نہ ہرگز آگاہ کرے	تمہارے بارے میں

اَحَدًا ❶ ۝19	اِنَّهُمْ	اِنْ	يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ
کسی ایک کو	بے شک وہ	اگر	وہ سب مطلع ہو گئے	تم پر

نصف القرآن باعتبار عدد الحروف
بان التاء والياء من النصف الاول
واللام الثانية من النصف الاخير

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب کیا جاتا ہے۔ ❺ وَ یا ف کے بعد سکون والے لام (لْ) کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ❻ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ فعل کے آخر میں نّ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

یَرۡجُمُوۡكُمۡ	(تو) وہ سنگسار کردیں گے تمہیں
اَوۡ یُعِیۡدُوۡكُمۡ فِیۡ مِلَّتِهِمۡ	یا وہ لوٹا دیں گے تمہیں اپنے دین میں
وَلَنۡ تُفۡلِحُوۡۤا اِذًا اَبَدًا ﴿20﴾	اور ہرگز نہیں تم فلاح پاؤ گے اس وقت کبھی بھی۔ ﴿20﴾
وَكَذٰلِكَ اَعۡثَرۡنَا عَلَیۡهِمۡ	اور اسی طرح ہم نے مطلع کردیا ان پر (لوگوں کو)
لِیَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ	تاکہ وہ جان لیں کہ بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے
وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَیۡبَ فِیۡهَا ۚ	اور بیشک قیامت! نہیں کوئی شک اس (کے آنے) میں
اِذۡ یَتَنَازَعُوۡنَ بَیۡنَهُمۡ	جب وہ جھگڑ رہے تھے آپس میں اپنے درمیان
اَمۡرَهُمۡ فَقَالُوا ابۡنُوۡا عَلَیۡهِمۡ	انکے معاملے میں تو انہوں نے کہا تم بناؤ ان پر
بُنۡیَانًا ؕ رَبُّهُمۡ اَعۡلَمُ بِهِمۡ ؕ	ایک عمارت، ان کا رب خوب جاننے والا ہے ان کو
قَالَ الَّذِیۡنَ غَلَبُوۡا عَلٰۤی اَمۡرِهِمۡ	کہا ان لوگوں نے جو غالب آئے ان کے معاملے پر
لَنَتَّخِذَنَّ عَلَیۡهِمۡ مَّسۡجِدًا ﴿21﴾	ضرور بالضرور ہم بنائیں گے ان پر ایک مسجد۔ ﴿21﴾
سَیَقُوۡلُوۡنَ ثَلٰثَةٌ	عنقریب وہ کہیں گے (کہ وہ) تین تھے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَرۡجُمُوۡكُمۡ	رجم، حدرجم۔	رَیۡبَ	کتاب لاریب۔
یُعِیۡدُوۡكُمۡ	اعادہ، بیماری عود کر آئی۔	یَتَنَازَعُوۡنَ	تنازعہ، متنازعہ۔
فِیۡ	فی الحال، فی الفور، اظہار مافی الضمیر۔	بَیۡنَهُمۡ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
تُفۡلِحُوۡۤا	فوز وفلاح، فلاح دارین، فلاحی ادارہ۔	اَمۡرَهُمۡ	امر، آمر، مامور، امارت۔
اَبَدًا	ابدالآباد۔	فَقَالُوا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَلَیۡهِمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	غَلَبُوۡا	غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
لِیَعۡلَمُوۡۤا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لَنَتَّخِذَنَّ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
لَا	لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	ثَلٰثَةٌ	ثلث، مثلث، تثلیث۔

يَرْجُمُوْكُمْ ❶	اَوْ	يُعِيْدُوْكُمْ ❶	فِيْ مِلَّتِهِمْ	وَ
وہ سب سنگسار کر دیں گے تمہیں	یا	وہ سب لوٹا دیں گے تمہیں	اپنے دین میں	اور

لَنْ	تُفْلِحُوْٓا	اِذًا ❷	اَبَدًا (20)	وَكَذٰلِكَ	اَعْثَرْنَا
ہرگز نہیں	تم سب فلاح پاؤ گے	اس وقت	کبھی بھی	اور اسی طرح	ہم نے مطلع کر دیا

عَلَيْهِمْ	لِيَعْلَمُوْٓا	اَنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّاَنَّ
ان پر	تاکہ وہ سب جان لیں	کہ بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا ہے	اور بیشک

السَّاعَةَ ❸	لَا رَيْبَ ❹	فِيْهَا ۚ	اِذْ	يَتَنَازَعُوْنَ ❺	بَيْنَهُمْ
قیامت	نہیں کوئی شک	اس میں	جب	وہ سب آپس میں جھگڑ رہے تھے	اپنے درمیان

اَمْرَهُمْ	فَقَالُوا	ابْنُوْا ❻	عَلَيْهِمْ	بُنْيَانًا ❼ ط	رَبُّهُمْ
ان کے معاملے میں	تو انہوں نے کہا	تم سب بناؤ	ان پر	ایک عمارت	ان کا رب

اَعْلَمُ	بِهِمْ ط	قَالَ	الَّذِيْنَ	غَلَبُوْا	عَلٰٓى اَمْرِهِمْ
خوب جاننے والا	ان کو	کہا	ان لوگوں نے جو	سب غالب آئے	ان کے معاملے پر

لَنَتَّخِذَنَّ ❽	عَلَيْهِمْ	مَّسْجِدًا ❼ (21)	سَيَقُوْلُوْنَ	ثَلٰثَةٌ ❸
ضرور بالضرور ہم بنائیں گے	ان پر	ایک مسجد	عنقریب وہ سب کہیں گے	تین (تھے)

ضروری وضاحت

❶ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا ا گر جاتا ہے۔ ❷ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب اور کبھی اس وقت ہوتا ہے اور اِذًا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔ ❸ ة واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ❹ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❺ اس فعل میں موجود تَ اور الف میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ شروع میں لَ اور آخر میں نّ تاکید کی علامتیں ہیں۔

رَّابِعُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ	ان کا چوتھا ان کا کتا تھا اور (بعض) کہیں گے
خَمۡسَةٌ سَادِسُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ	(کہ وہ) پانچ تھے ان کا چھٹا ان کا کتا تھا
رَجۡمًۢا بِالۡغَيۡبِ ۚ	(یہ تو) بن دیکھے پتھر مارنا (یعنی رائے زنی کرنا) ہے
وَيَقُوۡلُوۡنَ سَبۡعَةٌ وَّثَامِنُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ ؕ	اور (بعض) کہیں گے سات تھے اور انکا آٹھواں انکا کتا تھا
قُلۡ رَّبِّىۡۤ اَعۡلَمُ بِعِدَّتِهِمۡ	کہہ دیجیے میرا رب خوب جاننے والا ہے انکی تعداد کو
مَّا يَعۡلَمُهُمۡ اِلَّا قَلِيۡلٌ ۬ فَلَا تُمَارِ	نہیں جانتے انہیں مگر بہت کم (لوگ) تو نہ جھگڑا کریں آپ
فِيۡهِمۡ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۖ وَّلَا تَسۡتَفۡتِ	ان کے بارے میں مگر سرسری جھگڑا اور نہ پوچھیے
فِيۡهِمۡ مِّنۡهُمۡ اَحَدًا ﴿22﴾ ع 3/5/15	ان کے بارے میں ان میں سے کسی ایک سے۔ ﴿22﴾
وَلَا تَقُوۡلَنَّ لِشَاىۡءٍ	اور نہ ہرگز کہیں آپ کسی چیز کے بارے میں
اِنِّىۡ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۙ﴿23﴾	بے شک میں کرنے والا ہوں یہ کل۔ ﴿23﴾
اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ وَاذۡكُرۡ	مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور یاد کریں
رَّبَّكَ اِذَا نَسِيۡتَ	اپنے رب کو جب آپ بھول جائیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَّابِعُهُمۡ	ربع، رباعیات، آئمہ اربعہ۔	قَلِيۡلٌ	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
يَقُوۡلُوۡنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	ظَاهِرًا	ظاہر، مظاہر فطرت، مظہر۔
خَمۡسَةٌ	حواس خمسہ۔	تَسۡتَفۡتِ	فتویٰ، مفتی، دارالافتاء۔
سَادِسُهُمۡ	مسدس حالی۔	مِّنۡهُمۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
سَبۡعَةٌ	قرأت سبعہ وعشرہ، اسبوعی اجلاس۔	فَاعِلٌ	فعل، فاعل، افعال، مفعول۔
اَعۡلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	يَّشَآءَ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
بِعِدَّتِهِمۡ	عدت، تعداد، عدد۔	اذۡكُرۡ	ذکر، اذکار، تذکرہ۔
اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	نَسِيۡتَ	نسیان، نسیاً منسیاً۔

سَادِسُهُمۡ ❶	خَمۡسَةٌ ❷	وَيَقُوۡلُوۡنَ	كَلۡبُهُمۡ ❶ ج	رَّابِعُهُمۡ ❶
ان کا چھٹا	پانچ	اور وہ سب کہیں گے	ان کا کتا	ان کا چوتھا

سَبۡعَةٌ ❷	وَيَقُوۡلُوۡنَ	بِالۡغَيۡبِ ج	رَجۡمًا	كَلۡبُهُمۡ ❶
سات	اور وہ سب کہیں گے	غیب کے ساتھ (بن دیکھے)	پتھر مارنا	ان کا کتا

بِعِدَّتِهِمۡ	اَعۡلَمُ ❸	رَّبِّىۡۤ	قُلۡ	كَلۡبُهُمۡ ❶ ط	وَّثَامِنُهُمۡ ❶
ان کی تعداد کو	خوب جاننے والا	میرا رب	آپ کہہ دیجیے	انکا کتا	اور انکا آٹھواں

اِلَّا مِرَآءً	فِيۡهِمۡ	فَلَا تُمَارِ	اِلَّا قَلِيۡلٌ ❺ قف	يَعۡلَمُهُمۡ	مَّا
مگر جھگڑا	انکے بارے میں	تو نہ تو جھگڑ	مگر بہت کم	وہ جانتے انہیں	نہیں

3 ع 5 15

اَحَدًا ❹ ع (22)	مِّنۡهُمۡ	فِيۡهِمۡ	لَا تَسۡتَفۡتِ	وَّ	ظَاهِرًا ص
کسی ایک سے	ان میں سے	ان (کے بارے) میں	نہ تو پوچھ	اور	سرسری

غَدًا لا (23)	ذٰلِكَ ❻	فَاعِلٌ	اِنِّىۡ	لِشَاىۡءٍ ❹	لَا تَقُوۡلَنَّ ❺	وَ
آئندہ کل	یہ	کرنیوالا ہوں	بیشک میں	کسی چیز کیلیے	نہ ہرگز آپ کہیں	اور

اِذَا نَسِيۡتَ	رَّبَّكَ	وَاذۡكُرۡ ❼	اللّٰهُ ز	يَّشَآءَ	اِلَّاۤ اَنۡ
جب آپ بھول جائیں	اپنے رب کو	اور آپ یاد کریں	اللہ	وہ چاہے	مگر یہ کہ

ضروری وضاحت

❶ هُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے آخر نّ تاکید کی علامت ہے۔ ❻ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کیا گیا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَ قُلۡ عَسٰۤی اَنۡ یَّہۡدِیَنِ رَبِّیۡ	اور کہہ دیجیے امید ہے کہ راہ دکھائے گا مجھے میرا رب
لِاَقۡرَبَ مِنۡ ہٰذَا رَشَدًا ﴿24﴾	اس سے قریب تر بھلائی کی۔ ﴿24﴾
وَ لَبِثُوۡا فِیۡ کَہۡفِہِمۡ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیۡنَ	اور وہ ٹھہرے رہے اپنی غار میں تین سو سال
وَ ازۡدَادُوۡا تِسۡعًا ﴿25﴾ قُلِ اللّٰہُ	اور وہ مزید رہے نو (سال)۔ ﴿25﴾ کہہ دیجیے اللہ
اَعۡلَمُ بِمَا لَبِثُوۡا ۚ	خوب جاننے والا ہے (اس مدت) کو جو وہ ٹھہرے
لَہٗ غَیۡبُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ	اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کا غیب ہے
اَبۡصِرۡ بِہٖ وَ اَسۡمِعۡ ؕ	کس قدر وہ دیکھنے والا ہے اور کس قدر وہ سننے والا ہے
مَا لَہُمۡ مِّنۡ دُوۡنِہٖ مِنۡ وَّلِیٍّ ۫	نہیں ہے ان کے لیے اس کے سوا کوئی دوست
وَّ لَا یُشۡرِکُ فِیۡ حُکۡمِہٖۤ اَحَدًا ﴿26﴾	اور نہیں وہ شریک کرتا اپنے حکم میں کسی ایک کو۔ ﴿26﴾
وَ اتۡلُ مَاۤ اُوۡحِیَ اِلَیۡکَ	اور تلاوت کیجیے جو وحی کی گئی ہے آپ کی طرف
مِنۡ کِتَابِ رَبِّکَ ۚؕ لَا مُبَدِّلَ	آپکے رب کی کتاب میں سے نہیں کوئی بدلنے والا
لِکَلِمٰتِہٖ ۚ۟ وَ لَنۡ تَجِدَ	اس کی باتوں کو اور ہرگز نہیں آپ پائیں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَسۡمِعۡ	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
یَّہۡدِیَنِ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	وَّلِیٍّ	ولی، اولیاءِ کرام، ولایت۔
لِاَقۡرَبَ	قرب، قریب، مقرب، اقرب ترین۔	یُشۡرِکُ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
رَشَدًا	رُشد وہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔	اتۡلُ	تلاوت، وحی متلو۔
سِنِیۡنَ	سن پیدائش، سن بلوغت، سن وفات۔	اُوۡحِیَ	وحی، وحی نازل ہونا، وحی متلو۔
ازۡدَادُوۡا	زیادہ، مزید، زائد۔	مُبَدِّلَ	تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
اَعۡلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لِکَلِمٰتِہٖ	کلمہ، کلمات، ابتدائی کلمات۔
اَبۡصِرۡ	سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔	تَجِدَ	وجود، موجود۔

وَقُلْ	عَسٰٓی اَنْ	یَّهْدِیَنِ ❶	رَبِّیْ	لِاَقْرَبَ ❷	مِنْ هٰذَا
اور کہیں	اُمید ہے کہ	وہ راہ دکھائے گا مجھے	میرا رب	قریب تر (راستے) کی	اس سے

رَشَدًا ﴿24﴾	وَلَبِثُوْا	فِیْ كَهْفِهِمْ	ثَلٰثَ	مِائَةٍ	سِنِیْنَ ❸
نیکی کی	اور وہ سب ٹھہرے رہے	اپنی غار میں	تین	سو	سال

وَازْدَادُوْا	تِسْعًا ﴿25﴾	قُلِ اللّٰهُ	اَعْلَمُ ❷	بِمَا	لَبِثُوْا ج
اور وہ سب مزید رہے	نو (سال)	کہہ دیجیے اللہ	خوب جاننے والا	(اس) کو جو	وہ سب ٹھہرے

لَهٗ	غَیْبُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ط	اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ❹ ط
اسی کے لیے	آسمانوں کا غیب	اور زمین (کا)	کس قدر وہ دیکھنے والا اور کس قدر وہ سننے والا

مَا	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ ❺	مِنْ وَّلِیٍّ ❻❺ ز	وَلَا	یُشْرِكُ
نہیں	ان کے لیے	اس کے سوا	کوئی دوست	اور نہیں	وہ شریک کرتا

فِیْ حُكْمِهٖٓ	اَحَدًا ❻ ﴿26﴾	وَاتْلُ	مَآ	اُوْحِیَ ❼	اِلَیْكَ
اپنے حکم میں	کسی ایک کو	اور تلاوت کیجیے	جو	وحی کی گئی	آپ کی طرف

مِنْ كِتَابِ	رَبِّكَ ج	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ قف	وَلَنْ تَجِدَ
کتاب میں سے	آپ کے رب کی	نہیں کوئی بدلنے والا	اس کی باتوں کو	اور ہرگز نہیں آپ پائیں گے

ضروری وضاحت

❶ دراصل یَهْدِیَنِیْ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے یْ گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ مجھے کیا گیا ہے۔ ❷ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ یہاں اس فعل میں تعجب کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کس قدر کیا گیا ہے اور یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِنۡ دُوۡنِهٖ مُلۡتَحَدًا ﴿27﴾	اس کے سوا کوئی جائے پناہ۔ ﴿27﴾
وَاصۡبِرۡ نَفۡسَكَ مَعَ الَّذِيۡنَ	اور روکے رکھیں اپنے نفس کو ان لوگوں کے ساتھ جو
يَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَدٰوةِ وَالۡعَشِىِّ	پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح اور شام کو
يُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ وَلَا تَعۡدُ	وہ چاہتے ہیں اس کی خوشنودی اور نہ تجاوز کریں
عَيۡنٰكَ عَنۡهُمۡ ۚ تُرِيۡدُ	آپ کی آنکھیں ان سے، آپ چاہتے ہیں
زِيۡنَةَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ وَلَا تُطِعۡ	دنیوی زندگی کی زینت کو اور نہ اطاعت کریں
مَنۡ اَغۡفَلۡنَا قَلۡبَهٗ	(اس کی) جسے ہم نے غافل کر دیا اس کے دل کو
عَنۡ ذِكۡرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰٮهُ	اپنے ذکر سے اور اس نے پیروی کی اپنی خواہش کی
وَكَانَ اَمۡرُهٗ فُرُطًا ﴿28﴾	اور ہے اس کا معاملہ حد سے بڑھا ہوا۔ ﴿28﴾
وَقُلِ الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ ۚ	اور کہہ دیجیے (یہ) حق ہے تمہارے رب کی طرف سے
فَمَنۡ شَآءَ فَلۡيُؤۡمِنۡ	پھر جو چاہے (ایمان لانا) پس چاہیے کہ وہ ایمان لائے
وَّمَنۡ شَآءَ فَلۡيَكۡفُرۡ ۙ	اور جو چاہے (کفر کرنا) تو چاہیے کہ وہ کفر کرے،

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَغۡفَلۡنَا	: غافل، غفلت، تغافل۔
مَعَ	: مع اہل وعیال، معیت۔	قَلۡبَهٗ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
يَدۡعُوۡنَ	: دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	اتَّبَعَ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
يُرِيۡدُوۡنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔	هَوٰٮهُ	: ہوا وہوس۔
وَجۡهَهٗ	: وجہ، متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔	اَمۡرُهٗ	: امر، آمر، مامور، امارت۔
عَيۡنٰكَ	: عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔	فُرُطًا	: افراط وتفریط، افراط زر۔
زِيۡنَةَ	: زیب وزینت، زینت بخشنا، مزین۔	قُلِ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تُطِعۡ	: اطاعت، مطیع۔	فَلۡيَكۡفُرۡ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

مِنْ دُوْنِهٖ [1]	مُلْتَحَدًا [2] (27)	وَ	اصْبِرْ	نَفْسَكَ
اس کے سوا	کوئی جائے پناہ	اور	آپ روکے رکھیں	اپنے نفس کو

مَعَ الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَدٰوةِ [3]	وَالْعَشِيِّ
(ان لوگوں کے) ساتھ جو	وہ سب پکارتے ہیں	اپنے رب کو	صبح کو	اور شام (کو)

يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ	وَ	لَا تَعْدُ [3]	عَيْنٰكَ [4]	عَنْهُمْ ج
وہ سب چاہتے ہیں	اس کی خوشنودی	اور	نہ تجاوز کریں	آپ کی دونوں آنکھیں	ان سے

تُرِيْدُ	زِيْنَةَ [3]	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج [3]	وَ	لَا تُطِعْ [5]	مَنْ
آپ چاہتے ہیں	زینت	دنیوی زندگی کی	اور	نہ آپ اطاعت کریں	جو

اَغْفَلْنَا	قَلْبَهٗ	عَنْ ذِكْرِنَا	وَ	اتَّبَعَ	هَوٰىهُ
ہم نے غافل کردیا	اس کے دل کو	اپنے ذکر سے	اور	اس نے پیروی کی	اپنی خواہش کی

وَكَانَ	اَمْرُهٗ	فُرُطًا (28)	وَقُلِ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكُمْ قف
اور ہے	اسکا معاملہ	حد سے بڑھا ہوا	اور کہہ دیجیے	حق (ہے)	تمہارے رب (کی طرف) سے

فَمَنْ [6]	شَآءَ	فَلْيُؤْمِنْ [7]	وَّمَنْ	شَآءَ	فَلْيَكْفُرْ لا [7]
پھر جو	چاہے	پس چاہیے کہ وہ ایمان لائے	اور جو	چاہے	تو چاہیے کہ وہ کفر کرے

الثلثة

ضروری وضاحت

[1] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ [2] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ [3] ةٌ اسم کے آخر میں اور تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ [4] اصل میں عَيْنَانِ + كَ تثنیہ کی علامت ان کے ن کو قاعدے کی رو سے گرادیا گیا ہے تو عَيْنَاكَ رہ گیا جسے عَيْنٰكَ لکھا گیا ہے۔ [5] لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ [6] مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔ [7] وَ یا فَ کے بعد ''لْ'' کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا ۙ	بیشک ہم نے تیار کر رکھی ہے ظالموں کے لیے آگ
اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ	گھیرا ہوا ہے ان کو اس کی قناتوں نے، اور اگر
یَّسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا	وہ فریاد کریں گے (تو) وہ فریاد رسی کیے جائیں گے
بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ	(ایسے) پانی سے (جو) پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا
یَشْوِی الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ	وہ بھون ڈالے گا چہروں کو، برا ہے وہ پینا
وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿29﴾	اور بری ہے آرام گاہ۔ ﴿29﴾
اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے
الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِیْعُ	نیک بے شک ہم نہیں ضائع کرتے
اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿30﴾ ج	(اس کا) اجر جس نے اچھا عمل کیا۔ ﴿30﴾
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ	یہی لوگ ہیں (کہ) انکے لیے باغات ہیں ہمیشگی کے
تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ	بہتی ہونگی ان کے نیچے سے نہریں
یُحَلَّوْنَ فِیْهَا	اور وہ زیور پہنائے جائیں گے ان میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْتَدْنَا : مستعد، استعداد۔	سَآءَتْ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
لِلظّٰلِمِیْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	عَمِلُوا : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
نَارًا : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	نُضِیْعُ : ضائع، ضیاع۔
اَحَاطَ : احاطہ، محیط۔	اَجْرَ : اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔
وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	اَحْسَنَ : احسن، محسن، تحسین، احسان۔
یَّسْتَغِیْثُوْا : استغاثہ، غوث۔	تَجْرِیْ : جاری، اجرا۔
الْوُجُوْهَ : وجہ، متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔	مِنْ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
الشَّرَابُ : شربت، مشروب، اکل و شرب۔	تَحْتِهِمْ : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔

اِنَّآ ❶	اَعْتَدْنَا ❷	لِلظّٰلِمِيْنَ	نَارًا	اَحَاطَ	بِهِمْ
بیشک ہم نے	ہم نے تیار کر رکھی ہے	ظالموں کے لیے	آگ	گھیرا ہوا ہے	ان کو

سُرَادِقُهَا ؕ	وَاِنْ	يَّسْتَغِيْثُوْا	يُغَاثُوْا	بِمَآءٍ
اسکی قناتوں نے	اور اگر	وہ سب فریاد کریں گے	وہ سب فریادرسی کیے جائیں گے	پانی سے

كَالْمُهْلِ	يَشْوِى	الْوُجُوْهَ ؕ	بِئْسَ	الشَّرَابُ ؕ
پگھلے ہوئے تانبے کی طرح	وہ بھون ڈالے گا	چہروں کو	برا ہے وہ	پینا

وَسَآءَتْ ❸	مُرْتَفَقًا ﴿29﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
اور بری ہے	آرام گاہ	بیشک	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ ❸	اِنَّا ❶	لَا نُضِيْعُ ❹	اَجْرَ	مَنْ ❺	اَحْسَنَ
نیک	بے شک ہم	نہیں ہم ضائع کرتے	اجر	جس نے	اچھا کیا

عَمَلًا ﴿30﴾ ج	اُولٰٓئِكَ ❻	لَهُمْ	جَنّٰتُ عَدْنٍ ❸	تَجْرِىْ ❸
عمل	یہی لوگ	ان کے لیے	ہمیشگی کے باغات	بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا
ان کے نیچے سے	نہریں	وہ سب زیور پہنائے جائیں گے	اس میں

ضروری وضاحت

❶ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔ ❷ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ تْ، ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔ ❻ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔

مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَھَبٍ وَّ یَلۡبَسُوۡنَ	سونے کے کنگنوں سے اور وہ پہنیں گے
ثِیَابًا خُضۡرًا مِّنۡ سُنۡدُسٍ	کپڑے سبز رنگ کے باریک ریشم سے
وَّ اِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَّکِئِیۡنَ	اور موٹے ریشم (سے) تکیہ لگائے ہونگے
فِیۡهَا عَلَی الۡاَرَآئِکِ ؕ نِعۡمَ الثَّوَابُ ؕ	ان میں تختوں پر، (کیا) خوب بدلہ ہے (جنت)
وَ حَسُنَتۡ مُرۡتَفَقًا ﴿31﴾	اور (کیا) اچھی ہے آرام گاہ۔ ﴿31﴾
وَ اضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلًا	اور بیان کیجیے ان کے لیے ایک مثال
رَّجُلَیۡنِ جَعَلۡنَا	دو آدمیوں کی (کہ) ہم نے بنائے
لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَیۡنِ مِنۡ اَعۡنَابٍ	ان دونوں میں سے ایک کے لیے دو باغ انگوروں سے
وَّ حَفَفۡنٰهُمَا بِنَخۡلٍ	اور ہم نے باڑ لگادی ان دونوں کے اردگرد کھجوروں کی
وَّ جَعَلۡنَا بَیۡنَهُمَا زَرۡعًا ﴿32﴾	اور ہم نے کی ان دونوں کے درمیان کچھ کھیتی۔ ﴿32﴾
کِلۡتَا الۡجَنَّتَیۡنِ اٰتَتۡ اُکُلَهَا	دونوں باغوں نے دیا اپنا پھل
وَ لَمۡ تَظۡلِمۡ مِّنۡهُ شَیۡئًا ۙ	اور نہ کمی کی اس میں سے کچھ بھی

ع 4 9 16

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اضۡرِبۡ	: ضرب المثل، ضرب الامثال۔
یَلۡبَسُوۡنَ	: لباس، ملبوسات، ملبوس۔	مَّثَلًا	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
خُضۡرًا	: گنبد خضریٰ۔	رَّجُلَیۡنِ	: رجال کار، قحط الرجال۔
مُّتَّکِئِیۡنَ	: تکیہ، گاؤتکیہ۔	بِنَخۡلٍ	: نخلستان۔
فِیۡهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	بَیۡنَهُمَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
عَلَی	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	زَرۡعًا	: زراعت، زرعی زمین، مزارع۔
الثَّوَابُ	: اجروثواب، ثواب دارین۔	اُکُلَهَا	: اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
حَسُنَتۡ	: احسن، حسین، تحسین، احسان۔	تَظۡلِمۡ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

مِنْ اَسَاوِرَ	مِنْ ذَهَبٍ	وَّيَلْبَسُوْنَ	ثِيَابًا	خُضْرًا
کنگنوں سے	سونے سے	اور وہ سب پہنیں گے	کپڑے	سبز

مِّنْ سُنْدُسٍ	وَّ	اِسْتَبْرَقٍ ❶	مُّتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا
باریک ریشم سے	اور	موٹے ریشم (سے)	سب تکیہ لگانے والے	ان میں

ع 4 9 16

عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ	نِعْمَ	الثَّوَابُ ؕ	وَ	حَسُنَتْ ❷	مُرْتَفَقًا (31)
تختوں پر	(کیا) خوب	بدلہ ہے	اور	اچھی ہے	آرام گاہ

وَ	اضْرِبْ ❸	لَهُمْ	مَّثَلًا ❹	رَّجُلَيْنِ ❺	جَعَلْنَا
اور	بیان کیجیے	ان کے لیے	ایک مثال	دو آدمیوں کی	ہم نے بنائے

لِاَحَدِهِمَا	جَنَّتَيْنِ ❺	مِنْ اَعْنَابٍ	وَّحَفَفْنٰهُمَا
ان دونوں میں سے ایک کے لیے	دو باغ	انگوروں سے	اور ہم نے باڑ لگا دی ان دونوں کو

بِنَخْلٍ	وَّجَعَلْنَا	بَيْنَهُمَا	زَرْعًا ❹ ؕ (32)	كِلْتَا ❻
کھجور کے ساتھ	اور ہم نے کی	ان دونوں کے درمیان	کچھ کھیتی	دونوں

الْجَنَّتَيْنِ ❺	اٰتَتْ ❷	اُكُلَهَا ❼	وَ	لَمْ تَظْلِمْ ❷	مِّنْهُ	شَيْـًٔا ۙ
دونوں باغوں نے	دیا	اپنا پھل	اور	نہ ظلم کیا (نہ کمی کی)	اس میں سے	کچھ بھی

ضروری وضاحت

❶ شروع میں اِسْتَ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❷ تْ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ یْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہ کِلْتَا دو مؤنث چیزوں کے شروع میں تاکید کی علامت ہے اور دو مذکر چیزوں کے لیے کِلَا استعمال ہوتا ہے۔ ❼ علامت هَا کا ترجمہ کبھی اپنا، اپنی، اپنے بھی ہوتا ہے۔

وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ﴿33﴾	اور ہم نے جاری کر دی ان دونوں کے درمیان ایک نہر ﴿33﴾
وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ	اور تھا اس کے لیے (بہت) پھل، تو کہا اس نے
لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ	اپنے ساتھی سے اس حال میں کہ وہ بات کر رہا تھا اس سے
اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا	میں بہت زیادہ ہوں تجھ سے مال میں
وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿34﴾	اور زیادہ باعزت ہوں نفری کے لحاظ سے۔ ﴿34﴾
وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ	اور وہ داخل ہوا اپنے باغ میں اس حال میں کہ وہ
ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ	ظلم کرنے والا تھا اپنے نفس پر، اس نے کہا
مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ﴿35﴾	نہیں میں گمان کرتا کہ تباہ ہوگا یہ کبھی بھی۔ ﴿35﴾
وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ	اور نہیں میں خیال کرتا قیامت کا (کہ وہ)
قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ	قائم ہونے والی ہے اور واقعی اگر مجھے لوٹایا گیا
اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ	میرے رب کی طرف ضرور بالضرور میں پاؤں گا
خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿36﴾	بہتر ان (باغات) سے لوٹنے کی جگہ۔ ﴿36﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شان وشوکت، لیل ونہار، عفوودرگزر۔	ظَالِمٌ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
خِلٰلَهُمَا	: خلل، داڑھی کا خلال، مخل۔	اَظُنُّ	: سوءِ ظن، بدظن، حسن ظن۔
نَهَرًا	: نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔	اَبَدًا	: ابدالآباد، ابدی زندگی۔
يُحَاوِرُهٗٓ	: محاورہ۔	قَآئِمَةً	: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
اَكْثَرُ	: کثرت، اکثر، کثیر۔	رُّدِدْتُّ	: رد، مردود، تردید، مرتد۔
اَعَزُّ	: عزت، باعزت، معزز۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
نَفَرًا	: نفر، بھاری نفری (تعداد)۔	لَاَجِدَنَّ	: وجود، موجود، وجد۔
دَخَلَ	: داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔	مُنْقَلَبًا	: انقلاب، انقلابی اقدام۔

وَّ	فَجَّرۡنَا ❶	خِلٰلَهُمَا ❷	نَهَرًا ۙ(33)	وَّ	كَانَ	لَهٗ
اور	ہم نے جاری کردی	ان دونوں کے درمیان	ایک نہر	اور	تھا	اس کے لیے

ثَمَرٌ ۚ	فَقَالَ	لِصَاحِبِهٖ	وَ	هُوَ	يُحَاوِرُهٗۤ
پھل	تو اس نے کہا	اپنے ساتھی سے	اس حال میں کہ	وہ	وہ بات کررہا تھا اس سے

اَنَا	اَكۡثَرُ ❸	مِنۡكَ	مَالًا	وَّاَعَزُّ ❸	نَفَرًا (34)
میں	بہت زیادہ ہوں	تجھ سے	مال (میں)	اور زیادہ باعزت (ہوں)	نفری (کے لحاظ سے)

وَدَخَلَ	جَنَّتَهٗ ❹	وَهُوَ	ظَالِمٌ	لِّنَفۡسِهٖ ۚ	قَالَ
اور وہ داخل ہوا	اپنے باغ میں	اس حال میں کہ وہ	ظلم کرنے والا	اپنے نفس پر	اس نے کہا

مَاۤ	اَظُنُّ	اَنۡ	تَبِيۡدَ ❺	هٰذِهٖۤ	اَبَدًا ۙ(35)	وَّمَاۤ
نہیں	میں گمان کرتا	کہ	تباہ ہوگا	یہ	کبھی بھی	اور نہیں

اَظُنُّ	السَّاعَةَ ❺	قَآئِمَةً ❺ ۙ	وَّ	لَئِنۡ	رُّدِدۡتُّ
میں خیال کرتا	قیامت کا	(کہ وہ) قائم ہونے والی (ہے)	اور	واقعی اگر	مجھے لوٹایا گیا

اِلٰى رَبِّىۡ	لَاَجِدَنَّ ❻	خَيۡرًا	مِّنۡهَا ❼	مُنۡقَلَبًا (36)
میرے رب کی طرف	یقیناً ضرور میں پاؤں گا	بہتر	ان (باغات) سے	لوٹنے کی جگہ

ضروری وضاحت

❶ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ هُمَا میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ هٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ تَ اور ةَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❼ هَا کا ترجمہ وہ یا اس ہوتا ہے لیکن اگر اسکا تعلق جمع کیساتھ ہو تو ترجمہ ان کیا جاتا ہے۔

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ	کہا اس سے اس کے ساتھی نے
وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ	اس حال میں کہ وہ بات کر رہا تھا اس سے
اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ	کیا تو نے کفر کیا ہے (اس ذات) سے جس نے
خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ	پیدا کیا تجھے مٹی سے پھر ایک قطرے سے
ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿37﴾	پھر اس نے ٹھیک ٹھاک بنا دیا تجھے ایک آدمی۔ ﴿37﴾
لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ	لیکن میں (تو کہتا ہوں) وہ اللہ میرا رب ہے اور نہیں
اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿38﴾	میں شریک بناتا اپنے رب کے ساتھ کسی ایک کو ﴿38﴾
وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ	اور کیوں نہ جب تو داخل ہوا اپنے باغ میں
قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ	تو نے کہا جو اللہ چاہے (وہی ہوگا)
لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ	نہیں کوئی طاقت مگر اللہ (کی مدد) سے
اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ	اگر تو دیکھتا ہے مجھے (کہ) میں کم تر ہوں
مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿39﴾	تجھ سے مال اور اولاد میں۔ ﴿39﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
صَاحِبُهٗ : صاحب، صحابی، صحابہ۔
يُحَاوِرُهٗٓ : محاورہ۔
خَلَقَكَ : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
تُرَابٍ : تربت ۔
نُّطْفَةٍ : نطفہ۔
سَوّٰىكَ : مساوی، مساوات۔
رَجُلًا : رجال کار، قحط الرجال۔

اُشْرِكُ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
دَخَلْتَ : داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اِلَّا : الّا ماشاءاللہ، الّاقلیل، الّا یہ کہ۔
تَرَنِ : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔
اَقَلَّ : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
وَلَدًا : ولد، ولدیت، اولاد۔

قَالَ	لَهٗ	صَاحِبُهٗ	وَ	هُوَ	يُحَاوِرُهٗٓ
کہا	اس سے	اس کے ساتھی نے	اس حال میں (کہ)	وہ	وہ بات کررہا تھا اس سے

اَ	كَفَرْتَ	بِالَّذِيْ	خَلَقَكَ ❶	مِنْ تُرَابٍ
کیا	تونے کفر کیا	(اس ذات) سے جس نے	پیدا کیا تجھے	مٹی سے

ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ ❷❸	ثُمَّ	سَوّٰىكَ ❶	رَجُلًا ❸ ط (37)
پھر	ایک قطرے سے	پھر	اس نے ٹھیک ٹھاک بنادیا تجھے	ایک آدمی

لٰكِنَّا ❹	هُوَ	اللّٰهُ	رَبِّيْ	وَ	لَآ اُشْرِكُ	بِرَبِّيْٓ
لیکن میں (کہتا ہوں)	وہ	اللہ	میرا رب ہے	اور	نہیں میں شریک بناتا	اپنے رب کیساتھ

اَحَدًا ❸ (38)	وَ	لَوْلَآ	اِذْ	دَخَلْتَ	جَنَّتَكَ	قُلْتَ
کسی ایک کو	اور	کیوں نہ	جب	تو داخل ہوا	اپنے باغ میں	تونے کہا

مَا	شَآءَ	اللّٰهُ لا	لَا قُوَّةَ ❷❺	اِلَّا	بِاللّٰهِ ج	اِنْ
جو	چاہے	اللہ	نہیں کوئی طاقت	مگر	اللہ (کی مدد) سے	اگر

تَرَنِ ❻	اَنَا	اَقَلَّ	مِنْكَ	مَالًا	وَّ	وَلَدًا ج (39)
تو دیکھتا ہے مجھے	میں	زیادہ کم	تجھ سے	مال (میں)	اور	اولاد (میں)

ضروری وضاحت

❶ كَ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تجھے کیا جاتا ہے۔ ❷ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لٰكِنَّا یہ دراصل لٰكِنْ + اَنَا تھا، وصل کی وجہ سے أ کو حذف کرکے نون کو نون میں مدغم کیا گیا ہے، اور یہاں آخر سے الف نہیں پڑھا جاتا، اس لیے اس پر ہ کا نشان ہے۔ ❺ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❻ یہاں آخر سے یِ پڑھنے میں آسانی کے لیے گرگئی ہے اسی یِ کا ترجمہ میرے کیا گیا ہے۔

فَعَسٰی رَبِّیۡۤ اَنۡ یُّؤۡتِیَنِ خَیۡرًا	تو قریب ہے کہ میرا رب دے مجھے بہتر
مِّنۡ جَنَّتِکَ وَ یُرۡسِلَ عَلَیۡہَا	تیرے باغ سے اور وہ بھیج دے اس پر
حُسۡبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ	کوئی عذاب آسمان سے
فَتُصۡبِحَ صَعِیۡدًا زَلَقًا ﴿40﴾	پھر وہ ہو جائے صاف میدان۔ ﴿40﴾
اَوۡ یُصۡبِحَ مَآؤُہَا غَوۡرًا فَلَنۡ	یا ہو جائے اس کا پانی گہرا تو ہر گز نہ
تَسۡتَطِیۡعَ لَہٗ طَلَبًا ﴿41﴾	تو استطاعت رکھے گا اس کو ڈھونڈ لانے کی۔ ﴿41﴾
وَ اُحِیۡطَ بِثَمَرِہٖ	اور گھیر لیا گیا (یعنی تباہ کر دیا گیا) اس کے پھل کو
فَاَصۡبَحَ یُقَلِّبُ	تو اس نے صبح کی (اس حال میں کہ) وہ ملتا تھا
کَفَّیۡہِ عَلٰی مَاۤ اَنۡفَقَ	اپنی دونوں ہتھیلیاں اس پر جو اس نے خرچ کیا
فِیۡہَا وَ ہِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوۡشِہَا	اس میں اس حال میں کہ وہ گرا ہوا تھا اپنی چھتوں پر
وَ یَقُوۡلُ یٰلَیۡتَنِیۡ لَمۡ اُشۡرِکۡ	اور وہ کہتا تھا اے کاش میں! شریک نہ بناتا
بِرَبِّیۡۤ اَحَدًا ﴿42﴾	اپنے رب کیساتھ کسی ایک کو۔ ﴿42﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَیۡرًا	خیر، خیریت۔	بِثَمَرِہٖ	ثمر، ثمرات، ثمرہ۔
مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَاَصۡبَحَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔
یُرۡسِلَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	کَفَّیۡہِ	کفِ افسوس ملنا۔
عَلَیۡہَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَنۡفَقَ	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
مَآؤُہَا	ماءالحیات، ماءاللحم (پانی)۔	عُرُوۡشِہَا	عرش الٰہی، عرش وفرش، تحت العرش۔
تَسۡتَطِیۡعَ	استطاعت، حسب استطاعت۔	یَقُوۡلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
طَلَبًا	طلب وچاہت، طلبگار، مطلوب۔	اُشۡرِکۡ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
اُحِیۡطَ	احاطہ، محیط۔	اَحَدًا	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔

فَعَسٰی	رَبِّیْٓ ❶	اَنْ	یُّؤْتِیَنِ ❷	خَیْرًا	مِّنْ جَنَّتِكَ
تو قریب ہے	میرا رب	کہ	وہ دے مجھے	بہتر	تیرے باغ سے

وَ	یُرْسِلَ	عَلَیْهَا	حُسْبَانًا ❸	مِّنَ السَّمَآءِ
اور	وہ بھیج دے	اس پر	کوئی عذاب	آسمان سے

فَتُصْبِحَ ❹	صَعِیْدًا	زَلَقًا ﴿40﴾	اَوْ	یُصْبِحَ	مَآؤُهَا
پھر وہ ہو جائے	میدان	صاف	اور	وہ ہو جائے	اس کا پانی

غَوْرًا	فَلَنْ	تَسْتَطِیْعَ	لَهٗ	طَلَبًا ﴿41﴾	وَاُحِیْطَ
گہرا	تو ہرگز نہ	تو استطاعت رکھے گا	اس کو	ڈھونڈ لانے کی	اور گھیر لیا گیا

بِثَمَرِهٖ	فَاَصْبَحَ	یُقَلِّبُ	كَفَّیْهِ ❺	عَلٰی مَآ
اس کے پھل کو	تو اس نے صبح کی	وہ ملتا ہے	اپنی دونوں ہتھیلیاں	(اس) پر جو

اَنْفَقَ	فِیْهَا	وَهِیَ	خَاوِیَةٌ ❻	عَلٰی عُرُوْشِهَا
اس نے خرچ کیا	اس میں	اس حال میں (کہ) وہ	گرا ہوا تھا	اپنی چھتوں پر

وَیَقُوْلُ	یٰلَیْتَنِیْ	لَمْ اُشْرِكْ	بِرَبِّیْٓ ❶	اَحَدًا ❸ ﴿42﴾
اور وہ کہتا تھا	اے کاش! میں	نہ میں شریک بناتا	اپنے رب کیساتھ	کسی ایک کو

ضروری وضاحت

❶ یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں آخر سے یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ مجھے کیا گیا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ كَفَّیْهِ دراصل كَفَّیْنِ + هٖ تھا یْنِ تثنیہ کی علامت سے نْ قاعدے کی رو سے گر گیا تو كَفَّیْهِ باقی رہ گیا۔ ❻ ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَلَمۡ تَكُنۡ لَّهٗ فِئَةٌ	اور نہ ہوئی اس کے لیے کوئی جماعت
يَّنۡصُرُوۡنَهٗ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	(کہ) وہ مدد کرتے اس کی اللہ کے سوا
وَمَا كَانَ مُنۡتَصِرًا ﴿43﴾ هُنَالِكَ	اور نہ تھا وہ بدلہ لینے والا۔ ﴿43﴾ وہاں
الۡوَلَايَةُ لِلّٰهِ الۡحَقِّ ؕ هُوَ خَيۡرٌ	(تو) حکومت صرف اللہ سچے (ہی) کی ہے، وہ بہتر ہے
ثَوَابًا وَّخَيۡرٌ عُقۡبًا ﴿44﴾	ثواب دینے میں اور بہتر ہے (اچھے) انجام کی رو سے ﴿44﴾
وَاضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا	اور بیان کیجئے ان کے لیے مثال دنیوی زندگی کی
كَمَآءٍ اَنۡزَلۡنٰهُ	(وہ اس) پانی کی طرح ہے (کہ) ہم نے اتارا اسے
مِنَ السَّمَآءِ فَاخۡتَلَطَ بِهٖ	آسمان سے پھر مل جل گئی اس کے ساتھ
نَبَاتُ الۡاَرۡضِ فَاَصۡبَحَ هَشِيۡمًا	زمین کی نباتات پھر وہ ہوگئی چورا چورا
تَذۡرُوۡهُ الرِّيٰحُ ؕ	اڑائے پھرتی ہیں اسے ہوائیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ مُّقۡتَدِرًا ﴿45﴾	اور ہے اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا۔ ﴿45﴾
اَلۡمَالُ وَالۡبَنُوۡنَ زِيۡنَةُ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ	مال اور بیٹے (تو) زینت ہیں دنیوی زندگی کی

ع 5 13 17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّنۡصُرُوۡنَهٗ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔	كَمَآءٍ كَ+مَآءٍ	کالعدم، کماحقہ / ماء الحیات، ماء اللحم۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَنۡزَلۡنٰهُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الۡوَلَايَةُ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	فَاخۡتَلَطَ	خلط ملط، مخلوط، اختلاط مردوزن۔
خَيۡرٌ	خیر، خیریت۔	نَبَاتُ	نباتات۔
ثَوَابًا	اجر وثواب، ثواب دارین۔	الرِّيٰحُ	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
عُقۡبًا	عالم عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔	مُّقۡتَدِرًا	اقتدار، قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
اضۡرِبۡ	ضرب المثل، ضرب الامثال۔	الۡبَنُوۡنَ	ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
مَّثَلَ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	زِيۡنَةُ	زیب وزینت، زینت بخشنا، مزین۔

وَلَمْ	تَكُنْ ❶	لَّهٗ	فِئَةٌ ❶❷	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❸
اور نہ	ہوئی	اس کے لیے	کوئی جماعت	وہ سب مدد کرتے اس کی	اللہ کے سوا

وَمَا	كَانَ	مُنْتَصِرًا ❹ ﴿43﴾ ط	هُنَالِكَ	الْوَلَايَةُ ❶	لِلّٰهِ الْحَقِّ ط
اور نہ	تھا وہ	بدلہ لینے والا	وہاں	حکومت	اللہ سچے کی

ع 5 13 17

هُوَ	خَيْرٌ	ثَوَابًا	وَّخَيْرٌ	عُقْبًا ﴿44﴾ ع	وَاضْرِبْ ❺	لَهُمْ
وہ	بہتر (ہے)	ثواب	اور بہتر (ہے)	انجام کی رو سے	اور آپ بیان کیجئے	ان کے لیے

مَّثَلَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❶	كَمَآءٍ	اَنْزَلْنٰهُ ❻	مِنَ السَّمَآءِ
مثال	دنیوی زندگی	پانی کی طرح	ہم نے اُتارا اسے	آسمان سے

فَاخْتَلَطَ ❼	بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ	فَاَصْبَحَ ❼	هَشِيْمًا
پھر مل جل گئی	اس کے ساتھ	زمین کی نباتات	پھر وہ ہوگئی	چورا چورا

تَذْرُوْهُ ❶	الرِّيٰحُ ط	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
اڑائے پھرتی ہیں اسے	ہوائیں	اور	ہے	اللہ	ہر چیز پر

مُّقْتَدِرًا ❹ ﴿45﴾	اَلْمَالُ	وَالْبَنُوْنَ	زِيْنَةُ ❶	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج ❶
قدرت رکھنے والا	مال	اور سب بیٹے	زینت	دنیوی زندگی

ضروری وضاحت

❶ ت، ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
❸ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
❺ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ اَنْزَلْنٰهُ کے شروع میں اَ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: وہ اُترا، اَنْزَلَ اس نے اُتارا۔ ❼ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔

وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ	اور باقی رہنے والی نیکیاں زیادہ بہتر ہیں
عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا	آپ کے رب کے نزدیک ثواب میں
وَّخَیْرٌ اَمَلًا ﴿46﴾	اور زیادہ بہتر ہیں امید کے لحاظ سے۔ ﴿46﴾
وَیَوْمَ نُسَیِّرُ الْجِبَالَ	اور جس دن ہم چلائیں گے پہاڑوں کو
وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ	اور آپ دیکھیں گے زمین کو صاف کھلی
وَّحَشَرْنٰهُمْ	اور ہم اکٹھا کریں گے ان کو
فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿47﴾ ۚ	تو نہیں چھوڑیں گے ہم ان میں سے کسی ایک کو۔ ﴿47﴾
وَعُرِضُوْا	اور وہ پیش کیے جائیں گے
عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ	آپ کے رب کے سامنے صفیں باندھے ہوئے
لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا	بلاشبہ یقیناً تم آئے ہو ہمارے پاس جس طرح
خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ	ہم نے پیدا کیا تھا تمہیں پہلی مرتبہ
بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ	بلکہ تم نے تو گمان کیا تھا کہ ہرگز نہیں ہم مقرر کریں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبٰقِیٰتُ : باقی، بقایا، بقیہ۔
الصّٰلِحٰتُ : اصلاح، اعمال صالحہ۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
یَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
نُسَیِّرُ : سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔
الْجِبَالَ : جبل اُحد، جبل رحمت، جبل طارق۔
الْاَرْضَ : ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارضِ پاک۔
حَشَرْنٰهُمْ : حشر، روزِ محشر، حشر نشر۔

مِنْهُمْ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
اَحَدًا : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
عُرِضُوْا : عرض، معروضات، عرضی نویس۔
صَفًّا : صف بندی، صف اوّل۔
كَمَا كَ+مَا : کماحقہ، کالعدم / ماحول، ماتحت۔
خَلَقْنٰكُمْ : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
مَرَّةٍ : روزمرہ۔
زَعَمْتُمْ : زعم میں مبتلا ہونا، زعمِ باطل۔

وَ	الۡبٰقِيٰتُ ❶	الصّٰلِحٰتُ ❶	خَيۡرٌ	عِنۡدَ رَبِّكَ ❷
اور	باقی رہنے والی (جمع)	نیکیاں	زیادہ بہتر	آپ کے رب کے نزدیک

ثَوَابًا	وَّ	خَيۡرٌ	اَمَلًا (46)	وَ	يَوۡمَ	نُسَيِّرُ
ثواب (میں)	اور	زیادہ بہتر	اُمید (کے لحاظ سے)	اور	جس دن	ہم چلائیں گے

الۡجِبَالَ ❸	وَ	تَرَى	الۡاَرۡضَ ❸	بَارِزَةً ❶ لا	وَّ
پہاڑوں (کو)	اور	آپ دیکھیں گے	زمین	صاف کھلی	اور

حَشَرۡنٰهُمۡ	فَلَمۡ	نُغَادِرۡ	مِنۡهُمۡ	اَحَدًا ❹ ج (47)
ہم اکٹھا کریں گے ان کو	تو نہیں	ہم چھوڑیں گے	ان میں سے	کسی ایک کو

وَ	عُرِضُوۡا ❺	عَلٰى رَبِّكَ ❷	صَفًّا ط
اور	وہ سب پیش کیے جائیں گے	آپ کے رب پر (یعنی سامنے)	صفیں باندھے ہوئے

لَقَدۡ ❻	جِئۡتُمُوۡنَا ❼	كَمَا	خَلَقۡنٰكُمۡ
بلاشبہ یقیناً	تم آئے ہو ہمارے پاس	جس طرح	ہم نے پیدا کیا تھا تمہیں

اَوَّلَ مَرَّةٍۭ ❶	بَلۡ	زَعَمۡتُمۡ	اَلَّنۡ ❽	نَّجۡعَلَ
پہلی مرتبہ	بلکہ	تم نے تو گمان کیا	کہ ہرگز نہیں	ہم مقرر کریں گے

ضروری وضاحت

❶ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ❸ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❼ تُمۡ کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمۡ اور اس علامت کے درمیان وُ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ❽ اَلَّنۡ دراصل اَنۡ + لَنۡ کا مجموعہ ہے۔

لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿48﴾	تمہارے لیے کوئی وعدے کا وقت۔ ﴿48﴾
وَوُضِعَ الْكِتٰبُ	اور (عملوں کی) کتاب (کھول کر) رکھی جائے گی
فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ	پھر آپ دیکھیں گے مجرموں کو
مُشْفِقِيْنَ مِمَّا	(کہ وہ) ڈرنے والے ہونگے اس سے جو
فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا	اس (کتاب) میں ہوگا اور وہ کہیں گے ہائے ہماری بربادی
مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ	کیا ہے اس کتاب (نامہ اعمال) کو
لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً	(کہ) نہ وہ چھوڑتی ہے چھوٹی (بات)
وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ	اور نہ بڑی مگر اس نے شمار کر رکھا ہے اسے
وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ	اور وہ موجود پائیں گے جو انہوں نے عمل کیے
وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿49﴾	اور نہیں ظلم کرتا آپ کا رب کسی ایک پر۔ ﴿49﴾ ع 6/5/18
وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ	اور جب ہم نے کہا فرشتوں سے سجدہ کرو آدم کو
فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ	تو انہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّوْعِدًا	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	كَبِيْرَةً	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر، تکبیر
وُضِعَ	وضع قطع، وضع کرنا۔	اِلَّآ	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
فَتَرَى	رویئت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	وَجَدُوْا	وجود، موجود۔
الْمُجْرِمِيْنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ لوگ۔	عَمِلُوْا	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
فِيْهِ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	حَاضِرًا	حاضر، حاضری، استحضار۔
يَقُوْلُوْنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يَظْلِمُ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	اَحَدًا	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
صَغِيْرَةً	صغر سنی، صغیرہ گناہ، اصغر۔	اسْجُدُوْا	سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد، مسجد۔

لَكُمْ ❶	مَّوْعِدًا ❷ (48)	وَوُضِعَ ❸	الْكِتٰبُ	فَتَرَى ❹
تمہارے لیے	کوئی وعدے کا وقت	اور رکھی گئی	کتاب (نامۂ اعمال)	پھر آپ دیکھیں گے

الْمُجْرِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ	مِمَّا ❺	فِيْهِ	وَيَقُوْلُوْنَ
مجرموں کو	سب ڈرنے والے	اس سے جو	اس میں (ہوگا)	اور وہ سب کہیں گے

يٰوَيْلَتَنَا	مَا	لِ	هٰذَا الْكِتٰبِ	لَا يُغَادِرُ ❻	صَغِيْرَةً ❼
ہائے ہماری بربادی	کیا	اس	کتاب (اعمال نامہ) کو	(کہ) نہیں وہ چھوڑتی	چھوٹی (بات)

وَّ	لَا كَبِيْرَةً ❼	اِلَّآ	اَحْصٰهَا ج	وَ	وَجَدُوْا
اور	نہ بڑی	مگر	اس نے شمار کر رکھا ہے اسے	اور	وہ سب پائیں گے

مَا	عَمِلُوْا	حَاضِرًا ط	وَ	لَا يَظْلِمُ ❻
جو	انہوں نے عمل کیے	موجود	اور	نہیں وہ ظلم کرتا

ع 6 5 18

رَبُّكَ	اَحَدًا ❷ (49) ع	وَ	اِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ ❽
آپ کا رب	کسی ایک پر	اور	جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے

اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا ❹	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ ط
تم سب سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	مگر	ابلیس نے

ضروری وضاحت

❶ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوگیا ہے۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❺ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❼ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

كَانَ مِنَ الۡجِنِّ فَفَسَقَ	وہ تھا جنوں میں سے سو اس نے نافرمانی کی
عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوۡنَهٗ	اپنے رب کے حکم کی، کیا پھر (بھی) تم بناتے ہو اسے
وَذُرِّيَّتَهٗۤ اَوۡلِيَآءَ مِنۡ دُوۡنِىۡ وَهُمۡ	اور اس کی اولاد کو دوست میرے علاوہ حالانکہ وہ
لَـكُمۡ عَدُوٌّ ؕ بِئۡسَ لِلظّٰلِمِيۡنَ	تمہارے دشمن ہیں، برا ہے وہ ظالموں کے لیے
اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿107﴾	مگر رحمت بنا کر سب جہان والوں کے لیے۔ ﴿107﴾
قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ	کہہ دیجئے یقیناً میری طرف تو صرف یہ وحی کی جاتی ہے
اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	کہ بے شک تمہارا معبود صرف ایک معبود ہے
فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿108﴾	تو کیا تم فرمانبرداری کرنے والے ہو۔ ﴿108﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُّعِيْدُهٗ : اعادہ، مسیح، عود کر آنا۔	عٰبِدِيْنَ : عابد، عبادت، معبود۔
عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَرْسَلْنٰكَ : رسول، مرسل، ترسیل، ارسال۔
فٰعِلِيْنَ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔	رَحْمَةً : رحم، رحیم، رحمن، رحمت۔
كَتَبْنَا : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	لِّلْعٰلَمِيْنَ : الٰہ العالمین، عالمِ اسلام، اقوام عالم۔
يَرِثُهَا : وارث، وراثت، ورثاء، موروثی۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عِبَادِيَ : عابد، عبادت، معبود۔	يُوْحٰى : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
الصّٰلِحُوْنَ : صالح، صلح، اعمال صالحہ۔	اِلَيَّ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
لَبَلٰغًا : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	مُّسْلِمُوْنَ : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام۔

نُّعِيْدُهٗ ① ط	وَعْدًا	عَلَيْنَا ط	اِنَّا ②	كُنَّا ③	فٰعِلِيْنَ ④ (104)
ہم لوٹائیں گے اسے	وعدہ	ہم پر	بے شک ہم	ہم ہیں	کرنے والے

وَ	لَقَدْ ⑤	كَتَبْنَا	فِي الزَّبُوْرِ	مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ ⑥
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے لکھ دیا	زبور میں	نصیحت کے بعد

اَنَّ	الْاَرْضَ	يَرِثُهَا	عِبَادِيَ	الصّٰلِحُوْنَ (105)
کہ بے شک	زمین	وہ وارث ہونگے اس کے	میرے بندے	سب نیک

اِنَّ	فِيْ هٰذَا	لَبَلٰغًا	لِّقَوْمٍ	عٰبِدِيْنَ ط (106)
بیشک	اس میں	یقیناً پیغام	ان لوگوں کے لیے	سب عبادت کرنے والے

وَ	مَآ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	رَحْمَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ (107)
اور	نہیں	ہم نے بھیجا آپ کو	مگر	رحمت	سب جہان والوں کے لیے

قُلْ	اِنَّمَا	يُوْحٰٓى ⑦	اِلَيَّ ⑧	اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ
آپ کہہ دیجیے	یقیناً صرف	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	کہ بیشک صرف	تمہارا معبود

اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ ج	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ (108)
معبود	ایک	تو کیا	تم	سب فرمانبرداری کرنے والے

ضروری وضاحت

① ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔② اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔
③ كُنَّا دراصل كُنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔④ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔⑤ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی
علامتیں ہیں۔⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے
یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے اور یہاں علامت یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ اِلَيَّ دراصل اِلٰى + یْ کا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ	پھر اگر وہ منہ موڑلیں تو آپ کہہ دیجئے
اٰذَنۡتُكُمۡ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ	میں نے خبردار کردیا ہے تمہیں برابری پر
وَ اِنۡ اَدۡرِىۡۤ اَقَرِيۡبٌ اَمۡ بَعِيۡدٌ	اور نہیں میں جانتا کیا قریب ہے یا دور
مَّا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿109﴾	جس (عذاب) کا تم وعدہ دیے جاتے ہو۔ ﴿109﴾
اِنَّهٗ يَعۡلَمُ الۡجَهۡرَ مِنَ الۡقَوۡلِ	بلاشبہ وہ جانتا ہے بلند آواز سے کی ہوئی بات کو
وَيَعۡلَمُ مَا تَكۡتُمُوۡنَ ﴿110﴾	اور وہ (بھی) جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو۔ ﴿110﴾
وَ اِنۡ اَدۡرِىۡ لَعَلَّهٗ فِتۡنَةٌ لَّـكُمۡ	اور نہیں میں جانتا (کہ) شاید یہ آزمائش ہو تمہارے لیے
وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيۡنٍ ﴿111﴾	اور کچھ فائدہ اٹھانا ہو ایک وقت تک۔ ﴿111﴾
قٰلَ رَبِّ احۡكُمۡ	اس (رسول) نے کہا (اے میرے) رب فیصلہ فرما
بِالۡحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحۡمٰنُ	حق کے ساتھ، اور ہمارا رب نہایت مہربان ہے
الۡمُسۡتَعَانُ	(جس سے) مدد طلب کی جاتی ہے
عَلٰى مَا تَصِفُوۡنَ ﴿112﴾ ع	ان (باتوں) پر جو تم بیان کرتے ہو۔ ﴿112﴾ ع

ع 7 19 7 النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَقُلۡ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	الۡجَهۡرَ	: جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
اٰذَنۡتُكُمۡ	: اذان۔	تَكۡتُمُوۡنَ	: کتمانِ علم، کتمان حق۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مَتَاعٌ	: متاع کارواں، مال ومتاع۔
سَوَآءٍ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
وَ	: شیر وشکر، اوّل وآخر، قلب ونظر۔	احۡكُمۡ	: حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
بَعِيۡدٌ	: بعد، بعید از قیاس۔	الرَّحۡمٰنُ	: رحم، رحیم، رحمن، رحمت۔
تُوۡعَدُوۡنَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	الۡمُسۡتَعَانُ	: استعانت۔
يَعۡلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	تَصِفُوۡنَ	: وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔

فَاِنْ ①	تَوَلَّوْا ②	فَقُلْ ①	اٰذَنْتُكُمْ ③	عَلٰى سَوَآءٍ ؕ
پھر اگر	وہ سب منہ موڑ لیں	تو آپ کہہ دیجیے	میں نے خبردار کر دیا ہے تمہیں	برابری پر

وَ	اِنْ	اَدْرِيْٓ	اَ	قَرِيْبٌ	اَمْ	بَعِيْدٌ	مَّا
اور	نہیں	میں جانتا	کیا	قریب	یا	دور	جو

تُوْعَدُوْنَ ④ (109)	اِنَّهٗ ⑤	يَعْلَمُ	الْجَهْرَ	مِنَ الْقَوْلِ
تم سب وعدہ دیے جاتے ہو	بلاشبہ وہ	وہ جانتا ہے	بلند آواز	بات سے

وَ	يَعْلَمُ	مَا	تَكْتُمُوْنَ (110)	وَ	اِنْ	اَدْرِيْ
اور	وہ جانتا ہے	جو	تم سب چھپاتے ہو	اور	نہیں	میں جانتا

لَعَلَّهٗ	فِتْنَةٌ ⑥	لَّكُمْ	وَ	مَتَاعٌ	اِلٰى حِيْنٍ (111)
شاید کہ وہ	آزمائش	تمہارے لیے	اور	کچھ فائدہ (اٹھانا)	ایک وقت تک

قٰلَ	رَبِّ ⑦	احْكُمْ	بِالْحَقِّ ؕ	وَ	رَبُّنَا
اس نے کہا	(اے میرے) رب	تو فیصلہ فرما	حق کے ساتھ	اور	ہمارا رب

الرَّحْمٰنُ	الْمُسْتَعَانُ ⑧	عَلٰى	مَا	تَصِفُوْنَ (112) ع
نہایت مہربان	مدد طلب کیا گیا ہوا	(ان) پر	جو	تم سب بیان کرتے ہو

ع 7 19 7 النصف

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔② علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔③ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔④علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥ ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ یہ دراصل یَارَبِّيْ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرے ہوئے ہیں۔⑧ یعنی جس سے مدد طلب کی جاتی ہے۔

اٰیَاتُھَا 78 | 22 سُوْرَۃُ الْحَجِّ مَدَنِیَّۃٌ 103 | رُکُوْعَاتُھَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ	اے لوگو ڈرو اپنے رب سے
اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ ①	بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی چیز ہے۔ ①
یَوْمَ تَرَوْنَهَا	جس دن تم دیکھو گے اسے
تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ	غافل ہو جائے گی ہر دودھ پلانے والی
عَمَّآ اَرْضَعَتْ	اس سے جسے اس نے دودھ پلایا
وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا	اور گرا دے گی ہر حمل والی اپنا حمل
وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰی	اور آپ دیکھیں گے لوگوں کو مدہوشی میں
وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰی	حالانکہ نہیں ہونگے وہ ہرگز مدہوش
وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ ②	اور لیکن اللہ کا عذاب بہت سخت ہوگا۔ ②
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا ہے) جو جھگڑا کرتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النَّاسُ	:	عوام الناس، بعض الناس۔	مُرْضِعَةٍ	:	رضاعت، رضاعی بھائی۔
اتَّقُوْا	:	تقویٰ، متقی۔	عَمَّآ	:	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
زَلْزَلَةَ	:	زلزلہ، متزلزل۔	وَ	:	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
السَّاعَةِ	:	ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔	تَضَعُ	:	وضع قطع، وضع کرنا، وضع حمل، موضوع۔
شَیْءٌ	:	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔	حَمْلٍ	:	حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔
عَظِیْمٌ	:	اجر عظیم، عظمت۔ معظم، تعظیم۔	شَدِیْدٌ	:	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
یَوْمَ	:	یوم، ایام، یوم آخرت۔	مِنَ	:	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
تَرَوْنَهَا	:	مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔	یُّجَادِلُ	:	جنگ وجدل، جدال، مجادلہ۔

اٰياتها 78 — 22 سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ 103 — رُكُوعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰاَيُّهَا ①	النَّاسُ	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ ۚ	اِنَّ	زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ ②
اے	لوگو	تم سب ڈرو	اپنے رب (سے)	بیشک	قیامت کا زلزلہ

شَيْءٌ	عَظِيْمٌ ①	يَوْمَ	تَرَوْنَهَا	تَذْهَلُ ②
ایک چیز	بہت بڑی	(جس) دن	تم سب دیکھو گے اسے	غافل ہو جائے گی

كُلُّ	مُرْضِعَةٍ ②③	عَمَّآ ④	اَرْضَعَتْ ②	وَ	تَضَعُ ②
ہر	دودھ پلانے والی	(اس) سے جسے	اس نے دودھ پلایا	اور	گرا دے گی

كُلُّ	ذَاتِ حَمْلٍ	حَمْلَهَا	وَ	تَرَى	النَّاسَ
ہر	حمل والی	اپنا حمل	اور	آپ دیکھیں گے	لوگوں (کو)

سُكٰرٰى	وَ	مَا	هُمْ	بِسُكٰرٰى ⑤	وَ	لٰكِنَّ
مدہوش	حالانکہ	نہیں	وہ	ہرگز مدہوش	اور	لیکن

عَذَابَ اللّٰهِ	شَدِيْدٌ ②	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ ⑥	يُّجَادِلُ
اللہ کا عذاب	بہت سخت	اور	لوگوں میں سے	جو	وہ جھگڑا کرتا ہے

ضروری وضاحت

①يا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔② ة، تا اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔④عَمَّا دراصل عَنْ+مَا مجموعہ ہے۔⑤ علامت بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ مَا آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔⑥مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ	اللہ کے بارے میں بغیر علم کے
وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿3﴾	اور وہ پیروی کرتا ہے ہر سرکش شیطان کی۔ ﴿3﴾
كُتِبَ عَلَيْهِ	لکھ دیا گیا اس پر (یعنی اسکے بارے میں)
اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ	کہ بیشک یہ حقیقت ہے جو دوستی کرے گا اس سے
فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ	تو یقیناً وہ گمراہ کردے گا اسے
وَيَهْدِيْهِ	اور وہ راستہ دکھائے گا اسے
اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿4﴾	بھڑکتی آگ کے عذاب کی طرف۔ ﴿4﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ	اے لوگو! اگر تم ہو شک میں
مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ	دوبارہ جی اٹھنے سے تو بیشک ہم نے ہی پیدا کیا تمہیں
مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ	مٹی سے پھر ایک قطرے سے
ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ	پھر جمے ہوئے خون سے پھر گوشت کے لوتھڑے سے
مُّخَلَّقَةٍ	(جس کی) مکمل شکل بنائی ہوئی ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَهْدِيْهِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
عِلْمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يَتَّبِعُ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔	رَيْبٍ	: خدائے لاریب، لاریب کتاب۔
كُلَّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	الْبَعْثِ	: بعثت، مبعوث۔
كُتِبَ	: کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	خَلَقْنٰكُمْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مُّخَلَّقَةٍ	: خَلق، خالق، مخلوق، تخلیق۔
تَوَلَّاهُ	: ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	تُرَابٍ	: تربت، ابوتراب۔
يُضِلُّهٗ	: ضلالت و گمراہی۔	نُّطْفَةٍ	: نطفہ۔

فِي اللهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	وَّ	يَتَّبِعُ
اللہ (کے بارے) میں	بغیر	کسی علم (کے)	اور	وہ پیروی کرتا ہے

كُلَّ	شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝3	كُتِبَ ②	عَلَيْهِ	اَنَّهٗ
ہر	سرکش شیطان	لکھ دیا گیا	اس پر	کہ بیشک یہ حقیقت ہے

مَنْ	تَوَلَّاهُ ③	فَاَنَّهٗ	يُضِلُّهٗ ③	وَ
جو	دوستی کرے گا اس سے	تو یقیناً وہ	وہ گمراہ کردے گا اسے	اور

يَهْدِيْهِ	اِلٰى عَذَابِ	السَّعِيْرِ ۝4	يٰاَيُّهَا ④	النَّاسُ
وہ راستہ دکھائے گا اسے	عذاب کی طرف	بھڑکتی آگ	اے	لوگو!

اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّنَ الْبَعْثِ	فَاِنَّا ⑤
اگر	ہو تم	شک میں	دوبارہ جی اُٹھنے سے	تو بے شک ہم

خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ ①⑥	ثُمَّ
ہم نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	ایک قطرے سے	پھر

مِنْ عَلَقَةٍ ⑥	ثُمَّ	مِنْ مُّضْغَةٍ ⑥	مُّخَلَّقَةٍ ⑥⑦
جمے ہوئے خون سے	پھر	(گوشت کے) لوتھڑے سے	مکمل شکل بنائی ہوئی

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ علامت تہ اور شد دونوں میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔
⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ	اور مکمل شکل نہیں بنائی ہوئی
لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ	تاکہ ہم کھول کر بیان کر دیں تمہارے لیے
وَنُقِرُّ فِى الْاَرْحَامِ	اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں رحموں میں
مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	جس (نطفے) کو ہم چاہتے ہیں ایک مقرر وقت تک
ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا	پھر ہم نکالتے ہیں تمہیں بچے کی صورت میں
ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ	پھر (ہم تمہیں عمر دیتے ہیں) تاکہ تم پہنچو اپنی جوانی کو
وَمِنْكُمْ مَّنْ	اور تم میں سے (کوئی ایسا ہے) جسے (اس سے پہلے ہی)
يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ	فوت کیا جاتا ہے اور تم میں سے (کوئی ایسا ہے) جو
يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ	لوٹایا جاتا ہے ناکارہ عمر کی طرف
لِكَيْلَا يَعْلَمَ	تاکہ (پھر بچہ بن جائے اور) وہ نہ جانے
مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا ؕ	کچھ بھی (سب کچھ) جان لینے کے بعد
وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً	اور آپ دیکھتے ہیں زمین کو خشک پڑی ہوئی (بے آباد)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّنُبَيِّنَ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	يُّتَوَفّٰى	: فوت، وفات، فوتگی، متوفی۔
نُقِرُّ	: مقرر کرنا، تقرر، تقرری۔	يُّرَدُّ	: رد، مردود، تردید، مرتد۔
الْاَرْحَامِ	: رحِم مادر۔	اَرْذَلِ	: رذیل، اخلاق رذیلہ، رذالت۔
نَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	الْعُمُرِ	: عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔
اَجَلٍ	: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	يَعْلَمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مُّسَمًّى	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	بَعْدِ	: بعد، بعد از نماز، بعد از طعام۔
نُخْرِجُكُمْ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	تَرَى	: رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
لِتَبْلُغُوْٓا	: بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	الْاَرْضَ	: ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

وَّ	غَيۡرِ	مُخَلَّقَةٍ ①②	لِّنُبَيِّنَ	لَكُمۡ ؕ
اور	بغیر	مکمل شکل بنائی ہوئی	تا کہ ہم کھول کر بیان کر دیں	تمہارے لیے

وَ	نُقِرُّ	فِي الۡاَرۡحَامِ	مَا	نَشَآءُ
اور	ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں	رحموں میں	جو	ہم چاہتے ہیں

اِلٰٓى اَجَلٍ	مُّسَمًّى ①	ثُمَّ	نُخۡرِجُكُمۡ ③	طِفۡلًا
ایک وقت تک	مقرر کیا ہوا	پھر	ہم نکالتے ہیں تمہیں	بچہ

ثُمَّ	لِتَبۡلُغُوۡۤا	اَشُدَّكُمۡ ۚ	وَ	مِنۡكُمۡ
پھر	تا کہ تم سب پہنچو	اپنی جوانی (کو)	اور	تم میں سے

مَّنۡ	يُّتَوَفّٰى ④	وَ	مِنۡكُمۡ	مَّنۡ	يُّرَدُّ ④
جو	وہ فوت کیا جاتا ہے	اور	تم میں سے	جو	وہ لوٹایا جاتا ہے

اِلٰٓى	اَرۡذَلِ ⑤	الۡعُمُرِ	لِكَيۡلَا ⑥	يَعۡلَمَ
طرف	بہت ناکارہ	عمر	تا کہ نہ	وہ جانے

مِنۡۢ بَعۡدِ عِلۡمٍ ⑦	شَيۡـًٔا ؕ	وَ	تَرَى	الۡاَرۡضَ	هَامِدَةً ②
جان لینے کے بعد	کچھ بھی	اور	آپ دیکھتے ہیں	زمین	خشک پڑی ہوئی

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔②ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ كُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں ترجمہ کیا جاتا ہے۔④اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اَرۡذَلِ کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥لِ اور کَیۡ دونوں کا ترجمہ تا کہ ہے اس لیے دونوں کا رنگ ایک رکھا گیا ہے۔⑦لفظِ بَعۡد سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

فَاِذَآ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡهَا الۡمَآءَ	پھر جب ہم نازل کرتے ہیں اس پر پانی
اهۡتَزَّتۡ وَ رَبَتۡ	(تو) وہ لہلہاتی ہے اور ابھرنے لگتی ہے
وَاَنۡۢبَتَتۡ مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍۢ بَهِيۡجٍ ﴿5﴾	اور اگاتی ہے ہر قسم کی بارونق چیزیں۔ ﴿5﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡحَـقُّ	یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اللہ ہی حق ہے
وَاَنَّهٗ يُحۡىِ الۡمَوۡتٰى	اور (اس لیے) کہ بیشک وہی زندہ کرتا ہے مردوں کو
وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	اور (اس لیے) کہ بے شک وہ ہر چیز پر
قَدِيۡرٌ ۙ﴿6﴾	خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿6﴾
وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ	اور (اس لیے) کہ بے شک قیامت آنے والی ہے
لَّا رَيۡبَ فِيۡهَا ۙ	کوئی شک نہیں اس میں
وَاَنَّ اللّٰهَ يَبۡعَثُ	اور (اس لیے) کہ بے شک اللہ دوبارہ اٹھائے گا
مَنۡ فِى الۡقُبُوۡرِ ﴿7﴾	(ان لوگوں) جو قبروں میں ہیں۔ ﴿7﴾
وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يُّجَادِلُ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا ہے) جو جھگڑا کرتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنۡزَلۡنَا	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	قَدِيۡرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
عَلَيۡهَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَّا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
الۡمَآءَ	: ماءالحیات، ماءاللحم۔	رَيۡبَ	: خدائے لاریب لاریب کتاب۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	فِيۡهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اَنۡۢبَتَتۡ	: نباتات۔	يَبۡعَثُ	: بعثت، مبعوث۔
مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	النَّاسِ	: عوام الناس، بعض الناس۔
يُحۡىِ	: حیات، حیاتی، اِحیائے سنت۔	الۡقُبُوۡرِ	: قبر، قبور، قبرستان۔
الۡمَوۡتٰى	: موت وحیات، سماع موتی، میت۔	يُّجَادِلُ	: جنگ وجدل۔

فَاِذَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَآءَ	اهْتَزَّتْ ①
پھر جب	ہم نازل کرتے ہیں	اس پر	پانی	وہ لہلہاتی ہے

وَ	رَبَتْ ①	وَ	اَنْۢبَتَتْ ①	مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ	بَهِيْجٍ ﴿5﴾
اور	اُبھرنے لگتی ہے	اور	اُگاتی ہے	ہر قسم سے (چیزیں)	بارونق

ذٰلِكَ ②	بِاَنَّ ③④	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ ⑤	وَ	اَنَّهٗ ③
یہ	اس وجہ سے کہ بے شک	اللہ	ہی حق ہے	اور	کہ بے شک وہ

يُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَ	اَنَّهٗ ③	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
وہ زندہ کرتا ہے	مردوں (کو)	اور	کہ بے شک وہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ⑥ ﴿6﴾ لا	وَّ	اَنَّ ③	السَّاعَةَ ①	اٰتِيَةٌ ①
خوب قدرت رکھنے والا	اور	کہ بے شک	قیامت	آنے والی

لَّا رَيْبَ ⑦	فِيْهَا لا	وَ	اَنَّ ③	اللّٰهَ	يَبْعَثُ
کوئی شک نہیں	اس میں	اور	کہ بے شک	اللہ	وہ دوبارہ اُٹھائے گا

مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ ﴿7﴾	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّجَادِلُ
جو	قبروں میں	اور	لوگوں میں سے	جو	وہ جھگڑا کرتا ہے

ضروری وضاحت

① تْ اور ةٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔
③ اَنَّ جب جملے کے درمیان میں آئے تو اس کا ترجمہ کہ بیشک کیا جاتا ہے۔ ④ بِ کا ترجمہ کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔
⑤ هُوَ کے بعد الْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

فِي اللّٰهِ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ	اللہ کے بارے میں بغیر کسی علم کے
وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيۡرٍ ۙ﴿8﴾	اور بغیر کسی ہدایت کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے۔﴿8﴾
ثَانِيَ عِطۡفِهٖ	اس حال میں کہ موڑنے والا ہوتا ہے اپنا پہلو
لِيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ	تا کہ وہ گمراہ کرے اللہ کے راستے سے
لَهٗ فِي الدُّنۡيَا خِزۡيٌ	اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے
وَّنُذِيۡقُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	اور ہم چکھائیں گے اسے قیامت کے دن
عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ ﴿9﴾	جلانے والا (یعنی آگ کا) عذاب۔﴿9﴾
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ يَدٰكَ	یہ اس وجہ سے ہے جو آگے بھیجا تیرے ہاتھوں نے
وَاَنَّ اللّٰهَ	اور یہ کہ بے شک اللہ
لَيۡسَ بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿10﴾ ع	ہرگز نہیں ہے ظلم کرنے والا بندوں پر۔﴿10﴾ ع
وَمِنَ النَّاسِ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا ہے)
مَنۡ يَّعۡبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرۡفٍ ۚ	جو عبادت کرتا ہے اللہ کی ایک کنارے پر

ع 1 10 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
عِلۡمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	قَدَّمَتۡ	: مقدم، مقدمہ، تقدیم، مقدمۃ الجیش۔
هُدًى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	يَدٰكَ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
مُّنِيۡرٍ	: نور، منور، نورانیت۔	بِظَلَّامٍ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لِيُضِلَّ	: ضلالت و گمراہی۔	لِّلۡعَبِيۡدِ	: عبد، عابد، عبد اللہ، عباد الرحمن۔
سَبِيۡلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
نُذِيۡقُهٗ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	يَّعۡبُدُ	: عابد، عبادت، معبود۔
يَوۡمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ ①	وَّ	لَا	هُدًى ①
اللہ (کے بارے) میں	بغیر	کسی علم (کے)	اور	نہ	کسی ہدایت

وَّ	لَا	كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ① ۙ ﴿8﴾	ثَانِيَ	عِطْفِهٖ
اور	نہ	کسی روشن کتاب (کے)	موڑنے والا	اپنا پہلو

لِيُضِلَّ ②	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ	لَهٗ ③	فِي الدُّنْيَا
تا کہ وہ گمراہ کرے	اللہ کے راستے سے	اس کے لیے	دنیا میں

خِزْيٌ	وَّ	نُذِيْقُهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ④	عَذَابَ
رسوائی	اور	ہم چکھائیں گے اسے	قیامت کے دن	عذاب

الْحَرِيْقِ ﴿9﴾	ذٰلِكَ ⑤	بِمَا ⑥	قَدَّمَتْ ④	يَدٰكَ
جلانے والا	یہ	اس وجہ سے جو	آگے بھیجا	تیرے ہاتھوں نے

ع 1 / 10 / 8

وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ ⑦	لِّلْعَبِيْدِ ﴿10﴾ ع
اور	یہ کہ بے شک	اللہ	نہیں	ہرگز ظلم کرنے والا	بندوں پر

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَّعْبُدُ	اللّٰهَ	عَلٰي حَرْفٍ ۚ
اور	لوگوں میں سے	جو	وہ عبادت کرتا ہے	اللہ (کی)	ایک کنارے پر

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو ترجمہ تا کہ ہوتا ہے۔③ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لِ سے لَ ہوجاتا ہے۔④ ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں البتہ اسکی وجہ سے تاکید کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ	پھر اگر پہنچے اسے کوئی بھلائی
اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ	(تو) مطمئن ہو جاتا ہے اس پر
وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ	اور اگر پہنچے اسے کوئی آزمائش
انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ	(تو) الٹا پھر جاتا ہے اپنے منہ کے بل
خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ	اس نے نقصان اٹھایا دنیا اور آخرت کا
ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿11﴾	یہ ہی واضح خسارہ ہے۔ ﴿11﴾
يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وہ پکارتا ہے اللہ کے سوا
مَا لَا يَضُرُّهٗ	(اسے) جو نہ تو نقصان پہنچا سکتا ہے اُسے
وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ	اور جو نہ نفع دے سکتا ہے اُسے
ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿12﴾	یہ ہی دور کی گمراہی ہے۔ ﴿12﴾
يَدْعُوْا لَمَنْ	وہ پکارتا ہے یقیناً اسے جو
ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ	(کہ) اسکا نقصان زیادہ قریب ہے اسکے نفع سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصَابَهٗ	: مصیبت، مصائب۔	يَدْعُوْا	: دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
خَيْرُ	: خیر، خیریت، خیرخواہی، صبح بخیر۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اطْمَاَنَّ	: اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماورائے آئین۔
انْقَلَبَ	: انقلاب، انقلابی اقدام۔	يَضُرُّهٗ	: مضرصحت، ضرررساں۔
وَجْهِهٖ	: وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔	يَنْفَعُهٗ	: نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
خَسِرَ	: خسارہ، خائب وخاسر۔	الضَّلٰلُ	: ضلالت وگمراہی۔
الْاٰخِرَةَ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔	الْبَعِيْدُ	: بعد، بعید از قیاس۔
الْمُبِيْنُ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	اَقْرَبُ	: قرب، قریب، مقرب، تقرب۔

فَاِنْ	اَصَابَهٗ	خَيْرُ ①	اطْمَاَنَّ	بِهٖ ج
پھر اگر	پہنچے اسے	کوئی بھلائی	وہ مطمئن ہوجاتا ہے	اس پر

وَ	اِنْ	اَصَابَتْهُ ②	فِتْنَةُ ①②	انْقَلَبَ
اور	اگر	وہ پہنچے اُسے	کوئی آزمائش	اُلٹا پھر جاتا ہے

عَلٰى وَجْهِهٖ ③ قف ج	خَسِرَ	الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةَ ② ط
اپنے منہ کے بل	اس نے نقصان اٹھایا	دنیا	اور	آخرت (میں)

ذٰلِكَ ④	هُوَ الْخُسْرَانُ ⑤	الْمُبِيْنُ (11)	يَدْعُوْا ⑥	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑦
یہ	ہی خسارہ	صریح	وہ پکارتا ہے	اللہ کے سوا

مَا لَا	يَضُرُّهٗ	وَ	مَا لَا	يَنْفَعُهٗ ط
جو نہ	وہ نقصان پہنچا سکتا ہے اسے	اور	جو نہ	وہ نفع دے سکتا ہے اسے

ذٰلِكَ ④	هُوَ الضَّلٰلُ ⑤	الْبَعِيْدُ (12) ج	يَدْعُوْا ⑥
یہ	ہی گمراہی	دور (کی)	وہ پکارتا ہے

لَمَنْ	ضَرُّهٗٓ	اَقْرَبُ ⑧	مِنْ نَّفْعِهٖ ط
یقیناً جو	اس کا نقصان	زیادہ قریب	اس کے نفع سے

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② ۃ،تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ عَلٰی کا ترجمہ کبھی کے بل بھی کیا جاتا ہے۔④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑤هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ يَدْعُوْا کے آخر میں وْا جمع کا نہیں بلکہ "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" زائد ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

لَبِئۡسَ الۡمَوۡلٰی وَلَبِئۡسَ الۡعَشِيۡرُ ﴿13﴾	بلا شبہ وہ بُرا دوست اور یقیناً بُرا ساتھی ہے۔ ﴿13﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ	بیشک اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو
اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے
جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ	(ایسے) باغات میں (کہ) بہتی ہونگی انکے نیچے سے نہریں
اِنَّ اللّٰهَ يَفۡعَلُ مَا يُرِيۡدُ ﴿14﴾	بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ ﴿14﴾
مَنۡ كَانَ يَظُنُّ	جو شخص (یہ) گمان کرتا ہے
اَنۡ لَّنۡ يَّنۡصُرَهُ اللّٰهُ	کہ ہرگز نہیں مدد کرے گا اللہ اُس (رسول) کی
فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ	دنیا میں اور آخرت میں
فَلۡيَمۡدُدۡ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ	تو چاہیے کہ وہ دراز کرے ایک رسی کو آسمان تک
ثُمَّ لۡيَقۡطَعۡ	پھر چاہیے کہ وہ کاٹ دے (اسے)
فَلۡيَنۡظُرۡ هَلۡ يُذۡهِبَنَّ كَيۡدُهٗ	پھر چاہیے کہ وہ دیکھے کیا واقعی لے جاتی ہے اسکی تدبیر
مَا يَغِيۡظُ ﴿15﴾	(اس چیز کو) جو غصہ دلاتی ہے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡمَوۡلٰی	: ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔	يُرِيۡدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔
وَ	: لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	يَظُنُّ	: سوءِ ظن، بدظن، ظن غالب۔
يُدۡخِلُ	: داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔	يَّنۡصُرَهُ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
اٰمَنُوۡا	: ایمان، مؤمن، امن۔	فَلۡيَمۡدُدۡ	: الف مدآ، حروف مدہ۔
عَمِلُوا	: عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔	اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
تَجۡرِىۡ	: جاری، اجرا۔	لۡيَقۡطَعۡ	: قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
تَحۡتِهَا	: ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔	فَلۡيَنۡظُرۡ	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
الۡاَنۡهٰرُ	: نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔	يَغِيۡظُ	: غیظ و غضب۔

لَبِئْسَ	الْمَوْلٰى	وَ	لَبِئْسَ	الْعَشِيْرُ ⁽13⁾	اِنَّ	اللّٰهَ
بلاشبہ بُرا	دوست	اور	یقیناً بُرا	ساتھی	بیشک	اللہ

يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ①
وہ داخل کرے گا	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کیے	نیک

جَنّٰتٍ ①	تَجْرِيْ ①	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ؕ	اِنَّ ②
باغات	بہتی ہونگی	ان کے نیچے سے	نہریں	بے شک

اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا	يُرِيْدُ ⁽14⁾	مَنْ	كَانَ	يَظُنُّ
اللہ	وہ کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	جو (شخص)	ہے	گمان کرتا

اَنْ	لَّنْ ③	يَّنْصُرَهُ	اللّٰهُ	فِي الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ ①
کہ	ہرگز نہیں	وہ مدد کرے گا اس کی	اللہ	دنیا میں	اور	آخرت

فَلْيَمْدُدْ ④	بِسَبَبٍ ⑤①	اِلَى السَّمَآءِ	ثُمَّ	لْيَقْطَعْ ④
تو چاہیے کہ وہ دراز کرے	ایک رسی کو	آسمان تک	پھر	چاہیے کہ وہ کاٹ دے

فَلْيَنْظُرْ ④	هَلْ	يُذْهِبَنَّ ⑥	كَيْدُهٗ	مَا	يَغِيْظُ ⁽15⁾
پھر چاہیے کہ وہ دیکھے	کیا	وہ واقعی لے جاتی ہے	اس کی تدبیر	جو	وہ غصہ دلاتی ہے

ضروری وضاحت

① تـ، ۃ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ③ لَنْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو اس میں مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔ ④ یہاں ساکن لام ''لْ'' اصل میں لِ تھا جس کا ترجمہ چاہیے کہ ہوتا ہے وَ، فَ اور ثُمَّ کے بعد یہ لِ ساکن ''لْ'' ہو جاتا ہے۔ ⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے آخر نّ تاکید کی علامت ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ	اور اسی طرح ہم نے نازل کیا اسے
اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ	واضح آیات کی صورت میں
وَّ اَنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يُّرِيۡدُ ﴿16﴾	اور بیشک اللہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ ﴿16﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے
وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالصّٰبِـِٕيۡنَ	اور وہ لوگ جو یہودی بنے اور صابی (بے دین لوگ)
وَالنَّصٰرٰى وَالۡمَجُوۡسَ	اور نصاریٰ اور مجوسی
وَالَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡٓا ۖ	اور وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا
اِنَّ اللّٰهَ يَفۡصِلُ بَيۡنَهُمۡ	یقیناً اللہ فیصلہ کرے گا ان سب کے درمیان
يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ	قیامت کے دن
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿17﴾	بے شک اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔ ﴿17﴾
اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ	کیا نہیں دیکھا آپ نے کہ بے شک اللہ
يَسۡجُدُ لَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ	(ہر ایک) سجدہ کرتا ہے اسی کو جو آسمانوں میں ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم۔	بَيۡنَهُمۡ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اَنۡزَلۡنٰهُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَوۡمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
بَيِّنٰتٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَهۡدِىۡ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	شَهِيۡدٌ : شاہد، شہید، شہادت۔
يُّرِيۡدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	تَرَ : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔
اٰمَنُوۡا : ایمان، مؤمن، امن۔	يَسۡجُدُ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
اَشۡرَكُوۡٓا : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَفۡصِلُ : فیصلہ، فیصلے کا دن۔	السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔

وَ	كَذٰلِكَ	اَنۡزَلۡنٰهُ①	اٰيٰتٍۭ②	بَيِّنٰتٍ②ۙ	وَّ
اور	اسی طرح	ہم نے نازل کیا اسے	آیات	واضح	اور

اَنَّ③	اللّٰهَ	يَهۡدِىۡ	مَنۡ	يُّرِيۡدُ ﴿16﴾	اِنَّ③	الَّذِيۡنَ
بیشک	اللہ	وہ ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	بیشک	وہ لوگ جو

اٰمَنُوۡا	وَ	الَّذِيۡنَ	هَادُوۡا	وَ	الصّٰبِـِٕيۡنَ
سب ایمان لائے	اور	وہ لوگ جو	سب یہودی	اور	سب بے دین

وَ	النَّصٰرٰى	وَ	الۡمَجُوۡسَ	وَ	الَّذِيۡنَ	اَشۡرَكُوۡٓا ۖ
اور	نصاریٰ	اور	مجوسی	اور	وہ لوگ جن	سب نے شرک کیا

اِنَّ③	اللّٰهَ	يَفۡصِلُ	بَيۡنَهُمۡ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ②ؕ
یقیناً	اللہ	وہ فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان	قیامت کے دن

اِنَّ اللّٰهَ③	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	شَهِيۡدٌ ﴿17﴾	اَ	لَمۡ④	تَرَ⑤
بیشک اللہ	ہر چیز پر	گواہ	کیا	نہیں	دیکھا آپ نے

اَنَّ③	اللّٰهَ	يَسۡجُدُ	لَهٗ⑥	مَنۡ	فِى السَّمٰوٰتِ②
کہ بے شک	اللہ	وہ سجدہ کرتا ہے	اُسی کو	جو	آسمانوں میں

ضروری وضاحت

①اَنۡزَلَ کے شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اُترا، اَنۡزَلَ: اُتارا۔②ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③اِنَّ اور اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔④فعل سے پہلے اگر علامت لَمۡ موجود ہو تو اس میں ماضی میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑤تَرَ اصل میں تَرٰی تھا گرامر کے اُصول کے مطابق آخر سے کھڑی زبر اور ی گر گئی ہے۔⑥لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو گیا ہے۔

السجدة 6

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ	اور جو زمین میں ہے
وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ	اور سورج اور چاند اور ستارے
وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ	اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے
وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ	اور بہت سے لوگوں میں سے (بھی)
وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ	اور بہت (وہ ہیں کہ) ثابت ہوگیا اس پر عذاب
وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ ذلیل کرے
فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ	تو نہیں اس کو کوئی عزت دینے والا
اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ؕ السجدة 18	بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ 18
هٰذٰنِ خَصْمٰنِ	یہ دو جھگڑنے والے (گروہ) ہیں
اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ؗ	انہوں نے جھگڑا کیا اپنے رب کے بارے میں
فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ	تو وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کاٹے جائیں گے انکے لیے
ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ يُصَبُّ	آگ کے کپڑے، اُنڈیلا جائے گا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يُّهِنِ	: توہین، اہانت۔
الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	يَفْعَلُ	: فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
الْقَمَرُ	: شمس وقمر، قمری مہینہ۔	يَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
النُّجُوْمُ	: نجم، نجوم، نجومی، علم نجوم۔	هٰذٰنِ	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
الْجِبَالُ	: جبل اُحد، جبل رحمت، جبال ہمالیہ۔	خَصْمٰنِ	: مخاصمت۔
الشَّجَرُ	: شجر، اشجار، شجرکاری، شجر ممنوعہ۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مِّنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	قُطِّعَتْ	: قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	نَّارٍ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

وَ	مَنْ ①	فِي الْأَرْضِ	وَ	الشَّمْسُ	وَ	الْقَمَرُ	وَ
اور	جو	زمین میں	اور	سورج	اور	چاند	اور

النُّجُوْمُ	وَ	الْجِبَالُ	وَ	الشَّجَرُ	وَ	الدَّوَآبُّ	وَ
ستارے	اور	پہاڑ	اور	درخت	اور	چوپائے	اور

كَثِيْرٌ	مِّنَ النَّاسِ ؕ	وَ	كَثِيْرٌ	حَقَّ	عَلَيْهِ	الْعَذَابُ ؕ
بہت	لوگوں میں سے	اور	بہت	ثابت ہوگیا	اس پر	عذاب

وَ	مَنْ ①	يُّهِنِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ مُّكْرِمٍ ②③
اور	جسے	وہ ذلیل کرے	اللہ	تو نہیں	اس کو	کوئی عزت دینے والا

اِنَّ	اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا	يَشَآءُ ؕ (السجدة 18)	هٰذٰنِ	خَصْمٰنِ ⑤
بے شک	اللہ	وہ کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	یہ دو	دونوں جھگڑنے والے

اخْتَصَمُوْا	فِيْ رَبِّهِمْ ز	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
انہوں نے جھگڑا کیا	اپنے رب (کے بارے) میں	تو وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

قُطِّعَتْ ⑥	لَهُمْ	ثِيَابٌ	مِّنْ نَّارٍ ؕ	يُصَبُّ ⑦
کاٹے جائیں گے	ان کے لیے	کپڑے	آگ سے	وہ انڈیلا جائے گا

السجدة 6

ضروری وضاحت

①مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔②یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑤اسم کے آخر میں ـٰ نِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔⑥تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿19﴾	ان کے سروں کے اوپر سے کھولتا ہوا پانی۔ ﴿19﴾
يُصْهَرُ بِهٖ	پگھلا دیا جائے گا اس کے ذریعے
مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿20﴾	جو انکے پیٹوں میں ہے اور (انکے) چمڑے بھی۔ ﴿20﴾
وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿21﴾	اور ان کے لیے ہتھوڑے ہونگے لوہے کے۔ ﴿21﴾
كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا	جب کبھی وہ ارادہ کریں گے کہ وہ نکلیں اس (آگ) سے
مِنْ غَمٍّ	غم (اور گھٹن کی وجہ سے) سے
اُعِيْدُوْا فِيْهَا	واپس لوٹا دیے جائیں گے اس میں
وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿22﴾	اور (کہا جائے گا) چکھو جلنے کا عذاب۔ ﴿22﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بیشک اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ	انہوں نے نیک عمل کیے (ایسے) باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	بہتی ہونگی ان کے نیچے سے نہریں
يُحَلَّوْنَ فِيْهَا	وہ پہنائے جائیں گے اس میں

ع 2/12 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اُعِيْدُوْا	اعادہ، عود کر آنا۔
فَوْقِ	فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	ذُوْقُوْا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
رُءُوْسِهِمْ	رأس المال، رئیس، روساء۔	يُدْخِلُ	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	عَمِلُوْا	عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
بُطُوْنِهِمْ	بطن مادر۔	الصّٰلِحٰتِ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
الْجُلُوْدُ	جلد، امراض جلد۔	تَجْرِيْ	جاری، اجرا۔
اَرَادُوْٓا	ارادہ، مرید، مراد۔	تَحْتِهَا	ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
يَّخْرُجُوْا	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	الْاَنْهٰرُ	نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔

مِنْ فَوْقِ	رُءُوْسِهِمُ	الْحَمِيْمُ (19)	يُصْهَرُ ①
اوپر سے	ان کے سروں کے	کھولتا ہوا پانی	پگھلا دیا جائے گا

بِهٖ ②	مَا	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	وَ	الْجُلُوْدُ (20)	وَ
اس کے ذریعے	جو	انکے پیٹوں میں	اور	چمڑے	اور

لَهُمْ ③	مَّقَامِعُ	مِنْ حَدِيْدٍ (21)	كُلَّمَآ	اَرَادُوْٓا
ان کے لیے	ہتھوڑے	لوہے سے	جب کبھی	وہ سب ارادہ کریں گے

اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	مِنْ غَمٍّ	اُعِيْدُوْا ④
کہ وہ سب نکلیں	اس (آگ) سے	غم (اور گھٹن کی وجہ) سے	سب واپس لوٹا دیے جائیں گے

ع 2 12 9

فِيْهَا	وَ	ذُوْقُوْا	عَذَابَ الْحَرِيْقِ (22)	اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ
اس میں	اور	تم سب چکھو	جلنے کا عذاب	بیشک اللہ	وہ داخل کرے گا

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ⑤	جَنّٰتٍ ⑤
ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کیے	نیک	باغات میں

تَجْرِيْ ⑤	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ ①	فِيْهَا
بہتی ہونگی	ان کے نیچے سے	نہریں	وہ سب پہنائے جائیں گے	اس میں

ضروری وضاحت

①اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بذریعہ کیا جاتا ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہوجاتا ہے۔④ اُعِيْدُوْا اصل میں اُعْوِدُوْا تھا گرامر کے اصول کے مطابق واؤ کو یا سے بدلہ گیا ہے اور زیر پچھلے حرف کو دے دی گئی ہے۔⑤ ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَهَبٍ وَّ لُؤۡلُؤًا ؕ	کنگن سونے کے اور موتی (بھی)
وَلِبَاسُهُمۡ فِيۡهَا حَرِيۡرٌ ﴿23﴾	اور ان کا لباس اس میں ریشم کا ہوگا۔ ﴿23﴾
وَهُدُوۡۤا	اور وہ ہدایت دیے گئے (دنیا میں)
اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الۡقَوۡلِ ۖۚ	پاکیزہ بات (توحید) کی طرف
وَهُدُوۡۤا	اور وہ ہدایت دیے گئے
اِلٰى صِرَاطِ الۡحَمِيۡدِ ﴿24﴾	تعریفوں والے (رب) کے رستے کی طرف۔ ﴿24﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَيَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ	اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستے سے
وَالۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ الَّذِىۡ جَعَلۡنٰهُ	اور حرمت والی مسجد سے وہ جو ہم نے بنایا اسے
لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالۡعَاكِفُ فِيۡهِ	لوگوں کے لیے برابر (چاہے) مقیم ہو اس میں
وَالۡبَادِ ؕ وَمَنۡ يُّرِدۡ	اور (یا) باہر سے آنے والے ہو اور جو ارادہ کرے
فِيۡهِ بِاِلۡحَادٍۢ بِظُلۡمٍ	اس میں کج روی کا ظلم کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الۡقَوۡلِ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	صِرَاطِ	صراط مستقیم، پل صراط۔
لِبَاسُهُمۡ	لباس، ملبوسات، ملبوس۔	الۡحَمِيۡدِ	حمد وثنا، حامد، محمود۔
فِيۡهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	كَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
حَرِيۡرٌ	حریر وریشم۔	سَوَآءَ	مساوی، مساوات، خط استواء۔
هُدُوۡۤا	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	الۡعَاكِفُ	اعتکاف، معتکف۔
اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يُّرِدۡ	ارادہ، مرید، مراد۔
الطَّيِّبِ	طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔	بِاِلۡحَادٍ	الحاد، ملحد۔

مِنْ اَسَاوِرَ ①	مِنْ ذَهَبٍ	وَّ	لُؤْلُؤًا ؕ	وَ	لِبَاسُهُمْ ②
کنگن	سونے سے	اور	موتی	اور	ان کا لباس

فِيْهَا	حَرِيْرٌ ﴿23﴾	وَ	هُدُوْٓا ③	اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ① ۚ
اس میں	ریشم	اور	وہ سب ہدایت دیے گئے	پاکیزہ بات (توحید) کی طرف

وَ	هُدُوْٓا ③	اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿24﴾
اور	وہ سب ہدایت دیے گئے	تعریفوں والے (رب) کے راستے کی طرف

اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بے شک	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور	وہ سب روکتے ہیں	اللہ کے راستے سے

وَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	الَّذِيْ	جَعَلْنٰهُ ④	لِلنَّاسِ
اور	حرمت والی مسجد	جو	ہم نے بنایا اسے	لوگوں کے لیے

سَوَآءَ ۨ	الْعَاكِفُ	فِيْهِ	وَ	الْبَادِ ؕ
برابر	مقیم	اس میں	اور	باہر سے آنے والا

وَ	مَنْ	يُّرِدْ	فِيْهِ	بِاِلْحَادٍۢ ⑤	بِظُلْمٍ ⑤
اور	جو	وہ ارادہ کرے	اس میں	کج روی کا	ظلم کے ساتھ

ضروری وضاحت

①یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔②هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
③هُدُوْا اصل میں هُدِيُوْا تھا فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا ہوتا ہے یہاں پڑھنے میں آسانی کے لیے یـ کی پیش "د" کو دے کر اسے حذف کیا گیا ہے۔③نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔④هٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑤بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

ع 3/3 10

نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿25﴾ ع	(تو) ہم مزہ چکھائیں گے اسے دردناک عذاب سے۔ ﴿25﴾ ع
وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ	اور جب ہم نے مقرر کردی ابراہیم کے لیے بیت اللہ کی جگہ
اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا	(اور اسے حکم دیا) کہ نہ تو شریک ٹھہرا میرے ساتھ کسی کو
وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ	اور تو پاک کر میرے گھر کو طواف کرنیوالوں کے لیے
وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ	اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں
السُّجُوْدِ ﴿26﴾	(اور) سجدہ کرنے والوں (کے لیے)۔ ﴿26﴾
وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ	اور تو اعلان کردے لوگوں میں حج کا
يَاْتُوْكَ رِجَالًا	وہ آئیں گے تیرے پاس پیدل
وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ	اور ہر دبلے پتلے اُونٹ پر (سوار ہوکر)
يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿27﴾ لا	وہ (اُونٹ) آئیں گے ہر دور دراز راستے سے۔ ﴿27﴾
لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ	تاکہ وہ حاضر ہوں اپنے (دین و دنیا کے) فوائد میں
وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ	اور (ذبح کے وقت) وہ اللہ کے نام کا ذکر کریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُّذِقْهُ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	الْقَآئِمِيْنَ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
اَلِيْمٍ	: الم ناک حادثہ، عذاب الیم، رنج والم۔	الرُّكَّعِ	: رکوع، رکوع وسجود، حالت رکوع۔
مَكَانَ	: کون ومکان، امکان، مکانات۔	اَذِّنْ	: اذان۔
الْبَيْتِ	: بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	رِجَالًا	: رجال کار، قحط الرجال۔
تُشْرِكْ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
طَهِّرْ	: طاہر، طہارت، ازواج مطہرات۔	لِّيَشْهَدُوْا	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
بَيْتِيَ	: بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	يَذْكُرُوا	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
لِلطَّآئِفِيْنَ	: طواف، طواف بیت اللہ۔	اسْمَ	: اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔

ع 3 3 10

نُذِقْهُ	مِنْ عَذَابٍ	اَلِيْمٍ ع (25)	وَ	اِذْ	بَوَّاْنَا ①
ہم مزہ چکھائیں گے اسے	عذاب سے	دردناک	اور	جب	ہم نے مقرر کردی

لِاِبْرٰهِيْمَ	مَكَانَ	الْبَيْتِ	اَنْ	لَّا تُشْرِكْ ②	بِيْ ③
ابراہیم کے لیے	جگہ	بیت اللہ کی	کہ	نہ تو شریک ٹھہرا	میرے ساتھ

شَيْئًا	وَّ	طَهِّرْ	بَيْتِيَ	لِلطَّآئِفِيْنَ ④
کسی کو	اور	تو پاک کر	میرا گھر	طواف کرنیوالوں کے لیے

وَ	الْقَآئِمِيْنَ ④	وَ	الرُّكَّعِ	السُّجُوْدِ (26)
اور	سب قیام کرنے والوں	اور	رکوع کرنے والوں	سجدہ کرنے والوں

وَ	اَذِّنْ	فِي النَّاسِ	بِالْحَجِّ ③	يَاْتُوْكَ ⑤	رِجَالًا
اور	تو اعلان کردے	لوگوں میں	حج کا	وہ سب آئیں گے تیرے پاس	پیدل

وَّ	عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ	يَّاْتِيْنَ	مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ لا (27)
اور	ہر دبلے پتلے اُونٹ پر	وہ آئیں گے	ہر دور دراز راستے سے

لِّيَشْهَدُوْا ⑥	مَنَافِعَ لَهُمْ ⑦	وَ	يَذْكُرُوا	اسْمَ اللّٰهِ
تاکہ وہ سب حاضر ہوں	اپنے فوائد میں	اور	وہ سب ذکر کریں	اللہ کا نام

ضروری وضاحت

① نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں واحد کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ④ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ⑤ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ علامت لَ اصل میں لِ تھا آسانی کے لیے لَ ہو گیا ہے اور یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ	چند معلوم دنوں میں ان پر جو اس نے دیے انہیں
مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا	پالتو چوپاؤں میں سے تو کھاؤ ان میں سے (تم بھی)
وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿28﴾	اور کھلاؤ (بھوکے) تنگ دست محتاج کو۔ ﴿28﴾
ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ	پھر چاہیے کہ وہ دور کریں اپنا میل کچیل
وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ	اور چاہیے کہ وہ پورا کریں اپنی نذروں کو
وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿29﴾	اور چاہیے کہ وہ طواف کریں قدیم گھر کا۔ ﴿29﴾
ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ	یہی (ہمارا حکم) ہے اور جو تعظیم کرے اللہ کی حرمتوں کی
فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ	تو وہ بہتر ہے اس کے لیے اسکے رب کے نزدیک
وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ	اور حلال کیے گئے تمہارے لیے چوپائے
اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	سوائے ان کے جو پڑھ کر سنائے جاتے ہیں تم پر
فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ	پس تم بچو بتوں کی ناپاکی سے
وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿30﴾	اور بچو تم جھوٹی بات سے۔ ﴿30﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّعْلُوْمٰتٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لْيَطَّوَّفُوْا : طواف، طواف بیت اللہ۔
الْاَنْعَامِ : عوام کالانعام۔	يُّعَظِّمْ : اجرِ عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
فَكُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔	حُرُمٰتِ : محرّم، حرمت، احترام۔
اَطْعِمُوا : قیام و طعام۔	خَيْرٌ : خیر، خیریت، خیر خواہی، صبح بخیر۔
الْفَقِيْرَ : فقر و فاقہ، فقیر، فقرا و مساکین۔	اُحِلَّتْ : حلال و حرام، رزق حلال، کسب حلال۔
لْيَقْضُوْا : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	يُتْلٰى : تلاوت، وحی متلو۔
لْيُوْفُوْا : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔	فَاجْتَنِبُوا : اجتناب۔
نُذُوْرَهُمْ : نذر ماننا، نذر و نیاز۔	قَوْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

فِيْٓ اَيَّامٍ	مَّعْلُوْمٰتٍ①	عَلٰى مَا	رَزَقَهُمْ	مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ①
دنوں میں	معلوم	(اس) پر جو	اس نے دیے اُنہیں	پالتو چوپاؤں میں سے

فَكُلُوْا	مِنْهَا	وَ	اَطْعِمُوا②	الْبَآئِسَ	الْفَقِيْرَ ﴿28﴾
تو تم سب کھاؤ	ان میں سے	اور	تم سب کھلاؤ	تنگ دست (بھوکے)	محتاج (کو)

ثُمَّ	لْيَقْضُوْا③	تَفَثَهُمْ	وَ	لْيُوْفُوْا③	نُذُوْرَهُمْ
پھر	چاہیے کہ وہ سب دور کریں	اپنا میل کچیل	اور	چاہیے کہ وہ سب پورا کریں	اپنی نذریں

وَ	لْيَطَّوَّفُوْا③	بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ④ ﴿29﴾	ذٰلِكَ⑤ ۗ	وَمَنْ
اور	چاہیے کہ وہ سب طواف کریں	قدیم گھر کا	یہ	اور جو

يُّعَظِّمْ	حُرُمٰتِ اللّٰهِ①	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ	وَ
وہ تعظیم کرے	اللہ کی حرمتوں (کی)	تو وہ	بہتر	اس کیلئے	اسکے رب کے نزدیک	اور

اُحِلَّتْ①	لَكُمُ	الْاَنْعَامُ	اِلَّا مَا	يُتْلٰى	عَلَيْكُمْ
حلال کیے گئے	تمہارے لیے	چوپائے	سوائے جو	وہ پڑھے جاتے ہیں	تم پر

فَاجْتَنِبُوا	الرِّجْسَ	مِنَ الْاَوْثَانِ⑥	وَ	اجْتَنِبُوْا②	قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿30﴾
پس تم سب بچو	ناپاکی (سے)	بتوں (کی)	اور	تم سب بچو	جھوٹی بات (سے)

ضروری وضاحت

①ۃ، ات یا تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③اگر فعل کے شروع میں لِ اور اس سے پہلے وَ یا فَ یا ثُمَّ آجائے تو یہ لام ساکن ہوجاتا ہے البتہ معنی میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔⑥یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

حُنَفَآءَ لِلّٰهِ	یکسو ہو کر اللہ کے لیے (اس حال میں کہ)
غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ	نہیں وہ شریک ٹھہرانے والے اسکے ساتھ
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ	اور جو شریک ٹھہرائے اللہ کے ساتھ
فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ	تو گویا وہ گر پڑا آسمان سے
فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ	تو اچک لے جائیں اسے پرندے یا گرادے
بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿31﴾	اس کو ہوا کسی دور جگہ میں۔ ﴿31﴾
ذٰلِكَ ق وَمَنْ يُّعَظِّمْ	یہی (بات) ہے، اور جو تعظیم کرتا ہے
شَعَآئِرَ اللّٰهِ	اللہ کی (عظمت کی) نشانیوں کی
فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿32﴾	تو بے شک یہ دلوں کے تقوی سے ہے۔ ﴿32﴾
لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ	تمہارے لیے ان (چوپاؤں) میں منافع ہے
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	ایک مقررہ وقت تک
ثُمَّ مَحِلُّهَآ	پھر ان کے حلال (ذبح) ہونے کی جگہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حُنَفَآءَ	: دین حنیف۔	يُّعَظِّمْ	: اجر عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
غَيْرَ	: دیار غیر، غیر اللہ۔	شَعَآئِرَ	: شعائر اسلامی۔
بِهٖ	: بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	تَقْوَى	: تقویٰ، متقی۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	مَنَافِعُ	: نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
الطَّيْرُ	: طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔	اِلٰٓى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الرِّيْحُ	: ریح، ریح المسک، ریح بادی۔	اَجَلٍ	: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	مُّسَمًّى	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
مَكَانٍ	: کون ومکان، مکانات۔	مَحِلُّهَآ	: حلال۔ حلت وحرمت۔

حُنَفَآءَ	لِلّٰهِ	غَيْرَ	مُشْرِكِيْنَ ①	بِهٖ ؕ
یکسو	اللہ کے لیے	نہ	سب شریک ٹھہرانے والے	اس کے ساتھ

وَ	مَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَكَاَنَّمَا ②	خَرَّ
اور	جو	وہ شریک ٹھہرائے	اللہ کے ساتھ	تو گویا کہ	وہ گر پڑا

مِنَ السَّمَآءِ	فَتَخْطَفُهُ ③④	الطَّيْرُ	اَوْ	تَهْوِيْ ③
آسمان سے	تو اچک لے جائیں اسے	پرندے	یا	وہ گرا دے

بِهِ	الرِّيْحُ	فِيْ مَكَانٍ ⑤	سَحِيْقٍ (31)
اس کو	ہوا	کسی جگہ میں	دور

ذٰلِكَ ⑥ ق	وَ	مَنْ	يُّعَظِّمْ	شَعَآئِرَ اللّٰهِ
یہی (بات) ہے	اور	جو	وہ تعظیم کرتا ہے	اللہ کی نشانیوں کی

فَاِنَّهَا	مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ (32)	لَكُمْ ⑦	فِيْهَا
تو بے شک یہ	دلوں کے تقوی سے	تمہارے لیے	ان میں

مَنَافِعُ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ⑤	ثُمَّ	مَحِلُّهَآ
فوائد	ایک مقررہ وقت تک	پھر	ان کے حلال (ذبح) ہونے کی جگہ

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔②کَاَنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں گویا کہ ایسا ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔③تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔⑥ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔⑦لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔

ع 4 8 11 اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿33﴾	قدیم گھر (بیت اللہ) کی طرف ہے۔ ﴿33﴾
وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا	اور ہر امت کے لیے ہم نے مقرر کی ہے قربانی
لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ	تا کہ وہ ذکر کریں اللہ کے نام کا
عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ	ان پر جو اس نے دیے انہیں
مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ	پالتو چوپاؤں میں سے
فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	پس تمہارا معبود ایک معبود ہے
فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ	تو اسی کے فرمانبردار ہو جاؤ
وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿34﴾	اور خوشخبری سنا دیجئے عاجزی کرنے والوں کو۔ ﴿34﴾
الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ	وہ لوگ جو جب ذکر کیا جائے اللہ کا
وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ	ڈر جاتے ہیں ان کے دل
وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ	اور صبر کرنے والے ہیں اس (تکلیف) پر جو پہنچے انہیں
وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا	اور نماز قائم کرنے والے ہیں، اور اس میں سے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- الْبَيْتِ : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔
- لِكُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
- لِّيَذْكُرُوا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
- اسْمَ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
- مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
- مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
- الْاَنْعَامِ : عوام کالانعام۔
- فَاِلٰهُكُمْ : الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
- وَّاحِدٌ : واحد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
- اَسْلِمُوْا : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
- بَشِّرِ : بشارت، مبشر، بشیر۔
- قُلُوْبُهُمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
- الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر، صبر جمیل۔
- اَصَابَهُمْ : مصیبت، مصائب۔
- الْمُقِيْمِى : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
- الصَّلٰوةِ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔

ع 4 8 11

اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿33﴾	وَ	لِكُلِّ اُمَّةٍ ①	جَعَلْنَا
قدیم گھر کی طرف	اور	ہر امت کے لیے	ہم نے مقرر کی

مَنْسَكًا	لِّيَذْكُرُوا ②	اسْمَ اللّٰهِ	عَلٰى مَا	رَزَقَهُمْ
قربانی	تاکہ وہ سب ذکر کریں	اللہ کا نام	(ان) پر جو	اس نے دیے اُنہیں

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ①	فَاِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَلَهٗٓ
پالتو چوپاؤں میں سے	پس تمہارا معبود	معبود	ایک	تو اسی کے لیے

اَسْلِمُوْا ③	وَ	بَشِّرِ	الْمُخْبِتِيْنَ ④ ﴿34﴾
تم سب فرمانبردار ہو جاؤ	اور	آپ خوشخبری سنا دیجئے	عاجزی کرنے والوں (کو)

الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِرَ ⑤	اللّٰهُ	وَجِلَتْ ①
وہ لوگ جو	جب	ذکر کیا جائے	اللہ (کا)	وہ ڈر جاتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ ⑥	وَ	الصّٰبِرِيْنَ	عَلٰى مَآ	اَصَابَهُمْ
ان کے دل	اور	سب صبر کرنے والے	(اس) پر جو	پہنچے انہیں

وَ	الْمُقِيْمِي ④	الصَّلٰوةِ ①	وَ	مِمَّا ⑦
اور	قائم کرنے والے	نماز	اور	(اس) میں سے جو

ضروری وضاحت

① ة اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑦ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿35﴾	ہم نے رزق دیا انہیں وہ خرچ کرتے ہیں۔ ﴿35﴾
وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ	اور قربانی کے اونٹ ہم نے بنایا انہیں تمہارے لیے
مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ	اللہ کی (عظمت کی) نشانیوں میں سے
لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ	تمہارے لیے ان میں بہت بھلائی ہے
فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ	سو تم ذکر کرو اللہ کے نام کا
عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ	ان پر قطار باندھے ہوئے (یعنی کھڑا کر کے ذبح کرو)
فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا	پھر جب انکے پہلو (زمین پر) گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جائیں)
فَكُلُوْا مِنْهَا	تو کھاؤ اس میں سے
وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ	اور تم کھلاؤ قناعت کرنیوالے (محتاج) کو
وَالْمُعْتَرَّ ۭ كَذٰلِكَ	اور سوال کرنے والے (محتاج) کو، اسی طرح
سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ	ہم نے تابع کر دیا ہے ان (چوپاؤں) کو تمہارے لیے
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿36﴾	تا کہ تم شکر کرو۔ ﴿36﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُنْفِقُوْنَ	: نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	صَوَآفَّ	: صف بندی، صف اوّل۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	جُنُوْبُهَا	: جانب۔
مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَكُلُوْا	: اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
شَعَآئِرِ	: شعائر اسلامی۔	اَطْعِمُوا	: قیام وطعام۔
فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الْقَانِعَ	: قناعت پسندی۔
فَاذْكُرُوا	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	كَذٰلِكَ	: کما حقہ، کالعدم۔
اسْمَ	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	سَخَّرْنٰهَا	: مسخر، تسخیر۔
عَلَيْهَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَشْكُرُوْنَ	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔

رَزَقْنٰهُمْ ①②	يُنْفِقُوْنَ (35)	وَ	الْبُدْنَ
ہم نے رزق دیا انہیں	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اور	قربانی کے اُونٹ

جَعَلْنٰهَا ①	لَكُمْ	مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ
ہم نے بنایا انہیں	تمہارے لیے	اللہ کی نشانیوں میں سے

لَكُمْ	فِيْهَا	خَيْرٌ ۖ	فَاذْكُرُوا ③④	اسْمَ اللّٰهِ
تمہارے لیے	ان میں	بہت بھلائی	سوتم سب ذکر کرو	اللہ کا نام

عَلَيْهَا	صَوَآفَّ ۚ	فَاِذَا ③	وَجَبَتْ ⑤
ان پر	قطار باندھے ہوئے	پھر جب	گر پڑیں

جُنُوْبُهَا	فَكُلُوْا	مِنْهَا	وَ	اَطْعِمُوا ④
ان کے پہلو	توتم سب کھاؤ	اس میں سے	اور	تم سب کھلاؤ

الْقَانِعَ	وَ	الْمُعْتَرَّ ۚ ⑥	كَذٰلِكَ
قناعت کرنے والا	اور	سوال کرنے والا	اسی طرح

سَخَّرْنٰهَا ①	لَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ (36)
ہم نے تابع کر دیا ہے اُن کو	تمہارے لیے	تاکہ تم	تم سب شکر کرو

ضروری وضاحت

①نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔②هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔③علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، کبھی پھر، کبھی سو وغیرہ کیا جاتا ہے۔④فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥یہ اصل میں مُعْتَرِرٌ تھا ایک جنس کے دو حروف کو شد کے ذریعے اکٹھا کر دیا گیا ہے اور اس میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا	ہرگز نہیں پہنچتے اللہ کو ان (قربانیوں) کے گوشت
وَلَا دِمَآؤُهَا	اور نہ ان کے خون
وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ	اور لیکن پہنچتا ہے اس کو تقوی تمہاری طرف سے
كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ	اسی طرح (اللہ نے) تابع کر دیا ان (چوپاؤں) کو تمہارے لیے
لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ	تا کہ تم بڑائی بیان کرو اللہ کی
عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ	اس پر کہ اس نے ہدایت دی تمہیں
وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿37﴾	اور خوشخبری سنا دیجیے نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿37﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ	بیشک اللہ دور کرتا ہے (دشمنوں کو) ان لوگوں سے جو
اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ	ایمان لائے، بے شک اللہ پسند نہیں کرتا
كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿38﴾ ع	ہر بڑے خائن اور بہت ناشکرے کو۔ ﴿38﴾ ع
اُذِنَ	اجازت دے دی گئی ہے (مقابلہ کرنے کی)
لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ	ان لوگوں کو جن سے جنگ کی جاتی ہے

الرکوع ع 5 5 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لُحُوْمُهَا	ماء اللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔	الْمُحْسِنِيْنَ	حسن، محسن، تحسین۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	يُدٰفِعُ	دفاع، مدافعت، دفع۔
سَخَّرَهَا	مسخر، تسخیر۔	اٰمَنُوْا	ایمان، مؤمن، امن۔
لِتُكَبِّرُوا	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	يُحِبُّ	حب، حبیب، محب، محبت۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	خَوَّانٍ	خائن، خیانت۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	كَفُوْرٍ	کفران نعمت۔
هَدٰىكُمْ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	اُذِنَ	اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔
بَشِّرِ	بشارت، مبشر، بشیر۔	يُقٰتَلُوْنَ	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔

لَنْ ①	يَّنَالَ	اللّٰهَ	لُحُوْمُهَا	وَلَا	دِمَآؤُهَا
ہرگز نہیں	وہ پہنچتے	اللہ (کو)	ان کے گوشت	اور نہ	ان کے خون

وَ	لٰكِنْ	يَّنَالُهُ	التَّقْوٰى	مِنْكُمْ ؕ	كَذٰلِكَ
اور	لیکن	وہ پہنچتا ہے اس کو	تقویٰ	تمہاری طرف سے	اسی طرح

سَخَّرَهَا	لَكُمْ	لِتُكَبِّرُوا ②	اللّٰهَ	عَلٰى مَا
خٰشِعُوْنَ : خشوع وخضوع۔
اللَّغْوِ : لغو، لغویات۔
مُعْرِضُوْنَ : اعراض کرنا۔
فٰعِلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول۔
حٰفِظُوْنَ : حفاظت، محافظ، حفظ ما تقدم، محفوظ۔

اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَزْوَاجِهِمْ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مَلَكَتْ : ملک، املاک وملکیت۔
اَیْمَانُهُمْ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
مَلُوْمِیْنَ : ملامت۔
وَرَآءَ : ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

اٰیَاتُھَا 118 | 23 سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَکِّیَّۃٌ 74 | رُکُوْعَاتُھَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ ①	اَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُوْنَ ② ۙ (1)	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ صَلَاتِهِمْ ③
یقیناً	فلاح پاگئے	سب ایمان لانے والے	جو	وہ	اپنی نماز میں

خٰشِعُوْنَ ۙ (2)	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنِ اللَّغْوِ	مُعْرِضُوْنَ ② ۙ (3)
سب خشوع کرنیوالے	اور	جو	وہ	لغویات سے	سب اعراض کرنیوالے

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	لِلزَّكٰوةِ ④⑤	فٰعِلُوْنَ ۙ (4)	وَ
اور	جو	وہ	زکوٰۃ کو	سب ادا کرنے والے	اور

الَّذِيْنَ	هُمْ	لِفُرُوْجِهِمْ ④③	حٰفِظُوْنَ ۙ (5)	اِلَّا
جو	وہ	اپنی شرمگاہوں کی	سب حفاظت کرنے والے	مگر

عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ ③	اَوْ	مَا	مَلَكَتْ ⑤	اَيْمَانُهُمْ ③	فَاِنَّهُمْ
اپنی بیویوں پر	یا	جو	مالک بنے	ان کے دائیں ہاتھ	تو بلاشبہ وہ

غَيْرُ	مَلُوْمِيْنَ ۚ (6)	فَمَنِ ⑥	ابْتَغٰى	وَرَآءَ ذٰلِكَ
نہیں	سب ملامت کیے ہوئے	پھر جو	تلاش کرے	اس کے علاوہ

ضروری وضاحت

①علامت قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑤ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ﴿7﴾	تو وہی لوگ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں۔﴿7﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ	اور وہ جو اپنی امانتوں کا
وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ﴿8﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ	اور اپنے عہد کا لحاظ رکھنے والے ہیں۔﴿8﴾ اور وہ جو
عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ﴿9﴾	اپنی نمازوں پر حفاظت کرتے ہیں۔﴿9﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ﴿10﴾	وہی لوگ ہی وارث ہیں۔﴿10﴾
الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ	جو وارث ہونگے فردوس کے
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿11﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔﴿11﴾
وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے پیدا کیا انسان کو
مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۚ﴿12﴾	مٹی کے ایک خلاصے سے۔﴿12﴾
ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً	پھر ہم نے بنایا اُسے ایک قطرہ
فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۠﴿13﴾	(اور اسے رکھا) ایک محفوظ ٹھکانے میں۔﴿13﴾
ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً	پھر ہم نے بنایا (اس) قطرے کو جما ہوا خون

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: مال ودولت، عفوودرگزر۔	فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
لِاَمٰنٰتِهِمْ	: امانت، امین۔	خٰلِدُوْنَ	: خالد، خلد بریں۔
عَهْدِهِمْ	: عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔	خَلَقْنَا	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الْاِنْسَانَ	: جنّ وانس، انسان، انسانیت۔
صَلَوٰتِهِمْ	: صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُحَافِظُوْنَ	: حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔	نُطْفَةً	: نطفہ۔
الْوٰرِثُوْنَ	: وارث، وراثت، ورثا۔	قَرَارٍ	: قول وقرار۔
الْفِرْدَوْسَ	جنت الفردوس، فردوسِ بریں۔	مَّكِيْنٍ	: کون ومکان، مکانات، مکین۔

فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْعٰدُوْنَ ① ۚ (7)	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ
تو وہ لوگ	ہی سب حد سے تجاوز کرنیوالے	اور	جو	وہ

لِاَمٰنٰتِهِمْ ②	وَ	عَهْدِهِمْ ②	رٰعُوْنَ ۙ (8)	وَ
اپنی امانتوں کا	اور	اپنے عہد کا	سب لحاظ رکھنے والے	اور

وقف لازم

الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ ②	يُحَافِظُوْنَ ۘ (9)	اُولٰٓئِكَ
جو	وہ	اپنی نمازوں پر	وہ سب حفاظت کرتے ہیں	وہ لوگ

هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ① ۙ (10)	الَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ	الْفِرْدَوْسَ ۭ ③	هُمْ
ہی سب وارث	جو	وہ سب وارث ہونگے	فردوس	وہ

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (11)	وَ	لَقَدْ ④	خَلَقْنَا ⑤	الْاِنْسَانَ ③
اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کیا	انسان

مِنْ سُلٰلَةٍ ⑥	مِّنْ طِيْنٍ ۚ (12)	ثُمَّ	جَعَلْنٰهُ ⑤	نُطْفَةً ⑥
ایک خلاصے	مٹی سے	پھر	ہم نے بنایا اُسے	ایک قطرہ

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ⑥ ۠ (13)	ثُمَّ	خَلَقْنَا ⑤	النُّطْفَةَ	عَلَقَةً
ایک محفوظ ٹھکانے میں	پھر	ہم نے بنایا	قطرہ	جما ہوا خون

ضروری وضاحت

①هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔②هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا، انکی ، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔③فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
④علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑤نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے، یہاں ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً	پھر ہم نے بنایا جمے خون کو لوتھڑا
فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا	پھر ہم نے بنایا لوتھڑے کو ہڈیاں
فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ق	پھر ہم نے پہنایا ہڈیوں کو گوشت
ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ط	پھر ہم نے بنا دیا اُسے ایک اور (نئی) صورت میں
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ	سو بہت برکت والا ہے اللہ
اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ط ﴿14﴾	(جو) تمام پیدا کرنے والوں میں بہترین ہے۔ ﴿14﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ط ﴿15﴾	پھر بیشک تم اسکے بعد ضرور مرنے والے ہو۔ ﴿15﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿16﴾	پھر بیشک تم قیامت کے دن اُٹھائے جاؤ گے۔ ﴿16﴾
وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے پیدا کئے تمھارے اوپر
سَبْعَ طَرَآئِقَ صلے	سات راستے (آسمان)
وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿17﴾	اور نہیں ہیں ہم (اپنی) مخلوق سے غافل۔ ﴿17﴾
وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ	اور ہم نے نازل کیا آسمان سے پانی ایک اندازے سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَخَلَقْنَا	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	فَوْقَكُمْ	فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
لَحْمًا	ماء اللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔	سَبْعَ	سبعہ عشرہ، قرات سبعہ۔
اَنْشَاْنٰهُ	نشوونما۔	طَرَآئِقَ	طریقہ، طریقت۔
اٰخَرَ	اخروی زندگی، اول وآخر۔	غٰفِلِيْنَ	غافل، غفلت، تغافل۔
فَتَبٰرَكَ	برکت، برکات، مبارک، تبرک۔	اَنْزَلْنَا	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اَحْسَنُ	حسن، محسن، تحسین۔	مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
لَمَيِّتُوْنَ	موت وحیات، سماع موتی، میّت۔	مَآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔
تُبْعَثُوْنَ	بعثت، مبعوث۔	بِقَدَرٍ	مقدار، بقدرِ ضرورت۔

فَخَلَقْنَا ①②	الْعَلَقَةَ ③	مُضْغَةً ③	فَخَلَقْنَا ①②	الْمُضْغَةَ ③	عِظٰمًا
پھر ہم نے بنایا	جما ہوا	لوتھڑا	پھر ہم نے بنایا	لوتھڑا	ہڈیاں

فَكَسَوْنَا ①②	الْعِظٰمَ	لَحْمًا ۗ	ثُمَّ	اَنْشَاْنٰهُ ②	خَلْقًا اٰخَرَ ؕ
پھر ہم نے پہنایا	ہڈیاں	گوشت	پھر	ہم نے بنا دیا اُسے	ایک اور صورت

فَتَبٰرَكَ ①④	اللّٰهُ	اَحْسَنُ ⑤	الْخٰلِقِيْنَ ؕ (14)
سو بہت برکت والا ہے	اللہ	(جو) بہت بہتر	تمام پیدا کرنے والے

ثُمَّ	اِنَّكُمْ	بَعْدَ ذٰلِكَ	لَمَيِّتُوْنَ ؕ (15)	ثُمَّ	اِنَّكُمْ
پھر	بیشک تم	اس (کے) بعد	یقیناً سب مرنے والے	پھر	بیشک تم

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ③	تُبْعَثُوْنَ ⑥ (16)	وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا ②
قیامت کے دن	تم سب اُٹھائے جاؤ گے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کئے

فَوْقَكُمْ	سَبْعَ	طَرَآئِقَ ۖ	وَ مَا	كُنَّا	عَنِ الْخَلْقِ
تمہارے اوپر	سات	راستے (آسمان)	اور نہیں	ہیں ہم	مخلوق سے

غٰفِلِيْنَ ⑦ (17)	وَ	اَنْزَلْنَا ②	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً ۢ	بِقَدَرٍ ⑧
غافل	اور	ہم نے نازل کیا	آسمان سے	پانی	ایک اندازے سے

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ② نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
③ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ تَ اور کھڑی زبر میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے شروع میں أ
میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑥ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔
⑦ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ جبکہ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

فَاَسۡكَنّٰهُ فِى الۡاَرۡضِ ۖ وَاِنَّا	پھر ٹھہرایا ہم نے اسے زمین میں اور بلاشبہ ہم
عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوۡنَ ۚ‏ ﴿18﴾	اُسکے لے جانے پر یقیناً قدرت رکھنے والے ہیں۔ ﴿18﴾
فَاَنۡشَاۡنَا لَكُمۡ بِهٖ	پھر ہم نے پیدا کیے تمہارے لیے اُسکے ذریعے
جَنّٰتٍ مِّنۡ نَّخِيۡلٍ وَّ اَعۡنَابٍۘ	باغات کھجوروں اور انگوروں سے،
لَـكُمۡ فِيۡهَا فَوَاكِهُ كَثِيۡرَةٌ	تمہارے لیے ان میں بہت سے (لذیذ) پھل ہیں
وَّمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ۙ‏ ﴿19﴾	اور انہی میں سے تم کھاتے ہو۔ ﴿19﴾
وَشَجَرَةً تَخۡرُجُ مِنۡ طُوۡرِ سَيۡنَآءَ	اور ایک درخت (بھی ہم نے پیدا کیا) نکلتا ہے طورسینا سے
تَنۡۢبُتُ بِالدُّهۡنِ وَصِبۡغٍ	وہ اُگتا ہے روغن اور سالن لیے ہوئے
لِّلۡاٰكِلِيۡنَ‏ ﴿20﴾	کھانے والوں کے لیے۔ ﴿20﴾
وَاِنَّ لَـكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ	اور بیشک تمہارے لیے چوپاؤں میں یقیناً عبرت ہے
نُسۡقِيۡكُمۡ	(کہ) ہم پلاتے ہیں تمہیں
مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهَا	اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَسۡكَنّٰهُ	ساکن، سکون، مسکن، سکنہ۔	شَجَرَةً	شجرہ نسب، شجر ممنوعہ، شجر کاری مہم۔
فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	تَخۡرُجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	طُوۡرِ سَيۡنَآءَ	طورِسیناء۔
لَقٰدِرُوۡنَ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	تَنۡۢبُتُ	نباتات، نباتی گرائپ واٹر۔
فَاَنۡشَاۡنَا	نشوونما۔	الۡاَنۡعَامِ	عوام کالانعام۔
مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لَعِبۡرَةً	نشانِ عبرت، عبرتناک، عبرت آموز۔
نَّخِيۡلٍ	نخلستان۔	نُسۡقِيۡكُمۡ	ساقی، ساقیٔ کوثر۔
تَاۡكُلُوۡنَ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	بُطُوۡنِهَا	بطنِ مادر۔

وقف لازم

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

وقف لازم

فَاَسْكَنّٰهُ ①	فِي الْاَرْضِ ۖ	وَ	اِنَّا ②	عَلٰى ذَهَابٍۭ	بِهٖ ③
پھر ٹھہرایا ہم نے اسے	زمین میں	اور	بلاشبہ ہم	لے جانے پر	اس کے

لَقٰدِرُوْنَ ④ ⑤ ۚ (18)	فَاَنْشَاْنَا	لَكُمْ	بِهٖ ③	جَنّٰتٍ ⑥
یقیناً قدرت رکھنے والے	پھر ہم نے پیدا کیے	تمہارے لیے	اُسکے ذریعے	باغات

مِّنْ نَّخِيْلٍ	وَّ	اَعْنَابٍ ۘ	لَكُمْ	فِيْهَا	فَوَاكِهُ
کھجوروں سے	اور	انگوروں (سے)	تمہارے لیے	ان میں	پھل

كَثِيْرَةٌ ⑥	وَّ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ ۙ (19)	وَ	شَجَرَةً ⑥ ⑦
بہت	اور	ان میں سے	تم سب کھاتے ہو	اور	ایک درخت

تَخْرُجُ ⑥	مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ	تَنْۢبُتُ ⑥	بِالدُّهْنِ ③	وَ	صِبْغٍ
نکلتا ہے	طور سینا سے	وہ اُگتا ہے	روغن کے ساتھ	اور	سالن

لِّلْاٰكِلِيْنَ (20)	وَ	اِنَّ	لَكُمْ	فِي الْاَنْعَامِ
کھانے والوں کے لیے	اور	بیشک	تمہارے لیے	چوپاؤں میں

لَعِبْرَةً ④ ⑥ ۭ	نُسْقِيْكُمْ	مِّمَّا ⑧	فِيْ بُطُوْنِهَا
یقیناً عبرت	ہم پلاتے ہیں تمہیں	(اس) سے جو	ان کے پیٹوں میں

ضروری وضاحت

① ہٗ فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔② اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔
③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④ لَ تاکید کی علامت ہے، ترجمہ ضرور ہوتا ہے۔⑤ یہاں علامت وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔⑥ ةً، تَ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ	اور تمہارے لیے ان میں بہت سے فائدے ہیں
وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿21﴾	اور انہی میں سے تم کھاتے ہو۔ ﴿21﴾
وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿22﴾	اور انہی پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔ ﴿22﴾
وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجا نوح کو اسکی قوم کی طرف
فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ	تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو
مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ	نہیں ہے تمہارے لیے کوئی (سچا) معبود اس کے سوا
اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿23﴾	تو کیا تم ڈرتے نہیں ہو۔ ﴿23﴾
فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	تو کہا (اُن) سرداروں نے جنھوں نے کفر کیا
مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ	اسکی قوم میں سے نہیں ہے یہ مگر ایک بشر تمہارے جیسا
يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ	وہ چاہتا ہے کہ وہ برتری حاصل کر لے تم پر
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً	اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور اُتار دیتا فرشتے
مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا	نہیں ہم نے سنا اس (توحید کی بات) کو

ع 22/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَنَافِعُ	نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔	مِّثْلُكُمْ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
كَثِيْرَةٌ	کثرت، اکثر، کثیر۔	يُرِيْدُ	ارادہ، مرید، مراد۔
تَاْكُلُوْنَ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	يَّتَفَضَّلَ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
تُحْمَلُوْنَ	حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔	شَآءَ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	لَاَنْزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اعْبُدُوا	عابد، عبادت، معبود۔	مَلٰٓئِكَةً	ملک الموت، ملائکہ۔
اِلٰهٍ	الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔	سَمِعْنَا	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
تَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔	بِهٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔

ع 22 1/1

وَ	لَكُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	كَثِيْرَةٌ ①	وَّ	مِنْهَا
اور	تمہارے لیے	ان میں	فائدے	بہت سے	اور	ان میں سے

تَأْكُلُوْنَ ﴿21﴾	وَ	عَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ	تُحْمَلُوْنَ ② ع ﴿22﴾
تم سب کھاتے ہو	اور	اُن پر	اور	کشتیوں پر	تم سب سوار کیے جاتے ہو

وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَقَالَ	يٰقَوْمِ ③
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	نوح	اسکی قوم کی طرف	تو اس نے کہا	اے میری قوم

اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ ④ اِلٰهٍ ⑤	غَيْرُهٗ ط	اَفَلَا ⑥
تم سب عبادت کرو	اللہ	نہیں	تمہارے لیے	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کیا نہیں

تَتَّقُوْنَ ﴿23﴾	فَقَالَ	الْمَلَؤُا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	مَا
تم سب ڈرتے ہو	تو کہنے لگے	سردار	جن	سب نے کفر کیا	اسکی قوم میں سے	نہیں

هٰذَآ اِلَّا	بَشَرٌ ⑤	مِّثْلُكُمْ لا	يُرِيْدُ	اَنْ	يَّتَفَضَّلَ ⑦	عَلَيْكُمْ ط
یہ مگر	ایک بشر	تمہارے جیسا	وہ چاہتا ہے	کہ	وہ برتری حاصل کرلے	تم پر

وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَاَنْزَلَ	مَلٰٓئِكَةً صلے	مَّا	سَمِعْنَا	بِهٰذَا
اور اگر	چاہتا	اللہ	ضرور اُتار دیتا	فرشتے	نہیں	ہم نے سنا	اس کو

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یٰقَوْمِ اصل میں یٰقَوْمِیْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے اور اسی کا ترجمہ میری ہے۔ ④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، اس لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔⑥ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

فِیۡۤ اٰبَآئِنَا الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿24﴾	اپنے پہلے آباءواجداد میں۔ ﴿24﴾
اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ	نہیں ہے وہ مگر ایک آدمی اس کو ایک جنون ہے
فَتَرَبَّصُوۡا بِهٖ حَتّٰی حِیۡنٍ ﴿25﴾	سو انتظار کرو اسکے بارے میں ایک وقت تک۔ ﴿25﴾
قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ	(نوح نے) کہا اے میرے رب میری مدد فرما
بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿26﴾	اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔ ﴿26﴾
فَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡهِ اَنِ اصۡنَعِ الۡفُلۡكَ	تو ہم نے وحی کی اس کی طرف یہ کہ تو بنا کشتی
بِاَعۡیُنِنَا وَوَحۡیِنَا	ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق
فَاِذَا جَآءَ اَمۡرُنَا وَفَارَ التَّنُّوۡرُ ۙ	پھر جب آجائے ہمارا حکم اور اُبل پڑے تنور
فَاسۡلُكۡ فِیۡهَا	تو داخل کر اس میں
مِنۡ كُلٍّ زَوۡجَیۡنِ اثۡنَیۡنِ	ہر ایک میں سے دو قسمیں (نر اور مادہ) دونوں کو
وَاَهۡلَكَ	اور اپنے گھر والوں کو
اِلَّا مَنۡ سَبَقَ	سوائے اس کے جس پر پہلے طے ہو چکی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰبَآئِنَا	آبا وَاجداد، آبائی علاقہ۔	بِاَعۡیُنِنَا	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
الۡاَوَّلِیۡنَ	قرونِ اُولی، اولین فرصت میں۔	اَمۡرُنَا	امر، آمر، مامور، امارت، امور۔
اِلَّا	الا ماشاءاللّٰہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	فَارَ	فوارہ۔
جِنَّةٌ	مجنون، جن۔	التَّنُّوۡرُ	تنور۔
حَتّٰی	حتیٰ کہ، حتی الامکان۔	زَوۡجَیۡنِ	زوجہ، زوجیت۔
كَذَّبُوۡنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	اثۡنَیۡنِ	ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔
فَاَوۡحَیۡنَاۤ	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔	اَهۡلَكَ	اہل وعیال، اہل خانہ۔
اصۡنَعِ	صنعت وتجارت، صنعتی شہر، مصنوعی۔	سَبَقَ	سبقت، سابقہ۔

فِيْٓ اٰبَآئِنَا	الْاَوَّلِيْنَ ① ج (24)	اِنْ ②	هُوَ	اِلَّا	رَجُلٌۢ ③
اپنے آباؤ اجداد میں	پہلے	نہیں	وہ	مگر	ایک آدمی

بِهٖ	جِنَّةٌ	فَتَرَبَّصُوْا ④	بِهٖ	حَتّٰى حِيْنٍ ③ (25)
اس کو	جنون	سوسب انتظار کرو	اس کا	ایک وقت تک

قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	بِمَا	كَذَّبُوْنِ ⑤ (26)
کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما	(اس بات) پر کہ	ان سب نے مجھے جھٹلا یا ہے

فَاَوْحَيْنَآ	اِلَيْهِ	اَنِ ⑥	اصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِاَعْيُنِنَا
تو ہم نے وحی کی	اس کی طرف	کہ	تو بنا	کشتی	ہماری آنکھوں کے (سامنے)

وَ	وَحْيِنَا	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا	وَ
اور	ہماری وحی (کے مطابق)	پھر جب	آجائے	ہمارا حکم	اور

فَارَ	التَّنُّوْرُ لا	فَاسْلُكْ	فِيْهَا	مِنْ كُلٍّ	زَوْجَيْنِ
اُبل پڑے	تنور	پس تو داخل کر	اس میں	ہر ایک سے	دو قسمیں

اثْنَيْنِ	وَ	اَهْلَكَ	اِلَّا	مَنْ	سَبَقَ
دونوں	اور	اپنے گھر والے	سوائے	جو	پہلے طے ہو چکی

ضروری وضاحت

① علامت يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک ہوا ہے۔ ④ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ یہ كَذَّبُوْنِيْ تھا فعل کے آخر میں يْ آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے، یہاں ی وقف کی وجہ سے گر گئی ہے۔ ⑥ یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔

عَلَيۡهِ الۡقَوۡلُ مِنۡهُمۡ ۚ	اس پر بات (ہلاکت کی) ان میں سے
وَلَا تُخَاطِبۡنِىۡ	اور نہ بات کرنا مجھ سے
فِى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ۚ	(ان لوگوں کے بارے) میں جنہوں نے ظلم کیا
اِنَّهُمۡ مُّغۡرَقُوۡنَ ﴿27﴾	بے شک وہ غرق کیے جانے والے ہیں۔ ﴿27﴾
فَاِذَا اسۡتَوَيۡتَ اَنۡتَ وَمَنۡ مَّعَكَ	پھر جب بیٹھ جاؤ تم اور جو تمھارے ساتھ ہیں
عَلَى الۡفُلۡكِ فَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ	کشتی پر تو کہہ، سب تعریف اللہ کے لئے ہے
الَّذِىۡ نَجّٰٮنَا مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿28﴾	جس نے نجات دی ہمیں ظالم قوم سے۔ ﴿28﴾
وَقُلْ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِىۡ مُنۡزَلًا مُّبٰـرَكًا	اور کہہ اے میرے رب مجھے اُتار بابرکت اُتارنا
وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ﴿29﴾	اور تو سب اتارنے والوں سے بہتر ہے۔ ﴿29﴾
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنۡ كُنَّا	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں، اور بلاشبہ ہم ہیں
لَمُبۡتَلِيۡنَ ﴿30﴾ ثُمَّ اَنۡشَاۡنَا	یقیناً آزمانے والے۔ ﴿30﴾ پھر ہم نے پیدا کیے
مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ قَرۡنًا اٰخَرِيۡنَ ۚ﴿31﴾	انکے بعد دوسرے لوگ۔ ﴿31﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيۡهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الۡقَوۡلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تُخَاطِبۡنِىۡ : خطاب، مخاطب، خطابات۔
ظَلَمُوۡا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مُّغۡرَقُوۡنَ : غرق، غرقاب، مستغرق۔
مَّعَكَ : مع اہل وعیال، معیت۔
الۡحَمۡدُ : حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔
نَجّٰٮنَا : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔

اَنۡزِلۡنِىۡ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
مُّبٰـرَكًا : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
خَيۡرُ : خیر، خیریت، خیر خواہی، صبح بخیر۔
لَاٰيٰتٍ : آیت، آیات قرآنی۔
لَمُبۡتَلِيۡنَ : بلا، ابتلا وآزمائش، مبتلا۔
اَنۡشَاۡنَا : نشوونما۔
قَرۡنًا : قرون اولی۔
اٰخَرِيۡنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔

عَلَيۡهِ	الۡقَوۡلُ	مِنۡهُمۡ ۚ	وَلَا	تُخَاطِبۡنِيۡ ①	فِيۡ	الَّذِيۡنَ
اس پر	بات	ان میں سے	اور نہ	تو بات کرنا مجھ سے	(بارے) میں	جن

ظَلَمُوۡا ۚ	اِنَّهُمۡ	مُّغۡرَقُوۡنَ ② ﴿27﴾	فَاِذَا	اسۡتَوَيۡتَ	اَنۡتَ
سب نے ظلم کیا	بیشک وہ	سب غرق کیے جانے والے	پھر جب	تو بیٹھ جائے	تو

وَ	مَنۡ	مَّعَكَ	عَلَى الۡفُلۡكِ	فَقُلِ	الۡحَمۡدُ	لِلّٰهِ
اور	جو	آپ کے ساتھ	کشتی پر	تو کہہ	سب تعریف	اللہ کے لئے

الَّذِيۡ	نَجّٰنَا	مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿28﴾	وَقُلۡ	رَّبِّ ③
جس نے	نجات دی ہمیں	ظالم لوگوں سے	اور کہہ دیں	اے میرے رب

اَنۡزِلۡنِيۡ ①	مُنۡزَلًا	مُّبٰرَكًا	وَّ	اَنۡتَ	خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ④ ﴿29﴾
مجھے اتار	اتارنا	بابرکت	اور	تو	سب اُتارنے والوں سے بہتر

اِنَّ	فِيۡ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ ⑤	وَّ	اِنۡ ⑥	كُنَّا	لَمُبۡتَلِيۡنَ ⑤ ﴿30﴾
بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں	اور	بلاشبہ	ہم ہیں	یقیناً سب آزمانے والے

ثُمَّ	اَنۡشَاۡنَا	مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ⑦	قَرۡنًا	اٰخَرِيۡنَ ۚ ﴿31﴾
پھر	ہم نے پیدا کیے	انکے بعد	لوگ	دوسرے سب

ضروری وضاحت

① فعل کے ساتھ اگر ی آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یہ دراصل یَارَبِّیۡ تھا، شروع سے یا اور آخر سے یۡ تخفیف کے لیے گرے ہوئے ہیں۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔⑤ شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ یقیناً کیا جاتا ہے۔⑥ اِنۡ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے اِنۡ استعمال ہوا ہے۔⑦ لفظ بَعۡدِ سے پہلے اگر مِنۡ ہو تو مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ	پھر ہم نے بھیجا ان میں ایک رسول انہی میں سے
اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ	یہ کہ تم عبادت کرو اللہ کی نہیں ہے تمہارے لئے
مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿32﴾ ع 2/10/2	کوئی معبود اس کے سوا تو کیا تم ڈرتے نہیں ہو۔ ﴿32﴾
وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ	اور کہا سرداروں نے اس کی قوم میں سے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ	جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا آخرت کی ملاقات کو
وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ	اور ہم نے خوشحال رکھا تھا انہیں دنیوی زندگی میں
مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ	نہیں ہے یہ مگر ایک انسان تمہاری مثل
يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ	وہ کھاتا ہے اس میں سے جو تم کھاتے ہو اس سے
وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿33﴾	اور وہ پیتا ہے اس میں سے جو تم پیتے ہو۔ ﴿33﴾
وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ	اور یقیناً اگر تم نے کہا مانا اپنے جیسے انسان کا
اِنَّكُمْ اِذًا	(تو) بلاشبہ تم اس وقت (ہو جاؤ گے)
لَّخٰسِرُوْنَ ﴿34﴾	یقیناً خسارہ پانے والے۔ ﴿34﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	هٰذَآ	حامل رقعہ ہذا، الہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
اعْبُدُوا	عابد، عبادت، معبود۔	اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
تَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔	بَشَرٌ	بشر، بشری تقاضا، نور و بشر۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مِّثْلُكُمْ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	يَاْكُلُ	اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔
كَذَّبُوْا	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	يَشْرَبُ	شربت، مشروبات۔
بِلِقَآءِ	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	اَطَعْتُمْ	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
الْحَيٰوةِ	موت و حیات، حیاتی و مماتی۔	لَّخٰسِرُوْنَ	خسارہ، خائب و خاسر۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

فَاَرْسَلْنَا①	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا②	مِّنْهُمْ	اَنِ③	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
پھر ہم نے بھیجا	ان میں	ایک رسول	ان میں سے	یہ کہ	تم سب عبادت کرو	اللہ کی

ع 2 10 2

مَا④	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ②⑤	غَيْرُهٗ ط	اَفَلَا⑥	تَتَّقُوْنَ ﴿32﴾ ع	وَقَالَ
نہیں	تمہارے لئے	کوئی معبود	اسکے سوا	تو کیا نہیں	تم سب ڈرتے	اور کہا

الْمَلَاُ	مِنْ قَوْمِهٖ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا
سرداروں (نے)	اس کی قوم میں سے	جن	سب نے کفر کیا	اور	سب نے جھٹلایا

بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ⑦	وَ	اَتْرَفْنٰهُمْ①	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لا	مَا④
آخرت کی ملاقات کو	اور	ہم نے خوشحال رکھا تھا انہیں	دنیوی زندگی میں	نہیں

هٰذَآ اِلَّا	بَشَرٌ②	مِّثْلُكُمْ لا	يَاْكُلُ	مِمَّا	تَاْكُلُوْنَ
یہ مگر	ایک انسان	تمہاری مثل	وہ کھاتا ہے	(اس) سے جو	تم سب کھاتے ہو

مِنْهُ	وَ	يَشْرَبُ	مِمَّا	تَشْرَبُوْنَ ﴿33﴾ صلے	وَ	لَئِنْ
اس سے	اور	وہ پیتا ہے	(اس) سے جو	تم سب پیتے ہو	اور	یقیناً اگر

اَطَعْتُمْ	بَشَرًا②	مِّثْلَكُمْ لا	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ لا ﴿34﴾
تم نے کہا مانا	ایک انسان	اپنے جیسا	بلاشبہ تم	اس وقت	یقیناً سب خسارہ پانیوالے

ضروری وضاحت

①نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔②اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔③یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔④مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔⑤یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہے۔⑦بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

اَيَعِدُكُمۡ اَنَّكُمۡ	کیا وہ وعدہ دیتا ہے تمہیں کہ بے شک تم
اِذَا مِتُّمۡ وَ كُنۡتُمۡ تُرَابًا وَّ عِظَامًا	جب تم مر گئے اور تم ہو گئے مٹی اور ہڈیاں
اَنَّكُمۡ مُّخۡرَجُوۡنَ ۙ﴿35﴾	کہ بلا شبہ تم نکالے جانے والے ہو۔﴿35﴾
هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ	(عقل سے بہت) دور ہے (بہت ہی) دور ہے
لِمَا تُوۡعَدُوۡنَ ۙ﴿36﴾	جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو۔﴿36﴾
اِنۡ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا	نہیں ہے وہ مگر ہماری دنیا ہی کی زندگی،
نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا	(یہیں) ہم مرتے ہیں اور ہم جیتے ہیں۔
وَمَا نَحۡنُ بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ۙ﴿37﴾	اور نہیں ہم ہرگز اُٹھائے جانے والے۔﴿37﴾
اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ	نہیں ہے وہ مگر ایک (ایسا) آدمی
افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	(جس نے) جھوٹ گھڑ لیا ہے اللہ پر
وَّمَا نَحۡنُ لَهٗ بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿38﴾	اور نہیں ہیں ہم ہرگز اس پر ایمان لانے والے۔﴿38﴾
قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِىۡ	اس نے کہا اے میرے رب میری مدد فرما

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعِدُكُمۡ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ	بعثت، مبعوث۔
مِتُّمۡ	موت وحیات، سماع موتی، میت۔	رَجُلٌ	رجال کار، قحط الرجال۔
تُرَابًا	تربت۔	افۡتَرٰى	افترٰی پردازی، مفتری۔
وَ	مال ودولت، عفو ودرگزر۔	عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مُّخۡرَجُوۡنَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	كَذِبًا	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	بِمُؤۡمِنِيۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
حَيَاتُنَا	موت وحیات، حیاتی ومماتی۔	قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الدُّنۡيَا	دنیا وآخرت، دین ودنیا، دنیا داری۔	انۡصُرۡنِىۡ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

اَ ①	يَعِدُكُمْ	اَنَّكُمْ	اِذَا	مِتُّمْ	وَ
کیا	وہ وعدہ دیتا ہے تمہیں	کہ بے شک تم	جب	تم مر گئے	اور

كُنْتُمْ	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	اَنَّكُمْ	مُّخْرَجُوْنَ ② ۙ (35)
تم ہو گئے	مٹی	اور	ہڈیاں	کہ بلاشبہ تم	سب نکالے جانے والے

هَيْهَاتَ	هَيْهَاتَ	لِمَا	تُوْعَدُوْنَ ۙ (36)	اِنْ ③	هِيَ	اِلَّا
دور ہے	دور ہے	جس کا	تم سب وعدہ دیئے جاتے ہو	نہیں	وہ	مگر

حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَ	نَحْيَا	وَ	مَا	نَحْنُ
ہماری زندگی	دنیوی	ہم مرتے ہیں	اور	ہم جیتے ہیں	اور	نہیں	ہم

بِمَبْعُوْثِيْنَ ④ ۙ (37)	اِنْ ③	هُوَ	اِلَّا	رَجُلُ ٌ	افْتَرٰى
ہرگز سب اُٹھائے جانے والے	نہیں	وہ	مگر	ایک آدمی	گھڑ لیا ہے

عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّ	مَا	نَحْنُ	لَهٗ
اللہ پر	جھوٹ	اور	نہیں	ہم	اس پر

بِمُؤْمِنِيْنَ ④⑤ (38)	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ ⑥
ہرگز سب ایمان لانے والے	اس نے کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما

ضروری وضاحت

① أ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔④ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ فعل اور یْ کے درمیان نِ کا اضافہ ضروری ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿39﴾	اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔ ﴿39﴾
قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ	(اللہ نے) فرمایا تھوڑی (مدت ہی) میں
لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿40﴾	ضرور بالضرور وہ ہوجائیں گے پچھتانے والے۔ ﴿40﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ	تو آ پکڑا اُنہیں چیخ نے حق کے ساتھ
فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً	تو ہم نے کر ڈالا انہیں کوڑا
فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿41﴾	پس دوری (یعنی لعنت) ہے ظالم قوم کے لیے۔ ﴿41﴾
ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ	پھر ہم نے پیدا کیں اُن کے بعد
قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿42﴾	دوسری امتیں۔ ﴿42﴾
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا	نہیں آگے نکل سکتی کوئی اُمت اپنے وقت سے
وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿43﴾	اور نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں۔ ﴿43﴾
ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا	پھر ہم نے بھیجے اپنے رسول پے در پے
كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا	جب کبھی آیا کسی اُمت کے پاس اُس کا رسول

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذَّبُوْنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بَعْدِهِمْ	بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔
قَلِيْلٍ	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔	قُرُوْنًا	قرونِ اُولیٰ۔
نٰدِمِيْنَ	نادم، ندامت۔	اٰخَرِيْنَ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔
فَاَخَذَتْهُمُ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	تَسْبِقُ	سبقت، سابقہ، حسب سابق۔
فَبُعْدًا	بُعد، بعید از قیاس۔	اَجَلَهَا	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
الظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	يَسْتَاْخِرُوْنَ	مؤخر، تاخیر، آخری۔
اَنْشَاْنَا	نشوونما۔	اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

بِمَا	كَذَّبُوۡنِ ۝39 ①	قَالَ	عَمَّا ②	قَلِيۡلٍ
(اس بات) پر جو	ان سب نے جھٹلایا مجھے	فرمایا	(مدت) میں	بہت تھوڑی

لَّيُصۡبِحُنَّ ③	نٰدِمِيۡنَ ۝40 ۚ	فَاَخَذَتۡهُمُ ④	الصَّيۡحَةُ ④
ضرور بالضرور وہ ہو جائینگے	سب پچھتانے والے	تو آ پکڑا اُنہیں	چیخ

بِالۡحَقِّ	فَجَعَلۡنٰهُمۡ	غُثَآءً ۚ	فَبُعۡدًا
حق کے ساتھ	تو ہم نے کر ڈالا اُنہیں	کوڑا	پس دوری

لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ۝41	ثُمَّ	اَنۡشَاۡنَا	مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ⑤
ظالم لوگوں کے لیے	پھر	ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد

قُرُوۡنًا اٰخَرِيۡنَ ۝42 ؕ	مَا	تَسۡبِقُ ④	مِنۡ اُمَّةٍ ④⑤	اَجَلَهَا
دوسری سب اُمتیں	نہیں	آگے نکل سکتی	کوئی اُمت	اپنے وقت

وَ	مَا	يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ ۝43 ؕ	ثُمَّ	اَرۡسَلۡنَا
اور	نہ	وہ سب پیچھے رہ سکتے ہیں	پھر	ہم نے بھیجے

رُسُلَنَا	تَتۡرَا ؕ	كُلَّمَا	جَآءَ	اُمَّةً ④	رَّسُوۡلُهَا
اپنے رسول	پے در پے	جب کبھی	آیا	کسی اُمت (پر)	اُس کا رسول

ضروری وضاحت

①یہ دراصل كَذَّبُوۡنِیۡ تھا یہاں وْا کا "ا" گرا ہوا ہے اور فعل اور یؔ کے درمیان نِ کا اضافہ لازمی ہوتا ہے اور یہاں آخر سے یْ وقف کی وجہ سے گری ہوئی ہے۔②عَمَّا دراصل عَنۡ اور مَا کا مجموعہ ہے، یہاں مَا زائدہ ہے اور عَنۡ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔③شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید کی علامتیں ہیں، نّ سے پہلے پیش ہو تو وہ فعل جمع کے لیے ہوتا ہے۔④تَ، ةٌ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

كَذَّبُوْهُ	انہوں نے جھٹلایا اُسے
فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا	تو ہم نے پیچھے چلتا کیا ان میں سے بعض کو بعض کے
وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ	اور ہم نے بنا دیا انہیں قصے کہانیاں
فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ	تو دوری (یعنی لعنت) ہے اس قوم کے لئے
لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿44﴾	(جو) ایمان نہیں لاتے۔ ﴿44﴾
ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ	پھر ہم نے بھیجا موسیٰ کو اور اس کے بھائی ہارون کو
بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿45﴾	اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ۔ ﴿45﴾
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ	فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف
فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿46﴾	تو انہوں نے تکبر کیا اور تھے وہ سرکش لوگ۔ ﴿46﴾
فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ	تو انہوں نے کہا کیا ہم ایمان لائیں
لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا	اپنے جیسے دو آدمیوں پر
وَقَوْمُهُمَا	حالانکہ ان دونوں کی قوم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذَّبُوْهُ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
فَاَتْبَعْنَا : اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَحَادِيْثَ : حدیث، محدث، تحدیثِ نعمت۔
فَبُعْدًا : بُعد، بعید از قیاس۔
لِّقَوْمٍ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
اَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اَخَاهُ : اخوت، مواخات۔
بِاٰيٰتِنَا : آیت، آیات قرآنی۔
سُلْطٰنٍ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فَاسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبّر۔
فَقَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لِبَشَرَيْنِ : بشر، بشری تقاضا، نور و بشر۔
مِثْلِنَا : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔

كَذَّبُوْهُ①	فَاَتْبَعْنَا②③	بَعْضَهُمْ	بَعْضًا
ان سب نے جھٹلایا اُسے	تو ہم نے پیچھے چلتا کیا	اس کے بعض (کو)	بعض (کے)

وَّ④	جَعَلْنٰهُمْ③	اَحَادِيْثَ ج	فَبُعْدًا②	لِّقَوْمٍ
اور	ہم نے بنادیا انہیں	قصے کہانیاں	تو دوری	قوم کے لئے

لَّا	يُؤْمِنُوْنَ (44)	ثُمَّ	اَرْسَلْنَا③	مُوْسٰى
نہیں	وہ سب ایمان لاتے	پھر	ہم نے بھیجا	موسیٰ (کو)

وَ④	اَخَاهُ①	هٰرُوْنَ ۙ	بِاٰيٰتِنَا⑤	وَ	سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ (45)
اور	اس کے بھائی	ہارون	اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور	واضح دلیل

اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَ④	مَلَا۟ئِهٖ①	فَاسْتَكْبَرُوْا②
فرعون کی طرف	اور	اس کے سرداروں	تو ان سب نے تکبر کیا

وَ	كَانُوْا	قَوْمًا	عَالِيْنَ (46) ج	فَقَالُوْٓا②	اَ
اور	تھے وہ سب	لوگ	سب سرکش	تو ان سب نے کہا	کیا

نُؤْمِنُ	لِبَشَرَيْنِ⑥⑦	مِثْلِنَا	وَ④	قَوْمُهُمَا
ہم ایمان لائیں	دو آدمیوں پر	اپنے جیسے	حالانکہ	ان دونوں کی قوم

ضروری وضاحت

①ہٗ یا ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔②فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔③نَا فعل کے آخر میں اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔④وَ کا ترجمہ اور کبھی حالانکہ، جبکہ اور کبھی قسم ہے بھی ہوتا ہے۔⑤بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو ہوتا ہے۔⑥لِ کا ترجمہ کے لیے ہوتا ہے اور کبھی پر ہوتا ہے۔⑦اسم کے آخر پر يْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔

لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿47﴾ ج	ہماری عبادت (یعنی خدمت) کرنے والے ہیں۔ ﴿47﴾
فَكَذَّبُوْهُمَا	سو انہوں نے جھٹلایا ان دونوں کو
فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿48﴾	تو وہ ہو گئے ہلاک کیے جانے والوں میں سے۔ ﴿48﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دی موسیٰ کو کتاب
لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿49﴾	تاکہ وہ (لوگ) ہدایت پائیں۔ ﴿49﴾
وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً	اور ہم نے بنایا ابن مریم اور اسکی ماں کو (عظیم) نشانی
وَّاٰوَيْنٰهُمَآ	اور ہم نے جگہ دی ان دونوں کو
اِلٰى رَبْوَةٍ	ایک بلند زمین کی طرف
ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿50﴾ ع (ع 18 3/3)	(جو) سکون وقرار اور جاری چشمے والی تھی۔ ﴿50﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ	اے رسولو تم کھاؤ پاکیزہ چیزوں میں سے
وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ط اِنِّيْ	اور عمل کرو نیک بلاشبہ میں
بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿51﴾ ط	(اس) کو جو تم کرتے ہو خوب جاننے والا ہوں ﴿51﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عٰبِدُوْنَ	عبادت، عابد، معبود، عبودیت۔	قَرَارٍ	سکون وقرار، بیقراری۔
فَكَذَّبُوْهُمَا	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	الرُّسُلُ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	كُلُوْا	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
الْمُهْلَكِيْنَ	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	الطَّيِّبٰتِ	طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔
وَ	مال ودولت، عفوودرگزر۔	اعْمَلُوْا	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
يَهْتَدُوْنَ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	صَالِحًا	اصلاح، اعمال صالحہ۔
ابْنَ	ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔	بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اٰوَيْنٰهُمَآ	ملجاء وماویٰ۔	عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

فَكَانُوْا	فَكَذَّبُوْهُمَا ②	عٰبِدُوْنَ ① ج (47)	لَنَا
تو وہ سب ہو گئے	سو ان سب نے جھٹلایا ان دونوں کو	سب عبادت کرنیوالے	ہمارے لئے

الْكِتٰبَ	مُوْسَى	اٰتَيْنَا	لَقَدْ	وَ	مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ③ (48)
کتاب	موسیٰ (کو)	ہم نے دی	بلاشبہ یقیناً	اور	ہلاک کیے جانے والوں میں سے

ابْنَ مَرْيَمَ	جَعَلْنَا	وَ	يَهْتَدُوْنَ (49)	لَعَلَّهُمْ
مریم کا بیٹا	ہم نے بنایا	اور	وہ سب ہدایت پائیں	تاکہ وہ

اِلٰى رَبْوَةٍ ④⑤	اٰوَيْنٰهُمَآ	وَّ	اٰيَةً ⑤	اُمَّهٗٓ	وَ
ایک بلند زمین کی طرف	ہم نے جگہ دی ان دونوں کو	اور	نشانی	اسکی ماں	اور

الرُّسُلُ	يٰٓاَيُّهَا ⑥	مَعِيْنٍ ع (50)	وَّ	ذَاتِ قَرَارٍ
رسولو	اے	جاری چشمے	اور	سکون و قرار والی

صَالِحًا ط	اعْمَلُوْا	وَ	مِنَ الطَّيِّبٰتِ ⑤	كُلُوْا
نیک	سب عمل کرو	اور	پاکیزہ چیزوں میں سے	تم سب کھاؤ

عَلِيْمٌ ⑧ ط (51)	تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	اِنِّيْ ⑦
خوب جاننے والا	تم سب کرتے ہو	(اس) کو جو	بلاشبہ میں

ع 3 18 3

ضروری وضاحت

① یہاں عٰبِدُوْنَ سے مراد "خدمت کرنے والے" ہے۔② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ يَا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑦ اِنِّيْ دراصل اِنَّ + يْ کا مجموعہ ہے۔⑧ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً	اور بیشک یہ تمہاری اُمت ہے (جو) ایک ہی اُمت ہے
وَّ اَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿52﴾	اور میں تمہارا رب ہوں سو مجھ سے ڈرو۔ ﴿52﴾
فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ	پھر انھوں نے جدا جدا کرلیا اپنے معاملے کو
بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ	اپنے درمیان (آپس میں) ٹکڑے ٹکڑے کر کے،
كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿53﴾	ہر ایک گروہ اس پر جو انکے پاس ہے خوش ہیں۔ ﴿53﴾
فَذَرْهُمْ	سو آپ چھوڑ دیں اُنہیں
فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿54﴾	ان کی غفلت میں ایک وقت تک۔ ﴿54﴾
اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا	کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ بے شک جو
نُمِدُّهُمْ بِهٖ	ہم مدد کر رہے ہیں ان کی اس کے ساتھ
مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿55﴾ ۙ	مال اور اولاد سے۔ ﴿55﴾
نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ	ہم جلدی کر رہے ہیں ان کو بھلائیاں دینے میں
بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿56﴾	(ایسا بالکل نہیں) بلکہ وہ شعور نہیں رکھتے۔ ﴿56﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُمَّتُكُمْ	: اُمت، اُمم سابقہ، اُمت محمدیہ۔	فَرِحُوْنَ	: فرحت بخش، مفرح قلب، تفریح۔
وَّاحِدَةً	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	نُمِدُّهُمْ	: مدد، امداد، مددگار، ممد و معاون۔
فَاتَّقُوْنِ	: تقویٰ، متقی۔	بِهٖ	: بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہہ۔
فَتَقَطَّعُوْٓا	: قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔	مِنْ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
اَمْرَهُمْ	: امر، آمر، مامور، امارت، امور۔	بَنِيْنَ	: ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
بَيْنَهُمْ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	نُسَارِعُ	: سریع الحرکت، سرعت۔
حِزْبٍ	: حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔	الْخَيْرٰتِ	: خیر، خیریت، خیر خواہی، خیراتی ادارہ۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	يَشْعُرُوْنَ	: عقل و شعور، لاشعور، شعوری طور پر۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

وَ	اِنَّ	هٰذِهٖۤ	اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً①	وَّ	اَنَا
اور	بیشک	یہ	تمہاری اُمت	ایک اُمت	اور	میں

رَبُّكُمْ	فَاتَّقُوْنِ② ﴿52﴾	فَتَقَطَّعُوْۤا③	اَمْرَهُمْ④
تمہارا رب	سو تم سب ڈرو مجھ سے	پھر ان سب نے جدا جدا کرلیا	اپنا معاملہ

بَيْنَهُمْ④	زُبُرًا ؕ	كُلُّ	حِزْبٍۭ	بِمَا	لَدَيْهِمْ④
اپنے درمیان	ٹکڑے ٹکڑے	ہر	گروہ	(اس) پر جو	اس کے پاس

فَرِحُوْنَ ﴿53﴾	فَذَرْهُمْ④	فِيْ غَمْرَتِهِمْ④	حَتّٰى حِيْنٍ ﴿54﴾
سب خوش	سو آپ چھوڑ دیں اُنہیں	ان کی غفلت میں	ایک وقت تک

اَ	يَحْسَبُوْنَ	اَنَّمَا	نُمِدُّهُمْ④	بِهٖ
کیا	وہ سب گمان کرتے ہیں	کہ بیشک جو	ہم مدد دے رہے ہیں اُنہیں	اس کے ساتھ

مِنْ مَّالٍ	وَّ	بَنِيْنَ ۙ﴿55﴾	نُسَارِعُ	لَهُمْ
مال سے	اور	بیٹوں (سے)	ہم جلدی کر رہے ہیں	ان کو

فِي الْخَيْرٰتِ ؕ①	بَلْ	لَّا	يَشْعُرُوْنَ⑤ ﴿56﴾
بھلائیوں میں	بلکہ	نہیں	وہ سب شعور رکھتے

ضروری وضاحت

① ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہ دراصل فَاتَّقُوْنِیْ تھا، وْا کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو "ا" گر جاتا ہے اور ہمیشہ فعل اور یْ درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے یہاں اور آخر سے یْ گری ہوئی ہے۔ ③ تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اپنا، اپنی، اپنے یا ان کا، ان کی، انکے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ	بے شک وہ (لوگ) جو
مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿57﴾	اپنے رب کے خوف سے ڈرنے والے ہیں۔ ﴿57﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿58﴾	اور وہ جو اپنے رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں۔ ﴿58﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿59﴾	اور وہ جو اپنے رب کیساتھ شریک نہیں ٹھہراتے۔ ﴿59﴾
وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا	اور جو لوگ دیتے ہیں جو کچھ دے سکیں
وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ	اس حال میں کہ انکے دل ڈرنے والے ہوتے ہیں
اَنَّهُمْ	(اس بات سے) کہ بلاشبہ وہ
اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿60﴾	اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ﴿60﴾
اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ	یہی لوگ ہیں (کہ) وہ جلدی کرتے ہیں بھلائیوں میں
وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿61﴾	اور وہ ان کے لیے سبقت کرنے والے ہیں۔ ﴿61﴾
وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا	اور نہیں ہم تکلیف دیتے کسی نفس کو
اِلَّا وُسْعَهَا	مگر اس کی وسعت کے مطابق

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	رٰجِعُوْنَ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
خَشْيَةِ	: خشیت الٰہی۔	يُسٰرِعُوْنَ	: سریع الحرکت، سرعت۔
وَ	: مال و دولت، عفوو درگزر۔	الْخَيْرٰتِ	: خیر، خیریت، خیرات، صبح بخیر، خیراتی ادارہ۔
يُؤْمِنُوْنَ	: ایمان، مؤمن، امن۔	سٰبِقُوْنَ	: سبقت، مسابقت، سابقہ۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	نُكَلِّفُ	: مکلف، تکلیف۔
يُشْرِكُوْنَ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	نَفْسًا	: نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	اِلَّا	: الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	وُسْعَهَا	: وسیع وعریض، وسعت، توسیع۔

اِنَّ ①	الَّذِيْنَ	هُمْ ②	مِّنْ خَشْيَةِ ③	رَبِّهِمْ ④	مُّشْفِقُوْنَ ⑤ لا (57)
بیشک	جو (لوگ)	وہ سب	خوف سے	اپنے رب (کے)	سب ڈرنے والے

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ ②	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ ④	يُؤْمِنُوْنَ لا (58)
اور	جو	وہ سب	آیات پر	اپنے رب (کی)	وہ سب ایمان لاتے ہیں

وَ ⑥	الَّذِيْنَ	هُمْ ②	بِرَبِّهِمْ ④	لَا	يُشْرِكُوْنَ لا (59)
اور	جو	وہ سب	اپنے رب کیساتھ	نہیں	وہ سب شریک ٹھہراتے

وَالَّذِيْنَ	يُؤْتُوْنَ	مَآ	اٰتَوْا	وَّ ⑥	قُلُوْبُهُمْ ④
اور جو	وہ سب دیتے ہیں	جو	وہ سب دے سکیں	اس حال میں کہ	انکے دل

وَجِلَةٌ ③	اَنَّهُمْ	اِلٰى رَبِّهِمْ ④	رٰجِعُوْنَ (60) لا	اُولٰٓئِكَ ⑦
ڈرنے والے	بلاشبہ وہ	اپنے رب کی طرف	سب لوٹنے والے	یہ (لوگ)

يُسٰرِعُوْنَ	فِى الْخَيْرٰتِ ③	وَ ⑥	هُمْ ② لَهَا	سٰبِقُوْنَ (61)
وہ سب جلدی کرتے ہیں	بھلائیوں میں	اور	وہ سب ان کیلئے	سب سبقت کرنیوالے

وَ	لَا	نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا
اور	نہیں	ہم تکلیف دیتے	کسی نفس (کو)	مگر	اسکی وسعت (کے مطابق)

ضروری وضاحت

①اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔②هُمْ جب الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔③ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔⑤اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔⑥وَ کا ترجمہ کبھی اور، کبھی اس حال میں کہ، حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔⑦اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔

وَلَدَيۡنَا كِتٰبٌ	اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے
يَّنۡطِقُ بِالۡحَقِّ	(جو) وہ بولتی ہے حق کے ساتھ
وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿62﴾	اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿62﴾
بَلۡ قُلُوۡبُهُمۡ فِىۡ غَمۡرَةٍ	بلکہ ان کے دل غفلت میں (پڑے ہوئے) ہیں
مِّنۡ هٰذَا وَلَهُمۡ اَعۡمَالٌ	اس (قرآن) سے اور انکے لیے کئی (بُرے) اعمال ہیں
مِّنۡ دُوۡنِ ذٰلِكَ هُمۡ لَهَا عٰمِلُوۡنَ ﴿63﴾	اس کے علاوہ (جو) وہ ان کو کرنے والے ہیں۔ ﴿63﴾
حَتّٰٓى اِذَاۤ اَخَذۡنَا	یہاں تک کہ جب ہم پکڑیں گے
مُتۡرَفِيۡهِمۡ بِالۡعَذَابِ	ان کے خوشحال لوگوں کو عذاب کے ساتھ
اِذَا هُمۡ يَجۡـَٔرُوۡنَ ﴿64﴾ؕ	(تو) اس وقت وہ چیخ و پکار کریں گے۔ ﴿64﴾
لَا تَجۡـَٔرُوا الۡيَوۡمَ قف	(کہا جائے گا) آج مت چیخو چلّاؤ
اِنَّكُمۡ مِّنَّا لَا تُنۡصَرُوۡنَ ﴿65﴾	بیشک تم ہماری طرف سے مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿65﴾
قَدۡ كَانَتۡ اٰيٰتِىۡ تُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ	یقیناً (دنیا میں) میری آیتیں تم پر پڑھی جاتیں تھیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كِتٰبٌ	کتاب، کتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	هٰذَا	لہٰذا، علی ہٰذا القیاس، حامل رقعہ ہذا۔
يَّنۡطِقُ	نطق، حیوان ناطق۔	اَعۡمَالٌ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	حَتّٰٓى	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
يُظۡلَمُوۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	اَخَذۡنَا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
بَلۡ	بلکہ۔	تُنۡصَرُوۡنَ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
قُلُوۡبُهُمۡ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	اٰيٰتِىۡ	آیت، آیات قرآنی۔
فِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	تُتۡلٰى	تلاوت، وحی متلو۔
مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	عَلَيۡكُمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

وَ	لَدَيْنَا	كِتٰبٌ ①	يَّنْطِقُ	بِالْحَقِّ	وَ	هُمْ
اور	ہمارے پاس	ایک کتاب	وہ بولتی ہے	حق کے ساتھ	اور	وہ سب

لَا	يُظْلَمُوْنَ ② (62)	بَلْ	قُلُوْبُهُمْ ③	فِيْ غَمْرَةٍ ④	مِّنْ هٰذَا
نہیں	وہ سب ظلم کیے جائیں گے	بلکہ	ان کے دل	غفلت میں	اس سے

وَ	لَهُمْ	اَعْمَالٌ	مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ ⑤	هُمْ	لَهَا	عٰمِلُوْنَ (63)
اور	ان کیلئے	اعمال	اس کے علاوہ	وہ سب	ان (اعمال) کو	سب کرنیوالے

حَتّٰٓى	اِذَآ ⑥	اَخَذْنَا	مُتْرَفِيْهِمْ ③⑦	بِالْعَذَابِ
یہاں تک کہ	جب	ہم پکڑیں گے	انکے سب خوشحال لوگوں کو	عذاب کے ساتھ

اِذَا ⑥	هُمْ	يَجْـَٔرُوْنَ ط (64)	لَا	تَجْـَٔرُوا
اس وقت	وہ سب	وہ سب چیخ و پکار کریں گے	مت	تم سب چیخو چلّاؤ

اَلْيَوْمَ قف	اِنَّكُمْ	مِّنَّا	لَا	تُنْصَرُوْنَ ② (65)
آج	بے شک تم	ہم سے	نہیں	تم سب مدد کیے جاؤ گے

قَدْ	كَانَتْ ④	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى ④	عَلَيْكُمْ
یقیناً	تھی	میری آیتیں	پڑھی جاتیں	تم پر

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ② علامت یـ یا تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ④ تـ، ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ اِذَا کا تعلق عموماً مستقبل کے ساتھ ہوتا ہے اور ترجمہ جب اور کبھی اس وقت یا اچانک ہوتا ہے۔ ⑦ یہ دراصل مُتْرَفِيْنَ + هِمْ تھا قواعد کی رو سے نْ گر گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿66﴾	تو تھے تم اپنی ایڑیوں پر پھر جایا کرتے۔ ﴿66﴾
مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ	تکبر کرتے ہوئے اس (قرآن) کے بارے میں
سٰمِرًا	افسانہ گوئی کرتے ہوئے
تَهْجُرُوْنَ ﴿67﴾	تم بے ہودہ گوئی کرتے تھے۔ ﴿67﴾
اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ	تو کیا نہیں انھوں نے خوب غور کیا بات (قرآن) میں
اَمْ جَآءَهُمْ مَّا	یا آئی ہے ان کے پاس (وہ چیز) جو
لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿68﴾	نہیں آئی ان کے پہلے باپ دادا کے پاس۔ ﴿68﴾
اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ	یا نہیں پہچانا انہوں نے اپنے رسول کو
فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿69﴾	تو وہ اُس کا انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿69﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ	یا وہ کہتے ہیں اس کو کوئی جنون ہے
بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ	بلکہ وہ آیا ان کے پاس حق کے ساتھ (یعنی حق لے کر)
وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿70﴾	اور انکے اکثر حق کو ناپسند کرنے والے ہیں۔ ﴿70﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰٓى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	رَسُوْلَهُمْ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مُسْتَكْبِرِيْنَ	کبیر، اکبر، متکبر، تکبر۔	مُنْكِرُوْنَ	منکر، انکار۔
يَدَّبَّرُوا	تدبر، تدبیر، مدبر۔	جِنَّةٌ	جنون، مجنون۔
الْقَوْلَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بَلْ	بلکہ۔
مَّا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	بِالْحَقِّ	حق و باطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔
اٰبَآءَهُمْ	آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔	وَ	مال و دولت، عفو و درگزر۔
الْاَوَّلِيْنَ	قرون اولی، اولین فرصت میں۔	اَكْثَرُهُمْ	کثرت، اکثر، کثیر، اکثریت۔
يَعْرِفُوْا	عرف، معروف، تعارف، معرفت۔	كٰرِهُوْنَ	کراہت، مکروہ، مکروہات۔

فَكُنْتُمْ	عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ①	تَنْكِصُوْنَ (66) لا	مُسْتَكْبِرِيْنَ ② صلے
تو تھے تم	اپنی ایڑیوں پر	تم سب پھر جایا کرتے (تھے)	سب تکبر کرنے والے

بِهٖ ③	سٰمِرًا	تَهْجُرُوْنَ (67)	اَفَلَمْ
اس پر	افسانہ گوئی کرتے ہوئے	تم سب بے ہودہ گوئی کرتے (تھے)	تو کیا نہیں

يَدَّبَّرُوا ④	الْقَوْلَ	اَمْ	جَآءَهُمْ	مَّا
ان سب نے غور کیا	بات (پر)	یا	آئی ہے ان کے پاس	جو

لَمْ	يَاْتِ	اٰبَآءَهُمُ ⑤	الْاَوَّلِيْنَ ⑥ (68) ز	اَمْ	لَمْ
نہیں	وہ آئی	انکے باپ دادا	پہلے	یا	نہیں

يَعْرِفُوْا ④	رَسُوْلَهُمْ ⑤	فَهُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ ② (69) ز	اَمْ
ان سب نے پہچانا	اپنے رسول (کو)	تو وہ	اس کا	سب انکار کرنیوالے	یا

يَقُوْلُوْنَ	بِهٖ ③	جِنَّةٌ ⑦ ط	بَلْ	جَآءَهُمْ
وہ سب کہتے ہیں	اس کو	کوئی جنوں (ہے)	بلکہ	وہ آیا ان کے پاس

بِالْحَقِّ ③	وَ	اَكْثَرُهُمْ ⑤	لِلْحَقِّ	كٰرِهُوْنَ (70)
حق کے ساتھ	اور	ان کے اکثر	حق کو	سب ناپسند کرنیوالے

ضروری وضاحت

① کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کیا جاتا ہے۔ ④ علامت لَمْ کے بعد عموماً علامت یـ کا ترجمہ اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔ ⑤ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے ⑥ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ	اور اگر حق پیروی کرے ان کی خواہشات کی
لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ	(تو) یقیناً بگڑ جائیں آسمان اور زمین
وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ	اور جو کوئی ان میں ہے
بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ	بلکہ ہم لائے ہیں ان کے پاس ان کی نصیحت کو
فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ؕ﴿71﴾	تو وہ اپنی نصیحت سے منہ موڑنے والے ہیں۔﴿71﴾
اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا	یا آپ سوال کرتے ہیں ان سے کسی اُجرت کا؟
فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ	تو تیرے رب کی آمدنی بہت بہتر ہے
وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿72﴾	اور وہ سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے۔﴿72﴾
وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ	اور بلاشبہ آپ یقیناً بلاتے ہیں انہیں
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿73﴾	سیدھے راستے (اسلام) کی طرف۔﴿73﴾
وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	اور بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے
عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿74﴾	(وہ اصل) راستے سے یقیناً انحراف کرنے والے ہیں۔﴿74﴾

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّبَعَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَهْوَآءَهُمْ : ہوائے نفس۔
لَفَسَدَتِ : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
السَّمٰوٰتُ : کتب سماویہ، ارض وسما۔
بِذِكْرِهِمْ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
مُّعْرِضُوْنَ : اعراض کرنا۔
تَسْـَٔلُهُمْ : سوال، سائل، مسئول۔
خَرْجًا : خراج وصول کرنا۔
خَيْرٌ : خیر، خیریت، خیرخواہی، صبح بخیر۔
الرّٰزِقِيْنَ : رزق، رزّاق، رازق۔
لَتَدْعُوْهُمْ : دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
صِرَاطٍ : صراط مستقیم، پل صراط۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
بِالْاٰخِرَةِ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

وَلَوِ	اتَّبَعَ	الۡحَقُّ	اَهۡوَآءَهُمۡ ①	لَفَسَدَتِ ②③	السَّمٰوٰتُ ③
اور اگر	پیروی کرے	حق	ان کی خواہشات	یقیناً بگڑ جائیں	آسمان

وَ	الۡاَرۡضُ	وَ	مَنۡ ④	فِيۡهِنَّ ⑤ ط	بَلۡ	اَتَيۡنٰهُمۡ
اور	زمین	اور	جو	ان میں	بلکہ	ہم لائے ہیں ان کے پاس

بِذِكۡرِهِمۡ ①⑥	فَهُمۡ	عَنۡ ذِكۡرِهِمۡ ①	مُّعۡرِضُوۡنَ ⑦ ط (71)	اَمۡ
ان کی نصیحت کو	تو وہ	اپنی نصیحت سے	سب منہ موڑنے والے	یا

تَسۡـَٔلُهُمۡ	خَرۡجًا	فَخَرَاجُ	رَبِّكَ	خَيۡرٌ صلے
آپ سوال کرتے ہیں ان سے	اُجرت (کا)	تو اُجرت	تیرے رب (کی)	بہتر

وَّ	هُوَ	خَيۡرُ	الرّٰزِقِيۡنَ (72)	وَ	اِنَّكَ
اور	وہ	بہتر	سب رزق دینے والوں (سے)	اور	بلاشبہ آپ

لَتَدۡعُوۡهُمۡ ②	اِلٰى صِرَاطٍ	مُّسۡتَقِيۡمٍ (73)	وَاِنَّ	الَّذِيۡنَ
یقیناً آپ بلاتے ہیں اُنہیں	راستے کی طرف	سیدھے	اور بیشک	جو

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ	بِالۡاٰخِرَةِ ③⑥	عَنِ الصِّرَاطِ	لَنٰكِبُوۡنَ ② (74)
نہیں وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	راستے سے	یقیناً سب انحراف کرنیوالے

الربع

ضروری وضاحت

①هُمۡ یا هِمۡ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔② شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔③ تُ، ةِ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں اور تُ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دیتے ہیں۔④ مَنۡ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔⑤هِنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کیا جاتا ہے۔⑦ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ	اور اگر ہم رحم کریں ان پر
وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ	اور ہم دور کر دیں جو ان کو کوئی تکلیف ہو
لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿75﴾	ضرور اصرار کریں اپنی سرکشی میں بھٹکتے ہوئے۔﴿75﴾
وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے پکڑا انہیں عذاب کے ساتھ
فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ	پھر (بھی) نہ وہ جھکے اپنے رب کے سامنے
وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿76﴾	اور نہ وہ عاجزی اختیار کرتے تھے۔﴿76﴾
حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا	یہاں تک کہ جب ہم نے کھولا ان پر دروازہ
ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا	سخت عذاب والا اچانک
هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿77﴾ ع	وہ اس میں نا اُمید ہونے والے ہو گئے۔﴿77﴾
وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ	اور (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیے تمہارے لیے
السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ	کان اور آنکھیں اور دل
قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾	بہت کم تم شکر ادا کرتے ہو۔﴿78﴾

ع 4/27/4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَحِمْنٰهُمْ : رحمت، رحم، مرحوم۔	عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
كَشَفْنَا : انکشاف، منکشف، مکاشفہ، کشف۔	بَابًا : باب، ابواب۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	شَدِيْدٍ : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
ضُرٍّ : مضر صحت، ضرر رساں۔	اَنْشَاَ : نشونما۔
طُغْيَانِهِمْ : طغیانی، طاغوت، طاغوتی نظام۔	السَّمْعَ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
اَخَذْنٰهُمْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	الْاَبْصَارَ : بصر، بصارت، بصیرت۔
حَتّٰٓى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	قَلِيْلًا : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
فَتَحْنَا : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔	تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔

وَلَوْ	رَحِمْنٰهُمْ	وَ	كَشَفْنَا	مَا	بِهِمْ ①
اور اگر	ہم رحم کریں ان پر	اور	ہم دور کر دیں	جو	ان کو

مِّنْ ضُرٍّ ②	لَّلَجُّوْا ③	فِيْ طُغْيَانِهِمْ ④	يَعْمَهُوْنَ (75)	وَ	لَقَدْ
کوئی تکلیف	ضرور اصرار کریں	اپنی سرکشی میں	وہ سب بھٹکتے ہیں	اور	بلاشبہ یقیناً

اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ ①	فَمَا	اسْتَكَانُوْا	لِرَبِّهِمْ ④
ہم نے پکڑا انہیں	عذاب کے ساتھ	پھر نہ	وہ سب جھکے	اپنے رب کے لیے

وَمَا	يَتَضَرَّعُوْنَ (76)	حَتّٰٓى	اِذَا ⑤	فَتَحْنَا
اور نہ	وہ سب عاجزی اختیار کرتے تھے	یہاں تک کہ	جب	ہم نے کھولا

عَلَيْهِمْ	بَابًا	ذَا عَذَابٍ	شَدِيْدٍ	اِذَا ⑤	هُمْ	فِيْهِ
ان پر	دروازہ	عذاب والا	سخت	اچانک	وہ سب	اس میں

ع 4 27 4

مُبْلِسُوْنَ (77) ع	وَهُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	لَكُمُ ⑥	السَّمْعَ
سب ناامید ہونے والے	اور وہ	جس نے	پیدا کیا	تمہارے لیے	کان

وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ ؕ	قَلِيْلًا مَّا ⑦	تَشْكُرُوْنَ (78)
اور	آنکھیں	اور	دل	بہت کم	تم سب شکر ادا کرتے ہو

ضروری وضاحت

اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِيۡنَ ﴿24﴾	اگر ہو تم یقین کرنے والے۔ ﴿24﴾
قَالَ لِمَنۡ حَوۡلَهٗۤ	(فرعون نے) کہا (ان) سے جو اس کے ارد گرد تھے
اَلَا تَسۡتَمِعُوۡنَ ﴿25﴾ قَالَ رَبُّكُمۡ	کیا تم سنتے نہیں۔ ﴿25﴾ (موسیٰؑ نے) کہا تمہارا رب ہے
وَرَبُّ اٰبَآٮِٕكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿26﴾	اور تمہارے پہلے آباؤ اجداد کا رب ہے۔ ﴿26﴾
قَالَ اِنَّ رَسُوۡلَكُمُ الَّذِىۡۤ	کہا (فرعون نے) بے شک تمہارا (یہ) رسول جو
اُرۡسِلَ اِلَيۡكُمۡ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿27﴾	بھیجا گیا ہے تمہاری طرف یقیناً دیوانہ ہے۔ ﴿27﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	تَسۡتَمِعُوۡنَ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
عَلَىَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عَبَّدْتَّ : عابد، عبادت، معبود۔	الۡاَوَّلِيۡنَ : اوّل وآخر، اوّلین فرصت، اوّل پوزیشن۔
بَنِىۡۤ : ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔	وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
الۡعٰلَمِيۡنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔	اٰبَآٮِٕكُمُ : آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
بَيۡنَهُمَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اِلَيۡكُمۡ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
مُّوۡقِنِيۡنَ : یقین، یقین محکم، یقین کامل۔	رَسُوۡلَكُمُ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
حَوۡلَهٗۤ : ماحول، ماحولیات۔	لَمَجۡنُوۡنٌ : مجنون، جنون۔

وَ	تِلْكَ ①	نِعْمَةٌ ②	تَمُنُّهَا	عَلَيَّ ③	اَنْ	عَبَّدْتَّ
اور	یہ	احسان	تو جتلا رہا ہے اسے	مجھ پر	کہ	تو نے غلام بنا رکھا ہے
بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿22﴾ ط	قَالَ	فِرْعَوْنُ	وَ	مَا ④	رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿23﴾ ط	
بنی اسرائیل	کہا	فرعون نے	اور	کیا (ہے)	جہانوں کا رب	
قَالَ	رَبُّ السَّمٰوٰتِ ②	وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا ط	
کہا	آسمانوں کا رب	اور زمین (کا)	اور	جو	ان دونوں کے درمیان	
اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ ⑤ ﴿24﴾	قَالَ	لِمَنْ	حَوْلَهٗٓ	
اگر	ہو تم	سب یقین کرنیوالے	کہا	(ان) سے جو	اس کے اردگرد	
اَ	لَا ⑥	تَسْتَمِعُوْنَ ﴿25﴾	قَالَ	رَبُّكُمْ		
کیا	نہیں	تم سب سنتے	کہا	تمہارا رب		
وَ	رَبُّ	اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿26﴾	قَالَ	اِنَّ ⑦		
اور	رب	تمہارے پہلے سب آباؤ اجداد کا	کہا	بے شک		
رَسُوْلَكُمُ	الَّذِيْٓ	اُرْسِلَ ⑧	اِلَيْكُمْ	لَمَجْنُوْنٌ ﴿27﴾		
تمہارا رسول	جو	بھیجا گیا ہے	تمہاری طرف	یقیناً دیوانہ		

ضروری وضاحت

① تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ عَلَيَّ دراصل عَلٰى + یْ کا مجموعہ ہے۔ ④ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔ ⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑦ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ	(موسیٰؑ نے) کہا (جو) مشرق اور مغرب کا رب ہے۔
وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ	اور (اس کا) جو ان دونوں کے درمیان ہے
اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿28﴾	اگر ہو تم عقل رکھتے۔ ﴿28﴾
قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ	کہا (فرعون نے) یقیناً اگر تو نے بنایا
اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ	کوئی معبود میرے علاوہ بلاشبہ ضرور میں کر دوں گا تجھے
مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿29﴾	قیدیوں میں سے۔ ﴿29﴾
قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ	(موسیٰؑ نے) کہا اور کیا اگر میں لے آؤں تیرے پاس
بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿30﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖٓ	کوئی واضح چیز۔ ﴿30﴾ (فرعون نے) کہا پس لے آ تو اس کو
اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿31﴾	اگر تو ہے سچوں میں سے۔ ﴿31﴾
فَاَلْقٰى عَصَاهُ	تو پھینکی (موسیٰؑ نے) اپنی لاٹھی
فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۚۖ ﴿32﴾	تو اچانک وہ واضح اژدھا تھی۔ ﴿32﴾
وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ	اور نکالا اپنا ہاتھ تو اچانک وہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بِشَيْءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
الْمَشْرِقِ	: مشرق و مغرب، شرق و غرب۔	مُّبِيْنٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔	الصّٰدِقِيْنَ	: صداقت، صدق و صفا، صادق و امین۔
بَيْنَهُمَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	فَاَلْقٰى	: القاء۔
تَعْقِلُوْنَ	: عقل، عاقل، معقول۔	عَصَاهُ	: عصا، عصائے موسیٰ۔
اتَّخَذْتَ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	مُّبِيْنٌ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
غَيْرِيْ	: دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔	نَزَعَ	: حالت نزع، نزعی بیان۔
مِنَ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	يَدَهٗ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔

قَالَ	رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا ؕ
کہا	مشرق اور مغرب کا رب	اور	جو	ان دونوں کے درمیان

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْقِلُوْنَ ﴿28﴾	قَالَ	لَئِنِ
اگر	ہو تم	تم سب عقل رکھتے	کہا	یقیناً اگر

اتَّخَذْتَ	اِلٰهًا ①	غَيْرِيْ	لَاَجْعَلَنَّكَ ②
تو نے بنایا	کوئی معبود	میرے علاوہ	بلاشبہ ضرور میں بنادوں گا تجھے

مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿29﴾	قَالَ	اَوَ ③	لَوْ	جِئْتُكَ
قیدیوں میں سے	کہا	اور کیا	اگر	میں لے آؤں تیرے پاس

بِشَيْءٍ ①④	مُّبِيْنٍ ﴿30﴾ ج	قَالَ	فَاْتِ ⑤	بِهٖٓ ④	اِنْ
کسی چیز کو	واضح	کہا	پس تو لے آ	اس کو	اگر

كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿31﴾	فَاَلْقٰى ⑤	عَصَاهُ	فَاِذَا ⑤⑥	هِيَ ⑦
تو ہے	سچوں میں سے	تو اس نے پھینکی	اپنی لاٹھی	تو اچانک	وہ

ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ ﴿32﴾ صلے	وَّ	نَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا ⑤⑥	هِيَ ⑦
اژدھا	واضح	اور	نکالا	اپنا ہاتھ	تو اچانک	وہ

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔ ② فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ③ اَوَ یا اَفَ میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ⑤ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ⑥ اِذَا کا ترجمہ عموماً جب ہوتا ہے کبھی اس کا ترجمہ اچانک بھی کیا جاتا ہے۔ ⑦ هِيَ واحد مؤنث کیلئے اور هُوَ واحد مذکر کے لیے استعمال ہوتا ہے دونوں کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔

ع 2/24 6

بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۟ؑ (33)	سفید (چمکدار) تھا دیکھنے والوں کے لیے۔ (33)
قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ	کہا (فرعون نے) سرداروں سے (جو) اسکے اردگرد تھے
اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۙ (34)	بلاشبہ یہ یقیناً علم رکھنے والا جادوگر ہے۔ (34)
يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ	وہ چاہتا ہے کہ وہ نکال دے تمہیں
مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ	تمہاری سرزمین سے اپنے جادو سے
فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ (35)	تو تم کیا حکم دیتے ہو۔ (35)
قَالُوْٓا اَرْجِهْ	انہوں نے کہا مہلت دے (انتظار میں رکھ) اسے
وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ	اور اسکے بھائی کو اور تو بھیج شہروں میں
حٰشِرِيْنَ ۙ (36) يَاْتُوْكَ	اکٹھا کرنے والے۔ (36) (کہ) وہ لے آئیں تیرے پاس
بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ (37)	ہر بڑے جادوگر کو (جو) خوب علم رکھنے والا (ماہر) ہو۔ (37)
فَجُمِعَ السَّحَرَةُ	تو جمع کیے گئے جادوگر
لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ (38)	معین دن کے طے شدہ وقت پر۔ (38)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيْضَآءُ : ید بیضاء۔	اَرْضِكُمْ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
لِلنّٰظِرِيْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔	تَاْمُرُوْنَ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔
لِلْمَلَاِ : الحمدللہ، لہٰذا۔	اَخَاهُ : اخوت، مواخات۔
حَوْلَهٗٓ : ماحول، ماحولیات۔	ابْعَثْ : بعثت، مبعوث۔
لَسٰحِرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	الْمَدَآئِنِ : مدینۃ الاولیاء، مدنیت، تمدن۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	حٰشِرِيْنَ : حشر، محشر، حشر نشر۔
يُّرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	فَجُمِعَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
يُّخْرِجَكُمْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	لِمِيْقَاتِ : میقاتِ حج، وقت، اوقات۔

ع 2 24 6

حَوْلَهٗٓ	لِلْمَلَاِ ②	قَالَ	لِلنّٰظِرِيْنَ ع ﴿33﴾	بَيْضَآءُ ①
اپنے اردگرد	سرداروں سے	اس نے کہا	سب دیکھنے والوں کے لیے	سفید

يُّرِيْدُ	عَلِيْمٌ ﴿34﴾ ③ لا	لَسٰحِرٌ	هٰذَا	اِنَّ
وہ چاہتا ہے	خوب علم رکھنے والا	یقیناً جادوگر	یہ	بلاشبہ

بِسِحْرِهٖ صلے	مِّنْ اَرْضِكُمْ ④	يُّخْرِجَكُمْ ④	اَنْ
اپنے جادو سے	تمہاری سرزمین سے	وہ نکال دے تمہیں	کہ

وَ	اَرْجِهْ ⑤	قَالُوْٓا	تَاْمُرُوْنَ ﴿35﴾	فَمَاذَا
اور	مہلت دے اسے	ان سب نے کہا	تم سب حکم دیتے ہو	توکیا

حٰشِرِيْنَ ﴿36﴾ لا	فِي الْمَدَآئِنِ	ابْعَثْ	وَ	اَخَاهُ
سب اکٹھا کرنے والے	شہروں میں	توبھیج	اور	اسکے بھائی (کو)

عَلِيْمٍ ﴿37﴾ ③	بِكُلِّ سَحَّارٍ ③	يَاْتُوْكَ
خوب علم رکھنے والا	ہر بڑا جادوگر کو	وہ سب لے آئیں تیرے پاس

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿38﴾ لا	لِمِيْقَاتِ	السَّحَرَةُ ⑦	فَجُمِعَ ⑥
معین دن	طے شدہ وقت پر	جادوگر	توجمع کیے گئے

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں آء واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے۔②قَالَ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ عموماً سے کیا جاتا ہے۔③اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔④کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ تمہیں اور اگر اسم کے آخر میں ہوتو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے کیا جاتا ہے۔⑤اَرْجِهْ دراصل اَرْجِ + هٖ تھا قرآنی کتابت میں هٖ کو ساکن لکھا گیا ہے۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦السَّحَرَةُ کے آخر میں ةُ جمع کے لیے آئی ہے۔

وَّقِيۡلَ لِلنَّاسِ هَلۡ اَنۡتُمۡ مُّجۡتَمِعُوۡنَ ۙ﴿39﴾	اور کہا گیا لوگوں سے کیا تم جمع ہونے والے ہو۔﴿39﴾
لَعَلَّنَا نَـتَّبِعُ السَّحَرَةَ	تاکہ ہم (ان) ان جادوگروں کے پیروکار بن جائیں
اِنۡ كَانُوۡا هُمُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿40﴾	اگر ہوں وہی غلبہ پانے والے۔﴿40﴾
فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ	پھر جب آگئے جادوگر
قَالُوۡا لِفِرۡعَوۡنَ	(تو) انہوں نے کہا فرعون سے
اَئِنَّ لَنَا لَاَجۡرًا	کیا واقعی ہمارے لیے ضرور کوئی صلہ ہوگا
اِنۡ كُنَّا نَحۡنُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿41﴾	اگر ہم ہی غالب ہوئے۔﴿41﴾
قَالَ نَعَمۡ وَاِنَّكُمۡ اِذًا	اس نے کہا ہاں اور بے شک تم اس وقت
لَّمِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ ﴿42﴾	ضرور (میرے) مقرب لوگوں میں سے ہوگے۔﴿42﴾
قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰٓى	موسیٰؑ نے ان سے کہا
اَلۡقُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ مُّلۡقُوۡنَ ﴿43﴾	تم ڈالو جو کچھ تم ڈالنے والے ہو۔﴿43﴾
فَاَلۡقَوۡا حِبَالَهُمۡ وَعِصِيَّهُمۡ	تو انہوں نے ڈالیں اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لِفِرۡعَوۡنَ	الحمد للہ، لہٰذا/فرعون، فرعونیت۔
قِيۡلَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لَاَجۡرًا	اجر وثواب، اجر عظیم، اجرت۔
لِلنَّاسِ	عوام الناس، عامۃ الناس۔	لَّمِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
مُّجۡتَمِعُوۡنَ	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	الۡمُقَرَّبِيۡنَ	قرب، قریب، مقرب، تقرب۔
نَـتَّبِعُ	اتباع، تابع، متبع سنت۔	اَلۡقُوۡا	القاء۔
السَّحَرَةَ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	مَاۤ	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
الۡغٰلِبِيۡنَ	غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔	عِصِيَّهُمۡ	عصا، عصائے موسیٰ۔

وَّ	قِيْلَ ①	لِلنَّاسِ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿39﴾
اور	کہا گیا	لوگوں سے	کیا	تم	سب جمع ہونے والے ہو

لَعَلَّنَا	نَتَّبِعُ	السَّحَرَةَ ②	اِنْ	كَانُوْا
تاکہ ہم	ہم پیروکار بن جائیں	جادوگروں	اگر	ہوں وہ سب

هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ③ ﴿40﴾	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ ②	قَالُوْا	لِفِرْعَوْنَ ④
وہی سب غلبہ پانے والے	پھر جب	آ گئے	جادوگر	ان سب نے کہا	فرعون سے

اَئِنَّ	لَنَا ⑤	لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ③ ﴿41﴾
کیا واقعی	ہمارے لیے	ضرور کوئی صلہ	اگر	ہوئے ہم	ہم سب ہی غلبہ پانے والے

قَالَ	نَعَمْ	وَ	اِنَّكُمْ	اِذًا ⑥	لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿42﴾
کہا	ہاں	اور	بے شک تم	اس وقت	ضرور مقرب لوگوں میں سے

قَالَ	لَهُمْ ④⑤	مُّوْسٰى	اَلْقُوْا	مَآ	اَنْتُمْ
کہا	ان سے	موسیٰؑ نے	تم سب ڈالو	جو	تم

مُّلْقُوْنَ ⑦ ﴿43﴾	فَاَلْقَوْا	حِبَالَهُمْ ⑧	وَ	عِصِيَّهُمْ ⑧
سب ڈالنے والے	تو ان سب نے ڈالیں	اپنی رسیاں	اور	اپنی لاٹھیاں

ضروری وضاحت

① قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے و کو ی کیا گیا ہے۔② السَّحَرَةُ کے آخر میں ۃ جمع کے لیے آئی ہے۔
③ هُمْ اور نَحْنُ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔④ قَالَ، قَالُوْا وغیرہ کے بعد لِ یا لَ کا ترجمہ عموماً سے کیا
جاتا ہے۔⑤ لِ جب نَا اور هُمْ وغیرہ کیساتھ آئے تو وہ لَ ہو جاتا ہے۔⑥ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب یا اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا
ترجمہ جب ہوتا ہے۔⑦ مُلْقُوْنَ اصل میں مُلْقِيُوْنَ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے یا کو گرایا گیا ہے۔

وَقَالُوۡا بِعِزَّةِ فِرۡعَوۡنَ	اور انہوں نے کہا فرعون کی عزت کی قسم
اِنَّا لَنَحۡنُ الۡغٰلِبُوۡنَ ﴿44﴾	بلا شبہ یقیناً ہم ہی غالب ہونے والے ہیں۔ ﴿44﴾
فَاَلۡقٰى مُوۡسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ	پھر پھینکی موسیٰؑ نے اپنی لاٹھی تو اچانک وہ
تَلۡقَفُ مَا يَاۡفِكُوۡنَ ﴿45﴾	نگل رہی تھی (انکو) جو وہ جھوٹ موٹ بنا رہے تھے۔ ﴿45﴾
فَاُلۡقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيۡنَ ﴿46﴾	تو گرا دیے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے۔ ﴿46﴾
قَالُوۡۤا اٰمَنَّا	انہوں نے کہا ہم ایمان لائے
بِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿47﴾	سب جہانوں کے رب پر۔ ﴿47﴾
رَبِّ مُوۡسٰى وَهٰرُوۡنَ ﴿48﴾	موسیٰؑ اور ہارونؑ کے رب پر۔ ﴿48﴾
قَالَ اٰمَنۡتُمۡ لَهٗ	(فرعون نے) کہا (کیا) تم ایمان لائے اس پر
قَبۡلَ اَنۡ اٰذَنَ لَكُمۡ	اس سے پہلے کہ میں اجازت دیتا تم کو
اِنَّهٗ لَكَبِيۡرُكُمُ الَّذِىۡ	بلا شبہ وہ یقیناً تمہارا بڑا ہے جس نے
عَلَّمَكُمُ السِّحۡرَ فَلَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ	تمہیں سکھایا ہے جادو سو یقیناً جلد ہی تم جان لوگے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔	سٰجِدِيۡنَ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
قَالُوۡا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اٰمَنَّا : ایمان، مؤمن، امن۔
بِعِزَّةِ : عزت، باعزت، معزز۔	بِرَبِّ : رب، ربوبیت، رب العلمین۔
الۡغٰلِبُوۡنَ : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔	الۡعٰلَمِيۡنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
فَاَلۡقٰى : القا۔	قَبۡلَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
عَصَاهُ : عصا، عصائے موسیٰ۔	اٰذَنَ : اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	لَكَبِيۡرُكُمۡ : کبریائی، اکبر۔
السَّحَرَةُ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	عَلَّمَكُمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

وَ	قَالُوْا	بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ ①②	اِنَّا ③
اور	ان سب نے کہا	فرعون کی عزت کی قسم	بلاشبہ ہم

لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ④ ﴿44﴾	فَاَلْقٰى	مُوْسٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا ⑤
یقیناً ہم سب ہی غالب ہونے والے	پھر پھینکی	موسیٰؑ (نے)	اپنی لاٹھی	تو اچانک

هِيَ	تَلْقَفُ ②	مَا	يَاْفِكُوْنَ ﴿45﴾ ج	فَاُلْقِيَ ⑥
وہ	نگل رہی تھی	جو	وہ سب جھوٹ موٹ بنا رہے تھے	تو گرا دیے گئے

السَّحَرَةُ ⑦	سٰجِدِيْنَ ﴿46﴾ لا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
جادوگر	سب سجدہ کرنے والے	ان سب نے کہا	ہم ایمان لائے

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾ لا	رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿48﴾	قَالَ	اٰمَنْتُمْ
سب جہانوں کے رب پر	موسیٰؑ اور ہارونؑ کے رب	اس نے کہا	تم نے بات مانی

لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ ⑧	لَكُمْ ج	اِنَّهٗ	لَكَبِيْرُكُمُ
اس کی	پہلے	کہ	میں اجازت دیتا	تم کو	بلاشبہ وہ	یقیناً تمہارا بڑا

الَّذِيْ	عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ ج	فَلَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ط
جس نے	تمہیں سکھایا ہے	جادو	سو یقیناً جلد ہی	تم سب جان لوگے

ضروری وضاحت

① بِعِزَّةِ میں بِ قسم کے لیے استعمال ہوا ہے۔② ة اسم کے آخر میں اور تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔③ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔④ نَحْنُ کے بعد اَلْ میں تاکید کا مفہوم ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔⑤ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ السَّحَرَةُ کے آخر میں ةُ جمع کے لیے آئی ہے۔⑧ اٰذَنَ اصل میں اَاْذَنَ تھا دوسرے ہمزے کو آسانی کے لیے الف سے بدلا گیا ہے۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ	بلاشبہ ضرور میں کاٹوں گا تمہارے ہاتھ
وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ	اور تمہارے پاؤں مخالف سمت سے
وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿49﴾	اور ضرور بالضرور میں سولی دوں گا تمہیں سب کو۔ ﴿49﴾
قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۡ	انہوں نے کہا کوئی نقصان (کی بات) نہیں
اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿50﴾ج	بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ﴿50﴾
اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا	بے شک ہم اُمید رکھتے ہیں کہ بخش دے گا ہم کو
رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ	ہمارا رب ہمارے گناہ (اس لیے) کہ ہم ہوئے ہیں
اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿51﴾ط ع وَاَوْحَيْنَآ	پہلے ایمان لانے والے۔ ﴿51﴾ع اور ہم نے وحی کی
اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ	موسیٰؑ کی طرف یہ کہ تو نکال لے جا رات کو میرے بندوں کو
اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿52﴾	بے شک تم پیچھا کیے جانے والے ہو۔ ﴿52﴾
فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ	تو بھیج دیئے فرعون نے
فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿53﴾ج	شہروں میں اکٹھا کرنے والے (ہرکارے)۔ ﴿53﴾

ع 3 18 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاُقَطِّعَنَّ	قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔	خَطٰيٰنَآ	خطا، خطا کار۔
اَيْدِيَكُمْ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	اَوْحَيْنَآ	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
خِلَافٍ	خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔	بِعِبَادِيْٓ	عابد، عبادت، معبود۔
لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ	صلیب، مصلوب۔	مُّتَّبَعُوْنَ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
ضَيْرَ	مضر صحت، ضرر رساں۔	فَاَرْسَلَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مُنْقَلِبُوْنَ	انقلاب، انقلابی اقدام۔	فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
نَطْمَعُ	مطمعِ نظر، لالچ و طمع۔	الْمَدَآئِنِ	مدینہ منورہ، مدینۃ الاولیاء، تمدن۔
يَّغْفِرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	حٰشِرِيْنَ	حشر، محشر، حشر نشر۔

لَاُقَطِّعَنَّ ①	اَيْدِيَكُمْ	وَ	اَرْجُلَكُمْ	مِّنْ خِلَافٍ
بلاشبہ ضرور میں کاٹوں گا	تمہارے ہاتھ	اور	تمہارے پاؤں	مخالف (سمت) سے

وَّ	لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ ①②	اَجْمَعِيْنَ ③ (49)	قَالُوْا	لَا ضَيْرَ ④ ز
اور	ضرور بالضرور میں سولی دوں گا تمہیں	سب کے سب	ان سب نے کہا	نہیں کوئی نقصان

اِنَّآ ⑤	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ ⑥ ج (50)	اِنَّا ⑤	نَطْمَعُ
بلاشبہ ہم	اپنے رب کی طرف	سب لوٹنے والے	بے شک ہم	ہم اُمید رکھتے ہیں

اَنْ	يَّغْفِرَ	لَنَا ⑦	رَبُّنَا	خَطٰيٰنَآ	اَنْ	كُنَّآ
کہ	وہ بخش دے گا	ہم کو	ہمارا رب	ہمارے گناہ	کہ	ہم ہوئے ہیں

ع 18 (3/7)

اَوَّلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ ⑥ ط ع (51)	وَ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى
پہلے	سب ایمان لانے والے	اور	ہم نے وحی کی	موسیٰؑ کی طرف

اَنْ	اَسْرِ	بِعِبَادِيْٓ	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ ⑥ (52)
(یہ) کہ	تو نکال لے جا رات کو	میرے بندوں کو	بے شک تم	سب پیچھا کیے جانے والے ہو

فَاَرْسَلَ	فِرْعَوْنُ ⑧	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ ج (53)
تو بھیجا	فرعون (نے)	شہروں میں	سب اکٹھا کرنے والے

ضروری وضاحت

①فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔② لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ میں و قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ③ يْنَ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ ضَيْرَ اور ضرر دونوں کا ترجمہ نقصان ہوتا ہے۔⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑥ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے اور زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لِ علامت نَا کیساتھ لَ ہو جاتا ہے۔⑧ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ	(اور کہا کہ) بیشک یہ لوگ
لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿54﴾	یقیناً ایک تھوڑی سی جماعت ہیں۔ ﴿54﴾
وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿55﴾	اور بیشک وہ ہمیں یقیناً غصہ دلانے والے ہیں۔ ﴿55﴾
وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿56﴾	اور بیشک ہم یقیناً سب چوکنّے رہنے والے ہیں۔ ﴿56﴾
فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿57﴾	تو ہم نے نکال دیا انہیں باغات اور چشموں سے۔ ﴿57﴾
وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿58﴾	اور خزانوں اور عمدہ جگہوں (سے)۔ ﴿58﴾
كَذٰلِكَ ؕ	اسی طرح (ہوا)،
وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿59﴾	اور ہم نے وارث بنایا ان (چیزوں) کا بنی اسرائیل کو۔ ﴿59﴾
فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿60﴾	تو انہوں نے پیچھا کیا انکا سورج نکلتے (یعنی صبح کرتے) ہی۔ ﴿60﴾
فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ	پھر جب ایک دوسرے کو دیکھا دونوں جماعتوں نے
قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى	کہا موسیٰؑ کے ساتھیوں نے
اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿61﴾	بے شک ہم یقیناً پکڑے جانے والے ہیں۔ ﴿61﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَلِيْلُوْنَ	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔	كَذٰلِكَ	کما حقہ، کالعدم۔
لَغَآئِظُوْنَ	غیظ وغضب۔	اَوْرَثْنٰهَا	وارث، وراثت، ورثا۔
لَجَمِيْعٌ	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	فَاَتْبَعُوْهُمْ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
فَاَخْرَجْنٰهُمْ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	مُّشْرِقِيْنَ	شرق وغرب، نماز اشراق۔
مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تَرَآءَ	رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔
جَنّٰتٍ	جنت الفردوس، جنات۔	قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مَقَامٍ	مقام ومرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔	اَصْحٰبُ	صاحب، صحابی، صحابہ۔
كَرِيْمٍ	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔	لَمُدْرَكُوْنَ	فہم وادراک، درک۔

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَشِرْذِمَةٌ ①②	قَلِيْلُوْنَ ③ ۙ (54)	وَ
بے شک	یہ لوگ	یقیناً ایک جماعت	بہت تھوڑے	اور

اِنَّهُمْ	لَنَا ④	لَغَآئِظُوْنَ ۙ (55)	وَ	اِنَّا ⑤
بیشک وہ	ہم کو	ضرور سب غصہ دلانے والے	اور	بیشک ہم

لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ ؕ (56)	فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ جَنّٰتٍ ①
یقیناً سب	سب چوکنّے رہنے والے	تو ہم نے نکال دیا انہیں	باغات سے

وَّ	عُيُوْنٍ ۙ (57)	وَّ	كُنُوْزٍ	وَّ	مَقَامٍ كَرِيْمٍ ۙ (58)
اور	چشموں	اور	خزانوں	اور	عمدہ جگہوں (سے)

كَذٰلِكَ ؕ	وَ	اَوْرَثْنٰهَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ؕ (59)	فَاَتْبَعُوْهُمْ
اسی طرح	اور	ہم نے وارث بنایا انکا	بنی اسرائیل (کو)	تو ان سب نے پیچھا کیا انکا

مُّشْرِقِيْنَ ⑥ (60)	فَلَمَّا	تَرَآءَ ⑦	الْجَمْعٰنِ
صبح کرتے ہی	پھر جب	ایک دوسرے کو دیکھا	دونوں جماعتوں (نے)

قَالَ	اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى	اِنَّا ⑤	لَمُدْرَكُوْنَ ⑧ ۚ (61)
کہا	موسیٰؑ کے ساتھی	بیشک ہم	یقیناً سب پکڑ لیے جانے والے

ضروری وضاحت

① ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ علامت وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ لِ علامت نَا کے ساتھ لَ ہوجاتا ہے۔⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑥ مُشْرِقِيْنَ کا اصل ترجمہ صبح کرنے والے ہے اور یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ علامت تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ	کہا(موسیٰؑ نے) ہرگز نہیں، بے شک میرے ساتھ
رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿62﴾	میرا رب ہے وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا۔﴿62﴾
فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ	تو ہم نے وحی کی موسیٰؑ کی طرف کہ تم مارو
بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ	اپنی لاٹھی کو سمندر پر تو وہ (سمندر) پھٹ گیا پس ہو گیا
كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿63﴾	ہر ٹکڑا بڑے پہاڑ کی طرح۔﴿63﴾
وَاَزْلَفْنَا	اور ہم نزدیک لے آئے
ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿64﴾	وہاں دوسروں (فرعون اور اس کی قوم) کو۔﴿64﴾
وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى	اور ہم نے نجات دی موسیٰؑ کو
وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿65﴾	اور (انہیں) جو اس کیساتھ تھے سب کے سب۔﴿65﴾
ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿66﴾	پھر ہم نے غرق کر دیا دوسروں کو۔﴿66﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ	بلاشبہ اس میں یقیناً نشانی ہے
وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿67﴾	اور نہیں تھے ان کے اکثر ایمان لانے والے۔﴿67﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعِيَ	: مع اہل وعیال، معیت۔	كَالطَّوْدِ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
سَيَهْدِيْنِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	الْعَظِيْمِ	: اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
فَاَوْحَيْنَآ	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔	الْاٰخَرِيْنَ	: اخروی زندگی، اوّل وآخر۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اَنْجَيْنَا	: نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
اضْرِبْ	: ضربِ کاری، مضروب۔	اَجْمَعِيْنَ	: جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
بِّعَصَاكَ	: عصائے موسیٰ، عصا۔	اَغْرَقْنَا	: غرق، غرقاب، مستغرق۔
الْبَحْرَ	: بحرِ قلزم، بحیرۂ عرب۔	فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
فِرْقٍ	: فریق، فرقہ پرستی، تفرقہ بازی۔	اَكْثَرُهُمْ	: کثرت، اکثر، کثیر۔

قَالَ	كَلَّا ۚ ①	اِنَّ	مَعِيَ	رَبِّيْ	سَيَهْدِيْنِ ② ﴿62﴾
کہا	ہرگز نہیں	بے شک	میرے ساتھ	میرا رب	ضرور وہ رہنمائی کرے گا میری

فَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنِ ③	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ
تو ہم نے وحی کی	موسیٰؑ کی طرف	کہ	تم مارو	اپنی لاٹھی کو

الْبَحْرَ ؕ	فَانْفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ	فِرْقٍ
سمندر	تو وہ پھٹ گیا	پس ہوگیا	ہر	ٹکڑا

كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ۚ ﴿63﴾	وَ	اَزْلَفْنَا	ثَمَّ ④	الْاٰخَرِيْنَ ۚ ﴿64﴾	وَ
بڑے پہاڑ کی طرح	اور	ہم نے نزدیک کر دیا	وہاں	دوسروں (کو)	اور

اَنْجَيْنَا	مُوْسٰى	وَ	مَنْ ⑤	مَّعَهٗٓ	اَجْمَعِيْنَ ۚ ⑥ ﴿65﴾
ہم نے نجات دی	موسیٰؑ (کو)	اور	جو	اس کے ساتھ	سب کے سب

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ ؕ ﴿66﴾	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً ؕ ⑦
پھر	ہم نے غرق کر دیا	دوسروں (کو)	بلاشبہ	اس میں	یقیناً نشانی

وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿67﴾
اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	سب ایمان لانے والے

ضروری وضاحت

① كَلَّا تنبیہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔② فعل کے شروع میں سَ میں عموماً عنقریب اور کبھی تاکید کا مفہوم بھی ہوتا ہے اور فعل کے ساتھ اگر یْ آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ ہوتا ہے یہاں وہی نِ موجود ہے اور یْ یہاں سے گری ہوئی ہے۔③ یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔④ ثَمَّ کا ترجمہ وہاں اور ثُمَّ کا ترجمہ پھر کیا جاتا ہے۔⑤ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو کبھی کون کیا جاتا ہے۔⑥ اَجْمَعِيْنَ میں يْنَ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ ة واحد مؤنث کی علامت ہے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ	اور بلاشبہ آپ کا رب یقیناً وہی نہایت غالب
الرَّحِيْمُ ﴿68﴾ وَاتْلُ	(اور) بہت رحم کرنے والا ہے۔﴿68﴾ اور پڑھ کر سنایئے
عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾	ان (کفارِ مکہ) پر ابراہیمؑ کی خبر۔﴿69﴾
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ	جب کہا (ابراہیم نے) اپنے باپ اور اپنی قوم سے
مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿70﴾ قَالُوْا	کس کی تم عبادت کرتے ہو۔﴿70﴾ انہوں نے کہا
نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ	ہم عبادت کرتے ہیں بتوں کی پس ہم ہمیشہ رہتے ہیں
لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿71﴾	ان (کی پوجا) پر جمے رہنے والے۔﴿71﴾
قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ	(ابراہیمؑ نے) کہا کیا وہ سنتے ہیں تمہیں
اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿72﴾	جب تم پکارتے ہو۔﴿72﴾
اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿73﴾	یا وہ نفع دیتے ہیں تمہیں یا وہ نقصان دیتے ہیں۔﴿73﴾
قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا	انہوں نے کہا بلکہ ہم نے پایا ہے اپنے باپ دادا کو
كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿74﴾ قَالَ	اسی طرح وہ کرتے تھے۔﴿74﴾ کہا (ابراہیمؑ نے)

ع 4/17 وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الرَّحِيْمُ : رحمت، رحم، مرحوم۔	عٰكِفِيْنَ : اعتکاف، معتکف۔
اتْلُ : تلاوت، وحی متلو۔	يَسْمَعُوْنَكُمْ : سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
نَبَاَ : نبی، نبوت، انبیاء۔	يَنْفَعُوْنَكُمْ : نفع، منافع، منفعت، نفع و نقصان۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يَضُرُّوْنَ : مضر صحت، ضرر رساں۔
لِاَبِيْهِ : آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔	وَجَدْنَآ : وجود، موجود۔
تَعْبُدُوْنَ : عابد، عبادت، معبود۔	كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم۔
اَصْنَامًا : صنم، وصال صنم۔	يَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول۔

ع 4 17 8

وَ	اِنَّ ①	رَبَّكَ	لَهُوَ الْعَزِيْزُ ②③	الرَّحِيْمُ ③ ع ﴿68﴾
اور	بلاشبہ	آپ کا رب	یقیناً وہی نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا

وَ	اتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾	اِذْ
اور	تلاوت کیجیے	ان پر	خبر	ابراہیمؑ (کی)	جب

قَالَ	لِاَبِيْهِ ④⑤	وَ	قَوْمِهٖ ⑤	مَا	تَعْبُدُوْنَ ﴿70﴾
اس نے کہا	اپنے باپ سے	اور	اپنی قوم (سے)	کس کی	تم سب عبادت کرتے ہو

قَالُوْا	نَعْبُدُ	اَصْنَامًا ⑥	فَنَظَلُّ	لَهَا
ان سب نے کہا	ہم عبادت کرتے ہیں	بتوں (کی)	پس ہم ہمیشہ رہتے ہیں	ان کے لیے

عٰكِفِيْنَ ﴿71﴾	قَالَ	هَلْ	يَسْمَعُوْنَكُمْ ⑦	اِذْ	تَدْعُوْنَ ﴿72﴾ لا
سب جمے رہنے والے	کہا	کیا	وہ سب سنتے ہیں تمہیں	جب	تم سب پکارتے ہو

اَوْ	يَنْفَعُوْنَكُمْ ⑦	اَوْ	يَضُرُّوْنَ ﴿73﴾	قَالُوْا	بَلْ
یا	وہ سب نفع دیتے ہیں تمہیں	یا	وہ سب نقصان دیتے ہیں	ان سب نے کہا	بلکہ

وَجَدْنَآ ⑧	اٰبَآءَنَا	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ ﴿74﴾	قَالَ
ہم نے پایا ہے	اپنے باپ دادا (کو)	اسی طرح	وہ سب کرتے تھے	کہا

وقف لازم

ضروری وضاحت

①اِنَّ تاکید کی علامت ہے۔②هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔③فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④قَالَ وغیرہ کے بعد لِ یا اِلٰی کا ترجمہ عموماً سے کیا جاتا ہے۔⑤ہٗ، ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔⑥فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑦ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑧نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿75﴾	پھر کیا تم نے دیکھا (غور کیا) جن کی تم عبادت کرتے ہو۔
اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿76﴾	تم اور تمہارے پہلے باپ دادا۔ ﴿76﴾
فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ	پس بے شک وہ سب میرے دشمن ہیں
اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿77﴾	سوائے رب العالمین کے۔ ﴿77﴾
الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿78﴾	جس نے پیدا کیا مجھے پھر وہی راستہ دکھاتا ہے مجھے۔ ﴿78﴾
وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿79﴾	اور وہ جو (کہ) وہ کھلاتا ہے مجھے اور پلاتا ہے مجھے۔ ﴿79﴾
وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿80﴾	اور جب میں بیمار ہو جاؤں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔ ﴿80﴾
وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿81﴾	اور (وہ) جو موت دے گا مجھے پھر وہ زندہ کرے گا مجھے۔ ﴿81﴾
وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ	اور (وہ) جس سے میں امید رکھتا ہوں
اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿82﴾	کہ وہ بخش دے گا مجھے میری خطا جزا کے دن۔ ﴿82﴾
رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا	اے میرے رب عطا کر مجھے حکمت
وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿83﴾	اور ملا مجھے نیک لوگوں کے ساتھ۔ ﴿83﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَرَءَيْتُمْ	رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔	يَسْقِيْنِ	ساقی، ساقیٔ کوثر۔
الْاَقْدَمُوْنَ	مقدم، قدیم، تقدیم، قدامت۔	يَشْفِيْنِ	شفا، ہوالشافی، شفائے کاملہ۔
عَدُوٌّ	عدوّ اللہ، عداوت، اعداء۔	يُمِيْتُنِيْ	موت و حیات، سماع موتی، میت۔
لِّيْٓ	الحمد للہ، لہٰذا۔	يُحْيِيْنِ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	اَطْمَعُ	مطمعِ نظر، لالچ و طمع۔
خَلَقَنِيْ	خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔	يَّغْفِرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
يَهْدِيْنِ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	خَطِيْٓـَٔتِيْ	خطا، خطاکار۔
يُطْعِمُنِيْ	قیام و طعام۔	اَلْحِقْنِيْ	الحاق، ملحق، لاحق، ملحقہ۔

اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا	كُنْتُمْ	تَعْبُدُوْنَ ﴿75﴾ لا	اَنْتُمْ	وَ	اٰبَآؤُكُمُ
کیا پھر تم نے دیکھا	جن کی	ہوتم	تم سب عبادت کرتے	تم	اور	تمہارے باپ دادا

الْاَقْدَمُوْنَ ①﴿76﴾ صلے	فَاِنَّهُمْ	عَدُوٌّ	لِّيْٓ	اِلَّا	رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿77﴾ لا
پہلے	پس بیشک وہ	دشمن	میرے لیے	سوائے	تمام جہانوں کے رب

الَّذِيْ	خَلَقَنِيْ ②	فَهُوَ	يَهْدِيْنِ ③﴿78﴾ لا	وَ	الَّذِيْ	هُوَ
جس نے	پیدا کیا مجھے	پھر وہ	وہ راستہ دکھاتا ہے مجھے	اور	جو	وہ

يُطْعِمُنِيْ ②	وَ	يَسْقِيْنِ ③﴿79﴾ لا	وَ	اِذَا	مَرِضْتُ	فَهُوَ
وہ کھلاتا ہے مجھے	اور	وہ پلاتا ہے مجھے	اور	جب	میں بیمار ہو جاؤں	تو وہ

يَشْفِيْنِ ③﴿80﴾ صلے	وَ	الَّذِيْ	يُمِيْتُنِيْ ②	ثُمَّ	يُحْيِيْنِ ③﴿81﴾ لا
وہ شفا دیتا ہے مجھے	اور	(وہ) جو	وہ موت دے گا مجھے	پھر	وہ زندہ کرے گا مجھے

وَالَّذِيْٓ	اَطْمَعُ	اَنْ ④	يَّغْفِرَ	لِيْ	خَطِيْٓـَٔتِيْ	يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿82﴾ ط
اور جو	میں اُمید رکھتا ہوں	کہ	وہ بخش دے گا	مجھ کو	میری خطا	قیامت کے دن

رَبِّ ⑤	هَبْ ⑥	لِيْ ⑦	حُكْمًا	وَّ	اَلْحِقْنِيْ ②	بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿83﴾ لا
(اے میرے) رب	عطا کر	مجھ کو	حکمت	اور	تو ملا دے مجھے	نیک لوگوں کے ساتھ

ضروری وضاحت

① الْاَقْدَمُوْنَ میں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔② فعل کے ساتھ جب علامت یْ لائی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔③ اصل میں يَهْدِيْنِيْ ، يَسْقِيْنِيْ ، يَشْفِيْنِيْ ، يُحْيِيْنِيْ تخفیف کے لیے آخر سے یْ گر گئی ہے اسی کا ترجمہ مجھے ہے۔④ اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔⑤ رَبِّ اصل میں يَارَبِّيْ تھا تخفیف کے لیے شروع سے يَا اور آخر سے ی گر گئی ہے اسی کا ترجمہ اے میرے کیا گیا ہے۔⑥ هَبْ وَهَبَ سے بنا ہے قاعدہ کے مطابق وَ گر گئی ہے۔⑦ لِ کا ترجمہ لیے ہوتا ہے کبھی کو بھی ترجمہ ہو جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ	اور بنا دے میرے لیے سچائی کی زبان (یعنی ذکرِ خیر)
فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿84﴾ وَاجْعَلْنِيْ	پچھلے لوگوں میں۔ ﴿84﴾ اور بنا دے مجھے
مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿85﴾	نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے۔ ﴿85﴾
وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ	اور بخش دے میرے باپ کو
اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿86﴾	بلاشبہ وہ تھا گمراہوں میں سے۔ ﴿86﴾
وَلَا تُخْزِنِيْ	اور نہ تو رسوا کرنا مجھے
يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿87﴾	جس دن وہ سب دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔ ﴿87﴾
يَوْمَ لَا يَنْفَعُ	جس دن نہیں نفع دے گا
مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿88﴾	مال اور نہ بیٹے (اولاد)۔ ﴿88﴾
اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿89﴾	مگر جو آیا اللہ کے پاس سلامتی والے دل کیساتھ۔ ﴿89﴾
وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿90﴾	اور قریب کی جائے گی جنت پرہیزگاروں کے لیے۔ ﴿90﴾
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿91﴾	اور ظاہر کی جائے گی جہنم گمراہوں کے لیے۔ ﴿91﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صِدْقٍ	صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔	يُبْعَثُوْنَ	بعثت، مبعوث۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَنْفَعُ	نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
الْاٰخِرِيْنَ	آخرت، یومِ آخرت، آخری۔	بَنُوْنَ	ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
وَّرَثَةِ	وارث، وراثت، ورثا۔	بِقَلْبٍ	قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔
اغْفِرْ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	سَلِيْمٍ	سلام، سلامتی، سلامت۔
الضَّآلِّيْنَ	ضلالت وگمراہی۔	لِلْمُتَّقِيْنَ	تقویٰ، متقی۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	لِلْغٰوِيْنَ	الحمد للہ، لہٰذا / اغواء۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

وَ	اجْعَلْ ①	لِّيْ	لِسَانَ صِدْقٍ	فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿84﴾ لا
اور	تو بنا دے	میرے لیے	سچائی کی زبان	پچھلے لوگوں میں

وَ	اجْعَلْنِيْ ②	مِنْ وَّرَثَةِ ③	جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿85﴾ لا ④	وَ	اغْفِرْ ①
اور	تو بنا دے مجھے	وارثوں میں سے	نعمتوں والی جنت	اور	تو بخش دے

لِاَبِيْٓ	اِنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿86﴾ لا	وَ	لَا
میرے باپ کو	بلاشبہ وہ	تھا	گمراہوں میں سے	اور	نہ

تُخْزِنِيْ ②	يَوْمَ	يُبْعَثُوْنَ ﴿87﴾ لا ⑤	يَوْمَ	لَا
تو رسوا کرنا مجھے	(جس) دن	وہ سب دوبارہ اٹھائے جائیں گے	(جس) دن	نہیں

يَنْفَعُ	مَالٌ	وَّ	لَا	بَنُوْنَ ﴿88﴾ لا ⑥	اِلَّا	مَنْ
وہ نفع دے گا	مال	اور	نہ	بیٹے	مگر	جو

اَتَى	اللّٰهَ	بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿89﴾ ط	وَ	اُزْلِفَتِ ⑦④	الْجَنَّةُ ④
آیا	اللہ (کے پاس)	سلامتی والے دل کے ساتھ	اور	قریب کی جائے گی	جنت

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿90﴾ لا	وَ	بُرِّزَتِ ⑦④	الْجَحِيْمُ	لِلْغٰوِيْنَ ﴿91﴾ لا
سب پرہیزگاروں کے لیے	اور	ظاہر کی جائے گی	جہنم	سب گمراہوں کے لیے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② فعل کے ساتھ جب علامت ىِ لائی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ③ وَرَثَةِ میں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ④ ة، تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہے۔ ⑤ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کی جائے گی کیا گیا ہے۔

وَقِيۡلَ لَهُمۡ	اور کہا جائے گا ان سے
اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿92﴾	کہاں ہیں وہ جن کی تم عبادت کرتے تھے۔﴿92﴾
مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ هَلۡ يَنۡصُرُوۡنَكُمۡ	اللہ کے سوا، کیا وہ مدد کر رہے ہیں تمہاری
اَوۡ يَنۡتَصِرُوۡنَ ؕ﴿93﴾	یا وہ بدلہ لے سکتے ہیں۔﴿93﴾
فَكُبۡكِبُوۡا فِيۡهَا	تو اوندھے منہ ڈال دیئے جائیں گے اس (دوزخ) میں
هُمۡ وَالۡغَاوٗنَ ۙ﴿94﴾	وہ اور سب گمراہ۔﴿94﴾
وَجُنُوۡدُ اِبۡلِيۡسَ اَجۡمَعُوۡنَ ؕ﴿95﴾	اور ابلیس کے لشکر سب کے سب۔﴿95﴾
قَالُوۡا وَهُمۡ فِيۡهَا	وہ کہیں گے اس حال میں کہ وہ اس میں
يَخۡتَصِمُوۡنَ ۙ﴿96﴾	جھگڑتے ہوں گے۔﴿96﴾
تَاللّٰهِ اِنۡ كُنَّا لَفِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ۙ﴿97﴾	اللہ کی قسم یقیناً ہم تھے بلاشبہ کھلی گمراہی میں۔﴿97﴾
اِذۡ نُسَوِّيۡكُمۡ بِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿98﴾	جب ہم برابر ٹھہراتے تھے تمہیں جہانوں کے رب کے۔﴿98﴾
وَمَاۤ اَضَلَّنَاۤ اِلَّا الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿99﴾	اور نہیں گمراہ کیا ہمیں مگر (ان) مجرموں نے۔﴿99﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قِيۡلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مُّبِيۡنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
تَعۡبُدُوۡنَ : عابد، عبادت، معبود۔	نُسَوِّيۡكُمۡ : مساوی، مساوات، خط استواء۔
مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	بِرَبِّ : رب، ربوبیت، رب العلمین۔
يَنۡصُرُوۡنَكُمۡ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔	الۡعٰلَمِيۡنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
فِيۡهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
الۡغَاوٗنَ : اغواء۔	اَضَلَّنَاۤ : ضلالت وگمراہی۔
اَجۡمَعُوۡنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
ضَلٰلٍ : ضلالت وگمراہی۔	الۡمُجۡرِمُوۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔

وَ	قِيْلَ ①	لَهُمْ	اَيْنَ	مَا	كُنْتُمْ	تَعْبُدُوْنَ ۝92 لا
اور	کہا جائے گا	ان سے	کہاں	جو	تم تھے	تم سب عبادت کرتے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ② ط	هَلْ	يَنْصُرُوْنَكُمْ	اَوْ	يَنْتَصِرُوْنَ ۝93 ط
اللہ کے سوا	کیا	وہ سب مدد کر رہے ہیں تمہاری	یا	وہ سب بدلہ لے سکتے ہیں

فَكُبْكِبُوْا ③	فِيْهَا	هُمْ	وَ	الْغَاوٗنَ ④ ۝94 لا
تو وہ سب اوندھے منہ ڈال دیئے جائیں گے	اس میں	وہ سب	اور	سب گمراہ

وَ	جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ	اَجْمَعُوْنَ ⑤ ۝95 ط	قَالُوْا ⑥	وَ
اور	ابلیس کے لشکر	سب کے سب	وہ سب کہیں گے	اس حال میں کہ

هُمْ	فِيْهَا	يَخْتَصِمُوْنَ ۝96 لا	تَاللّٰهِ	اِنْ ⑦
وہ سب	اس میں	وہ سب جھگڑتے ہوں گے	اللہ کی قسم	یقیناً

كُنَّا	لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝97 لا	اِذْ	نُسَوِّيْكُمْ	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝98
ہم تھے	بلاشبہ کھلی گمراہی میں	جب	ہم برابر ٹھہراتے تھے تمہیں	جہانوں کے رب کے

وَ	مَآ ⑧	اَضَلَّنَآ	اِلَّا	الْمُجْرِمُوْنَ ۝99
اور	نہیں	گمراہ کیا ہمیں	مگر	مجرموں نے

ضروری وضاحت

① قِيْلَ کا اصل ترجمہ کہا گیا ہے یہاں ضرورتاً کہا جائے گا کیا گیا ہے۔② لفظ دُوْنِ سے پہلے عموماً مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
③ فَكُبْكِبُوْا کا اصل ترجمہ ہے وہ اوندھے منہ ڈال دیے گئے یہاں ضرورتاً مذکورہ ترجمہ کیا گیا ہے۔④ یہ اصل میں اَلْغَاوُوْنَ ہے قرآنی کتابت میں و پر اُلٹا پیش دیا گیا ہے۔⑤ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ قَالُوْا کا اصل ترجمہ ہے انہوں نے کہا یہاں ضرورتاً مذکورہ ترجمہ کیا گیا ہے۔⑦ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے نون کو ساکن کیا گیا ہے۔⑧ مَا کے بعد اگر اِلَّا ہو تو مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

فَمَا لَنَا	پس نہیں ہیں (آج) ہمارے لیے
مِنۡ شَافِعِيۡنَ ۙ﴿100﴾	کوئی سفارش کرنیوالے۔﴿100﴾
وَلَا صَدِيۡقٍ حَمِيۡمٍ ﴿101﴾	اور نہ کوئی گرم جوش (دلی) دوست۔﴿101﴾
فَلَوۡ اَنَّ لَنَا	تو کاش بے شک ہمارے لیے ہو (دنیا میں)
كَرَّةً فَنَكُوۡنَ	واپس جانے کا ایک موقعہ تو ہم ہو جائیں
مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿102﴾	ایمان والوں میں سے۔﴿102﴾
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ	بیشک اس (ابراہیم کے قصے) میں یقیناً ایک نشانی ہے
وَمَا كَانَ اَكۡثَرُهُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿103﴾	اور نہیں تھے انکے اکثر ایمان لانے والے۔﴿103﴾
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ	اور بلاشبہ آپ کا رب یقیناً وہی
الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿104﴾ ع 5/36/9	نہایت غالب بہت رحم والا ہے۔﴿104﴾
كَذَّبَتۡ قَوۡمُ نُوۡحِ ۨالۡمُرۡسَلِيۡنَ ۖۚ﴿105﴾	جھٹلایا قومِ نوح نے رسولوں کو۔﴿105﴾
اِذۡ قَالَ لَهُمۡ اَخُوۡهُمۡ نُوۡحٌ	جب کہا ان سے ان کے بھائی نوح نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَكۡثَرُهُمۡ : کثرت، اکثر، کثیر۔
شَافِعِيۡنَ : شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔	رَبَّكَ : رب، ربوبیت، رب العلمین۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الرَّحِيۡمُ : رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
صَدِيۡقٍ : صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔	كَذَّبَتۡ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
كَرَّةً : تکرار، نشرِ مکرر۔	قَوۡمُ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ : ایمان، مؤمن، امن۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
لَاٰيَةً : آیت، آیاتِ قرآنی۔	اَخُوۡهُمۡ : اخوت، مواخات۔

فَمَا	لَنَا ①	مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿100﴾	وَ	لَا	صَدِيْقٍ ②
پس نہیں	ہمارے لیے	سفارش کرنیوالوں میں سے	اور	نہ	کوئی دوست

حَمِيْمٍ ﴿101﴾	فَلَوْ ③	اَنَّ	لَنَا ①	كَرَّةً ④
گرم جوش	تو کاش	کہ بے شک	ہمارے لیے	دوبارہ واپس جانا

فَنَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿102﴾ ⑤	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
تو ہم ہو جائیں	ایمان والوں میں سے	بیشک	اس میں

لَاٰيَةً ②④ ط	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ
یقیناً ایک نشانی	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿103﴾ ⑤	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ الْعَزِيْزُ ⑥⑦
سب ایمان لانے والے	اور	بلاشبہ	آپ کا رب	یقیناً وہی نہایت غالب

الرَّحِيْمُ ﴿104﴾ ⑦ ع	كَذَّبَتْ ④	قَوْمُ نُوْحِ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿105﴾ ⑧ صلے
بہت رحم والا	جھٹلایا	قومِ نوحؑ	سب بھیجے گئے ہوئے

ع 5 36 9

اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	نُوْحٌ
جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	نوحؑ (نے)

ضروری وضاحت

①لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا۔②ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔
④ ة اسم کے ساتھ اور تْ فعل کیساتھ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔⑤اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔⑦فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کبھی مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿106﴾	کیا تم ڈرتے نہیں (اللہ سے)۔ ﴿106﴾
اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿107﴾	بیشک میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں۔ ﴿107﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿108﴾	تو تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ ﴿108﴾
وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ	اور نہیں میں سوال کرتا تم سے اس پر
مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ	کسی اجرت کا، نہیں ہے میری اجرت
اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿109﴾	مگر جہانوں کے رب کے ذمے۔ ﴿109﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿110﴾	پس تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ ﴿110﴾
قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ	انہوں نے کہا کیا ہم ایمان لائیں تجھ پر
وَاتَّبَعَكَ	جبکہ پیروی کی ہے تیری
الْاَرْذَلُوْنَ ﴿111﴾	سب سے زیادہ ذلیل لوگوں نے۔ ﴿111﴾
قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿112﴾	کہا (نوح نے) اور مجھے کیا معلوم اسکا جو وہ کرتے تھے۔ ﴿112﴾
اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰي رَبِّيْ	نہیں ہے ان کا حساب مگر میرے رب کے ذمے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اَجْرٍ	: اجروثواب، اجرعظیم، اجرت۔
تَتَّقُوْنَ	: تقویٰ، متقی۔	اِلَّا	: الاماشاءاللہ، الاقلیل، الایہ کہ۔
اَمِيْنٌ	: امانت، امین۔	الْعٰلَمِيْنَ	: عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
اَطِيْعُوْنِ	: اطاعت، مطیع۔	اتَّبَعَكَ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
قَالُوْٓا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	الْاَرْذَلُوْنَ	: رذیل، رذالت۔
اَسْـَٔلُكُمْ	: سوال، سائل، مسئول۔	عِلْمِيْ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	حِسَابُهُمْ	: حساب وکتاب، محتسب، احتساب۔

اَ	لَا	تَتَّقُوْنَ (106) ج	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ ①	اَمِيْنٌ (107) لا
کیا	نہیں	تم سب ڈرتے	بے شک میں	تمہارے لیے	ایک رسول	امانت دار

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ ②	وَ	اَطِيْعُوْنِ ③ (108) ج	وَ	مَآ
پس تم سب ڈرو	اللہ (سے)	اور	سب میرا کہا مانو	اور	نہیں

اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ ① ج	اِنْ ④	اَجْرِيَ	اِلَّا
میں سوال کرتا تم سے	اس پر	کسی اجرت سے	نہیں	میری اجرت	مگر

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑤ (109) ج	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ ②	وَ	اَطِيْعُوْنِ ③ (110) ط
سب جہانوں کے رب پر	پس سب ڈرو	اللہ (سے)	اور	سب کہا مانو میرا

قَالُوْٓا	اَ	نُؤْمِنُ	لَكَ	وَ ⑥	اتَّبَعَكَ
ان سب نے کہا	کیا	ہم ایمان لائیں	تجھ پر	جبکہ	پیروی کی ہے تیری

الْاَرْذَلُوْنَ ⑦ (111) ط	قَالَ	وَ	مَا ⑧	عِلْمِيْ	بِمَا
سب سے زیادہ ذلیل لوگوں (نے)	کہا	اور	کیا (ہے)	میرا علم	(اس) کا جو

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (112) ج	اِنْ ④	حِسَابُهُمْ	اِلَّا	عَلٰى رَبِّيْ ⑤
وہ سب تھے	وہ سب کرتے	نہیں	ان کا حساب	مگر	میرے رب پر

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔②فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③اصل میں اَطِيْعُوْنِيْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے یْ گر گئی ہے۔④اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤عَلٰى کا ترجمہ پر ہے یہاں مراد کے ذمے ہے۔⑥ وَ کا ترجمہ کبھی جبکہ یا حالانکہ بھی ہوتا ہے۔⑦اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑧ یہاں مَا کا ترجمہ نہیں بھی کیا جا سکتا ہے۔

لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿113﴾	کاش تم شعور رکھتے۔ ﴿113﴾
وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿114﴾	اور نہیں میں ہرگز نکال دینے والا ایمان والوں کو۔ ﴿114﴾
اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿115﴾	نہیں ہوں میں مگر ایک واضح ڈرانے والا۔ ﴿115﴾
قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ	انہوں نے کہا یقیناً اگر تو باز نہ آیا اے نوح
لَتَكُوْنَنَّ	بلاشبہ ضرور تو ہو جائے گا
مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿116﴾	سنگسار کیے ہوئے لوگوں میں سے۔ ﴿116﴾
قَالَ رَبِّ	کہا (نوحؑ نے) اے میرے رب
اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿117﴾	بے شک میری قوم نے جھٹلایا ہے مجھے۔ ﴿117﴾
فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا	تو تو فیصلہ فرما میرے اور ان کے درمیان کھلا فیصلہ
وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ	اور نجات دے مجھے اور (انہیں) جو میرے ساتھ ہیں
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ	ایمان والوں میں سے۔ ﴿118﴾ چنانچہ ہم نے نجات دی اسے
وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿119﴾	اور (انہیں) جو اس کیساتھ بھری ہوئی کشتی میں تھے۔ ﴿119﴾

النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَشْعُرُوْنَ	عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔	قَوْمِيْ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
الْمُؤْمِنِيْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	كَذَّبُوْنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
نَذِيْرٌ	بشارت وانذار، نذیر۔	فَافْتَحْ	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	بَيْنِيْ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
تَنْتَهِ	نہی عن المنکر، منہیات، اوامر ونواہی۔	وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	نَجِّنِيْ	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
الْمَرْجُوْمِيْنَ	رجم، رجیم، حدرجم۔	مَّعِيَ	مع اہل وعیال، معیت۔
رَبِّ	رب، ربوبیت۔	فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

لَوْ ①	تَشْعُرُوْنَ ﴿113﴾	وَ	مَآ	اَنَا	بِطَارِدِ ②
کاش	تم سب شعور رکھتے	اور	نہیں	میں	ہرگز نکال دینے والا

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿114﴾	اِنْ ③	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ ④	مُّبِيْنٌ ﴿115﴾
ایمان لانے والوں کو	نہیں	میں	مگر	ایک ڈرانے والا	واضح

قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ	تَنْتَهِ	يٰنُوْحُ	لَتَكُوْنَنَّ
ان سب نے کہا	یقیناً اگر	نہ	تو باز آیا	اے نوحؑ	بلاشبہ ضرور تو ہو جائے گا

مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿116﴾	قَالَ	رَبِّ ⑤	اِنَّ	قَوْمِي
سنگسار کیے ہوئے لوگوں میں سے	کہا	(اے میرے) رب	بے شک	میری قوم

كَذَّبُوْنِ ⑥ ﴿117﴾	فَافْتَحْ	بَيْنِي	وَ	بَيْنَهُمْ
سب نے جھٹلایا ہے مجھے	تو تو فیصلہ فرما	میرے درمیان	اور	ان کے درمیان

فَتْحًا	وَّ	نَجِّنِي ⑦	وَمَنْ	مَّعِيَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾
کھلا فیصلہ	اور	نجات دے مجھے	اور جو	میرے ساتھ	ایمان والوں میں سے

فَاَنْجَيْنٰهُ	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ ﴿119﴾
چنانچہ ہم نے نجات دی اسے	اور	جو	اس کیساتھ	کشتی میں	بھری ہوئی

النصف

ضروری وضاحت

① لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔② مَا کے بعد بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔③ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ رَبِّ دراصل یَا رَبِّیْ تھا تخفیف کیلئے شروع سے یَا اور آخر سے یْ گر گئی ہے۔
⑥ یہ دراصل كَذَّبُوْنِيْ تھا تخفیف کیلئے آخر سے یْ گر گئی ہے۔⑦ فعل کیساتھ جب یْ آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ ہوتا ہے۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿120﴾	پھر ہم نے غرق کر دیا اسکے بعد باقی لوگوں کو۔ ﴿120﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ	بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے
وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿121﴾	اور نہیں تھے ان کے اکثر ایمان لانے والے۔ ﴿121﴾
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ	اور بلاشبہ آپ کا رب یقیناً وہی
الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿122﴾	نہایت غالب بہت رحم والا ہے۔ ﴿122﴾
كَذَّبَتْ عَادُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾	جھٹلایا (قومِ) عاد نے رسولوں کو۔ ﴿123﴾
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ	جب کہا ان سے ان کے بھائی ہود نے
اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾	کیا تم ڈرتے نہیں ہو (اللہ سے)۔ ﴿124﴾
اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿125﴾	بیشک میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں۔ ﴿125﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿126﴾	تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ﴿126﴾
وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ	اور نہیں میں سوال کرتا تم سے اس (تبلیغ) پر
مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ	کوئی اجرت، نہیں ہے میری اجرت

ع 6 18 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَغْرَقْنَا	غرق، غرقاب، مستغرق۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
بَعْدُ	بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔	تَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔
الْبٰقِيْنَ	باقی، بقایا، بقیہ۔	اَمِيْنٌ	امانت، امین۔
لَاٰيَةً	آیت، آیات قرآنی۔	اَطِيْعُوْنِ	اطاعت، مطیع، استطاعت۔
الرَّحِيْمُ	رحمت، رحم، مرحوم۔	اَسْئَلُكُمْ	سوال، سائل، مسئول۔
الْمُرْسَلِيْنَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَخُوْهُمْ	اخوت، مواخات۔	اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا ①	بَعْدُ	الْبٰقِيْنَ ﴿120﴾ ط	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ②
پھر	ہم نے غرق کر دیا	(اس کے) بعد	باقی لوگوں (کو)	بے شک	اس میں

لَاٰيَةً ③ ط	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿121﴾ ④
یقیناً نشانی	اور	نہیں	تھے	ان کے اکثر	سب ایمان لانے والے

ع 6 18 10

وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ الْعَزِيْزُ ⑤⑥	الرَّحِيْمُ ⑥ ﴿122﴾ ع	كَذَّبَتْ ③
اور	بلاشبہ	آپ کا رب	یقیناً وہی نہایت غالب	بہت رحم والا	جھٹلایا

عَادُ ۨ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾ صلے	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	هُوْدٌ
عاد (نے)	رسولوں (کو)	جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	ہودؑ (نے)

اَ	لَا	تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾ ج	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ ﴿125﴾ لا
کیا	نہیں	تم سب ڈرتے ہو	بیشک میں	تمہارے لیے	ایک رسول	امانت دار

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿126﴾ ج	وَ	مَآ
تو تم سب ڈرو	اللہ (سے)	اور	تم سب اطاعت کرو میری	اور	نہیں

اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ ج	اِنْ ⑦	اَجْرِيَ
میں سوال کرتا تم سے	اس پر	کسی اجرت سے	نہیں	میری اجرت

ضروری وضاحت

①نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔②ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔③ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤هُوَ کے بعد اَلْ کا ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔⑥فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّآ آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿127﴾	مگر سب جہانوں کے رب کے ذمے۔ ﴿127﴾
اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِیْعٍ اٰیَةً	کیا تم بناتے ہو ہر اونچی جگہ پر ایک نشانی (یادگار)
تَعْبَثُوْنَ ﴿128﴾	(اس حال میں کہ) تم لاحاصل کام کرتے ہو۔ ﴿128﴾
وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ	اور تم بناتے ہو بڑی بڑی عمارتیں
لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿129﴾	شاید کہ تم (یہاں) ہمیشہ رہو گے۔ ﴿129﴾
وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ﴿130﴾	اور جب تم پکڑتے ہو (تو) پکڑتے ہو ظالمانہ۔ ﴿130﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿131﴾	تو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ﴿131﴾
وَاتَّقُوا الَّذِیْٓ اَمَدَّكُمْ	اور ڈرو تم اس (اللہ) سے جس نے مدد دی تمہیں
بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿132﴾	ان چیزوں سے جنہیں تم جانتے ہو۔ ﴿132﴾
اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِیْنَ ﴿133﴾	اس نے مدد دی تمہیں چوپاؤں اور بیٹوں کیساتھ۔ ﴿133﴾
وَجَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿134﴾	اور باغات اور چشموں (کے ساتھ)۔ ﴿134﴾
اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ	بے شک میں ڈرتا ہوں تم پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَبِّ	رب، ربوبیت، مربّی۔	فَاتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔
الْعٰلَمِیْنَ	عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔	اَطِیْعُوْنِ	اطاعت، مطیع، استطاعت۔
تَبْنُوْنَ	بنایا، بنانا۔	اَمَدَّكُمْ	مدد، امداد، مددگار، ممد و معاون۔
بِكُلِّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اٰیَةً	آیت، آیات قرآنی۔	بِاَنْعَامٍ	عوام کالانعام۔
تَتَّخِذُوْنَ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	بَنِیْنَ	ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
تَخْلُدُوْنَ	خالد، خلد بریں۔	اَخَافُ	خوف، خائف، خوف و ہراس۔
وَ	لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	عَلَیْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

اِلَّا	عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۭ① (127)	اَ	تَبْنُوْنَ	بِكُلِّ رِيْعٍ②
مگر	سب جہانوں کے رب کے ذمے	کیا	تم سب بناتے ہو	ہر اونچی جگہ پر

اٰيَةً③④	تَعْبَثُوْنَ ۙ (128)	وَ	تَتَّخِذُوْنَ	مَصَانِعَ
ایک نشانی	تم سب لاحاصل کام کرتے ہو	اور	تم سب بناتے ہو	بڑی بڑی عمارتیں

لَعَلَّكُمْ⑤	تَخْلُدُوْنَ ۚ (129)	وَ	اِذَا	بَطَشْتُمْ⑤
شاید کہ تم	تم سب ہمیشہ رہو گے	اور	جب	تم پکڑتے ہو

بَطَشْتُمْ⑤	جَبَّارِيْنَ ۚ (130)	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ⑥	وَ	اَطِيْعُوْنِ⑦ ۚ (131)
تم پکڑتے ہو	سب ظالمانہ	تو تم سب ڈرو	اللہ (سے)	اور	سب اطاعت کرو میری

وَ	اتَّقُوا	الَّذِيْٓ	اَمَدَّكُمْ⑤	بِمَا	تَعْلَمُوْنَ ۚ (132)
اور	تم سب ڈرو	جس (نے)	مدد دی تمہیں	(ان چیزوں) سے جنہیں	تم سب جانتے ہو

اَمَدَّكُمْ⑤	بِاَنْعَامٍ②	وَّبَنِيْنَ ۙ (133)	وَ	جَنّٰتٍ③
اس نے مدد دی تمہیں	چوپاؤں کے ساتھ	اور بیٹوں	اور	باغات

وَّ	عُيُوْنٍ ۚ (134)	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ
اور	چشموں	بے شک میں	میں ڈرتا ہوں	تم پر

ضروری وضاحت

① عَلٰی کا ترجمہ کبھی پر کبھی کے ذمے کیا جاتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑤ علامت هُمْ، كُمْ، تُمْ تینوں علامتیں جمع مذکر کے لیے ہوتی ہیں۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑦ اصل میں اَطِيْعُوْنِيْ تھا فعل اور یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے یہاں سے تخفیف کے لیے یْ کو گرا دیا گیا ہے۔

عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿135﴾	ایک بہت بڑے دن کے عذاب سے۔ ﴿135﴾
قَالُوۡا سَوَآءٌ عَلَيۡنَآ	انہوں نے کہا برابر ہے ہم پر
اَوَعَظۡتَ اَمۡ لَمۡ تَكُنۡ	خواہ تو نصیحت کرے یا نہ ہو تو
مِّنَ الۡوٰعِظِيۡنَ ﴿136﴾	نصیحت کرنے والوں میں سے۔ ﴿136﴾
اِنۡ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿137﴾	نہیں ہے یہ مگر پہلے لوگوں کی عادت۔ ﴿137﴾
وَمَا نَحۡنُ بِمُعَذَّبِيۡنَ ﴿138﴾	اور نہیں ہیں ہم قطعاً عذاب دیئے جانے والے۔ ﴿138﴾
فَكَذَّبُوۡهُ فَاَهۡلَكۡنٰهُمۡ	پھر انہوں نے جھٹلایا اسے تو ہم نے ہلاک کر دیا انہیں
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	بے شک اس میں یقیناً ایک نشانی ہے
وَمَا كَانَ اَكۡثَرُهُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿139﴾	اور نہیں تھے ان کے اکثر ایمان لانے والے۔ ﴿139﴾
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ	اور بے شک آپ کا رب یقیناً وہی
الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿140﴾ ع 7 18 11	نہایت غالب بہت رحم والا ہے۔ ﴿140﴾
كَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿141﴾	جھٹلایا (قوم) ثمود نے رسولوں کو۔ ﴿141﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوۡمٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔	خُلُقُ : خُلق، اخلاق، خوش خلقی۔
عَظِيۡمٍ : اجر عظیم، معظم، تعظیم۔	فَكَذَّبُوۡهُ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
قَالُوۡا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	فَاَهۡلَكۡنٰهُمۡ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
سَوَآءٌ : مساوی، مساوات، خط استواء۔	فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
عَلَيۡنَآ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَاٰيَةً : آیت، آیات قرآنی۔
وَعَظۡتَ : وعظ، واعظ، وعظ ونصیحت۔	وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَكۡثَرُهُمۡ : کثرت، اکثر، کثیر۔
اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿135﴾	قَالُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْنَآ
ایک بہت بڑے دن کا عذاب	ان سب نے کہا	برابر	ہم پر

اَ ①	وَعَظْتَ	اَمْ	لَمْ	تَكُنْ	مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿136﴾
خواہ	تو نصیحت کرے	یا	نہ	ہو تو	نصیحت کرنے والوں میں سے

اِنْ ②	هٰذَآ	اِلَّا	خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿137﴾	وَ	مَا ③	نَحْنُ
نہیں	یہ	مگر	پہلے لوگوں کی عادت	اور	نہیں	ہم

بِمُعَذَّبِيْنَ ④ ﴿138﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ
سب ہرگز عذاب دیے جانے والے	پھر ان سب نے جھٹلایا اسے	تو ہم نے ہلاک کر دیا انہیں

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ⑤	لَاٰيَةً ⑥	وَ	مَا	كَانَ
بے شک	اس میں	یقیناً ایک نشانی	اور	نہیں	تھے

اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿139﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ
سُبُلَنَا ط	وَ	اِنَّ اللّٰهَ	لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ (69) ع
اپنے راستوں (کی)	اور	بیشک اللہ	یقیناً سب نیکی کرنے والوں کے ساتھ

ع 7 6 3

ضروری وضاحت

① أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔② لَمْ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔
③ اَنَّا دراصل اَنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔④ وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا جبکہ بھی ہوتا
ہے۔⑤ فعل کے شروع میں یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑥ علامت تَ اور شد میں کام
کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑧ مِمَّنْ دراصل مِنْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔

اٰیَاتُهَا 60 | 30 سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ 84 | رُكُوْعَاتُهَا 06

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿1﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿2﴾	الٓمّٓ۔ ﴿1﴾ رومی مغلوب ہو گئے۔ ﴿2﴾
فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ	قریب ترین زمین (شام) میں، اور وہ
مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿3﴾	اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ہونگے ﴿3﴾
فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۬ لِلّٰهِ الْاَمْرُ	چند سالوں میں، اللہ (ہی) کیلئے ہے (سب) اختیار
مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ	پہلے (بھی) اور بعد میں (بھی)
وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿4﴾	اور اُس دن خوش ہوں گے مؤمن۔ ﴿4﴾
بِنَصْرِ اللهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اللہ کی مدد سے، وہ مدد کرتا ہے جس کی وہ چاہتا ہے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿5﴾	اور وہی نہایت غالب بہت رحم کرنیوالا ہے۔ ﴿5﴾
وَعْدَ اللهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللهُ وَعْدَهٗ	اللہ کا وعدہ ہے، نہیں خلاف ورزی کرتا اللہ اپنے وعدے کی
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿6﴾	اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غُلِبَتِ	: غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔	الْمُؤْمِنُوْنَ	: ایمان، مؤمن، امن۔
فِيْٓ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	بِنَصْرِ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
سِنِيْنَ	: سن پیدائش، سن بلوغت، سن وفات۔	الرَّحِيْمُ	: رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
الْاَمْرُ	: امر، آمر، مامور۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	يُخْلِفُ	: خلاف، مخالف۔
يَوْمَئِذٍ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔	اَكْثَرَ	: کثرت، اکثر، کثیر، قلت و کثرت۔
يَّفْرَحُ	: فرحت، مفرح قلب، تفریح۔	يَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

رُكُوْعَاتُهَا 06	30 سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ 84	اٰيَاتُهَا 60

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَهُمْ	فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ ③	الرُّوْمُ (2) لا	غُلِبَتِ ①②	الٓمّٓ (1) ج
اور وہ سب	قریب ترین زمین میں	رومی	مغلوب ہو گئے	الٓمّٓ

فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ⑤ ط	سَيَغْلِبُوْنَ (3) لا	مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ ④
چند سالوں میں	عنقریب وہ سب غالب ہوں گے	اپنے مغلوب ہونے کے بعد

يَوْمَئِذٍ	وَ	مِنْۢ بَعْدُ ④ ط	وَ	مِنْ قَبْلُ ④	الْاَمْرُ	لِلّٰهِ
اُس دن	اور	بعد (میں)	اور	پہلے	(سب) اختیار	اللہ ہی کے لیے

يَّشَآءُ ط	مَنْ	يَنْصُرُ	بِنَصْرِ اللّٰهِ ط	الْمُؤْمِنُوْنَ (4) لا	يَّفْرَحُ
وہ چاہتا ہے	جس کی	وہ مدد کرتا ہے	اللہ کی مدد سے	سب مؤمن	وہ خوش ہوں گے

اللّٰهُ	لَا يُخْلِفُ	وَعْدَ اللّٰهِ ط	الرَّحِيْمُ ⑦ (5) لا	هُوَ الْعَزِيْزُ ⑥⑦	وَ
اللہ	نہیں وہ خلاف ورزی کرتا	اللہ کا وعدہ	بہت رحم کرنیوالا	وہی نہایت غالب	اور

لَا يَعْلَمُوْنَ (6)	النَّاسِ	اَكْثَرَ	لٰكِنَّ	وَ	وَعْدَهٗ
نہیں وہ سب جانتے	لوگ	اکثر	لیکن	اور	اپنے وعدے (کی)

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ ہو گئے کیا گیا ہے۔
② تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔③ اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم
ہے۔④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ بِضْعِ میں 3 سے لے کر 9 تک کا مفہوم ہے۔⑥ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس
میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی یا وہی کیا جاتا ہے۔⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا	وہ جانتے ہیں ظاہر کو
مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ صلے	دنیوی زندگی سے
وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۞7	اور وہ آخرت سے (بالکل) وہ غافل ہیں۔ 7
اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۣ قف	اور (بھلا) کیا اُنہوں نے غور نہیں کیا اپنے دلوں میں
مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	(کہ) نہیں پیدا کیا اللہ نے آسمانوں اور زمین کو
وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ	اور جو اُن دونوں کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ
وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ	اور ایک مقرر وقت (کے ساتھ)
وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ	اور بیشک لوگوں میں سے بہت سے
بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۞8	اپنے رب کی ملاقات سے یقیناً انکار کرنیوالے ہیں 8
اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ	اور (بھلا) کیا وہ چلے پھرے نہیں زمین میں
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ	پھر وہ دیکھتے کیسا انجام ہوا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ	(اُن لوگوں کا) جو اُن سے پہلے تھے۔

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	كَثِيْرًا	: کثرت، اکثر، کثیر، قلت و کثرت۔
ظَاهِرًا	: ظاہر، مظاہر، مظہر۔	بِلِقَآئِ	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
الْحَيٰوةِ	: حیات، موت و حیات، حیاتِ جاوداں۔	لَكٰفِرُوْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
غٰفِلُوْنَ	: غافل، غفلت، تغافل۔	يَسِيْرُوْا	: سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔
يَتَفَكَّرُوْا	: فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔	فَيَنْظُرُوْا	: نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر، تناظر۔
خَلَقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	كَيْفَ	: کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
اِلَّا	: اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	عَاقِبَةُ	: عالمِ عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔
اَجَلٍ	: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	قَبْلِهِمْ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

يَعْلَمُوْنَ	ظَاهِرًا	مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا① ج	وَ	هُمْ
وہ سب جانتے ہیں	ظاہر (کو)	دنیوی زندگی سے	اور	وہ سب

عَنِ الْاٰخِرَةِ①	هُمْ②	غٰفِلُوْنَ (7)	اَ③	وَ	لَمْ	يَتَفَكَّرُوْا④
آخرت سے	وہ (بالکل)	سب غافل	کیا	اور	نہیں	اُن سب نے غور کیا

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قف	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ⑤	السَّمٰوٰتِ①	وَالْاَرْضَ
اپنے دلوں میں	(کہ) نہیں	پیدا کیا	اللہ (نے)	آسمانوں (کو)	اور زمین (کو)

وَ	مَا	بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	اَجَلٍ مُّسَمًّى⑥ ط
اور	جو	اُن دونوں کے درمیان	مگر	حق کے ساتھ	اور	ایک مقرر وقت

وَ	اِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ النَّاسِ	بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ	لَكٰفِرُوْنَ (8)
اور	بیشک	بہت	لوگوں میں سے	اپنے رب کی ملاقات سے	یقیناً سب انکار کرنیوالے

اَ③	وَ	لَمْ	يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا
کیا	اور	نہیں	وہ سب چلے پھرے	زمین میں	پھر وہ سب دیکھتے

كَيْفَ	كَانَ⑦	عَاقِبَةُ①	الَّذِيْنَ⑧	مِنْ قَبْلِهِمْ ط
کیسا	ہوا	انجام	(اُن لوگوں کا) جو	اُن سے پہلے

ضروری وضاحت

①ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②هُمْ تاکید کے لیے دوبارہ آیا ہے۔③أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ لَمْ کے بعد علامت يَ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔⑤فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہے اور ہوا بھی کیا جاتا ہے۔⑧یہاں الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔

كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً	وہ تھے اُن سے زیادہ مضبوط قوت میں
وَّ اَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ	اور اُنہوں نے پھاڑا زمین کو اور اُنہوں نے آباد کیا اُسے
اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا	اس سے زیادہ جو اِنہوں نے آباد کیا اُسے
وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ	اور آئے اُنکے پاس اُنکے رسول واضح دلائل کے ساتھ
فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ	تو اللہ (ایسا) نہ تھا کہ وہ ظلم کرتا اُن پر
وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ؕ﴿9﴾	اور لیکن وہ تھے اپنے آپ پر ظلم کرتے۔﴿9﴾
ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ	پھر ہوا انجام (اُن لوگوں کا) جنہوں نے
اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى	برائی کی بہت برا
اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	(اس لیے) کہ اُنہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیات کو
ع 1 10 4 وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ع ﴿10﴾	اور اُن کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے۔ ع ﴿10﴾
اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ	اللہ ہی ابتدا کرتا ہے (مخلوق کو) پیدا کرنے میں
ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	پھر وہی لوٹائے گا اُسے (یعنی دوبارہ پیدا کرے گا۔)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَشَدَّ	: شدید، شدت، اشد ضرورت۔	يَظْلِمُوْنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
قُوَّةً	: قوت، مقوی۔	عَاقِبَةَ	: عالم عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔
الْاَرْضَ	: ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	اَسَآءُوا	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوء ظن۔
اَكْثَرَ	: کثرت، اکثر، کثیر، قلت وکثرت۔	كَذَّبُوْا	: کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
مِمَّا	: منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت۔	يَسْتَهْزِءُوْنَ	: استہزاء کرنا۔
رُسُلُهُمْ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	يَبْدَؤُا	: ابتداء، ابتدائی، مبتدی طالب علم۔
بِالْبَيِّنٰتِ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	الْخَلْقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
اَنْفُسَهُمْ	: نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔	يُعِيْدُهٗ	: اعادہ، عود کر آنا۔

كَانُوْٓا	اَشَدَّ ①	مِنْهُمْ	قُوَّةً ②	وَّ	اَثَارُوا	الْاَرْضَ
وہ سب تھے	زیادہ مضبوط	اُن سے	قوت (میں)	اور	اُن سب نے پھاڑا	زمین (کو)

وَ	عَمَرُوْهَآ ③	اَكْثَرَ	مِمَّا	عَمَرُوْهَا ③	وَجَآءَتْهُمْ ②
اور	اُن سب نے آباد کیا اُسے	زیادہ	اس سے جو	اُن سب نے آباد کیا اُسے	اور آئے اُنکے پاس

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ② ط	فَمَا	كَانَ ④	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ ⑤
اُنکے رسول	واضح دلائل کے ساتھ	تو نہ	تھا	اللہ	(ایسا) کہ وہ ظلم کرتا اُن پر

وَ	لٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ ط ⑨	ثُمَّ
اور	لیکن	وہ سب تھے	اپنے آپ پر	وہ سب ظلم کرتے۔	پھر

كَانَ ④	عَاقِبَةَ ②	الَّذِيْنَ	اَسَآءُوا	السُّوْٓاٰى ⑥	اَنْ
ہوا	انجام	(اُن لوگوں کا) جن	سب نے برائی کی	بہت برا	کہ

ع 1 10 4

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ②	وَكَانُوْا	بِهَا	يَسْتَهْزِءُوْنَ ع ⑩
اُن سب نے جھٹلایا	اللہ کی آیات کو	اور وہ سب تھے	اُن کا	وہ سب مذاق اُڑایا کرتے

اَللّٰهُ	يَبْدَؤُا ⑦	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ
اللہ	وہ ابتدا کرتا ہے	پیدا کرنے میں	پھر	وہ لوٹائے گا اُسے (دوبارہ پیدا کرے گا)

ضروری وضاحت

① اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ② ةً، تُ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ④ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ ہوتا ہے اور یہاں ضرورتاً کہ کیا گیا ہے۔ ⑥ السُّوْٓاٰى (برائی) یہ الْحُسْنٰى (بھلائی) کی طرز پر اسم ہے جسکا ترجمہ بھلائی ہے۔ ⑦ يَبْدَؤُا کے آخر میں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ "ا" ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿11﴾	پھر اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿11﴾
وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ	اور (جس) دن قیامت قائم ہوگی
يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿12﴾	مجرم مایوس ہوجائیں گے۔ ﴿12﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ	اور نہیں ہوں گے اُن کے لیے
مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا	اُنکے شریکوں میں سے کوئی سفارش کرنے والے
وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ	اور وہ ہوجائیں گے اپنے شریکوں (یعنی معبودوں) کا
كٰفِرِيْنَ ﴿13﴾	انکار کرنے والے۔ ﴿13﴾
وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ	اور (جس) دن قیامت قائم ہوگی
يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿14﴾	اُس دن (مؤمن اور کافر) سب الگ الگ ہوجائینگے۔ ﴿14﴾
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	پھر رہے (وہ لوگ) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ	اور اُنہوں نے نیک اعمال کیے تو وہ
فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿15﴾	(عالی شان) باغ میں خوش وخرم رکھے جائیں گے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	شُفَعٰٓؤُا	: شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔
تُرْجَعُوْنَ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	كٰفِرِيْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
يَوْمَ	: یوم، ایام، یومِ آخرت۔	وَ	: حسن وجمال، رسم ورواج، کتاب وسنت۔
تَقُوْمُ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔	يَّتَفَرَّقُوْنَ	: متفرق، تفریق، فرق، فرقہ واریت۔
الْمُجْرِمُوْنَ	: جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	اٰمَنُوْا	: ایمان، مؤمن، امن۔
مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الصّٰلِحٰتِ	: اصلاح، اعمال صالحہ۔
شُرَكَآئِهِمْ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

ثُمَّ ①	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ② (11)	وَ	يَوْمَ
پھر	اُسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے	اور	(جس) دن

تَقُوْمُ ③	السَّاعَةُ ③	يُبْلِسُ ④	الْمُجْرِمُوْنَ (12)
قائم ہوگی	قیامت	وہ مایوس ہوجائیں گے	سب مجرم

وَ	لَمْ	يَكُنْ ④	لَّهُمْ	مِّنْ شُرَكَآىِٕهِمْ
اور	نہیں	وہ ہوں گے	اُن کے لیے	اُنکے شریکوں میں سے

شُفَعٰٓؤُا	وَ	كَانُوْا ⑤	بِشُرَكَآىِٕهِمْ	كٰفِرِيْنَ (13)
(کوئی) سفارش کرنے والے	اور	سب ہوجائیں گے	اپنے شریکوں کا	سب انکار کرنے والے

وَ	يَوْمَ	تَقُوْمُ ③	السَّاعَةُ ③	يَوْمَىِٕذٍ
اور	(جس) دن	قائم ہوگی	قیامت	اُس دن

يَّتَفَرَّقُوْنَ ⑥ (14)	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
وہ سب الگ الگ ہوجائیں گے	پھر رہے	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اور

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ③	فَهُمْ	فِيْ رَوْضَةٍ ③
اُن سب نے اعمال کیے	نیک	تو وہ سب	(عالی شان) باغ میں

ضروری وضاحت

①ثُمَّ کا ترجمہ پھر اور ثَمَّ کا ترجمہ وہاں کیا جاتا ہے۔②فعل کے شروع میں تہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔③ ة، تہ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ يُبْلِسُ اور يَكُنْ دونوں واحد کے لیے ہیں کیونکہ ان کا تعلق جمع سے ہے اس لیے اس کا ترجمہ جمع کا کیا گیا ہے۔⑤ كَانُوْا گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے، ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔⑥علامت تہ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور رہے (وہ لوگ) جنھوں نے کفر کیا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ	اور جھٹلایا ہماری آیات کو اور آخرت کی ملاقات کو
فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ	تو وہ لوگ عذاب میں
مُحْضَرُوْنَ ⁽16⁾	حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ⁽16⁾
فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ	پس اللہ کی تسبیح کرو جب تم شام کرتے ہو
وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ⁽17⁾	اور جب تم صبح کرتے ہو۔ ⁽17⁾
وَلَهُ الْحَمْدُ	اور اُسی کی ہی تعریف ہے
فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	آسمانوں اور زمین میں
وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ	اور پچھلے پہر اور جب
تُظْهِرُوْنَ ⁽18⁾	تم ظہر کے وقت میں داخل ہوتے ہو۔ ⁽18⁾
يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ	وہ نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے
وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ	اور وہ نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شام وسحر، طاؤس ورباب، علم وحکمت۔	الْحَمْدُ	حمد وثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔	السَّمٰوٰتِ	کتبِ سماویہ، ارض وسما۔
كَذَّبُوْا	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	عَشِيًّا	نمازِ عشاء، عشائیہ۔
لِقَآئِ	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	تُظْهِرُوْنَ	نمازِ ظہر، ظہرانہ۔
الْاٰخِرَةِ	آخرت، یومِ آخرت، آخری۔	يُخْرِجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیرِ خارجہ۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الْحَيَّ	حیات، احیائے سنت، حیاتِ جاوداں۔
مُحْضَرُوْنَ	حاضر، حاضری، استحضار۔	مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
تُصْبِحُوْنَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق، صبح بخیر۔	الْمَيِّتِ	موت وحیات، سماعِ موتیٰ، میت۔

يُّحْبَرُوْنَ ⑮ ①	وَ	اَمَّا	الَّذِيْنَ ②	كَفَرُوْا
وہ سب خوش وخرم رکھے جائیں گے	اور	رہے	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا

وَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا ③	وَ	لِقَآئِ الْاٰخِرَةِ ④
اور	سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور	آخرت کی ملاقات کو

فَاُولٰٓئِكَ	فِي الْعَذَابِ	مُحْضَرُوْنَ ⑯ ⑤	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ
تو وہ لوگ	عذاب میں	سب حاضر کیے جانے والے	پس اللہ کی تسبیح (کرو)

حِيْنَ	تُمْسُوْنَ	وَ	حِيْنَ	تُصْبِحُوْنَ ⑰	وَ
جب	تم سب شام کرتے ہو	اور	جب	تم سب صبح کرتے ہو	اور

لَهُ الْحَمْدُ ⑥	فِي السَّمٰوٰتِ ④	وَ	الْاَرْضِ	وَ
اُسی کی ہی تعریف ہے	آسمانوں میں	اور	زمیں (میں)	اور

عَشِيًّا	وَّ	حِيْنَ	تُظْهِرُوْنَ ⑱	يُخْرِجُ
پچھلے پہر	اور	جب	تم سب ظہر کے وقت میں داخل ہوتے ہو	وہ نکالتا ہے

الْحَيَّ ⑦	مِنَ الْمَيِّتِ	وَ	يُخْرِجُ	الْمَيِّتَ ⑦	مِنَ الْحَيِّ
زندہ (کو)	مردہ سے	اور	وہ نکالتا ہے	مردہ	زندہ سے

ضروری وضاحت

① اگر یہ پر پیش ہو اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔ ④ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ ہٗ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

وَيُحۡيِ الۡاَرۡضَ	اور وہ زندہ (آباد) کرتا ہے زمین کو
بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ	اُس کے مردہ (بنجر) ہونے کے بعد
وَكَذٰلِكَ تُخۡرَجُوۡنَ ﴿19﴾	اور اِسی طرح تم (بھی) نکالے جاؤ گے۔ ﴿19﴾
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے
اَنۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ	کہ اُس نے پیدا کیا تمہیں مٹی سے
ثُمَّ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ بَشَرٌ تَنۡتَشِرُوۡنَ ﴿20﴾	پھر اچانک تم انسان ہو (جا بجا) پھیل رہے ہو۔ ﴿20﴾
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے
اَنۡ خَلَقَ لَكُمۡ	کہ اُس نے پیدا کیا تمہارے لیے
مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا	تمہارے نفسوں (یعنی تمہاری جنس) سے بیویوں کو
لِّتَسۡكُنُوۡۤا اِلَيۡهَا	تا کہ تم سکون حاصل کرو اُنکی طرف (جاکر)
وَجَعَلَ بَيۡنَكُمۡ مَّوَدَّةً وَّرَحۡمَةً ؕ	اور اُس نے بنادی تمہارے درمیان محبت اور مہربانی
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں

ع 9/5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شام وسحر، طاؤس ورباب، علم وحکمت۔	تَنۡتَشِرُوۡنَ	حشر ونشر، منتشر، انتشار۔
يُحۡيِ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	اَزۡوَاجًا	زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
الۡاَرۡضَ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	لِّتَسۡكُنُوۡۤا	سکون، سکینت۔
كَذٰلِكَ	کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	اِلَيۡهَا	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اٰيٰتِهٖۤ	آیت، آیات قرآنی۔	بَيۡنَكُمۡ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
خَلَقَكُمۡ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	مَّوَدَّةً	مودّت ومحبّت۔
تُرَابٍ	تربت، ابوتراب۔	رَحۡمَةً	رحمت، رحم، مرحوم۔
بَشَرٌ	بشر، بشری تقاضا، خیر البشر۔	فِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

وَ	يُحْيِ	الْاَرْضَ ①	بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ
اور	وہ زندہ (آباد) کرتا ہے	زمین (کو)	اُس کے مردہ (بنجر) ہونے کے بعد

وَ	كَذٰلِكَ	تُخْرَجُوْنَ ② ع (19)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ ③
اور	اِسی طرح	تم سب (بھی) نکالے جاؤ گے	اور	اُس کی نشانیوں میں سے

ع 2/9/5

اَنْ ④	خَلَقَكُمْ ⑤	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	اِذَآ ⑥
کہ	اُس نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	اچانک

اَنْتُمْ	بَشَرٌ	تَنْتَشِرُوْنَ (20)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ ③
تم	انسان	تم سب (جابجا) پھیل رہے ہو	اور	اُس کی نشانیوں میں سے

اَنْ ④	خَلَقَ	لَكُمْ	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ⑤	اَزْوَاجًا
کہ	اُس نے پیدا کیا	تمہارے لیے	تمہارے نفسوں (جنس) سے	بیویوں (کو)

لِّتَسْكُنُوْٓا	اِلَيْهَا	وَ	جَعَلَ	بَيْنَكُمْ ⑤
تاکہ تم سب سکون حاصل کرو	اُنکی طرف	اور	اُس نے بنادی	تمہارے درمیان

مَّوَدَّةً	وَّ	رَحْمَةً ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ⑦	لَاٰيٰتٍ
محبت	اور	مہربانی	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں

ضروری وضاحت

①فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔② تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④ اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔⑤ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو تمھارا، تمھاری، تمھارے کیا جاتا ہے۔
⑥ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کردیا جاتا ہے۔

لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿21﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) غوروفکر کرتے ہیں۔ ﴿21﴾
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے
خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا
وَاخۡتِلَافُ اَلۡسِنَتِكُمۡ وَاَلۡوَانِكُمۡ ؕ	اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف (الگ الگ ہونا)
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡعٰلِمِيۡنَ ﴿22﴾	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں علم والوں کے لیے۔ ﴿22﴾
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے
مَنَامُكُمۡ بِالَّيۡلِ وَالنَّهَارِ	تمہارا سونا رات کو اور دن کو
وَابۡتِغَآؤُكُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	اور تمہارا تلاش کرنا اُس کے فضل سے
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوۡمٍ يَّسۡمَعُوۡنَ ﴿23﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) سنتے ہیں۔ ﴿23﴾
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے (کہ)
يُرِيۡكُمُ الۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَّطَمَعًا	وہ دکھاتا ہے تمہیں بجلی ڈرانے اور اُمید دلانے کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّتَفَكَّرُوۡنَ : فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔	بِالَّيۡلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
مِنۡ : من جانب، من وعن، من حیث القوم۔	النَّهَارِ : نہار منہ، لیل ونہار۔
اٰيٰتِهٖ : آیت، آیات قرآنی۔	فَضۡلِهٖ : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
خَلۡقُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يَّسۡمَعُوۡنَ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
اخۡتِلَافُ : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔	يُرِيۡكُمۡ : رویئت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
اَلۡسِنَتِكُمۡ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔	الۡبَرۡقَ : برق رفتار، برقی رو۔
اَلۡوَانِكُمۡ : متلوّن مزاج۔	خَوۡفًا : خوف، خائف، خوف وہراس۔
لِّلۡعٰلِمِيۡنَ : الہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوام عالم۔	طَمَعًا : مطمعِ نظر، لالچ وطمع۔

لِّقَوْمٍ ①	يَّتَفَكَّرُوْنَ ② (21)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ	خَلْقُ
(اُن) لوگوں کے لیے	وہ سب غور وفکر کرتے ہیں	اور	اُسکی نشانیوں میں سے	پیدا کرنا

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	اخْتِلَافُ	اَلْسِنَتِكُمْ ③	وَ
آسمانوں (کا)	اور	زمین (کا)	اور	اختلاف	تمہاری زبانوں (کا)	اور

اَلْوَانِكُمْ ③ ط	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ ④	لِّلْعٰلِمِيْنَ (22)
تمہارے رنگوں (کا)	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں	علم والوں کے لیے

وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	مَنَامُكُمْ ③	بِالَّيْلِ ⑤	وَ	النَّهَارِ
اور	اُس کی نشانیوں میں سے	تمہارا سونا	رات کو	اور	دن (کو)

وَ	ابْتِغَآؤُكُمْ	مِّنْ فَضْلِهٖ ط	اِنَّ ⑥	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ
اور	تمہارا تلاش کرنا	اُس کے فضل سے	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں

لِّقَوْمٍ ①	يَّسْمَعُوْنَ (23)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ
اُن لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب سنتے ہیں	اور	اُس کی نشانیوں میں سے

يُرِيْكُمُ	الْبَرْقَ ⑦	خَوْفًا	وَّ	طَمَعًا
(کہ) وہ دکھاتا ہے تمہیں	بجلی	ڈرانے	اور	اُمید دلانے (کے لیے)

ضروری وضاحت

① قَوْم لفظاً واحد ہے اور معناً جمع ہے اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔② علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔③ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔④ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔⑥ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

وَّ يُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	اور وہ نازل کرتا ہے آسمان سے پانی
فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ	پھر وہ زندہ کرتا ہے اس کے ذریعے زمین کو
بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ	اس کی موت (ویرانی) کے بعد
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿24﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) عقل رکھتے ہیں۔ ﴿24﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے
اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ	کہ قائم ہیں آسمان اور زمین اس کے حکم سے
ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ	پھر جب وہ پکارے گا تمہیں
دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ	ایک بار پکارنا زمین سے،
اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿25﴾	(تو) اچانک تم سب باہر نکل آ ؤ گے۔ ﴿25﴾
وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور اُسی کا ہے جو (بھی) آسمانوں اور زمین میں ہے
كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿26﴾	سب اُسی کے فرمانبردار ہیں۔ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شام وسحر، طاؤس ورباب، علم وحکمت۔	لِّقَوْمٍ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
يُنَزِّلُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَّعْقِلُوْنَ	: عقل، عاقل، معقول۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تَقُوْمَ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
مَآءً	: ماءالحیات، ماءاللحم۔	السَّمَآءُ	: کتب سماویہ، ارض وسماء۔
فَيُحْيٖ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	بِاَمْرِهٖ	: امر، آمر، مامور، امر بالمعروف۔
الْاَرْضَ	: ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	دَعَاكُمْ	: دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
بَعْدَ	: بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔	تَخْرُجُوْنَ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
مَوْتِهَا	: موت وحیات، سماع موتیٰ، میت۔	كُلٌّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔

وَّ	يُنَزِّلُ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَيُحْيِ	بِهِ ①
اور	وہ نازل کرتا ہے	آسمان سے	پانی	پھر وہ زندہ کرتا ہے	اس کے ذریعے

الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ②	لَاٰيٰتٍ ③
زمین کو	اس کی موت (ویرانی) کے بعد	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں

لِّقَوْمٍ ④	يَّعْقِلُوْنَ (24)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ
(اُن) لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب عقل رکھتے ہیں	اور	اُس کی نشانیوں میں سے

اَنْ	تَقُوْمَ ③	السَّمَآءُ	وَ	الْاَرْضُ	بِاَمْرِهٖ ؕ ①
کہ	قائم ہیں	آسمان	اور	زمین	اس کے حکم سے

ثُمَّ	اِذَا ⑤	دَعَاكُمْ ⑥	دَعْوَةً ۖ ③⑦	مِّنَ الْاَرْضِ ۖ
پھر	جب	وہ پکارے گا تمہیں	ایک بار پکارنا	زمین سے

اِذَآ ⑤	اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ⑧ (25)	وَ	لَهٗ	مَنْ
(تو) اچانک	تم سب باہر نکل آؤ گے	اور	اُسی کا (ہے)	جو

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ ؕ	كُلٌّ	لَّهٗ	قٰنِتُوْنَ (26)
آسمانوں میں	اور	زمین (میں)	سب	اُسی کے	سب فرمانبردار

ضروری وضاحت

① بِهِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، بذریعہ کیا جاتا ہے۔② ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔③ ات، تَ اور ةَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ قَوْم لفظاً واحد ہے اور معناً جمع ہے اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔⑤ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔⑥ دَعَا گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔⑦ یہ گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے، تاکید کے لیے آیا ہے۔⑧ اَنْتُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

وَهُوَ الَّذِيۡ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ	اور (اللہ) وہی ہے جو پہلی بار پیدا کرتا ہے مخلوق کو
ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ	پھر وہی اُسے لوٹائے گا (یعنی دوبارہ پیدا کرے گا)
وَهُوَ اَهۡوَنُ عَلَيۡهِ ؕ	اور وہ بہت آسان ہے اُس پر
وَلَهُ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰى	اور اُسی کے لیے ہے اعلیٰ مثال
فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ	آسمانوں اور زمین میں
وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿27﴾ ع	اور وہی انتہائی غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿27﴾
ضَرَبَ لَكُمۡ مَّثَلًا	اُس نے بیان کی تمہارے لیے ایک مثال
مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ ؕ	تمہارے نفسوں میں سے
هَلۡ لَّكُمۡ مِّنۡ مَّا	کیا تمہارے لیے (ان غلاموں) میں سے جن کے
مَلَكَتۡ اَيۡمَانُكُمۡ مِّنۡ شُرَكَآءَ	مالک ہیں تمہارے دائیں ہاتھ کوئی شریک ہیں
فِىۡ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ	اُس (چیز) میں جو ہم نے رزق دیا تمہیں
فَاَنۡتُمۡ فِيۡهِ سَوَآءٌ تَخَافُوۡنَهُمۡ	کہ تم (اور وہ) اس میں برابر ہو جاؤ، تم ڈرتے ہو اُن سے

ع 3 8 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَبۡدَؤُا	: ابتداء، ابتدائی، مبتدی طالب علم۔	ضَرَبَ	: ضرب المثل، ضرب الامثال۔
الۡخَلۡقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	مِّنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُعِيۡدُهٗ	: اعادہ، مسیح موعود، عود کر آنا۔	اَنۡفُسِكُمۡ	: نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
عَلَيۡهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی الصبح۔	مَلَكَتۡ	: مالک، ملکیت، املاک۔
الۡمَثَلُ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	اَيۡمَانُكُمۡ	: یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔
الۡاَعۡلٰى	: ادنیٰ و اعلیٰ، علو منزلت، عالی شان۔	شُرَكَآءَ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
فِىۡ	: فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔	سَوَآءٌ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
الۡحَكِيۡمُ	: حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔	تَخَافُوۡنَهُمۡ	: خوف، خائف، خوف و ہراس۔

وَ	هُوَ	الَّذِيْ	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ
اور	وہ	جو	وہ پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق (کو)	پھر	وہ لوٹائے گا اُسے

وَ	هُوَ	اَهْوَنُ ①	عَلَيْهِ ؕ	وَ	لَهُ	الْمَثَلُ
اور	وہ	بہت آسان	اُس پر	اور	اُسی کے لیے	مثال

الْاَعْلٰى ①	فِي السَّمٰوٰتِ ②	وَ	الْاَرْضِ ۚ	وَ
اعلیٰ	آسمانوں میں	اور	زمین (میں)	اور

ع 3 8 6 الربع

هُوَ الْعَزِيْزُ ③④	الْحَكِيْمُ ④ ع (27)	ضَرَبَ ⑤	لَكُمْ
وہی انتہائی غالب	بہت حکمت والا	اُس نے بیان کی	تمہارے لیے

مَّثَلًا ⑥	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ	هَلْ	لَّكُمْ	مِّنْ
ایک مثال	تمہارے نفسوں میں سے	کیا	تمہارے لیے	(ان غلاموں) میں سے

مَّا	مَلَكَتْ ②	اَيْمَانُكُمْ	مِّنْ شُرَكَآءَ ⑦	فِيْ مَا
جن کے	مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ	کوئی شریک	(اُس چیز) میں جو

رَزَقْنٰكُمْ	فَاَنْتُمْ	فِيْهِ	سَوَآءٌ	تَخَافُوْنَهُمْ
ہم نے رزق دیا تمہیں	(کہ) پس تم (اور وہ)	اس میں	برابر (ہوجاؤ)	تم سب ڈرتے ہو اُن سے

ضروری وضاحت

①یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔②ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی یا وہی کیا جاتا ہے۔④اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ ضَرَبَ کا لفظی ترجمہ مارا ہے لیکن اگر اُسی جملے میں مَثَلًا ہو تو اس سے مراد بیان کیا ہوتا ہے۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦مِنْ کا ترجمہ سے ہے ضرورتاً ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

كَخِيۡفَتِكُمۡ اَنۡفُسَكُمۡ‌ؕ	اپنے (برابر کے) لوگوں سے ڈرنے کی طرح
كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ	اِسی طرح ہم کھول کھول کرآیات بیان کرتے ہیں
لِقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿28﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) عقل رکھتے ہیں۔ ﴿28﴾
بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡۤا	بلکہ پیروی کی (اُن لوگوں نے) جنھوں نے ظلم کیا
اَهۡوَآءَهُمۡ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ‌ۚ	اپنی خواہشات کی علم کے بغیر
فَمَنۡ يَّهۡدِىۡ	پھر کون ہدایت دے سکتا ہے (اُسے)
مَنۡ اَضَلَّ اللّٰهُ‌ؕ	جسے اللہ نے گمراہ کر دیا
وَمَا لَهُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِيۡنَ ﴿29﴾	اور نہیں ہے اُنکے لیے کوئی مدد کرنے والے۔ ﴿29﴾
فَاَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا‌ؕ	پس آپ سیدھا رکھیں اپنا چہرہ دین کے لیے یکسو ہوکر
فِطۡرَتَ اللّٰهِ	(اختیار کر) اللہ کی فطرت کو
الَّتِىۡ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيۡهَا‌ؕ	جس پر اُس نے پیدا کیا لوگوں کو
لَا تَبۡدِيۡلَ لِخَلۡقِ اللّٰهِ‌ؕ	کسی طرح بدلنا (جائز) نہیں اللہ کی پیدائش (فطرت) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَخِيۡفَتِكُمۡ : کما حقہ، کالعدم/خوف، خائف۔
نُفَصِّلُ : تفصیل، مفصل، تفصیلات۔
يَّعۡقِلُوۡنَ : عقل، عاقل، معقول۔
اتَّبَعَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَهۡوَآءَهُمۡ : ہوائے نفس۔
يَّهۡدِىۡ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اَضَلَّ : ضلالت وگمراہی۔
نّٰصِرِيۡنَ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔

فَاَقِمۡ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
وَجۡهَكَ : وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
حَنِيۡفًا : دین حنیف۔
فِطۡرَتَ : فطرت، فطرتی طور پر۔
النَّاسَ : عوام الناس، بعض الناس۔
لَا : لاعلاج، لاجواب، لاتعداد۔
تَبۡدِيۡلَ : تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
لِخَلۡقِ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔

كَخِيْفَتِكُمْ ①	اَنْفُسَكُمْ ط ①	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ
تمہارے ڈرنے کی طرح	اپنے (برابر کے) لوگوں سے	اِسی طرح	ہم کھول کھول کر بیان کرتے ہیں

الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ ②	يَّعْقِلُوْنَ (28)	بَلِ	اتَّبَعَ	الَّذِيْنَ
آیات	اُن لوگوں کے لیے	وہ سب عقل رکھتے ہیں	بلکہ	پیروی کی	جن

ظَلَمُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ ج	فَمَنْ ③	يَّهْدِيْ
سب نے ظلم کیا	اپنی خواہشات (کی)	علم کے بغیر	پھر کون	وہ ہدایت دے سکتا ہے

مَنْ ③	اَضَلَّ	اللّٰهُ ط ④	وَمَا	لَهُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ (29)
جسے	گمراہ کردیا	اللہ (نے)	اور نہیں	اُن کے لیے	کوئی مدد کرنے والوں سے

فَاَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ	حَنِيْفًا ط
پس آپ سیدھا رکھیں	اپنا چہرہ	دین کے لیے	یکسو (ہوکر)

فِطْرَتَ اللّٰهِ ⑤	الَّتِيْ	فَطَرَ	النَّاسَ ④
اللہ کی فطرت کو (اختیار کر)	جو	اُس نے پیدا کیا	لوگوں کو

عَلَيْهَا ط	لَا	تَبْدِيْلَ ⑥	لِخَلْقِ اللّٰهِ ط
اُس پر	نہیں کوئی	بدلنا (جائز)	اللہ کی پیدائش (فطرت) کو

ضروری وضاحت

① كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔ ② قَوْم لفظاً واحد ہے اور معناً جمع ہے اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔ ③ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ فِطْرَتَ کی ت دراصل ۃ ہے قرآنی کتابت میں اس کو کبھی ت لکھا جاتا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔

ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۙ	یہی سیدھا دین ہے
وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿30﴾	اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔﴿30﴾
مُنِيۡبِيۡنَ اِلَيۡهِ	(لوگو!) اسی کی طرف رجوع کرنے والے (بنو)
وَاتَّقُوۡهُ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ	اور اُسی سے ڈرو اور نماز قائم کرو
وَلَا تَكُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ﴿31﴾	اور مت ہو جاؤ مشرکوں میں سے۔﴿31﴾
مِنَ الَّذِيۡنَ فَرَّقُوۡا	(اُن لوگوں میں) سے جنہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا
دِيۡنَهُمۡ وَكَانُوۡا شِيَعًا ؕ	اپنے دین کو، اور وہ ہو گئے کئی گروہ
كُلُّ حِزۡبٍۢ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُوۡنَ ﴿32﴾	ہر گروہ (اُس) پر جو اُنکے پاس ہے خوش ہیں۔﴿32﴾
وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ	اور جب پہنچے لوگوں کو کوئی تکلیف
دَعَوۡا رَبَّهُمۡ	وہ پکارتے ہیں اپنے رب کو
مُّنِيۡبِيۡنَ اِلَيۡهِ	اُس کی طرف رجوع کرتے ہوئے
ثُمَّ اِذَاۤ اَذَاقَهُمۡ مِّنۡهُ رَحۡمَةً	پھر جب وہ چکھائے اُنہیں اپنی طرف سے کوئی رحمت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَكۡثَرَ	: کثرت، اکثر، کثیر، قلت وکثرت۔	فَرَّقُوۡا	: متفرق، تفریق، تفرقہ بازی، فرقہ واریت۔
النَّاسِ	: عوام الناس، بعض الناس۔	حِزۡبٍ	: حزب اقتدار، حزب اختلاف۔
لَا	: لاعلاج، لاجواب، لاتعداد۔	فَرِحُوۡنَ	: فرحت، مفرح قلب، تفریح۔
يَعۡلَمُوۡنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	مَسَّ	: مس، مساس۔
مُنِيۡبِيۡنَ	انابت الی اللہ۔	ضُرٌّ	: مضر صحت، ضرر رساں۔
اِلَيۡهِ	: الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔	دَعَوۡا	: دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
اَقِيۡمُوا	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔	اَذَاقَهُمۡ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
الۡمُشۡرِكِيۡنَ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	رَحۡمَةً	: رحمت، رحم، مرحوم۔

ذٰلِكَ ①	الدِّيْنُ	الْقَيِّمُ ۙ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
یہی	دین	سیدھا	اور	لیکن	اکثر	لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ② ﴿30﴾	مُنِيْبِيْنَ	اِلَيْهِ	وَ	اتَّقُوْهُ ③
نہیں وہ سب جانتے	سب رجوع کرنے والے	اسی کی طرف	اور	تم سب ڈرو اُسی سے

وَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ ④	وَ	لَا تَكُوْنُوْا	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿31﴾
اور تم سب قائم کرو	نماز	اور	مت تم سب ہو جاؤ	مشرکوں میں سے

مِنَ الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا ⑤	دِيْنَهُمْ	وَ	كَانُوْا	شِيَعًا ؕ
(اُن) سے جن	سب نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا	اپنے دین کو	اور	وہ سب ہو گئے	کئی گروہ

كُلُّ	حِزْبٍۢ	بِمَا	لَدَيْهِمْ	فَرِحُوْنَ ﴿32﴾	وَ	اِذَا
ہر	گروہ	(اُس) پر جو	اُن کے پاس	سب خوش	اور	جب

مَسَّ	النَّاسَ	ضُرٌّ ⑥	دَعَوْا ⑦	رَبَّهُمْ
چھوئے (پہنچے)	لوگوں (کو)	کوئی تکلیف	وہ سب پکارتے ہیں	اپنے رب (کو)

مُّنِيْبِيْنَ	اِلَيْهِ	ثُمَّ اِذَآ	اَذَاقَهُمْ	مِّنْهُ	رَحْمَةً ④⑥
سب رجوع کرتے ہوئے	اُسکی طرف	پھر جب	وہ چکھائے اُنہیں	اپنی طرف سے	کوئی رحمت

ضروری وضاحت

① ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ③ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا "ا" گر جاتا ہے۔ ④ ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ یہاں فعل کے درمیان شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑦ دَعَوْا گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے اسکا ترجمہ زمانہ حال میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ	(تو) اچانک ایک گروہ اُن میں سے
بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾	اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں۔ ﴿33﴾
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ	تاکہ وہ ناشکری کریں (اس) کی جو ہم نے دیا اُنہیں
فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿34﴾	سو فائدہ اُٹھالو، پھر عنقریب تم جان لوگے۔ ﴿34﴾
اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا	کیا ہم نے نازل کی ہے اُن پر کوئی دلیل
فَهُوَ يَتَكَلَّمُ	کہ وہ بول کر بتاتی ہو (اُن کو وہ چیز)
بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿35﴾	جس کو وہ اُس (اللہ) کا شریک کر رہے ہیں۔ ﴿35﴾
وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً	اور جب ہم چکھاتے ہیں لوگوں کو کوئی رحمت
فَرِحُوْا بِهَا ؕ	(تو) وہ خوش ہوجاتے ہیں اُس سے
وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ	اور اگر پہنچتی ہے اُنہیں کوئی برائی (مصیبت)
بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ	اُس کی وجہ سے جو آگے بھیجا اُن کے ہاتھوں نے
اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿36﴾	(تو) اچانک وہ نااُمید ہوجاتے ہیں۔ ﴿36﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَرِيْقٌ	: متفرق، تفریق، فرق، فرقہ واریت۔	سُلْطٰنًا	: سلطان، سلطانی گواہ، سلطانیت۔
مِّنْهُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَتَكَلَّمُ	: کلام، متکلم، انداز تکلم۔
يُشْرِكُوْنَ	: شرک، مشرک، مشرکین مکہ۔	اَذَقْنَا	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
لِيَكْفُرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	فَرِحُوْا	: فرحت، مفرح قلب، تفریح۔
فَتَمَتَّعُوْا	: متاع کارواں، مال ومتاع۔	تُصِبْهُمْ	: مصیبت، مصائب۔
تَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	سَيِّئَةٌ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
اَنْزَلْنَا	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	قَدَّمَتْ	: اقدام، قدم، مقدمہ الجیش، خیر مقدم۔
عَلَيْهِمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَيْدِيْهِمْ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔

اِذَا ①	فَرِیْقٌ ②	مِّنْهُمْ	بِرَبِّهِمْ	يُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾ۙ
اچانک	ایک گروہ	اُن میں سے	اپنے رب کے ساتھ	وہ سب شرک کرنے لگتے ہیں

لِيَكْفُرُوْا ③	بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ ؕ	فَتَمَتَّعُوْا ④ وقفة
تاکہ وہ سب ناشکری کریں	(اس) کی جو	ہم نے دیا اُنہیں	سو تم سب فائدہ اُٹھالو

فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ﴿34﴾	اَمْ ⑤	اَنْزَلْنَا ⑥	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنًا ②
پھر عنقریب	تم سب جان لوگے	کیا	ہم نے نازل کی	اُن پر	کوئی دلیل

فَهُوَ	يَتَكَلَّمُ ④	بِمَا	كَانُوْا	بِهٖ	يُشْرِكُوْنَ ﴿35﴾
(کہ) پس وہ	وہ بول کر بتاتی ہو	جس کو	وہ سب ہیں	اُسکے ساتھ	وہ سب شریک ٹھہراتے

وَاِذَآ ①	اَذَقْنَا	النَّاسَ	رَحْمَةً ②⑦	فَرِحُوْا
اور جب	ہم چکھاتے ہیں	لوگوں (کو)	کوئی رحمت	(تو) وہ سب خوش ہوجاتے ہیں

بِهَا ؕ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ ⑦	سَيِّئَةٌۢ ②⑦	بِمَا
اُس سے	اور اگر	پہنچتی ہے اُنہیں	کوئی برائی	(اُسکی) وجہ سے جو

قَدَّمَتْ ⑦	اَيْدِيْهِمْ	اِذَا ①	هُمْ يَقْنَطُوْنَ ⑧ ﴿36﴾
آگے بھیجا	اُنکے ہاتھوں (نے)	اچانک	وہ سب نااُمید ہوجاتے ہیں

ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ② اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ④ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑦ ۃ، تَ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ⑧ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ	اور (بھلا) کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ بیشک اللہ
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ	کشادہ کرتا ہے رزق کو جس کے لیے وہ چاہتا ہے
وَيَقْدِرُ ؕ	اور وہ تنگ کر دیتا ہے۔ (جس کے لیے وہ چاہتا ہے)
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿37﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿37﴾
فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ	سو آپ دیں قرابت والے کو اس کا حق
وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ	اور مسکین اور مسافر کو (بھی)
ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ	یہی بہتر ہے ان (لوگوں) کے لیے جو
يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ز	چاہتے ہیں اللہ کا چہرہ (یعنی اُس کی خوشنودی یا اُس کا دیدار)
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿38﴾	اور وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿38﴾
وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا	اور جو تم دیتے ہو سود (پر قرض)
لِّيَرْبُوَا۠ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ	تا کہ وہ بڑھتا رہے لوگوں کے مالوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شام وسحر، شان وشوکت، رنج والم۔	يُّؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
يَرَوْا	رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	الْقُرْبٰى	قرب، قریب، مقرب، تقرب۔
يَبْسُطُ	بساط لپیٹ دی، بساط کے مطابق ۔	حَقَّهٗ	حق وباطل، حقیقت، حق گوئی۔
الرِّزْقَ	رزق، رازق، رزّاق۔	الْمِسْكِيْنَ	مسکین، مساکین۔
لِمَنْ	الحمدللہ، لہٰذا۔	ابْنَ	ابنائے جامعہ، عیسٰی ابنِ مریم، ابن عمر۔
يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	وَجْهَ	وجہ، متوجہ، توجہ، علٰی وجہ البصیرت۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الْمُفْلِحُوْنَ	فوز وفلاح، فلاح دارین، فلاحی ادارہ۔
لِّقَوْمٍ	لہٰذا، الحمدللہ / قوم، اقوام، قومیت۔	رِّبًا، لِّيَرْبُوَا۠	ربا فری بنک، ربا حرام ہے۔

①اَ	وَ	لَمْ	②يَرَوْا	③اَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ
کیا	اور	نہیں	اُن سب نے دیکھا	کہ بیشک	اللہ	وہ کشادہ کرتا ہے

④الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَقْدِرُ ؕ
رزق (کو)	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ تنگ کرتا ہے (یعنی وہ مقدار مقرر کرتا ہے)

③اِنَّ	⑤فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ﴿37﴾
بے شک	اِس میں	یقیناً نشانیاں	(اُن) لوگوں کے لیے	وہ سب ایمان لاتے ہیں

فَاٰتِ	ذَا الْقُرْبٰى	حَقَّهٗ	وَالْمِسْكِيْنَ	وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ
سو آپ دیں	قرابت والے (کو)	اس کا حق	اور مسکین	اور راستے کا بیٹا (مسافر)

⑤ذٰلِكَ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَ اللّٰهِ ۫
یہی	بہتر	(اُن لوگوں) کے لیے جو	وہ سب چاہتے ہیں	اللہ کا چہرہ (یعنی اُس کی خوشنودی)

وَ	اُولٰٓئِكَ	⑥هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿38﴾	وَ	مَآ
اور	وہی لوگ	ہی سب فلاح پانے والے	اور	جو

اٰتَيْتُمْ	⑦مِّنْ رِّبًا	⑧لِّيَرْبُوَا۠	فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ
تم دیتے ہو	سود (پر قرض)	تاکہ وہ بڑھتا رہے	لوگوں کے مالوں میں

ضروری وضاحت

① اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔② لَمْ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔ ③ اَنَّ، اِنَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا ترجمہ وہ یا اُس ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ لِيَرْبُوَا کے آخر میں "و" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد لکھا گیا ہے۔

فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ	تو وہ نہیں بڑھتا اللہ کے ہاں
وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ	اور جو تم دیتے ہو زکوٰۃ سے
تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ	تم چاہتے ہو اللہ کا چہرہ (اُس کی خوشنودی یا دیدار)
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ	تو وہی لوگ ہی
الْمُضْعِفُوْنَ ﴿39﴾ اَللّٰهُ	(ثواب کو) کئی گنا بڑھانے والے ہیں۔﴿39﴾ اللہ تعالیٰ ہے
الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ	جس نے تمہیں پیدا کیا پھر اس نے تمہیں رزق دیا
ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ	پھر وہ تمہیں موت دیگا پھر وہی تمہیں زندہ کرے گا
هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ	کیا تمہارے (بنائے) شرکاء میں سے کوئی ہے جو
يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ	کرتا ہو ان (کاموں) میں سے کچھ بھی۔
سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى	وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿40﴾ ع 4/13/7	(اس) سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔﴿40﴾
ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ	فساد ظاہر ہو گیا خشکی اور سمندر میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَرْبُوْا	: ربا فری بنک، ربا حرام ہے۔	يُمِيْتُكُمْ	: موت وحیات، حیاتی مماتی۔
عِنْدَ	: عند اللہ، عند الناس، عندیہ۔	يُحْيِيْكُمْ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔	يَّفْعَلُ	: فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
مِّنْ	: منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	سُبْحٰنَهٗ	: سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
تُرِيْدُوْنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔	ظَهَرَ	: ظاہر، مظاہر، مظہر، مظاہرہ، ظہور۔
وَجْهَ	: وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔	الْفَسَادُ	: فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
الْمُضْعِفُوْنَ	: ذو اضعاف اقل۔	الْبَرِّ	: برّی افواج، بحر و برّ۔
خَلَقَكُمْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	الْبَحْرِ	: بحر قلزم، بحیرۂ عرب، برّ و بحر۔

فَلَا	يَرْبُوْا ①	عِنْدَ اللّٰهِ ج	وَمَآ	اٰتَيْتُمْ ②	مِّنْ زَكٰوةٍ	تُرِيْدُوْنَ
تو نہیں	وہ بڑھتا	اللہ کے ہاں	اور جو	تم دیتے ہو	زکوٰۃ سے	تم سب چاہتے ہو

وَجْهَ اللّٰهِ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ (39) ③④
اللہ کا چہرہ (یعنی دیدار یا خوشنودی)	تو وہی لوگ	ہی (ثواب کو) سب کئی گنا بڑھانے والے (ہیں)

اَللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ	رَزَقَكُمْ
اللہ تعالیٰ	جس نے	پیدا کیا تمہیں	پھر	رزق دیا تمہیں

ثُمَّ	يُمِيْتُكُمْ	ثُمَّ	يُحْيِيْكُمْ ط
پھر	وہی موت دیگا تمہیں	پھر	وہ زندہ کرے گا تمہیں

هَلْ	مِنْ شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّفْعَلُ
کیا	تمہارے (بنائے) شرکاء میں سے کوئی (ہے)	جو	وہ کرتا ہو

مِنْ ذٰلِكُمْ ⑤	مِّنْ شَيْءٍ ط	سُبْحٰنَهٗ	وَ	تَعٰلٰى ⑥
اُن (کاموں) میں سے	کسی چیز سے	وہ پاک ہے	اور	بہت بلند ہے

ع 4 13 7

عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ (40) ع	ظَهَرَ	الْفَسَادُ	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ
اس سے جو	وہ سب شریک ٹھہراتے ہیں	ظاہر ہو گیا	فساد	خشکی میں	اور سمندر (میں)

ضروری وضاحت

① يَرْبُوْا کے آخر میں "و" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد لکھا جاتا ہے۔② اٰتَيْتُمْ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً اسکا ترجمہ زمانہ حال میں کیا گیا ہے۔③ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ جنکے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔⑥ یہاں تا اور کھڑی زبر جو کہ الف کے قائم مقام ہے، دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے۔

بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ	اس وجہ سے جو کمایا لوگوں کے ہاتھوں نے
لِيُذِيْقَهُمْ	تا کہ (اللہ) مزہ چکھائے اُنہیں
بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا	بعض (اس کا) جو انہوں نے عمل کیا
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿41﴾	تا کہ وہ رجوع کریں (یعنی باز آجائیں)۔ ﴿41﴾
قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ	آپ کہہ دیجیے چلو پھرو زمین میں
فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ	پھر دیکھو کیسا انجام ہوا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ	(اُن لوگوں کا) جو (اُن) سے پہلے تھے
كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿42﴾	اِن کے اکثر مشرک تھے۔ ﴿42﴾
فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ	پس آپ سیدھا رکھیں اپنا چہرہ سیدھے دین کی طرف
مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ	اس سے پہلے کہ وہ دن آئے
لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ	(کہ) نہیں ہے اُس کا ٹلنا اللہ کی طرف سے
يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿43﴾	اس دن وہ جدا جدا ہوجائیں گے۔ ﴿43﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَسَبَتْ	کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔
اَيْدِي	ید بیضا، یدطولیٰ، رفع الیدین۔
لِيُذِيْقَهُمْ	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
عَمِلُوْا	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
يَرْجِعُوْنَ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
سِيْرُوْا	سیر، سیر وتفریح، سیر وسیاحت۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
فَانْظُرُوْا	نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر، تناظر۔
كَيْفَ	کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
عَاقِبَةُ	عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
مُّشْرِكِيْنَ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
فَاَقِمْ	قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
وَجْهَكَ	وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
يَوْمٌ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
مَرَدَّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔

بِمَا ①	كَسَبَتْ ②	اَيْدِي النَّاسِ	لِيُذِيْقَهُمْ ③
(اس) وجہ سے جو	کمایا	لوگوں کے ہاتھوں (نے)	تا کہ وہ مزہ چکھائے اُنہیں

بَعْضَ	الَّذِيْ	عَمِلُوْا	لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ④ (41)
بعض (اس کا)	جو	ان سب نے عمل کیا	تا کہ وہ سب رجوع کریں (یعنی باز آجائیں)

قُلْ	سِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا ⑤	كَيْفَ	كَانَ ⑥
آپ کہہ دیجیے	تم سب چلو پھرو	زمین میں	پھر تم سب دیکھو	کیسا	ہوا

عَاقِبَةُ ②	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلُ ؕ	كَانَ ⑥	اَكْثَرُهُمْ
انجام	(اُن لوگوں کا) جو	(اُن) سے پہلے (تھے)	تھے	اِن کے اکثر

مُّشْرِكِيْنَ (42)	فَاَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ ⑦
سب شرک کرنے والے	پس آپ سیدھا رکھیں	اپنا چہرہ	سیدھے دین کی طرف

مِنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا مَرَدَّ ⑧
(اس) سے پہلے	کہ	وہ آئے	دن	(کہ) نہیں کوئی ٹلنا

لَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	يَوْمَئِذٍ	يَّصَّدَّعُوْنَ (43)
اُس کا	اللہ (کی طرف) سے	اس دن	وہ سب جدا جدا ہو جائیں گے۔

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ② تْ اور ةُ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ④ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑤ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ⑥ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ⑦ اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ کے لیے ہوتا ہے اور یہاں ترجمہ کی طرف ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑧ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

مَنۡ كَفَرَ فَعَلَيۡهِ كُفۡرُهٗ ۚ	جس نے کفر کیا تو اُسی پر ہے اُس کا کفر
وَمَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنۡفُسِهِمۡ	اور جس نے نیک عمل کیے تو اپنے نفسوں کے لیے
يَمۡهَدُوۡنَ ۙ﴿44﴾	وہ راستہ سنوارتے ہیں۔ ﴿44﴾
لِيَجۡزِىَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	تاکہ وہ بدلہ دے (اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے اپنے فضل سے
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿45﴾	بلاشبہ وہ نہیں پسند کرتا کافروں کو۔
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے
اَنۡ يُّرۡسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ	کہ وہ بھیجتا ہے ہوائیں خوشخبری دینے والیاں (بناکر)
وَّلِيُذِيۡقَكُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِهٖ	اور تاکہ وہ چکھائے تمہیں اپنی رحمت سے کچھ
وَلِتَجۡرِىَ الۡفُلۡكُ بِاَمۡرِهٖ	اور تاکہ چلیں کشتیاں اُس کے حکم سے
وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ	اور تاکہ تم تلاش کرو اُس کے فضل سے
وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿46﴾	اور تاکہ تم شکر کرو۔ ﴿46﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرَ	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔	لَا	لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
فَعَلَيۡهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يُحِبُّ	حب، حبیب، محب، محبت۔
عَمِلَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	يُّرۡسِلَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
صَالِحًا	صلح، اصلاح، اعمالِ صالحہ۔	الرِّيَاحَ	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
فَلِاَنۡفُسِهِمۡ	نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفس۔	مُبَشِّرٰتٍ	بشارت، مبشر، بشیر۔
لِيَجۡزِىَ	جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	لِيُذِيۡقَكُمۡ	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
اٰمَنُوۡا	ایمان، مؤمن، امن۔	لِتَجۡرِىَ	جاری، اجرا، جاری وساری۔
فَضۡلِهٖ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	تَشۡكُرُوۡنَ	شکر، شاکر، اظہارِ تشکر، شکرگزار۔

مَنْ ①	كَفَرَ	فَعَلَيْهِ	كُفْرُهٗ ۚ ②	وَ	مَنْ ①
جس نے	کفر کیا	تو اُسی پر	اُس کا کفر	اور	جس نے

عَمِلَ	صَالِحًا	فَلِاَنْفُسِهِمْ	يَمْهَدُوْنَ ﴿44﴾ لا	لِيَجْزِيَ ③
عمل کیے	نیک	تو اپنے نفسوں کے لیے	وہ سب راستہ سنوارتے ہیں	تاکہ وہ بدلہ دے

الَّذِيْنَ ④	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ⑤	مِنْ فَضْلِهٖ ② ط
(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے	اور ان سب نے اعمال کیے	نیک	اپنے فضل سے

اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْكٰفِرِيْنَ ﴿45﴾	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ ②
بلاشبہ وہ	نہیں وہ پسند کرتا	کافروں (کو)	اور	اُس کی نشانیوں میں سے

اَنْ	يُّرْسِلَ	الرِّيَاحَ	مُبَشِّرٰتٍ ⑤⑥	وَّ	لِيُذِيْقَكُمْ ③
کہ	وہ بھیجتا ہے	ہوائیں	خوشخبری دینے والیاں (بناکر)	اور	تاکہ وہ چکھائے تمہیں

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ ②	وَ	لِتَجْرِيَ ③⑤	الْفُلْكُ ⑦	بِاَمْرِهٖ ②	وَ
اپنی رحمت سے	اور	تاکہ چلیں	کشتیاں	اُس کے حکم سے	اور

لِتَبْتَغُوْا ③	مِنْ فَضْلِهٖ ②	وَ	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑧ ﴿46﴾
تاکہ تم سب تلاش کرو	اُس کے فضل سے	اور	تاکہ تم سب شکر کرو

ضروری وضاحت

①مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔③فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔④ اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑤ات اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑦ اَلْفُلْكُ واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑧ كُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجے
مِنۡ قَبۡلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوۡمِهِمۡ	آپ سے پہلے کئی رسول اُن کی قوم کی طرف
فَجَآءُوۡهُمۡ	تو وہ آئے اُنکے پاس
بِالۡبَيِّنٰتِ	واضح دلائل کے ساتھ (پھر بھی قوم نے جھٹلایا)
فَانۡتَقَمۡنَا مِنَ الَّذِيۡنَ اَجۡرَمُوۡا ؕ	تو ہم نے انتقام لیا اُن (لوگوں) سے جنہوں نے جرم کیے
وَكَانَ حَقًّا عَلَيۡنَا	اور ہم پر حق تھا (یعنی لازم تھا)
نَصۡرُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿47﴾	مؤمنوں کی مدد کرنا۔ ﴿47﴾
اَللّٰهُ الَّذِىۡ يُرۡسِلُ الرِّيٰحَ	اللہ (وہ ہے) جو بھیجتا ہے ہوائیں
فَتُثِيۡرُ سَحَابًا فَيَبۡسُطُهٗ	تو وہ اُٹھاتی ہیں بادل، پھر وہ پھیلا دیتا ہے اُسے
فِى السَّمَآءِ كَيۡفَ يَشَآءُ	آسمان میں جیسے وہ چاہتا ہے
وَيَجۡعَلُهٗ كِسَفًا	اور وہ کر دیتا ہے اُسے ٹکڑے ٹکڑے
فَتَرَى الۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلٰلِهٖ ۚ	پھر آپ دیکھتے ہیں بارش کو وہ نکلتی ہے اُسکے درمیان سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : رسم ورواج، فہم وفراست، علم وحکمت۔	الرِّيٰحَ : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
اَرۡسَلۡنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	فَيَبۡسُطُهٗ : بساط لپیٹنا، بساط کے مطابق۔
قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل از غذا، قبل از کلام۔	السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔
بِالۡبَيِّنٰتِ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	كَيۡفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
فَانۡتَقَمۡنَا : انتقام، انتقامی کاروائی۔	يَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اَجۡرَمُوۡا : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	فَتَرَى : رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
نَصۡرُ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔	يَخۡرُجُ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ : ایمان، مؤمن، امن۔	خِلٰلِهٖ : خلل، مخل، خلال۔

وَ	لَقَدْ ①	اَرْسَلْنَا ②	مِنْ قَبْلِكَ	رُسُلًا
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	(کئی) رسول

اِلٰى قَوْمِهِمْ	فَجَآءُوْهُمْ ③	بِالْبَيِّنٰتِ ④	فَانْتَقَمْنَا ②
اُن کی قوم کی طرف	تو وہ سب آئے اُنکے پاس	واضح دلائل کے ساتھ	تو ہم نے انتقام لیا

مِنَ الَّذِيْنَ	اَجْرَمُوْا ؕ	وَ	كَانَ ⑤	حَقًّا	عَلَيْنَا
(اُن لوگوں) سے جن	سب نے جرم کیے	اور	تھا	حق (یعنی لازم تھا)	ہم پر

نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ (47)	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ ⑥
سب مؤمنوں کی مدد کرنا	اللہ (وہ ہے)	جو	وہ بھیجتا ہے	ہوائیں

فَتُثِيْرُ ④	سَحَابًا ⑥	فَيَبْسُطُهٗ	فِي السَّمَآءِ
تو وہ اُٹھاتی ہیں	بادل	پھر وہ (اللہ) پھیلا دیتا ہے اُسے	آسمان میں

كَيْفَ	يَشَآءُ	وَ	يَجْعَلُهٗ	كِسَفًا ⑥
جیسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ کر دیتا ہے اُسے	ٹکڑے ٹکڑے

فَتَرَى	الْوَدْقَ ⑥	يَخْرُجُ ⑦	مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ
پھر آپ دیکھتے ہیں	بارش (کو)	وہ نکلتی ہے	اُسکے درمیان سے

ضروری وضاحت

① لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔③ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔④ ات اور تِ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر یا دو زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
⑦ يَخْرُجُ فعل مذکر ہے کیونکہ اسکا تعلق "بارش" سے ہے اور وہ اُردو زبان میں مؤنث ہے، اسلیے ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔

فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ	پھر جب وہ پہنچاتا (برساتا) ہے اُس کو
مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ	جس پر وہ چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے
اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿48﴾	(تو) اچانک وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ ﴿48﴾
وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ	حالانکہ بلاشبہ وہ تھے (اس) سے قبل
اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ	کہ وہ (بارش) اُتاری جائے اُن پر اس سے پہلے
لَمُبْلِسِيْنَ ﴿49﴾ فَانْظُرْ	(ہی) یقیناً نا اُمید ہونیوالے۔ ﴿49﴾ سو آپ دیکھیں
اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ	اللہ کی رحمت کے نشانات کی طرف کیسے
يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ	وہ زندہ (آباد) کرتا ہے زمین کو اسکی موت (ویرانی) کے بعد
اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ	بیشک وہ یقیناً زندہ کرنے والا ہے مردوں کو
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿50﴾	اور وہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿50﴾
وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا	اور بلاشبہ اگر ہم بھیجیں کوئی ہوا
فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا	پھر وہ دیکھیں اس (کھیتی) کو زرد پڑی ہوئی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصَابَ	مصیبت، مصائب۔	رَحْمَتِ	رحمت، رحم، مرحوم۔
يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	يُحْيِ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
يَسْتَبْشِرُوْنَ	بشارت، مبشر، بشیر۔	كُلِّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	قَدِيْرٌ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
قَبْلِ	قبل از وقت، قبل از طعام، قبل از کلام۔	اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
يُّنَزَّلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	رِيْحًا	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
فَانْظُرْ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	فَرَاَوْهُ	رویت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
اٰثٰرِ	آثار، آثار قدیمہ۔	مُصْفَرًّا	صفراء، صفراوی طبیعت۔

فَاِذَآ	اَصَابَ	بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖٓ
پھر جب	وہ پہنچاتا (برساتا) ہے	اُس کو	جس پر	وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے

اِذَا	هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ① ج (48)	وَ	اِنْ ②	كَانُوْا	مِنْ قَبْلِ
(تو) اچانک	وہ سب خوش ہوجاتے ہیں	حالانکہ	بلاشبہ	وہ سب تھے	(اس) سے قبل

اَنْ	يُّنَزَّلَ ③	عَلَيْهِمْ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَمُبْلِسِيْنَ (49)
قَوْمًا ④	مَّآ ⑤	اَتٰىهُمْ	مِّنْ نَّذِیْرٍ ⑥	مِّنْ قَبْلِكَ
(اُن) لوگوں (کو)	(کہ) نہیں	آیا انکے پاس	کوئی ڈرانے والا	آپ سے پہلے

لَعَلَّهُمْ	یَهْتَدُوْنَ ﴿3﴾	اَللّٰهُ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ⑦
تاکہ وہ	وہ سب ہدایت پائیں	اللہ (وہ ہے)	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں (کو)

وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا ⑤	بَیْنَهُمَا	فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ⑦
اور	زمین (کو)	اور (اسے)	جو	ان دونوں کے درمیان	چھ دنوں میں

ضروری وضاحت

①لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔②اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا
کبھی یا کیا جاتا ہے۔③فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔④قَوْمًا اسم جنس ہے، لفظاً
واحد اور معناً جمع ہے اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔⑤مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔
⑥یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ	پھر وہ جا ٹھہرا عرش پر
مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ	نہیں تمہارے لیے اس کے سوا
مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ	کوئی دوست اور نہ کوئی سفارشی
اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝4	پھر (بھلا) کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے ۔ ۝4
يُدَبِّرُ الْاَمْرَ	وہ تدبیر کرتا ہے (ہر) معاملے کی
مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ	آسمان سے زمین تک
ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ	پھر وہ (معاملہ) اوپر جاتا ہے اس کی طرف
فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ	(ایسے) دن میں کہ ہے اسکی مقدار (ایک) ہزار سال
مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝5	اس (حساب) سے جو تم شمار کرتے ہو۔ ۝5
ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	وہ جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کو
الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ ۝6	(اور وہی) بہت غالب نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ۝6
الَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ	(وہ) جس نے اچھے طریقے سے بنایا ہر چیز کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اسْتَوٰى	خط استواء۔	يَوْمٍ	یوم، ایام، چند یوم، یوم آخرت۔
عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی الصبح۔	مِقْدَارُهٗۤ	مقدار، بقدرِ ضرورت۔
وَّلِيٍّ	ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔	سَنَةٍ	سن پیدائش، سن بلوغت، سن وفات۔
شَفِيْعٍ	شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔	تَعُدُّوْنَ	عدد، معدود، متعدد، تعداد۔
تَتَذَكَّرُوْنَ	ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔	الشَّهَادَةِ	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
يُدَبِّرُ	تدبیر، مدبر، تدبر۔	الرَّحِيْمُ	رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
الْاَمْرَ	امر، آمر، مامور، امر بالمعروف۔	اَحْسَنَ	احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
يَعْرُجُ	عروج، معراج۔	شَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔

ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ ط	مَا	لَكُمْ ①
پھر	وہ جا ٹھہرا	عرش پر	نہیں	تمہارے لیے

مِّنْ دُوْنِهٖ ②	مِنْ وَّلِيٍّ ②③	وَّ	لَا	شَفِيْعٍ ط ③
اس کے سوا	کوئی دوست	اور	نہ	کوئی سفارشی

اَ ④	فَلَا	تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿4﴾	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ
کیا	پھر نہیں	تم سب نصیحت حاصل کرتے	وہ تدبیر کرتا ہے	(ہر) معاملے (کی)

مِنَ السَّمَآءِ	اِلَى الْاَرْضِ	ثُمَّ	يَعْرُجُ	اِلَيْهِ
آسمان سے	زمین تک	پھر	وہ (معاملہ) اُوپر جاتا ہے	اس کی طرف

فِيْ يَوْمٍ	كَانَ	مِقْدَارُهٗٓ	اَلْفَ	سَنَةٍ
(ایسے) دن میں	(کہ) ہے	اسکی مقدار	ایک ہزار	سال

مِّمَّا ⑤	تَعُدُّوْنَ ﴿5﴾	ذٰلِكَ	عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ
(اُس حساب) سے جو	تم سب شمار کرتے ہو	وہی	جاننے والا	پوشیدہ	اور ظاہر (کو)

الْعَزِيْزُ ⑥	الرَّحِيْمُ ⑥ ﴿6﴾ لا	الَّذِيْٓ ⑦	اَحْسَنَ	كُلَّ شَيْءٍ
(اور وہی) بہت غالب	نہایت رحم کرنے والا	(وہ) جس نے	اچھے طریقے سے بنایا	ہر چیز (کو)

ضروری وضاحت

①لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔②یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔④ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔⑥فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا نہایت گیا ہے۔⑦الَّذِيْ واحد مذکر کی علامت ہے اور الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔

خَلَقَهٗ وَبَدَاَ	جسے اُس نے پیدا کیا اور شروع کی
خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ﴿7﴾	انسان کی پیدائش مٹی (گارے) سے۔ ﴿7﴾
ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ	پھر اس نے بنایا (پیدا کیا) اس کی نسل کو
مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿8﴾	حقیر پانی کے خلاصے سے۔ ﴿8﴾
ثُمَّ سَوّٰىهُ	پھر اس نے درست کیا اس (کے اعضاء) کو
وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ	اور پھونکی اس میں اپنی روح سے
وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ	اور اس نے بنائے تمہارے لیے کان
وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ	اور آنکھیں اور دل
قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿9﴾	بہت تھوڑا ہے جو تم شکر کرتے ہو۔ ﴿9﴾
وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِى الْاَرْضِ	اور انہوں نے کہا کیا جب ہم گم ہو جائیں گے زمین میں
ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ۬	کیا بیشک ہم واقعی نئی پیدائش میں (ظاہر) ہونگے
بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ	بلکہ وہ اپنے رب کی ملاقات کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَلَقَهٗ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	الْاَبْصَارَ	: سمع و بصر، بصارت۔
وَ	: شان و شوکت، علم و حکمت، سحر و افطار۔	قَلِيْلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
بَدَاَ	: ابتدا، ابتدائی، مبتدی طالب علم۔	مَّا	: ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تَشْكُرُوْنَ	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔
مَّآءٍ	: ماء الحیات، ماء اللحم۔	قَالُوْٓا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مَّهِيْنٍ	: اہانت، توہین۔	الْاَرْضِ	: ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
نَفَخَ	: نفخۂ اولی، نفّاخ، نفخ۔	جَدِيْدٍ	: جدید، جدت پسند، تجدید عہد۔
السَّمْعَ	: سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	بِلِقَآئِ	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

خَلَقَهٗ ①	وَ	بَدَاَ	خَلْقَ الْاِنْسَانِ
اُس نے پیدا کیا اُسے	اور	شروع کی	انسان کی پیدائش

مِنْ طِيْنٍ ۚ ﴿7﴾	ثُمَّ	جَعَلَ	نَسْلَهٗ ①	مِنْ سُلٰلَةٍ
مٹی (گارے) سے	پھر	اس نے بنایا (پیدا کیا)	اس کی نسل کو	خلاصے سے

مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۚ ② ﴿8﴾	ثُمَّ	سَوّٰىهُ ①	وَنَفَخَ	فِيْهِ
حقیر پانی کے	پھر	اس نے درست کیا اس (کے اعضا) کو	اور پھونکی	اس میں

مِنْ رُّوْحِهٖ ①	وَ	جَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ ③	وَ	الْاَبْصَارَ ③
اپنی روح سے	اور	اس نے بنائے	تمہارے لیے	کان	اور	آنکھیں

وَ	الْاَفْـِٕدَةَ ۭ ④	قَلِيْلًا	مَّا	تَشْكُرُوْنَ ﴿9﴾	وَ	قَالُوْٓا
اور	دل	بہت تھوڑا	جو	تم سب شکر کرتے ہو	اور	ان سب نے کہا

ءَ	اِذَا	ضَلَلْنَا ⑤	فِي الْاَرْضِ	ءَ	اِنَّا ⑥
کیا	جب	ہم گم ہو جائیں گے	زمین میں	کیا	بیشک ہم

لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ ⑦	بَلْ	هُمْ	بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ
واقعی نئی پیدائش میں (ظاہر ہونگے)	بلکہ	وہ سب	اپنے رب کی ملاقات کا

ضروری وضاحت

① ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اُس کو اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ② یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ④ یہاں ةٌ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ⑤ ضَلَلْنَا کا ترجمہ ہم گمراہ ہوئے ہے لیکن اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے۔ ⑥ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ⑦ لفظ فِیْ کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔

كٰفِرُوۡنَ ﴿10﴾	انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿10﴾
قُلۡ يَتَوَفّٰٮكُمۡ مَّلَكُ الۡمَوۡتِ	آپ کہہ دیجیے فوت کرے گا تمہیں موت کا فرشتہ
الَّذِىۡ وُكِّلَ بِكُمۡ	جو مقرر کیا گیا ہے تم پر
ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿11﴾ ع	پھر اپنے رب کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿11﴾ ع
وَلَوۡ تَرٰۤى اِذِ الۡمُجۡرِمُوۡنَ	اور کاش آپ دیکھیں جب مجرم
نَاكِسُوۡا رُءُوۡسِهِمۡ	جھکائے ہوئے ہوں گے اپنے سروں کو
عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ رَبَّنَاۤ	اپنے رب کے پاس (کہتے ہوں گے) اے ہمارے رب
اَبۡصَرۡنَا وَسَمِعۡنَا فَارۡجِعۡنَا	ہم نے دیکھ لیا اور ہم نے سن لیا پس واپس بھیج ہمیں
نَعۡمَلۡ صَالِحًا	ہم نیک عمل کریں گے
اِنَّا مُوۡقِنُوۡنَ ﴿12﴾	بے شک ہم یقین کرنے والے ہیں۔ ﴿12﴾
وَلَوۡ شِئۡنَا لَاٰتَيۡنَا	اور اگر ہم چاہتے ضرور ہم دے دیتے
كُلَّ نَفۡسٍ هُدٰٮهَا	ہر نفس کو اس کی ہدایت

ع 1/11/14

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كٰفِرُوۡنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	رُءُوۡسِهِمۡ	رأس المال، رئیس، رؤساء۔
قُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَبۡصَرۡنَا	سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
يَتَوَفّٰٮكُمۡ	فوت، وفات، فوتگی، متوفی۔	سَمِعۡنَا	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
مَّلَكُ	ملک الموت، ملائکہ، حور وملک۔	نَعۡمَلۡ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
وُكِّلَ	وکیل، وکالت۔	صَالِحًا	اصلاح، اعمال صالحہ۔
تُرۡجَعُوۡنَ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	مُوۡقِنُوۡنَ	یقین، یقین محکم، یقین کامل۔
تَرٰۤى	رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	شِئۡنَا	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
الۡمُجۡرِمُوۡنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	هُدٰٮهَا	ہدایت، ہادی برحق، ہادیٔ کائنات۔

كٰفِرُوْنَ ﴿10﴾	قُلْ	يَتَوَفّٰىكُمْ ①	مَّلَكُ الْمَوْتِ
سب انکار کرنے والے	آپ کہہ دیجیے	وہ فوت کرے گا تمہیں	موت کا فرشتہ

الَّذِيْ	وُكِّلَ ②	بِكُمْ ③	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ	تُرْجَعُوْنَ ④ ﴿11﴾ ع
جو	مقرر کیا گیا ہے	تم پر	پھر	اپنے رب کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے

1 ع 11 14

وَلَوْ ⑤	تَرٰۤى	اِذِ	الْمُجْرِمُوْنَ ⑥	نَاكِسُوْا
اور کاش	آپ دیکھیں	جب	سب جرم کرنے والے (کو)	سب جھکائے ہوئے (ہوں گے)

رُءُوْسِهِمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ	رَبَّنَاۤ ⑦	اَبْصَرْنَا
اپنے سروں (کو)	اپنے رب کے پاس	(اے) ہمارے رب	ہم نے دیکھ لیا

وَ	سَمِعْنَا	فَارْجِعْنَا	نَعْمَلْ
اور	ہم نے سن لیا	پس تو واپس بھیج ہمیں	ہم عمل کریں گے

صَالِحًا	اِنَّا	مُوْقِنُوْنَ ⑥ ﴿12﴾	وَ	لَوْ ⑤
نیک	بے شک ہم	سب یقین کرنے والے	اور	اگر

شِئْنَا	لَاٰتَيْنَا	كُلَّ	نَفْسٍ	هُدٰىهَا
ہم چاہتے	ضرور ہم دے دیتے	ہر	نفس (کو)	اس کی ہدایت

ضروری وضاحت

① کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔⑥ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑦ یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔

وَلٰكِنۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ مِنِّىۡ	اور لیکن پکی ہو چکی بات میری طرف سے
لَاَمۡلَئَنَّ جَهَنَّمَ	(کہ) بلا شبہ ضرور میں بھر دوں گا جہنم کو
مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿13﴾	جنوں اور انسانوں سب سے۔ ﴿13﴾
فَذُوۡقُوۡا بِمَا نَسِيۡتُمۡ	سو چکھو اس وجہ سے کہ تم نے بھلا دیا
لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هٰذَا ۚ	اپنے اس دن کی ملاقات کو
اِنَّا نَسِيۡنٰكُمۡ	بے شک ہم نے (بھی آج) بھلا دیا تمہیں
وَذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡخُلۡدِ	اور تم چکھو ہمیشہ کا عذاب
بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿14﴾	اس وجہ سے جو تم عمل کرتے تھے۔ ﴿14﴾
اِنَّمَا يُؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا	بیشک صرف وہی ایمان لاتے ہیں ہماری آیات پر
الَّذِيۡنَ اِذَا ذُكِّرُوۡا بِهَا	جو کہ جب وہ نصیحت کیے جائیں ان (آیات) کیساتھ
خَرُّوۡا سُجَّدًا	تو وہ گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے
وَّسَبَّحُوۡا	اور پاکیزگی بیان کرتے ہیں

السجدۃ 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَقَّ	حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔	هٰذَا	حاملِ رقعہ ہذا، الہذا، ہذا من فضل ربی۔
الۡقَوۡلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
النَّاسِ	عوام الناس، بعض الناس۔	الۡخُلۡدِ	خالد، خلد بریں۔
اَجۡمَعِيۡنَ	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	تَعۡمَلُوۡنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
فَذُوۡقُوۡا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔	يُؤۡمِنُ	امن، ایمان، مومن، مومنات۔
نَسِيۡتُمۡ	نسیان، نسیاً منسیاً۔	ذُكِّرُوۡا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
لِقَآءَ	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	سُجَّدًا	سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
يَوۡمِكُمۡ	یوم، ایام، یوم آخرت۔	سَبَّحُوۡا	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

وَ	لٰكِنْ	حَقَّ الْقَوْلُ	مِنِّيْ	لَاَمْلَـَٔنَّ ①
اور	لیکن	پکی ہوچکی بات	میری طرف سے	(کہ) بلاشبہ ضرور میں بھر دوں گا

جَهَنَّمَ	مِنَ الْجِنَّةِ ②	وَ	النَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ ③ (13)
جہنم (کو)	جنوں سے	اور	انسانوں (سے)	سب (سے)

فَذُوْقُوْا	بِمَا ④	نَسِيْتُمْ ⑤	لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ هٰذَا ج
سوتم سب چکھو	اس وجہ سے کہ	تم نے بھلا دیا	ملاقات (کو)	اپنے اس دن (کی)

اِنَّا	نَسِيْنٰكُمْ	وَذُوْقُوْا	عَذَابَ الْخُلْدِ
بے شک ہم نے	ہم نے بھلا دیا تمہیں	اور تم سب چکھو	ہمیشہ کا عذاب

بِمَا ④	كُنْتُمْ ⑤	تَعْمَلُوْنَ (14)	اِنَّمَا ⑥	يُؤْمِنُ
اس وجہ سے جو	تھے تم	تم سب عمل کرتے	بیشک صرف	وہ ایمان لاتا ہے

بِاٰيٰتِنَا ④	الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِّرُوْا ⑦	بِهَا ④
ہماری آیات پر	جو (کہ)	جب	وہ سب نصیحت کیے جائیں	ان (آیات) کے ساتھ

خَرُّوْا ⑧	سُجَّدًا	وَّ	سَبَّحُوْا ⑧
(تو) وہ سب گر پڑتے ہیں	سجدہ کرتے ہوئے	اور	وہ سب پاکیزگی بیان کرتے ہیں

السجدة 9

ضروری وضاحت

①علامت لَـ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔③ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑤ تُمْ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑥ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ یہ فعل ماضی ہے، یہاں ترجمہ ضرورتاً حال میں کیا گیا ہے۔

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ
وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿15﴾ السجدة	اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ ﴿15﴾
تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ	جدا رہتے ہیں ان کے پہلو بستروں سے
يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا	اور وہ پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈرتے ہوئے
وَّ طَمَعًا ۡ وَّ مِمَّا	اور طمع کرتے ہوئے اور (اس) سے جو
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿16﴾	ہم نے رزق دیا اُنہیں وہ خرچ کرتے ہیں۔ ﴿16﴾
فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ	پس کوئی نفس نہیں جانتا (اُسے)
مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ	جو چھپائی گئی ہے ان کے لیے
مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءً ۢ	آنکھوں کی ٹھنڈک، بدلہ دینے کے لیے
بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿17﴾	اس (عمل) کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ ﴿17﴾
اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا	تو (بھلا) کیا جو شخص مومن ہو
كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ	(اس) کی طرح (ہوسکتا ہے) جو نافرمان ہو

وقف غفران

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِحَمْدِ	حمد وثناء، حامد، محمود، حمد باری تعالیٰ۔	تَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	نَفْسٌ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
يَسْتَكْبِرُوْنَ	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	اُخْفِيَ	مخفی، خفیہ، اخفا۔
جُنُوْبُهُمْ	جانب، جانبین، منجانب۔	اَعْيُنٍ	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
يَدْعُوْنَ	دعا، دعوت، داعی، مدعو۔	جَزَآءً	جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
خَوْفًا	خوف، خائف، خوف وہراس۔	يَعْمَلُوْنَ	عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
طَمَعًا	مطمعِ نظر، لالچ وطمع۔	كَمَنْ	کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
يُنْفِقُوْنَ	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	فَاسِقًا	فسق وفجور، فاسق فاجر۔

بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ	وَ	هُمۡ ①	لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۩ (15) السجدة
اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	اور	وہ سب	نہیں وہ سب تکبر کرتے

تَتَجَافٰى ②	جُنُوۡبُهُمۡ	عَنِ الۡمَضَاجِعِ	يَدۡعُوۡنَ
جدا رہتے ہیں	ان کے پہلو	بستروں سے	وہ سب پکارتے ہیں

رَبَّهُمۡ	خَوۡفًا	وَّ	طَمَعًا ز	وَّ	مِمَّا ③
اپنے رب (کو)	ڈرتے ہوئے	اور	طمع (کرتے ہوئے)	اور	(اُس) سے جو

رَزَقۡنٰهُمۡ ④	يُنۡفِقُوۡنَ (16)	فَلَا	تَعۡلَمُ ②
ہم نے رزق دیا انہیں	وہ سب خرچ کرتے ہیں	پس نہیں	جانتا

نَفۡسٌ ⑤	مَّآ	اُخۡفِيَ ⑥	لَهُمۡ	مِّنۡ قُرَّةِ اَعۡيُنٍ ۚ ②
کوئی نفس	جو	چھپائی گئی ہے	ان کے لیے	آنکھوں کی ٹھنڈک سے

جَزَآءًۢ	بِمَا	كَانُوۡا	يَعۡمَلُوۡنَ (17)	اَفَمَنۡ ⑦
بدلہ (ہے)	(اُس) کا جو	وہ سب تھے	وہ سب عمل کرتے	تو کیا جو شخص

كَانَ	مُؤۡمِنًا	كَمَنۡ	كَانَ ⑧	فَاسِقًا ؕ
ہو	مومن	(اس کی) طرح (ہوسکتا ہے) جو	ہو	نافرمان

وقف غفران

ضروری وضاحت

① هُمۡ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ وہ سب ہوتا ہے۔ ② تَ اور ةَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ مِمَّا دراصل مِنۡ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ④ نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

وقفِ غفران

لَا يَسْتَوٗنَ ﴿18﴾	وہ برابر نہیں ہو سکتے۔ ﴿18﴾
اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	رہے (وہ لوگ) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور انہوں نے نیک عمل کیے
فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ز نُزُلًاۢ	تو ان کے لیے رہنے کے باغات ہیں بطور مہمانی
بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾	اس کے بدلے جو وہ عمل کیا کرتے تھے۔ ﴿19﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا	اور رہے (وہ لوگ) جنہوں نے نافرمانی کی
فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ط	تو ان کا ٹھکانا آگ ہی ہے
كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ	جب کبھی وہ ارادہ کریں گے کہ وہ نکلیں اس سے
اُعِيْدُوْا فِيْهَا	(تو) وہ لوٹا دیے جائیں گے اسی میں
وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ	اور کہا جائے گا ان سے چکھو آگ کا عذاب
الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿20﴾	وہ جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ ﴿20﴾
وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	اور بلا شبہ ضرور ہم چکھائیں گے انہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	بِمَا	باحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَسْتَوٗنَ	مساوی، مساوات، خطِ استواء۔	فَسَقُوْا	فسق و فجور، فاسق فاجر۔
اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مؤمن، مؤمنات۔	النَّارُ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
وَ	صبح و شام، علم و حکمت، شان و شوکت۔	اَرَادُوْٓا	ارادہ، مرید، مراد۔
عَمِلُوْا	عمل، اعمال، اعمالِ صالحہ۔	يَّخْرُجُوْا	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
الصّٰلِحٰتِ	صلح، اصلاح، اعمالِ صالحہ۔	اُعِيْدُوْا	اعادہ، عود، وعدہ، عود کر آنا۔
جَنّٰتُ	جنت الفردوس، جنات۔	ذُوْقُوْا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔
الْمَاْوٰى	ملجا و ماویٰ۔	تُكَذِّبُوْنَ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔

وقف غفران

لَا	يَسْتَوٗنَ ﴿18﴾	اَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
نہیں	وہ سب برابر ہو سکتے	رہے	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَلَهُمْ ①	جَنّٰتُ الْمَاْوٰى
اور	ان سب نے عمل کیے	نیک	تو ان کے لیے	رہنے کے باغات

نُزُلًا	بِمَا ②	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾	وَ	اَمَّا
(بطور) مہمانی	(اس کے) بدلے جو	وہ سب تھے	وہ سب عمل کرتے	اور	رہے

الَّذِيْنَ	فَسَقُوْا	فَمَاْوٰىهُمُ ③	النَّارُ	كُلَّمَآ
(وہ لوگ) جن	سب نے نافرمانی کی	تو ان کا ٹھکانا	آگ (ہی ہے)	جب کبھی

اَرَادُوْٓا	اَنْ ④	يَّخْرُجُوْا	مِنْهَآ	اُعِيْدُوْا ⑤
وہ سب ارادہ کریں گے	کہ	وہ سب نکلیں	اس سے	(تو) وہ سب لوٹا دیے جائیں گے

فِيْهَا	وَ	قِيْلَ	لَهُمْ ①	ذُوْقُوْا	عَذَابَ النَّارِ
اسی میں	اور	کہا جائے گا	ان سے	تم سب چکھو	آگ کا عذاب

الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ ﴿20﴾	وَ	لَنُذِيْقَنَّهُمْ ⑥
(وہ) جو	تم تھے	اس کو	تم سب جھٹلایا کرتے	اور	بلاشبہ ضرور ہم چکھائیں گے اُنہیں

ضروری وضاحت

① لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔④ اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔⑤ اُعِيْدُوْا دراصل اُعْوِدُوْا تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے وْ کی زیر کو پچھلے حرف کو دے کر اسے ی بدلا گیا ہے۔ یہ دونوں فعل ماضی کے ہیں ترجمہ مستقبل میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑥ فعل کے ساتھ لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

مِّنَ الۡعَذَابِ الۡاَدۡنٰى	قریب ترین عذاب سے
دُوۡنَ الۡعَذَابِ الۡاَكۡبَرِ	سب سے بڑے عذاب سے پہلے
لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿21﴾	تا کہ وہ لوٹ آئیں (ہماری طرف)۔ ﴿21﴾
وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ ذُكِّرَ	اور کون بڑا ظالم ہے (اس) سے جسے نصیحت کی گئی
بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ	اس کے رب کی آیات کے ساتھ
ثُمَّ اَعۡرَضَ عَنۡهَا ؕ	پھر اس نے اعراض کیا ان سے
اِنَّا مِنَ الۡمُجۡرِمِيۡنَ مُنۡتَقِمُوۡنَ ﴿22﴾ ع	یقیناً ہم مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ ﴿22﴾ ع
وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے دی موسیٰ کو کتاب
فَلَا تَكُنۡ فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡ لِّقَآئِهٖ	پس آپ نہ ہوں شک میں اس کی ملاقات سے
وَجَعَلۡنٰهُ هُدًى	اور ہم نے بنایا اسے ہدایت
لِّبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ﴿23﴾ ج	بنی اسرائیل کے لیے۔ ﴿23﴾
وَجَعَلۡنَا مِنۡهُمۡ اَئِمَّةً	اور ہم نے بنائے ان میں سے کئی پیشوا

ع 2/11 15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الۡاَدۡنٰى : ادنیٰ واعلیٰ، دنیا، دنیوی زندگی۔
الۡاَكۡبَرِ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
يَرۡجِعُوۡنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
اَظۡلَمُ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
ذُكِّرَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔
اَعۡرَضَ : اعراض کرنا۔
الۡمُجۡرِمِيۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
مُنۡتَقِمُوۡنَ : انتقام، منتقم المزاج، انتقامی کاروائی۔
الۡكِتٰبَ : کتب، کتاب، کتابیں، کتب سماویہ۔
فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
لِّقَآئِهٖ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
هُدًى : ہدایت، ہادی برحق، مہدی۔
لِّبَنِىۡۤ : ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابنِ مریم، ابن عمر۔
اَئِمَّةً : امام، امامت، امام العصر، آئمہ اربعہ۔

مِنَ الْعَذَابِ	الْاَدْنٰى ①	دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ ①	لَعَلَّهُمْ
عذاب سے	قریب ترین	سب سے بڑے عذاب سے پہلے	تاکہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿21﴾	وَ	مَنْ	اَظْلَمُ ①	مِمَّنْ ②
وہ سب لوٹ آئیں (ہماری طرف)	اور	کون	بڑا ظالم	(اس) سے جو

ذُكِّرَ ③	بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ	ثُمَّ	اَعْرَضَ	عَنْهَا ط
نصیحت کیا گیا	اس کے رب کی آیات کے ساتھ	پھر	اس نے اعراض کیا	ان سے

ع 2 11 15

اِنَّا ④	مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ	مُنْتَقِمُوْنَ ﴿22﴾ ⑤ ع	وَ	لَقَدْ
یقیناً ہم	سب مجرموں سے	انتقام لینے والے ہیں	اور	بلاشبہ یقیناً

اٰتَيْنَا ⑥	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَلَا تَكُنْ ⑦	فِيْ مِرْيَةٍ
ہم نے دی	موسیٰ (کو)	کتاب	پس آپ نہ ہوں	شک میں

مِّنْ لِّقَآئِهٖ	وَ	جَعَلْنٰهُ ⑥	هُدًى
اس کی ملاقات سے	اور	ہم نے بنایا اُسے	ہدایت

لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿23﴾ ج	وَ	جَعَلْنَا ⑥	مِنْهُمْ	اَئِمَّةً ⑧
بنی اسرائیل کے لیے	اور	ہم نے بنائے	ان میں سے	کئی پیشوا

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔②مِمَّنْ دراصل مِنْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔③فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہوتو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑤یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥نَا سے پہلے اگر سکون ہوتو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑦لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہوتو واحد کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑧یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

يَّهۡدُوۡنَ بِاَمۡرِنَا	(جو) ہدایت دیتے تھے ہمارے حکم سے
لَمَّا صَبَرُوۡا ؕ	جب انہوں نے صبر کیا
وَكَانُوۡا بِاٰيٰتِنَا يُوۡقِنُوۡنَ ﴿24﴾	اور ہماری آیات پر وہ یقین رکھتے تھے۔ ﴿24﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفۡصِلُ	بے شک آپ کا رب وہی (ہے جو) فیصلہ کرے گا
بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا	انکے درمیان قیامت کے دن اس (معاملے) میں جو کہ
كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿25﴾	تھے وہ اس میں اختلاف کرتے۔ ﴿25﴾
اَوَلَمۡ يَهۡدِ لَهُمۡ	اور (بھلا) کیا نہیں رہنمائی کی ان کی (اس بات نے کہ)
كَمۡ اَهۡلَكۡنَا مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنَ الۡقُرُوۡنِ	کتنی ہی ہم نے ہلاک کر دیں ان سے پہلے امتیں
يَمۡشُوۡنَ فِىۡ مَسٰكِنِهِمۡ ؕ	یہ چلتے پھرتے ہیں ان کے گھروں میں
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ	بلاشبہ اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
اَفَلَا يَسۡمَعُوۡنَ ﴿26﴾	تو کیا وہ سنتے نہیں۔ ﴿26﴾
اَوَلَمۡ يَرَوۡا	اور (بھلا) کیا انہوں نے دیکھا نہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَهۡدُوۡنَ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	يَخۡتَلِفُوۡنَ	اختلاف، مختلف، خلاف، مخالف۔
بِاَمۡرِنَا	امر، آمر، مامور، امر بالمعروف۔	اَهۡلَكۡنَا	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
صَبَرُوۡا	صبرِ جمیل، صبر وتحمل، صابر وشاکر۔	مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُوۡقِنُوۡنَ	یقین، یقینِ محکم، یقینِ کامل۔	قَبۡلِهِمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
يَفۡصِلُ	فیصل، فیصلہ، بروقت فیصلہ، قوتِ فیصلہ۔	الۡقُرُوۡنِ	قرونِ اولی۔
بَيۡنَهُمۡ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	مَسٰكِنِهِمۡ	ساکن، سکونت، مسکن، سکنہ۔
يَوۡمَ	یوم، ایام، یومِ آخرت، چند ایام۔	يَسۡمَعُوۡنَ	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفلِ سماع۔
فِيۡمَا	فی الحال، فی الفور/ ماحول، ماتحت۔	يَرَوۡا	رویتِ ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

يَهْدُوْنَ	بِاَمْرِنَا ①②	لَمَّا	صَبَرُوْا ؕ قف
وہ سب ہدایت دیتے تھے	ہمارے حکم سے	جب	ان سب نے صبر کیا

وَ	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا ①②	يُوْقِنُوْنَ (24)	اِنَّ	رَبَّكَ
اور	وہ سب تھے	ہماری آیات پر	وہ سب یقین رکھتے	بے شک	آپ کا رب

هُوَ	يَفْصِلُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ③	فِيْمَا
وہ (ہے جو)	وہ فیصلہ کرے گا	انکے درمیان	قیامت کے دن	(اس معاملے) میں جو

كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ (25)	اَ ④	وَ	لَمْ
تھے وہ سب	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے	کیا	اور	نہیں

يَهْدِ ⑤	لَهُمْ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ
اُس نے رہنمائی کی	ان کی	کتنی ہی	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے پہلے

مِّنَ الْقُرُوْنِ	يَمْشُوْنَ	فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ⑥
اُمتوں میں سے	وہ سب چلتے پھرتے ہیں	اُن کے گھروں میں	بیشک	اس میں

لَاٰيٰتٍ ③ ؕ	اَ ④	فَلَا يَسْمَعُوْنَ (26) ⑦	اَ ④	وَ	لَمْ يَرَوْا ⑤
یقیناً نشانیاں	کیا	تو نہیں وہ سب سنتے	کیا	اور	اُن سب نے دیکھا نہیں

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بسبب کیا جاتا ہے۔② نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہمارے، ہماری یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔③ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔⑤ لَمْ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔⑥ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ	کہ بے شک ہم ہانک لے جاتے ہیں پانی کو
اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ	چٹیل زمین کی طرف پھر ہم نکالتے ہیں
بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ	اس کے ذریعے کھیتی، کھاتے ہیں اس میں سے
اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ	ان کے چوپائے اور وہ خود (بھی)
اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿27﴾	تو (بھلا) کیا وہ نہیں دیکھتے۔ ﴿27﴾
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ	اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہوگا
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿28﴾	اگر ہو تم سچے۔ ﴿28﴾
قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ	آپ کہہ دیجیے فیصلے کا دن نہیں نفع دے گا
الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ	(اُن لوگوں کو) جنھوں نے کفر کیا ان کا ایمان
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿29﴾	اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے۔ ﴿29﴾
فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ	پس آپ منہ پھیر لیں ان سے اور انتظار کریں
اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿30﴾ ع	بے شک وہ (بھی) انتظار کرنے والے ہیں۔ ﴿30﴾ ع

السَّجْدَۃ 32

الثلثۃ

ع 3 8 16

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمَآءَ	ماء الحیات، ماء اللحم۔	يَقُوْلُوْنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الْاَرْضِ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، مسجد ہذا۔
فَنُخْرِجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	الْفَتْحُ	فتح، فاتح، مفتوح، افتتاح۔
زَرْعًا	زراعت، زرعی زمین، مزارع۔	صٰدِقِيْنَ	صادق، صداقت، صدق وصفا۔
تَاْكُلُ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	يَنْفَعُ	نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
اَنْعَامُهُمْ	عوام کالانعام۔	اِيْمَانُهُمْ	ایمان، مؤمن، امن۔
اَنْفُسُهُمْ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔	فَاَعْرِضْ	اعراض کرنا۔
يُبْصِرُوْنَ	سمع وبصر، بصارت۔	انْتَظِرْ	انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔

اَنَّا①	نَسُوْقُ	الْمَآءَ②	اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ
کہ بے شک ہم	ہم ہانک لے جاتے ہیں	پانی (کو)	چٹیل زمین کی طرف

فَنُخْرِجُ③	بِهٖ④	زَرْعًا	تَاْكُلُ	مِنْهُ
پھر ہم نکالتے ہیں	اس کے ذریعے	کھیتی	کھاتے ہیں	اس میں سے

الثلثة

اَنْعَامُهُمْ	وَ	اَنْفُسُهُمْ ط	اَ	فَلَا يُبْصِرُوْنَ (27)	وَ
ان کے چوپائے	اور	وہ خود (بھی)	کیا	تو وہ سب نہیں دیکھتے	اور

يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا الْفَتْحُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (28)
وہ سب کہتے ہیں	کب (ہوگا)	یہ فیصلہ	اگر	ہو تم	سب سچے

قُلْ	يَوْمَ الْفَتْحِ	لَا يَنْفَعُ	الَّذِيْنَ
آپ کہہ دیجیے	فیصلے کا دن	نہیں وہ نفع دے گا	(اُن لوگوں کو) جن

كَفَرُوْٓا	اِيْمَانُهُمْ	وَلَا	هُمْ يُنْظَرُوْنَ⑤⑥ (29)
سب نے کفر کیا	ان کا ایمان	اور نہ	وہ سب مہلت دیے جائیں گے

ع 3 8 16

فَاَعْرِضْ③	عَنْهُمْ	وَانْتَظِرْ	اِنَّهُمْ	مُّنْتَظِرُوْنَ⑦ ع (30)
پس آپ منہ پھیر لیں	ان سے	اور انتظار کریں	بیشک وہ (بھی)	سب انتظار کرنے والے

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔②فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑤هُمْ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔⑥ اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

اٰيَاتُهَا 73 | 33 سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ 90 | رُكُوْعَاتُهَا 09

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ	اے نبی! اللہ سے ڈریں
وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ	اور کافروں اور منافقوں کا کہا مت مانیں
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿1﴾	یقیناً اللہ خوب جاننے والا اور بہت حکمت والا ہے۔ ﴿1﴾
وَّ اتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ	اور پیروی کیجیے (اسکی) جو وحی کی جاتی ہے آپکی طرف
مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	آپ کے رب کی طرف سے، بلاشبہ اللہ
كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿2﴾	(اس) سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿2﴾
وَّ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ	اور بھروسا کیجیے اللہ پر
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿3﴾	اور کافی اللہ بطور کارساز۔ ﴿3﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ	نہیں بنائے اللہ نے کسی آدمی کے لیے
مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ	اس کے سینے میں دو دل، اور نہیں بنایا اس نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النَّبِيُّ : نبی، انبیا، نبوت۔	تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اتَّقِ : تقویٰ، متقی۔	خَبِيْرًا : خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لاجواب، لامحدود۔	تَوَكَّلْ : توکل، متوکل علی اللہ۔
تُطِعِ : اطاعت، مطیع۔	كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
الْمُنٰفِقِيْنَ : منافق، نفاق، رئیس المنافقین۔	وَكِيْلًا : وکیل، وکالت۔
عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لِرَجُلٍ : رجال کار، قحط الرجال۔
حَكِيْمًا : حکیم، حکمت، حکما، حکمت و دانائی۔	قَلْبَيْنِ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب و اذہان۔
اتَّبِعْ : اتباع، تابع، متبع سنت۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

اٰيَاتُهَا 73 — 33 سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ 90 — رُكُوْعَاتُهَا 09

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ ①	اتَّقِ اللّٰهَ ②	وَ	لَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ
اے نبی !	آپ ڈریں اللہ سے	اور	آپ مت کہا مانیں	کافروں (کا)

وَ	الْمُنٰفِقِيْنَ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيْمًا ③	حَكِيْمًا ③ ۙ (1)
اور	منافقوں (کا)	یقیناً اللہ	ہے	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا

وَّ	اتَّبِعْ ④	مَا	يُوْحٰۤى ⑤	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ ؕ
اور	آپ پیروی کیجیے (اسکی)	جو	وحی کی جاتی ہے	آپکی طرف	آپکے رب (کی طرف) سے

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا ③ ۙ (2)	وَّتَوَكَّلْ ⑥
بلاشبہ اللہ	ہے	(اس) سے جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار	اور آپ بھروسا کیجیے

عَلَى اللّٰهِ ؕ	وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ ⑦	وَكِيْلًا (3)	مَا	جَعَلَ اللّٰهُ ②
اللہ پر	اور	کافی ہے	اللہ	کارساز	نہیں	بنائے اللہ نے

لِرَجُلٍ	مِّنْ قَلْبَيْنِ ⑦	فِيْ جَوْفِهٖ ۚ	وَ	مَا	جَعَلَ
کسی آدمی کے لیے	دو دل	اس کے سینے میں	اور	نہیں	بنایا اس نے

ضروری وضاحت

① یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑤ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ یہاں بِ اور مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ	تمہاری (ان) بیویوں کو جو (کہ) تم ظہار کرتے ہو ان سے
اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ	تمہاری مائیں اور نہیں بنایا
اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ	تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے (حقیقی) بیٹے
ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ	یہ (تو صرف) تمہارا کہنا ہے اپنے مونہوں سے
وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ	اور اللہ سچ کہتا ہے
وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿4﴾	اور وہی ہدایت دیتا ہے (سیدھے) راستے کی۔ ﴿4﴾
اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ	تم پکارو ان (منہ بولے بیٹوں) کو انکے باپوں (کی نسبت) سے
هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ	یہی زیادہ انصاف کی بات ہے اللہ کے ہاں
فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ	پھر اگر تم نہ جانو ان کے (حقیقی) باپوں کو
فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ	تو وہ تمہارے بھائی ہیں دین میں اور تمہارے دوست ہیں
وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ	اور نہیں ہے تم پر کوئی گناہ (اس بارے) میں جو
اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ	تم سے بھول چوک ہو جائے اس (کے بولنے) میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَزْوَاجَكُمْ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	السَّبِيْلَ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
مِنْهُنَّ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لِاٰبَآئِهِمْ : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
اُمَّهٰتِكُمْ : امہات المؤمنین، اُمِّ موسیٰ۔	اَقْسَطُ : قسط، اقساط، قسطیں۔
وَ : شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	تَعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اَبْنَآءَكُمْ : ابنائے جامعہ، عیسٰی ابنِ مریم، ابنِ عمر۔	فَاِخْوَانُكُمْ : اخوت، مؤاخات۔
قَوْلُكُمْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مَوَالِيْكُمْ : ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔
بِاَفْوَاهِكُمْ : افواہ (یعنی ہر منہ پر ایک ہی بات)۔	عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَهْدِي : ہدایت، ہادی، مہدی۔	اَخْطَاْتُمْ : خطا، خطا کار۔

اَزْوَاجَكُمُ ①②	الّٰٓئِ ③	تُظٰهِرُوْنَ	مِنْهُنَّ	اُمَّهٰتِكُمْ ② ج
تمہاری (ان) بیویوں کو	جو (کہ)	تم سب ظہار کرتے ہو	اُن سے	تمہاری مائیں

وَ	مَا	جَعَلَ	اَدْعِيَآءَكُمْ ②	اَبْنَآءَكُمْ ② ط
اور	نہیں	اس نے بنایا	تمہارے منہ بولے بیٹوں (کو)	تمہارے (حقیقی) بیٹے

ذٰلِكُمْ ④	قَوْلُكُمْ ②	بِاَفْوَاهِكُمْ ② ط	وَاللّٰهُ	يَقُوْلُ	الْحَقَّ
یہ (توصرف)	تمہارا کہنا	اپنے مونہوں سے	اور اللہ	وہ کہتا ہے	سچ

وَهُوَ	يَهْدِي	السَّبِيْلَ (4)	اُدْعُوْهُمْ	لِاٰبَآئِهِمْ
اور وہ	وہ ہدایت دیتا ہے	(سیدھے) راستے (کی)	تم سب پکارو اُن کو	انکے باپوں (کی نسبت) سے

هُوَ	اَقْسَطُ ⑤	عِنْدَ اللّٰهِ ج	فَاِنْ	لَّمْ تَعْلَمُوْٓا
وہ	زیادہ انصاف (کی بات)	اللہ کے ہاں	پھر اگر	تم سب نہ جانو

اٰبَآءَهُمْ	فَاِخْوَانُكُمْ ②	فِي الدِّيْنِ	وَمَوَالِيْكُمْ ② ط
ان کے (حقیقی) باپوں (کو)	تو (وہ) تمہارے بھائی	دین میں	اور تمہارے دوست

وَلَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ ⑥	فِيْمَآ	اَخْطَاْتُمْ	بِهٖ ⑦ لا
اور نہیں	تم پر	کوئی گناہ	(اس) میں جو	تم سے بھول چوک ہوجائے	اس میں

ضروری وضاحت

① زوج کی نسبت اگر مذکر کی طرف ہو تو اس سے مراد بیوی اور اگر مؤنث کی طرف ہو تو اس سے مراد خاوند ہوتا ہے۔② کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے، کیا جاتا ہے۔③ الّٰئِي جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ④ جن کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔⑤ یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑦ یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ	اور لیکن جو عمداً کیا تمہارے دلوں نے (وہ گناہ ہے)
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝5	اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ۝5
اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ	(یہ) نبی زیادہ حق دار ہیں مومنوں پر انکی جانوں سے
وَ اَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ	اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں
وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ	اور رشتہ دار ان میں سے بعض
اَوْلٰى بِبَعْضٍ	بعض کے (یعنی ایک دوسرے کے) زیادہ حق دار ہیں
فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ	اللہ کی کتاب میں
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ	(دوسرے) مومنوں اور مہاجرین سے
اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ	مگر یہ کہ تم کرو اپنے دوستوں سے کوئی نیکی
كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝6	یہی (حکم) ہے کتابِ (الٰہی) میں لکھا ہوا۔ ۝6
وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ	اور جب ہم نے لیا نبیوں سے ان کا عہد
وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرٰهِيْمَ	اور (خصوصاً) آپ سے اور نوح اور ابراہیم (سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	الْاَرْحَامِ	: رحم مادر، صلہ رحمی، قطع رحمی۔
مَّا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	الْمُهٰجِرِيْنَ	: مہاجرین، ہجرت، مہاجر۔
تَعَمَّدَتْ	: عمداً، قتل عمد۔	تَفْعَلُوْٓا	: فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
قُلُوْبُكُمْ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	اَوْلِيٰٓئِكُمْ	: ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔
غَفُوْرًا	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	مَّعْرُوْفًا	: عرف، معروف۔
اَوْلٰى	: اولیٰ، بالا ولیٰ۔	مَسْطُوْرًا	: سطر، سطور، بین السطور۔
اَنْفُسِهِمْ	: نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	اَخَذْنَا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اَزْوَاجُهٗٓ	: زوجہ، زوجیت، ازواج مطہرات۔	مِيْثَاقَهُمْ	: میثاق، میثاق مدینہ۔

وَلٰكِنْ	مَّا تَعَمَّدَتْ ①②	قُلُوْبُكُمْ ؕ	وَ	كَانَ اللّٰهُ
اور لیکن	جو عمداً کیا	تمہارے دلوں نے	اور	ہے اللہ

غَفُوْرًا ③	رَّحِيْمًا ③ ۝5	اَلنَّبِيُّ	اَوْلٰى ④	بِالْمُؤْمِنِيْنَ ⑤	مِنْ اَنْفُسِهِمْ
بہت بخشنے والا	بڑا مہربان	(یہ) نبی	زیادہ حق دار	مومنوں پر	انکی جانوں سے

وَاَزْوَاجُهٗٓ	اُمَّهٰتُهُمْ ؕ	وَ	اُولُوا الْاَرْحَامِ	بَعْضُهُمْ
اور اس کی بیویاں	ان کی مائیں ہیں	اور	رشتے والے	ان میں سے بعض

اَوْلٰى ④	بِبَعْضٍ ⑤	فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑥	وَالْمُهٰجِرِيْنَ ⑥
زیادہ حق دار	بعض کے	اللہ کی کتاب میں	(دوسرے) مومنوں سے	اور مہاجروں (سے)

اِلَّآ	اَنْ	تَفْعَلُوْٓا	اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ	مَّعْرُوْفًا ⑦ ؕ	كَانَ ذٰلِكَ
مگر	یہ کہ	تم سب کرو	اپنے دوستوں سے	کوئی نیکی	یہ ہے (حکم)

فِي الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا ۝6	وَاِذْ	اَخَذْنَا	مِنَ النَّبِيّٖنَ
کتاب (الٰہی) میں	لکھا ہوا	اور جب	ہم نے لیا	نبیوں سے

مِيْثَاقَهُمْ	وَ	مِنْكَ	وَ	مِنْ نُّوْحٍ	وَّاِبْرٰهِيْمَ
ان کا عہد	اور	(خصوصاً) آپ سے	اور	نوح سے	اور ابراہیم (سے)

ضروری وضاحت

①علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔②تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔③اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④یہاں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑤بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کیا جاتا ہے۔⑥یعنی مہاجرین اور انصار میں وراثت کا یہ حکم عارضی تھا اب صرف رشتہ دار ہی وارث بن سکتے ہیں۔⑦یعنی ایک تہائی مال میں سے وصیت کے ذریعے کچھ دے سکتے ہیں۔

وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۖ	اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم سے
وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿7﴾	اور ہم نے لیا ان سے بہت پختہ عہد۔ ﴿7﴾
لِّيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ	تا کہ (اللہ) سوال کرے سچوں سے
عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ	ان کی سچائی کے بارے میں
وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ	اور اس نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿8﴾ ع 8 17	دردناک عذاب۔ ﴿8﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو
اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو
اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ	جب (چڑھ) آئے تھے تم پر کئی لشکر
فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا	تو ہم نے بھیج دی ان پر (سخت) ہوا اور (ایسے) لشکر
لَّمْ تَرَوْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ	(کہ) تم نے اُن کو دیکھا ہی نہیں اور تھا اللہ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿9﴾	(اس) کو جو تم کر رہے تھے خوب دیکھنے والا۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	اَلِيْمًا	الم ناک، رنج والم۔
ابْنِ	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔	اذْكُرُوْا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
اَخَذْنَا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِّيْثَاقًا	میثاق، میثاق مدینہ۔	فَاَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
لِّيَسْئَلَ	سوال، سائل، مسئول۔	رِيْحًا	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
الصّٰدِقِيْنَ	صداقت، صدق دل، صادق وامین۔	تَرَوْهَا	رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
اَعَدَّ	مستعد، استعداد۔	تَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
لِلْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	بَصِيْرًا	سمع وبصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔

وَ	مُوْسٰى	وَ	عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ص	وَ	اَخَذْنَا ①
اور	موسیٰ	اور	عیسیٰ بن مریم (سے)	اور	ہم نے لیا

مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝7 لا	لِّيَسْـَٔلَ	الصّٰدِقِيْنَ
ان سے	بہت پختہ عہد	تاکہ وہ سوال کرے	سب سچوں (سے)

عَنْ صِدْقِهِمْ ج	وَ	اَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ
ان کی سچائی کے بارے میں	اور	اس نے تیار کر رکھا ہے	کافروں کے لیے

ع 8 1 17

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝8 ع	يٰۤاَيُّهَا ②	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اذْكُرُوْا ③
دردناک عذاب	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب یاد کرو

نِعْمَةَ اللّٰهِ ④	عَلَيْكُمْ	اِذْ	جَآءَتْكُمْ ④	جُنُوْدٌ
اللہ کی نعمت (کو)	اپنے اُوپر	جب	(چڑھ) آئے تھے تم پر	کئی لشکر

فَاَرْسَلْنَا ①⑤	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	وَّجُنُوْدًا	لَّمْ تَرَوْهَا ⑥ ط
تو ہم نے بھیج دی	اُن پر	(سخت) ہوا	اور (ایسے) لشکر	(کہ) تم سب نے دیکھا ہی نہیں اُن کو

وَ	كَانَ اللّٰهُ ⑦	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا ⑧ ۝9 ج
اور	اللہ تھا	(اُس) کو جو	تم سب کر رہے تھے	خوب دیکھنے والا

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ ةَ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑥ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑦ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑧ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِذۡ جَآءُوۡكُمۡ مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ	جب وہ (چڑھ) آئے تم پر تمہارے اوپر سے
وَمِنۡ اَسۡفَلَ مِنۡكُمۡ	اور تمہارے نیچے سے
وَ اِذۡ زَاغَتِ الۡاَبۡصَارُ	اور جب آنکھیں (ڈر سے) پتھرا (پھر) گئیں
وَبَلَغَتِ الۡقُلُوۡبُ الۡحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوۡنَ	اور دل گلوں تک پہنچ گئے اور تم گمان کر رہے تھے
بِاللّٰهِ الظُّنُوۡنَا ﴿10﴾	اللہ کے بارے میں (طرح طرح کے) گمان۔ ﴿10﴾
هُنَالِكَ ابۡتُلِیَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ	وہاں آزمائے گئے ایمان والے
وَ زُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالًا شَدِيۡدًا ﴿11﴾	اور وہ ہلائے گئے سخت ہلایا جانا۔ ﴿11﴾
وَ اِذۡ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ	اور جب کہہ رہے تھے منافق
وَالَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ	اور (وہ لوگ) جو (کہ) ان کے دلوں میں بیماری ہے
مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗۤ	نہیں وعدہ کیا ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے
اِلَّا غُرُوۡرًا ﴿12﴾	مگر دھوکے (اور فریب) کا۔ ﴿12﴾
وَ اِذۡ قَالَتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ	اور جب کہا ان میں سے ایک گروہ نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	زُلۡزِلُوۡا	: زلزلہ، متزلزل۔
فَوۡقِكُمۡ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	شَدِيۡدًا	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
اَسۡفَلَ	: اسفل، سفلی علم۔	يَقُوۡلُ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الۡاَبۡصَارُ	: سمع وبصر، بصارت، علٰی وجہ البصیرت۔	مَّرَضٌ	: مرض، مریض، امراض۔
بَلَغَتِ	: بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	وَعَدَنَا	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
الۡقُلُوۡبُ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
تَظُنُّوۡنَ	: سوءظن، بدظن، ظن غالب۔	غُرُوۡرًا	: غرور، مغرور۔
ابۡتُلِیَ	: ابتلا وآزمائش، مبتلا۔	طَّآئِفَةٌ	: طائفہ منصورہ، طوائف الملوکی۔

اِذْ	جَآءُوْكُمْ ①	مِّنْ فَوْقِكُمْ	وَمِنْ اَسْفَلَ	مِنْكُمْ
جب	وہ سب (چڑھ) آئے تم پر	تمہارے اُوپر سے	اور نیچے سے	تم سے

وَ	اِذْ	زَاغَتِ ②	الْاَبْصَارُ	وَ	بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ ②
اور	جب	پتھرا (پھر) گئیں	آنکھیں (ڈر سے)	اور	پہنچ گئے دل

الْحَنَاجِرَ	وَ	تَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ	الظُّنُوْنَا ۝10
گلوں (تک)	اور	تم سب گمان کر رہے تھے	اللہ کے بارے میں	(طرح طرح کے) گمان

هُنَالِكَ	ابْتُلِيَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	زُلْزِلُوْا ③
وہاں	آزمائے گئے	سب ایمان والے	اور	وہ سب ہلائے گئے

زِلْزَالًا ④	شَدِيْدًا ۝11	وَ	اِذْ	يَقُوْلُ ⑤	الْمُنٰفِقُوْنَ
ہلایا جانا	سخت	اور	جب	وہ کہہ رہے تھے	سب منافق

وَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	مَّا وَعَدَنَا	اللّٰهُ
اور	(وہ لوگ) جو (کہ)	ان کے دلوں میں	بیماری	نہیں وعدہ کیا ہم سے	اللہ (نے)

وَرَسُوْلُهٗۤ	اِلَّا غُرُوْرًا ۝12	وَاِذْ	قَالَتْ	طَّآئِفَةٌ ⑥
اور اس کے رسول (نے)	مگر دھوکے فریب کا	اور جب	کہا	ایک گروہ نے

ضروری وضاحت

①وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔②تْ واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔③فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ زِلْزَالًا گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے، تاکید کے لیے استعمال ہوا ہے۔⑤ يَقُوْلُ واحد مذکر کا فعل ہے، کیونکہ اس کا تعلق الْمُنٰفِقُوْنَ سے ہے جو کہ جمع ہے اس لیے اس فعل کا ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ	اے یثرب (مدینے) والو!
لَا مُقَامَ لَكُمْ	(یہاں) تمہارے لیے (ٹھہرنے کا) کوئی مقام نہیں
فَارْجِعُوْا ۚ وَ يَسْتَاْذِنُ	تو تم لوٹ جاؤ اور اجازت مانگتا تھا
فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ	ان میں سے ایک گروہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے
يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ	وہ کہہ رہے تھے بیشک ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں
وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ	حالانکہ وہ غیر محفوظ نہیں ہیں
اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿13﴾	نہیں وہ چاہتے مگر (صرف) بھاگنا۔ ﴿13﴾
وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ	اور اگر (لشکر) داخل کر دیے جاتے ان پر
مِّنْ اَقْطَارِهَا	اس (مدینہ) کے اطراف سے
ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ	پھر وہ مطالبہ کیے جاتے فتنے (یعنی شرک یا خانہ جنگی) کا
لَاٰتَوْهَا	(تو) ضرور اپنا لیتے اسے (یعنی ضرور عمل کرتے)
وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿14﴾	اور نہ توقّف کرتے اس پر مگر تھوڑا سا۔ ﴿14﴾

ركوع 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يٰٓاَهْلَ	: اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	بُيُوْتَنَا	: بیت اللہ، بیت المقدس، اہلِ بیت۔
يَثْرِبَ	: یثرب (مدینہ منورہ کا پہلا نام)۔	يُّرِيْدُوْنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
مُقَامَ	: مقام ومرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔	فِرَارًا	: فرار، مفرور، مفرّ، راہ فرار اختیار کرنا۔
فَارْجِعُوْا	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	دُخِلَتْ	: داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
وَ	: شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يَسْتَاْذِنُ	: اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔	سُئِلُوا	: سوال، سائل، مسئول۔
فَرِيْقٌ	: فریق اول، فریق دوم، فرقہ واریت۔	الْفِتْنَةَ	: فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔
يَقُوْلُوْنَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اِلَّا	: اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔

ع 10

مِّنۡهُمۡ	يٰۤاَهۡلَ يَثۡرِبَ	لَا مُقَامَ ①	لَكُمۡ
اُن میں سے	اے یثرب (مدینے) والو!	(یہاں ٹھہرنے کا) کوئی مقام نہیں	تمہارے لیے

فَارۡجِعُوۡا ۚ	وَ	يَسۡتَاۡذِنُ	فَرِيۡقٌ ②	مِّنۡهُمُ	النَّبِىَّ
تو تم سب لوٹ جاؤ	اور	وہ اجازت مانگتا تھا	ایک گروہ	اُن میں سے	نبی (سے)

يَقُوۡلُوۡنَ	اِنَّ	بُيُوۡتَنَا	عَوۡرَةٌ ۛ ③	وَ	مَا	هِىَ
وہ سب کہتے تھے	بے شک	ہمارے گھر	غیر محفوظ	حالانکہ	نہیں	وہ

بِعَوۡرَةٍ ۛ ③④	اِنۡ ⑤	يُّرِيۡدُوۡنَ	اِلَّا	فِرَارًا ﴿13﴾
غیر محفوظ	نہیں	وہ سب چاہتے	مگر	(صرف) بھاگنا

وَ	لَوۡ	دُخِلَتۡ ③⑥	عَلَيۡهِمۡ	مِّنۡ اَقۡطَارِهَا
اور	اگر	داخل ہوا جاتا	ان پر	اس (مدینہ) کے اطراف سے

ثُمَّ	سُئِلُوا	الۡفِتۡنَةَ ③	لَاٰتَوۡهَا ⑦
پھر	وہ سب مطالبہ کیے جاتے	فتنے (یعنی شرک یا خانہ جنگی) کا	(تو) ضرور سب اپنا لیتے اسے

وَ	مَا	تَلَبَّثُوۡا ⑧	بِهَاۤ	اِلَّا	يَسِيۡرًا ﴿14﴾
اور	نہ	سب توقف کرتے	اس پر	مگر	بہت تھوڑا

ضروری وضاحت

①لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ②ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔
③ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ④اگر مَا کے بعد اسم کے شروع میں بِ ہو تو بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑤اِنۡ کے
بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑥یعنی اُن پر دشمن کی فوجیں گھس آئیں۔ ⑦علامت وْا کے بعد
اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑧علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَلَقَدۡ كَانُوۡا عَاهَدُوا اللّٰهَ	اور بلا شبہ یقیناً انہوں نے عہد کیا تھا اللہ سے
مِنۡ قَبۡلُ لَا يُوَلُّوۡنَ الۡاَدۡبَارَ ؕ	اس سے پہلے (کہ) وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے
وَكَانَ عَهۡدُ اللّٰهِ مَسۡـُٔوۡلًا ﴿15﴾	اور اللہ کا عہد پوچھا جانے والا ہے۔ ﴿15﴾
قُلۡ لَّنۡ يَّنۡفَعَكُمُ الۡفِرَارُ	آپ کہہ دیجیے ہرگز نہیں نفع دے گا تمہیں بھاگنا
اِنۡ فَرَرۡتُمۡ مِّنَ الۡمَوۡتِ اَوِ الۡقَتۡلِ	اگر تم موت یا قتل سے بھاگو
وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوۡنَ	اور اس وقت تم فائدہ نہیں پہنچائے جاؤ گے
اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿16﴾	مگر بہت تھوڑا۔ ﴿16﴾
قُلۡ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ	آپ کہہ دیجیے کون ہے وہ جو
يَعۡصِمُكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ	بچائے گا تمہیں اللہ سے
اِنۡ اَرَادَ بِكُمۡ سُوۡٓءًا	اگر وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ برائی کا
اَوۡ اَرَادَ بِكُمۡ رَحۡمَةً ؕ	یا وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ مہربانی کا
وَلَا يَجِدُوۡنَ لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	اور نہیں وہ پائیں گے اپنے لیے اللہ کے سوا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَاهَدُوا	: عہد، ایفائے عہد، نقضِ عہد، عہد و پیان۔	تُمَتَّعُوۡنَ	: متاعِ کارواں، مال و متاع۔
مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلَّا	: الاقلیل، الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ۔
قَبۡلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	قَلِيۡلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
لَا	: لاعلاج، لاجواب، لامحدود، لاتعداد۔	يَعۡصِمُكُمۡ	: عصمت، عفت و عصمت، معصوم۔
الۡاَدۡبَارَ	: دُبر، اِدبار۔	اَرَادَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
مَسۡـُٔوۡلًا	: سوال، سائل، مسئول۔	سُوۡٓءًا	: علمائے سوء، اعمالِ سیئہ، سوءِ ظن۔
يَّنۡفَعَكُمۡ	: نفع، منافع، منفعت، نفع و نقصان۔	رَحۡمَةً	: رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
الۡفِرَارُ	: فرار، مفرور، مفرّ، راہِ فرار اختیار کرنا۔	يَجِدُوۡنَ	: وجود، موجود۔

وَ	لَقَدْ ①	كَانُوْا عَاهَدُوا ②	اللّٰهَ	مِنْ قَبْلُ
اور	بلاشبہ یقیناً	ان سب نے عہد کیا تھا	اللہ (سے)	(اس) سے پہلے

لَا يُوَلُّوْنَ	الْاَدْبَارَ ؕ	وَكَانَ ③	عَهْدُ اللّٰهِ	مَسْـُٔوْلًا ﴿15﴾
نہیں وہ سب پھیریں گے	(اپنی) پیٹھوں (کو)	اور ہے	اللہ کا عہد	پوچھا جانے والا

قُلْ	لَّنْ	يَّنْفَعَكُمُ ④	الْفِرَارُ	اِنْ	فَرَرْتُمْ
آپ کہہ دیجیے	ہرگز نہیں	وہ نفع دے گا تمہیں	بھاگنا	اگر	تم بھاگو

مِّنَ الْمَوْتِ	اَوِ	الْقَتْلِ	وَاِذًا ⑤	لَّا تُمَتَّعُوْنَ ⑥
موت سے	یا	قتل (سے)	اور اس وقت	تم سب فائدہ نہیں پہنچائے جاؤ گے

اِلَّا	قَلِيْلًا ﴿16﴾	قُلْ	مَنْ	ذَا الَّذِيْ	يَعْصِمُكُمْ ④
مگر	بہت تھوڑا	آپ کہہ دیجیے	کون	وہ جو	وہ بچائے گا تمہیں

مِّنَ اللّٰهِ	اِنْ اَرَادَ	بِكُمْ	سُوْٓءًا	اَوْ اَرَادَ	بِكُمْ
اللہ سے	اگر وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ	برائی (کا)	یا وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ

رَحْمَةً ؕ	وَ	لَا يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑦
مہربانی (کا)	اور	نہیں وہ سب پائیں گے	اپنے لیے	اللہ کے سوا

ضروری وضاحت

① علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ② كَانُوْا اور عَاهَدُوْا دونوں کے وْا کو ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
③ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ④ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ اِذًا کا
ترجمہ کبھی تب اور کبھی اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب یا اچانک کیا جاتا ہے۔ ⑥ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر
میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اگر لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿17﴾	کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔﴿17﴾
قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ	یقیناً اللہ جانتا ہے
الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ	رکاوٹیں ڈالنے والوں کو تم میں سے
وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ	اور اپنے بھائیوں سے (یہ) کہنے والوں کو (بھی)
هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ	کہ ہماری طرف آجاؤ اور وہ نہیں آتے لڑائی میں
اِلَّا قَلِيْلًا ﴿18﴾	مگر بہت کم۔﴿18﴾
اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ	(اس حال میں کہ وہ) سخت بخیل ہیں تم پر
فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ	پھر جب آئے (ان پر) خوف
رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ	آپ دیکھیں گے انہیں وہ دیکھتے ہیں آپکی طرف
تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ	(ایسے کہ) گھومتی ہیں ان کی آنکھیں
كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ	(اس شخص) کی طرح جو (کہ) غشی طاری کی جارہی ہو اُس پر
مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ	موت کی پھر جب چلا جائے خوف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَلِيًّا	ولی، اولیاءِ کرام، ولایت، مولیٰ۔
نَصِيْرًا	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
يَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
الْقَآئِلِيْنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
لِاِخْوَانِهِمْ	اخوت، مؤاخات، اخوان المسلمین۔
اِلَّا	اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
قَلِيْلًا	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْخَوْفُ	خوف، خائف، خوف وہراس۔
رَاَيْتَهُمْ	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
يَنْظُرُوْنَ	نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر، تناظر۔
تَدُوْرُ	دور، دورہ، مدار، دائرہ۔
اَعْيُنُهُمْ	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
كَالَّذِيْ	کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
يُغْشٰى	غشی طاری ہونا۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

وَلِيًّا ①	وَّ	لَا	نَصِيْرًا (17) ①	قَدْ	يَعْلَمُ اللّٰهُ ②
کوئی دوست	اور	نہ	کوئی مددگار	یقیناً	وہ جانتا ہے اللہ

الْمُعَوِّقِيْنَ ③	مِنْكُمْ	وَالْقَآئِلِيْنَ	لِاِخْوَانِهِمْ ④
سب رکاوٹیں ڈالنے والوں (کو)	تم میں سے	اور سب کہنے والوں (کو)	اپنے بھائیوں سے

هَلُمَّ	اِلَيْنَا ج	وَ	لَا يَاْتُوْنَ	الْبَاْسَ
(کہ) آجاؤ	ہماری طرف	اور	نہیں وہ سب آتے	لڑائی (میں)

اِلَّا	قَلِيْلًا (18) لا	اَشِحَّةً ⑤	عَلَيْكُمْ صلے
مگر	بہت کم	(اس حال میں کہ وہ) سخت بخیل (ہیں)	تم پر

فَاِذَا	جَآءَ	الْخَوْفُ	رَاَيْتَهُمْ ④	يَنْظُرُوْنَ
پھر جب	آئے	خوف	آپ دیکھیں گے اُنہیں	وہ سب دیکھتے ہیں

اِلَيْكَ	تَدُوْرُ	اَعْيُنُهُمْ ④	كَالَّذِيْ
آپ کی طرف	(ایسے کہ) گھومتی ہیں	اُن کی آنکھیں	(اس شخص) کی طرح جو

يُغْشٰى ⑥	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ ج	فَاِذَا	ذَهَبَ	الْخَوْفُ
غشی طاری کی جا رہی ہو	اُس پر	موت (کی وجہ) سے	پھر جب	چلا جائے	خوف

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُن کا یا اپنا اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ⑥ اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے کھڑی زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ	(تو) تکلیف دیں گے تمہیں تیز زبانوں کے ساتھ
اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ؕ	(اس حال میں کہ) سخت حریص یا بخیل ہیں مال پر
اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا	یہ لوگ ہیں (کہ) ایمان نہیں لائے
فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ	تو ضائع کر دیے اللہ نے ان کے اعمال
وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿19﴾	اور اللہ پر یہ بہت آسان ہے۔ ﴿19﴾
يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ	وہ گمان کرتے لشکروں کو (کہ) وہ نہیں گئے
وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ	اور اگر آ جائیں لشکر
يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ	(تو) وہ خواہش کریں گے کاش بیشک وہ (ہوتے)
بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ	جنگل کے رہنے والے دیہاتیوں میں
يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ	وہ پوچھتے رہتے تمہاری خبروں کے بارے میں
وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ	اور اگر وہ (موجود) ہوتے تم میں
ع 2/12/18 مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿20﴾ ع	(تو) وہ نہ لڑتے مگر بہت کم۔ ﴿20﴾ ع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- بِاَلْسِنَةٍ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔
- عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی الصبح۔
- الْخَيْرِ : خیر، خیر خواہی، صبح بخیر۔
- يُؤْمِنُوْا : ایمان، مؤمن، امن۔
- اَعْمَالَهُمْ : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
- وَ : حسن و جمال، رسم و رواج، کتاب و سنت۔
- يَسِيْرًا : میسّر، تیسیر۔
- الْاَحْزَابَ : حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔
- يَوَدُّوْا : محبت و مودّت۔
- يَسْاَلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
- اَنْۢبَآئِكُمْ : تنبیہ، متنبہ، انتباہ۔
- فِيْكُمْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
- قٰتَلُوْٓا : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
- اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
- قَلِيْلًا : قلیل، قلت، قلیل مدت، الا قلیل۔

سَلَقُوْكُمْ ①	بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ ②	اَشِحَّةً ②	عَلَى الْخَيْرِ ؕ
سب تکلیف دیں گے تمہیں	تیز زبانوں کے ساتھ	سخت حریص یا بخیل	مال پر

اُولٰٓئِكَ ③	لَمْ يُؤْمِنُوْا ④	فَاَحْبَطَ اللّٰهُ	اَعْمَالَهُمْ ؕ
یہ (لوگ ہیں)	(کہ) نہیں وہ سب ایمان لائے	تو ضائع کر دیے اللہ نے	ان کے اعمال

وَمَا لَهُمۡ فِيۡهِمَا مِنۡ شِرۡكٍ	اور نہیں اُنکا اُن دونوں میں کوئی حصّہ
وَّمَا لَهٗ مِنۡهُمۡ مِّنۡ ظَهِيۡرٍ ﴿22﴾	اور نہیں ہے اُسکے لیے اُن میں سے کوئی مددگار۔ ﴿22﴾

ع 12 / 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَّقَ	: صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔	شَكٍّ	: شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
عَلَيۡهِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	حَفِيۡظٌ	: حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔
ظَنَّهٗ	: سوءِظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔	قُلِ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
فَاتَّبَعُوۡهُ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔	ادۡعُوا	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
فَرِيۡقًا	: فریقِ اوّل، فریقِ ثانی، فریقین۔	زَعَمۡتُمۡ	: زعم میں مبتلا ہونا، زعم باطل۔
سُلۡطٰنٍ	: سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔	يَمۡلِكُوۡنَ	: مالک، ملکیت، املاک۔
لِنَعۡلَمَ	: علم، عالم، معلوم۔	السَّمٰوٰتِ	: کتب سماویہ، ارض وسماء۔
بِالۡاٰخِرَةِ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔	شِرۡكٍ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔

وَلَقَدْ ①	صَدَّقَ	عَلَيْهِمْ	اِبْلِيْسُ	ظَنَّهٗ ②	فَاتَّبَعُوْهُ ③
اور بلاشبہ یقیناً	سچا کر دکھایا	اُن پر	ابلیس نے	اپنا گمان	تو اُنہوں نے پیروی کی اُسکی

اِلَّا	فَرِيْقًا ④	مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (20)	وَ	مَا	كَانَ	لَهٗ
سوائے	ایک گروہ (کے)	مومنوں میں سے	اور	نہ	تھا	اُس کا

عَلَيْهِمْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ ④⑤	اِلَّا	لِنَعْلَمَ ⑥	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِالْاٰخِرَةِ
اُن پر	کوئی غلبہ	مگر	تا کہ ہم جان لیں	کون	وہ ایمان رکھتا ہے	آخرت پر

مِمَّنْ ⑦	هُوَ	مِنْهَا	فِيْ شَكٍّ ط	وَ	رَبُّكَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
(اُن) میں سے جو	وہ	اس سے	شک میں	اور	آپ کا رب	ہر چیز پر

ع 2 12 8

حَفِيْظٌ ع (21)	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ج ⑤
خوب نگران	آپ کہہ دیجیے	تم سب پکارو	(انکو) جنہیں	تم نے گمان کر رکھا تھا	اللہ کے سوا

لَا يَمْلِكُوْنَ ⑧	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَلَا فِي الْاَرْضِ	وَمَا	لَهُمْ
نہیں وہ سب اختیار رکھتے	ذرّہ برابر	آسمانوں میں	اور نہ زمین میں	اور نہیں	اُن کا

فِيْهِمَا	مِنْ شِرْكٍ ④⑤	وَّمَا	لَهٗ	مِنْهُمْ	مِّنْ ظَهِيْرٍ ④⑤ (22)
اُن دونوں میں	کوئی حصّہ	اور نہیں	اُس کے لیے	اُن میں سے	کوئی مددگار

ضروری وضاحت

① لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ② ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ③ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔
⑦ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

وَلَا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنۡدَهٗۤ	اور نہیں نفع دے گی سفارش اُس کے پاس
اِلَّا لِمَنۡ اَذِنَ لَهٗ ؕ	مگر اُسے جس کو وہ (یعنی اللہ) اجازت دے گا
حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ	یہاں تک کہ جب گھبراہٹ دور کر دی جاتی ہے
عَنۡ قُلُوۡبِهِمۡ قَالُوۡا	اُنکے دلوں سے (تو فرشتے آپس میں) کہتے ہیں
مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمۡ ؕ	کیا فرمایا ہے تمہارے رب نے
قَالُوا الۡحَقَّ ۚ	(دوسرے فرشتے) کہتے ہیں حق (فرمایا ہے)
وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡكَبِيۡرُ ﴿23﴾	اور وہی بہت بلند بہت بڑا ہے۔ ﴿23﴾
قُلۡ مَنۡ يَّرۡزُقُكُمۡ	کہہ دیجیے کون رزق دیتا ہے تمہیں
مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ	آسمانوں اور زمین سے، کہہ دیجیے اللہ (ہی)
وَاِنَّاۤ اَوۡ اِيَّاكُمۡ لَعَلٰى هُدًى	اور بے شک ہم یا تم (یا تو) یقیناً ہدایت پر ہیں
اَوۡ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿24﴾	یا کھلی گمراہی میں۔ ﴿24﴾
قُلۡ لَّا تُسۡـَٔلُوۡنَ	آپ کہہ دیجیے تم نہیں پوچھے جاؤ گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	قَالُوۡا	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
تَنۡفَعُ	نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔	الۡعَلِىُّ	علوّ ومرتبت، عالی شان، جناب عالی۔
الشَّفَاعَةُ	شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔	الۡكَبِيۡرُ	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
اِلَّا	اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔	الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعہ اَراضی، ارض مقدس۔
لِمَنۡ	الحمدللہ، للہذا۔	هُدًى	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اَذِنَ	اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔	ضَلٰلٍ	ضلالت وگمراہی۔
حَتّٰى	حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	مُّبِيۡنٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
قُلُوۡبِهِمۡ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	تُسۡـَٔلُوۡنَ	سوال، سائل، مسئول۔

وَ	لَا	تَنْفَعُ ①	الشَّفَاعَةُ ①	عِنْدَهٗٓ	اِلَّا
اور	نہیں	نفع دے گی	سفارش	اُس کے پاس	مگر

لِمَنْ ②	اَذِنَ	لَهٗ ؕ	حَتّٰٓى	اِذَا	فُزِّعَ ③
(اُسے) جس کو	وہ اجازت دے گا	اس کو	یہاں تک کہ	جب	گھبراہٹ دور کردی جاتی ہے

عَنْ قُلُوْبِهِمْ	قَالُوْا ④	مَاذَا ۙ	قَالَ	رَبُّكُمْ ؕ
اُنکے دلوں سے	(فرشتے) کہتے ہیں	کیا	فرمایا	تمہارے رب نے؟

قَالُوا	الْحَقَّ ۚ	وَ	هُوَ الْعَلِيُّ ⑤	الْكَبِيْرُ ﴿23﴾
سب کہتے ہیں	حق	اور	وہی بہت بلند	بہت بڑا (ہے)

قُلْ	مَنْ ⑥	يَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمٰوٰتِ ①	وَالْاَرْضِ ؕ
آپ کہہ دیجیے	کون	وہ رزق دیتا ہے تمہیں	آسمانوں سے	اور زمین (سے)

قُلِ	اللّٰهُ ۙ	وَ	اِنَّآ ⑦	اَوْ	اِيَّاكُمْ	لَعَلٰى هُدًى
آپ کہہ دیجیے	اللہ (ہی)	اور	بے شک ہم	یا	تم	یقیناً ہدایت پر (ہیں)

اَوْ	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾	قُلْ	لَّا تُسْــَٔلُوْنَ ⑧
یا	کھلی گمراہی میں	آپ کہہ دیجیے	نہیں تم سب پوچھے جاؤ گے

ضروری وضاحت

①تْ، ةْ واحد مؤنث اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②لِ کا ترجمہ کبھی لیے اور کبھی کو کیا جاتا ہے۔③ فُزِّعَ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا کیا جاتا ہے یہاں ضرورتاً کیا جاتا ہے کیا گیا ہے۔④یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم شامل ہوتا جا ہے۔⑥مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑦اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے۔⑧لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

عَمَّاۤ اَجۡرَمۡنَا	اُس کے بارے میں جو ہم نے جرم کیا
وَلَا نُسۡـَٔلُ	اور نہ ہم پوچھے جائیں گے
عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿25﴾	اُس کے بارے میں جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿25﴾
قُلۡ يَجۡمَعُ بَيۡنَنَا رَبُّنَا	کہہ دیجیے جمع کرے گا ہم سب کو ہمارا رب
ثُمَّ يَفۡتَحُ بَيۡنَنَا بِالۡحَقِّ ؕ	پھر وہ فیصلہ کرے گا ہمارے درمیان حق کیساتھ
وَهُوَ الۡفَتَّاحُ	اور وہی ہے خوب فیصلہ کرنے والا
الۡعَلِيۡمُ ﴿26﴾	سب کچھ جاننے والا۔ ﴿26﴾
قُلۡ اَرُوۡنِىَ الَّذِيۡنَ	آپ کہہ دیجیے دکھاؤ مجھے (وہ معبود) جنہیں
اَلۡحَقۡتُمۡ بِهٖ شُرَكَآءَ	تم نے ملا دیا تھا اس کے ساتھ شریک بنا کر
كَلَّا ؕ بَلۡ هُوَ اللّٰهُ	(ایسا) ہرگز نہیں، بلکہ وہی اللہ ہے
الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿27﴾	خوب غالب نہایت حکمت والا۔ ﴿27﴾
وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ	اور نہیں ہم نے بھیجا آپ کو مگر تمام لوگوں کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَجۡرَمۡنَا	: جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	الۡعَلِيۡمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
نُسۡـَٔلُ	: سوال، سائل، مسئول۔	اَرُوۡنِىَ	: رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
تَعۡمَلُوۡنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	اَلۡحَقۡتُمۡ	: الحاق، ملحق، لواحقین حضرات، لاحق۔
قُلۡ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	الۡحَكِيۡمُ	: حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔
يَجۡمَعُ	: جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	اَرۡسَلۡنٰكَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بَيۡنَنَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
يَفۡتَحُ	: افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔	كَآفَّةً	: کافی، ناکافی، کفایت۔
بِالۡحَقِّ	: بالواسطہ، بالمشافہ/حق و باطل، حقیقت۔	لِّلنَّاسِ	: الحمدللہ، لہٰذا/عوام الناس، بعض الناس۔

عَمَّآ ①	اَجْرَمْنَا ②	وَ	لَا نُسْئَلُ ③
اُس کے بارے میں جو	ہم نے جرم کیا	اور	نہ ہم پوچھے جائیں گے

عَمَّا ①	تَعْمَلُوْنَ ﴿25﴾	قُلْ ④	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا ⑤
اُسکے بارے میں جو	تم سب عمل کرتے ہو	آپ کہہ دیجیے	وہ جمع کرے گا	ہمارے درمیان (یعنی ہم سب کو)

رَبُّنَا ⑤	ثُمَّ	يَفْتَحُ	بَيْنَنَا ⑤	بِالْحَقِّ ؕ
ہمارا رب	پھر	وہ فیصلہ کرے گا	ہمارے درمیان	حق کے ساتھ

وَ	هُوَ الْفَتَّاحُ ⑥	الْعَلِيْمُ ﴿26﴾	قُلْ ④
اور	وہی ہے خوب فیصلہ کرنے والا	سب کچھ جاننے والا	آپ کہہ دیجیے

اَرُوْنِيَ	الَّذِيْنَ	اَلْحَقْتُمْ	بِهٖ	شُرَكَآءَ
دکھاؤ مجھے	(وہ معبود) جنہیں	تم نے ملا دیا تھا	اس کے ساتھ	شریک (بنا کر)

كَلَّا ؕ	بَلْ	هُوَ اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿27﴾
(ایسا) ہرگز نہیں	بلکہ	وہی اللہ (ہے)	خوب غالب	نہایت حکمت والا

وَ	مَآ	اَرْسَلْنٰكَ ②	اِلَّا	كَآفَّةً ⑦	لِّلنَّاسِ
اور	نہیں	ہم نے بھیجا آپ کو	مگر	تمام	لوگوں کے لیے

ضروری وضاحت

① عَمَّا دراصل عَنْ+مَا مجموعہ ہے۔② فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔④ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرایا گیا ہے۔⑤ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے ہوتا ہے۔⑥ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ كَآفَّةً کا ترجمہ بعض نے گناہوں سے روکنے والا بنا کر بھیجا کیا ہے، اس میں ة مبالغے کی ہے جیسے عَلَّامَةٌ میں ہے۔

بَشِيۡرًا وَّنَذِيۡرًا	خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر)
وَّلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿28﴾	اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿28﴾
وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هٰذَا الۡوَعۡدُ	اور وہ کہتے ہیں کب (پورا) ہوگا یہ وعدہ
اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿29﴾	اگر تم سچے ہو۔ ﴿29﴾
قُلۡ لَّكُمۡ مِّيۡعَادُ يَوۡمٍ	کہہ دیجیے تمہارے لیے وعدہ ہے ایک (ایسے) دن کا
لَّا تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ عَنۡهُ سَاعَةً	(کہ) نہ تم پیچھے رہ سکو گے اُس سے ایک گھڑی
وَّلَا تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ﴿30﴾ ع	اور نہ تم آگے بڑھ سکو گے۔ ﴿30﴾
وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	اور کہا (اُن لوگوں نے) جنہوں نے کفر کیا
لَنۡ نُّؤۡمِنَ بِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ	ہرگز ہم ایمان نہیں لائیں گے اس قرآن پر
وَلَا بِالَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ ؕ	اور نہ اس پر جو اس سے پہلے ہے
وَلَوۡ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوۡنَ	اور کاش آپ دیکھتے جب (یہ) ظالم لوگ
مَوۡقُوۡفُوۡنَ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۖۚ	کھڑے کیے ہوئے ہوں گے اپنے رب کے پاس

النصف ع 3 9 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَشِيۡرًا	بشارت، مبشر، بشیر۔	تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ	مقدّم، اقدام، قدم۔
نَذِيۡرًا	بشارت وانذار، نذیر۔	كَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
يَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	نُّؤۡمِنَ	ایمان، مومن، امن۔
يَقُوۡلُوۡنَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	بَيۡنَ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الۡوَعۡدُ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	يَدَيۡهِ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
صٰدِقِيۡنَ	صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔	تَرٰٓى	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ	مؤخر، تاخیر، آخری۔	الظّٰلِمُوۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
سَاعَةً	ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔	عِنۡدَ	عنداللہ، عندالطلب، عندیہ۔

بَشِيْرًا	وَّ	نَذِيْرًا	وَّ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
خوشخبری دینے والا	اور	ڈرانے والا	اور	لیکن	اکثر	لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ۞28 ①	وَ	يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ
نہیں وہ سب جانتے	اور	وہ سب کہتے ہیں	کب (پورا) ہوگا	یہ	وعدہ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ۞29	قُلْ	لَّكُمْ ②	مِّيْعَادُ	يَوْمٍ ③
اگر	تم ہو	سب سچے	آپ کہہ دیجیے	تمہارے لیے	وعدہ (ہے)	ایک (ایسے) دن کا

ع 3 9 9 النصف

لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ ①	عَنْهُ	سَاعَةً	وَّ	لَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ۞30 ع ①
نہ تم سب پیچھے رہ سکو گے	اُس سے	ایک گھڑی	اور	نہ تم سب آگے بڑھ سکو گے

وَ	قَالَ ④	الَّذِيْنَ ⑤	كَفَرُوْا	لَنْ	نُّؤْمِنَ
اور	کہا	(اُن لوگوں نے) جن	سب نے کفر کیا	ہرگز نہیں	ہم ایمان لائیں گے

بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ ⑥	وَلَا	بِالَّذِيْ ⑥	بَيْنَ يَدَيْهِ ط ⑦	وَلَوْ ⑧
اس قرآن پر	اور نہ	(اس) پر جو	اس کے ہاتھوں کے درمیان (ہے)	اور کاش

تَرٰى	اِذِ	الظّٰلِمُوْنَ	مَوْقُوْفُوْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ صلے
آپ دیکھتے	جب	سب ظالم لوگ	سب کھڑے کیے ہوئے (ہوں گے)	اپنے رب کے پاس

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔② لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے وَ کو "ا" سے بدلا گیا ہے۔⑤ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔⑦ بَيْنَ يَدَيْهِ کا اصل ترجمہ (اسکے دونوں ہاتھوں کے درمیان) ہے اس سے مراد اس سے پہلے ہے۔⑧ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

يَرۡجِعُ بَعۡضُهُمۡ اِلٰى بَعۡضِ ۨالۡقَوۡلَ ۚ	ردّ کررہا ہوگا اُن کا بعض بعض کی بات کا
يَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا	کہہ رہے ہوں گے (وہ لوگ) جو کمزور سمجھے گئے
لِلَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا	(اُن لوگوں) سے جو بڑے بنے ہوئے تھے
لَوۡلَاۤ اَنۡتُمۡ	اگر تم نہ ہوتے
لَكُنَّا مُؤۡمِنِيۡنَ ﴿31﴾	(تو) ضرور ہم ہوتے ایمان لانے والے۔ ﴿31﴾
قَالَ الَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا	کہا (اُن لوگوں نے) جو بڑے بنے ہوئے تھے
لِلَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡۤا	اُن (لوگوں) سے جو کمزور سمجھے گئے
اَنَحۡنُ صَدَدۡنٰكُمۡ	کیا ہم نے روکا تھا تمہیں
عَنِ الۡهُدٰى بَعۡدَ	ہدایت سے اس کے بعد
اِذۡ جَآءَكُمۡ	(کہ) جب وہ آئی تمہارے پاس
بَلۡ كُنۡتُمۡ مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿32﴾	بلکہ تم (خود ہی) مجرم تھے۔ ﴿32﴾
وَقَالَ الَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا	اور کہیں گے (وہ لوگ) جو کمزور سمجھے گئے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَرۡجِعُ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	مُؤۡمِنِيۡنَ	: ایمان، مومن، امن۔
بَعۡضُهُمۡ	: بعض الناس، بعض اوقات۔	الۡهُدٰى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	بَعۡدَ	: بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔
بَعۡضِ	: بعض الناس، بعض اوقات۔	بَلۡ	: بلکہ۔
الۡقَوۡلَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	مُّجۡرِمِيۡنَ	: جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
اسۡتُضۡعِفُوۡا	: ضعف، ضعیف، ضعفاء۔	وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
اسۡتَكۡبَرُوۡا	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
لَاۤ	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اسۡتُضۡعِفُوۡا	: ضعف، ضعیف، ضعفاء۔

یَرۡجِعُ	بَعۡضُهُمۡ	اِلٰی بَعۡضِ	الۡقَوۡلَ ۚ ①	یَقُوۡلُ ②
وہ لوٹا رہا ہوگا	اُن کا بعض	بعض کی طرف	بات کو	وہ کہہ رہے ہوں گے

الَّذِیۡنَ ③	اسۡتُضۡعِفُوۡا ④	لِلَّذِیۡنَ ③	اسۡتَکۡبَرُوۡا
(وہ لوگ) جو	سب کمزور سمجھے گئے	(اُن لوگوں) سے جو	سب بڑے بنے ہوئے تھے

لَوۡ	لَاۤ	اَنۡتُمۡ	لَکُنَّا	مُؤۡمِنِیۡنَ ﴿31﴾
اگر	نہ	تم (ہوتے)	ضرور ہم ہوتے	سب ایمان لانے والے

قَالَ	الَّذِیۡنَ ③	اسۡتَکۡبَرُوۡا	لِلَّذِیۡنَ ③
کہا	(اُن لوگوں نے) جو	سب بڑے بنے ہوئے تھے	(اُن لوگوں) سے جو

اسۡتُضۡعِفُوۡۤا ④	اَ	نَحۡنُ صَدَدۡنٰکُمۡ ⑤	عَنِ الۡهُدٰی
سب کمزور سمجھے گئے	کیا	ہم نے روکا تھا تمہیں	ہدایت سے

بَعۡدَ	اِذۡ	جَآءَکُمۡ ⑥	بَلۡ	کُنۡتُمۡ	مُّجۡرِمِیۡنَ ﴿32﴾
اس کے بعد	جب	وہ آئی تمہارے پاس	بلکہ	تھے تم	سب مجرم

وَ	قَالَ	الَّذِیۡنَ ③	اسۡتُضۡعِفُوۡا ④
اور	کہیں گے	(وہ لوگ) جو	سب کمزور سمجھے گئے

ضروری وضاحت

① یعنی ایک دوسرے پر اپنی ناکامی کا الزام دے رہے ہونگے۔ ② یَقُوۡلُ فعل واحد مذکر کے لیے ہے لیکن کیونکہ اسکا تعلق اَلَّذِیۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا سے ہے جو کہ جمع ہے اس لیے ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ③ الَّذِیۡنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ④ یہ فعل اصل میں اُسۡتُضۡعِفُوۡا تھا فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ نَحۡنُ اور نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ② جَآءَ فعل مذکر ہے کیونکہ اس کا تعلق پیچھے الھدی سے، اس لیے ترجمہ مؤنث ہوا ہے۔

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا	(اُن لوگوں) سے جو بڑے بنے ہوئے تھے
بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ	بلکہ (تمہاری) رات اور دن کی چالبازی نے (ہمیں روکا تھا)
اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ	جب تم حکم دیتے تھے ہمیں
اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ	کہ ہم کفر کریں اللہ کے ساتھ
وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ	اور ہم ٹھہرائیں اُس کے لیے شریک
وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ	اور وہ چھپائیں گے ندامت کو
لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ	جب وہ عذاب دیکھیں گے
وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ	اور ہم کر دیں گے (یعنی ڈال دیں گے) طَوق
فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ	(اُن لوگوں کی) گردنوں میں جنھوں نے کفر کیا
هَلْ يُجْزَوْنَ	نہیں وہ بدلہ دیے جائیں گے
اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾	مگر (اُسی کا) جو وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿33﴾
وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ	اور نہیں ہم نے بھیجا کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
مَكْرُ : مکروفریب، مکار۔
الَّيْلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
تَاْمُرُوْنَنَا : امر، آمر، مامور، امور۔
نَّكْفُرَ : کفر، کافر، کفار، کفارمکہ۔
اَسَرُّوا : اسرار ورموز، پراسرار، سرنہاں۔
النَّدَامَةَ : نادم، ندامت۔
رَاَوُا : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

فِيْٓ : فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔
يُجْزَوْنَ : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	بَلْ	مَكْرُ	الَّيْلِ	وَ	النَّهَارِ
(اُن) سے جو	سب بڑے بنے ہوئے تھے	بلکہ	چالبازی	رات	اور	دن (کی)

اِذْ	تَاْمُرُوْنَنَآ ①	اَنْ	نَّكْفُرَ	بِاللّٰهِ
جب	تم سب حکم دیتے تھے ہمیں	کہ	ہم کفر کریں	اللہ کے ساتھ

وَ	نَجْعَلَ	لَهٗٓ ②	اَنْدَادًا ؕ	وَ	اَسَرُّوا
اور	ہم ٹھہرائیں	اُس کے لیے	شریک	اور	وہ سب چھپائیں گے

النَّدَامَةَ	لَمَّا	رَاَوُا ③	الْعَذَابَ ؕ
ندامت (کو)	جب	وہ سب دیکھیں گے	عذاب (کو)

وَ	جَعَلْنَا ①	الْاَغْلٰلَ	فِيْٓ اَعْنَاقِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ؕ
اور	ہم کردیں گے	طوق	گردنوں میں	(اُن لوگوں کی) جن	سب نے کفر کیا

هَلْ ④	يُجْزَوْنَ ⑤	اِلَّا	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾
نہیں	وہ سب بدلہ دیے جائیں گے	مگر	جو	تھے وہ سب	وہ سب عمل کرتے

وَ	مَآ	اَرْسَلْنَا ①	فِيْ قَرْيَةٍ ⑥	مِّنْ نَّذِيْرٍ ⑥
اور	نہیں	ہم نے بھیجا	کسی بستی میں	کوئی ڈرانے والا

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر زبر ہو تو ترجمہ ہمیں اور اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔③ یہ اصل میں رَاَوْا تھا اگلے لفظ سے ملانے کے لیے وُ کو پیش دی گئی ہے۔④ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہے لیکن اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو پھر ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑥ یہاں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اور یہاں مِّنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ	مگر کہا اُس کے خوشحال لوگوں نے
اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ	بے شک ہم اس کا جو (کہ) تم بھیجے گئے ہو
بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿34﴾	اس کے ساتھ انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿34﴾
وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ	اور اُنہوں نے کہا ہم زیادہ ہیں
اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا ۙ	اموال اور اولاد میں
وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿35﴾	اور نہیں ہیں ہم ہرگز عذاب دیے جانے والے۔ ﴿35﴾
قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ	کہہ دیجیے بیشک میرا رب ہی کشادہ کرتا ہے رزق
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ	جس کے لیے وہ چاہتا ہے اور وہی تنگ کرتا ہے
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ ع 4/6/10	اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿36﴾
وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ	اور نہیں ہیں تمہارے مال (ایسے) اور نہ تمہاری اولاد
بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى	جو قریب کردیں تمہیں ہمارے ہاں خوب قریب کرنا
اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۫	(ہاں) مگر جو ایمان لایا اور اُس نے نیک عمل کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	النَّاسِ	: عوام الناس، بعض الناس۔
بِمَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	يَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اُرْسِلْتُمْ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	تُقَرِّبُكُمْ	: قرب، قریب، مقرب، تقرب۔
اَكْثَرُ	: کثرت، اکثر، کثیر۔	عِنْدَنَا	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
اَمْوَالًا	: مال ودولت، مال وجان، مالی خسارہ۔	اٰمَنَ	: ایمان، مومن، امن۔
اَوْلَادًا	: ولادت، ولد، اولاد، مولود۔	عَمِلَ	: عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
يَبْسُطُ	: بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔	صَالِحًا	: اصلاح، اعمال صالحہ۔

اِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوْهَآ ۙ	اِنَّا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ ①
مگر	کہا	اُس کے خوشحال لوگوں نے	بیشک ہم	(اس) کا جو	تم بھیجے گئے ہو

بِهٖ	كٰفِرُوْنَ (34)	وَقَالُوْا	نَحْنُ	اَكْثَرُ ②	اَمْوَالًا
اسکے ساتھ	سب انکار کرنے والے	اور اُنہوں نے کہا	ہم	زیادہ (ہیں)	اموال

وَّ	اَوْلَادًا ۙ	وَّ	مَا ③	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ ③④ (35)
اور	اولاد (میں)	اور	نہیں	ہم	ہرگز سب عذاب دیے جانے والے

قُلْ	اِنَّ رَبِّيْ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ ⑤	لِمَنْ	يَّشَآءُ
کہہ دیجیے	بیشک میرا رب	وہ کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے

وَ	يَقْدِرُ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ ②	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ ⑥ ع (36)
اور	وہ تنگ کرتا ہے	اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں وہ سب جانتے

ع 4 6 10

وَمَآ	اَمْوَالُكُمْ	وَلَآ	اَوْلَادُكُمْ	بِالَّتِيْ ⑦	تُقَرِّبُكُمْ ⑧
اور نہیں	تمہارے مال	اور نہ	تمہاری اولاد	(وہ کچھ) جو	قریب کر دیں تمہیں

عِنْدَنَا	زُلْفٰٓى	اِلَّا	مَنْ اٰمَنَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا ز
ہمارے ہاں	خوب قریب کرنا	مگر	جو ایمان لایا	اور اُس نے عمل کیا	نیک

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں بِ ہو تو اس میں ہرگز نہیں کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ تُ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ	تو وہی لوگ ہیں (کہ) اُن کے لیے دوگنا بدلہ ہے
بِمَا عَمِلُوْا	اس وجہ سے جو اُنہوں نے عمل کیے
وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿37﴾	اور وہ بالاخانوں میں امن کے ساتھ ہوں گے۔ ﴿37﴾
وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ	اور (وہ لوگ) جو کوشش کرتے ہیں
فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ	ہماری آیات (کے جھٹلانے) میں (ہمیں) عاجز کرنے کی
اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ	وہی لوگ عذاب میں
مُحْضَرُوْنَ ﴿38﴾	حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ﴿38﴾
قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ	کہہ دیجیے بے شک میرا رب کشادہ کرتا ہے رزق
لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ	جس کے لیے وہ چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے
وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ	اور وہی تنگ کرتا ہے اُس کے لیے
وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ	اور جو تم (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہو کوئی چیز
فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ	تو وہ عوض دیتا ہے اُس کا (یعنی اس کی جگہ اور دیتا ہے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جَزَآءُ	جزا و سزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	قُلْ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
الضِّعْفِ	ذو اضعاف اقل، اضعاف۔	يَبْسُطُ	بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔
بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	لِمَنْ	لہٰذا، الحمد للہ۔
عَمِلُوْا	عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اٰمِنُوْنَ	ایمان، مومن، امن۔	عِبَادِهٖ	عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔
يَسْعَوْنَ	سعی کرنا، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔	اَنْفَقْتُمْ	نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
مُعٰجِزِيْنَ	عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔	شَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
مُحْضَرُوْنَ	حاضر، حاضری، استحضار۔	يُخْلِفُهٗ	خلیفہ، خلافت، ناخلف، خلف الرشید۔

فَاُولٰٓئِكَ ①	لَهُمْ ②	جَزَآءُ	الضِّعْفِ	بِمَا ③
تو وہی لوگ (ہیں)	اُن کے لیے	بدلہ (ہے)	دوگنا	اس وجہ سے جو

عَمِلُوْا	وَ	هُمْ	فِي الْغُرُفٰتِ	اٰمِنُوْنَ (37)
اُن سب نے عمل کیے	اور	وہ	بالاخانوں میں	امن کے ساتھ رہنے والے

وَ	الَّذِيْنَ	يَسْعَوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب کوشش کرتے ہیں	ہماری آیات میں

مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ ①	فِي الْعَذَابِ	مُحْضَرُوْنَ ④ (38)
سب عاجز کرنے والے	وہی لوگ	عذاب میں	سب حاضر کیے جانے والے (ہیں)

قُلْ	اِنَّ ⑤	رَبِّيْ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ ⑥	لِمَنْ
کہہ دیجیے	بے شک	میرا رب	وہ کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لیے

يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَقْدِرُ	لَهٗ ② ط
وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے	اور	وہ تنگ کرتا ہے	اُس کے لیے

وَ	مَآ	اَنْفَقْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	فَهُوَ	يُخْلِفُهٗ ج
اور	جو	تم خرچ کرتے ہو	کسی چیز سے	تو وہ	وہ عوض دیتا ہے اُس کا

ضروری وضاحت

①اُولٰٓئِكَ جمع مذکر کی علامت ہے جب بات زور دے کر کہنی ہو تو ذٰلِكَ، تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال ہوتا ہے۔②لَهُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہے۔⑤اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿39﴾	اور وہ سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے۔ ﴿39﴾
وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ	اور جس دن وہ اُنہیں (یعنی مشرکین کو) اکٹھا کرے گا
جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ	سب کے سب کو پھر وہ کہے گا فرشتوں سے
اَهٰٓؤُلَآءِ	کیا یہی لوگ ہیں
اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿40﴾	(جو) تمہاری ہی عبادت کیا کرتے تھے۔ ﴿40﴾
قَالُوْا سُبْحٰنَكَ	وہ کہیں گے تو پاک ہے
اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ	تو ہمارا دوست (کارساز) ہے اُن کے سوا
بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ	بلکہ وہ عبادت کرتے تھے جنوں کی
اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾	اُن میں سے اکثر اُنہی پر ایمان رکھنے والے تھے۔ ﴿41﴾
فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ	سو آج نہیں اختیار رکھتا
بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ	تمہارا بعض (دوسرے) بعض کے لیے
نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ	کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الرّٰزِقِيْنَ	رزق، رزّاق، رازق۔	وَلِيُّنَا	ولی، اولیاءِ کرام، ولایت، مولیٰ۔
يَوْمَ	یوم، ایام، یومِ آخرت۔	مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يَحْشُرُ	حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔	اَكْثَرُ	کثرت، اکثر، کثیر۔
جَمِيْعًا	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	مُّؤْمِنُوْنَ	ایمان، مومن، امن۔
يَقُوْلُ	قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔	يَمْلِكُ	مالک، ملکیت، املاک۔
لِلْمَلٰٓئِكَةِ	ملک الموت، ملائکہ۔	بَعْضُكُمْ	بعض الناس، بعض اوقات۔
يَعْبُدُوْنَ	عبد، عابد، معبود، عبادت، عباد الرحمن۔	نَّفْعًا	نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
سُبْحٰنَكَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔	ضَرًّا	مضرصحت، ضرررساں۔

وَ	هُوَ	خَيۡرُ	الرّٰزِقِيۡنَ (39)	وَ	يَوۡمَ
اور	وہ	بہتر (ہے)	سب رزق دینے والوں (سے)	اور	جس دن

يَحۡشُرُهُمۡ ①	جَمِيۡعًا	ثُمَّ	يَقُوۡلُ	لِلۡمَلٰٓئِكَةِ ②
وہ اکٹھا کرے گا اُنہیں	سب کے سب (کو)	پھر	وہ کہے گا	فرشتوں سے

اَ	هٰٓؤُلَآءِ	اِيَّاكُمۡ	كَانُوۡا	يَعۡبُدُوۡنَ (40)	قَالُوۡا ③
کیا	یہی لوگ (ہیں)	صرف تمہاری ہی	وہ سب تھے	وہ سب عبادت کیا کرتے	وہ سب کہیں گے

سُبۡحٰنَكَ	اَنۡتَ	وَلِيُّنَا ④	مِنۡ دُوۡنِهِمۡ ج ⑤	بَلۡ	كَانُوۡا
تو پاک (ہے)	تو	ہمارا دوست (کارساز)	اُن کے سوا	بلکہ	وہ سب تھے

يَعۡبُدُوۡنَ	الۡجِنَّ ج	اَكۡثَرُهُمۡ	بِهِمۡ ⑥
وہ سب عبادت کرتے	جنوں (کی)	اُن میں سے اکثر	اُنہی پر

مُّؤۡمِنُوۡنَ ⑦ (41)	فَالۡيَوۡمَ	لَا	يَمۡلِكُ	بَعۡضُكُمۡ
سب ایمان رکھنے والے (تھے)	سو آج	نہیں	وہ اختیار رکھتا	تمہارا بعض

لِبَعۡضٍ	نَّفۡعًا ⑧	وَّ	لَا	ضَرًّا ط ⑧
بعض کے لیے	کسی نفع (کا)	اور	نہ	کسی نقصان (کا)

ضروری وضاحت

① هُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔② يَقُوۡلُ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔③ قَالُوۡا میں گزرے ہوئے زمانے کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً مستقبل کا ترجمہ کیا گیا ہے۔④ نَا کا اسم کے ساتھ ترجمہ ہمارا کیا جاتا ہے۔⑤ لفظ دُوۡنَ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَنَقُوۡلُ لِلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا	اور ہم کہیں گے ان (لوگوں) سے جنھوں نے ظلم کیا
ذُوۡقُوۡا عَذَابَ النَّارِ	چکھو (اُس) آگ کا عذاب
الَّتِىۡ كُنۡتُمۡ بِهَا تُكَذِّبُوۡنَ ﴿42﴾	(وہ) جو تھے تم اس کو جھٹلاتے۔ ﴿42﴾
وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ	اور جب پڑھی جاتی ہیں اُن پر
اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ	ہماری واضح آیات
قَالُوۡا مَا هٰذَاۤ اِلَّا رَجُلٌ	(تو) کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر ایک آدمی
يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّصُدَّكُمۡ عَمَّا	(جو) چاہتا ہے کہ روک دے وہ تمھیں اس سے جسکی
كَانَ يَعۡبُدُ اٰبَآؤُكُمۡ ۚ	تمہارے باپ دادا عبادت کرتے تھے
وَقَالُوۡا مَا هٰذَاۤ	اور وہ کہتے ہیں نہیں ہے یہ (قرآن)
اِلَّاۤ اِفۡكٌ مُّفۡتَرًى ؕ وَقَالَ	مگر ایک جھوٹ گھڑا ہوا، اور کہا
الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلۡحَقِّ	(اُن لوگوں نے) جنھوں نے انکار کیا حق کا
لَمَّا جَآءَهُمۡ ۙ	جب وہ آیا اُن کے پاس

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَقُوۡلُ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللّٰہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
ظَلَمُوۡا	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	رَجُلٌ	: رجال کار، قحط الرجال۔
ذُوۡقُوۡا	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	يُّرِيۡدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔
النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	يَعۡبُدُ	: عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔
تُكَذِّبُوۡنَ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	هٰذَاۤ	: لہٰذا، علیٰ ہذاالقیاس، حامل رقعہ ہذا۔
تُتۡلٰى	: تلاوت، وحی متلو۔	مُّفۡتَرًى	: افتریٰ پردازی، مفتری۔
عَلَيۡهِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	كَفَرُوۡا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
بَيِّنٰتٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	لِلۡحَقِّ	: حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔

وَ	نَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ ①	ظَلَمُوْا	ذُوْقُوْا
اور	ہم کہیں گے	(ان لوگوں) سے جنھوں نے	سب نے ظلم کیا	تم سب چکھو

عَذَابَ النَّارِ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	بِهَا ②	تُكَذِّبُوْنَ (42)
آگ کا عذاب	(وہ) جو	تھے تم	اس کو	تم سب جھٹلاتے

وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا ③	بَيِّنٰتٍ
اور	جب	پڑھی جاتی ہیں	اُن پر	ہماری آیات	واضح

قَالُوْا	مَا ④	هٰذَآ	اِلَّا	رَجُلٌ ⑤	يُّرِيْدُ
سب کہتے ہیں	نہیں	یہ	مگر	ایک آدمی	وہ چاہتا ہے

اَنْ	يَّصُدَّكُمْ	عَمَّا ⑥	كَانَ	يَعْبُدُ ⑦	اٰبَآؤُكُمْ ج
کہ	وہ روک دے تمھیں	اس سے جس کی	تھے	عبادت کرتے	تمھارے باپ دادا

وَ	قَالُوْا	مَا ④	هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكٌ ⑤	مُّفْتَرًى ط
اور	ان سب نے کہا	نہیں	یہ	مگر	ایک جھوٹ	گھڑا ہوا

وَقَالَ	الَّذِيْنَ ①	كَفَرُوْا	لِلْحَقِّ ⑧	لَمَّا	جَآءَهُمْ لا
اور کہا	جنھوں نے	سب نے انکار کیا	حق کا	جب	وہ آیا اُن کے پاس

ضروری وضاحت

① الَّذِيْنَ جمع مذکر کی اور الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں اور ترجمہ جو، جنھیں وغیرہ کیا جاتا ہے۔② هَا واحد مؤنث کی علامت ہے۔③ نَا کا اسم کے ساتھ ترجمہ ہمارا، ہماری کیا جاتا ہے۔④ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔⑦ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ لِ کا ترجمہ عموماً لیے ہوتا ہے کبھی کا، کے، کو بھی کیا گیا ہے۔

اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿43﴾	نہیں ہے یہ مگر ایک واضح جادو۔ ﴿43﴾
وَمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنۡ كُتُبٍ	اور نہیں ہم نے دیں اُن (عربوں) کو کچھ کتابیں
يَّدۡرُسُوۡنَهَا	(کہ) وہ پڑھتے ہوں اُنہیں
وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهِمۡ	اور نہیں ہم نے بھیجا اُن کی طرف
قَبۡلَكَ مِنۡ نَّذِيۡرٍ ﴿44﴾	آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا۔ ﴿44﴾
وَكَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۙ	اور جھٹلایا (اُن لوگوں نے) جو اِن سے پہلے تھے
وَمَا بَلَغُوۡا مِعۡشَارَ	اور نہیں یہ پہنچے (اسکے) دسویں حصّے کو
مَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ	جو ہم نے دیا تھا اُنہیں
فَكَذَّبُوۡا رُسُلِىۡ ۗ	پس اُنہوں نے جھٹلایا میرے رسولوں کو
فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿45﴾ ع	تو کیسا ہوا (اُن پر) میرا عذاب۔ ﴿45﴾
قُلۡ اِنَّمَاۤ	آپ کہہ دیجیے بے شک صرف
اَعِظُكُمۡ بِوَاحِدَةٍ ۚ	ایک (ہی بات) کی میں نصیحت کرتا ہوں تمہیں

ع 5/9/11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	كَذَّبَ	کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔
سِحۡرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	بَلَغُوۡا	بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔
مُّبِيۡنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مِعۡشَارَ	عشرہ محرم، یوم عاشورا، عشرہ مبشرہ۔
مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	مَاۤ	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَّدۡرُسُوۡنَهَا	درس وتدریس، مدرسہ، مدرس۔	فَكَيۡفَ	کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
اَرۡسَلۡنَاۤ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	قُلۡ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
اِلَيۡهِمۡ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اَعِظُكُمۡ	وعظ ونصیحت، پند ونصائح، نصیحت آموز۔
قَبۡلَكَ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	بِوَاحِدَةٍ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔

اِنْ ①	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ ②	مُّبِيْنٌ (43)	وَ
نہیں	یہ	مگر	ایک جادو	واضح	اور

مَآ ③	اٰتَيْنٰهُمْ ④	مِّنْ كُتُبٍ ⑤	يَّدْرُسُوْنَهَا ⑥
نہیں	ہم نے دیں اُن کو	کچھ کتابیں	وہ سب پڑھتے ہوں اُنہیں

وَ	مَآ ③	اَرْسَلْنَآ	اِلَيْهِمْ	قَبْلَكَ
اور	نہیں	ہم نے بھیجا	اُن کی طرف	آپ سے پہلے

مِنْ نَّذِيْرٍ ⑤ (44) ط	وَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ لا
کوئی ڈرانے والا	اور	جھٹلایا	(ان لوگوں نے) جو	ان سے پہلے (تھے)

وَ	مَا ③	بَلَغُوْا	مِعْشَارَ	مَآ ③	اٰتَيْنٰهُمْ ④
اور	نہیں	یہ سب پہنچے	(اسکے) دسویں حصّے کو	جو	ہم نے دیا تھا اُنہیں

5 ع 9 11

فَكَذَّبُوْا	رُسُلِيْ قف	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيْرِ ⑦ (45) ع
پس اُن سب نے جھٹلایا	میرے رسولوں (کو)	تو کیسا	ہوا	(میرا) عذاب

قُلْ	اِنَّمَآ ⑧	اَعِظُكُمْ ④	بِوَاحِدَةٍ ج
آپ کہہ دیجیے	بے شک صرف	میں نصیحت کرتا ہوں تمہیں	ایک (ہی بات) کی

ضروری وضاحت

①اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اگر اسکے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔②ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔④هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں یا ان کو اور كُمْ کا ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑤یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥هَا واحد مؤنث کی علامت ہے کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوجاتی۔⑦اصل میں نَكِيْرِيْ تھا تخفیف کے لیے یْ گرگئی ہے۔⑧اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَنۡ تَقُوۡمُوۡا لِلّٰهِ	یہ کہ تم کھڑے ہو جاؤ اللہ کے لیے
مَثۡنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوۡا ۚ قف	دو دو اور ایک ایک (کر کے) پھر تم غور کرو
مَا بِصَاحِبِكُمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ ؕ	نہیں ہے تمہارے (اس) ساتھی کو کوئی جنون
اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِيۡرٌ لَّكُمۡ	نہیں ہے وہ مگر تمہارے لیے ایک ڈرانے والا
بَيۡنَ يَدَىۡ عَذَابٍ شَدِيۡدٍ ﴿46﴾	ایک سخت عذاب سے پہلے۔ ﴿46﴾
قُلۡ مَا سَاَلۡتُكُمۡ مِّنۡ اَجۡرٍ	کہہ دیجیے جو میں نے مانگی ہو تم سے کوئی اُجرت
فَهُوَ لَكُمۡ ؕ	تو وہ تمہارے لیے ہے (یعنی وہ تمہاری ہوئی)
اِنۡ اَجۡرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ	نہیں ہے میری اُجرت مگر اللہ پر ہی
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿47﴾	اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔ ﴿47﴾
قُلۡ اِنَّ رَبِّىۡ	آپ کہہ دیجیے بے شک میرا رب (ہی دل میں)
يَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ ۚ	ڈالتا ہے حق کو
عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ ﴿48﴾	(وہ) پوشیدہ باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿48﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَقُوۡمُوۡا	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔	قُلۡ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
مَثۡنٰى	: ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
فُرَادٰى	: فرداً فرداً، افراد، انفرادی طور پر، مفرد۔	سَاَلۡتُكُمۡ	: سوال، سائل، مسئول۔
تَتَفَكَّرُوۡا	: فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔	عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نَذِيۡرٌ	: بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔	شَهِيۡدٌ	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
بَيۡنَ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	بِالۡحَقِّ	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔
يَدَىۡ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	عَلَّامُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
شَدِيۡدٍ	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔	الۡغُيُوۡبِ	: حاضر و غائب، علمِ غیب، غیبی امداد۔

اَنْ	تَقُوْمُوْا	لِلّٰهِ	مَثْنٰی	وَ	فُرَادٰی
یہ کہ	تم سب کھڑے ہو جاؤ	اللہ کے لیے	دو دو	اور	ایک ایک (کر کے)

ثُمَّ	تَتَفَكَّرُوْا ① قف	مَا	بِصَاحِبِكُمْ	مِّنْ جِنَّةٍ ②③ ط	اِنْ ④	هُوَ
پھر	تم سب غور کرو	نہیں	تمہارے (اس) ساتھی کو	کوئی جنون	نہیں (ہے)	وہ

اِلَّا	نَذِیْرٌ ②	لَّكُمْ ⑤	بَیْنَ یَدَیْ ⑥	عَذَابٍ شَدِیْدٍ ② (46)
مگر	ایک ڈرانے والا	تمہارے لیے	دو ہاتھوں کے درمیان (پہلے)	ایک سخت عذاب سے

قُلْ ⑦	مَا	سَاَلْتُكُمْ	مِّنْ اَجْرٍ ②③	فَهُوَ
آپ کہہ دیجیے	جو	میں نے مانگی ہو تم سے	کوئی اُجرت	تو وہ

لَكُمْ ⑤ ط	اِنْ ④	اَجْرِیَ	اِلَّا	عَلَى اللّٰهِ ج
تمہارے لیے (ہوئی)	نہیں	میری اُجرت	مگر	اللہ پر (ہی)

وَ	هُوَ	عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ	شَهِیْدٌ (47)	قُلْ ⑦	اِنَّ
اور	وہ	ہر چیز پر	گواہ	آپ کہہ دیجیے	بے شک

رَبِّیْ	یَقْذِفُ	بِالْحَقِّ ج	عَلَّامُ	الْغُیُوْبِ (48)
میرا رب	وہ ڈالتا ہے	حق کو	خوب جاننے والا	پوشیدہ باتیں

ضروری وضاحت

① تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اگر اسکے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑥ بَیْنَ کا ترجمہ درمیان اور یَدَیْ اصل میں یَدَیْنِ تھا جس کا ترجمہ دو ہاتھ ہے یعنی دو ہاتھوں کے درمیان مراد آگے یا پہلے ہے۔⑦ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق وکو گرایا گیا ہے۔

قُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ	آپ کہہ دیجیے حق آ گیا
وَمَا يُبۡدِئُ الۡبَاطِلُ	اور (معبود) باطل نہ پہلی مرتبہ (کچھ پیدا) کرسکتا ہے
وَمَا يُعِيۡدُ ﴿49﴾	اور نہ وہ دوبارہ (پیدا) کرے گا۔ ﴿49﴾
قُلۡ اِنۡ ضَلَلۡتُ فَاِنَّمَاۤ اَضِلُّ	کہہ دیجیے اگر میں گمراہ ہوا تو بیشک میں گمراہ ہوں گا
عَلٰى نَفۡسِىۡ ۚ	اپنی جان پر (یعنی گمراہی کا وبال مجھ پر ہی ہوگا)
وَاِنِ اهۡتَدَيۡتُ فَبِمَا	اور اگر میں نے ہدایت پائی تو اُسی وجہ سے ہے جو
يُوۡحِىۡۤ اِلَىَّ رَبِّىۡ ؕ	میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے
اِنَّهٗ سَمِيۡعٌ قَرِيۡبٌ ﴿50﴾	بلا شبہ وہ خوب سننے والا بہت قریب ہے۔ ﴿50﴾
وَلَوۡ تَرٰٓى	اور کاش آپ دیکھتے
اِذۡ فَزِعُوۡا	جب وہ گھبرائے ہوئے ہونگے
فَلَا فَوۡتَ	تو بچ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی
وَاُخِذُوۡا مِنۡ مَّكَانٍ قَرِيۡبٍ ۙ﴿51﴾	اور وہ پکڑ لیے جائیں گے قریب جگہ سے۔ ﴿51﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلۡ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	فَبِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يُبۡدِئُ	: ابتداء، ابتدائی، مبتدی طالب علم۔	يُوۡحِىۡۤ	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی، وحی غیر متلو۔
الۡبَاطِلُ	: حق و باطل، عقائد باطلہ۔	اِلَىَّ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يُعِيۡدُ	: اعادہ، عود کر آنا۔	سَمِيۡعٌ	: سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
ضَلَلۡتُ	: ضلالت و گمراہی۔	تَرٰٓى	: رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اُخِذُوۡا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
نَفۡسِىۡ	: نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔	مَّكَانٍ	: مکان، مکانات۔
اهۡتَدَيۡتُ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	قَرِيۡبٍ	: قرب، قریب، مقرب، تقرب۔

قُلْ	جَآءَ	الْحَقُّ ①	وَمَا	يُبْدِئُ	الْبَاطِلُ ①
آپ کہہ دیجیے	آ گیا	حق	اور نہ	وہ پہلی مرتبہ (پیدا) کرسکتا ہے	باطل

وَ	مَا	يُعِيْدُ ۝49	قُلْ	اِنْ	ضَلَلْتُ
اور	نہ	وہ دوبارہ (پیدا) کرے گا	آپ کہہ دیجیے	اگر	میں گمراہ ہوا

فَاِنَّمَآ ②	اَضِلُّ	عَلٰى نَفْسِيْ ③ ج	وَ	اِنِ ④	اهْتَدَيْتُ
تو بیشک صرف	میں گمراہ ہوں گا	اپنی جان پر	اور	اگر	میں نے ہدایت پائی

فَبِمَا ⑤	يُوْحِيْٓ	اِلَيَّ	رَبِّيْ ط	اِنَّهٗ
تو اُسی وجہ سے ہے جو	وہ وحی کرتا ہے	میری طرف	میرا رب	بلاشبہ وہ

سَمِيْعٌ	قَرِيْبٌ ۝50	وَ	لَوْ ⑥	تَرٰٓى
خوب سننے والا	بہت قریب (ہے)	اور	کاش	آپ دیکھتے

اِذْ	فَزِعُوْا ⑦	فَلَا	فَوْتَ
جب	وہ گھبرائے ہوئے ہونگے	تو کوئی نہیں	بچ نکلنے کی صورت (ہوگی)

وَ	اُخِذُوْا ⑦⑧	مِنْ مَّكَانٍ	قَرِيْبٍ ۝51 لا
اور	وہ سب پکڑ لیے جائیں گے	جگہ سے	قریب

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔② اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ يْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری یا اپنا، اپنی کیا جاتا ہے۔④ اِنْ کو اگلے لفظ سے ملانا ہو تو اسے زیر دیتے ہیں۔⑤ بِ کا
ترجمہ کبھی سے، ساتھ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑥ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔⑦ یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا
ہے یہاں ضرورتاً مستقبل کا ترجمہ کیا گیا ہے۔⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ	اور وہ کہیں گے ہم ایمان لے آئے اس پر
وَاَنّٰى لَهُمُ	اور کیسے (ممکن) ہوگا اُن کے لیے
التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۚۖ ﴿52﴾	(ایمان کا) حاصل کرنا (اتنی) دور جگہ سے۔ ﴿52﴾
وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ	حالانکہ یقیناً وہ انکار کرچکے اس کا اس سے پہلے
وَيَقْذِفُوْنَ	اور وہ (ظن کے تیر) پھینکتے رہے
بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿53﴾	بن دیکھے دور جگہ سے۔ ﴿53﴾
وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ	اور پردہ حائل کردیا جائے گا اُن کے درمیان
وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ	اور اُس کے درمیان جو وہ چاہیں گے
كَمَا فُعِلَ	جس طرح کیا گیا
بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۗ	ان جیسے لوگوں کے ساتھ اس سے پہلے
اِنَّهُمْ كَانُوْا	بے شک وہ تھے
فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿54﴾ ع	اضطراب ڈالنے والے شک میں۔ ﴿54﴾

ع 6/9/12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَّ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	بِالْغَيْبِ	: علمِ غیب، غیبی امداد۔
قَالُوْٓا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	حِيْلَ	: حائل، پردہ حائل، دیوار حائل۔
اٰمَنَّا	: ایمان، مومن، امن۔	بَيْنَهُمْ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَشْتَهُوْنَ	: شہوت، شہوات، اشتہا۔
مَّكَانٍ	: مکان، مکانات۔	كَمَا	: کماحقہ، کالعدم/ ماتحت، ماجرا۔
بَعِيْدٍ	: بُعد، بعید از قیاس۔	فُعِلَ	: فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	فِيْ	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	شَكٍّ	: شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔

وَّ ①	قَالُوْٓا ②	اٰمَنَّا	بِهٖ ج	وَ ①	اَنّٰى
اور	وہ سب کہیں گے	ہم ایمان لے آئے	اس پر	اور	کیسے (ہوگا)

لَهُمُ ③	التَّنَاوُشُ	مِنْ مَّكَانٍۭ	بَعِيْدٍ ﴿52﴾ صلے	وَّ ①	قَدْ ④
اُن کے لیے	حاصل کرنا	جگہ سے	دور	حالانکہ	یقیناً

كَفَرُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ ج	وَ ①	يَقْذِفُوْنَ
وہ سب انکار کر چکے	اس کا	(اس) سے پہلے	اور	وہ سب پھینکتے رہے

بِالْغَيْبِ ⑤	مِنْ مَّكَانٍۭ	بَعِيْدٍ ﴿53﴾	وَ ①	حِيْلَ ②⑥
بِن دیکھے	جگہ سے	دور	اور	(پردہ) حائل کر دیا جائے گا

بَيْنَهُمْ	وَ ①	بَيْنَ	مَا	يَشْتَهُوْنَ
اُن کے درمیان	اور	درمیان	(اُس کے) جو	وہ سب چاہیں گے

كَمَا	فُعِلَ ⑦	بِاَشْيَاعِهِمْ	مِّنْ قَبْلُ ط
جس طرح	کیا گیا	ان جیسے لوگوں کے ساتھ	(اس) سے پہلے

ع 6 9 12

اِنَّهُمْ ⑧	كَانُوْا	فِيْ شَكٍّ	مُّرِيْبٍ ﴿54﴾ ع
بے شک وہ	وہ سب تھے	شک میں	اضطراب ڈالنے والے

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی قسم یا حالانکہ بھی ہوتا ہے۔ ② یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے یہاں ضرورتاً مستقبل کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ ③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ④ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ حِيْلَ اصل میں حُوِلَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق وَ کو ی سے بدلا گیا ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ اِنَّ تاکید کی علامت ہے۔

اٰيَاتُهَا 45 | 35 سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ 43 | رُكُوْعَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	(ہر قسم کی) تعریف اللہ کے لیے ہے
فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	(جو) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے
جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا	فرشتوں کو قاصد بنانے والا ہے
اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ	(جو) دو دو اور تین تین اور چار چار پَروں والے ہیں
يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ	وہ اضافہ کرتا ہے مخلوق میں جو وہ چاہتا ہے
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿1﴾	بیشک اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿1﴾
مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ	اللہ لوگوں کے لیے جو کچھ کھول دے رحمت میں سے
فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ	تو نہیں ہے کوئی بند کرنے والا اُسکو اور جو وہ بند کر دے
فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ	تو نہیں ہے کوئی کھولنے والا اس کو اس کے بعد
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿2﴾	اور وہی بہت غالب نہایت حکمت والا ہے۔ ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْحَمْدُ	: حمد وثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔	الْخَلْقِ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اُولِيْٓ	: اولوالعزم، اولوالعلم۔	يَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
مَّثْنٰى	: ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
ثُلٰثَ	: ثلث، مثلث، تثلیث۔	قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
رُبٰعَ	: ربع، رباعی، آئمہ اربعہ۔	يَفْتَحِ	: افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
يَزِيْدُ	: زیادہ، مزید، زائد۔	مُمْسِكَ	: امساک۔
فِي	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	الْحَكِيْمُ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔

اٰيَاتُهَا 45 | 35 سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ 43 | رُكُوْعَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ ①	وَ	الْاَرْضِ
(ہر قسم کی) تعریف	اللہ کے لیے (ہے)	پیدا کرنے والا	آسمانوں	اور	زمین (کا)

جَاعِلِ ②	الْمَلٰٓئِكَةِ ③	رُسُلًا	اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ ③④	مَّثْنٰى
بنانے والا (ہے)	فرشتوں (کو)	قاصد	(جو) پَروں والے (ہیں)	دو دو

وَ	ثُلٰثَ	وَ	رُبٰعَ ؕ	يَزِيْدُ	فِي الْخَلْقِ	مَا	يَشَآءُ ؕ
اور	تین تین	اور	چار چار	وہ اضافہ کرتا ہے	مخلوق میں	جو	وہ چاہتا ہے

اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ⑤ (1)	مَا	يَفْتَحِ	اللّٰهُ
بیشک	اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا	جو	وہ کھول دے	اللہ

لِلنَّاسِ	مِنْ رَّحْمَةٍ ①	فَلَا	مُمْسِكَ ⑥	لَهَا ج	وَ	مَا	يُمْسِكْ ۙ
لوگوں کے لیے	رحمت میں سے	تو نہیں کوئی	بند کرنے والا	اُس کو	اور	جو	وہ بند کر دے

فَلَا مُرْسِلَ ⑥	لَهٗ	مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ ⑦	وَ هُوَ الْعَزِيْزُ ⑤⑧	الْحَكِيْمُ ⑤ (2)
تو نہیں کوئی کھولنے والا	اس کو	اس کے بعد	اور وہی بہت غالب	نہایت حکمت والا (ہے)

ضروری وضاحت

① ات اور ة مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
③ الْمَلٰٓئِكَةِ اور اَجْنِحَةٍ دونوں کے آخر میں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ④ اُولِيْ اور اُولُوْ جمع مذکر کی علامتیں ہیں اور
ترجمہ والے ہے۔ ⑤ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ
کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑦ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑧ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذۡكُرُوۡا	اے لوگو یاد کرو
نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ ؕ	اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر
هَلۡ مِنۡ خَالِقٍ غَيۡرُ اللّٰهِ	کیا کوئی (اور) خالق ہے اللہ کے سوا
يَرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ ؕ	(جو) رزق دیتا ہو تمہیں آسمان اور زمین سے
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ	نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی
فَاَنّٰى تُؤۡفَكُوۡنَ ﴿3﴾	تو کہاں تم بہکاتے جاتے ہو۔ ﴿3﴾
وَاِنۡ يُّكَذِّبُوۡكَ فَقَدۡ كُذِّبَتۡ	اور اگر وہ جھٹلاتے ہیں آپکو تو یقیناً جھٹلائے جا چکے
رُسُلٌ مِّنۡ قَبۡلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ	کئی رسول آپ سے پہلے، اور اللہ ہی کی طرف
تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿4﴾	سب معاملات لوٹائے جاتے ہیں۔ ﴿4﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ	اے لوگو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے
فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا ۥ وقفة	تو ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے تمہیں دنیوی زندگی،
وَلَا يَغُرَّنَّكُمۡ	اور ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النَّاسُ	عوام الناس، بعض الناس۔	قَبۡلِكَ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
اذۡكُرُوۡا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	تُرۡجَعُ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
نِعۡمَتَ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	الۡاُمُوۡرُ	امر، آمر، مامور، امور۔
عَلَيۡكُمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	وَعۡدَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
خَالِقٍ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	حَقٌّ	حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
غَيۡرُ	دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔	تَغُرَّنَّكُمۡ	غرور، مغرور۔
السَّمَآءِ	کتب سماویہ، ارض و سما۔	الۡحَيٰوةُ	موت و حیات، حیاتی مماتی، حیات جاوداں۔
يُّكَذِّبُوۡكَ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	الدُّنۡيَا	دنیا و آخرت، دین و دنیا، دنیا داری۔

يٰٓاَيُّهَا ①	النَّاسُ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتَ اللّٰهِ ②	عَلَيْكُمْ ؕ
اے	لوگو	تم سب یاد کرو	اللہ کی نعمت کو	اپنے اوپر

هَلْ	مِنْ خَالِقٍ ③	غَيْرُ اللّٰهِ	يَرْزُقُكُمْ ④
کیا	کوئی (اور) خالق (ہے)	اللہ کے سوا	وہ رزق دیتا ہو تمہیں

مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ ؕ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ ۖ
آسمان سے	اور	زمین (سے)	نہیں کوئی معبود	مگر وہی

فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ ⑤ ۝3	وَ	اِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ
تو کہاں	تم سب بہکاتے جاتے ہو	اور	اگر	وہ سب جھٹلاتے ہیں آپ کو	تو یقیناً

كُذِّبَتْ ⑥⑦	رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِكَ ؕ	وَ	اِلَى اللّٰهِ
جھٹلائے جا چکے	کئی رسول	آپ سے پہلے	اور	اللہ (ہی) کی طرف

تُرْجَعُ ⑤	الْاُمُوْرُ ۝4	يٰٓاَيُّهَا ①	النَّاسُ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ
لوٹائے جاتے ہیں	سب معاملات	اے	لوگو	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا (ہے)

فَلَا	تَغُرَّنَّكُمُ ④⑥	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ⑥ وقفة	وَلَا	يَغُرَّنَّكُمْ ④
تو نہ	دھوکے میں ڈالے تمہیں	دنیوی زندگی	اور نہ	وہ ہرگز دھوکے میں ڈالے تمہیں

ضروری وضاحت

① یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے اَیُّھَا صرف وہاں آتا ہے جہاں بعد والے اسم کے شروع میں اَلْ ہو۔ ② قرآنی کتابت میں ۃ کو ت سے بدل کر لکھا گیا ہے یہ اصل میں نِعْمَةَ تھا۔ ③ یہاں مِنْ کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ④ کُمْ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ تْ، ت اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿5﴾	اللہ کے بارے میں بڑا دھوکے باز (شیطان)۔ ﴿5﴾
اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ	بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے
فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ	تو تم (بھی) اُسے (اپنا) دشمن سمجھو
اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ	بیشک صرف وہ تو (اس لیے) بلاتا ہے اپنے گروہ کو
لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿6﴾ؕ	تا کہ وہ ہو جائیں اہلِ جہنم میں سے۔ ﴿6﴾
اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	(وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ۬	اُن کے لیے سخت عذاب ہے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اور (وہ لوگ) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور اُنہوں نے نیک عمل کیے
ع 1/7/13 لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿7﴾ع	اُن کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔ ﴿7﴾
اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ	تو (بھلا) کیا (وہ شخص) جو (کہ) مزین کیا گیا اُسکے لیے
سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	اُس کا بُرا عمل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْغَرُوْرُ	: غرور، مغرور۔	اٰمَنُوْا	: ایمان، مومن، امن۔
عَدُوٌّ	: عدوّ، اعداء، عداوت۔	عَمِلُوْا	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
فَاتَّخِذُوْهُ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	الصّٰلِحٰتِ	: اصلاح، اعمال صالحہ۔
يَدْعُوْا	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	مَّغْفِرَةٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللّٰہ۔
حِزْبَهٗ	: حزب اختلاف، حزب اللّٰہ، حزب الشیطان۔	اَجْرٌ	: اجر، اجر و ثواب، اجرت۔
اَصْحٰبِ	: اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔	كَبِيْرٌ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	زُيِّنَ	: زینت، مزین، تزئین و آرائش۔
شَدِيْدٌ	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔	سُوْٓءُ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔

بِاللّٰهِ ①	الْغَرُوْرُ ② ⁽⁵⁾	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لَكُمْ ③	عَدُوٌّ
اللہ کے بارے میں	بڑا دھوکے باز	بے شک	شیطان	تمہارا لیے	دشمن

فَاتَّخِذُوْهُ ④	عَدُوًّا ؕ	اِنَّمَا ⑤	يَدْعُوْا	حِزْبَهٗ
توتم سب سمجھو اُسے	دشمن	بے شک صرف	وہ (تو) بلاتا ہے	اپنے گروہ (کو)

لِيَكُوْنُوْا ⑥	مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ؕ ⁽⁶⁾	اَلَّذِيْنَ
تا کہ وہ سب ہو جائیں	بھڑکتی آگ والوں میں سے	وہ (لوگ) جن

كَفَرُوْا	لَهُمْ ③	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ ؕ۵
سب نے کفر کیا	اُن کے لیے	عذاب	سخت

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
اور	(وہ) جو	سب ایمان لائے	اور	اُنہوں نے عمل کیے	نیک

ع 1 7 13

لَهُمْ ③	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ ع ⁽⁷⁾
اُن کے لیے	مغفرت	اور	اجر	بہت بڑا

اَ ⑦	فَمَنْ	زُيِّنَ ⑧	لَهٗ	سُوْٓءُ	عَمَلِهٖ
کیا	تو جو	(کہ) مزین کیا گیا	اُس کے لیے	بُرا	اُس کا عمل

ضروری وضاحت

①بِ کا ترجمہ کے بارے میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لَكُمْ اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا الف گر جاتا ہے۔⑤ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔⑦ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ	پس وہ اُسے اچھا سمجھے (وہ ہدایت یافتہ شخص جیسا ہو سکتا ہے)
فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ	پس بے شک اللہ گمراہ کرتا ہے جسے وہ چاہتا ہے
وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ	اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے
فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ	تو نہ جاتی رہے آپ کی جان
عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ	اُن پر افسوس کرتے ہوئے
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ	بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے
بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿8﴾	(اُس) کو جو وہ کرتے ہیں۔ ﴿8﴾
وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ	اور اللہ ہی ہے جس نے ہواؤں کو بھیجا
فَتُثِيْرُ سَحَابًا	پھر وہ اُٹھاتی ہیں بادل کو
فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ	پھر ہم لے جاتے ہیں اُسے ایک مُردہ شہر کی طرف
فَاَحْيَيْنَا بِهِ	پھر ہم زندہ کر دیتے ہیں اُس کے ذریعے سے
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ	زمین کو اُس کے مُردہ ہونے کے بعد

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَرَاٰهُ	: رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	عَلِيْمٌۢ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
حَسَنًا	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	يَصْنَعُوْنَ	: صنعت وتجارت، صنعتی شہر، مصنوعی۔
يُضِلُّ	: ضلالت وگمراہی۔	اَرْسَلَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	الرِّيٰحَ	: ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
يَهْدِيْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	بَلَدٍ	: بلدیہ، بلدیات، طول بلد۔
نَفْسُكَ	: نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔	مَّيِّتٍ	: موت وحیات، سماعِ موتیٰ، میت۔
عَلَيْهِمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	فَاَحْيَيْنَا	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
حَسَرٰتٍ	: حسرت، حسرتیں۔	الْاَرْضَ	: ارض وسما، قطعہ اَراضی، ارض مقدس۔

فَرَاٰهُ ①②	حَسَنًا ؕ	فَاِنَّ ①③	اللّٰهَ	يُضِلُّ
پس وہ دیکھے اُسے	اچھا	پس بے شک	اللہ	وہ گمراہ کرتا ہے

مَنْ ④	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ ④	يَّشَآءُ ۖ ز
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

فَلَا	تَذْهَبْ ⑤	نَفْسُكَ	عَلَيْهِمْ	حَسَرٰتٍ ⑤ ؕ
تو نہ	جاتی رہے	آپ کی جان	اُن پر	افسوس کرتے ہوئے

اِنَّ ③	اللّٰهَ	عَلِيْمٌۢ ⑥	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ ﴿8﴾
بے شک	اللہ	خوب جاننے والا	(اُس) کو جو	وہ سب کرتے ہیں

وَ	اللّٰهُ	الَّذِيْٓ ⑦	اَرْسَلَ	الرِّيٰحَ ⑧
اور	اللہ (ہی ہے)	جس نے	بھیجا	ہواؤں (کو)

فَتُثِيْرُ ⑤	سَحَابًا ⑧	فَسُقْنٰهُ ①②	اِلٰى بَلَدٍ	مَّيِّتٍ
پھر وہ اُٹھاتی ہیں	بادل (کو)	پھر ہم لے جاتے ہیں اُسے	ایک شہر کی طرف	مُردہ

فَاَحْيَيْنَا ①	بِهِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ
پھر ہم زندہ کر دیتے ہیں	اُس (کے ذریعے) سے	زمین (کو)	اُس کے مُردہ ہونے کے بعد

ضروری وضاحت

①فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔②ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔③اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔④مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑤تَ اور اتْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔⑦اَلَّذِيْ واحد مذکر کی اور اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہوتی ہے۔⑧فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ﴿9﴾	اسی طرح (ہوگا) دوبارہ اُٹھایا جانا۔ ﴿9﴾
مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ	جو شخص عزّت چاہتا ہے
فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ	تو عزّت تو سب کی سب اللہ کے لیے ہے
اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ	اُسی کی طرف چڑھتے ہیں پاکیزہ کلمات
وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ	اور نیک عمل اُسے بلند کرتا ہے، اور جو لوگ
يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ	(آپکو ستانے کے لیے) بُرائیوں کی خفیہ تدبیر کرتے ہیں
لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ	اُن کے لیے سخت عذاب ہے،
وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ﴿10﴾	اور اُن لوگوں کی چال وہی برباد ہوگی۔ ﴿10﴾
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ	اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا (پہلے) مٹی سے
ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ	پھر (تمہاری نسل) ایک قطرے سے
ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ	پھر اُس نے بنایا تمہیں جوڑا جوڑا (یعنی ایک مَرد ایک عورت)
وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى	اور نہیں حاملہ ہوتی کوئی مادہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنَ الشَّجَرِ الۡاَخۡضَرِ نَارًا	سرسبز درخت سے آگ
فَاِذَاۤ اَنۡتُمۡ مِّنۡهُ تُوۡقِدُوۡنَ ﴿80﴾	پھر یکایک تم اس سے آگ جلاتے ہو۔ ﴿80﴾
اَوَلَـيۡسَ الَّذِىۡ خَلَقَ	اور (بھلا) کیا نہیں ہے وہ جس نے پیدا کیا
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى	آسمانوں اور زمین کو قادر اس بات پر
اَنۡ يَّخۡلُقَ مِثۡلَهُمۡ ؕ بَلٰی ق	کہ وہ پیدا کرے ان جیسے (اور انسان) ہاں کیوں نہیں
وَهُوَ الۡخَـلّٰقُ الۡعَلِيۡمُ ﴿81﴾	اور وہی خوب پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہے ﴿81﴾
اِنَّمَاۤ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيۡـئًا	بیشک صرف اسکا حکم جب وہ ارادہ کرتا ہے کسی چیز کا
اَنۡ يَّقُوۡلَ لَهٗ	(یہ ہوتا ہے) کہ وہ کہتا ہے اس کو
كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿82﴾	ہوجا، تو وہ ہوجاتا ہے۔ ﴿82﴾
فَسُبۡحٰنَ الَّذِىۡ بِيَدِهٖ	سو پاک ہے (وہ ذات) جس کے ہاتھ میں
مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَىۡءٍ	ہر چیز کی بادشاہی ہے۔
وَّاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ع ﴿83﴾	اور اس کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

وقفٌ غفران

ع 5 16 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الشَّجَرِ	حجر و شجر، شجر کاری مہم، شجر ممنوعہ۔	اَرَادَ	ارادہ، مرید، مراد۔
الۡاَخۡضَرِ	گنبدِ خضریٰ۔	شَيۡـئًا	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
نَارًا	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	يَّقُوۡلَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض و سماء۔	فَسُبۡحٰنَ	سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
الۡاَرۡضَ	ارض و سماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	بِيَدِهٖ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
بِقٰدِرٍ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	مَلَكُوۡتُ	ملک، ملوکیت، مملکت۔
عَلٰٓى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	شَىۡءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
اَمۡرُهٗۤ	امر، آمر، مامور، امور۔	تُرۡجَعُوۡنَ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

مِّنَ الشَّجَرِ الۡاَخۡضَرِ	نَارًا	فَاِذَآ ①	اَنۡتُمۡ	مِّنۡهُ	تُوۡقِدُوۡنَ ﴿80﴾
سرسبز درخت سے	آگ	پھر یکایک	تم	اس سے	تم سب آگ جلاتے ہو

اَوَلَيۡسَ	الَّذِیۡ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضَ
اور (بھلا) کیا نہیں	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین (کو)

بِقٰدِرٍ ②	عَلٰۤی	اَنۡ	يَّخۡلُقَ	مِثۡلَهُمۡ ؕ	بَلٰی ۚ	وَ
قادر	(اس بات) پر	کہ	وہ پیدا کرے	ان کی مثل	ہاں کیوں نہیں	اور

هُوَ الۡخَلّٰقُ ③④	الۡعَلِيۡمُ ④ ﴿81﴾	اِنَّمَاۤ	اَمۡرُهٗۤ	اِذَاۤ ①
وہی سب کچھ پیدا کرنے والا	سب کچھ جاننے والا ہے	بیشک صرف	اسکا حکم	جب

اَرَادَ	شَيۡـئًا ⑤	اَنۡ	يَّقُوۡلَ	لَهٗ	كُنۡ
وہ ارادہ کرتا ہے	کسی چیز کا	(یہ ہوتا ہے) کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہوجا

فَيَكُوۡنُ ⑥ ﴿82﴾	فَسُبۡحٰنَ ⑥	الَّذِیۡ ⑦	بِيَدِهٖ
تو وہ ہوجاتی ہے	سو پاک ہے	(وہ ذات) جو	اُس کے ہاتھ میں

مَلَكُوۡتُ	كُلِّ شَىۡءٍ	وَّ ⑧	اِلَيۡهِ	تُرۡجَعُوۡنَ ⑨ ﴿83﴾ ع
بادشاہی (ہے)	ہر چیز (کی)	اور	اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے۔

وقف غفران

ع 16 5/4

ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک یا یکایک کیا جاتا ہے۔ ② یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ هُوَ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں وہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اَلۡخَلّٰقُ اور اَلۡعَلِيۡمُ دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، سو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ⑦ اَلَّذِیۡ واحد مذکر اور اَلَّذِيۡنَ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ⑧ وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔ ⑨ تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

رُكُوعَاتُهَا 5 | 37 سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ 56 | اٰيَاتُهَا 182

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ	قسم ہے صف باندھنے والی (جماعتوں) کی
صَفًّا ۙ﴿1﴾	خوب صف باندھنا۔ ﴿1﴾
فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿2﴾	پھر ان کی جو ڈانٹنے والی ہیں زبردست ڈانٹنا۔ ﴿2﴾
فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿3﴾	پھر انکی جو تلاوت کرنے والی ہیں ذکر (یعنی قرآن) کی ﴿3﴾
اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۗ﴿4﴾	بے شک تمہارا معبود یقیناً ایک ہے۔ ﴿4﴾
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	(وہی) آسمانوں اور زمین کا رب ہے
وَمَا بَيْنَهُمَا	اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے
وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۗ﴿5﴾	اور تمام مشرقوں کا رب ہے۔ ﴿5﴾
اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا	بے شک ہم نے مزین کیا دنیوی آسمان کو
بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ﴿6﴾	ستاروں کی زینت سے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الصّٰٓفّٰتِ : صف بندی، صف اوّل۔
فَالزّٰجِرٰتِ : زجر و توبیخ۔
فَالتّٰلِيٰتِ : تلاوت، وحی متلو۔
اِلٰهَكُمْ : الٰہ العالمین، الوہیت، یا الٰہی۔
لَوَاحِدٌ : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔
الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
بَيْنَهُمَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، قول و اقرار۔
رَبُّ : رب تعالیٰ، رب العالمین، مربی۔
الْمَشَارِقِ : مشرق و مغرب، شرق و غرب۔
زَيَّنَّا : زیب و زینت، مزیّن، تزئین و آرائش۔
السَّمَآءَ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔
الدُّنْيَا : دنیا و آخرت، دین و دنیا، دنیاداری۔
بِزِيْنَةِ : زیب و زینت، مزیّن، تزئین و آرائش۔
الْكَوَاكِبِ : کوکب، کواکب۔

اٰیَاتُھَا 182 — 37 سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مَکِّیَّۃٌ 56 — رُکُوْعَاتُھَا 5

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ ①	الصّٰٓفّٰتِ ②③	صَفًّا ۙ ①	فَالزّٰجِرٰتِ ②③④
قسم ہے	صف باندھنے والی (جماعتوں) کی	خوب صف باندھنا	پھر (ان کی جو) ڈانٹنے والی ہیں

زَجۡرًا ۙ ②	فَالتّٰلِیٰتِ ②③④	ذِکۡرًا ۙ ③
زبردست ڈانٹنا	پھر (ان کی جو) تلاوت کرنے والی ہیں	ذکر (یعنی قرآن کی)

اِنَّ ⑤	اِلٰـھَکُمۡ	لَوَاحِدٌ ⑥ ؕ ④	رَبُّ
بیشک	تمہارا معبود	یقیناً ایک ہے	رب

السَّمٰوٰتِ ②	وَ ①	الۡاَرۡضِ	وَ ①	مَا	بَیۡنَھُمَا
آسمانوں (کا)	اور	زمین (کا)	اور	جو (کچھ)	ان دونوں کے درمیان

وَ ①	رَبُّ	الۡمَشَارِقِ ؕ ⑤	اِنَّا ⑦
اور	رب	تمام مشرقوں کا	بے شک ہم نے

زَیَّنَّا	السَّمَآءَ الدُّنۡیَا	بِزِیۡنَۃِ ۣ الۡکَوَاکِبِ ۙ ⑥
ہم نے مزین کیا	دنیاوی آسمان (کو)	ایک آرائش (یعنی) ستاروں سے

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔② ات اور ۃ اسم کے ساتھ مؤنث کی علامات ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ الصّٰٓفّٰتِ فَالزّٰجِرٰتِ فَالتّٰلِیٰتِ سے مراد فرشتے ہیں یا مجاہدین اور نمازیوں کی جماعتیں ہیں۔④ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، سو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑤ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥ علامت لَ اسم، فعل، حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

وَحِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿7﴾	اور ہر سرکش شیطان سے حفاظت کے لیے۔﴿7﴾
لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰى	وہ کان نہیں لگا سکتے اوپر کی مجلس کی طرف
وَيُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ ۖ﴿8﴾	اور ہر جانب سے (ان پر انگارے) پھینکے جاتے ہیں۔﴿8﴾
دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ﴿9﴾	بھگانے کے لیے اور انکے لیے دائمی عذاب ہے﴿9﴾
اِلَّا مَنۡ خَطِفَ الۡخَطۡفَةَ	مگر جو کوئی اچانک اچک لے جھٹ سے
فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿10﴾	تو پیچھا کرتا ہے اس کا ایک چمکتا ہوا شعلہ۔﴿10﴾
فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَهُمۡ	پس آپ پوچھیے ان (کافروں) سے کیا وہ
اَشَدُّ خَلۡقًا	زیادہ سخت (مشکل) ہیں پیدا کرنے کے لحاظ سے
اَمۡ مَّنۡ خَلَقۡنَا	یا (وہ) جنہیں ہم نے پیدا کیا
اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ﴿11﴾	بیشک ہم نے پیدا کیا ان (انسانوں) کو لیس دار مٹی سے۔﴿11﴾
بَلۡ عَجِبۡتَ	بلکہ آپ نے (انکے انکارِ آخرت پر) تعجب کیا
وَيَسۡخَرُوۡنَ ۖ﴿12﴾	اور وہ مذاق اڑاتے ہیں۔﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حِفۡظًا : حافظ، محافظ، حفاظت، تحفظ۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسَّمَّعُوۡنَ : سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الۡاَعۡلٰى : اعلیٰ وارفع، اعلیٰ مقام، علوّ ومنزلت ۔
جَانِبٍ : جانب، جانبین، منجانب، عقبی جانب۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
فَاَتۡبَعَهٗ : اتباع، تابع، متبع سنت۔

شِهَابٌ : شہاب ثاقب۔
فَاسۡتَفۡتِهِمۡ : فتویٰ، مفتی، دالافتاء، استفتاء۔
اَشَدُّ : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
خَلۡقًا : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
مِّنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
بَلۡ : بلکہ۔
عَجِبۡتَ : عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
يَسۡخَرُوۡنَ : تمسخر اڑانا، مسخرہ پن۔

وَ	حِفْظًا	مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ⑦ ج	لَا يَسَّمَّعُوْنَ ①
اور	حفاظت (کے لیے)	ہر سرکش شیطان سے	نہیں وہ سب کان لگا سکتے

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	وَ	يُقْذَفُوْنَ ②	مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ⑧ صلے
اوپر کی مجلس کی طرف	اور	وہ سب پھینکے جاتے ہیں	ہر جانب سے

دُحُوْرًا	وَّ لَهُمْ ③	عَذَابٌ	وَّاصِبٌ ⑨ لا	اِلَّا	مَنْ ④	خَطِفَ
بھگانے (کے لیے)	اور ان کے لیے	عذاب	دائمی	مگر	جو	اچک لے

الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ⑤	ثَاقِبٌ ⑩	فَاسْتَفْتِهِمْ
جھٹ سے	تو پیچھا کرتا ہے اسکا	ایک شعلہ	چمکتا ہوا	پس آپ پوچھیے ان (کافروں) سے

اَ	هُمْ	اَشَدُّ ⑥	خَلْقًا	اَمْ ⑦	مَّنْ ④	خَلَقْنَا ط
کیا	وہ	زیادہ سخت ہیں	پیدا کرنے (کے لحاظ سے)	یا (وہ)	جنہیں	ہم نے پیدا کیا

اِنَّا ⑧	خَلَقْنٰهُمْ	مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ⑪
بے شک ہم نے	ہم نے پیدا کیا ان کو	لیس دار مٹی سے

بَلْ	عَجِبْتَ	وَ	يَسْخَرُوْنَ ⑫ ص
بلکہ	آپ نے تعجب کیا	اور	وہ سب مذاق اڑاتے ہیں

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔② یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَشَدَّ کے اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑦ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔⑧ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

وَ اِذَا ذُكِّرُوْا	اور جب وہ نصیحت کیے جائیں
لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿13﴾ وَ اِذَا	(تو) وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ ﴿13﴾ اور جب
رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿14﴾	وہ کوئی نشانی دیکھیں (تو) وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ ﴿14﴾
وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿15﴾	اور وہ کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر ایک واضح جادو۔ ﴿15﴾
ءَ اِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا	کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم ہو جائیں گے مٹی
وَّعِظَامًا ءَ اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿16﴾	اور ہڈیاں کیا بیشک ہم واقعی اٹھائے جانیوالے ہیں ﴿16﴾
اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿17﴾	اور (بھلا) کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)۔ ﴿17﴾
قُلْ نَعَمْ وَ اَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿18﴾	کہہ دیجیے ہاں اور تم ذلیل وخوار ہو گے۔ ﴿18﴾
فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ	سو بیشک صرف وہ ایک ہی ڈانٹ (زور کی آواز) ہو گی
فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿19﴾	تو اچانک وہ (زندہ ہو کر) دیکھ رہے ہوں گے۔ ﴿19﴾
وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا	اور وہ کہیں گے ہائے ہماری بربادی
هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿20﴾	یہ (تو) جزا کا دن ہے۔ ﴿20﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذُكِّرُوْا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	مِتْنَا	موت وحیات، حیاتی مماتی۔
رَاَوْا	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	تُرَابًا	تربت، ابوتراب۔
اٰيَةً	آیت، آیات قرآنی۔	لَمَبْعُوْثُوْنَ	بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
قَالُوْٓا	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اٰبَآؤُنَا	آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
هٰذَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس، حامل رقعہ ہٰذا۔	الْاَوَّلُوْنَ	اوّل وآخر، اوّل انعام، اوّل پوزیشن۔
اِلَّا	اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	وَّاحِدَةٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
سِحْرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	يَنْظُرُوْنَ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔

وَ اِذَا ①	ذُكِّرُوْا ②	لَا	يَذْكُرُوْنَ ﴿13﴾	وَ اِذَا ①
اور جب	وہ سب نصیحت کیے جائیں	(تو) نہیں	وہ سب نصیحت قبول کرتے	اور جب

رَاَوْا	اٰيَةً	يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿14﴾	وَقَالُوْٓا ③
وہ سب دیکھیں	کوئی نشانی	(تو) وہ سب مذاق اڑاتے ہیں	اور وہ سب کہتے ہیں

اِنْ ④	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ ﴿15﴾	ءَ اِذَا ①	مِتْنَا
نہیں	یہ	مگر	ایک جادو	واضح	کیا جب	ہم مر جائیں گے

وَكُنَّا ③	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَ اِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿16﴾
اور ہم ہو جائیں گے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا بیشک ہم	واقعی سب اٹھائے جانیوالے

اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿17﴾ ⑤	قُلْ ⑥	نَعَمْ	وَاَنْتُمْ
اور کیا	ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)	آپ کہہ دیجیے	ہاں	اور تم

دَاخِرُوْنَ ﴿18﴾	فَاِنَّمَا ⑦	هِيَ	زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا
سب ذلیل و خوار ہونیوالے (ہو)	سو بیشک صرف	وہ	ایک ہی ڈانٹ (ہوگی)	تو اچانک (زندہ ہوکر)

هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿19﴾ ⑧	وَقَالُوْا ③	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿20﴾
وہ سب دیکھ رہے ہوں گے	اور وہ سب کہیں گے	ہائے ہماری بربادی	یہ (تو)	جزا کا دن (ہے)

ضروری وضاحت

①اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک یا یکا یک کیا جاتا ہے۔②فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ حال اور مستقبل میں کیا گیا ہے۔④اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے قواعد کی رو سے وَ کو گرایا گیا ہے۔⑦اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ	یہی فیصلے کا دن ہے
الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿21﴾	(وہ) جو تھے تم اس کا انکار کرتے۔﴿21﴾
اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ	(فرشتوں سے کہا جائے گا) اکٹھا کرو (ان لوگوں کو) جنہوں نے
ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ	ظلم کیا اور ان کے جوڑوں کو
وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿22﴾	اور (ان کو) جن کی وہ عبادت کرتے تھے۔﴿22﴾
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ	اللہ کے سوا پھر لے چلو انہیں
اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿23﴾	جہنم کے راستے کی طرف۔﴿23﴾
وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ	اور (ابھی) ٹھہراؤ انہیں بے شک یہ
مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿24﴾ مَا لَكُمْ	سوال کیے جانے والے ہیں۔﴿24﴾ کیا ہے تمہیں
لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿25﴾	تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔﴿25﴾
بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿26﴾	بلکہ وہ آج فرمانبردار ہیں۔﴿26﴾
وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	اور متوجہ ہوگا ان کا بعض بعض پر (یعنی ایک دوسرے کی طرف)

ع 21/5 — الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمُ : یوم، ایام، یوم آخرت۔	اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْفَصْلِ : فیصلہ، فیصل۔	صِرَاطِ : صراط مستقیم، پل صراط۔
تُكَذِّبُوْنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	وَقِفُوْهُمْ : وقف، وقفہ، موقوف۔
اُحْشُرُوا : حشر، روزِ محشر، حشر و نشر۔	مَّسْئُوْلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
اَزْوَاجَهُمْ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	تَنَاصَرُوْنَ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	الْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
يَعْبُدُوْنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت، عباد الرحمن۔	مُسْتَسْلِمُوْنَ : تسلیم و رضا، سلامتی، اسلام۔
فَاهْدُوْهُمْ : ہدایت، ہادی برحق، ہادئ کائنات۔	اَقْبَلَ : قبول، قبولیت، مقبول، اقبال۔

هٰذَا	يَوۡمُ الۡفَصۡلِ	الَّذِيۡ ①	كُنۡتُمۡ	بِهٖ	تُكَذِّبُوۡنَ ﴿21﴾ ع
یہی	فیصلے کا دن (ہے)	(وہ) جو	تھے تم	اس کا	تم سب انکار کرتے

اُحۡشُرُوۡا ②	الَّذِيۡنَ ①	ظَلَمُوۡا	وَ	اَزۡوَاجَهُمۡ ③
تم سب اکٹھا کرو	(ان لوگوں کو) جن	سب نے ظلم کیا	اور	ان کے جوڑوں کو

وَ	مَا ④	كَانُوۡا	يَعۡبُدُوۡنَ ﴿22﴾ لا	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ⑤
اور	(ان کو) جن کی	وہ سب تھے	وہ سب عبادت کرتے	اللہ کے سوا

فَاهۡدُوۡهُمۡ ③	اِلٰى صِرَاطِ الۡجَحِيۡمِ ﴿23﴾ الربع	وَ	قِفُوۡهُمۡ ③
پھر تم لے چلو انہیں	جہنم کے راستے کی طرف	اور	تم سب ٹھہراؤ انہیں

اِنَّهُمۡ	مَّسۡـُٔوۡلُوۡنَ ⑥ ﴿24﴾ لا	مَا	لَـكُمۡ	لَا تَنَاصَرُوۡنَ ⑦ ﴿25﴾
بیشک وہ	سب سوال کیے جانیوالے (ہیں)	کیا (ہے)	تم کو	تم سب ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے

بَلۡ	هُمُ	الۡيَوۡمَ	مُسۡتَسۡلِمُوۡنَ ﴿26﴾
بلکہ	وہ	آج	سب فرمانبردار (ہیں)

وَ	اَقۡبَلَ	بَعۡضُهُمۡ ③	عَلٰى بَعۡضٍ
اور	متوجہ ہوگا	ان کا بعض	بعض پر (یعنی ایک دوسرے کی طرف)

ضروری وضاحت

① الَّذِيۡ واحد مذکر اور الَّذِيۡنَ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ② فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وا ہو تو اس میں حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ هُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ لفظ دُوۡنَ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑥ مَفۡعُوۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا جانے والے کا مفہوم ہے۔ ⑦ اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿27﴾	ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔ ﴿27﴾
قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا	وہ کہیں گے بے شک تم آتے تھے ہمارے پاس
عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿28﴾	دائیں (اور بائیں) طرف سے۔ ﴿28﴾
قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا	وہ (لیڈر جواباً) کہیں گے بلکہ تم (خود ہی) نہیں تھے
مُؤْمِنِيْنَ ﴿29﴾	ایمان لانے والے۔ ﴿29﴾
وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ	اور نہیں تھا ہمارا تم پر کوئی زور
بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿30﴾	بلکہ تم (خود) تھے حد سے بڑھنے والے لوگ۔ ﴿30﴾
فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ	سو ثابت ہو چکی ہم پر ہمارے رب کی بات
اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿31﴾	بے شک ہم ضرور چکھنے والے ہیں (عذاب)۔ ﴿31﴾
فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا	پس ہم نے گمراہ کیا تمہیں بلاشبہ ہم تھے
غٰوِيْنَ ﴿32﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ	(خود بھی) گمراہ۔ ﴿32﴾ پس بے شک وہ اس دن
فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿33﴾	عذاب میں مشترک ہوں گے۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّتَسَآءَلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
قَالُوْٓا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
الْيَمِيْنِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
بَلْ : بلکہ۔
مُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
سُلْطٰنٍ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
قَوْمًا : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
طٰغِيْنَ : طاغوت، طغیانی، طاغوتی نظام۔
فَحَقَّ : حق وباطل، حقیقت، حق گوئی۔
رَبِّنَآ : ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔
لَذَآئِقُوْنَ : ذائقہ، خوش ذائقہ، بد ذائقہ۔
فَاَغْوَيْنٰكُمْ : مغوی، اغوا، اغوا کار۔
يَوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
مُشْتَرِكُوْنَ : مشترک، اشتراک، شراکت۔

يَتَسَآءَلُوْنَ ① (27)	قَالُوْٓا ②	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ
وہ ایک دوسرے سے سوال کریں گے	وہ سب کہیں گے	بے شک تم	تھے تم

تَاْتُوْنَنَا	عَنِ الْيَمِيْنِ (28)	قَالُوْٓا ②	بَلْ
تم سب آتے ہمارے پاس	دائیں (اور بائیں) طرف سے	وہ سب (جواباً) کہیں گے	بلکہ

لَّمْ تَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ (29) ج	وَمَا	كَانَ ③	لَنَا ④
تم سب (خود ہی) نہیں تھے	سب ایمان لانے والے	اور نہیں	تھا	ہمارے لیے

عَلَيْكُمْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ ج ⑤⑥	بَلْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا
تم پر	کوئی زور	بلکہ	تم (خود) تھے	لوگ

طٰغِيْنَ (30)	فَحَقَّ	عَلَيْنَا	قَوْلُ رَبِّنَآ صلے	اِنَّا ⑦
سب حد سے بڑھنے والے	سو ثابت ہو چکی	ہم پر	ہمارے رب کی بات	بے شک ہم

لَذَآئِقُوْنَ (31)	فَاَغْوَيْنٰكُمْ ⑧	اِنَّا ⑦	كُنَّا	غٰوِيْنَ (32)
ضرور چکھنے والے (ہیں عذاب)	پس ہم نے گمراہ کیا تمہیں	بلاشبہ ہم	تھے ہم (خود بھی)	سب گمراہ

فَاِنَّهُمْ	يَوْمَئِذٍ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ (33)
پس بے شک وہ	اس دن	عذاب میں	سب مشترک (ہوں گے)

ضروری وضاحت

①اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔②یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔③كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔④لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑤یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑦اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑧كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَفۡعَلُ بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿34﴾	بیشک ہم اسی طرح کیا کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ ﴿34﴾
اِنَّهُمۡ كَانُوۡۤا	بے شک وہ (ایسے لوگ) تھے (کہ)
اِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ لَاۤ اِلٰهَ	جب ان سے کہا جاتا کوئی (سچا) معبود نہیں
اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۙ﴿35﴾	اللہ کے سوا (تو) وہ تکبر کرتے ہیں۔ ﴿35﴾
وَيَقُوۡلُوۡنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوۡۤا	اور وہ کہتے کیا بیشک ہم واقعی چھوڑنے والے ہیں
اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجۡنُوۡنٍ ؕ﴿36﴾	اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے۔ ﴿36﴾
بَلۡ جَآءَ بِالۡحَقِّ	بلکہ وہ آیا ہے حق کے ساتھ
وَصَدَّقَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿37﴾	اور اس نے تصدیق کی تمام رسولوں کی۔ ﴿37﴾
اِنَّكُمۡ لَذَآئِقُوا	بے شک تم (اب) ضرور چکھنے والے ہو
الۡعَذَابِ الۡاَلِيۡمِ ۚ﴿38﴾ وَمَا تُجۡزَوۡنَ	دردناک عذاب ﴿38﴾ اور نہیں تم بدلہ دیے جاؤ گے
اِلَّا مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۙ﴿39﴾	مگر (اسی کا) جو تم عمل کرتے تھے۔ ﴿39﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	مگر اللہ کے بندے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	مَّجۡنُوۡنٍ : مجنون، جنون۔
نَفۡعَلُ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔	صَدَّقَ : تصدیق، مصدقہ۔
بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قِيۡلَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	لَذَآئِقُوا : ذائقہ، خوش ذائقہ، بد ذائقہ۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	الۡاَلِيۡمِ : عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔
يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	تُجۡزَوۡنَ : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
لَتَارِكُوۡۤا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلاۃ۔	تَعۡمَلُوۡنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
لِشَاعِرٍ : شعر، شاعر، شاعری۔	عِبَادَ : عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔

إِنَّا①	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ② ﴿34﴾	إِنَّهُمْ
بے شک ہم	اسی طرح	ہم کیا کرتے ہیں	سب مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ

كَانُوْٓا	إِذَا قِيْلَ③	لَهُمْ	لَآ إِلٰهَ④	إِلَّا اللّٰهُ ۙ
سب تھے (کہ)	جب کہا جاتا	ان سے	کوئی (سچا) معبود نہیں	اللہ کے سوا

يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿35﴾ ۙ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	أَئِنَّا⑤	لَتَارِكُوْٓا
(تو) وہ سب تکبر کرتے تھے	اور	وہ سب کہتے	کیا بیشک ہم	واقعی سب چھوڑنے والے (ہیں)

اٰلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ⑥ ﴿36﴾ ط	بَلْ	جَآءَ	بِالْحَقِّ②
اپنے معبودوں (کو)	ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے	بلکہ	وہ آیا ہے	حق کے ساتھ

وَصَدَّقَ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿37﴾	إِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا
اور اس نے تصدیق کی	تمام رسولوں کی	بے شک تم	سب (اب) ضرور چکھنے والے ہو

الْعَذَابِ	الْأَلِيْمِ ﴿38﴾ ج	وَ	مَا	تُجْزَوْنَ⑦	إِلَّا
عذاب	دردناک	اور	نہیں	تم سب بدلہ دیے جاؤ گے	مگر

مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ﴿39﴾ ۙ	إِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
(اسی کا) جو	تم تھے	تم سب عمل کرتے	مگر	اللہ کے بندے

ضروری وضاحت

①إِنَّا دراصل إِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا، قواعد کی رو سے و کو ی کیا گیا ہے۔④لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ أ اگر الگ استعمال ہو تو اسکا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تُجْزَوْنَ اصل میں تُجْزَيُوْنَ تھا ت پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے قواعد کی رو سے یا کو گرایا گیا ہے۔

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿40﴾	چنے ہوئے (یعنی وہ اس عذاب سے محفوظ رہیں گے)۔ ﴿40﴾
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿41﴾	یہی لوگ ہیں (کہ) انکے لیے مقرر رزق ہے۔ ﴿41﴾
فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿42﴾	(یعنی ہر طرح کے) میوے، اور وہ معزز ہونگے۔ ﴿42﴾
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿43﴾	نعمتوں کے باغات میں۔ ﴿43﴾
عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿44﴾	تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے) ہونگے۔ ﴿44﴾
يُطَافُ عَلَيْهِمْ	پھرایا جائے گا ان پر
بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿45﴾	(شراب کے) جاری چشمے سے (بھرا) جام۔ ﴿45﴾
بَيْضَآءَ لَذَّةٍ	(جو) سفید (یعنی صاف شفاف) لذت والی (ہوگی)
لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿46﴾ لَا فِيْهَا	پینے والوں کے لیے۔ ﴿46﴾ نہ اس میں (یعنی اس سے)
غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿47﴾	سر کا چکرانا ہوگا اور نہ وہ اس سے مدہوش ہونگے۔ ﴿47﴾
وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والیاں
عِيْنٌ ﴿48﴾	بڑی بڑی آنکھوں والی (عورتیں) ہونگی۔ ﴿48﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُخْلَصِيْنَ	خالص، خلوص، مخلص۔	مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
مُّكْرَمُوْنَ	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔	بَيْضَآءَ	ید بیضا، ابیض، بیاض۔
فِيْ	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	لَذَّةٍ	لذت، لذیذ۔
النَّعِيْمِ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	لِّلشّٰرِبِيْنَ	شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مُّتَقٰبِلِيْنَ	مقابلہ، تقابل، تقابلی جائزہ، بالمقابل۔	وَّ	صبر وتحمل، حسن وجمال، سحر وافطار۔
يُطَافُ	طواف، طواف بیت اللہ۔	عِنْدَهُمْ	عند الطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
بِكَاْسٍ	کاسہ، کاسۂ گدائی۔	عِيْنٌ	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔

الْمُخْلَصِيْنَ ① (40)	اُولٰٓئِكَ ②	لَهُمْ ③	رِزْقٌ	مَّعْلُوْمٌ (41) لا
سب چنے ہوئے	یہی (لوگ ہیں کہ)	ان کے لیے	رزق (ہے)	مقرر

فَوَاكِهُ ج	وَ	هُمْ	مُّكْرَمُوْنَ (42) لا	فِيْ جَنّٰتِ ④ النَّعِيْمِ (43)
میوے	اور	وہ سب	سب معزز (ہونگے)	نعمتوں کے باغات میں

عَلٰى سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ (44)	يُطَافُ ⑤	عَلَيْهِمْ
تختوں پر	سب آمنے سامنے (بیٹھے ہونگے)	وہ پھرایا جائے گا	ان پر

بِكَاْسٍ ⑥	مِّنْ مَّعِيْنٍ (45) لا	بَيْضَآءَ	لَذَّةٍ ④
جام	(شراب کے) جاری چشمے سے	(جو) سفید (یعنی صاف شفاف)	لذت والی (ہوگی)

لِّلشّٰرِبِيْنَ (46) صلے	لَا	فِيْهَا	غَوْلٌ
پینے والوں کے لیے	نہ	اس میں	سر کا چکرانا (ہوگا)

وَّلَا	هُمْ	عَنْهَا ⑦	يُنْزَفُوْنَ (47)	وَ
اور نہ	وہ سب	اس سے	وہ سب مدہوش ہونگے	اور

عِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ④	عِيْنٌ (48) لا
ان کے پاس	نیچی نگاہ رکھنے والیاں	بڑی بڑی آنکھوں والی (عورتیں ہونگی)

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔② اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہی لوگ ہے کبھی ضرورتاً یہی لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کیا گیا ہے۔④ ات اور ۃ مؤنث کی علامات ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ يُطَافُ دراصل يُطْوَفُ تھا یٗ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے قواعد کی رو سے وَ کو الف سے بدلا گیا ہے۔⑥ یہاں بِ کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔⑦ ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے کبھی جمع کے لیے بھی آتی ہے۔

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿49﴾	گویا کہ وہ چھپا کر رکھے ہوئے انڈے ہوں۔ ﴿49﴾
فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	پھر متوجہ ہوگا انکا بعض بعض پر (یعنی ایک دوسرے کی طرف)
يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿50﴾	ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔ ﴿50﴾
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ	ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا بے شک میں،
كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿51﴾ يَّقُوْلُ ءَاِنَّكَ	میرا ایک ساتھی تھا۔ ﴿51﴾ وہ کہتا تھا کیا بے شک تو
لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿52﴾	واقعی تصدیق کرنے والوں میں سے ہے۔ ﴿52﴾
ءَاِذَا مِتْنَا	(اس بات کی کہ) کیا جب ہم مر جائیں
وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا	اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے
ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿53﴾	کیا بیشک ہم واقعی بدلہ دیے جانے والے ہیں۔ ﴿53﴾
قَالَ هَلْ اَنْتُمْ	(پھر) وہ کہے گا کیا (جہنم میں اس شخص کو) تم
مُّطَّلِعُوْنَ ﴿54﴾	جھانک کر دیکھنے والے ہو۔ ﴿54﴾
فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ	پھر وہ جھانکے گا تو وہ دیکھے گا اس (ساتھی) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَاَنَّهُنَّ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	لِيْ	: لہٰذا، الحمدللہ۔
بَيْضٌ	: ید بیضا، ابیض، بیضوی شکل۔	الْمُصَدِّقِيْنَ	: تصدیق، مصدقہ۔
فَاَقْبَلَ	: ایجاب وقبول، اقبال۔	مِتْنَا	: موت، میت، اموات۔
بَعْضُهُمْ	: بعض، بعض اوقات۔	وَ	: صبر وتحمل، حسن وجمال، سحر وافطار۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تُرَابًا	: تربت، ابوتراب۔
يَّتَسَآءَلُوْنَ	: سوال، سائل، مسئول۔	قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	مُّطَّلِعُوْنَ	: اطلاع، مطلع۔
مِّنْهُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَرَاٰهُ	: رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

كَاَنَّهُنَّ ①	بَيۡضٌ	مَّكۡنُوۡنٌ ② (49)	فَاَقۡبَلَ	بَعۡضُهُمۡ
گویا کہ وہ	انڈے (ہوں)	چھپا کر رکھے ہوئے	پھر متوجہ ہوگا	ان کا بعض

عَلٰى بَعۡضٍ	يَّتَسَآءَلُوۡنَ ③ (50)	قَالَ ④	قَآئِلٌ ⑤	مِّنۡهُمۡ
بعض پر	وہ سب ایک دوسرے سے سوال کریں گے	کہے گا	ایک کہنے والا	اُن میں سے

اِنِّىۡ	كَانَ	لِىۡ	قَرِيۡنٌ ⑤ لا (51)	يَّقُوۡلُ	ءَ اِنَّكَ
بیشک میں	تھا	میرے لیے	ایک ساتھی	وہ کہتا تھا	کیا بے شک تو

لَمِنَ الۡمُصَدِّقِيۡنَ ⑥ (52)	ءَ	اِذَا	مِتۡنَا
واقعی تصدیق کرنے والوں میں سے (ہے)	کیا	جب	ہم مر گئے

وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَ	اِنَّا
اور	ہم ہو گئے	مٹی	اور	ہڈیاں	کیا	بیشک ہم

لَمَدِيۡنُوۡنَ ⑦ (53)	قَالَ ④	هَلۡ	اَنۡتُمۡ
واقعی سب بدلہ دیے جانے والے (ہیں)	وہ کہے گا	کیا	تم

مُّطَّلِعُوۡنَ ⑥ (54)	فَاطَّلَعَ	فَرَاٰهُ
سب جھانک کر دیکھنے والے ہو	پھر وہ جھانکے گا	تو وہ دیکھے گا اس (ساتھی) کو

ضروری وضاحت

① هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔② مَفۡعُوۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہے۔③ اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔④ قَالَ زمانہ ماضی کا فعل ہے، ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لَ اسم، فعل اور حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿55﴾	جہنم کے وسط میں۔ ﴿55﴾
قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ	(تو) وہ کہے گا اللہ کی قسم یقیناً تو قریب تھا (کہ)
لَتُرْدِيْنِ ﴿56﴾ وَلَوْلَا	واقعی تو مجھے ہلاک کر دیتا۔ ﴿56﴾ اور اگر نہ ہوتی
نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ	میرے رب کی مہربانی (تو) یقیناً میں (بھی) ہوتا
مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿57﴾	(عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں سے۔ ﴿57﴾
اَفَمَا نَحْنُ	تو (بھلا) کیا (یہ درست ہے کہ) نہیں ہم
بِمَيِّتِيْنَ ﴿58﴾	ہرگز مرنے والے ہیں۔ ﴿58﴾
اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى	سوائے ہماری پہلی موت کے (جو دنیا میں آچکی)
وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿59﴾	اور نہ ہم ہرگز عذاب دیے جانے والے ہیں۔ ﴿59﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿60﴾	بلاشبہ یقیناً یہ ہی بڑی کامیابی ہے۔ ﴿60﴾
لِمِثْلِ هٰذَا	اسی طرح کی (کامیابی) کے لیے
فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿61﴾	پس چاہیے کہ عمل کریں عمل کرنے والے۔ ﴿61﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	مَوْتَتَنَا	: موت وحیات، میت، اموات۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الْاُوْلٰى	: نفخۂ اولیٰ، قرون اولی، قعدہ اولیٰ۔
نِعْمَةُ	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	بِمُعَذَّبِيْنَ	: عذاب، دردناک عذاب۔
رَبِّيْ	: ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔	هٰذَا	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْفَوْزُ	: فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔
الْمُحْضَرِيْنَ	: حاضر، حاضری، استحضار۔	الْعَظِيْمُ	: اجرِ عظیم، معظم، تعظیم، عظمت۔
بِمَيِّتِيْنَ	: موت، میت، اموات۔	لِمِثْلِ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	فَلْيَعْمَلِ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔

اِنْ ②	تَاللّٰهِ ①	قَالَ	فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿55﴾
یقیناً	اللہ کی قسم	(تو) وہ کہے گا	جہنم کے وسط میں

نِعْمَةُ	لَوْلَا ④	وَ	لَتُرْدِيْنِ ③ ﴿56﴾	كِدْتَّ
مہربانی	اگر نہ (ہوتی)	اور	واقعی تو ہلاک کر دیتا مجھے	تو قریب تھا (کہ)

مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿57﴾	لَكُنْتُ	رَبِّيْ
(عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں سے	یقیناً میں ہوتا	میرے رب کی

اِلَّا	بِمَيِّتِيْنَ ⑤ ﴿58﴾	نَحْنُ	اَفَمَا
سوائے	کبھی مرنے والے (نہیں) ہیں	(ایسا نہیں کہ) ہم	تو (بھلا) کیا نہیں

بِمُعَذَّبِيْنَ ⑤⑥ ﴿59﴾	نَحْنُ	مَا	وَ	مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى
کبھی عذاب دیے جانے والے ہیں	ہم	نہ	اور	ہماری پہلی موت کے

لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿60﴾	هٰذَا	اِنَّ
یقیناً وہی ہے بڑی کامیابی	یہ	بلاشبہ

الْعٰمِلُوْنَ ﴿61﴾	فَلْيَعْمَلِ	لِمِثْلِ هٰذَا
سب عمل کرنے والے	پس چاہیے کہ وہ عمل کریں	اسی طرح کی (کامیابی) کے لیے

ضروری وضاحت

① تَ یہاں قسم کیلئے اور یہ صرف لفظ اللہ کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔② اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کیلئے یہ اِنْ کیا گیا ہے۔
③ لَتُرْدِيْنِ اصل میں لَتُرْدِيْنِيْ تھا فعل کے آخر میں يْ آئے تو فعل اور اس يْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔④ لَوْلَا کے
بعد اگر اسم ہو تو ترجمہ اگر نہ اور اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہ ہوتا ہے۔⑤ مَا کے بعد اسی جملے میں اگر بِ ہو تو اس جملے میں تاکید کا مفہوم
شامل ہو جاتا ہے اور بِ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَذٰلِكَ خَیْرٌ نُّزُلًا اَمْ	کیا یہ بہتر ہے مہمانی کے طور پر یا
شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ (62) اِنَّا جَعَلْنٰهَا	زقوم (تھوہر) کا درخت۔ (62) بیشک ہم نے بنایا اسے
فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِیْنَ (63)	ظالموں کے لیے ایک آزمائش۔ (63)
اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِیْۤ اَصْلِ الْجَحِیْمِ (64)	بلاشبہ وہ درخت نکلتا (اگتا) ہے جہنم کی تہہ میں۔ (64)
طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّیٰطِیْنِ (65)	اسکے خوشے، گویا کہ وہ شیطانوں کے سر ہیں۔ (65)
فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا	پس بیشک وہ ضرور اس میں سے کھانے والے ہیں
فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ (66)	پھر اس سے پیٹ بھرنے والے ہیں۔ (66)
ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَیْهَا	پھر بے شک ان کے لیے اس پر
لَشَوْبًا مِّنْ حَمِیْمٍ (67)	یقیناً گرم پانی کی آمیزش ہوگی۔ (67)
ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِیْمِ (68)	پھر بلاشبہ ان کا لوٹنا ہوگا یقیناً جہنم کی طرف۔ (68)
اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّیْنَ (69)	بیشک انہوں نے پایا اپنے باپ دادا کو گمراہ۔ (69)
فَهُمْ عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ	تو وہ ان کے قدموں کے نشانات پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَیْرٌ	خیر، خیریت، خیر و عافیت۔	مِنْهَا	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
شَجَرَةُ	حجر و شجر، شجر کاری مہم، شجر ممنوعہ۔	الْبُطُوْنَ	بطنِ مادر۔
فِتْنَةً	فتنہ و فساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	عَلَیْهَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
لِّلظّٰلِمِیْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	مَرْجِعَهُمْ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
تَخْرُجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فِیْۤ	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	اٰبَآءَهُمْ	آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
رُءُوْسُ	رأس المال، رئیس، رؤساء۔	ضَآلِّیْنَ	ضلالت و گمراہی۔
لَاٰكِلُوْنَ	اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔	اٰثٰرِهِمْ	آثار، آثار قدیمہ۔

اَ	ذٰلِكَ ①	خَيْرٌ	نُّزُلًا	اَمْ ②	شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ③ (62)
کیا	یہ	بہتر (ہے)	مہمانی (کے طور پر)	یا	زقوم (تھوہر) کا درخت

اِنَّا	جَعَلْنٰهَا	فِتْنَةً ③④	لِّلظّٰلِمِيْنَ (63)	اِنَّهَا
بے شک ہم	ہم نے بنایا اسے	ایک آزمائش	ظالموں کے لیے	بلاشبہ وہ

شَجَرَةٌ ③	تَخْرُجُ ③	فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ (64) لا	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
درخت	نکلتا ہے	جہنم کی تہہ میں	اسکے خوشے	گویا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ (65)	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ ⑤	مِنْهَا
شیطانوں کے سر (ہیں)	پس بیشک وہ	ضرور سب کھانے والے (ہیں)	اس میں سے

فَمَالِــُٔوْنَ ⑤	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ ⑥ (66) ط	ثُمَّ	اِنَّ ⑦	لَهُمْ	عَلَيْهَا
پھر سب بھرنے والے (ہیں)	اس سے	پیٹ	پھر	بیشک	ان کے لیے	اس پر

لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ⑧ (67)	ثُمَّ	اِنَّ ⑦	مَرْجِعَهُمْ	لَاِ۟لَى الْجَحِيْمِ (68)
یقیناً گرم پانی کی آمیزش ہوگی	پھر	بلاشبہ	ان کا لوٹنا ہوگا	یقیناً جہنم کی طرف

اِنَّهُمْ ⑦	اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ (69) لا	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ
بیشک اُن	سب نے پایا	اپنے باپ دادا کو	سب گمراہ	تو وہ	انکے قدموں کے نشانات پر

ضروری وضاحت

①ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔②اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔③ۃ اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥اَلْبُطُوْنَ میں وْنَ جمع کی علامت نہیں بلکہ واوٌ جمع کے لیے اور نون اصل لفظ کا حصہ ہے۔⑦اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑧یہاں مِنْ کا ترجمہ کی ضرورتاً کیا گیا ہے۔

يُهْرَعُوْنَ ﴿70﴾	دوڑائے چلے جاتے ہیں۔ ﴿70﴾
وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ	اور بلاشبہ یقیناً گمراہ ہوئے ان سے پہلے
اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿71﴾	اگلے لوگوں میں سے اکثر۔ ﴿71﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجے ان میں
مُّنْذِرِيْنَ ﴿72﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ	کئی ڈرانے والے۔ ﴿72﴾ پھر دیکھیے کیسا ہوا
عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿73﴾	ڈرائے جانے والوں کا انجام۔ ﴿73﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے بندوں کے
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿74﴾ ع 2/53/6	خالص کیے (چنے) ہوئے۔ ﴿74﴾
وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ	اور بلاشبہ یقیناً نوح نے ہمیں پکارا
فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿75﴾	تو یقیناً (ہم) اچھے قبول کرنے والے ہیں۔ ﴿75﴾
وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ	اور ہم نے نجات دی اسے اور اسکے گھر والوں کو
مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿76﴾	بڑی مصیبت سے۔ ﴿76﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: صبر و تحمل، حسن و جمال، سحر و افطار۔	عَاقِبَةُ	: عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
ضَلَّ	: ضلالت و گمراہی۔	الْمُخْلَصِيْنَ	: خالص، خلوص، مخلص۔
قَبْلَهُمْ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	نَادٰىنَا	: نداء، منادی، ندائے ملت۔
الْاَوَّلِيْنَ	: اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ، اوّلین فرصت۔	فَلَنِعْمَ	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
اَرْسَلْنَا	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	الْمُجِيْبُوْنَ	: مستجاب الدعاء، جواب۔
مُّنْذِرِيْنَ	: بشارت و انذار، نذیر۔	نَجَّيْنٰهُ	: نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
فَانْظُرْ	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	الْكَرْبِ	: کرب، کرب و بلا۔
كَيْفَ	: کیفیت، بہر کیف، کوائف۔	الْعَظِيْمِ	: اجر عظیم، معظم، تعظیم۔

يُهْرَعُوْنَ ⁽¹⁾ ﴿70﴾	وَ	لَقَدْ	ضَلَّ	قَبْلَهُمْ
وہ سب دوڑائے چلے جاتے ہیں	اور	بلاشبہ یقیناً	گمراہ ہوئے	ان سے پہلے

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿71﴾ لا	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا ⁽²⁾
اگلے لوگوں (میں سے) اکثر	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجے

فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ ⁽³⁾ ﴿72﴾	فَانْظُرْ ⁽⁴⁾	كَيْفَ	كَانَ
ان میں	ڈرانے والے	پھر آپ دیکھیے	کیسا	ہوا

عَاقِبَةُ ⁽⁶⁾	الْمُنْذَرِيْنَ ⁽⁷⁾ ﴿73﴾ لا	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
انجام	ڈرائے جانے والوں کا	سوائے	اللہ کے بندوں کے

ع 2 53 6

الْمُخْلَصِيْنَ ⁽⁷⁾ ﴿74﴾ ع	وَ	لَقَدْ	نَادٰىنَا
خالص کیے (چنے) ہوئے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہمیں پکارا

نُوْحٌ	فَلَنِعْمَ ⁽⁴⁾	الْمُجِيْبُوْنَ ﴿75﴾ صلے	وَ	نَجَّيْنٰهُ ⁽²⁾
نوح نے	تو یقیناً اچھے	قبول کرنے والے ہیں	اور	ہم نے نجات دی اسے

وَ	اَهْلَهٗ	مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿76﴾ صلے
اور	اسکے گھر والوں (کو)	بڑی مصیبت سے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② نا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑤ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿77﴾	اور ہم نے بنایا اسکی اولاد کو ہی باقی رہنے والے۔﴿77﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ	اور ہم نے (باقی) چھوڑا اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر)
فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿78﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ	پیچھے آنے والوں میں۔﴿78﴾ (کہ) سلام ہو نوح پر
فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿79﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ	تمام جہانوں میں۔﴿79﴾ بے شک ہم اسی طرح
نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿80﴾	بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔﴿80﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿81﴾	بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔﴿81﴾
ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿82﴾	پھر ہم نے غرق کردیا دوسروں کو۔﴿82﴾
وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ	اور بے شک اس (نوح) کے گروہ میں سے
لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿83﴾ اِذْ جَآءَ	یقیناً ابراہیم (بھی) ہے۔﴿83﴾ جب وہ آیا
رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿84﴾	اپنے رب کے پاس پاک صاف دل کے ساتھ۔﴿84﴾
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ	جب اس نے کہا اپنے باپ اور اپنی قوم سے
مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿85﴾	تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو۔﴿85﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذُرِّيَّتَهٗ : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔	عِبَادِنَا : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
الْبٰقِيْنَ : باقی، بقایا، بقیہ۔	الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
تَرَكْنَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلاۃ۔	اَغْرَقْنَا : غرق، غرقاب، مستغرق۔
الْاٰخِرِيْنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔	الْاٰخَرِيْنَ : اوّلین وآخرین، یوم آخرت، آخری۔
الْعٰلَمِيْنَ : الہ العالمین، عالم اسلام، اقوام عالم۔	بِقَلْبٍ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	سَلِيْمٍ : مسلم، مسلمان، سلیم الفطرت، اسلام۔
نَجْزِي : جزا وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	لِاَبِيْهِ : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	تَعْبُدُوْنَ : عبادت، معبود، عبادت گاہ۔

وَ	جَعَلْنَا ①	ذُرِّيَّتَهٗ ②	هُمُ الْبٰقِيْنَ ③④ ۖ (77)	وَ تَرَكْنَا ①
اور	ہم نے بنایا	اسکی اولاد کو	ہی باقی رہنے والے	اور ہم نے باقی چھوڑا

عَلَيْهِ	فِي الْاٰخِرِيْنَ ۖ (78)	سَلٰمٌ	عَلٰى نُوْحٍ	فِي الْعٰلَمِيْنَ (79)
اس پر	پیچھے آنے والوں میں	(کہ) سلام (ہو)	نوح پر	تمام جہانوں میں

اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ⑤ (80)	اِنَّهٗ
بے شک ہم	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	سب نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا ⑥	الْمُؤْمِنِيْنَ ⑤ (81)	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا ①	الْاٰخَرِيْنَ (82)
ہمارے بندوں میں سے	ایمان لانے والے	پھر	ہم نے غرق کردیا	دوسروں کو

وَ اِنَّ	مِنْ شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ ۘ (83)	اِذْ	جَآءَ
اور بے شک	اس کے گروہ میں سے	یقیناً ابراہیم (ہے)	جب	وہ آیا

وقف لازم

رَبَّهٗ	بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (84)	اِذْ	قَالَ
اپنے رب کے پاس	پاک صاف دل کے ساتھ	جب	اس نے کہا

لِاَبِيْهِ	وَ	قَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ ۚ (85)
اپنے باپ سے	اور	اپنی قوم (سے)	کس چیز کی	تم سب عبادت کرتے ہو

ضروری وضاحت

① نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ② ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ③ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، یہاں اس کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑥ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

اَئِفْكًا اٰلِهَةً	کیا جھوٹے گھڑے ہوئے معبودوں کو
دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿86﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ	تم چاہتے ہو اللہ کے سوا ﴿86﴾ تو تمہارا کیا خیال ہے
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾	جہانوں کے رب کے بارے میں۔ ﴿87﴾
فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿88﴾	پس اس نے دیکھا ایک نظر دیکھنا ستاروں میں۔ ﴿88﴾
فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿89﴾	پھر اس نے کہا بے شک میں بیمار ہوں۔ ﴿89﴾
فَتَوَلَّوْا عَنْهُ	چنانچہ وہ واپس چلے گئے اس سے
مُدْبِرِيْنَ ﴿90﴾	پیٹھ پھیرتے ہوئے۔ ﴿90﴾
فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ	پھر متوجہ ہوا ان کے معبودوں کی طرف
فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿91﴾	پس اس نے کہا کیا تم کھاتے نہیں ہو۔ ﴿91﴾
مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿92﴾	کیا ہے تمہیں (کہ) تم بولتے نہیں ہو۔ ﴿92﴾
فَرَاغَ عَلَيْهِمْ	پھر وہ متوجہ ہوا ان پر
ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿93﴾	دائیں ہاتھ سے مارتے ہوئے۔ ﴿93﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُرِيْدُوْنَ	ارادہ، مرید، مراد۔	مُدْبِرِيْنَ	ادبارِ زمانہ، دُبر۔
ظَنُّكُمْ	سوءِ ظن، بدظن، ظنِ غالب، حسنِ ظن۔	اِلٰى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْعٰلَمِيْنَ	الٰہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوامِ عالم۔	اٰلِهَتِهِمْ	الٰہ العالمین، یاالٰہی۔
فَنَظَرَ	نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر، تناظر۔	اَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فِي	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	تَاْكُلُوْنَ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
النُّجُوْمِ	علمِ نجوم، نجومی۔	عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَقَالَ	قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔	ضَرْبًا	ضربِ کاری۔
سَقِيْمٌ	سُقم، سقیم۔	بِالْيَمِيْنِ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔

اَإِفْكًا	اٰلِهَةً ①	دُوْنَ اللّٰهِ	تُرِيْدُوْنَ ﴿86﴾ ط
کیا جھوٹے گھڑے ہوئے	معبودوں (کو)	اللہ کے سوا	تم سب چاہتے ہو

فَمَا ②③	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ④ ﴿87﴾	فَنَظَرَ ②
تو کیا	تمہارا خیال ہے	جہانوں کے رب کے بارے میں	پس اس نے دیکھا

نَظْرَةً ⑤⑥	فِي النُّجُوْمِ ﴿88﴾ لا	فَقَالَ ②	اِنِّيْ
ایک نظر دیکھنا	ستاروں میں	پھر اس نے کہا	بے شک میں

سَقِيْمٌ ﴿89﴾	فَتَوَلَّوْا ②⑦	عَنْهُ	مُدْبِرِيْنَ ⑧ ﴿90﴾
بیمار (ہوں)	چنانچہ وہ سب واپس چلے گئے	اس سے	پیٹھ پھیرتے ہوئے

فَرَاغَ ②	اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ ②	اَلَا
پھر متوجہ ہوا	ان کے معبودوں کی طرف	پس اس نے کہا	کیا نہیں

تَاْكُلُوْنَ ﴿91﴾ ج	مَا ③	لَكُمْ	لَا	تَنْطِقُوْنَ ﴿92﴾
تم سب کھاتے ہو	کیا (ہے)	تم کو (کہ)	نہیں	تم سب بولتے ہو

فَرَاغَ ②	عَلَيْهِمْ	ضَرْبًا	بِالْيَمِيْنِ ④ ﴿93﴾
پھر وہ متوجہ ہوا	ان پر	مارتے ہوئے	دائیں (ہاتھ) سے

ضروری وضاحت

①یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔② فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔③ مَا کا ترجمہ کبھی جو کبھی نہیں اور کبھی کیا کیا جاتا ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی کے بارے میں کیا جاتا ہے۔⑤ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿94﴾	تو وہ آئے اس کی طرف دوڑتے ہوئے۔ ﴿94﴾
قَالَ اَ تَعْبُدُوْنَ	اس نے کہا کیا تم عبادت کرتے ہو (اسکی)
مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿95﴾ وَاللّٰهُ	جسے تم (خود) تراشتے ہو۔ ﴿95﴾ حالانکہ اللہ نے
خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾	تمہیں پیدا کیا اور (اسے بھی) جو تم کرتے ہو۔ ﴿96﴾
قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا	وہ کہنے لگے تم بناؤ اسکے لیے ایک عمارت (مقام)
فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ﴿97﴾	پھر پھینک دو اُسے بھڑکتی ہوئی آگ میں۔ ﴿97﴾
فَاَرَادُوْا بِهٖ	چنانچہ انہوں نے ارادہ کیا اس کے ساتھ
كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ	ایک چال چلنے کا تو ہم نے کر دیا انہی کو
الْاَسْفَلِيْنَ ﴿98﴾ وَقَالَ اِنِّيْ	سب سے نیچا۔ ﴿98﴾ اور اس نے کہا بے شک میں
ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ	جانے والا ہوں اپنے رب کی طرف
سَيَهْدِيْنِ ﴿99﴾	عنقریب ضرور وہ راستہ دکھائے گا مجھے۔ ﴿99﴾
رَبِّ هَبْ لِيْ	اے میرے رب تو عطا فرما مجھے (ایک لڑکا)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَقْبَلُوْٓا	: ایجاب وقبول، قبولیت، مقبول۔	فِي	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	فَاَرَادُوْا	: ارادہ، مرید، مراد۔
تَعْبُدُوْنَ	: عبادت، معبود، عبادت گاہ۔	بِهٖ	: بالمقابل، بسبب، بالکل۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	الْاَسْفَلِيْنَ	: سفلی علم، سفلہ پن۔
خَلَقَكُمْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	رَبِّيْ	: ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔
ابْنُوْا	: بنیاد، سنگِ بنیاد۔	سَيَهْدِيْنِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
فَاَلْقُوْهُ	: القاء۔	هَبْ	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔

فَاَقْبَلُوْٓا ①	اِلَيْهِ	يَزِفُّوْنَ ﴿94﴾	قَالَ	اَ
تو وہ سب آئے	اس کی طرف	وہ سب دوڑ رہے تھے	اس نے کہا	کیا

تَعْبُدُوْنَ	مَا	تَنْحِتُوْنَ ﴿95﴾ لا	وَاللّٰهُ ②	خَلَقَكُمْ ③
تم سب عبادت کرتے ہو	(اسکی) جسے	تم سب (خود) تراشتے ہو	حالانکہ اللہ نے	پیدا کیا تمہیں

وَ	مَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾	قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ
اور	(اسے بھی) جو	تم سب کرتے ہو	وہ سب کہنے لگے	تم سب بناؤ	اس کے لیے

بُنْيَانًا ④	فَاَلْقُوْهُ ①	فِي الْجَحِيْمِ ﴿97﴾	فَاَرَادُوْا ①
ایک عمارت	پھر پھینک دو اسے	بھڑکتی ہوئی آگ میں	چنانچہ انہوں نے ارادہ کیا

بِهٖ	كَيْدًا ④	فَجَعَلْنٰهُمُ ①	الْاَسْفَلِيْنَ ⑤ ﴿98﴾	وَ
اس کے ساتھ	ایک چال (چلنے کا)	تو ہم نے کر دیا انہیں	سب سے نیچا	اور

قَالَ	اِنِّيْ	ذَاهِبٌ	اِلٰى رَبِّيْ
اس نے کہا	بے شک میں	جانے والا (ہوں)	اپنے رب کی طرف

سَيَهْدِيْنِ ⑥⑦ ﴿99﴾	رَبِّ	هَبْ	لِيْ
عنقریب ضرور وہ راستہ دکھائے گا مجھے	(اے) میرے رب	تو عطا فرما	مجھ کو

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔② وَ کا ترجمہ عموماً اور ہے، کبھی حالانکہ، قسم یا جبکہ بھی ہوتا ہے۔
③ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ أ میں
صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے اور علامت يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ فعل کے شروع میں سَ میں عموماً عنقریب
اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ دراصل سَيَهْدِيْنِيْ تھا فعل کے آخر میں يْ لگائی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿100﴾ فَبَشَّرْنٰهُ	نیکوں میں سے۔ ﴿100﴾ تو ہم نے خوشخبری دی اسے
بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿101﴾ فَلَمَّا بَلَغَ	ایک بردبار لڑکے کی۔ ﴿101﴾ پھر جب وہ پہنچا
مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ	اس کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو، اس نے کہا
يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ	اے میرے بیٹے بیشک میں دیکھتا ہوں خواب میں
اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ	کہ بے شک میں ذبح کر رہا ہوں تجھے
فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ	پس تو دیکھ تو کیا خیال کرتا ہے
قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ	اس نے کہا اے میرے ابا جان آپ کر گزریے
مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ	جو آپکو حکم دیا جا رہا ہے آپ عنقریب ضرور پائیں گے مجھے
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿102﴾	اگر اللہ نے چاہا صبر کرنے والوں میں سے۔ ﴿102﴾
فَلَمَّآ اَسْلَمَا	پھر جب وہ دونوں مطیع ہو گئے
وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿103﴾ ج	اور اس نے لٹا دیا اسے پیشانی کے بل۔ ﴿103﴾
وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿104﴾ لا	اور ہم نے پکارا اسے کہ اے ابراہیم۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	اَرٰى	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
الصّٰلِحِيْنَ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔	اَذْبَحُكَ	ذبح، مذبح، ذبیحہ، مذبوحہ۔
فَبَشَّرْنٰهُ	بشارت، مبشر، بشیر۔	افْعَلْ	فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
بِغُلٰمٍ	حور و غلمان۔	تُؤْمَرُ	امر، آمر، مامور، امور۔
حَلِيْمٍ	حلم، حلیم و بردبار، حلیم الطبع۔	سَتَجِدُنِيْٓ	وجود، موجود، وجد۔
بَلَغَ	بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔	اَسْلَمَا	اسلام، تسلیم و رضا، سر تسلیم خم۔
مَعَهُ	مع اہل و عیال، معیت، مع دوست واحباب۔	لِلْجَبِيْنِ	الحمد للہ، لہٰذا/جبین، مہ جبین، جبینِ نیاز۔
السَّعْيَ	سعی، سعی و کوشش، سعی لاحاصل۔	نَادَيْنٰهُ	نداء، منادی، ندائے ملت۔

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿100﴾	فَبَشَّرْنٰهُ ①	بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ②③ ﴿101﴾	فَلَمَّا	بَلَغَ
نیکوں میں سے	تو ہم نے خوشخبری دی اسے	ایک بردبار لڑکے کی	پھر جب	وہ پہنچا

مَعَهُ ①	السَّعْيَ	قَالَ	يٰبُنَيَّ	اِنِّيْٓ
اس کے ساتھ	دوڑنے (کی عمر) کو	اس نے کہا	اے میرے (پیارے) بیٹے	بیشک میں

اَرٰى	فِي الْمَنَامِ	اَنِّيْٓ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ
میں دیکھتا ہوں	خواب میں	کہ بے شک میں	میں ذبح کر رہا ہوں تجھے	پس تو دیکھ

مَاذَا	تَرٰى ؕ	قَالَ	يٰٓاَبَتِ ④	افْعَلْ	مَا
کیا	تو دیکھتا (خیال کرتا) ہے	اس نے کہا	اے (میرے) ابا جان	آپ کر گزریے	جو

تُؤْمَرُ ز	سَتَجِدُنِيْٓ ⑤	اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ
آپ کو حکم دیا جا رہا ہے	عنقریب ضرور آپ پائیں گے مجھے	اگر	اللہ نے چاہا

مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿102﴾	فَلَمَّآ	اَسْلَمَا	وَ	تَلَّهٗ
صبر کرنے والوں میں سے	پھر جب	وہ دونوں مطیع ہو گئے	اور	اس نے لِٹا دیا اسے

لِلْجَبِيْنِ ج ﴿103﴾	وَ	نَادَيْنٰهُ ①	اَنْ	يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ لا ﴿104﴾
پیشانی کے بل	اور	ہم نے پکارا اُسے	کہ	اے ابراہیم

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے اور اگر اس سے پہلے ساکن حرف ہو یا اسے اگلے لفظ سے ملایا جائے تو اُلٹا پیش کو صرف پیش دے دیتے ہیں۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اصل میں یَا اَبِیْ تھا پیار سے والد کو بلانے کے لیے ت کا اضافہ ہوتا ہے اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں سَ میں عموماً عنقریب اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ	یقیناً تو نے سچ کر دکھایا (اپنا) خواب
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي	بے شک ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿105﴾	نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿105﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿106﴾	بے شک یہی یقیناً کھلی آزمائش ہے۔ ﴿106﴾
وَفَدَيْنٰهُ	اور ہم نے بدلے میں دیا اس (اسماعیل) کے
بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿107﴾ وَتَرَكْنَا	ایک عظیم ذبیحہ۔ ﴿107﴾ اور ہم نے (باقی) چھوڑا
عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿108﴾ ۖ	اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر) پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿108﴾
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿109﴾	سلام ہو ابراہیم پر۔ ﴿109﴾
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿110﴾	اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿110﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿111﴾	بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔ ﴿111﴾
وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا	اور ہم نے خوشخبری دی اسے اسحاق کی (جو) نبی ہوگا
مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿112﴾	(اور) نیک لوگوں میں سے (ہوگا)۔ ﴿112﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَّقْتَ	تصدیق، صدقِ دل، صادق و امین۔	فَدَيْنٰهُ	فدیہ، فدا۔
الرُّءْيَا	تعبیر الرؤیا، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	بِذِبْحٍ	ذبح، ذبیحہ، مذبح۔
كَذٰلِكَ	کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	عَظِيْمٍ	عظیم، اعظم، معظم، تعظیم۔
نَجْزِي	جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	تَرَكْنَا	ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلوٰۃ۔
الْمُحْسِنِيْنَ	احسن جزا، حسن، احسان، محسن انسانیت۔	الْاٰخِرِيْنَ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔
الْبَلٰٓؤُا	بلا، ابتلاوآزمائش، مبتلا۔	عِبَادِنَا	عبد، عابد، عبادالرحمن۔
الْمُبِيْنُ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	بَشَّرْنٰهُ	بشارت، مبشر، بشیر۔
وَ	شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	الصّٰلِحِيْنَ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔

قَدْ ①	صَدَّقْتَ	الرُّءْيَا ج	اِنَّا ②	كَذٰلِكَ
یقیناً	تونے سچ کر دکھایا	(اپنا) خواب	بے شک ہم	اسی طرح

نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ ③ ﴿105﴾	اِنَّ ①	هٰذَا	لَهُوَ ①
ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک	یہی	یقیناً وہ

الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِیْنُ ﴿106﴾	وَ	فَدَیْنٰهُ ④
آزمائش (ہے)	کھلی	اور	ہم نے بدلے میں دیا اس (اسماعیل) کے

بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ⑤⑥ ﴿107﴾	وَ	تَرَكْنَا ④	عَلَیْهِ
ایک عظیم ذبیحہ	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	اس پر

فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿108﴾ صلے	سَلٰمٌ	عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ﴿109﴾	كَذٰلِكَ
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	ابراہیم پر	اسی طرح

نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ ③ ﴿110﴾	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا ⑦	الْمُؤْمِنِیْنَ ③ ﴿111﴾
ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ	ہمارے بندوں میں سے	سب ایمان لانے والے

وَبَشَّرْنٰهُ ④	بِاِسْحٰقَ	نَبِیًّا	مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿112﴾
اور ہم نے خوشخبری دی اسے	اسحاق کی	نبی (ہوگا)	(اور) نیک لوگوں میں سے (ہوگا)

ضروری وضاحت

① قَدْ فعل کے شروع میں اِنَّ اسم کے شروع میں اور لَ اسم، فعل، حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہوتی ہے۔ ② اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑦ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

وَ بٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ	اور ہم نے برکت نازل کی اس پر اور اسحاق پر
وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ	اور ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی نیکی کرنیوالا ہے
وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿113﴾ ع 3/39/7	اور کوئی واضح ظلم کرنے والا ہے اپنے نفس پر۔ ﴿113﴾
وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے احسان کیا موسیٰ پر
وَهٰرُوْنَ ﴿114﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا	اور ہارون پر ﴿114﴾ اور ہم نے نجات دی ان دونوں کو
وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿115﴾	اور ان دونوں کی قوم کو بہت بڑی مصیبت سے۔ ﴿115﴾
وَنَصَرْنٰهُمْ	اور ہم نے مدد کی ان کی
فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿116﴾	تو وہی غلبہ حاصل کرنے والے ہوئے۔ ﴿116﴾
وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿117﴾	اور ہم نے دی ان دونوں کو واضح کتاب۔ ﴿117﴾
وَهَدَيْنٰهُمَا	اور ہم نے ہدایت دی ان دونوں کو
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿118﴾ وَتَرَكْنَا	سیدھے راستے کی۔ ﴿118﴾ اور ہم نے (باقی) چھوڑا
عَلَيْهِمَا	ان دونوں پر (یعنی ان دونوں کا ذکر خیر)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بٰرَكْنَا	برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
ذُرِّيَّتِهِمَا	ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
ظَالِمٌ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لِّنَفْسِهٖ	نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
مُبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
مَنَنَّا	ممنون، عبدالمنان۔
نَجَّيْنٰهُمَا	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
الْكَرْبِ	کرب، کرب وبلا۔
الْعَظِيْمِ	اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
نَصَرْنٰهُمْ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
الْغٰلِبِيْنَ	غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
الْمُسْتَبِيْنَ	بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔
هَدَيْنٰهُمَا	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
الصِّرَاطَ	صراط مستقیم، پل صراط۔
الْمُسْتَقِيْمَ	صراط مستقیم، خط مستقیم، استقامت۔
تَرَكْنَا	ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترک تعلق۔

وَ	بٰرَكْنَا ①	عَلَيْهِ	وَ	عَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ	وَ
اور	ہم نے برکت نازل کی	اس پر	اور	اسحاق پر	اور

مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا ②	مُحْسِنٌ ③④	وَّظَالِمٌ ④⑤	لِّنَفْسِهٖ ⑥
اُن دونوں کی اولاد میں سے	کوئی نیکی کرنے والا	اور کوئی ظلم کرنے والا	اپنے نفس پر

ع 3 39 7

مُبِيْنٌ ﴿113﴾ ع	وَلَقَدْ	مَنَنَّا	عَلٰى مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ ﴿114﴾ ج
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿35﴾	بے شک تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے۔ ﴿35﴾
فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ	پس ہم نے تابع کر دیا اس کے لیے ہوا کو
تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ	وہ چلتی تھی اس کے حکم سے
رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿36﴾	نرمی سے جہاں وہ پہنچانا چاہتا۔ ﴿36﴾
وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ	اور شیطانوں (جنات) کو (جو) ہر طرح کے عمارت بنانے والے
وَّغَوَّاصٍ ﴿37﴾ وَّاٰخَرِيْنَ	اور غوطہ لگانے والے (تھے)۔ ﴿37﴾ اور کچھ دوسروں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَنَّا : فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	لِاَحَدٍ : لہٰذا، الحمدللہ/ واحد، احد، توحید۔
اَلْقَيْنَا : القاء کرنا۔	فَسَخَّرْنَا : مسخر، تسخیر۔
جَسَدًا : جسد، اجساد، جسد خاکی۔	الرِّيْحَ : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
اَنَابَ : انابت الی اللہ۔	تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
قَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	بِاَمْرِهٖ : امر، آمر، مامور، امور۔
اغْفِرْ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
هَبْ : ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔	كُلَّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مُلْكًا : مالک المُلک، مُلک وملت، ملوکیت۔	اٰخَرِيْنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔

وَ	لَقَدْ	فَتَنَّا	سُلَيْمٰنَ	وَاَلْقَيْنَا	عَلٰى كُرْسِيِّهٖ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے آزمایا	سلیمان (کو)	اور ہم نے ڈالا	اس کی کرسی (تخت) پر

جَسَدًا ①	ثُمَّ اَنَابَ ﴿34﴾	قَالَ	رَبِّ ②	اغْفِرْ ③	لِيْ
ایک دھڑ	پھر اس نے رجوع کیا	کہا	(اے میرے) رب	تو بخش دے	مجھ کو

وَ	هَبْ	لِيْ	مُلْكًا ①	لَّا يَنْۢبَغِيْ
اور	تو عطا کر	مجھ کو	ایک (ایسی) بادشاہی	نہ وہ لائق ہو

لِاَحَدٍ ①	مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ ④	اِنَّكَ	اَنْتَ الْوَهَّابُ ⑤ ﴿35﴾
کسی ایک کے لیے	میرے بعد	بے شک تو	تو ہی بہت عطا کرنے والا (ہے)

فَسَخَّرْنَا	لَهُ	الرِّيْحَ	تَجْرِيْ ⑥	بِاَمْرِهٖ
پس ہم نے تابع کر دیا	اس کے لیے	ہوا (کو)	وہ چلتی تھی	اس کے حکم سے

رُخَآءً	حَيْثُ	اَصَابَ ﴿36﴾ لا	وَ	الشَّيٰطِيْنَ
نرمی (سے)	جہاں	وہ پہنچانا چاہتا	اور	شیطانوں (کو)

كُلَّ	بَنَّآءٍ ⑦	وَّغَوَّاصٍ ⑦ ﴿37﴾ لا	وَّاٰخَرِيْنَ
ہر (طرح کے)	عمارت بنانے والے	اور غوطہ لگانے والے	اور (کچھ) دوسروں (کو)

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کسی گیا ہے۔ ② یہ دراصل یَارَبِّیْ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرے ہوئے ہیں۔ ③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
④ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑤ اَنْتَ کے بعد اَلْ والا اسم ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ تـ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿38﴾ — (جو) جکڑے ہوئے تھے زنجیروں میں۔ ﴿38﴾

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ — (ہم نے کہا) یہ ہماری عطا ہے پس (چاہو تو) احسان کرو

اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿39﴾ — یا (چاہو تو) روکے رکھو کسی حساب کے بغیر۔ ﴿39﴾

وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا — اور بے شک اس کے لیے ہمارے ہاں

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿40﴾ — یقیناً بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔ ﴿40﴾

ع 3/14/12 وقف لازم

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ — اور یاد کیجئے ہمارے بندے ایوب کو

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ — جب اس نے پکارا اپنے رب کو

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ — کہ بے شک مجھے پہنچایا ہے مجھے شیطان نے

بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿41﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ — دکھ اور تکلیف۔ ﴿41﴾ (تو اللہ نے فرمایا) تو اپنا پاؤں مار

هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿42﴾ — یہ (پانی) ہے نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو (شیریں)۔ ﴿42﴾

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ — اور ہم نے عطا کر دیے اسے اس کے گھر والے

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ — اور ان جیسے ان کے ساتھ (اور بھی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي : فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔ — اذْكُرْ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
هٰذَا : لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔ — عَبْدَنَآ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
عَطَآؤُنَا : عطیہ، عطاء، عطیات۔ — نَادٰى : ندا، منادی، ندائے ملت۔
فَامْنُنْ : ممنون، عبدالمنان۔ — مَسَّنِيَ : مس، مساس۔
اَمْسِكْ : امساک۔ — مُغْتَسَلٌۢ : غسل، غسیل الملائکہ، غسل خانہ۔
حِسَابٍ : حساب، بغیر حساب، حساب و کتاب۔ — شَرَابٌ : شراب، شربت، مشروب، اکل و شرب۔
عِنْدَنَا : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔ — وَهَبْنَا : ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔
حُسْنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔ — مَّعَهُمْ : مع اہل و عیال، معیت، مع دوست و احباب۔

مُقَرَّنِيْنَ ①	فِي الْاَصْفَادِ 38	هٰذَا	عَطَآؤُنَا
(جو) سب جکڑے ہوئے	زنجیروں میں	یہ	ہماری عطا (بخشش)

فَامْنُنْ ②	اَوْ	اَمْسِكْ ②	بِغَيْرِ حِسَابٍ ③ 39	وَاِنَّ
پس (چاہو تو) احسان کرو	یا	روک رکھو	کسی حساب کے بغیر	اور بیشک

لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى ④	وَحُسْنَ	مَاٰبٍ 40 ع	وَ
اس کے لیے	ہمارے ہاں	یقیناً بڑا قرب	اور اچھا	ٹھکانا	اور

ع 3 14 12

اذْكُرْ ②	عَبْدَنَآ	اَيُّوْبَ ۘ	اِذْ	نَادٰى	رَبَّهٗٓ
آپ یاد کیجیے	ہمارے بندے	ایوب (کو)	جب	اس نے پکارا	اپنے رب کو

وقف لازم

اَنِّيْ	مَسَّنِيَ ⑤	الشَّيْطٰنُ ⑥	بِنُصْبٍ ⑦	وَّ	عَذَابٍ 41 ط
کہ بیشک میں	چھوا (پہنچایا) ہے مجھے	شیطان (نے)	دکھ سے	اور	تکلیف (سے)

اُرْكُضْ ②	بِرِجْلِكَ ۚ ⑦	هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ	بَارِدٌ	وَّشَرَابٌ 42
(تو اللہ نے فرمایا) تو مار	اپنے پاؤں کو	یہ نہانے (کو)	ٹھنڈا	اور پینے کو

وَ	وَهَبْنَا ⑧	لَهٗٓ	اَهْلَهٗ	وَمِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ
اور	ہم نے عطا کردیے	اس کو	اس کے گھر والے	اور ان جیسے	ان کے ساتھ

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔② فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ لَ لفظ کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑤ فعل کے آخر میں یِ آئے تو فعل اور اس یِ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑧ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

رَحْمَةً مِّنَّا	اپنی طرف سے (خاص) رحمت سے
وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿43﴾	اور عقل والوں کی نصیحت کے لیے۔ ﴿43﴾
وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا	اور پکڑ اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا تنکوں کا (یعنی جھاڑو)
فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ	پس مار اس کے ساتھ (اپنی بیوی کو) اور نہ قسم توڑ
اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ	بے شک ہم نے پایا ہے اسے صبر کرنے والا
نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿44﴾	(وہ) اچھا بندہ تھا یقیناً وہ بہت رجوع کرنے والا تھا۔ ﴿44﴾
وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ	اور یاد کیجیے ہمارے بندوں ابراہیم
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ	اور اسحاق اور یعقوب کو (وہ) ہاتھوں (طاقت) والے
وَالْاَبْصَارِ ﴿45﴾	اور آنکھوں (بصیرت) والے تھے۔ ﴿45﴾
اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ	بے شک ہم نے چن لیا انہیں
بِخَالِصَةٍ	ایک خاص صفت کے ساتھ (وہ ہے آخرت کے
ذِكْرَى الدَّارِ ﴿46﴾ وَ اِنَّهُمْ عِنْدَنَا	گھر کی یاد۔ ﴿46﴾ اور بے شک وہ ہمارے نزدیک

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَحْمَةً	رحمت، رحیم، رحمٰن۔	صَابِرًا	صبر، صابر و شاکر، صبر و تحمل۔
مِّنَّا	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	نِعْمَ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
ذِكْرٰى	ذکر، اذکار، تذکرہ۔	عِبٰدَنَآ	عبد، عابد، عباد الرحمن۔
لِاُولِي	اولوا العزم، اولوا العلم۔	الْاَيْدِيْ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خُذْ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	الْاَبْصَارِ	سمع و بصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔
بِيَدِكَ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	اَخْلَصْنٰهُمْ	خالص، خلوص، مخلص، اخلاص۔
فَاضْرِبْ	ضرب، ضرب کاری، مضروب۔	الدَّارِ	دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
وَجَدْنٰهُ	وجود، موجود، ایجاد۔	عِنْدَنَا	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔

رَحْمَةً ①	مِّنَّا	وَ	ذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿43﴾
رحمت سے	اپنی طرف سے	اور	نصیحت	عقل والوں کے لیے

وَخُذْ	بِيَدِكَ ②	ضِغْثًا ③	فَاضْرِبْ	بِّهٖ
اور تو پکڑ	اپنے ہاتھ میں	ایک مٹھا تنکوں کا (یعنی جھاڑو)	پس تو مار	اسکے ساتھ

وَ	لَا تَحْنَثْ ط ④	اِنَّا	وَجَدْنٰهُ ⑤	صَابِرًا ط
اور	نہ تو قسم توڑ	بے شک ہم	ہم نے پایا ہے اُسے	صبر کرنے والا

نِعْمَ الْعَبْدُ ط	اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ ⑥ ﴿44﴾	وَاذْكُرْ
(وہ) اچھا بندہ (تھا)	یقیناً وہ	بہت رجوع کرنے والا (تھا)	اور آپ یاد کیجیے

عِبٰدَنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ
ہمارے بندوں (میں سے)	ابراہیم	اور	اسحاق	اور	یعقوب کو

اُولِي الْاَيْدِيْ ⑦	وَالْاَبْصَارِ ﴿45﴾	اِنَّآ	اَخْلَصْنٰهُمْ ⑧
ہاتھوں (طاقت) والے	اور آنکھوں (والے)	بے شک ہم	ہم نے چن لیا انہیں

بِخَالِصَةٍ ①	ذِكْرَى الدَّارِ ج ﴿46﴾	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا
ایک خاص صفت کے ساتھ	(آخرت کے) گھر کی یاد	اور	بے شک وہ	ہمارے نزدیک

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑤ ہٗ سے پہلے اگر الف ہو تو یہ اُلٹا پیش کی بجائے صرف پیش ہُ ہو جاتا ہے۔ ⑥ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت میں بہت قوی تھے۔ ⑧ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ؕ﴿47﴾	یقیناً چنے ہوئے بہترین لوگوں میں سے تھے۔﴿47﴾
وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ	اور یاد کیجیے اسماعیل
وَالْيَسَعَ وَ ذَا الْكِفْلِ ؕ	اوریسع اور ذوالکفل کو
وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ؕ﴿48﴾	اور (یہ) سب بہترین لوگوں میں سے تھے۔﴿48﴾
هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ	یہ ایک نصیحت ہے، اور بیشک متقی لوگوں کے لیے
لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۙ﴿49﴾	یقیناً بہترین ٹھکانا ہے۔﴿49﴾
جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً	ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں، کھلے ہونگے
لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۚ﴿50﴾	ان کے لیے (ان کے) دروازے۔﴿50﴾
مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ	ان میں تکیہ لگائے ہوئے ہونگے وہ منگوا رہے ہوں گے
فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿51﴾	ان میں بہت سے پھل اور مشروبات۔﴿51﴾
وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿52﴾	اور انکے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی ہم عمر عورتیں ہونگی ﴿52﴾
هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ	یہ ہے جنکا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُصْطَفَيْنَ	مصطفیٰ، نظامِ مصطفوی۔	مُّفَتَّحَةً	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
الْاَخْيَارِ	خیرخواہی، صبح بخیر، خیر و شر، شب بخیر۔	الْاَبْوَابُ	باب، ابواب، باب خیبر۔
اذْكُرْ	ذکر، اذکار۔ تذکرہ، مذکورہ۔	مُتَّكِـِٕيْنَ	تکیہ۔
ذَا	ذوالجلال، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔	يَدْعُوْنَ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
كُلٌّ	کل نمبر، کل تعداد، کلی طور پر۔	شَرَابٍ	شراب، شربت، مشروب، اکل و شرب۔
هٰذَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس، ہذا من فضل ربی۔	عِنْدَهُمْ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
لِلْمُتَّقِيْنَ	الحمدللہ، لہٰذا/ تقویٰ، متقی۔	مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
لَحُسْنَ	حسنِ اخلاق، حسنِ معاملہ، احسان۔	تُوْعَدُوْنَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ	الْاَخْيَارِ ﴿47﴾	وَ	اذْكُرْ ①	اِسْمٰعِيْلَ
یقیناً چنے ہوئے لوگوں میں سے	بہترین لوگ	اور	آپ یاد کیجیے	اسماعیل

وَالْيَسَعَ	وَ	ذَا الْكِفْلِ	وَكُلٌّ	مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿48﴾
اوریسع	اور	ذوالکفل (کو)	اور (یہ) سب	بہترین لوگوں میں سے (تھے)

هٰذَا	ذِكْرٌ	وَاِنَّ ②	لِلْمُتَّقِيْنَ ③	لَحُسْنَ ④	مَاٰبٍ ﴿49﴾
یہ	ایک نصیحت ہے	اور بیشک	متقی لوگوں کے لیے	یقیناً بہترین	ٹھکانا (ہے)

جَنّٰتِ عَدْنٍ ⑤	مُّفَتَّحَةً ⑤	لَّهُمُ	الْاَبْوَابُ ﴿50﴾
ہمیشہ رہنے کے باغات	کھلے ہونگے	ان کے لیے	دروازے

مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا ⑥	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا ⑥	بِفَاكِهَةٍ ⑤⑦
سب تکیہ لگائے ہوئے (ہونگے)	ان میں	وہ سب منگوا رہے ہوں گے	ان میں	پھل

كَثِيْرَةٍ ⑤	وَّ	شَرَابٍ ﴿51﴾	وَ	عِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ ⑤
بہت سے	اور	مشروبات	اور	ان کے پاس	نیچی رکھنے والی

الطَّرْفِ	اَتْرَابٌ ﴿52﴾	هٰذَا	مَا	تُوْعَدُوْنَ ⑧
نگاہ	ہم عمر (بیویاں)	یہ ہے	جن کا	تم سب سے وعدہ کیا جاتا تھا

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ② اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ③ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔ ④ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔ ⑤ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ ھا واحد مؤنث کی علامت ہے لیکن کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوجاتی ہے۔ ⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿53﴾	یوم حساب کے لیے۔ ﴿53﴾
اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا	بے شک یہ یقیناً ہمارا رزق ہے
مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿54﴾	نہیں ہے اس کے لیے کبھی ختم ہونا۔ ﴿54﴾
هٰذَا ۭ وَاِنَّ	یہ (نعمتیں تو فرمانبرداروں کے لیے ہیں) اور بے شک
لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿55﴾	سرکشوں کے لیے یقیناً بہت بُرا ٹھکانا ہے۔
جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ	(یعنی) جہنم، وہ داخل ہونگے اس میں
فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿56﴾ هٰذَا ۙ	پس وہ بُری آرام گاہ ہے۔ ﴿56﴾ یہ ہے (سزا)
فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿57﴾	تو وہ چکھیں اس کو کھولتا ہوا پانی اور پیپ۔ ﴿57﴾
وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿58﴾	اور دوسرے (عذاب) اس کی مثل کئی قسم کے۔ ﴿58﴾
هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ	یہ ایک گروہ ہے (جو) داخل ہونے والا ہے
مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۭ	تمہارے ساتھ ان کو کوئی خوش آمدید نہیں
اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿59﴾	بیشک وہ داخل ہونے والے ہیں آگ میں۔ ﴿59﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْحِسَابِ	: حساب وکتاب، محتسب، احتساب۔	شَكْلِهٖٓ	: شکل وصورت، بیضوی شکل، خوش شکل۔
لِلطّٰغِيْنَ	: الحمدللہ، لہٰذا/ طغیانی۔	اَزْوَاجٌ	: زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
لَشَرَّ	: خیروشر، شریر، شرارت۔	فَوْجٌ	: فوج، افواج، فوج درفوج۔
هٰذَا	: لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔	مَّعَكُمْ	: مع اہل وعیال، معیت۔
وَ	: شان وشوکت، سحر وافطار، لیل ونہار۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فَلْيَذُوْقُوْهُ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بد ذائقہ۔	مَرْحَبًۢا	: مرحبا، اہلاً وسہلاً ومرحبا۔
اٰخَرُ	: اُخروی زندگی، اول وآخر۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

لِیَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿53﴾ الثلٰثۃ	اِنَّ	هٰذَا	لَرِزۡقُنَا ①	مَا
یوم حساب کے لیے	بے شک	یہ	یقیناً ہمارا رزق (ہے)	نہیں (ہے)

لَهٗ	مِنۡ نَّفَادٍ ﴿54﴾ ② صلے	هٰذَا ؕ	وَ	اِنَّ	لِلطّٰغِیۡنَ
اس کے لیے	(کبھی) ختم ہونا	یہ	اور	بے شک	سرکشوں کے لیے

لَشَرَّ	مَاٰبٍ ﴿55﴾ لا	جَهَنَّمَ ج	یَصۡلَوۡنَهَا ج	فَبِئۡسَ ③
یقیناً بہت بُرا	ٹھکانا (ہے)	جہنم	وہ سب داخل ہونگے اس میں	پس وہ بری ہے

الۡمِهَادُ ﴿56﴾	هٰذَا لا	فَلۡیَذُوۡقُوۡهُ ③④⑤	حَمِیۡمٌ	وَّغَسَّاقٌ ﴿57﴾ لا
آرام گاہ	یہ ہے (سزا)	تو چاہیے کہ وہ سب چکھیں اس کو	کھولتا ہوا پانی	اور پیپ

وَّ	اٰخَرُ	مِنۡ شَکۡلِهٖۤ ②	اَزۡوَاجٌ ﴿58﴾ ط	هٰذَا
اور	دوسرے (عذاب)	اس کی مثل	کئی قسم کے	یہ

فَوۡجٌ ⑥	مُّقۡتَحِمٌ ⑦	مَّعَكُمۡ ج	لَا مَرۡحَبًۢا ⑥
ایک گروہ	داخل ہونے والے	تمہارے ساتھ	کوئی خوش آمدید نہیں

بِهِمۡ ط	اِنَّهُمۡ	صَالُوا	النَّارِ ﴿59﴾
ان کو	بیشک وہ	وہ سب داخل ہونے والے (ہیں)	آگ (میں)

ضروری وضاحت

①لَ اسم، فعل اور حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔② یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔④ علامت وَ یا فَ کے بعد "لۡ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔⑤ علامت وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔⑥ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۚ	وہ کہیں گے بلکہ تم ہو (ایسے کہ)
لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ؕ	تمہارے لیے کوئی خوش آمدید نہیں
اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ	تم ہی ہمارے آگے لائے ہو اس (عذاب) کو
فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿60﴾ قَالُوْا	پس (یہ) برا ٹھکانہ ہے۔ ﴿60﴾ وہ کہیں گے
رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا	اے ہمارے رب جو اسکو ہمارے آگے لایا ہے
فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِی النَّارِ ﴿61﴾	پس زیادہ کر اسکے لیے آگ میں دگنا عذاب۔ ﴿61﴾
وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰی	اور وہ کہیں گے کیا ہوا ہمیں (کہ) ہم نہیں دیکھ رہے
رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ	ان آدمیوں کو (کہ) ہم شمار کرتے تھے انہیں
مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿62﴾	برے لوگوں میں سے۔ ﴿62﴾
اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِیًّا	کیا ہم نے بنائے رکھا انہیں مذاق (غلط طور پر)
اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿63﴾	یا پھر گئیں ہیں ان سے (ہماری) نگاہیں۔ ﴿63﴾
اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ	بے شک یہ یقیناً حق ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	نَرٰی	: رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
بَلْ	: بلکہ۔	رِجَالًا	: رجال کار، قحط الرجال۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	نَعُدُّهُمْ	: عدد، معدود، متعدد، تعداد، اعداد و شمار۔
مَرْحَبًا	: مرحبا، اہلاً و سہلاً و مرحبا۔	الْاَشْرَارِ	: خیر و شر، شریر، شرارت۔
قَدَّمْتُمُوْهُ	: مقدّم، مقدّمہ، اقدام، قدم۔	اَتَّخَذْنٰهُمْ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
الْقَرَارُ	: جائے قرار، استقرار۔	سِخْرِیًّا	: تمسخر، مسخرہ پن۔
فَزِدْهُ	: زیادہ، مزید، زائد۔	الْاَبْصَارُ	: سمع و بصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔
ضِعْفًا	: ذو اضعاف اقل۔	لَحَقٌّ	: حق گوئی، حقانیت دین اسلام۔

قَالُوْا①	بَلْ	اَنْتُمْ قف	لَا مَرْحَبًا	بِكُمْ ط
وہ سب کہیں گے	بلکہ	تم (ہو ایسے کہ)	کوئی خوش آمدید نہیں	تم کو

اَنْتُمْ	قَدَّمْتُمُوْهُ②	لَنَا③ ج	فَبِئْسَ	الْقَرَارُ (60)
تم	تم سب آگے لائے ہو اس کو	ہمارے لیے	پس برا ہے	ٹھکانہ

قَالُوْا①	رَبَّنَا④	مَنْ	قَدَّمَ	لَنَا③	هٰذَا
وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب	جو	آگے لایا ہے	ہمارے	یہ

فَزِدْهُ⑤	عَذَابًا	ضِعْفًا	فِي النَّارِ (61)	وَ	قَالُوْا①
پس زیادہ کر اسکے لیے	عذاب	دُگنا	آگ میں	اور	وہ سب کہیں گے

مَا	لَنَا③	لَا نَرٰى	رِجَالًا	كُنَّا نَعُدُّهُمْ⑥
کیا (ہوا)	ہم کو	(کہ) ہم نہیں دیکھ رہے	(ان) آدمیوں (کو)	ہم تھے شمار کرتے انہیں

مِّنَ الْاَشْرَارِ ط (62)	اَتَّخَذْنٰهُمْ	سِخْرِيًّا	اَمْ	زَاغَتْ⑦
برے لوگوں میں سے	کیا ہم نے بنائے رکھا اُنہیں	مذاق	یا	پھر گئیں ہیں

عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ (63)	اِنَّ	ذٰلِكَ⑧	لَحَقٌّ
ان سے	(ہماری) نگاہیں	بے شک	یہ	یقیناً حق (ہے)

ضروری وضاحت

① قَالُوْا فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔② تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔③ لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔⑤ ہٗ سے پہلے اگر جزم ہو تو یہ ہُ ہو جاتا ہے۔⑥ نَا اور نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔⑦ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑧ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

ع 4 24 13

تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿64﴾	اہل دوزخ کا باہم جھگڑنا۔ ﴿64﴾
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا	آپ کہہ دیجیے بے شک میں تو صرف
مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ	ایک ڈرانے والا ہوں اور نہیں کوئی سچا معبود
اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿65﴾	مگر اللہ (جو) اکیلا ہے غالب ہے۔ ﴿65﴾
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	رب ہے آسمانوں اور زمین کا
وَمَا بَيْنَهُمَا	اور جو ان دونوں کے درمیان ہے (اس کا بھی)
الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿66﴾	بہت غالب بہت بخشنے والا ہے۔
قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿67﴾	آپ کہہ دیجیے وہ ایک عظیم خبر ہے۔ ﴿66﴾
اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿68﴾	تم اس سے اعراض کرنے والے ہو۔ ﴿68﴾
مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى	نہیں تھا مجھے کچھ علم مجلسِ بالا کا
اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿69﴾	جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ ﴿69﴾
اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا	نہیں وحی کی جاتی میری طرف مگر صرف (یہ کہ) میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَخَاصُمُ،يَخْتَصِمُوْنَ : مخاصمت۔

اَهْلِ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	بَيْنَهُمَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
مُنْذِرٌ : بشارت وانذار، نذیر۔	الْغَفَّارُ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
اِلٰهٍ : الہ العالمین، توحید الوہیت، یا الٰہی۔	قُلْ : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
الْقَهَّارُ : قہر، قاہر، قہار۔	نَبَؤٌا : نبی، نبوت، انبیاء۔
السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔	عَظِيْمٌ : اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ ارض، ارض مقدس۔	مُعْرِضُوْنَ : اعراض کرنا۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماتحت۔	الْاَعْلٰٓى : اعلیٰ وارفع، وزیر اعلیٰ، عالی شان۔
	يُّوْحٰٓى : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔

تَخَاصُمُ ①	اَهْلِ النَّارِ ۝64 ع	قُلْ	اِنَّمَآ	اَنَا
باہم جھگڑنا	اہل دوزخ (کا)	آپ کہہ دیجیے	بے شک صرف	میں (تو)

مُنْذِرٌ ۖ ②③	وَّ	مَا	مِنْ اِلٰهٍ ③④	اِلَّا اللّٰهُ	الْوَاحِدُ
ایک ڈرانے والا (ہوں)	اور	نہیں	کوئی سچا معبود	مگر اللہ (جو)	ایک (ہے)

الْقَهَّارُ ۝65 ج	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
بہت غالب (ہے)	رب (ہے)	آسمانوں	اور زمین (کا)	اور جو	ان دونوں کے درمیان

الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ ۝66	قُلْ	هُوَ	نَبَؤٌا	عَظِيْمٌ ۝67 لا
بہت غالب	بہت بخشنے والا (ہے)	آپ کہہ دیجیے	وہ	ایک خبر	عظیم

اَنْتُمْ	عَنْهُ ⑤	مُعْرِضُوْنَ ② ۝68	مَا	كَانَ	لِيَ
تم	اس سے	سب اعراض کرنے والے ہو	نہیں	تھا	مجھ کو

مِنْ عِلْمٍ ③④	بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ ۝69
کوئی علم	مجلسِ بالا کا	جب	وہ سب آپس میں جھگڑ رہے تھے

اِنْ ⑥	يُّوْحٰٓى ⑦	اِلَيَّ ⑧	اِلَّآ	اَنَّمَآ	اَنَا
نہیں	وحی کی جاتی	میری طرف	مگر	صرف (یہ کہ)	میں

ضروری وضاحت

①اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
⑤ ہٗ سے پہلے اگر جزم ہو تو یہ ہُ ہو جاتا ہے۔⑥ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ اِلَيَّ دراصل اِلٰى + يَ کا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿70﴾	کھول کر ڈرانے والا ہوں۔ ﴿70﴾
اِذۡ قَالَ رَبُّكَ لِلۡمَلٰٓئِكَةِ	جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے
اِنِّىۡ خَالِـقٌۢ بَشَرًا	بے شک میں پیدا کرنے والا ہوں ایک انسان
مِّنۡ طِيۡنٍ ﴿71﴾ فَاِذَا سَوَّيۡتُهٗ	مٹی سے۔ ﴿71﴾ تو جب میں درست کرلوں اسے
وَنَفَخۡتُ فِيۡهِ مِنۡ رُّوۡحِىۡ	اور میں پھونک دوں اس میں اپنی روح سے
فَقَعُوۡا لَهٗ سٰجِدِيۡنَ ﴿72﴾	تو تم گر جاؤ اس کے لیے سجدہ کرتے ہوئے۔ ﴿72﴾
فَسَجَدَ الۡمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمۡ اَجۡمَعُوۡنَۙ ﴿73﴾	تو سجدہ کیا اُن سب فرشتوں نے اکٹھے۔ ﴿73﴾
اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ اِسۡتَكۡبَرَ	سوائے ابلیس کے، اس نے تکبر کیا
وَكَانَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿74﴾	اور وہ ہوگیا کافروں میں سے۔ ﴿74﴾
قَالَ يٰۤاِبۡلِيۡسُ مَا مَنَعَكَ	(اللہ نے) فرمایا اے ابلیس کس (چیز) نے تجھے منع کیا
اَنۡ تَسۡجُدَ لِمَا خَلَقۡتُ	کہ تو سجدہ کرے (اس) کو جسے میں نے پیدا کیا
بِيَدَىَّ ؕ اَسۡتَكۡبَرۡتَ	اپنے ہاتھوں سے کیا تو نے تکبر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّبِيۡنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لِلۡمَلٰٓئِكَةِ : ملائکہ، ملک الموت۔
خَالِـقٌۢ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
بَشَرًا : بشر، بشری تقاضا، نور و بشر، خیر البشر۔
سَوَّيۡتُهٗ : مساوی، مساوات، خط استواء۔
نَفَخۡتُ : نفخہ اولیٰ، نفاخ، نفخ۔
فِيۡهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
سٰجِدِيۡنَ، فَسَجَدَ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔

الۡمَلٰٓئِكَةُ : ملائکہ، ملک الموت، سید الملائکہ۔
اَجۡمَعُوۡنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اِبۡلِيۡسَ : ابلیس، ذریت ابلیس، تلبیس ابلیس۔
اِسۡتَكۡبَرَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مَنَعَكَ : منع، مانع، ممنوع، ممانعت۔
خَلَقۡتُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
لِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔

نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ (70)	اِذْ قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ ①	اِنِّیْ
ڈرانے والا	کھول کر	جب کہا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	بیشک میں

خَالِقٌۢ ②	بَشَرًا	مِّنْ طِيْنٍ (71)	فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ
پیدا کرنے والا (ہوں)	ایک انسان	مٹی سے	تو جب	میں درست کرلوں اسے

وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِیْ ③	فَقَعُوْا	لَهٗ
اور میں پھونک دوں	اس میں	اپنی روح سے	تو تم سب گر جاؤ	اس کے لیے

سٰجِدِيْنَ (72)	فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ ④	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ (73) لا
سب سجدہ کرتے ہوئے	تو سجدہ کیا	فرشتوں (نے)	ان سب نے	سب اکٹھے

اِلَّآ	اِبْلِيْسَ ط	اِسْتَكْبَرَ	وَكَانَ ⑤	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (74)
سوائے	ابلیس (کے)	اس نے تکبر کیا	اور وہ ہوگیا	کافروں میں سے

قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا ⑥	مَنَعَكَ	اَنْ	تَسْجُدَ
(اللہ نے) فرمایا	اے ابلیس	کس (چیز) نے	تجھے منع کیا	کہ	تو سجدہ کرے

لِمَا	خَلَقْتُ	بِيَدَیَّ ط ⑦	اَ	سْتَكْبَرْتَ ⑧
(اس) کو جسے	میں نے پیدا کیا	اپنے ہاتھوں سے	کیا	تو نے تکبر کیا

ضروری وضاحت

① قَالَ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔② فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسکا فاعل ہوتا ہے۔⑤ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا کبھی ہوگیا بھی کیا جاتا ہے۔⑥ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ بِیَدَیَّ اصل میں بِیَدَیْ + یَ تھا دونوں یَ کو ملا کر شدّ دی گئی ہے۔⑧ اصل میں اَاِسْتَکْبَرْتَ تھا تخفیف کے لیے دوسرا ''اِ'' گرایا گیا ہے۔

اَمۡ كُنۡتَ مِنَ الۡعَالِيۡنَ ﴿75﴾	یا تو تھا اونچے لوگوں میں سے۔ ﴿75﴾
قَالَ اَنَا خَيۡرٌ مِّنۡهُ ؕ	اس نے کہا میں بہتر ہوں اس سے
خَلَقۡتَنِىۡ مِنۡ نَّارٍ	(کیونکہ) تو نے پیدا کیا ہے مجھے آگ سے
وَّخَلَقۡتَهٗ مِنۡ طِيۡنٍ ﴿76﴾	اور تو نے پیدا کیا اسے مٹی سے۔ ﴿76﴾
قَالَ فَاخۡرُجۡ مِنۡهَا	(اللہ نے) فرمایا پھر تو نکل جا اس سے (یعنی اس مقام سے)
فَاِنَّكَ رَجِيۡمٌ ۚ ﴿77﴾ وَّاِنَّ	پس بے شک تو مردود ہے۔ ﴿77﴾ اور بے شک
عَلَيۡكَ لَعۡنَتِىۡۤ اِلٰى يَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿78﴾	تجھ پر میری لعنت ہے یوم جزا تک۔ ﴿78﴾
قَالَ رَبِّ فَاَنۡظِرۡنِىۡۤ	اس نے کہا اے میرے رب پھر تو مہلت دے مجھے
اِلٰى يَوۡمِ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿79﴾	اس دن تک (جس میں) یہ سب اٹھائے جائیں گے۔ ﴿79﴾
قَالَ فَاِنَّكَ	(اللہ نے) فرمایا تو بے شک تو
مِنَ الۡمُنۡظَرِيۡنَ ۙ ﴿80﴾	مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے۔ ﴿80﴾
اِلٰى يَوۡمِ الۡوَقۡتِ الۡمَعۡلُوۡمِ ﴿81﴾	مقرر وقت کے دن تک۔ ﴿81﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِيَدَىَّ	: ید بیضا، یدطولیٰ، رفع الیدین۔	رَجِيۡمٌ	: رجم، رجیم، حد رجم۔
الۡعَالِيۡنَ	: عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔	عَلَيۡكَ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	لَعۡنَتِىۡۤ	: لعن طعن، لعنت، لعین، ملعون۔
خَيۡرٌ	: جزائے خیر، خیریت، خیروشر۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔
مِّنۡهُ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَوۡمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
خَلَقۡتَنِىۡ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يُبۡعَثُوۡنَ	: بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
نَّارٍ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	الۡوَقۡتِ	: میقاتِ حج، وقت، اوقات۔
فَاخۡرُجۡ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	الۡمَعۡلُوۡمِ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

أَمْ كُنْتَ ①	مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿75﴾	قَالَ	أَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ ط
یا تو تھا	اُونچے لوگوں میں سے	اس نے کہا	میں	بہتر (ہوں)	اس سے

خَلَقْتَنِيْ ②	مِنْ نَّارٍ	وَّخَلَقْتَهٗ	مِنْ طِيْنٍ ﴿76﴾
تو نے پیدا کیا ہے مجھے	آگ سے	اور تو نے پیدا کیا اسے	مٹی سے

قَالَ	فَاخْرُجْ ③	مِنْهَا	فَإِنَّكَ	رَجِيْمٌ ﴿77﴾ ج
(اللہ نے) فرمایا	پھر تو نکل جا	اس سے	پس بے شک تو	مردود

وَّإِنَّ	عَلَيْكَ	لَعْنَتِيْٓ	إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿78﴾
اور بے شک	تجھ پر	میری لعنت (ہے)	یوم جزا تک

قَالَ	رَبِّ ④	فَأَنْظِرْنِيْٓ ②③	إِلٰى يَوْمِ
اس نے کہا	(اے) میرے رب	پھر تو مہلت دے مجھے	اس دن تک

يُبْعَثُوْنَ ⑤ ﴿79﴾	قَالَ	فَإِنَّكَ ③
(جس میں) وہ سب اٹھائے جائیں گے	(اللہ نے) فرمایا	تو بے شک تو

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ⑥ ﴿80﴾ لا	إِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿81﴾
مہلت دیے جانے والوں میں سے	مقرر وقت کے دن تک

ضروری وضاحت

①علامت اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔②فعل کے ساتھ علامت یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ ضرور کیا جاتا ہے۔③ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو کبھی پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔④ رَبِّ اصل میں یَارَبِّیْ تھا شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہیں۔⑤ علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ	اس نے کہا پس تیری عزت کی قسم
لَاُغْوِيَنَّهُمْ	میں ضرور بالضرور گمراہ کروں گا انہیں
اَجْمَعِيْنَ ﴿82﴾	سب کے سب کو۔ ﴿82﴾
اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ	سوائے ان میں سے تیرے (اُن) بندوں کے (جو)
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿83﴾ قَالَ	خالص کیے (چُنے) ہوئے ہیں۔ ﴿83﴾ (اللہ نے) فرمایا
فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿84﴾	تو حق (یہ) ہے اور میں حق بات ہی کہتا ہوں۔ ﴿84﴾
لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ	(کہ) بلاشبہ ضرور میں بھر دونگا جہنم کو تجھ سے
وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ	اور ان سے جنہوں نے ان میں سے تیری پیروی کی
اَجْمَعِيْنَ ﴿85﴾	سب کے سب سے۔ ﴿85﴾
قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ	آپ کہہ دیجیے میں تم سے نہیں مانگتا اس پر کوئی اجرت
وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿86﴾	اور نہ میں تکلّف کرنے والوں میں سے ہوں۔ ﴿86﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ	نہیں ہے وہ (قرآن) مگر ایک نصیحت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
فَبِعِزَّتِكَ : عزت، باعزت، معزز۔
لَاُغْوِيَنَّهُمْ : مغوی، اغواء کار، اغواء برائے تاوان۔
اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
عِبَادَكَ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
مِنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْمُخْلَصِيْنَ : خالص، خلوص، مخلص۔
تَبِعَكَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَسْئَلُكُمْ : سوال، سائل، مسئول۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَجْرٍ : اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔
الْمُتَكَلِّفِيْنَ : تکلّف، تکلیف، مکلّف۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
ذِكْرٌ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔

قَالَ	فَبِعِزَّتِكَ ①	لَاُغْوِيَنَّهُمْ ②③
اس نے کہا	پس تیری عزت کی قسم	میں ضرور بالضرور گمراہ کروں گا انہیں

اَجْمَعِيْنَ ④ ﴿82﴾ لا	اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ
سب کے سب (کو)	سوائے	تیرے ان بندوں کے (جو)	ان میں سے

الْمُخْلَصِيْنَ ⑤ ﴿83﴾	قَالَ	فَالْحَقُّ ① ز	وَ	الْحَقَّ
سب خالص کیے (چنے) ہوئے	فرمایا	تو حق (یہ ہے)	اور	حق بات (ہی)

اَقُوْلُ ﴿84﴾ ج	لَاَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنْكَ	وَمِمَّنْ ⑥
میں کہتا ہوں	(کہ) بلاشبہ ضرور میں بھر دوں گا	جہنم (کو)	تجھ سے	اور ان سے جنھوں نے

تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	اَجْمَعِيْنَ ﴿85﴾	قُلْ	مَآ
تیری پیروی کی	ان میں سے	سب کے سب (سے)	آپ کہہ دیجیے	نہیں

اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ ⑦⑧	وَّمَآ	اَنَا
میں تم سے مانگتا	اس پر	کوئی اُجرت	اور نہ	میں

مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿86﴾	اِنْ ⑨	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ ⑧
تکلّف کرنے والوں میں سے ہوں	نہیں	وہ (قرآن)	مگر	ایک نصیحت

ضروری وضاحت

①فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔②فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔③هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔④اَجْمَعِيْنَ لفظی تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑤اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہے۔⑥مِمَّنْ دراصل مِنْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔⑦یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑨اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾ وَ لَتَعْلَمُنَّ — تمام جہانوں کے لیے ﴿87﴾ اور بلاشبہ ضرور تم جان لوگے

نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿88﴾ ع — اس کی خبر کچھ وقت کے بعد۔ ﴿88﴾

ع 5 24 14

اٰیَاتُهَا 75 — 39 سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ 59 — رُكُوْعَاتُهَا 8

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ — (یہ) نازل کردہ کتاب ہے اللہ کی طرف سے

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿1﴾ — (جو) بہت غالب بڑا حکمت والا ہے۔ ﴿1﴾

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ — بلاشبہ ہم نے نازل کی ہے آپ کی طرف

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ — (یہ) کتاب حق کے ساتھ پس عبادت کیجیے اللہ کی

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿2﴾ ط — خالص کرتے ہوئے اسکے لیے دین (بندگی) کو۔ ﴿2﴾

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ط — خبردار اللہ کے لیے ہے خالص عبادت

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ م — اور جنھوں نے بنا رکھے ہیں اسکے سوا (اور) کارساز

وقف لازم

مَا نَعْبُدُهُمْ — (اور کہتے ہیں کہ) نہیں ہم عبادت کرتے ان کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّلْعٰلَمِيْنَ : الحمدللہ، لہٰذا/ اقوام عالم، رحمۃ اللعلمین۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
لَتَعْلَمُنَّ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
نَبَاَهٗ : نبی، نبوت، انبیاء۔
بَعْدَ : بعد از طعام، بعد از نماز۔
تَنْزِيْلُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الْكِتٰبِ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

الْحَكِيْمِ : حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔
اِلَيْكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
بِالْحَقِّ : بالکل، بہرحال، بالمشافہ/ حق وباطل۔
فَاعْبُدِ، نَعْبُدُهُمْ : عبد، عابد، معبود، عبادت گاہ۔
مُخْلِصًا : خالص، خلوص، مخلص۔
الدِّيْنَ : دین حنیف، دین ودنیا۔
اتَّخَذُوْا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔

لِّلْعٰلَمِيْنَ (87)	وَ	لَتَعْلَمُنَّ ①	نَبَاَهٗ	بَعْدَ حِيْنٍ ② ع (88)
تمام جہانوں کے لیے	اور	بلاشبہ ضرور تم جان لوگے	اس کی خبر	کچھ وقت کے بعد

اٰیاتُھا 75 — 39 سُوْرَۃُ الزُّمَرِ مَکِّیَّۃٌ 59 — رُکُوْعاتُھا 8

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ ③
(یہ) نازل کردہ	کتاب (ہے)	اللہ (کی طرف) سے	(جو) بہت غالب

الْحَكِيْمِ ③ (1)	اِنَّآ اَنْزَلْنَآ ④⑤	اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ
بڑا حکمت والا (ہے)	بلاشبہ ہم نے نازل کیا ہے	آپ کی طرف	کتاب

بِالْحَقِّ ⑥	فَاعْبُدِ اللّٰهَ ⑦	مُخْلِصًا	لَّهُ
حق کے ساتھ	پس آپ عبادت کیجیے اللہ کی	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے

الدِّيْنَ ط (2)	اَلَا	لِلّٰهِ	الدِّيْنُ الْخَالِصُ ط	وَالَّذِيْنَ
دین (کو)	خبردار	اللہ کے لیے	خالص عبادت (ہے)	اور جن

اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ ⑧	اَوْلِيَآءَ م	مَا نَعْبُدُهُمْ
سب نے بنا رکھے ہیں	اسکے سوا	کارساز	نہیں ہم عبادت کرتے ان کی

وقف لازم

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اِنَّا کے نَا اور اَنْزَلْنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔ ⑤ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو کبھی پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔ ⑧ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ	مگر اس لیے کہ وہ ہمیں قریب کر دیں اللہ کے
زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ	بہت قریب، بیشک اللہ فیصلہ کرے گا انکے درمیان
فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۬	(اُن باتوں) میں کہ وہ اُن میں اختلاف کرتے تھے
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ	بے شک اللہ ہدایت نہیں دیتا (اسے)
مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ③	وہ جو جھوٹا بہت ناشکرا ہو۔ ③
لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا	اگر اللہ ارادہ کرتا (اس کا) کہ وہ بنائے اولاد
لَّاصْطَفٰى مِمَّا	(تو) ضرور وہ چن لیتا ان میں سے جنہیں
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ	وہ پیدا کرتا ہے جسے وہ چاہتا (لیکن) وہ تو پاک ہے
هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④	وہ اللہ اکیلا (اور) بہت غلبے والا ہے۔ ④
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ	اس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ
يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ	وہ لپیٹ دیتا ہے رات کو دن پر
وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ	اور وہی لپیٹتا ہے دن کو رات پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا مارحم ربی۔	وَلَدًا	ولادت، ولد، اولاد، مولود۔
لِيُقَرِّبُوْنَآ	قربت، قریب، قرابت۔	لَّاصْطَفٰى	مصطفٰی، نظامِ مصطفوی۔
يَحْكُمُ	حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔	يَخْلُقُ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
بَيْنَهُمْ	بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔	يَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
يَخْتَلِفُوْنَ	خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔	سُبْحٰنَهٗ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
يَهْدِيْ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسماء۔
كٰذِبٌ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	الَّيْلَ	لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
اَرَادَ	ارادہ، مرید، مراد۔	النَّهَارِ	نہار منہ، لیل ونہار۔

اِلَّا	لِيُقَرِّبُوْنَآ ①	اِلَى اللّٰهِ	زُلْفٰى ؕ	اِنَّ اللّٰهَ
مگر	اس لیے کہ وہ ہمیں قریب کر دیں	اللہ کے	بہت قریب	بیشک اللہ

يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فِيْ مَا ②	هُمْ	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ ۬ؕ
وہ فیصلہ کرے گا	انکے درمیان	(اُن باتوں) میں کہ	وہ سب	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے تھے

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ	مَنْ هُوَ	كٰذِبٌ	كَفَّارٌ ③ ۝3	لَوْ	اَرَادَ اللّٰهُ ④
بیشک اللہ	وہ ہدایت نہیں دیتا	وہ جو	جھوٹا	بہت ناشکرا (ہو)	اگر	اللہ ارادہ کرتا

اَنْ ⑤	يَّتَّخِذَ	وَلَدًا ④	لَّاصْطَفٰى	مِمَّا	يَخْلُقُ
(اسکا) کہ	وہ بنائے	اولاد	(تو) ضرور وہ چن لیتا	(اُن) میں سے جنہیں	وہ پیدا کرتا ہے

مَا ②	يَشَآءُ ۙ	سُبْحٰنَهٗ ؕ	هُوَ اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ ③ ۝4
جسے	وہ چاہتا ہے	وہ تو پاک ہے	وہ اللہ	اکیلا	بہت غلبے والا (ہے)

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ⑥	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ ⑦ ۚ	يُكَوِّرُ
اس نے پیدا کیا	آسمانوں (کو)	اور زمین (کو)	حق کے ساتھ	وہ لپیٹ دیتا ہے

الَّيْلَ ④	عَلَى النَّهَارِ	وَيُكَوِّرُ	النَّهَارَ ④	عَلَى الَّيْلِ
رات (کو)	دن پر	اور وہی لپیٹتا ہے	دن (کو)	رات پر

ضروری وضاحت

①علامت وْا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا الف گر جاتا ہے۔② مَا کا ترجمہ کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔③ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔④فعل کے بعد اسم کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔⑥ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ	اور اسی نے تابع کر رکھا ہے سورج اور چاند کو
كُلٌّ يَّجۡرِىۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ	ہر ایک چل رہا ہے ایک مقررمدّت کے لیے
اَلَا هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡغَفَّارُ ﴿5﴾	خبردار وہی نہایت غالب بہت بخشنے والا ہے۔﴿5﴾
خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ	اس نے تمہیں پیدا کیا ایک جان سے
ثُمَّ جَعَلَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا	پھر اس نے بنایا اس سے اس کا جوڑا
وَاَنۡزَلَ لَكُمۡ	اور اس نے نازل (پیدا) کیا تمہارے لیے
مِّنَ الۡاَنۡعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزۡوَاجٍ ؕ	چوپاؤں میں سے آٹھ جوڑے (نراور مادہ)
يَخۡلُقُكُمۡ فِىۡ بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِكُمۡ	وہی تمہیں پیدا کرتا ہے تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں
خَلۡقًا مِّنۡۢ بَعۡدِ خَلۡقٍ	ایک پیدائش (بناوٹ) کے بعد دوسری پیدائش میں
فِىۡ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰ لِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمۡ	تین اندھیروں میں یہ ہے اللہ تمہارا رب
لَهُ الۡمُلۡكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ	اس کی بادشاہی ہے، کوئی معبود نہیں مگر وہی
فَاَنّٰى تُصۡرَفُوۡنَ ﴿6﴾	پھر کہاں تم پھیرے جا رہے ہو۔﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَخَّرَ	: مسخر، تسخیر۔	بُطُوۡنِ	: بطن مادر۔
يَّجۡرِىۡ	: جاری، اجرا۔	اُمَّهٰتِكُمۡ	: امہات المؤمنین۔
لِاَجَلٍ	: الحمدللہ، لہٰذا/ وقت اجل، لقمہ اجل۔	ظُلُمٰتٍ	: ظلمت، بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے۔
مُّسَمًّى	: اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔	ثَلٰثٍ	: ثلث، مثلث، تثلیث، ثلاثہ، ثالث۔
الۡغَفَّارُ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	الۡمُلۡكُ	: مالک الملک، مُلک وملت، ملوکیت۔
خَلَقَكُمۡ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	اِلٰهَ	: الہ العالمین، توحید الوہیت۔
اَنۡزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	اِلَّا	: اِلّا ماشاء اللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
الۡاَنۡعَامِ	: عوام کالانعام۔	تُصۡرَفُوۡنَ	: صرف نظر۔

وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ ①	وَالْقَمَرَ ۭ ①	كُلٌّ	يَّجْرِيْ
اور اسی نے تابع کر رکھا ہے	سورج (کو)	اور چاند (کو)	ہر ایک	وہ چل رہا ہے

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ ②	اَلَا ③	هُوَ الْعَزِيْزُ ④	الْغَفَّارُ ۝5	خَلَقَكُمْ
ایک مقرر مدّت کے لیے	خبردار	وہی نہایت غالب	بہت بخشنے والا ہے	اس نے پیدا کیا تمہیں

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ⑤	ثُمَّ	جَعَلَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	وَ
ایک جان سے	پھر	اس نے بنایا	اس سے	اس کا جوڑا	اور

اَنْزَلَ	لَكُمْ	مِّنَ الْاَنْعَامِ	ثَمٰنِيَةَ ⑤⑥	اَزْوَاجٍ ۭ	يَخْلُقُكُمْ
اس نے نازل کیا	تمہارے لیے	چوپاؤں میں سے	آٹھ	جوڑے	وہی پیدا کرتا ہے تمہیں

فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ⑤	خَلْقًا ②	مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ ⑦
تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں	ایک پیدائش	دوسری پیدائش کے بعد

فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۭ ⑤	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ الْمُلْكُ ۭ
تین اندھیروں میں	یہ ہے اللہ	تمہارا رب	اس کی بادشاہی ہے

لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ ۚ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ ⑧ ۝6
کوئی معبود نہیں	مگر وہی	پھر کہاں	تم سب پھیرے جا رہے ہو

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ اَلَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، یا خبردار ہوتا ہے۔ ④ هُوَ کے بعد اَلْ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔
⑤ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ بھیڑ، بکری، اونٹ گائے نر اور مادہ مل کر آٹھ ہو گئے۔ ⑦ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑧ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِنۡ تَكۡفُرُوۡا	اگر تم ناشکری کرو گے
فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنۡكُمۡ ۟ قف	تو بے شک اللہ تم سے بے پرواہ ہے
وَلَا يَرۡضٰى لِعِبَادِهِ الۡكُفۡرَ ۚ	اور وہ پسند نہیں کرتا اپنے بندوں کے لیے ناشکری کو
وَاِنۡ تَشۡكُرُوۡا يَرۡضَهُ لَـكُمۡ ؕ	اور اگر تم شکر کرو (تو) وہ پسند کرتا ہے اسے تمہارے لیے
وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ	اور نہیں بوجھ اٹھائے گی کوئی بوجھ اٹھانے والی (جان)
وِّزۡرَ اُخۡرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ	کسی دوسری (جان) کا بوجھ، پھر تمہارے رب کی طرف ہی
مَّرۡجِعُكُمۡ فَيُنَبِّئُكُمۡ	تمہارا لوٹنا ہے تو وہ تمہیں خبر دے گا
بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ؕ اِنَّهٗ	(اس) کی جو تم عمل کرتے تھے، بے شک وہ
عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ۞7	خوب علم رکھنے والا ہے سینوں والی بات کا۔ 7
وَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ ضُرٌّ	اور جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف
دَعَا رَبَّهٗ	(تو) وہ پکارتا ہے اپنے رب کو
مُنِيۡبًا اِلَيۡهِ	اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَكۡفُرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	فَيُنَبِّئُكُمۡ	نبی، انبیاء۔
غَنِيٌّ	غنی، مستغنی، اغنیاء۔	تَعۡمَلُوۡنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
يَرۡضٰى	راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔	بِذَاتِ	ذات، ذاتی طور پر، بذات خود۔
لِعِبَادِهِ	الحمدللہ، لہٰذا/عبد، عابد، عباد الرحمن۔	الصُّدُوۡرِ	شرح صدر، ضیق الصدر، شق صدر۔
تَشۡكُرُوۡا	شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔	مَسَّ	مس، مساس۔
تَزِرُ	وزیر، وزارت، وزراء۔	ضُرٌّ	مضر صحت، ضرر رساں۔
اُخۡرٰى	اخروی زندگی، اول و آخر۔	دَعَا	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مَّرۡجِعُكُمۡ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	اِلَيۡهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنْكُمْ قف
اگر	تم سب ناشکری کرو گے	تو بے شک اللہ	بے پروا	تم سے

وَ	لَا يَرْضٰى	لِعِبَادِهِ ①	الْكُفْرَ ج	وَاِنْ
اور	نہیں وہ پسند کرتا	اپنے بندوں کے لیے	ناشکری (کو)	اور اگر

تَشْكُرُوْا	يَرْضَهُ ①	لَكُمْ ② ط	وَ	لَا تَزِرُ ③
تم سب شکر کرو	(تو) وہ پسند کرتا ہے اسے	تمہارے لیے	اور	نہیں بوجھ اٹھائے گی

وَازِرَةٌ ③④	وِّزْرَ اُخْرٰى ③ ط	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ ⑤	مَّرْجِعُكُمْ ⑤
کوئی بوجھ اٹھانے والی	دوسری کا بوجھ	پھر	تمہارے رب کی طرف	تمہارا لوٹنا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ ⑤	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ط	اِنَّهٗ
تو وہ خبر دے گا تمہیں	(اس) کی جو	تم تھے	تم سب عمل کرتے	بیشک وہ

عَلِيْمٌۢ ⑥	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (7)	وَاِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ ⑦
خوب علم رکھنے والا (ہے)	سینوں والی بات کا	اور جب	پہنچے	انسان (کو)

ضُرٌّ ④	دَعَا	رَبَّهٗ ①	مُنِيْبًا	اِلَيْهِ
کوئی تکلیف	(تو) وہ پکارتا ہے	اپنے رب کو	رجوع کرتے ہوئے	اس کی طرف

ضروری وضاحت

①ہٗ، ہٖ کا اسم کے آخر میں ترجمہ اسکا یا اپنا اور فعل کے آخر میں اسے کیا جاتا ہے۔② لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی
کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔③ ت، ۃ اور ـٰ ی مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام
ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ كُمْ کا اسم کے آخر میں ترجمہ تمھارا یا اپنا اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے
میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعۡمَةً	پھر جب وہ عطا کرتا ہے اسے کوئی نعمت
مِّنۡهُ نَسِیَ	اپنی طرف سے (تو) وہ بھول جاتا ہے (اس مصیبت کو)
مَا كَانَ يَدۡعُوۡۤا اِلَيۡهِ مِنۡ قَبۡلُ	جو وہ پکارتا تھا اس کی طرف اس سے پہلے
وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنۡدَادًا	اور ٹھہراتا ہے اللہ کے لیے شریک
لِّيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ؕ قُلۡ	تاکہ وہ گمراہ کرے اس کے راستے سے، کہہ دیجیے
تَمَتَّعۡ بِكُفۡرِكَ قَلِيۡلًا ۖ	تو فائدہ اٹھا لے اپنے کفر (ناشکری) سے تھوڑا سا
اِنَّكَ مِنۡ اَصۡحٰبِ النَّارِ ﴿8﴾	بے شک تو آگ والوں میں سے ہے۔ ﴿8﴾
اَمَّنۡ هُوَ قَانِتٌ	(کیا یہ بہتر ہے) یا وہ جو عبادت کرنے والا ہے
اٰنَآءَ الَّيۡلِ سَاجِدًا	رات کے اوقات میں سجدہ کرتے ہوئے
وَّقَآئِمًا يَّحۡذَرُ الۡاٰخِرَةَ	اور قیام کرتے ہوئے (اور) وہ ڈرتا ہے آخرت سے
وَيَرۡجُوۡا رَحۡمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلۡ	اور وہ امید رکھتا ہے اپنے رب کی رحمت کی، کہہ دیجیے
هَلۡ يَسۡتَوِى الَّذِيۡنَ يَعۡلَمُوۡنَ	کیا برابر ہو سکتے ہیں وہ (لوگ) جو علم رکھتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نِعۡمَةً	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
نَسِیَ	: نسیان، نسیاً منسیاً۔	الَّيۡلِ	: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
قَبۡلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	سَاجِدًا	: سجدہ، مسجودِ ملائکہ، ساجد۔
لِّيُضِلَّ	: ضلالت و گمراہی۔	قَآئِمًا	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
سَبِيۡلِهٖ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	يَرۡجُوۡا	: امید و رجا، بیم و رجا۔
قُلۡ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	رَحۡمَةَ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
تَمَتَّعۡ	: متاعِ کارواں، مال و متاع۔	يَسۡتَوِى	: مساوی، مساوات، خطِ استواء۔
قَلِيۡلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔	يَعۡلَمُوۡنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

ثُمَّ اِذَا	خَوَّلَهٗ	نِعْمَةً ①②	مِّنْهُ	نَسِيَ	مَا كَانَ
پھر جب	وہ عطا کرے اسے	کوئی نعمت	اپنی طرف سے	وہ بھول جاتا ہے	جو تھا

يَدْعُوْٓا	اِلَيْهِ	مِنْ قَبْلُ	وَجَعَلَ	لِلّٰهِ
وہ پکارتا	اس کی طرف	(اس) سے پہلے	اور ٹھہراتا ہے	اللہ کے لیے

اَنْدَادًا	لِّيُضِلَّ ③	عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ	قُلْ ④	تَمَتَّعْ ⑤
کئی شریک	تاکہ وہ گمراہ کرے	اس کے راستے سے	آپ کہہ دیجیے	تو فائدہ اٹھالے

بِكُفْرِكَ	قَلِيْلًا ۖ	اِنَّكَ	مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝8	اَمَّنْ ⑥	هُوَ
اپنے کفر (ناشکری) سے	تھوڑا سا	بیشک تو	آگ والوں میں سے ہے	یا جو	وہ

قَانِتٌ	اٰنَآءَ الَّيْلِ	سَاجِدًا	وَّقَآئِمًا
عبادت کرنے والا (ہے)	رات کے اوقات (میں)	سجدہ کرتے ہوئے	اور قیام کرتے ہوئے

يَّحْذَرُ	الْاٰخِرَةَ ①	وَيَرْجُوْا	رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ ①	قُلْ
وہ ڈرتا ہے	آخرت سے	اور وہ امید رکھتا ہے	اپنے رب کی رحمت کی	آپ کہہ دیجیے

هَلْ	يَسْتَوِي	الَّذِيْنَ ⑦	يَعْلَمُوْنَ
کیا	وہ برابر ہو سکتے ہیں	(وہ لوگ) جو	وہ سب علم رکھتے ہیں

ضروری وضاحت

①علامت ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔③فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔④ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق "و" کو گرایا گیا ہے۔⑤ علامت تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥اَمَّنْ دراصل اَمْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔⑦ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا	اور وہ (لوگ) جو علم نہیں رکھتے، بے شک صرف
يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ؑ ﴿9﴾	عقل والے ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ ﴿9﴾
قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	کہہ دیجیے اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو
اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ	اپنے رب سے ڈرو، (اُن لوگوں) کے لیے جنہوں نے
اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ	اس دنیا میں اچھے کام کیے بھلائی ہے
وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ	اور اللہ کی زمین وسیع ہے
اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ	بے شک صرف صبر کرنے والوں کو ہی
اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿10﴾	انکا اجر پورا پورا دیا جائے گا بغیر حساب کے۔ ﴿10﴾
قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ	کہہ دیجیے بے شک میں حکم دیا گیا ہوں
اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ	کہ میں اللہ کی عبادت کروں
مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۙ ﴿11﴾	خالص کرتے ہوئے اسکے لیے دین (بندگی) کو۔ ﴿11﴾
وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ	اور میں حکم دیا گیا ہوں اس کا کہ میں ہو جاؤں

ع 1/9 15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَذَكَّرُ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ، تذکیر۔
اُولُوا : اولوا العزم، اولوا العلم۔
يٰعِبَادِ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
اٰمَنُوا : ایمان، مومن، امن۔
اتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔
اَحْسَنُوْا : احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔
اَرْضُ : ارض و سماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
وَاسِعَةٌ : وسعت، توسیع، وسیع و عریض۔
يُوَفَّى : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
الصّٰبِرُوْنَ : صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔
بِغَيْرِ : بغیر، اجازت کے بغیر، غیر مطمئن۔
قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
اُمِرْتُ : امر، آمر، مامور، امور۔
اَعْبُدَ : عبد، عابد، معبود، عبادت گاہ۔
مُخْلِصًا : خالص، خلوص، مخلص۔

وَالَّذِیْنَ ①	لَا یَعْلَمُوْنَ ط ②	اِنَّمَا ③	یَتَذَکَّرُ ④
اور (وہ لوگ) جو	نہیں وہ سب علم رکھتے	بیشک صرف	وہ نصیحت قبول کرتے ہیں

ع 1 9 15

اُولُوا الْاَلْبَابِ ع ⑨	قُلْ	یٰعِبَادِ ⑤	الَّذِیْنَ ①	اٰمَنُوا
عقل والے (ہی)	آپ کہہ دیجیے	اے (میرے) بندو	جو	سب ایمان لائے ہو

اتَّقُوْا	رَبَّکُمْ ط	لِلَّذِیْنَ ①	اَحْسَنُوْا	فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا
تم سب ڈرو	اپنے رب سے	ان (لوگوں) کے لیے جن	سب نے اچھے کام کیے	اس دنیا میں

حَسَنَةٌ ⑥ ط	وَ	اَرْضُ اللّٰهِ	وَاسِعَةٌ ⑥ ط	اِنَّمَا ③	یُوَفَّی ⑦
بھلائی (ہے)	اور	اللہ کی زمین	وسیع ہے	بے شک صرف	پورا پورا دیا جائے گا

الصّٰبِرُوْنَ	اَجْرَهُمْ	بِغَیْرِ حِسَابٍ ⑩	قُلْ
صبر کرنے والوں کو	ان کا اجر	بغیر حساب کے	آپ کہہ دیجیے

اِنِّیْٓ	اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	اللّٰهَ	مُخْلِصًا
بیشک میں	میں حکم دیا گیا ہوں	کہ	میں عبادت کروں	اللہ کی	خالص کرتے ہوئے

لَّهُ	الدِّیْنَ ⑪ لا	وَ	اُمِرْتُ	لِاَنْ	اَکُوْنَ
اس کے لیے	دین (بندگی) کو	اور	میں حکم دیا گیا ہوں	(اس) کا کہ	میں ہو جاؤں

ضروری وضاحت

① الَّذِیْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ اِنَّمَا، اِنَّ کیساتھ اگر مَا آجائے تو اس میں صرف یا بس کا مفہوم شامل ہوتا ہے۔④ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑤ یہ اصل میں یٰعِبَادِیْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔⑥ ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿12﴾	فرمانبرداروں میں سے اوّل۔ ﴿12﴾
قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ	آپ کہہ دیجیے بے شک میں ڈرتا ہوں
اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ	(کہ) اگر میں نافرمانی کروں اپنے رب کی
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿13﴾ قُلِ	بڑے دن کے عذاب سے۔ ﴿13﴾ آپ کہہ دیجیے
اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا	میں تو اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں خالص کرتے ہوئے
لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿14﴾	اسکے لیے اپنے دین (بندگی) کو۔ ﴿14﴾
فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ	تو تم عبادت کرتے رہو جس کی تم چاہو اس کے سوا
قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ	کہہ دیجیے بیشک (اصل) خسارہ اٹھانے والے (تو وہ ہیں)
الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ	جنہوں نے خسارے میں ڈالا اپنے آپ کو
وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن
اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿15﴾	خبردار یہی صریح خسارہ ہے۔ ﴿15﴾
لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ	انکے لیے انکے اوپر سے آگ کے سائبان ہونگے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُسْلِمِيْنَ : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
اَخَافُ : خوف، خائف، خوف وہراس۔
عَصَيْتُ : معصیت، عاصی، غم عصیاں، معاصی۔
يَوْمٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
عَظِيْمٍ : اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
شِئْتُمْ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔

الْخٰسِرِيْنَ، الْخُسْرَانُ : خسارہ، خائب وخاسر۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اَهْلِيْهِمْ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
الْمُبِيْنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
فَوْقِهِمْ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
ظُلَلٌ : ظل سبحانی، ظل ہما۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
النَّارِ : نوری ناری مخلوق۔

اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ⑫	قُلْ ①	اِنِّیْٓ اَخَافُ ②	اِنْ
فرمانبرداروں میں سے اوّل	آپ کہہ دیجیے	بے شک میں ڈرتا ہوں	اگر

عَصَيْتُ	رَبِّیْ ③	عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ⑬	قُلِ
میں نافرمانی کروں	اپنے رب کی	بڑے دن کے عذاب سے	آپ کہہ دیجیے

اللّٰهَ اَعْبُدُ ④	مُخْلِصًا	لَّهٗ	دِيْنِیْ ⑭ لا
میں تو اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے	اپنے دین (کو)

فَاعْبُدُوْا	مَا	شِئْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ ط ⑤	قُلْ	اِنَّ
تو تم سب عبادت کرتے رہو	جس کی	تم چاہو	اس کے سوا	آپ کہہ دیجیے	بیشک

الْخٰسِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَاَهْلِيْهِمْ
سب خسارہ اٹھانے والے	(تو وہ ہیں) جن	سب نے خسارے میں ڈالا	اپنے آپ (کو)	اور اپنے گھر والوں کو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط	اَلَا	ذٰلِكَ ⑥	هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑦ ⑮
قیامت کے دن	خبردار	یہ	ہی صریح خسارہ ہے

لَهُمْ	مِّنْ فَوْقِهِمْ	ظُلَلٌ	مِّنَ النَّارِ
ان کے لیے	ان کے اوپر سے	سائبان (ہوں گے)	آگ سے

ضروری وضاحت

① قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق وکو گرایا گیا ہے۔② اِنِّیْ کی یْ اور اَخَافُ کے ا دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔③ یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ گرامر کے اصول کے مطابق اَللّٰهَ مفعول ہے جو فعل کے بعد آتا ہے اگر فعل سے پہلے آئے تو اس جملے میں زور پیدا ہو جاتا ہے۔⑤ لفظ دون سے پہلے مِنْ ہو کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ ذٰلِكَ کا ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑦ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ	اور ان کے نیچے سے (بھی) سائبان ہونگے
ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ	یہ (وہ ہے) جس سے اللہ ڈراتا ہے اپنے بندوں کو
يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿16﴾	اے (میرے) بندو! پس تم ڈرو مجھ سے۔ ﴿16﴾
وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ	اور وہ لوگ جو بچے رہے طاغوت سے
اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْۤا	کہ وہ عبادت کریں اس کی اور انہوں نے رجوع کیا
اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ	اللہ کی طرف، ان کے لیے خوشخبری ہے
فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿17﴾	سو خوشخبری دے دیں (میرے) بندوں کو۔ ﴿17﴾
الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ	(وہ لوگ) جو سنتے ہیں بات کو
فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ	پھر وہ پیروی کرتے ہیں اس میں سے اچھی بات کی
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ	یہی (لوگ ہیں) جنہیں ہدایت دی اللہ نے
وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿18﴾	اور یہی لوگ ہی عقل والے ہیں۔ ﴿18﴾
اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ	پھر (بھلا) کیا جو (شخص) ثابت ہوگئی اس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَحْتِهِمْ : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔
ظُلَلٌ : ظل سبحانی، ظل ہما۔
يُخَوِّفُ : خوف، خائف، خوف و ہراس۔
عِبَادَهٗ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
فَاتَّقُوْنِ : تقویٰ، متقی۔
اجْتَنَبُوا : اجتناب۔
الطَّاغُوْتَ : طاغوت، طواغیت، طاغوتی طاقتیں۔
يَّعْبُدُوْهَا : معبود، عبادت گاہ۔
اَنَابُوْۤا : انابت الی اللہ۔
اِلَى : مرسل الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔
الْبُشْرٰى، فَبَشِّرْ : بشارت، مبشر، بشیر۔
يَسْتَمِعُوْنَ : سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
فَيَتَّبِعُوْنَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَحْسَنَهٗ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
هَدٰىهُمُ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اُولُوا : اولوا العزم، اولوا العلم۔

وَ	مِنْ تَحْتِهِمْ	ظُلَلٌ ؕ	ذٰلِكَ ①	يُخَوِّفُ	اللّٰهُ	بِهٖ
اور	ان کے نیچے سے	سائبان (ہونگے)	یہ	وہ ڈراتا ہے	اللہ	اس سے

عِبَادَهٗ ؕ	يٰعِبَادِ ②	فَاتَّقُوْنِ ③ (16)	وَ	الَّذِيْنَ
اپنے بندوں کو	اے (میرے) بندو!	پس تم سب ڈرو مجھ سے	اور	(وہ لوگ) جو

اجْتَنَبُوا	الطَّاغُوْتَ	اَنْ	يَّعْبُدُوْهَا ④	وَ
وہ سب بچے رہے	طاغوت سے	کہ	وہ سب عبادت کریں اس کی	اور

اَنَابُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	لَهُمُ ⑤	الْبُشْرٰى ۚ	فَبَشِّرْ
انہوں نے رجوع کیا	اللہ کی طرف	ان کے لیے	خوشخبری (ہے)	سو خوشخبری دے دیں

عِبَادِ ۙ (17)	الَّذِيْنَ	يَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ	فَيَتَّبِعُوْنَ
(میرے) بندوں (کو)	(وہ لوگ) جو	وہ سب سنتے ہیں	بات (کو)	پھر وہ سب پیروی کرتے ہیں

اَحْسَنَهٗ ؕ	اُولٰٓئِكَ ①	الَّذِيْنَ	هَدٰىهُمُ اللّٰهُ	وَ
اس میں سے اچھی بات کی	وہی (لوگ ہیں)	جنہیں	ہدایت دی اللہ نے	اور

اُولٰٓئِكَ ①	هُمْ ⑥	اُولُوا الْاَلْبَابِ (18)	اَفَمَنْ	حَقَّ	عَلَيْهِ
وہی (لوگ)	ہی	عقل والے (ہیں)	پھر (بھلا) کیا جو	ثابت ہوگئی	اس پر

ضروری وضاحت

①ذٰلِكَ اور اُولٰٓئِكَ عموماً تاکید کے لیے آتے ہیں انکا ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً یہ بھی کردیا جاتا ہے۔ ② یہ اصل میں يَا عِبَادِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔③ اصل میں فَاتَّقُوْنِيْ تھا فعل کے ساتھ یْ آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے اور یہاں یْ تخفیف کے لیے گرگئی ہے۔④ وْا کیساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گرجاتا ہے۔⑤ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کیا گیا ہے۔⑥ هُمْ کا ترجمہ وہ سب ہے تاکید کی وجہ سے ترجمہ ہی کیا گیا ہے۔

كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ	عذاب کی بات، تو کیا آپ چھڑا لیں گے
مَنْ فِي النَّارِ ۚ﴿19﴾	(اُسے) جو آگ میں ہے۔ ﴿19﴾
لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ	لیکن وہ (لوگ) جو ڈر گئے اپنے رب سے
لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا	ان کے لیے بالا خانے ہیں ان کے اوپر سے
غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ	(اور) بالا خانے بنائے ہوئے ہیں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ	بہتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں (یہ) اللہ کا وعدہ ہے
لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿20﴾	اللہ (اپنے) وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ ﴿20﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ	کیا نہیں آپ نے دیکھا کہ بیشک اللہ نے اُتارا
مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ	آسمان سے پانی پھر چلایا اسے
يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ	چشموں کی صورت میں زمین میں
ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا	پھر وہ نکالتا ہے اس کے ذریعے کھیتی
مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ	مختلف ہیں اسکے رنگ پھر (پک کر) وہ خشک ہوجاتی ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَلِمَةُ	: کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔	يُخْلِفُ	: خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	تَرَ	: رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
اتَّقَوْا	: تقویٰ، متقی۔	اَنْزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
فَوْقِهَا	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	السَّمَآءِ	: کتب سماویہ، ارض وسماء۔
مَّبْنِيَّةٌ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مَآءً	: ماء الحیات، ماء اللحم۔
تَجْرِيْ	: جاری، اجرا۔	فَسَلَكَهٗ	: مسلک، مسالک، مسلک اہل سنت۔
تَحْتِهَا	: ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔	يُخْرِجُ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
وَعْدَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	اَلْوَانُهٗ	: متلون مزاج آدمی۔

كَلِمَةُ الْعَذَابِ ط ①	اَفَاَنْتَ	تُنْقِذُ	مَنْ ②	فِي النَّارِ ج ﴿19﴾	لٰكِنِ
عذاب کی بات	تو (بھلا) کیا آپ	آپ چھڑا لیں گے	(اسے) جو	آگ میں (ہے)	لیکن

الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ ③	لَهُمْ	غُرَفٌ
وہ (لوگ) جو	وہ سب ڈر گئے	اپنے رب (سے)	ان کے لیے	بالاخانے

مِّنْ فَوْقِهَا	غُرَفٌ	مَّبْنِيَّةٌ لا ①	تَجْرِيْ ①	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ط
ان کے اوپر سے	بالاخانے	بنائے ہوئے	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں

وَعْدَ اللّٰهِ ط	لَا يُخْلِفُ	اللّٰهُ	الْمِيْعَادَ ﴿20﴾	اَلَمْ	تَرَ
اللہ کا وعدہ (ہے)	نہیں وہ خلاف کرتا	اللہ	(اپنے) وعدے (کے)	کیا نہیں	آپ نے دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ ④	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَسَلَكَهٗ ⑤
کہ بیشک اللہ (نے)	اُتارا	آسمان سے	پانی	پھر اس نے چلایا اسے

يَنَابِيْعَ ⑥	فِي الْاَرْضِ	ثُمَّ	يُخْرِجُ	بِهٖ ⑦
چشموں (کی صورت میں)	زمین میں	پھر	وہ نکالتا ہے	اس کے ذریعے

زَرْعًا	مُّخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	ثُمَّ	يَهِيْجُ
کھیتی	مختلف	اسکے رنگ	پھر	وہ خشک ہوجاتی ہے

ضروری وضاحت

① ۃ اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔③ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ اَنْزَلَ کے شروع میں 'أ' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اُترا، اَنْزَلَ: اُتارا۔⑤ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔⑥ يَنَابِيْعَ يَنْبُوْعٌ کی جمع ہے یہاں یا اصل لفظ کا حصہ ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا	پھر آپ دیکھتے ہیں اسے زرد شدہ
ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ	پھر وہ کر دیتا ہے اُسے ریزہ ریزہ ، بے شک اس میں
لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿21﴾	یقیناً نصیحت ہے عقل والوں کے لیے۔ ﴿21﴾
اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ	تو (بھلا) کیا (وہ شخص) جو کھول دیا اللہ نے
صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ	اس کا سینہ اسلام کے لیے
فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ	پس وہ روشنی پر ہوا اپنے رب کی طرف سے
فَوَيْلٌ	(تو کیا وہ سخت دل کافر جیسا ہو سکتا ہے) پس ہلاکت ہے
لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ	(اُن) کے لیے (کہ) سخت ہیں انکے دل اللہ کے ذکر سے
اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿22﴾	یہی لوگ ہیں واضح گمراہی میں۔ ﴿22﴾
اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ	اللہ نے نازل کی بہترین بات
كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا	(یعنی) کتاب (جس کی آیات) باہم ملتی جلتی
مَّثَانِيَ ۖ	(اور) بار بار دھرائی جانے والی ہیں

ع 2 12 16

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَرٰىهُ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	قُلُوْبُهُمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
مُصْفَرًّا : صفراء، صفراوی طبیعت، صفراوی مادہ۔	ذِكْرِ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
لَذِكْرٰى : ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔	ضَلٰلٍ : ضلالت وگمراہی۔
لِاُولِي : اولوا العزم، اولوا العلم۔	مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
شَرَحَ : شرح وبسط، شرح صدر۔	نَزَّلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
صَدْرَهٗ : صدری علم، شرح صدر، ضیق الصدر۔	اَحْسَنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
لِلْاِسْلَامِ : الحمدللہ، لہٰذا/اسلام، سلامتی، اسلامیات۔	الْحَدِيْثِ : حدیث، محدث، تحدیثِ نعمت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مُّتَشَابِهًا : مشابہ، متشابہ، شباہت۔

ع 2 12 16

فَتَرٰىهُ ①	مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ ①	حُطَامًا ؕ
پھر آپ دیکھتے ہیں اُسے	زرد شدہ	پھر	وہ کر دیتا ہے اسے	ریزہ ریزہ

اِنَّ ②	فِيْ ذٰلِكَ ③	لَذِكْرٰى ④	لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿21﴾ ع
بے شک	اس میں	یقیناً نصیحت (ہے)	عقل والوں کے لیے

اَفَمَنْ	شَرَحَ	اللّٰهُ ⑤	صَدْرَهٗ ①	لِلْاِسْلَامِ	فَهُوَ
تو (بھلا) کیا (وہ شخص) جس کا	کھول دیا	اللہ نے	سینہ اس کا	اسلام کے لیے	پس وہ

عَلٰى نُوْرٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ ① ؕ	فَوَيْلٌ	لِّلْقٰسِيَةِ ④
روشنی پر (ہو)	اپنے رب (کی طرف) سے	پس ہلاکت (ہے)	(ان) کے لیے (کہ) سخت (ہیں)

قُلُوْبُهُمْ ⑥	مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ	اُولٰٓئِكَ ③
انکے دل	اللہ کے ذکر سے	یہی لوگ (ہیں)

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿22﴾	اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ ⑦
واضح گمراہی میں	اللہ (نے)	نازل کی	بہترین

الْحَدِيْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ ۖ
بات	(یعنی) کتاب	(جس کی آیات) باہم ملتی جلتی	بار بار دھرائی جانے والی (ہیں)

ضروری وضاحت

① ہٗ، ہٖ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا کیا جاتا ہے۔ ② اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ③ ذٰلِكَ اور اُولٰٓئِكَ دونوں اشارہ بعید کی علامتیں ہیں انکا ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ④ ـی اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ⑥ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا کیا جاتا ہے۔ ⑦ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ	رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اس سے
جُلُوْدُ الَّذِيْنَ	(ان لوگوں کے) چمڑوں (یعنی بدن) کے جو
يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ	ڈرتے ہیں اپنے رب سے
ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ	پھر نرم ہوجاتے ہیں ان کے چمڑے (بدن)
وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ	اور ان کے دل اللہ کے ذکر کی طرف
ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ	یہی اللہ کی ہدایت ہے
يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وہ ہدایت دیتا ہے، اسکے ذریعے سے جسے وہ چاہتا ہے
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ گمراہ کردے
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿23﴾	تو نہیں ہے اس کو کوئی ہدایت دینے والا۔ ﴿23﴾
اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ	تو (بھلا) کیا (وہ شخص) جو بچنے کی کوشش کرے گا
بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ	اپنے چہرے (کی ڈھال) کے ذریعے برے عذاب سے
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	قیامت کے دن (وہ جنتی جیسا ہوسکتا ہے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْهُ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	هُدَى، هَادٍ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
جُلُوْدُ	جلد، امراضِ جلد۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
يَخْشَوْنَ	خشیت الٰہی۔	يُّضْلِلِ	ضلالت وگمراہی۔
تَلِيْنُ	ملیّن غذا۔	يَّتَّقِيْ	تقویٰ، متقی۔
جُلُوْدُهُمْ	جلد، امراضِ جلد۔	بِوَجْهِهٖ	وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
قُلُوْبُهُمْ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	سُوْٓءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
اِلٰى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
ذِكْرِ	ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔	الْقِيٰمَةِ	قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔

تَقْشَعِرُّ ①	مِنْهُ ②	جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ
رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں	اس سے	(ان لوگوں کے) چمڑوں کے	جو

يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ ج	ثُمَّ	تَلِيْنُ ①
وہ سب ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	پھر	نرم ہوجاتے ہیں

جُلُوْدُهُمْ	وَ	قُلُوْبُهُمْ	اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ط
ان کے چمڑے (بدن)	اور	ان کے دل	اللہ کے ذکر کی طرف

ذٰلِكَ ③	هُدَى اللّٰهِ	يَهْدِيْ	بِهٖ ④	مَنْ ⑤
یہ	اللہ کی ہدایت (ہے)	وہ ہدایت دیتا ہے	اسکے ذریعے سے	جسے

يَّشَآءُ ط	وَ	مَنْ ⑤	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا
وہ چاہتا ہے	اور	جسے	وہ گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں (ہے)

لَهٗ ⑥	مِنْ هَادٍ ⑦ (23)	اَفَمَنْ	يَّتَّقِيْ
اس کو	کوئی ہدایت دینے والا	تو (بھلا) کیا جو	وہ بچے گا

بِوَجْهِهٖ ④⑧	سُوْٓءَ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط ①
اپنے چہرے کے ذریعے	برے عذاب (سے)	قیامت کے دن

ضروری وضاحت

①تَ اور ةَ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔②هٗ سے پہلے اگر جزم ہو تو هُ جاتا ہے۔③ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔④بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑤مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑥لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوجاتا ہے۔⑦یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧کیونکہ جہنمیوں کے ہاتھ بندھے ہونگے مجبوراً جہنم کے عذاب سے چہرے کو ڈھال بنانے کی کوشش کریگا۔

وَقِيۡلَ لِلظّٰلِمِيۡنَ ذُوۡقُوۡا	اور کہا جائے گا ظالموں سے چکھو مزا
مَا كُنۡتُمۡ تَكۡسِبُوۡنَ ﴿24﴾	(اس کا) جو تم کماتے (عمل کرتے) تھے۔ ﴿24﴾
كَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	جھٹلایا تھا (ان لوگوں نے) جو ان سے پہلے تھے
فَاَتٰىهُمُ الۡعَذَابُ	تو آیا ان کے پاس عذاب (ایسی جگہ سے کہ)
مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿25﴾	جہاں سے وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ ﴿25﴾
فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الۡخِزۡىَ	سو مزہ چکھایا انہیں اللہ نے رسوائی کا
فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ	دنیاوی زندگی میں اور یقیناً آخرت کا عذاب
اَكۡبَرُ ۘ لَوۡ كَانُوۡا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿26﴾	بہت بڑا ہے کاش وہ جانتے ہوتے۔ ﴿26﴾
وَلَقَدۡ ضَرَبۡنَا لِلنَّاسِ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بیان کی ہے لوگوں کے لیے
فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ مِنۡ كُلِّ مَثَلٍ	اس قرآن میں ہر طرح کی مثال
لَّعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ۚ ﴿27﴾	تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ ﴿27﴾
قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا غَيۡرَ ذِىۡ عِوَجٍ	(یہ) قرآنِ عربی (واضح) ہے کسی کجی والا نہیں ہے

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قِيۡلَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	فَاَذَاقَهُمُ	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
لِلظّٰلِمِيۡنَ	لہٰذا، الحمدللہ/ظلم، ظالم، مظلوم	اَكۡبَرُ	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
ذُوۡقُوۡا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	يَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
تَكۡسِبُوۡنَ	کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔	ضَرَبۡنَا	ضرب المثل، ضرب الامثال۔
كَذَّبَ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	لِلنَّاسِ	لہٰذا، الحمدللہ/عوام الناس۔
قَبۡلِهِمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	يَتَذَكَّرُوۡنَ	ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔
حَيۡثُ	حیثیت، من حیث القوم۔	غَيۡرَ	بغیر، اجازت کے بغیر، اغیار۔
يَشۡعُرُوۡنَ	عقل و شعور، لاشعور، شعوری طور پر۔	ذِىۡ	ذیشان، ذی وقار، ذی شعور۔

وَ	قِيۡلَ ①	لِلظّٰلِمِيۡنَ	ذُوۡقُوۡا	مَا	كُنۡتُمۡ
اور	کہا جائے گا	ظالموں سے	تم سب چکھو مزا	(اس کا) جو	تم تھے

تَكۡسِبُوۡنَ (24)	كَذَّبَ ②	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ
تم سب کماتے	جھٹلایا تھا	(ان لوگوں نے) جو	ان سے پہلے (تھے)

فَاَتٰىهُمُ	الۡعَذَابُ ③	مِنۡ حَيۡثُ	لَا يَشۡعُرُوۡنَ (25)
تو آیا ان کے پاس	عذاب (ایسی جگہ سے کہ)	جہاں سے	وہ سب شعور نہیں رکھتے (تھے)

فَاَذَاقَهُمُ	اللّٰهُ ③	الۡخِزۡىَ ③	فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ④ ج	وَ
سو مزہ چکھایا انہیں	اللہ (نے)	رسوائی کا	دنیاوی زندگی میں	اور

لَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ ④	اَكۡبَرُ ⑤	لَوۡ ⑥	كَانُوۡا	يَعۡلَمُوۡنَ (26)
یقیناً آخرت کا عذاب	بہت بڑا ہے	کاش	وہ سب ہوتے	وہ سب جانتے

وقف لازم

وَلَقَدۡ	ضَرَبۡنَا	لِلنَّاسِ	فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ	مِنۡ كُلِّ مَثَلٍ
اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے بیان کی ہے	لوگوں کے لیے	اس قرآن میں	ہر طرح کی مثال سے

لَّعَلَّهُمۡ	يَتَذَكَّرُوۡنَ (27) ج	قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا	غَيۡرَ ذِىۡ عِوَجٍ
تا کہ وہ	وہ سب نصیحت حاصل کریں	قرآنِ عربی (واضح) ہے	نہیں کسی کجی والا

ضروری وضاحت

① قِيۡلَ قُوِلَ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو ی کیا گیا ہے یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے اسکا ترجمہ مستقبل میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔② فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔④ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ لَوۡ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿28﴾	تاکہ وہ ڈر جائیں (یا بچ جائیں کفر وشرک اور گناہ سے)۔ ﴿28﴾
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا	اللہ نے مثال بیان کی ایک (غلام) آدمی کی
فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ	جس میں کئی شریک ہیں بدمزاج باہمی جھگڑنے والے
وَ رَجُلًا	اور ایک (ایسے غلام) آدمی کی
سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ	(جو) سالم (خاص) ایک ہی آدمی کا (غلام) ہے
هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ	کیا یہ دونوں مثال (حالت) میں برابر ہیں
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ	اللہ ہی کے لیے سب تعریف ہے
بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿29﴾	بلکہ ان کے اکثر علم نہیں رکھتے۔ ﴿29﴾
اِنَّكَ مَيِّتٌ	بے شک آپ (بھی) فوت ہونے والے ہیں
وَّ اِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿30﴾	اور بے شک وہ (بھی) مرنے والے ہیں۔ ﴿30﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	پھر بے شک تم قیامت کے دن
عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿31﴾ ع	اپنے رب کے پاس جھگڑو گے (اور فیصلہ ہوجائے گا)۔ ﴿31﴾

ع 3 10 17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔	اَلْحَمْدُ : حمد وثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔
ضَرَبَ : ضرب المثل، ضرب الامثال۔	اَكْثَرُهُمْ : کثرت، اکثر، کثیر۔
مَثَلًا : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
رَّجُلًا : رجال کار، قحط الرجال۔	يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
فِيْهِ : فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
شُرَكَآءُ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	الْقِيٰمَةِ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
سَلَمًا : سلام، سلامتی، سلامت، صحیح سالم۔	عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
يَسْتَوِيٰنِ : مساوی، مساوات، خط استواء۔	تَخْتَصِمُوْنَ : مخاصمت۔

لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ ﴿28﴾	ضَرَبَ ①	اللّٰهُ ②	مَثَلًا
تاکہ وہ	وہ سب ڈر جائیں	بیان کی	اللہ نے	مثال

رَّجُلًا ③	فِيْهِ	شُرَكَآءُ	مُتَشٰكِسُوْنَ ④⑤
ایک (غلام) آدمی کی	اس میں	کئی شریک (ہیں)	سب بدمزاج باہمی جھگڑنے والے

وَرَجُلًا ③	سَلَمًا	لِّرَجُلٍ ③ ط	هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ ⑥
اور ایک آدمی (کی)	(جو) سالم	کسی ایک ہی آدمی کا (ہے)	کیا	وہ دونوں برابر ہیں

مَثَلًا ط	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ ط	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
مثال (میں)	سب تعریف	اللہ ہی کے لیے	بلکہ	ان کے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ⑦ ﴿29﴾	اِنَّكَ	مَيِّتٌ	وَّ
وہ سب علم نہیں رکھتے	بے شک آپ	فوت ہونے والے	اور

اِنَّهُمْ	مَّيِّتُوْنَ ﴿30﴾ ز	ثُمَّ	اِنَّكُمْ
بے شک وہ (بھی)	سب فوت ہونے والے	پھر	بے شک تم

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عِنْدَ رَبِّكُمْ	تَخْتَصِمُوْنَ ﴿31﴾ ع
قیامت کے دن	اپنے رب کے پاس	تم سب جھگڑو گے

ع 3 10 17

ضروری وضاحت

① ضَرَبَ کا اصل ترجمہ مارا ہے اگر اس کے بعد مَثَلًا ہو تو ترجمہ بیان کرنا ہوتا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑥ علامت اِن تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر آیت 17

"اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟"

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **"بیت القرآن"** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **"بیت القرآن"** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟۔“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ فَمَنْ اَظْلَمُ 24 ﴾

پروفیسر عبد الرّحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿فَمَنْ اَظْلَمُ 24﴾ پارہ نمبر 24
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
اشاعت اول	مئی 2014
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کارِ خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کارِ خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون : 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115
فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111
ویب سائٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل : Info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے
فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-37320318 فیکس: 042-37239884

فضلی بک سپر مارکیٹ
نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-32629724 فیکس: 021-32633887

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روزمرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ	پھر کون زیادہ ظالم ہے اُس سے جس نے
كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ	جھوٹ باندھا اللہ پر
وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ	اور اُس نے جھٹلایا سچ کو جب وہ آیا اس کے پاس
اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ	کیا نہیں ہے جہنم میں
مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾	ٹھکانا کافروں کا۔﴿32﴾
وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ	اور جو آیا سچ کے ساتھ اور تصدیق کی اُس کی
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿33﴾	وہی لوگ ہی متقی ہیں۔﴿33﴾
لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ	اُنکے لیے ہے جو وہ چاہیں گے
عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ	اُن کے رب کے پاس
ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿34﴾ ۚۖ	یہی نیکی کرنے والوں کی جزا ہے۔﴿34﴾
لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ	تاکہ اللہ دور کردے اُن سے
اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا	بدترین عمل جو اُنھوں نے کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَظْلَمُ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مِمَّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
كَذَبَ، كَذَّبَ : کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِالصِّدْقِ : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
فِيْ جَهَنَّمَ : فی الحال، فی الحقیقت/جہنم، جہنمی۔
لِّلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
الْمُتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔

مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
يَشَآءُوْنَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
رَبِّهِمْ : ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔
جَزٰٓؤُا : جزاءوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
اَسْوَاَ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
عَمِلُوْا : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔

فَمَنْ ①	اَظْلَمُ ②	مِمَّنْ ①	كَذَبَ	عَلَى اللّٰهِ
پھر کون	زیادہ ظالم (ہے)	(اُس) سے جس نے	جھوٹ باندھا	اللّٰہ پر

وَ	كَذَّبَ	بِالصِّدْقِ ③	اِذْ	جَآءَهٗ ؕ
اور	اُس نے جھٹلایا	سچ کو	جب	وہ آیا اس کے پاس

اَ ④	لَيْسَ	فِيْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾
کیا	نہیں (ہے)	جہنم میں	ٹھکانا	کافروں کا

وَ	الَّذِيْ	جَآءَ	بِالصِّدْقِ ③	وَ	صَدَّقَ	بِهٖٓ
اور	جو	آیا	سچ کے ساتھ	اور	اُس نے تصدیق کی	اُس کی

اُولٰٓئِكَ ⑤	هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿33﴾	لَهُمْ ⑥	مَّا	يَشَآءُوْنَ
وہ لوگ	ہی سب متقی (ہیں)	اُن کے لیے	جو	وہ سب چاہیں گے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ	ذٰلِكَ ⑤	جَزَآءُ	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿34﴾ ۚۖ
اُن کے رب کے پاس	یہی	جزا (ہے)	نیکی کرنے والوں (کی)

لِيُكَفِّرَ ⑦	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	اَسْوَاَ ②	الَّذِيْ	عَمِلُوْا
تاکہ وہ دور کردے	اللّٰہ	اُن سے	سب سے زیادہ برا (عمل)	جو	اُن سب نے کیا

ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔④ أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔⑤ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے۔

وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ	اور بدلے میں دے اُنہیں اُن کا اجر
بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿35﴾	بہترین عمل کا جو وہ کرتے تھے
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ	کیا اللہ کافی نہیں ہے اپنے بندے کو
وَ يُخَوِّفُوْنَكَ	اور وہ ڈراتے ہیں آپ کو
بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ	(اُن لوگوں) سے جو اس کے سوا ہیں
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ گمراہ کردے
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿36﴾ ج	تو نہیں ہے اُس کو کوئی ہدایت دینے والا۔﴿36﴾
وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ ہدایت دے
فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ	تو نہیں ہے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿37﴾	کیا نہیں ہے اللہ خوب غالب انتقام لینے والا۔﴿37﴾
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ	اور بلاشبہ اگر آپ پوچھیں اُن سے
مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَجْزِيَهُمْ : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
اَجْرَهُمْ : اجروثواب، اجرِعظیم، اجرت۔
بِاَحْسَنِ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
بِكَافٍ : کافی، ناکافی، کفایت۔
عَبْدَهٗ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
يُخَوِّفُوْنَكَ : خوف، خائف، خوف وہراس۔
يُّضْلِلِ : ضلالت وگمراہی۔
هَادٍ، يَّهْدِ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
ذِي : ذیشان، ذی وقار، ذی الحجہ۔
انْتِقَامٍ : انتقام، انتقامی کاروائی۔
سَاَلْتَهُمْ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
خَلَقَ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسماء، کتبِ سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضَ : ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

وَ	يَجْزِيَهُمْ ①	اَجْرَهُمْ ①	بِاَحْسَنِ ②	الَّذِیْ ③
اور	وہ بدلے میں دے اُنہیں	اُن کا اجر	بہترین عمل کا	جو

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (35)	اَ	لَيْسَ	اللّٰهُ	بِكَافٍ ④	عَبْدَهٗ ؕ
تھے وہ سب	وہ سب کرتے	کیا	نہیں (ہے)	اللہ	کافی	اپنے بندے (کو)

وَ	يُخَوِّفُوْنَكَ	بِالَّذِيْنَ ③	مِنْ دُوْنِهٖ ؕ ④
اور	وہ سب ڈراتے ہیں آپ کو	(اُن لوگوں) سے جو	اس کے سوا

وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ ⑤	فَمَا	لَهٗ ⑥	مِنْ هَادٍ ④⑦ ج (36)
اور جسے	وہ گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں (ہے)	اُس کو	کوئی ہدایت دینے والا

وَمَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ ⑤	فَمَا	لَهٗ ⑥	مِنْ مُّضِلٍّ ؕ ④⑦
اور جسے	وہ ہدایت دے	اللہ	تو نہیں (ہے)	اس کو	کوئی گمراہ کرنے والا

اَ	لَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ ④	ذِی انْتِقَامٍ (37)
کیا	نہیں (ہے)	اللہ	خوب غالب	انتقام لینے والا

وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ⑧	وَالْاَرْضَ
اور بلاشبہ اگر	آپ پوچھیں اُن سے	کس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین (کو)

ضروری وضاحت

①هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا کیا جاتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔③ الَّذِیْ واحد مذکر کی اور الَّذِیْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔④ یہاں بِ اور مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑧ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ	(تو) ضرور بالضرور وہ کہیں گے اللہ نے
قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ	کہہ دیجیے تو کیا (بھلا) تم نے دیکھا (یعنی غور کیا)
مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	جن (ہستیوں) کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا
اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ	اگر اللہ میرے ساتھ ارادہ کرے کوئی تکلیف (پہنچانے) کا
هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ	کیا وہ (ہستیاں) دور کرنے والی ہیں اُسکی تکلیف کو
اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ	یا وہ ارادہ کرے میرے ساتھ مہربانی کرنے کا
هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ	کیا وہ (ہستیاں) روکنے والی ہیں اُسکی رحمت (مہربانی) کو
قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ	آپ کہہ دیجیے مجھے اللہ ہی کافی ہے
عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿38﴾	اُسی پر بھروسا کرتے ہیں بھروسا کرنے والے۔ ﴿38﴾
قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	کہہ دیجیے اے میری قوم تم عمل کرو اپنی جگہ پر
اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ	بیشک میں (بھی) عمل کرنے والا ہوں
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾ لا	پھر عنقریب تم جان لو گے۔ ﴿39﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوْلُنَّ، قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
فَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
تَدْعُوْنَ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَرَادَنِيْ : ارادہ، مرید، مراد۔
بِضُرٍّ، ضُرِّهٖۤ : مضر صحت، ضرر رساں۔
مُمْسِكٰتُ : امساک، تمسّک۔
رَحْمَتِهٖ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
يَتَوَكَّلُ، الْمُتَوَكِّلُوْنَ : توکل، متوکل علی اللہ۔
يٰقَوْمِ : یااللہ، یارحمٰن، یابلال۔
يٰقَوْمِ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
اعْمَلُوْا، عَامِلٌ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
مَكَانَتِكُمْ : کون ومکان، مکانات، تمکین۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

لَيَقُوْلُنَّ ①	اللّٰهُ ؕ	قُلْ	اَفَرَءَيْتُمْ ②
(تو) وہ ضرور بالضرور کہیں گے	اللہ نے	آپ کہہ دیجیے	تو کیا (بھلا) تم نے دیکھا (یعنی غور کیا)

مَّا	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ③	اِنْ	اَرَادَنِيَ	اللّٰهُ
جن (ہستیوں کو)	تم سب پکارتے ہو	اللہ کے سوا	اگر	میرے ساتھ ارادہ کرے	اللہ

بِضُرٍّ ④⑤	هَلْ	هُنَّ	كٰشِفٰتُ ⑥	ضُرِّهٖٓ
کوئی تکلیف (پہنچانے) کا	کیا	وہ (ہستیاں)	دور کرنے والی (ہیں)	اُسکی تکلیف (کو)

اَوْ	اَرَادَنِيْ	بِرَحْمَةٍ ④⑥	هَلْ	هُنَّ
یا	وہ ارادہ کرے میرے ساتھ	مہربانی کرنے کا	کیا	وہ (ہستیاں)

مُمْسِكٰتُ ⑥⑦	رَحْمَتِهٖ ؕ	قُلْ	حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ	عَلَيْهِ
روکنے والی (ہیں)	اُس کی رحمت (کو)	آپ کہہ دیجیے	مجھے اللہ ہی کافی ہے	اُسی پر

يَتَوَكَّلُ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ ⑦ (38)	قُلْ	يٰقَوْمِ ⑧	اعْمَلُوْا
وہ بھروسا کرتا ہے	سب بھروسا کرنے والے	آپ کہہ دیجیے	اے (میری) قوم	تم سب عمل کرو

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنِّيْ	عَامِلٌ ۚ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ۙ (39)
اپنی جگہ پر	بیشک میں (بھی)	عمل کرنے والا (ہوں)	پھر عنقریب	تم سب جان لو گے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② أَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑧ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔

مَنْ يَّاْتِيْهِ	کون ہے (کہ) آتا ہے اس کے پاس
عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ	(وہ) عذاب (جو) رسوا کر دے گا اُسے
وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿40﴾	اور اُترتا ہے اُس پر ہمیشہ رہنے والا عذاب۔ ﴿40﴾
اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ	بلاشبہ ہم نے نازل کی آپ پر کتاب
لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ	لوگوں کے لیے حق کے ساتھ
فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ	پھر جو ہدایت پر چلا تو اپنی جان کے لیے (چلا)
وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ	اور جو گمراہ ہوا تو بیشک صرف وہ گمراہ ہوتا ہے
عَلَيْهَا ۚ	اُس پر (یعنی اپنی جان کا نقصان کرتا ہے)
وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿41﴾ ع	اور نہیں ہیں آپ اُن پر ہرگز کوئی ذمہ دار
اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ	اللہ (ہی) قبض کرتا ہے جانوں (روحوں) کو
حِيْنَ مَوْتِهَا	ان کی موت کے وقت
وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ	اور (ان کو بھی) جو نہیں مریں اپنی نیند میں

ع 4 10 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَذَابٌ	عذاب، عذابِ الٰہی	فَلِنَفْسِهٖ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	ضَلَّ	ضلالت وگمراہی۔
مُّقِيْمٌ	قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔	بِوَكِيْلٍ	وکیل، وکالت۔
اَنْزَلْنَا	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَتَوَفَّى	فوت، وفات، فوتگی۔
الْكِتٰبَ	کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	الْاَنْفُسَ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
لِلنَّاسِ	عوام الناس، عامۃ الناس۔	مَوْتِهَا، تَمُتْ	موت وحیات، حیاتی ومماتی۔
بِالْحَقِّ	حق وباطل، حقیقت، حق گوئی۔	فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
اهْتَدٰى	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔		

مَنۡ	يَّاۡتِيۡهِ ①	عَذَابٌ	يُّخۡزِيۡهِ	وَيَحِلُّ
کون (ہے)	وہ آتا ہے اسکے پاس	عذاب	وہ رسوا کردے گا اُسے	اور وہ اُترتا ہے

عَلَيۡهِ	عَذَابٌ	مُّقِيۡمٌ ﴿40﴾	اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا ②	عَلَيۡكَ	الۡكِتٰبَ
اُس پر	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	بلاشبہ ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب

لِلنَّاسِ	بِالۡحَقِّ ۚ	فَمَنِ	اهۡتَدٰى	فَلِنَفۡسِهٖ ۚ
لوگوں کے لیے	حق کے ساتھ	پھر جو	ہدایت پر چلا	تو اپنی جان کے لیے (چلا)

وَ	مَنۡ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا ③	يَضِلُّ
اور	جو	گمراہ ہوا	تو بیشک صرف	وہ گمراہ ہوتا ہے

عَلَيۡهَا ۚ	وَ	مَاۤ ④	اَنۡتَ	عَلَيۡهِمۡ
اُس پر (یعنی اپنی جان کا نقصان کرتا ہے)	اور	نہیں (ہیں)	آپ	اُن پر

ع 4 10 1

بِوَكِيۡلٍ ④ ﴿41﴾ ع	اَللّٰهُ	يَتَوَفَّى ⑤	الۡاَنۡفُسَ ⑥
ہرگز کوئی ذمہ دار	اللہ (ہی)	وہ قبض کرتا ہے	جانوں (روحوں) کو

حِيۡنَ مَوۡتِهَا	وَ	الَّتِىۡ	لَمۡ تَمُتۡ ⑦	فِىۡ مَنَامِهَا ۚ
ان کی موت کے وقت	اور (ان کو بھی)	جو	نہیں مریں	اپنی نیند میں

ضروری وضاحت

①ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے اگر ہٖ سے پہلے جزم ہو تو یہ ہٖ ہو جاتا ہے۔②اِنَّا کے نَا اور اَنۡزَلۡنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔③اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔④مَا کے بعد بِ کا ترجمہ نہیں ہوتا، البتہ اس صورت میں بات میں زور پیدا ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔⑤ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔⑦تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ	پھر وہ روک لیتا ہے اُسے جس پر وہ موت کا فیصلہ کر دے
وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى	اور وہ (واپس) بھیج دیتا ہے دوسری (روحوں) کو
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ	ایک وقت مقرر تک
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿42﴾	اُن لوگوں کے لیے (جو) غور و فکر کرتے ہیں۔ ﴿42﴾
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ	کیا انہوں نے بنائے ہیں اللہ کے سوا سفارشی
قُلْ اَوَلَوْ	(تو) آپ کہہ دیجیے اور (بھلا) کیا اگرچہ
كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا	وہ اختیار نہ رکھتے ہوں کسی چیز کا
وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿43﴾ قُلْ	اور نہ وہ عقل رکھتے ہوں۔ ﴿43﴾ آپ کہہ دیجیے
لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ	اللہ ہی کے اختیار میں ہے سفارش سب کی سب
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اُسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے
ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿44﴾	پھر اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿44﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيُمْسِكُ	امساک، تمسّک۔	اتَّخَذُوْا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
قَضٰى	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	شُفَعَآءَ	شفاعت، شافعِ محشر، شفیع المذنبین۔
يُرْسِلُ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	يَمْلِكُوْنَ	مالک المُلک، مُلک و ملت، ملوکیت۔
الْاُخْرٰى	آخرت، اُخروی زندگی۔	شَيْـًٔا	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
اِلٰٓى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	جَمِيْعًا	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	السَّمٰوٰتِ	ارض و سماء، کتبِ سماویہ، سماوی آفات۔
مُّسَمًّى	اسم بامسمّٰی، مسمّاۃ۔	الْاَرْضِ	ارض و سماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
يَّتَفَكَّرُوْنَ	فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔	تُرْجَعُوْنَ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ ①	قَضٰى	عَلَيْهَا	الْمَوْتَ
پھر وہ روک لیتا ہے	(اُسے) جو	وہ فیصلہ کر دے	اس پر	موت (کا)

وَ	يُرْسِلُ	الْاُخْرٰٓى	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ② ط
اور	وہ (واپس) بھیج دیتا ہے	دوسری (روحوں کو)	ایک وقت مقرر تک

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ③	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ (42)
بیشک	اس میں	یقیناً نشانیاں (ہیں)	(اُن) لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب غور وفکر کرتے ہیں

اَمِ ④	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑤	شُفَعَآءَ ط	قُلْ ⑥	اَوَ
کیا	انہوں نے بنائے ہیں	اللہ کے سوا	سفارشی	آپ کہہ دیجیے	اور (بھلا) کیا

لَوْ	كَانُوْا	لَا يَمْلِكُوْنَ	شَيْـًٔا ②	وَّ	لَا يَعْقِلُوْنَ (43)
اگرچہ	وہ سب ہوں	وہ سب اختیار نہ رکھتے	کسی چیز کا	اور	نہ وہ سب عقل رکھتے ہوں

قُلْ ⑥	لِّلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ	جَمِيْعًا ط	لَهٗ
آپ کہہ دیجیے	اللہ (ہی) کے لیے (ہے)	سفارش	سب کی سب	اُسی کے لیے

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ط	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ⑦ (44)
بادشاہی (ہے)	آسمانوں	اور زمین (کی)	پھر	اُسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے

ضروری وضاحت

① الَّتِيْ واحد مؤنث اور الَّذِيْ واحد مذکر کی علامتیں ہیں دونوں کا ترجمہ جو، جس کیا جاتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔④ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دیتے ہیں۔⑤ لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرایا گیا ہے۔⑦ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ	اور جب ذکر کیا جائے اللہ کا اس اکیلے کا
اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ	تو تنگ پڑ جاتے ہیں ان (لوگوں) کے دل جو
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ	آخرت پر ایمان نہیں رکھتے
وَ اِذَا ذُكِرَ	اور جب ذکر کیا جائے
الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ	(اُن معبودوں کا) جو اُس کے سوا ہیں
اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿45﴾	(تو) اچانک وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ ﴿45﴾
قُلِ اللّٰهُمَّ	آپ کہہ دیجیے اے اللہ
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے
عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	(اے) پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے
اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ	تو (ہی) فیصلہ کرے گا اپنے بندوں کے درمیان
فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ	(اُن باتوں) میں جن میں تھے
يَخْتَلِفُوْنَ ﴿46﴾	وہ اختلاف کرتے۔ ﴿46﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذُكِرَ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	فَاطِرَ	: فطرت، فطری تقاضا۔
وَحْدَهُ	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	عٰلِمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
قُلُوْبُ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	الشَّهَادَةِ	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	تَحْكُمُ	: حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔
يُؤْمِنُوْنَ	: ایمان، مومن، امن۔	بَيْنَ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
بِالْاٰخِرَةِ	: فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔	عِبَادِكَ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
يَسْتَبْشِرُوْنَ	: بشارت، مبشر، بشیر۔	فِيْ مَا	: فی الحال، فی الفور/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔
قُلِ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	يَخْتَلِفُوْنَ	: خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔

وَ	اِذَا ①	ذُكِرَ ②	اللّٰهُ	وَحْدَهُ ③	اشْمَاَزَّتْ ④
اور	جب	ذکر کیا جائے	اللہ (کا کہ)	اُس کی یکتائی (ہے)	تو تنگ پڑ جاتے ہیں

قُلُوْبُ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑤	بِالْاٰخِرَةِ ④ ج
(اُن لوگوں کے) دل	جو	وہ سب ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

وَ	اِذَا ①	ذُكِرَ ②	الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ ⑥
اور	جب	ذکر کیا جائے	جو	اُس کے سوا (ہیں)

اِذَا ①	هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ⑦ (45)	قُلِ	اللّٰهُمَّ ⑧	فَاطِرَ
اچانک	وہ سب بہت خوش ہوتے ہیں	کہہ دیجیے	اے اللہ	پیدا کرنے والے

السَّمٰوٰتِ ④	وَ	الْاَرْضِ	عٰلِمَ	الْغَيْبِ
آسمانوں	اور	زمین (کے)	جاننے والے	پوشیدہ

وَ	الشَّهَادَةِ ④	اَنْتَ تَحْكُمُ ⑨	بَيْنَ	عِبَادِكَ
اور	ظاہر (کے)	تو (ہی) فیصلہ کرے گا	درمیان	اپنے بندوں (کے)

فِيْ مَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ (46)
(اُن باتوں) میں جو	تھے وہ سب	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے

ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ② فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ وَحْدَهٗ یعنی اس حال میں کہ وہ اکیلا ہے۔ ④ تْ، ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑥ لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑦ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑧ اَللّٰهُ کیساتھ مَّ میں دل کی گہرائی سے اللہ کو پکارنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑨ اَنْتَ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تو کیا گیا ہے۔

وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اور اگر واقعی اُن (لوگوں) کے لیے جنھوں نے ظلم کیا
مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا	وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے
وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ	اور اُس کی مثل اُس کے ساتھ (اور بھی ہو)
لَافْتَدَوْا بِهٖ	(تو) ضرور وہ فدیہ میں دے دیں گے اُس کو
مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	قیامت کے دن برے عذاب سے (بچنے کے لیے)
وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ	اور ظاہر ہو جائے گا اُن کے لیے اللہ کی طرف سے
مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿47﴾	(وہ عذاب) جس کا نہیں تھے وہ گمان کرتے۔ ﴿47﴾
وَبَدَا لَهُمْ	اور ظاہر ہو جائیں گے اُن کے لیے
سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا	(اُن اعمال) کی برائیاں جو اُنھوں نے کمائے ہوں گے
وَحَاقَ بِهِمْ	اور گھیر لے گا اُن کو (وہ عذاب)
مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿48﴾	جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔ ﴿48﴾
فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ	پھر جب پہنچے انسان کو کوئی تکلیف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شان وشوکت، سحر وافطار، عزت وذلت۔	سُوْٓءِ	علمائے سوء، اعمالِ سیئہ، ظن سوء۔
ظَلَمُوْا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الْقِيٰمَةِ	قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	بَدَا	بادی النظر۔
فِي	فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔	سَيِّاٰتُ	علمائے سوء، اعمالِ سیئہ، ظن سوء۔
الْاَرْضِ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	كَسَبُوْا	کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔
جَمِيْعًا	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	يَسْتَهْزِءُوْنَ	استہزاء کرنا۔
مَعَهٗ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	مَسَّ	مس، مساس۔
لَافْتَدَوْا	فدیہ۔	ضُرٌّ	مضرِ صحت، ضرر رساں۔

وَ	لَوْ	اَنَّ ①	لِلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
اور	اگر	واقعی	(اُن لوگوں) کے لیے جن	سب نے ظلم کیا

مَا ②	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَّ	مِثْلَهٗ ③	مَعَهٗ ③
جو	زمین میں (ہے)	وہ سب کچھ (ہو)	اور	اُس کی مثل	اُس کے ساتھ

لَافْتَدَوْا ①	بِهٖ	مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ④ ط
ضرور فدیہ میں دے دیں گے	اُس کو	برے عذاب سے (بچنے کے لیے)	قیامت کے دن

وَ	بَدَا ⑤	لَهُمْ ⑥	مِّنَ اللّٰهِ	مَا ②	لَمْ	يَكُوْنُوْا
اور	ظاہر ہو جائے گا	اُن کے لیے	اللہ (کی طرف) سے	(وہ عذاب) جس کا	نہیں	وہ سب تھے

يَحْتَسِبُوْنَ ﴿47﴾	وَ	بَدَا ⑤	لَهُمْ ⑥	سَيِّاٰتُ ④
وہ سب گمان کرتے	اور	ظاہر ہو جائیں گے	اُن کے لیے	(اُن اعمال کی) برائیاں

مَا ②	كَسَبُوْا	وَ	حَاقَ ⑤	بِهِمْ	مَّا ②
جو	اُن سب نے کمائے (ہوں گے)	اور	گھیر لے گا	اُن کو (وہ عذاب)	جس کا

كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿48﴾	فَاِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ ⑦	ضُرٌّ
تھے وہ سب	اس کا	وہ سب مذاق اُڑاتے	پھر جب	پہنچے	انسان (کو)	کوئی تکلیف

ضروری وضاحت

①علامت اَنَّ اور لَ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔③ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے اس کا ترجمہ مستقبل میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑥ لَھُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

دَعَانَا ۫	(تو) وہ ہمیں پکارتا ہے
ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ	پھر جب ہم عطا کرتے ہیں اُسے
نِعْمَةً مِّنَّا ۙ	کوئی نعمت اپنی طرف سے
قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ	(تو) کہتا ہے بیشک صرف میں دیا گیا ہوں یہ
عَلٰى عِلْمٍ ؕ	(اپنے) ایک علم (کی بنیاد) پر
بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ	(نہیں) بلکہ وہ ایک آزمائش ہے
وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿49﴾	اور لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿49﴾
قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	یقیناً کہی یہ بات (اُن لوگوں نے) جو ان سے پہلے تھے
فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿50﴾	تو نہ کام آیا اُن کے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ﴿50﴾
فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ	تو پہنچیں اُن کو برائیاں (اُن اعمال کی)
مَا كَسَبُوْا ؕ	جو انہوں نے کمائے
وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	اور (وہ لوگ) جنہوں نے ظلم کیا اِن میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

دَعَانَا	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
نِعْمَةً	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
مِّنَّا	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	قَبْلِهِمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
قَالَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	اَغْنٰى	غنی، مستغنی، اغنیا۔
بَلْ	بلکہ۔	يَكْسِبُوْنَ	کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔
وَّ	رحم وکرم، شان وشوکت، مال ودولت۔	فَاَصَابَهُمْ	مصیبت، مصائب۔
لٰكِنَّ	لیکن۔	سَيِّاٰتُ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
اَكْثَرَهُمْ	کثرت، اکثر، کثیر۔	ظَلَمُوْا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

نِعْمَةً ①②	خَوَّلْنٰهُ	اِذَا	ثُمَّ	دَعَانَا ز
کوئی نعمت	ہم عطا کرتے ہیں اُسے	جب	پھر	(تو) وہ پکارتا ہے ہمیں

عَلٰی عِلْمٍ ② ط	اُوْتِیْتُهٗ	اِنَّمَآ ④	قَالَ	مِّنَّا ③ لا
(اپنے) ایک علم (کی بنیاد) پر	میں دیا گیا ہوں وہ	بیشک صرف	(تو) کہتا ہے	اپنی (طرف) سے

اَكْثَرَهُمْ	لٰكِنَّ	وَّ	فِتْنَةٌ ②①	هِیَ	بَلْ
ان کے اکثر	لیکن	اور	ایک آزمائش (ہے)	وہ	(نہیں) بلکہ

مِنْ قَبْلِهِمْ	الَّذِیْنَ ⑦	قَالَهَا	قَدْ ⑥	لَا یَعْلَمُوْنَ ⑤ (49)
ان سے پہلے (تھے)	(اُن لوگوں نے) جو	کہی یہ بات	یقیناً	نہیں وہ سب جانتے

كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ⑧ (50)	مَّا	عَنْهُمْ	اَغْنٰی	فَمَآ
تھے وہ سب کمایا کرتے	جو	اُن کے	کام آیا	تو نہ

كَسَبُوْا ط	مَا	سَیِّاٰتُ ①	فَاَصَابَهُمْ
ان سب نے کمائے	(اُن اعمال کی) جو	برائیاں	تو پہنچیں اُن کو

مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	ظَلَمُوْا	الَّذِیْنَ ⑦	وَ
اِن میں سے	سب نے ظلم کیا	(وہ لوگ) جنہوں نے	اور

ضروری وضاحت

① ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ④ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں قَدْ تاکید کی علامت ہے۔ ⑦ الَّذِیْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ⑧ كَانُوْا کے وْا اور یَكْسِبُوْنَ کے وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

سَيُصِيۡبُهُمۡ سَيِّاٰتُ	عنقریب پہنچیں گی اُن کو برائیاں (اُن اعمال کی)
مَا كَسَبُوۡا ؕ	جو اُنہوں نے کمائے ہوں گے
وَمَا هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ۝51	اور نہیں ہیں وہ ہرگز عاجز کرنے والے۔ ۝51
اَوَلَمۡ يَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ	اور (بھلا) کیا نہیں اُنہوں نے جانا کہ بیشک اللّٰہ
يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ	کشادہ کرتا ہے رزق جس کے لیے وہ چاہتا ہے
وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ	اور وہی تنگ کرتا ہے، بیشک اس میں
لَاٰيٰتٍ	یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ۝52 ع 5/11 2	اُن لوگوں کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ۝52
قُلۡ يٰعِبَادِىَ الَّذِيۡنَ	آپ کہہ دیجیے اے میرے بندو! جنہوں نے
اَسۡرَفُوۡا عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ	زیادتی کی اپنی جانوں پر
لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ	نا اُمید نہ ہو جاؤ اللّٰہ کی رحمت سے
اِنَّ اللّٰهَ يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِيۡعًا ؕ	بیشک اللّٰہ بخش دیتا ہے سب گناہوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَيُصِيۡبُهُمۡ	مصیبت، مصائب۔	لِّقَوۡمٍ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
سَيِّاٰتُ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	يُّؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مومن، امن۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	قُلۡ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
كَسَبُوۡا	کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔	يٰعِبَادِىَ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
بِمُعۡجِزِيۡنَ	عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔	اَسۡرَفُوۡا	اسراف و تبذیر۔
يَعۡلَمُوۡۤا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	اَنۡفُسِهِمۡ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
يَبۡسُطُ	شرح و بسط، بساط لپیٹنا۔	يَغۡفِرُ	مغفرت، استغفار، استغفر اللّٰہ۔
يَّشَآءُ	ماشاء اللّٰہ، ان شاء اللّٰہ، مشیت الٰہی۔	جَمِيۡعًا	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔

سَيُصِيْبُهُمْ ①	سَيِّاٰتُ	مَا	كَسَبُوْا ؕ
عنقریب پہنچیں گی اُن کو	برائیاں (اُن اعمال کی)	جو	اُنہوں نے کمائے

وَ	مَا	هُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ ②③ (51)	اَ ④	وَ	لَمْ
اور	نہیں (ہیں)	وہ	سب (ہرگز) عاجز کرنے والے	کیا	اور	نہیں

يَعْلَمُوْٓا ⑤	اَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ ⑥
اُن سب نے جانا	کہ بیشک	اللہ	وہ کشادہ کرتا ہے	رزق

لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَقْدِرُ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ⑦
جس کے لیے	وہ چاہتا ہے	اور	وہی تنگ کرتا ہے	بیشک	اس میں

ع 5 11 2

لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ (52) ع	قُلْ
یقیناً نشانیاں (ہیں)	(اُن) لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب ایمان لاتے ہیں	آپ کہہ دیجیے

يٰعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اَسْرَفُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	لَا تَقْنَطُوْا ⑧
اے میرے بندو!	جن	سب نے زیادتی کی	اپنی جانوں پر	تم سب نا اُمید نہ ہو جاؤ

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ ⑥	جَمِيْعًا ؕ
اللہ کی رحمت سے	بیشک	اللہ	وہ بخش دیتا ہے	گناہوں (کو)	سب کے سب

ضروری وضاحت

① یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② مَا کے بعد اُسی جملے میں بِ ہو تو اُس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ لَمْ کے بعد علامت یَ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿53﴾	بیشک وہی بہت بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔ ﴿53﴾
وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ	اور تم رجوع کرو اپنے رب کی طرف
وَاَسْلِمُوْا لَهٗ	اور اُس کے فرمانبردار ہو جاؤ
مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ	اس سے پہلے کہ آجائے تم پر عذاب
ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿54﴾	پھر تم مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿54﴾
وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ	اور تم پیروی کرو سب سے اچھی بات کی
مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ	جو نازل کی گئی تمہاری طرف
مِّنْ رَّبِّكُمْ	تمہارے رب کی طرف سے
مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً	اس سے پہلے کہ آجائے تم پر عذاب اچانک
وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿55﴾	جبکہ تم شعور نہ رکھتے ہو۔ ﴿55﴾
اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى	(ایسا نہ ہو) کہ کوئی نفس یہ کہے ہائے افسوس
عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ	(اس) پر جو میں نے کوتاہی کی اللہ کے حق میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْغَفُوْرُ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	اتَّبِعُوْٓا	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَنِيْبُوْٓا	: انابت الی اللہ، منیب۔	اَحْسَنَ	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اَسْلِمُوْا	: مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔	تَشْعُرُوْنَ	: عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تَقُوْلَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
قَبْلِ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	نَفْسٌ	: نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	يّٰحَسْرَتٰى	: حسرت، حسرتیں، حسرت بھری نگاہیں۔
تُنْصَرُوْنَ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔	فَرَّطْتُّ	: افراط وتفریط، افراط زر (کمی)۔

اِنَّهٗ	هُوَ الْغَفُوْرُ ①②	الرَّحِيْمُ ② (53)	وَ	اَنِيْبُوْٓا ③
بیشک وہ	ہی بہت بخشنے والا	بڑا رحم کرنے والا (ہے)	اور	تم سب رجوع کرو

اِلٰى رَبِّكُمْ	وَ	اَسْلِمُوْا ③	لَهٗ	مِنْ قَبْلِ
اپنے رب کی طرف	اور	تم سب فرمانبردار ہو جاؤ	اُس کے	(اس) سے پہلے

اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ ④ (54)
کہ	وہ آجائے تم پر	عذاب	پھر	تم سب مدد نہیں کیے جاؤ گے

وَ	اتَّبِعُوْٓا ③	اَحْسَنَ ⑤	مَآ	اُنْزِلَ ⑥	اِلَيْكُمْ
اور	تم سب پیروی کرو	سب سے اچھی بات کی	جو	نازل کی گئی	تمہاری طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ
تمہارے رب (کی طرف) سے	(اس) سے پہلے	کہ	وہ آجائے تم پر	عذاب

بَغْتَةً	وَّ اَنْتُمْ	لَا تَشْعُرُوْنَ (55) لا	اَنْ	تَقُوْلَ ⑦	نَفْسٌ
اچانک	جبکہ تم	تم سب شعور نہ رکھتے ہو	(ایسا نہ ہو) کہ	کہے	کوئی نفس

يٰحَسْرَتٰى	عَلٰى	مَا	فَرَّطْتُّ	فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ
ہائے افسوس	(اس) پر	جو	میں نے کوتاہی کی	اللہ کے حق میں

ضروری وضاحت

① هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ اِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿56﴾	اور بلاشبہ میں تھا یقیناً مذاق کرنے والوں میں سے۔ ﴿56﴾
اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ	یا کہے اگر بیشک اللہ مجھے ہدایت دے دیتا
لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿57﴾	(تو) میں ضرور ہوتا پرہیز گاروں میں سے۔ ﴿57﴾
اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ	یا کہے جس وقت وہ دیکھے عذاب کو
لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً	اگر واقعی میرے لیے ایک بار لوٹنا ہو
فَاَكُوْنَ	تو میں ہو جاؤں گا
مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿58﴾	نیک عمل کرنے والوں میں سے
بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ	ہاں کیوں نہیں یقیناً آئیں تھیں تیرے پاس
اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا	میری آیتیں تو تو نے جھٹلا دیا اُن کو
وَاسْتَكْبَرْتَ	اور تو نے تکبر کیا
وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿59﴾	اور تو تھا انکار کرنے والوں میں سے۔ ﴿59﴾
وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى	اور قیامت کے دن آپ دیکھیں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔
لَمِنَ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
السّٰخِرِيْنَ : مسخرہ پن، تمسخر اُڑانا۔
تَقُوْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
هَدٰىنِيْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
الْمُتَّقِيْنَ : تقویٰ، متقی۔
تَرَى : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
لِيْ : الحمد للہ، لہٰذا۔
كَرَّةً : تکرار، مکرر، نشر مکرر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
اٰيٰتِيْ : آیت، آیات، قرآنی آیات۔
فَكَذَّبْتَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اسْتَكْبَرْتَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
الْقِيٰمَةِ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔

وَ	اِنْ ①	كُنْتُ	لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ② ۙ (56)	اَوْ	تَقُوْلَ ③
اور	بلاشبہ	میں تھا	یقیناً مذاق کرنے والوں میں سے	یا	وہ کہے

لَوْ ④	اَنَّ ②	اللّٰهَ	هَدٰىنِيْ ⑤	لَكُنْتُ ②
اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿37﴾	اگر ہو تم صرف اسی کی عبادت کرتے۔ ﴿37﴾
فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا	پھر اگر وہ تکبر کریں
فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ	تو وہ لوگ جو آپ کے رب کے پاس ہیں
يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ	وہ تسبیح بیان کرتے ہیں اس کی
بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ	رات اور دن کو
وَهُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ ﴿38﴾ السجدة	اور وہ اُکتاتے نہیں ہیں۔ ﴿38﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے
اَنَّكَ تَرَى	کہ بے شک آپ تو دیکھتے ہیں
الْاَرْضَ خَاشِعَةً	زمین کو دبی ہوئی (یعنی خشک)
فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ	پھر جب ہم نازل کرتے ہیں اس پر پانی
اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ط	(تو) وہ لہلہاتی ہے اور ابھرنے لگتی ہے
اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا	بے شک جس (اللہ) نے زندہ کیا اس (زمین) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعْبُدُوْنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔	اٰيٰتِهٖ : آیت، آیات، قرآنی آیات۔
اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	تَرَى : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
عِنْدَ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	الْاَرْضَ : ارض و سماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
رَبِّكَ : ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔	خَاشِعَةً : خشوع و خضوع۔
يُسَبِّحُوْنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔	اَنْزَلْنَا : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
بِالَّيْلِ : لیل و نہار، لیلۃ القدر۔	عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
النَّهَارِ : نہار منہ، لیل و نہار۔	الْمَآءَ : ماء الحیات، ماء اللحم۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اَحْيَاهَا، لَمُحْيِ : حیات، احیائے سنت۔

السجدة 11

اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ ①	تَعْبُدُوْنَ (37) السجدة	فَاِنِ ②
اگر	ہوتم	صرف اسی کی	تم سب عبادت کرتے ہو	پھر اگر

اسْتَكْبَرُوْا	فَالَّذِيْنَ ②	عِنْدَ رَبِّكَ
وہ سب تکبر کریں	تو (وہ) جو	آپ کے رب کے پاس (ہیں)

يُسَبِّحُوْنَ	لَهٗ ③	بِالَّيْلِ ④	وَ	النَّهَارِ
وہ سب تسبیح بیان کرتے ہیں	اس کی	رات کو	اور	دن (کو)

وَ	هُمْ	لَا يَسْـَٔمُوْنَ ⑤ (38)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ
اور	وہ سب	وہ سب اُکتاتے نہیں ہیں	اور	اس کی نشانیوں میں سے (ہے)

اَنَّكَ	تَرَى	الْاَرْضَ ⑥	خَاشِعَةً ⑦
کہ بے شک آپ	آپ دیکھتے ہیں	زمین (کو)	دبی ہوئی (یعنی خشک اور بنجر)

فَاِذَآ ②	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَآءَ	اهْتَزَّتْ ⑦
پھر جب	ہم نے نازل کیا	اس پر	پانی	(تو) وہ لہلہائی

وَ	رَبَتْ ⑦ ط	اِنَّ	الَّذِيْٓ	اَحْيَاهَا
اور	ابھرنے لگی	بے شک	جس نے	زندہ کیا اس (زمین) کو

ضروری وضاحت

①اِیَّاہُ میں عموماً صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔② لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، سو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔③ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑥فعل کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو وہ فعل اسکا مفعول ہوتا ہے۔⑦ ۃ اسم کے آخر اور تْ فعل کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ	یقیناً (وہی) زندہ کرنے والا ہے مُردوں کو
اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿39﴾	بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿39﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ	بے شک (وہ لوگ) جو کج روی کرتے ہیں
فِيْٓ اٰيٰتِنَا	ہماری آیات میں
لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ	نہیں وہ مخفی رہتے ہم پر
اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ	تو (بھلا) کیا جو آگ میں ڈالا جائے (وہ) بہتر ہے
اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	یا جو قیامت کے دن امن کے ساتھ آئے (وہ بہتر ہے)
اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ	تم عمل کرلو جو تم چاہو
اِنَّهٗ بِمَا	بے شک وہ (اس) کو جو
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿40﴾	تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿40﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بے شک (وہ لوگ) جنہوں نے انکار کیا
بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ	ذکر (یعنی قرآن) کا جب وہ آیا ان کے پاس

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمُحْيِ	: حیات، احیائے سنت۔	خَيْرٌ	: خیریت، خیر و عافیت۔
الْمَوْتٰى	: موت و حیات، حیاتی و مماتی۔	اٰمِنًا	: ایمان، مومن، امن۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الْقِيٰمَةِ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
شَيْءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔	اِعْمَلُوْا، تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	شِئْتُمْ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
يَخْفَوْنَ	: خوف، خائف، خوف و ہراس۔	بَصِيْرٌ	: سمع و بصر، بصارت، بصیرت۔
يُّلْقٰى	: القاء۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	بِالذِّكْرِ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکور، تذکیر۔

لَمُحْيِ ①②	الْمَوْتٰى ط	اِنَّهٗ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ③ (39)
یقیناً (وہی) زندہ کرنے والا (ہے)	مُردوں (کو)	بیشک وہ	ہر چیز پر	خوب قادر (ہے)

اِنَّ ①	الَّذِيْنَ	يُلْحِدُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
بے شک	(وہ لوگ) جو	وہ سب کج روی کرتے ہیں	ہماری آیات میں

لَا يَخْفَوْنَ ④	عَلَيْنَا ط	اَفَمَنْ ⑤	يُّلْقٰى ⑥
نہیں وہ سب مخفی رہتے	ہم پر	تو (بھلا) کیا جو	وہ ڈالا جائے

فِي النَّارِ	خَيْرٌ	اَمْ ⑦	مَّنْ	يَّاْتِيْٓ	اٰمِنًا
آگ میں	(وہ) بہتر (ہے)	یا	جو	وہ آئے	امن کے ساتھ

يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ط	اِعْمَلُوْا	مَا شِئْتُمْ لا	اِنَّهٗ
قیامت کے دن (وہ بہتر ہے)	تم سب عمل کرلو	جو تم چاہو	بے شک وہ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ③ (40)	اِنَّ	الَّذِيْنَ
(اس) کو جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا (ہے)	بے شک	(وہ لوگ) جنہوں نے

كَفَرُوْا	بِالذِّكْرِ	لَمَّا	جَآءَهُمْ ج
سب نے انکار کیا	ذکر (یعنی قرآن) کا	جب	وہ آیا ان کے پاس

ضروری وضاحت

①لَ اور اِنَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔②شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔③فَعِيْلٌ کے
سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی
ہے۔⑤ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا
ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔

وَ اِنَّهٗ	اور بے شک وہ
لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۙ﴿41﴾	یقیناً ایک بلند مرتبہ کتاب ہے۔﴿41﴾
لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ	نہیں آسکتا اس کے پاس باطل (جھوٹ)
مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ	اس کے آگے سے
وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ	اور نہ اس کے پیچھے سے
تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ	اُتاری ہوئی ہے بہت حکمت والے کی طرف سے
حَمِيْدٍ ﴿42﴾	(جو) بہت خوبیوں والا ہے۔﴿42﴾
مَا يُقَالُ لَكَ	نہیں کہا جاتا آپ سے
اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ	مگر (وہی) جو یقیناً کہا گیا
لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ	آپ سے پہلے (اور) رسولوں سے (کہی گئیں)
اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ	بے شک آپ کا رب یقیناً بخشنے والا
وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿43﴾	اور دردناک عذاب والا ہے۔﴿43﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شان وشوکت، شام وسحر، لیل ونہار۔
لَكِتٰبٌ	کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
الْبَاطِلُ	باطل، ادیان باطلہ۔
بَيْنِ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
يَدَيْهِ	یدِ بیضاء، یدطولیٰ، رفع الیدین۔
خَلْفِهٖ	خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
تَنْزِيْلٌ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
حَكِيْمٍ	حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔
حَمِيْدٍ	حمد وثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔
يُقَالُ، قِيْلَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
قَبْلِكَ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
لَذُوْ	ذوالجلال، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔
مَغْفِرَةٍ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
عِقَابٍ	عقوبت خانہ، عاقبت نااندیش۔
اَلِيْمٍ	رنج والم، المناک حادثہ۔

وَ	اِنَّهٗ	لَكِتٰبٌ ①	عَزِيۡزٌ ۙ﴿41﴾
اور	بے شک وہ	یقیناً ایک کتاب (ہے)	بلند مرتبہ

لَّا	يَاۡتِيۡهِ ②	الۡبَاطِلُ	مِنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ
نہیں	آسکتا اس کے پاس	باطل (جھوٹ)	ہاتھوں کے درمیان سے (یعنی اس کے سامنے سے)

وَ	لَا	مِنۡ خَلۡفِهٖ ؕ	تَنۡزِيۡلٌ
اور	نہ	اس کے پیچھے سے	اُتاری ہوئی (ہے)

مِّنۡ حَكِيۡمٍ حَمِيۡدٍ ③ ﴿42﴾	مَا ④	يُقَالُ ②⑤
بہت حکمت والے بہت خوبیوں والے (کی طرف) سے	نہیں	کہا جاتا

لَكَ ⑥	اِلَّا	مَا ④	قَدۡ ①	قِيۡلَ
آپ سے	مگر	(وہی) جو	یقیناً	کہا گیا

لِلرُّسُلِ ⑦	مِنۡ قَبۡلِكَ ؕ	اِنَّ ①	رَبَّكَ
(اور) رسولوں سے	آپ سے پہلے	بے شک	آپ کا رب

لَذُوۡ مَغۡفِرَةٍ ①	وَّ	ذُوۡ عِقَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿43﴾
یقیناً بخشنے والا	اور	دردناک عذاب والا (ہے)

ضروری وضاحت

①لَ، قَدۡ اور اِنَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔② یہاں علامت یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔③ فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ يُقَالُ اصل میں يُقۡوَلُ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے وَ کو "ا" سے بدلا گیا ہے۔⑥ لَكَ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ قَالَ، يَقُوۡلُ اور قِيۡلَ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا	اور اگر ہم بنا دیتے اسے عجمی قرآن
لَّقَالُوْا لَوْ لَا	(تو) ضرور وہ کہتے کیوں نہیں
فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ	کھول کر بیان کی گئیں اس کی آیات
ءَ اَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ	کیا (کتاب) عجمی اور (رسول) عربی؟
قُلْ هُوَ	آپ کہہ دیجیے وہ
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	(ان لوگوں) کے لیے جو ایمان لائے
هُدًى وَّ شِفَآءٌ ؕ	ہدایت اور شفاء ہے
وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ	اور وہ (لوگ) جو ایمان نہیں لاتے
فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ	ان کے کانوں میں بوجھ (کارک یا ڈاٹ) ہے
وَّ هُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ	اور وہ ان کے حق میں اندھا ہونے کا باعث ہے
اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ	یہ (وہ لوگ ہیں جو گویا) پکارے جاتے ہیں
مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿44﴾ ع	دور جگہ سے۔

قرء حفص بتسهيل الهمزة الثانية 12

ع 5 12 19

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شان وشوکت، شام وسحر، لیل ونہار۔	هُدًى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قُرْاٰنًا	: قرآن، قراءت۔	شِفَآءٌ	: شفاء، ہوالشافی، شفاء کاملہ۔
اَعْجَمِيًّا	: عرب وعجم، عجمی لوگ۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
لَّقَالُوْا، قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يُؤْمِنُوْنَ	: ایمان، مومن، امن۔
فُصِّلَتْ	: تفصیل، مفصل۔	اٰذَانِهِمْ	: اذیت، اذیتیں، ایذارسانی، موذی۔
اٰيٰتُهٗ	: آیت، آیات۔	يُنَادَوْنَ	: نداء، منادی، ندائے ملت۔
عَرَبِيٌّ	: عرب وعجم، عربی زبان، عربی النسل۔	مَّكَانٍ	: کون ومکان، مکانات، مکین۔
اٰمَنُوْا	: ایمان، مومن، امن۔	بَعِيْدٍ	: بُعد، بعید از قیاس۔

وَ	لَوْ ①	جَعَلْنٰهُ ②	قُرْاٰنًا	اَعْجَمِيًّا	لَّقَالُوْا
اور	اگر	ہم بنادیتے اسے	قرآن	عجمی	(تو) ضرور وہ سب کہتے

لَوْلَا ③	فُصِّلَتْ ④⑤	اٰيٰتُهٗ ② ؕ	ءَ	اَعْجَمِيٌّ
کیوں نہیں	کھول کر بیان کی گئیں	اس کی آیات	کیا (قرآن)	عجمی

وَّ	عَرَبِيٌّ ؕ	قُلْ	هُوَ	لِلَّذِيْنَ
اور	(رسول یا مخاطب) عربی؟	آپ کہہ دیجیے	وہ	(اُن لوگوں) کے لیے جو

اٰمَنُوْا	هُدًى	وَّ	شِفَآءٌ ؕ	وَ	الَّذِيْنَ
سب ایمان لائے	ہدایت	اور	شفاء (ہے)	اور	(وہ لوگ) جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرٌ
نہیں وہ سب ایمان لاتے	ان کے کانوں میں	بوجھ (یعنی کارک یا ڈاٹ) ہے

وَّ	هُوَ	عَلَيْهِمْ ⑥	عَمًى ؕ
اور	وہ	ان کے حق میں	اندھا ہونے کا باعث (ہے)

اُولٰٓئِكَ ⑦	يُنَادَوْنَ	مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ۝44 ع
یہ (وہ لوگ ہیں جو گویا)	وہ سب پکارے جاتے ہیں	دور جگہ سے

ع 5 12 19

قرء حفص بتسہیل الہمزۃ الثانیۃ 12

ضروری وضاحت

① لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش کیا جاتا ہے۔② ہٗ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے اور اسم کے آخر میں ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔③ لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ عَلَيْهِمْ کا لفظی ترجمہ ان پر ہے اس سے مراد ان کے حق میں ہے۔⑦ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً کبھی یہ بھی ترجمہ کر دیا جاتا ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے دی موسیٰ کو کتاب
فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ	تو اختلاف کیا گیا اس میں
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ	اور اگر نہ ہوتی وہ بات (جو) پہلے طے ہو چکی
مِنْ رَّبِّكَ	آپ کے رب کی طرف سے
لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ	(تو) ضرور فیصلہ کر دیا جاتا ان کے درمیان
وَ اِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ	اور بے شک وہ یقیناً (ایسے) شک میں ہیں
مِّنْهُ	اس (قرآن) کی طرف سے
مُرِيْبٍ ﴿45﴾	(جو) بے چین رکھنے والا ہے۔ ﴿45﴾
مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ	جس نے نیک عمل کیا تو اپنے نفس کے لیے (کیا)
وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ	اور جس نے برائی کی تو اسی پر (اس کا وبال) ہے
وَمَا رَبُّكَ	اور نہیں ہے آپ کا رب
بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿46﴾	ہرگز ظلم کرنے والا (اپنے) بندوں پر۔ ﴿46﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	بَيْنَهُمْ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الْكِتٰبَ	: کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	شَكٍّ	: شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
فَاخْتُلِفَ	: اختلاف، مختلف، خلاف، مخالف۔	عَمِلَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
فِيْهِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	صَالِحًا	: اصلاح، اعمال صالحہ۔
كَلِمَةٌ	: کلمہ، کلام، متکلم، اندازِ تکلم۔	فَلِنَفْسِهٖ	: نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
سَبَقَتْ	: سبقت، سابقہ، حسبِ سابق۔	اَسَآءَ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
رَّبِّكَ	: ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔	بِظَلَّامٍ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لَقُضِيَ	: قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	لِّلْعَبِيْدِ	: عبدیت، عبادت۔

وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے دی	موسیٰ (کو)	کتاب

فَاخْتُلِفَ ①	فِيْهِ ؕ	وَ	لَوْلَا ②	كَلِمَةٌ ③
تو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور	اگر نہ (ہوتی)	(وہ) بات

سَبَقَتْ ③	مِنْ رَّبِّكَ	لَقُضِيَ ④
(جو) پہلے طے ہو چکی	آپ کے رب (کی طرف) سے	(تو) ضرور فیصلہ کر دیا جاتا

بَيْنَهُمْ ؕ	وَ	اِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ
ان کے درمیان	اور	بے شک وہ	یقیناً (ایسے) شک میں (ہیں)

مِّنْهُ	مُرِيْبٍ ⑤ ﴿45﴾	مَنْ ⑥	عَمِلَ	صَالِحًا
اس (قرآن) سے	(جو) بے چین رکھنے والا ہے	جس نے	عمل کیا	نیک

فَلِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ ⑥	اَسَآءَ	فَعَلَيْهَا ؕ
تو اپنے نفس کے لیے (کیا)	اور	جس نے	برائی کی	تو اسی پر (اس کا وبال) ہے

وَ	مَا ⑦	رَبُّكَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ ﴿46﴾
اور	نہیں (ہے)	آپ کا رب	ہرگز ظلم کرنے والا	(اپنے) بندوں پر

ضروری وضاحت

① فَاخْتُلِفَ دراصل اُخْتُلِفَ تھا شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔② لَوْلَا کے بعد اسم ہوتو ترجمہ اگر نہ اور فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہ کیا جاتا ہے۔③ ۃ ، تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں ۔④ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ مُرِيْبٍ دراصل مُرْيِبٍ تھا شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑦ مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

"اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟"

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ **(www.bait-ul-quran.org)**

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ "**بیت القرآن**" کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: "**بیت القرآن**" لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

اِلَيۡهِ يُرَدُّ 25

پروفیسر عبد الرّحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ اِلَیۡهِ یُرَدُّ ﴾ پارہ نمبر 25
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
اشاعت اول	اکتوبر 2014
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیتُ القُرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیتُ القُرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بَیتُ القُرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیتُ القُرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ان شاءاللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیتُ القُرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون : 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115

فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111

ویب سائٹ : www.bait-ul-quran.org

ای میل : Info@bait-ul-quran.org

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ	اسی کی طرف لوٹایا جاتا ہے قیامت کا علم
وَمَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا	اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے غلافوں سے
وَمَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ	اور نہیں حاملہ ہوتی کوئی مادہ اور نہ (کوئی بچہ) جنتی ہے
اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ وَيَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ	مگر اسکے علم سے، اور (جس) دن وہ پکارے گا انہیں
اَيۡنَ شُرَكَآءِىۡ ۙ	کہاں ہیں میرے شریک
قَالُوۡۤا اٰذَنّٰكَ ۙ	وہ کہیں گے ہم نے عرض کر دی ہے آپ سے
مَا مِنَّا مِنۡ شَهِيۡدٍ ﴿47﴾	نہیں ہم میں سے کوئی گواہ (اس بات کا کہ تیرا کوئی شریک ہے)۔﴿47﴾
وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَدۡعُوۡنَ	اور گم ہو جائیں گے ان سے جنہیں وہ پکارتے تھے
مِنۡ قَبۡلُ وَظَنُّوۡا	اس سے پہلے اور وہ سمجھ لیں گے
مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿48﴾	(کہ) نہیں ہے ان کے لیے کوئی بھاگنے کی جگہ۔﴿48﴾
لَا يَسۡـَٔمُ الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ الۡخَيۡرِ ۫	نہیں تھکتا انسان بھلائی مانگنے سے
وَاِنۡ مَّسَّهُ الشَّرُّ	اور اگر اسے تکلیف پہنچے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَيۡهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	شُرَكَآءِىۡ	: شرک، شریک، شراکت، مشرک۔
يُرَدُّ	: رد، مردود، تردید، مرتد۔	قَالُوۡۤا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
عِلۡمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	ضَلَّ	: ضلالت وگمراہی۔
تَخۡرُجُ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	يَدۡعُوۡنَ	: دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
تَحۡمِلُ	: حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔	قَبۡلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
اُنۡثٰى	: مؤنث ومذکر، تذکیر وتانیث۔	ظَنُّوۡا	: ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
تَضَعُ	: وضعِ حمل، وضع قطع۔	مَّسَّهُ	: مس، مساس۔
يُنَادِيۡهِمۡ	: ندا، منادی، ندائے ملت۔	الشَّرُّ	: خیر وشر، شریر، شرارت۔

اِلَيْهِ	يُرَدُّ ①	عِلْمُ السَّاعَةِ ط ②	وَ	مَا	تَخْرُجُ ②	مِنْ ثَمَرٰتٍ ②③
اسی کی طرف	لوٹایا جاتا ہے	قیامت کا علم	اور	نہیں	نکلتا	کوئی پھل

مِّنْ اَكْمَامِهَا	وَ	مَا	تَحْمِلُ ②	مِنْ اُنْثٰى ③	وَ لَا	تَضَعُ ②
اپنے غلافوں سے	اور	نہیں	حاملہ ہوتی	کوئی مادہ	اور نہ	(کوئی بچہ) جنتی ہے

اِلَّا	بِعِلْمِهٖ ط	وَ يَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ ④	اَيْنَ	شُرَكَآءِيْ لا
مگر	اس کے علم سے	اور (جس) دن	وہ پکارے گا انہیں	کہاں (ہیں)	میرے شریک

قَالُوْٓا ⑤	اٰذَنّٰكَ لا	مَا	مِنَّا	مِنْ شَهِيْدٍ ③⑥ ج (47)
وہ سب کہیں گے	ہم نے عرض کر دی ہے آپ سے	نہیں	ہم میں سے	کوئی گواہ

وَ	ضَلَّ ⑤	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَدْعُوْنَ ⑦	مِنْ قَبْلُ
اور	گم ہو جائیں گے	ان سے	جنہیں	تھے وہ سب پکارتے	(اس) سے پہلے

وَ	ظَنُّوْا ⑤	مَا	لَهُمْ	مِّنْ مَّحِيْصٍ ③⑥ (48)
اور	وہ سب سمجھ لیں گے (کہ)	نہیں (ہے)	ان کے لیے	کوئی بھاگنے کی جگہ

لَا يَسْـَٔمُ	الْاِنْسَانُ	مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ز	وَ	اِنْ	مَّسَّهُ	الشَّرُّ
نہیں وہ تھکتا	انسان	بھلائی مانگنے سے	اور	اگر	پہنچے اُسے	تکلیف

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② ۃ، تَ اور ات یہ تینوں مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ فعل کے آخر میں هُمْ یا هِمْ ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔⑤ یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے لیکن ضرورتاً اس کا ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔
⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿49﴾	تو بہت مایوس سخت ناامید ہو جاتا ہے۔﴿49﴾
وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا	اور یقیناً اگر ہم چکھائیں اسے اپنی طرف سے رحمت
مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ	(اس) تکلیف کے بعد جو پہنچی ہوا سے
لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ	(تو) بلاشبہ ضرور وہ کہے گا یہ تو میرا (حق) ہے
وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ	اور نہیں میں سمجھتا قیامت قائم ہونے والی ہے
وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ	اور واقعی اگر میں لوٹا یا گیا اپنے رب کی طرف
اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ	بیشک میرے لیے اسکے پاس (بھی) یقیناً بھلائی ہے
فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ	پس ضرور بالضرور ہم بتلائیں گے (ان لوگوں کو) جنہوں نے
كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫	کفر کیا (اس) کے بارے میں جو انہوں نے عمل کیا
وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	اور ضرور بالضرور ہم چکھائیں گے انہیں
مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿50﴾	سخت عذاب (کا مزہ)۔﴿50﴾
وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ	اور جب ہم انعام کرتے ہیں انسان پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيَـُٔوْسٌ	: مایوس، یاس وناامیدی۔	اَظُنُّ	: ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
اَذَقْنٰهُ	: ذائقہ، بدذائقہ۔	قَآئِمَةً	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
رَحْمَةً	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	رُّجِعْتُ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
بَعْدِ	: بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔	فَلَنُنَبِّئَنَّ	: نبی، انبیاء۔
ضَرَّآءَ	: مضرِ صحت، ضرر رساں۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
مَسَّتْهُ	: مس، مساس۔	عَمِلُوْا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول زندگی۔
لَيَقُوْلَنَّ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَنْعَمْنَا	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
هٰذَا	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	عَلَى	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔

فَيَـٔـُوْسٌ ①	قَنُوْطٌ ① (49)	وَ	لَئِنْ	اَذَقْنٰهُ
تو بہت مایوس	سخت ناامید (ہوجاتا ہے)	اور	یقیناً اگر	ہم چکھائیں اسے

رَحْمَةً ②	مِّنَّا	مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ ②③	مَسَّتْهُ ②	لَيَقُوْلَنَّ ④
رحمت	اپنی (طرف) سے	(اس) تکلیف کے بعد	(جو) پہنچی ہوا اُسے	بلاشبہ ضرور وہ کہے گا

هٰذَا	لِيْ لا	وَ	مَآ	اَظُنُّ	السَّاعَةَ ②	قَآئِمَةً ② لا
یہ (تو)	میرے لیے (یعنی میرا حق ہے)	اور	نہیں	میں سمجھتا	قیامت	قائم ہونے والی (ہے)

وَّ	لَئِنْ	رُّجِعْتُ ⑤	اِلٰى رَبِّيْۤ	اِنَّ	لِيْ
اور	واقعی اگر	میں لوٹایا گیا	اپنے رب کی طرف	بے شک	میرے لیے

عِنْدَهٗ	لَلْحُسْنٰى ج ②	فَلَنُنَبِّئَنَّ ④	الَّذِيْنَ ⑥	كَفَرُوْا
اسکے پاس	یقیناً بھلائی (ہے)	پس ضرور بالضرور ہم بتلائیں گے	(اُن لوگوں کو) جن	سب نے کفر کیا

بِمَا ⑦	عَمِلُوْا ز	وَ	لَنُذِيْقَنَّهُمْ ④
اُس کے بارے میں جو	ان سب نے عمل کیا	اور	ضرور بالضرور ہم چکھائیں گے انہیں

مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ (50)	وَ	اِذَآ	اَنْعَمْنَا	عَلَى الْاِنْسَانِ
سخت عذاب سے	اور	جب	ہم انعام کریں	انسان پر

ضروری وضاحت

① فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔② اسم کے آخر میں ۃ، ـٰی اور آء اور فعل کے آخر میں تْ یہ تمام مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔③ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ④ شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔

اَعْرَضَ وَ نَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ	(تو) وہ منہ موڑ لیتا ہے اور پھیر لیتا ہے اپنے پہلو کو
وَ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ	اور جب پہنچے اُسے تکلیف
فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿51﴾	تو (وہ لمبی) چوڑی دعا والا ہو جاتا ہے۔﴿51﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ	کہہ دیجیے کیا تم نے دیکھا (غور کیا) اگر وہ (قرآن) ہو
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ	اللہ کی طرف سے پھر تم نے انکار کر دیا اس کا
مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ	(تو) کون زیادہ گمراہ ہوگا (اس) سے جو (کہ)
هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿52﴾	وہ دور کی مخالفت میں (پڑا) ہو۔﴿52﴾
سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا	عنقریب ضرور ہم دکھائیں گے انہیں اپنی نشانیاں
فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	آفاق (عالم) میں اور (خود) ان کے نفسوں میں
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ	یہاں تک کہ ان کے لیے واضح ہو جائے
اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ	کہ بے شک وہ (قرآن) ہی حق ہے
اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ	اور (بھلا) کیا کافی نہیں آپ کا رب (اس بات پر)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْرَضَ	اعراض کرنا۔	كَفَرْتُمْ	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
بِجَانِبِهٖ	جانب، جانبین، منجانب۔	اَضَلُّ	ضلالت وگمراہی۔
مَسَّهُ	مس، مساس۔	بَعِيْدٍ	بُعد، بعید از قیاس، بعید از عقل۔
الشَّرُّ	خیر و شر، شریر، شرارت۔	الْاٰفَاقِ	آفاق، آفاقی، آفاقِ عالم، اُفق۔
فَذُوْ	ذوالجلال، ذومعنی، ذو اضعاف اقل۔	اَنْفُسِهِمْ	نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
دُعَآءٍ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	يَتَبَيَّنَ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
عَرِيْضٍ	طول وعرض، وسیع و عریض۔	الْحَقُّ	حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔
اَرَءَيْتُمْ	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	يَكْفِ	کافی، نا کافی، کفایت۔

اَعْرَضَ ①	وَ	نَا	بِجَانِبِهٖ ج	وَ	اِذَا	مَسَّهُ ①
وہ منہ موڑ لیتا ہے	اور	پھیر لیتا ہے	اپنے پہلو کو	اور	جب	پہنچتی ہے اسے

الشَّرُّ	فَذُوْ دُعَآءٍ	عَرِيْضٍ ﴿51﴾	قُلْ ②	اَ ③	رَءَيْتُمْ
تکلیف	تو دعا والا (ہو جاتا ہے)	(لمبی) چوڑی	آپ کہہ دیجیے	کیا	تم نے دیکھا (غور کیا)

اِنْ	كَانَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	ثُمَّ	كَفَرْتُمْ	بِهٖ
اگر	وہ (قرآن) ہو	اللہ (کی طرف) سے	پھر	تم نے انکار کر دیا	اس کا

مَنْ	اَضَلُّ ④	مِمَّنْ ⑤	هُوَ	فِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿52﴾
(تو) کون	زیادہ گمراہ ہوگا	(اس) سے جو	(کہ) وہ	دور کی مخالفت میں (پڑا ہو)

سَنُرِيْهِمْ ⑥	اٰيٰتِنَا	فِي الْاٰفَاقِ
عنقریب ضرور ہم دکھائیں گے انہیں	اپنی نشانیاں	آفاق (عالم) میں

وَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ	لَهُمْ
اور	(خود) ان کے نفسوں میں	یہاں تک کہ	وہ واضح ہو جائے	ان کے لیے

اَنَّهُ الْحَقُّ ⑦ ط	اَ	وَ	لَمْ	يَكْفِ ⑧	بِرَبِّكَ ⑧
کہ بے شک وہ (قرآن) ہی حق ہے	کیا	اور	نہیں	کافی	آپ کا رب

ضروری وضاحت

①یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے، ضرورتاً اس کا ترجمہ حال میں کیا گیا ہے۔② قُلْ، قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و گر گئی ہے۔③ أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔④ یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ مِمَّنْ دراصل مِنْ+ مَنْ کا مجموعہ ہے ن میم میں مدغم ہو گئی ہے۔⑥ فعل کے شروع میں سَ کا ترجمہ عنقریب ضرور کیا جاتا ہے۔⑦ ہٗ یا ھُوَ کے بعد الْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ یہاں یَا اور بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿53﴾	کہ بے شک وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔ ﴿53﴾
اَلَاۤ اِنَّهُمۡ فِىۡ مِرۡيَةٍ	خبردار بے شک وہ (لوگ) شک میں ہیں
مِّنۡ لِّقَآءِ رَبِّهِمۡ ؕ	اپنے رب کی ملاقات سے
اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍ مُّحِيۡطٌ ﴿54﴾ ع	خبردار بے شک وہ ہر چیز کو گھیرنے والا ہے۔ ﴿54﴾

ع 6/10/1

اٰيَاتُهَا 53 — 42 سُوۡرَةُ الشُّوۡرٰى مَكِّيَّةٌ 62 — رُكُوۡعَاتُهَا 05

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

حٰمٓ ﴿1﴾ ۚ عٓسٓقٓ ﴿2﴾	حٰمٓ ﴿1﴾ عٓسٓقٓ ﴿2﴾
كَذٰلِكَ يُوۡحِىۡۤ اِلَيۡكَ	اسی طرح وحی کرتا ہے آپ کی طرف
وَاِلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۙ	اور ان (لوگوں) کی طرف جو آپ سے پہلے تھے
اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿3﴾	وہ اللہ (جو) نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿3﴾
لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ	اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ	اور جو کچھ زمین میں ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔
كُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	يُوۡحِىۡۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
شَىۡءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔	اِلَيۡكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
شَهِيۡدٌ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
لِّقَآءِ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	الۡحَكِيۡمُ : حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
مُّحِيۡطٌ : احاطہ، محیط۔	مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
بِسۡمِ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الرَّحۡمٰنِ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	الۡاَرۡضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

اَنَّهٗ	عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ	شَهِيْدٌ ﴿53﴾	اَلَاۤ
کہ بے شک وہ	ہر چیز پر	گواہ (ہے)	خبردار

اِنَّهُمْ	فِیْ مِرْيَةٍ ①	مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ② ط
بے شک وہ (لوگ)	شک میں (ہیں)	اپنے رب کی ملاقات سے

اَلَاۤ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَیْءٍ ③	مُّحِيْطٌ ④ ﴿54﴾ ع
خبردار	بے شک وہ	ہر چیز کو	گھیرنے والا (ہے)

ع 6 10

اٰیَاتُھَا 53 — 42 سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ 62 — رُكُوْعَاتُھَا 05

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ﴿1﴾ ج	عٓسٓقٓ ﴿2﴾	كَذٰلِكَ	يُوْحِیْۤ	اِلَيْكَ
حٰمٓ	عٓسٓقٓ	اسی طرح	وہ وحی کرتا ہے	آپ کی طرف

وَ	اِلَى الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ لا	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ ⑤
اور	(اُن لوگوں) کی طرف جو	آپ سے پہلے (تھے)	(وہ) اللہ	(جو) نہایت غالب

الْحَكِيْمُ ⑤ ﴿3﴾	لَهٗ ⑥	مَا ⑦	فِی السَّمٰوٰتِ ①	وَ	مَا ⑦	فِی الْاَرْضِ ط
بہت حکمت والا (ہے)	اسی کا ہے	جو (کچھ)	آسمانوں میں (ہے)	اور	جو (کچھ)	زمین میں (ہے)

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②اسم کے آخر میں هُمْ یا هِمْ کا ترجمہ انکا، انکے یا اپنا، اپنے ہوتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔④ مُّحِيْطٌ اصل میں مُّحْوِطٌ تھا، شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔⑤ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔⑥ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔⑦ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿4﴾	اور وہ بہت بلند خوب عظمت والا ہے۔ ﴿4﴾
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡ فَوۡقِهِنَّ	قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائیں اپنے اوپر سے
وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوۡنَ بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ	اور فرشتے تسبیح کرتے ہیں اپنے رب کی حمد کیساتھ
وَيَسۡتَغۡفِرُوۡنَ	اور وہ مغفرت مانگتے رہتے ہیں
لِمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ ؕ	(ان) کے لیے جو زمین میں ہیں
اَلَاۤ اِنَّ اللّٰهَ	خبردار بے شک اللہ
هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ﴿5﴾	وہی بہت بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ ﴿5﴾
وَالَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا	اور (وہ لوگ) جنہوں نے بنا لیے ہیں
مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيۡظٌ عَلَيۡهِمۡ ۖ	اس کے سوا (اور) کارساز، اللہ ان پر نگران ہے
وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ ﴿6﴾	اور نہیں ہیں آپ اُن پر ہرگز کوئی ذمہ دار۔ ﴿6﴾
وَكَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ	اور اسی طرح ہم نے وحی کی آپ کی طرف
قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنۡذِرَ	عربی قرآن کی تاکہ آپ ڈرائیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡعَلِىُّ : اعلیٰ وارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔	فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الۡعَظِيۡمُ : عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔	اتَّخَذُوۡا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
السَّمٰوٰتُ : ارض وسما، کتبِ سماویہ، سماوی آفات۔	اَوۡلِيَآءَ : ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
فَوۡقِهِنَّ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	حَفِيۡظٌ : حافظ، محافظ، حفاظت، تحفظ۔
الۡمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔	بِوَكِيۡلٍ : وکیل، وکالت۔
يُسَبِّحُوۡنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔	اَوۡحَيۡنَاۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
بِحَمۡدِ : حمد وثنا، حامد، محمود۔	عَرَبِيًّا : عرب وعجم، عربی زبان۔
يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	لِّتُنۡذِرَ : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔

وَ	هُوَ الْعَلِیُّ ①	الْعَظِیْمُ ② (4)	تَكَادُ ③	السَّمٰوٰتُ ③
اور	وہی بہت بلند	خوب عظمت والا (ہے)	قریب ہے کہ	آسمان

یَتَفَطَّرْنَ ④	مِنْ فَوْقِهِنَّ ④	وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	یُسَبِّحُوْنَ
وہ پھٹ جائیں	اپنے اُوپر سے	اور	فرشتے	وہ سب تسبیح کرتے ہیں

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ	وَ	یَسْتَغْفِرُوْنَ ⑤	لِمَنْ
اپنے رب کی حمد کے ساتھ	اور	وہ سب مغفرت مانگتے رہتے ہیں	(اُن) کے لیے جو

فِی الْاَرْضِ ؕ	اَلَآ	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ الْغَفُوْرُ ①	الرَّحِیْمُ ② (5)
زمین میں (ہیں)	خبردار	بے شک	اللہ	ہی بہت بخشنے والا	نہایت رحم والا (ہے)

وَ	الَّذِیْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ ⑥	اَوْلِیَآءَ	اللّٰهُ	حَفِیْظٌ
اور	جن	سب نے بنا لیے ہیں	اس کے سوا	کارساز	اللہ	نگران (ہے)

عَلَیْهِمْ ۖ	وَ	مَآ ⑦	اَنْتَ	عَلَیْهِمْ	بِوَكِیْلٍ ⑦ (6)
ان پر	اور	نہیں (ہیں)	آپ	ان پر	ہرگز کوئی ذمہ دار

وَ	كَذٰلِكَ	اَوْحَیْنَآ	اِلَیْكَ	قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا	لِّتُنْذِرَ
اور	اسی طرح	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	عربی قرآن (کی)	تاکہ آپ ڈرائیں

ضروری وضاحت

① هُوَ کے بعد اَلْ والا اسم ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ تَ اور اتْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ فعل کے آخر میں ـنَ اور هِنَّ یہ دونوں جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ⑤ اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے یہاں شروع میں علامت یَ ہے اس لیے اِ گرا ہوا ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ اگر مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

اُمَّ الۡقُرٰى وَمَنۡ حَوۡلَهَا	بستیوں کے مرکز (مکہ) کو اور (اُنہیں) جو اسکے اردگرد ہیں
وَتُنۡذِرَ يَوۡمَ الۡجَمۡعِ	اور آپ ڈرائیں اکٹھے ہونے کے دن سے
لَا رَيۡبَ فِيۡهِ ؕ فَرِيۡقٌ فِى الۡجَنَّةِ	جس میں کوئی شک نہیں، ایک گروہ جنت میں ہوگا
وَفَرِيۡقٌ فِى السَّعِيۡرِ ﴿7﴾	اور ایک گروہ بھڑکتی آگ میں۔ ﴿7﴾
وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ	اور اگر اللہ چاہتا
لَجَعَلَهُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً	(تو) بلاشبہ ان کو کردیتا ایک اُمت
وَّلٰـكِنۡ يُّدۡخِلُ	اور لیکن وہ داخل کرتا ہے
مَنۡ يَّشَآءُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ	جسے وہ چاہتا ہے اپنی رحمت میں
وَالظّٰلِمُوۡنَ مَا لَهُمۡ	اور (جو) ظالم ہیں نہ ان کے لیے
مِّنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿8﴾	کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿8﴾
اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ۚ	کیا انہوں نے بنا رکھے ہیں اسکے سوا (اور) کارساز
فَاللّٰهُ هُوَ الۡوَلِىُّ	سو اللہ ہی (اصل) کارساز ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُمَّ	امّ ِحبیبہ، ام القری، ام الامراض۔	شَآءَ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
الۡقُرٰى	قریہ قریہ بستی بستی۔	وَّاحِدَةً	واحد، احد، توحید۔
حَوۡلَهَا	ماحول، حوالئ شہر، محکمہ ماحولیات۔	يُّدۡخِلُ	دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
تُنۡذِرَ	بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔	رَحۡمَتِهٖ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
يَوۡمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	الظّٰلِمُوۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الۡجَمۡعِ	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	وَّلِىٍّ	ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
لَا رَيۡبَ	کتاب لاریب، ریب وتردد۔	نَصِيۡرٍ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
فَرِيۡقٌ	فریقِ اوّل، فریقِ ثانی، فریقین۔	اتَّخَذُوۡا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔

اُمَّ الْقُرٰى	وَ	مَنْ ①	حَوْلَهَا	وَ	تُنْذِرَ
بستیوں کے مرکز (مکہ کو)	اور	(انہیں) جو	اس کے اردگرد (ہیں)	اور	آپ ڈرائیں

يَوْمَ الْجَمْعِ	لَا رَيْبَ ②	فِيْهِ ؕ	فَرِيْقٌ ③	فِي الْجَنَّةِ
اکٹھے ہونے کے دن (سے)	کوئی شک نہیں	اُس میں	ایک گروہ	جنت میں (ہوگا)

وَ	فَرِيْقٌ ③	فِي السَّعِيْرِ ﴿7﴾	وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ
اور	ایک گروہ	بھڑکتی آگ میں	اور	اگر	چاہتا	اللہ

لَجَعَلَهُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّ	لٰكِنْ	يُّدْخِلُ
(تو) ضرور کردیتا ان کو	ایک اُمت	اور	لیکن	وہ داخل کرتا ہے

مَنْ ①	يَّشَآءُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ	وَ	الظّٰلِمُوْنَ
جسے	وہ چاہتا ہے	اپنی رحمت میں	اور	(جو) سب ظلم کرنے والے (ہیں)

مَا ④	لَهُمْ	مِّنْ وَّلِيٍّ ③⑤	وَّ	لَا	نَصِيْرٍ ③ ﴿8﴾
نہیں	اُن کے لیے	کوئی دوست (ہے)	اور	نہ	کوئی مددگار

اَمِ ⑥	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ ⑤	اَوْلِيَآءَ ۚ	فَاللّٰهُ ⑦	هُوَ الْوَلِيُّ ⑧
کیا	انہوں نے بنا رکھے ہیں	اسکے سوا	(اور) کارساز	سو اللہ	ہی (اصل) کارساز ہے

ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔⑦ فَ کا اصل ترجمہ کبھی پس کبھی تو کبھی سو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑧ هُوَ کے بعد الْ والا اسم ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَهُوَ يُحۡيِ الۡمَوۡتٰى ۫	اور وہی زندہ کرے گا مردوں کو
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿9﴾	اور وہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿9﴾
وَمَا اخۡتَلَفۡتُمۡ فِيۡهِ مِنۡ شَىۡءٍ	اور جو کوئی چیز بھی ہے (کہ) تم نے اختلاف کیا اس میں
فَحُكۡمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ	تو اس کا فیصلہ اللہ کی طرف ہے
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّىۡ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ ۖۚ	وہی اللہ میرا رب ہے اسی پر میں نے بھروسا کیا
وَاِلَيۡهِ اُنِيۡبُ ﴿10﴾	اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ ﴿10﴾
فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ	آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے
جَعَلَ لَـكُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ	اس نے بنا دیے تمہارے لیے تمہارے ہی نفسوں سے
اَزۡوَاجًا وَّمِنَ الۡاَنۡعَامِ اَزۡوَاجًا ۚ	جوڑے اور چوپاؤں سے (بھی انکے) جوڑے
يَذۡرَؤُكُمۡ فِيۡهِ ؕ	وہ پھیلاتا ہے تمہیں اس (جہاں) میں
لَيۡسَ كَمِثۡلِهٖ شَىۡءٌ ۚ	اس کی مثل کوئی چیز نہیں
وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ ﴿11﴾	اور وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿11﴾

ع 1/9 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحۡيِ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	فَاطِرُ : فطرت، فطری چیز۔
كُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
شَىۡءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔	اَنۡفُسِكُمۡ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
قَدِيۡرٌ : قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	اَزۡوَاجًا : زوج، زوجہ، ازواج مطہرات۔
اخۡتَلَفۡتُمۡ : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔	الۡاَنۡعَامِ : عوام کالانعام۔
فَحُكۡمُهٗۤ : حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔	كَمِثۡلِهٖ : کالعدم، کماحقہ/ مثل، مثال، تمثیل۔
تَوَكَّلۡتُ : توکل، متوکل علی اللہ۔	السَّمِيۡعُ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
اُنِيۡبُ : انابت الی اللہ۔	الۡبَصِيۡرُ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔

ع 1 9 2

وَ	هُوَ یُحْیِ ①	الْمَوْتٰی ز	وَ	هُوَ	عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ
اور	وہی زندہ کرے گا	مردوں کو	اور	وہ	ہر چیز پر

قَدِیْرٌ ② ع (9)	وَ	مَا	اخْتَلَفْتُمْ	فِیْهِ
خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	اور	جو	تم نے اختلاف کیا	اس میں

مِنْ شَیْءٍ ③④	فَحُكْمُهٗۤ	اِلَی اللّٰهِ ط	ذٰلِكُمُ ⑤	اللّٰهُ	رَبِّیْ
کوئی چیز (بھی)	تو اس کا فیصلہ	اللہ کی طرف (ہے)	وہی	اللہ	میرا رب (ہے)

عَلَیْهِ	تَوَكَّلْتُ ⑥ ۖ ق	وَ	اِلَیْهِ	اُنِیْبُ (10)	فَاطِرُ
اسی پر	میں نے بھروسا کیا	اور	اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	پیدا کرنے والا (ہے)

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ ط	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ⑦
آسمانوں (کا)	اور	زمین (کا)	اس نے بنا دیے	تمہارے لیے	تمہارے ہی نفسوں سے

اَزْوَاجًا	وَّ	مِنَ الْاَنْعَامِ	اَزْوَاجًا ج	یَذْرَؤُكُمْ ⑦
جوڑے	اور	چوپاؤں سے (بھی)	(انکے) جوڑے	وہ پھیلاتا ہے تمہیں

فِیْهِ ط	لَیْسَ	كَمِثْلِهٖ	شَیْءٌ ④ ج	وَ	هُوَ السَّمِیْعُ	الْبَصِیْرُ (11)
اس میں	نہیں	اسکی مثل جیسی	کوئی چیز	اور	وہی خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا (ہے)

ضروری وضاحت

①هُوَ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔②اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے③مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ واحد مذکر کی طرف اشارہ بعید کی علامت ہے اور اگر جمع مذکر کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے، اس سے معنی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔⑥ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ اسم کے آخر میں كُمْ ہو تو ترجمہ تمھارا یا اپنا ہوتا ہے اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ	وہ فراخ کرتا ہے رزق کو جس کے لیے وہ چاہتا ہے
وَيَقْدِرُ ۭ	اور وہی تنگ کرتا ہے
اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿12﴾	بے شک وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿12﴾
شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ	اس نے مقرر کیا ہے تمہارے لیے دین سے
مَا وَصّٰى بِهٖ	(وہی طریقہ) جس کا اس نے تاکیدی حکم بھیجا
نُوْحًا وَّ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ	نوح کو اور جو ہم نے وحی کی آپ کی طرف
وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ	اور جس کا ہم نے تاکیدی حکم بھیجا
اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا	ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو یہ کہ تم قائم رکھو
الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ	(اس) دین کو اور جدا جدا نہ ہو جاؤ اس (دین) میں
كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ	گراں گزرتی ہے مشرکین پر (وہ بات)
مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ	جس کی طرف آپ بلاتے ہیں اُنہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
يَبْسُطُ	: بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔
يَّشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
بِكُلِّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
عَلِيْمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
شَرَعَ	: شریعت، شرعی احکام۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
وَصّٰى	: وصیت، وصیت نامہ، آخری وصیت۔
اَوْحَيْنَآ	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلَيْكَ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَقِيْمُوا	: قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
تَتَفَرَّقُوْا	: متفرق، تفریق، فرق، فرقہ واریت۔
كَبُرَ	: کبر، کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْمُشْرِكِيْنَ	: شرک، شریک، شراکت، مشرک۔
تَدْعُوْهُمْ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔

لَهٗ ①	مَقَالِيۡدُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضِ ۚ	يَبۡسُطُ
اسی کے پاس	کنجیاں (ہیں)	آسمانوں (کی)	اور	زمین (کی)	وہ فراخ کرتا ہے

الرِّزۡقَ ②	لِمَنۡ	يَّشَآءُ	وَ	يَقۡدِرُ ؕ	اِنَّهٗ
رزق (کو)	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے	اور	وہی تنگ کرتا ہے	بے شک وہ

بِكُلِّ شَیۡءٍ ③	عَلِيۡمٌ ⑫	شَرَعَ	لَكُمۡ ①	مِّنَ الدِّيۡنِ
ہر چیز کو	خوب جاننے والا (ہے)	اس نے مقرر کیا ہے	تمہارے لیے	دین سے

مَا ④	وَصّٰى	بِهٖ	نُوۡحًا	وَّ	الَّذِیۡۤ	اَوۡحَيۡنَاۤ ⑤
جو	اس نے تاکیدی حکم بھیجا	اس کا	نوح (کو)	اور	جو	ہم نے وحی کی

اِلَيۡكَ	وَ	مَا ④	وَصَّيۡنَا ⑤	بِهٖۤ	اِبۡرٰهِيۡمَ	وَمُوۡسٰى
آپ کی طرف	اور	جو	ہم نے تاکیدی حکم بھیجا	اس کا	ابراہیم	اور موسیٰ

وَ	عِيۡسٰٓى	اَنۡ	اَقِيۡمُوا	الدِّيۡنَ	وَ	لَا تَتَفَرَّقُوۡا ⑥
اور	عیسیٰ (کو)	یہ کہ	تم سب قائم رکھو	دین (کو)	اور	تم سب جدا جدا نہ ہو جاؤ

فِيۡهِ ؕ	كَبُرَ	عَلَى الۡمُشۡرِكِيۡنَ	مَا ④	تَدۡعُوۡهُمۡ ⑦	اِلَيۡهِ ؕ
اس میں	گراں گزرتی ہے	مشرکین پر	جو	آپ بلاتے ہیں انہیں	اسکی طرف

ضروری وضاحت

① لَهٗ اور لَكُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس ہوتا ہے۔⑤ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡا ہو تو اس میں جمع کے لیے کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑦ فعل کے آخر میں هُمۡ کا ترجمہ انہیں ہوتا ہے۔

اَللّٰهُ يَجۡتَبِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ	اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف جسے وہ چاہتا ہے
وَ يَهۡدِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ	اور وہ ہدایت دیتا ہے اپنی طرف (اسے) جو
يُّنِيۡبُ ﴿13﴾ وَ مَا تَفَرَّقُوۡۤا	رجوع کرتا ہے۔ ﴿13﴾ اور نہیں وہ جدا جدا ہوئے
اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ	مگر اس کے بعد کہ آچکا انکے پاس علم
بَغۡيًۢا بَيۡنَهُمۡ ؕ	(محض) اپنے درمیان (آپس کی) کی ضد کی وجہ سے
وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ	اور اگر نہ ہوتی ایک بات (جو) پہلے سے طے تھی
مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	آپ کے رب کی طرف سے ایک مقرر وقت تک
لَّقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ ؕ	(تو) ضرور فیصلہ کر دیا جاتا ان کے درمیان
وَ اِنَّ الَّذِيۡنَ اُوۡرِثُوا	اور بے شک (وہ لوگ) جو وارث بنائے گئے
الۡكِتٰبَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ	(اس) کتاب کے ان کے بعد
لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ	یقیناً (وہ) اسکے بارے میں (ایسے) شک میں مبتلا ہیں
مُرِيۡبٍ ﴿14﴾	(جو کہ) اضطراب میں ڈالنے والا ہے۔ ﴿14﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَيۡهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	كَلِمَةٌ	کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔
يَّشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔	سَبَقَتۡ	سبقت، سابقہ، حسب سابق۔
يَهۡدِىۡۤ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
يُّنِيۡبُ	انابت الی اللہ، منیب۔	مُّسَمًّى	اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔
تَفَرَّقُوۡۤا	متفرق، تفریق، تفرقہ، فرقہ واریت۔	لَّقُضِىَ	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
اِلَّا	اِلا ماشاء اللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	اُوۡرِثُوا	وارث، وراثت، ورثاء۔
الۡعِلۡمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	الۡكِتٰبَ	کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
بَغۡيًۢا	باغی، بغاوت۔	شَكٍّ	شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔

اَللّٰهُ	يَجْتَبِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ ①	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْٓ
اللہ	وہ چن لیتا ہے	اپنی طرف	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے

اِلَيْهِ	مَنْ ①	يُّنِيْبُ ﴿13﴾	وَ	مَا ②	تَفَرَّقُوْٓا ③
اپنی طرف	(اسے) جو	وہ رجوع کرتا ہے	اور	نہیں	وہ سب جدا جدا ہوئے

اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ ④	مَا ②	جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ
مگر	(اس کے) بعد	کہ	آچکا ان کے پاس	علم

بَغْيًۢا	بَيْنَهُمْ ؕ	وَ	لَوْلَا ⑤	كَلِمَةٌ ⑥	سَبَقَتْ ⑦
(محض) ضد کی وجہ سے	اُنکے درمیان (یعنی آپس کی)	اور	اگر نہ	ایک بات	پہلے سے طے ہوتی

مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ⑥	لَّقُضِيَ ⑧
آپ کے رب (کی طرف) سے	ایک مقرر وقت تک	ضرور فیصلہ کر دیا جاتا

بَيْنَهُمْ ؕ	وَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْرِثُوا ⑧	الْكِتٰبَ
ان کے درمیان	اور	بے شک	(وہ لوگ) جو	سب وارث بنائے گئے	کتاب (کے)

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ④	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ ﴿14﴾
ان کے بعد	یقیناً شک میں (مبتلا ہیں)	اس سے	اضطراب میں ڈالنے والا

ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔③ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑤ لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ	پھر اس (دین) کی طرف پس آپ بلائیں
وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ	اور ثابت قدم رہیں جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ	اور آپ پیروی نہ کریں ان کی خواہشات کی
وَقُلْ اٰمَنْتُ	اور آپ کہہ دیجیے میں ایمان لایا
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ	(اس) پر جو اللہ نے کتاب نازل کی
وَاُمِرْتُ	اور میں حکم دیا گیا ہوں
لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۗ	کہ میں انصاف کروں تمہارے درمیان
اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۗ لَنَآ	اللہ ہی ہمارا رب ہے اور تمہارا رب ہے، ہمارے لیے
اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۗ	ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال
لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۗ	کوئی جھگڑا نہیں ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان
اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ	اللہ جمع کرے گا ہمیں آپس میں
وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۗ (15)	اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (15)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَادْعُ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	اٰمَنْتُ	: امن، ایمان، مومن۔
اسْتَقِمْ	: صراطِ مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔	بِمَآ	: ماورائے عدالت، ماحول، ماتحت۔
كَمَآ	: کالعدم، کماحقہ/ماحول، ماتحت، ماجرا۔	اَنْزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اُمِرْتَ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔	لِاَعْدِلَ	: عدل، عادل، عدلیہ، عادلانہ نظام۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	بَيْنَكُمْ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
تَتَّبِعْ	: اتباع، تابع، تتبع سنت۔	اَعْمَالُنَا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
اَهْوَآءَهُمْ	: ہوائے نفس۔	يَجْمَعُ	: جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

فَلِذٰلِكَ①	فَادْعُ ج	وَ	اسْتَقِمْ
پھر اس (دین) کی طرف	پس آپ بلائیں	اور	آپ ثابت قدم رہیں

كَمَآ	اُمِرْتَ② ج	وَ	لَا تَتَّبِعْ③	اَهْوَآءَهُمْ④ ط
جس طرح	آپ کو حکم دیا گیا ہے	اور	آپ پیروی نہ کریں	ان کی خواہشات (کی)

وَ	قُلْ	اٰمَنْتُ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ⑤	مِنْ كِتٰبٍ⑥ ج
اور	آپ کہہ دیجیے	میں ایمان لایا	(اس) پر جو	نازل کی	اللہ نے	کتاب

وَ	اُمِرْتُ②	لِاَعْدِلَ	بَيْنَكُمْ ط	اَللّٰهُ	رَبُّنَا⑦
اور	میں حکم دیا گیا ہوں	کہ میں انصاف کروں	تمہارے درمیان	اللہ (ہی)	ہمارا رب (ہے)

وَ	رَبُّكُمْ ط	لَنَآ	اَعْمَالُنَا⑦	وَ	لَكُمْ
اور	تمہارا رب (ہے)	ہمارے لیے	ہمارے اعمال	اور	تمہارے لیے

اَعْمَالُكُمْ ط	لَا حُجَّةَ⑧	بَيْنَنَا⑦	وَ	بَيْنَكُمْ ط
تمہارے اعمال	کوئی جھگڑا نہیں	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان

اَللّٰهُ	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا⑦ ج	وَ	اِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ ط (15)
اللہ	وہ جمع کرے گا	ہمارے درمیان	اور	اسی کی طرف	لوٹ کر جانا (ہے)

ضروری وضاحت

① لِ کا اصل ترجمہ کے لیے ہوتا ہے، یہاں ضرورتاً کی طرف کیا گیا ہے۔② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہو تو واحد کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انکا، انکی، انکے ہوتا ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

⑦ اسم کے آخر میں نَا کا ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے کیا جاتا ہے۔⑧ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَالَّذِيۡنَ يُحَآجُّوۡنَ فِى اللّٰهِ	اور (وہ لوگ) جو جھگڑتے ہیں اللہ (کے بارے) میں
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا اسۡتُجِيۡبَ لَهٗ	(اس کے) بعد کہ مان لیا گیا اس (اللہ) کو
حُجَّتُهُمۡ دَاحِضَةٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ	انکی دلیل انکے رب کے نزدیک باطل (اور کمزور) ہے
وَعَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ	اور ان پر غضب ہے
وَّلَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ﴿16﴾	اور ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ ﴿16﴾
اَللّٰهُ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ	اللہ وہ ہے جس نے کتاب نازل کی حق کے ساتھ
وَالۡمِيۡزَانَ ؕ وَمَا يُدۡرِيۡكَ	اور میزان (کو نازل کیا) اور آپ کیا جانیں
لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيۡبٌ ﴿17﴾	شاید قیامت قریب ہو۔ ﴿17﴾
يَسۡتَعۡجِلُ بِهَا الَّذِيۡنَ	جلدی مانگتے ہیں اس (قیامت) کو وہ (لوگ) جو
لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِهَا ۚ	ایمان نہیں رکھتے اس پر
وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	اور (وہ لوگ) جو ایمان لائے
مُشۡفِقُوۡنَ مِنۡهَا ۙ	(وہ) ڈرنے والے ہیں اس سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِىۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	اَنۡزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	بِالۡحَقِّ	: بالکل، بالواسطہ/حق، حقیقت، حقیقی۔
بَعۡدِ	: بعد از طعام، بعد از کلام۔	الۡمِيۡزَانَ	: وزن، میزان، وزنی، موزون۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماورائے عدالت۔	يُدۡرِيۡكَ	: روایت و درایت۔
اسۡتُجِيۡبَ	: مستجاب الدعا، استجابت، جواب۔	قَرِيۡبٌ	: قرب، قریب، مقرب، قرابت۔
عَلَيۡهِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَسۡتَعۡجِلُ	: عجلت، مہر معجّل۔
غَضَبٌ	: غیظ و غضب، غضبناک۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
شَدِيۡدٌ	: شدید، اشد، متشدد، تشدد، شدت۔	يُؤۡمِنُوۡنَ	: امن، ایمان، مومن۔

وَ	الَّذِیْنَ ①	یُحَآجُّوْنَ	فِی اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ ②
اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب جھگڑتے ہیں	اللہ (کے بارے) میں	(اس کے) بعد

مَا ③	اسْتُجِیْبَ ④	لَهٗ	حُجَّتُهُمْ	دَاحِضَةٌ
کہ	مان لیا گیا	اس (اللہ) کو	ان کی دلیل	باطل (اور کمزور) ہے

عِنْدَ رَبِّهِمْ	وَ	عَلَیْهِمْ	غَضَبٌ	وَّ	لَهُمْ
ان کے رب کے نزدیک	اور	ان پر	غضب (ہے)	اور	ان کے لیے

عَذَابٌ شَدِیْدٌ ⑯	اَللّٰهُ	الَّذِیْٓ ①	اَنْزَلَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ
سخت عذاب (ہے)	اللہ (وہ ہے)	جس نے	نازل کی	کتاب	حق کے ساتھ

وَ	الْمِیْزَانَ ؕ	وَ	مَا یُدْرِیْكَ ③⑤	لَعَلَّ	السَّاعَةَ
اور	میزان (کو نازل کیا)	اور	آپ کیا جانیں	شاید	قیامت

قَرِیْبٌ ⑰	یَسْتَعْجِلُ ⑥	بِهَا	الَّذِیْنَ ①	لَا یُؤْمِنُوْنَ
قریب (ہو)	وہ جلدی مانگتے ہیں	اس (قیامت) کو	(وہ لوگ) جو	وہ سب ایمان نہیں رکھتے

بِهَا ج	وَ	الَّذِیْنَ ①	اٰمَنُوْا	مُشْفِقُوْنَ	مِنْهَا لا
اس پر	اور	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	سب ڈرنے والے (ہیں)	اُس سے

ضروری وضاحت

① الَّذِیْنَ جمع مذکر اور الَّذِیْ واحد مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔ ② اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ③ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس کبھی نہیں اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔ ④ اُسْتُجِیْبَ اصل میں اُسْتُجْوِبَ تھا، شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ یہاں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے، شروع میں یَ آنے سے اِ گر گیا ہے۔

وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ	اور وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ برحق ہے
اَلَاۤ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ	خبردار بے شک وہ (لوگ) جو جھگڑتے ہیں
فِي السَّاعَةِ	قیامت (کے بارے) میں
لَفِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿18﴾	یقیناً دور کی گمراہی میں ہیں۔ ﴿18﴾
اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ	اللہ بہت مہربان ہے اپنے بندوں پر
يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ	وہ رزق دیتا ہے جسے چاہتا ہے
الَّذِىۡ يُوۡعَدُوۡنَ ﴿83﴾	جس کا وہ وعدہ دیے جاتے ہیں۔ ﴿83﴾
وَ هُوَ الَّذِىۡ فِى السَّمَآءِ اِلٰهٌ	اور (اللہ) وہی ہے جو آسمان میں (بھی سچا) معبود ہے
وَّ فِى الۡاَرۡضِ اِلٰهٌؕ	اور زمین میں (بھی سچا) معبود ہے
وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿84﴾	اور وہی نہایت حکمت والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿84﴾
وَتَبٰرَكَ الَّذِىۡ لَهٗ	اور بہت برکت والا ہے جس کے لیے
مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے
وَمَا بَيۡنَهُمَاۚ	اور جو (کچھ) ان دونوں کے درمیان ہے
وَعِنۡدَهٗ عِلۡمُ السَّاعَةِۚ	اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے
وَ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿85﴾	اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿85﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَلۡعَبُوۡا : لہو ولعب۔	الۡحَكِيۡمُ : حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	الۡعَلِيۡمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يُلٰقُوۡا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	تَبٰرَكَ : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
يَوۡمَهُمُ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	مُلۡكُ : ملک، ملوکیت، مملکت، ملکی حالات۔
يُوۡعَدُوۡنَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	بَيۡنَهُمَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	عِنۡدَهٗ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
السَّمَآءِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	اِلَيۡهِ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الۡاَرۡضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	تُرۡجَعُوۡنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

فَذَرۡهُمۡ ①	يَخُوۡضُوۡا	وَ	يَلۡعَبُوۡا
پس آپ چھوڑ دیجیے انہیں	(کہ) وہ سب فضول بحث کرتے رہیں	اور	وہ سب کھیلتے رہیں

حَتّٰى	يُلٰقُوۡا	يَوۡمَهُمُ ①	الَّذِىۡ	يُوۡعَدُوۡنَ ② ﴿83﴾
یہاں تک کہ	وہ سب جا ملیں	اپنے (اس) دن کو	جس (کا)	وہ سب وعدہ دیے جاتے ہیں

وَ	هُوَ ③	الَّذِىۡ	فِى السَّمَآءِ	اِلٰهٌ
اور	(اللہ) وہ (ہے)	جو	آسمان میں	(بھی سچا) معبود (ہے)

وَّ	فِى الۡاَرۡضِ	اِلٰهٌ ؕ	وَ	هُوَ الۡحَكِيۡمُ ④⑤
اور	زمین میں	(بھی سچا) معبود (ہے)	اور	وہی نہایت حکمت والا

الۡعَلِيۡمُ ⑤ ﴿84﴾	وَ	تَبٰرَكَ ⑥	الَّذِىۡ	لَهٗ	مُلۡكُ
خوب جاننے والا (ہے)	اور	بہت برکت والا ہے	(وہ) جو	اُس کے لیے	بادشاہی (ہے)

السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضِ	وَ	مَا	بَيۡنَهُمَا ۚ
آسمانوں	اور	زمین (کی)	اور	جو (کچھ)	ان دونوں کے درمیان (ہے)

وَعِنۡدَهٗ	عِلۡمُ السَّاعَةِ ۚ	وَ	اِلَيۡهِ	تُرۡجَعُوۡنَ ② ﴿85﴾
اور اسی کے پاس	قیامت کا علم (ہے)	اور	اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں هُمۡ کا ترجمہ اُنہیں اور اسم کے آخر میں هُمۡ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ② علامت تُ یا يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ هُوَ واحد مذکر کی علامت ہے اور اس کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔ ④ هُوَ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ نہایت یا خوب کیا گیا ہے۔ ⑥ اس فعل میں موجود تا اور "ا" میں مبالغے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔

وَلَا يَمۡلِكُ الَّذِيۡنَ	اور نہیں وہ اختیار رکھتے جنہیں (یہ لوگ)
يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهِ الشَّفَاعَةَ	اس کے سوا پکارتے ہیں سفارش کا
اِلَّا مَنۡ شَهِدَ بِالۡحَقِّ	مگر جس نے حق کی گواہی دی
وَ هُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿86﴾	اور وہ علم (ویقین) رکھتے ہیں (وہ سفارش کر سکتے ہیں)۔ ﴿86﴾
وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ	اور یقیناً اگر آپ اِن سے پوچھیں
مَّنۡ خَلَقَهُمۡ	(کہ) کس نے انہیں پیدا کیا
لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ	ضرور بالضرور وہ کہیں گے اللہ نے (پیدا کیا ہے)
فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿87﴾ لا	پھر کہاں وہ بہکائے جاتے ہیں۔ ﴿87﴾
وَ قِيۡلِهٖ يٰرَبِّ	قسم ہے اس (رسول) کے ''یارب'' کہنے کی
اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿88﴾	بیشک یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿88﴾
فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَ قُلۡ سَلٰمٌ ؕ	پس آپ درگزر کیجیے ان سے اور کہہ دیجیے سلام ہے
فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿89﴾ ع	پھر جلد ہی وہ جان لیں گے۔ ﴿89﴾

وقف لازم

ع 7 22 13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	بِالۡحَقِّ	حق وباطل، حقیقت۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	يَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يَمۡلِكُ	ملک، ملوکیت، مملکت، ملکی حالات۔	سَاَلۡتَهُمۡ	سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
يَدۡعُوۡنَ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	خَلَقَهُمۡ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لَيَقُوۡلُنَّ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الشَّفَاعَةَ	شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔	قَوۡمٌ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	يُؤۡمِنُوۡنَ	امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔
شَهِدَ	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	سَلٰمٌ	سلام، سلامتی، مسلمان، اسلام۔

وَ	لَا یَمۡلِكُ①	الَّذِیۡنَ	یَدۡعُوۡنَ
اور	نہیں وہ اختیار رکھتے	جنہیں	وہ سب پکارتے ہیں

مِنۡ دُوۡنِهِ②	الشَّفَاعَةَ	اِلَّا	مَنۡ	شَهِدَ
اس کے سوا	سفارش (کا)	مگر	(وہ) جو	گواہی دے

بِالۡحَقِّ	وَ	هُمۡ یَعۡلَمُوۡنَ③ (86)	وَ	لَئِنۡ
حق کی	اور	وہ سب علم (ویقین) رکھتے ہوں	اور	یقیناً اگر

سَاَلۡتَهُمۡ	مَّنۡ خَلَقَهُمۡ	لَیَقُوۡلُنَّ④⑤	اللّٰهُ
آپ پوچھیں اِن سے	(کہ) کس نے پیدا کیا انہیں	ضرور بالضرور وہ کہیں گے	اللہ (نے)

فَاَنّٰی⑥	یُؤۡفَكُوۡنَ⑦ (87) لا	وَ	قِیۡلِهٖ یٰرَبِّ
پھر کہاں	وہ سب بہکائے جاتے ہیں	قسم ہے	اس کے ''یارب'' کہنے کی

اِنَّ	هٰۤؤُلَآءِ	قَوۡمٌ	لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ⑧ (88) مۘ	فَاصۡفَحۡ⑥
بے شک	یہ	لوگ	وہ سب ایمان نہیں لائیں گے	پس آپ درگزر کیجیے

عَنۡهُمۡ	وَ	قُلۡ	سَلٰمٌ ط	فَسَوۡفَ⑥	یَعۡلَمُوۡنَ (89) ع
ان سے	اور	کہہ دیجیے	سلام (ہے)	پھر جلد ہی	وہ سب جان لیں گے

وقف لازم

ع 7/22/13

ضروری وضاحت

①لَا یَمۡلِكُ فعل واحد مذکر کا ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔②لفظ دُوۡنَ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
③هُمۡ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔④ علامت لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید در تاکید کی علامتیں ہیں۔⑤فعل کے آخر میں نّ سے پہلے اگر پیش ہو تو وہ فعل جمع مذکر کے لیے ہوتا ہے۔⑥ فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔⑦ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

آیاتھا 59 | 44 سُوۡرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ 64 | رُكُوعاتُهَا 03

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

حٰمٓ ۚ﴿1﴾ وَ الۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ۙ﴿2﴾	حٰمٓ ﴿1﴾ وضاحت کرنے والی کتاب کی قسم۔ ﴿2﴾
اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِيۡ لَيۡلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ	بیشک ہم نے اسے برکت والی رات میں اُتارا ہے
اِنَّا كُنَّا مُنۡذِرِيۡنَ ﴿3﴾	بے شک ہم ڈرانے والے ہیں۔ ﴿3﴾
فِيۡهَا يُفۡرَقُ	اس (رات) میں فیصلہ کیا جاتا ہے
كُلُّ اَمۡرٍ حَكِيۡمٍ ۙ﴿4﴾	ہر حکمت والے کام کا۔ ﴿4﴾
اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ	(وہ بطور) حکم ہوتا ہے ہماری طرف سے
اِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِيۡنَ ۚ﴿5﴾	بے شک ہم ہی ہیں رسول بھیجنے والے۔ ﴿5﴾
رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ	آپ کے رب کی طرف سے رحمت (مہربانی) ہے
اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ	بے شک وہی خوب سننے والا
الۡعَلِيۡمُ ۙ﴿6﴾	خوب جاننے والا ہے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِسۡمِ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	كُلُّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
الرَّحِيۡمِ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	اَمۡرٍ	امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
الۡكِتٰبِ	کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	حَكِيۡمٍ	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
اَنۡزَلۡنٰهُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللّٰہ۔	عِنۡدِنَا	عندالطلب، عنداللّٰہ ماجور ہوں، عندیہ۔
فِيۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	مُرۡسِلِيۡنَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
لَيۡلَةٍ	لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	رَحۡمَةً	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
مُّبٰرَكَةٍ	برکت، برکات، مبارک، تبرک۔	السَّمِيۡعُ	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
مُنۡذِرِيۡنَ	بشارت وانذار، نذیر۔	الۡعَلِيۡمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

رُکُوۡعَاتُهَا 03	44 سُوۡرَةُ الدُّخَانِ مَکِّیَّةٌ 64	اٰیَاتُهَا 59

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الۡمُبِیۡنِ ﴿2﴾	الۡکِتٰبِ	وَ②	حٰمٓ ①﴿1﴾
وضاحت کرنے والی	کتاب (کی)	قسم ہے	حٰمٓ

فِیۡ لَیۡلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ④	اَنۡزَلۡنٰهُ	اِنَّاۤ③
برکت والی رات میں	ہم نے اتارا ہے اسے	بے شک ہم

یُفۡرَقُ⑥	فِیۡهَا	مُنۡذِرِیۡنَ⑤ ﴿3﴾	کُنَّا	اِنَّا③
فیصلہ کیا جاتا ہے	اس (رات) میں	ڈرانے والے	ہم ہیں	بے شک ہم

مِّنۡ عِنۡدِنَا ط	اَمۡرًا	اَمۡرٍ حَکِیۡمٍ ﴿4﴾	کُلُّ
ہماری طرف سے	(وہ بطور) حکم (ہوتا ہے)	حکمت والے کام کا	ہر

رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّکَ ط	مُرۡسِلِیۡنَ⑤ ﴿5﴾	اِنَّا③ کُنَّا
آپ کے رب (کی طرف) سے رحمت (ہے)	رسول بھیجنے والے	بے شک ہم ہی ہیں

الۡعَلِیۡمُ ﴿6﴾	هُوَ السَّمِیۡعُ	اِنَّهٗ
خوب جاننے والا (ہے)	وہی خوب سننے والا	بے شک وہ

ضروری وضاحت

① حٰمٓ حروفِ مقطعات یعنی علیحدہ علیحدہ پڑھے جانے والے حروف میں سے ہے ان کے معنیٰ کے بارے میں کوئی مستند روایت نہیں ہے۔ اَللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمُرَادِهٖ ۔② وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی اس حال میں اور کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔③ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔④ برکت والی رات سے مراد شب قدر ہے۔⑤ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وقف لازم

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	آسمانوں اور زمین کا رب ہے
وَمَا بَيۡنَهُمَا ۘ	اور (اُن کا بھی) جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے
اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِيۡنَ ﴿7﴾	اگر ہو تم یقین رکھنے والے۔ ﴿7﴾
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحۡىٖ	کوئی (سچا) معبود نہیں مگر وہی، وہ زندگی دیتا ہے
وَيُمِيۡتُ ؕ رَبُّكُمۡ	اور وہ موت دیتا ہے، تمہارا رب ہے
وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿8﴾	اور تمہارے پہلے آباؤاجداد کا رب ہے۔ ﴿8﴾
بَلۡ هُمۡ فِىۡ شَكٍّ يَّلۡعَبُوۡنَ ﴿9﴾	بلکہ وہ ایک شک میں کھیل رہے ہیں۔ ﴿9﴾
فَارۡتَقِبۡ يَوۡمَ	پس آپ انتظار کیجیے اس دن کا
تَاۡتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيۡنٍۙ ﴿10﴾	(کہ) لائے گا آسمان ایک واضح دُھویں کو۔ ﴿10﴾
يَّغۡشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿11﴾	وہ ڈھانپ لے گا لوگوں کو، یہ دردناک عذاب ہے۔ ﴿11﴾
رَبَّنَا اكۡشِفۡ عَنَّا	اے ہمارے رب دور کردے ہم سے
الۡعَذَابَ اِنَّا مُؤۡمِنُوۡنَ ﴿12﴾	(اس) عذاب کو بیشک ہم ایمان لانے والے ہیں۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	شَكٍّ	شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	يَّلۡعَبُوۡنَ	لہوولعب۔
بَيۡنَهُمَا	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	مُّبِيۡنٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
مُّوۡقِنِيۡنَ	یقین، یقین محکم، یقین کامل۔	يَّغۡشَى	غش آنا، غشی طاری ہونا۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	النَّاسَ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
يُحۡىٖ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	هٰذَا	لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
يُمِيۡتُ	موت وحیات، حیاتی مماتی، اموات۔	اَلِيۡمٌ	عذاب الیم، الم ناک، رنج والم۔
الۡاَوَّلِيۡنَ	اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ۔	مُؤۡمِنُوۡنَ	امن، ایمان، مومن۔

وقف لازم

رَبِّ	السَّمٰوٰتِ①	وَ	الۡاَرۡضِ	وَ	مَا
رب (ہے)	آسمانوں (کا)	اور	زمین (کا)	اور (ان کا)	جو

بَیۡنَہُمَا ۘ②	اِنۡ	کُنۡتُمۡ	مُّوۡقِنِیۡنَ③ ﴿7﴾	لَاۤ اِلٰہَ④
ان دونوں کے درمیان (ہے)	اگر	ہوتم	سب یقین رکھنے والے	کوئی (سچا) معبود نہیں

اِلَّا	ہُوَ	یُحۡیٖ	وَ	یُمِیۡتُ ؕ	رَبُّکُمۡ	وَ
مگر	وہی	وہ زندگی دیتا ہے	اور	وہ موت دیتا ہے	تمہارا رب (ہے)	اور

رَبُّ	اٰبَآئِکُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿8﴾	بَلۡ	ہُمۡ	فِیۡ شَکٍّ⑤
رب (ہے)	تمہارے تمام پہلے آباؤ اجداد کا	بلکہ	وہ	ایک شک میں

یَّلۡعَبُوۡنَ ﴿9﴾	فَارۡتَقِبۡ	یَوۡمَ	تَاۡتِی①	السَّمَآءُ⑥
وہ سب کھیل رہے ہیں	پس آپ انتظار کیجیے	(اس) دن (کا)	(کہ) آئے گا	آسمان

بِدُخَانٍ⑤	مُّبِیۡنٍ ۙ﴿10﴾	یَّغۡشَی	النَّاسَ ؕ	ہٰذَا	عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿11﴾
ایک دھواں کے ساتھ	واضح	وہ ڈھانپ لے گا	لوگوں (کو)	یہ	دردناک عذاب (ہے)

رَبَّنَا⑦	اکۡشِفۡ	عَنَّا الۡعَذَابَ	اِنَّا	مُؤۡمِنُوۡنَ③ ﴿12﴾
(اے) ہمارے رب	دور کردے	ہم سے (اس) عذاب کو	بیشک ہم	ایمان لانے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

①ات اسم کے آخر میں اور تـ فعل کے شروع میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②ھُمَا میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔③شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑦یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کیلئے گرا ہوا ہے، اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكۡرٰى	(اُس وقت) اُن کے لیے نصیحت کہاں (مفید) ہوگی
وَقَدۡ جَآءَهُمۡ	جبکہ یقیناً آچکا ان کے پاس
رَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌ ۙ﴿13﴾	کھول کر بیان کرنے والا رسول۔ ﴿13﴾
ثُمَّ تَوَلَّوۡا عَنۡهُ	پھر انہوں نے منہ موڑ لیا اس سے
وَقَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ ۘ﴿14﴾	اور انہوں نے کہا سکھلایا ہوا دیوانہ ہے۔ ﴿14﴾
اِنَّا كَاشِفُوا الۡعَذَابِ	بے شک ہم دور کرنے والے ہیں عذاب کو
قَلِيۡلًا	تھوڑی دیر کے لیے
اِنَّكُمۡ عَآئِدُوۡنَ ۘ﴿15﴾	بیشک تم دوبارہ (وہی) کرنے والے ہو۔ ﴿15﴾
يَوۡمَ نَبۡطِشُ الۡبَطۡشَةَ الۡكُبۡرٰى ۚ	جس دن ہم پکڑیں گے بڑی پکڑ
اِنَّا مُنۡتَقِمُوۡنَ ﴿16﴾	بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں۔ ﴿16﴾
وَلَقَدۡ فَتَنَّا قَبۡلَهُمۡ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آزمایا ان سے پہلے
قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ	فرعون کی قوم کو

وقف لازم

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الذِّكۡرٰى	ذکر، اذکار۔	قَلِيۡلًا	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
رَسُوۡلٌ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	عَآئِدُوۡنَ	اعادہ، عود کر آنا۔
مُّبِيۡنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	يَوۡمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
وَ	مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔	الۡكُبۡرٰى	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
قَالُوۡا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مُنۡتَقِمُوۡنَ	انتقام، انتقامی کاروائی۔
مُعَلَّمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	فَتَنَّا	فتنہ و فساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔
مَّجۡنُوۡنٌ	مجنون، جنون۔	قَبۡلَهُمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
الۡعَذَابِ	عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔	قَوۡمَ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔

اَنّٰى	لَهُمُ ①	الذِّكۡرٰى ②	وَ	قَدۡ ③	جَآءَهُمۡ
کیسے	(اس وقت) ان کو	نصیحت (مفید ہوگی)	جبکہ	یقیناً	آچکا ان کے پاس

رَسُوۡلٌ ④	مُّبِيۡنٌ ۙ﴿13﴾	ثُمَّ	تَوَلَّوۡا ⑤	عَنۡهُ
ایک رسول	کھول کر بیان کرنے والا	پھر	اُنہوں نے منہ موڑ لیا	اس سے

وَ	قَالُوۡا	مُعَلَّمٌ ⑥	مَّجۡنُوۡنٌ ﴿14﴾	اِنَّا
اور	انہوں نے کہا	سکھلایا گیا ہوا	دیوانہ (ہے)	بے شک ہم

كَاشِفُوا ⑦	الۡعَذَابِ	قَلِيۡلًا	اِنَّكُمۡ
دور کرنے والے (ہیں)	عذاب (کو)	تھوڑی دیر کے لیے	بے شک تم

عَآئِدُوۡنَ ﴿15﴾	يَوۡمَ	نَبۡطِشُ	الۡبَطۡشَةَ ②⑧
سب دوبارہ (وہی) کرنے والے ہو	(جس) دن	ہم پکڑیں گے	پکڑ

الۡكُبۡرٰى ۚ ②	اِنَّا	مُنۡتَقِمُوۡنَ ⑥ ﴿16﴾	وَ
بڑی	بے شک ہم	سب انتقام لینے والے (ہیں)	اور

لَقَدۡ ③	فَتَنَّا	قَبۡلَهُمۡ	قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ
بلاشبہ یقیناً	ہم نے آزمایا	ان سے پہلے	فرعون کی قوم کو

ضروری وضاحت

① لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوجاتا ہے۔② ـٰ ی اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔④ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا اور اگر زیر ہو تو کرنے والے کا مفہوم ہے۔
⑦ یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

وقف لازم

وقف لازم

وَجَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ كَرِيۡمٌۙ ﴿17﴾	اور آیا تھا ان کے پاس ایک معزز رسول۔ ﴿17﴾
اَنۡ اَدُّوۡۤا اِلَىَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّىۡ	یہ کہ میرے حوالے کر دو اللہ کے بندوں کو بیشک میں
لَـكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِيۡنٌ ۙ ﴿18﴾	تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں۔ ﴿18﴾
وَّاَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ ۚ	اور یہ کہ اللہ کے مقابل تم سرکشی نہ کرو
اِنِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ	بے شک میں لانے والا ہوں تمہارے پاس
بِسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ ۚ ﴿19﴾ وَاِنِّىۡ	واضح دلیل۔ ﴿19﴾ اور بے شک میں
عُذۡتُ بِرَبِّىۡ وَرَبِّكُمۡ	پناہ پکڑتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے رب (کی)
اَنۡ تَرۡجُمُوۡنِ ﴿20﴾ ز	(اس بات سے) کہ تم مجھے سنگسار کر دو۔ ﴿20﴾
وَاِنۡ لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا لِىۡ	اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے ہو
فَاعۡتَزِلُوۡنِ ﴿21﴾	تو مجھ سے الگ ہو جاؤ۔ ﴿21﴾
فَدَعَا رَبَّهٗۤ	پھر اس نے پکارا اپنے رب کو
اَنَّ هٰٓؤُلَاۤءِ قَوۡمٌ مُّجۡرِمُوۡنَ ﴿22﴾	کہ بے شک یہ لوگ مجرم ہیں۔ ﴿22﴾

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَسُوۡلٌ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	مُّبِيۡنٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
كَرِيۡمٌ	: کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔	عُذۡتُ	: تعویذ، معاذ اللہ، تعوذ۔
اَدُّوۡۤا	: ادا، ادائیگی۔	بِرَبِّىۡ	: ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔
عِبَادَ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔	تَرۡجُمُوۡنِ	: رجم، رجیم، حد رجم۔
اَمِيۡنٌ	: امانت، امین۔	فَاعۡتَزِلُوۡنِ	: معزول کرنا۔
تَعۡلُوۡا	: اعلیٰ وارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔	تُؤۡمِنُوۡا	: امن، ایمان، مومن۔
بِسُلۡطٰنٍ	: بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	فَدَعَا	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
بِسُلۡطٰنٍ	: سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔	مُّجۡرِمُوۡنَ	: جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔

وَ	جَآءَهُمۡ	رَسُوۡلٌ ①	كَرِيۡمٌ ﴿17﴾ لا	اَنۡ	اَدُّوۡۤا	اِلَيَّ ②
اور	آیا تھا اُنکے پاس	ایک رسول	معزز	یہ کہ	سب حوالے کردو	میری طرف

عِبَادَ اللّٰهِ ط	اِنِّيۡ	لَكُمۡ	رَسُوۡلٌ ①	اَمِيۡنٌ ﴿18﴾ لا
اللہ کے بندوں کو	بے شک میں	تمہارے لیے	ایک رسول (ہوں)	امانت دار

وَّ	اَنۡ	لَّا تَعۡلُوۡا ③	عَلَى اللّٰهِ ج ④	اِنِّيۡۤ
اور	یہ کہ	تم سب سرکشی نہ کرو	اللہ کے مقابل	بے شک میں

اٰتِيۡكُمۡ	بِسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ ﴿19﴾ ① ج	وَ	اِنِّيۡ عُذۡتُ ⑤
آنے والا ہوں تمہارے پاس	ایک واضح دلیل کے ساتھ	اور	بے شک میں پناہ پکڑتا ہوں

بِرَبِّيۡ	وَ	رَبِّكُمۡ	اَنۡ	تَرۡجُمُوۡنِ ﴿20﴾ ⑥ ز
اپنے رب کی	اور	تمہارے رب (کی)	(اس بات سے) کہ	تم سب سنگسار کردو مجھے

وَ	اِنۡ	لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا	لِيۡ	فَاعۡتَزِلُوۡنِ ﴿21﴾ ⑥
اور	اگر	تم سب ایمان نہیں لاتے ہو	مجھ پر	تو سب الگ ہوجاؤ مجھ سے

فَدَعَا	رَبَّهٗۤ	اَنَّ	هٰۤؤُلَآءِ	قَوۡمٌ مُّجۡرِمُوۡنَ ﴿22﴾ ⑦
پھر اس نے پکارا	اپنے رب کو	کہ بے شک	یہ	سب مجرم لوگ (ہیں)

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② اِلَيَّ دراصل اِلٰى + يْ کا مجموعہ ہے۔③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ یہاں عَلٰى کا ترجمہ کے مقابل ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑤ يْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔⑥ تَرۡجُمُوۡنِ اور فَاعۡتَزِلُوۡنِ اصل میں تَرۡجُمُوۡنِيۡ اور فَاعۡتَزِلُوۡنِيۡ تھا، جب بھی فعل کے ساتھ يْ لگائی ہو تو درمیان میں نِ لگایا جاتا ہے اور یہاں يْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔⑦ قَوۡمٌ لفظاً واحد ہے اور معنیً جمع ہے۔

الثلثة

فَاَسۡرِ بِعِبَادِیۡ لَيۡلًا	تو (حکم ہوا) تو لے چل میرے بندوں کو رات کے وقت
اِنَّكُمۡ مُّتَّبَعُوۡنَ ۙ﴿23﴾	بے شک تم پیچھا کیے جانے والے ہو۔﴿23﴾
وَ اتۡرُكِ الۡبَحۡرَ رَهۡوًا ؕ اِنَّهُمۡ	اور چھوڑ دے سمندر کو ٹھہرا ہوا، بے شک وہ
جُنۡدٌ مُّغۡرَقُوۡنَ ﴿24﴾	(ایسا) لشکر ہے (جو) غرق کیے جانے والے ہیں۔﴿24﴾
كَمۡ تَرَكُوۡا مِنۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍ ۙ﴿25﴾	کتنے ہی باغات اور چشمے وہ چھوڑ گئے۔﴿25﴾
وَّ زُرُوۡعٍ وَّ مَقَامٍ كَرِيۡمٍ ۙ﴿26﴾	اور (اسی طرح) کھیتیاں اور عمدہ مقام۔﴿26﴾
وَّنَعۡمَةٍ كَانُوۡا فِيۡهَا فٰكِهِيۡنَ ۙ﴿27﴾	اور خوشحالی جس میں وہ مزے اڑانے والے تھے۔﴿27﴾
كَذٰلِكَ ۡ وَ اَوۡرَثۡنٰهَا	اسی طرح (ہوا) اور ہم نے وارث بنایا ان کا
قَوۡمًا اٰخَرِيۡنَ ﴿28﴾	دوسرے لوگوں کو۔﴿28﴾
فَمَا بَكَتۡ عَلَيۡهِمُ السَّمَآءُ وَالۡاَرۡضُ	پھر نہ روئے ان پر آسمان وزمین
وَمَا كَانُوۡا مُنۡظَرِيۡنَ ﴿29﴾ ع 1/29/14	اور نہ وہ مہلت دیے جانے والے ہوئے۔﴿29﴾
وَلَقَدۡ نَجَّيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے نجات دی بنی اسرائیل کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَسۡرِ	اسراو معراج۔	كَرِيۡمٍ	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔
بِعِبَادِیۡ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔	نَعۡمَةٍ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
لَيۡلًا	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	اَوۡرَثۡنٰهَا	وارث، وراثت، ورثا۔
مُّتَّبَعُوۡنَ	اتباع، تابع، متبع سنت۔	اٰخَرِيۡنَ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔
اتۡرُكِ	ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترک تعلق۔	بَكَتۡ	آہ وبکا۔
الۡبَحۡرَ	بحر قلزم، بحیرۂ عرب، بحر وبرّ۔	السَّمَآءُ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
مُّغۡرَقُوۡنَ	غرق، غرقاب، مستغرق۔	نَجَّيۡنَا	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
زُرُوۡعٍ	زراعت، زرعی زمین، مزارع۔	بَنِىۡۤ	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔

فَاَسْرِ ①	بِعِبَادِيْ	لَيْلًا	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ ② (23) لا
تو (حکم ہوا) تو لے چل	میرے بندوں کو	رات کے وقت	بیشک تم	سب پیچھا کیے جانیوالے (ہو)

وَ	اتْرُكِ	الْبَحْرَ	رَهْوًا ط	اِنَّهُمْ	جُنْدٌ
اور	تو چھوڑ دے	سمندر (کو)	ٹھہرا ہوا	بے شک وہ سب	(ایسا) لشکر (ہے)

مُّغْرَقُوْنَ ② (24)	كَمْ	تَرَكُوْا	مِنْ جَنّٰتٍ ③④	وَّعُيُوْنٍ (25) لا
(جو) سب غرق کیے جانے والے (ہیں)	کتنے ہی	وہ سب چھوڑ گئے	باغات	اور چشمے

وَّ	زُرُوْعٍ	وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ (26) لا	وَّ	نَعْمَةٍ ④	كَانُوْا	فِيْهَا
اور	(اسی طرح) کھیتیاں	اور عمدہ مقام	اور	خوشحالی	تھے وہ سب	اُس میں

فٰكِهِيْنَ (27) لا	كَذٰلِكَ قف	وَ	اَوْرَثْنٰهَا ⑤⑥	قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ⑦ (28)
سب مزے اڑانے والے	اسی طرح (ہوا)	اور	ہم نے وارث بنایا انکا	دوسرے لوگوں (کو)

فَمَا ①	بَكَتْ ④	عَلَيْهِمُ	السَّمَآءُ	وَالْاَرْضُ	وَمَا
پھر نہ	روئے	ان پر	آسمان	اور زمین	اور نہ

ع 1 29 14

كَانُوْا	مُنْظَرِيْنَ ② (29) ع	وَلَقَدْ	نَجَّيْنَا ⑤	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
وہ سب ہوئے	سب مہلت دیے جانے والے	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے نجات دی	بنی اسرائیل (کو)

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ ات اور ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو اس کا ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے آخر میں ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے لیکن کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہو جاتی ہے۔ ⑦ قَوْمًا لفظاً واحد ہے اور معنیً جمع ہے اسی لیے اسکے ساتھ اٰخَرِيْنَ جمع کا لفظ آیا ہے۔

مِنَ الۡعَذَابِ الۡمُهِيۡنِ ﴿30﴾	رسوا کرنے والے عذاب سے۔ ﴿30﴾
مِنۡ فِرۡعَوۡنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا	(یعنی) فرعون سے، بیشک وہ تھا ایک سرکش
مِّنَ الۡمُسۡرِفِيۡنَ ﴿31﴾	حد سے تجاوز کرنے والوں میں سے۔ ﴿31﴾
وَلَقَدِ اخۡتَرۡنٰهُمۡ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے چن لیا اُنہیں
عَلٰى عِلۡمٍ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿32﴾	دانستہ طور پر تمام جہان والوں پر۔ ﴿32﴾
وَاٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنَ الۡاٰيٰتِ	اور ہم نے دیں انہیں (وہ) نشانیاں
مَا فِيۡهِ بَلٰٓـؤٌا مُّبِيۡنٌ ﴿33﴾	جن میں واضح آزمائش تھی۔ ﴿33﴾
اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿34﴾	بے شک یہ لوگ یقیناً کہتے ہیں۔ ﴿34﴾
اِنۡ هِىَ اِلَّا مَوۡتَتُنَا الۡاُوۡلٰى	نہیں ہے وہ مگر ہمارا مرنا پہلی بار (دنیا میں)
وَمَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِيۡنَ ﴿35﴾	اور نہیں ہم ہرگز دوبارہ اٹھائے جانے والے۔ ﴿35﴾
فَاۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ	تو لے آؤ ہمارے باپ دادا کو
اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿36﴾	اگر تم سچے ہو۔ ﴿36﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الۡمُهِيۡنِ : توہین، اہانت، توہین آمیز رویہ۔
عَالِيًا : اعلیٰ وارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔
الۡمُسۡرِفِيۡنَ : اسراف وتبذیر۔
اخۡتَرۡنٰهُمۡ : اختیار، مختار، اختیاری مضامین۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الۡعٰلَمِيۡنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
بَلٰٓـؤٌا : بلا، ابتلا وآزمائش، مبتلا۔
مُّبِيۡنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَيَقُوۡلُوۡنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
مَوۡتَتُنَا : موت وحیات، سماع موتی، میت۔
الۡاُوۡلٰى : قرون اُولی، قعدہ اولیٰ۔
بِمُنۡشَرِيۡنَ : حشر ونشر، لف نشر مرتب۔
بِاٰبَآئِنَاۤ : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
صٰدِقِيۡنَ : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔

مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿30﴾ لا	مِنْ فِرْعَوْنَ ط	اِنَّهٗ	كَانَ ①
رسوا کرنے والے عذاب سے	(یعنی) فرعون سے	بے شک وہ	تھا

عَالِيًا ②	مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ③ ﴿31﴾	وَ	لَقَدِ	اخْتَرْنٰهُمْ ④⑤
ایک سرکش	حد سے تجاوز کرنے والوں میں سے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے چن لیا اُنہیں

عَلٰى عِلْمٍ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿32﴾ ج	وَ	اٰتَيْنٰهُمْ ④⑤	مِّنَ الْاٰيٰتِ
دانستہ طور پر	تمام جہان والوں پر	اور	ہم نے دیں انہیں	(وہ) نشانیاں

مَا	فِيْهِ	بَلٰٓؤٌا	مُّبِيْنٌ ﴿33﴾	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
جو	اُس میں	آزمائش (تھی)	واضح	بے شک	یہ لوگ

لَيَقُوْلُوْنَ ⑥ ﴿34﴾ لا	اِنْ ⑦	هِيَ	اِلَّا	مَوْتَتُنَا
یقیناً وہ سب کہتے ہیں	نہیں (ہے)	وہ	مگر	ہمارا مرنا

الْاُوْلٰى	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُنْشَرِيْنَ ③ ﴿35﴾
پہلی (بار)	اور	نہ	ہم	کبھی ہرگز سب دوبارہ اٹھائے جانے والے (ہیں)

فَاْتُوْا	بِاٰبَآئِنَآ	اِنْ ⑦	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿36﴾
تو تم سب لے آؤ	ہمارے باپ دادا کو	اگر	ہو تم	سب سچے

ضروری وضاحت

① كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے اور شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو اس کا ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑤ فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔⑥ فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔⑦ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ	کیا وہ بہتر ہیں یا قومِ تُبّع (قومِ سبا)
وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	اور (وہ لوگ) جو ان سے پہلے تھے
اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿37﴾	ہم نے ہلاک کر دیا اُنہیں بیشک وہ مجرم تھے۔ ﴿37﴾
وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	اور نہیں ہم نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿38﴾	اور جو ان دونوں کے درمیان ہے کھیلتے ہوئے۔ ﴿38﴾
مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ	نہیں ہم نے پیدا کیا ان دونوں کو مگر حق کے ساتھ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾	اور لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿39﴾
اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ	بے شک فیصلے کا دن
مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿40﴾	ان سب کا مقررہ وقت ہے۔ ﴿40﴾
يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا	اس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ بھی کام نہ آئے گا
وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۙ﴿41﴾	اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔ ﴿41﴾
اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ	مگر (وہ) جس پر اللہ نے رحم کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَبْلِهِمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اَهْلَكْنٰهُمْ	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	الْفَصْلِ	فیصلہ، فیصل، قوت فیصلہ۔
مُجْرِمِيْنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	مِيْقَاتُهُمْ	میقاتِ حج، وقت، اوقات۔
خَلَقْنَا	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	اَجْمَعِيْنَ	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
الْاَرْضَ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارضِ مقدس۔	يُغْنِيْ	غنی، مستغنی، اغنیاء۔
بَيْنَهُمَا	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	مَوْلًى	ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
لٰعِبِيْنَ	لہو ولعب۔	يُنْصَرُوْنَ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
اَكْثَرَهُمْ	اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔	رَّحِمَ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔

اَ ①	هُمۡ	خَیۡرٌ	اَمۡ	قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ	وَّ	الَّذِیۡنَ
کیا	وہ	بہتر (ہیں)	یا	قومِ تُبّع (قومِ سبا)	اور	(وہ لوگ) جو

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	اَهۡلَكۡنٰهُمۡ ۫	اِنَّهُمۡ	كَانُوۡا	مُجۡرِمِیۡنَ (37)
ان سے پہلے تھے	ہم نے ہلاک کیا انہیں	بے شک وہ	تھے وہ سب	سب مجرم

وَ	مَا	خَلَقۡنَا	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضَ	وَ	مَا
اور	نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور	زمین (کو)	اور	جو

بَیۡنَهُمَا ②	لٰعِبِیۡنَ ③ (38)	مَا	خَلَقۡنٰهُمَاۤ ②	اِلَّا
ان دونوں کے درمیان (ہے)	کھیلتے ہوئے	نہیں	ہم نے پیدا کیا اُن دونوں (کو)	مگر

بِالۡحَقِّ	وَلٰكِنَّ	اَكۡثَرَهُمۡ	لَا یَعۡلَمُوۡنَ ④ (39)	اِنَّ یَوۡمَ الۡفَصۡلِ
حق کے ساتھ	اور لیکن	ان کے اکثر	نہیں وہ سب جانتے	بے شک فیصلے کا دن

مِیۡقَاتُهُمۡ	اَجۡمَعِیۡنَ (40) ۙ	یَوۡمَ	لَا یُغۡنِیۡ	مَوۡلًی ⑤	عَنۡ مَّوۡلًی ⑤
انکا مقررہ وقت (ہے)	سب کے سب کا	(اس) دن	نہیں وہ کام آئے گا	کوئی دوست	کسی دوست کے

شَیۡـًٔا	وَّلَا	هُمۡ یُنۡصَرُوۡنَ ⑥⑦ (41) ۙ	اِلَّا	مَنۡ ⑧	رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ
کچھ بھی	اور نہ	وہ سب مدد کیے جائیں گے	مگر	(وہ) جس (پر)	اللہ نے رحم کیا

ضروری وضاحت

① أ اگر الگ استعمال ہوتو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔② علامت هُمَا میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔⑥ هُمۡ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔⑦ علامت یُـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑧ مَنۡ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔

ع 2 13 15

معانقة 14

اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿42﴾ ع	بیشک وہی بہت غالب نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ﴿42﴾
اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوۡمِ ﴿43﴾ لا	بے شک زقوم (تھوہر) کا درخت۔ ﴿43﴾
طَعَامُ الۡاَثِيۡمِ ﴿44﴾ ۛۚ	گناہ گار کا کھانا ہوگا۔ ﴿44﴾
كَالۡمُهۡلِ ۛۚ يَغۡلِىۡ فِى الۡبُطُوۡنِ ﴿45﴾ لا	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولتا ہوگا۔ ﴿45﴾
كَغَلۡىِ الۡحَمِيۡمِ ﴿46﴾	تیز گرم پانی کے کھولنے کی طرح۔ ﴿46﴾
خُذُوۡهُ فَاعۡتِلُوۡهُ	(کہا جائے گا) اسے پکڑ لو پھر اسے دھکیل کر لے جاؤ
اِلٰى سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ ﴿47﴾ صلے ق	جہنم کے درمیان تک۔ ﴿47﴾
ثُمَّ صُبُّوۡا فَوۡقَ رَاۡسِهٖ	پھر انڈیلو اس کے سر پر
مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِيۡمِ ﴿48﴾ ط	کھولتے ہوئے پانی کے عذاب سے۔ ﴿48﴾
ذُقۡ ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ	مزہ چکھ بے شک تو بہت عزت والا
الۡكَرِيۡمُ ﴿49﴾	بڑے اکرام والا تھا۔ ﴿49﴾
اِنَّ هٰذَا مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تَمۡتَرُوۡنَ ﴿50﴾	بیشک یہ ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔ ﴿50﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الرَّحِيۡمُ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	فَوۡقَ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
شَجَرَتَ	: حجر و شجر، شجر کاری مہم، شجر ممنوعہ۔	رَاۡسِهٖ	: رأس المال، رئیس، رؤسا۔
طَعَامُ	: قیام و طعام، بعد از طعام۔	مِنۡ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
الۡبُطُوۡنِ	: بطنِ مادر، ظاہر و باطن۔	عَذَابِ	: عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
كَغَلۡىِ	: کالعدم، کماحقہ۔	ذُقۡ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
خُذُوۡهُ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	الۡكَرِيۡمُ	: رحیم و کریم، شان کریمی، رحم و کرم۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	هٰذَا	: لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
سَوَآءِ	: مساوی، مساوات، خط استوا۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔

اِنَّهٗ	هُوَ الۡعَزِیۡزُ ①②	الرَّحِیۡمُ ﴿42﴾ ع ②	اِنَّ ③
بے شک وہ	وہی بہت غالب	نہایت رحم کرنے والا (ہے)	بے شک

شَجَرَتَ الزَّقُّوۡمِ ﴿43﴾ لا ④	طَعَامُ الۡاَثِیۡمِ ﴿44﴾ ۛۚ	کَالۡمُهۡلِ ۛۚ
زقوم (تھوہر) کا درخت	گناہ گار کا کھانا (ہوگا)	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح

یَغۡلِیۡ	فِی الۡبُطُوۡنِ ﴿45﴾ لا	کَغَلۡیِ	الۡحَمِیۡمِ ﴿46﴾
وہ کھولتا ہوگا	پیٹوں میں	کھولنے کی طرح	تیز گرم پانی کے

خُذُوۡهُ ⑤⑥	فَاعۡتِلُوۡهُ ⑤⑥	اِلٰی سَوَآءِ الۡجَحِیۡمِ ﴿47﴾ ۖ
(کہا جائے گا) سب پکڑ لو اسے	پھر سب دھکیل کر لے جاؤ اسے	جہنم کے درمیان تک

ثُمَّ	صُبُّوۡا	فَوۡقَ رَاۡسِهٖ ⑥	مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِیۡمِ ﴿48﴾ ط
پھر	تم سب انڈیلو	اس کے سر پر	کھولتے ہوئے پانی کے عذاب سے

ذُقۡ ۚ	اِنَّكَ	اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ ①②	الۡکَرِیۡمُ ﴿49﴾ ②
مزہ چکھ	بے شک تو	تو ہی بہت عزت والا	بڑے اکرام والا (تھا)

اِنَّ ③	هٰذَا	مَا ⑦	کُنۡتُمۡ	بِهٖ	تَمۡتَرُوۡنَ ﴿50﴾
بیشک	یہ (عذاب وہ ہے)	جس (کا)	تھے تم	اس کے ساتھ	تم سب شک کیا کرتے

ضروری وضاحت

① هُوَ یا اَنۡتَ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔② فَعِیۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اِنَّ تاکید کی علامت ہے۔④ شَجَرَتَ میں لمبی ت ہے جو کہ اصل میں ۃ تھی، قرآنی کتابت میں کہیں کہیں ۃ کو ت سے بدل کر لکھا گیا ہے۔⑤ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑥ فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے اور اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے کیا جاتا ہے۔⑦ مَا کا ترجمہ جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں ہوتا ہے۔

اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ مَقَامٍ اَمِيۡنٍۙ ﴿51﴾ — بے شک متقین امن والی جگہ میں ہونگے ۔﴿51﴾

فِىۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍۚۙ ﴿52﴾ — باغات اور چشموں میں ۔﴿52﴾

يَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّاِسۡتَبۡرَقٍ — وہ لباس پہنیں گے باریک ریشم اور موٹے ریشم سے

مُّتَقٰبِلِيۡنَۚۙ ﴿53﴾ — آمنے سامنے بیٹھے ہوئے ہونگے ۔﴿53﴾

كَذٰلِكَ قف وَزَوَّجۡنٰهُمۡ — اسی طرح (ہوگا)، اور ہم بیویاں بنادیں گے ان کی

بِحُوۡرٍ عِيۡنٍؕ ﴿54﴾ — موٹی آنکھوں والی حوروں کو۔﴿54﴾

يَدۡعُوۡنَ فِيۡهَا — وہ فرمائش کرتے ہونگے اس میں

بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيۡنَۙ ﴿55﴾ — ہر قسم کے پھل کی بے خوف ہوکر۔﴿55﴾

لَا يَذُوۡقُوۡنَ فِيۡهَا الۡمَوۡتَ — وہ اس میں موت کا مزہ نہیں چکھیں گے

اِلَّا الۡمَوۡتَةَ الۡاُوۡلٰى ۚ — سوائے پہلی موت کے

وَوَقٰهُمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِۙ ﴿56﴾ — اور وہ بچائے گا انہیں دوزخ کے عذاب سے۔﴿56﴾

فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ — (یہ صرف) تیرے رب کے فضل کی وجہ سے ہوگا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡمُتَّقِيۡنَ	تقویٰ، متقی۔	يَدۡعُوۡنَ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مَقَامٍ	مقام و مرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔	بِكُلِّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
اَمِيۡنٍ	امانت، امین، صادق و امین۔	اٰمِنِيۡنَ	امن، ایمان، مومن۔
يَّلۡبَسُوۡنَ	لباس، ملبوسات، ملبوس۔	يَذُوۡقُوۡنَ	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
مُّتَقٰبِلِيۡنَ	مقابلہ، تقابل، تقابلی جائزہ، بالمقابل۔	الۡمَوۡتَ	موت و حیات، سماع موتی، میت۔
كَذٰلِكَ	کالعدم، کما حقہ۔	الۡاُوۡلٰى	قرون اولی، قعدہ اولیٰ۔
زَوَّجۡنٰهُمۡ	زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	وَقٰهُمۡ	تقویٰ، متقی۔
عِيۡنٍ	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔	فَضۡلًا	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔

اِنَّ①	الۡمُتَّقِيۡنَ	فِىۡ مَقَامٍ اَمِيۡنٍ ﴿51﴾	فِىۡ جَنّٰتٍ②
بے شک	سب متقین	امن والی جگہ میں (ہوں گے)	باغات میں

وَّ③	عُيُوۡنٍ ﴿52﴾	يَّلۡبَسُوۡنَ	مِنۡ سُنۡدُسٍ
اور	چشموں (میں)	وہ سب لباس پہنیں گے	باریک ریشم سے

وَّ③	اِسۡتَبۡرَقٍ	مُّتَقٰبِلِيۡنَ④ ﴿53﴾	كَذٰلِكَ
اور	موٹے ریشم (سے)	سب آمنے سامنے بیٹھنے والے (ہونگے)	اسی طرح (ہوگا)

وَ③	زَوَّجۡنٰهُمۡ	بِحُوۡرٍ⑤	عِيۡنٍ ﴿54﴾
اور	ہم بیویاں بنادیں گے ان کی	حوروں کو	موٹی آنکھوں والی

يَدۡعُوۡنَ	فِيۡهَا⑥	بِكُلِّ⑤	فَاكِهَةٍ②	اٰمِنِيۡنَ ﴿55﴾
وہ سب فرمائش کرتے ہونگے	اس میں	ہر (قسم) کے	پھل (کی)	سب بے خوف (ہوکر)

لَا يَذُوۡقُوۡنَ⑦	فِيۡهَا⑥	الۡمَوۡتَ	اِلَّا	الۡمَوۡتَةَ الۡاُوۡلٰى②
نہیں وہ سب چکھیں گے	اس میں	موت (کا مزہ)	سوائے	پہلی موت کے

وَ③	وَقٰهُمۡ	عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ ﴿56﴾	فَضۡلًا	مِّنۡ رَّبِّكَ
اور	وہ بچائے گا انہیں	دوزخ کے عذاب (سے)	فضل (کی وجہ سے)	تیرے رب (کی طرف) سے

ضروری وضاحت

①اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔②اسم کے آخر میں ات، ۃ اور ـے ی مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ وَ کا عموماً ترجمہ اور ہوتا ہے کبھی قسم ہے اور کبھی حالانکہ کیا جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑥ لفظ کے آخر میں ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے لیکن کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوجاتی ہے۔⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿57﴾	یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ ﴿57﴾
فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ	تو حقیقت یہی ہے کہ ہم نے بہت آسان کردیا ہے اِسے
بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿58﴾	آپکی زبان میں تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ ﴿58﴾
فَارْتَقِبْ	پس آپ انتظار کیجیے
اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿59﴾ ع	بے شک وہ (بھی) انتظار کرنے والے ہیں۔ ﴿59﴾

ع 3 17 16

اٰيَاتُهَا 37 — 45 سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ 65 — رُكُوْعَاتُهَا 04

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ	حٰمٓ ﴿1﴾ (اس) کتاب کا اتارنا اللہ کی طرف سے ہے
الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾	(جو) بہت غالب کمال حکمت والا ہے۔ ﴿2﴾
اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	بیشک آسمانوں اور زمین میں
لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿3﴾ ط	یقیناً نشانیاں ہیں ایمان والوں کے لیے۔ ﴿3﴾
وَفِيْ خَلْقِكُمْ	اور (خود) تمہاری پیدائش میں (بھی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْفَوْزُ : فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔	الْكِتٰبِ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
الْعَظِيْمُ : عظمت، اجرِعظیم، معظم، تعظیم۔	مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يَسَّرْنٰهُ : میسّر۔	الْحَكِيْمِ : حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
بِلِسَانِكَ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات، فصیح اللسان۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
يَتَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب ساویہ، سماوی آفات۔
بِسْمِ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
الرَّحِيْمِ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
تَنْزِيْلُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	خَلْقِكُمْ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔

ذٰلِكَ ①	هُوَ الْفَوْزُ ②	الْعَظِيْمُ ③ (57)	فَاِنَّمَا ④
یہ	ہی کامیابی ہے	بہت بڑی	تو بے شک صرف (یا حقیقت یہ ہے کہ)

يَسَّرْنٰهُ	بِلِسَانِكَ ⑤⑥	لَعَلَّهُمْ
ہم نے بہت آسان کردیا ہے اسے	آپ کی زبان میں	تاکہ وہ

ع 3 17 16

يَتَذَكَّرُوْنَ ⑦ (58)	فَارْتَقِبْ	اِنَّهُمْ	مُّرْتَقِبُوْنَ (59) ع
وہ سب نصیحت حاصل کریں	پس آپ انتظار کیجیے	بیشک وہ	سب انتظار کرنے والے (ہیں)

اٰيَاتُهَا 37 — 45 سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ 65 — رُكُوْعَاتُهَا 04

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ج (1)	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ ③
حٰمٓ	(اس) کتاب کا اُتارنا	اللہ (کی طرف) سے ہے	(جو) بہت غالب

الْحَكِيْمِ ③ (2)	اِنَّ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ
کمال حکمت والا (ہے)	بے شک	آسمانوں میں	اور	زمین (میں)

لَاٰيٰتٍ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط (3)	وَ	فِيْ خَلْقِكُمْ
یقیناً نشانیاں (ہیں)	سب ایمان والوں کے لیے	اور	(خود) تمہاری پیدائش میں

ضروری وضاحت

① ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔② هُوَ کے بعد ایسا اسم جس کے شروع میں الْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔③ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو مَا زائد ہوتا ہے لیکن اسکی وجہ سے بات میں زور پیدا ہوجاتا ہے اور اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے⑤ یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔⑥ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ آپکا، آپکی، آپکے کیا جاتا ہے۔⑦ فعل کے درمیان میں تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَمَا يَبُثُّ مِنۡ دَآبَّةٍ	اور (ان میں) جو وہ پھیلاتا ہے جانداروں سے
اٰيٰتٌ لِّقَوۡمٍ	نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے
يُّوۡقِنُوۡنَ ﴿4﴾	(جو) یقین رکھتے ہیں۔ ﴿4﴾
وَاخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ	اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں
وَمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ رِّزۡقٍ	اور (اس میں) جو اللہ نے آسمان سے رزق (پانی) اُتارا
فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ	پھر اس نے زندہ کیا اس کے ذریعے زمین کو
بَعۡدَ مَوۡتِهَا	اس کے مردہ (بنجر) ہو جانے کے بعد
وَتَصۡرِيۡفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ	اور ہواؤں کے پھیرنے (میں) نشانیاں ہیں
لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿5﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) سمجھتے ہیں۔ ﴿5﴾
تِلۡكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا	یہ اللہ کی آیات ہیں ہم انہیں تلاوت کرتے ہیں
عَلَيۡكَ بِالۡحَقِّ ۚ فَبِاَىِّ حَدِيۡثٍۭ	آپ پر حق کے ساتھ، پھر کس بات پر
بَعۡدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿6﴾	اللہ اور اسکی آیات کے بعد وہ ایمان لائیں گے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّوۡقِنُوۡنَ : یقین، یقین محکم، یقین کامل۔
اخۡتِلَافِ : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
الَّيۡلِ : لیل و نہار، لیلۃ القدر۔
النَّهَارِ : نہار منہ، لیل و نہار۔
اَنۡزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
السَّمَآءِ : ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
فَاَحۡيَا : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
الۡاَرۡضَ : ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

تَصۡرِيۡفِ : صرف نظر۔
الرِّيٰحِ : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
يَّعۡقِلُوۡنَ : عقل، عاقل، معقول۔
نَتۡلُوۡهَا : تلاوت قرآن، وحی متلو۔
بِالۡحَقِّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔
حَدِيۡثٍ : حدیث، محدث، تحدیثِ نعمت۔
بَعۡدَ : بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔
يُؤۡمِنُوۡنَ : امن، ایمان، مومن۔

وَ	مَا ①	يَبُثُّ	مِنْ دَآبَّةٍ ②	اٰيٰتٌ	لِّقَوْمٍ
اور	(اُن میں) جو	وہ پھیلاتا ہے	جانداروں سے	نشانیاں (ہیں)	ان لوگوں کے لیے

يُّوْقِنُوْنَ ۙ﴿4﴾	وَ	اخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَ	النَّهَارِ
(جو) وہ سب یقین رکھتے ہیں	اور	بدلنے (میں)	رات	اور	دن (کے)

وَ	مَآ ①	اَنْزَلَ	اللّٰهُ ③	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ رِّزْقٍ ④
اور	جو	(پانی) اُتارا	اللہ نے	آسمان سے	رزق (یعنی بارش)

فَاَحْيَا ⑤	بِهِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا
پھر اس نے زندہ کیا	اس کے ذریعے	زمین (کو)	اس کے مردہ (بنجر) ہوجانے کے بعد

وَ	تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ	اٰيٰتٌ	لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ⑥ ﴿5﴾
اور	ہواؤں کے پھیرنے (میں)	نشانیاں (ہیں)	ان لوگوں کے لیے وہ سب سمجھتے ہیں

تِلْكَ	اٰيٰتُ اللّٰهِ	نَتْلُوْهَا ⑦	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ ۚ
یہ	اللہ کی آیات (ہیں)	ہم تلاوت کرتے ہیں انہیں	آپ پر	حق کے ساتھ

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ ⑤	بَعْدَ اللّٰهِ	وَ اٰيٰتِهٖ	يُؤْمِنُوْنَ ﴿6﴾
پھر کس بات پر	اللہ کے بعد	اور اُس کی آیات (کے بعد)	وہ سب ایمان لائیں گے

ضروری وضاحت

① مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔ ② دَآبَّةٍ واحد لفظ ہے لیکن چونکہ یہ جنس کیلئے استعمال ہوا ہے اس لیے اسکا ترجمہ جانداروں کیا گیا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر ہوتا ہے۔ ⑥ قَوْمٌ لفظاً واحد ہے معنًی جمع ہے اسی لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔ ⑦ فعل کے آخر میں ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوجاتی ہے۔

وَيۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ ۙ﴿7﴾	ہلاکت ہے ہر بڑے جھوٹے گناہ گار کے لیے۔ ﴿7﴾
يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ	(کہ) وہ سنتا ہے اللہ کی آیات کو
تُتۡلٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ	(جو) اس پر پڑھی جاتی ہیں پھر وہ اڑا رہتا ہے
مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا ۚ	تکبر کرتے ہوئے گویا کہ اس نے انہیں سنا ہی نہیں
فَبَشِّرۡهُ	تو آپ خوشخبری دے دیجیے اسے
بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿8﴾	دردناک عذاب کی۔ ﴿8﴾
وَ اِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا	اور جب وہ معلوم کر لیتا ہے ہماری آیات سے
شَيۡـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ	کچھ بھی (تو) اسے مذاق بنا لیتا ہے، وہی (لوگ) ہیں
لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ؕ﴿9﴾	(کہ) ان کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔ ﴿9﴾
مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُ ۚ	ان کے پیچھے جہنم ہے
وَلَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُمۡ مَّا كَسَبُوۡا شَيۡـًٔا	اور جو انہوں نے کمایا وہ ان کے کچھ کام نہ آئے گا
وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا	اور نہ وہ (کام آئیں گے) جن کو بنا رکھا تھا انہوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّكُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	اَلِيۡمٍ : عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔
يَّسۡمَعُ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔	عَلِمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اٰيٰتِ : آیت، آیات قرآنی۔	اتَّخَذَهَا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
تُتۡلٰى : تلاوت قرآن، وحی متلو۔	هُزُوًا : استہزاء۔
عَلَيۡهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مُّهِيۡنٌ : توہین، اہانت آمیز۔
يُصِرُّ : اصرار، مُصر۔	وَّرَآئِهِمۡ : ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
مُسۡتَكۡبِرًا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	يُغۡنِىۡ : غنی، مستغنی، اغنیا۔
فَبَشِّرۡهُ : بشارت، مبشر، بشیر۔	كَسَبُوۡا : کسبِ حلال، وہبی وکسبی، اکتسابِ فیض۔

وَيۡلٌ	لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ ۙ (7)	يَّسۡمَعُ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
ہلاکت (ہے)	ہر بڑے جھوٹے گناہ گار کے لیے	(کہ) وہ سنتا ہے	اللہ کی آیات

تُتۡلٰى ①	عَلَيۡهِ	ثُمَّ	يُصِرُّ	مُسۡتَكۡبِرًا ②
(جو) پڑھی جاتی ہیں	اس پر	پھر	وہ اڑا رہتا ہے	تکبر کرنے والا (بن کر)

كَاَنۡ	لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا ۚ ③	فَبَشِّرۡهُ ④	بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ (8) ⑤
گویا کہ	اس نے سنا ہی نہیں انہیں	تو آپ خوشخبری دے دیجیے اسے	دردناک عذاب کی

وَ	اِذَا ⑥	عَلِمَ	مِنۡ اٰيٰتِنَا	شَيۡئًا	اتَّخَذَهَا
اور	جب	وہ معلوم کر لے	ہماری آیات سے	کچھ بھی	(تو) بنا لیتا ہے اسے

هُزُوًا ؕ	اُولٰٓئِكَ ⑦	لَهُمۡ	عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ؕ (9)
مذاق	وہی (لوگ ہیں)	(کہ) ان کے لیے	رُسوا کرنے والا عذاب (ہے)

مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ	جَهَنَّمُ ۚ	وَ	لَا	يُغۡنِيۡ	عَنۡهُمۡ
ان کے پیچھے سے	جہنم (ہے)	اور	نہ	وہ کام آئے گا	اُن کے

مَّا	كَسَبُوۡا	شَيۡئًا	وَّ	لَا	مَا	اتَّخَذُوۡا
جو	انہوں نے کمایا	کچھ بھی	اور	نہ (وہ کام آئیں گے)	جن کو	انہوں نے بنا رکھا تھا

ضروری وضاحت

①تـ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں اور تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لَمۡ کے بعد علامت یـ کا ترجمہ عموماً اُس نے ہوتا ہے۔④ فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔⑤ بِـ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے کو بھی کیا جاتا ہے۔⑥ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔⑦ اُولٰٓئِكَ جمع مذکر و مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ وہی لوگ کیا جاتا ہے۔

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اَوۡلِیَآءَ ۚ	اللہ کے سوا کارساز
وَلَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿10﴾ؕ	اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔﴿10﴾
ہٰذَا ہُدًی ۚ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	یہ (قرآن) ہدایت ہے اور (وہ لوگ) جنھوں نے کفر کیا
بِاٰیٰتِ رَبِّہِمۡ لَہُمۡ	اپنے رب کی آیات کے ساتھ، انکے لیے
ع 11 17 عَذَابٌ مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِیۡمٌ ﴿11﴾ع	سخت قسم کے عذاب میں سے دردناک عذاب ہے﴿11﴾
اَللّٰہُ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَکُمُ الۡبَحۡرَ	اللہ ہے جس نے تمہارے لیے سمندر کو مسخر کر دیا
لِتَجۡرِیَ الۡفُلۡکُ فِیۡہِ بِاَمۡرِہٖ	تا کہ اس میں کشتیاں چلیں اس کے حکم سے
وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِہٖ	اور تا کہ تم تلاش کرو اس کے فضل سے
وَ لَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ ﴿12﴾ۚ	اور تا کہ تم شکر کرو۔﴿12﴾
وَسَخَّرَ لَکُمۡ	اور اس نے مسخر کر دیا تمہارے لیے
مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ	جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے
جَمِیۡعًا مِّنۡہُ ؕ	سب کا سب اپنی طرف سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوۡلِیَآءَ	: ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔	لِتَجۡرِیَ	: جاری، اجرا، جاری وساری۔
عَظِیۡمٌ	: عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔	فِیۡہِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
ہٰذَا	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	بِاَمۡرِہٖ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
ہُدًی	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	فَضۡلِہٖ	: فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
کَفَرُوۡا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	تَشۡکُرُوۡنَ	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔
اَلِیۡمٌ	: عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔	مَّا	: ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت، ماجرا۔
سَخَّرَ	: مسخر، تسخیر۔	الۡاَرۡضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، کرۂ ارض۔
الۡبَحۡرَ	: بحروبر، بحری جہاز، بحیرہ عرب،	جَمِیۡعًا	: جمع، جامع، مجمع، اجتماع، جماعت۔

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ①	اَوۡلِيَآءَ ۚ	وَ	لَهُمۡ ②	عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ؕ ﴿10﴾
اللہ کے سوا	کارساز	اور	ان کے لیے	بہت بڑا عذاب (ہے)

هٰذَا	هُدًى ۚ	وَ	الَّذِيۡنَ ③	كَفَرُوۡا
یہ (قرآن)	ہدایت (ہے)	اور	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ ④	لَهُمۡ ②	عَذَابٌ	مِّنۡ رِّجۡزٍ	اَلِيۡمٌ ﴿11﴾ ع
اپنے رب کی آیات کے ساتھ	ان کے لیے	عذاب (ہے)	سخت عذاب میں سے	دردناک

ع 1/11/17

اَللّٰهُ	الَّذِىۡ ③	سَخَّرَ	لَكُمُ ②	الۡبَحۡرَ	لِتَجۡرِىَ ⑤
اللہ (ہے)	جس نے	مسخر کر دیا	تمہارے لیے	سمندر (کو)	تاکہ چلیں

الۡفُلۡكُ	فِيۡهِ	بِاَمۡرِهٖ ⑥	وَ	لِتَبۡتَغُوۡا ⑤	مِنۡ فَضۡلِهٖ ⑥
کشتیاں	اس میں	اس کے حکم سے	اور	تاکہ تم سب تلاش کرو	اس کے فضل سے

وَ	لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ⑦ ۚ ﴿12﴾	وَسَخَّرَ	لَكُمۡ ②	مَّا
اور	تاکہ تم سب شکر کرو	اور اس نے مسخر کر دیا	تمہارے لیے	جو (کچھ)

فِى السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِى الۡاَرۡضِ	جَمِيۡعًا	مِّنۡهُ ؕ
آسمانوں میں	اور	جو (کچھ)	زمین میں (ہے)	سب کا سب	اپنی (طرف) سے

ضروری وضاحت

① لفظ دُوۡنَ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔② لَهُمۡ اور لَكُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔③ الَّذِيۡنَ جمع مذکر اور الَّذِىۡ واحد مذکر کی علامتیں ہیں جن کا ترجمہ جو، جس، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔ ④اسم کے آخر میں هُمۡ یا هِمۡ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ ہوتا ہے۔ ⑥اسم کے آخر میں ہٖ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔⑦ یہاں كُمۡ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں واقعی نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿13﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) غور وفکر کرتے ہیں۔ ﴿13﴾
قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	آپ کہہ دیجیے (اُن لوگوں) سے جو ایمان لائے
يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ	(کہ) وہ معاف کردیں (اُن لوگوں) کو جو
لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ	اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے تاکہ وہ بدلہ دے
قَوْمًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿14﴾	ان لوگوں کو (اس) کا جو وہ کماتے تھے۔ ﴿14﴾
مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ	جس نے نیک عمل کیا تو (اسکا فائدہ) اسی کے لیے ہے
وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۫	اور جس نے برائی کی تو (اس کا وبال) اسی پر ہے
ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿15﴾	پھر اپنے رب کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿15﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دی بنی اسرائیل کو کتاب
وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ	اور حکومت اور نبوت
وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	اور ہم نے رزق دیا انہیں پاکیزہ چیزوں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّتَفَكَّرُوْنَ : فکر، افکار، مفکر، تفکر، متفکر۔	عَمِلَ : عمل، اعمال صالحہ، معمول زندگی۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	صَالِحًا : اصلاح، صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
اٰمَنُوْا : ایمان، امن، مومن، ایمانیات۔	فَلِنَفْسِهٖ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
يَغْفِرُوْا : استغفار، مغفرت۔	اَسَآءَ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
يَرْجُوْنَ : امید ورجا، بیم ورجا۔	تُرْجَعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
اَيَّامَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	الْحُكْمَ : حکومت، محکمہ، حکام بالا۔
لِيَجْزِيَ : جزا وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔	رَزَقْنٰهُمْ : رزق، رزّاق، رازق۔
يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، وہبی وکسبی، اکتسابِ فیض۔	الطَّيِّبٰتِ : طیب وطاہر، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔

اِنَّ	فِيۡ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوۡمٍ ①	يَّتَفَكَّرُوۡنَ ⑬
بےشک	اس میں	واقعی نشانیاں (ہیں)	(ان) لوگوں کے لیے	وہ سب غوروفکر کرتے ہیں

قُلۡ ②	لِّلَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	يَغۡفِرُوۡا	لِلَّذِيۡنَ
آپ کہہ دیجیے	(ان لوگوں) سے جو	سب ایمان لائے	وہ سب معاف کردیں	(ان لوگوں) کو جو

لَا يَرۡجُوۡنَ	اَيَّامَ اللّٰهِ ③	لِيَجۡزِيَ	قَوۡمًا ①	بِمَا
نہیں وہ سب اُمید رکھتے	اللہ کے دنوں کی	تاکہ وہ بدلہ دے	(ان) لوگوں (کو)	(اس) کا جو

كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ④ ⑭	مَنۡ ⑤ عَمِلَ	صَالِحًا	فَلِنَفۡسِهٖ ج	وَ
وہ سب کماتے تھے	جس نے عمل کیا	نیک	تو (اسکا فائدہ) اسی کے نفس کے لیے ہے	اور

مَنۡ ⑤	اَسَآءَ	فَعَلَيۡهَا ز	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمۡ	تُرۡجَعُوۡنَ ⑥ ⑮
جس نے	برائی کی	تو اسی پر (ہے اسکا وبال)	پھر	اپنے رب کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے

وَ	لَقَدۡ	اٰتَيۡنَا ⑦	بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	الۡكِتٰبَ	وَ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے دی	بنی اسرائیل (کو)	کتاب	اور

الۡحُكۡمَ	وَالنُّبُوَّةَ	وَ	رَزَقۡنٰهُمۡ ⑦⑧	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ
حکومت	اورنبوت	اور	ہم نے رزق دیا انہیں	پاکیزہ چیزوں سے

ضروری وضاحت

① قَوۡمٌ لفظاً واحد اور معنیً جمع ہے اسی لیے اسکے بعد فعل جمع آیا ہے۔② قُلۡ قَوۡلٌ سے بنا ہے، گرامر کے قاعدے کے مطابق وٗ گر گئی ہے۔③ اللہ کے دنوں سے مراد اللہ کی گرفت کے دن ہیں۔④ یہاں وۡا اور وۡنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
⑤ مَنۡ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس ہوتا ہے۔⑥ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑦ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔⑧ فعل کے آخر میں هُمۡ کا ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

وَفَضَّلۡنٰهُمۡ	اور ہم نے فضیلت دی انہیں
عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ۚ﴿16﴾	تمام جہان والوں پر۔ ﴿16﴾
وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ	اور ہم نے دیں انہیں واضح دلیلیں
مِّنَ الۡاَمۡرِ ۚ فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا	(دین کے) معاملے میں، پھر نہیں انہوں نے اختلاف کیا
اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ۙ	مگر اسکے بعد کہ ان کے پاس علم آچکا
بَغۡيًاۢ بَيۡنَهُمۡ ؕ	اپنے درمیان محض ضد کی وجہ سے
اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ	بیشک آپ کا رب فیصلہ کردے گا ان کے درمیان
يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	قیامت کے دن (ان باتوں میں)
فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿17﴾	جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ ﴿17﴾
ثُمَّ جَعَلۡنٰكَ عَلٰى شَرِيۡعَةٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ	پھر ہم نے لگا دیا آپ کو دین کے ایک طریقے پر
فَاتَّبِعۡهَا	تو آپ پیروی کریں اس کی
وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ	اور آپ نہ پیروی کریں (ان لوگوں) کی خواہشات کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَضَّلۡنٰهُمۡ	: فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	الۡعِلۡمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الۡعٰلَمِيۡنَ	: عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔	بَغۡيًا	: باغی، بغاوت۔
بَيِّنٰتٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	بَيۡنَهُمۡ	: بین بین، بین الاقوامی، مابین فریقین۔
الۡاَمۡرِ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔	يَقۡضِىۡ	: قاضی، قضائے الٰہی، قضا و قدر
اخۡتَلَفُوۡۤا	: خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔	شَرِيۡعَةٍ	: شریعت، شرعی احکام، شارع۔
اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	مِّنَ	: منجانب، اظہر من الشّمس، من وعن۔
بَعۡدِ	: بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔	فَاتَّبِعۡهَا	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
مَا	: ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت، ماجرا۔	اَهۡوَآءَ	: ہوائے نفس۔

وَ	فَضَّلۡنٰهُمۡ	عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿16﴾ ج	وَ	اٰتَيۡنٰهُمۡ
اور	ہم نے فضیلت دی انہیں	تمام جہان والوں پر	اور	ہم نے دیں انہیں

بَيِّنٰتٍ	مِّنَ الۡاَمۡرِ ① ج	فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا	اِلَّا
واضح دلیلیں	(دین کے) معاملے میں	پھر انہوں نے اختلاف نہیں کیا	مگر

مِنۡۢ بَعۡدِ مَا ②	جَآءَهُمُ	الۡعِلۡمُ ③ لا	بَغۡيًا	بَيۡنَهُمۡ ④ ط
اسکے بعد کہ	آچکا انکے پاس	علم	(محض) ضد (کی وجہ سے)	اپنے درمیان (آپس میں)

اِنَّ ⑤	رَبَّكَ	يَقۡضِىۡ	بَيۡنَهُمۡ ④
بے شک	آپ کا رب	وہ فیصلہ کردے گا	ان کے درمیان

يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	فِيۡمَا	كَانُوۡا	فِيۡهِ	يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿17﴾
قیامت کے دن	(اُن باتوں) میں جو	وہ سب تھے	اُن میں	وہ سب اختلاف کیا کرتے

ثُمَّ	جَعَلۡنٰكَ ⑥	عَلٰى شَرِيۡعَةٍ ⑦	مِّنَ الۡاَمۡرِ ①
پھر	ہم نے لگا دیا آپ کو	ایک طریقے پر	دین کے

فَاتَّبِعۡهَا	وَ	لَا تَتَّبِعۡ ⑧	اَهۡوَآءَ
تو آپ پیروی کریں اس کی	اور	آپ نہ پیروی کریں	خواہشات (کی)

ضروری وضاحت

①یہاں مِنۡ کا ترجمہ میں اور کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ② لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور بَعۡدِ کے بعد مَا کا ترجمہ عموماً کہ کیا جاتا ہے۔③فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔④اسم کے آخر میں هُمۡ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥فعل کے آخر میں كَ کا ترجمہ آپ کو کیا جاتا ہے۔ ⑦ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

الَّذِیۡنَ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿18﴾	جو علم نہیں رکھتے۔ ﴿18﴾
اِنَّهُمۡ لَنۡ یُّغۡنُوۡا عَنۡكَ	بیشک وہ ہرگز نہیں کام آئیں گے آپ کے
مِنَ اللّٰهِ شَیۡـًٔا ؕ	اللہ کے مقابلے میں کچھ بھی
وَ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ بَعۡضُهُمۡ	اور بے شک ظالم لوگ ان کے بعض
اَوۡلِیَآءُ بَعۡضٍ ۚ	بعض کے (یعنی ایک دوسرے کے) دوست ہیں
وَاللّٰهُ وَلِیُّ الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿19﴾	اور اللہ متقیوں کا دوست ہے۔ ﴿19﴾
هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ	یہ بصیرت افروز دلائل ہیں لوگوں کے لیے
وَهُدًی وَّ رَحۡمَةٌ	اور ہدایت اور رحمت ہے
لِّقَوۡمٍ یُّوۡقِنُوۡنَ ﴿20﴾	ان لوگوں کے لیے (جو) یقین رکھتے ہیں۔ ﴿20﴾
اَمۡ حَسِبَ الَّذِیۡنَ	کیا گمان کر لیا (ان لوگوں نے) جنہوں نے
اجۡتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ	ارتکاب کیا برائیوں کا
اَنۡ نَّجۡعَلَهُمۡ كَالَّذِیۡنَ	کہ ہم کر دیں انہیں (ان لوگوں) کی طرح جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَعۡلَمُوۡنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	بَصَآئِرُ	: بصیرت، سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
یُّغۡنُوۡا	: غنی، مستغنی، اغنیاء۔	لِلنَّاسِ	: لہٰذا/عوام الناس، عند الناس۔
شَیۡـًٔا	: شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔	هُدًی	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
وَ	: شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	رَحۡمَةٌ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
الظّٰلِمِیۡنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	لِّقَوۡمٍ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
بَعۡضُهُمۡ	: بعض الناس، بعض اوقات۔	یُّوۡقِنُوۡنَ	: یقین، یقین محکم، یقین کامل۔
اَوۡلِیَآءُ	: ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔	السَّیِّاٰتِ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
الۡمُتَّقِیۡنَ	: تقویٰ، متقی۔	كَالَّذِیۡنَ	: کالعدم، کالانعام، کما حقہ۔

الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ ۝18 ①	اِنَّهُمْ	لَنْ يُّغْنُوْا ②
(ان لوگوں کی) جو	نہیں وہ سب علم رکھتے	بیشک وہ	ہرگز نہیں وہ سب کام آئیں گے

عَنْكَ	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا ؕ	وَ	اِنَّ ③
آپ کے	اللہ سے (یعنی اللہ کے مقابلے میں)	کچھ بھی	اور	بے شک

الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضُهُمْ ④	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ ۚ
سب ظالم	ان کے بعض	دوست (ہیں)	بعض کے (یعنی ایک دوسرے کے)

وَ	اللّٰهُ	وَلِيُّ	الْمُتَّقِيْنَ ۝19	هٰذَا	بَصَآئِرُ
سَنُطِيْعُكُمْ	(کہ) ہم عنقریب ضرور تمہارا کہا مانیں گے
فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ	بعض کاموں میں
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿26﴾	اور اللہ ان کے چھپانے کو جانتا ہے۔ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَتَدَبَّرُوْنَ : مدبر، تدبر، مدبر کائنات۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قُلُوْبٍ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
اَقْفَالُهَا : قفل، مقفل۔
ارْتَدُّوْا : رد، مردود، تردید، مرتد۔
اَدْبَارِهِمْ : دُبر، ادبار زمانہ۔
تَبَيَّنَ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

الْهُدَى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
كَرِهُوْا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
نَزَّلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
سَنُطِيْعُكُمْ : اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
الْاَمْرِ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اِسْرَارَهُمْ : اسرار ورموز، پراسرار، سرنہاں۔

اَفَلَا ①	يَتَدَبَّرُوْنَ ②	الْقُرْاٰنَ ③	اَمْ	عَلٰى قُلُوْبٍ
تو (بھلا) کیا نہیں	وہ سب غور و فکر کرتے	قرآن (میں)	یا	(انکے) دلوں پر

اَقْفَالُهَا ④ (24)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	ارْتَدُّوْا	عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ
اُن کے تالے (یعنی دلوں کے تالے)	بیشک	جو (لوگ)	سب پھر گئے	اپنی پیٹھوں پر

مِّنْۢ بَعْدِ ⑤	مَا ⑤	تَبَيَّنَ ②	لَهُمُ	الْهُدَى لا
اس کے بعد	کہ	واضح ہوگئی	اُن کے لیے	ہدایت

الشَّيْطٰنُ	سَوَّلَ	لَهُمْ ط	وَ	اَمْلٰى ⑥	لَهُمْ (25)
شیطان نے	مزین کر دیا	اُن کے لیے (ان کا عمل)	اور	مہلت دی	ان کو

ذٰلِكَ ⑦	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	كَرِهُوْا
یہ	(اس) وجہ سے کہ بیشک وہ سب	انہوں نے کہا	(اُن لوگوں) سے جن	سب نے ناپسند کیا

مَا	نَزَّلَ	اللّٰهُ ③	سَنُطِيْعُكُمْ ⑧
(اُس قرآن کو) جو	نازل کیا	اللہ نے	(کہ) عنقریب ضرور ہم کہا مانیں گے تمہارا

فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ج	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِسْرَارَهُمْ (26)
بعض کاموں میں	اور اللہ	وہ جانتا ہے	ان کے چھپانے کو

ضروری وضاحت

① أ کے بعد وَ یا فَ میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔② علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔④ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔⑤ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔⑥ مراد لمبی عمر کا وعدہ دیا ہے۔⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کیا جاتا ہے۔⑧ سَ کا ترجمہ عنقریب ضرور ہوتا ہے۔

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ	تو کیا حال ہوگا جب فرشتے ان کی روح قبض کریں گے
يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿27﴾	وہ مارتے ہونگے انکے چہروں اور انکی پیٹھوں پر۔ ﴿27﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا	یہ اس لیے کہ بیشک انہوں نے پیروی کی
مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ	(اسکی) جس نے اللہ کو ناراض کیا
وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ	اور انہوں نے ناپسند کیا اس کی خوشنودی کو
فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿28﴾ ع	تو اس نے ضائع کر دیے ان کے اعمال۔ ﴿28﴾
اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ	کیا گمان کرلیا ہے (ان لوگوں نے) جن کے دلوں میں
مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ	بیماری ہے، کہ ہرگز نہیں
يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿29﴾	اللہ ظاہر کرے گا ان کے کینے۔ ﴿29﴾
وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ	اور اگر ہم چاہتے (تو) ضرور ہم آپکو دکھا دیتے وہ (منافقین)
فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ	پھر ضرور آپ پہچان لیتے انہیں انکی علامات سے
وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ	اور بلاشبہ ضرور آپ پہچان لیں گے انہیں

ع 3/9/7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- فَكَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
- تَوَفَّتْهُمُ : فوت، وفات، متوفی۔
- الْمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔
- يَضْرِبُوْنَ : ضربِ کاری، مضروب۔
- وُجُوْهَهُمْ : وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
- اَدْبَارَهُمْ : دُبر، ادبارِ زمانہ۔
- اتَّبَعُوْا : اتباع، تابع، متبع سنت۔
- مَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
- كَرِهُوْا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
- رِضْوَانَهٗ : راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
- اَعْمَالَهُمْ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
- قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
- يُّخْرِجَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
- نَشَآءُ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
- لَاَرَيْنٰكَهُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
- فَلَعَرَفْتَهُمْ : عرف، معروف، تعارف، معرفت۔

فَكَيْفَ ①	اِذَا ②	تَوَفَّتْهُمُ ③	الْمَلٰٓئِكَةُ	يَضْرِبُوْنَ
تو کیا (حال ہوگا)	جب	روح قبض کریں گے ان کی	فرشتے	وہ سب مارتے ہونگے

وُجُوْهَهُمْ	وَاَدْبَارَهُمْ ﴿27﴾	ذٰلِكَ ④	بِاَنَّهُمُ	اتَّبَعُوْا
انکے چہروں	اور انکی پیٹھوں (پر)	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ سب	اُن سب نے پیروی کی

مَآ	اَسْخَطَ اللّٰهَ	وَ	كَرِهُوْا	رِضْوَانَهٗ
(اسکی) جس نے	ناراض کیا اللہ کو	اور	انہوں نے ناپسند کیا	اس کی خوشنودی (کو)

3
ع 9
7

فَاَحْبَطَ ①	اَعْمَالَهُمْ ﴿28﴾ ع	اَمْ ⑤	حَسِبَ	الَّذِيْنَ
تو اس نے ضائع کردیے	ان کے اعمال	کیا	گمان کرلیا ہے	(ان لوگوں نے) جو

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَنْ	لَّنْ ⑥	يُّخْرِجَ اللّٰهُ ⑦
اُن کے دلوں میں	بیماری (ہے)	کہ	ہرگز نہیں	اللہ ظاہر کرے گا

اَضْغَانَهُمْ ﴿29﴾	وَلَوْ ⑧	نَشَآءُ	لَاَرَيْنٰكَهُمْ
ان کے کینے	اور اگر	ہم چاہتے	(تو) ضرور ہم دکھا دیتے آپ کو وہ سب (منافق)

فَلَعَرَفْتَهُمْ ①	بِسِيْمٰهُمْ ط	وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ
پھر ضرور آپ پہچان لیتے انہیں	انکی علامات سے	اور بلاشبہ ضرور آپ پہچان لیں گے انہیں

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ کبھی پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو کیا جاتا ہے۔② اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔③ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے۔⑤ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔⑥ علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش کیا جاتا ہے۔

فِىۡ لَحۡنِ الۡقَوۡلِ ؕ	(انکے) اندازِ گفتگو سے
وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ اَعۡمَالَـكُمۡ ﴿30﴾	اور اللہ تمہارے اعمال جانتا ہے۔ ﴿30﴾
وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ حَتّٰى	اور بلاشبہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں یہاں تک کہ
نَعۡلَمَ الۡمُجٰهِدِيۡنَ مِنۡكُمۡ	ہم جان لیں تم میں سے جہاد کرنے والوں کو
وَالصّٰبِرِيۡنَ ۙ	اور صبر کرنے والوں کو
وَنَبۡلُوَا۟ اَخۡبَارَكُمۡ ﴿31﴾	اور ہم جانچ لیں تمہارے حالات ۔ ﴿31﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا	بیشک (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا اور انہوں نے روکا
عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوۡلَ	اللہ کی راہ سے اور رسول کی مخالفت کی
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الۡهُدٰى ۙ	اس کے بعد کہ ان کے لیے ہدایت واضح ہوگئی
لَنۡ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيۡــًٔا ؕ	ہرگز نہیں وہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا کچھ بھی
وَسَيُحۡبِطُ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿32﴾	اور وہ عنقریب ضرور ضائع کردے گا انکے اعمال۔ ﴿32﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِىۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الصّٰبِرِيۡنَ	: صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔
لَحۡنِ	: خوش الحان، لحن داؤدی۔	اَخۡبَارَ	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
الۡقَوۡلِ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	كَفَرُوۡا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
يَعۡلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	سَبِيۡلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اَعۡمَالَـكُمۡ	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	تَبَيَّنَ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَنَبۡلُوَنَّكُمۡ	: بلا، ابتلا و آزمائش، مبتلا۔	يَّضُرُّوا	: مضر صحت، ضرر رساں۔
حَتّٰى	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	شَيۡــًٔا	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
الۡمُجٰهِدِيۡنَ	: جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام، جدوجہد۔	اٰمَنُوۡۤا	: امن، ایمان، مومن۔

فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	اَعْمَالَكُمْ ﴿30﴾	وَ
اندازِ گفتگو میں	اور	اللہ	وہ جانتا ہے	تمہارے اعمال	اور

لَنَبْلُوَنَّكُمْ ①	حَتّٰى	نَعْلَمَ	الْمُجٰهِدِيْنَ ②
بلاشبہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں	یہاں تک کہ	ہم جان لیں	جہاد کرنے والوں کو

مِنْكُمْ	وَ	الصّٰبِرِيْنَ ۙ	وَ	نَبْلُوَا۟	اَخْبَارَكُمْ ﴿31﴾	اِنَّ ③
تم میں سے	اور	صبر کرنے والوں کو	اور	ہم جانچ لیں	تمہارے حالات	بیشک

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور	انہوں نے روکا	اللہ کی راہ سے

وَشَآقُّوا	الرَّسُوْلَ ④	مِنْۢ بَعْدِ مَا ⑤	تَبَيَّنَ ⑥	لَهُمُ ⑦
اور انہوں نے مخالفت کی	رسول کی	(اس کے) بعد کہ	واضح ہوگئی	اُن کے لیے

الْهُدٰى ۙ	لَنْ	يَّضُرُّوا اللّٰهَ ④	شَيْـًٔا ۭ	وَ	سَيُحْبِطُ
ہدایت	ہرگز نہیں	وہ سب بگاڑ سکیں گے اللہ کا	کچھ بھی	اور	عنقریب ضرور وہ ضائع کردیگا

اَعْمَالَهُمْ ﴿32﴾	يٰٓاَيُّهَا ⑧	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
اُن کے اعمال	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

ضروری وضاحت

① علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ اِنَّ تاکید کی علامت ہے۔ ④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، اور لفظ بَعْدِ کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہو جاتا ہے۔ ⑧ یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔

اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ	اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو
وَلَا تُبۡطِلُوۡۤا اَعۡمَالَكُمۡ ﴿33﴾	اور اپنے اعمال باطل مت کرو۔﴿33﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	بے شک (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ	اور انہوں نے روکا اللہ کی راہ سے
ثُمَّ مَاتُوۡا وَهُمۡ كُفَّارٌ	پھر وہ مر گئے اس حال میں (کہ) وہ کافر تھے
فَلَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ﴿34﴾	تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔﴿34﴾
فَلَا تَهِنُوۡا وَتَدۡعُوۡۤا اِلَى السَّلۡمِ ۖۗ	پس تم کمزور مت بنو اور (نہ) صلح کی طرف بلاؤ
وَاَنۡتُمُ الۡاَعۡلَوۡنَ ۖۗ وَاللّٰهُ مَعَكُمۡ	اور تم ہی بلند (غالب) ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے
وَلَنۡ يَّتِرَكُمۡ	اور ہرگز نہیں وہ کم کرے گا تمہیں
اَعۡمَالَكُمۡ ﴿35﴾ اِنَّمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا	تمہارے اعمال (کے اجر) کو۔﴿35﴾ بیشک دنیوی زندگی تو محض
لَعِبٌ وَّلَهۡوٌ ؕ وَاِنۡ تُؤۡمِنُوۡا	ایک کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لاؤ
وَتَتَّقُوۡا يُؤۡتِكُمۡ اُجُوۡرَكُمۡ	اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ (اللہ) دے گا تمہیں تمہارے اجر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَطِيۡعُوا	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔	السَّلۡمِ	اسلام، سلام، سلامتی، مسلمان۔
تُبۡطِلُوۡۤا	حق و باطل، ادیان باطلہ، زعم باطل۔	الۡاَعۡلَوۡنَ	اعلیٰ و ارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔
اَعۡمَالَكُمۡ	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	مَعَكُمۡ	مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔
كَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	الۡحَيٰوةُ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
سَبِيۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	لَعِبٌ، لَهۡوٌ	لہو و لعب۔
مَاتُوۡا	موت و حیات، حیاتی مماتی۔	تُؤۡمِنُوۡا	امن، ایمان، مومن۔
يَّغۡفِرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	تَتَّقُوۡا	تقویٰ، متقی۔
تَدۡعُوۡۤا	دعا، داعی، مدعو، دعوت۔	اُجُوۡرَكُمۡ	اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔

اَطِيْعُوا اللّٰهَ ①	وَ	اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ ①	وَ	لَا تُبْطِلُوْٓا ②
تم سب اللہ کی اطاعت کرو	اور	تم سب اطاعت کرو	رسول کی	اور	مت تم سب باطل کرو

اَعْمَالَكُمْ ③ (33)	اِنَّ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اپنے اعمال	بیشک (وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور انہوں نے روکا	اللہ کی راہ سے

ثُمَّ	مَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	فَلَنْ ④	يَّغْفِرَ اللّٰهُ ⑤	لَهُمْ (34)
پھر	وہ سب مر گئے	اس حال میں کہ وہ	کافر (تھے)	تو ہرگز نہیں	اللہ بخشے گا	ان کو

فَلَا تَهِنُوْا ②	وَتَدْعُوْٓا	اِلَى السَّلْمِ ۖ	وَ	اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ⑥ ۖ
پس مت تم سب کمزور بنو	اور (نہ) تم سب بلاؤ	صلح کی طرف	اور	تم ہی سب بلند (غالب) ہو

وَاللّٰهُ	مَعَكُمْ	وَلَنْ ④	يَّتِرَكُمْ ③	اَعْمَالَكُمْ ③ (35)
اور اللہ	تمہارے ساتھ ہے	اور ہرگز نہیں	وہ کم کرے گا تمہیں	تمہارے اعمال

اِنَّمَا ⑦	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّلَهْوٌ ؕ	وَاِنْ
بیشک محض	دُنیوی زندگی	(تو) ایک کھیل	اور تماشا (ہے)	اور اگر

تُؤْمِنُوْا	وَ	تَتَّقُوْا	يُؤْتِكُمْ ③	اُجُوْرَكُمْ ③
تم سب ایمان لاؤ	اور	تم سب تقویٰ اختیار کرو	(تو) وہ دے گا تمہیں	تمہارے اجر

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، اپنا اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ ⑤ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ اَنْتُمْ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو وہ زائد ہوتا ہے، البتہ اُس میں صرف یا محض کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿36﴾	اور نہیں وہ مانگے گا تم سے تمہارے (تمام) مال۔ ﴿36﴾
اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا	اگر (اللہ) مطالبہ کرے تم سے ان کا (یعنی سارے مال کا)
فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا	پھر وہ اصرار کرے تم سے (تو) تم بخیلی کروگے
وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿37﴾	اور وہ ظاہر کر دے گا تمہارے کینے۔ ﴿37﴾
هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ	سنو! تم وہ لوگ ہو (کہ) تم بلائے جاتے ہو
لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ	تاکہ تم خرچ کرو اللہ کی راہ میں
فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ	تو تم میں سے (کچھ ہیں) جو بخل کرتے ہیں
وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ	اور جو بخل کرتا ہے تو بیشک صرف وہ بخل کرتا ہے
عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ	اپنے نفس سے، اور اللہ ہی بے پرواہ ہے
وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا	اور تم ہی محتاج ہو اور اگر تم پھر جاؤ گے
يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ	تو وہ بدل لائے گا تمہارے سوا (دوسری) قوم کو
ع 4/10/8 ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿38﴾ ع	پھر وہ نہیں ہونگے تمہاری طرح۔ ﴿38﴾ ع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسْـَٔلْكُمْ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
اَمْوَالَكُمْ : مال و دولت، مال و جان، مالی خسارہ۔
تَبْخَلُوْا، يَّبْخَلُ : بخل، بخیل۔
يُخْرِجْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
تُدْعَوْنَ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
لِتُنْفِقُوْا : نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

فَمِنْكُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
نَّفْسِهٖ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
الْغَنِيُّ : غنی، مستغنی، اغنیاء۔
الْفُقَرَآءُ : فقر و فاقہ، فقیر، فقراء و مساکین۔
يَسْتَبْدِلْ : تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
قَوْمًا : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
غَيْرَكُمْ : دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔
اَمْثَالَكُمْ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔

وَ	لَا يَسْـَٔلْكُمْ	اَمْوَالَكُمْ ﴿36﴾	اِنْ	يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا ①
اور	نہیں وہ مانگے گا تم سے	تمہارے مال	اگر	وہ مطالبہ کرے تم سے ان کا

فَيُحْفِكُمْ	تَبْخَلُوْا	وَيُخْرِجْ	اَضْغَانَكُمْ ﴿37﴾
پھر وہ اصرار کرے تم سے	(تو) تم سب بخیلی کروگے	اور وہ ظاہر کردے گا	تمہارے کینے

هٰٓاَنْتُمْ ②	هٰٓؤُلَآءِ ③	تُدْعَوْنَ ④	لِتُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج
سنو! تم	وہ (لوگ ہو کہ)	تم سب بلائے جاتے ہو	تاکہ تم سب خرچ کرو	اللہ کی راہ میں

فَمِنْكُمْ	مَّنْ	يَّبْخَلُ ج	وَمَنْ	يَّبْخَلْ	فَاِنَّمَا ⑤
تو تم میں سے	(کچھ ہیں) جو	وہ بخل کرتے ہیں	اور جو	وہ بخل کرتا ہے	تو بیشک صرف

يَبْخَلُ	عَنْ نَّفْسِهٖ ط	وَاللّٰهُ	الْغَنِيُّ	وَ	اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ج ⑥
وہ بخل کرتا ہے	اپنے نفس سے	اور اللہ (ہی)	بے پروا (ہے)	اور	تم ہی محتاج ہو

وَ	اِنْ	تَتَوَلَّوْا ⑦	يَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا
اور	اگر	تم سب پھر جاؤ گے	تو وہ بدل لائے گا	(دوسری) قوم (کو)

ع 4 10 8

غَيْرَكُمْ لا	ثُمَّ	لَا يَكُوْنُوْٓا	اَمْثَالَكُمْ ع ﴿38﴾
تمہارے سوا	پھر	نہیں وہ سب ہوں گے	تمہاری طرح

ضروری وضاحت

① كُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو درمیان میں وْ کا اضافہ کرتے ہیں۔② هَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو کیا جاتا ہے۔③ هٰٓؤُلَآءِ کا اصل ترجمہ یہ لوگ ہے، ضرورتاً ترجمہ وہ لوگ کیا گیا ہے۔④ یہ دراصل تُدْعَوُوْنَ تھا علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اِنَّ کے ساتھ مَا میں صرف یا محض یا ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَنْتُمْ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ﴿1﴾	بے شک ہم نے آپ کو فتح دی ایک واضح فتح۔﴿1﴾
لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ	تا کہ اللہ بخش دے آپ کو
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ	آپ کا (وہ) گناہ جو پہلے ہوا اور جو پیچھے ہوا
وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ	اور (تا کہ) وہ پوری کر دے آپ پر اپنی نعمت
وَيَهْدِيَكَ	اور (تا کہ) وہ ہدایت دے آپ کو
صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿2﴾	سیدھے راستے کی۔﴿2﴾
وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿3﴾	اور (تا کہ) اللہ مدد کرے آپکی زبردست مدد۔﴿3﴾
هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ	(اللہ) وہ ہے جس نے سکینت نازل کی
فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ	مومنوں کے دلوں میں
لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا	تا کہ وہ زیادہ ہو جائیں ایمان میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَحْنَا، فَتْحًا : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔	صِرَاطًا : صراط مستقیم، پل صراط۔
مُّبِيْنًا : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر، فتح مبین۔	مُّسْتَقِيْمًا : صراط مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔
لِّيَغْفِرَ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	يَنْصُرَكَ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
تَقَدَّمَ : قدم، مقدمہ الجیش، تقدیم، مقدم۔	اَنْزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
تَاَخَّرَ : مؤخر، تاخیر، آخری۔	السَّكِيْنَةَ : سکون، سکینت۔
يُتِمَّ : اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔	قُلُوْبِ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
نِعْمَتَهٗ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
يَهْدِيَكَ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	لِيَزْدَادُوْٓا : زیادہ، مزید، زائد۔

اٰیَاتُھَا 29 — 48 سُوْرَۃُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّۃٌ 111 — رُکُوْعَاتُھَا 4

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّا فَتَحۡنَا①	لَكَ②	فَتۡحًا مُّبِيۡنًا ۙ﴿1﴾	لِّيَغۡفِرَ③	لَكَ اللّٰهُ②
بے شک ہم نے فتح دی	آپ کو	ایک واضح فتح	تا کہ بخش دے	اللہ آپ کو

مَا	تَقَدَّمَ	مِنۡ ذَنۡۢبِكَ	وَ	مَا	تَاَخَّرَ	وَ
جو	پہلے ہوا	آپ کے گناہ سے	اور	جو	پیچھے ہوا	اور

يُتِمَّ	نِعۡمَتَهٗ④	عَلَيۡكَ	وَ	يَهۡدِيَكَ
(تا کہ) وہ پوری کردے	اپنی نعمت	آپ پر	اور	(تا کہ) وہ ہدایت دے آپ کو

صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا ۙ﴿2﴾	وَّ	يَنۡصُرَكَ اللّٰهُ
سیدھے راستے (کی)	اور	(تا کہ) اللہ مدد کرے آپ کی

نَصۡرًا عَزِيۡزًا ﴿3﴾	هُوَ	الَّذِىۡۤ	اَنۡزَلَ⑤	السَّكِيۡنَةَ⑥
زبردست مدد	(اللہ) وہ (ہے)	جس نے	نازل کی	سکینت

فِىۡ قُلُوۡبِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	لِيَزۡدَادُوۡۤا⑦	اِيۡمَانًا
مومنوں کے دلوں میں	تا کہ وہ سب زیادہ ہوجائیں	ایمان (میں)

ضروری وضاحت

①اِنَّا کے نَا اور فَتَحۡنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔② لَكَ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔③ یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔④اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔⑤ اَنۡزَلَ کے شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کیلئے ہے مثلاً: خَرَجَ: نکلا، اَخۡرَجَ: نکالا۔⑥ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ	اپنے ایمان کے ساتھ
وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿4﴾	اور اللہ خوب جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔﴿4﴾
لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ	تاکہ وہ داخل کرے مومن مردوں
وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ	اور مومن عورتوں کو (ایسے) باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(کہ) چلتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں
وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ	اور (تاکہ) وہ دور کردے ان سے ان کی برائیاں
وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿5﴾	اور یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی کامیابی ہے۔﴿5﴾
وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ	اور (تاکہ) وہ سزا دے منافق مردوں اور منافق عورتوں کو
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ	اور مشرک مردوں اور مشرکہ عورتوں کو
الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ	(جو) گمان کرنے والے ہیں اللہ کے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّعَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
لِّيُدْخِلَ : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
سَيِّاٰتِهِمْ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
عِنْدَ : عند الطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
فَوْزًا : فوز و فلاح، عہدے پر فائز ہونا۔
عَظِيْمًا : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
يُعَذِّبَ : عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
الْمُنٰفِقِيْنَ : منافق، نفاق، رئیس المنافقین۔
الْمُشْرِكِيْنَ : شرک، شریک، شراکت، مشرک۔
الظَّآنِّيْنَ : ظن، بدظن، ظن غالب، حسن ظن۔

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ ①	وَ لِلّٰهِ	جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ ②	وَالْاَرْضِ ؕ	وَ
اپنے ایمان کے ساتھ	اور اللہ ہی کے لیے (ہیں)	آسمانوں کے لشکر	اور زمین (کے)	اور

كَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا ③	حَكِيْمًا ③ ۙ (4)	لِّيُدْخِلَ ④	الْمُؤْمِنِيْنَ
ہے	اللہ	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا	تاکہ وہ داخل کرے	مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ②	جَنّٰتٍ ②	تَجْرِيْ ②	مِنْ تَحْتِهَا ⑤	الْاَنْهٰرُ
اور مومن عورتوں کو	(ایسے) باغات (میں کہ)	چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ⑤	وَ	يُكَفِّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ ؕ ②
ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	ان میں	اور	(تاکہ) وہ دور کردے	اُن سے	اُن کی برائیاں

وَ	كَانَ	ذٰلِكَ ⑥	عِنْدَ اللّٰهِ	فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ (5)
اور	ہے	یہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑی کامیابی (ہے)

وَّ	يُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَ	الْمُنٰفِقٰتِ ②
اور	(تاکہ) وہ سزا دے	منافق مردوں	اور	منافق عورتوں (کو)

وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ ②	الظَّآنِّيْنَ	بِاللّٰهِ ⑦
اور مشرک مردوں	اور مشرکہ عورتوں کو	(جو) سب گمان کرنے والے (ہیں)	اللہ کے بارے میں

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔② ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ فَعِيْلٌ کے
سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا
ہے۔⑤ ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔⑥ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا
گیا ہے اور اس کا استعمال عموماً بات میں زور ڈالنے کیلئے ہوتا ہے۔⑦ یہاں بِ کا ترجمہ کے بارے میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ	برا گمان، انہی پر بُری گردش ہے
وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ	اور اللہ غصے ہوا ان پر اور اُس نے لعنت کی اُن پر
وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ	اور اس نے تیار کی ان کے لیے جہنم
وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿6﴾	اور وہ بری ہے لوٹنے کی جگہ۔ ﴿6﴾
وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کے لشکر ہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿7﴾	اور اللہ نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿7﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا	بے شک ہم نے آپ کو بھیجا ہے گواہی دینے والا
وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ ﴿8﴾	اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر)۔ ﴿8﴾
لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	تا کہ تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول (پر)
وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ	اور (تا کہ) تم مدد کرو اس کی اور تم تعظیم کرو اس کی
وَتُسَبِّحُوْهُ	اور (تا کہ) تم پاکی بیان کرو اس (اللہ) کی
بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿9﴾	صبح و شام۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَنَّ	ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔	اَلْاَرْضِ	ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
السَّوْءِ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	اَرْسَلْنٰكَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
عَلَيْهِمْ	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	شَاهِدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
دَآئِرَةُ	دائرہ، دور، دورہ۔	مُبَشِّرًا	بشارت، مبشر، بشیر۔
غَضِبَ	غیظ وغضب، غضبناک۔	نَذِيْرًا	بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔
لَعَنَهُمْ	لعن طعن، لعنت، لعین، ملعون۔	لِّتُؤْمِنُوْا	امن، ایمان، مومن۔
اَعَدَّ	مستعد۔	تُوَقِّرُوْهُ	تعظیم وتوقیر، عزت ووقار۔
السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	تُسَبِّحُوْهُ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ	عَلَيْهِمْ	دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ ①	وَ	غَضِبَ اللّٰهُ ②
بُرا گمان	اُن پر	بُرائی کی گردش (ہے)	اور	اللہ غصے ہوا

عَلَيْهِمْ	وَ	لَعَنَهُمْ	وَ	اَعَدَّ	لَهُمْ ③	جَهَنَّمَ ؕ
ان پر	اور	اُس نے لعنت کی اُن پر	اور	اس نے تیار کی	ان کے لیے	جہنم

وَسَآءَتْ ①	مَصِيْرًا ﴿6﴾	وَلِلّٰهِ	جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ ①	وَالْاَرْضِ ؕ
اور وہ بری ہے	لوٹنے کی جگہ	اور اللہ (ہی) کیلئے	آسمانوں کے لشکر	اور زمین (کے لشکر ہیں)

وَ	كَانَ اللّٰهُ ④	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا ﴿7﴾	اِنَّآ ⑤
اور	اللہ ہے	نہایت غالب	بہت حکمت والا	بے شک ہم نے

اَرْسَلْنٰكَ	شَاهِدًا	وَّ مُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا ﴿8﴾ لا
ہم نے بھیجا ہے آپ کو	گواہی دینے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا (بنا کر)

لِّتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَ	تُعَزِّرُوْهُ ⑥⑦
تا کہ تم سب ایمان لاؤ	اللہ پر	اور	اسکے رسول (پر)	اور	(تا کہ) تم سب مدد کرو اس کی

وَ	تُوَقِّرُوْهُ ⑥⑦ ؕ	وَ	تُسَبِّحُوْهُ ⑥⑦	بُكْرَةً ①	وَّاَصِيْلًا ﴿9﴾
اور	تم سب تعظیم کرو اسکی	اور	(تا کہ) تم سب پاکی بیان کرو اسکی	صبح	اور شام

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ۃ ، ات اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑤ اِنَّآ دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑥علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑦یہ دراصل ہٗ تھا، اس سے پہلے جزم ہونیکی وجہ سے اسے ہُ کیا گیا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ	بے شک (وہ لوگ) جو بیعت کرتے ہیں آپ سے
اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ	بے شک وہ صرف اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں
يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ	اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے
فَمَنْ نَّكَثَ	پھر جس نے عہد توڑا
فَاِنَّمَا يَنْكُثُ	تو بے شک صرف وہ عہد توڑتا ہے
عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ	اپنی ہی جان کے خلاف
وَمَنْ اَوْفٰى	اور جس نے پورا کیا
بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ	(اس بات) کو جس پر اس نے عہد کیا اللہ سے
فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿10﴾ ع 10/9	تو عنقریب ضرور وہ دے گا اسے بڑا اجر۔﴿10﴾
سَيَقُوْلُ لَكَ	عنقریب ضرور کہیں گے آپ سے
الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ	دیہاتیوں میں سے پیچھے چھوڑ دیے جانے والے
شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا	(کہ) ہمیں مشغول کر دیا ہمارے مالوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُبَايِعُوْنَكَ : بیعت، بیعت عقبہ، بیعت رضوان۔
يَدُ، اَيْدِيْهِمْ : ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
فَوْقَ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نَفْسِهٖ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
اَوْفٰى : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
عٰهَدَ : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔
اَجْرًا : اجر، اجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔
عَظِيْمًا : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
سَيَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الْمُخَلَّفُوْنَ : خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
شَغَلَتْنَآ : شغل، مشغول، مشغلہ۔
اَمْوَالُنَا : مال، اموال، مال ودولت۔

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُبَايِعُوْنَكَ	اِنَّمَا①
بے شک	(وہ لوگ) جو	وہ سب بیعت کرتے ہیں آپ سے	بے شک صرف

يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ② ط	يَدُ اللّٰهِ	فَوْقَ
وہ سب اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں	اللہ کا ہاتھ	اوپر (ہے)

اَيْدِيْهِمْ ج	فَمَنْ	نَّكَثَ	فَاِنَّمَا①	يَنْكُثُ
اُن کے ہاتھوں کے	پھر جس نے	عہد توڑا	تو بے شک صرف	وہ عہد توڑتا ہے

عَلٰى نَفْسِهٖ ج	وَ	مَنْ	اَوْفٰى	بِمَا③
اپنی جان پر (یعنی اپنی جان کے خلاف)	اور	جس نے	پورا کیا	(اس بات) کو جو

عٰهَدَ	عَلَيْهُ اللّٰهَ④	فَسَيُؤْتِيْهِ⑤	اَجْرًا	عَظِيْمًا ع ۝10
اس نے عہد کیا	اُس پر اللہ سے	تو عنقریب ضرور وہ دے گا اُسے	اجر	بہت بڑا

ع 1/10/9

سَيَقُوْلُ⑤⑥	لَكَ	الْمُخَلَّفُوْنَ
عنقریب ضرور وہ کہیں گے	آپ سے	سب پیچھے چھوڑ دیے جانے والے

مِنَ الْاَعْرَابِ	شَغَلَتْنَآ⑦	اَمْوَالُنَا
دیہاتیوں میں سے	(کہ) مشغول کر دیا ہمیں	ہمارے مالوں نے

ضروری وضاحت

① اِنَّ کے ساتھ مَا میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ④ روٹین میں عَلَيْهِ اللّٰهَ ہونا چاہیے لیکن قرآنی قراءت میں اس طرح ہی موجود ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ⑦ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے، کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔

وَاَهْلُوْنَا	اور ہمارے اہل وعیال نے
فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ	پس آپ ہمارے لیے بخشش طلب کریں
يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ	وہ کہتے ہیں اپنی زبانوں سے
مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ	(وہ بات) جو ان کے دلوں میں نہیں
قُلْ فَمَنْ	آپ کہہ دیجیے پھر کون ہے (جو)
يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا	اللہ سے اختیار رکھتا ہو تمہارے لیے کسی چیز کا
اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا	اگر وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ کسی نقصان کا
اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ	یا وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ کسی فائدے کا
بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بلکہ اللہ ہے (اس) سے جو تم عمل کرتے ہو
خَبِيْرًا ﴿11﴾	خوب خبردار۔ ﴿11﴾
بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ	بلکہ تم نے سمجھا کہ ہرگز نہیں واپس آئیں گے
الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ	رسول اور ایمان والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَهْلُوْنَا : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
فَاسْتَغْفِرْ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
يَقُوْلُوْنَ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
بِاَلْسِنَتِهِمْ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات، فصیح اللسان۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
يَّمْلِكُ : مالک، ملکیت، املاک، مُلک وملت۔
شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
اَرَادَ : ارادہ، مرید، مراد۔

ضَرًّا : مضرِ صحت، ضرر رساں۔
نَفْعًا : نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
بَلْ : بلکہ۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
خَبِيْرًا : خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
ظَنَنْتُمْ : ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
يَّنْقَلِبَ : انقلاب۔
الْمُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔

وَ	اَهْلُوْنَا ①	فَاسْتَغْفِرْ ②	لَنَا ج	يَقُوْلُوْنَ
اور	ہمارے گھر والوں نے	پس آپ بخشش طلب کریں	ہمارے لیے	وہ سب کہتے ہیں

بِاَلْسِنَتِهِمْ ③	مَّا	لَيْسَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ ③ ط
اپنی زبانوں سے (وہ بات)	جو	نہیں	اُن کے دلوں میں

قُلْ ④	فَمَنْ	يَّمْلِكُ	لَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ
آپ کہہ دیجیے	پھر کون (ہے جو)	وہ اختیار رکھتا ہو	تمہارے لیے	اللہ سے

شَيْـًٔا ⑤	اِنْ	اَرَادَ	بِكُمْ	ضَرًّا ⑤	اَوْ
کسی چیز (کا)	اگر	وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ	کسی نقصان (کا)	یا

اَرَادَ	بِكُمْ	نَفْعًا ⑤ ط	بَلْ	كَانَ	اللّٰهُ	بِمَا
وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ	کسی فائدے (کا)	بلکہ	ہے	اللہ	(اس) سے جو

تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا ⑥ (11)	بَلْ	ظَنَنْتُمْ	اَنْ
تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار	بلکہ	تم نے سمجھا	کہ

لَّنْ ⑦	يَّنْقَلِبَ ⑧	الرَّسُوْلُ	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ
ہرگز نہیں	وہ واپس آئیں گے	رسول	اور	سب ایمان لانے والے

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اَهْلُوْنَنَا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق پہلا نون گرا ہوا ہے۔②فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔③اسم کے آخر میں هُمْ یا هِمْ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرا دیا گیا ہے۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔⑦علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔⑧یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا	اپنے گھر والوں کی طرف کبھی بھی
وَّ زُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ	اور یہ (بات) خوشنما بنا دی گئی تمہارے دلوں میں
وَ ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ	اور تم نے گمان کیا برا گمان
وَ كُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿12﴾	اور تھے تم ہلاک ہونے والے لوگ۔ ﴿12﴾
وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ	اور جو شخص ایمان نہ لایا اللہ اور اسکے رسول پر
فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا	تو بے شک ہم نے تیار کر رکھی ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿13﴾	کافروں کے لیے خوب بھڑکتی آگ۔ ﴿13﴾
وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی
يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ	وہ بخشتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے
وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اور وہ عذاب دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿14﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔ ﴿14﴾
سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ	عنقریب ضرور کہیں گے پیچھے چھوڑ دیے جانے والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	لِلْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَهْلِيْهِمْ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	مُلْكُ	ملک، ملوکیت، مملکت، ملکی حالات۔
اَبَدًا	ابدالآباد، ابد سے ازل تک، ابدی نیند۔	السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
زُيِّنَ	مزین، تزئین وآرائش، زینت۔	الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
قُلُوْبِكُمْ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	يَغْفِرُ، غَفُوْرًا	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
ظَنَنْتُمْ	ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔	يَّشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
السَّوْءِ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	يُعَذِّبُ	عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
اَعْتَدْنَا	مستعد، اعداد وترتیب۔	الْمُخَلَّفُوْنَ	خلیفہ، خلافت، ناخلف۔

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ ①	اَبَدًا	وَّ	زُيِّنَ ②	ذٰلِكَ ③
اپنے گھر والوں کی طرف	کبھی بھی	اور	خوشنما بنادی گئی	یہ (بات)

فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَ	ظَنَنْتُمْ	ظَنَّ السَّوْءِ ۚۖ	وَكُنْتُمْ
تمہارے دلوں میں	اور	تم نے گمان کیا	بُرا گمان	اور تھے تم

قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿12﴾	وَمَنْ	لَّمْ يُؤْمِنْۢ	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
ہلاک ہونے والے لوگ	اور جو شخص	نہ وہ ایمان لایا	اللہ پر	اور اسکے رسول پر

فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا ④	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَعِيْرًا ⑤ ﴿13﴾	وَلِلّٰهِ
تو بیشک ہم نے تیار کر رکھی ہے	کافروں کے لیے	خوب بھڑکتی آگ	اور اللہ ہی کیلئے (ہے)

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ؕ	يَغْفِرُ	لِمَنْ ⑥
بادشاہی	آسمانوں (کی)	اور زمین (کی)	وہ بخشتا ہے	جس کو

يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ
وہ چاہتا ہے	اور وہ عذاب دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور ہے	اللہ

غَفُوْرًا ⑤	رَّحِيْمًا ⑤ ﴿14﴾	سَيَقُوْلُ ⑦	الْمُخَلَّفُوْنَ ⑧
بہت بخشنے والا	بڑا رحم کرنے والا	عنقریب ضرور کہیں گے	سب پیچھے چھوڑ دیے جانے والے

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اَهْلِيْنَهِمْ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق نون گرا ہوا ہے۔②فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔④اِنَّا کے نَا اور اَعْتَدْنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔⑤اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ لِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ	جب تم چلو گے غنیمتوں کی طرف
لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا	تا کہ تم لے لو انہیں (کہ) ہمیں چھوڑو (یعنی اجازت دو)
نَتَّبِعْكُمْ ۚ	(کہ) ہم بھی تمہارے ساتھ چلیں
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ	وہ چاہتے ہیں کہ وہ بدل دیں اللہ کی بات کو
قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا	آپ کہہ دیجیے تم ہرگز نہیں چلو گے ہمارے ساتھ
كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ	اسی طرح اللہ نے کہہ دیا ہے پہلے سے
فَسَيَقُوْلُوْنَ	تو عنقریب ضرور کہیں گے
بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ	بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو
بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿15﴾	بلکہ وہ نہیں سمجھتے ہیں مگر بہت کم ۔ ﴿15﴾
قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ	آپ کہہ دیجیے پیچھے چھوڑے جانے والوں سے
مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ	دیہاتیوں میں سے عنقریب ضرور تم بلائے جاؤ گے
اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ	ایک سخت جنگ کرنے والی قوم کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَغَانِمَ : غنیمت، مالِ غنیمت، غنائم۔
لِتَاْخُذُوْهَا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
نَتَّبِعْكُمْ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
يُّبَدِّلُوْا : تغیر و تبدل، تبدیلی، متبادل۔
كَلٰمَ : کلمہ، کلام، متکلم، اندازِ تکلم۔
قُلْ، قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

تَحْسُدُوْنَنَا : حسد، حاسد، حاسدین۔
يَفْقَهُوْنَ : فقہ، فقیہ، فقاہت۔
اِلَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
لِّلْمُخَلَّفِيْنَ : خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
سَتُدْعَوْنَ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
اُولِيْ : اولوا العزم، اولوا العلم، اولوا الارحام۔
شَدِيْدٍ : شدید، اشد، شدت۔

اِذَا①	انْطَلَقْتُمْ	اِلٰى مَغَانِمَ	لِتَاْخُذُوْهَا②	ذَرُوْنَا②
جب	تم چلو گے	غنیمتوں کی طرف	تاکہ تم سب لے لو اُنہیں	(کہ) تم سب چھوڑ دو ہمیں

نَتَّبِعْكُمْ ج	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّبَدِّلُوْا	كَلٰمَ اللّٰهِ ط
(کہ) ہم بھی تمہارے ساتھ چلیں	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب بدل دیں	اللہ کی بات کو

قُلْ	لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا②③	كَذٰلِكُمْ④	قَالَ	اللّٰهُ⑤
آپ کہہ دیجیے	ہرگز نہیں تم سب چلو گے ہمارے ساتھ	اسی طرح	کہہ دیا ہے	اللہ نے

مِنْ قَبْلُ ج	فَسَيَقُوْلُوْنَ	بَلْ	تَحْسُدُوْنَنَا ط
پہلے سے	تو عنقریب ضرور وہ سب کہیں گے	بلکہ	تم سب حسد کرتے ہو ہم سے

بَلْ	كَانُوْا	لَا يَفْقَهُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا ﴿15﴾
بلکہ	وہ سب ہیں	(کہ) نہیں وہ سب سمجھتے	مگر	بہت کم

قُلْ	لِّلْمُخَلَّفِيْنَ⑥	مِنَ الْاَعْرَابِ
آپ کہہ دیجیے	پیچھے چھوڑے جانے والوں سے	دیہاتیوں میں سے

سَتُدْعَوْنَ⑦	اِلٰى قَوْمٍ	اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ
عنقریب ضرور تم سب بلائے جاؤ گے	(ایسے) لوگوں کی طرف	(جو) سخت جنگ کرنے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

① اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے۔② وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔
③ علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔④ جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ مذکر ہوں تو
یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ شروع میں مُ اور آخر
سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ	تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے
فَاِنْ تُطِيْعُوْا	پھر اگر تم اطاعت کرو گے
يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ	(تو) اللہ اچھا اجر تمہیں دے گا
وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ	اور اگر تم پھر جاؤ گے جیسا کہ تم پھر گئے تھے
مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ	اس سے پہلے (تو) وہ تمہیں عذاب دے گا
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿16﴾	بہت دردناک عذاب۔ ﴿16﴾
لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ	اندھے پر کوئی حرج (گناہ) نہیں ہے (کہ وہ جنگ سے پیچھے رہے)
وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ	اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے
وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۗ	اور نہ مریض پر کوئی حرج ہے
وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا
يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ	وہ داخل کرے گا اُسے (ایسے) باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ	کہ بہتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُقَاتِلُوْنَهُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
يُسْلِمُوْنَ : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
تُطِيْعُوْا، يُّطِعِ : اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
اَجْرًا : اجرت، اجرِ عظیم، عنداللہ ماجور ہوں۔
حَسَنًا : احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔
كَمَا : کماحقہ۔
قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
يُعَذِّبْكُمْ : عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔
اَلِيْمًا : عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
حَرَجٌ : حرج۔
الْمَرِيْضِ : مرض، مریض، امراض۔
يُدْخِلْهُ : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
جَنّٰتٍ : جنت الفردوس، جنات۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
الْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔

تُقَاتِلُوْنَهُمْ	اَوْ	يُسْلِمُوْنَ ۚ	فَاِنْ ①	تُطِيْعُوْا
تم سب لڑو گے اُن سے	یا	وہ سب فرمانبردار ہو جائیں گے	پھر اگر	تم سب اطاعت کرو گے

يُؤْتِكُمُ ②	اللّٰهُ ③	اَجْرًا حَسَنًا ۚ	وَ	اِنْ
(تو) وہ دے گا تمہیں	اللہ	اچھا اجر	اور	اگر

تَتَوَلَّوْا ④	كَمَا	تَوَلَّيْتُمْ ④	مِّنْ قَبْلُ	يُعَذِّبْكُمْ
تم سب پھر جاؤ گے	جس طرح	تم پھر گئے تھے	اس سے پہلے	(تو) وہ عذاب دے گا تمہیں

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿16﴾	لَيْسَ	عَلَى الْاَعْمٰى	حَرَجٌ ⑤
بہت دردناک عذاب	نہیں (ہے)	اندھے پر	کوئی حرج (گناہ)

وَّلَا	عَلَى الْاَعْرَجِ	حَرَجٌ ⑤	وَّلَا	عَلَى الْمَرِيْضِ
اور نہ	لنگڑے پر	کوئی حرج (ہے)	اور نہ	مریض پر

حَرَجٌ ⑤ ۗ	وَمَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ ⑥
کوئی حرج (ہے)	اور جو	وہ اطاعت کرے گا	اللہ (کی)	اور اُس کے رسول (کی)

يُدْخِلْهُ ⑥	جَنّٰتٍ ⑦	تَجْرِيْ ⑦	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ۚ
وہ داخل کرے گا اُسے	(ایسے) باغات (میں)	(کہ) بہتی ہیں	اُن کے نیچے سے	نہریں

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ② كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں ہوتا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ④ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی ہوا ہے۔ ⑥ اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا، یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے ہوتا ہے۔ ⑦ اسم کے آخر میں ات اور فعل کے شروع میں تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

النصف ع 7 10

وَمَنۡ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبۡهُ	اور جو روگردانی کرے گا (تو) وہ عذاب دے گا اسے
عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿17﴾	بہت دردناک عذاب۔ ﴿17﴾
لَقَدۡ رَضِىَ اللّٰهُ عَنِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	بلاشبہ یقیناً اللہ راضی ہو گیا مومنوں سے
اِذۡ يُبَايِعُوۡنَكَ	جب وہ بیعت کر رہے تھے آپ سے
تَحۡتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ	درخت کے نیچے تو اس نے جان لیا
مَا فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ	جو (خلوص) ان کے دلوں میں تھا
فَاَنۡزَلَ السَّكِيۡنَةَ عَلَيۡهِمۡ	تو اس نے نازل کر دی ان پر سکینت
وَاَثَابَهُمۡ فَتۡحًا قَرِيۡبًا ﴿18﴾	اور اس نے بدلے میں دی انہیں جلد فتح۔ ﴿18﴾
وَّمَغَانِمَ كَثِيۡرَةً يَّاۡخُذُوۡنَهَا ؕ	اور بہت سی غنیمتیں (کہ) وہ حاصل کریں گے انہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيۡزًا حَكِيۡمًا ﴿19﴾	اور اللہ بہت غالب نہایت حکمت والا ہے۔ ﴿19﴾
وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيۡرَةً	اللہ نے تم سے وعدہ کیا بہت سی غنیمتوں کا (کہ)
تَاۡخُذُوۡنَهَا	تم حاصل کرو گے ان کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُعَذِّبۡهُ	عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔	السَّكِيۡنَةَ	سکینت، سکون، تسکین۔
اَلِيۡمًا	عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔	فَتۡحًا	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
رَضِىَ	راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔	قَرِيۡبًا	قرب، قریب، مقرب، قرابت داری۔
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	امن، ایمان، مومن۔	مَغَانِمَ	غنیمت، مال غنیمت، غنائم۔
يُبَايِعُوۡنَكَ	بیعت، بیعت عقبہ، بیعت رضوان۔	كَثِيۡرَةً	اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
الشَّجَرَةِ	حجر و شجر، شجر کاری مہم، شجر ممنوعہ۔	يَّاۡخُذُوۡنَهَا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
قُلُوۡبِهِمۡ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	حَكِيۡمًا	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
فَاَنۡزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	وَعَدَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

ع 2 7 النصف 10

وَمَنْ	يَّتَوَلَّ ①	يُعَذِّبْهُ	عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿17﴾ ع	لَقَدْ ②
اور جو	وہ روگردانی کرے گا	(تو) وہ عذاب دے گا اُسے	بہت دردناک عذاب	بلاشبہ یقیناً

رَضِيَ	اللّٰهُ ③	عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ ④	يُبَايِعُوْنَكَ
راضی ہوگیا	اللہ	مومنوں سے	جب	وہ سب بیعت کررہے تھے آپ سے

تَحْتَ الشَّجَرَةِ	فَعَلِمَ ⑤	مَا	فِيْ قُلُوْبِهِمْ
درخت کے نیچے	تو اس نے جان لیا	جو (خلوص)	اُن کے دلوں میں (تھا)

فَاَنْزَلَ ⑤	السَّكِيْنَةَ ③	عَلَيْهِمْ	وَاَثَابَهُمْ ⑥
تو اُس نے نازل کردی	سکینت	اُن پر	اور اس نے بدلے میں دی اُنہیں

فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿18﴾ لا	وَّ	مَغَانِمَ	كَثِيْرَةً	يَّاْخُذُوْنَهَا ⑦ ط
جلد فتح	اور	غنیمتیں	بہت سی	(کہ) وہ سب حاصل کریں گے اُن کو

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا ﴿19﴾	وَعَدَكُمُ
اور ہے	اللہ	بہت غالب	نہایت حکمت والا	وعدہ کیا تم سے

اللّٰهُ ③	مَغَانِمَ	كَثِيْرَةً	تَاْخُذُوْنَهَا ⑦
اللہ نے	غنیمتوں (کا)	بہت سی	(کہ) تم سب حاصل کرو گے اُن کو

ضروری وضاحت

①اس فعل میں موجود تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔② لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔③فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔④اِذْ عموماً ماضی کیلئے اور اِذَا عموماً مستقبل کیلئے استعمال ہوتا ہے، دونوں کا ترجمہ جب کیا جاتا ہے۔⑤ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔
⑥فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔⑦ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔

فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ	تو اس نے جلد ہی دے دی یہ تم کو
وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ	اور اس نے روک دیے تم سے لوگوں کے ہاتھ
وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	اور تاکہ یہ ہو جائے ایک نشانی ایمان والوں کے لیے
وَيَهْدِيَكُمْ	اور (تاکہ) وہ ہدایت دے تمہیں
صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ (20)	سیدھے راستے کی۔ (20)
وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا	اور کئی دوسری (غنیمتوں کا بھی کہ) نہیں تم قادر ہوئے ان پر
قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۭ	یقیناً اللہ نے احاطہ کر رکھا ہے ان کا
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا (21)	اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ (21)
وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور اگر تم سے لڑتے (وہ لوگ) جنھوں نے کفر کیا
لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ	(تو) یقیناً وہ پھیر جاتے (اپنی) پیٹھیں
ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا (22)	پھر نہ وہ پاتے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ (22)
سُنَّةَ اللّٰهِ	اللہ کے طریقے کے مطابق

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَعَجَّلَ : عجلت، مہرِ معجّل۔
هٰذِهٖ : لہٰذا، مسجد ہٰذا، حاملِ رقعہ ہٰذا۔
اَيْدِيَ : یدِ بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
يَهْدِيَكُمْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
مُسْتَقِيْمًا : صراطِ مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔
اُخْرٰى : اُخروی زندگی، اول و آخر، آخری۔
تَقْدِرُوْا : قدرت، قادر، قدیر۔

اَحَاطَ : احاطہ، محیط۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
قٰتَلَكُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
الْاَدْبَارَ : دُبر، ادبارِ زمانہ۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَجِدُوْنَ : وجود، موجود، ایجاد۔
نَصِيْرًا : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
سُنَّةَ : کتاب و سنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔

فَعَجَّلَ	لَكُمْ	هٰذِهٖ	وَكَفَّ	اَيْدِيَ النَّاسِ	عَنْكُمْ ج
تواس نے جلد ہی دے دی	تم کو	یہ	اور اُس نے روکا	لوگوں کے ہاتھوں کو	تم سے

وَ	لِتَكُوْنَ ①	اٰيَةً ②	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَيَهْدِيَكُمْ ③
اور	تا کہ یہ ہوجائے	ایک نشانی	ایمان والوں کیلئے	اور (تا کہ) وہ ہدایت دے تمہیں

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿20﴾ لا	وَّ	اُخْرٰى	لَمْ	تَقْدِرُوْا ④
سیدھے راستے (کی)	اور	کئی دوسری (غنیمتوں کا بھی کہ)	نہیں	تم سب قادر ہوئے

عَلَيْهَا	قَدْ ⑤	اَحَاطَ	اللّٰهُ ⑥	بِهَا ط	وَكَانَ
اُن پر	یقیناً	احاطہ کر رکھا ہے	اللہ (نے)	اُن کا	اور ہے

اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرًا ﴿21﴾	وَلَوْ	قٰتَلَكُمُ ③
اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا	اور اگر	تم سے لڑتے

الَّذِيْنَ ⑦	كَفَرُوْا	لَوَلَّوُا	الْاَدْبَارَ	ثُمَّ
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	(تو) یقیناً وہ سب پھیر جاتے	(اپنی) پیٹھیں	پھر

لَا يَجِدُوْنَ ⑧	وَلِيًّا ②	وَّلَا	نَصِيْرًا ② ﴿22﴾	سُنَّةَ اللّٰهِ
نہ وہ سب پاتے	کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	اللہ کے طریقے (کے مطابق)

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔③ فعل کے آخر میں کُمْ کا ترجمہ تمہیں یا تم سے کیا جاتا ہے۔④ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔⑤ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑦ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚۖ	جو یقیناً پہلے سے گزر چکا ہے
وَلَنْ تَجِدَ	اور آپ ہرگز نہیں پائیں گے
لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِیْلًا ﴿23﴾	اللہ کے طریقے میں کوئی تبدیلی۔ ﴿23﴾
وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ	اور وہی ہے جس نے روک لیے انکے ہاتھ تم سے
وَاَیْدِیَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ	اور تمہارے ہاتھ ان سے مکہ کی وادی میں
مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَیْهِمْ ؕ	اس کے بعد کہ اس نے کامیابی دی تمہیں ان پر
وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ	اور ہے اللہ (اس) کو جو تم عمل کرتے ہو
بَصِیْرًا ﴿24﴾	خوب دیکھنے والا۔ ﴿24﴾
هُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	یہ وہی (لوگ ہیں) جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	اور تمہیں روکا مسجد حرام سے
وَالْهَدْیَ	اور قربانی کے جانوروں کو (بھی)
مَعْكُوْفًا	اس حال میں روک دیے گئے تھے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔
تَجِدَ	: وجود، موجود، ایجاد۔
لِسُنَّةِ	: کتاب و سنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔
تَبْدِیْلًا	: تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
اَیْدِیَهُمْ	: یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع الیدین۔
مَكَّةَ	: مکۃ المکرمہ، حرم مکی۔
عَلَیْهِمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
بَصِیْرًا	: سمع و بصر، بصارت، بصیرت۔
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
الْمَسْجِدِ	: مسجد، مساجد، مسجد نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم۔
الْحَرَامِ	: مسجد حرام، حرم کعبہ، حرمت۔
مَعْكُوْفًا	: عاکف، اعتکاف، معتکفین۔

الَّتِیْ	قَدْ	خَلَتْ ①	مِنْ قَبْلُ ۚ	وَلَنْ	تَجِدَ
جو	یقیناً	گزر چکا ہے	پہلے سے	اور ہرگز نہیں	آپ پائیں گے

لِسُنَّةِ اللّٰهِ ②	تَبْدِيْلًا ③ (23)	وَهُوَ	الَّذِيْ	كَفَّ
اللہ کے طریقے میں	کوئی تبدیلی	اور وہ	جس نے	روک لیے

اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَ	اَيْدِيَكُمْ ④	عَنْهُمْ
اُن کے ہاتھ	تم سے	اور	تمہارے ہاتھ	اُن سے

بِبَطْنِ مَكَّةَ ②	مِنْۢ بَعْدِ ⑤	اَنْ	اَظْفَرَكُمْ ④	عَلَيْهِمْ ؕ
مکہ کی وادی میں	اس کے بعد	کہ	اس نے کامیابی دی تمہیں	اُن پر

وَكَانَ	اللّٰهُ	بِمَا ⑥	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا (24)
اور ہے	اللہ	(اس) کو جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا

هُمُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْكُمْ ④
وہ سب	(وہی لوگ ہیں) جن	سب نے کفر کیا	اور	اُن سب نے روکا تمہیں

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَالْهَدْيَ ⑦	مَعْكُوْفًا ⑦
مسجد حرام سے	اور قربانی کے جانوروں (کو بھی)	اس حال میں کہ روکے گئے (تھے)

ضروری وضاحت

① تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② علامت لِ اور بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے آخر میں كُمْ کا ترجمہ تمہارا اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔⑤ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦ مصدر ہے جو بطور صفت استعمال ہوا ہے۔

اَنۡ یَّبۡلُغَ مَحِلَّہٗ ؕ	کہ وہ پہنچیں اپنی جگہ (یعنی قربان گاہ)
وَلَوۡلَا رِجَالٌ مُّؤۡمِنُوۡنَ	اور اگر نہ ہوتے کچھ مومن مرد
وَنِسَآءٌ مُّؤۡمِنٰتٌ	اور کچھ مومن عورتیں
لَّمۡ تَعۡلَمُوۡهُمۡ	(کہ) نہیں تم جانتے تھے انہیں (یعنی ان کے ایمان کو)
اَنۡ تَطَـُٔوۡهُمۡ	کہ تم روند ڈالو گے انہیں
فَتُصِیۡبَکُمۡ مِّنۡهُمۡ مَّعَرَّةٌۢ	پھر تمہیں پہنچتی ان (کے قتل کی وجہ) سے تکلیف
بِغَیۡرِ عِلۡمٍ ۚ	لاعلمی میں (تو ان پر حملہ کر دیا جاتا)
لِیُدۡخِلَ اللّٰهُ فِیۡ رَحۡمَتِهٖ	تاکہ داخل کر لے اللہ اپنی رحمت میں
مَنۡ یَّشَآءُ ۚ لَوۡ تَزَیَّلُوۡا	جسے وہ چاہے، اگر (مومن اور کافر) الگ الگ ہو گئے ہوتے
لَعَذَّبۡنَا الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	(تو) ہم ضرور عذاب دیتے (ان لوگوں کو) جنہوں نے کفر کیا
مِنۡهُمۡ عَذَابًا اَلِیۡمًا ﴿25﴾	ان میں سے دردناک عذاب۔ ﴿25﴾
اِذۡ جَعَلَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	جب ڈال لی (ان لوگوں نے) جنہوں نے کفر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَبۡلُغَ	: بالغ، بلوغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	بِغَیۡرِ	: بغیر اجازت۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لِیُدۡخِلَ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
رِجَالٌ	: رجال کار، قحط الرجال۔	فِیۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مُّؤۡمِنُوۡنَ	: امن، ایمان، مومن۔	رَحۡمَتِهٖ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
نِسَآءٌ	: تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔	یَشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
تَعۡلَمُوۡهُمۡ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	لَعَذَّبۡنَا	: عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
فَتُصِیۡبَکُمۡ	: مصیبت، آلام ومصائب۔	اَلِیۡمًا	: عذاب الیم، الم ناک، رنج والم۔
مِّنۡهُمۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	کَفَرُوۡا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

اَنۡ	يَّبۡلُغَ	مَحِلَّهٗ ؕ	وَلَوۡلَا ①	رِجَالٌ مُّؤۡمِنُوۡنَ ②
کہ	وہ پہنچیں	اپنی جگہ (یعنی قربان گاہ)	اور اگر نہ (ہوتے)	کچھ مومن مرد

وَ	نِسَآءٌ مُّؤۡمِنٰتٌ ②	لَّمۡ	تَعۡلَمُوۡهُمۡ ③④	اَنۡ
اور	کچھ مومنہ عورتیں	(کہ) نہیں	تم سب جانتے تھے انہیں (یعنی ان کے ایمان کو)	کہ

تَطَـُٔوۡهُمۡ ④	فَتُصِيۡبَكُمۡ ⑤	مِّنۡهُمۡ	مَّعَرَّةٌۢ
تم سب روند ڈالو گے اُنہیں	پھر پہنچتی تمہیں	ان سے	تکلیف

بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ۚ ⑥	لِيُدۡخِلَ	اللّٰهُ	فِىۡ رَحۡمَتِهٖ
لاعلمی میں	تاکہ وہ داخل کرلے	اللہ	اپنی رحمت میں

مَنۡ	يَّشَآءُ ۚ	لَوۡ ⑦	تَزَيَّلُوۡا ⑧	لَعَذَّبۡنَا
جسے	وہ چاہے	اگر	(مومن اور کافر) سب الگ الگ ہوگئے ہوتے	(تو) ضرور ہم عذاب دیتے

الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	مِنۡهُمۡ	عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿25﴾
(ان لوگوں کو) جن	سب نے کفر کیا	اُن میں سے	دردناک عذاب

اِذۡ	جَعَلَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا
جب	ڈال لی	(اُن لوگوں نے) جن	سب نے کفر کیا

ضروری وضاحت

① لَوۡلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔ ③ علامت لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ④ علامت وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑤ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً ہوا ہے۔ ⑦ لَوۡ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔ ⑧ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

فِیۡ قُلُوۡبِهِمُ الۡحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الۡجَاهِلِيَّةِ	اپنے دلوں میں ضد جاہلیت کی ضد
فَاَنۡزَلَ اللّٰهُ سَكِيۡنَتَهٗ	تو اللہ نے اتار دی اپنی سکینت
عَلٰى رَسُوۡلِهٖ وَعَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	اپنے رسول پر اور مومنوں پر
وَاَلۡزَمَهُمۡ كَلِمَةَ التَّقۡوٰى	اور قائم رکھا انہیں تقویٰ کی بات پر
وَكَانُوۡۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهۡلَهَا ؕ	اور وہ تھے اس کے زیادہ حقدار اور اس کے اہل
وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمًا ﴿26﴾	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿26﴾
لَقَدۡ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوۡلَهُ	بلاشبہ یقیناً اللہ نے اپنے رسول کو سچی خبر دی
الرُّءۡيَا بِالۡحَقِّ ۚ	خواب میں حق کے ساتھ
لَتَدۡخُلُنَّ الۡمَسۡجِدَ الۡحَرَامَ	(کہ) تم ضرور بالضرور داخل ہو گے مسجد حرام میں
اِنۡ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيۡنَ ۙ	اگر اللہ نے چاہا امن کی حالت میں
مُحَلِّقِيۡنَ رُءُوۡسَكُمۡ	اپنے سروں کو منڈاتے ہوئے
وَمُقَصِّرِيۡنَ ۙ	اور بال کترواتے ہوئے

ع 9/3 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِیۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	شَیۡءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
قُلُوۡبِهِمۡ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	عَلِيۡمًا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
فَاَنۡزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	صَدَقَ	: صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
سَكِيۡنَتَهٗ	: سکون، سکینت، تسکین۔	الرُّءۡيَا	: رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	لَتَدۡخُلُنَّ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	: امن، ایمان، مومن۔	شَآءَ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
اَلۡزَمَهُمۡ	: لازم وملزوم، التزام۔	اٰمِنِيۡنَ	: امن، ایمان، مومن۔
كَلِمَةَ	: کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔	رُءُوۡسَكُمۡ	: رأس المال، رئیس، رؤساء۔

فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْحَمِيَّةَ ①	حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ ①	فَاَنْزَلَ	اللّٰهُ ②
اپنے دلوں میں	ضد	جاہلیت کی ضد	تو اُتاردی	اللہ (نے)

سَكِيْنَتَهٗ ③	عَلٰى رَسُوْلِهٖ ③	وَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ
اپنی سکینت	اپنے رسول پر	اور	مومنوں پر	اور

اَلْزَمَهُمْ	كَلِمَةَ التَّقْوٰى ①	وَكَانُوْٓا	اَحَقَّ ④	بِهَا ⑤
قائم رکھا اُنہیں	تقویٰ کی بات (پر)	اور وہ سب تھے	زیادہ حقدار	اس کے

ع 3 9 11

وَاَهْلَهَا ؕ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا ⑥ ع 26
اور اس کے اہل	اور ہے	اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا

لَقَدْ	صَدَقَ	اللّٰهُ ②	رَسُوْلَهُ ③	الرُّءْيَا	بِالْحَقِّ ۚ
بلاشبہ یقیناً	سچی خبر دی	اللہ (نے)	اپنے رسول (کو)	خواب (میں)	حق کے ساتھ

لَتَدْخُلُنَّ ⑦	الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ
(کہ) تم ضرور بالضرور داخل ہو گے	مسجد حرام (میں)	اگر	چاہا	اللہ (نے)

اٰمِنِيْنَ ۙ	مُحَلِّقِيْنَ ⑧	رُءُوْسَكُمْ	وَ	مُقَصِّرِيْنَ ⑧ ۙ
سب امن کی حالت میں	سب منڈانے والے	اپنے سروں (کو)	اور	سب بال کتروانے والے

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
③ اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑤ بِ کا
ترجمہ کبھی کا، کی، کو بھی ہوتا ہے۔ ⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں لَ
اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

لَا تَخَافُوْنَ ؕ	(اور) تم نہ ڈرتے ہو گے
فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا	پس اس نے وہ جانا جو تم نے نہیں جانا
فَجَعَلَ	تو اس نے (عطا) کر دی
مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿27﴾	اس سے پہلے ایک جلد فتح۔ ﴿27﴾
هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ	(اللہ) وہ ہے جس نے بھیجا اپنا رسول
بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ	ہدایت اور دین حق کے ساتھ
لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ	تا کہ وہ غالب کر دے اُسے ہر دین پر
وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿28﴾ ؕ	اور کافی ہے اللہ بطور گواہ۔ ﴿28﴾
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ	محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں
وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ	اور (وہ لوگ) جو اُس کے ساتھ ہیں
اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ	بہت سخت ہیں کافروں پر
رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ	بہت رحم دل ہیں اپنے درمیان (یعنی آپس میں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَخَافُوْنَ : خوف، خائف، خوف و ہراس۔
فَعَلِمَ، تَعْلَمُوْا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
فَتْحًا : فتح، فاتح، مفتوح۔
قَرِيْبًا : قرب، قریب، مقرب، قرابت۔
اَرْسَلَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِالْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
لِيُظْهِرَهٗ : ظاہر، مظاہرہ، مظہر۔

كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
مَعَهٗ : مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔
اَشِدَّآءُ : شدید، شدت، اشد۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْكُفَّارِ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
رُحَمَآءُ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

لَا تَخَافُوْنَ ۭ ①	فَعَلِمَ ②	مَا	لَمْ	تَعْلَمُوْا ③
(اور) تم سب نہ ڈرتے ہوگے	پس اس نے جانا	(وہ) جو	نہیں	تم سب نے جانا

فَجَعَلَ ②	مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ ④	فَتْحًا قَرِيْبًا ⑤ (27)
تو اس نے (عطا) کردی	اس کے علاوہ	ایک قریبی فتح

هُوَ	الَّذِيْٓ	اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى
(اللہ) وہ (ہے)	جس نے	بھیجا	اپنا رسول	ہدایت کے ساتھ

وَ	دِيْنِ الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ ⑥	عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ ⑦
اور	دین حق (کے ساتھ)	تاکہ وہ غالب کردے اسے	ہر دین پر

وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ ⑧	شَهِيْدًا ۭ (28)	مُحَمَّدٌ
اور	کافی ہے	اللہ	(بطورِ) گواہ	محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ	وَ	الَّذِيْنَ	مَعَهٗٓ
اللہ کے رسول (ہیں)	اور	(وہ لوگ) جو	اُس کے ساتھ (ہیں)

اَشِدَّآءُ	عَلَى الْكُفَّارِ	رُحَمَآءُ	بَيْنَهُمْ
بہت سخت (ہیں)	کافروں پر	بہت رحم دل (ہیں)	اپنے درمیان

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ② لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ③ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔ ④ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ یہاں ہٖ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

تَرٰىهُمْ	آپ دیکھیں گے انہیں
رُكَّعًا	(اس حال میں کہ) رکوع کرنے والے ہیں
سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ	سجدہ کرنے والے ہیں وہ تلاش کرتے ہیں
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ	اللہ کا فضل اور (اس کی) خوشنودی
سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ	ان کی نشانی ان کے چہروں میں (موجود) ہے
مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ	سجدے کرنے کے اثر سے
ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۚ	یہ ان کا وصف تورات میں ہے
وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚۛ	اور ان کا وصف انجیل میں (بھی) ہے
كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ	(اس) کھیتی کی طرح (جس نے) اپنی کونپل نکالی
فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ	پھر اس نے اسے مضبوط کیا پھر وہ سخت ہوگئی
فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ	پھر سیدھی کھڑی ہوگئی اپنے تنے پر
يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ	وہ خوش کرتی ہے کاشتکاروں کو

معانقہ 15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَرٰىهُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
رُكَّعًا : رکوع، رکوع وسجود۔
سُجَّدًا، السُّجُوْدِ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
فَضْلًا : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
رِضْوَانًا : راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
وُجُوْهِهِمْ : وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
اَثَرِ : اثر، آثار قدیمہ۔

مَثَلُهُمْ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
التَّوْرٰىةِ : تورات۔
الْاِنْجِيْلِ : انجیل، اناجیل۔
كَزَرْعٍ، الزُّرَّاعَ : زراعت، مزارع، زرعی زمین۔
اَخْرَجَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
فَاسْتَوٰى : مستوی، خط استواء۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يُعْجِبُ : عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔

تَرٰىهُمْ ①	رُكَّعًا	سُجَّدًا
آپ دیکھیں گے اُنہیں	(اس حال میں کہ) رکوع کرنے والے (ہیں)	سجدہ کرنے والے (ہیں)

يَّبْتَغُوْنَ	فَضْلًا ②	مِّنَ اللّٰهِ	وَ رِضْوَانًا
وہ سب تلاش کرتے ہیں	فضل	اللہ سے	اور (اس کی) خوشنودی

سِيْمَاهُمْ ①	فِيْ وُجُوْهِهِمْ ①	مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ
اُن کی نشانی	اُن کے چہروں میں (موجود ہے)	سجدے کرنے کے اثر سے

ذٰلِكَ ③	مَثَلُهُمْ ①	فِي التَّوْرٰىةِ	وَ
یہ	اُن کی مثال (یعنی وصف)	تورات میں (ہے)	اور

مَثَلُهُمْ ①	فِي الْاِنْجِيْلِ	كَزَرْعٍ	اَخْرَجَ ④
اُن کی مثال (یعنی وصف)	انجیل میں	(اس) کھیتی کی طرح	اُس نے نکالی

شَطْـَٔهٗ ⑤	فَاٰزَرَهٗ ⑤⑥	فَاسْتَغْلَظَ ⑥⑦
اپنی کونپل	پھر اُس نے مضبوط کیا اُسے	پھر وہ سخت ہوگئی

فَاسْتَوٰى ⑥⑦	عَلٰى سُوْقِهٖ ⑤	يُعْجِبُ ⑦	الزُّرَّاعَ ②
پھر سیدھی کھڑی ہوگئی	اپنے تنے پر	وہ خوش کرتی ہے	کاشتکاروں (کو)

معانقہ 15

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ اُنہیں اور اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انکا یا اپنا ہوتا ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے۔ ④ اَخْرَجَ کے شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کیلئے ہے مثلاً: خَرَجَ: نکلا، اَخْرَجَ: نکالا۔ ⑤ اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ترجمہ اسے ہوتا ہے۔ ⑥ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر، سو ہوتا ہے ⑦ یہ فعل مذکر ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔

لِيَغِيْظَ بِهِمُ	(اللہ نے یہ اس لیے کیا) تاکہ غصہ دلائے ان کے ذریعے
الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ	کافروں کو، اللہ نے وعدہ کیا ہے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	(اُن لوگوں سے) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ	اور انہوں نے نیک عمل کیے ان میں سے
مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ع ﴿29﴾	بخشش کا اور بہت بڑے اجر کا۔ ع ﴿29﴾

ع 4 3 12

اٰیَاتُهَا 18 | 49 سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ 106 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
لَا تُقَدِّمُوْا	تم آگے مت بڑھو
بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ	اللہ اور اسکے رسول کے سامنے (کسی بات کے جواب میں)
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿1﴾	خوب سننے والا بہت جاننے والا ہے۔ ﴿1﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيَغِيْظَ	: غیظ وغضب۔	اَجْرًا	: اجر وثواب، اجرِ عظیم، اجرت۔
الْكُفَّارَ	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔	عَظِيْمًا	: عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
وَعَدَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	تُقَدِّمُوْا	: تقدیم، مقدم، مقدمہ، اقدام، قدم۔
اٰمَنُوْا	: امن، ایمان، مومن۔	بَيْنَ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
عَمِلُوْا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	يَدَيِ	: یدِ بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
الصّٰلِحٰتِ	: اصلاح، اعمال صالحہ۔	اتَّقُوْا	: تقویٰ، متقی۔
مِنْهُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	سَمِيْعٌ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
مَّغْفِرَةً	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	عَلِيْمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

لِيَغِيْظَ ①	بِهِمُ ②③	الْكُفَّارَ ط	وَعَدَ	اللّٰهُ ④
تاکہ غصہ دلائے	اُن کے ذریعے	کافروں (کو)	وعدہ کیا ہے	اللہ (نے)

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
(اُن لوگوں سے) جو	سب ایمان لائے	اور	اُنہوں نے عمل کیے	نیک

ع 4 3 12

مِنْهُمْ	مَّغْفِرَةً	وَّ	اَجْرًا	عَظِيْمًا ﴿29﴾ ع
اُن میں سے	بخشش (کا)	اور	اجر (کا)	بہت بڑے

اٰیاتُها 18 | 49 سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ 106 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا ⑤	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تُقَدِّمُوْا ⑥
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب آگے مت بڑھو

بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَاتَّقُوا
اللہ کے ہاتھوں کے درمیان (یعنی اللہ کے سامنے)	اور	اسکے رسول (کے سامنے)	اورتم سب ڈرو

اللّٰهَ ط ④	اِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ ﴿1﴾
اللہ (سے)	بے شک	اللہ	خوب سننے والا	بہت جاننے والا (ہے)

ضروری وضاحت

①فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو
کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔③هِمُ کے مِ پر جزم ہوتی ہے، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے پیش
دی گئی ہے۔④فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
⑤یا اور اَیُّھا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو بلند مت کرو
اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ	اپنی آوازوں کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آواز کے اُوپر
وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ	اور اُن سے بات میں اُونچی آواز نہ کرو
كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ	جس طرح تمہارے بعض اُونچی آواز کرتے ہیں
لِبَعْضٍ	بعض کے لیے (یعنی ایک دوسرے سے)
اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ	(ایسا نہ ہو) کہ تمہارے اعمال ضائع ہوجائیں
وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿2﴾	اور تمہیں شعور (خبر) بھی نہ ہو۔ ﴿2﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ	بے شک (وہ لوگ) جو پست رکھتے ہیں
اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ	اپنی آوازوں کو اللہ کے رسول کے پاس
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ	یہی (وہ لوگ ہیں) جنہیں آزمایا ہے اللہ نے
قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ	ان کے دلوں کو تقویٰ کے لیے
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿3﴾	انکے لیے مغفرت ہے اور بہت بڑا اجر ہے۔ ﴿3﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَرْفَعُوْۤا : رفعت، سطح مرتفع، اعلیٰ وارفع۔
اَصْوَاتَكُمْ : صوت الاسلام، صوتی انجینئر، صوتیات۔
فَوْقَ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت، فائق۔
النَّبِيِّ : نبی، نبوت، انبیا۔
تَجْهَرُوْا : جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
كَجَهْرِ : کالعدم، کماحقہ۔

اَعْمَالُكُمْ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
تَشْعُرُوْنَ : عقل و شعور، لاشعور، شعوری طور پر۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
امْتَحَنَ : امتحان، ممتحن، امتحانات۔
قُلُوْبَهُمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
لِلتَّقْوٰى : تقویٰ، متقی۔
مَّغْفِرَةٌ : مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔
عَظِيْمٌ : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔

يَاَيُّهَا ①	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَرْفَعُوْٓا ②	اَصْوَاتَكُمْ ③
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب بلند کیا کرو	اپنی آوازوں (کو)

فَوْقَ	صَوْتِ النَّبِيِّ	وَ	لَا تَجْهَرُوْا ②	لَهٗ	بِالْقَوْلِ ④
اوپر	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز (کے)	اور	تم سب آواز اونچی نہ کرو	اُن سے	بات میں

كَجَهْرِ	بَعْضِكُمْ ③	لِبَعْضٍ	اَنْ	تَحْبَطَ ⑤
آواز اونچی کرنے کی طرح	تمہارے بعض (کی)	بعض سے	(ایسا نہ ہو) کہ	ضائع ہو جائیں

اَعْمَالُكُمْ ③	وَاَنْتُمْ	لَا تَشْعُرُوْنَ ⑥ (2)	اِنَّ
تمہارے اعمال	اور تم	تم سب شعور (خبر) بھی نہ رکھتے ہو	بے شک

الَّذِيْنَ	يَغُضُّوْنَ	اَصْوَاتَهُمْ	عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
(وہ لوگ) جو	وہ سب پست رکھتے ہیں	اپنی آوازوں (کو)	رسول اللہ کے پاس

اُولٰٓئِكَ ⑦	الَّذِيْنَ	امْتَحَنَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ
وہ لوگ	جنہیں	آزمایا ہے	اللہ (نے)	اُن کے دلوں (کو)

لِلتَّقْوٰى ؕ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ عَظِيْمٌ (3)
تقویٰ کے لیے	اُن کے لیے	مغفرت (ہے)	اور	بہت بڑا اجر (ہے)

ضروری وضاحت

① یا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے ہے اَیُّھَا اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب اسکے بعد والے اسم کے شروع میں اَلْ ہو۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہوتو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③ اسم کے آخر میں کُمْ کا ترجمہ اپنا یا تمہارا کیا جاتا ہے۔④ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑤ تَ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہوتو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑦ اُولٰٓئِكَ جمع مذکر و مؤنث کیلئے اسم اشارہ ہے اور بات میں زور ڈالنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ	بے شک (وہ لوگ) جو آپ کو پکارتے ہیں
مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ	حجروں کے باہر سے
اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿4﴾	ان کے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ ﴿4﴾
وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا	اور اگر بے شک وہ صبر کرتے
حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ	یہاں تک کہ آپ (خود) نکلتے ان کی طرف
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ	(تو) یقیناً بہتر ہوتا ان کے لیے
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿5﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔ ﴿5﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو
اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ	اگر آئے تمہارے پاس کوئی فاسق
بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا	کسی خبر کے ساتھ تو تم تحقیق کر لیا کرو اچھی طرح
اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ	(ایسا نہ ہو) کہ تم تکلیف پہنچاؤ کسی قوم کو نادانی سے
فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ﴿6﴾	پھر تم ہو جاؤ اس پر جو تم نے کیا پشیمان۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُنَادُوْنَكَ	ندا، منادی، ندائے ملت۔	اٰمَنُوْۤا	ایمان، امن، مومن، مومنات
وَّرَآءِ	ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔	فَاسِقٌۢ	فاسق و فاجر، فسق و فجور۔
الْحُجُرٰتِ	حجرہ، حجرے۔	بِنَبَاٍ	نبی، انبیاء، نبوت۔
يَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول۔	فَتَبَيَّنُوْۤا	بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین۔
صَبَرُوْا	صبر، صابر، صبر و تحمل۔	تُصِيْبُوْا	مصیبت، مصائب۔
حَتّٰى	حتّٰی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔	فَتُصْبِحُوْا	صبح، صبح طلوع ہونا۔
تَخْرُجَ	خارج، مخرج، اخراج۔	فَعَلْتُمْ	فعل، فاعل، مفعول۔
غَفُوْرٌ	غفور، مغفرت، استغفار۔	نٰدِمِيْنَ	ندامت، نادم۔

اِنَّ ①	الَّذِيْنَ	يُنَادُوْنَكَ	مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ
بے شک	(وہ لوگ) جو	وہ سب پکارتے ہیں آپ کو	حجروں کے باہر سے

اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ ② (4)	وَلَوْ	اَنَّهُمْ ①	صَبَرُوْا
اُن کے اکثر	نہیں وہ سب عقل رکھتے	اور اگر	بے شک وہ	سب صبر کرتے

حَتّٰى	تَخْرُجَ	اِلَيْهِمْ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ ③ ط
یہاں تک کہ	آپ (خود) نکلتے	اُن کی طرف	(تو) یقیناً ہوتا	بہتر	اُن کے لیے

وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ ④	رَّحِيْمٌ ④ (5)	يٰۤاَيُّهَا ⑤	الَّذِيْنَ
اور اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے	اے	(وہ لوگو) جو

اٰمَنُوْٓا	اِنْ	جَآءَكُمْ	فَاسِقٌۢ ⑥	بِنَبَاٍ ⑥
سب ایمان لائے ہو	اگر	آئے تمہارے پاس	کوئی فاسق	کسی خبر کے ساتھ

فَتَبَيَّنُوْٓا ⑦⑧	اَنْ	تُصِيْبُوْا	قَوْمًا ⑥	بِجَهَالَةٍ
توتم سب تحقیق کرلیا کرو اچھی طرح	(ایسا نہ ہو) کہ	تم سب تکلیف پہنچاؤ	کسی قوم کو	نادانی سے

فَتُصْبِحُوْا ⑦	عَلٰى	مَا	فَعَلْتُمْ	نٰدِمِيْنَ (6)
پھر تم سب ہو جاؤ	(اس) پر	جو	تم نے کیا	سب پشیمان

ضروری وضاحت

①اِنَّ اور اَنَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہو جاتا ہے۔④اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت اور نہایت کیا گیا ہے۔⑤ یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑦لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔⑧اس فعل میں موجود تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ فِيۡكُمۡ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ؕ	اور تم جان لو کہ بے شک تم میں اللہ کے رسول ہیں
لَوۡ يُطِيۡعُكُمۡ فِىۡ كَثِيۡرٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ	اگر وہ تمہاری بات مانیں بہت سے معاملات میں
لَعَنِتُّمۡ	(تو) یقیناً تم مشقت میں پڑ جاؤ گے
وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيۡكُمُ الۡاِيۡمَانَ	اور لیکن اللہ نے محبوب بنا دیا تمہاری طرف ایمان کو
وَزَيَّنَهٗ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ	اور مزین کر دیا اسے تمہارے دلوں میں
وَكَرَّهَ اِلَيۡكُمُ الۡكُفۡرَ	اور اس نے ناپسندیدہ بنا دیا تمہاری طرف کفر کو
وَالۡفُسُوۡقَ وَالۡعِصۡيَانَ ؕ	اور گناہ اور نافرمانی (کو)
اُولٰٓـئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوۡنَ ۙ﴿7﴾	یہی لوگ ہی رشد و ہدایت والے ہیں۔ ﴿7﴾
فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعۡمَةً ؕ	اللہ کی طرف سے فضل اور انعام کی وجہ سے
وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿8﴾	اور اللہ سب کچھ جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔ ﴿8﴾
وَاِنۡ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	اور اگر ایمان والوں کے دو گروہ
اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا	آپس میں لڑ پڑیں تو صلح کروا دو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- اعۡلَمُوۡۤا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- يُطِيۡعُكُمۡ : اطاعت، مطیع۔
- الۡاَمۡرِ : امر، آمر، مامور، امور۔
- حَبَّبَ : حبیب، محبت، حب، محبوب۔
- زَيَّنَهٗ : تزئین و آرائش، مزین۔
- قُلُوۡبِكُمۡ : قلب، قلبی تعلق، امراض قلب۔
- كَرَّهَ : کراہت، مکروہ۔
- الۡفُسُوۡقَ : فاسق و فاجر، فسق و فجور۔
- الۡعِصۡيَانَ : معصیت و نافرمانی، عاصی، عصیاں۔
- الرّٰشِدُوۡنَ : رشد و ہدایت، خلافت راشدہ۔
- نِعۡمَةً : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- عَلِيۡمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- طَآئِفَتٰنِ : طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔
- الۡمُؤۡمِنِيۡنَ : ایمان، امن، مومن۔
- اقۡتَتَلُوۡا : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
- فَاَصۡلِحُوۡا : صلح، اصلاح، مصلح، صالح۔

وَ	اعۡلَمُوۡۤا ①	اَنَّ	فِيۡكُمۡ	رَسُوۡلَ اللّٰهِ ؕ	لَوۡ ②	يُطِيۡعُكُمۡ
اور	تم سب جان لو	کہ بیشک	تم میں	اللہ کے رسول (ہیں)	اگر	وہ بات مانیں تمہاری

فِىۡ كَثِيۡرٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ ③	لَعَنِتُّمۡ	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ
بہت سے معاملات میں	(تو) یقیناً تم مشقت میں پڑ جاؤ گے	اور	لیکن	اللہ (نے)

حَبَّبَ ④	اِلَيۡكُمُ	الۡاِيۡمَانَ	وَ	زَيَّنَهٗ ④⑤	فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ
محبوب بنا دیا	تمہاری طرف	ایمان (کو)	اور	مزین کر دیا اُسے	تمہارے دلوں میں

وَ	كَرَّهَ ④	اِلَيۡكُمُ	الۡكُفۡرَ	وَالۡفُسُوۡقَ	وَالۡعِصۡيَانَ ؕ
اور	اس نے ناپسندیدہ بنا دیا	تمہاری طرف	کفر (کو)	اور گناہ	اور نافرمانی (کو)

اُولٰٓئِكَ	هُمُ الرّٰشِدُوۡنَ ⑥ لا (7)	فَضۡلًا	مِّنَ اللّٰهِ
وہی (لوگ)	ہی سب رشد و ہدایت والے (ہیں)	فضل	اللہ (کی طرف) سے

وَنِعۡمَةً ؕ	وَاللّٰهُ	عَلِيۡمٌ ⑦	حَكِيۡمٌ ⑦ (8)	وَاِنۡ
اور انعام (کی وجہ سے)	اور اللہ	سب کچھ جاننے والا	بہت حکمت والا (ہے)	اور اگر

طَآئِفَتٰنِ ⑧	مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	اقۡتَتَلُوۡا	فَاَصۡلِحُوۡا
دو گروہ	ایمان والوں میں سے	سب آپس میں لڑ پڑیں	تو تم سب صلح کرا دو

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ② لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔ ③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ④ فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔ ⑥ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ سب کچھ یا بہت کیا گیا ہے۔ ⑧ اِنِ تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔

بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ	ان دونوں کے درمیان، پھر اگر زیادتی کرے
اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى	ان دونوں میں سے ایک دوسرے پر
فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ	تو تم لڑو (اس سے) جو زیادتی کرتا ہے
حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ	یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے اللہ کے حکم (یعنی صلح) کی طرف
فَاِنْ فَآءَتْ	پھر اگر وہ لوٹ آئے
فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا	تو تم صلح کرادو ان دونوں کے درمیان
بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ	عدل کے ساتھ اور تم انصاف کرو، بیشک اللہ
يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿9﴾	انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ ﴿9﴾
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ	یقیناً صرف مومن (تو ایک دوسرے کے) بھائی ہیں
فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ	پس صلح کرادو اپنے دونوں بھائیوں کے درمیان
ع الثلثة 10 13 وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿10﴾ ع	اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ ﴿10﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيْنَهُمَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اَمْرِ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
بَغَتْ	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔	فَاَصْلِحُوْا	: اصلاح، صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
اِحْدٰىهُمَا	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	اَقْسِطُوْا	: قسط، اقساط، قسطیں۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يُحِبُّ	: حب، حبیب، محب، محبت۔
الْاُخْرٰى	: دنیا و آخرت، اخروی زندگی۔	الْمُؤْمِنُوْنَ	: امن، ایمان، مومن۔
فَقَاتِلُوا	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	اِخْوَةٌ، اَخَوَيْكُمْ	: اخوت، مؤاخات، اخوان۔
حَتّٰى	: حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	اتَّقُوا	: تقویٰ، متقی۔
اِلٰٓى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	تُرْحَمُوْنَ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔

بَيْنَهُمَا ۚ ①	فَاِنْۢ	بَغَتْ ②	اِحْدٰىهُمَا ①	عَلَى الْاُخْرٰى ②
ان دونوں کے درمیان	پھر اگر	زیادتی کرے	اُن دونوں میں سے ایک	دوسرے پر

فَقَاتِلُوا	الَّتِيْ	تَبْغِيْ ②	حَتّٰى	تَفِيْٓءَ ②
تو تم سب لڑو (اس سے)	جو	زیادتی کرتا ہے	یہاں تک کہ	وہ لوٹ آئے

اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ	فَاِنْ	فَآءَتْ ②	فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَهُمَا ①
اللہ کے حکم (یعنی صلح) کی طرف	پھر اگر	وہ لوٹ آئے	تو تم سب صلح کرادو	ان دونوں کے درمیان

بِالْعَدْلِ	وَ	اَقْسِطُوْا ؕ	اِنَّ ③	اللّٰهَ	يُحِبُّ
عدل کے ساتھ	اور	تم سب انصاف کرو	بیشک	اللہ	وہ پسند فرماتا ہے

الْمُقْسِطِيْنَ ۝9	اِنَّمَا ④	الْمُؤْمِنُوْنَ	اِخْوَةٌ
سب انصاف کرنے والوں (کو)	یقیناً صرف	مومن	بھائی (ہی ہیں)

فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ⑤	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ
پس تم سب صلح کرادو	اپنے دونوں بھائیوں کے درمیان	اور تم سب ڈرو	اللہ سے

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ⑥⑦ ع ۝10	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
تاکہ تم سب رحم کیے جاؤ	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

ع 10 / 1 / 13 الثلثة

ضروری وضاحت

① هُمَا کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔② فعل کے آخر میں تْ اور شروع میں تَ اور اسم کے آخر میں ۃ ی مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔④ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ دراصل اَخَوَيْنِكُمْ تھا، گرامر کی رو سے نِ گرا ہوا ہے اور يْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ كُمْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم ہے۔⑦ فعل کے شروع میں تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ	نہ مذاق کرے کوئی قوم کسی (دوسری) قوم سے
عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ	ہوسکتا ہے کہ وہ بہتر ہوں اُن سے
وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ	اور نہ کوئی عورتیں (مذاق کریں دوسری) عورتوں سے
عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ	ہوسکتا ہے کہ وہ بہتر ہوں اُن سے
وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ	اور نہ تم عیب لگاؤ اپنے نفسوں (یعنی ایک دوسرے) پر
وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ	اور ایک دوسرے کو مت پکارو (برے) القاب سے
بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ	(کسی کو) فسق والا نام (دینا) بُرا ہے
بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ	ایمان لانے کے بعد، اور جس نے توبہ نہ کی
فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿11﴾	تو وہ لوگ ہی ظالم ہیں۔ ﴿11﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ	اجتناب کرو بہت گمان کرنے سے
اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ	بے شک بعض گمان گناہ ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الِاسْمُ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
يَسْخَرْ	مسخرہ، تمسخر اُڑانا۔	الْفُسُوْقُ	فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْاِيْمَانِ	امن، ایمان، مومن۔
قَوْمٌ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	يَتُبْ	توبہ، تائب، توبۃ النصوحہ۔
خَيْرًا	خیر، خیریت، خیرخواہی، صدقہ وخیرات۔	الظّٰلِمُوْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
نِسَآءٌ	تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔	اجْتَنِبُوْا	اجتناب۔
اَنْفُسَكُمْ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔	كَثِيْرًا	کثرت، کثیر، اکثر۔
بِالْاَلْقَابِ	لقب، القاب، ملقب۔	الظَّنِّ	حسن ظن، ظن غالب، بدظن۔

لَا يَسْخَرْ ①	قَوْمٌ ②	مِّنْ قَوْمٍ ②	عَسٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنُوْا
نہ وہ مذاق کرے	کوئی قوم	کسی (دوسری) قوم سے	ہوسکتا ہے	کہ	وہ سب ہوں

خَيْرًا	مِّنْهُمْ	وَلَا	نِسَآءٌ	مِّنْ نِّسَآءٍ	عَسٰٓى
بہتر	اُن سے	اور نہ	عورتیں (مذاق کریں دوسری)	عورتوں سے	ہوسکتا ہے

اَنْ يَّكُنَّ ③	خَيْرًا	مِّنْهُنَّ ج	وَلَا تَلْمِزُوْٓا ④	اَنْفُسَكُمْ
کہ وہ ہوں	بہتر	اُن سے	اور نہ تم سب عیب لگاؤ	اپنے نفسوں (یعنی ایک دوسرے) پر

وَلَا تَنَابَزُوْا ④⑤	بِالْاَلْقَابِ ط	بِئْسَ	الِاسْمُ الْفُسُوْقُ
اور تم سب ایک دوسرے کو مت پکارو	(بُرے) القاب سے	بُرا (ہے)	فسق والا نام (دینا)

بَعْدَ الْاِيْمَانِ ج	وَمَنْ ⑥	لَّمْ يَتُبْ ⑦	فَاُولٰٓئِكَ
ایمان لانے کے بعد	اور جو	وہ توبہ نہ کرے	تو وہ لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑧ (11)	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اجْتَنِبُوْا
ہی سب ظالم (ہیں)	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب اجتناب کرو

كَثِيْرًا	مِّنَ الظَّنِّ ز	اِنَّ	بَعْضَ الظَّنِّ	اِثْمٌ
بہت	گمان (کرنے) سے	بے شک	بعض گمان	گناہ (ہیں)

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ يَكُنَّ جمع مؤنث کا فعل ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ⑦ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑧ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ	اورتم جاسوسی نہ کرو، اور نہ غیبت کرے
بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ	تم میں سے کوئی دوسرے کی
اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ	کیا تم میں سے کوئی ایک (اس بات کو) پسند کرتا ہے
اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا	کہ وہ گوشت کھائے اپنے مردہ بھائی کا
فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	تو تم ناپسند کرتے ہو اُسے، اور اللہ سے ڈرو
اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ	بے شک اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا
رَّحِيْمٌ ﴿12﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	نہایت رحم کرنے والا ہے۔﴿12﴾ اے لوگو!
اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ	بیشک ہم نے تمھیں پیدا کیا ایک مرد سے
وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا	اور ایک عورت (سے) اور ہم نے بنادیا تمھیں قومیں
وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ	اور قبیلے تاکہ تم ایک دسرے کو پہچانو
اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ	بیشک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا
اَتْقٰىكُمْ ؕ	(وہ ہے جو) تم میں سے زیادہ تقویٰ والا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَجَسَّسُوْا	تجسس، جاسوس، متجسس۔	تَوَّابٌ	توبہ، تائب۔
يَغْتَبْ	غیبت۔	النَّاسُ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
يُحِبُّ	محبت، محبوب، حبیب، حُب۔	خَلَقْنٰكُمْ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
يَّاْكُلَ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	شُعُوْبًا	شعبہ جات، شعبۂ تعلیم۔
لَحْمَ	لحیم شحیم، ماء اللحم۔	قَبَآئِلَ	قبیلہ، قبائل، قبیلے۔
اَخِيْهِ	اخوت، مؤاخات، اخوان۔	لِتَعَارَفُوْا	تعارف، عرف، معروف، معرفت۔
فَكَرِهْتُمُوْهُ	کراہت، مکروہ، مکروہات۔	اَكْرَمَكُمْ	اکرام، تکریم، محترم ومکرم، کرم۔
اتَّقُوْا	تقویٰ، متقی۔	عِنْدَ	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔

وَ	لَا تَجَسَّسُوْا ①	وَ	لَا يَغْتَبْ ①	بَّعْضُكُمْ	بَعْضًا ؕ
اور	تم سب جاسوسی نہ کرو	اور	نہ وہ غیبت کرے	تم میں سے بعض	بعض (کی)

اَ	يُحِبُّ	اَحَدُكُمْ	اَنْ	يَّاْكُلَ	لَحْمَ	اَخِيْهِ
کیا	وہ پسند کرتا ہے	تم میں سے کوئی ایک (اس بات کو)	کہ	وہ کھائے	گوشت	اپنے بھائی

مَيْتًا	فَكَرِهْتُمُوْهُ ② ؕ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ
(جبکہ وہ) مردہ ہو	تو تم ناپسند کرتے ہو اُسے	اور تم سب ڈرو	اللہ (سے)	بے شک	اللہ

تَوَّابٌ ③	رَّحِيْمٌ ③ (12)	يٰٓاَيُّهَا ④	النَّاسُ	اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ ⑤
بہت توبہ قبول کرنے والا	نہایت رحم والا (ہے)	اے	لوگو	بیشک ہم نے پیدا کیا تمہیں

مِّنْ ذَكَرٍ	وَّ	اُنْثٰى	وَ	جَعَلْنٰكُمْ
ایک مرد سے	اور	ایک عورت (سے)	اور	ہم نے بنادیا تمہیں

شُعُوْبًا	وَّ	قَبَآئِلَ	لِتَعَارَفُوْا ⑥ ؕ	اِنَّ
قومیں	اور	قبیلے	تاکہ تم سب ایک دسرے کو پہچانو	بیشک

اَكْرَمَكُمْ ⑦	عِنْدَ اللّٰهِ	اَتْقٰكُمْ ⑦ ؕ
تم میں سے زیادہ عزت والا	اللہ کے نزدیک	(وہ ہے جو) تم میں سے زیادہ تقویٰ والا (ہے)

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْ یا سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ② تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہے۔ ④ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ⑤ اِنَّا کے نَا اور خَلَقْنَا کے نَا دونوں کا ترجمہ ہم نے ہے۔ ⑥ یہ دراصل لِتَتَعَارَفُوْا تھا ایک تَ گری ہوئی ہے، اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ أَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿13﴾	بیشک اللہ بہت جاننے والا خوب خبردار ہے۔ ﴿13﴾
قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ	دیہاتیوں نے کہا ہم ایمان لائے
قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا	آپ کہہ دیجیے تم ایمان نہیں لائے
وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا	اور لیکن (یہ) کہو ہم اسلام لائے
وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ	اور ایمان ابھی تک نہیں داخل ہوا
فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ	تمہارے دلوں میں
وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو
لَا يَلِتْكُمْ	(تو) وہ نہیں کمی کرے گا تمہیں
مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ	تمہارے اعمال (کی جزا) سے کچھ بھی
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿14﴾	یقیناً اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ ﴿14﴾
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ	بیشک صرف مومن تو وہی ہیں جو
اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	ایمان لائے اللہ اور اس کے رسول پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	قُلُوْبِكُمْ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
خَبِيْرٌ	خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر، خبیر۔	تُطِيْعُوا	اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
قَالَتِ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اٰمَنَّا، تُؤْمِنُوْا	امن، ایمان، مومن۔	اَعْمَالِكُمْ	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	شَيْـًٔا	شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔
لٰكِنْ	لیکن۔	غَفُوْرٌ	مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔
اَسْلَمْنَا	اسلام، تسلیم، سلامتی، مسلم۔	رَّحِيْمٌ	رحم، رحمت، مرحوم۔
يَدْخُلِ	دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔	رَسُوْلِهٖ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيۡمٌ ①	خَبِيۡرٌ ﴿13﴾ ①	قَالَتِ ②
بیشک	اللہ	بہت جاننے والا	خوب خبردار ہے	کہا

الۡاَعۡرَابُ ③	اٰمَنَّا ؕ	قُلۡ ④	لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا ⑤
دیہاتیوں (نے)	ہم ایمان لائے	آپ کہہ دیجیے	نہیں تم سب ایمان لائے

وَلٰكِنۡ	قُوۡلُوۡۤا	اَسۡلَمۡنَا	وَلَمَّا ⑥	يَدۡخُلِ
اور لیکن	تم سب (یہ) کہو	ہم نے اسلام قبول کیا	اور ابھی تک نہیں	وہ داخل ہوا

الۡاِيۡمَانُ	فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ ؕ	وَاِنۡ	تُطِيۡعُوا	اللّٰهَ
ایمان	تمہارے دلوں میں	اور اگر	تم سب اطاعت کرو	اللہ (کی)

وَرَسُوۡلَهٗ	لَا يَلِتۡكُمۡ	مِّنۡ اَعۡمَالِكُمۡ	شَيۡـًٔا ؕ ⑦
اور اسکے رسول (کی)	(تو) نہیں وہ کمی کرے گا تمہیں	تمہارے اعمال (کی جزا) سے	کوئی چیز (یعنی کچھ بھی)

اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوۡرٌ	رَّحِيۡمٌ ﴿14﴾	اِنَّمَا	الۡمُؤۡمِنُوۡنَ
یقیناً	اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم والا (ہے)	بیشک صرف	سب مومن

الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوۡلِهٖ
جو	وہ سب ایمان لائے	اللہ پر	اور اُس کے رسول پر

ضروری وضاحت

①اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔②تِ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔③ یہ اَعۡرَابِیٌّ کی جمع ہے اور یہ ایسی جمع ہے جس سے پہلے فعل واحد مؤنث لایا جا سکتا ہے۔④قُلۡ قَوۡلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و گرادی گئی ہے۔⑤علامت لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑥ لَمَّا کا ترجمہ کبھی جب کبھی ابھی تک نہیں ہوتا ہے۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

ثُمَّ لَمۡ يَرۡتَابُوۡا وَجٰهَدُوۡا	پھر وہ شک میں نہیں پڑے اور انہوں نے جہاد کیا
بِاَمۡوَالِهِمۡ وَاَنۡفُسِهِمۡ	اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے
فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ؕ	اللہ کے راستے میں
اُولٰٓـئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوۡنَ ﴿15﴾	وہ لوگ ہی سچے ہیں۔ ﴿15﴾
قُلۡ اَ تُعَلِّمُوۡنَ اللّٰهَ بِدِيۡنِكُمۡؕ	آپ کہہ دیجئے کیا تم خبر دیتے ہو اللہ کو اپنے دین کی
وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ	حالانکہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے
وَمَا فِى الۡاَرۡضِ‌ؕ	اور جو زمین میں ہے
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿16﴾	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿16﴾
يَمُنُّوۡنَ عَلَيۡكَ	وہ احسان جتاتے ہیں آپ پر
اَنۡ اَسۡلَمُوۡا‌ؕ	کہ وہ اسلام لے آئے
قُلْ لَّا تَمُنُّوۡا عَلَىَّ	آپ کہہ دیجیے تم مت احسان جتلاؤ مجھ پر
اِسۡلَامَكُمۡ‌ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ	اپنے اسلام (لانے) کا بلکہ اللہ احسان فرماتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَرۡتَابُوۡا	: ریب وتردد۔	تُعَلِّمُوۡنَ	: علم، معلوم، تعلیم، معلم، عالم۔
جٰهَدُوۡا	: جہاد، مجاہد، مجاہدین، جدوجہد۔	السَّمٰوٰتِ	: ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
بِاَمۡوَالِهِمۡ	: مال، اموال، مال ودولت۔	الۡاَرۡضِ	: ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
اَنۡفُسِهِمۡ	: نفسا نفسی، نظام تنفس۔	شَىۡءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
فِىۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَمُنُّوۡنَ	: ممنون، منّت۔
سَبِيۡلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	اَسۡلَمُوۡا	: مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
الصّٰدِقُوۡنَ	: صادق، صدیق، تصدیق۔	لَّا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
قُلۡ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَلَىَّ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

ثُمَّ	لَمْ يَرْتَابُوْا ①	وَ	جٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ
پھر	نہیں وہ سب شک میں پڑے	اور	اُنہوں نے جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور

اَنْفُسِهِمْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اُولٰٓئِكَ ②	هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ③ ﴿15﴾
اپنی جانوں (سے)	اللہ کے راستے میں	وہ لوگ	ہی سب سچے (ہیں)

قُلْ	اَ ④	تُعَلِّمُوْنَ	اللّٰهَ ⑤	بِدِيْنِكُمْ ؕ ⑥	وَ	اللّٰهُ
آپ کہہ دیجیے	کیا	تم سب خبر دیتے ہو	اللہ (کو)	اپنے دین کی	حالانکہ	اللہ

يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ
وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں (ہے)	اور جو	زمین میں (ہے)

وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ ⑥	عَلِيْمٌ ﴿16﴾	يَمُنُّوْنَ
اور اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا (ہے)	وہ سب احسان جتاتے ہیں

عَلَيْكَ	اَنْ	اَسْلَمُوْا ؕ	قُلْ	لَّا تَمُنُّوْا ⑦
آپ پر	کہ	وہ سب اسلام لے آئے	آپ کہہ دیجیے	مت تم سب احسان جتلاؤ

عَلَيَّ ⑧	اِسْلَامَكُمْ ۚ	بَلِ	اللّٰهُ	يَمُنُّ
مجھ پر	اپنے اسلام (لانے) کا	بلکہ	اللہ	وہ احسان رکھتا ہے

ضروری وضاحت

① علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔② اُولٰٓئِكَ جمع مذکر و مؤنث کیلئے اسم اشارہ ہے اور بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔③ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔④ أ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑧ عَلَيَّ دراصل عَلٰى + يْ کا مجموعہ ہے۔

عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ — تم پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی ایمان کی

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿17﴾ — اگر تم سچے ہو۔ ﴿17﴾

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ — بے شک اللہ جانتا ہے

غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ — آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو

وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ — اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿18﴾ — (اس) کو جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿18﴾

ع 2 8 14

اٰيَاتُهَا 45	50 سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ 34	رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قٓ ۚ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿1﴾ — قٓ بڑی شان والے قرآن کی قسم۔ ﴿1﴾

بَلْ عَجِبُوْۤا اَنْ جَآءَهُمْ — بلکہ انہوں نے تعجب کیا کہ آیا ان کے پاس

مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ — ایک ڈرانے والا اُنہی میں سے

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ﴿2﴾ — تو کافروں نے کہا یہ ایک عجیب چیز ہے۔ ﴿2﴾

المنزل 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

هَدٰىكُمْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔

لِلْاِيْمَانِ : امن، ایمان، مومن۔

صٰدِقِيْنَ : صادق، صدق، صداقت۔

يَعْلَمُ : علم، معلوم، تعلیم، معلم، عالم۔

السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔

الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

بَصِيْرٌ : سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔

تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔

الْمَجِيْدِ : مجد وبزرگی، والدہ ماجدہ۔

بَلْ : بلکہ۔

عَجِبُوْۤا : عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔

مُّنْذِرٌ : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔

فَقَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

الْكٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

شَيْءٌ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔

عَلَيۡكُمۡ	اَنۡ ①	هَدٰىكُمۡ	لِلۡاِيۡمَانِ ②	اِنۡ ①	كُنۡتُمۡ
تم پر	کہ	اس نے ہدایت دی تمہیں	ایمان کی	اگر	ہوتم

صٰدِقِيۡنَ ﴿17﴾	اِنَّ ③	اللّٰهَ	يَعۡلَمُ	غَيۡبَ	السَّمٰوٰتِ
سب سچے	بے شک	اللہ	وہ جانتا ہے	پوشیدہ باتوں (کو)	آسمانوں

وَالۡاَرۡضِ ؕ	وَاللّٰهُ	بَصِيۡرٌۢ ④	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ ﴿18﴾ ع
اور زمین (کی)	اور اللہ	خوب دیکھنے والا ہے	(اس) کو جو	تم سب عمل کرتے ہو

ع 2 8 14

اٰيَاتُهَا 45 — 50 سُوۡرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ 34 — رُكُوۡعَاتُهَا 3

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قٓ ۚ قف	وَ ⑤	الۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِيۡدِ ﴿1﴾ ج	بَلۡ	عَجِبُوۡۤا
قٓ	قسم ہے	بڑی شان والے قرآن کی	بلکہ	اُنہوں نے تعجب کیا

المنزل 7

اَنۡ ①	جَآءَهُمۡ	مُّنۡذِرٌ ⑥⑦	مِّنۡهُمۡ
کہ	آیا اُن کے پاس	ایک ڈرانے والا	اُن میں سے

فَقَالَ ⑧	الۡكٰفِرُوۡنَ	هٰذَا	شَىۡءٌ ⑦	عَجِيۡبٌ ﴿2﴾ ج
تو کہا	کافروں نے	یہ	ایک چیز (ہے)	عجیب

ضروری وضاحت

① اَنۡ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے اور اِنۡ کا ترجمہ اگر کیا جاتا ہے۔② اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔③ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔④ فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ وَ کا ترجمہ عموماً اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔

ءَ اِذَا مِتْنَا	کیا جب ہم مر جائیں گے
وَ كُنَّا تُرَابًا ۚ	اور ہم مٹی ہو جائیں گے (کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے)
ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ﴿3﴾	یہ واپسی بہت بعید ہے۔ ﴿3﴾
قَدْ عَلِمْنَا	یقیناً ہم جان چکے ہیں
مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ	جو کم کرتی ہے زمین ان میں سے
وَ عِنْدَنَا	اور ہمارے پاس
كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿4﴾	(ہر چیز کی) حفاظت کرنے والی کتاب ہے۔ ﴿4﴾
بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ	بلکہ انہوں نے جھٹلا دیا حق کو
لَمَّا جَآءَهُمْ	جب وہ آیا ان کے پاس
فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿5﴾	پس وہ ایک اُلجھے ہوئے معاملے میں ہیں۔ ﴿5﴾
اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ	تو کیا انہوں نے نہیں دیکھا اپنے اُوپر آسمان کی طرف
كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا	کیسے ہم نے بنایا اُسے اور ہم نے مزین کیا اُسے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِتْنَا	: موت وحیات، حیاتی مماتی۔	كَذَّبُوْا	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
تُرَابًا	: تربت (مٹی)۔	اَمْرٍ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
رَجْعٌ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	يَنْظُرُوْٓا	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
تَنْقُصُ	: نقص، تنقیص، نقائص، ناقص۔	السَّمَآءِ	: ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضُ	: ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	فَوْقَهُمْ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
عِنْدَنَا	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	كَيْفَ	: کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
حَفِيْظٌ	: حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔	بَنَيْنٰهَا	: بانی، بِنا استوار کرنا، گھر بنانا۔
بَلْ	: بلکہ۔	زَيَّنّٰهَا	: تزئین وآرائش، مزین، زینت۔

ءَ	اِذَا ①	مِتْنَا	وَ	كُنَّا	تُرَابًا ۚ
کیا	جب	ہم مر جائیں گے	اور	ہم ہو جائیں گے	مٹی

ذٰلِكَ ②	رَجْعٌۢ	بَعِيْدٌ ۝3	قَدْ ③	عَلِمْنَا
یہ	واپسی	بہت دور (ہے)	یقیناً	ہم نے جان لیا ہے

مَا	تَنْقُصُ ④	الْاَرْضُ	مِنْهُمْ ۚ	وَ	عِنْدَنَا
جو	کم کرتی ہے	زمین	اُن میں سے	اور	ہمارے پاس

كِتٰبٌ	حَفِيْظٌ ۝4	بَلْ	كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ
کتاب (ہے)	(ہر چیز کی) حفاظت کرنے والی	بلکہ	اُنہوں نے جھٹلا دیا	حق کو

لَمَّا	جَآءَهُمْ	فَهُمْ	فِیْٓ اَمْرٍ ⑤	مَّرِيْجٍ ۝5
جب	وہ آیا اُن کے پاس	پس وہ	ایک معاملے میں (ہیں)	اُلجھے ہوئے

اَفَلَمْ ⑥	يَنْظُرُوْٓا ⑦	اِلَى السَّمَآءِ	فَوْقَهُمْ
تو (بھلا) کیا نہیں	اُن سب نے دیکھا	آسمان کی طرف	اپنے اوپر

كَيْفَ	بَنَيْنٰهَا	وَ	زَيَّنّٰهَا
کیسے	ہم نے بنایا اُسے	اور	ہم نے مزین کیا اُسے

ضروری وضاحت

① اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے۔② ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔③ علامت قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ④ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑦ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے اور علامت یٗ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿6﴾	اور نہیں ہے اُس میں کوئی شگاف۔ ﴿6﴾
وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا	اور زمین کو ہم نے پھیلایا اُسے
وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ	اور ہم نے ڈال دیے اُس میں پہاڑ اور
اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿7﴾	ہم نے اُگائیں اُس میں خوبی والی ہر قسم (کی چیزیں)۔ ﴿7﴾
تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى	دکھانے اور یاد دلانے کے لیے
لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿8﴾	ہر رجوع کرنے والے بندے کو۔ ﴿8﴾
وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا	اور ہم نے نازل کیا آسمان سے ایک بابرکت پانی
فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ	پھر ہم نے اُگائے اس کے ذریعے باغات
وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿9﴾	اور کاٹی جانے والی کھیتی کے دانے۔ ﴿9﴾
وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ	اور بلند و بالا کھجوروں کے درخت
لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿10﴾	اُن کے خوشے ہیں تہہ بہ تہہ۔ ﴿10﴾
رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ	بندوں کو روزی دینے کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	مُّنِيْبٍ	: انابت الی اللہ۔
اَلْاَرْضَ	: ارض و سما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	نَزَّلْنَا	: نازل، منزل من اللہ، نزلہ۔
مَدَدْنٰهَا	: مد، الف مدہ، ممدودہ۔	مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَلْقَيْنَا	: القاء کرنا۔	السَّمَآءِ	: ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
اَنْۢبَتْنَا	: نباتات۔	مَآءً	: ماء الحیات، ماء اللحم۔
تَبْصِرَةً	: تبصرہ، مبصر، بصارت، بصیرت۔	مُّبٰرَكًا	: مبارک، برکت، مبارک باد، تبرک۔
ذِكْرٰى	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	النَّخْلَ	: نخلستان۔
عَبْدٍ	: عبد، عابد، معبود، عبادت خانہ۔	رِّزْقًا	: رزق، رزّاق، رازق۔

وَمَا	لَهَا ①	مِنْ فُرُوْجٍ ②③ (6)	وَالْاَرْضَ	مَدَدْنٰهَا ④
اور نہیں (ہے)	اُس کا	کوئی شگاف	اور زمین (کو)	ہم نے پھیلایا اُسے

وَ	اَلْقَيْنَا ④	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	وَ	اَنْۢبَتْنَا ④
اور	ہم نے ڈال دیے	اُس میں	پہاڑ	اور	ہم نے اُگائی

فِيْهَا	مِنْ كُلِّ زَوْجٍ	بَهِيْجٍ (7) لا	تَبْصِرَةً ⑤
اُس میں	ہر قسم سے	خوبی والی	دکھانے کے لیے

وَّ	ذِكْرٰى ⑤	لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ⑥ (8)	وَ	نَزَّلْنَا ④
اور	یاد دلانے کے لیے	ہر رجوع کرنے والے بندے کو	اور	ہم نے نازل کیا

مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً ③	مُّبٰرَكًا	فَاَنْۢبَتْنَا ④	بِهٖ ⑦
آسمان سے	ایک پانی	بابرکت	پھر ہم نے اُگائے	اُس کے ذریعے

جَنّٰتٍ ⑤	وَّ	حَبَّ	الْحَصِيْدِ (9) لا	وَ	النَّخْلَ	بٰسِقٰتٍ ⑤
باغات	اور	دانے	کاٹی جانے والی کھیتی (کے)	اور	کھجوروں کے درخت	بلند و بالا

لَّهَا ①	طَلْعٌ	نَّضِيْدٌ (10) لا	رِّزْقًا	لِّلْعِبَادِ ⑥ لا
اُن کے	خوشے (ہیں)	تہہ بہ تہہ	روزی دینے کے لیے	بندوں کو

ضروری وضاحت

① لَهَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔② یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑤ اسم کے آخر میں ۃ، ٰی، اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔

وَاَحۡيَيۡنَا بِهٖ	اور ہم نے زندہ کیا اس (پانی) کے ذریعے
بَلۡدَةً مَّيۡتًا ؕ	ایک مردہ شہر (یعنی بنجر زمین) کو
كَذٰلِكَ الۡخُرُوۡجُ ﴿11﴾	اسی طرح نکلنا ہے (قبروں سے)۔ ﴿11﴾
كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ	ان سے قبل قومِ نوح نے جھٹلایا
وَّاَصۡحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوۡدُ ﴿12﴾	اور کنواں والوں اور ثمود نے۔ ﴿12﴾
وَعَادٌ وَّفِرۡعَوۡنُ وَاِخۡوَانُ لُوۡطٍ ﴿13﴾	اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائیوں نے۔ ﴿13﴾
وَّاَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ وَقَوۡمُ تُبَّعٍ ؕ	جنگل والوں (مدین والے) اور قومِ تبع نے
كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ	سب نے رسولوں کو جھٹلایا
فَحَقَّ وَعِيۡدِ ﴿14﴾	تو ثابت ہو گیا (میرے) عذاب کا وعدہ۔ ﴿14﴾
اَفَعَيِيۡنَا بِالۡخَلۡقِ الۡاَوَّلِ ؕ	تو (بھلا) کیا ہم تھک گئے ہیں پہلی بار پیدا کرنے سے
بَلۡ هُمۡ فِىۡ لَبۡسٍ	بلکہ وہ شک میں ہیں
مِّنۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ﴿15﴾ ع 1/15/15	نئے سرے سے پیدا کرنے سے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَحۡيَيۡنَا	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	اِخۡوَانُ	اخوت، مؤاخات، اخوان۔
بَلۡدَةً	بلدیہ، بلدیات، طول بلد۔	الرُّسُلَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مَّيۡتًا	موت وحیات، سماعِ موتیٰ، میت۔	فَحَقَّ	حق وباطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔
كَذٰلِكَ	کالعدم، کماحقہ۔	وَعِيۡدِ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
الۡخُرُوۡجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	بِالۡخَلۡقِ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
كَذَّبَتۡ	کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔	الۡاَوَّلِ	اوّل، اوّلیت، اوّل وآخر۔
قَبۡلَهُمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	بَلۡ	بلکہ۔
اَصۡحٰبُ	اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔	جَدِيۡدٍ	جدید، جدت، تجدید۔

وَ	اَحْيَيْنَا	بِهٖ	بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ①②	كَذٰلِكَ
اور	ہم نے زندہ کیا	اس (پانی) کے ذریعے	ایک مُردہ شہر (بنجر زمین) کو	اسی طرح

الْخُرُوْجُ ﴿11﴾	كَذَّبَتْ①	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ
نکلنا ہے (قبروں سے)	جھٹلایا	اُن سے قبل	قومِ نوح (نے)

وَّ	اَصْحٰبُ الرَّسِّ③	وَ	ثَمُوْدُ ﴿12﴾ لا	وَ	عَادٌ
اور	کنواں والوں	اور	ثمود (نے)	اور	عاد

وَّ	فِرْعَوْنُ	وَ	اِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿13﴾ لا	وَّ	اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ①④
اور	فرعون	اور	لوط کے بھائیوں (نے)	اور	جنگل والوں

وَ	قَوْمُ تُبَّعٍ ۭ⑤	كُلٌّ	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ
اور	قوم تبع (نے)	سب نے	جھٹلایا	رسولوں (کو)	تو ثابت ہوگیا

وَعِيْدِ ﴿14﴾⑥	اَفَعَيِيْنَا⑦	بِالْخَلْقِ	الْاَوَّلِ ۭ
(میرے) عذاب کا وعدہ	تو (بھلا) کیا ہم تھک گئے ہیں	پیدا کرنے سے	پہلی بار

ع 1 15 15

بَلْ	هُمْ	فِيْ لَبْسٍ	مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿15﴾ ع
بلکہ	وہ سب	شک میں (ہیں)	نئے سرے سے پیدا کرنے سے

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ة اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔③ اَصْحٰبُ الرَّسِّ سے مراد خندقوں والے ہیں جن کا ذکر سورۃ البروج میں بھی ہے (طبری)۔④ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ سے مُراد قومِ شعیب علیہ السلام ہے۔⑤بعض کے نزدیک قوم تبع سے مُراد قوم سبا ہے۔⑥ وَعِيْدِ اصل میں وَعِيْدِیْ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے یْ گری ہوئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرے کیا گیا ہے۔⑦ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے پیدا کیا انسان کو
وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ	اور ہم جانتے ہیں اُن (چیزوں) کو جن کا وسوسہ ڈالتا ہے
نَفْسُهٗ ۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ	اس کا نفس، اور ہم زیادہ قریب ہیں
اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿16﴾	اس کے (اس کی) رگِ جاں سے بھی۔ ﴿16﴾
اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ	جب دو لینے والے لیتے ہیں (اسکے ہر قول و فعل کو)
عَنِ الْيَمِيْنِ	ایک دائیں طرف
وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿17﴾	اور (دوسرا) بائیں طرف بیٹھا ہوا ہے۔ ﴿17﴾
مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا	نہیں بولتا (انسان) کوئی بات مگر
لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿18﴾	اسکے پاس ایک نگران (فرشتہ) تیار ہوتا ہے۔ ﴿18﴾
وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ	اور آپہنچی موت کی بے ہوشی حق کے ساتھ
ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿19﴾	یہی ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔ ﴿19﴾
وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ؕ	اور صور میں پھونک دیا جائے گا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: مال و دولت، شان و شوکت، عفو و درگزر۔	قَعِيْدٌ	: قعدہ اولیٰ، مقعد۔
خَلَقْنَا	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يَلْفِظُ	: لفظ، الفاظ، تلفظ۔
الْاِنْسَانَ	: انسان، نسیان۔	قَوْلٍ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
نَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	رَقِيْبٌ	: رقیب، رقابت۔
تُوَسْوِسُ	: وسوسہ، وسواس، وساوس۔	سَكْرَةُ	: سکرات الموت۔
نَفْسُهٗ	: نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	بِالْحَقِّ	: حق، حقیقت، خالق حقیقی۔
اَقْرَبُ	: قریب، قرب، تقرب، مقرب۔	نُفِخَ	: نفخہ اولیٰ۔
الْيَمِيْنِ	: یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔	الصُّوْرِ	: صور پھونکنا۔

وَلَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	وَ	نَعْلَمُ	مَا
اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کیا	انسان (کو)	اور	ہم جانتے ہیں	(اُن کو) جو

تُوَسْوِسُ ①	بِهٖ	نَفْسُهٗ ۚۖ	وَنَحْنُ	اَقْرَبُ ②	اِلَيْهِ
وسوسہ ڈالتا ہے	جس کا	اُس کا نفس	اور ہم	زیادہ قریب (ہیں)	اس کی طرف

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ⑯	اِذْ	يَتَلَقَّى ③	الْمُتَلَقِّيٰنِ ④
رگِ جاں سے (بھی)	جب	لیتے ہیں	دو لینے والے (اسکے ہر قول و فعل کو)

عَنِ الْيَمِيْنِ	وَ	عَنِ الشِّمَالِ	قَعِيْدٌ ⑰	مَا	يَلْفِظُ
(ایک) دائیں طرف	اور	(دوسرا) بائیں طرف	بیٹھا ہوا	نہیں	وہ بولتا (انسان)

مِنْ قَوْلٍ ⑤⑥	اِلَّا	لَدَيْهِ	رَقِيْبٌ ⑥	عَتِيْدٌ ⑱
کوئی بات	مگر	اُس کے پاس	ایک نگران (فرشتہ)	تیار (ہوتا ہے)

وَ	جَآءَتْ ①	سَكْرَةُ الْمَوْتِ ①	بِالْحَقِّ ؕ	ذٰلِكَ ⑦
اور	آ پہنچی	موت کی بیہوشی	حق کے ساتھ	یہ (ہے)

مَا	كُنْتَ	مِنْهُ	تَحِيْدُ ⑲	وَ	نُفِخَ ⑧	فِي الصُّوْرِ ؕ
جو	تو تھا	اُس سے	تو بھاگتا	اور	پھونک دیا جائے گا	صور میں

ضروری وضاحت

① فعل شروع میں تـ اور آخر میں تْ اور اسم کے آخر میں ة مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ اس سے مراد دو فرشتے ہیں، ایک نیکی اور ایک بدی لکھنے کیلئے، یا دن اور رات کے فرشتے مراد ہیں۔ ⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے ⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

ذٰلِكَ يَوۡمُ الۡوَعِيۡدِ ﴿20﴾	یہی عذاب کے وعدے کا دن ہے۔ ﴿20﴾
وَجَآءَتۡ كُلُّ نَفۡسٍ مَّعَهَا	اور آئے گا ہر نفس اس کے ساتھ (ہوگا)
سَآئِقٌ وَّشَهِيۡدٌ ﴿21﴾	ایک (فرشتہ) ہانکنے والا اور ایک گواہی دینے والا۔ ﴿21﴾
لَقَدۡ كُنۡتَ فِىۡ غَفۡلَةٍ مِّنۡ هٰذَا	بلاشبہ یقیناً تو تھا غفلت میں اس (دن) سے
فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ	تو ہم نے دور کر دیا تجھ سے تیرا پردہ
فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ ﴿22﴾	سو آج تیری نگاہ بہت تیز ہے۔ ﴿22﴾
وَقَالَ قَرِيۡنُهٗ هٰذَا	اور کہے گا اس کا ساتھی (فرشتہ) یہ ہے (اعمالنامہ)
مَا لَدَىَّ عَتِيۡدٌ ؕ ﴿23﴾	جو میرے پاس تیار ہے۔ ﴿23﴾
اَلۡقِيَا فِىۡ جَهَنَّمَ	(حکم ہوگا) تم دونوں ڈال دو جہنم میں
كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيۡدٍ ۙ ﴿24﴾	ہر بہت ناشکرے سرکش کو۔ ﴿24﴾
مَّنَّاعٍ لِّلۡخَيۡرِ	(جو) بھلائی کو بہت روکنے والا
مُعۡتَدٍ مُّرِيۡبِ ۙ ﴿25﴾	حد سے تجاوز کرنے والا شک کرنے والا ہے۔ ﴿25﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوۡمُ	: یوم، ایام، یومِ آخرت، یومِ آزادی۔	فَبَصَرُكَ	: سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
الۡوَعِيۡدِ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	الۡيَوۡمَ	: یوم، ایام، یومِ آخرت، یومِ آزادی۔
نَفۡسٍ	: نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔	قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
مَّعَهَا	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	اَلۡقِيَا	: القاء کرنا۔
شَهِيۡدٌ	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	كَفَّارٍ	: کفرانِ نعمت۔
غَفۡلَةٍ	: غافل، غفلت، تغافل۔	مَّنَّاعٍ	: منع، مانع، ممنوع۔
مِّنۡ	: من جانب، من وعن، من حیث القوم۔	لِّلۡخَيۡرِ	: خیر وعافیت، خیریت، اللہ خیر کرے۔
هٰذَا	: لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔	مُّرِيۡبِ	: ریب وتردد، لاریب۔

ذٰلِكَ ①	يَوْمُ الْوَعِيْدِ (20)	وَ	جَآءَتْ ②	كُلُّ نَفْسٍ
یہ	(عذاب کے) وعدے کا دن (ہے)	اور	آئے (گی)	ہر جان

مَّعَهَا	سَآئِقٌ ③	وَّشَهِيْدٌ ③ (21)	لَقَدْ	كُنْتَ
اُس کے ساتھ	ایک ہانکنے والا	اور ایک گواہی دینے والا	بلاشبہ یقیناً	تو تھا

فِيْ غَفْلَةٍ ②	مِّنْ هٰذَا	فَكَشَفْنَا ④	عَنْكَ	غِطَآءَكَ
غفلت میں	اس سے	تو ہم نے دور کر دیا	تجھ سے	تیرا پردہ

فَبَصَرُكَ	الْيَوْمَ	حَدِيْدٌ (22)	وَ	قَالَ ⑤
سو تیری نگاہ	آج	بہت تیز (ہے)	اور	کہے گا

قَرِيْنُهٗ	هٰذَا	مَا	لَدَيَّ	عَتِيْدٌ ؕ (23)
اُس کا ساتھی (فرشتہ)	یہ (ہے)	جو	میرے پاس	تیار (ہے)

اَلْقِيَا	فِيْ جَهَنَّمَ	كُلَّ كَفَّارٍ ⑥	عَنِيْدٍ ۙ (24)
تم دونوں ڈال دو	جہنم میں	ہر بہت ناشکرے	سرکش (کو)

مَّنَّاعٍ ⑥	لِّلْخَيْرِ	مُعْتَدٍ ⑦	مُّرِيْبِ ⑦ ۙ (25)
(جو) بہت روکنے والا	بھلائی کو	حد سے تجاوز کرنے والا	شبہے نکالنے والے

ضروری وضاحت

① ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے۔② تْ اور ةِ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑤ قَالَ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔⑥ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہ دراصل مُعْتَدِيٌ اور مُرِيْبٌ تھا، شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

الَّذِيۡ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ	جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بنالیا
فَاَلۡقِيٰهُ فِي الۡعَذَابِ الشَّدِيۡدِ ﴿26﴾	تو تم دونوں ڈال دو اُسے سخت عذاب میں۔ ﴿26﴾
قَالَ قَرِيۡنُهٗ رَبَّنَا	کہے گا اُس کا ساتھی (شیطان) اے ہمارے رب
مَاۤ اَطۡغَيۡتُهٗ	میں نے اسے گمراہ نہیں کیا
وَلٰكِنۡ كَانَ فِيۡ ضَلٰلٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿27﴾	اور لیکن وہ (خود ہی) تھا دور کی گمراہی میں۔ ﴿27﴾
قَالَ لَا تَخۡتَصِمُوۡا لَدَيَّ	(اللہ) فرمائے گا مت جھگڑا کرو میرے پاس
وَقَدۡ قَدَّمۡتُ	اور یقیناً میں نے پہلے بھیج دیا تھا
اِلَيۡكُمۡ بِالۡوَعِيۡدِ ﴿28﴾	تمہاری طرف عذاب کے وعدے کو۔ ﴿28﴾
مَا يُبَدَّلُ الۡقَوۡلُ لَدَيَّ	میرے ہاں بات تبدیل نہیں کی جاتی
وَمَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿29﴾ ع 2/14/16	اور نہ میں ہرگز بندوں پر ظلم ڈھانے والا ہوں۔ ﴿29﴾
يَوۡمَ نَقُوۡلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امۡتَلَاۡتِ	جس دن ہم کہیں گے جہنم سے کیا تو بھر گئی
وَتَقُوۡلُ هَلۡ مِنۡ مَّزِيۡدٍ ﴿30﴾	اور وہ کہے گی کیا کچھ مزید بھی ہے؟۔ ﴿30﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	بَعِيۡدٍ : بُعد، بعید، بعید از عقل۔
اِلٰهًا : الوہیت، الٰہ العٰلمین۔	تَخۡتَصِمُوۡا : مخاصمت، مخاصمانہ رویہ۔
اٰخَرَ : اُخروی زندگی۔	قَدَّمۡتُ : مقدمہ، تقدیم، تقدم، قدم، اقدام۔
فَاَلۡقِيٰهُ : القاء کرنا۔	بِالۡوَعِيۡدِ : وعدہ، وعید۔
قَالَ، نَقُوۡلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يُبَدَّلُ : تبدیل، تبادلہ، متبادل، تغیر وتبدل۔
الشَّدِيۡدِ : شدید، شدت، تشدد، متشدد۔	بِظَلَّامٍ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم، مظلوم۔
اَطۡغَيۡتُهٗ : طاغوت، طواغیت، طاغوتی طاقتیں۔	لِّلۡعَبِيۡدِ : عبد، عابد، معبود، عبادت خانہ۔
ضَلٰلٍ : ضلالت وگمراہی۔	مَّزِيۡدٍ : مزید، زائد، زیادہ۔

اَلَّذِیۡ	جَعَلَ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰـهًا اٰخَرَ	فَاَلۡقِيٰهُ
جس نے	بنالیا	اللہ کے ساتھ	دوسرا معبود	تو تم دونوں ڈال دو اُسے

فِی الۡعَذَابِ الشَّدِيۡدِ ﴿26﴾	قَالَ ①	قَرِيۡنُهٗ	رَبَّنَا ②
سخت عذاب میں	کہے گا	اُس کا ساتھی (شیطان)	(اے) ہمارے رب

مَاۤ	اَطۡغَيۡتُهٗ	وَلٰـكِنۡ	كَانَ	فِیۡ ضَلٰلٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿27﴾
نہیں	میں نے سرکش بنایا اُسے	اور لیکن	وہ تھا (خود ہی)	دور کی گمراہی میں

قَالَ ①	لَا تَخۡتَصِمُوۡا ③	لَدَیَّ	وَقَدۡ	قَدَّمۡتُ
(اللہ) فرمائے گا	مت تم سب جھگڑا کرو	میرے پاس	اور یقیناً	میں نے پہلے بھیج دیا تھا

اِلَيۡكُمۡ	بِالۡوَعِيۡدِ ④ ﴿28﴾	مَا	يُبَدَّلُ ⑤	الۡقَوۡلُ	لَدَیَّ
(وہ) حوریں (ہیں)	مستور (ٹھہرائی ہوئی)	خیموں میں

ضروری وضاحت

① علامت اِنِ ، هِمَا ، هُمَا اور كُمَا میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ② ةٌ اور اتٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ هِنَّ یا هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ④ حِسَانٌ سے مراد ایسی عورتیں ہیں جو حسن و جمال میں یکتا ہوں گی۔ ⑤ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جنت میں موتیوں کے خیمے ہوں گے جن کا عرض ساٹھ میل ہوگا جن کے ہر کونے میں جنتی ہوں گے جن کو دوسرے کونے والے نہیں دیکھ سکیں گے اور مومن اس میں گھومے گا۔ (صحیح بخاری، صحیح مسلم)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿73﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿73﴾
لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ	نہیں چھوا انہیں کسی انسان نے
قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۚ﴿74﴾	ان (جنت والوں) سے پہلے اور نہ کسی جن نے۔ ﴿74﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿75﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿75﴾
مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ	تکیہ لگائے ہونگے سبز قالینوں پر
وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ﴿76﴾	اور نادر اور نفیس (مسندوں پر)۔ ﴿76﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا	تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو
تُكَذِّبٰنِ ﴿77﴾	تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿77﴾
تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ	بہت برکت والا ہے آپ کے رب کا نام
ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ع﴿78﴾ (ع 3 33 13)	(جو) صاحب جلال اور عزت والا ہے۔ ع﴿78﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُكَذِّبٰنِ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	حِسَانٍ	حسن، محسن، تحسین، احسان۔
اِنْسٌ	جِنّ واِنس، انسان، انسانیت۔	تَبٰرَكَ	برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
قَبْلَهُمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	اسْمُ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	رَبِّكَ	رب، ربوبیت، رب العالمین۔
جَآنٌّ	جن، جنات، جن وانس۔	ذِی	ذیشان، ذی روح، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔
مُتَّكِـِٕيْنَ	تکیہ، گاؤ تکیہ۔	الْجَلٰلِ	صاحب جلال، جلالی طبیعت، جلیل القدر۔
عَلٰى	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	الْاِكْرَامِ	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔
خُضْرٍ	گنبد خضرا۔		

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ ﴿73﴾ ج
تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے

لَمْ ①	يَطْمِثْهُنَّ ②③	اِنْسٌ ④	قَبْلَهُمْ	وَلَا
نہیں	چھوا انہیں	کسی انسان نے	اُن سے پہلے	اور نہ

جَآنٌّ ④ ﴿74﴾ ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
کسی جن نے	تو کون (کون سی) نعمتوں کو	اپنے رب (کی)

تُكَذِّبٰنِ ﴿75﴾ ج	مُتَّكِـِٕيْنَ ⑤	عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ
تم دونوں جھٹلاؤ گے	سب تکیہ لگانے والے (ہوں گے)	سبز قالینوں پر

وَّ	عَبْقَرِيٍّ ⑥	حِسَانٍ ﴿76﴾ ج	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
اور	نادر	نفیس (مسندوں پر)	تو کون (کون سی) نعمتوں کو

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ ﴿77﴾	تَبٰرَكَ ⑦	اسْمُ
اپنے رب (کی)	تم دونوں جھٹلاؤ گے	بہت برکت والا (ہے)	نام

ع 3 33 13

رَبِّكَ ⑧	ذِى الْجَلٰلِ	وَ	الْاِكْرَامِ ﴿78﴾ ع
آپ کے رب (کا)	(جو) صاحب جلال	اور	عزت (والا ہے)

ضروری وضاحت

① علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔② یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ عَبْقَرِيٍّ ہر نفیس، نادر اور اعلیٰ چیز کو کہا جاتا ہے۔⑦ علامت تَ اور "ا" میں مبالغے کا مفہوم ہے، یعنی بہت بابرکت، عظمت اور رفعت والا ہے۔⑧ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ آپ کا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

رُكُوْعَاتُهَا 3	56 سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ 46	اٰيَاتُهَا 96

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿1﴾	جب واقع ہونے والی واقع ہوجائے گی۔ ﴿1﴾
لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿2﴾	اس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔ ﴿2﴾
خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿3﴾	(کسی کو) پست کرنیوالی (اور کسی کو) بلند کرنیوالی ہوگی۔ ﴿3﴾
اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿4﴾	جب زمین ہلائی جائے گی سخت ہلایا جانا۔ ﴿4﴾
وَّ بُسَّتِ الْجِبَالُ	اور پہاڑ ریزہ ریزہ کردیے جائینگے
بَسًّا ﴿5﴾	خوب ریزہ ریزہ کیا جانا۔ ﴿5﴾
فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ﴿6﴾	پس وہ ہوجائیں گے پھیلا ہوا غبار۔ ﴿6﴾
وَّ كُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿7﴾	اور تم ہوجاؤ گے تین اقسام میں۔ ﴿7﴾
فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ	پس دائیں ہاتھ والے
مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿8﴾	کیا (ہی مزے میں) ہیں دائیں ہاتھ والے۔ ﴿8﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَقَعَتِ، الْوَاقِعَةُ : واقع، وقوع پذیر، وقوعہ۔
كَاذِبَةٌ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
رَّافِعَةٌ : رفعت، سطح مرتفع، مرفوع، اعلی وارفع۔
الْاَرْضُ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
وَّ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
الْجِبَالُ : جبل اُحد، جبل رحمت، ملک الجبال۔
ثَلٰثَةً : مثلث، تثلیث، ثالث، ثالثی۔
فَاَصْحٰبُ : اصحابِ صفہ، اصحابِ بدر، اصحابِ کہف۔
الْمَيْمَنَةِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔

رُكُوْعَاتُهَا 3	56 سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ 46	اٰيَاتُهَا 96

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا[1]	وَقَعَتِ[2]	الْوَاقِعَةُ[2] ۙ۝1	لَيْسَ	لِوَقْعَتِهَا[3]
جب	واقع ہوجائے گی	واقع ہونے والی	نہیں	اُس کے واقع ہونے میں

كَاذِبَةٌ[2][4][5] ۘ۝2	خَافِضَةٌ[2]	رَّافِعَةٌ[2] ۙ۝3	اِذَا[1]
کوئی جھوٹ	(کسی کو) پست کرنے والی (ہوگی)	(اور کسی کو) بلند کرنے والی (ہوگی)	جب

رُجَّتِ[2]	الْاَرْضُ	رَجًّا[6] ۙ۝4	وَّ	بُسَّتِ[2]
ہلائی جائے گی	زمین	سخت ہلایا جانا	اور	ریزہ ریزہ کردیے جائیں گے

الْجِبَالُ	بَسًّا[6] ۙ۝5	فَكَانَتْ[2]	هَبَآءً
پہاڑ	خوب ریزہ ریزہ کیا جانا	پس وہ ہوجائیں گے	غبار

مُّنْۢبَثًّا ۙ۝6	وَّ	كُنْتُمْ[7]	اَزْوَاجًا	ثَلٰثَةً[2] ؕ۝7
پھیلا ہوا	اور	تم ہوجاؤ گے	اقسام	تین

فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ[2] ۙ۬	مَآ[8]	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ[2] ؕ۝8
پس دائیں ہاتھ والے	کیا (خوب ہیں)	دائیں ہاتھ والے

وقف لازم

ضروری وضاحت

① اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے۔② تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں اور تْ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دیتے ہیں۔③ لِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ اس کا اصل ترجمہ جھوٹ بولنے والی ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ جھوٹ کیا گیا ہے۔⑥ رَجًّا، بَسًّا دونوں مذکور فعل کے مصدر ہیں جو تاکید کیلئے آئے ہیں۔⑦ تُمْ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑧ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَاَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۙ۬	اور بائیں ہاتھ والے
مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۝9	(افسوس) کیا (ہی بُرے حال میں) ہیں بائیں ہاتھ والے۔ 9
وَالسّٰبِقُوْنَ	اور سبقت کرنیوالے (ان کا کیا ہی کہنا)
السّٰبِقُوْنَ ۝10	(وہ تو) آگے ہی بڑھنے والے ہیں۔ 10
اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝11	وہی لوگ ہی (اللہ کے) مقرب ہیں۔ 11
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝12	نعمت والی جنتوں میں ہیں۔ 12
ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝13	بہت بڑی جماعت پہلے لوگوں میں سے ہوگی۔ 13
وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝14	اور بہت تھوڑے سے پچھلوں میں سے ہونگے۔ 14
عَلٰي سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝15	سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے تختوں پر (آرام کر رہے ہونگے) 15
مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ۝16	ان پر ٹیک لگائے آمنے سامنے بیٹھنے والے ہونگے 16
يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ	چکر لگائیں گے اُن پر (ایسے) لڑکے
مُّخَلَّدُوْنَ ۝17	(جو) ہمیشہ (لڑکے ہی) رکھے جانے والے ہیں۔ 17

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصْحٰبُ : اصحابِ صفہ، اصحابِ بدر، اصحابِ کہف۔
السّٰبِقُوْنَ : سبقت، سابقہ، حسب سابق۔
الْمُقَرَّبُوْنَ : قرب، قریب، مقرب، قرابت۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
جَنّٰتِ : جنت الفردوس، جنات۔
النَّعِيْمِ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْاَوَّلِيْنَ : اول وآخر، اولین فرصت، قرون اُولیٰ۔

قَلِيْلٌ : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
الْاٰخِرِيْنَ : اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔
عَلٰي، عَلَيْهَا : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
مُّتَّكِـِٕيْنَ : تکیہ، گاؤ تکیہ۔
مُتَقٰبِلِيْنَ : تقابل، تقابلی جائزہ، مقابلہ۔
يَطُوْفُ : طواف، طواف بیت اللہ، مطاف۔
وِلْدَانٌ : ولد، اولاد، مولود، ولادت۔
مُّخَلَّدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔

وَ	اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۙ	مَاۤ	اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ؕ (9)
اور	بائیں ہاتھ والے	(افسوس) کیا (ہی بُرے حال میں ہیں)	بائیں ہاتھ والے

وَ	السّٰبِقُوۡنَ ①	السّٰبِقُوۡنَ ۚ ① (10)	اُولٰٓئِكَ ②
اور	سب سبقت کرنیوالے	(وہ تو) سب آگے ہی بڑھنے والے (ہیں)	وہی (لوگ)

الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۚ ③ (11)	فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ (12)	ثُلَّةٌ ④
سب قریب کیے ہوئے (ہیں)	نعمت والی جنتوں میں (ہیں)	بہت بڑی جماعت

مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ ۙ (13)	وَ	قَلِیۡلٌ	مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ ؕ (14)
پہلے لوگوں میں سے (ہوگی)	اور	بہت تھوڑے سے	پچھلوں میں سے ہونگے

عَلٰی سُرُرٍ	مَّوۡضُوۡنَةٍ ۙ (15)	مُّتَّكِـِٕیۡنَ ⑤
(ایسے) تختوں پر	(جو) سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے (ہونگے)	سب ٹیک لگانے والے (ہونگے)

عَلَیۡهَا	مُتَقٰبِلِیۡنَ ⑤⑥ (16)	یَطُوۡفُ ⑦
ان پر	سب ایک دوسرے کے سامنے بیٹھنے والے (ہوں گے)	وہ چکر لگائیں گے

عَلَیۡهِمۡ	وِلۡدَانٌ	مُّخَلَّدُوۡنَ ۙ ③ (17)
ان پر	(ایسے) لڑکے	(جو) سب ہمیشہ (لڑکے ہی) رکھے جانے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

① اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔② اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے اور اس کا استعمال عموماً بات میں زور ڈالنے کیلئے ہوتا ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ ثُلَّةٌ یعنی ایسا گروہ جس کی تعداد شمار کرنا ناممکن ہو۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اس اسم میں موجود تا اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

بِاَكْوَابٍ وَّ اَبَارِيْقَ ۙ	آب خوروں اور صراحیوں کے ساتھ
وَ كَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿18﴾	اور لبریز جام (شراب کے) بہتے ہوئے چشمے سے۔ ﴿18﴾
لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا	نہ اس سے وہ سر درد میں مبتلا کیے جائیں گے
وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿19﴾	اور نہ (ہی اُن کی) عقلیں زائل ہوں گی۔ ﴿19﴾
وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿20﴾	اور پھل (لیے ہوئے ہونگے) اس سے جو وہ پسند کرینگے۔ ﴿20﴾
وَ لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿21﴾	اور پرندوں کا گوشت (اس) سے جو وہ چاہیں گے۔ ﴿21﴾
وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿22﴾	اور موٹی موٹی آنکھوں والی حوریں (ہونگی) ﴿22﴾
كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿23﴾	جیسے چُھپا کر رکھے ہوئے موتی ہوں۔ ﴿23﴾
جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿24﴾	(یہ) بدلہ ہے اس کا جو وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿24﴾
لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا	اس میں وہ بیہودہ گفتگو نہیں سنیں گے
وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿25﴾	اور نہ گناہ میں ڈالنے والی کوئی بات۔ ﴿25﴾
اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿26﴾	مگر سلام ہو سلام ہو کی پکار ہوگی۔ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	كَاَمْثَالِ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يَتَخَيَّرُوْنَ	: اختیار، مختار، اختیاری مضامین۔	جَزَآءً	: جزاء وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
لَحْمِ	: ماءاللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔	يَعْمَلُوْنَ	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
طَيْرٍ	: طائر، طیور، طیارہ، طائر لاہوتی۔	يَسْمَعُوْنَ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، سامعین۔
مِّمَّا	: منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَشْتَهُوْنَ	: اشتہا، شہوت۔	لَغْوًا	: لغو، لغویات۔
حُوْرٌ	: حور، حوریں۔	اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
عِيْنٌ	: عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔	قِيْلًا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

بِاَكْوَابٍ	وَّ	اَبَارِيْقَ ①	وَ	كَاْسٍ	مِّنْ مَّعِيْنٍ ⑱
آب خوروں کے ساتھ	اور	صراحیوں	اور	لبریز جام	(شراب کے) بہتے ہوئے چشمے سے

لَّا	يُصَدَّعُوْنَ ②③	عَنْهَا	وَلَا	يُنْزِفُوْنَ ⑲
نہ	وہ سب سر درد میں مبتلا کیے جائیں گے	اس سے	اور نہ	وہ سب مدہوشی میں مبتلا ہوں گے

وَفَاكِهَةٍ	مِّمَّا ④	يَتَخَيَّرُوْنَ ⑤ ⑳	وَ	لَحْمِ	طَيْرٍ ⑥
اور پھل	(اس) سے جو	وہ سب پسند کریں گے	اور	گوشت	پرندوں (کا)

مِّمَّا ④	يَشْتَهُوْنَ ㉑	وَ	حُوْرٌ عِيْنٌ ㉒
(اس) سے جو	وہ سب چاہیں گے	اور	موٹی موٹی آنکھوں والی حوریں (ہونگی)

كَاَمْثَالِ ⑦	اللُّؤْلُؤِ	الْمَكْنُوْنِ ㉓	جَزَآءً	بِمَا
جیسے	موتی (ہوں)	چھپا کر رکھے ہوئے	بدلہ (ہے)	(اُس) کا جو

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ ㉔	لَا يَسْمَعُوْنَ ②	فِيْهَا	لَغْوًا
وہ سب تھے	وہ سب عمل کرتے	نہیں وہ سب سنیں گے	اس میں	کوئی بیہودہ گفتگو

وَّلَا	تَاْثِيْمًا ㉕	اِلَّا	قِيْلًا	سَلٰمًا	سَلٰمًا ㉖
اور نہ	کوئی گناہ میں ڈالنے والی بات	مگر	پکار ہوگی	سلام (ہو)	سلام (ہو)

ضروری وضاحت

① اَبَارِيْقَ یعنی ایسے برتن جن میں دستے اور ٹوٹیاں دونوں ہوں۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ③ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ⑤ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑥ طَيْرٍ واحد ہے، مراد پوری جنس ہے۔ ⑦ كَ کا ترجمہ کی طرح اور اَمْثَالِ کا ترجمہ مثالیں ہے، دونوں کا ملا کر ترجمہ جیسے کیا گیا ہے۔

وَ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ۬ۙ	اور داہنے ہاتھ والے!
مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ؕ﴿27﴾	کیا (ہی خوب) ہیں داہنے ہاتھ والے۔﴿27﴾
فِیۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ﴿ۙ28﴾	کانٹے دور کی ہوئی بیریوں میں۔﴿28﴾
وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿ۙ29﴾	اور تہہ بہ تہہ لگے ہوئے کیلوں (میں)۔﴿29﴾
وَّ ظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ﴿ۙ30﴾	اور لمبے (یعنی پھیلے ہوئے) سائے (میں)۔﴿30﴾
وَّ مَآءٍ مَّسۡکُوۡبٍ ﴿ۙ31﴾	اور گرائے جانیوالے پانی (یعنی آبشاروں میں)۔﴿31﴾
وَّ فَاکِہَۃٍ کَثِیۡرَۃٍ ﴿ۙ32﴾	اور وافر پھلوں میں ہونگے۔﴿32﴾
لَّا مَقۡطُوۡعَۃٍ	(جو کبھی) ختم نہ ہونگے
وَّ لَا مَمۡنُوۡعَۃٍ ﴿ۙ33﴾	اور نہ (ان سے) کوئی روک ٹوک ہوگی۔﴿33﴾
وَّ فُرُشٍ مَّرۡفُوۡعَۃٍ ﴿ؕ34﴾	اور بلند کیے ہوئے بستروں میں ہونگے۔﴿34﴾
اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰہُنَّ	بیشک ہم نے ان (حوروں) کو پیدا کیا
اِنۡشَآءً ﴿ۙ35﴾	(خاص طور پر) پیدا کرنا۔﴿35﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
اَصۡحٰبُ : صاحب، صحبت، اصحاب کہف۔
الۡیَمِیۡنِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
فِیۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
سِدۡرٍ : سدرۃ المنتہٰی۔
ظِلٍّ : ظل ہما، ظل سبحانی۔
مَّمۡدُوۡدٍ : مد، مُدت۔
مَآءٍ : ماء الحیات، ماء اللحم۔

کَثِیۡرَۃٍ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مَقۡطُوۡعَۃٍ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
مَمۡنُوۡعَۃٍ : منع، مانع، ممنوع، ممانعت۔
فُرُشٍ : فرش، فراش، صاحب فراش۔
مَّرۡفُوۡعَۃٍ : اعلیٰ وارفع، رفعت وسربلندی، سطح مرتفع۔
اَنۡشَاۡنٰہُنَّ : انشاء، انشاء پردازی، نشوونما۔

وَ	اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ① ۙ	مَآ ②	اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ① ؕ (27)
اور	داہنے ہاتھ والے	کیا (ہی خوب ہیں)	داہنے ہاتھ والے

فِيْ سِدْرٍ	مَّخْضُوْدٍ ③④ ۙ (28)	وَّ	طَلْحٍ
بیریوں میں	کانٹے دور کی ہوئی	اور	کیلوں (میں)

مَّنْضُوْدٍ ③ ۙ (29)	وَّ	ظِلٍّ	مَّمْدُوْدٍ ③⑤ ۙ (30)
تہہ بہ تہہ لگے ہوئے	اور	سائے (میں)	لمبا کیا ہوا (یعنی پھیلا ہوا)

وَّ	مَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ③ ۙ (31)	وَّ	فَاكِهَةٍ
اور	گرائے جانیوالے پانی	اور	پھلوں (میں ہونگے)

كَثِيْرَةٍ ۙ (32)	لَّا	مَقْطُوْعَةٍ ③⑥	وَّ	لَا
وافر	نہ	ختم کیے جانے والے	اور	نہ

مَمْنُوْعَةٍ ③ ۙ (33)	وَّ	فُرُشٍ	مَّرْفُوْعَةٍ ③ ؕ (34)
(ان سے) روکے جانے والے	اور	بستروں (میں ہونگے)	بلند کیے ہوئے

اِنَّآ	اَنْشَاْنٰهُنَّ ⑦	اِنْشَآءً ۙ (35)
بیشک ہم نے	ہم نے پیدا کیا ان (حوروں) کو	(خاص طور پر) پیدا کرنا

ضروری وضاحت

① ان سے مُراد عام مومن ہیں کیونکہ پہلے السّٰبِقُوْنَ ، الْمُقَرَّبُوْنَ کا ذکر تھا، اب عام مومنوں کا ذکر ہے۔② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہے۔④ یہ اسم واحد مذکر کا ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔⑤ جنت کے ایک درخت کا سایہ اتنا لمبا ہوگا کہ گھڑسوار اس کے سائے میں سو سال بھی دوڑتا رہے تو وہ سایہ ختم نہیں ہوگا (بخاری)۔⑥ یعنی ایسے پھل جو موسم ہو یا نہ ہو کبھی ختم نہ ہوں گے۔⑦ هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿36﴾	پس ہم نے بنا دیا انہیں کنواریاں۔ ﴿36﴾
عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿37﴾	(شوہروں کی) پیاریاں (اور) ہم عمر۔ ﴿37﴾
لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿38﴾	داہنے ہاتھ والوں کے لیے۔ ﴿38﴾
ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿39﴾	ایک بڑی جماعت پہلے لوگوں میں سے۔ ﴿39﴾
وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿40﴾	اور ایک بڑی جماعت پچھلوں میں سے ہے۔ ﴿40﴾
وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ	اور بائیں ہاتھ والے
مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿41﴾	کیا (ہی بُرے) ہیں بائیں ہاتھ والے۔ ﴿41﴾
فِيْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ ﴿42﴾	سخت گرم ہوا اور کھولتے پانی میں (ہونگے)۔ ﴿42﴾
وَّ ظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿43﴾	اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں (ہونگے)۔ ﴿43﴾
لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿44﴾	(جو) نہ ٹھنڈا ہے اور نہ خوشنما۔ ﴿44﴾
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ	بیشک وہ اس سے پہلے (دنیا میں) تھے
مُتْرَفِيْنَ ﴿45﴾	نعمتوں کے مزے اڑانے والے۔ ﴿45﴾

ع 1/38/14

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَبْكَارًا : باکرہ، بکارت۔	الشِّمَالِ : شمال وجنوب، شمالی علاقہ جات۔
لِّاَصْحٰبِ : صاحب، صحبت، صحابی، صحابہ۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْيَمِيْنِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔	ظِلٍّ : ظل ہما، ظل سبحانی۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
الْاَوَّلِيْنَ : اول وآخر، اولین، قرون اولیٰ۔	بَارِدٍ : برودت (ٹھنڈک)۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	قَبْلَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
الْاٰخِرِيْنَ : اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔	

فَجَعَلْنٰهُنَّ ①	اَبْكَارًا ۙ (36)	عُرُبًا	اَتْرَابًا ② ۙ (37)
پس ہم نے بنا دیا اُنہیں	کنواریاں	پیاریاں	(اور) ہم عمر

ع 1 38 14

لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ؕ (38)	ثُلَّةٌ ③	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ④ ۙ (39)
داہنے ہاتھ والوں کے لیے	ایک بڑی جماعت	پہلے لوگوں میں سے

وَ	ثُلَّةٌ ③	مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ⑤ ؕ (40)	وَ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۵ ۙ
اور	ایک بڑی جماعت	پچھلوں میں سے ہے	اور	بائیں ہاتھ والے

مَآ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ؕ (41)	فِيْ سَمُوْمٍ
کیا (ہی بُرے ہیں)	بائیں ہاتھ والے	سخت گرم ہوا (یعنی لُو) میں

وَّ	حَمِيْمٍ ۙ (42)	وَّ	ظِلٍّ	مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ⑥ ۙ (43)
اور	کھولتے پانی (میں ہونگے)	اور	سائے (میں ہونگے)	سیاہ دھوئیں کے

لَّا	بَارِدٍ	وَّ	لَا	كَرِيْمٍ (44)	اِنَّهُمْ
نہ	ٹھنڈا	اور	نہ	خوشنما	(اور) بے شک وہ

كَانُوْا	قَبْلَ ذٰلِكَ ⑦	مُتْرَفِيْنَ ⑧ ۚ (45)
وہ سب تھے	اِس سے پہلے (دنیا میں)	سب آسودہ حال کیے گئے ہوئے

ضروری وضاحت

① هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ② یہ تِرْبٌ کی جمع ہے، یعنی تمام جنتی عورتیں ہم عمر ہونگی یا میاں بیوی ہم عمر ہونگے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ④ اس سے مُراد یا تو آدم علیہ السلام سے لیکر محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک کے لوگ یا پھر امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پہلے لوگ مُراد ہیں۔ ⑤ یعنی اس اُمت کے پچھلے لوگ۔ ⑥ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً ہوا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اِس کر دیا جاتا ہے۔ ⑧ اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ كَانُوْا يُصِرُّوْنَ	اور وہ اصرار کیا کرتے تھے
عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿46﴾	بڑے گناہ (یعنی شرک) پر۔ ﴿46﴾
وَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا	اور وہ کہتے تھے کیا جب ہم مر جائیں گے
وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا	اور ہم ہو جائیں گے مٹی اور ہڈیاں
ءَ اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿47﴾	(تو) کیا بیشک ہم واقعی اُٹھائے جانیوالے ہیں۔ ﴿47﴾
اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿48﴾	اور (بھلا) کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)۔ ﴿48﴾
قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ	آپ کہہ دیجیے! بیشک (تمہارے) پہلے
وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿49﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ	اور پچھلے (بھی)۔ ﴿49﴾ ضرور جمع کیے جانیوالے ہیں
اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿50﴾	ایک معلوم دن کے مقرر وقت پر۔ ﴿50﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ	پھر بیشک تم اے گمراہو!
الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿51﴾	جھٹلانے والو!۔ ﴿51﴾
لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿52﴾	ضرور کھانے والے ہو تھوہر کے درخت سے۔ ﴿52﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُصِرُّوْنَ : مصر رہنا، اصرار کرنا۔	مِيْقَاتِ : وقت، اوقات، میقاتِ حج۔
يَقُوْلُوْنَ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يَوْمٍ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
مِتْنَا : موت، اموات، میت۔	مَّعْلُوْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علاّمہ۔
تُرَابًا : تربت۔	الضَّآلُّوْنَ : ضلالت و گمراہی۔
لَمَبْعُوْثُوْنَ : بعثت، مبعوث، بعث بعد الموت۔	الْمُكَذِّبُوْنَ : کاذب، تکذیب، کذاب۔
الْاَوَّلُوْنَ : اول و آخر، اولین فرصت، قرون اُولیٰ	مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
لَمَجْمُوْعُوْنَ : جمع، جمیع، جامع، مجمع، اجتماع۔	لَاٰكِلُوْنَ : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	شَجَرٍ : شجرہ نسب، شجر ممنوعہ، شجر کاری مہم۔

وَ	كَانُوْا	يُصِرُّوْنَ	عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿46﴾ ج
اور	وہ سب تھے	وہ سب اصرار کیا کرتے	بڑے گناہ (شرک) پر

وَ	كَانُوْا	يَقُوْلُوْنَ ۵	اَئِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا
اور	وہ سب تھے	وہ سب کہتے	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہم ہو گئے

تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَ	اِنَّا ①	لَمَبْعُوْثُوْنَ ②③ لا ﴿47﴾
مٹی	اور	ہڈیاں	(تو) کیا	بیشک ہم	واقعی سب اُٹھائے جانیوالے (ہیں)

اَوَ ④	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿48﴾	قُلْ ⑤	اِنَّ	الْاَوَّلِيْنَ
اور (بھلا) کیا	ہمارے سب پہلے آباؤاجداد (بھی)	آپ کہہ دیجیے	بیشک	سب پہلے

وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿49﴾ لا	لَمَجْمُوْعُوْنَ ②③ ۵	اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ⑥⑦ ﴿50﴾
اور سب پچھلے	ضرور سب جمع کیے جانیوالے (ہیں)	ایک معلوم دن کے مقرر روقت پر

ثُمَّ	اِنَّكُمْ	اَيُّهَا	الضَّآلُّوْنَ	الْمُكَذِّبُوْنَ ⑧ لا ﴿51﴾
پھر	بیشک تم	اے	سب گمراہو!	سب جھٹلانے والو

لَاٰكِلُوْنَ ②	مِنْ شَجَرٍ	مِّنْ زَقُّوْمٍ ⑥ لا ﴿52﴾
(تم) ضرور سب کھانے والے (ہو)	درخت سے	تھوہر کے

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ+ نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔② لَ تاکید کی علامت ہے۔③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا جانے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرا دیا گیا ہے۔⑥ اِلٰی کا ترجمہ پر اور مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿53﴾	پھر اس سے (تم) پیٹ بھرنے والے ہو۔ ﴿53﴾
فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿54﴾	پھر پینے والے ہو اس پر کھولتے پانی سے۔ ﴿54﴾
فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿55﴾	پھر پینے والے ہو پیاسے اونٹوں کے پینے کی طرح۔ ﴿55﴾
هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿56﴾	یہ ان کی مہمانی ہوگی بدلے (قیامت) کے دن۔ ﴿56﴾
نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ	ہم ہی نے تمہیں پیدا کیا
فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿57﴾	تو کیوں نہیں (دوبارہ جی اُٹھنے کو) تم سچ مانتے۔ ﴿57﴾
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿58﴾	پھر کیا تم نے دیکھا (غور کیا کہ وہ نطفہ) جو تم ٹپکاتے ہو۔ ﴿58﴾
ءَ اَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ	کیا تم اسے پیدا کرتے ہو
اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿59﴾	یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ﴿59﴾
نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ	ہم ہی نے مقرر کر دیا ہے تمہارے درمیان موت کو
وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿60﴾	اور ہم ہرگز عاجز نہیں ہیں۔ ﴿60﴾
عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ	(بلکہ ہم قادر ہیں) اس پر کہ ہم بدل کر لے آئیں (اور لوگ)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْهَا : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تُصَدِّقُوْنَ : تصدیق، مصدقہ، صادق وامین، صداقت۔
الْبُطُوْنَ : بطنِ مادر۔	فَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
فَشٰرِبُوْنَ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
عَلَيْهِ، عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَدَّرْنَا : تقدیر، مقدر، قدرت۔
هٰذَا : لہٰذا، ہذا من فضل ربی، علیٰ ہذا القیاس۔	بَيْنَكُمُ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	الْمَوْتَ : موت، اموات، میت۔
خَلَقْنٰكُمْ : خلق، تخلیق، مخلوق، خلقت، خالق۔	نُّبَدِّلَ : تبدیل، متبادل، تبادلہ۔

فَمَالِـُٔوْنَ ①②	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ ﴿53﴾ ج	فَشٰرِبُوْنَ ②	عَلَيْهِ
پھر (تم) سب بھرنے والے (ہو)	اس سے	پیٹوں (کو)	پھر سب پینے والے (ہو)	اس پر

مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿54﴾ ج	فَشٰرِبُوْنَ ①②	شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿55﴾ ط	هٰذَا
کھولتے پانی سے	پھر سب پینے والے (ہو)	پیاسے اونٹوں کے پینے (کی طرح)	یہ

نُزُلُهُمْ	يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿56﴾ ط	نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ ③	فَلَوْلَا ①④
ان کی مہمانی (ہوگی)	قیامت کے دن	ہم ہی نے پیدا کیا تمہیں	تو کیوں نہیں

تُصَدِّقُوْنَ ﴿57﴾	اَفَرَءَيْتُمْ ①⑤	مَّا	تُمْنُوْنَ ﴿58﴾ ط
تم سب سچ مانتے	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا	جو	تم (نطفہ) سب ٹپکاتے ہو

ءَ	اَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗ ⑥	اَمْ	نَحْنُ	الْخٰلِقُوْنَ ②⑦ ﴿59﴾
کیا	تم سب پیدا کرتے ہو اُسے	یا	ہم	پیدا کرنے والے (ہیں)

نَحْنُ قَدَّرْنَا ③	بَيْنَكُمُ	الْمَوْتَ	وَمَا
ہم ہی نے مقرر کر دیا ہے	تمہارے درمیان	موت (کو)	اور نہیں

نَحْنُ	بِمَسْبُوْقِيْنَ ⑦⑧ ﴿60﴾ لا	عَلٰٓى	اَنْ	نُّبَدِّلَ
ہم	ہرگز عاجز	(اس) پر	کہ	ہم بدل کر لے آئیں (اور لوگ)

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ نَحْنُ اور نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔ ④ لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔ ⑤ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ اَنْتُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑦ یہاں وْنَ اور يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ علامت مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو اس جملے میں ہرگز کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

اَمْثَالَكُمْ وَ نُنْشِئَكُمْ	تمہارے جیسے اور ہم تمہیں پیدا کردیں
فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿61﴾	ایسے (جہان یا صورت) میں جسے تم نہیں جانتے۔ ﴿61﴾
وَ لَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى	اور بلاشبہ یقیناً تم جان چکے ہو پہلی (دفعہ کی) پیدائش کو
فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿62﴾	تو کیوں نہیں تم نصیحت پکڑتے۔ ﴿62﴾
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿63﴾	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا) جو کچھ تم بوتے ہو۔ ﴿63﴾
ءَ اَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ	کیا تم اُگاتے ہو اُسے؟
اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿64﴾	یا ہم اگانے والے ہیں۔ ﴿64﴾
لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا	اگر ہم چاہیں (تو) ضرور ہم کر ڈالیں اسے ریزہ ریزہ
فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿65﴾	پھر (حیرت سے) تم باتیں بناتے رہ جاؤ۔ ﴿65﴾
اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿66﴾	کہ بیشک ہم یقیناً تاوان ڈال دیے گئے ہیں۔ ﴿66﴾
بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿67﴾	بلکہ ہم محروم ہو گئے۔ ﴿67﴾
اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا کہ) وہ پانی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَمْثَالَكُمْ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
نُنْشِئَكُمْ، النَّشْاَةَ : نشوونما، نشاۃ ثانیہ، انشاپردازی۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الْاُوْلٰى : اول وآخر، اولین فرصت، قرون اُولیٰ۔

تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔
فَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
تَزْرَعُوْنَهٗٓ : زراعت، زرعی زمین، مزارع۔
نَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
بَلْ : بلکہ۔
مَحْرُوْمُوْنَ : محروم، محرومی، محرومیت۔
الْمَآءَ : ماءالحیات، ماءاللحم۔

اَمۡثَالَكُمۡ①	وَ	نُنۡشِئَكُمۡ①	فِيۡ مَا	لَا تَعۡلَمُوۡنَ② (61)
تمہارے جیسے	اور	ہم پیدا کردیں تمہیں	(ایسے جہان یا صورت) میں جسے	نہیں تم سب جانتے

وَلَقَدۡ	عَلِمۡتُمُ③	النَّشۡاَةَ④	الۡاُوۡلٰى④	فَلَوۡلَا
اور بلاشبہ یقیناً	تم جان چکے ہو	پیدائش (کو)	پہلی (دفعہ کی)	تو کیوں نہیں

تَذَكَّرُوۡنَ⑤ (62)	اَفَرَءَيۡتُمۡ③	مَّا	تَحۡرُثُوۡنَ (63) ط
تم سب نصیحت پکڑتے	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا)	جو	تم سب بوتے ہو

ءَ	اَنۡتُمۡ تَزۡرَعُوۡنَهٗۤ⑥	اَمۡ	نَحۡنُ	الزّٰرِعُوۡنَ⑦ (64)
کیا	تم سب اُگاتے ہو اُسے	یا	ہم	اُگانے والے (ہیں)

لَوۡ	نَشَآءُ	لَجَعَلۡنٰهُ	حُطَامًا	فَظَلۡتُمۡ
اگر	ہم چاہیں	(تو) ضرور ہم کر ڈالیں اُسے	ریزہ ریزہ	پھر تم رہ جاؤ

تَفَكَّهُوۡنَ⑤ (65)	اِنَّا	لَمُغۡرَمُوۡنَ (66) لا	بَلۡ
تم سب (حیرت سے) باتیں بناتے	کہ بیشک ہم	یقیناً سب تاوان ڈال دیے گئے (ہیں)	بلکہ

نَحۡنُ	مَحۡرُوۡمُوۡنَ (67)	اَفَرَءَيۡتُمُ③	الۡمَآءَ
ہم	سب محروم (ہو گئے)	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا)	پانی

ضروری وضاحت

① كُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ تُمۡ جمع مذکر کی علامت ہے۔④ ۃ اور ـٰی مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ تَذَكَّرُوۡنَ اور تَفَكَّهُوۡنَ دراصل تَتَذَكَّرُوۡنَ اور تَتَفَكَّهُوۡنَ تھے، اس فعل میں موجود تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ اَنۡتُمۡ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑦ یہاں وۡنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿68﴾	جو تم پیتے ہو۔ ﴿68﴾
ءَ اَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ	کیا تم نے اُتارا ہے اُسے بادل سے
اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿69﴾	یا ہم اُتارنے والے ہیں۔ ﴿69﴾
لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا	اگر ہم چاہیں (تو) ہم کردیں اسے سخت کڑوا
فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾	تو کیوں نہیں تم شکر ادا کرتے (ہمارے احسان کا) ﴿70﴾
اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ	پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا اس) آگ پر
الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿71﴾	جو تم جلاتے ہو۔ ﴿71﴾
ءَ اَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ	کیا تم نے پیدا کیا ہے اس کے درخت کو
اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ﴿72﴾	یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ﴿72﴾
نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً	ہم ہی نے بنایا ہے اُسے ایک نصیحت (کا سبب)
وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿73﴾	اور فائدے کی چیز مسافروں کے لیے۔ ﴿73﴾
فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿74﴾	پس آپ تسبیح کیجیے اپنے عظیم رب کے نام کی۔ ﴿74﴾

ع 2 36 15 الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَشْرَبُوْنَ	اکل وشرب، شربت، ماکولات ومشروبات۔	شَجَرَتَهَآ	شجرہ نسب، شجر ممنوعہ، شجرکاری مہم۔
اَنْزَلْتُمُوْهُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	تَذْكِرَةً	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
نَشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔	مَتَاعًا	متاع کارواں، مال ومتاع۔
تَشْكُرُوْنَ	شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔	فَسَبِّحْ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
فَرَءَيْتُمْ	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	بِاسْمِ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
النَّارَ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	رَبِّكَ	رب، ربوبیت، رب العالمین۔
اَنْشَاْتُمْ	انشاء، انشاء پردازی، نشوونما۔	الْعَظِيْمِ	عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔

الَّذِیْ ①	تَشْرَبُوْنَ ط ﴿68﴾	ءَ	اَنْتُمْ	اَنْزَلْتُمُوْهُ ②	مِنَ الْمُزْنِ
جو	تم سب پیتے ہو	کیا	تم نے	تم نے اُتارا ہے اُسے	بادل سے

اَمْ	نَحْنُ	الْمُنْزِلُوْنَ ③④ ﴿69﴾	لَوْ ⑤	نَشَآءُ	جَعَلْنٰهُ
یا	ہم	اُتارنے والے (ہیں)	اگر	ہم چاہیں	(تو) ہم کر دیں اُسے

اُجَاجًا	فَلَوْلَا ⑥	تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾	اَفَرَءَيْتُمُ
سخت کڑوا	تو کیوں نہیں	تم سب شکر ادا کرتے	پھر کیا تم نے دیکھا

النَّارَ ⑦	الَّتِیْ ①	تُوْرُوْنَ ط ﴿71﴾	ءَ	اَنْتُمْ	اَنْشَاْتُمْ
آگ (کو)	جو	تم سب جلاتے ہو	کیا	تم نے	تم نے پیدا کیا ہے

شَجَرَتَهَآ	اَمْ	نَحْنُ	الْمُنْشِئُوْنَ ③④ ﴿72﴾
اُس کے درخت کو	یا	ہم	پیدا کرنے والے (ہیں)

نَحْنُ جَعَلْنٰهَا ⑧	تَذْكِرَةً	وَّ	مَتَاعًا
ہم ہی نے بنایا ہے اُسے	ایک نصیحت	اور	فائدے کی چیز

لِّلْمُقْوِيْنَ ج ﴿73﴾	فَسَبِّحْ	بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ع ﴿74﴾
مسافروں کے لیے	پس آپ تسبیح کیجیے	اپنے عظیم رب کے نام کی

ع 2 36 15 الثلثة

ضروری وضاحت

① الَّذِیْ واحد مذکر اور الَّتِیْ واحد مؤنث کی علامت ہے، دونوں کا ترجمہ جو کیا جاتا ہے۔ ② تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمُ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔ ⑥ لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑧ نَحْنُ اور نَا دونوں کا ترجمہ ہم ہے۔

فَلَآ اُقْسِمُ	پس نہیں! میں قسم کھاتا ہوں
بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿75﴾	ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی۔ ﴿75﴾
وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿76﴾	اور اگر تم جانو تو بیشک یہ یقیناً بہت بڑی قسم ہے۔ ﴿76﴾
اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿77﴾	بیشک یہ یقیناً قرآن بڑے رتبے والا ہے۔ ﴿77﴾
فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿78﴾	(جو لکھا ہوا ہے) ایک پوشیدہ کتاب (لوح محفوظ) میں۔ ﴿78﴾
لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا	نہیں چھوتے اسے (لوح محفوظ یا قرآن کو) مگر
الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿79﴾ تَنْزِيْلٌ	پاک کیے ہوئے لوگ (یعنی فرشتے) ﴿79﴾ (یہ) نازل کردہ ہے
مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾	تمام جہانوں کے رب کی طرف سے۔ ﴿80﴾
اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ	تو (بھلا) کیا تم اس کلام سے
مُّدْهِنُوْنَ ﴿81﴾	بے پروائی کرنے والے ہو۔ ﴿81﴾
وَ تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ	اور اپنا وظیفہ تم (یہ) بناتے ہو
اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿82﴾	کہ بیشک تم (اسے) جھٹلاتے ہو۔ ﴿82﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَلَآ	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الْمُطَهَّرُوْنَ	طاہر، طہارت، ازواج مطہرات۔
اُقْسِمُ	قسم کھانا، قسمیں۔	تَنْزِيْلٌ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
بِمَوٰقِعِ	واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار، وقوعہ۔	مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
النُّجُوْمِ	نجم، نجومی، علمِ نجوم۔	الْعٰلَمِيْنَ	عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	فَبِهٰذَا	لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی، علیٰ ہٰذا القیاس۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الْحَدِيْثِ	حدیث، تحدیثِ نعمت۔
يَمَسُّهٗٓ	مس کرنا (چھونا)۔	مُّدْهِنُوْنَ	مداہنت۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	رِزْقَكُمْ	رزق، رزّاق، رازق۔

فَلَآ ①	اُقْسِمُ	بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ② ﴿75﴾	وَ	اِنَّهٗ
پس نہیں!	میں قسم کھاتا ہوں	ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی	اور	بیشک وہ

لَقَسَمٌ	لَّوْ	تَعْلَمُوْنَ	عَظِيْمٌ ﴿76﴾	اِنَّهٗ
یقیناً قسم (ہے)	اگر	تم سب جانو	بہت بڑی	بیشک وہ

لَقُرْاٰنٌ	كَرِيْمٌ ﴿77﴾	فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ③ ﴿78﴾
یقیناً قرآن (ہے)	بڑے رُتبے والا	ایک پوشیدہ کتاب (لوح محفوظ) میں

لَّا يَمَسُّهٗٓ ④⑤	اِلَّا	الْمُطَهَّرُوْنَ ⑥ ﴿79﴾	تَنْزِيْلٌ
نہیں چھوتے اُسے	مگر	سب پاک کیے ہوئے لوگ (یعنی فرشتے)	(یہ) نازل کردہ (ہے)

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾	اَ	فَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ
تمام جہانوں کے رب کی طرف سے	(بھلا) کیا	تو اس کلام سے

اَنْتُمْ	مُّدْهِنُوْنَ ⑥ ﴿81﴾	وَ	تَجْعَلُوْنَ
تم	سب بے پروائی کرنے والے ہو	اور	تم سب بناتے ہو

رِزْقَكُمْ	اَنَّكُمْ	تُكَذِّبُوْنَ ﴿82﴾
اپنی روزی (اس چیز کو)	کہ بیشک تم	تم سب جھٹلاتے ہو (اُسے)

ضروری وضاحت

① بعض نے اس لَا کو زائد کہا ہے اور بعض نے کہا کہ یہ لوگوں کی کہی ہوئی کسی بات کی تردید کیلئے آیا ہے اور بعد میں قسم کھا کر اگلی بات کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔② بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ سے مُراد ستاروں کے طلوع اور غروب ہونے کی جگہیں ہیں۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے ہوتا ہے۔
⑥اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم اور اگر آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿83﴾	پھر (ایسا) کیوں نہیں جب (جان) حلق کو پہنچ جاتی ہے۔ ﴿83﴾
وَ اَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿84﴾	اور تم اُس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو۔ ﴿84﴾
وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ	اور ہم تم سے زیادہ قریب ہوتے ہیں اُس (مرنیوالے) کے
وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿85﴾	اور لیکن تم نہیں دیکھ سکتے۔ ﴿85﴾
فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿86﴾	اگر تم نہیں ہو (کسی کے) محکوم (تو) پھر کیوں نہیں۔ ﴿86﴾
تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿87﴾	تم واپس لے آتے اس (روح) کو اگر تم سچے ہو۔ ﴿87﴾
فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿88﴾	پس لیکن اگر وہ ہوا (اللہ کے) مقربین میں سے۔ ﴿88﴾
فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ ۙ	تو (اس کے لیے) راحت اور خوشبودار پھول
وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿89﴾	اور نعمت والی جنت ہے۔ ﴿89﴾
وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ	اور لیکن اگر وہ ہوا
مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿90﴾	دائیں ہاتھ والوں میں سے۔ ﴿90﴾
فَسَلٰمٌ لَّكَ	تو (کہا جائے گا) سلامتی ہے تیرے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَلَغَتِ : بالغ، بلوغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	تُبْصِرُوْنَ : سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
الْحُلْقُوْمَ : حلق، حلقوم۔	غَيْرَ : دیار غیر، غیر اللہ، اغیار۔
تَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	تَرْجِعُوْنَهَآ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
اَقْرَبُ : قرب، قریب، مقرب، قرابت، اقرباء۔	صٰدِقِيْنَ : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
اِلَيْهِ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	نَعِيْمٍ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
مِنْكُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَصْحٰبِ : صاحب، صحبت، اصحاب کہف۔
لٰكِنْ : لیکن۔	الْيَمِيْنِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	فَسَلٰمٌ : اسلام، سلام، سلامتی، مسلمان۔

فَلَوْلَآ ①	اِذَا	بَلَغَتِ ②	الْحُلْقُوْمَ ③ لا (83)	وَاَنْتُمْ
پھر (ایسا) کیوں نہیں	جب	(جان) پہنچ جاتی ہے	حلق (کو)	اور تم

حِيْنَئِذٍ	تَنْظُرُوْنَ لا (84)	وَنَحْنُ	اَقْرَبُ ④	اِلَيْهِ ⑤
اُس وقت	تم سب دیکھ رہے ہوتے ہو	اور ہم	زیادہ قریب ہوتے ہیں	اُس (مرنیوالے) کے

مِنْكُمْ	وَلٰكِنْ	لَّا تُبْصِرُوْنَ ⑥ (85)	فَلَوْلَآ ①	اِنْ
تم سے	اور لیکن	نہیں تم سب دیکھتے	پھر کیوں نہیں	اگر

كُنْتُمْ	غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ لا (86)	تَرْجِعُوْنَهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ
تم ہو	سب غیر محکوم (تو)	تم سب واپس لے آتے اس (روح) کو	اگر	تم ہو

صٰدِقِيْنَ (87)	فَاَمَّآ ①	اِنْ	كَانَ ⑦	مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ لا (88)
سب سچے	پس لیکن	اگر	وہ ہوا	(اللہ کے) مقرب لوگوں میں سے

فَرَوْحٌ ①	وَّرَيْحَانٌ ۵ لا	وَّجَنَّتُ	نَعِيْمٍ (89)	وَاَمَّآ
تو (اس کے لیے) راحت	اور خوشبودار پھول	اور جنت (ہے)	نعمت والی	اور لیکن

اِنْ كَانَ ⑦	مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ لا (90)	فَسَلٰمٌ ①	لَّكَ ⑧
اگر وہ ہوا	دائیں ہاتھ والوں میں سے	تو سلامتی (ہے)	تیرے لیے

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔② تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔④ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ اِلٰی کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑦ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے ہوتا ہے۔⑧ لَكَ میں لَ دراصل لِ تھا، پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوا ہے۔

مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿91﴾	(کہ تو) دائیں ہاتھ والوں میں سے ہے۔ ﴿91﴾
وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ	اور لیکن اگر وہ ہوا
مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿92﴾	جھٹلانے والے گمراہوں میں سے۔ ﴿92﴾
فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿93﴾	تو (اسکی) مہمانی گرم کھولتے ہوئے پانی سے ہے۔ ﴿93﴾
وَّ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿94﴾	اور دوزخ میں دھکیلا جانا ہے۔ ﴿94﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿95﴾	بیشک یہ (دھکیلا جانا) واقعی وہ حق ہے (جو) یقینی ہے۔ ﴿95﴾
فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿96﴾	تو آپ تسبیح کیجیے اپنے عظیم رب کے نام کی۔ ﴿96﴾

ع 3 22 16

اٰیاتُها 29 — 57 سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ 94 — رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	تسبیح بیان کی اللہ کی ہر اس چیز نے جو آسمانوں میں
وَالْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ	اور زمین (میں ہے) اور وہی بہت غالب
الْحَكِيْمُ ﴿1﴾	زبردست حکمت والا ہے۔ ﴿1﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَسَبِّحْ	: تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
اَصْحٰبِ	: صاحب، صحبت، اصحاب کہف۔	بِاسْمِ	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
الْيَمِيْنِ	: یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔	رَبِّكَ	: ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔
الْمُكَذِّبِيْنَ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	الْعَظِيْمِ	: عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
الضَّآلِّيْنَ	: ضلالت و گمراہی۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
هٰذَا	: لہٰذا، ہذا من فضل ربی، علیٰ ہذا القیاس۔	فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
حَقُّ	: حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔	السَّمٰوٰتِ	: ارض و سما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔
الْيَقِيْنِ	: یقین، یقین محکم، یقین کامل۔	الْحَكِيْمُ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔

مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿91﴾ ط	وَ اَمَّآ	اِنْ كَانَ	مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ ①
(کہ تو) دائیں ہاتھ والوں میں سے (ہے)	اور لیکن	اگر وہ ہوا	جھٹلانے والوں میں سے

الضَّآلِّيْنَ ﴿92﴾ لا	فَنُزُلٌ	مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿93﴾ لا	وَّ ②
گمراہوں (میں سے)	تو (اسکی) مہمانی (ہے)	گرم کھولتے ہوئے پانی سے	اور

تَصْلِيَةُ ③	جَحِيْمٍ ﴿94﴾	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	حَقُّ
دھکیلا جانا	دوزخ (میں)	بے شک	یہ	واقعی وہ	حق (ہے)

ع 3 22 16

الْيَقِيْنِ ﴿95﴾ ج	فَسَبِّحْ	بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ④⑤ ﴿96﴾ ع
(جو) یقینی (ہے)	تو آپ تسبیح کیجیے	اپنے عظیم رب کے نام کی

اٰيَاتُهَا 29 | 57 سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ 94 | رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ ⑥	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ③
تسبیح بیان کی	اللہ کی	(ہر اس چیز نے) جو	آسمانوں میں

وَ	الْاَرْضِ ط	وَ	هُوَ الْعَزِيْزُ ⑦⑧	الْحَكِيْمُ ⑧ ﴿1﴾
اور	زمین (میں ہے)	اور	وہی بہت غالب	زبردست حکمت والا (ہے)

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔② وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا قسم ہے ہوتا ہے۔③ ۃ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑤ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ تیرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔⑦ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	اسی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی
يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ	وہ زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿2﴾	اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ ﴿2﴾
هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ	وہی (سب سے) پہلا ہے اور (سب سے) آخر ہے
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ	اور (وہی سب پر) ظاہر ہے اور (اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے
وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿3﴾	اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿3﴾
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	اور زمین کو چھ دنوں میں
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ	پھر وہ بلند ہوا (اور قرار پکڑا) عرش پر
يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ	وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے
وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ	اور جو کچھ نکلتا ہے اس سے اور جو کچھ اترتا ہے
مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ	آسمان سے اور جو کچھ چڑھتا ہے اس میں (سب جانتا ہے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحْيٖ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	اَيَّامٍ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
يُمِيْتُ	: موت، اموات، میت۔	الْعَرْشِ	: عرش الٰہی، عرش و فرش، تحت العرش۔
عَلٰى	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	يَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
شَيْءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر۔	يَخْرُجُ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
الْبَاطِنُ	: ظاہر و باطن، باطنی طور پر۔	مِنْهَا	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
خَلَقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يَنْزِلُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَعْرُجُ	: عروج و زوال، عالم عروج، معراج۔

لَهٗ①	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ج	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ ج
اسی کی	بادشاہی (ہے)	آسمانوں	اور زمین (کی)	وہ زندگی دیتا ہے	اور وہ موت دیتا ہے

وَهُوَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ② (2)	هُوَ الْاَوَّلُ③	وَالْاٰخِرُ
اور وہ	ہر چیز پر	خوب قادر (ہے)	وہی (سب سے) پہلا ہے	اور (سب سے) آخر ہے

وَالظَّاهِرُ	وَالْبَاطِنُ ج	وَهُوَ	بِكُلِّ شَيْءٍ④	عَلِيْمٌ② (3)
اور (سب پر) ظاہر (غالب) ہے	اور (اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے	اور وہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا (ہے)

هُوَ الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ
وہی ہے جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین (کو)	چھ دنوں میں

ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ ط	يَعْلَمُ	مَا	يَلِجُ⑤
پھر	وہ بلند ہوا	عرش پر	وہ جانتا ہے	جو (کچھ)	وہ داخل ہوتا ہے

فِي الْاَرْضِ	وَمَا	يَخْرُجُ⑥	مِنْهَا	وَمَا
زمین میں	اور جو (کچھ)	وہ نکلتا ہے	اس سے	اور جو (کچھ)

يَنْزِلُ⑦	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	يَعْرُجُ⑧	فِيْهَا ط
وہ اُترتا ہے	آسمان سے	اور جو (کچھ)	وہ چڑھتا ہے	اس میں

ضروری وضاحت

① لَهٗ میں لَہ دراصل لِہ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَہ ہو جاتا ہے۔② فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔③ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ ہوتا ہے۔⑤ یعنی جو بارش کا پانی اور غلہ جات اور میوہ جات کے بیج زمین میں داخل ہوتے ہیں۔⑥ یعنی جو درخت اور پودے وغیرہ زمین سے نکلتے ہیں۔⑦ یعنی بارش، اولے، تقدیر اور وہ احکام جو فرشتے لے کر اترتے ہیں۔⑧ یعنی جو فرشتے انسانوں کے عمل لے کر چڑھتے ہیں۔

وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ	اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿4﴾	اور اللہ (اس) کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿4﴾
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اسی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی
وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿5﴾	اور اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹائے جاتے ہیں ﴿5﴾
يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ	وہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں
وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ	اور وہی داخل کرتا ہے دن کو رات میں
وَ هُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿6﴾	اور وہ سینوں والی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿6﴾
اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ	(تو) تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر
وَ اَنْفِقُوْا	اور تم سب خرچ کرو
مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ	(اُس) میں سے جس میں اس نے جانشین بنایا ہے تمہیں
فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ	پھر جو (لوگ) ایمان لائے تم میں سے
وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿7﴾	اور انہوں نے خرچ کیا ان کے لیے بڑا اجر ہے ﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَكُمْ	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	النَّهَارِ	: لیل ونہار، نصف النہار۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	عَلِيْمٌۢ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	بِذَاتِ	: ذات، ذاتی طور پر، بذات خود۔
بَصِيْرٌ	: سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔	الصُّدُوْرِ	: شرح صدر، شق صدر۔
اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اٰمِنُوْا	: امن، ایمان، مومن۔
تُرْجَعُ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔	اَنْفِقُوْا	: نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
الْاُمُوْرُ	: امر آمر، مامور، آمریت۔	مُّسْتَخْلَفِيْنَ	: خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
الَّيْلَ	: لیل ونہار، لیلۃ القدر، لیلہ مبارکہ۔	كَبِيْرٌ	: کبریائی، اکبر، کبیر، تکبر، مکبّر۔

وَهُوَ ①	مَعَكُمْ	اَيْنَ مَا ②	كُنْتُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	بِمَا ③	تَعْمَلُوْنَ
اور وہ	تمہارے ساتھ (ہے)	جہاں کہیں	تم ہو	اور اللہ	(اس) کو جو	تم سب کرتے ہو

بَصِيْرٌ ④ ﴿4﴾	لَهٗ ⑤	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ؕ	وَ	اِلَى اللّٰهِ
خوب دیکھنے والا (ہے)	اسی کی	بادشاہی (ہے)	آسمانوں	اور زمین (کی)	اور	اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ ⑥	الْاُمُوْرُ ﴿5﴾	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَيُوْلِجُ
لوٹائے جاتے ہیں	تمام معاملات	وہ داخل کرتا ہے	رات (کو)	دن میں	اور وہ داخل کرتا ہے

النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ ؕ	وَهُوَ	عَلِيْمٌ ④	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ③ ﴿6﴾
دن (کو)	رات میں	اور وہ	خوب جاننے والا (ہے)	سینوں والی (باتوں) کو

اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاَنْفِقُوْا	مِمَّا
(تو) تم سب ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	اور تم سب خرچ کرو	(اُس) میں سے جو

جَعَلَكُمْ	مُّسْتَخْلَفِيْنَ ⑦	فِيْهِ ؕ	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اس نے بنایا ہے تمہیں	جانشین	اُس میں	پھر جو (لوگ)	سب ایمان لائے

مِنْكُمْ	وَ	اَنْفَقُوْا	لَهُمْ ⑤	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ ④ ﴿7﴾
تم میں سے	اور	اُن سب نے خرچ کیا	اُن کے لیے	اجر (ہے)	بہت بڑا

ضروری وضاحت

① هُوَ واحد مذکر کی علامت ہے اور اس کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔② اَيْنَ مَا قرآنی کتابت میں یوں لکھا گیا ہے ورنہ یہ ایک ہی لفظ ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے کو کبھی پر کبھی بدلہ ہوتا ہے۔④ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَهٗ اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہو جاتا ہے۔⑥ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں علامت يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ	اور کیا ہوا ہے تم کو (کہ) تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے
وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ	حالانکہ رسول تمہیں دعوت دے رہا ہے
لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ	کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ
وَ قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ	اور یقیناً وہ تم سے پختہ عہد (بھی) لے چکا ہے
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿8﴾	اگر ہو تم ایمان لانے والے۔ ﴿8﴾
هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ	(اللہ) وہ ہے جو نازل کرتا ہے
عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ	اپنے بندے پر واضح آیات تاکہ وہ نکالے تمہیں
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ	اندھیروں سے روشنی کی طرف اور بیشک اللہ
بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿9﴾	تم پر یقیناً بہت شفقت کرنیوالا بڑا مہربان ہے۔ ﴿9﴾
وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور تمہیں کیا ہوا کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے
وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	حالانکہ آسمان اور زمین کی میراث صرف اللہ کے لیے ہے
لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ	وہ برابر نہیں تم میں سے جس نے خرچ کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
الرَّسُوْلُ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
يَدْعُوْكُمْ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
اَخَذَ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
مِيْثَاقَكُمْ : میثاق مدینہ، وثوق، اُمید واثق۔
يُنَزِّلُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔

عَبْدِهٖ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
بَيِّنٰتٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لِّيُخْرِجَكُمْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
الظُّلُمٰتِ : بحر ظلمات، ظلمت۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
تُنْفِقُوْا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَسْتَوِيْ : مساوی، مساوات، خط استوا۔

وَمَا①	لَكُمْ	لَا تُؤْمِنُوْنَ②	بِاللّٰهِ ج	وَالرَّسُوْلُ①	يَدْعُوْكُمْ
اور کیا (ہے)	تم کو	نہیں تم سب ایمان لاتے	اللہ پر	حالانکہ رسول	وہ دعوت دیتا ہے تمہیں

لِتُؤْمِنُوْا③	بِرَبِّكُمْ	وَقَدْ①	اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ
کہ تم سب ایمان لاؤ	اپنے رب پر	اور یقیناً	وہ لے چکا ہے	تم سے پختہ عہد (بھی)	اگر

كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ④ ۝8	هُوَ الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰى عَبْدِهٖٓ⑤
ہوتم	سب ایمان لانے والے	(اللہ) وہ ہے جو	وہ نازل کرتا ہے	اپنے بندے پر

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ③	مِّنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ ط	وَ①	اِنَّ
واضح آیات	تاکہ وہ نکالے تمہیں	اندھیروں سے	روشنی کی طرف	اور	بیشک

اللّٰهَ	بِكُمْ	لَرَءُوْفٌ⑥⑦	رَّحِيْمٌ⑦ ۝9	وَ①	مَا	لَكُمْ	اَلَّا⑧
اللہ	تم پر	یقیناً بہت شفقت کرنیوالا	بڑا مہربان (ہے)	اور	کیا (ہوا)	تم کو	کہ نہیں

تُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلِلّٰهِ①	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ
تم سب خرچ کرتے	اللہ کی راہ میں	حالانکہ (صرف) اللہ کیلئے (ہے)	میراث	آسمانوں (کی)

وَ①	الْاَرْضِ ط	لَا يَسْتَوِيْ	مِنْكُمْ	مَّنْ	اَنْفَقَ
اور	زمین (کی)	نہیں وہ برابر	تم میں سے	جس نے	خرچ کیا

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہوتو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ	فتح (مکہ) سے پہلے اور جنگ کی (اسکے جس نے یہ عمل بعد میں کیے)
اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً	یہ (لوگ) درجے میں زیادہ عظیم ہیں
مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا	ان لوگوں سے جنہوں نے خرچ کیا
مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ	اس کے بعد اور انہوں نے جنگ کی
وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ	اور ہر ایک سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے
ع 10/17 وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿10﴾	اور اللہ (اس) سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿10﴾
مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ	کون ہے وہ جو قرض دے اللہ کو
قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ	قرض حسنہ پھر وہ کئی گناہ بڑھا دے اُسے اسکے لیے
وَ لَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿11﴾	اور اُس کے لیے اچھا اجر ہے۔ ﴿11﴾
يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ	جس دن آپ دیکھیں گے مؤمن مردوں
وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ	اور مؤمن عورتوں کو (کہ) ان (کے ایمان) کا نور دوڑ رہا ہوگا
بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ	ان کے آگے اور ان کے دائیں طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَبْلِ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	فَيُضٰعِفَهٗ	ذو اضعاف اقل۔
الْفَتْحِ	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح، فتح مکہ۔	كَرِيْمٌ	کرم، اکرام، تکریم، محترم و مکرم۔
اَنْفَقُوْا	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
وَّعَدَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	تَرَى	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
بِمَا	بالکل، بالواسطہ/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	بَيْنَ	بین بین، بین المذاہب، بین الاقوامی۔
تَعْمَلُوْنَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	اَيْدِيْهِمْ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خَبِيْرٌ	خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔	بِاَيْمَانِهِمْ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
يُقْرِضُ	قرض، مقروض، قرضہ۔	يَسْعٰى	سعی (بھاگ دوڑ) سعی لا حاصل۔

مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ	وَ قٰتَلَ ؕ	اُولٰٓئِكَ ①	اَعۡظَمُ ②	دَرَجَةً ③
فتح (مکہ) سے پہلے	اور جنگ کی	یہ لوگ	زیادہ عظیم (ہیں)	درجے (میں)

مِّنَ الَّذِيۡنَ	اَنۡفَقُوۡا	مِنۡۢ بَعۡدُ ④	وَ	قٰتَلُوۡا ؕ
(اُن لوگوں) سے جن	سب نے خرچ کیا	(اس کے) بعد	اور	ان سب نے جنگ کی

وَ كُلًّا	وَّعَدَ	اللّٰهُ ⑤	الۡحُسۡنٰى ③ ؕ	وَاللّٰهُ	بِمَا
اور ہر ایک (سے)	وعدہ کیا ہے	اللہ نے	بھلائی (کا)	اور اللہ	(اس) سے جو

ع 1 10 17

تَعۡمَلُوۡنَ	خَبِيۡرٌ ع (10)	مَنۡ ⑥	ذَا الَّذِىۡ	يُقۡرِضُ ⑦	اللّٰهَ ⑤
تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار (ہے)	کون (ہے)	وہ جو	قرض دے	اللہ (کو)

قَرۡضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	وَلَهٗۤ	اَجۡرٌ	كَرِيۡمٌ ج (11)
قرض حسنہ	پھر وہ کئی گنا بڑھا دے اُسے	اس کیلئے	اور اس کیلئے	اجر (ہے)	بہت اچھا

يَوۡمَ	تَرَى	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	وَ	الۡمُؤۡمِنٰتِ ③
(جس) دن	آپ دیکھیں گے	مؤمن مردوں	اور	مؤمن عورتوں (کو)

يَسۡعٰى ⑦	نُوۡرُهُمۡ	بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ	وَ	بِاَيۡمَانِهِمۡ
(کہ) دوڑ رہا ہوگا	ان کا نور	اُنکے ہاتھوں کے درمیان (یعنی اُنکے آگے)	اور	انکے دائیں طرف سے

ضروری وضاحت

① اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ کر دیا جاتا ہے اس کا استعمال بات میں زور ڈالنے کیلئے ہوتا ہے۔ ② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ ة، ات اور ـٰى مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ مَنۡ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

بُشْرٰىكُمُ	(توان سے کہا جائے گا) تم کو خوشخبری ہو
الْيَوْمَ جَنّٰتٌ	(کہ تمہارے لیے) آج (ایسے) باغات ہیں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(کہ) بہتی ہیں انکے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ	(وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ﴿12﴾	یہ ہی عظیم کامیابی ہے۔﴿12﴾
يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ	جس دن کہیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا	(ان لوگوں) سے جو ایمان لائے ہمارا انتظار کرو
نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ	(کہ) ہم بھی کچھ روشنی حاصل کرلیں تمہارے نور سے
قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَاۗءَكُمْ	(ان سے) کہا جائے گا واپس لوٹو اپنے پیچھے (دنیا میں)
فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ	پھر نور تلاش کرو، پھر انکے درمیان کھڑی کردی جائے گی
بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ	ایک دیوار اس میں ایک دروازہ ہوگا
بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ	اور اس کی اندرونی جانب اس میں رحمت ہوگی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بُشْرٰىكُمْ : بشارت، بشیر و نذیر، مبشر، عشرہ مبشرہ۔
الْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم پاکستان۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْفَوْزُ : فوز و فلاح، عہدے پر فائز ہونا۔
يَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

انْظُرُوْنَا : انتظار، منتظر۔
نَقْتَبِسْ : اقتباس۔
ارْجِعُوْا : رجوع، راجع،، مرجع، رجعت پسندی۔
وَرَاۗءَكُمْ : ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
فَضُرِبَ : ضرب کاری، مضروب۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
بَابٌ : باب، ابواب، باب خیبر، باب رحمت۔
بَاطِنُهٗ : ظاہر و باطن، باطنی طور پر۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

بُشْرٰىكُمُ	الْيَوْمَ	جَنّٰتٌ ①	تَجْرِىْ ①	مِنْ تَحْتِهَا
خوشخبری ہو تم کو	آج	(ایسے) باغات (ہیں)	بہتی ہیں	اُن کے نیچے سے

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ؕ	ذٰلِكَ ②	هُوَ الْفَوْزُ ③
نہریں	ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	اُن میں	یہ	ہی کامیابی (ہے)

الْعَظِيْمُ ﴿12﴾ ج	يَوْمَ	يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتُ
بہت عظیم	(جس) دن	وہ کہیں گے	منافق مرد	اور منافق عورتیں

لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	انْظُرُوْنَا ④	نَقْتَبِسْ
(اُن لوگوں) سے جو	سب ایمان لائے	تم سب دیکھو ہمیں	(کہ) ہم (بھی) کچھ روشنی حاصل کرلیں

مِنْ نُّوْرِكُمْ ج	قِيْلَ ⑤⑥	ارْجِعُوْا	وَرَآءَكُمْ
تمہارے نور سے	(ان سے) کہا جائے گا	تم سب واپس لوٹو	اپنے پیچھے (دنیا میں)

فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا ؕ	فَضُرِبَ ⑥⑦	بَيْنَهُمْ	بِسُوْرٍ ⑧
پھر تم سب تلاش کرو	نور	پھر کھڑی کردی جائے گی	انکے درمیان	ایک دیوار

لَّهٗ	بَابٌ ؕ	بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ ①
اس کا	ایک دروازہ (ہوگا)	اس کی اندرونی جانب	اس میں	رحمت (ہوگی)

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ۃ، ات اور فعل کے شروع میں ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے۔③ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہے۔④ علامت وْا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑤قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا، و گرامر کے اصول کے مطابق ی سے بدلی گئی ہے۔⑥یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں ہوا ہے۔⑦فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿13﴾	اور اسکے بیرونی جانب اسکی طرف عذاب ہوگا۔ ﴿13﴾
يُنَادُوْنَهُمْ	وہ (منافق) پکاریں گے اُن (مؤمنوں) کو
اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ	کیا (دنیا میں) ہم تمہارے ساتھ نہ تھے
قَالُوْا بَلٰى	وہ کہیں گے ہاں کیوں نہیں!
وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ	اور لیکن تم نے فتنے میں ڈالا اپنے نفسوں کو
وَتَرَبَّصْتُمْ	اور تم نے انتظار کیا (کہ مسلمان کسی گردش کا شکار ہو جائیں)
وَ ارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ	اور تم شک وشبہ میں پڑے رہے اور دھوکا دیا تمہیں
الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ	(جھوٹی) آرزوؤں نے یہاں تک کہ اللہ کا حکم آپہنچا
وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ	اور دغا دیا تمہیں اللہ کے بارے میں
الْغَرُوْرُ ﴿14﴾	(شیطان) دغاباز نے۔ ﴿14﴾
فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ	پس آج نہ تم سے کوئی فدیہ لیا جائے گا
وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ	اور نہ ان (لوگوں) سے جنہوں نے کفر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَاهِرُهٗ : ظاہر، اظہار، مظہر، ظاہری حالت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُنَادُوْنَهُمْ : نداء، منادی، ندائے ملت۔
مَّعَكُمْ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لٰكِنَّكُمْ : لیکن۔
فَتَنْتُمْ : فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔
اَنْفُسَكُمْ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
ارْتَبْتُمْ : کتاب لاریب، ریب وتردد۔
حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
غَرَّكُمْ، الْغَرُوْرُ : غرور، مغرور۔
فَالْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم پاکستان۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يُؤْخَذُ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
فِدْيَةٌ : فدیہ۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

وَظَاهِرُهٗ ①	مِنْ قِبَلِهِ ①	الْعَذَابُ ﴿13﴾ ط	يُنَادُوْنَهُمْ ②
اور اسکی بیرونی جانب	اسکی طرف سے	عذاب (ہوگا)	وہ سب پکاریں گے اُن (مؤمنوں) کو

اَ	لَمْ نَكُنْ	مَّعَكُمْ ② ط	قَالُوْا ③	بَلٰى
کیا	ہم نہ تھے	تمہارے ساتھ	وہ سب کہیں گے	ہاں کیوں نہیں!

وَلٰكِنَّكُمْ ②	فَتَنْتُمْ ②	اَنْفُسَكُمْ ②	وَ	تَرَبَّصْتُمْ ②④
اور لیکن تم نے	تم نے فتنے میں ڈالا	اپنے نفسوں (کو)	اور	تم نے انتظار کیا

وَ	ارْتَبْتُمْ ②	وَ	غَرَّتْكُمُ ②⑤	الْاَمَانِيُّ
اور	تم شک وشبہ میں پڑے رہے	اور	تمہیں دھوکا دیا	(جھوٹی) آرزوؤں نے

حَتّٰى	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ	وَ	غَرَّكُمْ ②	بِاللّٰهِ
یہاں تک کہ	آ پہنچا	اللہ کا حکم	اور	دغا دیا تمہیں	اللہ کے بارے میں

الْغَرُوْرُ ⑥ ﴿14﴾	فَالْيَوْمَ	لَا يُؤْخَذُ ⑦	مِنْكُمْ ②
دغا باز (شیطان نے)	پس آج	نہ لیا جائے گا	تم سے

فِدْيَةٌ ⑤	وَّ	لَا	مِنَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا ط
کوئی فدیہ	اور	نہ	(اُن لوگوں) سے جن	سب نے کفر کیا

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔② هُمْ، كُمْ، تُمْ تینوں جمع مذکر کی علامتیں ہیں۔③ یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔④ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑤ فعل کے آخر میں تْ اور اسم کے آخر میں ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ الْغَرُوْرُ کا معنٰی دھوکہ دینے والا اور غُرُوْرٌ کا معنٰی دھوکہ ہے۔⑦ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ	تمہارا ٹھکانا (اب) آگ ہی ہے
هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿15﴾	وہی تمہاری رفیق ہے اور بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ ﴿15﴾
اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ	کیا (ابھی تک) وہ وقت نہیں آیا (ان لوگوں) کے لیے جو
اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ	ایمان لائے کہ انکے دل (نرم ہوکر) جھک جائیں
لِذِكْرِ اللّٰهِ وَ مَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ	اللہ کے ذکر کے لیے اور (اسکے لیے) جو نازل ہوا حق سے
وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ	اور وہ نہ ہوجائیں ان (لوگوں) کی طرح جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ	(ان) سے پہلے کتاب دیے گئے
فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ	پھر گزر گئی اُن پر لمبی مدت
فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ	تو ان کے دل سخت ہوگئے
وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿16﴾	اور ان میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔ ﴿16﴾
اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ	جان لو! کہ بیشک اللہ زمین کو زندہ کرتا ہے
بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا	اسکے مرنے کے بعد، یقیناً ہم نے بیان کردی ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَاْوٰىكُمْ	: ملجاوماویٰ۔
النَّارُ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
مَوْلٰىكُمْ	: ولی، ولایت، اولیاء، مولیٰ۔
اٰمَنُوْٓا	: امن، ایمان، مومن۔
تَخْشَعَ	: خشوع وخضوع۔
قُلُوْبُهُمْ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
نَزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الْحَقِّ	: حق، حقیقت۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
فَطَالَ	: طویل مدت، طویل کلام، طول وعرض۔
عَلَيْهِمْ	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
كَثِيْرٌ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
اِعْلَمُوْٓا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يُحْيِ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
الْاَرْضَ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ ؕ	هِيَ ①	مَوْلٰىكُمْ ؕ	وَ	بِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑮
تم سب کا ٹھکانا	آگ (ہی ہے)	وہ	تمہاری رفیق (ہے)	اور	بہت بُرا ٹھکانا (ہے)

اَ ②	لَمْ يَاْنِ ③	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنْ	تَخْشَعَ ④
کیا	نہیں وہ وقت آیا	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	کہ	جھک جائیں

قُلُوْبُهُمْ	لِذِكْرِ اللّٰهِ	وَ مَا	نَزَلَ	مِنَ الْحَقِّ ۙ	وَ
انکے دل	اللہ کے ذکر کے لیے	اور جو	نازل ہوا	حق سے	اور

لَا يَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا ⑤	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلُ
وہ سب نہ ہوجائیں	(اُن لوگوں) کی طرح جو	وہ سب دیے گئے	کتاب	(ان) سے پہلے

فَطَالَ	عَلَيْهِمُ	الْاَمَدُ	فَقَسَتْ ④	قُلُوْبُهُمْ ؕ
پھر لمبی گزر گئی	اُن پر	مدت	تو سخت ہو گئے	ان کے دل

وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ ⑯	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ ⑥	اللّٰهَ
اور بہت سے	اُن میں سے	سب نافرمان	تم سب جان لو!	کہ بیشک	اللہ

يُحْيِ	الْاَرْضَ ⑦	بَعْدَ مَوْتِهَا ⑧ ؕ	قَدْ ⑥	بَيَّنَّا
وہ زندہ کرتا ہے	زمین (کو)	اسکے مرنے (یعنی بنجر ہونے) کے بعد	یقیناً	ہم نے بیان کردی ہیں

ضروری وضاحت

① هِيَ واحد مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ وہ ہوتا ہے۔② أ الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔③ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔④ فعل کے شروع میں تَ اور آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ اُوْتُوْا اصل میں اُوْتِيُوْا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق اُوْتُوا ہوا ہے۔⑥ اَنَّ اور قَدْ تاکید کی علامتیں ہیں۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑧ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، اسم کیساتھ ترجمہ اسکے ہوتا ہے۔

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿17﴾	تمہارے لیے کھول کھول کر آیات تاکہ تم سمجھو۔ ﴿17﴾
اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ	بیشک صدقہ کرنیوالے مرد
وَالْمُصَّدِّقٰتِ	اور صدقہ کرنیوالی عورتیں
وَ اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا	اور (اُنہوں نے) اللہ کو قرض دیا اچھا قرض
يُّضٰعَفُ لَهُمْ	ان کے لیے وہ بڑھا دیا جائے گا
وَ لَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿18﴾	اور ان کے لیے عزت کا اجر ہے۔ ﴿18﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖٓ	اور وہ (لوگ) جو ایمان لائے اللہ اور اسکے رسولوں پر
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ	وہی لوگ ہی بہت سچے ہیں
وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ	اور اپنے رب کے ہاں گواہی دینے والے ہیں
لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ	ان کے لیے ان کا اجر اور ان کا نور ہے
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور وہ (لوگ) جنہوں نے کفر کیا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ	اور انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔
الْمُصَّدِّقِيْنَ : صدقہ وخیرات، صدقۃ الفطر۔
اَقْرَضُوا : قرض، مقروض، قرضہ۔
حَسَنًا : حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
يُّضٰعَفُ : ذواضعاف اقل۔
اَجْرٌ : اجر وثواب، اجر عظیم، اُجرت۔
كَرِيْمٌ : کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
الصِّدِّيْقُوْنَ : صدیق، صداقت، تصدیق، مصدقہ۔
الشُّهَدَآءُ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
رَبِّهِمْ : ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔
نُوْرُهُمْ : بدرِ منیر، نور، منور، انوار۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
بِاٰيٰتِنَآ : آیت، آیات۔

لَكُمْ ①	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ② (17)	اِنَّ	الْمُصَّدِّقِيْنَ ③
تمہارے لیے	آیات	تا کہ تم سب سمجھو	بیشک	سب صدقہ کرنیوالے مرد

وَ	الْمُصَّدِّقٰتِ ③	وَ	اَقْرَضُوا اللّٰهَ ④	قَرْضًا حَسَنًا
اور	صدقہ کرنیوالی عورتیں	اور	انہوں نے قرض دیا اللہ کو	اچھا قرض

يُّضٰعَفُ ⑤	لَهُمْ ①	وَ	لَهُمْ ①	اَجْرٌ	كَرِيْمٌ (18)
وہ بڑھا دیا جائے گا	اُن کے لیے	اور	اُن کے لیے	اجر (ہے)	عزت کا

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖٓ
اور	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اللہ پر	اور	اسکے رسولوں (پر)

اُولٰٓئِكَ ⑥	هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ	وَ	الشُّهَدَآءُ
وہی لوگ	ہی سب بہت سچے (ہیں)	اور	گواہی دینے والے (ہیں)

عِنْدَ رَبِّهِمْ ط ⑦	لَهُمْ ①	اَجْرُهُمْ ⑦	وَ	نُوْرُهُمْ ط ⑦	وَ
اپنے رب کے ہاں	ان کے لیے	ان کا اجر	اور	ان کا نور (ہے)	اور

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات کو

ضروری وضاحت

① لَكُمْ اور لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔② كُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔
③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ اگر يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ اُولٰٓئِكَ جمع مذکر کی علامت ہے، عموماً تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے۔⑦ اسم کے آخر میں هُمْ یا هِمْ کا ترجمہ انکے ہوتا ہے۔

ع 2 9 18

اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ﴿19﴾ ع	وہی لوگ دوزخ والے ہیں۔ ﴿19﴾ ع
اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا	تم جان لو! کہ بیشک صرف دنیوی زندگی تو
لَعِبٌ وَّ لَهۡوٌ وَّ زِيۡنَةٌ	کھیل اور تماشا ہے اور زینت (و آرائش) ہے
وَّ تَفَاخُرٌۢ بَيۡنَكُمۡ	اور تمہارے درمیان (آپس میں) ایک دوسرے پر فخر کرنا ہے
وَ تَكَاثُرٌ	اور ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے
فِى الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَوۡلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيۡثٍ	مال اور اولاد میں، (اس) بارش کی مثل
اَعۡجَبَ الۡكُفَّارَ نَبَاتُهٗ	(کہ) اس کی پیداوار نے کاشتکاروں کو خوش کر دیا
ثُمَّ يَهِيۡجُ	پھر وہ خشک ہو جاتی ہے
فَتَرٰىهُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ	تو تو اسے (پک کر) زرد ہوئی دیکھتا ہے پھر
يَكُوۡنُ حُطَامًا ؕ وَفِى الۡاٰخِرَةِ	وہ چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں (کافروں کے لیے)
عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۙ وَّمَغۡفِرَةٌ	سخت عذاب ہے اور (مؤمنوں کے لیے) بخشش ہے
مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانٌ ؕ	اللہ کی طرف سے اور خوشنودی ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعۡلَمُوۡۤا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الۡحَيٰوةُ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
لَهۡوٌ : لہو ولعب۔
تَفَاخُرٌ : فخر، فخریہ پیشکش، فخر کرنا۔
بَيۡنَكُمۡ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
تَكَاثُرٌ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الۡاَمۡوَالِ : مال و دولت، مال و جان، مالی خسارہ۔

كَمَثَلِ : کالعدم، کماحقہ/مثل، مثال، امثلہ۔
اَعۡجَبَ : عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
نَبَاتُهٗ : نباتات و جمادات۔
فَتَرٰىهُ : رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
مُصۡفَرًّا : صفراوی مادہ، صفراء (بیماری کا نام ہے)۔
شَدِيۡدٌ : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
مَغۡفِرَةٌ : مغفرت، استغفار، استغفر اللّٰہ۔
رِضۡوَانٌ : راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔

ع 2 9 18

اُولٰٓئِكَ ①	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿19﴾ ع	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا ②
وہی لوگ	دوزخ والے (ہیں)	تم سب جان لو!	کہ بیشک صرف

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّ لَهْوٌ	وَّ	زِيْنَةٌ
دنیوی زندگی (تو)	کھیل	اور تماشا (ہے)	اور	زینت (وآرائش ہے)

وَّ تَفَاخُرٌۢ ③	بَيْنَكُمْ	وَ تَكَاثُرٌ ③
اور ایک دوسرے پر فخر کرنا (ہے)	تمہارے درمیان	اور ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا

فِي الْاَمْوَالِ	وَالْاَوْلَادِ ؕ	كَمَثَلِ غَيْثٍ	اَعْجَبَ	الْكُفَّارَ ④
مال میں	اور اولاد (میں)	بارش کی مثال کی طرح	خوش کر دیا	کاشتکاروں (کو)

نَبَاتُهٗ ⑤	ثُمَّ	يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ ⑤
اس کی پیداوار نے	پھر	وہ خشک ہو جاتی ہے	تو تو دیکھتا ہے اُسے

مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَكُوْنُ	حُطَامًا ؕ	وَ	فِي الْاٰخِرَةِ
(پک کر) زرد ہوئی	پھر	وہ ہو جاتی ہے	چورا چورا	اور	آخرت میں

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ ⑥	وَّ مَغْفِرَةٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ رِضْوَانٌ ؕ
سخت عذاب (ہے)	اور (مؤمنوں کے لیے) بخشش	اللہ (کی طرف) سے	اور خوشنودی (ہے)

ضروری وضاحت

① اُولٰٓئِكَ جمع مذکر و مؤنث کی علامت ہے، عموماً ترجمہ وہ لوگ کبھی یہ لوگ ہوتا ہے۔ ② اَنَّ یا اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ اس لفظ میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ⑥ یعنی وہ لوگ جنہوں نے دنیا ہی کو سب کچھ سمجھا اور دنیا کے کھیل کود میں ہی مصروف رہے اُن کیلئے سخت عذاب ہے۔

وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اور نہیں ہے دنیوی زندگی
اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿20﴾	مگر دھوکے کا سامان۔ ﴿20﴾
سَابِقُوْٓا	ایک دوسرے سے آگے بڑھو
اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ	اپنے رب کی بخشش کی طرف
وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا	اور جنت (کی طرف کہ) اس کی چوڑائی
كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ۙ	آسمان اور زمین کی چوڑائی کی طرح ہے
اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ	وہ تیار کی گئی ہے (ان لوگوں) کے لیے جو
اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ	اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے
ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	یہ اللہ کا فضل ہے وہ دیتا ہے یہ (اسے) جسے وہ چاہتا ہے
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿21﴾	اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ﴿21﴾
مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ	نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں
وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ	اور نہ تمہارے نفسوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	كَعَرْضِ	: کالعدم، کماحقہ۔
الْحَيٰوةُ	: موت و حیات، حیاتِ جاوداں، حیاتی و مماتی۔	السَّمَآءِ	: ارض و سما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔
اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	اُعِدَّتْ	: استعداد، مستعد، اعداد و ترتیب۔
مَتَاعُ	: متاعِ کارواں، مال و متاع، متاعِ عزیز۔	اٰمَنُوْا	: امن، ایمان، مومن۔
الْغُرُوْرِ	: غرور، مغرور۔	فَضْلُ	: فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
سَابِقُوْٓا	: سبقت کرنا، مسابقہ۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اَصَابَ	: مصیبت، مصائب۔
عَرْضُهَا	: طول و عرض۔	اَنْفُسِكُمْ	: نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔

وَ	مَا①	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ②	اِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿20﴾
اور	نہیں (ہے)	دنیوی زندگی	مگر	دھوکے کا سامان

سَابِقُوْٓا③	اِلٰى مَغْفِرَةٍ②	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ
تم سب ایک دوسرے سے آگے بڑھو	بخشش کی طرف	اپنے رب کی	اور

جَنَّةٍ②	عَرْضُهَا	كَعَرْضِ السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ ۙ
جنت (کی طرف)	(کہ) اس کی چوڑائی	آسمان کی چوڑائی کی طرح (ہے)	اور زمین (کی)

اُعِدَّتْ②④	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ ؕ
تیار کی گئی (ہے)	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسولوں (پر)

ذٰلِكَ⑤	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ⑥	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ
یہ	اللہ کا فضل (ہے)	وہ دیتا ہے اُس (فضل) کو	جسے	وہ چاہتا (ہے)

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿21﴾	مَآ①	اَصَابَ
اور اللہ	بہت بڑے فضل والا (ہے)	نہیں	پہنچتی

مِنْ مُّصِيْبَةٍ②⑦	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ
کوئی مصیبت	زمین میں	اور	نہ	تمہارے نفسوں میں

ضروری وضاحت

① مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔② اسم کے آخر میں ة اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ اس فعل میں موجود "ا" میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہے۔④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ فعل کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اُسے یا اُس کو کیا جاتا ہے، ہٖ سے پہلے اگر جزم ہو تو یہ ہِ سے بدل جاتی ہے۔⑦ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِلَّا فِیۡ كِتٰبٍ	مگر (وہ) ایک کتاب (لوح محفوظ) میں (درج) ہے
مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ نَّبۡرَاَهَا ؕ	اس سے پہلے کہ ہم پیدا کریں اسے
اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ۚ﴿22﴾	بیشک یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔﴿22﴾
لِّكَيۡلَا تَاۡسَوۡا عَلٰى مَا فَاتَكُمۡ	تاکہ تم افسوس نہ کرو اس پر جو تم سے فوت ہو گیا
وَلَا تَفۡرَحُوۡا بِمَاۤ اٰتٰٮكُمۡ ؕ	اور مت اِتراؤ اس پر جو اس نے دیا تمہیں
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ	اور اللہ پسند نہیں فرماتا
كُلَّ مُخۡتَالٍ فَخُوۡرِ ۙ﴿23﴾	ہر تکبر کرنے والے (اور) بہت فخر کرنیوالے کو۔﴿23﴾
الَّذِيۡنَ يَبۡخَلُوۡنَ	(وہ لوگ) جو بخل کرتے ہیں
وَيَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبُخۡلِ ؕ	اور لوگوں کو (بھی) بخل کا حکم دیتے ہیں
وَمَنۡ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور جو (انفاق سے) منہ پھیر لے تو بیشک اللہ
هُوَ الۡغَنِىُّ الۡحَمِيۡدُ ﴿24﴾ لَقَدۡ	وہی بڑا بے پروا بہت تعریف والا ہے﴿24﴾ بلاشبہ یقیناً
اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا بِالۡبَيِّنٰتِ	ہم نے بھیجا اپنے رسولوں کو واضح دلائل کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاّ قلیل، اِلا یہ کہ۔	تَفۡرَحُوۡا	: فرحت، مفرح قلب، تفریح۔
فِیۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مِّنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يُحِبُّ	: حب، حبیب، محب، محبت۔
قَبۡلِ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	فَخُوۡرِ	: فخر، فخریہ پیشکش، فخر کرنا۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	يَبۡخَلُوۡنَ	: بخل، بخیل۔
يَسِيۡرٌ	: میسر۔	يَاۡمُرُوۡنَ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	النَّاسَ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔
فَاتَكُمۡ	: فوت، وفات، فوتیدگی۔	الۡحَمِيۡدُ	: حمد وثناء، حامد، محمود۔

اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ ①	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	نَّبْرَاَهَا ؕ
مگر	ایک کتاب میں (درج ہے)	(اس) سے پہلے	کہ	ہم پیدا کریں اُسے

اِنَّ	ذٰلِكَ ②	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ ③ ۚ (22)	لِّكَيْلَا ④	تَاْسَوْا
بیشک	یہ	اللہ پر	بہت آسان (ہے)	تاکہ نہ	تم سب افسوس کرو

عَلٰى مَا	فَاتَكُمْ	وَ	لَا تَفْرَحُوْا ⑤	بِمَآ
(اس) پر جو	تم سے فوت ہو گیا	اور	مت تم سب اِتراؤ	(اس) پر جو

اٰتٰكُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُوْرِ ⑥ ۙ (23)
اس نے دیا تمہیں	اور اللہ	نہیں وہ پسند فرماتا	ہر	تکبر کرنیوالے	بہت فخر کرنیوالے (کو)

الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَيَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبُخْلِ ؕ
(وہ لوگ) جو	وہ سب بخل کرتے ہیں	اور وہ سب حکم دیتے ہیں	لوگوں (کو بھی)	بخل کا

وَمَنْ	يَّتَوَلَّ ⑦	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ ⑧	الْحَمِيْدُ (24)
اور جو	منہ پھیر لے (انفاق سے)	تو بیشک اللہ	وہی بڑا بے پروا	بہت تعریف والا (ہے)

لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا	بِالْبَيِّنٰتِ
بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	اپنے رسولوں (کو)	واضح دلائل کے ساتھ

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔② ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔③ یہاں يَ اصل لفظ کا حصہ ہے، علامت نہیں۔④ لِ اور کَیْ دونوں کا ترجمہ تاکہ ہے، کَیْ تاکید کیلئے آیا ہے۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑥ فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے، یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ	اور ہم نے نازل کیا اُنکے ساتھ کتاب اور ترازو
لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ	(یعنی قواعد عدل) تا کہ لوگ قائم رہیں انصاف پر
وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ	اور ہم نے لوہا نازل کیا اُس میں
بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ	سخت لڑائی (کا سامان) ہے اور لوگوں کے لیے فوائد ہیں
وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ	اور تا کہ اللہ معلوم کر لے (اُسے) جو مدد کرتا ہے اُس کی
وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ	اور اُس کے رسولوں کی بن دیکھے
اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿25﴾ ع	بیشک اللہ بہت قوت والا بڑا زبردست ہے۔ ﴿25﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بھیجا نوح اور ابراہیم کو
وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	اور ہم نے رکھی ان دونوں کی اولاد میں
النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ	نبوت اور کتاب
فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ	پھر اُن میں سے کچھ ہدایت پر چلنے والے ہیں
وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿26﴾	اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔ ﴿26﴾

ع 3/6 19

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْزَلْنَا	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَّنْصُرُهٗ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
مَعَهُمُ	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	بِالْغَيْبِ	: حاضر وغائب، علمِ غیب، غیبی طاقت۔
الْمِيْزَانَ	: وزن، میزان، وزنی۔	قَوِيٌّ	: قوت، قوی، مقوی۔
لِيَقُوْمَ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	اَرْسَلْنَا	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِالْقِسْطِ	: قسط، اقساط، قسطیں۔	ذُرِّيَّتِهِمَا	: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
فِيْهِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	مُّهْتَدٍ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
لِلنَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔	كَثِيْرٌ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لِيَعْلَمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علامہ۔	فٰسِقُوْنَ	: فسق و فجور، فاسق وفاجر۔

وَ اَنْزَلْنَا ①	مَعَهُمُ	الْكِتٰبَ	وَ الْمِيْزَانَ	لِيَقُوْمَ ②③
اور ہم نے نازل کیا	اُن کے ساتھ	کتاب	اور ترازو	تا کہ قائم رہیں

النَّاسُ ④	بِالْقِسْطِ ⑤ ج	وَ	اَنْزَلْنَا ①	الْحَدِيْدَ ④	فِيْهِ
لوگ	انصاف پر	اور	ہم نے نازل کیا	لوہا	اُس میں

بَاْسٌ شَدِيْدٌ	وَّ مَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَ	لِيَعْلَمَ اللّٰهُ ②③④
سخت لڑائی	اور فوائد (ہیں)	لوگوں کے لیے	اور	تا کہ اللہ معلوم کر لے

مَنْ	يَّنْصُرُهٗ	وَ رُسُلَهٗ	بِالْغَيْبِ ⑥ ط	اِنَّ اللّٰهَ
(اُسے) جو	وہ مدد کرتا ہے اُس کی	اور اُس کے رسولوں (کی)	بن دیکھے	بیشک اللہ

3 ع 6 19

قَوِيٌّ ⑦	عَزِيْزٌ ⑦ ع (25)	وَلَقَدْ	اَرْسَلْنَا ①	نُوْحًا ④	وَّ اِبْرٰهِيْمَ
بہت قوت والا	بڑا زبردست (ہے)	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	نوح	اور ابراہیم (کو)

وَ	جَعَلْنَا ①	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	فَمِنْهُمْ
اور	ہم نے رکھی	ان دونوں کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	پھر اُن میں سے

مُّهْتَدٍ ⑧ ج	وَ	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ (26)
کچھ ہدایت پر چلنے والے (ہیں)	اور	بہت سے	اُن میں سے	نافرمان (ہیں)

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔ ② فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا جاتا ہے۔ ③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ بِ کا ترجمہ کبھی پر بھی کیا جاتا ہے۔ ⑥ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ مُّهْتَدٍ دراصل مُّهْتَدِيٌ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق ی گرائی گئی ہے۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا	پھر ہم نے لگاتار بھیجا اُنکے نقش قدم پر اپنے رسولوں کو
وَ قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ	اور (اُن کے) پیچھے ہم نے بھیجا عیسٰی بن مریم کو
وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۬ۙ	اور ہم نے دی اُسے انجیل
وَ جَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ	اور ہم نے ڈال دی (اُن لوگوں) کے دلوں میں جنہوں نے
اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّ رَحْمَةً ؕ	اُس کی پیروی کی شفقت اور مہربانی
وَ رَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا	اور رہبانیت (ترکِ دنیا) کو تو اُنہوں نے (خود) ایجاد کرلیا تھا اُسے
مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ	ہم نے اُن پر لازم قرار نہیں دیا تھا اُسے
اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ	مگر (اپنے خیال میں) اللہ کی خوشنودی چاہنے کے لیے
فَمَا رَعَوْهَا	(اُنہوں نے ایسا کیا) پھر نہ نبھایا اُنہوں نے اُسے
حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا	جیسے اُسے نبھانے کا حق تھا، تو ہم نے دیا (اُن کو)
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ	جو (لوگ) اُن میں سے ایمان لائے اُن کا اجر
وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿27﴾	اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔ ﴿27﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰٓى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	كَتَبْنٰهَا : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
اٰثَارِهِمْ : اثر، آثار، آثار قدیمہ۔	اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
ابْنِ : ابنائے جامعہ، عیسٰی ابن مریم، ابن عمر۔	رِضْوَانِ : راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
قُلُوْبِ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	حَقَّ : حق، حقیقت، استحقاق۔
اتَّبَعُوْهُ : اتباع، تابع، تتبع سنت۔	اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
رَحْمَةً : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	اَجْرَهُمْ : اجر و ثواب، اجرِ عظیم، اجرت۔
رَهْبَانِيَّةَ : راہب، رہبانیت۔	كَثِيْرٌ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
ابْتَدَعُوْهَا : بدعت، بدعتی۔	فٰسِقُوْنَ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا①	عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ②	بِرُسُلِنَا③	وَ	قَفَّيْنَا①
پھر ہم نے لگاتار بھیجا	اُن کے نقش قدم پر	اپنے رسولوں کو	اور	(اُن کے) پیچھے ہم نے بھیجا

بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ③	وَ	اٰتَيْنٰهُ①	الْاِنْجِيْلَ ۙ	وَ	جَعَلْنَا①
عیسی بن مریم کو	اور	ہم نے دی اُسے	انجیل	اور	ہم نے ڈال دی

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ④	رَاْفَةً⑤	وَّ رَحْمَةً⑤ ؕ
(اُن لوگوں کے) دلوں میں جن	سب نے پیروی کیا اُس کی	شفقت	اور مہربانی (سے)

وَ رَهْبَانِيَّةَ ۨ⑤	ابْتَدَعُوْهَا④⑥	مَا كَتَبْنٰهَا①⑥
اور رہبانیت (ترکِ دُنیا)	تو انہوں نے (خود) ایجاد کرلیا تھا اُسے	ہم نے لازم قرار نہیں دیا تھا اُسے

عَلَيْهِمْ	اِلَّا ابْتِغَآءَ	رِضْوَانِ اللّٰهِ	فَمَا رَعَوْهَا④⑥
اُن پر	مگر چاہنے کے لیے	اللہ کی خوشنودی	پھر انہوں نے نہ نبھایا اُسے

حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ⑥	فَاٰتَيْنَا①	الَّذِيْنَ⑦	اٰمَنُوْا
جیسے اُس کے نبھانے کا حق (تھا)	تو ہم نے دیا (اُن کو)	جو (لوگ)	سب ایمان لائے

مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ ۚ②	وَ كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ ﴿27﴾
اُن میں سے	اُن کا اجر	اور بہت سے	اُن میں سے	سب نافرمانی کرنے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔ ② اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا یا اپنا ہوتا ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ ہوتا ہے۔ ④ علامت وْا کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، اسم کیساتھ ترجمہ اسکے اور فعل کیساتھ ترجمہ اُسے ہوتا ہے۔ ⑦ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنھوں نے ہوتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو
وَ اٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ	اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ
يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وہ دے گا تمہیں دگنا (اجر) اپنی رحمت سے
وَ يَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا	اور وہ کر دے گا تمہارے لیے روشنی
تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ	(کہ) تم چلو گے اُسکے ذریعے اور وہ بخش دے گا تمہیں
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۚ﴿28﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔ ﴿28﴾
لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ	تا کہ اہل کتاب جان لیں
اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ	کہ نہیں وہ قدرت رکھتے کسی چیز پر
مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ	اللہ کے فضل میں سے
وَ اَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ	اور بیشک فضل تو اللہ کے ہاتھ میں ہے
يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وہ دیتا ہے اس (فضل) کو جسے وہ چاہتا ہے
ع 4/4 20 وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ع ﴿29﴾	اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ﴿29﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوا : امن، ایمان، مومن۔	الْكِتٰبِ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔	يَقْدِرُوْنَ : قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
بِرَسُوْلِهٖ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
يَغْفِرْ، غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	فَضْلِ : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
رَّحِيْمٌ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	بِيَدِ : ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
يَعْلَمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	يَّشَآءُ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
اَهْلُ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	الْعَظِيْمِ : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔

یٰٓاَیُّهَا ①	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ ②	وَ	اٰمِنُوْا
اے	(وہ لوگو!) جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب اللہ سے ڈرو	اور	تم سب ایمان لاؤ

بِرَسُوْلِهٖ	یُؤْتِكُمْ ③	كِفْلَیْنِ ④	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وَ	یَجْعَلْ
اُس کے رسول پر	وہ دے تمہیں	دوگنا	اپنی رحمت سے	اور	وہ کردے گا

لَّكُمْ	نُوْرًا	تَمْشُوْنَ	بِهٖ	وَ	یَغْفِرْ
تمہارے لیے	روشنی	(کہ) تم سب چلو گے	اُسکے ذریعے	اور	وہ بخش دے گا

لَكُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ ﴾28﴿ ۙ	لِّئَلَّا ⑤
تم کو	اور اللہ	بہت بخشنے والا	بڑا مہربان (ہے)	تاکہ

یَعْلَمَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَلَّا ⑥	یَقْدِرُوْنَ	عَلٰى شَیْءٍ ⑦
وہ جان لیں	اہل کتاب	کہ نہیں	وہ سب قدرت رکھتے	کسی چیز پر

مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ	وَ	اَنَّ	الْفَضْلَ	بِیَدِ اللّٰهِ ⑧
اللہ کے فضل میں سے	اور	بیشک	فضل	(تو) اللہ کے ہاتھ میں (ہے)

ع 4 4 20

یُؤْتِیْهِ	مَنْ	یَّشَآءُ ؕ	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴾29﴿ ع
وہ دیتا ہے اس (فضل) کو	جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	بڑے فضل والا (ہے)

ضروری وضاحت

① یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے، اَیُّهَا وہاں آتا ہے جہاں بعد والے اسم کے شروع میں ال ہو۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ علامت یْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ یہ دراصل لِ + اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے، یہاں لَا زائد ہے۔ ⑥ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔ ⑧ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ **(www.bait-ul-quran.org)**

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **"بیت القرآن"** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **"بیت القرآن"** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

"اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ 28 ﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

نام کتاب	مِصْبَاحُ الْقُرْآن ﴿قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ 28﴾ پارہ نمبر 28
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
اشاعت اول	دسمبر 2014
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَيْتُ الْقُرْآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَيْتُ الْقُرْآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کرسکتے ہیں۔

2 "بَيْتُ الْقُرْآن" درحقیقت "قرآن فہمی" کی وہ عظیم تحریک ہے جس کا مشن اللہ کے بندوں کو اللہ کا پیغام "قرآن مجید" نہایت عام فہم انداز میں قریہ قریہ بستی بستی پہنچانا ہے۔ آپ بھی اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے ہمارے ساتھ تعاون کیجیے۔ جزاکم اللہ خیرا کثیرا۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65 MUCB 0075 9525 6100 0334, MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد منتظر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَيْتُ الْقُرْآن

103 ھیبی ٹیٹ، شادمان ii ، جیل روڈ، لاہور، پاکستان

فون : 0092-42-37423412 ایکسٹینشن : 115

موبائل : 0092-321-8844700 (09AM to 05PM)

ویب سائٹ : www.bait-ul-quran.org

ای میل : info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فرسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور، پاکستان

فون: 0092-42-37320318 فیکس: 0092-42-37239884

دارالسلام

36 لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور، پاکستان

فون: 0092-42-37110081 فیکس: 0092-42-37354072

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیش نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہوجاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہوجاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہوجاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہوجاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کرکے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

اٰیاتُھا 22 — 58 سُوْرَۃُ الْمُجَادَلَۃِ مَدَنِیَّۃٌ 105 — رُکُوْعَاتُھَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ	یقیناً اللہ نے سن لی بات (اس عورت کی) جو
تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا	جھگڑ رہی تھی آپ سے اپنے خاوند کے بارے میں
وَ تَشْتَكِیْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ	اور اللہ کی طرف شکایت کر رہی تھی
وَ اللّٰهُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اور اللہ سن رہا تھا تم دونوں کی گفتگو کو، بے شک اللہ
سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝1	خوب سننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ ۝1
اَلَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ	(وہ لوگ) جو ظہار کرتے ہیں تم میں سے
مِّنْ نِّسَآىِٕهِمْ	اپنی عورتوں (بیویوں) سے (یعنی انہیں ماں کہہ دیتے ہیں)
مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ	نہیں (ہوجاتیں) وہ اُن کی مائیں
اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔیْ	نہیں ہیں اُن کی مائیں مگر (وہی) جنہوں نے
وَلَدْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَیَقُوْلُوْنَ	جنم دیا ہے اُنہیں اور بے شک وہ یقیناً کہتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَمِعَ	سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔	بَصِیْرٌ	سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
قَوْلَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	یُظٰهِرُوْنَ	ظہار کرنا۔
تُجَادِلُكَ	جنگ وجدل، جدال۔	مِنْكُمْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
فِیْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	نِّسَآىِٕهِمْ	تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔
زَوْجِهَا	زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	اُمَّهٰتِهِمْ	امہات المؤمنین۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
تَشْتَكِیْٓ	شکوہ، شکایت۔	وَلَدْنَهُمْ	ولادت، ولد، اولاد، مولود۔
اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	لَیَقُوْلُوْنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

اٰيَاتُهَا 22	58 سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ 105	رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ ①	سَمِعَ	اللّٰهُ ②	قَوْلَ	الَّتِيْ	تُجَادِلُكَ ③
یقیناً	اللہ نے	سن لی	بات (اس عورت کی)	جو	جھگڑ رہی تھی آپ سے

فِيْ زَوْجِهَا	وَ	تَشْتَكِيْٓ ③	اِلَى اللّٰهِ ۖ	وَ	اللّٰهُ
اپنے خاوند (کے بارے) میں	اور	شکایت کر رہی تھی	اللہ کی طرف	اور	اللہ

يَسْمَعُ	تَحَاوُرَكُمَا ④ ۭ	اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌۢ	بَصِيْرٌ ①
سن رہا تھا	تم دونوں کی گفتگو	بے شک اللہ	خوب سننے والا	سب کچھ دیکھنے والا (ہے)

اَلَّذِيْنَ ⑤	يُظٰهِرُوْنَ ⑥	مِنْكُمْ	مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ
(وہ لوگ) جو	وہ سب ظہار کرتے ہیں	تم میں سے	اپنی عورتوں سے

مَّا	هُنَّ	اُمَّهٰتِهِمْ ۭ	اِنْ ⑦	اُمَّهٰتُهُمْ
نہیں	وہ	اُن کی مائیں	نہیں (ہیں)	اُن کی مائیں

اِلَّا	الّٰۗـِٔيْ ⑤	وَلَدْنَهُمْ ۭ	وَ	اِنَّهُمْ	لَيَقُوْلُوْنَ
مگر	(وہی) جنھوں نے	جنم دیا ہے اُنہیں	اور	بے شک وہ	یقیناً وہ سب کہتے ہیں

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں قَدْ تاکید کی علامت ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ③ شروع میں تـ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ اس فعل میں موجود تـ اور ا میں باہمی طور پر کام کرنیکا مفہوم ہے۔ ⑤ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی اور الّٰئِیْ جمع مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنھوں نے وغیرہ ہوتا ہے۔ ⑥ ظہار سے مُراد خاوند کا بیوی کو یہ کہنا کہ تو میرے اوپر ایسے جیسے میری ماں کی پیٹھ ہے۔ ⑦ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ	بری بات اور جھوٹ، اور بے شک اللہ
لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿2﴾	یقیناً بہت معاف کرنیوالا بہت بخشنے والا ہے۔ ﴿2﴾
وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ	اور (وہ لوگ) جو ظہار کرتے ہیں
مِنْ نِّسَآىِٕهِمْ	اپنی عورتوں (بیویوں) سے
ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا	پھر وہ رجوع کر لیتے ہیں اس سے جو انہوں نے کہا
فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ	تو ایک گردن آزاد کرنا (ضروری) ہے اس سے پہلے
اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ	کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں (ہم بستری کریں)
ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ	یہ (ہے حکم) جس کی تم نصیحت کیے جاتے ہو، اور اللہ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿3﴾	(اس) سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿3﴾
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ	پھر جو (غلام) نہ پائے تو روزہ رکھنا ہے
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ	دو متواتر مہینوں کا اس سے پہلے
اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ	کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُنْكَرًا : نہی عن المنکر، منکرات۔
الْقَوْلِ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لَعَفُوٌّ : معاف، عفوودرگزر، معافی۔
غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
يُظٰهِرُوْنَ : ظہار کرنا۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
نِّسَآىِٕهِمْ : تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔
يَعُوْدُوْنَ : اعادہ، عود کر آنا۔

فَتَحْرِيْرُ : حریت، حریت پسند۔
قَبْلِ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
يَّتَمَآسَّا : مس، مس کرنا (چھونا)۔
تُوْعَظُوْنَ : وعظ، واعظ، وعظ و نصیحت۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر، خبیر۔
يَجِدْ : وجود، موجود، ایجاد۔
فَصِيَامُ : صوم، صیام، ماہ صیام، صوم وصلوٰۃ۔

مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ ①	وَ	زُوْرًا ؕ	وَ	اِنَّ ②	اللّٰهَ	لَعَفُوٌّ ②
بُری بات	اور	جھوٹ	اور	بیشک	اللہ	یقیناً بہت معاف کرنیوالا

غَفُوْرٌ ③ (2)	وَ	الَّذِيْنَ	يُظٰهِرُوْنَ	مِنْ نِّسَآئِهِمْ
بہت بخشنے والا (ہے)	اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب ظہار کرتے ہیں	اپنی عورتوں سے

ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا	قَالُوْا	فَتَحْرِيْرُ
پھر	وہ سب رجوع کر لیتے ہیں	(اس) سے جو	انہوں نے کہا	تو آزاد کرنا (ضروری ہے)

رَقَبَةٍ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّتَمَآسَّا ④ ؕ
ایک گردن	(اس) سے پہلے	کہ	وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں

ذٰلِكُمْ ⑤	تُوْعَظُوْنَ ⑥	بِهٖ ؕ	وَ	اللّٰهُ	بِمَا
یہ (حکم)	تم سب نصیحت کیے جاتے ہو	اس کی	اور	اللہ	(اس) سے جو

تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ③ (3)	فَمَنْ	لَّمْ	يَجِدْ ⑦	فَصِيَامُ
تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار (ہے)	پھر جو	نہ	وہ پائے	تو روزہ رکھنا ہے

شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ⑧	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّتَمَآسَّا ④ ج
دو متواتر مہینوں کے	(اس) سے پہلے	کہ	وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② اِنَّ اور لَ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اس فعل میں موجود تَ اور ا میں باہمی طور پر کام کرنیکا مفہوم ہے۔ ⑤ جنکے لیے اشارہ کیا جائے وہ جمع مذکر ہوں تو ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے، اس سے معنی تبدیل نہیں ہوتا۔ ⑥ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ⑧ يْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ	پھر جو (اسکی بھی) طاقت نہ رکھے
فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ	تو کھانا کھلانا ہے ساٹھ مسکینوں کو
ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا	یہ (حکم اس لیے ہے) تاکہ تم فرمانبردار ہو جاؤ
بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ	اللہ اور اس کے رسول کے
وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ	اور یہ اللہ کی حدیں ہیں
وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿4﴾	اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿4﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ	بے شک (وہ لوگ) جو مخالفت کرتے ہیں
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا	اللہ اور اس کے رسول کی وہ ذلیل کیے جائیں گے
كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ	جس طرح ذلیل کیے گئے (وہ لوگ) جو
مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ	ان سے پہلے تھے اور یقیناً ہم نے نازل کر دی ہیں
اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ	واضح آیات، اور کافروں کے لیے
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿5﴾	ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ ﴿5﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَسْتَطِعْ	استطاعت، حسب استطاعت۔	عَذَابٌ	عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
فَاِطْعَامُ	قیام وطعام، بعد از طعام۔	اَلِيْمٌ	عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔
سِتِّيْنَ	صحاح ستہ، کتب ستہ۔	كَمَا	کالعدم، کماحقہ۔
مِسْكِيْنًا	مسکین، مساکین۔	قَبْلِهِمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
لِتُؤْمِنُوْا	امن، ایمان، مومن۔	اَنْزَلْنَآ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
رَسُوْلِهٖ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	بَيِّنٰتٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
حُدُوْدُ	حدّ، حدود، حدّ فاصل، حدود اربعہ۔	لِلْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
لِلْكٰفِرِيْنَ	لہٰذا، الحمدللہ۔	مُّهِيْنٌ	توہین، اہانت، توہین آمیز رویہ۔

فَمَنْ	لَّمْ يَسْتَطِعْ ①	فَاِطْعَامُ	سِتِّيْنَ ②	مِسْكِيْنًا ؕ
پھر جو	(اسکی بھی) وہ طاقت نہ رکھے	تو کھانا کھلانا ہے	ساٹھ	مسکینوں (کو)

ذٰلِكَ ③	لِتُؤْمِنُوْا ④	بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ ؕ
یہ (حکم اس لیے ہے)	تاکہ تم سب فرمانبردار ہوجاؤ	اللہ کے	اور	اس کے رسول (کے)

وَ	تِلْكَ ③	حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ	وَ	لِلْكٰفِرِيْنَ
اور	یہ	اللہ کی حدیں (ہیں)	اور	کافروں کے لیے

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (4)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَآدُّوْنَ
عذاب (ہے)	دردناک	بے شک	وہ (لوگ) جو	وہ سب مخالفت کرتے ہیں

اللّٰهَ ⑤	وَ	رَسُوْلَهٗ	كُبِتُوْا ⑥	كَمَا
اللہ	اور	اس کے رسول کی	وہ سب ذلیل کیے جائیں گے	جس طرح

كُبِتَ ⑥	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	قَدْ	اَنْزَلْنَآ ⑦
ذلیل کیے گئے	(وہ لوگ) جو	ان سے پہلے تھے	اور	یقیناً	ہم نے نازل کردی (ہیں)

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ؕ	وَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ ۚ (5)
واضح آیات	اور	کافروں کے لیے	عذاب (ہے)	ذلیل کرنے والا

ضروری وضاحت

① علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔ ② یہاں علامت یْنَ کا ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ ذٰلِكَ واحد مذکر کی اور تِلْكَ واحد مؤنث کی علامت ہے اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے۔ ④ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

يَوۡمَ يَبۡعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيۡعًا	جس دن اللہ اٹھائے گا اُنہیں سب کے سب کو
فَيُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ	پھر وہ خبر دے اُنہیں (اس) کی جو اُنہوں نے عمل کیے
اَحۡصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوۡهُ ؕ	اللہ نے گن رکھا ہے اُسے اور وہ بھول گئے تھے اُسے
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ۚ﴿6﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب گواہ (واقف) ہے۔ ﴿6﴾
اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ	کیا نہیں آپ نے دیکھا کہ بیشک اللہ جانتا ہے
مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ	جو (کچھ) آسمانوں میں اور جو (کچھ) زمین میں ہے
مَا يَكُوۡنُ مِنۡ نَّجۡوٰى ثَلٰثَةٍ	نہیں ہوتی کوئی سرگوشی کسی تین (آدمیوں) کی
اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمۡ وَلَا خَمۡسَةٍ	مگر وہ ان کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ کسی پانچ کی
اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمۡ	مگر وہ (یعنی اللہ) ان کا چھٹا ہوتا ہے
وَلَاۤ اَدۡنٰى مِنۡ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكۡثَرَ	اور نہ اس سے کم اور نہ (اس سے) زیادہ
اِلَّا هُوَ مَعَهُمۡ	مگر وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے
اَيۡنَ مَا كَانُوۡا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمۡ	جہاں کہیں (بھی) وہ ہوں، پھر وہ خبر دے گا انہیں

ع 1/6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوۡمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	تَرَ	: رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
يَبۡعَثُهُمُ	: بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔	يَعۡلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
جَمِيۡعًا	: جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	نَّجۡوٰى	: مناجات۔
فَيُنَبِّئُهُمۡ	: تنبیہ، متنبہ، انتباہ۔	ثَلٰثَةٍ	: ثلث، مثلث، تثلیث، ثالثی، ثالث۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	رَابِعُهُمۡ	: ربع، رباعی، آئمہ اربعہ۔
عَمِلُوۡا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	خَمۡسَةٍ	: حواس خمسہ، کتب خمسہ۔
نَسُوۡهُ	: نسیان، نسیاً منسیاً۔	اَدۡنٰى	: اعلیٰ وادنیٰ۔
شَهِيۡدٌ	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	مَعَهُمۡ	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔

يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُهُمْ ①②	بِمَا ③
جس دن	وہ اُٹھائے گا اُنہیں	اللہ	سب کے سب (کو)	پھر وہ خبر دے اُنہیں	(اس) کی جو

عَمِلُوْا ؕ	اَحْصٰىهُ	اللّٰهُ	وَ	نَسُوْهُ ؕ ④	وَاللّٰهُ
انہوں نے عمل کیے	گن رکھا ہے اُسے	اللہ نے	اور	وہ سب بھول گئے تھے اُسے	اور اللہ

ع 1 6 1

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ	شَهِيْدٌ ۧ (6)	اَ	لَمْ	تَرَ ⑤	اَنَّ اللّٰهَ
ہر چیز پر	خوب گواہ (واقف ہے)	کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	کہ بیشک اللہ

يَعْلَمُ	مَا فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	مَا يَكُوْنُ ⑥	مِنْ نَّجْوٰى ⑦
وہ جانتا ہے	جو (کچھ) آسمانوں میں	اور جو (کچھ)	زمین میں (ہے)	نہیں وہ ہوتی	سرگوشی

ثَلٰثَةٍ	اِلَّا	هُوَ	رَابِعُهُمْ ②	وَ	لَا	خَمْسَةٍ
تین (آدمیوں کی)	مگر	وہ (یعنی اللہ)	اُن کا چوتھا (ہوتا ہے)	اور	نہ	پانچ کی

اِلَّا	هُوَ	سَادِسُهُمْ ②	وَ	لَآ	اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ	وَلَآ	اَكْثَرَ
مگر	وہ (اللہ)	اُن کا چھٹا (ہوتا ہے)	اور	نہ	اس سے کم	اور نہ	(اس سے) زیادہ

اِلَّا	هُوَ	مَعَهُمْ	اَيْنَ مَا ⑧	كَانُوْا ۚ	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ ②
مگر	وہ (اللہ)	اُن کے ساتھ (ہوتا ہے)	جہاں کہیں (بھی)	وہ سب ہوں	پھر	وہ خبر دے گا انہیں

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔② فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ اُنہیں اور اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا کیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔④ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑤ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑥ یہ فعل مذکر ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ اَيْنَ مَا دراصل ایک ہی لفظ ہے جس کا ترجمہ جہاں کہیں کیا جاتا ہے۔

بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	(اس) کی جو انہوں نے عمل کیے قیامت کے دن
اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝7	بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ۝7
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا نہیں آپ نے دیکھا ان (لوگوں) کی طرف جو
نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى	منع کیے گئے سرگوشی کرنے سے
ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ	پھر وہ دوبارہ کرتے ہیں
لِمَا نُهُوْا عَنْهُ	(اس کام) کو جس سے وہ منع کیے گئے
وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ	اور وہ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ کی
وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ؗ	اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی (کی)
وَاِذَا جَآءُوْكَ	اور جب وہ آتے ہیں آپ کے پاس
حَيَّوْكَ	وہ دعا دیتے ہیں آپ کو (یعنی سلام کہتے ہیں)
بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ	ان (لفظوں) سے جس سے نہیں سلام کیا آپکو اللہ نے
وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	اور وہ کہتے ہیں اپنے نفسوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
عَمِلُوْا : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
الْقِيٰمَةِ : یوم قیامت، قیامتیں گزر گئیں۔
بِكُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
تَرَ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

النَّجْوٰى، يَتَنٰجَوْنَ : مناجات۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
نُهُوْا : نہی عن المنکر، منہیات، اوامر ونواہی۔
يَعُوْدُوْنَ : اعادہ، عود کر آنا۔
مَعْصِيَتِ : معصیت، عاصی، غم عصیاں۔
الرَّسُوْلِ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسانفسی، نفوس قدسیہ۔

بِمَا ①	عَمِلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ ①
(اس) کی جو	انہوں نے عمل کیے	قیامت کے دن	بے شک اللہ	ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ② ۝7	اَ ③	لَمْ	تَرَ ④	اِلَى الَّذِيْنَ
خوب جاننے والا (ہے)	کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	(اُن لوگوں) کی طرف جو

نُهُوْا ⑤	عَنِ النَّجْوٰى	ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا
سب منع کیے گئے	سرگوشی سے	پھر	وہ سب دوبارہ کرتے ہیں	(اس کام) کو جو

نُهُوْا ⑤	عَنْهُ	وَ	يَتَنٰجَوْنَ ⑥	بِالْاِثْمِ ①
وہ سب منع کیے گئے	اُس سے	اور	وہ سب آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں	گناہ کی

وَ	الْعُدْوَانِ	وَ	مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫	وَ	اِذَا
اور	زیادتی (کی)	اور	رسول کی نافرمانی (کی)	اور	جب

جَآءُوْكَ	حَيَّوْكَ	بِمَا	لَمْ يُحَيِّكَ ④⑦
وہ سب آتے ہیں آپکے پاس	وہ سب دعا دیتے ہیں آپکو	(ان لفظوں) سے جو	نہیں دعا دی آپکو

بِهِ	اللّٰهُ ۙ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
اس کے ساتھ	اللہ نے	اور	وہ سب کہتے ہیں	اپنے نفسوں میں

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ② فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ أ الگ استعمال ہو تو ترجمہ کیا ہوتا ہے۔ ④ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ⑤ دراصل نُهِيُوْا تھا گرامر کے اصول کے مطابق ی گری ہے، شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ⑥ فعل میں موجود تَ اور ا میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ	کیوں نہیں اللہ عذاب دیتا ہمیں
بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ	(اس) پر جو ہم کہتے ہیں، کافی ہے اُنہیں جہنم
يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿8﴾	وہ داخل ہونگے اس میں پس وہ برا ٹھکانا ہے۔ ﴿8﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
اِذَا تَنَاجَيْتُمْ	جب تم آپس میں سرگوشی کرو
فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	تو مت آپس میں سرگوشی کرو گناہ اور زیادتی کی
وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا	اور رسول کی نافرمانی کی اور تم آپس میں سرگوشی کرو
بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ	نیکی اور تقویٰ کی اور ڈرو (اس) اللہ سے
الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿9﴾	جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ ﴿9﴾
اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ	بیشک صرف (ایسی) سرگوشی تو شیطان (کی طرف) سے ہے
لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تا کہ وہ غم میں ڈالے (اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے
وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ	حالانکہ نہیں ہے وہ ہرگز نقصان پہنچانے والا اُنہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُعَذِّبُنَا : عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔	الرَّسُوْلِ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِمَا : ماتحت، ماحول، ماجرا، مافوق الفطرت۔	بِالْبِرِّ : بر، ابرار۔
نَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	التَّقْوٰى، اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔
جَهَنَّمُ : عذابِ جہنم، واصل جہنم۔	اِلَيْهِ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اٰمَنُوْۤا : امن، ایمان، مومن۔	تُحْشَرُوْنَ : حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
تَنَاجَيْتُمْ : مناجات۔	مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	لِيَحْزُنَ : حزن وملال، عام الحزن۔
مَعْصِيَتِ : معصیت، عاصی، غم عصیاں۔	بِضَآرِّهِمْ : مضرصحت، ضرررساں۔

لَوْلَا ①	يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ ②	بِمَا	نَقُوْلُ ؕ	حَسْبُهُمْ	جَهَنَّمُ ۚ
①ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی یہ بھی کر دیا جاتا ہے اور جمع مذکر کیلئے اشارہ کیا جائے تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔② یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر والے فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔④فعل کے بعد زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ ہٗ اگر فعل کے آخر میں آئے تو اس کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑥اس فعل میں موجود تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَالّٰٓـِٔيۡ يَئِسۡنَ مِنَ الۡمَحِيۡضِ	اور جو مایوس ہو چکی ہوں حیض سے
مِنۡ نِّسَآئِكُمۡ	تمہاری (مطلقہ) عورتوں میں سے
اِنِ ارۡتَبۡتُمۡ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشۡهُرٍ ۙ	اگر تمہیں شک ہو تو ان کی عدت تین ماہ ہے
وَّالّٰٓـِٔيۡ لَمۡ يَحِضۡنَ ؕ	اور (اُن کی بھی) جنہیں (ابھی) حیض نہیں آیا
وَاُولَاتُ الۡاَحۡمَالِ اَجَلُهُنَّ	اور (جو) حمل والیاں (ہیں) اُن کی عدت (یہ ہے)
اَنۡ يَّضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّ ؕ	کہ وہ اپنا حمل وضع کر دیں (یعنی اپنا بچہ جن لیں)
وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ	اور جو اللہ سے ڈرے گا
يَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ اَمۡرِهٖ يُسۡرًا ﴿4﴾	(تو) وہ کر دے گا اُسکے لیے اسکے کام میں آسانی۔ ﴿4﴾
ذٰلِكَ اَمۡرُ اللّٰهِ	یہ اللہ کا حکم ہے
اَنۡزَلَهٗۤ اِلَيۡكُمۡ ؕ	اُس نے نازل کیا ہے اُسے تمہاری طرف
وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ	اور جو اللہ سے ڈرے گا
يُكَفِّرۡ عَنۡهُ سَيِّاٰتِهٖ	(تو) وہ دور کر دے گا اُس سے اُس کی بُرائیاں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَئِسۡنَ	مایوس، یاس و نااُمیدی۔	يَّضَعۡنَ	وضعِ حمل، وضع قطع۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَّتَّقِ	تقویٰ، متقی۔
الۡمَحِيۡضِ	حیض، حائضہ عورت۔	اَمۡرِهٖ	امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
نِّسَآئِكُمۡ	تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔	يُسۡرًا	میسّر۔
فَعِدَّتُهُنَّ	عدت، ایام عدت۔	اَنۡزَلَهٗ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
ثَلٰثَةُ	مثلث، تثلیث، ثالث، ثالثی۔	اِلَيۡكُمۡ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الۡاَحۡمَالِ	حمل، حامل، حاملہ عورت۔	يُكَفِّرۡ	کفارۂ مجلس کی دعا، گناہوں کا کفارہ۔
اَجَلُهُنَّ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	سَيِّاٰتِهٖ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔

وَ	الّٰٓـِٔيْ ①	يَئِسْنَ ②	مِنَ الْمَحِيْضِ	مِنْ نِّسَآئِكُمْ
اور	جو (عورتیں)	مایوس ہو چکی ہوں	حیض سے	تمہاری (مطلقہ) عورتوں میں سے

اِنِ ③	ارْتَبْتُمْ	فَعِدَّتُهُنَّ ②	ثَلٰثَةُ	اَشْهُرٍ ۙ
اگر	تمہیں شک ہو	تو ان کی عدت	تین	ماہ (ہے)

وَّ	الّٰٓـِٔيْ ①	لَمْ يَحِضْنَ ۭ ②④⑤	وَ	اُولَاتُ الْاَحْمَالِ
اور	(اُن کی بھی) جنہیں	(ابھی) حیض نہیں آیا	اور	(جو) حمل والیاں (ہیں)

اَجَلُهُنَّ ②	اَنْ ③	يَّضَعْنَ ②	حَمْلَهُنَّ ۭ ②	وَ	مَنْ
اُن کی عدت (یہ ہے)	کہ	وہ وضع کر دیں	اپنا حمل	اور	جو

يَّتَّقِ	اللّٰهَ ⑥	يَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ اَمْرِهٖ ⑦	يُسْرًا ④
وہ ڈرے گا	اللہ سے	(تو) وہ کر دے گا	اُس کے لیے	اسکے کام میں	آسانی

ذٰلِكَ ⑧	اَمْرُ اللّٰهِ	اَنْزَلَهٗٓ	اِلَيْكُمْ ۭ	وَ	مَنْ
یہ	اللہ کا حکم (ہے)	اُس نے نازل کیا ہے اُسے	تمہاری طرف	اور	جو

يَّتَّقِ	اللّٰهَ ⑥	يُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّاٰتِهٖ
وہ ڈرے گا	اللہ سے	(تو) وہ دور کر دے گا	اُس سے	اُس کی بُرائیاں

ضروری وضاحت

① الّٰٓـِٔيْ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ② فعل کے آخر میں ـْنَ اور هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ③ اِنْ کا ترجمہ اگر اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے، اِنْ کو اگلے لفظ سے ملانے کیلئے نِ پر زیر آئی ہے۔ ④ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ⑤ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ یہاں مِنْ کا ترجمہ میں ضرورتاً ہوا ہے۔ ⑧ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے اور یہ علامت بات میں زور ڈالنے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔

وَيُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ﴿5﴾	اور وہ زیادہ دے گا اُس کو اجر۔ ﴿5﴾
اَسْكِنُوْهُنَّ	رہائش دو (ایامِ عدت میں) اُن (مطلقہ عورتوں) کو
مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ	جہاں تم (خود) رہتے ہو
مِّنْ وُّجْدِكُمْ	اپنی طاقت کے مطابق
وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ	اور نہ تکلیف دو انہیں تا کہ تم تنگی کرو اُن پر
وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ	اور اگر وہ عورتیں ہوں حمل والیاں
فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى	تو خرچہ کرو اُن پر یہاں تک کہ
يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ	وہ وضع کر دیں اپنا حمل، (یعنی اپنا بچہ) پھر اگر
اَرْضَعْنَ لَكُمْ	وہ (بچے کو) دودھ پلائیں تمہارے لیے (یعنی تمہارے کہنے پر)
فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا	تو دو اُنہیں اُن کی اُجرتیں اور مشورہ کرو
بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ	اپنے درمیان (یعنی آپس میں) اچھے طریقے سے،
وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ	اور اگر تم آپس میں تنگی (یعنی نااتفاقی) کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُعْظِمْ : عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
اَسْكِنُوْهُنَّ : ساکن، سکون، مسکن، سکنہ، سکونت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
وُّجْدِكُمْ : وجود، موجود، ایجاد۔
تُضَآرُّوْهُنَّ : مضرِ صحت، ضرر رساں۔
لِتُضَيِّقُوْا : ضیق الصدر، ضیق النفس۔
عَلَيْهِنَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
حَمْلٍ : حمل، حامل، حاملہ عورت۔
فَاَنْفِقُوْا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
يَضَعْنَ : وضع قطع، وضع کرنا۔
اَرْضَعْنَ : رضاعت، مرضعہ، رضاعی ماں۔
اُجُوْرَهُنَّ : اجر وثواب، اجرِ عظیم، اجرت۔
بَيْنَكُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
بِمَعْرُوْفٍ : عرف، معروف، امر بالمعروف۔
تَعَاسَرْتُمْ : عسر، عسرت۔

وَ	يُعْظِمْ	لَهٗٓ	اَجْرًا ۝5	اَسْكِنُوْهُنَّ ①②
اور	وہ (زیادہ) بڑا دے گا	اس کو	اجر	رہائش دو اُن (عورتوں) کو

مِنْ حَيْثُ ③	سَكَنْتُمْ ④	مِّنْ وُّجْدِكُمْ ④⑤	وَ
جہاں	تم (خود) رہتے ہو	اپنی طاقت کے مطابق	اور

لَا تُضَآرُّوْهُنَّ ①②	لِتُضَيِّقُوْا ⑥	عَلَيْهِنَّ ط ②	وَ	اِنْ
نہ تم سب تکلیف دو اُنہیں	تا کہ تم سب تنگی کرو	اُن پر	اور	اگر

كُنَّ	اُولَاتِ حَمْلٍ	فَاَنْفِقُوْا ⑦	عَلَيْهِنَّ ②
وہ (عورتیں) ہوں	حمل والیاں	تو تم سب خرچ کرو	اُن پر

حَتّٰى	يَضَعْنَ ②	حَمْلَهُنَّ ج ②	فَاِنْ ⑦	اَرْضَعْنَ ②
یہاں تک کہ	وہ وضع کر دیں	اپنا حمل	پھر اگر	وہ (بچے کو) دودھ پلائیں

لَكُمْ ④	فَاٰتُوْهُنَّ ②	اُجُوْرَهُنَّ ج ②	وَاْتَمِرُوْا
تمہارے لیے	تو تم سب دو اُنہیں	اُن کی اُجرتیں	اور تم سب مشورہ کرو

بَيْنَكُمْ ④	بِمَعْرُوْفٍ ج	وَ	اِنْ	تَعَاسَرْتُمْ ⑧④
اپنے درمیان	اچھے طریقے سے	اور	اگر	تم آپس میں تنگی کرو

ضروری وضاحت

① علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔② هُنَّ اور فعل کے آخر میں نَ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ تُمْ اور كُمْ جمع مذکر کی علامتیں ہیں۔⑤ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے مطابق ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔⑦ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ کبھی پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔⑧ اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ۚ﴿6﴾	تو عنقریب دودھ پلائے گی اُسکو کوئی دوسری عورت ﴿6﴾
لِیُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ	چاہیے کہ خرچ کرے وسعت والا
مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ	اپنی وسعت کے مطابق
وَمَنْ قُدِرَ عَلَیْهِ رِزْقُهٗ	اور (وہ) جس پر تنگ کر دیا گیا ہو اُس کا رزق
فَلْیُنْفِقْ	تو چاہیے کہ وہ خرچ کرے
مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ	(اُس) میں سے جو اللہ نے دیا ہے اُسے
لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا	اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی نفس کو
اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ	مگر (اُسی کی) جو اُس نے دیا ہے اُسے
ع 1/7 17 سَیَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا ۧ﴿7﴾	عنقریب ضرور کر دے گا اللہ تنگی کے بعد آسانی۔ ﴿7﴾
وَكَاَیِّنْ مِّنْ قَرْیَةٍ عَتَتْ	اور کتنی ہی بستیوں (کے رہنے والوں) نے سرکشی کی
عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ	اپنے رب اور اس کے رسولوں کے حکم سے
فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِیْدًا ۙ	تو ہم نے محاسبہ کیا اُن کا بہت سخت محاسبہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَسَتُرْضِعُ	: رضاعت، مرضعہ، رضاعی ماں۔	نَفْسًا	: نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اُخْرٰى	: اُخروی زندگی، آخرت، یوم آخرت۔	اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
لِیُنْفِقْ	: نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	عُسْرٍ	: عسر، عسرت۔
ذُوْ	: ذوالجلال، ذومعنی، ذومال۔	یُّسْرًا	: میسّر۔
سَعَةٍ	: وسعت، توسیع، وسیع وعریض۔	قَرْیَةٍ	: قریہ قریہ بستی بستی، اُمّ القریٰ۔
مِّنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَمْرِ	: امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔
مِمَّاۤ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	فَحَاسَبْنٰهَا	: حساب وکتاب، محتسب، احتساب۔
یُكَلِّفُ	: مکلف، تکلیف۔	شَدِیْدًا	: شدید، اشد، متشدد، تشدد۔

فَسَتُرْضِعُ ①	لَهٗٓ	اُخْرٰی ① ؏ 6	لِيُنْفِقْ ②
تو عنقریب دودھ پلائے گی	اُس کو	دوسری عورت	چاہیے کہ وہ خرچ کرے

ذُوْ سَعَةٍ ①	مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ	وَ	مَنْ	قُدِرَ ③	عَلَيْهِ
وسعت والا	اپنی وسعت سے	اور	(وہ) جو	تنگ کر دیا گیا (ہو)	اُس پر

رِزْقُهٗ	فَلْيُنْفِقْ ②	مِمَّآ ④	اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ ⑤
اُس کا رزق	تو چاہیے کہ وہ خرچ کرے	(اُس میں) سے جو	اللہ نے دیا ہے اُسے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ ⑥⑤	نَفْسًا	اِلَّا	مَآ	اٰتٰىهَا ؕ
اللہ تکلیف نہیں دیتا	کسی نفس کو	مگر	(اُسی کی) جو	اُس نے دیا ہے اُسے

ع 1 7 17

سَيَجْعَلُ ⑥	اللّٰهُ ⑤	بَعْدَ عُسْرٍ	يُّسْرًا ع 7	وَ
عنقریب ضرور کر دے گا	اللہ	تنگی کے بعد	آسانی	اور

كَاَيِّنْ ⑦	مِّنْ قَرْيَةٍ ①	عَتَتْ ①	عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا
کتنی ہی	بستیوں میں سے (ایسی ہیں کہ)	سرکشی کی	اپنے رب کے حکم سے

وَ	رُسُلِهٖ	فَحَاسَبْنٰهَا	حِسَابًا	شَدِيْدًا ۙ
اور	اس کے رسولوں	تو ہم نے محاسبہ کیا اُن کا	محاسبہ	بہت سخت

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں تَ اور آخر میں تْ اور اسم کے آخر میں ۃ اور ـی مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ ہوتا ہے، اور جب لِ سے پہلے وَ یا فَ آجائے تو لْ ہو جاتا ہے۔ ③ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ كَاَيِّنْ کا ترجمہ کبھی کتنی ہی اور کبھی بہت سی ہوتا ہے۔

وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿8﴾	اور ہم نے سزا دی اُنہیں اَن دیکھی سزا (یعنی بہت سخت) ﴿8﴾
فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا	سو اُنہوں نے مزا چکھ لیا اپنے کام کی سزا کا
وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿9﴾	اور اُن کے کام کا انجام خسارہ تھا۔ ﴿9﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا	اللہ نے تیار کر رکھا ہے اُن کے لیے سخت عذاب
فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ	پس اللہ سے ڈرو اے عقل والو
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ (مع 14)	جو ایمان لائے ہو! یقیناً اللہ نے نازل کی ہے
اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿10﴾	تمہاری طرف ایک نصیحت۔ ﴿10﴾
رَّسُوْلًا	(اور تمہیں سمجھانے کے لیے) ایک رسول
يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ	(جو) تم پر تلاوت کرتا ہے اللہ کی واضح آیات
لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تاکہ وہ نکالے (اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے
مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ	اندھیروں سے روشنی کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَذَّبْنٰهَا	: عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔	يٰٓاُولِي	: اولوالعزم، اولواالعلم۔
فَذَاقَتْ	: ذوق، ذائقہ، بدذائقہ۔	اَنْزَلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
وَبَالَ	: گناہوں کا وبال، وبالِ جان۔	ذِكْرًا	: ذکر، اذکار، تذکیر۔
اَمْرِهَا	: امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔	يَّتْلُوْا	: تلاوت قرآن، وحی متلو۔
عَاقِبَةُ	: عاقبت، تعاقب، عاقبت نااندیش۔	مُبَيِّنٰتٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
خُسْرًا	: خسارہ، خائب وخاسر۔	لِّيُخْرِجَ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
اَعَدَّ	: مُستعد، استعداد۔	عَمِلُوْا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
فَاتَّقُوْا	: تقویٰ، متقی۔	الظُّلُمٰتِ	: بحر ظلمات، ظلمت کی گھڑیاں۔

وَّ	عَذَّبْنٰهَا ①②	عَذَابًا	نُّكْرًا ﴿8﴾	فَذَاقَتْ ③	وَبَالَ اَمْرِهَا
اور	ہم نے سزا دی اُنہیں	سزا	اَن دیکھی	سو اُنہوں نے مزا چکھ لیا	اپنے کام کی سزا کا

وَ	كَانَ ④	عَاقِبَةُ اَمْرِهَا ②③	خُسْرًا ﴿9﴾	اَعَدَّ اللّٰهُ ⑤
اور	تھا	اُن کے کام کا انجام	خسارہ	اللہ نے تیار کر رکھا ہے

لَهُمْ ⑥	عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ ⑤	يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ ۛۚ
اُن کے لیے	سخت عذاب	پس تم سب ڈرو	اللہ سے	اے عقل والو

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ۛۚ	قَدْ	اَنْزَلَ اللّٰهُ ⑤	اِلَيْكُمْ
جو	سب ایمان لائے ہو!	یقیناً	اللہ نے نازل کی ہے	تمہاری طرف

ذِكْرًا ﴿10﴾ ⑦ ۙ	رَّسُوْلًا ⑦	يَّتْلُوْا	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
ایک نصیحت	ایک رسول	وہ تلاوت کرتا ہے	تم پر	اللہ کی آیات

مُبَيِّنٰتٍ ③	لِّيُخْرِجَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
واضح	تا کہ وہ نکالے	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ③	مِنَ الظُّلُمٰتِ ③	اِلَى النُّوْرِ ۭ
اور	انہوں نے اعمال کیے	نیک	اندھیروں سے	روشنی کی طرف

ع 14

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔③ تْ اور اسم کے آخر میں ۃ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑤ فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ	اور جو ایمان لائے گا اللہ پر
وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ	اور وہ نیک عمل کرے گا (تو) وہ داخل کرے گا اُسے
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(ایسے) باغات میں (کہ) بہتی ہونگی انکے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اُن میں ہمیشہ ہمیشہ
قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿11﴾	یقیناً اللہ نے اُسکے لیے اچھا رزق بنا دیا ہے۔ ﴿11﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ	اللہ ہی ہے جس نے پیدا کیے سات آسمان
وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ	اور زمین سے بھی اُن (آسمانوں) کی مثل
يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ	(اللہ کا) حکم اُترتا رہتا ہے اُن کے درمیان
لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ	تا کہ تم جان لو کہ بے شک اللہ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ	ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے
وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ	اور یہ کہ بے شک اللہ نے یقیناً گھیر رکھا ہے
بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿12﴾ ع	ہر چیز کو (اپنے) علم سے۔ ﴿12﴾ ع

ع 2 5 18

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤْمِنُ	: امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔	خَلَقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
يُدْخِلْهُ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔	سَبْعَ	: قرأت سبعہ وعشرہ، اُسبوعی اجلاس۔
تَجْرِيْ	: جاری، اجرا۔	سَمٰوٰتٍ	: ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔
تَحْتِهَا	: ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔	يَتَنَزَّلُ	: نازل، نزول، تنزلی، منزل من اللّٰہ۔
الْاَنْهٰرُ	: نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔	الْاَمْرُ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
خٰلِدِيْنَ	: خالد، خلد بریں۔	بَيْنَهُنَّ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اَبَدًا	: ابدالآباد، ابدی نیند سلا دیا۔	قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
اَحْسَنَ	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	اَحَاطَ	: احاطہ، محیط۔

وَمَنْ	يُّؤْمِنْ	بِاللّٰهِ ①	وَيَعْمَلْ	صَالِحًا	يُّدْخِلْهُ ②
اور جو	وہ ایمان لائے گا	اللہ پر	اور وہ عمل کرے گا	نیک	(تو) وہ داخل کرے گا اُسے

جَنّٰتٍ ③	تَجْرِيْ ③	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
(ایسے) باغات میں	(کہ) بہتی ہونگی	انکے نیچے سے	نہریں	سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)

فِيْهَآ	اَبَدًا ؕ	قَدْ ④	اَحْسَنَ اللّٰهُ ⑤	لَهٗ	رِزْقًا ⑪
اُن میں	ہمیشہ ہمیشہ	یقیناً	اچھا بنادیا ہے اللہ نے	اُس کے لیے	رزق

اَللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ	سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ ③	وَّ
اللہ (ہی ہے)	جس نے	پیدا کیے	سات	آسمان	اور

مِنَ الْاَرْضِ	مِثْلَهُنَّ ؕ	يَتَنَزَّلُ ⑥⑦	الْاَمْرُ ⑤	بَيْنَهُنَّ
زمین سے (بھی)	اُن کی مثل	اُترتا رہتا ہے	(اللہ کا) حکم	اُن کے درمیان

لِتَعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ ④	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ۙ
تاکہ تم سب جان لو	کہ بے شک اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا ہے

وَّ	اَنَّ اللّٰهَ ④	قَدْ ④	اَحَاطَ	بِكُلِّ شَيْءٍ ①	عِلْمًا ⑫ ع
اور	یہ کہ بے شک اللہ نے	یقیناً	گھیر رکھا ہے	ہر چیز کو	(اپنے) علم سے

ع 2 5 18

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ وغیرہ ہوتا ہے۔② فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔③ اسم کے آخر میں ات اور فعل کے شروع میں ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ قَدْ فعل کے شروع میں اور اِنَّ، اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑤ فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ فعل کے درمیان میں ت اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا یا تدریجاً کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 12 | 66 سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ 107 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ	اے نبی! کیوں آپ حرام کرتے ہیں (اُسے)
مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ	جسے اللہ نے حلال کیا ہے آپ کے لیے
تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ	آپ چاہتے ہیں اپنی بیویوں کی رضامندی؟
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①	اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ①
قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ	یقیناً اللہ نے مقرر کردیا ہے تمہارے لیے
تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ	تمہاری قسموں کے توڑنے کا طریقہ (کفارہ مقرر کرکے)
وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ	اور اللہ تمہارا مالک ہے
وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ②	اور وہ سب کچھ جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔ ②
وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ	اور جب نبی نے چھپا کر کہی
اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ	اپنی بیویوں میں سے بعض سے ایک بات

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُحَرِّمُ	: حرام، محرم، تحریم، حرمت۔	مَوْلٰىكُمْ	: ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	الْعَلِيْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اَحَلَّ	: حلال وحرام، رزق حلال، کسب حلال۔	الْحَكِيْمُ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
مَرْضَاتَ	: راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔	اَسَرَّ	: اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔
اَزْوَاجِكَ	: زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	النَّبِيُّ	: نبی، نبوت، انبیا۔
غَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
رَّحِيْمٌ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	بَعْضِ	: بعض الناس، بعض اوقات۔
فَرَضَ	: فرض، فریضہ، فرائض۔	حَدِيْثًا	: حدیث، تحدیثِ نعمت۔

اٰيَاتُهَا 12 | 66 سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ 107 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا ①	النَّبِيُّ	لِمَ ②	تُحَرِّمُ	مَآ	اَحَلَّ اللّٰهُ
اے	نبی!	کس لیے	آپ حرام کرتے ہیں	جسے	اللہ نے حلال کیا ہے

لَكَ ③ ج	تَبْتَغِيْ	مَرْضَاتَ	اَزْوَاجِكَ ④ ط	وَاللّٰهُ
آپ کے لیے	آپ چاہتے ہیں	رضامندی	اپنی بیویوں کی	اور اللہ

غَفُوْرٌ ⑤	رَّحِيْمٌ ⑤ (1)	قَدْ	فَرَضَ اللّٰهُ	لَكُمْ ③
بہت بخشنے والا	بڑا مہربان (ہے)	یقیناً	اللہ نے مقرر کر دیا ہے	تمہارے لیے

تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ⑥ ج	وَ	اللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ ⑥ ج	وَ
تمہاری قسموں کا کھولنا (توڑنا)	اور	اللہ	تمہارا مالک (ہے)	اور

هُوَ الْعَلِيْمُ ⑤	الْحَكِيْمُ ⑤ (2)	وَ	اِذْ	اَسَرَّ
وہی سب کچھ جاننے والا	بہت حکمت والا (ہے)	اور	جب	چھپا کر کہی

النَّبِيُّ	اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ ⑦	حَدِيْثًا ⑧ ج
نبی (نے)	اپنی بیویوں (میں سے) بعض سے	ایک بات

ضروری وضاحت

① یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔② لِمَ دراصل لِ + مَا کا مجموعہ ہے، آخر سے "ا" تخفیف کیلئے گرا ہوا ہے۔③ یہاں
لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ تیرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤ اس سانچے
میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اسم کے آخر میں كُمْ کا ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا کیا جاتا ہے۔
⑦ اِلٰی کا ترجمہ سے ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ	پس جب اُس (بیوی) نے خبر کردی (دوسری کو) اس بات کی
وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ	اور اللہ نے اُسے ظاہر کردیا اُس (نبی) پر
عَرَّفَ بَعْضَهٗ	(تو) اُس نے (بیوی کو) جتلائی اُس میں سے کچھ (بات)
وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا	اور کچھ سے اعراض کیا، پھر جب
نَبَّاَهَا بِهٖ	اُس (نبی) نے خبر دی اس (بیوی) کو اسکی (یعنی راز فاش کرنے کی)
قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ	(تو) اُس (بیوی) نے کہا یہ کس نے خبر دی آپ کو
قَالَ نَبَّاَنِیَ	(نبی) نے کہا خبر دی ہے مجھے
الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③	سب کچھ جاننے والے خوب خبر دار نے۔ ③
اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ	اگر تم دونوں (اس قصور سے) توبہ کرلو اللہ کی طرف (تو بہتر ہے)
فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ	پس یقیناً ہٹ گئے ہیں تم دونوں کے دل (حق سے)
وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ	اور اگر تم دونوں باہم اعانت کروگی اس (نبی کی ایذا) پر
فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ	تو بے شک اللہ وہ (خود) اُس کا مددگار ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَبَّاَتْ، اَنْۢبَاَكَ : نبی، نبوت، انبیاء۔
وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔
اَظْهَرَهُ : ظاہر، مظاہرہ، مظہر۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
عَرَّفَ : عرف، تعارف، معرفت۔
بَعْضَهٗ : بعض معاملات، بعض اوقات۔
اَعْرَضَ : اعراض کرنا۔
قَالَتْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

هٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
الْعَلِيْمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الْخَبِيْرُ : خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر، خبیر۔
تَتُوْبَاۤ : توبہ، تائب۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
قُلُوْبُكُمَا : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب و اذہان۔
مَوْلٰىهُ : ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔

فَلَمَّا①	نَبَّاَتْ②	بِهٖ	وَ	اَظْهَرَهُ اللّٰهُ③
پس جب	اُس نے خبر کردی	اس کی	اور	اللہ نے ظاہر کردیا اُسے

عَلَيْهِ③	عَرَّفَ	بَعْضَهٗ	وَ	اَعْرَضَ
اُس پر	(تو) اُس نے جتلایا	اُس کا کچھ حصہ	اور	اعراض کیا

عَنْۢ بَعْضٍۚ	فَلَمَّا①	نَبَّاَهَا	بِهٖ	قَالَتْ②
کچھ حصے سے	پھر جب	اُس نے اس کو خبر دی	اُس کی	(تو) اُس نے کہا

مَنْ④	اَنْۢبَاَكَ	هٰذَا ط	قَالَ⑤	نَبَّاَنِيَ⑥
کس نے	آپ کو خبر دی	یہ	اس کہا	خبر دی ہے مجھے

الْعَلِيْمُ	الْخَبِيْرُ ﴿3﴾	اِنْ	تَتُوْبَآ
سب کچھ جاننے والے	خوب خبردار نے	اگر	تم دونوں توبہ کرلو

اِلَى اللّٰهِ	فَقَدْ①	صَغَتْ③	قُلُوْبُكُمَا⑦ ج	وَ اِنْ
اللہ کی طرف (تو بہتر ہے)	پس یقیناً	ہٹ گئے ہیں	تم دونوں کے دل (حق سے)	اور اگر

تَظٰهَرَا⑦	عَلَيْهِ③	فَاِنَّ اللّٰهَ①	هُوَ	مَوْلٰهُ③
تم دونوں باہم اعانت کروگی	اس پر	تو بے شک اللہ	وہ (خود)	اُس کا مددگار (ہے)

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر یا سو ہوتا ہے۔② تْ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ ہٗ یا ہٖ کو اگلے لفظ سے ملایا جائے یا اس سے پہلے جزم یا الف ہو تو اسکی کھڑی زیر صرف زیر اور اُلٹا پیش صرف پیش سے بدل جاتی ہے۔④ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس ہوتا ہے۔⑤ قَالَ دراصل قَوَلَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق وَ کو ا سے بدلا گیا ہے۔⑥ فعل کے آخر میں یْ لگائی ہو تو اس یْ اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔⑦ کُمَا اور "ا" دونوں تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتے ہیں۔

وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ	اور جبریل اور نیک ایمان والے
وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴿4﴾	اور اس کے بعد تمام فرشتے مددگار ہیں۔ ﴿4﴾
عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ	اگر وہ طلاق دے تمہیں (تو) اسکا رب قریب ہے
اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ	کہ وہ بدلے میں دے اُسے تم سے بہتر بیویاں
مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ	(جو) مسلمان، ایمان والیاں
قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ	فرمانبرداری کرنے والیاں، توبہ کرنے والیاں
عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ	عبادت کرنے والیاں، روزے رکھنے والیاں
ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ﴿5﴾	شوہر دیدہ (بیوائیں) اور کنواریاں ہوں۔ ﴿5﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو
قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا	بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے
وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ	(کہ) اُس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہیں
عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ	اس پر سخت دل زور آور فرشتے (مقرر) ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَالِحُ : اصلاح، اعمال صالحہ، سلف صالحین۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔
طَلَّقَكُنَّ : طلاق، مطلقہ عورت، طلاقِ رجعی۔
يُّبْدِلَهٗٓ : تغیر وتبدل، تبدیلی، متبادل۔
اَزْوَاجًا : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
مُسْلِمٰتٍ : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
تٰٓئِبٰتٍ : توبہ، تائب۔

عٰبِدٰتٍ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اَنْفُسَكُمْ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اَهْلِيْكُمْ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
نَارًا : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
الْحِجَارَةُ : حجر اسود، شجر وحجر۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
شِدَادٌ : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔

وَجِبْرِيْلُ	وَ	صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ الْمَلٰٓئِكَةُ ①	بَعْدَ ذٰلِكَ
اور جبریل	اور	نیک سب ایمان والے	اور تمام فرشتے	اس کے بعد

ظَهِيْرٌ ﴿4﴾	عَسٰى ②	رَبُّهٗٓ	اِنْ ③	طَلَّقَكُنَّ ④	اَنْ ③
مددگار (ہیں)	(تو) قریب ہے	اسکا رب	اگر	وہ طلاق دے تمہیں	کہ

يُّبْدِلَهٗٓ	اَزْوَاجًا ⑤	خَيْرًا	مِّنْكُنَّ ④	مُسْلِمٰتٍ ④
وہ بدلے میں دے اسے	بیویاں	بہتر	تم سے	(جو) مسلمان

مُّؤْمِنٰتٍ ④	قٰنِتٰتٍ ④	تٰٓئِبٰتٍ ④	عٰبِدٰتٍ ④
ایمان والیاں	فرمانبرداری کرنے والیاں	توبہ کرنے والیاں	عبادت کرنے والیاں

سٰٓئِحٰتٍ ④	ثَيِّبٰتٍ ④	وَّ اَبْكَارًا ﴿5﴾	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
روزے رکھنے والیاں	شوہر دیدہ	اور کنواریاں (ہوں)	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

قُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَ	اَهْلِيْكُمْ ⑥	نَارًا	وَّقُوْدُهَا
تم سب بچاؤ	اپنے نفسوں کو	اور	اپنے گھر والوں کو	آگ سے	(کہ) اُس کا ایندھن

النَّاسُ	وَ	الْحِجَارَةُ	عَلَيْهَا	مَلٰٓئِكَةٌ ①	غِلَاظٌ	شِدَادٌ
لوگ	اور	پتھر (ہیں)	اس پر	فرشتے (مقرر ہیں)	سخت دل	زور آور

ضروری وضاحت

①مَلٰٓئِكَةٌ میں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہاں یہ جمع کے لیے ہے۔②عَسٰى کا ترجمہ کبھی قریب ہے کبھی شاید کہ کیا جاتا ہے۔③اِنْ کا ترجمہ اگر اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔④ كُنَّ اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔⑤اَزْوَاجًا زَوْجٌ کی جمع ہے اس کا اصل ترجمہ جوڑا ہے، چونکہ میاں اور بیوی دونوں جوڑے کے ممبر ہوتے ہیں لہٰذا یہ لفظ میاں بیوی دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑥ اَهْلِيْ دراصل اَهْلِيْنَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق جمع کا نَ گر گیا ہے۔

لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ	وہ اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے
مَآ اَمَرَهُمْ	جس کا وہ اُنہیں حکم دے
وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝6	اور وہ کرتے ہیں جو وہ حکم دیے جاتے ہیں۔ ۝6
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اے (وہ لوگو!) جنہوں نے کفر کیا
لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۭ	آج تم عذر مت پیش کرو
اِنَّمَا تُجْزَوْنَ	بے شک صرف تم بدلہ دیے جاؤ گے (اُسی کا)
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝7 ع 7 19	جو تم عمل کیا کرتے تھے۔ ۝7
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ	تم توبہ کرو اللہ کی طرف خالص توبہ
عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ	قریب ہے کہ دور کر دے تمہارا رب تم سے
سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ	تمہاری بُرائیاں اور وہ داخل کرے تمہیں
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ	(ایسے) باغات میں (کہ) اُنکے نیچے سے نہریں بہتی ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعْصُوْنَ : معصیت، عاصی، غمِ عصیاں۔
اَمَرَهُمْ، يُؤْمَرُوْنَ : امر، آمر، امور، امر بالمعروف۔
يَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
تَعْتَذِرُوْا : عذر، معذرت، معذور، اعتذار۔
اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
تُجْزَوْنَ : جزا و سزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمولات زندگی۔
اٰمَنُوْا : امن و سلامتی، ایمان، مؤمن۔

تُوْبُوْٓا : توبہ، تائب۔
يُّكَفِّرَ : کفارہ مجلس کی دعا، گناہوں کا کفارہ
سَيِّاٰتِكُمْ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
يُدْخِلَكُمْ : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
جَنّٰتٍ : جنت الفردوس، جنات۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔
الْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔

لَّا يَعْصُوْنَ ①	اللّٰهَ ②	مَآ	اَمَرَهُمْ	وَ	يَفْعَلُوْنَ
وہ سب نافرمانی نہیں کرتے	اللہ کی	جس کا	وہ حکم دے اُنہیں	اور	وہ سب کرتے ہیں

مَا	يُؤْمَرُوْنَ ③ ۝6	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
جو	وہ سب حکم دیے جاتے ہیں	اے	(وہ لوگو) جن	سب نے کفر کیا

لَا تَعْتَذِرُوا ④	الْيَوْمَ ط	اِنَّمَا ⑤	تُجْزَوْنَ ⑥③
مت تم سب عذر پیش کرو	آج	بے شک صرف	تم سب بدلہ دیے جاؤ گے (اُسی کا)

مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑦ ۝7 ع	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
جو	تم سب عمل کیا کرتے تھے	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

ع 1 7 19

تُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط	عَسٰى
تم سب توبہ کرو	اللہ کی طرف	خالص توبہ	قریب ہے

رَبُّكُمْ	اَنْ	يُّكَفِّرَ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَ
تمہارا رب	کہ	دور کردے	تم سے	تمہاری بُرائیاں	اور

يُدْخِلَكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ ⑧	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ۙ
وہ داخل کرے تمہیں	(ایسے) باغات (میں)	(کہ) بہتی ہیں	اُنکے نیچے سے	نہریں

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ یـ یا تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑤ اِنَّ کے ساتھ مَا میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ یہ دراصل تُجْزَيُوْنَ تھا گرامر کے اصول کیمطابق ی گر گئی ہے۔ ⑦ تُمْ اور تـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم ہے۔ ⑧ تـ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ	جس دن اللہ نہیں رُسوا کرے گا نبی کو
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ	اور (نہ اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے اُس کے ساتھ
نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	اُن کا نور دوڑ رہا ہوگا اُن کے آگے
وَبِاَيْمَانِهِمْ	اور اُن کے دائیں طرف
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ	وہ کہیں گے اے ہمارے رب
اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا	پورا کر دے ہمارے لیے ہمارے نور کو
وَاغْفِرْ لَنَا ۚ	اور ہم کو بخش دے
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿8﴾	بیشک تو ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿8﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ	اے نبی آپ جہاد کیجیے
الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ	کافروں اور منافقوں سے
وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۗ	اور اُن پر سختی کیجیے
وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۗ	اور اُن کا ٹھکانا جہنم ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
اٰمَنُوْا : امن وسلامتی، ایمان، مؤمن۔
مَعَهٗ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
نُوْرُهُمْ : بدرِ منیر، نور، منور، انوار۔
يَسْعٰى : سعی کرنا، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔
بَيْنَ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اَيْدِيْهِمْ : یدِ بیضاء، یدطولیٰ، رفع الیدین۔
يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

اَتْمِمْ : اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر، تمام۔
وَاغْفِرْ : مغفرت، استغفار، استغفر اللّٰہ۔
شَىْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
قَدِيْرٌ : قدرت، قادر، قدیر۔
جَاهِدِ : جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام، جدوجہد۔
الْكُفَّارَ : کفر، کافر، کفار، تکفیر۔
الْمُنٰفِقِيْنَ : منافق، نفاق، رئیس المنافقین۔
مَاْوٰىهُمْ : ملجا وماویٰ۔

يَوْمَ	لَا يُخْزِى اللّٰهُ ①②	النَّبِيَّ ②	وَ	الَّذِيْنَ
جس دن	اللہ نہیں رُسوا کرے گا	نبی (کو)	اور	(نہ اُن لوگوں کو) جو

اٰمَنُوْا	مَعَهٗ ۚ	نُوْرُهُمْ ③	يَسْعٰى ①	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ ③④
سب ایمان لائے	اُسکے ساتھ	اُنکا نور	دوڑ رہا ہوگا	اُنکے ہاتھوں کے درمیان

وَ	بِاَيْمَانِهِمْ ⑤③	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ ⑥	اَتْمِمْ
اور	اُن کے دائیں طرف	وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب	تو پورا کر دے

لَنَا ⑦	نُوْرَنَا	وَ	اغْفِرْ	لَنَا ۚ ⑦	اِنَّكَ
ہمارے لیے	ہمارے نور کو	اور	تو بخش دے	ہم کو	بیشک تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ⑧ ۝8	يٰۤاَيُّهَا	النَّبِيُّ
ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	اے	نبی

جَاهِدِ	الْكُفَّارَ ②	وَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَ
آپ جہاد کیجیے	کافروں	اور	منافقوں (سے)	اور

اغْلُظْ	عَلَيْهِمْ ۚ	وَ	مَاْوٰىهُمْ ③	جَهَنَّمُ ۚ
آپ سختی کیجیے	اُن پر	اور	اُن کا ٹھکانا	جہنم (ہے)

ضروری وضاحت

① یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ کا اصل ترجمہ انکے ہاتھوں کے درمیان ہے مُراد انکے آگے ہے۔⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ یہ دراصل يَا رَبَّنَا تھا، شروع سے يَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔⑦ لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔⑧ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿9﴾	اور (وہ) بُرا ٹھکانا ہے۔ ﴿9﴾
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اللہ نے مثال بیان کی ہے
لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا	(اُن لوگوں) کے لیے جنہوں نے کفر کیا
امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ	نوح علیہ السلام کی بیوی اور لوط علیہ السلام کی بیوی کی
كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ	وہ دونوں تھیں دو بندوں کے نیچے (یعنی نکاح میں)
مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ	ہمارے بندوں میں سے (اور) دونوں نیک تھے
فَخَانَتٰهُمَا	پس اُن دونوں نے (دینی) خیانت کی اُن دونوں کی
فَلَمْ يُغْنِيَا	تو وہ دونوں (نبی) کام نہ آئے
عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا	اُن دونوں کے اللہ سے (بچانے میں) کچھ بھی
وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ	اور کہا گیا تم دونوں داخل ہو جاؤ آگ میں
مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿10﴾	داخل ہونے والوں کے ساتھ۔ ﴿10﴾
وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اور اللہ نے مثال بیان کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	صَالِحَيْنِ	: اصلاح، اعمال صالحہ، سلف صالحین۔
ضَرَبَ	: ضرب المثل۔	فَخَانَتٰهُمَا	: خیانت، خائن۔
مَثَلًا	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	يُغْنِيَا	: غنی، مستغنی، اغنیاء۔
لِّلَّذِيْنَ	: الحمدللہ، لہٰذا۔	شَيْـًٔا	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
كَفَرُوا	: کفر، کافر، کفار، تکفیر۔	قِيْلَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَحْتَ	: ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔	ادْخُلَا	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
عَبْدَيْنِ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔	النَّارَ	: یہ خاک کی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
مِنْ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	مَعَ	: مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔

وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ ﴿9﴾	ضَرَبَ ①	اللّٰهُ ②
اور	(وہ) بُرا	ٹھکانا (ہے)	بیان کی (ہے)	اللہ نے

مَثَلًا	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوا	امْرَاَتَ نُوْحٍ
مثال	(اُن لوگوں) کے لیے جن	سب نے کفر کیا	نوح کی بیوی

وَّ	امْرَاَتَ لُوْطٍ	كَانَتَا ③	تَحْتَ
اور	لوط کی بیوی کی	وہ دونوں تھیں	نیچے (یعنی نکاح میں)

عَبْدَيْنِ ③	مِنْ عِبَادِنَا ④	صَالِحَيْنِ ③	فَخَانَتٰهُمَا ③
دو بندوں کے	ہمارے بندوں میں سے	دونوں نیک (تھے)	پس اُن دونوں نے خیانت کی اُن دونوں کی

فَلَمْ يُغْنِيَا ③⑤	عَنْهُمَا ③	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا
تو وہ دونوں کام نہ آئے	اُن دونوں کے	اللہ سے (بچانے میں)	کچھ بھی

وَّ	قِيْلَ ⑥	ادْخُلَا ③	النَّارَ ②	مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿10﴾
اور	کہا گیا	تم دونوں داخل ہو جاؤ	آگ (میں)	داخل ہونے والوں کے ساتھ

وَ	ضَرَبَ ①	اللّٰهُ ②	مَثَلًا
اور	بیان کی	اللہ نے	مثال

ضروری وضاحت

① ضَرَبَ کا لفظی ترجمہ اس نے مارا ہے، اگر اس کے بعد مَثَلًا ہو تو اس کا ترجمہ بیان کیا، اور اگر اس کے بعد فِیْ ہو تو معنی چلنا ہوتا ہے۔② فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ لفظ کے آخر میں علامت "ا" اور یْنِ اور هُمَا دو ہونے کو ظاہر کرتی ہیں۔④ اسم کے آخر میں نَا کا ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑥ قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا، و کو گرامر کے اصول کے مطابق ی سے بدلا گیا ہے۔

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا	(اُن لوگوں) کے لیے جو ایمان لائے
امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ (وقف لازم)	فرعون کی بیوی کی، جب اس نے کہا
رَبِّ ابْنِ لِيْ	(اے میرے) رب! بنا میرے لیے
عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ	اپنے پاس ایک گھر جنت میں
وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ	اور نجات دے مجھے فرعون اور اس کے عمل سے
وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ ﴿11﴾	اور تو نجات دے مجھے ظالم لوگوں سے۔ ﴿11﴾
وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ	اور (مثال بیان فرمائی) مریم بنت عمران کی
الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا	جس نے حفاظت کی اپنی شرمگاہ کی
فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا	تو ہم نے پھونک دی اُس میں اپنی روح
وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا	اور اُس نے تصدیق کی اپنے رب کی باتوں کی
وَكُتُبِهٖ	اور اس کی کتابوں کی
وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ع ﴿12﴾ (ع 2 5 20)	اور وہ تھی فرمانبرداروں میں سے۔ ع ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلَّذِيْنَ	الحمدللہ، لِہٰذا۔
اٰمَنُوا	امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔
قَالَتْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
ابْنِ	بنایا، بنانا۔
عِنْدَكَ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
بَيْتًا	بیت اللہ، بیت المقدس، اہلِ بیت۔
نَجِّنِيْ	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
عَمَلِهٖ	عمل، اعمال صالحہ، معمولات زندگی۔
الْقَوْمِ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
الظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
ابْنَتَ	بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات اسلام۔
فِيْهِ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
رُّوْحِنَا	روح، ارواح، روحانیت۔
صَدَّقَتْ	صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
بِكَلِمٰتِ	کلمہ، کلمات، ابتدائی کلمات۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

وقف لازم

لِّلَّذِيْنَ ①	اٰمَنُوا	امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ	اِذْ	قَالَتْ ②
(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	فرعون کی بیوی کی	جب	اس نے کہا

رَبِّ ③	ابْنِ	لِيْ	عِنْدَكَ	بَيْتًا ④	فِي الْجَنَّةِ
(اے میرے) رب!	تو بنا	میرے لیے	اپنے پاس	ایک گھر	جنت میں

وَ	نَجِّنِيْ ⑤	مِنْ فِرْعَوْنَ	وَ	عَمَلِهٖ	وَ	نَجِّنِيْ ⑤
اور	مجھے نجات دے	فرعون سے	اور	اس کے عمل (سے)	اور	تو نجات دے مجھے

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ⑥ ۙ (11)	وَ	مَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ
ظالم لوگوں سے	اور	(مثال بیان فرمائی) مریم بنت عمران کی

الَّتِيْٓ ⑦	اَحْصَنَتْ ②	فَرْجَهَا	فَنَفَخْنَا	فِيْهِ
جس نے	حفاظت کی	اپنی شرمگاہ کی	تو ہم نے پھونک دی	اُس میں

مِنْ رُّوْحِنَا	وَ	صَدَّقَتْ ②	بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا
اپنی روح سے	اور	اُس نے تصدیق کی	اپنے رب کی باتوں کی

وَ	كُتُبِهٖ	وَ	كَانَتْ ②	مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ع (12)
اور	اس کی کتابوں کی	اور	وہ تھی	فرمانبرداروں میں سے

ع 2 5 20

ضروری وضاحت

① الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔ ② تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ یہ دراصل يَا رَبِّيْ تھا، شروع سے يَا اور آخر سے يْ تخفیف کیلئے گرے ہوئے ہیں۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ اگر فعل کے آخر میں يْ لگانی ہو تو اس يْ کے اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ⑥ قَوْم لفظاً واحد اور معناً جمع ہے، اسی لیے اس کے ساتھ جمع کا لفظ آیا ہے۔ ⑦ الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

تعارف ومقاصد ''بیت القرآن''

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تاثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے ''بیت القرآن'' کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کارِ خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **''بیت القرآن''** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **''بیت القرآن''** لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾ ﴾ سورۃ القمر: 17

"اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ تَبٰرَكَ الَّذِیْ 29 ﴾

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

نام کتاب	مِصباحُ القُرآن ﴿تَبٰرَكَ الَّذِیْ﴾ پارہ نمبر 29
مرتب	پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن اول	اشاعت اول اگست 2011
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیْتُ الْقُرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115
فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111
ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org
ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ الْقُرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ الْقُرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بَیْتُ الْقُرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیْتُ الْقُرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روزمرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

رُکُوعَاتُهَا 2 | 67 سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ 77 | اٰيَاتُهَا 30

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ	بہت برکت والا ہے وہ جو (کہ) اسکے ہاتھ میں ہے
الْمُلْكُ ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۟ﹰ﴿1﴾	بادشاہی، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔﴿1﴾
الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ	(وہ) جس نے پیدا کیا موت اور زندگی کو
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ	تاکہ وہ آزمائے تمہیں (کہ) تم میں سے کون
اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ	زیادہ اچھا ہے عمل کے لحاظ سے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ﴿2﴾	اور وہی غالب اور خوب بخشنے والا ہے۔﴿2﴾
الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ	(وہ) جس نے پیدا کیے سات آسمان اوپر تلے
مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ	نہیں تو دیکھے گا رحمن کے پیدا کیے ہوئے میں
مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ	کوئی فرق (کمی بیشی)، پس تو لوٹا (اپنی) نگاہ کو
هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿3﴾	کیا تو دیکھتا ہے کوئی شگاف۔﴿3﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَبٰرَكَ	: برکت، برکات، مبارک، تبرک۔	الْغَفُوْرُ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللّٰہ۔
بِيَدِهِ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	سَبْعَ	: سبعہ عشرہ، قراءاتِ سبعہ۔
الْمُلْكُ	: مالک، ملکیت۔	طِبَاقًا	: طبقہ، طبقات، طبقات الارض۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	تَرٰى	: رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
خَلَقَ	: خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔	تَفٰوُتٍ	: تفاوت ہونا۔
لِيَبْلُوَكُمْ	: بلا، ابتلاء وآزمائش، مبتلا۔	فَارْجِعِ	: رجوع، راجع، رجعت پسند۔
اَحْسَنُ	: حسن، احسان، محسن، احسن جزا۔	الْبَصَرَ	: بصر، بصارت، بصیرت۔

اٰیاتُھا 30 — 67 سُوْرَۃُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ 77 — رُکُوْعَاتُھا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[1] تَبٰرَكَ	الَّذِیْ	[2] بِيَدِهِ	الْمُلْكُ ز	وَهُوَ	عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ
بہت برکت والا ہے	(وہ) جو	اس کے ہاتھ میں	بادشاہی	اور وہ	ہر چیز پر

[3] قَدِيْرُ ۙ ۝1	الَّذِیْ	خَلَقَ	الْمَوْتَ	وَالْحَيٰوةَ
خوب قدرت رکھنے والا	جس نے	پیدا کیا	موت کو	اور زندگی کو

لِيَبْلُوَكُمْ	اَيُّكُمْ	[4] اَحْسَنُ	عَمَلًا ط	وَ	[5][3] هُوَ الْعَزِيْزُ
تاکہ وہ آزمائے تمہیں	تم میں سے کون	زیادہ اچھا ہے	عمل میں	اور	وہی بہت غالب

[3] الْغَفُوْرُ ۙ ۝2	الَّذِیْ	خَلَقَ	سَبْعَ	[6] سَمٰوٰتٍ	طِبَاقًا ط
خوب بخشنے والا	جس نے	پیدا کیا	سات	آسمانوں کو	اوپر تلے

مَا	تَرٰی	فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ	[7][8] مِنْ تَفٰوُتٍ ط
نہیں	تو دیکھے گا	رحمن کے پیدا کیے ہوئے میں	کوئی فرق (کمی بیشی)

فَارْجِعِ	الْبَصَرَ ۙ	هَلْ	تَرٰی	[7][8] مِنْ فُطُوْرٍ ۝3
پس تو لوٹا	نگاہ کو	کیا	تو دیکھتا ہے	کوئی شگاف

ضروری وضاحت

(1) تا اور الف یا کھڑی زبر دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے۔ (2) علامت بِ کا ضرورتاً ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ (3) فَعِیْلٌ اور فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (4) اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ (5) ھُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ (6) ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (7) یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (8) اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ كَرَّتَيۡنِ	پھر تو لوٹا (اپنی) نگاہ کو دوبارہ (بار بار)
يَنۡقَلِبۡ اِلَيۡكَ الۡبَصَرُ	لوٹے گی نگاہ تیری طرف
خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيۡرٌ ﴿4﴾	ذلیل ہو کر اس حال میں کہ وہ تھکی ہوئی ہوگی۔ ﴿4﴾
وَلَقَدۡ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے مزین کیا دنیوی آسمان کو
بِمَصَابِيۡحَ وَجَعَلۡنٰهَا	چراغوں سے اور ہم نے بنایا انہیں
رُجُوۡمًا لِّلشَّيٰطِيۡنِ	شیطانوں کو مارنے کا آلہ
وَاَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ	اور ہم نے تیار کر رکھا ہے ان کے لیے
عَذَابَ السَّعِيۡرِ ﴿5﴾	بھڑکتی آگ کا عذاب۔ ﴿5﴾
وَلِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ	اور ان لوگوں کے لیے جنہوں نے انکار کیا اپنے رب کا
عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ	جہنم کا عذاب ہے
وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿6﴾	اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ ﴿6﴾
اِذَاۤ اُلۡقُوۡا فِيۡهَا	جب وہ ڈالے جائیں گے اس (جہنم) میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ارۡجِعِ	رجوع، راجع، رجعت پسند۔	بِمَصَابِيۡحَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔
الۡبَصَرَ	بصر، بصارت، بصیرت۔	رُجُوۡمًا	رجم، رجیم، حدرجم۔
يَنۡقَلِبۡ	انقلاب، انقلابی اقدام۔	لِّلشَّيٰطِيۡنِ	شیطان، حزب الشیطان، شیاطین۔
اِلَيۡكَ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	اَعۡتَدۡنَا	مُستعد، استعداد۔
وَ	لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔	عَذَابَ	عذاب ۔
زَيَّنَّا	مزّین، تزیین و آرائش۔	كَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
السَّمَآءَ	کتب سماویہ، ارض و سما۔	اُلۡقُوۡا	القاء۔
الدُّنۡيَا	دنیا و آخرت، دین و دنیا، دنیاداری۔	فِيۡهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

ثُمَّ	ارْجِعِ ①	الْبَصَرَ ②	كَرَّتَيْنِ	يَنْقَلِبْ
پھر	تو لوٹا	نگاہ کو	دو بار (بار بار)	وہ لوٹے گی

اِلَيْكَ	الْبَصَرُ ③	خَاسِئًا	وَّ	هُوَ
تیری طرف	نگاہ	ذلیل ہو کر	اس حال میں کہ	وہ

حَسِيْرٌ ④ ﴿4﴾	وَ	لَقَدْ ⑤	زَيَّنَّا	السَّمَآءَ ② الدُّنْيَا
بہت تھکی ہوئی	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے مزین کیا	دنیوی آسمان کو

بِمَصَابِيْحَ ⑥	وَ	جَعَلْنٰهَا	رُجُوْمًا	لِّلشَّيٰطِيْنِ
چراغوں سے	اور	ہم نے بنایا انہیں	مارنے کا آلہ	شیطانوں کے لیے

وَ	اَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابَ السَّعِيْرِ ﴿5﴾	وَ
اور	ہم نے تیار کر رکھا ہے	ان کے لیے	بھڑکتی آگ کا عذاب	اور

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ ⑥	عَذَابُ جَهَنَّمَ ط	وَ
(ان لوگوں) کے لیے جن	سب نے انکار کیا	اپنے رب کا	جہنم کا عذاب	اور

بِئْسَ	الْمَصِيْرُ ﴿6﴾	اِذَآ	اُلْقُوْا	فِيْهَا
وہ بہت برا	ٹھکانا	جب	وہ سب ڈالے جائیں گے	اس (جہنم) میں

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے، یہاں سکون کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔④ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

سَمِعُوۡا لَهَا شَهِيۡقًا	وہ سنیں گے اس کا چلّانا
وَّهِىَ تَفُوۡرُ ۞7	اس حال میں کہ وہ جوش مار رہی ہوگی۔ 7
تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الۡغَيۡظِ ؕ	قریب ہوگی (کہ) وہ پھٹ جائے غصے سے
كُلَّمَاۤ اُلۡقِىَ فِيۡهَا فَوۡجٌ	جب بھی ڈالا جائے گا اس میں کوئی گروہ
سَاَلَهُمۡ خَزَنَتُهَاۤ	پوچھیں گے ان سے اس کے داروغے
اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَذِيۡرٌ ۞8	کیا نہیں آیا تھا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا۔ 8
قَالُوۡا بَلٰى قَدۡ جَآءَنَا	وہ کہیں گے ہاں کیوں نہیں یقیناً آیا تھا ہمارے پاس
نَذِيۡرٌ ۙ فَكَذَّبۡنَا	ایک ڈرانے والا، تو ہم نے جھٹلا دیا (اسے)
وَقُلۡنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ ۖۚ	اور ہم نے کہا نہیں نازل کی اللہ نے کوئی چیز
اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا فِىۡ ضَلٰلٍ كَبِيۡرٍ ۞9	نہیں ہو تم مگر ایک بہت بڑی گمراہی میں۔ 9
وَقَالُوۡا لَوۡ كُنَّا نَسۡمَعُ	اور وہ کہیں گے اگر ہم سنتے ہوتے
اَوۡ نَعۡقِلُ مَا كُنَّا	یا ہم سمجھتے ہوتے (تو) نہ ہوتے ہم (شامل)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَمِعُوۡا	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	قَالُوۡا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَفُوۡرُ	: فوارہ، فوارے۔	فَكَذَّبۡنَا	: کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
مِنَ	: منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔	نَزَّلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الۡغَيۡظِ	: غیظ وغضب۔	شَىۡءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
اُلۡقِىَ	: اِلقاء۔	اِلَّا	: الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
فِيۡهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	ضَلٰلٍ	: ضلالت و گمراہی۔
فَوۡجٌ	: فوج، افواج، فوج ظفر موج۔	كَبِيۡرٍ	: کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
سَاَلَهُمۡ	: سوال، سائل، مسئول۔	نَعۡقِلُ	: عقل، عاقل، معقول۔

سَمِعُوْا	لَهَا ①	شَهِيْقًا	وَّهِيَ	تَفُوْرُ ② ﴿7﴾	تَكَادُ ②
وہ سب سنیں گے	اس کا	چلّانا	اس حال میں کہ وہ	جوش مار رہی ہوگی	قریب ہوگی

تَمَيَّزُ ③	مِنَ الْغَيْظِ ؕ	كُلَّمَآ	اُلْقِيَ ④	فِيْهَا	فَوْجٌ ⑤
وہ پھٹ جائے	غصے سے	جب بھی	ڈالا جائے گا	اس میں	کوئی گروہ

سَاَلَهُمْ	خَزَنَتُهَآ	اَ	لَمْ يَاْتِكُمْ	نَذِيْرٌ ⑤ ﴿8﴾
پوچھیں گے ان سے	اس کے داروغے	کیا	نہیں وہ آیا تھا تمہارے پاس	کوئی ڈرانے والا

قَالُوْا	بَلٰى	قَدْ	جَآءَنَا	نَذِيْرٌ ⑤ ۙ	فَكَذَّبْنَا
انہوں نے کہا	ہاں کیوں نہیں	یقیناً	آیا تھا ہمارے پاس	ایک ڈرانے والا	تو ہم نے جھٹلا دیا

وَقُلْنَا	مَا	نَزَّلَ اللّٰهُ	مِنْ شَيْءٍ ⑤ ۚ ⑥	اِنْ	اَنْتُمْ
اور ہم نے کہا	نہیں	نازل کی اللہ نے	کوئی چیز	نہیں (ہو)	تم

اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ⑤ ﴿9﴾	وَ	قَالُوْا
مگر	ایک بہت بڑی گمراہی میں	اور	انہوں نے کہا

لَوْ	كُنَّا ⑦	نَسْمَعُ	اَوْ	نَعْقِلُ	مَا	كُنَّا ⑦
اگر	ہم ہوتے	ہم سنتے	یا	ہم سمجھتے ہوتے	نہ	ہوتے ہم

ضروری وضاحت

① لَهَا میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ ② تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ تَمَيَّزُ دراصل تَتَمَيَّزُ تھا تخفیف کے لیے ایک تَ گری ہوئی ہے۔ ④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ كُنَّا دراصل كُنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔

فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿10﴾	بھڑکتی ہوئی آگ والوں میں۔ ﴿10﴾
فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا	پس وہ اعتراف کریں گے اپنے گناہ کا سو دوری ہے
لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿11﴾	بھڑکتی ہوئی آگ والوں کے لیے۔ ﴿11﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ	بیشک وہ لوگ جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے بغیر دیکھے
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿12﴾	ان کے لیے بخشش اور بہت بڑا اجر ہے۔ ﴿12﴾
وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ	اور تم چھپا کر کرو اپنی بات یا تم پکار کر و اس کو
اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿13﴾	بیشک وہ خوب جاننے والا ہے سینوں والی (بات) کو۔ ﴿13﴾
اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ	کیا (بھلا) نہیں وہ جانتا جس نے پیدا کیا ہے؟
وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿14﴾	اور وہ تو بہت باریک بین، خوب خبردار ہے۔ ﴿14﴾
هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ	وہی ہے جس نے بنادیا تمہارے لیے زمین کو
ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا	(تمہارا) تابع پس چلو اس کے کندھوں (راستوں) میں
وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ۭ	اور تم کھاؤ اس کے رزق سے

ع 1 14 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْٓ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اَصْحٰبِ	اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔	الصُّدُوْرِ	شرح صدر، ضیق الصدر، شق صدر۔
فَاعْتَرَفُوْا	اعتراف کرنا، معترف ہونا۔	خَلَقَ	خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔
يَخْشَوْنَ	خشیت الٰہی۔	اللَّطِيْفُ	لطف وکرم، لطیف، لطافت۔
كَبِيْرٌ	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	الْخَبِيْرُ	خبر، اخبار، مخبر، باخبر۔
اَسِرُّوْا	اسرار ورموز، پراسرار، سری وجہری نمازیں۔	الْاَرْضَ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
قَوْلَكُمْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	كُلُوْا	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
اجْهَرُوْا	جہری نمازیں، آمین بالجہر۔	رِّزْقِهٖ	رزق، رزّاق، رازق۔

فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ⑩	فَاعْتَرَفُوْا	بِذَنْۢبِهِمْ ۚ①	فَسُحْقًا
بھڑکتی ہوئی آگ والوں میں	پس وہ سب اعتراف کریں گے	اپنے گناہ کا	سو دوری

لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ⑪	اِنَّ الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ
بھڑکتی ہوئی آگ والوں کے لیے	بیشک وہ لوگ جو	وہ سب ڈرتے ہیں	اپنے رب سے

بِالْغَيْبِ②	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ③	وَّاَجْرٌ	كَبِيْرٌ ⑫④	وَاَسِرُّوْا⑤
بن دیکھے	ان کے لیے	بخشش	اور اجر	بہت بڑا	اور تم سب چھپا کر کرو

قَوْلَكُمْ	اَوِ	اجْهَرُوْا⑤	بِهٖ ۭ①	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ④	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑬①
وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ — اور نہیں وہ ہرگز کسی شاعر کا قول

قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ — بہت کم تم ایمان لاتے ہو۔ ﴿41﴾

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ — اور نہ ہرگز کسی کاہن (نجومی) کا قول ہے

قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿42﴾ — بہت کم تم نصیحت پکڑتے ہو۔ ﴿42﴾

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿43﴾ — (یہ) اُتارا ہوا ہے جہانوں کے رب کی طرف سے۔ ﴿43﴾

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿44﴾ — اور اگر وہ گھڑ کر بول دیتا ہم پر بعض باتیں۔ ﴿44﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم عید، یوم آخرت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يَاْكُلُهٗ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
الْخَاطِـُٔوْنَ : خطا، خطا کار، خطائیں۔
اُقْسِمُ : قسم کھانا، قسمیں۔
تُبْصِرُوْنَ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
لَقَوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
كَرِيْمٍ : کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔

مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
تُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
كَاهِنٍ : کاہن وجادوگر، کہانت۔
تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
تَنْزِيْلٌ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الْعٰلَمِيْنَ : الہ العالمین، عالم اسلام، عالم کفر۔
عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بَعْضَ : بعض الناس، بعض اوقات۔

فَلَيْسَ	لَهُ	الْيَوْمَ	هٰهُنَا	حَمِيْمٌ ﴿35﴾ ① لا	وَّ	لَا طَعَامٌ ①
سو نہیں	اس کا	آج	یہاں	کوئی دوست	اور	نہ کوئی کھانا

ع 1 37 5

اِلَّا	مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿36﴾ لا	لَّا يَاْكُلُهٗٓ ②	اِلَّا	الْخَاطِـُٔوْنَ ﴿37﴾ ع
سوائے	زخموں کی دھوون سے	نہیں وہ کھائے گا اسے	سوائے	گناہ گاروں کے

فَلَآ ③	اُقْسِمُ	بِمَا	تُبْصِرُوْنَ ﴿38﴾ لا	وَمَا	لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿39﴾ لا
پس نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	(اس) کی جسے	تم سب دیکھتے ہو	اور جسے	نہیں تم سب دیکھتے

اِنَّهٗ	لَقَوْلُ	رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿40﴾	وَّ	مَا هُوَ	بِقَوْلِ شَاعِرٍ ④ ط
بلاشبہ یہ	یقیناً قول	رسول کریم	اور	نہیں وہ	ہرگز کسی شاعر کا قول

قَلِيْلًا مَّا ⑤	تُؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ لا	وَ	لَا	بِقَوْلِ كَاهِنٍ ④ ط	قَلِيْلًا
بہت کم	تم سب ایمان لاتے ہو	اور	نہ	ہرگز کسی کاہن کا قول	بہت کم

مَّا	تَذَكَّرُوْنَ ⑥ ﴿42﴾ ط	تَنْزِيْلٌ	مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿43﴾
جو	تم سب نصیحت پکڑتے ہو	اُتارا ہوا	جہانوں کے رب کی طرف سے

وَ	لَوْ	تَقَوَّلَ ⑦	عَلَيْنَا	بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿44﴾ لا
اور	اگر	وہ گھڑ کر بول دیتا	ہم پر	بعض باتیں

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔② ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔③ بعض مفسرین نے اس لَا کو زائد کہا ہے۔④ اگر مَا یا لَا کے بعد اُسے جملے میں "بِ" ہو تو اس "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔⑤ یہاں مَا زائدہ ہے۔⑥ یہ اصل میں تَتَذَكَّرُوْنَ تھا تخفیف کے لیے ایک تَ گر گئی ہے۔⑦ فعل کے شروع میں تَ اور درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿45﴾	(تو) یقیناً ہم پکڑ لیتے اس کو دائیں ہاتھ سے۔ ﴿45﴾
ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿46﴾	پھر یقیناً ہم کاٹ دیتے اس کی شہہ رگ کو۔ ﴿46﴾
فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ	پھر نہ ہوتا تم میں سے کوئی ایک
عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿47﴾	(ہمیں) اس سے روکنے والا۔ ﴿47﴾
وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ	اور بے شک وہ یقیناً ایک نصیحت ہے
لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿48﴾	پرہیزگاروں کے لیے۔ ﴿48﴾
وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ	اور بیشک ہم بلاشبہ جانتے ہیں کہ بیشک تم میں سے
مُّكَذِّبِيْنَ ﴿49﴾	(کچھ لوگ) جھٹلانے والے ہیں۔ ﴿49﴾
وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿50﴾	اور یقیناً وہ (جھٹلانا) بلاشبہ حسرت ہوگا کافروں پر۔ ﴿50﴾
وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿51﴾	اور بے شک وہ بلاشبہ یقینی حق ہے۔ ﴿51﴾
فَسَبِّحْ	پس آپ تسبیح بیان کریں
بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿52﴾	اپنے عظمت والے رب کے نام کی۔ ﴿52﴾

ع 2/15/6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاَخَذْنَا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	لَحَسْرَةٌ	حسرت، حسرت انگیز، حسرت بھرا۔
بِالْيَمِيْنِ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔	عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
لَقَطَعْنَا	قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔	الْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَحَدٍ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	لَحَقُّ	حق وباطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔
لَتَذْكِرَةٌ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	الْيَقِيْنِ	یقین، یقین محکم، یقین کامل۔
لِّلْمُتَّقِيْنَ	الحمدللہ، لہٰذا/تقویٰ، متقی۔	فَسَبِّحْ	تسبیح، تسبیحات۔
لَنَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	بِاسْمِ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
مُّكَذِّبِيْنَ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	الْعَظِيْمِ	اجر عظیم، عظمت۔ معظم، تعظیم۔

لَاَخَذْنَا ①	مِنْهُ ②	بِالْيَمِيْنِ ﴿45﴾ ③	ثُمَّ	لَقَطَعْنَا ①
یقیناً ہم پکڑ لیتے	اس کو	دائیں ہاتھ سے	پھر	یقیناً ہم کاٹ دیتے

مِنْهُ ②	الْوَتِيْنَ ﴿46﴾	فَمَا	مِنْكُمْ	مِّنْ اَحَدٍ ④⑤
اس کی	شہہ رگ	پھر نہ	تم میں سے	کوئی ایک

عَنْهُ	حٰجِزِيْنَ ﴿47﴾	وَ	اِنَّهٗ	لَتَذْكِرَةٌ ⑥⑤
اس سے	سب روکنے والے	اور	بے شک وہ	یقیناً ایک نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿48﴾	وَ	اِنَّا	لَنَعْلَمُ ①	اَنَّ
پرہیزگاروں کے لیے	اور	بیشک ہم	بلاشبہ ہم جانتے ہیں	کہ بیشک

مِنْكُمْ	مُّكَذِّبِيْنَ ﴿49﴾	وَ	اِنَّهٗ	لَحَسْرَةٌ ①⑥
تم میں سے	سب جھٹلانے والے	اور	یقیناً وہ (جھٹلانا)	بلاشبہ حسرت

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿50﴾	وَ	اِنَّهٗ	لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿51﴾ ①
کافروں پر	اور	بے شک وہ	بلاشبہ یقینی حق ہے

ع 2 15 6

فَسَبِّحْ	بِاسْمِ رَبِّكَ ③	الْعَظِيْمِ ﴿52﴾ ⑦
پس آپ تسبیح بیان کریں	اپنے رب کے نام کی	بہت عظمت والا

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع لَ تاکید کی علامت ہے۔② مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے، کبھی ضرورتاً کا، کی، کو بھی کر دیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

70 سُوۡرَۃُ الۡمَعَارِجِ مَکِّیَّۃٌ 79

اٰیَاتُھَا 44 — رُکُوۡعَاتُھَا 02

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَاَلَ سَآئِلٌۢ	سوال کیا ایک سوال کرنیوالے نے
بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿1﴾	(اس) عذاب کا (جو) واقع ہونے والا ہے۔ ﴿1﴾
لِّلۡکٰفِرِیۡنَ لَیۡسَ لَہٗ دَافِعٌ ﴿2﴾	کافروں پر (اور) نہیں ہے اسکو کوئی ہٹانے والا۔ ﴿2﴾
مِّنَ اللّٰہِ ذِی الۡمَعَارِجِ ﴿3﴾	اللہ کی طرف سے (جونازل ہوگا) اونچے درجات والا ہے۔ ﴿3﴾
تَعۡرُجُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَالرُّوۡحُ اِلَیۡہِ	چڑھتے ہیں فرشتے اور روح الامین اس کی طرف
فِیۡ یَوۡمٍ کَانَ مِقۡدَارُہٗ	(وہ عذاب ایسے) دن میں (ہوگا) ہوگی اس کی مقدار
خَمۡسِیۡنَ اَلۡفَ سَنَۃٍ ﴿4﴾	پچاس ہزار سال۔ ﴿4﴾
فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِیۡلًا ﴿5﴾	پس آپ صبر کریں صبر جمیل۔ ﴿5﴾
اِنَّہُمۡ یَرَوۡنَہٗ بَعِیۡدًا ﴿6﴾	بے شک وہ دیکھتے ہیں اسے بہت دور۔ ﴿6﴾
وَّنَرٰىہُ قَرِیۡبًا ﴿7﴾	اور ہم دیکھتے ہیں اسے بہت قریب۔ ﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَاَلَ	: سوال، سائل، مسئول۔	یَوۡمٍ	: یوم، ایام، یوم عید، یوم آخرت۔
وَّاقِعٍ	: واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار، وقوعہ۔	مِقۡدَارُہٗ	: مقدار، بقدرِ ضرورت، تقدیر۔
دَافِعٌ	: دفاع، مدافعت، دفع۔	سَنَۃٍ	: سن پیدائش، سن بلوغت، سن وفات۔
مِّنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَاصۡبِرۡ	: صبر، صابر، صبر جمیل۔
ذِی	: ذیشان، ذی وقار۔	جَمِیۡلًا	: حسن وجمال، جمیل۔
الۡمَعَارِجِ	: معراج، عروج وزوال، عالم عروج۔	یَرَوۡنَہٗ	: رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
الرُّوۡحُ	: روح الامین۔	بَعِیۡدًا	: بعد، بعید از قیاس۔
اِلَیۡہِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	قَرِیۡبًا	: قرب، قریب، مقرب، تقرب۔

اٰیاتُھا 44 | 70 سُوْرَۃُ الْمَعَارِجِ مَکِّیَّۃٌ 79 | رُکُوْعَاتُھَا 02

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَاَلَ	سَآئِلٌۢ ①	بِعَذَابٍ ②	وَّاقِعٍ ۙ﴿1﴾	لِّلۡکٰفِرِیۡنَ ③
سوال کیا	ایک سوال کرنیوالے نے	عذاب کا	واقع ہونے والا	سب کافروں پر

لَیۡسَ	لَہٗ ④	دَافِعٌ ① ۙ﴿2﴾	مِّنَ اللّٰہِ	ذِی الۡمَعَارِجِ ؕ﴿3﴾
نہیں	اس کو	کوئی ہٹانے والا	اللہ کی طرف سے	اُونچے درجات والا

تَعۡرُجُ ⑤	الۡمَلٰٓئِکَۃُ ⑥	وَالرُّوۡحُ	اِلَیۡہِ	فِیۡ یَوۡمٍ
چڑھتے ہیں	فرشتے	اور روح الامین	اس کی طرف	دن میں

کَانَ	مِقۡدَارُہٗ	خَمۡسِیۡنَ	اَلۡفَ	سَنَۃٍ ⑤ ۚ﴿4﴾
ہوگی	اس کی مقدار	پچاس	ہزار	سال

فَاصۡبِرۡ	صَبۡرًا	جَمِیۡلًا ﴿5﴾	اِنَّہُمۡ
پس آپ صبر کریں	صبر	جمیل	بیشک وہ

یَرَوۡنَہٗ	بَعِیۡدًا ⑦ ۙ﴿6﴾	وَّ	نَرٰىہُ	قَرِیۡبًا ⑦ ؕ﴿7﴾
وہ سب دیکھتے ہیں اسے	بہت دور	اور	ہم دیکھتے ہیں اسے	بہت قریب

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔②بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو ہوتا ہے۔③لِ اگر اسم کے ساتھ ہوتو ترجمہ کے لیے اور کبھی ترجمہ پر بھی کیا جاتا ہے۔④لَہٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہوگیا ہے۔⑤تا اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ یہاں علامت ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔⑦فَعِیۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

يَوۡمَ تَكُوۡنُ السَّمَآءُ كَالۡمُهۡلِ ۙ﴿8﴾	اس دن ہوگا آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح۔ ﴿8﴾
وَ تَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ ۙ﴿9﴾	اور ہونگے پہاڑ (دھنکی ہوئی) رنگین اون کی طرح۔ ﴿9﴾
وَلَا يَسۡـَٔلُ حَمِيۡمٌ حَمِيۡمًا ۚ﴿10﴾	اور نہیں پوچھے گا کوئی دلی دوست کسی دلی دوست کو۔ ﴿10﴾
يُّبَصَّرُوۡنَهُمۡ ؕ	(حالانکہ) وہ دکھلائے جائیں گے انہیں
يَوَدُّ الۡمُجۡرِمُ لَوۡ يَفۡتَدِىۡ	پسند کرے گا مجرم کاش وہ فدیہ میں دے دے
مِنۡ عَذَابِ يَوۡمِئِذٍۢ بِبَنِيۡهِ ۙ﴿11﴾	عذاب سے (بچنے کے لیے) اس دن اپنے بیٹوں کو۔ ﴿11﴾
وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيۡهِ ۙ﴿12﴾	اور اپنی بیوی کو اور اپنے بھائی کو۔ ﴿12﴾
وَفَصِيۡلَتِهِ الَّتِىۡ تُـــْٔوِيۡهِ ۙ﴿13﴾	اور اپنے خاندان کو جو جگہ (پناہ) دیتا تھا اسے۔ ﴿13﴾
وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا ۙ	اور (ان کو) جو زمین میں ہیں سب کے سب
ثُمَّ يُنۡجِيۡهِ ۙ﴿14﴾	پھر وہ بچالے اپنے آپ کو۔ ﴿14﴾
كَلَّا ؕ اِنَّهَا لَظٰى ۙ﴿15﴾	ہرگز نہیں بے شک وہ آگ ہے بھڑکتی ہوئی۔ ﴿15﴾
نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۚ﴿16﴾	ادھیڑ ڈالنے والی ہے کھال کو۔ ﴿16﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوۡمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔	بِبَنِيۡهِ	: ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
كَالۡمُهۡلِ	: کما حقہ، کالعدم۔	صَاحِبَتِهٖ	: صاحب، صحابی، صحابہ، صاحبہ۔
الۡجِبَالُ	: جبل اُحد، جبل رحمت۔	اَخِيۡهِ	: اخوت، مواخات۔
يَسۡـَٔلُ	: سوال، سائل، مسئول۔	وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
يُّبَصَّرُوۡنَهُمۡ	: بصر، بصارت، بصیرت۔	تُـــْٔوِيۡهِ	: ملجا وماوٰی۔
يَوَدُّ	: مودت ومحبت۔	الۡاَرۡضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
الۡمُجۡرِمُ	: جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	جَمِيۡعًا	: جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
يَفۡتَدِىۡ	: فدیہ۔	يُنۡجِيۡهِ	: نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔

یَوۡمَ	تَكُوۡنُ ①	السَّمَآءُ	كَالۡمُهۡلِ ② لا ۝8	وَ	تَكُوۡنُ ①
اس دن	ہوگا	آسمان	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح	اور	ہونگے

الۡجِبَالُ	كَالۡعِهۡنِ ② لا ۝9	وَ	لَا يَسۡـَٔلُ	حَمِيۡمٌ ③
پہاڑ	رنگین اون کی طرح	اور	نہیں وہ پوچھے گا	کوئی دلی دوست

حَمِيۡمًا ③ ج ۝10	يُّبَصَّرُوۡنَهُمۡ ط	يَوَدُّ	الۡمُجۡرِمُ ④
کسی دلی دوست کو	(حالانکہ) وہ سب دکھلائیں جائیں گے اُنہیں	وہ پسند کرے گا	جرم کرنے والا

لَوۡ	يَفۡتَدِىۡ	مِنۡ عَذَابِ	يَوۡمِئِذٍۢ	بِبَنِيۡهِ ⑤ لا ۝11
کاش	وہ فدیہ میں دے دے	عذاب سے	اس دن	اپنے بیٹوں کو

وَ	صَاحِبَتِهٖ ⑤	وَ	اَخِيۡهِ ⑤ لا ۝12	وَ	فَصِيۡلَتِهِ ⑤	الَّتِىۡ
اور	اپنی بیوی کو	اور	اپنے بھائی کو	اور	اپنے خاندان کو	جو

تُـْٔوِيۡهِ ① لا ۝13	وَمَنۡ	فِى الۡاَرۡضِ	جَمِيۡعًا لا	ثُمَّ	يُنۡجِيۡهِ ⑥ لا ۝14
جگہ دیتا تھا اسے	اور (انکو) جو	زمین میں ہیں	سب کے سب	پھر	وہ بچالے اپنے آپ کو

كَلَّا ط	اِنَّهَا	لَظٰى لا ۝15	نَزَّاعَةً ①	لِّلشَّوٰى ج ۝16
ہرگز نہیں	بے شک وہ	آگ ہے بھڑکتی ہوئی	ادھیڑ ڈالنے والی	کھال کو

ضروری وضاحت

① تا اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اسم کے شروع میں كَ تشبیہ کے لیے ہوتا ہے اور ترجمہ مثل، مانند، کی طرح کیا جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑤ علامت ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہوتو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑥ ہٗ فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے لیکن یہاں ترجمہ ضرورتاً اپنے آپ کو کیا گیا ہے۔

تَدۡعُوۡا مَنۡ	وہ پکارے گی (اسے) جس نے
اَدۡبَرَ وَتَوَلّٰی ﴿17﴾	پیٹھ پھیری اور منہ موڑا (حق سے)۔﴿17﴾
وَجَمَعَ فَاَوۡعٰی ﴿18﴾	اور (مال) جمع کیا پس (اسے) بند (یعنی روکے) رکھا۔﴿18﴾
اِنَّ الۡاِنۡسَانَ خُلِقَ هَلُوۡعًا ﴿19﴾	بے شک انسان کم حوصلہ پیدا کیا گیا ہے۔﴿19﴾
اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوۡعًا ﴿20﴾	جب پہنچے اسے تکلیف (تو) بہت گھبرا جانیوالا ہوتا ہے ﴿20﴾
وَّاِذَا مَسَّهُ الۡخَيۡرُ	اور جب حاصل ہو اسے آسائش
مَنُوۡعًا ﴿21﴾	(تو) بہت بخل کرنے والا ہو جاتا ہے۔﴿21﴾
اِلَّا الۡمُصَلِّيۡنَ ﴿22﴾	سوائے ان نمازیوں کے۔﴿22﴾
الَّذِيۡنَ هُمۡ عَلٰى صَلَاتِهِمۡ دَآئِمُوۡنَ ﴿23﴾	وہ جو اپنی نمازوں پر ہمیشگی اختیار کرنے والے ہیں۔﴿23﴾
وَالَّذِيۡنَ فِىۡۤ اَمۡوَالِهِمۡ حَقٌّ مَّعۡلُوۡمٌ ﴿24﴾	اور (وہ) جو انکے مالوں میں حق (حصہ) مقرر ہے۔﴿24﴾
لِّلسَّآئِلِ وَالۡمَحۡرُوۡمِ ﴿25﴾	مانگنے والے کا اور محروم (نہ مانگنے والے) کا۔﴿25﴾
وَالَّذِيۡنَ يُصَدِّقُوۡنَ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿26﴾	اور وہ لوگ جو تصدیق کرتے ہیں روز جزا کی۔﴿26﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَدۡعُوۡا	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	الۡخَيۡرُ	خیر، خیریت۔
اَدۡبَرَ	دُبر۔	الۡمُصَلِّيۡنَ	صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
جَمَعَ	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	دَآئِمُوۡنَ	قائم ودائم، دوام، مداومت۔
خُلِقَ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔	مَّعۡلُوۡمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مَسَّهُ	مس، مساس۔	الۡمَحۡرُوۡمِ	محروم، محرومی۔
الشَّرُّ	خیر وشر، شریر، شرارت۔	يُصَدِّقُوۡنَ	تصدیق، مصدقہ۔
جَزُوۡعًا	جزع فزع کرنا۔	بِيَوۡمِ	یوم، ایام، یوم آخرت۔

تَدْعُوْا ①	مَنْ	اَدْبَرَ	وَتَوَلّٰى ② (17)	وَجَمَعَ	فَاَوْعٰى (18)
وہ پکارے گی	جس نے	پیٹھ پھیری	اور منہ موڑا	اور جمع کیا	پس (اسے) بند رکھا

اِنَّ	الْاِنْسَانَ	خُلِقَ ③	هَلُوْعًا (19)	اِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ
بے شک	انسان	پیدا کیا گیا	بہت کم حوصلہ	جب	پہنچے اسے	تکلیف

جَزُوْعًا (20)	وَّاِذَا	مَسَّهُ	الْخَيْرُ	مَنُوْعًا ④ (21)
تو بہت گھبرا جانیوالا	اور جب	پہنچے اسے	آسائش	بہت بخل کرنیوالا

اِلَّا	الْمُصَلِّيْنَ (22)	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى صَلَاتِهِمْ
سوائے	ان نمازیوں کے	جو	وہ	اپنی نمازوں پر

دَآئِمُوْنَ (23)	وَ	الَّذِيْنَ	فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ
سب ہمیشگی اختیار کرنے والے	اور	(وہ) جو	ان کے مالوں میں

حَقٌّ	مَّعْلُوْمٌ (24)	لِّلسَّآئِلِ ⑤	وَ	الْمَحْرُوْمِ (25)
حق (حصہ)	مقرر کیا ہوا	مانگنے والے کا	اور	محروم (نہ مانگنے والے) کا

وَ	الَّذِيْنَ	يُصَدِّقُوْنَ	بِيَوْمِ الدِّيْنِ ⑥ (26)
اور	جو	وہ سب تصدیق کرتے ہیں	روز جزا کی

ضروری وضاحت

① تَدْعُوْا کے شروع میں تَ مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں اور آخر میں "وْ" جمع کی نہیں بلکہ "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔② فعل کے شروع میں تَ درمیان میں شد ہو تو اس میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ مِّنۡ عَذَابِ رَبِّهِمۡ	اور وہ لوگ جو اپنے رب کے عذاب سے
مُّشۡفِقُوۡنَ ﴿27﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمۡ	ڈرنے والے ہیں۔ ﴿27﴾ یقیناً ان کے رب کا عذاب
غَيۡرُ مَاۡمُوۡنٍ ﴿28﴾	(ایسا ہے کہ اس سے) بے خوف نہ ہوا جائے۔ ﴿28﴾
وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِفُرُوۡجِهِمۡ حٰفِظُوۡنَ ﴿29﴾	اور وہ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں۔ ﴿29﴾
اِلَّا عَلٰٓى اَزۡوَاجِهِمۡ	مگر اپنی بیویوں پر
اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ	یا جس کے مالک بنے ان کے دائیں ہاتھ
فَاِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ ﴿30﴾	تو بے شک وہ نہیں ملامت کیے ہوئے۔ ﴿30﴾
فَمَنِ ابۡتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ	پھر جو ڈھونڈے اس کے علاوہ (کوئی راستہ)
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡعٰدُوۡنَ ﴿31﴾	تو وہ ہی حد سے گزرنے والے ہیں۔ ﴿31﴾
وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِاَمٰنٰتِهِمۡ	اور وہ جو اپنی امانتوں کا
وَعَهۡدِهِمۡ رٰعُوۡنَ ﴿32﴾	اور اپنے عہد (کا) لحاظ رکھنے والے ہیں۔ ﴿32﴾
وَالَّذِيۡنَ هُمۡ بِشَهٰدٰتِهِمۡ قَآئِمُوۡنَ ﴿33﴾	اور وہ جو اپنی گواہیوں پر قائم رہنے والے ہیں۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَيۡمَانُهُمۡ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
غَيۡرُ	دیارِ غیر، غیر اللہ۔	مَلُوۡمِيۡنَ	ملامت۔
مَاۡمُوۡنٍ	امن، مامون، امنِ عامّہ۔	وَرَآءَ	ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔
حٰفِظُوۡنَ	حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔	لِاَمٰنٰتِهِمۡ	امانت، امین، امانتدار۔
اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	عَهۡدِهِمۡ	عہد، ایفائے عہد، نقضِ عہد، عہد نامہ۔
اَزۡوَاجِهِمۡ	زوجہ محترمہ، حق زوجیت۔	رٰعُوۡنَ	رعایت کرنا، رعایتی دام۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	بِشَهٰدٰتِهِمۡ	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
مَلَكَتۡ	مالک، ملکیت۔	قَآئِمُوۡنَ	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ ①	مُّشْفِقُوْنَ ② ﴿27﴾
اور	جو	وہ	اپنے رب کے عذاب سے	سب ڈرنے والے

اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّهِمْ ①	غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿28﴾	وَ	الَّذِيْنَ
یقیناً	عذاب	ان کے رب کا	بےخوف نہ ہوا جائے	اور	جو

هُمْ	لِفُرُوْجِهِمْ ③①	حٰفِظُوْنَ ④ ﴿29﴾	اِلَّا	عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ ①
وہ سب	اپنی شرم گاہوں کی	سب حفاظت کرنیوالے	مگر	اپنی بیویوں پر

اَوْ مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُمْ ①	فَاِنَّهُمْ	غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿30﴾
یا جس کے	مالک بنے	ان کے دائیں ہاتھ	تو بےشک وہ	نہیں سب ملامت کیے ہوئے

فَمَنِ	ابْتَغٰى	وَرَآءَ ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْعٰدُوْنَ ⑤ ﴿31﴾
پھر جو	ڈھونڈے	اس کے علاوہ	تو وہ	ہی سب حد سے گزرنے والے

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	لِاَمٰنٰتِهِمْ ③①	وَعَهْدِهِمْ ①	رٰعُوْنَ ﴿32﴾
اور	جو	وہ	اپنی امانتوں کا	اور اپنے عہد (کا)	سب لحاظ رکھنے والے

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	بِشَهٰدٰتِهِمْ ⑥①	قَآئِمُوْنَ ④ ﴿33﴾
اور	جو	وہ	اپنی گواہیوں پر	سب قائم رہنے والے

ضروری وضاحت

① هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔④ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

ع 1 35 7

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿34﴾	اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ﴿34﴾
اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿35﴾	یہی لوگ جنتوں میں عزت دیے جانیوالے ہیں۔ ﴿35﴾
فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	پھر کیا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا
قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿36﴾	آپ کی طرف دوڑتے چلے آنے والے ہیں۔ ﴿36﴾
عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ	دائیں طرف سے اور بائیں طرف سے
عِزِيْنَ ﴿37﴾	گروہوں کی شکل میں۔ ﴿37﴾
اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ	کیا طمع رکھتا ہے ہر آدمی ان میں سے
اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿38﴾	کہ وہ داخل کیا جائے نعمت کے باغ میں۔ ﴿38﴾
كَلَّا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ	ہرگز نہیں بے شک ہم نے پیدا کیا انہیں
مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾	اس (چیز) سے جسے وہ جانتے ہیں۔ ﴿39﴾
فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ	پس نہیں میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں کے رب کی
وَالْمَغٰرِبِ	اور مغربوں (کے رب) کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	رحم وکرم، رنج والم، خیر وبرکت۔	نَعِيْمٍ	نعمت، انعام، منعمِ حقیقی۔
صَلَاتِهِمْ	صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔	خَلَقْنٰهُمْ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔
يُحَافِظُوْنَ	حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔	مِّمَّا	منجانب، من حیث القوم/ ماحول، ماتحت۔
مُّكْرَمُوْنَ	عزت واکرام، تکریم، مکرم۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
قِبَلَكَ	قبلہ رخ ہونا، قبلۂ اول۔	فَلَآ	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
الْيَمِيْنِ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔	اُقْسِمُ	قسم کھانا، قسمیں۔
يَطْمَعُ	طمع کرنا (لالچ رکھنا)۔	الْمَشٰرِقِ	مشرق ومغرب۔
يُّدْخَلَ	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔	الْمَغٰرِبِ	مغرب، غروب آفتاب، شرق وغرب۔

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى صَلَاتِهِمْ	يُحَافِظُوْنَ ﴿34﴾ ط
اور	جو	وہ سب	اپنی نمازوں پر	وہ سب محافظت کرتے ہیں

ع 1 35 7

اُولٰٓئِكَ	فِيْ جَنّٰتٍ ①	مُّكْرَمُوْنَ ② ﴿35﴾ طع	فَمَا
یہی (لوگ)	جنتوں میں	سب عزت دیے جانے والے	پھر کیا

لِ الَّذِيْنَ ③	كَفَرُوْا	قِبَلَكَ	مُهْطِعِيْنَ ﴿36﴾ لا	عَنِ الْيَمِيْنِ
(ان لوگوں) کو جن	سب نے کفر کیا	آپکی طرف	سب دوڑتے چلے آنے والے	دائیں (طرف) سے

وَ	عَنِ الشِّمَالِ	عِزِيْنَ ﴿37﴾	اَ	يَطْمَعُ	كُلُّ امْرِئٍ
اور	بائیں (طرف) سے	گروہوں کی شکل میں	کیا	وہ طمع رکھتا ہے	ہر آدمی

مِّنْهُمْ	اَنْ	يُّدْخَلَ ④	جَنَّةَ نَعِيْمٍ ① ﴿38﴾ لا	كَلَّا ط
ان میں سے	کہ	وہ داخل کیا جائے گا	نعمت کے باغ میں	ہرگز نہیں

اِنَّا ⑤	خَلَقْنٰهُمْ ⑥	مِّمَّا	يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾
بے شک ہم نے	ہم نے پیدا کیا اُنہیں	(اس چیز) سے جسے	وہ سب جانتے ہیں

فَلَآ	اُقْسِمُ	بِرَبِّ الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ
پس نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	مشرقوں کے رب کی	اور	مغربوں (کے رب کی)

ضروری وضاحت

①ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لِ کو عموماً بعد والے لفظ سے ملا کر لکھا جاتا ہے یہاں قرآنی کتابت میں اسی طرح الگ لکھا ہوا ہے۔④ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔⑥ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿40﴾	بے شک ہم یقیناً قدرت رکھنے والے ہیں۔ ﴿40﴾
عَلٰٓی اَنْ نُّبَدِّلَ خَیْرًا مِّنْهُمْ ۙ	(اس) پر کہ ہم بدلے میں لے آئیں بہتر (لوگ) ان سے
وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِیْنَ ﴿41﴾	اور نہیں ہم ہرگز عاجز کیے جانے والے (مغلوب)۔ ﴿41﴾
فَذَرْهُمْ یَخُوْضُوْا	پس چھوڑ دیجئے انہیں وہ بے ہودہ باتوں میں لگے رہیں
وَیَلْعَبُوْا حَتّٰی یُلٰقُوْا	اور کھیلتے رہیں یہاں تک وہ ملاقات کریں
یَوْمَهُمُ الَّذِیْ یُوْعَدُوْنَ ﴿42﴾	اپنے اس دن سے جس کا وہ وعدہ دیے جاتے ہیں۔ ﴿42﴾
یَوْمَ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ	جس دن وہ نکلیں گے قبروں سے
سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰی نُصُبٍ	تیز دوڑتے ہوئے گویا کہ وہ گاڑے ہوئے نشان
یُّوْفِضُوْنَ ﴿43﴾	(یا آستانوں کی طرف) دوڑ رہے ہوں۔ ﴿43﴾
خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ	جھکی ہوں گی ان کی نگاہیں
تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْیَوْمُ	ڈھانپتی ہو گی انہیں ذلت یہی وہ دن ہے
الَّذِیْ كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿44﴾ ع	جس کا وہ وعدہ دیے جاتے تھے۔ ﴿44﴾

ع 2 9 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَقٰدِرُوْنَ	قدرت، قادر، قدیر۔	یُوْعَدُوْنَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
عَلٰٓی	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	یَخْرُجُوْنَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
نُّبَدِّلَ	بدل، بدلہ، نعم البدل، متبادل۔	سِرَاعًا	سرعت، سریع الحساب۔
مِّنْهُمْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلٰی	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
یَخُوْضُوْا	غور و خوض۔	نُصُبٍ	نصب، تنصیب۔
یَلْعَبُوْا	لہو و لعب۔	خَاشِعَةً	خشوع و خضوع۔
حَتّٰی	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	اَبْصَارُهُمْ	بصر، بصارت، بصیرت۔
یُلٰقُوْا	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	ذِلَّةٌ	ذلت و مسکنت، ذلیل۔

اِنَّا ①	لَقٰدِرُوْنَ ② (40)	عَلٰٓى اَنْ	نُّبَدِّلَ	خَيْرًا	مِّنْهُمْ
بیشک ہم	یقیناً سب قدرت رکھنے والے	(اس) پر کہ	ہم بدلے میں لے آئیں	بہتر	ان سے

وَمَا ③	نَحْنُ	بِمَسْبُوْقِيْنَ ③ (41)	فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا
اور نہیں	ہم	ہرگز عاجز کیے جانے والے	پس چھوڑ دیجئے انہیں	وہ سب لگے رہیں (بے ہودہ باتوں میں)

وَ	يَلْعَبُوْا	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ	الَّذِىْ
اور	وہ سب کھیلتے رہیں	یہاں تک	وہ سب ملاقات کریں	اپنے دن	جس کا

يُوْعَدُوْنَ ④ (42)	يَوْمَ	يَخْرُجُوْنَ	مِنَ الْاَجْدَاثِ
وہ سب وعدہ دیے جاتے ہیں	(جس) دن	وہ سب نکلیں گے	قبروں سے

سِرَاعًا	كَاَنَّهُمْ	اِلٰى نُصُبٍ	يُّوْفِضُوْنَ (43)
تیز دوڑتے ہوئے	گویا کہ وہ	کسی گاڑے ہوئے نشان (یا آستانوں) کی طرف	وہ سب دوڑ رہے ہوں

خَاشِعَةً ⑤	اَبْصَارُهُمْ	تَرْهَقُهُمْ ⑤	ذِلَّةٌ ⑤
جھکی ہوں گی	ان کی نگاہیں	ڈھانپتی ہوگی انہیں	ذلت

ذٰلِكَ ⑥	الْيَوْمُ	الَّذِىْ	كَانُوْا	يُوْعَدُوْنَ ④ (44)
یہی	دن	جس کا	وہ سب تھے	وہ سب وعدہ دیے جاتے

ع 2 9 8

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔② فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③علامت مَا کے بعد اگر اسی جملے میں بِ ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔④اگر یَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ ۃ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔

اٰیاتُھا 28 | 71 سُوْرَۃُ نُوْحٍ مَّکِّیَّۃٌ 71 | رُکُوْعَاتُھا 02

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِہٖۤ	بلاشبہ ہم نے بھیجا نوح کو اس کی قوم کی طرف
اَنۡ اَنۡذِرۡ قَوۡمَکَ مِنۡ قَبۡلِ	یہ کہ تو ڈرا اپنی قوم کو اس سے پہلے
اَنۡ یَّاۡتِیَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿1﴾	کہ آئے ان کے پاس دردناک عذاب۔ ﴿1﴾
قَالَ یٰقَوۡمِ اِنِّیۡ	اس نے کہا اے میری قوم بے شک میں
لَکُمۡ نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿2﴾	تمہیں واضح ڈرانے والا ہوں۔ ﴿2﴾
اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰہَ	کہ تم اللہ کی عبادت کرو
وَ اتَّقُوۡہُ وَ اَطِیۡعُوۡنِ ﴿3﴾	اور اسی سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ﴿3﴾
یَغۡفِرۡ لَکُمۡ مِّنۡ ذُنُوۡبِکُمۡ	وہ معاف کر دے گا تم کو تمہارے گناہ
وَ یُؤَخِّرۡکُمۡ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ	اور وہ مہلت دے گا تمہیں ایک مقررہ وقت تک
اِنَّ اَجَلَ اللّٰہِ اِذَا جَآءَ	بے شک اللہ کا (مقرر) وقت جب آ جائے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَرۡسَلۡنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	اعۡبُدُوا	عابد، عبادت، معبود۔
اِلٰی	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
قَوۡمِہٖ	قوم، اقوام، قومیت۔	اتَّقُوۡہُ	تقویٰ، متقی۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اَطِیۡعُوۡنِ	اطاعت، مطیع، استطاعت۔
قَبۡلِ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	یَغۡفِرۡ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
اَلِیۡمٌ	الم ناک حادثہ، رنج والم۔	یُؤَخِّرۡکُمۡ	مؤخر، تاخیر۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
مُّبِیۡنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مُّسَمًّی	اسم بامسمّٰی۔

اٰیاتُھا 28 — 71 سُوْرَۃُ نُوْحٍ مَّکِّیَّۃٌ 71 — رُکُوْعَاتُھا 02

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّآ ①	اَرۡسَلۡنَا	نُوۡحًا	اِلٰی قَوۡمِہٖۤ	اَنۡ	اَنۡذِرۡ	قَوۡمَكَ
بلاشبہ ہم نے	ہم نے بھیجا	نوح کو	اس کی قوم کی طرف	یہ کہ	تو ڈرا	اپنی قوم کو

مِنۡ قَبۡلِ	اَنۡ	یَّاۡتِیَهُمۡ	عَذَابٌ	اَلِیۡمٌ ﴿1﴾
(اس) سے پہلے	کہ	وہ آئے ان کے پاس	عذاب	دردناک

قَالَ	یٰقَوۡمِ ②	اِنِّیۡ ③	لَکُمۡ ④	نَذِیۡرٌ	مُّبِیۡنٌ ﴿2﴾
اس نے کہا	اے (میری) قوم	بے شک میں	تمہارے لیے	ڈرانے والا	واضح

اَنِ ⑤	اعۡبُدُوا	اللّٰهَ	وَاتَّقُوۡهُ ⑥	وَ اَطِیۡعُوۡنِ ⑦⑤ ﴿3﴾
کہ	تم سب عبادت کرو	اللہ	اور تم سب ڈرو اسی سے	اور تم سب اطاعت کرو میری

یَغۡفِرۡ	لَکُمۡ ④	مِّنۡ ذُنُوۡبِکُمۡ	وَ	یُؤَخِّرۡکُمۡ
وہ معاف کردے گا	تمہارے لیے	تمہارے گناہوں سے	اور	وہ مہلت دے گا تمہیں

اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ	اِنَّ	اَجَلَ اللّٰهِ	اِذَا	جَآءَ
ایک مقررہ وقت تک	بے شک	اللہ کا (مقرر) وقت	جب	آجائے

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔②یٰقَوۡمِ اصل میں یٰقَوۡمِیۡ تھا آخر سے یۡ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔③اِنِّیۡ
دراصل اِنَّ + یۡ کا مجموعہ ہے۔④لَکُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کردیا گیا ہے۔⑤اَنۡ کے سکون کو
اگلے لفظ سے ملانے کے لیے زیر دی گئی ہے۔⑥علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا
ہے۔⑦اَطِیۡعُوۡنِ اصل میں اَطِیۡعُوۡنِیۡ تھا آخر سے یۡ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔

وقف لازم

لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾	(تو) وہ مؤخر نہیں کیا جاتا کاش تم جانتے ہوتے۔ ﴿4﴾
قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ	اس نے کہا اے میرے رب بیشک میں نے دعوت دی
قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۙ﴿5﴾	اپنی قوم کو رات اور دن۔ ﴿5﴾
فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ	سو نہیں زیادہ کیا انہیں میری دعوت نے
اِلَّا فِرَارًا ﴿6﴾	مگر (حق سے دور) بھاگنے ہی میں۔ ﴿6﴾
وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ	اور بے شک میں نے جب (بھی) دعوت دی انہیں
لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا	تا کہ تو معاف کرے ان کو انہوں نے ڈال لیں
اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں
وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا	اور اوڑھ لیے اپنے کپڑے اور اڑ گئے
وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۚ﴿7﴾	اور انہوں نے تکبر کیا خوب تکبر کرنا۔ ﴿7﴾
ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۙ﴿8﴾	پھر بیشک میں نے دعوت دی انہیں بلند آواز سے۔ ﴿8﴾
ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ	پھر بے شک میں نے علانیہ (دعوت) دی ان کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اِلَّا	الاماشاءاللہ، الاقلیل، الایہ کہ۔
يُؤَخَّرُ	مؤخر، تاخیر۔	فِرَارًا	مفرور، راہ فرار اختیار کرنا، مفر۔
تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لِتَغْفِرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	فِيْٓ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
دَعَوْتُ	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	اَصَرُّوْا	اصرار، مُصر۔
لَيْلًا	لیل و نہار، لیلۃ القدر۔	اسْتَكْبَرُوا	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔
نَهَارًا	نہار منہ، لیل و نہار۔	جِهَارًا	جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
يَزِدْهُمْ	زیادہ، مزید، زائد۔	اَعْلَنْتُ	علی الاعلان، علانیہ طور پر۔

وقف لازم

لَا يُؤَخَّرُ ①	لَوْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ (4)	قَالَ
نہیں وہ موخر کیا جاتا	کاش	ہوتے تم	تم سب جانتے	اس نے کہا

رَبِّ ②	اِنِّيْ ③	دَعَوْتُ	قَوْمِيْ ④	لَيْلًا	وَّ	نَهَارًا (5) لا
(اے میرے) رب	بیشک میں نے	میں نے دعوت دی	اپنی قوم کو	رات	اور	دن

فَلَمْ	يَزِدْهُمْ ⑤	دُعَآءِيْٓ ④	اِلَّا	فِرَارًا (6)	وَاِنِّيْ ③
سو نہیں	زیادہ کیا انہیں	میری دعوت	مگر	بھاگنے (ہی میں)	اور بے شک میں

كُلَّمَا	دَعَوْتُهُمْ ⑤	لِتَغْفِرَ	لَهُمْ	جَعَلُوْٓا
جب بھی	میں نے دعوت دی انہیں	تاکہ تو معاف کرے	ان کو	انہوں نے ڈال لیں

اَصَابِعَهُمْ ⑤	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ ⑤	وَ	اسْتَغْشَوْا	ثِيَابَهُمْ ⑤
اپنی انگلیاں	اپنے کانوں میں	اور	اُن سب نے اوڑھ لیے	اپنے کپڑے

وَاَصَرُّوْا	وَاسْتَكْبَرُوا	اسْتِكْبَارًا (7) ج	ثُمَّ	اِنِّيْ ③
اور وہ سب اڑ گئے	اور انہوں نے تکبر کیا	تکبر کرنا	پھر	بیشک میں نے

دَعَوْتُهُمْ ⑤	جِهَارًا (8) لا	ثُمَّ	اِنِّيْٓ ③	اَعْلَنْتُ	لَهُمْ
میں نے دعوت دی انہیں	بلند آواز (سے)	پھر	بیشک میں	میں نے علانیہ (دعوت) دی	ان کو

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔② یہ دراصل یَا رَبِّیْ تھا شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔③ اِنِّیْ دراصل اِنَّ + یْ کا مجموعہ ہے۔④ علامت یْ اگر اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔⑤ هُمْ یا هِمْ اگر فعل کے ساتھ ہوں تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے اور اگر اسم کے ساتھ ہوں تو ترجمہ ان کا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

وَاَسۡرَرۡتُ لَهُمۡ اِسۡرَارًا ﴿9﴾	اور میں نے خفیہ (دعوت) دی ان کو بالکل خفیہ۔ ﴿9﴾
فَقُلۡتُ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّكُمۡ ؕ	تو میں نے کہا بخشش مانگو اپنے رب سے
اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿10﴾	بے شک وہ بہت بخشنے والا ہے۔ ﴿10﴾
يُّرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَيۡكُمۡ مِّدۡرَارًا ﴿11﴾	وہ بھیجے گا بارش تم پر موسلا دھار۔ ﴿11﴾
وَّيُمۡدِدۡكُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِيۡنَ	اور وہ مدد کریگا تمہاری مالوں اور بیٹوں کے ساتھ
وَيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ جَنّٰتٍ	اور وہ (پیدا) کردے گا تمہارے لیے باغات
وَّيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ اَنۡهٰرًا ﴿12﴾	اور (جاری) کردے گا تمہارے لیے نہریں۔ ﴿12﴾
مَا لَكُمۡ لَا تَرۡجُوۡنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿13﴾	کیا ہے تم کو (کہ) نہیں تم اعتقاد رکھتے اللہ کیلئے عظمت کا۔ ﴿13﴾
وَقَدۡ خَلَقَكُمۡ	حالانکہ یقیناً اس نے پیدا کیا ہے تمہیں
اَطۡوَارًا ﴿14﴾	(مختلف) حالتوں (مراحل) میں۔ ﴿14﴾
اَلَمۡ تَرَوۡا كَيۡفَ خَلَقَ اللّٰهُ	کیا نہیں تم نے دیکھا کیسے پیدا کیے اللہ نے
سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿15﴾	سات آسمان اوپر تلے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَسۡرَرۡتُ	اسرار و رموز، پراسرار، سری وجہری نمازیں۔	بَنِيۡنَ	ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
فَقُلۡتُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	وَقَارًا	پروقار تقریب، مہمان ذی وقار۔
اسۡتَغۡفِرُوۡا	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	خَلَقَكُمۡ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
يُّرۡسِلِ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	اَطۡوَارًا	طور طریقہ، اطوار۔
السَّمَآءَ	کتب سماویہ، ارض وسما۔	تَرَوۡا	رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
عَلَيۡكُمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	كَيۡفَ	کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
يُمۡدِدۡكُمۡ	مدد، امداد، مددگار، ممد و معاون۔	سَبۡعَ	قرأت سبعہ وعشرہ، اُسبوعی اجلاس۔
بِاَمۡوَالٍ	بالمقابل، بالواسطہ/مالی خسارہ۔	طِبَاقًا	چودہ طبق، طبقہ، طبقات۔

وَ	اَسۡرَرۡتُ	لَهُمۡ ①	اِسۡرَارًا ﴿9﴾	فَقُلۡتُ	اسۡتَغۡفِرُوۡا ②
اور	میں نے خفیہ (دعوت) دی	ان کو	بالکل خفیہ	تو میں نے کہا	تم سب بخشش مانگو

رَبَّكُمۡ ط	اِنَّهٗ	كَانَ	غَفَّارًا ﴿10﴾	يُّرۡسِلِ	السَّمَآءَ
اپنے رب سے	بے شک وہ	ہے	بہت بخشنے والا	وہ بھیجے گا	آسمان (سے بارش)

عَلَيۡكُمۡ	مِّدۡرَارًا ﴿11﴾	وَّ	يُمۡدِدۡكُمۡ	بِاَمۡوَالٍ
تم پر	موسلا دھار	اور	وہ مدد کرے گا تمہاری	مالوں سے

وَّ	بَنِيۡنَ	وَيَجۡعَلۡ	لَّكُمۡ	جَنّٰتٍ ③	وَّيَجۡعَلۡ
اور	بیٹوں (سے)	اور وہ (پیدا) کردے گا	تمہارے لیے	باغات	اور وہ (جاری) کردے گا

لَّكُمۡ ①	اَنۡهٰرًا ﴿12﴾ ط	مَا	لَكُمۡ ①	لَا تَرۡجُوۡنَ ④	لِلّٰهِ	وَقَارًا ﴿13﴾ ج
تمہارے لیے	نہریں	کیا	تم کو	نہیں تم سب اعتقاد رکھتے	اللہ کیلئے	عظمت

وَقَدۡ ⑤	خَلَقَكُمۡ	اَطۡوَارًا ﴿14﴾	اَ	لَمۡ تَرَوۡا ⑥
حالانکہ یقیناً	اس نے پیدا کیا ہے تمہیں	(مختلف) حالتوں میں	کیا	نہیں تم سب نے دیکھا

كَيۡفَ	خَلَقَ	اللّٰهُ ⑦	سَبۡعَ	سَمٰوٰتٍ ③	طِبَاقًا ﴿15﴾
کیسے	پیدا کیے	اللہ نے	سات	آسمان	اوپر تلے

ضروری وضاحت

① یہ دراصل لِ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوجاتا ہے اور ترجمہ کبھی کے لیے کبھی کا، کی، کو بھی کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں اِسۡتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑤ وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑥ علامت لَمۡ کی موجودگی میں گزرے ہوئے زمانے کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَّ جَعَلَ الۡقَمَرَ فِیۡهِنَّ نُوۡرًا	اور بنایا چاند کو ان میں (زمین کا) نور
وَّ جَعَلَ الشَّمۡسَ سِرَاجًا ﴿16﴾	اور بنایا سورج کو چراغ۔ ﴿16﴾
وَاللّٰهُ اَنۡۢبَتَكُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ	اور اللہ ہی نے اگایا (پیدا کیا) تمہیں زمین سے
نَبَاتًا ۙ﴿17﴾ ثُمَّ يُعِيۡدُكُمۡ فِيۡهَا	اُگانا (خاص انداز سے)۔ ﴿17﴾ پھر وہ لوٹائے گا تمہیں اسی میں
وَيُخۡرِجُكُمۡ اِخۡرَاجًا ﴿18﴾	اور (پھر) وہ نکالے گا تمہیں (دوبارہ) نکالنا۔ ﴿18﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ بِسَاطًا ۙ﴿19﴾	اور اللہ نے بنایا تمہارے لیے زمین کو بچھونا۔ ﴿19﴾
لِّتَسۡلُكُوۡا مِنۡهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿20﴾ ع	تاکہ تم چلو پھرو اس کے کھلے راستوں پر۔ ﴿20﴾
قَالَ نُوۡحٌ رَّبِّ اِنَّهُمۡ	کہا نوح نے اے میرے رب بیشک انہوں نے
عَصَوۡنِیۡ وَاتَّبَعُوۡا	نافرمانی کی میری اور انہوں نے پیروی کی (اس کی)
مَنۡ لَّمۡ يَزِدۡهُ مَالُهٗ	جو (کہ) نہیں زیادہ کیا اسے اس کے مال نے
وَوَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ۚ﴿21﴾	اور اس کی اولاد نے مگر خسارے میں۔ ﴿21﴾
وَمَكَرُوۡا مَكۡرًا كُبَّارًا ۚ﴿22﴾	اور انہوں نے چال چلی بہت بڑی چال۔ ﴿22﴾

ع 1/20/9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡقَمَرَ	: شمس و قمر، قمری مہینہ۔	عَصَوۡنِیۡ	: معصیت، غمِ عصیاں، عاصی۔
فِیۡهِنَّ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اتَّبَعُوۡا	: اتباع، متبع سنت، تابع فرمان۔
اَنۡۢبَتَكُمۡ	: نباتات۔	يَزِدۡهُ	: زیادہ، مزید، زائد۔
يُعِيۡدُكُمۡ	: اعادہ، عود کر آنا۔	وَلَدُهٗۤ	: اولاد، ولدیت، مال و اولاد۔
يُخۡرِجُكُمۡ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اِلَّا	: الا ما شاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
بِسَاطًا	: بساط لپیٹنا، بساط کے مطابق۔	خَسَارًا	: خسارہ، خائب و خاسر۔
لِّتَسۡلُكُوۡا	: سلوک، مسلک، مسالک۔	مَكَرُوۡا	: مکر و فریب، مکار۔
سُبُلًا	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	كُبَّارًا	: کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔

وَ	جَعَلَ	الْقَمَرَ ①	فِيهِنَّ	نُورًا	وَ	جَعَلَ	الشَّمْسَ ①
اور	اس نے بنایا	چاند	ان میں	نور	اور	اس نے بنایا	سورج

سِرَاجًا (16)	وَاللّٰهُ	اَنْۢبَتَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	نَبَاتًا (17)
چراغ	اور اللہ نے	اُگایا تمہیں	زمین سے	(خاص انداز میں) اُگانا

ثُمَّ	يُعِيْدُكُمْ ②	فِيْهَا	وَ	يُخْرِجُكُمْ ②	اِخْرَاجًا (18)
پھر	وہ لوٹائے گا تمہیں	اسی میں	اور	وہ نکالے گا تمہیں	(دوبارہ) نکالنا

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	بِسَاطًا (19)	لِّتَسْلُكُوْا ③
اور اللہ نے	بنایا	تمہارے لیے	زمین کو	بچھونا	تاکہ تم سب چلو پھرو

ع 1 20 9

مِنْهَا	سُبُلًا فِجَاجًا (20)	قَالَ	نُوْحٌ	رَّبِّ ④	اِنَّهُمْ ⑤
اس سے	کھلے راستوں پر	کہا	نوح نے	(اے میرے) رب	بیشک انہوں نے

عَصَوْنِيْ ⑥	وَاتَّبَعُوْا	مَنْ	لَّمْ يَزِدْهُ ⑦	مَالُهٗ
اُن سب نے نافرمانی کی میری	اور انہوں نے پیروی کی	جو	نہیں زیادہ کیا اسے	اس کے مال

وَوَلَدُهٗٓ	اِلَّا خَسَارًا (21)	وَ	مَكَرُوْا	مَكْرًا	كُبَّارًا (22)
اور اس کی اولاد نے	مگر خسارے میں	اور	انہوں نے چال چلی	چال	بہت بڑی

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ② كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ④ یہ دراصل یَا رَبِّیْ تھا شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ⑤ هُمْ کا ترجمہ وہ سب کی بجائے انہوں نے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑥ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اسکا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑦ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ	اور انہوں نے کہا ہرگز نہ چھوڑو اپنے معبودوں کو
وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ	اور ہرگز نہ چھوڑنا تم ''وَدّ'' کو اور نہ ''سواع'' کو
وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۚ 23	اور نہ ''یغوث'' اور ''یعوق'' اور ''نسر'' کو۔ 23
وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ	اور بلاشبہ انہوں نے گمراہ کیا بہت (لوگوں) کو
وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا 24	اور (اے اللہ) تو نہ بڑھا (ان) ظالموں کو مگر گمراہی میں۔ 24
مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا	اپنے گناہوں (کی وجہ) سے وہ غرق کیے گئے
فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا	پھر وہ داخل کیے گئے آگ میں تو نہ پایا انہوں نے
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا 25	اپنے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار۔ 25
وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ	اور کہا نوح نے اے میرے رب نہ چھوڑ زمین پر
مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا 26	کافروں میں سے کوئی بسنے والا۔ 26
اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ	بے شک تو نے اگر چھوڑا ان کو
يُضِلُّوْا عِبَادَكَ	(تو) وہ گمراہ کریں گے تیرے بندوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	فَاُدْخِلُوْا	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
اَضَلُّوْا	ضلالت وگمراہی۔	يَجِدُوْا	وجود، موجود، وجد، وجدان۔
كَثِيْرًا	کثرت، اکثر، کثیر۔	اَنْصَارًا	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
تَزِدِ	زیادہ، مزید، زائد۔	عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
مِمَّا	منجانب، من وعن / ماحول، ماتحت۔	الْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ	خطا، خطا کار، خطائیں۔	دَيَّارًا	دار القرآن، دار الحکمت، دیار غیر۔
اُغْرِقُوْا	غرق، غرقاب۔	عِبَادَكَ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔

وَ قَالُوْا	لَا تَذَرُنَّ ①	اٰلِهَتَكُمْ	وَ	لَا تَذَرُنَّ ①	وَدًّا ②
اور انہوں نے کہا	ہرگز نہ تم چھوڑو	اپنے معبودوں کو	اور	ہرگز نہ تم چھوڑنا	ود

وَّ	لَا سُوَاعًا ② ۙ	وَّ	لَا يَغُوْثَ ②	وَيَعُوْقَ ②	وَ نَسْرًا ② ۚ (23)
اور	نہ سواع	اور	نہ یغوث	اور یعوق	اور نسر

وَقَدْ	اَضَلُّوْا	كَثِيْرًا ۚ	وَ	لَا تَزِدِ	الظّٰلِمِيْنَ	اِلَّا ضَلٰلًا (24)
اور بلاشبہ	انہوں نے گمراہ کیا	بہت کو	اور	نہ تو بڑھا	ظالموں کو	مگر گمراہی میں

مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ ③	اُغْرِقُوْا ④	فَاُدْخِلُوْا ④⑤	نَارًا ۙ	فَلَمْ يَجِدُوْا
اپنے گناہوں (کی وجہ) سے	وہ سب غرق کیے گئے	پھر وہ سب داخل کیے گئے	آگ	تو نہ پایا انہوں نے

لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑥	اَنْصَارًا ⑦ (25)	وَقَالَ	نُوْحٌ
اپنے لیے	اللہ کے سوا	کوئی مددگار (ناصر و نصیر کی جمع)	اور کہا	نوح نے

رَّبِّ ⑧	لَا تَذَرْ	عَلَى الْاَرْضِ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	دَيَّارًا ⑦ (26)
(اے میرے) رب	تو نہ چھوڑ	زمین پر	کافروں میں سے	کوئی بسنے والا

اِنَّكَ	اِنْ	تَذَرْهُمْ	يُضِلُّوْا	عِبَادَكَ
بے شک تو	اگر	تو نے چھوڑا ان کو	(تو) وہ سب گمراہ کریں گے	تیرے بندوں کو

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر نّ تاکید کی علامت ہے۔ ② یہ سب نیک بزرگوں کے نام ہیں جن کے بت بنا کر پوجا کی جاتی تھی۔ ③ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے اور یہاں مَا زائد ہے۔ ④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فَ کا ترجمہ کبھی پھر کبھی تو اور کبھی پس کیا جاتا ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑧ یہ دراصل یَا رَبِّیْ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گر گئے ہیں۔

وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿27﴾ | اور نہیں وہ جنیں گے مگر نافرمان منکر کو۔ ﴿27﴾
رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ | اے میرے رب بخش دے مجھے اور میرے والدین کو
وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا | اور اس کو جو داخل ہو میرے گھر میں مؤمن بن کر
وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ | اور ایمان والے مردوں اور ایمان لانے والی عورتوں کو
وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿28﴾ | اور نہ بڑھا ظالموں کو مگر تباہی میں۔ ﴿28﴾

ع 2 / 8 / 10 النصف

اٰیاتُھَا 28 | 72 سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ 40 | رُکُوْعَاتُھَا 02

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ | کہہ دیجیے وحی کی گئی ہے میری طرف کہ یہ حقیقت ہے کہ
اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ | غور سے سنا (قرآن کو) جنوں میں سے ایک جماعت نے
فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا | تو انہوں نے کہا بے شک ہم نے سنا ہے
قُرْاٰنًا عَجَبًا ﴿1﴾ يَّهْدِيْٓ | ایک عجیب قرآن کو۔ ﴿1﴾ وہ رہنمائی دیتا ہے
اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ | بھلائی کی طرف تو ہم ایمان لے آئے اس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَلِدُوْٓا	ولد، اولاد، مولود، ولادت۔	تَزِدِ	زیادہ، مزید، زائد۔
فَاجِرًا	فسق و فجور، فاسق و فاجر۔	الظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
كَفَّارًا	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔	اُوْحِيَ	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اغْفِرْ	مغفرت، استغفار، استغفر اللّٰہ۔	اسْتَمَعَ	سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفلِ سماع۔
لِوَالِدَيَّ	والد، والدین، ولدیت۔	نَفَرٌ	بھاری نفری (تعداد)۔
دَخَلَ	داخل، دخول، مداخلت، وزیرِ داخلہ۔	عَجَبًا	عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
بَيْتِيَ	بیت اللّٰہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	يَّهْدِيْٓ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
مُؤْمِنًا	ایمان، مؤمن، امن۔	الرُّشْدِ	رُشد و ہدایت، خلافتِ راشدہ، مرشد۔

وَ	لَا يَلِدُوْٓا	اِلَّا	فَاجِرًا	كَفَّارًا ① (27)	رَبِّ ②	اغْفِرْلِيْ
اور	نہیں وہ سب جنیں گے	مگر	نافرمان	سخت منکر	(اے میرے) رب	تو بخش دے مجھ کو

وَلِوَالِدَيَّ	وَلِمَنْ	دَخَلَ	بَيْتِيَ	مُؤْمِنًا	وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ ③
اور میرے والدین کو	اور اسکو جو	داخل ہوا	میرے گھر میں	مؤمن (بن کر)	اور سب ایمان والے مردوں کو

وَ	الْمُؤْمِنٰتِ ③ ط	وَ	لَا تَزِدِ ④	الظّٰلِمِيْنَ	اِلَّا	تَبَارًا (28) ع
اور	ایمان لانے والی عورتوں کو	اور	نہ تو بڑھا	ظالموں کو	مگر	تباہی (میں)

ع 2 8 10 النصف

اٰیاتُها 28 — 72 سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ 40 — رُكُوْعَاتُهَا 02

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ	اُوْحِيَ ⑤	اِلَيَّ ⑥	اَنَّهُ	اسْتَمَعَ	نَفَرٌ
آپ کہہ دیجیے	وحی کی گئی	میری طرف	کہ بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	غور سے سنا	ایک جماعت نے

مِّنَ الْجِنِّ	فَقَالُوْٓا	اِنَّا ⑦	سَمِعْنَا	قُرْاٰنًا عَجَبًا (1) لا
جنوں میں سے	تو انہوں نے کہا	بیشک ہم نے	ہم نے سنا	عجیب قرآن

يَّهْدِيْٓ	اِلَى الرُّشْدِ	فَاٰمَنَّا	بِهٖ ط
وہ رہنمائی دیتا ہے	بھلائی کی طرف	تو ہم ایمان لے آئے	اس پر

ضروری وضاحت

①فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ②یہ دراصل یَا رَبِّيْ تھا شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ③اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④یہ دراصل لَا تَزِدْ ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔ ⑤فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥اِلَيَّ دراصل اِلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔ ⑦اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ	اور ہرگز نہیں ہم شریک بنائیں گے اپنے رب کا
اَحَدًا ﴿2﴾ وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى	کسی ایک کو۔﴿2﴾ اور بلاشبہ یہ حقیقت ہے کہ بہت بلند ہے
جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً	ہمارے رب کی شان نہیں بنائی اس نے (اپنی) کوئی بیوی
وَّلَا وَلَدًا ﴿3﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ	اور نہ کوئی اولاد۔﴿3﴾ اور بلاشبہ یہ حقیقت ہے کہ
يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿4﴾	کہتا تھا ہمارا بیوقوف اللہ پر جھوٹ۔﴿4﴾
وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ	اور بیشک ہم نے خیال کیا تھا یقیناً ہرگز نہیں کہیں گے
الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿5﴾	انسان اور جن اللہ پر جھوٹ۔﴿5﴾
وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ	اور بیشک یہ حقیقت ہے کہ تھے انسانوں میں سے کچھ لوگ
يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ	پناہ پکڑتے جنوں میں کچھ لوگوں کی
فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ﴿6﴾	تو زیادہ کردیا انہوں نے ان (جنوں) کو سرکشی میں۔﴿6﴾
وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ	اور یہ کہ بیشک انہوں نے گمان کیا جیسا کہ تم نے گمان کیا
اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ﴿7﴾	کہ ہرگز نہیں اٹھائے گا اللہ کسی ایک کو۔﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُّشْرِكَ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	ظَنَنَّآ	بدظن، ظن غالب، سوءظن۔
اَحَدًا	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	كَذِبًا	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
تَعٰلٰى	عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔	رِجَالٌ	رجال کار، قحط الرجال۔
اتَّخَذَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	يَعُوْذُوْنَ	تعویذ، معاذ اللہ، تعوذ۔
صَاحِبَةً	صاحب، صحابی، صحبت۔	مِّنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	فَزَادُوْهُمْ	زیادہ، مزید، زائد۔
وَلَدًا	اولاد، ولدیت، ولد۔	كَمَا	کماحقہ، کالعدم/ماحول، ماتحت۔
يَقُوْلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يَّبْعَثَ	بعثت، مبعوث۔

وَ	لَنْ نُّشْرِكَ ①	بِرَبِّنَآ ②	اَحَدًا ③ ۝2	وَّ اَنَّهٗ	تَعٰلٰى ④
اور	ہرگز نہیں ہم شریک بنائیں گے	اپنے رب کا	کسی ایک کو	اور بلاشبہ یہ حقیقت ہے	بہت بلند ہے

جَدُّ	رَبِّنَا	مَا اتَّخَذَ	صَاحِبَةً ③⑤	وَّلَا	وَلَدًا ③ ۝3	وَّاَنَّهٗ
شان	ہمارے رب کی	نہیں بنائی اس نے	کوئی بیوی	اور نہ	کوئی اولاد	اور بلاشبہ یہ حقیقت ہے

كَانَ	يَقُوْلُ	سَفِيْهُنَا	عَلَى اللّٰهِ	شَطَطًا ۝4	وَّ	اَنَّا
تھا	وہ کہتا	ہمارا بیوقوف	اللہ پر	جھوٹ	اور	بیشک ہم نے

ظَنَنَّآ	اَنْ	لَّنْ تَقُوْلَ ①⑤	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلَى اللّٰهِ
ہم نے خیال کیا	یقیناً	ہرگز نہیں کہیں گے	انسان	اور جن	اللہ پر

كَذِبًا ۝5	وَّاَنَّهٗ	كَانَ	رِجَالٌ ③	مِّنَ الْاِنْسِ	يَعُوْذُوْنَ
جھوٹ	اور بیشک یہ حقیقت ہے کہ	تھے	کچھ لوگ	انسانوں میں سے	وہ سب پناہ پکڑتے

بِرِجَالٍ ②③	مِّنَ الْجِنِّ	فَزَادُوْهُمْ ⑥	رَهَقًا ۝6	وَّاَنَّهُمْ
کچھ لوگوں کی	جنوں میں سے	تو زیادہ کردیا انہوں نے ان کو	سرکشی	اور یہ کہ بیشک انہوں نے

ظَنُّوْا	كَمَا	ظَنَنْتُمْ	اَنْ	لَّنْ يَّبْعَثَ ①	اللّٰهُ	اَحَدًا ③ ۝7
اُن سب نے گمان کیا	جس طرح	تم نے گمان کیا	کہ	ہرگز نہیں وہ اُٹھائے گا	اللہ	کسی ایک کو

ضروری وضاحت

① علامت لَنْ فعل کے شروع میں آتی ہے اور تاکید کے ساتھ مستقبل میں نفی کا مفہوم شامل کردیتی ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ④ تَ اور کھڑی زبر جو کہ الف کے قائم کے مقام ہے دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ تَ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔

وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا	اور یہ کہ بیشک ہم نے ٹٹولا آسمان کو تو ہم نے پایا اسے
مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ﴿8﴾	(کہ) وہ بھر دیا گیا ہے سخت پہرے اور شعلوں سے۔ ﴿8﴾
وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ	اور یہ کہ بیشک ہم بیٹھا کرتے تھے
مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ	اس (آسمان) کے ٹھکانوں میں (باتیں) سننے کے لیے،
فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ	تو اب جو کان لگاتا ہے وہ پاتا ہے اپنے لیے
شِهَابًا رَّصَدًا ﴿9﴾ وَّاَنَّا	ایک شعلہ گھات میں لگا ہوا۔ ﴿9﴾ اور یہ کہ بیشک ہم
لَا نَدْرِيْۤ اَشَرٌّ اُرِيْدَ	نہیں ہم جانتے کیا کسی برائی کا ارادہ کیا گیا ہے
بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ	(ان کے) ساتھ جو زمین میں ہیں یا ارادہ کیا ہے
بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿10﴾	ان کے ساتھ ان کے رب نے بھلائی کا۔ ﴿10﴾
وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ	اور یہ کہ بے شک ہم میں سے (کچھ) نیک ہیں
وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ	اور ہم میں سے (کچھ) اس کے علاوہ ہیں
كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿11﴾	تھے ہم مختلف طریقوں (مذاہب) پر۔ ﴿11﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمَسْنَا	: لمس۔	اُرِيْدَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
فَوَجَدْنٰهَا	: وجود، موجود، وجد۔	بِمَنْ	: بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔
شَدِيْدًا	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔	فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
شُهُبًا	: شہاب ثاقب۔	الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
نَقْعُدُ	: مقعد، قعدہ اولیٰ۔	رَشَدًا	: رُشد و ہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔
مِنْهَا	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	الصّٰلِحُوْنَ	: صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
لِلسَّمْعِ	: سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	طَرَآئِقَ	: طور طریقہ، احسن طریقے سے۔
شَرٌّ	: خیر و شر، شریر، شرارت۔		

وَّ اَنَّا①	لَمَسْنَا②	السَّمَآءَ	فَوَجَدْنٰهَا②	مُلِئَتْ③	حَرَسًا
اور یہ کہ بیشک ہم نے	ہم نے ٹٹولا	آسمان کو	تو ہم نے پایا اسے	وہ بھر دیا گیا ہے	پہرہ

شَدِيْدًا	وَّشُهُبًا ﴿8﴾	وَّ اَنَّا①	كُنَّا④	نَقْعُدُ	مِنْهَا⑤
سخت	اور شعلوں (سے)	اور یہ کہ بیشک ہم	ہم تھے	ہم بیٹھا کرتے	اس کے

مَقَاعِدَ	لِلسَّمْعِ ط	فَمَنْ	يَّسْتَمِعِ	الْاٰنَ
ٹھکانوں (میں)	سننے کے لیے	تو جو	وہ کان لگاتا ہے	اب

يَجِدْ	لَهٗ	شِهَابًا	رَّصَدًا ﴿9﴾	وَّ اَنَّا①	لَا نَدْرِيْٓ
وہ پاتا ہے	اپنے لیے	ایک شعلہ	گھات میں لگا ہوا	اور یہ کہ بیشک ہم	نہیں ہم جانتے

اَ	شَرٌّ	اُرِيْدَ	بِمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	اَرَادَ	بِهِمْ
کیا	کسی برائی	ارادہ کیا گیا	انکے ساتھ جو	زمین میں	یا	ارادہ کیا	ان کے ساتھ

رَبُّهُمْ	رَشَدًا ﴿10﴾	وَّ اَنَّا①	مِنَّا⑥	الصّٰلِحُوْنَ⑦
ان کے رب نے	بھلائی کا	اور یہ کہ بے شک ہم	ہم میں سے (کچھ)	نیک (جمع)

وَمِنَّا⑥	دُوْنَ ذٰلِكَ ط	كُنَّا④	طَرَآئِقَ	قِدَدًا ﴿11﴾
اور ہم میں سے کچھ	اس کے علاوہ	تھے ہم	طریقوں (مذاہب پر)	مختلف

ضروری وضاحت

①اَنَّا دراصل اَنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔②نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔③فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
④كُنَّا دراصل كُنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑤مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہوتا ہے یہاں سیاق وسباق کے اعتبار سے ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑥مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑦یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنۡ	اور یہ کہ بیشک ہم نے یقین کرلیا کہ بیشک
لَّنۡ نُّعۡجِزَ اللّٰهَ فِى الۡاَرۡضِ	ہرگزنہیں ہم عاجز کرسکیں گے اللہ کوزمین میں
وَلَنۡ نُّعۡجِزَهٗ هَرَبًا ﴿12﴾	اور ہرگزنہیں ہم عاجز کرسکیں گے اسے بھاگ کر۔ ﴿12﴾
وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعۡنَا الۡهُدٰٓى	اور یہ کہ بیشک ہم نے جب سناہدایت کو
اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنۡ يُّؤۡمِنۡۢ	ہم ایمان لے آئے اس پر، پھر جوایمان لائے گا
بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ	اپنے رب پرتو نہ وہ ڈرے گا
بَخۡسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿13﴾	کسی نقصان سے اور نہ کسی زیادتی سے۔ ﴿13﴾
وَّاَنَّا مِنَّا الۡمُسۡلِمُوۡنَ	اور یہ کہ بیشک (کچھ) ہم میں سے مسلمان ہیں
وَمِنَّا الۡقٰسِطُوۡنَ ؕ فَمَنۡ اَسۡلَمَ	اور (کچھ) ہم میں سے ظالم ہیں پھر جوفرمانبردار ہوگیا
فَاُولٰٓـئِكَ تَحَرَّوۡا رَشَدًا ﴿14﴾	تو وہی ہیں (جنہوں نے) قصد کیا سیدھے راستے کا۔ ﴿14﴾
وَاَمَّا الۡقٰسِطُوۡنَ فَكَانُوۡا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿15﴾	اور رہے ظلم کرنے والے تو وہ ہونگے جہنم کا ایندھن۔ ﴿15﴾
وَّاَنۡ لَّوِ اسۡتَقَامُوۡا عَلَى الطَّرِيۡقَةِ	اور یہ کہ اگر یہ قائم رہتے (سیدھے) راستے پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَّ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	فَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
ظَنَنَّآ	بدظن، ظن غالب، سوءِظن۔	يَخَافُ	خوف، خائف، خوف وہراس۔
نُّعۡجِزَ	عاجز، عاجزی، عاجزانہ۔	مِنَّا	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الۡمُسۡلِمُوۡنَ	مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	رَشَدًا	رُشدوہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔
سَمِعۡنَا	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	اسۡتَقَامُوۡا	استقامت، صراط مستقیم، خط مستقیم۔
الۡهُدٰٓى	ہدایت، ہادی برحق، ہادئ کائنات۔	عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اٰمَنَّا	امن، مامون، امنِ عامّہ، مؤمن۔	الطَّرِيۡقَةِ	طورطریقہ، احسن طریقے سے۔

وَّ	اَنَّا ①	ظَنَنَّآ	اَنْ ②	لَّنْ نُّعْجِزَ	اللّٰهَ
اور	یہ کہ بیشک ہم نے	ہم نے یقین کرلیا	کہ	ہرگز نہیں ہم عاجز کرسکیں گے	اللہ

فِي الْاَرْضِ	وَلَنْ	نُّعْجِزَهٗ	هَرَبًا ۙ﴿12﴾	وَّاَنَّا ①	لَمَّا
زمین میں	اور ہرگز نہیں	ہم عاجز کرسکیں گے اسے	بھاگ کر	اور یہ کہ بیشک ہم نے	جب

سَمِعْنَا	الْهُدٰٓى	اٰمَنَّا	بِهٖ ③ ؕ	فَمَنْ	يُّؤْمِنْۢ	بِرَبِّهٖ ③
ہم نے سنا	ہدایت	ہم ایمان لے آئے	اس پر	پھر جو	وہ ایمان لائے گا	اپنے رب پر

فَلَا يَخَافُ ④	بَخْسًا ⑤	وَّلَا	رَهَقًا ⑤ ۙ﴿13﴾	وَّاَنَّا ①	مِنَّا ⑥
تو نہ وہ ڈرے گا	کسی نقصان (سے)	اور نہ	کسی زیادتی سے	اور یہ کہ بیشک ہم	ہم میں سے کچھ

الْمُسْلِمُوْنَ ⑦	وَمِنَّا ⑥	الْقٰسِطُوْنَ ⑦ ؕ	فَمَنْ	اَسْلَمَ	فَاُولٰٓئِكَ
مسلمان ہیں	اور ہم میں سے	کچھ ظالم (ہیں)	پھر جو	فرمانبردار ہوگیا	تو وہی ہیں

تَحَرَّوْا ⑧	رَشَدًا ﴿14﴾	وَاَمَّا	الْقٰسِطُوْنَ ⑦	فَكَانُوْا	لِجَهَنَّمَ
قصد کیا	سیدھے راستے کا	اور رہے	سب ظلم کرنے والے	تو وہ سب ہونگے	جہنم کا

حَطَبًا ۙ﴿15﴾	وَّ	اَنْ لَّوِ	اسْتَقَامُوْا	عَلَى الطَّرِيْقَةِ
ایندھن	اور	یہ کہ اگر	سب قائم رہتے	راستے پر

ضروری وضاحت

①اَنَّا دراصل اَنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرگیا ہے۔②اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔
③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④لَا کے بعد فعل کے آخر میں
پیش ہوتو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥مِنَّا دراصل مِنْ + نَا
کا مجموعہ ہے۔⑦یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿16﴾	(تو) ضرور ہم پلاتے انہیں وافر پانی۔ ﴿16﴾
لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ	تا کہ ہم آزمائیں انہیں اس میں
وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ	اور جو منہ موڑے گا اپنے رب کی یاد سے
يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿17﴾	وہ داخل کرے گا اسے سخت عذاب میں۔ ﴿17﴾
وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ	اور یہ کہ بیشک مسجدیں اللہ کے لیے ہیں
فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿18﴾	تو تم نہ پکارو اللہ کیساتھ کسی ایک کو۔ ﴿18﴾
وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ	اور بیشک یہ حقیقت ہے (کہ) جب کھڑا ہوا
عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا	اللہ کا بندہ (محمد ﷺ) وہ پکار رہا تھا اسے قریب تھے
يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿19﴾	کہ وہ ہو جائیں اس پر (گھیر کر) چمٹنے والے۔ ﴿19﴾
قُلْ اِنَّمَاۤ اَدْعُوْا رَبِّيْ	کہہ دیجیے بیشک صرف میں تو پکارتا ہوں اپنے رب کو
وَلَاۤ اُشْرِكُ بِهٖۤ اَحَدًا ﴿20﴾	اور میں شریک نہیں کرتا اسکے ساتھ کسی ایک کو۔ ﴿20﴾
قُلْ اِنِّيْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ	کہہ دیجیے بیشک میں اختیار نہیں رکھتا تمہارے لیے

ع 1 19 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاَسْقَيْنٰهُمْ	ساقی، ساقیٔ کوثر۔	مَعَ	مع اہل وعیال، معیت۔
مَّآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔	اَحَدًا	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
لِّنَفْتِنَهُمْ	فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	قَامَ	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يُّعْرِضْ	اعراض کرنا۔	قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
ذِكْرِ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	اُشْرِكُ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
فَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	بِهٖ	بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔
تَدْعُوْا	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔	اَمْلِكُ	مالک، ملکیت، املاک مقبوضہ۔

لَاَسۡقَیۡنٰهُمۡ ①	مَّآءً	غَدَقًا ﴿16﴾ لا	لِّنَفۡتِنَهُمۡ ①②	فِیۡهِ ط
(تو) ضرور ہم پلاتے انہیں	پانی	وافر	تاکہ ہم آزمائیں انہیں	اس میں

وَمَنۡ	یُّعۡرِضۡ	عَنۡ ذِکۡرِ رَبِّهٖ	یَسۡلُکۡهُ	عَذَابًا صَعَدًا ﴿17﴾ لا
اور جو	وہ منہ موڑے گا	اپنے رب کی یاد سے	وہ داخل کرے گا اسے	سخت عذاب

وَّ	اَنَّ	الۡمَسٰجِدَ	لِلّٰهِ	فَلَا تَدۡعُوۡا ③
اور	یہ کہ بیشک	مسجدیں	اللہ کے لیے	تو نہ تم سب پکارو

مَعَ اللّٰهِ	اَحَدًا ④ ﴿18﴾ لا	وَّاَنَّهٗ	لَمَّا	قَامَ	عَبۡدُ اللّٰهِ
اللہ کیساتھ	کسی ایک کو	اور بیشک یہ (حقیقت ہے)	جب	کھڑا ہوا	اللہ کا بندہ

ع 1 19 11

یَدۡعُوۡهُ	کَادُوۡا	یَکُوۡنُوۡنَ	عَلَیۡهِ	لِبَدًا ﴿19﴾ ع
وہ پکار رہا تھا اسے	قریب تھے	وہ سب ہوجائیں	اس پر	چمٹنے والے

قُلۡ	اِنَّمَآ ⑤	اَدۡعُوۡا	رَبِّیۡ	وَ	لَاۤ اُشۡرِکُ ⑥
آپ کہہ دیجیے	بیشک صرف	میں پکارتا ہوں	اپنے رب کو	اور	نہیں میں شریک کرتا

بِهٖۤ	اَحَدًا ④ ﴿20﴾	قُلۡ	اِنِّیۡ ⑦	لَاۤ اَمۡلِکُ ⑥	لَکُمۡ
اس کے ساتھ	کسی ایک کو	آپ کہہ دیجیے	بیشک میں	نہیں میں اختیار رکھتا	تمہارے لیے

ضروری وضاحت

① هُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ اِنَّ کے ساتھ جب مَا آئے تو اس میں صرف یعنی تاکید کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑦ اِنِّیۡ دراصل اِنَّ + یۡ کا مجموعہ ہے۔

ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿21﴾	کسی نقصان کا اور نہ کسی بھلائی کا۔ ﴿21﴾
قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ	کہہ دیجیے بیشک میں، ہرگز نہیں پناہ دے گا مجھے
مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ	اللہ (کے عذاب) سے کوئی ایک
وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿22﴾	اور ہرگز نہیں میں پاؤں گا اسکے سوا کوئی پناہ گاہ۔ ﴿22﴾
اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ	(اور نہیں میں اختیار رکھتا) مگر اللہ کی طرف سے پہنچا دینے کا
وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ	اور اسکے پیغامات کا اور جو نافرمانی کرے گا اللہ
وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ	اور اسکے رسول کی تو بلاشبہ اس کے لیے جہنم کی آگ ہے
خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ﴿23﴾	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں ہمیشہ ہمیشہ۔ ﴿23﴾
حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا	یہاں تک کہ جب وہ دیکھ لیں گے (اس عذاب کو) جسکا
یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ	وہ وعدہ دیے جاتے ہیں تو عنقریب (ضرور) جان لیں گے
مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا	(کہ) کون زیادہ کمزور ہے مددگار ہونے میں
وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿24﴾	اور (کون) زیادہ کم ہے تعداد میں۔ ﴿24﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ضَرًّا	: مضرصحت، ضرررساں۔	حَتّٰۤى	: حتی الامکان، حتی الوسع، حتی کہ۔
رَشَدًا	: رُشدوہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔	رَاَوْا	: رویئت ہلال، مرئی وغیرمرئی اشیاء۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	یُوْعَدُوْنَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
اَجِدَ	: وجود، موجود۔	فَسَیَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
بَلٰغًا	: بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	اَضْعَفُ	: ضعف، ضعیف۔
یَّعْصِ	: معصیت، عاصی، غم عصیاں۔	نَاصِرًا	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
خٰلِدِیْنَ	: خالد، خلد بریں۔	اَقَلُّ	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
اَبَدًا	: ابدالآباد۔	عَدَدًا	: عدد، معدود، تعداد، متعدد۔

ضَرًّا ①	وَّ	لَا رَشَدًا ① (21)	قُلْ	اِنِّیْ	لَنْ ②	یُّجِیْرَنِیْ ③
کسی نقصان کا	اور	نہ کسی بھلائی کا	آپ کہہ دیجیے	بیشک میں	ہرگز نہیں	وہ پناہ دے گا مجھے

مِنَ اللّٰهِ	اَحَدٌ ① ۙ	وَّ	لَنْ ②	اَجِدَ	مِنْ دُوْنِهٖ ④
اللہ سے	کوئی ایک	اور	ہرگز نہیں	میں پاؤں گا	اسکے سوا

مُلْتَحَدًا ① ۙ (22)	اِلَّا	بَلٰغًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	رِسٰلٰتِهٖ ؕ	وَ
کوئی پناہ گاہ	مگر	پہنچانا	اللہ (کی طرف) سے	اور	اسکے پیغامات	اور

مَنْ	یَّعْصِ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ	لَهٗ
جو	وہ نافرمانی کرے گا	اللہ	اور	اسکے رسول	تو بلاشبہ	اس کے لیے

نَارَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَاۤ	اَبَدًا ؕ (23)	حَتّٰۤی	اِذَا
جہنم کی آگ	سب ہمیشہ رہنے والے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	یہاں تک کہ	جب

رَاَوْا	مَا	یُوْعَدُوْنَ ⑤	فَسَیَعْلَمُوْنَ
وہ سب دیکھ لیں گے	جو	وہ سب وعدہ دیے جاتے ہیں	تو عنقریب وہ سب ضرور جان لیں گے

مَنْ	اَضْعَفُ ⑥	نَاصِرًا	وَّ	اَقَلُّ ⑥	عَدَدًا (24)
کون	زیادہ کمزور	مددگار ہونے میں	اور	زیادہ کم	تعداد

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② علامت لَنْ فعل کے شروع میں آتی ہے اور مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی کا مفہوم شامل کر دیتی ہے۔③اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔④یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔⑤اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ	کہہ دیجیے نہیں میں جانتا کیا (وہ) قریب ہے
مَّا تُوْعَدُوْنَ	جس کا تم وعدہ دیے جاتے ہو
اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿25﴾	یا کرے گا اسکے لیے میرا رب کوئی (لمبی) مدت ۔ ﴿25﴾
عٰلِمُ الْغَیْبِ	(وہ) غیب کا علم رکھنے والا ہے
فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿26﴾	پس نہیں وہ مطلع کرتا اپنے غیب پر کسی ایک کو ۔ ﴿26﴾
اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ	مگر جسے وہ پسند کرے کسی رسول سے
فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ	تو بے شک وہ مقرر کر دیتا ہے اس کے آگے سے
وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿27﴾	اور اس کے پیچھے سے نگہبان (فرشتے) ۔ ﴿27﴾
لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ	تا کہ وہ (رسول) جان لے کہ بلاشبہ یقیناً
اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ	اُن (فرشتوں) نے پہنچا دیے اپنے رب کے پیغامات
وَاَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ	اور اس نے احاطہ کر رکھا ہے (ان چیزوں) کا جو انکے پاس ہیں
وَاَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿28﴾	اور اس نے شمار کر رکھا ہے ہر چیز کو گن کر ۔ ﴿28﴾

ع 2 / 9 / 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں ۔	اِلَّا	: الا ما شاء اللہ، الاقلیل، الا یہ کہ ۔
مَّا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت ۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم ۔
تُوْعَدُوْنَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود ۔	بَیْنِ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی ۔
یُظْهِرُ	: ظاہر، اظہار، مظہر ۔	یَدَیْهِ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین ۔
عٰلِمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات ۔	خَلْفِهٖ	: خلف، ناخلف، خلافت، خلف الرشید ۔
عَلٰی	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم ۔	اَبْلَغُوْا	: بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ ۔
اَحَدًا	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت ۔	اَحَاطَ	: احاطہ، محیط ۔
ارْتَضٰی	: راضی، مرضی، رضائے الٰہی ۔	عَدَدًا	: عدد، معدود، تعداد، متعدد ۔

قُلْ	اِنْ ①	اَدْرِیْٓ	اَ	قَرِیْبٌ	مَّا	تُوْعَدُوْنَ ②	اَمْ
آپ کہہ دیجیے	نہیں	میں جانتا	کیا	قریب	جو	تم سب وعدہ دیے جاتے ہو	یا

یَجْعَلُ	لَهٗ	رَبِّیْٓ	اَمَدًا ③ (25)	عٰلِمُ الْغَیْبِ
وہ کرے گا	اسکے لیے	میرا رب	کوئی (لمبی) مدت	غیب کا علم رکھنے والا

فَلَا	یُظْهِرُ	عَلٰی غَیْبِهٖٓ	اَحَدًا ③ (26)	اِلَّا	مَنِ
پس نہیں	وہ ظاہر کرتا	اپنے غیب پر	کسی ایک کو	مگر	جسے

ارْتَضٰی	مِنْ رَّسُوْلٍ ③	فَاِنَّهٗ	یَسْلُكُ
وہ پسند کرے	کسی رسول سے	تو بے شک وہ	وہ مقرر کر دیتا ہے

مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ	وَ	مِنْ خَلْفِهٖ	رَصَدًا (27)	لِّیَعْلَمَ
اسکے ہاتھوں کے درمیان سے	اور	اسکے پیچھے سے	نگہبان (فرشتے)	تاکہ وہ جان لے

اَنْ ④ قَدْ	اَبْلَغُوْا	رِسٰلٰتِ ⑤	رَبِّهِمْ	وَ	اَحَاطَ
کہ بلاشبہ یقیناً	انہوں نے پہنچا دیے	پیغامات	اپنے رب کے	اور	اس نے احاطہ کر رکھا ہے

ع 2 9 12

بِمَا ⑥	لَدَیْهِمْ	وَ	اَحْصٰی	كُلَّ شَیْءٍ	عَدَدًا (28)
(ان چیزوں) کا جو	انکے پاس	اور	اس نے شمار کر رکھا ہے	ہر چیز کو	گن کر

ضروری وضاحت

① اِنْ کا ترجمہ عموماً ''اگر'' ہوتا ہے کبھی اس کا ترجمہ نہیں بھی کیا جاتا ہے۔② شروع میں ت پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔④ اَنْ دراصل اَنَّ تھا تخفیف کے لیے کبھی اَنْ استعمال ہو جاتا ہے۔⑤ ات اسم کے ساتھ جمع مونث کی علامت ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

ایاتھا 20 — 73 سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ 03 — رکوعاتھا 02

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿1﴾	اے کپڑا لپیٹنے والے۔﴿1﴾
قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿2﴾	قیام کیجیے رات کو مگر تھوڑا (یعنی تھوڑی رات آرام کیجیے)۔﴿2﴾
نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ	اس (رات) کا آدھا (حصہ) یا کم کرلیں اس سے
قَلِيْلًا ۙ﴿3﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ	تھوڑا سا۔﴿3﴾ یا زیادہ کرلیں اس پر
وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ﴿4﴾	اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کیجیے قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔﴿4﴾
اِنَّا سَنُلْقِيْ	بیشک ہم عنقریب ڈالیں گے (یعنی نازل کریں گے)
عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿5﴾	آپ پر بھاری فرمان۔﴿5﴾
اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً	بیشک رات کا اٹھنا وہ زیادہ سخت ہے (نفس کو) کچلنے میں
وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ؕ﴿6﴾	اور زیادہ درست ہے بات (ذکر یا دعا) کرنے میں۔﴿6﴾
اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ؕ﴿7﴾	بیشک آپ کے لیے دن میں ایک لمبا کام ہے۔﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُمِ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔	رَتِّلِ	: ترتیل۔
الَّيْلَ	: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	سَنُلْقِيْ	: القاء۔
اِلَّا	: الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	قَوْلًا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
قَلِيْلًا	: قلیل، قلت، قلیل مدت، الا قلیل۔	ثَقِيْلًا	: ثقیل، کشش ثقل۔
انْقُصْ	: نقص، ناقص، تنقیص۔	اَشَدُّ	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
مِنْهُ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
زِدْ	: زیادہ، مزید، زائد۔	النَّهَارِ	: نہار منہ، لیل ونہار۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	طَوِيْلًا	: طویل، طوالت۔

اٰیاتُھا 20 | 73 سُوۡرَۃُ الۡمُزَّمِّلِ مَکِّیَّۃٌ 03 | رُکُوۡعَاتُھَا 02

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّھَا	الۡمُزَّمِّلُ ⑴	قُمِ ①	الَّیۡلَ	اِلَّا	قَلِیۡلًا ⑵
اے	کپڑا لپیٹنے والے	قیام کیجیے	رات کو	مگر	تھوڑا

نِّصۡفَہٗۤ	اَوِ انۡقُصۡ	مِنۡہُ	قَلِیۡلًا ⑶	اَوۡ زِدۡ	عَلَیۡہِ
اس (رات) کا آدھا (حصہ)	یا کم کرلیں	اس سے	تھوڑا سا	یا زیادہ کرلیں	اس پر

وَرَتِّلِ	الۡقُرۡاٰنَ	تَرۡتِیۡلًا ⑷	اِنَّا ②	سَنُلۡقِیۡ ③
اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کیجیے	قرآن کو	خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا	بیشک ہم	عنقریب ہم ڈالیں گے

عَلَیۡکَ	قَوۡلًا	ثَقِیۡلًا ⑸	اِنَّ ④	نَاشِئَۃَ الَّیۡلِ
آپ پر	فرمان	بھاری	بیشک	رات کا اٹھنا

ھِیَ	اَشَدُّ ⑤	وَطۡاً	وَّ	اَقۡوَمُ ⑤	قِیۡلًا ⑹
وہ	زیادہ سخت ہے	(نفس کو) کچلنے میں	اور	زیادہ درست	بات (ذکر یا دعا) کرنے میں

اِنَّ ④	لَکَ	فِی النَّھَارِ	سَبۡحًا ⑥	طَوِیۡلًا ⑺
بیشک	آپ کے لیے	دن میں	ایک کام	لمبا

ضروری وضاحت

①یہ دراصل قُمۡ تھا، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔②اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔③ سَ مستقبل قریب کے لیے اور سَوۡفَ مستقبل بعید کے لیے ہوتا ہے۔④اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑤ یہاں اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑥اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

وَاذۡكُرِ اسۡمَ رَبِّكَ	اور ذکر کرو اپنے رب کے نام کا
وَتَبَتَّلۡ اِلَيۡهِ تَبۡتِيۡلًا ؕ 8	اور متوجہ ہو جائیے اس کی طرف یکسو ہو کر۔ 8
رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ	(وہ) مشرق اور مغرب کا رب ہے کوئی معبود نہیں
اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِيۡلًا 9	مگر وہی پس بنا لیجیے اسے (اپنا) کارساز۔ 9
وَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ	اور صبر کیجیے اس پر جو وہ کہتے ہیں
وَاهۡجُرۡهُمۡ	اور چھوڑ دے انہیں
هَجۡرًا جَمِيۡلًا 10	خوبصورت طریقے سے چھوڑنا۔ 10
وَذَرۡنِىۡ وَالۡمُكَذِّبِيۡنَ	اور چھوڑ دیجیے مجھے اور (ان) جھٹلانے والوں کو
اُولِى النَّعۡمَةِ	(جو) خوشحالی والے ہیں
وَمَهِّلۡهُمۡ قَلِيۡلًا 11	اور مہلت دیجیے انہیں تھوڑی سی۔ 11
اِنَّ لَدَيۡنَاۤ اَنۡكَالًا	بے شک ہمارے پاس بیڑیاں ہیں
وَّجَحِيۡمًا ۙ 12	اور بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔ 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اذۡكُرِ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اِلَيۡهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يَقُوۡلُوۡنَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لَاۤ	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اهۡجُرۡهُمۡ	: ہجرت، مہاجر۔
اِلٰهَ	: الہ العالمین، اُلوہیت، اللہ۔	جَمِيۡلًا	: حسن و جمال، حسین و جمیل۔
اِلَّا	: الاماشاء اللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	الۡمُكَذِّبِيۡنَ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
فَاتَّخِذۡهُ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	النَّعۡمَةِ	: نعمت، انعام، منعم۔
اصۡبِرۡ	: صبر، صابر، صبر جمیل۔	اُولِى	: اولوالعزم، اولواالعلم۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مَهِّلۡهُمۡ	: مہلت۔

وَ	اذْكُرِ ①	اسْمَ رَبِّكَ ②	وَ	تَبَتَّلْ ③	اِلَيْهِ
اور	آپ ذکر کریں	اپنے رب کے نام کا	اور	آپ خوب متوجہ ہوجائیے	اس کی طرف

تَبْتِيْلًا ﴿8﴾	رَبُّ الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ	لَآ اِلٰهَ ④
خوب متوجہ ہونا (یعنی یکسو ہوکر)	مشرق کا رب	اور	مغرب کا	کوئی معبود نہیں

اِلَّا	هُوَ	فَاتَّخِذْهُ	وَكِيْلًا ﴿9﴾	وَ	اصْبِرْ ①
مگر	وہی	پس آپ بنالیجیے اسے	(اپنا) کارساز	اور	آپ صبر کیجیے

عَلٰى مَا	يَقُوْلُوْنَ	وَ	اهْجُرْهُمْ ①	هَجْرًا
(اس) پر جو	وہ سب کہتے ہیں	اور	تو چھوڑ دے انہیں	چھوڑنا

جَمِيْلًا ﴿10﴾	وَ	ذَرْنِيْ ⑤	وَ	الْمُكَذِّبِيْنَ ⑥
خوبصورت (طریقے سے)	اور	آپ چھوڑ دیجیے مجھے	اور	(ان) سب جھٹلانے والوں کو

اُولِي النَّعْمَةِ ⑦	وَ	مَهِّلْهُمْ	قَلِيْلًا ﴿11﴾
(جو) خوشحالی والے	اور	آپ مہلت دیجیے انہیں	تھوڑی سی

اِنَّ	لَدَيْنَآ	اَنْكَالًا	وَّ	جَحِيْمًا ﴿12﴾
بے شک	ہمارے پاس	بیڑیاں	اور	بھڑکتی ہوئی آگ

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہوتو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔② كَ اگر اسم کے آخر میں ہوتو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔③ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہوتو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔⑤ یْ اگر فعل کے ساتھ ہوتو درمیان میں نِ کا اضافہ ضروری ہوتا ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ	اور کھانا ہے گلے میں پھنس جانے والا
وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿13﴾	اور دردناک عذاب۔ ﴿13﴾
يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ	جس دن کانپیں گے زمین اور پہاڑ
وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿14﴾	اور ہوجائیں گے پہاڑ ریت کے بھربھرے ٹیلے۔ ﴿14﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا	بےشک ہم نے بھیجا تمہاری طرف ایک رسول
شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ	گواہی دینے والا تم پر جس طرح
اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿15﴾	ہم نے بھیجا فرعون کی طرف ایک رسول۔ ﴿15﴾
فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ	سو نافرمانی کی فرعون نے (اس) رسول کی
فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿16﴾	تو ہم نے پکڑلیا اسے پکڑنا نہایت سخت وبال میں۔ ﴿16﴾
فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ	پھر کیسے تم بچو گے اگر تم نے کفر کیا
يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿17﴾	اس دن (کے عذاب) سے (جو) بچوں کو بوڑھا کردے گا۔ ﴿17﴾
السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ	آسمان پھٹ جانے والا ہے اس کے سبب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

طَعَامًا	قیام وطعام، قبل از طعام۔	كَمَآ	کما حقہ، کالعدم/ماحول، ماتحت۔
اَلِيْمًا	الم ناک حادثہ، عذاب الیم، رنج والم۔	فَعَصٰى	معصیت، عاصی، غم عصیاں۔
يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔	فَاَخَذْنٰهُ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
الْاَرْضُ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	وَّبِيْلًا	وبال، وبال جاں۔
الْجِبَالُ	جبل اُحد، جبل رحمت، جبال ہمالیہ۔	تَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔
اَرْسَلْنَآ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	الْوِلْدَانَ	ولد، ولدیت، اولاد۔
شَاهِدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	السَّمَآءُ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	بِهٖ	بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔

وَّطَعَامًا	ذَا غُصَّةٍ ①	وَّ	عَذَابًا	اَلِيْمًا ⑬	يَوْمَ	تَرْجُفُ ①
اور کھانا	گلے میں پھنس جانے والا	اور	عذاب	دردناک	جس دن	کانپے گی

الْاَرْضُ	وَالْجِبَالُ	وَكَانَتِ ①	الْجِبَالُ	كَثِيْبًا	مَّهِيْلًا ⑭
زمین	اور پہاڑ	اور ہوجائیں گے	پہاڑ	ریت کے ٹیلے	بھربھرے

اِنَّآ ②	اَرْسَلْنَآ	اِلَيْكُمْ	رَسُوْلًا ③	شَاهِدًا	عَلَيْكُمْ
بے شک ہم	ہم نے بھیجا	تمہاری طرف	ایک رسول	گواہی دینے والا	تم پر

كَمَآ	اَرْسَلْنَآ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	رَسُوْلًا ③ ⑮	فَعَصٰى ④
جس طرح	ہم نے بھیجا	فرعون کی طرف	ایک رسول	سو نافرمانی کی

فِرْعَوْنُ ④	الرَّسُوْلَ ④	فَاَخَذْنٰهُ	اَخْذًا	وَّبِيْلًا ⑯
فرعون (نے)	رسول (کی)	تو ہم نے پکڑ لیا اسے	پکڑنا	(نہایت سخت) وبال میں

فَكَيْفَ	تَتَّقُوْنَ	اِنْ	كَفَرْتُمْ	يَوْمًا	يَّجْعَلُ
پھر کیسے	تم سب بچو گے	اگر	تم نے کفر کیا	اس دن	وہ کر دے گا

الْوِلْدَانَ ④	شِيْبًا ⑰	السَّمَآءُ	مُنْفَطِرٌ ⑤	بِهٖ ⑥
بچوں کو	بوڑھا	آسمان	پھٹ جانے والا	اس کے سبب

ضروری وضاحت

① ۃ، تا اور تُ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں تُ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔ ② اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔ ③ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ④ فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

ع 1 19 13

كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿18﴾	اس کا وعدہ ہے کیا ہوا۔﴿18﴾
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ	بے شک یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿19﴾	پس جو چاہے بنالے اپنے رب کیطرف راستہ۔﴿19﴾
اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ	بلاشبہ آپ کا رب جانتا ہے کہ بے شک آپ
تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ	قیام کرتے ہیں قریب دو تہائی رات کے
وَنِصْفَهٗ	اور (کبھی) اس (رات) کے نصف (حصے) کے
وَثُلُثَهٗ	اور (کبھی) اس (رات) کے ایک تہائی
وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ	ایک جماعت (بھی ان لوگوں) میں سے جو
مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ	آپ کے ساتھ ہیں اور اللہ اندازہ رکھتا ہے
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ	رات اور دن کا، اس نے جان لیا ہے
اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ	کہ ہرگز نہیں تم نباہ کرسکو گے اسکا تو وہ متوجہ ہوا تم پر
فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ	پس تم پڑھو جو آسان ہو قرآن سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَفْعُوْلًا	فعل، فاعل، مفعول۔	ثُلُثَيِ	ثلث، مثلث، تثلیث۔
هٰذِهٖ	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔	الَّيْلِ	لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
تَذْكِرَةٌ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	طَآئِفَةٌ	طائفہ منصورہ۔
شَآءَ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	مَعَكَ	مع اہل وعیال، معیت۔
اتَّخَذَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	يُقَدِّرُ	تقدیر، مقدر، قدرت، قادر، قدیر۔
سَبِيْلًا	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	فَتَابَ	توبہ، تائب۔
يَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	عَلَيْكُمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تَقُوْمُ	قیام، مقیم، قائم، قوم۔	تَيَسَّرَ	میسر۔

كَانَ	وَعْدُهٗ ①	مَفْعُوْلًا ﴿18﴾	اِنَّ	هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ ج ②③
ہے	اس کا وعدہ	کیا ہوا	بے شک	یہ	ایک نصیحت

ع 1 19 13

فَمَنْ	شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ ①	سَبِيْلًا ﴿19﴾ ع	اِنَّ	رَبَّكَ
پس جو	وہ چاہے	وہ بنا لے	اپنے رب کی طرف	راستہ	بلاشبہ	آپ کا رب

يَعْلَمُ	اَنَّكَ	تَقُوْمُ	اَدْنٰى	مِنْ ثُلُثَيِ ④ الَّيْلِ
وہ جانتا ہے	کہ بے شک آپ	آپ قیام کرتے ہیں	قریب	دو تہائی رات کے

وَ	نِصْفَهٗ ①	وَ	ثُلُثَهٗ ①	وَطَآئِفَةٌ ②③	مِّنَ الَّذِيْنَ
اور	اس کا آدھا	اور	اسکے ایک تہائی	اور ایک جماعت	(ان لوگوں) میں سے جو

مَعَكَ ط	وَاللّٰهُ	يُقَدِّرُ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ ط
آپ کے ساتھ	اور اللہ	وہ اندازہ رکھتا ہے	رات	اور دن

عَلِمَ	اَنْ	لَّنْ	تُحْصُوْهُ ⑤⑥	فَتَابَ ⑦	عَلَيْكُمْ
اس نے جان لیا	کہ	ہرگز نہیں	تم سب نباہ سکو گے اس کو	تو وہ متوجہ ہوا	تم پر

فَاقْرَءُوْا ⑦	مَا	تَيَسَّرَ	مِنَ الْقُرْاٰنِ ط
پس تم سب پڑھو	جو	آسان ہو	قرآن میں سے

ضروری وضاحت

①ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔② ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔③اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔④یہ دراصل ثُلُثَيْنِ تھا آخر سے نون گرا ہوا ہے۔⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ”ا“ گر جاتا ہے۔⑥لَنْ تُحْصُوْهُ کا ایک ترجمہ ”وقت کا تم ٹھیک اندازہ ہرگز نہیں کر سکو گے“ بھی ہے۔⑦ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔

عَلِمَ اَنۡ سَيَكُوۡنُ مِنۡكُمۡ	اس نے جان لیا کہ عنقریب ہوں گے تم میں سے
مَّرۡضٰى ۙ وَاٰخَرُوۡنَ يَضۡرِبُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ	(کچھ) بیمار اور (کچھ) دوسرے سفر کریں گے زمین میں
يَبۡتَغُوۡنَ مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ ۙ	وہ تلاش کریں گے اللہ کے فضل سے
وَاٰخَرُوۡنَ يُقَاتِلُوۡنَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۖ	اور (کچھ) دوسرے لڑیں گے اللہ کے راستے میں
فَاقۡرَءُوۡا مَا تَيَسَّرَ مِنۡهُ ۙ	تو تم پڑھو جو آسان ہو اس (قرآن) میں سے
وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ	اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو
وَاَقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا ؕ	اور تم قرض دو اللہ کو قرض حسنہ
وَمَا تُقَدِّمُوۡا لِاَنۡفُسِكُمۡ	اور جو تم آگے بھیجو اپنے نفسوں کے لیے
مِّنۡ خَيۡرٍ تَجِدُوۡهُ عِنۡدَ اللّٰهِ	بھلائی (نیکی) سے تم پاؤ گے اسے اللہ کے ہاں
هُوَ خَيۡرًا وَّاَعۡظَمَ اَجۡرًا ؕ	(کہ) وہ بہت بہتر اور بہت بڑی ہے اجر میں
وَاسۡتَغۡفِرُوا اللّٰهَ ؕ	اور تم بخشش مانگو اللہ سے،
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿20﴾ ع	بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم والا ہے۔ ﴿20﴾

ع 2 1 14

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّرۡضٰى	مرض، مریض، امراض۔	اَقِيۡمُوا	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
اٰخَرُوۡنَ	اُخروی زندگی۔	حَسَنًا	حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	تُقَدِّمُوۡا	مقدم، مقدمہ الجیش، خیر مقدم۔
يُقَاتِلُوۡنَ	قتل، قاتل، مقتول۔	لِاَنۡفُسِكُمۡ	نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
سَبِيۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	تَجِدُوۡهُ	وجود، موجود، وجد۔
فَاقۡرَءُوۡا	قاری، قرات، مقابلہ حسن قرات۔	اَعۡظَمَ	وزیر اعظم، اجر عظیم، عظمت، تعظیم۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	غَفُوۡرٌ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
تَيَسَّرَ	میسر۔	رَّحِيۡمٌ	رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔

عَلِمَ	اَنْ	سَيَكُوْنُ	مِنْكُمْ	مَّرْضٰى ۙ	وَ اٰخَرُوْنَ ①
اس نے جان لیا	کہ	عنقریب وہ ہونگے	تم میں سے	(کچھ) بیمار	اور (کچھ) دوسرے

يَضْرِبُوْنَ ②	فِي الْاَرْضِ	يَبْتَغُوْنَ	مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ
وہ سب سفر کریں گے	زمین میں	وہ سب تلاش کریں گے	اللہ کے فضل سے

وَ	اٰخَرُوْنَ ①	يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ	فَاقْرَءُوْا	
اور	(کچھ) دوسرے	وہ سب لڑیں گے	اللہ کے راستے میں	تو تم سب پڑھو	
مَا تَيَسَّرَ	مِنْهُ ۙ	وَ اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ اٰتُوا	الزَّكٰوةَ
جو آسان ہو	اس میں سے	اور تم سب قائم کرو	نماز	اور تم سب ادا کرو	زکوٰۃ

وَ اَقْرِضُوا	اللّٰهَ	قَرْضًا حَسَنًا ۭ	وَمَا	تُقَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ
اور تم سب قرض دو	اللہ کو	قرض حسنہ	اور جو	تم سب آگے بھیجو	اپنے نفسوں کے لیے

مِّنْ خَيْرٍ	تَجِدُوْهُ ③	عِنْدَ اللّٰهِ	هُوَ خَيْرًا	وَّ اَعْظَمَ ④
بھلائی (نیکی) سے	تم سب پاؤ گے اسے	اللہ کے ہاں	وہ بہت بہتر	اور بہت بڑا

اَجْرًا ۭ	وَاسْتَغْفِرُوا ⑤	اللّٰهَ ۭ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ ⑥	رَّحِيْمٌ ⑥ ع (20)
اجر (میں)	اور تم سب بخشش مانگو	اللہ سے	بے شک اللہ	بہت بخشنے والا	بہت رحم والا

ع 2 1 14

ضروری وضاحت

① علامت وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔② يَضْرِبُوْنَ کا اصل ترجمہ مارنا ہوتا ہے اگر اس کے بعد فِي الْاَرْضِ ہو تو اس کا ترجمہ سفر کرنا ہوتا ہے۔③ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ فعل کے شروع میں علامت اِسْتَ میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ فَعُوْلٌ اور فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

آیاتھا 56 | 74 سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ 04 | رکوعاتھا 02

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يٰۤاَيُّهَا الۡمُدَّثِّرُۙ ﴿1﴾	اے کپڑا اوڑھنے والے۔ ﴿1﴾
قُمۡ فَاَنۡذِرۡ ۙ ﴿2﴾	اٹھیے پس ڈرائیے (لوگوں کو)۔ ﴿2﴾
وَرَبَّكَ فَكَبِّرۡ ۙ ﴿3﴾	اور اپنے رب کی پس بڑائی بیان کیجئے۔ ﴿3﴾
وَثِيَابَكَ فَطَهِّرۡ ۙ ﴿4﴾	اور اپنے کپڑے پس پاک رکھیے۔ ﴿4﴾
وَالرُّجۡزَ فَاهۡجُرۡ ۙ ﴿5﴾	اور پلیدی کو پس چھوڑ دیجئے۔ ﴿5﴾
وَلَا تَمۡنُنۡ	اور نہ احسان کیجئے
تَسۡتَكۡثِرُ ۙ ﴿6﴾	(اس غرض سے کہ) زیادہ حاصل کریں۔ ﴿6﴾
وَلِرَبِّكَ فَاصۡبِرۡ ؕ ﴿7﴾	اور اپنے رب ہی کے لیے پس صبر کیجئے۔ ﴿7﴾
فَاِذَا نُقِرَ فِى النَّاقُوۡرِۙ ﴿8﴾	پس جب پھونکا جائے گا صور میں۔ ﴿8﴾
فَذٰلِكَ يَوۡمَئِذٍ يَّوۡمٌ عَسِيۡرٌۙ ﴿9﴾	تو وہ اس دن ایک سخت مشکل دن ہوگا۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُمۡ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔	تَسۡتَكۡثِرُ	: کثرت، اکثر، کثیر۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لِرَبِّكَ	: لہٰذا، الحمدللہ/ رب، ربوبیت، مربی۔
فَكَبِّرۡ	: کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	فَاصۡبِرۡ	: صبر، صابر، صبر جمیل۔
فَاهۡجُرۡ	: ہجرت، مہاجر۔	نُقِرَ	: نقارہ، نقار خانہ۔
فَطَهِّرۡ	: طاہر، طہارت، ازواج مطہرات۔	فِى	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	يَوۡمَئِذٍ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔

اٰیاتھا 56 — 74 سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ 04 — رُكُوْعَاتُهَا 02

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا	الْمُدَّثِّرُ ① ۙ (1)	قُمْ ②	فَاَنْذِرْ ③ ۙ (2)
اے	کپڑا اوڑھنے والے	آپ اُٹھیے	پس آپ ڈرائیے

وَ	رَبَّكَ	فَكَبِّرْ ③ ۙ (3)	وَ	ثِيَابَكَ	فَطَهِّرْ ۙ (4)
اور	اپنے رب کی	پس آپ بڑائی بیان کیجئے	اور	اپنے کپڑے	پس آپ پاک رکھیے

وَ	الرُّجْزَ	فَاهْجُرْ ۙ (5)	وَ	لَا	تَمْنُنْ
اور	پلیدی	پس آپ چھوڑ دیجئے	اور	نہ	آپ احسان کیجئے

تَسْتَكْثِرُ ④ ۙ (6)	وَ	لِرَبِّكَ	فَاصْبِرْ ③ ؕ (7)
آپ زیادہ حاصل کریں	اور	اپنے رب کے لیے	پس آپ صبر کیجئے

فَاِذَا	نُقِرَ ⑤	فِي النَّاقُوْرِ ۙ (8)
پس جب	پھونکا جائے گا	صور میں

فَذٰلِكَ	يَوْمَئِذٍ	يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ⑥ ۙ (9)
تو وہ	اس دن	ایک سخت مشکل دن

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔②قُمْ اصل میں اُقْوُمْ تھا گرامر کی رو سے واوٗ کی پیش ماقبل کو دیکر اسے اور شروع سے "ا" گراہوا ہے۔③فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہوتو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اور علامت تَ کے بعد اس کا الف گر جاتا ہے۔⑤فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ⑩	کافروں پر آسان نہیں (ہوگا)۔ ⑩
ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ⑪	چھوڑ دیجئے مجھے اور جسے میں نے پیدا کیا اکیلا۔ ⑪
وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ⑫	اور میں نے عطا کیا اس کو مال پھیلا ہوا۔ ⑫
وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ⑬	اور بیٹے حاضر رہنے والے (عطا کیے)۔ ⑬
وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ⑭	اور میں نے سامان تیار کیا اس کے لیے خوب تیار کرنا۔ ⑭
ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ⑮	پھر وہ طمع رکھتا ہے کہ میں زیادہ دوں (اسے)۔ ⑮
كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا	ہرگز نہیں، بیشک وہ ہے ہماری آیات سے
عَنِيْدًا ⑯ سَاُرْهِقُهٗ	بہت عناد رکھنے والا۔ ⑯ عنقریب میں چڑھاؤں گا اسے
صَعُوْدًا ⑰ اِنَّهٗ فَكَّرَ	ایک دشوار گزار گھاٹی پر۔ ⑰ بیشک اس نے غور وفکر کیا
وَقَدَّرَ ⑱ فَقُتِلَ	اور اندازہ لگایا (یعنی کیسی بات بنائی)۔ ⑱ پس وہ ہلاک کیا جائے
كَيْفَ قَدَّرَ ⑲	اس نے کیسے اندازہ لگایا (یعنی کیسی بات بنائی)۔ ⑲
ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ⑳	پھر وہ ہلاک کیا جائے اس نے کیسی بات بنائی۔ ⑳

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	شُهُوْدًا	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
الْكٰفِرِيْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	يَطْمَعُ	: طمع، مطمع نظر۔
يَسِيْرٍ	: میسّر۔	اَزِيْدَ	: زیادہ، مزید، زائد۔
خَلَقْتُ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	عَنِيْدًا	: بغض وعناد، معاندانہ رویہ۔
وَحِيْدًا	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	فَكَّرَ	: فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
مَالًا	: مال ودولت، مال وجان، مالی خسارہ۔	قَدَّرَ	: مقدر، تقدیر، مقدار، بقدرِ ضرورت۔
مَّمْدُوْدًا	: مدد، امداد، مدد ومعاون۔	فَقُتِلَ	: قتل، قاتل، مقتول۔
بَنِيْنَ	: ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔	كَيْفَ	: کیفیت، بہر کیف، کوائف۔

مَنۡ	وَ	ذَرۡنِیۡ ①	غَیۡرُ یَسِیۡرٍ ⑩	عَلَی الۡکٰفِرِیۡنَ
جسے	اور	آپ چھوڑ دیجئے مجھے	آسان نہیں	کافروں پر

مَالًا	لَہٗ	جَعَلۡتُ	وَّ	وَحِیۡدًا ⑪	خَلَقۡتُ
مال	اس کو	میں نے عطا کیا	اور	اکیلا	میں نے پیدا کیا

لَہٗ	مَهَّدۡتُّ	وَّ	شُهُوۡدًا ② ⑬	وَّبَنِیۡنَ	مَّمۡدُوۡدًا ⑫
اس کیلئے	میں نے سامان تیار کیا	اور	حاضر رہنے والے	اور بہت بیٹے	پھیلا ہوا

کَلَّا ؕ	اَزِیۡدَ ⑮	اَنۡ	یَطۡمَعُ	ثُمَّ	تَمۡهِیۡدًا ⑭
ہرگز نہیں	میں زیادہ دوں	کہ	وہ طمع رکھتا ہے	پھر	خوب تیار کرنا

سَاُرۡهِقُهٗ	عَنِیۡدًا ③ ⑯ ؕ	لِاٰیٰتِنَا	کَانَ	اِنَّهٗ
عنقریب میں چڑھاؤں گا اسے	بہت عناد رکھنے والا	ہماری آیات سے	ہے	بے شک وہ

فَقُتِلَ ⑤	وَقَدَّرَ ⑱	فَکَّرَ	اِنَّهٗ ④	صَعُوۡدًا ⑰ ؕ
پس وہ ہلاک کیا جائے	اور اندازہ لگایا	غور وفکر کیا	بیشک اس نے	ایک دشوار گزار گھاٹی پر

قَدَّرَ ⑥ ⑳	کَیۡفَ	قُتِلَ ⑤	ثُمَّ	قَدَّرَ ⑥ ⑲	کَیۡفَ
اس نے اندازہ لگایا	کیسا	وہ ہلاک کیا جائے	پھر	اس نے اندازہ لگایا	کیسا

ضروری وضاحت

① یؔ اگر فعل کے آخر میں ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔② شُهُوۡدًا شاہد کی جمع ہے جس کا ترجمہ حاضر ہے یہ خالد بن ولید کے والد ولید بن مغیرہ کے بارے میں ہے کہ ان کے سات بیٹے تھے جو ہر مجلس میں اس کے ساتھ موجود رہتے تھے۔③ فَعِیۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ ہٗ کا ترجمہ یہاں ضرورتاً اس نے کیا گیا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ کَیۡفَ قَدَّرَ کا مفہوم ہے کہ اس نے کیسی بات بنائی۔

ثُمَّ نَظَرَ ﴿21﴾	پھر اس نے دیکھا۔ ﴿21﴾
ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿22﴾	پھر اس نے تیوری چڑھائی اور برا منہ بنایا۔ ﴿22﴾
ثُمَّ اَدۡبَرَ وَاسۡتَكۡبَرَ ﴿23﴾ فَقَالَ	پھر اس نے پیٹھ پھیری اور تکبر کیا۔ ﴿23﴾ پھر اس نے کہا
اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ يُّؤۡثَرُ ﴿24﴾	نہیں ہے یہ مگر ایک جادو (جو) نقل کیا جاتا ہے۔ ﴿24﴾
اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا قَوۡلُ الۡبَشَرِ ﴿25﴾	نہیں ہے یہ مگر انسان کا کلام۔ ﴿25﴾
سَاُصۡلِيۡهِ سَقَرَ ﴿26﴾	عنقریب میں داخل کروں گا اسے سقر (جہنم) میں۔ ﴿26﴾
وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿27﴾	اور آپ کیا جانیں کیا ہے سقر (جہنم)۔ ﴿27﴾
لَا تُبۡقِىۡ وَلَا تَذَرُ ﴿28﴾	نہ (کچھ) باقی رکھتی ہے اور نہ (کچھ) چھوڑتی ہے۔ ﴿28﴾
لَوَّاحَةٌ لِّلۡبَشَرِ ﴿29﴾	جھلسا دینے والی ہے چمڑے کو۔ ﴿29﴾
عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَ ﴿30﴾	اس پر اُنیس (فرشتے مقرر) ہیں۔ ﴿30﴾
وَمَا جَعَلۡنَاۤ اَصۡحٰبَ النَّارِ	اور نہیں ہم نے بنائے جہنم کے محافظ
اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلۡنَا عِدَّتَهُمۡ	مگر فرشتے ہی، اور نہیں ہم نے بنائی انکی (یہ) تعداد

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَظَرَ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	سَاُصۡلِيۡهِ	وصل، وصول، واصل جہنم، وصال۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
اَدۡبَرَ	ادبار زمانہ، دُبر۔	تُبۡقِىۡ	باقی، بقایا، بقیہ۔
اسۡتَكۡبَرَ	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	عَلَيۡهَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَقَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَشَرَ	سبعہ عشرہ، عشر عشیر، عاشورہ محرم۔
اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	اَصۡحٰبَ	اصحاب کہف، اصحابِ صفہ، اصحاب بدر۔
سِحۡرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	مَلٰٓئِكَةً	ملک الموت، ملائکہ مقربین۔
الۡبَشَرِ	بشر، بشری تقاضا، نور و بشر۔	عِدَّتَهُمۡ	تعداد، عدت، مدت، ایام عدت۔

ثُمَّ	نَظَرَ ﴿21﴾	ثُمَّ	عَبَسَ	وَبَسَرَ ﴿22﴾	ثُمَّ	اَدْبَرَ
پھر	اس نے دیکھا	پھر	اس نے تیوری چڑھائی	اور برا منہ بنایا	پھر	اس نے پیٹھ پھیری

وَ	اسْتَكْبَرَ ﴿23﴾	فَقَالَ ①	اِنْ ②	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ ③
اور	اس نے تکبر کیا	پھر اس نے کہا	نہیں	یہ	مگر	ایک جادو

يُّؤْثَرُ ④ ﴿24﴾	اِنْ ②	هٰذَآ	اِلَّا	قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿25﴾
وہ نقل کیا جاتا ہے	نہیں	یہ	مگر	انسان کا کلام

سَاُصْلِيْهِ	سَقَرَ ﴿26﴾	وَ	مَآ اَدْرٰىكَ ⑤	مَا سَقَرُ ⑤ ﴿27﴾
عنقریب میں داخل کروں گا اسے	سقر (جہنم میں)	اور	آپ کیا جانیں	کیا سقر (جہنم)

لَا تُبْقِيْ ⑥	وَلَا	تَذَرُ ⑥ ﴿28﴾	لَوَّاحَةٌ ⑥	لِّلْبَشَرِ ⑦ ﴿29﴾
نہ (کچھ) باقی رکھتی ہے	اور نہ	(کچھ) چھوڑتی ہے	جھلسا دینے والی ہے	چمڑے کو

عَلَيْهَا	تِسْعَةَ عَشَرَ ⑥ ﴿30﴾	وَمَا ⑤	جَعَلْنَآ	اَصْحٰبَ النَّارِ
اس پر	انیس	اور نہیں	ہم نے بنائے	جہنم والے (محافظ)

اِلَّا	مَلٰٓئِكَةً ⑧	وَّمَا ⑤	جَعَلْنَا	عِدَّتَهُمْ
مگر	فرشتے	اور نہیں	ہم نے بنائی	ان کی تعداد

ضروری وضاحت

①فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔②اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔③اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔④اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔⑥ ت اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی ہوتا ہے۔⑧یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ	مگر آزمائش (کے لیے) ان لوگوں کی جنہوں نے
كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ	کفر کیا تاکہ یقین کرلیں وہ لوگ جو
أُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ	کتاب دیے گئے اور (تاکہ) زیادہ ہوجائیں
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا إِيْمَانًا	وہ لوگ جو ایمان لائے ایمان میں
وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ	اور (تاکہ) نہ شک کریں وہ لوگ جو کتاب دیے گئے
وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ	اور ایمان والے اور تاکہ کہیں وہ لوگ جو
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ	(کہ) ان کو دلوں میں بیماری ہے اور (جو) کافر (ہیں)
مَاذَآ أَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا	کیا ارادہ کیا ہے اللہ نے اس (تعداد) کے ساتھ
مَثَلًا ۗ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ	مثال دینے سے اسی طرح گمراہ کرتا ہے اللہ
مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۗ	جسے چاہتا ہے اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے
وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ	اور نہیں (کوئی) جانتا تیرے رب کے لشکروں کو
إِلَّا هُوَ ۗ وَمَا هِيَ	مگر وہی اور نہیں ہے وہ (قیامت یا جہنم)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

إِلَّا	: الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	مَّرَضٌ	: مرض، مریض، امراض۔
لِيَسْتَيْقِنَ	: یقین، یقین محکم، یقین کامل۔	أَرَادَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
يَزْدَادَ	: زیادہ، مزید، زائد۔	بِهٰذَا	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
اٰمَنُوْٓا	: ایمان، مؤمن، امن۔	كَذٰلِكَ	: کماحقہ، کالعدم۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	يُضِلُّ	: ضلالت وگمراہی۔
لِيَقُوْلَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَهْدِيْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قُلُوْبِهِمْ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	يَعْلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

اِلَّا فِتْنَةً ①	لِّلَّذِيْنَ ②	كَفَرُوْا ۙ	لِيَسْتَيْقِنَ ③	الَّذِيْنَ
مگر آزمائش	(ان لوگوں) کی جن	سب نے کفر کیا	تا کہ وہ یقین کرلیں	جو

اُوْتُوا ④	الْكِتٰبَ	وَيَزْدَادَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِيْمَانًا
سب دیے گئے	کتاب	اور وہ زیادہ ہوجائیں	جو	سب ایمان لائے	ایمان میں

وَّلَا	يَرْتَابَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا ④	الْكِتٰبَ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ ⑤ ۙ
اور نہ	وہ شک کریں	جو	سب دیے گئے	کتاب	اور ایمان لانے والے

وَلِيَقُوْلَ ③	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَّالْكٰفِرُوْنَ
اور تا کہ وہ کہیں	(وہ لوگ) جو	ان کے دلوں میں	بیماری	اور سب کافر

مَاذَآ	اَرَادَ اللّٰهُ ⑥	بِهٰذَا مَثَلًا ؕ	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ
کیا	ارادہ کیا اللہ نے	اس مثال کے ساتھ	اسی طرح	گمراہ کرتا ہے	اللہ

مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

وَمَا	يَعْلَمُ	جُنُوْدَ رَبِّكَ	اِلَّا هُوَ ؕ	وَمَا	هِيَ
اور نہیں	وہ جانتا	تیرے رب کے لشکروں کو	مگر وہی	اور نہیں	وہ

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی ہوتا ہے۔③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔④ اُوْتُوْا اصل میں اُوْتِيُوْا تھا گرامر کی رو سے ی کی پیش ماقبل کو دی گئی اور ی کو گرادیا گیا۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

ع 1 31 15

اِلَّا ذِكۡرٰى لِلۡبَشَرِ ﴿31﴾	مگر نصیحت انسان کے لیے۔ ﴿31﴾
كَلَّا وَالۡقَمَرِ ﴿32﴾	ہرگز نہیں قسم ہے چاند کی۔ ﴿32﴾
وَالَّيۡلِ اِذۡ اَدۡبَرَ ﴿33﴾	اور رات کی جب وہ پیٹھ پھیرے۔ ﴿33﴾
وَالصُّبۡحِ اِذَاۤ اَسۡفَرَ ﴿34﴾	اور صبح کی جب وہ روشن ہو جائے۔ ﴿34﴾
اِنَّهَا لَاِحۡدَى الۡكُبَرِ ﴿35﴾	بلاشبہ وہ (جہنم) یقیناً بڑی بلاؤں میں سے ایک ہے۔ ﴿35﴾
نَذِيۡرًا لِّلۡبَشَرِ ﴿36﴾	ڈرانے والی ہے انسانوں کو۔ ﴿36﴾
لِمَنۡ شَآءَ مِنۡكُمۡ	اس کے لیے جو تم میں سے چاہے
اَنۡ يَّتَقَدَّمَ اَوۡ يَتَاَخَّرَ ﴿37﴾	کہ آگے بڑھے یا پیچھے ہٹے۔ ﴿37﴾
كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا كَسَبَتۡ رَهِيۡنَةٌ ﴿38﴾	ہر شخص اسکے بدلے جو اس نے کمایا گروی ہے۔ ﴿38﴾
اِلَّاۤ اَصۡحٰبَ الۡيَمِيۡنِ ﴿39﴾	سوائے دائیں طرف والوں (نیک لوگوں) کے۔ ﴿39﴾
فِىۡ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوۡنَ ﴿40﴾	جنتوں میں وہ پوچھتے ہوں گے۔ ﴿40﴾
عَنِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿41﴾	گناہگاروں سے۔ ﴿41﴾

م 16

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذِكۡرٰى	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	يَّتَقَدَّمَ	مقدمہ الجیش، خیر مقدم، مقدم۔
الۡقَمَرِ	شمس وقمر، قمری مہینہ۔	يَتَاَخَّرَ	مؤخر، تاخیر، آخری۔
اَدۡبَرَ	ادبار زمانہ، دُبر۔	بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
لَاِحۡدَى	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	كَسَبَتۡ	کسب حلال، کسبی۔
الۡكُبَرِ	کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	رَهِيۡنَةٌ	رہن رکھنا، مرہون منت۔
لِّلۡبَشَرِ	بشر، بشریت، بشری تقاضا۔	الۡيَمِيۡنِ	یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
شَآءَ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	يَتَسَآءَلُوۡنَ	سوال، سائل، مسئول۔
مِنۡكُمۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الۡمُجۡرِمِيۡنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔

ع 1 31 15

اِلَّا	ذِكْرٰى	لِلْبَشَرِ ﴿31﴾	كَلَّا	وَ الْقَمَرِ ﴿32﴾
مگر	نصیحت	انسان کے لیے	ہرگز نہیں	قسم ہے چاند کی

وَ	الَّيْلِ	اِذْ	اَدْبَرَ ﴿33﴾	وَ	الصُّبْحِ	اِذَآ
اور	رات کی	جب	وہ پیٹھ پھیرے	اور	صبح کی	جب

اَسْفَرَ ﴿34﴾	اِنَّهَا	لَاِحْدَى	الْكُبَرِ ﴿35﴾	نَذِيْرًا
وہ روشن ہو جائے	بلاشبہ وہ (جہنم)	یقیناً ایک	بڑی بلاؤں (میں سے)	ڈرانے والی

لِّلْبَشَرِ ﴿36﴾	لِمَنْ	شَآءَ	مِنْكُمْ	اَنْ
انسانوں کو	(اس کے) لیے جو	چاہے	تم میں سے	کہ

يَّتَقَدَّمَ	اَوْ	يَتَاَخَّرَ ﴿37﴾	كُلُّ	نَفْسٍ
وہ آگے بڑھے	یا	وہ پیچھے ہٹے	ہر	شخص

بِمَا	كَسَبَتْ	رَهِيْنَةٌ ﴿38﴾	اِلَّآ	اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿39﴾
(اس کے) بدلے جو	اس نے کمایا	گروی	سوائے	دائیں طرف والوں کے

فِيْ جَنّٰتٍ	يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿40﴾	عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿41﴾
جنتوں میں	وہ سب ایک دوسرے سے پوچھتے ہونگے	گناہگاروں کے بارے میں

معۡ 14

ضروری وضاحت

① لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی ہوتا ہے۔ ② وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ③ علامت بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلے میں اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ④ تُ فعل کے آخر میں ۃ اور ات اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ فعل میں موجود علامت تَ اور الف میں کام کو باہمی کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑥ علامت عَنْ کا ترجمہ کبھی سے کبھی کے بارے میں اور کبھی سے متعلق کیا جاتا ہے۔

مَا سَلَكَكُمۡ فِيۡ سَقَرَ ﴿42﴾	کس چیز نے داخل کر دیا تمہیں سقر (جہنم) میں۔ ﴿42﴾
قَالُوۡا لَمۡ نَكُ مِنَ الۡمُصَلِّيۡنَ ﴿43﴾	وہ کہیں گے نہیں تھے ہم نماز ادا کرنے والوں میں سے۔ ﴿43﴾
وَلَمۡ نَكُ نُطۡعِمُ الۡمِسۡكِيۡنَ ﴿44﴾	اور نہیں تھے ہم کھانا کھلاتے مسکینوں کو۔ ﴿44﴾
وَكُنَّا نَخُوۡضُ	اور تھے ہم فضول بحث کرتے
مَعَ الۡخَآئِضِيۡنَ ﴿45﴾	بے ہودہ بحث کرنے والوں کے ساتھ۔ ﴿45﴾
وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿46﴾	اور تھے ہم جھٹلاتے روزِ جزا کو۔ ﴿46﴾
حَتّٰٓى اَتٰٮنَا الۡيَقِيۡنُ ﴿47﴾	یہاں تک کہ آ گئی ہمیں موت۔ ﴿47﴾
فَمَا تَنۡفَعُهُمۡ	پس نہیں نفع دے گی انہیں
شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيۡنَ ﴿48﴾ فَمَا لَهُمۡ	سفارش کرنے والوں کی سفارش۔ ﴿48﴾ تو کیا ہے ان کو
عَنِ التَّذۡكِرَةِ مُعۡرِضِيۡنَ ﴿49﴾	(کہ وہ اس) نصیحت سے منہ موڑنے والے ہیں۔ ﴿49﴾
كَاَنَّهُمۡ حُمُرٌ مُّسۡتَنۡفِرَةٌ ﴿50﴾	گویا کہ وہ گدھے ہیں بدکنے والے۔ ﴿50﴾
فَرَّتۡ مِنۡ قَسۡوَرَةٍ ﴿51﴾	(جو) بھاگیں شیر سے (ڈر کر)۔ ﴿51﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَلَكَكُمۡ	مسلک، سلوک فی الدین، مسالک۔	نُكَذِّبُ	کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
فِيۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الۡيَقِيۡنُ	یقین، یقینِ محکم، یقینِ کامل۔
قَالُوۡا	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	تَنۡفَعُهُمۡ	نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
مِنَ	من جانب، منجملہ، من حیث القوم۔	شَفَاعَةُ	شفاعت، شافعِ محشر، شفیع المذنبین۔
الۡمُصَلِّيۡنَ	صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔	التَّذۡكِرَةِ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
نُطۡعِمُ	طعامِ عام، قیام وطعام۔	مُعۡرِضِيۡنَ	اعراض کرنا۔
الۡمِسۡكِيۡنَ	مسکین، مساکین۔	مُّسۡتَنۡفِرَةٌ	نفرت، متنفر، منافرت۔
مَعَ	مع اہل وعیال، معیت۔	فَرَّتۡ	فرار، مفرور، مفرّ، راہِ فرار اختیار کرنا۔

مَا ①	سَلَكَكُمۡ	فِيۡ سَقَرَ ﴿42﴾	قَالُوۡا	لَمۡ نَكُ ②
کس (چیز) نے	داخل کر دیا تمھیں	سقر (جہنم) میں	وہ سب کہیں گے	نہیں تھے ہم

مِنَ الۡمُصَلِّيۡنَ ③ ﴿43﴾	وَ	لَمۡ نَكُ ②	نُطۡعِمُ	الۡمِسۡكِيۡنَ ﴿44﴾
نماز ادا کرنے والوں میں سے	اور	نہیں تھے ہم	ہم کھانا کھلاتے	مسکین (کو)

وَكُنَّا ④	نَخُوۡضُ	مَعَ الۡخَآئِضِيۡنَ ﴿45﴾	وَكُنَّا ④
اور تھے ہم	ہم فضول بحث کرتے	بے ہودہ بحث کرنے والوں کے ساتھ	اور تھے ہم

نُكَذِّبُ	بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ⑤ ﴿46﴾	حَتّٰۤى	اَتٰٮنَا	الۡيَقِيۡنُ ⑥ ﴿47﴾
ہم جھٹلاتے	روز جزا کو	یہاں تک کہ	آ گئی ہمیں	موت

فَمَا ①	تَنۡفَعُهُمۡ ⑦	شَفَاعَةُ ⑦	الشّٰفِعِيۡنَ ﴿48﴾
پس نہیں	نفع دے گی اُنہیں	سفارش	سفارش کرنے والوں

فَمَا ①	لَهُمۡ	عَنِ التَّذۡكِرَةِ ⑦	مُعۡرِضِيۡنَ ③ ﴿49﴾	كَاَنَّهُمۡ
تو کیا	ان کو	نصیحت سے	سب منہ موڑنے والے	گویا کہ وہ

حُمُرٌ	مُّسۡتَنۡفِرَةٌ ③⑦ ﴿50﴾	فَرَّتۡ ⑦	مِنۡ قَسۡوَرَةٍ ⑦ ﴿51﴾
گدھے	بدکنے والے	بھاگیں	شیر سے

ضروری وضاحت

①مَا کا ترجمہ کبھی کیا، کس کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔② یہ دراصل لَمۡ نَكُنۡ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نون گر گیا ہے۔③اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ كُنَّا دراصل كُنۡ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑥ موت کو یقین اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ اس کا آنا یقینی ہے۔⑦ ة اور ةً اور تۡ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

بَلۡ یُرِیۡدُ کُلُّ امۡرِیًٔ مِّنۡهُمۡ — بلکہ چاہتا ہے ہر شخص ان میں سے

اَنۡ یُّؤۡتٰی صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿52﴾ — کہ وہ دیا جائے کھلے ہوئے صحیفے۔ ﴿52﴾

کَلَّا ؕ بَلۡ لَّا یَخَافُوۡنَ الۡاٰخِرَةَ ﴿53﴾ — ہرگز نہیں بلکہ وہ نہیں ڈرتے آخرت سے۔ ﴿53﴾

کَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذۡکِرَةٌ ﴿54﴾ — ہرگز نہیں یقیناً یہ ایک یاددہانی ہے۔ ﴿54﴾

فَمَنۡ شَآءَ ذَکَرَهٗ ﴿55﴾ — تو جو چاہے یاد رکھے اسے۔ ﴿55﴾

وَمَا یَذۡکُرُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ — اور نہیں وہ یاد رکھ سکیں گے مگر یہ کہ اللہ چاہے

هُوَ اَهۡلُ التَّقۡوٰی — وہی اہل (لائق) ہے ڈرنے کے

وَاَهۡلُ الۡمَغۡفِرَةِ ﴿56﴾ — اور (وہی) اہل (لائق) ہے بخشنے کے۔ ﴿56﴾

ع 2/25/16 الثلثۃ

75 سُوۡرَةُ الۡقِیٰمَةِ مَکِّیَّةٌ 31

اٰیَاتُهَا 40 — رُکُوۡعَاتُهَا 02

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَاۤ اُقۡسِمُ بِیَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ ﴿1﴾ — نہیں، میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی۔ ﴿1﴾

وَلَاۤ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَةِ ﴿2﴾ — اور نہیں، میں قسم کھاتا ہوں بہت ملامت کرنیوالے نفس کی۔ ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَلۡ : بلکہ۔	شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
یُرِیۡدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	اَهۡلُ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلیت۔
مِّنۡهُمۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	التَّقۡوٰی : تقویٰ، متقی۔
صُحُفًا : صحیفہ، صحائف، مصحف۔	الۡمَغۡفِرَةِ : مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔
مُّنَشَّرَةً : ناشر، منشور، نشرواشاعت، نشریات۔	اُقۡسِمُ : قسم کھانا، قسمیں۔
یَخَافُوۡنَ : خوف، خائف، خوف وہراس۔	بِیَوۡمِ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
الۡاٰخِرَةَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔	بِالنَّفۡسِ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
تَذۡکِرَةٌ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	اللَّوَّامَةِ : ملامت۔

بَلْ	يُرِيْدُ	كُلُّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	اَنْ يُّؤْتٰى ①	صُحُفًا	مُّنَشَّرَةً ② لا (52)
بلکہ	وہ چاہتا ہے	ہر شخص	ان میں سے	کہ وہ دیا جائے	صحیفے	کھلے ہوئے

كَلَّا ط	بَلْ	لَا يَخَافُوْنَ ③	الْاٰخِرَةَ ② ط (53)	كَلَّآ	اِنَّهٗ
ہرگز نہیں	بلکہ	نہیں وہ سب ڈرتے	آخرت (سے)	ہرگز نہیں	یقیناً یہ

تَذْكِرَةٌ ④ ② ج (54)	فَمَنْ	شَآءَ	ذَكَرَهٗ ط (55)	وَمَا	يَذْكُرُوْنَ	اِلَّآ
ایک یاددہانی	تو جو	چاہے	یاد رکھے اسے	اور نہیں	وہ سب یاد رکھ سکیں گے	مگر

اَنْ	يَّشَآءَ	اللّٰهُ ط	هُوَ	اَهْلُ	التَّقْوٰى	وَ	اَهْلُ	الْمَغْفِرَةِ ② ع (56)
یہ کہ	وہ چاہے	اللہ	وہی	اہل	ڈرنے کے	اور	اہل	بخشنے کے

ع 2 25 16 الثلثة

اٰيَاتُهَا 40 — 75 سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ 31 — رُكُوْعَاتُهَا 02

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ ⑤	اُقْسِمُ	بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ⑥ ② لا (1)
نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	قیامت کے دن کی

وَ	لَآ	اُقْسِمُ ⑤	بِالنَّفْسِ ⑥	اللَّوَّامَةِ ② ط (2)
اور	نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	نفس کی	بہت ملامت کرنیوالے

ضروری وضاحت

①اگر یٗ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔②ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔④اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤بعض مفسرین نے اس "لَا" کو زائد قرار دیا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

اَيَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ	کیا گمان کرتا ہے انسان
اَلَّنۡ نَّجۡمَعَ عِظَامَهٗ ؕ ﴿3﴾	یہ کہ ہرگز نہیں ہم جمع کریں گے اس کی ہڈیاں۔ ﴿3﴾
بَلٰى قٰدِرِيۡنَ عَلٰٓى	ہاں کیوں نہیں (ہم تو) قدرت رکھنے والے ہیں (اس) پر
اَنۡ نُّسَوِّىَ بَنَانَهٗ ﴿4﴾	کہ ہم درست کردیں اس کے پور پور کو۔ ﴿4﴾
بَلۡ يُرِيۡدُ الۡاِنۡسَانُ لِيَفۡجُرَ	بلکہ چاہتا ہے انسان کہ وہ فسق وفجور کرتا رہے
اَمَامَهٗ ۚ ﴿5﴾	اپنے آگے (یعنی اپنے آئندہ دنوں میں)۔ ﴿5﴾
يَسۡـَٔلُ اَيَّانَ يَوۡمُ الۡقِيٰمَةِ ؕ ﴿6﴾	وہ پوچھتا ہے کہ کب ہوگا قیامت کا دن۔ ﴿6﴾
فَاِذَا بَرِقَ الۡبَصَرُ ۙ ﴿7﴾	پھر جب پتھرا جائے گی آنکھ۔ ﴿7﴾
وَخَسَفَ الۡقَمَرُ ۙ ﴿8﴾	اور بے نور ہو جائے گا چاند۔ ﴿8﴾
وَجُمِعَ الشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ ۙ ﴿9﴾	اور اکٹھے کردیے جائیں گے سورج اور چاند۔ ﴿9﴾
يَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ يَوۡمَئِذٍ اَيۡنَ الۡمَفَرُّ ۚ ﴿10﴾	کہے گا انسان اس دن کہاں بھاگنے کی جگہ۔ ﴿10﴾
كَلَّا لَا وَزَرَ ؕ ﴿11﴾	ہرگز نہیں کوئی نہیں پناہ کی جگہ۔ ﴿11﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَّجۡمَعَ	جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	يَوۡمُ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
قٰدِرِيۡنَ	قدرت، قادر، قدیر۔	بَرِقَ	برق، برق رفتار گھوڑا، برقی رو۔
عَلٰٓى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الۡبَصَرُ	بصر، بصارت، بصیرت۔
بَلۡ	بلکہ۔	جُمِعَ	جمع، جماعت، مجموعہ۔
يُرِيۡدُ	ارادہ، مرید، مراد۔	الشَّمۡسُ	شمس وقمر، نظامِ شمسی، شمسی توانائی۔
لِيَفۡجُرَ	فسق وفجور، فاسق فاجر۔	الۡقَمَرُ	شمس وقمر، قمری مہینہ۔
اَمَامَهٗ	امام، امامت، امامِ وقت۔	يَقُوۡلُ	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
يَسۡـَٔلُ	سوال، سائل، مسئول۔	الۡمَفَرُّ	فرار، مفرور، مفرّ، راہِ فرار اختیار کرنا۔

اَ	یَحۡسَبُ	الۡاِنۡسَانُ	اَلَّنۡ ①	نَّجۡمَعَ	عِظَامَهٗ ② ط ③
کیا	وہ گمان کرتا ہے	انسان	یہ کہ ہرگز نہیں	ہم جمع کریں گے	اس کی ہڈیاں

بَلٰی	قٰدِرِیۡنَ	عَلٰۤی اَنۡ	نُّسَوِّیَ	بَنَانَهٗ ② ④
ہاں کیوں نہیں	قدرت رکھنے والے ہیں	(اس) پر کہ	ہم درست کردیں	اس کے پور پور کو

بَلۡ	یُرِیۡدُ	الۡاِنۡسَانُ	لِیَفۡجُرَ	اَمَامَهٗ ② ج ⑤
بلکہ	وہ چاہتا ہے	انسان	کہ وہ فسق و فجور کرتا رہے	اپنے آگے

یَسۡـَٔلُ	اَیَّانَ	یَوۡمُ الۡقِیٰمَةِ ③ ط ⑥	فَاِذَا	بَرِقَ ④
وہ پوچھتا ہے	کب ہوگا	قیامت کا دن	پس جب	پتھرا جائے گی

الۡبَصَرُ لا ⑦	وَ	خَسَفَ ④	الۡقَمَرُ لا ⑧	وَ	جُمِعَ ④⑤
آنکھ	اور	بے نور ہو جائے گا	چاند	اور	اکٹھا کردیا جائے گا

الشَّمۡسُ	وَ	الۡقَمَرُ لا ⑨	یَقُوۡلُ	الۡاِنۡسَانُ
سورج	اور	چاند	وہ کہے گا	انسان

یَوۡمَئِذٍ	اَیۡنَ	الۡمَفَرُّ ج ⑩	كَلَّا	لَا وَزَرَ ⑥ ط ⑪
اس دن	کہاں	بھاگنے کی جگہ	ہرگز نہیں	کوئی نہیں پناہ کی جگہ

ضروری وضاحت

① اَلَّنۡ دراصل اَنۡ + لَنۡ کا مجموعہ ہے ایک نون حذف کیا گیا ہے۔② ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔③ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے اسی لیے بَرِقَ، خَسَفَ اور جُمِعَ کا ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمُسْتَقَرُّ ﴿12﴾	آپ کے رب ہی کی طرف ہوگا اس دن ٹھکانا۔ ﴿12﴾
يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ	خبر دی جائے گی انسان کو اس دن
بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ﴿13﴾	اسکی جو اس نے آگے بھیجا اور (جو) پیچھے چھوڑا۔ ﴿13﴾
بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ﴿14﴾	بلکہ انسان اپنے نفس پر خوب شاہد ہے۔ ﴿14﴾
وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿15﴾	اور اگر چہ وہ پیش کرے اپنی معذرتیں۔ ﴿15﴾
لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ	نہ حرکت دیں آپ اس (قرآن) سے اپنی زبان کو
لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿16﴾	تاکہ آپ جلدی (یاد) کرلیں اس کو۔ ﴿16﴾
اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿17﴾	بلاشبہ ہم پر ہے اسکا جمع کرنا اور (آپکا) اسکو پڑھنا۔ ﴿17﴾
فَاِذَا قَرَاْنٰهُ	تو جب ہم پڑھیں اسے
فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿18﴾	تو آپ پیروی کریں اس کے پڑھنے کی۔ ﴿18﴾
ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿19﴾	پھر بے شک ہم پر ہے اس کا واضح کرنا۔ ﴿19﴾
كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿20﴾	ہر گز نہیں بلکہ تم پسند کرتے ہو دنیا کو۔ ﴿20﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰى	: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔	بَصِيْرَةٌ	: بصر، بصارت، بصیرت۔
يَوْمَئِذٍ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔	اَلْقٰى	: القاء کرنا۔
الْمُسْتَقَرُّ	: مستقر، قرار گاہ۔	مَعَاذِيْرَهٗ	: معذرت۔
يُنَبَّؤُا	: نبی، نبوت، انبیاء۔	تُحَرِّكْ	: حرکت، متحرک، تحریک۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	لِتَعْجَلَ	: عجلت، مہر معجّل۔
قَدَّمَ	: مقدم، مقدمہ الجیش، خیر مقدم۔	جَمْعَهٗ	: جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اَخَّرَ	: موخر، تاخیر، آخری۔	فَاتَّبِعْ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تُحِبُّوْنَ	: حبّ رسول، حبیب، محب، محبت۔

اِلٰى رَبِّكَ ①	يَوْمَىٕذِ	الْمُسْتَقَرُّ (12)	يُنَبَّؤُا ②	الْاِنْسَانُ
آپ کے رب کی طرف	اس دن	ٹھکانا	وہ خبر دیا جائے گا	انسان

يَوْمَىٕذٍۢ	بِمَا ③	قَدَّمَ	وَ اَخَّرَ (13)	بَلِ	الْاِنْسَانُ
اس دن	(اس) کی جو	اس نے آگے بھیجا	اور (جو) پیچھے چھوڑا	بلکہ	انسان

عَلٰى نَفْسِهٖ	بَصِيْرَةٌ ④ (14)	وَّلَوْ	اَلْقٰى	مَعَاذِيْرَهٗ (15)
اپنے نفس پر	خوب شاہد	اور اگرچہ	وہ پیش کرے	اپنی معذرتیں

لَا تُحَرِّكْ ⑤	بِهٖ ③	لِسَانَكَ ①	لِتَعْجَلَ	بِهٖ (16)
نہ حرکت دیں آپ	اس سے	اپنی زبان کو	تاکہ آپ جلدی (یاد) کرلیں	اس کو

اِنَّ	عَلَيْنَا	جَمْعَهٗ ⑥	وَقُرْاٰنَهٗ ⑥ (17)	فَاِذَا	قَرَاْنٰهُ
بلاشبہ	ہم پر	اسکا جمع کرنا	اور اسکا پڑھنا	تو جب	ہم پڑھیں اسے

فَاتَّبِعْ	قُرْاٰنَهٗ (18)	ثُمَّ	اِنَّ	عَلَيْنَا	بَيَانَهٗ (19)
تو آپ پیروی کریں	اس کے پڑھنے کی	پھر	بے شک	ہم پر	اس کا واضح کرنا

كَلَّا	بَلْ	تُحِبُّوْنَ	الْعَاجِلَةَ ③ (20)
ہرگز نہیں	بلکہ	تم سب پسند کرتے ہو	جلد ملنے والی (دنیا کو)

ضروری وضاحت

①كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔②علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب بوجہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔④ ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں واحد کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑥یعنی اس کا جمع کرنا آپ کے سینے میں اور اسکا پڑھنا آپ کی زبان سے یہ ہمارے ذمے ہے۔

وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿21﴾	اور تم چھوڑ دیتے ہو آخرت کو۔ ﴿21﴾
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿22﴾	کئی چہرے اس دن تروتازہ ہونگے۔ ﴿22﴾
اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿23﴾	اپنے رب کی طرف دیکھنے والے ہونگے۔ ﴿23﴾
وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿24﴾	اور کئی چہرے اس دن بے رونق ہونگے۔ ﴿24﴾
تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا	خیال کریں گے کہ کی جائے گی ان سے (سختی)
فَاقِرَةٌ ﴿25﴾	کمر توڑنے والی۔ ﴿25﴾
كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿26﴾	ہرگز نہیں جب پہنچ جائے گی (جان) ہنسلی تک۔ ﴿26﴾
وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿27﴾	اور کہا جائے گا کون دم کرنے والا ہے۔ ﴿27﴾
وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿28﴾	اور وہ یقین کرے گا کہ بیشک یہ (وقتِ) جدائی ہے۔ ﴿28﴾
وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿29﴾	اور لپٹ جائے گی پنڈلی پنڈلی کے ساتھ۔ ﴿29﴾
اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمَسَاقُ ﴿30﴾	اپنے رب ہی کی طرف اس دن (تجھے) چلنا ہے۔ ﴿30﴾ ع 1/30/17
فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿31﴾	تو نہ اس نے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی۔ ﴿31﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاٰخِرَةَ	آخرت، یوم آخرت۔	بِهَا	بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔
وُجُوْهٌ	وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔	بَلَغَتِ	بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
يَّوْمَئِذٍ	یوم، ایام، یوم آخرت۔	قِيْلَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
بَاسِرَةٌ	منہ بسورنا۔	الْفِرَاقُ	فرق، تفریق، فراق۔
اِلٰى	مرسل الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔	الْتَفَّتِ	لف ہذا ہے، ملفوف، لفافہ۔
نَاظِرَةٌ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	فَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَظُنُّ	سوءظن، بدظن، ظن غالب۔	صَدَّقَ	صداقت، صدق، صادق وامین، تصدیق۔
يُّفْعَلَ	فعل، فاعل، مفعول۔	صَلّٰى	صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔

وَ	تَذَرُوْنَ	الْاٰخِرَةَ ① ط (21)	وُجُوْهٌ	يَّوْمَىِٕذٍ	نَّاضِرَةٌ ① لا (22)
اور	تم سب چھوڑ دیتے ہو	آخرت	(کئی) چہرے	اس دن	تروتازہ

اِلٰى رَبِّهَا	نَاظِرَةٌ ① ج (23)	وَ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَىِٕذٍ م
اپنے رب کی طرف	دیکھنے والے	اور	(کئی) چہرے	اس دن

بَاسِرَةٌ ① لا (24)	تَظُنُّ ①	اَنْ يُّفْعَلَ ②	بِهَا ③	فَاقِرَةٌ ① ط (25)
بے رونق	خیال کریں گے	کہ کی جائے گی	ان سے	کمر توڑنے والی (سختی)

كَلَّآ	اِذَا	بَلَغَتِ ① ④	التَّرَاقِيَ لا (26)	وَ	قِيْلَ
ہرگز نہیں	جب	پہنچ جائے گی	ہنسلی (تک)	اور	کہا جائے گا

الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ﴿3﴾	جس (بارے) میں وہ اختلاف کرنیوالے ہیں۔ ﴿3﴾
كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾	ہرگز نہیں عن قریب وہ جان لیں گے۔ ﴿4﴾
ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿5﴾	پھر ہرگز نہیں عن قریب وہ جان لیں گے۔ ﴿5﴾
اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ﴿6﴾	کیا نہیں ہم نے بنایا زمین کو بچھونا؟ ﴿6﴾
وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿7﴾	اور پہاڑوں کو میخیں؟ ﴿7﴾
وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ﴿8﴾	اور ہم نے پیدا کیا تمہیں جوڑا جوڑا۔ ﴿8﴾
وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ﴿9﴾	اور ہم نے بنایا تمہاری نیند کو آرام (کا باعث)۔ ﴿9﴾
وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ﴿10﴾	اور ہم نے بنایا رات کو لباس (پردہ)۔ ﴿10﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَسَآءَلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
النَّبَاِ : نبی، انبیاء، نبوت۔
الْعَظِيْمِ : عظیم، اعظم، تعظیم، معظم۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی البدیہہ
مُخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف، مخالفت۔
سَيَعْلَمُوْنَ : علم، تعلیم، معلم، معلوم۔
الْاَرْضَ : کرہ ارض، ارض وسماء، قطعہ اراضی۔
الْجِبَالَ : جبل رحمت، جبل احد۔
خَلَقْنٰكُمْ : خالق، مخلوق، تخلیق کائنات۔
اَزْوَاجًا : زوجہ، ازواجِ مطہرات۔
وَ : شمس وقمر، شام وسحر، شان وشوکت۔
الَّيْلَ : لیل ونہار، لیلۃُ القدر۔
لِبَاسًا : لباس، ملبوس، ملبوسات

رُكُوْعَاتُهَا 2	78 سُوْرَةُ النَّبَا مَكِّيَّةٌ 80	اٰيَاتُهَا 40

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَمَّ ①	يَتَسَآءَلُوْنَ ② ﴿1﴾	عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ﴿2﴾
کس چیز کے بارے میں	وہ سب آپس میں سوال کررہے ہیں	عظیم خبر کے بارے میں

الَّذِیْ	هُمْ	فِیْهِ	مُخْتَلِفُوْنَ ③ ﴿3﴾	كَلَّا
جو	وہ	اس میں	سب اختلاف کرنیوالے	ہرگزنہیں

سَيَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾	ثُمَّ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ ﴿5﴾
عن قریب وہ سب جان لیں گے	پھر	ہرگزنہیں	عن قریب وہ سب جان لیں گے

اَلَمْ	نَجْعَلِ	الْاَرْضَ ④	مِهٰدًا ﴿6﴾	وَّ	الْجِبَالَ
کیانہیں	ہم نے بنایا	زمین (کو)	بچھونا؟	اور	پہاڑوں (کو)

اَوْتَادًا ﴿7﴾	وَّ	خَلَقْنٰكُمْ ⑤⑥	اَزْوَاجًا ﴿8﴾	وَّ	جَعَلْنَا ⑤
میخیں؟	اور	ہم نے پیدا کیا تمہیں	جوڑا جوڑا	اور	ہم نے بنایا

نَوْمَكُمْ ④⑥	سُبَاتًا ﴿9﴾	وَّ	جَعَلْنَا ⑤	الَّيْلَ ④	لِبَاسًا ﴿10﴾
تمہاری نیند (کو)	آرام	اور	ہم نے بنایا	رات (کو)	لباس

ضروری وضاحت

① عَمَّ دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے مَا کا "ا" کبھی تخفیف کے لیے گر جاتا ہے۔② علامت "ت" اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑥ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔

وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝11	اور ہم نے بنایا دن کو وقتِ معاش۔ ۝11
وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ	اور ہم نے بنائے تمہارے اُوپر
سَبْعًا شِدَادًا ۝12	سات مضبوط (آسمان)۔ ۝12
وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝13	اور ہم نے بنایا ایک بہت روشن چراغ۔ ۝13
وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ	اور ہم نے اتارا بدلیوں سے
مَآءً ثَجَّاجًا ۝14	خوب برسنے والا پانی۔ ۝14
لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝15	تا کہ ہم نکالیں اسکے ذریعے غلّہ اور پودے۔ ۝15
وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝16	اور گھنے باغات۔ ۝16
اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝17	بے شک فیصلے کا دن ایک مقرر وقت ہے۔ ۝17
يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ	جس دن پھونکا جائے گا صور میں
فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝18	تو تم چلے آؤ گے فوج در فوج۔ ۝18
وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ	اور کھولا جائے گا آسمان

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النَّهَارَ	: لیل ونہار، نہار منہ۔
مَعَاشًا	: معاش، معاشیات، طلبِ معاش۔
بَنَيْنَا	: بنایا، بناؤ، بنانا۔
سَبْعًا	: قرأت سبعہ عشرہ، اُسبوعی اجلاس۔
شِدَادًا	: شدید، شدت، اشد۔
مَآءً	: ماءالحیات، ماءاللحم۔
حَبًّا	: حَبِّ کبد نوشادری۔
نَبَاتًا	: نباتات۔
اَلْفَافًا	: لفافہ، ملفوف، لف ہٰذا۔
الْفَصْلِ	: فیصلہ، فیصل تسلیم کرنا۔
مِيْقَاتًا	: وقت، اوقات، میقات۔
يُنْفَخُ	: نفخہ اولیٰ، نفّاخ، نفخ۔
الصُّوْرِ	: صور پھونکنا۔
فُتِحَتِ	: فتح، فاتح، افتتاح۔

وَّ	جَعَلْنَا	النَّهَارَ ①	مَعَاشًا ⑪ صلے	وَّ	بَنَيْنَا
اور	ہم نے بنایا	دن کو	وقتِ معاش	اور	ہم نے بنائے

فَوْقَكُمْ	سَبْعًا	شِدَادًا ⑫ لا	وَّ	جَعَلْنَا
تمہارے اوپر	سات	مضبوط (آسمان)	اور	ہم نے بنایا

سِرَاجًا ①②	وَّهَّاجًا ⑬ صلے	وَّ	اَنْزَلْنَا	مِنَ الْمُعْصِرٰتِ ③
ایک چراغ	بہت روشن	اور	ہم نے اُتارا	بدلیوں سے

مَآءً	ثَجَّاجًا ⑭ لا	لِّنُخْرِجَ	بِهٖ	حَبًّا	وَّ
پانی	خوب برسنے والا	تاکہ ہم نکالیں	اُس کے ذریعے	غلّہ	اور

نَبَاتًا ⑮ لا	وَّ	جَنّٰتٍ ③	اَلْفَافًا ⑯ ط	اِنَّ	يَوْمَ الْفَصْلِ
پودے	اور	باغات	گھنے	بے شک	فیصلے کا دن

كَانَ	مِيْقَاتًا ⑰ لا	يَّوْمَ	يُنْفَخُ ④	فِي الصُّوْرِ
ہے	مقرّر وقت	جس دن	وہ پھونکا جائے گا	صور میں

فَتَاْتُوْنَ	اَفْوَاجًا ⑱ لا	وَّ	فُتِحَتِ ③⑤⑥	السَّمَآءُ
توتم سب چلے آؤ گے	فوج درفوج	اور	کھولا جائے گا	آسمان

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔② اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔③ ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً جائے گا کیا گیا ہے۔⑥ علامت تْ کو اگلے لفظ سے ملانے کیلئے اسے زیر دیتے ہیں۔

فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿19﴾	تو وہ ہوجائے گا دروازے دروازے۔ ﴿19﴾
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ	اور چلائے جائیں گے پہاڑ
فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿20﴾	تو وہ ہوجائیں گے سراب (کی طرح)۔ ﴿20﴾
اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿21﴾	بے شک جہنم ہے گھات کی جگہ۔ ﴿21﴾
لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿22﴾	(جو) سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے۔ ﴿22﴾
لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿23﴾	ٹھہرنے والے ہیں اس میں مدّتوں۔ ﴿23﴾
لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا	نہیں مزہ چکھیں گے اس میں ٹھنڈک کا
وَّلَا شَرَابًا ﴿24﴾	اور نہ کسی مشروب کا۔ ﴿24﴾
اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿25﴾	سوائے کھولتے پانی اور بہتی پیپ کے۔ ﴿25﴾
جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿26﴾	بدلہ ہے پورا پورا۔ ﴿26﴾
اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿27﴾	بے شک وہ نہیں امید رکھتے تھے کسی حساب کی۔ ﴿27﴾
وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿28﴾	اور انھوں نے جھٹلا دیا ہماری آیات کو بالکل جھٹلا دینا۔ ﴿28﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَبْوَابًا	: بابِ جنت، بابِ خیبر، ابوابِ خیر۔	شَرَابًا	: مشروب، شربت۔
اَلْجِبَالُ	: جبلِ رحمت، جبلِ احد۔	اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
سُيِّرَتِ	: سیر و تفریح، سیّارہ۔	جَزَآءً	: جزا و سزا، جزائے خیر، بہتر جزا۔
سَرَابًا	: سراب۔	لَا	: لاتعداد، لاجواب، لامحدود، لاعلاج۔
لِّلطَّاغِيْنَ	: طغیانی، طاغوتی طاقتیں۔	وِفَاقًا	: وفاق، توفیق، موافق، وفاقی حکومت۔
فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَرْجُوْنَ	: اُمید و رجا، بیم و رجا۔
يَذُوْقُوْنَ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	كَذَّبُوْا	: کاذب، کذّاب، کِذب بیانی۔

فَكَانَتْ ①	اَبْوَابًا ۙ 19	وَّ	سُيِّرَتِ ①	الْجِبَالُ
تو وہ ہو جائے گا	دروازے دروازے	اور	چلائے جائیں گے	پہاڑ

فَكَانَتْ ①	سَرَابًا ؕ 20	اِنَّ	جَهَنَّمَ	كَانَتْ ①	مِرْصَادًا ۙ 21
تو وہ ہو جائیں گے	سراب	بے شک	جہنم	ہے	گھات کی جگہ

لِّلطّٰغِيْنَ	مَاٰبًا ۙ 22	لّٰبِثِيْنَ ②	فِيْهَآ	اَحْقَابًا ۚ 23
سرکشوں کے لیے	ٹھکانا	سب ٹھہرنے والے	اُس میں	مدّتوں

لَا	يَذُوْقُوْنَ ③	فِيْهَا	بَرْدًا ④⑤	وَّ	لَا
نہیں	وہ سب چکھیں گے	اُس میں	کوئی ٹھنڈک	اور	نہ

شَرَابًا ④⑤ ۙ 24	اِلَّا	حَمِيْمًا	وَّ	غَسَّاقًا ۙ 25
کوئی مشروب	سوائے	کھولتے پانی	اور	بہتی پیپ

جَزَآءً	وِّفَاقًا ؕ 26	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	لَا يَرْجُوْنَ ③
بدلہ	پورا پورا	بے شک وہ	تھے سب	نہیں وہ سب اُمید رکھتے

حِسَابًا ④⑤ ۙ 27	وَّ	كَذَّبُوْا ⑥	بِاٰيٰتِنَا	كِذَّابًا ⑥ ؕ 28
کسی حساب (کی)	اور	اُن سب نے جھٹلا دیا	ہماری آیات کو	بالکل جھٹلا دینا

ضروری وضاحت

① تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اُسے زیر دیتے ہیں۔② لّٰبِثِيْنَ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے جیسے کَاتِبِيْنَ، ظَالِمِيْنَ، کَافِرِيْنَ وغیرہ۔③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔⑥ فعل کے درمیان شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿29﴾	اور ہر چیز کو ہم نے گھیر رکھا ہے اُسے لکھ کر۔ ﴿29﴾
فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ	تو چکھو پس ہر گز نہیں ہم زیادہ کریں گے تمہیں
اِلَّا عَذَابًا ﴿30﴾	مگر عذاب میں۔ ﴿30﴾
اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿31﴾	بے شک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے۔ ﴿31﴾
حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿32﴾	باغات اور انگور ہیں۔ ﴿32﴾
وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿33﴾	اور دوشیزائیں ہیں ہم عمر۔ ﴿33﴾
وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿34﴾	اور جام ہیں بھرے (چھلکتے) ہوئے۔ ﴿34﴾
لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا	نہیں وہ سنیں گے اس میں کوئی بے ہودہ بات
وَّلَا كِذّٰبًا ﴿35﴾	اور نہ جھوٹ (خرافات)۔ ﴿35﴾
جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ	صلہ ہے آپ کے رب کی طرف سے
عَطَآءً حِسَابًا ﴿36﴾	(ایسا) عطیہ (جو) حساب سے ہوگا۔ ﴿36﴾
رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا	(جو) رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو

ع 1/30/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كِتٰبًا	کتاب الٰہی، آسمانی کتاب۔	يَسْمَعُوْنَ	سمع وبصر، آلۂ سماعت۔
فَذُوْقُوْا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	لَغْوًا	لغو باتیں، لغویات۔
نَّزِيْدَكُمْ	زیادہ، زائد، مزید۔	كِذّٰبًا	کاذب، کذّاب، کِذب بیانی۔
عَذَابًا	عذابِ الٰہی، دردناک عذاب۔	جَزَآءً	جزاء وسزا، جزائے خیر۔
لِلْمُتَّقِيْنَ	متقی پرہیزگار، تقویٰ۔	مِّنْ	منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
مَفَازًا	فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔	عَطَآءً	عطیہ، عطیات۔
كَاْسًا	کاسۂ گدائی۔	حِسَابًا	حساب، یوم حساب، حساب وکتاب۔

وَ	كُلَّ شَیْءٍ	اَحْصَیْنٰهُ ①	كِتٰبًا ﴿29﴾	فَذُوْقُوْا
اور	ہر چیز	ہم نے گھیر رکھا ہے اُسے	لکھ کر	تو تم سب چکھو

فَلَنْ ②	نَّزِیْدَكُمْ ③	اِلَّا	عَذَابًا ﴿30﴾	اِنَّ
پس ہرگز نہیں	ہم زیادہ کریں گے تمہیں	مگر	عذاب (میں)	بے شک

ع 1 30 1

لِلْمُتَّقِیْنَ	مَفَازًا ﴿31﴾	حَدَآئِقَ	وَ	اَعْنَابًا ﴿32﴾
پرہیزگاروں کے لیے	کامیابی	باغات	اور	انگور

وَّ	كَوَاعِبَ	اَتْرَابًا ﴿33﴾	وَّ	كَاْسًا	دِهَاقًا ﴿34﴾
اور	دوشیزائیں	ہم عمر	اور	جام	بھرے ہوئے

لَا	یَسْمَعُوْنَ ④	فِیْهَا	لَغْوًا ⑤	وَّ	لَا
نہیں	وہ سب سنیں گے	اُس میں	کوئی بے ہودہ بات	اور	نہ

كِذّٰبًا ﴿35﴾	جَزَآءً	مِّنْ رَّبِّكَ	عَطَآءً	حِسَابًا ⑥ ﴿36﴾
جھوٹ	صلہ	تیرے رب سے	عطیہ	حساب سے

رَّبِّ	السَّمٰوٰتِ ⑦	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا
رب	آسمانوں	اور	زمین	اور	جو

ضروری وضاحت

① ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔ ② فعل سے پہلے علامت لَنْ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ حِسَابًا کا ایک ترجمہ کافی ہوگا بھی کیا جاتا ہے۔ ⑦ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ	ان دونوں کے درمیان ہے، بہت رحم کرنے والا ہے
لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿37﴾	نہیں وہ اختیار رکھیں گے اس سے بات کرنے کا۔ ﴿37﴾
يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ	اس دن کھڑے ہوں گے روح
وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙۖ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ	اور سب فرشتے صف بنا کر وہ بات نہیں کر سکیں گے
اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ	مگر (وہی) جس کو اجازت دے گا رحمان
وَقَالَ صَوَابًا ﴿38﴾	اور وہ کہے درست بات۔ ﴿38﴾
ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ	(یہ) وہی دن ہے (جو) حق ہے
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿39﴾	پس جو چاہے بنالے اپنے رب کی طرف ٹھکانا۔ ﴿39﴾
اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚۖ ۵	بے شک ہم نے ڈرایا ہے تمہیں قریبی عذاب سے
يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا	اُس دن دیکھ لے گا ہر شخص (اُسے) جو
قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ	آگے بھیجا ہوگا اسکے ہاتھوں نے اور کہے گا کافر
يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿40﴾ ع 2/10/2	اے کاش میں ہوتا مٹی۔ ﴿40﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَمْلِكُوْنَ	: مالک، ملکیت، املاک۔	تُرَابًا	: تربت، تراب (مٹی)۔
خِطَابًا	: خطبہ، خطاب، خطیب، مخاطب۔	الْحَقُّ	: حق، حقیقت، حق بات، حقیقی۔
يَقُوْمُ	: قائم، قیام، قیام پاکستان، قائم مقام۔	قَرِيْبًا	: قریب، قرب، قرابت، مقرب۔
الرُّوْحُ	: روح، روحانیت، روح الامین۔	يَنْظُرُ	: نظر، نظارہ، منظر۔
صَوَابًا	: صائب الرائے، واللہ اعلم بالصواب۔	مَا	: ماتحت، ماحول، ماورائے عدالت۔
اتَّخَذَ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	قَدَّمَتْ	: مقدّم، مقدَّمہ، اقدام، قدم۔
اِلٰى	: مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔	الْكٰفِرُ	: کفر، کافر، کفار، تکفیر۔

بَيْنَهُمَا	الرَّحْمٰنِ	لَا	يَمْلِكُوْنَ ①	مِنْهُ	خِطَابًا ج (37)
ان دونوں کے درمیان	بہت رحم کرنیوالا	نہیں	وہ سب اختیار رکھیں گے	اُس سے	بات کرنا

يَوْمَ	يَقُوْمُ ②	الرُّوْحُ ③	وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	صَفًّا ط لا
اُس دن	کھڑے ہوں گے	روح	اور	سب فرشتے	صف بنا کر

لَّا	يَتَكَلَّمُوْنَ ①	اِلَّا	مَنْ	اَذِنَ	لَهُ	الرَّحْمٰنُ
نہیں	وہ سب بات کرسکیں گے	مگر	جسے	اجازت دے	اُس کو	رحمان

وَ	قَالَ	صَوَابًا (38)	ذٰلِكَ ④	الْيَوْمُ	الْحَقُّ ج	فَمَنْ
اور	وہ کہے	درست بات	یہی وہ	دن	حق	پس جو

شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ ⑤	مَاٰبًا (39)	اِنَّآ	اَنْذَرْنٰكُمْ
چاہے	وہ بنالے	اپنے رب کی طرف	ٹھکانا	بے شک ہم نے	ہم نے ڈرایا ہے تمہیں

عَذَابًا قَرِيْبًا ج صلے	يَّوْمَ	يَنْظُرُ ②	الْمَرْءُ	مَا	قَدَّمَتْ ⑥
قریبی عذاب	اُس دن	دیکھ لے گا	ہر شخص	جو	آگے بھیجا

ع 2 10 2

يَدٰهُ ⑤	وَ	يَقُوْلُ ②	الْكٰفِرُ	يٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	تُرٰبًا ع (40)
اُسکے ہاتھوں نے	اور	کہے گا	کافر	اے کاش میں	میں ہوتا	مٹی

ضروری وضاحت

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ② یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ روح سے مراد بعض مفسرین کے نزدیک اولادِ آدم ہے اور بعض مفسرین کے نزدیک جنابِ جبریل علیہ السلام ہیں۔ ④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑤ ہٖ یا ہٗ اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑥ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اٰيَاتُهَا 46 | 79 سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ 81 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَ النّٰزِعٰتِ	قسم ہے (جان کو) کھینچ لینے والے (فرشتوں کی)
غَرۡقًا ۙ﴿1﴾	ڈوب کر۔ ﴿1﴾
وَّ النّٰشِطٰتِ	اور (جو) گرہ کھول دینے والے ہیں
نَشۡطًا ۙ﴿2﴾	کھولنا (آسانی اور نرمی سے)۔ ﴿2﴾
وَّ السّٰبِحٰتِ سَبۡحًا ۙ﴿3﴾	اور (جو) تیرنے والے ہیں تیزی سے تیرنا۔ ﴿3﴾
فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا ۙ﴿4﴾	پس (جو) سبقت لینے والے ہیں دوڑ کر۔ ﴿4﴾
فَالۡمُدَبِّرٰتِ اَمۡرًا ۘ﴿5﴾	پھر (جو) تدبیر کرنے والے ہیں کسی کام کی۔ ﴿5﴾
يَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَةُ ۙ﴿6﴾	جس دن کانپے گی کانپنے والی (یعنی زمین)۔ ﴿6﴾
تَتۡبَعُهَا الرَّادِفَةُ ؕ﴿7﴾	پیچھے آئے گی اسکے پیچھے آنے والی (یعنی ایک اور زلزلہ آئے گا)۔ ﴿7﴾
قُلُوۡبٌ يَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ﴿8﴾	کئی دل اس دن دھڑکنے والے ہوں گے۔ ﴿8﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النّٰزِعٰتِ	حالتِ نزع۔	اَمۡرًا	: امر، امور، امور خانہ، مامور، آمر۔
غَرۡقًا	: غرق، غرقاب۔	يَوۡمَ	: یوم آزادی، ایّام، یوم اقبال۔
وَّ	: صبح وشام، شان وشوکت، لیل ونہار۔	تَتۡبَعُهَا	: اِتّباع، اتّباعِ سنت، تابع فرماں۔
فَالسّٰبِقٰتِ	: سبقت، مسابقہ۔	الرَّادِفَةُ	: ردیف، مترادفات۔
فَالۡمُدَبِّرٰتِ	: تدبیر، تدبُّر، مدبِّر۔	قُلُوۡبٌ	: قلب، قلبی تعلق، امراضِ قلب۔

اٰیَاتُھَا 46 | 79 سُوْرَۃُ النّٰزِعٰتِ مَکِّیَّۃٌ 81 | رُکُوْعَاتُھَا 2

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ ①	النّٰزِعٰتِ ②③	غَرۡقًا ۙ﴿1﴾	وَّ
قسم ہے	کھینچ لینے والے	ڈوب کر	اور

النّٰشِطٰتِ ②③	نَشۡطًا ④ ۙ﴿2﴾	وَّ	السّٰبِحٰتِ ②③
گرہ کھول دینے والے	کھولنا	اور	تیرنے والے

سَبۡحًا ④ ۙ﴿3﴾	فَالسّٰبِقٰتِ ③	سَبۡقًا ④ ۙ﴿4﴾
تیرنا	پس سبقت لینے والے	دوڑ کر

فَالۡمُدَبِّرٰتِ ⑤②	اَمۡرًا ⑥ ۘ﴿5﴾	یَوۡمَ
پھر تدبیر کرنے والے	کسی کام کی	جس دن

تَرۡجُفُ ⑦	الرَّاجِفَۃُ ②③ ۙ﴿6﴾	تَتۡبَعُھَا ⑦
کانپے گی	کانپنے والی	پیچھے آئے گی اُس کے

الرَّادِفَۃُ ②③ ؕ﴿7﴾	قُلُوۡبٌ ⑥	یَّوۡمَئِذٍ	وَّاجِفَۃٌ ②③ ۙ﴿8﴾
پیچھے آنے والی	کچھ دِل	اُس دن	دھڑکنے والے

وقف لازم

ضروری وضاحت

①شروع میں وَ ہو اور اس کے بعد والے اسم کے آخر میں زیر ہو تو اس میں قسم کا مفہوم ہوتا ہے۔②اسم کے آخر میں ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ فَاعِلَاتٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔④گزرے ہوئے اسم یا فعل سے مصدر میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔⑥ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ﴿9﴾	ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہونگی ۔ ﴿9﴾
يَقُوۡلُوۡنَ ءَ اِنَّا	وہ کہتے ہیں کیا بے شک ہم
لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ	ضرور لوٹائے جانے والے ہیں
فِى الۡحَافِرَةِ ؕ﴿10﴾	پہلی حالت میں؟ ﴿10﴾
ءَ اِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ؕ﴿11﴾	کیا جب ہم ہو جائیں گے بوسیدہ ہڈیاں؟ ﴿11﴾
قَالُوۡا تِلۡكَ اِذًا	کہتے ہیں یہ تو اس وقت
كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ﴿12﴾	خسارے والا لوٹنا ہوگا ۔ ﴿12﴾
فَاِنَّمَا هِىَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ﴿13﴾	پس بیشک صرف وہ (تو) ایک ہی ڈانٹ ہوگی ۔ ﴿13﴾
فَاِذَا هُمۡ بِالسَّاهِرَةِ ؕ﴿14﴾	تو یکا یک وہ سب ہونگے میدان (حشر) میں ۔ ﴿14﴾
هَلۡ اَتٰٮكَ حَدِيۡثُ مُوۡسٰى ۘ﴿15﴾	کیا آئی ہے آپ کے پاس موسیٰؑ کی بات ۔ ﴿15﴾
اِذۡ نَادٰٮهُ رَبُّهٗ	جب پکارا اسے اس کے رب نے
بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًى ۚ﴿16﴾	مقدس وادی طوٰی میں ۔ ﴿16﴾

وقف لازم

وقف لازم

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَبۡصَارُهَا : بصارت، سمع وبصر۔	وَّاحِدَةٌ : واحد، احد، موحّد، توحید۔
خَاشِعَةٌ : خشوع وخضوع۔	حَدِيۡثُ : حدیث نبوی، حدیث دل۔
يَقُوۡلُوۡنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زرّیں۔	نَادٰٮهُ : نداء، منادی، ندائے اسلام۔
لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ : ردّ، مردود، مسترد۔	رَبُّهٗ : رب، ربِّ کائنات، ربوبیّت۔
كَرَّةٌ : مکرّر، تکرار۔	بِالۡوَادِى : وادیٔ کشمیر، وادیٔ نیلم۔
خَاسِرَةٌ : خسارہ، خائب وخاسر۔	الۡمُقَدَّسِ : مقدّس، بیت المقدّس، تقدیس۔
زَجۡرَةٌ : زجر وتوبیخ۔	

اَبۡصَارُهَا	خَاشِعَةٌ ①② مـ (9)	يَقُوۡلُوۡنَ	ءَ	اِنَّا ③
اُن کی آنکھیں	جھکی ہوئی	وہ سب کہتے ہیں	کیا	بے شک ہم

لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ ④	فِي الۡحَافِرَةِ ② ط (10)	ءَ	اِذَا	كُنَّا
ضرور سب لوٹائے جانے والے	پہلی حالت میں؟	کیا	جب	ہم ہوجائیں گے

عِظَامًا	نَّخِرَةً ② ط (11)	قَالُوۡا	تِلۡكَ ⑤	اِذًا ⑥
ہڈیاں	بوسیدہ	ان سب نے کہا	یہ	اس وقت

وقف لازم

كَرَّةٌ ②	خَاسِرَةٌ ② مـ (12)	فَاِنَّمَا ⑦	هِيَ	زَجۡرَةٌ ②
لوٹنا	خسارے والا	پس بے شک صرف	وہ	ڈانٹ

وَّاحِدَةٌ ② لا (13)	فَاِذَا	هُمۡ	بِالسَّاهِرَةِ ②⑧ ط (14)	هَلۡ
ایک	تو یکایک	وہ سب	میدان میں	کیا

وقف لازم

اَتٰىكَ	حَدِيۡثُ	مُوۡسٰى مـ (15)	اِذۡ
آئی ہے آپ کے پاس	بات	موسیٰؑ (کی)	جب

نَادٰىهُ	رَبُّهٗ	بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ ⑧	طُوًى ج (16)
پکارا اُسے	اُس کے رب (نے)	مقدّس وادی میں	طوٰی

وقف لازم

ضروری وضاحت

① فَاعِلَةٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالی کا مفہوم ہوتا ہے۔② ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔④ شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔ ⑤ تِلۡكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔⑥ اِذا کا ترجمہ جب اور اِذًا کا ترجمہ کبھی تب یا اُس وقت ہوتا ہے۔⑦ اِنَّ کے ساتھ اگر مَا آجائے تو صرف کا مفہوم بھی شامل ہوجاتا ہے۔⑧ بِ کا اصل ترجمہ سے، ساتھ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ میں کیا گیا ہے۔

اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿17﴾	جاؤ فرعون کی طرف بیشک وہ سرکش ہوگیا ہے۔ ﴿17﴾
فَقُلۡ هَلۡ لَّكَ اِلٰٓى	پھر کہو (اُسے) کیا تجھے اس طرف (رغبت) ہے
اَنۡ تَزَكّٰى ﴿18﴾	کہ تو پاک ہوجائے۔ ﴿18﴾
وَاَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ	اور میں تیری راہنمائی کروں تیرے رب کی طرف
فَتَخۡشٰى ﴿19﴾	پس تو ڈرے۔ ﴿19﴾
فَاَرٰىهُ الۡاٰيَةَ الۡكُبۡرٰى ﴿20﴾	پھر اس نے دکھائی اسے بڑی نشانی۔ ﴿20﴾
فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿21﴾	تو اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی۔ ﴿21﴾
ثُمَّ اَدۡبَرَ يَسۡعٰى ﴿22﴾	پھر پلٹا (اور تدبیریں کرنے کی) کوشش کرنے لگا۔ ﴿22﴾
فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿23﴾	پھر اس نے جمع کیا (سب کو) پس پکارا۔ ﴿23﴾
فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الۡاَعۡلٰى ﴿24﴾	پھر کہا میں تمہارا رب ہوں سب سے اونچا۔ ﴿24﴾
فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الۡاٰخِرَةِ وَالۡاُوۡلٰى ﴿25﴾	تو پکڑلیا اسے اللہ نے آخرت اور دنیا کے عذاب میں۔ ﴿25﴾
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً	بیشک اس میں یقیناً عبرت ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

طَغٰى	طغیانی، طاغوت، طاغوتی طاقتیں۔	فَكَذَّبَ	کذب، کاذب، تکذیب، کذب بیانی۔
فَقُلۡ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زرّیں۔	عَصٰى	معصیت، غمِ عصیاں۔
تَزَكّٰى	تزکیہ، تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔	اَدۡبَرَ	ادبارِ زمانہ، دُبر۔
اَهۡدِيَكَ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہدایت یافتہ۔	يَسۡعٰى	سعی، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔
فَتَخۡشٰى	خشیت الٰہی۔	الۡاَعۡلٰى	اعلیٰ، وزیر اعلیٰ، عالی مقام، عالی شان۔
فَاَرٰىهُ	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	فَاَخَذَهٗ	اخذ، مؤاخذہ، ماخوذ۔
الۡكُبۡرٰى	شفاعت کبریٰ، کبار علمائے کرام۔	لَعِبۡرَةً	عبرت، عبرت ناک، نشان عبرت۔

اِذْهَبْ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى (17)	فَقُلْ ①
تو جا	فرعون کی طرف	بے شک وہ	سرکش ہو گیا ہے	پھر آپ کہو

هَلْ	لَّكَ	اِلٰٓى	اَنْ	تَزَكّٰى (18) ②③	وَ	اَهْدِيَكَ
کیا	تجھ کو	اس طرف	کہ	تو پاک ہو جائے	اور	میں راہنمائی کروں تیری

اِلٰى رَبِّكَ	فَتَخْشٰى (19)	فَاَرٰىهُ ④	الْاٰيَةَ ⑤	الْكُبْرٰى (20)
تیرے رب کی طرف	پس تو ڈرے	پھر اس نے دکھائی اسے	نشانی	بڑی

فَكَذَّبَ	وَ	عَصٰى (21)	ثُمَّ	اَدْبَرَ	يَسْعٰى (22)
تو اس نے جھٹلایا	اور	اس نے نافرمانی کی	پھر	وہ پلٹا	وہ کوشش کرنے لگا

فَحَشَرَ	فَنَادٰى (23)	فَقَالَ	اَنَا ⑥	رَبُّكُمُ
پھر اس نے جمع کیا	پس اس نے پکارا	پھر اس نے کہا	میں	تمہارا رب

الْاَعْلٰى ⑦ (24)	فَاَخَذَهُ ④	اللّٰهُ	نَكَالَ	الْاٰخِرَةِ ⑤
سب سے اونچا	تو پکڑ لیا اسے	اللہ (نے)	عذاب	آخرت کے

وَ	الْاُوْلٰى ⑧ (25)	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً ⑤
اور	دنیا (کے)	بے شک	اس میں	یقیناً عبرت

ضروری وضاحت

① قُلْ ، قَوْلٌ سے بنا ہے یہاں و کو پڑھنے میں آسانی کے لیے گرا دیا گیا ہے۔② تَزَكّٰى اصل میں تَتَزَكّٰى تھا تخفیف کے لیے ت کو گرایا گیا ہے۔③ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④ ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔⑤ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اَنَا کے آخر میں ا پڑھنے میں نہیں آتا اِسے اَنَ پڑھا جاتا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑧ الْاُوْلٰى سے مراد پہلی زندگی ہے اسی لیے ترجمہ دنیا کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

ع 1 26 3

لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿26﴾	اس کے لئے جو ڈرتا ہے۔ ﴿26﴾
ءَ اَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا	کیا تم زیادہ سخت (مشکل) ہو پیدا کرنے میں
اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰهَا ﴿27﴾	یا آسمان؟ (کہ) اس نے بنایا ہے اسے۔ ﴿27﴾
رَفَعَ سَمْكَهَا	اس نے بلند کیا اُس کی چھت کو
فَسَوّٰىهَا ﴿28﴾	پھر برابر (ہموار) کیا اُسے۔ ﴿28﴾
وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا	اور تاریک کر دیا اس کی رات کو
وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿29﴾	اور ظاہر کر دیا اُس (کے دن) کی روشنی کو۔ ﴿29﴾
وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿30﴾	اور زمین کو اِس کے بعد اُس نے بچھایا اُسے۔ ﴿30﴾
اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿31﴾	نکالا اُس میں سے اُس کا پانی اور اُس کا چارا۔ ﴿31﴾
وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿32﴾	اور پہاڑوں کو، (کہ) گاڑ دیا اُنہیں۔ ﴿32﴾
مَتَاعًا لَّكُمْ	فائدہ ہے تمہارے لیے
وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿33﴾	اور تمہارے چوپاؤں کے لیے۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّخْشٰى	: خشیت الٰہی۔	اَخْرَجَ	: خارج، اخراج، خروج، خارجہ پالیسی۔
اَشَدُّ	: اشد، شدید، شدّت۔	ضُحٰىهَا	: صلوٰۃ الضحٰی۔
خَلْقًا	: خالق، مخلوق، تخلیق، خلق خدا۔	مِنْهَا	: منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
بَنٰهَا	: بنایا، بنانا۔	مَآءَهَا	: ماء الحیات، ماء اللحم۔
رَفَعَ	: رفعت، سطح مرتفع، رفعت و بلندی۔	الْجِبَالَ	: جبلِ رحمت، جبل احد، جبلِ نور۔
فَسَوّٰىهَا	: مساوی، مساوات۔	مَتَاعًا	: متاعِ عزیز، متاع کارواں، مال و متاع۔
لَيْلَهَا	: لیل و نہار، لیلۃ القدر، قیام الیل۔	لِاَنْعَامِكُمْ	: عوام کالانعام۔

ع 1 26 3

لِّمَنۡ ①	يَّخۡشٰى ﴿26﴾ ط ع	ءَ	اَنۡتُمۡ	اَشَدُّ ②	خَلۡقًا
(اس) کے لئے جو	وہ ڈرتا ہے	کیا	تم	زیادہ سخت	پیدا کرنا

اَمِ	السَّمَآءُ ط	بَنٰهَا ③ ﴿27﴾ وقفة	رَفَعَ	سَمۡكَهَا ③
یا	آسمان؟	اُس نے بنایا ہے اُسے	اس نے بلند کیا	اُس کی چھت

فَسَوّٰىهَا ③ ﴿28﴾ لا	وَ	اَغۡطَشَ	لَيۡلَهَا ③	وَ
پھر برابر کیا اُسے	اور	تاریک کر دیا	اُس کی رات	اور

اَخۡرَجَ ④	ضُحٰهَا ③ ﴿29﴾ ص	وَ	الۡاَرۡضَ	بَعۡدَ ذٰلِكَ
اُس نے نکالا	اُس کی روشنی	اور	زمین	اِس کے بعد

دَحٰهَا ③ ﴿30﴾ ط	اَخۡرَجَ ④	مِنۡهَا	مَآءَهَا ③	وَ
اُس نے بچھایا اُسے	اُس نے نکالا	اُس میں سے	اُس کا پانی	اور

مَرۡعٰهَا ③ ﴿31﴾ ص	وَ	الۡجِبَالَ	اَرۡسٰهَا ⑤ ﴿32﴾ لا
اُس کا چارا	اور	پہاڑوں	گاڑ دیا اُنہیں

مَتَاعًا	لَّكُمۡ	وَ	لِاَنۡعَامِكُمۡ ﴿33﴾ ط
فائدہ	تمہارے لیے	اور	تمہارے چوپاؤں کے لیے

ضروری وضاحت

① مَنۡ کا ترجمہ کبھی کون بھی ہوتا ہے۔ ② اَشَدُّ کے شروع میں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ زیادہ کیا گیا ہے۔ ③ هَا اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ④ اَخۡرَجَ کے شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: خَرَجَ: نکلا، سے اَخۡرَجَ: نکالا۔ ⑤ هَا کا ترجمہ اُنہیں کیا گیا ہے کیونکہ اِس سے پہلے پہاڑوں کا ذکر ہے جو کہ جمع ہیں اس لیے ترجمہ بھی جمع کے لحاظ سے کیا گیا۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ۝34	پھر جب آجائے گی بہت بڑی آفت (قیامت)۔ ۝34
يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ۝35	اس دن یاد کرے گا انسان جو اس نے کوشش کی۔ ۝35
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ	اور ظاہر کردی جائے گی جہنم
لِمَنْ يَّرٰى ۝36	اس کے لئے جو دیکھتا ہے۔ ۝36
فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ۝37	پس رہا وہ جس نے سرکشی کی۔ ۝37
وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝38	اور اس نے ترجیح دی دنیوی زندگی کو۔ ۝38
فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝39	تو بے شک جہنم ہی (اسکا) ٹھکانا ہے۔ ۝39
وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ	اور رہا وہ جو ڈر گیا اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے
وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝40	اور اس نے روکا (اپنے) نفس کو (بُری) خواہش سے۔ ۝40
فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝41	تو بے شک جنت ہی (اُس کا) ٹھکانا ہے۔ ۝41
يَسْـَٔلُوْنَكَ	(کافر) سوال کرتے ہیں آپ سے
عَنِ السَّاعَةِ	قیامت کے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْكُبْرٰى : کُبریٰ، کبار علمائے کرام، کبیر۔	الدُّنْيَا : دنیا وآخرت، دنیاوی زندگی، دنیادار۔
يَتَذَكَّرُ : تذکرہ، ذکر، مذاکرہ۔	خَافَ : خوف، خائف، بے خوف وخطر۔
سَعٰى : سعی، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔	مَقَامَ : قیام، مقام، مقیم۔
يَّرٰى : رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی۔	نَهَى : نہی عن المنکر، منہیات۔
طَغٰى : طغیانی، طاغوت، طاغوتی طاقتیں۔	النَّفْسَ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
اٰثَرَ : ایثار وقربانی۔	الْمَاْوٰى : ملجاء وماویٰ۔
الْحَيٰوةَ : حیات، موت وحیات۔	يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول، سوالیہ نشان۔

فَاِذَا	جَآءَتِ ①	الطَّآمَّةُ ②	الْكُبْرٰى ② ﴿34﴾ صلے	يَوْمَ
پھر جب	آجائے گی	آفت	بہت بڑی	اُس دن

يَتَذَكَّرُ ③	الْاِنْسَانُ ④	مَا	سَعٰى ﴿35﴾ لا	وَ	بُرِّزَتِ ①⑤
یاد کرے گا	انسان	جو	اُس نے کوشش کی	اور	ظاہر کردی جائے گی

الْجَحِيْمُ	لِمَنْ	يَّرٰى ③ ﴿36﴾	فَاَمَّا	مَنْ	طَغٰى ﴿37﴾ لا
جہنم	(اس) کے لیے جو	دیکھتا ہے	پس رہا وہ	جس نے	سرکشی کی

وَ	اٰثَرَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ② ﴿38﴾ لا	فَاِنَّ	الْجَحِيْمَ
اور	اس نے ترجیح دی	دنیوی زندگی کو	تو بے شک	جہنم

هِيَ الْمَاْوٰى ⑥ ﴿39﴾ ط	وَ	اَمَّا	مَنْ	خَافَ	مَقَامَ رَبِّهٖ
وہی ٹھکانا	اور	رہا وہ	جو	ڈر گیا	اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے

وَ	نَهَى	النَّفْسَ	عَنِ الْهَوٰى ﴿40﴾ لا	فَاِنَّ
اور	اُس نے روکا	نفس	خواہش سے	تو بے شک

الْجَنَّةَ ②	هِيَ الْمَاْوٰى ⑥ ﴿41﴾ ط	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ السَّاعَةِ ②
جنت	وہی ٹھکانا	وہ سب سوال کرتے ہیں آپ سے	قیامت کے بارے میں

ضروری وضاحت

① تِ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اُسے زیر دیتے ہیں۔
② ة اور ـٰى دونوں مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ فعل کے بعد ایسا
اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا
ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کردی جائے گی کیا گیا ہے۔⑥ هِيَ کے بعد اَلْ ہو تو اس کا ملا کر ترجمہ ہی کیا گیا ہے۔

اَيَّانَ مُرْسٰهَا ﴿42﴾	کب ہے اُس کا واقع ہونا۔ ﴿42﴾
فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿43﴾	کس (خیال) میں ہیں آپ اُس کے ذکر سے؟ ﴿43﴾
اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿44﴾	آپکے رب کی طرف (ہی) اُس (کے علم) کی انتہا ہے۔ ﴿44﴾
اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ	بیشک آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں
مَنْ يَّخْشٰهَا ﴿45﴾	(اسے) جو ڈرتا ہے اُس سے۔ ﴿45﴾
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا	گویا کہ وہ (کافر) جس دن دیکھیں گے اس کو
لَمْ يَلْبَثُوْٓا	(وہ سمجھیں گے کہ) نہیں ٹھہرے وہ (دنیا میں)
اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿46﴾ ع 2/20/4	مگر ایک شام یا اس کی صبح۔ ﴿46﴾

ایاتُها 42 — 80 سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ 24 — رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿1﴾	اس نے تیوری چڑھائی اور منہ پھیر لیا۔ ﴿1﴾
اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿2﴾	کہ آیا ہے اس کے پاس ایک نابینا۔ ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْمَ	: فی الحال، فی الفور، مافی الضمیر۔	يَّخْشٰهَا	: خشیت الٰہی۔
مِنْ	: منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔	يَوْمَ	یوم آزادی، یوم آخرت، یوم حساب۔
ذِكْرٰىهَا	: ذکر، تذکرہ، مذکور۔	يَرَوْنَهَا	: رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
اِلٰى	: رجوع الی اللہ، مکتوب الیہ۔	اِلَّا	: اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
رَبِّكَ	: رب، ربِّ کائنات، ربِّ ذو الجلال۔	عَشِيَّةً	: نمازِ عشاء، عشائیہ۔
مُنْتَهٰىهَا	: منتہائے نظر، انتہاء۔	وَ	شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔

اَيَّانَ	مُرْسٰىهَا ﴿42﴾ ط	فِيْمَ ①	اَنْتَ
کب ہے	اُس کا واقع ہونا	کس (خیال) میں	آپ

مِنْ ذِكْرٰىهَا ② ﴿43﴾ ط	اِلٰى رَبِّكَ	مُنْتَهٰىهَا ﴿44﴾ ط	اِنَّمَآ ③
اُس کے ذکر سے؟	آپ کے رب کی طرف	اُس کی انتہا	بے شک صرف

اَنْتَ	مُنْذِرُ ④	مَنْ	يَّخْشٰىهَا ⑤ ﴿45﴾ ط
تو	ڈرانے والا	جو	وہ ڈرتا ہے اُس سے

كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ	يَرَوْنَهَا	لَمْ
گویا کہ وہ	جس دن	وہ دیکھیں گے اُس کو	نہیں

ع 2 20 4

يَلْبَثُوْٓا	اِلَّا	عَشِيَّةً ⑤⑥	اَوْ	ضُحٰىهَا ﴿46﴾ ع
ٹھہرے وہ سب	مگر	ایک شام	یا	اُس کی صبح

اٰيَاتُهَا 42 ‏ 80 سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ 24 ‏ رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَبَسَ	وَ	تَوَلّٰٓى ⑦ ﴿1﴾ لا	اَنْ	جَآءَهُ	الْاَعْمٰى ﴿2﴾ ط
اُس نے تیوری چڑھائی	اور	منہ پھیر لیا	کہ	آیا ہے اُس کے پاس	نابینا

ضروری وضاحت

①مَا سے الف کو تخفیف کیلئے گرا دیا گیا ہے۔② یعنی آپکو اس کے بارے میں یقینی علم نہیں ہے لہٰذا آپ کا اس کو بیان کرنے سے کیا فائدہ۔③ اِنَّ کیساتھ اگر مَا آجائے تو اس میں تاکید کے ساتھ صرف کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑥ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ ۙ﴿3﴾	اور کیا جانیں آپ شاید وہ پاک ہو جاتا۔﴿3﴾
اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ؕ﴿4﴾	یا وہ نصیحت حاصل کرتا تو نفع دیتی اُسے نصیحت۔﴿4﴾
اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۙ﴿5﴾	رہا وہ جو بے پرواہ ہو گیا۔﴿5﴾
فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ؕ﴿6﴾	تو آپ اس کے لیے تو پوری توجہ کرتے ہیں۔﴿6﴾
وَمَا عَلَيْكَ	حالانکہ نہیں ہے آپ پر (کوئی ذمہ داری)
اَلَّا يَزَّكّٰى ؕ﴿7﴾	کہ نہیں وہ پاک ہوتا۔﴿7﴾
وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۙ﴿8﴾	اور رہا وہ جو آیا آپ کے پاس دوڑتا ہوا۔﴿8﴾
وَهُوَ يَخْشٰى ۙ﴿9﴾	اور وہ (اللہ سے) ڈرتا ہے۔﴿9﴾
فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۚ﴿10﴾	تو آپ اس سے بالکل بے رخی کرتے ہیں۔﴿10﴾
كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۚ﴿11﴾	ہرگز نہیں بیشک یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے۔﴿11﴾
فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۘ﴿12﴾	تو جو چاہے یاد رکھے اسے۔﴿12﴾
فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ﴿13﴾	(وہ لکھا ہوا ہے) عزت والے صحیفوں میں۔﴿13﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: شام وسحر، خیر وعافیت، عزت واحترام۔	يَسْعٰى	: سعی، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔
يَزَّكّٰى	: تزکیہ، تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔	يَخْشٰى	: خشیت الٰہی۔
يَذَّكَّرُ	تَذْكِرَةٌ: تذکرہ، ذکر، مذکور۔	شَآءَ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
فَتَنْفَعَهُ	: نفع، منافع، منفعت۔	فِيْ	: فی الحال، فی الفور، مافی الضمیر۔
اسْتَغْنٰى	: مستغنی ہونا، استغناء (بے پروائی)۔	صُحُفٍ	: صحیفہ، مصحف، صحائف۔
عَلَيْكَ	: علی الاعلان، علیٰ وجہ البصیرت۔	مُكَرَّمَةٍ	: مکرم، تکریم، اکرام۔
اَلَّا	: لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔		

وَ	مَا	يُدْرِيْكَ ①	لَعَلَّهٗ	يَزَّكّٰىٓ ۙ (3)	اَوْ
اور	کیا	جانیں آپ	شاید وہ	وہ پاک ہو جاتا	یا

يَذَّكَّرُ	فَتَنْفَعَهُ ②	الذِّكْرٰى ③ ؕ (4)	اَمَّا	مَنِ
وہ نصیحت حاصل کرتا	تو نفع دیتی اُسے	نصیحت	رہا وہ	جو

اسْتَغْنٰى ۙ (5)	فَاَنْتَ	لَهٗ	تَصَدّٰى ④ ؕ (6)	وَ	مَا
بے پروا ہو گیا	تو آپ	اُس کے لیے	پوری توجہ کرتے ہیں	حالانکہ	نہیں ہے

عَلَيْكَ	اَلَّا ⑤	يَزَّكّٰى ؕ (7)	وَ	اَمَّا	مَنْ
آپ پر	کہ نہیں	وہ پاک ہوتا	اور	رہا وہ	جو

جَآءَكَ	يَسْعٰى ۙ (8)	وَ	هُوَ	يَخْشٰى ۙ (9)	فَاَنْتَ
آیا آپ کے پاس	وہ دوڑتا ہوا	اور	وہ	وہ ڈرتا ہے	تو آپ

عَنْهُ	تَلَهّٰى ④ ج (10)	كَلَّآ	اِنَّهَا	تَذْكِرَةٌ ⑥ ③ ج (11)
اُس سے	بالکل بے رخی کرتے ہیں	ہرگز نہیں	بے شک یہ	ایک نصیحت

فَمَنْ	شَآءَ	ذَكَرَهٗ ۘ (12)	فِيْ صُحُفٍ	مُّكَرَّمَةٍ ③ ۙ (13)
تو جو	چاہے	یاد رکھے اُسے	صحیفوں میں	عزت والے

وقف لازم

ضروری وضاحت

① مَا يُدْرِيْكَ کا اصل ترجمہ کس چیز نے آپ کو خبر دی ہے اور یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ۔② تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔③ ـٰى اور ة واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔④ یہ تَتَصَدّٰى اور تَتَلَهّٰى تھا تخفیف کے لیے تَ ایک گر گئی ہے اور علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔
⑤ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

مَّرۡفُوۡعَةٍ مُّطَهَّرَةٍۢ ﴿14﴾	(جو) بلند مرتبہ پاکیزہ ہیں۔ ﴿14﴾
بِاَيۡدِىۡ سَفَرَةٍۙ ﴿15﴾	(وہ ایسے) لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ ﴿15﴾
كِرَامٍۢ بَرَرَةٍؕ ﴿16﴾	(جو) معزز (اور) نیکوکار ہیں۔ ﴿16﴾
قُتِلَ الۡاِنۡسَانُ مَاۤ اَكۡفَرَهٗؕ ﴿17﴾	مارا جائے انسان کس قدر ناشکرا ہے وہ۔ ﴿17﴾
مِنۡ اَىِّ شَىۡءٍ خَلَقَهٗؕ ﴿18﴾	کس چیز سے اُس نے پیدا کیا ہے اُسے۔ ﴿18﴾
مِنۡ نُّطۡفَةٍؕ خَلَقَهٗ	ایک نطفے سے، اُس نے پیدا کیا اُسے
فَقَدَّرَهٗۙ ﴿19﴾	پھر اُس نے اندازہ لگایا اُس کا۔ ﴿19﴾
ثُمَّ السَّبِيۡلَ يَسَّرَهٗۙ ﴿20﴾	پھر راستہ آسان کر دیا اُس کا۔ ﴿20﴾
ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقۡبَرَهٗۙ ﴿21﴾	پھر موت دی اُسے پھر قبر میں لے گیا اُسے۔ ﴿21﴾
ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنۡشَرَهٗؕ ﴿22﴾	پھر جب وہ چاہے گا زندہ کر دے گا اُسے۔ ﴿22﴾
كَلَّا لَمَّا يَقۡضِ	ہرگز نہیں ابھی نہیں پورا کیا اُس نے (وہ کام)
مَاۤ اَمَرَهٗؕ ﴿23﴾	جو (اللہ نے) حکم دیا اُسے۔ ﴿23﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَرۡفُوۡعَةٍ	: رفعت و بلندی، اَرفع و اعلیٰ، سطحِ مرتفع۔	فَقَدَّرَهٗ	: اس قدر، مقدار، مقدّر۔
مُطَهَّرَةٍ	: ازواجِ مطہّرات، طیّب و طاہر، طہارت۔	السَّبِيۡلَ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
بِاَيۡدِىۡ	: یدطولیٰ، ید بیضاء، رفع الیدین۔	يَسَّرَهٗ	: میسّر۔
كِرَامٍ	: مکرم، اکرام، تکریم۔	اَمَاتَهٗ	: موت، میّت، اموات۔
قُتِلَ	: قتل، قاتل، مقتول، قتلِ عام۔	فَاَقۡبَرَهٗ	: قبر، قبور، قبرستان۔
خَلَقَهٗ	: خالق، خلقِ خدا، تخلیق، مخلوق۔	يَقۡضِ	: قضا، قضائے الٰہی، قاضی الحاجات۔
بَرَرَةٍ	: برّ، اَبرار۔	اَنۡشَرَهٗ	: حشر و نشر۔

مَّرْفُوْعَةٍ ①	مُّطَهَّرَةٍ ① ﴿14﴾ لا	بِاَيْدِیْ سَفَرَةٍ ② ﴿15﴾ لا	كِرَامٍ
بلند مرتبہ	پاکیزہ	لکھنے والوں کے ہاتھوں میں	معزز

بَرَرَةٍ ② ﴿16﴾ ط	قُتِلَ ③	الْاِنْسَانُ	مَآ	اَكْفَرَهٗ ④ ﴿17﴾ ط
نیکوکار	مارا جائے	انسان	کس قدر	ناشکرا ہے وہ

مِنْ اَیِّ شَیْءٍ	خَلَقَهٗ ﴿18﴾ ط	مِنْ نُّطْفَةٍ ①⑤ ط	خَلَقَهٗ
کس چیز سے	اُس نے پیدا کیا ہے اُسے	ایک نطفے سے	اُس نے پیدا کیا اُسے

فَقَدَّرَهٗ ﴿19﴾ لا	ثُمَّ	السَّبِیْلَ	یَسَّرَهٗ ﴿20﴾ لا
پھر اُس نے اندازہ لگایا اُس کا	پھر	راستہ	آسان کر دیا اُس کے لیے

ثُمَّ	اَمَاتَهٗ	فَاَقْبَرَهٗ ﴿21﴾ لا	ثُمَّ
پھر	اس نے موت دی اُسے	پھر قبر میں لے گیا اُسے	پھر

اِذَا	شَآءَ	اَنْشَرَهٗ ﴿22﴾ ط	كَلَّا
جب	وہ چاہے گا	زندہ کر دے گا اُسے	ہرگز نہیں

لَمَّا	یَقْضِ ⑥	مَآ	اَمَرَهٗ ﴿23﴾ ط
ابھی نہیں	پورا کیا اُس نے	جو	اس نے حکم دیا اُسے

ضروری وضاحت

① ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② سَفَرَةٍ اور بَرَرَةٍ کے آخر میں "ة" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ "ة" جمع کے لیے استعمال ہوئی ہے۔③فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا یا کیا جائے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ مَآ اَكْفَرَهٗ یہاں اس جملے میں تعجب کا مفہوم ہے۔⑤اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑥ یَ کا ترجمہ اُس نے ضرورتاً کیا گیا ہے۔

فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿24﴾	تو چاہیے کہ دیکھے انسان اپنے کھانے کی طرف۔ ﴿24﴾
اَنَّا صَبَبۡنَا الۡمَآءَ صَبًّا ﴿25﴾	کہ بیشک ہم نے برسایا پانی خوب برسانا۔ ﴿25﴾
ثُمَّ شَقَقۡنَا الۡاَرۡضَ شَقًّا ﴿26﴾	پھر ہم نے پھاڑا زمین کو اچھی طرح پھاڑنا۔ ﴿26﴾
فَاَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا حَبًّا ﴿27﴾	پھر ہم نے اُگایا اُس میں اَناج۔ ﴿27﴾
وَّعِنَبًا وَّقَضۡبًا ﴿28﴾	اور انگور اور ترکاری۔ ﴿28﴾
وَّزَيۡتُوۡنًا وَّنَخۡلًا ﴿29﴾	اور زیتون اور کھجور کے درخت۔ ﴿29﴾
وَّحَدَآئِقَ غُلۡبًا ﴿30﴾	اور باغات گھنے۔ ﴿30﴾
وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿31﴾	اور پھل اور چارا۔ ﴿31﴾
مَّتَاعًا لَّكُمۡ	فائدہ ہے تمھارے لیے
وَلِاَنۡعَامِكُمۡ ﴿32﴾	اور تمھارے چوپاؤں کے لیے۔ ﴿32﴾
فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿33﴾	پھر جب آجائیگی کان بہرہ کردینے والی (قیامت) ﴿33﴾
يَوۡمَ يَفِرُّ الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِيۡهِ ﴿34﴾	اس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے۔ ﴿34﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَلۡيَنۡظُرۡ	نظر، نِظارہ، منظر، بنظرِ غائر، بنظرِ عمیق۔	زَيۡتُوۡنًا	زیتون۔
طَعَامِهٖٓ	طعام، قیام وطعام۔	نَخۡلًا	نخلستان۔
شَقَقۡنَا	شقِ صدر، شق الارض، واقعہ شقِّ قمر۔	مَّتَاعًا	متاع، متاعِ کارواں، مال ومتاع۔
الۡاَرۡضَ	کرّۂ ارض، ارض وسما، ارضِ پاکستان۔	لِاَنۡعَامِكُمۡ	عوام کالانعام۔
فَاَنۡۢبَتۡنَا	نباتُ الارض، نباتات۔	يَفِرُّ	فرار، مفرور، راہ فرار۔
فِيۡهَا	فی الحال، فی الفور، اظہار مافی الضمیر۔	مِنۡ	منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
حَبًّا	حب کبد نوشادری۔	اَخِيۡهِ	اُخوّت، مؤاخات، اِخوانُ المسلمین۔

فَلْيَنْظُرِ ①②	الْاِنْسَانُ	اِلٰى طَعَامِهٖٓ ③ ۙ (24)	اَنَّا ④	صَبَبْنَا ⑤
تو چاہیے کہ دیکھے	انسان	اپنے کھانے کی طرف	کہ بے شک ہم نے	ہم نے برسایا

الْمَآءَ	صَبًّا ⑥ ۙ (25)	ثُمَّ	شَقَقْنَا ⑤	الْاَرْضَ	شَقًّا ⑥ ۙ (26)
پانی	خوب برسانا	پھر	ہم نے پھاڑا	زمین	اچھی طرح پھاڑنا

فَاَنْۢبَتْنَا ⑤	فِيْهَا	حَبًّا ۙ (27)	وَّ	عِنَبًا	وَّ
پھر ہم نے اُگایا	اُس میں	اناج	اور	انگور	اور

قَضْبًا ۙ (28)	وَّ	زَيْتُوْنًا	وَّ	نَخْلًا ۙ (29)	وَّ
ترکاری	اور	زیتون	اور	کھجور کے درخت	اور

حَدَآئِقَ	غُلْبًا ۙ (30)	وَّ	فَاكِهَةً ⑦	وَّ	اَبًّا ۙ (31)
باغات	گھنے	اور	پھل	اور	چارا

مَّتَاعًا	لَّكُمْ	وَ	لِاَنْعَامِكُمْ ؕ (32)	فَاِذَا	جَآءَتِ ⑦
فائدہ	تمہارے لیے	اور	تمہارے چوپاؤں کے لیے	پھر جب	آجائے گی

الصَّآخَّةُ ⑦ ۫ (33)	يَوْمَ	يَفِرُّ ②	الْمَرْءُ	مِنْ اَخِيْهِ ③ ۙ (34)
کان بہرہ کردینے والی	اُس دن	بھاگے گا	آدمی	اپنے بھائی سے

ضروری وضاحت

① وَ یا فَ کے بعد ''لْ'' کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔② یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④ اَنَّا دراصل اَنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑤ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑥ گزرے ہوئے فعل کا مصدر عموماً تاکید کیلئے استعمال ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب اچھی طرح کیا گیا ہے۔⑦ ۃ اسم کے اور تِ فعل کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِۙ﴿35﴾ وَصَاحِبَتِهٖ	اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے۔﴿35﴾ اور اپنی بیوی
وَبَنِيْهِؕ﴿36﴾ لِكُلِّ امْرِیٴٍ مِّنْهُمْ	اور اپنے بیٹوں سے۔﴿36﴾ اُن میں سے ہر شخص کے لیے
يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ	اُس دن ایک (ایسی) حالت ہوگی
يُّغْنِيْهِؕ﴿37﴾	(جو دوسروں سے) بے پروا کردے گی اسے۔﴿37﴾
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌۙ﴿38﴾	کچھ چہرے اس دن چمکنے والے ہونگے۔﴿38﴾
ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌۚ﴿39﴾ وَوُجُوْهٌ	ہنسنے والے بہت خوش (ہونگے)۔﴿39﴾ اور کچھ چہرے
يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ﴿40﴾	اس دن ان پر غبار ہوگا۔﴿40﴾
تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌؕ﴿41﴾	ڈھانپتی ہوگی ان کو سیاہی۔﴿41﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ﴿42﴾	وہ لوگ ہی کافر (اور) نافرمان ہیں۔﴿42﴾

ع 1 42 5

اٰيَاتُهَا 29 — 81 سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ 7 — رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۪ۙ﴿1﴾	جب سورج لپیٹ دیا جائے گا۔﴿1﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُمِّهٖ	: اُمّ المؤمنین، اُمّھات المؤمنین۔	وُجُوْهٌ	: وجاہت، علیٰ وجہ البصیرت۔
اَبِيْهِ	: آباء واجداد، آبائی شہر، ابّو۔	ضَاحِكَةٌ	: مضحکہ خیز۔
صَاحِبَتِهٖ	: صاحب، مصاحبت، بیگم صاحبہ۔	مُسْتَبْشِرَةٌ	: بشارت۔
بَنِيْهِ	: ابنائے جامعہ، ابن قاسم، ابن عمر رضی اللہ عنہ۔	غَبَرَةٌ	: غبار، گرد و غبار۔
مِّنْهُمْ	: منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔	الْكَفَرَةُ	: کفر، کافر، کفار، تکفیر۔
شَاْنٌ	: اونچی شان، شان و شوکت، ذیشان۔	الْفَجَرَةُ	: فاجر، فاسق و فاجر، فسق و فجور۔
يُّغْنِيْهِ	: غنی، مستغنی، استغناء۔	الشَّمْسُ	: شمس و قمر، شمسی توانائی، نظام شمسی۔

وَ	اُمِّهٖ ①	وَ	اَبِيْهِ ① لا (35)	وَ	صَاحِبَتِهٖ ①	وَ
اور	اپنی ماں	اور	اپنے باپ	اور	اپنی بیوی	اور

بَنِيْهِ ① ط (36)	لِكُلِّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	يَوْمَئِذٍ	شَاْنٌ ②
اپنے بیٹوں	ہر شخص کے لیے	اُن میں سے	اُس دن	ایک حالت

يُّغْنِيْهِ ① ط (37)	وُجُوْهٌ ②	يَّوْمَئِذٍ	مُّسْفِرَةٌ ③④ لا (38)	ضَاحِكَةٌ ④
وہ بے پروا کردے گی اُسے	کچھ چہرے	اُس دن	چمکنے والے ہونگے	ہنسنے والے

مُّسْتَبْشِرَةٌ ④ ج (39)	وَ	وُجُوْهٌ ②	يَّوْمَئِذٍ	عَلَيْهَا	غَبَرَةٌ ④ لا (40)
بہت خوش	اور	کچھ چہرے	اُس دن	اُن پر	غبار

تَرْهَقُهَا ④	قَتَرَةٌ ④ ط (41)	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْكَفَرَةُ ⑤	الْفَجَرَةُ ⑤ ع (42)
ڈھانپتی ہوگی اُن کو	سیاہی	وہی لوگ	ہی کافر	نافرمان

ع 1 42 5

اٰيَاتُهَا 29 | 81 سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ 7 | رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا	الشَّمْسُ	كُوِّرَتْ ⑥④ صلے (1)
جب	سورج	لپیٹ دیا جائے گا

ضروری وضاحت

①ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ترجمہ اسے ہوتا ہے۔②ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کچھ کیا گیا ہے۔③اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔④ةٌ، تٌ اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ اَلْكَفَرَةُ اور اَلْفَجَرَةُ کے آخر میں ة یہاں جمع کیلئے ہے۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا اور اِذَا کے بعد عموماً کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝2	اور جب ستارے بے نور ہو جائیں گے۔ ۝2
وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝3	اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے۔ ۝3
وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝4	اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں بے کار چھوڑ دی جائیگی۔ ۝4
وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۝5	اور جب جنگلی جانور اکٹھے کیے جائیں گے۔ ۝5
وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝6	اور جب سمندر بھڑکائے جائیں گے۔ ۝6
وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝7	اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گی۔ ۝7
وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝8	اور جب زندہ دفن کی گئی (لڑکی) سے پوچھا جائے گا۔ ۝8
بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝9	(کہ) کس گناہ کے بدلے وہ قتل کی گئی۔ ۝9
وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝10	اور جب اعمال نامے پھیلائے (کھولے) جائیں گے۔ ۝10
وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝11	اور جب آسمان کی کھال اُتار دی جائے گی۔ ۝11
وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۝12	اور جب جہنم بھڑکائی جائے گی۔ ۝12
وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝13	اور جب جنّت قریب لائی جائے گی۔ ۝13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النُّجُوْمُ	نجم، نجومی، علم نجوم۔	الْوُحُوْشُ	وحشی جانور، وحشت ناک، وحشیانہ۔
الْجِبَالُ	جبلِ رحمت، جبل احد، جبلِ نور۔	حُشِرَتْ	حشر ونشر، میدان حشر۔
الْبِحَارُ	بحر وبر، بحیرہ عرب، بحرِ احمر۔	زُوِّجَتْ	زوج، زوجیت۔
النُّفُوْسُ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔	سُئِلَتْ	سوال، سائل، مسئول، سوالیہ نشان۔
سُيِّرَتْ	سیر وتفریح۔	قُتِلَتْ	قتل، قاتل، مقتول، قتل عام۔
الْعِشَارُ	قرأت سبعہ وعشرہ، عشر وزکوٰۃ، عشرہ مبشرہ۔	نُشِرَتْ	نشر، ناشر، نشریات، منشور۔
عُطِّلَتْ	معطّل، تعطیل، تعطیلات۔	السَّمَآءُ	ارض وسما، کتب سماویہ۔

وَ	اِذَا ①	النُّجُوْمُ	انْكَدَرَتْ ② ۙ﴿2﴾	وَاِذَا ①	الْجِبَالُ	سُيِّرَتْ ②③ ۙ﴿3﴾
اور	جب	ستارے	بے نور ہو جائیں گے	اور جب	پہاڑ	چلائے جائیں گے

وَ	اِذَا ①	الْعِشَارُ	عُطِّلَتْ ②③ ۙ﴿4﴾	وَ	اِذَا ①	الْوُحُوْشُ
اور	جب	دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں	بے کار چھوڑ دی جائیں گی	اور	جب	جنگلی جانور

حُشِرَتْ ②③ ۙ﴿5﴾	وَ	اِذَا ①	الْبِحَارُ	سُجِّرَتْ ②③ ۙ﴿6﴾	وَ	اِذَا ①
اکٹھے کیے جائیں گے	اور	جب	سمندر	بھڑکائے جائیں گے	اور	جب

النُّفُوْسُ	زُوِّجَتْ ②③ ۙ﴿7﴾	وَ	اِذَا ①	الْمَوْءٗدَةُ ④⑤	سُئِلَتْ ②③ ۙ﴿8﴾
روحیں	ملا دی جائیں گی	اور	جب	زندہ دفن کی جانے والی	پوچھی جائے گی

بِاَيِّ ذَنْۢبٍ	قُتِلَتْ ②③ ۚ﴿9﴾	وَ	اِذَا ①	الصُّحُفُ	نُشِرَتْ ②③ ۙ﴿10﴾
کس گناہ کے بدلے	وہ قتل کی گئی	اور	جب	اعمال نامے	پھیلائے جائیں گے

وَ	اِذَا ①	السَّمَآءُ	كُشِطَتْ ②③ ۙ﴿11﴾	وَ	اِذَا ①
اور	جب	آسمان	کھال اُتار دی جائے گی	اور	جب

الْجَحِيْمُ	سُعِّرَتْ ②③ ۙ﴿12﴾	وَ	اِذَا ①	الْجَنَّةُ ⑤	اُزْلِفَتْ ②③ ۙ﴿13﴾
جہنم	بھڑکائی جائے گی	اور	جب	جنّت	قریب لائی جائے گی

ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے اور اِذًا کا ترجمہ تب یا اُس وقت ہوتا ہے۔ ② تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے لیکن اگر علامت اِذَا کے بعد ہو تو عموماً اس کا ترجمہ کیا جائے گا کیا جاتا ہے۔ ④ "وَأَدَ" زندہ دفن کرنے کو کہتے ہیں اور الْمَوْءٗدَةُ وہ جسے زندہ دفن کیا گیا ہو جیسے ظلم سے مظلوم جس پر ظلم کیا گیا ہو قتل سے مقتول۔ ⑤ ةُ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ﴿14﴾	جان لے گی ہر جان جو اس نے حاضر کیا۔ ﴿14﴾
فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿15﴾	پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے (ستاروں) کی۔ ﴿15﴾
الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿16﴾	(جو) چلنے والے چھپ جانے والے ہیں ﴿16﴾
وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ﴿17﴾	اور رات کی (قسم) جب وہ جانے لگتی ہے۔ ﴿17﴾
وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿18﴾	اور صبح کی (قسم) جب وہ سانس لیتی ہے (نمودار ہوتی ہے)۔ ﴿18﴾
اِنَّهٗ لَقَوْلُ	بیشک یہ (قرآن) یقیناً (نکلی ہوئی) بات ہے
رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿19﴾	عزت والے رسول کی (زبان سے)۔ ﴿19﴾
ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿20﴾	قوت والا ہے عرش والے کے نزدیک مرتبے والا ہے۔ ﴿20﴾
مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿21﴾	اسکی بات مانی جاتی ہے وہاں امانت دار ہے۔ ﴿21﴾
وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿22﴾	اور نہیں ہے تمہارا ساتھی بالکل دیوانہ۔ ﴿22﴾
وَلَقَدْ رَاٰهُ	اور یقیناً اُس نے دیکھا اُسے (یعنی جبریل کو)
بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿23﴾	(آسمان کے) واضح کنارے پر۔ ﴿23﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلِمَتْ : علم، تعلیم، معلوم، معلومات۔	مُطَاعٍ : مُطیع، اطاعت وفرمانبرداری۔
اَحْضَرَتْ : حاضر، حاضری، حُضور، مَاحَضَرَ۔	اَمِيْنٍ : امانت دار، صادق وامین، امین امت۔
اُقْسِمُ : قَسم، قسمیں۔	مَا : ماتحت، ماحول، ماورائے آئین۔
الْجَوَارِ : جاری وساری، اِجراء۔	صَاحِبُكُمْ : صاحب، صحابی، مصاحبت، صحابہ کرام۔
وَالَّيْلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	بِمَجْنُوْنٍ : مجنون، جنون۔
كَرِيْمٍ : کرم، اکرام، مکرم، تکریم، جُود وکرم۔	بِالْاُفُقِ : اُفق، آفاق۔
ذِي : ذی شان، ذی وقار۔	الْمُبِيْنِ : بیّن دلیل، بیان، مُبَیّنہ طور پر۔

عَلِمَتْ ①	نَفْسٌ ②	مَّآ	اَحْضَرَتْ ①② ط (14)	فَلَآ ③	اُقْسِمُ
جان لے گی	ہر جان	جو	اس نے حاضر کیا	پس نہیں	میں قسم کھاتا ہوں

بِالْخُنَّسِ (15) لا	الْجَوَارِ	الْكُنَّسِ (16) لا	وَ	الَّيْلِ
پیچھے ہٹنے والوں کی	چلنے والوں	چھپ جانے والوں	اور	رات (کی)

اِذَا	عَسْعَسَ (17) لا	وَ	الصُّبْحِ	اِذَا	تَنَفَّسَ ④ (18) لا
جب	وہ جانے لگتی ہے	اور	صبح (کی)	جب	وہ سانس لیتی ہے

اِنَّهٗ	لَقَوْلُ	رَسُوْلٍ	كَرِيْمٍ (19) لا	ذِيْ قُوَّةٍ
بے شک یہ	یقیناً بات	رسول (کی)	عزت والے	قوت والا

عِنْدَ	ذِي الْعَرْشِ	مَكِيْنٍ (20) لا	مُّطَاعٍ ⑤	ثَمَّ ⑥
نزدیک	عرش والے (کے)	مرتبے والا	(وہ) جس کی بات مانی جائے	وہاں

اَمِيْنٍ (21) ط	وَ	مَا	صَاحِبُكُمْ	بِمَجْنُوْنٍ ⑦ (22) ج
امانت دار	اور	نہیں	تمہارا ساتھی	ہرگز دیوانہ

وَ	لَقَدْ	رَاٰهُ ⑧	بِالْاُفُقِ	الْمُبِيْنِ (23) ج
اور	بلاشبہ یقیناً	اُس نے دیکھا اُسے	کنارے پر	واضح

ضروری وضاحت

① تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یعنی اچھے اعمال لایا یا برے۔ ③ بعض مفسرین نے اس لَا کو زائد کہا ہے اس لیے اس کا ترجمہ نہیں کیا۔ ④ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ مُطِيْعٌ کا ترجمہ اطاعت کرنیوالا اور مُطَاعٍ جسکی اطاعت کی جائے۔ ⑥ ثَمَّ کا ترجمہ وہاں اور ثُمَّ کا ترجمہ پھر کیا جاتا ہے۔ ⑦ اگر مَا کے بعد اسم کے شروع میں بِ ہو تو اس صورت میں بات میں زور پیدا ہو جاتا ہے۔ ⑧ ابتدائے نبوت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جبریل علیہ السلام کو دیکھا تھا۔

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿24﴾	اور نہیں ہے وہ غیب (کی باتوں) پر ہرگز بخیل۔ ﴿24﴾
وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿25﴾	اور نہیں ہے وہ ہرگز کسی شیطان مردود کا کلام۔ ﴿25﴾
فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿26﴾	(تو) پھر کہاں تم جا رہے ہو۔؟ ﴿26﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿27﴾	نہیں ہے وہ (قرآن) مگر ایک نصیحت جہانوں کیلئے۔ ﴿27﴾
لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿28﴾	اس کے لیے جو چاہے تم میں سے کہ سیدھا چلے۔ ﴿28﴾
وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ	اور نہیں تم چاہتے مگر
اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿29﴾	یہ کہ اللہ چاہے (جو) سب جہانوں کا رب ہے۔ ﴿29﴾

ع 29 6

اٰیاتُھا 19 | 82 سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ 82 | رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿1﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا۔ ﴿1﴾
وَ اِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿2﴾	اور جب تارے بکھر جائیں گے۔ ﴿2﴾
وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿3﴾	اور جب سمندر پھاڑ دیے جائیں گے۔ ﴿3﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	صبح وشام، خیر وعافیت، عزت واحترام۔	ذِكْرٌ	ذکر، تذکیر۔
مَا	ماتحت، ماحول، ماورائے آئین۔	الْعٰلَمِيْنَ	عالم کفر، اقوام عالم۔
عَلَى	علی الاعلان، علی وجہ البصیرت۔	شَآءَ، يَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
الْغَيْبِ	غیب، علم غیب، غیبی امداد۔	يَّسْتَقِيْمَ	استقامت، مستقیم۔
بِقَوْلِ	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔	السَّمَآءُ	آسمان، ارض وسما، کتب سماویہ۔
رَّجِيْمٍ	رجم۔	الْكَوَاكِبُ	کوکب، کواکب۔
اِلَّا	اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔	الْبِحَارُ	بحر وبر، بحیرۂ عرب، بحرِ ہند، بحر الکاہل۔

وَ	مَا ①	هُوَ	عَلَى الْغَيْبِ	بِضَنِيْنٍ ① ج (24)	وَ	مَا	هُوَ
اور	نہیں	وہ	غیب پر	ہرگز بخیل	اور	نہیں	وہ

بِقَوْلِ ①	شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ② لا (25)	فَاَيْنَ	تَذْهَبُوْنَ ط (26)	اِنْ ③	هُوَ	اِلَّا
ہرگز کلام	کسی شیطان مردود (کا)	پھر کہاں	تم سب جارہے ہو؟	نہیں	وہ	مگر

ذِكْرٌ ②	لِّلْعٰلَمِيْنَ لا (27)	لِمَنْ	شَآءَ	مِنْكُمْ	اَنْ	يَّسْتَقِيْمَ ط (28)
ایک نصیحت	تمام جہانوں کیلئے	(اُس) کیلئے جو	چاہے	تم میں سے	کہ	وہ سیدھا چلے

ع 1 29 6

وَ	مَا	تَشَآءُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ ④	رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ع (29)
اور	نہیں	تم سب چاہتے	مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	سب جہانوں کا رب

اٰیاتُھا 19 | 82 سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ 82 | رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا	السَّمَآءُ	انْفَطَرَتْ ⑤ (1)	وَ	اِذَا	الْكَوَاكِبُ
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور	جب	تارے

انْتَثَرَتْ ⑤ لا (2)	وَ	اِذَا	الْبِحَارُ	فُجِّرَتْ ⑥ لا (3)
بکھر جائیں گے	اور	جب	سمندر	پھاڑ دیے جائیں گے

ضروری وضاحت

① علامت بِ سے پہلے اگر مَا آرہا ہوتو بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔② اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہوتو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔④ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا ترجمہ ہوتا ہے لیکن اِذَا کے بعد عموماً ترجمہ کیا جائے گا ہوتا ہے۔

وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿4﴾	اور جب قبریں اُلٹ دی جائیں گی۔ ﴿4﴾
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا	جان لے گی ہر جان جو
قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿5﴾	اُس نے آگے بھیجا اور (جو) پیچھے چھوڑا۔ ﴿5﴾
يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ	اے انسان کس (چیز) نے دھوکے میں ڈالا تجھے
بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿6﴾	اپنے کرم کرنے والے رب کے بارے میں؟ ﴿6﴾
الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ	جس نے پیدا کیا تجھے پھر درست کیا تجھے
فَعَدَلَكَ ﴿7﴾	پھر متناسب بنایا تجھے (برابر کیا)۔ ﴿7﴾
فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿8﴾	جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔ ﴿8﴾
كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿9﴾	ہرگز نہیں بلکہ تم جھٹلاتے ہو جزا کو۔ ﴿9﴾
وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿10﴾	حالانکہ بیشک تم پر یقیناً نگران (مقرر) ہیں۔ ﴿10﴾
كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿11﴾	عزت والے، لکھنے والے ہیں۔ ﴿11﴾
يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿12﴾	وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْقُبُوْرُ : قبر، قبور، قبرستان۔	فَعَدَلَكَ : عدل، معتدل، اعتدال۔
عَلِمَتْ : علم، تعلیم، معلوم، مُعلِّم، معلومات۔	رَكَّبَكَ : مرکّب، ترکیب، مرکّبات۔
نَفْسٌ : نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔	تُكَذِّبُوْنَ : کذب، کاذب، تکذیب، کذب بیانی۔
قَدَّمَتْ : مقدّم، مقدّمہ، تقدیم۔	عَلَيْكُمْ : علی الاعلان، علی وجہ البصیرت، علیحدہ۔
اَخَّرَتْ : مؤخر، تاخیر، آخری۔	لَحٰفِظِيْنَ : حفاظت، محفوظ، محافظ، حفظانِ صحت۔
غَرَّكَ : غرور۔	كَاتِبِيْنَ : کاتب، کتابت، مکتوب۔
فَسَوّٰىكَ : مساوی، مساوات۔	تَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔

وَ	اِذَا	الْقُبُوْرُ	بُعْثِرَتْ ①② لا (4)	عَلِمَتْ ②	نَفْسٌ
